حدیث کی سند دوسے زیادہ سی اور ہم نہیں جانتے اس روایت کو مگر زہیر سے اور ابوالعوام کا نام عمران قطان ہے **عن** اَبِی مُوْسٰی قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْکُلُ لَحْمَ دَجَاجٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی موسی سے کہا انہوں نے دیکھا میں نے آنحضرت کو کہ کھاتے گوشت مرغی کا **ف** اور اس حدیث میں اور بھی ذکر ہے اس سے زیادہ یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیا ایوب سختیانی نے یہ حدیث قاسم سے انہوں نے ابی قلابہ سے انہوں نے زہدم سے **باب** مَا جَآءَ فِیْ اَکْلِ الْجَبَارِیِّ باب جباری کے کھانے کی بیان میں **عن** اِبْرَاھِیْمَ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَفِیْنَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ اَکَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَحْمَ جَارِیٍ **ترجمہ** روایت ہے ابراہیم بن عمر بن سفینہ سے انہوں نے روایت کیا اپنے باپ سے انہوں نے انکے دادا سے کہا کہا میں نے آنحضرت کے ساتھ گوشت جباری کا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور ابراہیم ابن عمر بن سفینہ نے روایت کیا عمر بن ابی فدیک سے اور کہتے ہیں انکو کہ یہ عمر بن سفینہ **باب** مَا جَآءَ فِیْ اَکْلِ الثَّوْمِ باب لہسن کھانے کے بیان میں **عن** اُمِّ سَلَمَۃَ اَخْبَرَتْہُ اَنَّھَا قَرَّبَتْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَنْبًا مَشْوِیًّا فَاَکَلَ مِنْہُ ثُمَّ قَامَ اِلَی الصَّلٰوۃِ وَمَا تَوَضَّاَ **ترجمہ** روایت ہے ام سلمہ سے کہ انہوں نے خبر دی راویہ کو کہ وہ لائیں آنحضرت کے پاس گوشت بھنا ہوا بازو کا سو کھایا آپنے پھر کھڑے ہوئے نماز کی طرف اور وضو نکیا **ف** اس باب میں عبداللہ بن حارث اور مغیرہ اور ابی رافع سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے **مترجم** بخاری میں خالد بن الولید سے مروی ہے کہ حضرت کے پاس ایک ضب مشوی لائی اور آپنے قصد کیا کھانیکا پھر خبر دی بعضوں نے کہ وہ ضب ہے تو آپ باز رہے اور خالد نے پوچھا کیا وہ حرام ہے فرمایا نہیں ہمارے ملک میں نہیں ہوتی اسلئے مجھی پسند نہیں آتی ہے خالد کہتا ہے اور آنحضرت دیکھتے تھے ابن شہاب کے روایت میں ضب محنوذ کا لفظ ہے اور مسلم میں بھی یہی ہے اور محنوذ کہتے ہیں اس گوشت کو کہ عرب گرم پتھروں پر رکھکر بھونتا ہے اور حنیذ بھی اسکو کہتے ہیں اور اسی قبیل سے ہے قول اللہ تعالی کا فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِیْذٍ **باب** فِیْ کَرَاھِیَۃِ الْاَکْلِ مُتَّکِئًا باب تکیہ لگا کر کھانیکے کراہت میں **عن** اَبِیْ جُحَیْفَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَّا اَنَا فَلَا اٰکُلُ مُتَّکِئًا **ترجمہ** روایت ہے ابی جحیفہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آگاہ ہو کہ میں نہیں کھاتا ہوں تکیہ لگا کر **ف** اس باب میں علی اور عبداللہ بن عمرو اور عبداللہ بن عباس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح نہیں جانتے ہم اسکو مگر ابن اقمر کی روایت سے اور روایت کیا زکریا ابن ابی زائدہ اور سفیان بن سعید اور کئی لوگوں نے علی بن اقمر سے یہ حدیث اور روایت کیا شعبہ نے سفیان ثوری سے یہ حدیث علی بن اقمر سے **مترجم** یہ حدیث بخاری میں بھی علی بن اقمر سے مروی ہے **باب** مَا جَآءَ فِیْ حُبِّ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْحَلْوَآءَ وَالْعَسَلَ باب آنحضرت کے حلوا اور عسل دوست رکھنے کی بیان میں **عن** عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُحِبُّ الْحَلْوَآءَ وَالْعَسَلَ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ آنحضرت دوست رکھتے تھے میٹھے چیز اور شہد کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اور روایت کی یہ علی بن مسہر نے ہشام بن عروہ سے اور اس حدیث میں کہا ہے اس سے زیادہ **باب** الثَّرِیْدِ باب شوربا زیادہ کرنے کی بیان میں **عن** عَبْدِ اللّٰہِ الْمُزَنِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَرٰی اَحَدُکُمْ لَحْمًا فَلْیُکْثِرْ مَرَقَتَہٗ فَاِنْ لَّمْ یَجِدْ لَحْمًا اَصَابَ مَرَقَۃً وَھُوَ اَحَدُ اللَّحْمَیْنِ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ مزنی سے کہ فرمایا آپنے جب خریدی کوئی تم میں کا گوشت تو زیادہ کرے اسمیں شوربا اسکا اسلئے کہ اگر نہ پاوے گوشت تو شوربا اسکا کہ وہ بھی دو گوشتوں میں کا ایک گوشت ہے **ف** اسباط بن ابی زرعہ سے روایت ہے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے محمد بن فضالی روایت ہے اور محمد بن فضالہ معبر ہے اور کلام کیا ہے اسمیں سلیمان بن حرب نے اور علقمہ بھائی ہیں بکر بن عبداللہ مزنی کے **عن** اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَحْقِرَنَّ اَحَدُکُمْ شَیْئًا مِّنَ الْمَعْرُوْفِ وَاِنْ لَّمْ یَجِدْ فَلْیُلْقِ اَخَاہُ بِوَجْہٍ طَلْقٍ وَاِذَا اشْتَرَیْتَ لَحْمًا اَوْ طَبَخْتَ قِدْرًا فَاَکْثِرْ مَرَقَتَہٗ وَاغْرِفْ لِجَارِکَ مِنْہُ **ترجمہ** روایت ہے ابوذر سے کہ فرمایا آنحضرت نے نہ حقیر سمجھے کوئی کسی نیک کام کو اور اگر نہ پاوے کچھ تو ملاقات کرے اپنے بھائی سے بشاشت روئی اور جب خریدی تو گوشت یا پکائے تو ہانڈی تو زیادہ کر اسمیں شوربا اسکا اور ایک چلو دے اسمیں سے اپنے ہمسایہ کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی یہ شعبہ نے ابی عمران جونی سے یہ روایت حسن ہے **مترجم** سبحان اللہ یہ کیا عمدہ سنت ہے کہ جسمیں ہمیشہ بآسانی ہمسایہ سے حسن سلوک ہو سکتا ہے اور اسکی ادا میں اور کوئی مانع نہیں ہے سوائی غفلت کے یا یہ خیال ہے کہ شوربا زیادہ کرینگے تو مزہ کم ہوگا ارے بھائیوں اتباع سنت کا مزہ اس سے صد چندان بڑھکر ہے یہ باقی ہے اور وہ فانی ہے اگر اس سے کام رودھان شیریں ہے تو اس سے کام جان **باب** مَا جَآءَ فِیْ فَضْلِ الثَّرِیْدِ باب ثرید کی فضیلت میں **عن** اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کَمُلَ مِنَ الرِّجَالِ کَثِیْرٌ وَلَمْ یَکْمُلْ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَرْیَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَاٰسِیَۃُ امْرَاَۃُ فِرْعَوْنَ وَفَضْلُ عَائِشَۃَ عَلَی النِّسَآءِ کَفَضْلِ الثَّرِیْدِ عَلٰی سَائِرِ الطَّعَامِ

حدیث کی سند دوسے زیادہ سی اور ہم نہیں جانتے اس روایت کو مگر زہیر سے اور ابوالعوام کا نام عمران قطان ہے

حدیث کی سند دوسے زیادہ سی اور ہم نہیں جانتے اس روایت کو مگر زہیر سے اور ابوالعوام کا نام عمران قطان ہے

حدیث کی سند دوسے زیادہ سی اور ہم نہیں جانتے اس روایت کو مگر زہیر سے اور ابوالعوام کا نام عمران قطان ہے

حدیث کی سند دوسے زیادہ سی اور ہم نہیں جانتے اس روایت کو مگر زہیر سے اور ابوالعوام کا نام عمران قطان ہے

ترجمہ روایت ہے ابوموسیٰ سے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کامل ہوئے مرد بہت ہیں اور نہیں کامل ہوئی عورتوں سے مگر مریم بنت عمران اور آسیہ فرعون کی بی بی اور فضیلت عائشہ کی سب عورتوں پر ایسی ہے جیسے ثرید کی گوشت کو فضیلت ہے سب کھانوں پر **ف** اسی باب میں عائشہ اور انس سے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **باب** فی نهش اللحم باب گوشت دانت سے نوچکر کھانے کے بیان میں **عن** عبیداللہ بن الحارث قال ذوجتنی ابی فدعا اناسا فیهم صفوان بن امیة فقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال انهسوا اللحم نهسا فانه اهنأ و امرأ **ترجمہ** روایت ہے عبیداللہ بن حارث سے کہا نکاح کیا میرا میرے باپ نے سو دعوت کی کئی لوگوں کی کہ انمیں صفوان بن امیہ ہے تبھی فرمایا آنحضرتؐ نے دانت سے گوشت نوچکر کھاؤ کہ یہ بہت رچا ہوا ہی **ف** اسی باب میں عائشہ اور ابی ہریرہ سے روایت ہے اس حدیث کو ہم نہیں جانتے مگر عبدالکریم کے روایت سے اور عبدالکریم میں بعض علمانی کلام کیا ہی بسبب حافظہ کے کہ انہیں میں ہیں ایوب سختیانی **مترجم** ہیں بسین مہملہ کہا کہ دانت کی نوچنا اور شین معجمہ پورے دانتوں سے اور طیبی نے کہا ہی بسین مہملہ اس گوشت کو کہ ہڈیوں پر ہے کنارہ دانت کی نوچنا اور شین معجمہ ڈاڑھوں سے نوچنا اور دونوں طرح مروی ہے اور بخاری میں کہا کتاب النہش و انتشال اللحم اور انتشال کے معنے نکالنا اور لینا اور کاٹنا **باب** ما جاء عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من الرخصة فی قطع اللحم بالسکین باب چھری سے گوشت کاٹکر کھانیکی رخصت میں **عن** عمرو بن امیة الضمری انه رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم احتز من کتف شاة فاکل منها ثم مضی الی الصلوة ولم یتوضا **ترجمہ** روایت ہے عمرو سے کہ انہوں نے دیکھا آنحضرت کو کہ کاٹا آپ نے چھری ہی کچھ گوشت بکری کے شانے سے پھر کھایا اس سے پھر چلے گئے نماز کو اور وضو نکیا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور اسی باب میں مغیرہ بن شعبہ سے بھی روایت ہے **مترجم** اگرچہ حز بمعنے چھری سے کاٹنے کو کہتے ہیں مگر یہاں پر تصریح سکین کا لفظ وارد ہوا ہے چنانچہ عبارت بخاری یہ ہے یحتز من کتف شاة فی یدہ فدعی الی الصلوة فالقاها والسکین التی یحتز بها یعنے آپ کاٹ رہی تھے گوشت بکری کے شانے کا جو انکے ہاتھ میں تھا پھر بلائی گئے نماز کیطرف اور رکھدیا شانہ اور چھری کو کہ جس سے کاٹ رہی تھی اور بعضی روایتوں میں چھری سے کاٹنا منع آیا ہی وہ محمول ہے اسپر کہ بی ضرورت نکالی اور ضرورت کے وقت منع نہیں اور بعضوں نے حدیث لا تقطعوا اللحم بالسکین فانه من صنع الاعاجم سند کہا ہے چنانچہ ابی داؤد نی کہا وہ حدیث کچھ قوی نہیں اور ابی معشر جو اسکا راوی ہے بخاری نے کہا وہ منکر الحدیث ہی اسکی مناکیر میں ہے یہ حدیث ہی **باب** ما جاء ای اللحم کان احب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باب اس بیان میں کہ کونسا گوشت آپکو پسند تھا **عن** ابی هریرة قال اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بلحم فرفع الیه الذراع وکان یعجبه فنهس منها **ترجمہ** روایت ہے ابوہریرہ سے کہ آنحضرت پاس لائی گوشت اور دیا آپکو ہاتھ اور وہ بہت پسند آتا تھا آپکو پھر نوچکر دانتوں سے کھایا آپنے **ف** اور اسی باب میں ابن مسعود اور عائشہ اور عبداللہ بن جعفر اور ابوعبیدہ سے ہے یہ روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابوجعفر کا نام محمد بن علی بن حسین بن حیان تمیمی ہے اور ابونوفل عمرو بن عمرو بن حریر کا نام مغیرہ ہے **عن** عائشة قالت ما کان الذراع احب اللحم الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولکن کان لا یجد اللحم الا عنا فکان یعجل الیه لانه انضجها **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نہا دست سب گوشتوں میں دوست زیادہ تھا آنحضرت کو پس واسطے کہ پکتا تھا جلدی آپ گوشت لیکن ایکدن ہمکو دیر ہوئی تھی آپکے کھانے کی طرف اور وہ سارگوشت سے جلدی گلتا ہی **ف** اس حدیث کو ہم نہیں جانتے مگر اسی روایت سے **مترجم** ابن ماجہ میں ہے یقول اطیب اللحم لحم الظهر یعنے آپ فرماتے تھے کہ پاکیزہ تر گوشتوں میں پیٹھ کا گوشت ہے اور دست کا گوشت آپ اسلئے دوست رکھتے تھے کہ وہ بجانب سے دور ہوتا ہے اور پشت بھی ایسے ہی ہے **باب** ما جاء فی الخل باب سرکے کے بیان میں **عن** جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال نعم الادام الخل **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کیا خوب سالن ہے سرکہ **ف** روایت کی ہمسے عبید بن عبداللہ عراعی بصری نی انہوں نے معاویہ سے انہوں نے محارب بن دثار سے انہوں نے جابر سے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کیا خوب سالن ہے سرکہ اور اس باب میں عائشہ اور ام ہانی سے بھی روایت ہے اور یہ صحیح ہے مبارک بن مجید کی روایت سے ہمسے محمد بن سہل نے انہوں نے یحیی بن حسان سے انہوں نے سلیمان سے انہوں نے مسلم سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ حضرتؐ نے فرمایا کیا خوب سالن ہے سرکہ روایت کی ہمسے عبداللہ بن عبدالرحمن نے انہوں نے یحیی سے انہوں نے سلیمان سے اسی سند سے مانند اسکے مگر اسمیں یہ کہا نعم الادام او الادم الخل یعنے ادام اور ادم میں شک راوی سے اور معنی دونوں کے ایک ہی یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اس سے نہیں معروف ہے ہشام بن عروہ کی سند سے مگر سلیمان بن بلال کی روایت سے **عن** ام هانی بنت ابی طالب قالت دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال هل عندکم شیء فقلت لا الا کسیرا یابسة وخل فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

گوشت دانت سے نوچکر کھانا
باب ما جاء فی نهش اللحم
گوشت دانت سے نوچکر کھانے کا بیان
باب ما جاء فی قطع اللحم بالسکین
چھری سے گوشت کاٹکر کھانیکی ممانعت
باب ما جاء ای اللحم کان احب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کونسا گوشت حضرتؐ کو پسند تھا
باب ما جاء فی الخل
سرکہ کا بیان

قَرِّبْهُ فَمَا افْتَقَرَ بَيْتٌ مِنْ أُدُمٍ فِيهِ خَلٌّ **ترجمہ** روایت ہے ام ہانی سے کہا انہوں نے کہ داخل ہوئے میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور پوچھا کچھ ہے تمہاری پاس عرض کیا انہوں نے کہ نہیں مگر چند ٹکڑی جو میں بھیجے روٹی کے اوپر سرکہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پاس لاؤ اسلئے کہ نہیں محتاج ہوا سالن کا وہ گھر کہ جسمیں سرکہ ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے نہیں جانتے ہم اسکو ام ہانی کی روایت سے مگر اسی سند سے اور ام ہانی کا انتقال بعد علی بن ابی طالب کے ہے پیچھے تھوڑے زمانی کے **ترجم** ابن ماجہ میں روایت ہے کہ آنحضرت داخل ہوئے حضرت عائشہ کے پاس اور پوچھا کچھ ہے تمہارے پاس روٹی اور تمہارا دل ہے آپنے فرمایا نعم الادام الخل اللھم بارک فی الخل فانہ کان ادام الانبیاء قبلی یعنے کیا خوب سالن ہے سرکہ یا اللہ برکت دے سرکہ میں اسلئے کہ وہ سالن تھا انپیغمبروں کا جو مجھسے پہلے تھے اسکو شیخ ابن حجر میں اس حدیث کو ذکر کرکے کہا ہے کہ اسکی اسناد میں کلام ہے یعنی کمزور ہے تمہارے سالنوں میں **باب** ماجاء فی اکل البطیخ بالرطب باب خربوزہ ترکھجور کے ساتھ کہانیکے بیان میں **عن** عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یاکل البطیخ بالرطب **ترجمہ** روایت ہے عائشہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہاتے تھے خربوزہ کھجور کے ساتھ **ف** اسباب میں ابن ماجہ ہے یہ روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کیے بعضوں نے ہشام بن عروہ سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نہیں ذکر کیا انمیں عائشہ رضی اللہ عنہا کا اور روایت کی یزید بن ہارون نے عائشہ سے یہ حدیث **باب** ماجاء فی اکل القثاء بالرطب باب ککڑی کھجور کے ساتھ کہانیکے بیان میں **عن** عبداللہ بن جعفر قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یاکل القثاء بالرطب **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن جعفر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہاتے تھے ککڑی ساتھ تر کھجور کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر روایت سے ابراہیم بن سعد کے **ترجم** سبحان اللہ اس ترکیب میں بڑی منفعت طبی ہے کہ کھجور کی گرمی اور ککڑی کے سرد سے ملکر اعتدال مزاج حاصل ہوتا ہے **باب** فی شرب ابوال الابل باب اونٹ کا پیشاب پینے کے بیان میں **عن** انس ان ناسا من عرینۃ قدموا المدینۃ فاجتووھا فبعثھم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ابل الصدقۃ وقال اشربوا من البانھا وابوالھا **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ کچھ لوگ عرینہ کی آئی مدینہ میں اور پانی لگا انکو مدینہ کا سو بھیجا انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کے اونٹوں میں اور فرمایا کہ پیو دودھ اور پیشاب اونٹوں کا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے ثابت کی روایت سے اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث انس سے کئی سندوں سے روایت کیے ابوقلابہ نے انس سے اور روایت کیے سعید بن ابی عروبہ نے قتادہ سے انہوں نے انس سے **ترجم** اس قصہ میں دلیل ہے پاک وحلال ہونے پر بول مایوکل لحمہ کے اور جائز ہونے پر تداوی کے ساتھ اسکے اسلئے کہ دوا کرنا محرمات سے جائز نہیں اور آنحضرت نے انکو یہ حکم نہیں کیا کہ انپاس موجود نہ تھا دھو ڈالنا بعد پینے کی یا کپڑے اپنی جہاں وہ بول لگا ہے حالانکہ بول تو نجس ہے اور شرایع اسلام سے اور احکام اسکے سے اواقف تھے اور تاخیر بیان کے وقت حاجت سے جائز نہیں یہ کلیہ اصول کا ہے کذا فی زاد المعاد لابن القیم اور ابن رسلان نے شرح سنن میں کہا ہے کہ صحیح مذہب سے شافعیہ کے جواز تداوی ہے ساتھ جمیع نجاسات کے مسکر وغیرہ اس حکم میں برابر ہے بنا بر حدیث عرینین کے جو صحیحین میں مروی ہے کہ امر کیا آنحضرت نے انکو ابوال ابل پینے کا واسطے تداوی کے اور کہا کہ وہ احادیث جسمیں نہی وارد ہی حرام سے دوا کرنیکی وہ محمول ہیں اوپر عدم حاجت کے یعنے جبتک دوائی طاہر موجود ہو علاج حرام سے درست نہیں اور اگر موجود نہ ہو تو درست ہے بیہقی نے کہا احادیث نہی از تداوی بحرام محمول ہیں ضرورت نہونے پر اور جب ضرورت ہو تو جایز ہے تاکہ جمع ہو جاوے احادیث نہی اور حدیث عرینین میں یہ خلاصہ ہے مسک الختام کا اور کرمانی میں ہے کہ اختلاف ہے بول مایوکل لحمہ میں سو بعضوں نے کہا ہے کہ وہ طاہر ہے اسی حدیث سے استدلال کرکے اور ابوحنیفہ اور شافعی نے کہا کہ ابوال سب نجس ہیں اور اباحت ہوئی انکے لئے فقط واسطے مرض کے انتہے اور استدلال کیا ہی اصحاب نے کلک اور احمد نے ساتھ اسی حدیث کی اوپر پاک ہونے بول اور روث مایوکل لحمہ کے

(ونووی) **باب** الوضوء قبل الطعام وبعدہ باب وضو کا قبل طعام اور بعد اسکے **عن** سلمان قال قرأت فی التوراۃ ان برکۃ الطعام الوضوء بعدہ فذکرت ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم واخبرتہ بما قرأت فی التوراۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برکۃ الطعام الوضوء قبلہ والوضوء بعدہ **ترجمہ** روایت ہے سلمان سے کہا پڑھا میں نے توراۃ میں کہ برکت طعام کے ہے وضو بعد اسکے اور ذکر کیا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور خبر دی میں نے آپکو جو پڑھا تھا میں نے توراۃ میں سو فرمایا آپنے برکت کہانی کے ہی وضو قبل اسکے اور بعد اسکے **ف** اسباب میں انس اور ابی ہریرہ سے ہی روایت ہے اس حدیث کو ہم نہیں جانتے مگر قیس بن ربیع کی روایت سے اور قیس ضعیف ہیں حدیث میں اور ابوہاشم رمانی کا نام یحیی بن دینار ہے **باب** فی ترک الوضوء قبل الطعام باب قبل طعام ترک وضو کے بیان میں **عن** ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خرج من الخلاء فقربت الیہ طعام فقالوا الا نأتیک بوضوء قال انما امرت بالوضوء اذا قمت الی الصلوۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ آنحضرت نکلے پیخانے سے اور لائی گئی آپکی پاس کھانا سو لوگوں نے عرض کیا کہ وضو کا پانی لاویں فرمایا آپنے مجھے حکم وضو کا جب ہے ہوا ہے کہ کھڑا ہو میں نماز کے لئے **ف** یہ حدیث حسن ہے

خربوزہ کو کھجور کے ساتھ کہانا

ککڑی کو کھجور کے ساتھ کہانا

اونٹوں کا پیشاب پینے کا بیان

وضو قبل و بعد طعام

ترک وضو قبل طعام

اور روایت کی یہ عمرو بن دینار نے سعید بن جبیر سے انہوں نے ابن عباس سے اور کہا علی بن مدینی نے کہا یحییٰ بن سعید قطان نے سفیان ثوری مکروہ جانتی ہاتھ دھونا قبل طعام کے اور مکروہ جانتی روٹی رکھنا نیچے پیالی کے **باب** ماجاء فی اکل الدباء باب کدو کھانے کی بیان مین **عن** ابی طالوت قال دخلت علی انس بن مالک و هو یاکل القرع وهو یقول یا لک شجرة ما احبک الی لحب رسول الله صلی الله علیه وسلم ایاک **ترجمہ** روایت ہے ابوطالوت سے کہا داخل ہوا مین انس بن مالک کے پاس اور وہ کدو کھاتے تھے اور کہتے اے درخت کسقدر ہے مجھی محبت تیری بسبب دوست رکھنی آنحضرت کے تجھکو **ف** اسباب مین حکیم بن جابر سے بھی روایت ہے وہ اپنی باپ سے روایت کرتے ہین یہ حدیث غریب ہے اس سند سے **عن** انس بن مالک قال رایت رسول الله صلی الله علیه وسلم یتتبع فی القصعة یعنی الدباء فلا ازال احبه **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہا انہون نے دیکھا مین نے آنحضرت کو ڈھونڈھتی تھے کھانی مین یعنے کدو کو پس سے مین ہمیشہ دوست رکھتا ہون کدو کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور مرسل ہوئی یہہ حدیث کئی سندون سے انس بن مالک سے **مترجم** ابن ماجہ مین ہے کہ حضرت نے فرمایا علیکم بالقرع وهو الباذنجان یہہ قرع ہی یعنے کدو ہے بہتیرا کہتا ہے بہتیرا مین ہم اس سے اپنا کہانا اور صحیحین مین انس سے مروی ہے کہ ایک درزی نے اپنی دعوت کی اور جو کی روٹی اور دبا اور گوشت خشک آگے سامنی حاضر کیا اور آپ حوالی قصعہ سے تتبع دبا فرماتے تھے الحدیث **باب** ماجاء فی اکل الزیت باب زیت کے کھانے کی بیان **عن** عمر بن الخطاب قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم کلوا الزیت وادهنوا به فانه من شجرة مبارکة **ترجمہ** روایت ہے عمر بن خطاب سے کہ فرمایا آنحضرت نے کہا تم روغن زیتون اور تیل لگاؤ اسکا کہ وہ درخت مبارک سے ہی **ف** اس حدیث کو نہین جانتے ہم مگر عبدالرزاق کی روایت سے کہ وہ معمر سے روایت کرتے ہین اور عبدالرزاق اضطراب کرتے تھے اس روایت مین پھر کبھی ذکر کرتی تھا کہ روایت ہے آنحضرت سے بوسطہ عمر رضی کے اور کبھی بصیغہ شک کہتے تھے کہ گمان کرتا ہون کہ روایت ہے آنحضرت سے بواسطہ عمر کے اور کبھی کہتے روایت ہے زید بن اسلم سے وہ روایت کرتے ہین اپنے باپ سے وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کرتے ہے ابوداؤد نے انہون نے عبدالرزاق سے انہون نے معمر سے انہون نے زید بن اسلم سے انہون نے اپنے باپ سے انہون نے صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی اور نہین ذکر کیا انہین نے عمر کا **عن** ابی اسید قال قال النبی صلی الله علیه وسلم کلوا من الزیت وادهنوا به فانه شجرة مبارکة **ترجمہ** اور گذرا **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے نہین جانتے ہم اسے مگر عبداللہ بن عیسیٰ کی روایت سے **مترجم** شجرہ مبارکہ مین اشارہ ہے طرف سورہ نور کے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یوقد من شجرة مبارکة زیتونة لا شرقیة ولا غربیة **باب** ماجاء فی اکل مع المملوک باب لونڈی غلام سے کہانا پکا کر لائے اسکے ساتھ کہانا کھانے کی بیان **عن** ابی هریرة یخبرهم بذلک عن النبی صلی الله علیه وسلم قال اذا کفا احدکم خادمه طعامه حره ودخانه فلیاخذ بیده فلیقعده معه فان ابی فلیاخذ لقمة فلیطعمها ایاها **ترجمہ** روایت ہے ابوہریرہ سے وہ خبر دیتی تھے لوگون کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جب اٹھائے تم مین سے کسیکا خادم گرمی اور دھوان اسکے کہانا پکانے کا سے تو چاہیے کہ ہاتھ پکڑ کر اسکو اپنے ساتھ بٹھالی پھر اگر اسکا دل نہ مانی تو لیوی ایک لقمہ اور اسی کھلاوے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابوحازم والد مہن اسمٰعیل کے نام انکا سلمان ہے **باب** ماجاء فی فضل الطعام **عن** ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال افشوا السلام واطعموا الطعام واضربوا الهام تورثوا الجنان **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ آنحضرت نے فرمایا ظاہر کرو سلام کو اور کھلاؤ طعام کو اور مارو ہام کو وارث ہو جنان کے **ف** اسباب مین عبداللہ بن عمر اور ابن عمر اور انس اور عبداللہ بن سلام اور عبدالرحمٰن بن عائش اور شریح بن ہانی سے بھی روایت ہے کہ شریح اپنے باپ سے روایت کرتی ہین یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے روایت ہے ابی ہریرہ کی **مترجم** ظاہر کرو سلام کو یعنے ہر مسلمان سے سلام کرو خواہ اس سے معرفت ہو یا نہو اور ہام یعنی کہوپڑی مارو کہوپڑی کافر کی اور جہاد کرو کہ جنت کے وارث ہو جاؤ گے کردطن اصلی تمہارے دادا کا وہی تھا **عن** عبدالله بن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعبدوا الرحمٰن واطعموا الطعام وافشوا السلام تدخلوا الجنة بسلام **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبادت کرو رحمان کی اور کھانا کھلاؤ اور جاری کرو سلام کو کہ داخل ہو جاؤ جنت مین سلامتی سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** ابن ماجہ کی روایت مین افشوا السلام واطعموا الطعام وصلوا الارحام وصلوا باللیل والناس نیام تدخلوا الجنة بسلام یعنے اور سلوک نیک کرو ناتے دار وں سے اور نماز پڑھو رات کو جب لوگ سوتی ہون الحدیث **باب** ماجاء فی فضل العشاء باب رات کے کھانے کی فضیلت مین **عن** انس بن مالک قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم تعشوا ولو بکف من حشف فان ترک العشاء مهرمة **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا آنحضرت نے طعام شب کے عادت رکھو اگرچہ ایک مٹھی کھجور ناقص ہون اسلئے کہ طعام شب کا چھوڑ دینا

موجب ہے اور بہت ہاپے کا ف یہ حدیث منکر ہی نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور عنبسہ ضعیف ہیں حدیث میں اور عبد الملک بن علاق مجہول ہیں ترجمہ یہ حدیث ابن ماجہ نے بھی ایراد کی ہے اور رواۃ اسکی سب ہیں مگر ابراہیم بن عبد السلام ابن عبد الدار ابن ہاباہ کہ وہ ضعیف ہیں **باب** ماجاء فی التسمیۃ علی الطعام باب کھانے پر بسم اللہ کہنے کا بیان

**عن** عمر بن ابی سلمۃ انہ دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعندہ طعام قال ادن یا بنی فسم اللہ وکل بیمینک وکل مما یلیک ترجمہ روایت ہے عمر بن ابی سلمہ سے کہ داخل ہوا میں پاس آنحضرت کے اور رکھا تھا آگے کے کھانا تو فرمایا آپنے اے چھوٹی بیٹے میرے نزدیک ہو اور نام لے اللہ کا اور کھا اپنے داہنی ہاتھ سے اور کھا اپنے نزدیک سے ف اختلاف کیا اصحاب ہشام ابن عروہ نے اس حدیث کی روایت میں اور ابو وجزہ سعدی کا نام یزید بن عبید ہے

**عن** عکراش بن ذویب قال تعشی بنو مرۃ بن عبید بصدقات اموالہم الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقدمت المدینۃ فوجدتہ جالسا بین المہاجرین والانصار قال ثم احذ بیدی فانطلق بی الی بیت ام سلمۃ فقال ہل من طعام فاتینا بجفنۃ کثیرۃ الثرید والوذر فاقبلنا ناکل منہا فخبطت بیدی فی نواحیہا واکل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من بین یدیہ فقبض بیدہ الیسری علی یدی الیمنی ثم قال یا عکراش کل من موضع واحد فانہ طعام واحد ثم اتینا بطبق فیہ الوان التمر او الرطب شک عبید اللہ فجعلت اکل من بین یدی وجالت ید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الطبق قال یا عکراش کل من حیث شئت فانہ غیر لون واحد ثم اتینا بماء فغسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدیہ ومسح بلل کفیہ وجہہ وذراعیہ ورأسہ وقال یا عکراش ہذا الوضوء مما غیرت النار وفی الحدیث قصۃ ترجمہ روایت ہے عکراش بن ذویب سے کہا کہ بھیجا مجھکو بنی مرۃ نے اپنی زکوۃ کے مالوں کے ساتھ آنحضرت کی طرف سو میں آیا مدینہ میں اور اتارا مٹیہا پایا مہاجرین اور انصار میں پھر پکڑا آپنے میرا ہاتھ اور لیگئی مجھکو ام سلمہ کے گھر کی طرف اور پوچھا آپنے کچھ کھانا ہے سو لائی ہمارے پاس ایک بڑا پیالہ کہ اسمیں بہت ثرید تھا اور گوشت کی بوٹیاں پھر متوجہ ہوئے ہم اور کھانے لگے اسمیں سے پھرنے لگا میں اپنے ہاتھ کنارہ دیمیں پیالہ کے اور کھانی لگے آنحضرت اپنے آگے سے پھر کہا آپنے اپنی بائیں ہاتھ سے میرا ہاتھ پھر فرمایا اے عکراش کھاؤ تم ایک جگہ سے کہ یہ ایک قسم کا کھانا ہے پھر لائی ہمارے پاس ایک طباق کہ اسمیں کھجور تھی کئی قسم کے یا رطب تک کیا عبید اللہ راوی نے پھر کہا عکراش نے کہ میں کھانی لگا اپنے آگے سے اور گھومنے لگا ہاتھ آنحضرت کا طباق میں پھر فرمایا آپنے اے عکراش کھاؤ تم جہاں سے چاہو کہ یہ کھانا ایک طرح کا نہیں پھر لائی ہمارے پاس پانی اور دھوئے دونوں ہاتھ آنحضرت نے اور پونچھے تری ہتھیلیوں کی اپنے مونہہ پر اور دونوں بازوؤں پر اور سر پر اور فرمایا اے عکراش یہ وضو ہے اس چیز سے جو بدلی ہو آگ سے اور اس حدیث میں اور قصہ بھی ہے

**عن** عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اکل احدکم طعاما فلیقل بسم اللہ فان نسی فی اولہ فلیقل بسم اللہ فی اولہ واخرہ وبہذا الاسناد عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاکل طعاما فی ستۃ من اصحابہ فجاء اعرابی فاکل بلقمتین فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اما انہ لو سمی لکفاکم ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا آنحضرت نے جب کہا ہے کوئی تم میں کا کچھ کہ کھانا تو چاہئے کہ کہے بسم اللہ پھر اگر بھول جاوے تو کہے بسم اللہ فی اولہ واخرہ یعنے شروع ہی اللہ کے نام سے اول و آخر اس کھانیکا اور اسی اسناد سے مروی ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ تھے آنحضرت کھا رہے تھے کھانا چھ مسلمانوں کے اپنے اصحاب سے پھر آگیا ایک گنوار اور کھا لیا اُسنے سب کھانا دو لقمے میں سو فرمایا آنحضرت نے اگر یہ نام لیتا اللہ کا تو یہ کھانا تم سبکو کفایت کرتا ف یہ حدیث جسے صحیح ہے

ترجمہ بسم اللہ اول طعام میں مستحب ہے باجماع امت اور ایسی ہی حمد بھی آخر میں اور ایسی ہے پہنے کی ابتدا میں بلکہ ہر امر ذی بال کی ابتدا میں اور علمائے کہا ہے مستحب ہے بجہر کہنا بسم اللہ کا کہ اور دلکو تنبیہ ہو جاوے اور کافی ہے لفظ بسم اللہ کا اگرچہ پوری پڑھنا مستحب ہے اور جنبی اور حائض وغیرہما اسمیں سب برابر ہیں اور چاہئے کہ ہر ایک شخص جماعت سے بسم اللہ کہے اگر ایک شخص نے بھی کہہ لیا تو سنت ادا ہو گئی بعض کیا ہے اسپر شافعی نے اور استدلال کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ شیطان قابو پاتا ہی ہے ہر اس جگہ پر جسپر نام اللہ کا نہ لیا جاوے اور اسلئے کہ مقصود حاصل ہو جاتا ہے ایک کے نام لینے سے (نووی) فقیر کہتا ہے اذا اکل احدکم طعاما فلیقل بسم اللہ کا عموم مقتضی ہے کہ ہر آدمی کو بسم اللہ کہنا سنت ہے

**باب** ماجاء فی کراہیۃ النفوثۃ وفی یدہ غمر باب جبکہ ہاتھ سوجانیکی کراہت میں

**عن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الشیطان حساس لحاس فاحذروہ علی انفسکم من بات وفی یدہ ریح

عَنْهُ فَاَصَابَهُ شَیْءٌ فَلَا یَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ شیطان بڑا بانی (والا) اور تاڑنیوالا ہے بچاؤ اُس سے اپنی جانوں کو جو سویا اور ہاتھ میں اُسکی چکنائی کی بُو ہی پہر پہنچی اُسکو کچھ بلا سو اُسکو نہ آئے مگر اپنی جان کو ف یہ حدیث غریب ہے اِس سند سے اور مروی ہے سُہیل از ابی صالح سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے وہ ابی ہریرہ سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیے ہمسے محمد بن اسحاق نے اُنہوں نے ابوبکر بغدادی سے اُنہوں نے محمد بن جعفر سے اُنہوں نے منصور بن ابی الاسود سے اُنہوں نے اعمش سے اُنہوں نے ابی صالح سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا آنحضرت نے جورات کو سوئے اور اُسکی ہاتھ میں چکنائی ہو پہر اُسے کچھ بلا پہونچے تو ملامت نکرے مگر اپنی جان کو یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ہمنہیں جانتے ہم اسکو اعمش کی روایت سے مگر اسی سند سے مترجم یہ تو ظاہر ہے کہ ہاتھ میں چکنائی ہوگی تو میلم اور حشرات الارض قصد کرینگے اور اکثر ایسا ہی ہوا ہے کہ چوہوں نے لوگوں کی انگلیاں کتر لی ہیں اور سوا اُسکی جن اور شیاطین کی بھی کچھ ایذاء ہوتی ہوگی بہرحال اطاعت اُنکی ضرور ہے اور احتراز اُنکی مناہی سے لازم

## اٰخِرُ اَبْوَابِ الْاَطْعِمَةِ مترجم

چند سنن و مستحبات طعام مختصر لکھے جاتے ہیں اور اُسپر ابواب مذکورہ کا ختم کیا جاتا ہی اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا اِتِّبَاعَ نَبِیِّكَ الْكَرِیْمِ (۱) شروع کرنا غسل یداور اکل کا شخص فاضل و کبیر سے مستحب ہے (۲) تین انگلیوں سے کھانا سُنت ہی (۳) غیر مدعو شخص اگر مدعوین کے ساتھ آجاوی تو اجازت صاحب خانہ ضرور ہے اور صاحب خانہ کو مستحب ہے اجازت دینا (۴) آنحضرت کے عادت مبارک تھی کہ کھانیکا نام دریافت فرماتی جب کھاتی (۵) کلی کرنا بعد طعام کے مسنون ہے اور رد مالوں کے بدلی ہتھیلیاں اپنی سوا عداد اقدام میں پونچھ لینا مسنون ہے (۶) رفع مائدہ کی وقت یہہ دعا مسنون ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَفَانَا وَاٰوَانَا غَیْرَ مَكْفِیٍّ وَّلَا مَكْفُوْرٍ (۷) جب مہمی گہر آدمی تو اطعام طعام مسنون ہے (۸) دعوت کے گہر میں کوئی امر منکر دیکھی تو لوٹ جانا مسنون ہے حضرت ایک پردہ دیکھ کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی گہر سے لوٹ گئی (۹) جب داعی آدمی کے کئی ایک ہوں تو جسکا دروازہ قریب ہو اُسکی دعوت قبول کرے یا جسکی دعوت پہلی پہونچی (۱۰) الگ الگ کھانا پیٹ نہ بہر نکلا سبب ہے اور ملکر کھانا موجب برکت ہے (۱۱) جب کبھی کہانی میں گرے تو اُسی ڈبو کر نکالنا مسنون ہے (۱۲) مہمان میزبان کے لئے یہ دعا کرے اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَیْكُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ (۱۳) پہلا نوالہ کبھی تو یہ دعا مسنون ہے اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ مَدِیْنَتِنَا وَفِیْ ثِمَارِنَا وَفِیْ مُدِّنَا وَفِیْ صَاعِنَا بَرَكَةً مَّعَ بَرَكَةٍ (۱۴) آنحضرت کے پاس جب بھی گوشت دونوں ہوتی تو ایک کہانے ایک صدقہ دیتی (۱۵) مسکہ اور کھجور ملاکر کھانا مسنون ہے اسیطرح رطب و تمر اور رطب و طبیخ (۱۶) سات کھجوریں عجوہ ہر روز کھانا دافع سم و سحر ہے (۱۷) طاعم شاکر ثواب میں مثل صائم صابر کے ہی (۱۸) مہمان کو دیکھکر خوشی ظاہر کرنا اور شکر الٰہی بجا لانا اور مرحبا و سہلا کہنا مستحب ہے (۱۹) تقدیم فواکہ کی جنر دلہم مستحب ہے (۲۰) طعمۂ مسنونہ جنکا ذکر احادیث میں وارد ہوا ہے وہ کئی کھانے ہیں (۱) حیس گھی اور کھجور ملا ہوا (۲) اَقِطْ جیسا پنیر بکھا کرتے ہیں (۳) سویق ستو (۴) خزیرہ چھوٹی بوٹیاں گوشت کی روا ملا کر پکاتی ہیں اگر اُسمیں گوشت نہو تو وہ عصیدہ ہے اور اگر میٹھا اور آمیختہ توحریرہ (۵) تلبینہ آش جو اور حریرہ (۶) ثرید روٹی سالن میں چوری ہوئے (۷) دُبَّاء کدو ہی کہ آنحضرت کو محبوب تھا (۸) قلایہ گوشت جو تلک لگا کر بکھا یا ہو (۹) سَلِیْق چکندر اور جو ملا کر ایک صحابیہ پکاتی تھیں اور بروز جمعہ اصحاب آنحضرت کو کھلاتی تھیں (۱۰) ذراع و کتف و جنب و ظہر شاۃ یعنے دست و شانہ و پسلی و پیٹھہ کا گوشت بکرکا آنحضرت کو پسند تھا (۱۱) حتف ای (دی) تمر یعنے اونی قسم کی کھجور جمار کھجور کا گابھا کبات پیلو کا پھل کہ اُسمیں ایجا ہوتا ہے یہہ پھل سب آنحضرت نے کھائی ہیں جُبن پنیر جُبہ سے کا کر کھانا بھی ثابت ہی (۲۱) پیٹ بھر کر کھانا حیاءً رد ہی دواءً مکروہ ہی اور جنبز مرق یعنے پتلی چیا نی کھانا بدعت ہے حضرت نے کبھی نہیں کھائی (۲۳) خوان پر کھانا مکروہ ہے دستر خوان پر سنت (۲۳) تکیہ لگا کر کھانا پینا مکروہ ہی (۲۴) عیب کرنا طعام کو مکروہ ہے (۲۵) آٹا چھاننا بدعت ہے آنحضرت کے زمانہ میں جو بیکر پھونک لیا کرتے تھی (۲۶) مناخل یعنے چلنیاں گہر میں رکھنا خلاف سنت ہے (۲۷) چھوٹی چھوٹی تشتریوں اور پیالیوں میں کھانا بھی خلاف سنت ہے (۲۸) کھجور میں قران یعنے دو دو ملا کر کھانا مکروہ ہی مگر ساتھ کھانیوالوں کی اجازت ہو تو جائز ہے (۲۹) اوندھی لیٹ کر کھانا مکروہ ہے (۳۰) حرص در جمع پر شراب مُسکر کھانا حرام ہے (۳۱) مسجد میں کھانا مکروہ ہی (۳۲) کھانیکا پھینکنا منع ہی

## اَبْوَابُ الْاَشْرِبَةِ یہہ باب پینے کی چیز اور اُسکے آداب کے بیانمیں ہے

بَابُ مَا جَآءَ فِیْ شَارِبِ الْخَمْرِ باب شرب خمر کے بیانمیں عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ وَّكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِی الدُّنْیَا فَمَاتَ وَهُوَ یُدْمِنُهَا لَمْ یَشْرَبْهَا فِی الْاٰخِرَةِ ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا آنحضرت

ہر نشہ کرنیوالی چیز خمری اور ہر نشہ کرنیوالی چیز حرام ہی اور جسنے پی شراب دنیا میں اور مرا اور وہ اُسکی عادت رکھتا ہے نہ پیئے گا وہ شراب آخرت میں یعنے جنت میں **ف** اسماء بن ابی ہریرہ وابی سعید اور عبداللہ بن عمرو عبادہ وابی مالک اشعری اور ابن عباس سے بہ روایت ہے حدیث ابن عمر کی جس سے صحیح ہی اور مروی ہے کئی طرح سے اس سند سے عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور روایت کی مالک بن انس نے نافع سے اُنہوں نے ابن عمر سے موقوفاً اور مرفوع کیا اُسکو **عن** عبداللہ بن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من شرب الخمر لم تقبل لہ صلوٰۃ اربعین صباحاً فان تاب تاب اللہ علیہ فان عاد لم یقبل اللہ لہ صلوٰۃ اربعین صباحاً فان تاب تاب اللہ علیہ فان عاد لم یقبل اللہ لہ صلوٰۃ اربعین صباحاً فان تاب تاب اللہ علیہ فان عاد الرابعۃ لم یقبل اللہ لہ صلوٰۃ اربعین صباحاً فان تاب لم یتب اللہ علیہ وسقاہ من نہر الخبال قیل یا ابا عبدالرحمٰن وما نہر الخبال قال نہر من صدید اہل النار ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہا فرمایا آنحضرت نے جسنے پی شراب قبول کریگا اللہ تعالے اُسکی کوئی نماز چالیس دن تک پھر اگر اُسنے توبہ کی توبہ قبول کرتا ہے اللہ تعالے اُسکی پھر اگر اُسنی دوبارہ پی نہیں قبول کریگا اللہ تعالے اُسکی کوئی نماز چالیس دن تک پھر اگر اُسنی توبہ کی توبہ قبول کریگا اللہ اُسکی پھر اگر اُسنے سہ بارہ پی نہ قبول کریگا اللہ اُسکی کوئی نماز چالیس دن تک پھر اگر اُسنی توبہ کے توبہ قبول کریگا اللہ تعالے اُسکی پھر اگر اُسنے چوتھی بار پی نہ قبول کریگا اللہ اُسکی کوئی نماز چالیس دن تک پھر اگر اُسنے توبہ کی نہ قبول کریگا اللہ تعالی توبہ اُسکی یعنے ایسی قبول نہ ہوگی کہ کچھ ہزا نہو ملکہ ہزا اُسکی یہ ہوگی کہ پلاویگا اللہ تعالے اُسکو نہر سے کیچڑ کے پوچھا لوگوں نے اسی ابا عبدالرحمٰن اور یہ کیا ہے عبداللہ بن عمر کی کیا ہے نہر کیچڑ کی فرمایا نہری پیپ کے دوزخیوں کے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور مروی ہوا ہی مثل اسکے عبداللہ بن عمرسی اور ابن عباس سے کہ وہ دونوں روایت کرتے تھے آنحضرت سے **مترجم** خمر اور اُسکے تدارک کے بُرائی میں بہت احادیث وارد ہوئی ہیں بخاری میں ہی جسنی شراب پی اور توبہ نکی حرام ہے اُسپر شراب آخرت کی اور ابوہریرہ سے مروی ہے کہ شب معراج میں آنحضرت پر شراب اور دودھ عرض کئے گئے آپنے دودھ اختیار کیا حضرت جبرئیل نے فرمایا اگر آپ شراب لیتے تو گمراہ ہوجاتی امت آپکی اور انس سے مروی ہے جب خمر حرام ہوئی ہم خمر انگور کا بلکہ اکثر خمر ہمارا بسر اور تمری تھا اور ابی مالک یا ابی عامر اشعری سے مروی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا ہے اسے امت میری ایکدم حلال کریگی فرجین عورتوں کے یعنے زنا اور ریشمی کپڑے اور شراب یعنے اسطرح استعمال کرینگے جیسے حلال اور اُنہیں سے کچھ تو میں نزدیک ایک علم کے شام کو اُنیگا اُن پاس کوئی آنیوالا کسی حاجت کو وہ کہینگے آج لوٹ جا کل ہمارے پاس آنا پھر مسخ کردیگا اللہ تعالے اُنہیں سے کچھ لوگوں کو سور اور بندر اور خمر باجماع امت حرام ہے بتحریم اللہ وتحریم رسولہ وبسوال الصحابۃ اختلاف نہیں ہے اسمیں کسیکا مگر اختلاف کیا ہے اسمیں کہ حرمت خمر کی لذاتہا ہی یعنی بغیر کسی علت کے یا بسبب کسی علت کے پس خفیہ اس طرف گئی ہیں کہ حرمت اُسکی لذاتہا ہی اور سائر علما کا مذہب ہے کہ حرمت اُسکی بعلت مُسکر ہے اور یہی مذہب صحیح اور موافق احادیث اور روایات کے ہے اور بیان کیے ہے اللہ تعالے نے یہی علت اُسکی چنانچہ فرمایا ہی انما یرید الشیطان ان یوقع بینکم العداوۃ والبغضاء فی الخمر والمیسر ویصدکم عن ذکر اللہ وعن الصلوٰۃ فہل انتم منتہون پس فرمائی اسمیں دو خرابیاں ایک وقوع عداوت فیما بینا دوسرے روکنا ذکر الہی سے اور نماز سے اور یہ دونو موقی ہیں حالت سکر میں اور قصہ حمزہ کا مشہور ہے کہ بسبب سکر کے اُنہوں نے حضرت علی کی دو اونٹنیاں مارین اور آنحضرت اور صحابہ کو کہا ہل انتم الا عبید لابی فلا یا تانی یعنے نہیں ہو تم مگر غلام میرے باپ ادوں کے اور علی ہذا القیاس قصہ سعد کا اور یہ جو فرمایا کہ نہ پیئے گا شارب خمر شراب آخرت کی تو شارب دوام سے خالی نہیں یا تو توبہ کریگا یا نہیں پھر اگر توبہ کی تو شارب نرہا ملکہ بمنطوق التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ تائب ہوگیا پھر اگر توبہ نکی تو مذہب اہل سُنت یہی ہی کہ اللہ مختار ہے خواہ اُسی بخشی خواہ عذاب کرے پھر اگر عذاب کیا مخلد فی النار نہوگا اور خواہ نخواہ بہ برکت توحید بفضل اللہ ناسے نکلیگا اور جنت میں جاویگا پھر جب جنت میں پہونچا مذہب ایک گروہ صحابہ کا ہے کہ وہ جنت میں بھی شراب پیئی گا اور ظاہر حدیث یہی ہے اسلئے کہ جلدی کی اُسنی اُسمیں کہ تاخیر درکار تھی جیسے کہ قاتل وارث حصول میراث کے لئی جلدی کرتا ہی پھر اُسکی سزا یہ ہوتی ہے کہ مطلقاً میراث سے محروم ہوجاتا ہی اور مراد عدم قبول توبہ سی چوتھی بار میں شاید یہ ہو کہ اُسنے جو بار بار توبہ توڑی اور گویا حکم شرع سے استہزار کی تو اللہ تعالے اُسکے عوض میں قساوت قلب ایسی دیتا ہی کہ توفیق توبہ بقبولہ نہیں پاتا اور انوار و برکات توبہ سی محروم رہتا ہی اور خفیہ قائل ہیں کہ حرمت خمر انگور ہی کے قطعی ہی اور باقی مسکرات کی حرمت ظنی حالانکہ یہ مذہب بغایت ضعیف ہے اور خلاف احادیث معتبرہ اسلئی کہ روایات معتبرہ میں وارد ہے کل مسکر خمر و کل مسکر حرام جیسا کہ آگی آتا ہی اور مذہب جمہور کا انہی احادیث کے موافق ہے یعنے حرمت ہر مسکر کی قطعی ہے (احوذی) **باب ما جاء کل مسکر حرام** باب ہر مسکر کی حرمت قطعی کے بیانمیں **عن** عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم سئل عن البتع فقال کل شراب اسکر فہو حرام **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ سے

کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کسی نے حکم تبع کا فرمایا آپنے جو پینے کی چیز نشہ کرے وہ حرام ہی **مترجم** تبع بکسر مرحدہ وسکون فوقانیہ شراب ہے کہ شہد سے بنائی جاتی ہے اور وہ شراب اہل یمن کی **عن** ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہا انہوں نے سنا میں نے آنحضرت سے فرماتے ہے ہر نشہ کرنیوالی چیز حرام ہی **ف** یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور اسبابین عمر اور علی اور ابن مسعود اور ابی سعید اور ابی موسیٰ اور شیخ عمر کے اور دیلم اور میمونہ اور عائشہ اور ابن عباس اور قیس بن سعد اور نعمان بن بشیر اور معاویہ اور عبد اللہ بن مغفل اور ام سلمہ اور بریدہ اور ابی ہریرہ اور وائل بن حجر اور قرہ مزنی سے بھی روایت ہے یہہ حدیث حسن ہے اور روایت کی ابی سلمہ نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور روایت ہے ابی سلمہ سے انہوں نے روایت کی ابن عمر سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **مترجم** اسحدیث مین صاف دلالت ہے کہ حرمت جمیع اشیاء مسکرہ کی برابر ہے نہ جیسا کہ مذہب حنیفہ ہے اور اسحدیث کی مضمون کو اتنے صحابہ نے روایت کیا و دون ہذا خرط القتاد **باب** ما اسکر کثیرہ فقلیلہ حرام **ترجمہ** باب اس بیان مین کہ جسکی بہت سی نشا ہو اسکا تھوڑا بھی حرام ہے **عن** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهُ فَقَلِيْلُهُ حَرَامٌ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ آنحضرت نے فرمایا جسکے بہت سے نشا ہو اسکا تھوڑا بھی حرام ہے **ف** اسبابین سعد اور عائشہ اور عبد اللہ بن عمر اور ابن عمر اور خوات بن جبیر سے بھی روایت ہے یہہ حدیث حسن ہے غریب ہے جابر کی روایت سے **عن** عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ مَا اَسْكَرَ الْفَرَقُ مِنْهُ فَمِلْءُ الْكَفِّ مِنْهُ حَرَامٌ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا آنحضرت نے ہر نشہ کی چیز حرام ہے جسکے ایک فرق بھر سے نشا ہو اسکا ایک چلو بھر بھی حرام ہے اور عبد اللہ یا محمد بن بشار ان دونوں مین کسی نے اپنی روایت مین کہا اَنْحَسُوَةٌ مِنْهُ حَرَامٌ لینے ایک گھونٹ بھی اسمین سے حرام ہی **ف** یہ حدیث حسن ہی روایت کی یزید بن ابی سلیم اور ربیع بن صبیح نے ابی عثمان انصاری سے روایت مہدے کی مانند اور ابو عثمان انصاری کا نام عمرو بن سالم ہی کہے انکو عمر بن سالم بھی کہتے ہین **مترجم** فرق بفارد وسکون راء ایک برتن ہی کہ تین صاع اسمین آتی ہین اور ابن قتیبہ نے کہا کہ اٹھائیس رطل بھاتی ہین **باب** مَا جَآءَ فِيْ نَبِيْذِ الْجَرِّ باب ممنوعین نبیذ بنانی کے بیانمین **عن** طَاوُسٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَى ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيْذِ الْجَرِّ فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ طَاوُسٌ وَاللّٰهِ اِنِّيْ سَمِعْتُهُ مِنْهُ **ترجمہ** روایت ہے طاوس سے کہ آیا ایک مرد ابن عمر کے پاس اور کہا اسنے کہ منع کیا ہی آنحضرت نے ممنوعی نبیذ کی کہا انہوں نے ہان کہا طاوس نے کہ قسم ہے اللہ کی مین نے بھی سنا ہی اُنسے **ف** اس باب مین ابن ابی اوفی اور ابی سعید اور سوید اور عائشہ اور ابن زبیر اور ابن عباس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** اس جگہ شکے سی الکہی برتن مراد ہین کہ اُنمین نبیذ جلدی نشا لاتی ہے اور نبیذ یہہ ہے کہ کھجور یا خشک انگور پانی مین بھگو دیے ذکوی ہونے وہ جبتک نشا نہ لاوے حلال ہے نشا لاوے تو حرام ہے پھینکدینا چاہیے **باب** فِي الرُّخْصَةِ اَنْ يُّنْبَذَ فِي الدُّبَّآءِ وَالنَّقِيْرِ وَالْحَنْتَمِ باب ہار اور نقیر اور حنتم کی نبیذ کی اجازت مین **عن** عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ زَاذَانَ يَقُوْلُ سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَمَّا نَهٰى عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَوْعِيَةِ وَاَخْبَرْنَاهُ بِلُغَتِكُمْ وَفَسَّرَهُ لَنَا بِلُغَتِنَا قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَنْتَمَةِ وَهِيَ الْجَرَّةُ وَنَهٰى عَنِ الدُّبَّآءِ وَهِيَ الْقَرْعَةُ وَنَهٰى عَنِ النَّقِيْرِ وَهِيَ اَصْلُ النَّخْلِ يُنْقَرُ نَقْرًا اَوْ يُنْبَسُ نَبْسًا وَنَهٰى عَنِ الْمُزَفَّتِ وَهُوَ الْمُقَيَّرُ وَاَمَرَ اَنْ يُّنْتَبَذَ فِي الْاَسْقِيَةِ **ترجمہ** روایت ہے عمرو بن مرہ سے کہا سنا میں نے زاذان کو کہتے تھی پوچھا مین نے ابن عمر سے حال اُن برتنون کا کہ منع کیا ہی آنحضرت نے کہی استعمال سے کہا ابن عمر نے کہ جو برتن کہ ہمکو اُنکی خبر دی ہی تمہاری زبان مین کہا ابن عمر نے منع فرمایا آنحضرت نے حنتمہ سے اور وہ مٹکا ہی اور منع فرمایا دبا ہی اور وہ کدو کی توبنی ہے اور منع فرمایا نقیر سے اور وہ جڑ ہی کھجور کے کہ اُسکو اندر سے خراد لیتے ہین یا یون کہا کہ اُتار لیتے ہین جہلکا اُسکا اور صاف کر لیتے ہین اور منع فرمایا مزفت سے اور وہ وہ برتن ہی کہ جسپر روغن قیر ملا ہو لینے لاکہی برتن اور حکم فرمایا آنحضرت نے کہ نبیذ بنائی جاوے مشکونمین **ف** اسبابین عمر اور علی اور ابن عباس اور ابی سعید اور ابی ہریرہ اور عبد الرحمن بن یعمر اور سمرہ اور انس اور عائشہ اور عمران بن حصین اور حابد بن عمرو اور حکم غفاری اور میمونہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** ان برتنونمین نبیذ بنانی سی اسلیے منع فرمایا کہ جلد طرح جاتی ہے اور خوف نشہ کا ہے اور استعمال انکا مخصوص تہا شراب کے لیے اس لیے بھی منع فرمایا تہا کہ اُنکی مشابہت شراب سے استعمال جایز ہے مسلم مین مروی ہے کہ آپنے فرمایا ولکن اشرب فی سقائک او کیہ یعنی نبیذ بنا تو اپنی مشک مین اور باندہ دی اُسکو اور حکمت اُسمین یہہ ہے کہ مشک مین جب جوش آجاویگا اور سکر پیدا ہوگا تو مشک پہٹ جائیگی اور مالک کو معلوم ہو جائیگا کہ یہہ مسکر ہو گئی بخلاف ظروف مذکورہ کی کہ اُسمین سکر کا علم نہین ہوتا **مترجم** تنبذ نبیذا جو روایت مین وارد ہوا ہی صحیح جار مہملہ سے ہے اور معنی نبیذ کے جہلکا اُتارنا اور بعضے مہملہ غلط ہی کہ معظم نسخ مسلم وغیرہ مین بجار مہملہ واقع ہوا ہے اور یہ نبیذ بنانا جن برتنون مین بھی جو حدیث مین نہی عنہ ہی اسکی نہی

منسوخ ہی چنانچہ مسلم میں مروی ہے کہ حضرت نے فرمایا میں تمکو منع کرتا تھا اسمیں نبیذ بنانی سے اب بناؤ مگر مسکر نہ پیو یعنے احتیاط رکھو (نووی) **باب ماجاء فی الرخصۃ ان ینتبذ فی الظروف** اس باب میں ظروف مذکورہ وغیرہا میں نبیذ بنانی کی اجازت میں **عن** بریدۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی کنت نھیتکم عن الظروف وان ظرفا لا یحل شیئا ولا یحرمہ وکل مسکر حرام **ترجمہ** روایت ہے بریدہ سے کہ فرمایا آنحضرت نے منع کرتا تھا میں تمکو برتنوں میں نبیذ بنانی سے اور بیشک ظرف کسی چیز کو حلال نہیں کرتا اور نہ حرام کرتا ہے اور ہر نشہ کرنیوالی چیز حرام ہے یعنے حرمت بسبب نشہ کی ہے نہ بسبب ظرف کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** جابر بن عبد اللہ قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الظروف فشکت الیہ الانصار ظروفھا فقالوا لیس لنا وعاء قال فلا اذا **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہا منع کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے برتنوں سے پھر شکوہ کیا انصار نے اور کہا ہمارے پاس اور برتن نہیں فرمایا آپ نے ایسا ہے تو منع نہیں کرتا **ف** اسباب میں ابن مسعود اور ابی ہریرہ اور ابی سعید اور عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** ان احادیث سے معلوم ہوا کہ نہی ابتداء جواب سے مقدم ہے مذکور ہوئی منسوخ ہے اور بخاری میں ایک عورت سے مروی ہے کہ اُسنے کہا التقعت لہ تمرات من اللیل فی تور یعنے بھگو رکھی تھیں میں نے آنحضرت کے لئے نبیذ کھجور کی لوئی میں اور تور لوٹی کو کہتے ہیں خواہ پتھر کا ہو خواہ تانبے کا بالکل کا ہو یہ ملا یا آنحضرت کو **باب ماجاء فی الاستقاء** یعنے مشک میں نبیذ بنانیکی بیان میں **عن** عائشۃ قالت کنا ننبذ لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سقاء یوکاء اعلاہ له عزلاء ننبذہ غدوۃ ویشربہ عشاء والوننبذہ عشاء ویشربہ غدوۃ **ترجمہ** روایت ہے حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا اُنہوں نے کہ ہم نبیذ بنایا کرتے تھے آنحضرت کے لئے مشک میں کہ باندھ دیا جاتا تھا اُسکے اوپر کا منہ اور اُسکے نیچے ایک چھوٹا منہ تھا بھگوتے تھے ہم صبح کو تو پیتے تھے آپ شام کو اور بھگوتے تھے ہم شام کو تو پیتے تھے آپ صبح کو **ف** اسباب میں جابر اور ابی سعید اور ابن عباس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے یونس بن عبید کے روایت سے مگر اسی سند سے اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث عائشہ سے اور سند سے بھی **مترجم** عزلاء توسرا جو مشک کے نیچے کے منہ کو کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ اُس مشک کے اوپر کا منہ تو باندھ دیتے تھے اور نیچے جو چھوٹا سوراخ تھا عزلاء کے تھا اُس سے پیتے تھے **باب ماجاء فی الحبی الذی یتخذ منہا الخمر** باب اُن دانوں کے بیان میں جن سے شراب بنتی ہے **عن** النعمان بن بشیر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من الحنطۃ خمرا ومن الشعیر خمرا ومن التمر خمرا ومن الزبیب خمرا ومن العسل خمرا **ترجمہ** روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہا فرمایا آنحضرت نے گیہوں سے شراب بنتی ہے اور جو سی شراب ہوتی ہے اور کھجور سے شراب ہوتی ہے اور انگور سے شراب ہوتی ہے اور شہد سی شراب ہوتی ہی یعنے ان سب میں جو چیز بنے اسمیں نشہ ہو جاوے سب حرام ہے **ف** اسباب میں ابو ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث غریب ہے روایت کیا ہے حسن بن علی خلال نے اُنہوں نے یحیے بن آدم سی اُنہوں نے اسرائیل سے مانند اسکی اور روایت کیا ہے ابو الاحوص نے ابو حصین سے اُنہوں نے ابن عمر سے کہا حضرت عمر نے اور بیشک گیہوں سے خمر ہے یہ ذکر کی یہ حدیث خبر دی ہمکو اس روایت کی احمد بن منیع نے اُنہوں نے روایت کیا ہے عبد اللہ بن ادریس سے اُنہوں نے ابی حیان تیمی سے اُنہوں نے شعبی سی اُنہوں نے ابن عمر سے اُنہوں نے عمر بن خطاب سے کہ خمر گیہوں سے ہے ہوتی ہی اور صحیح ہے ابراہیم بن مہاجر کی روایت سے اور کہا علی بن مدینی نے کہا یحیی بن سعید قطان نے ہے ابراہیم بن مہاجر کچھ قوی یعنے علم حدیث میں نزدیک روایت کے **عن** ابی ھریرۃ یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعجموا ھذا التمر بالتمر فانہ شفاء من العنبۃ **ترجمہ** روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہتے تھے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ خرمہ کو درخت سے ہی کھجور اور انگور سی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابو کثیر یحیمی غبری ہیں نام اُنکا عبد الرحمن بن فضالہ ہی **باب ماجاء فی خلیط البسر والتمر** باب ملا کر بنانے نبیذ بنانیکی بیان میں **عن** جابر بن عبد اللہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی ان ینتبذ البسر والرطب جمیعا **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سی کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ بھجوا اور ترو دونوں کو ملا کر نبیذ بنانی سی **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عن** ابی سعید ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن البسر والتمر ان یخلط بینھما ونھی عن الزبیب والتمر ان یخلط بینھما ونھی عن الحمار ان ینتبذ فیھا **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ آنحضرت نے منع فرمایا کہ ملا کر بھجوا اور کچی کھجور ملا کر نبیذ بنانی سی اور منع کیا مشکو تنہا نبیذ بنانی سی اور سبا سے ابن عباس اور ابو ابی قتادہ اور ابن عباس سے بھی روایت ہے ابو سعید سے بھی اسی طرح روایت ہے کہ راوی نے کہا ہے حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** مشکوں اور ظرفوں کی تحقیق اوپر گزر گئی غرض یہ سبھی منع ہی محمول ہے احتیاط پر کہ احتمال ہے اُنمیں جلد نشہ ہو جانیکا **باب ماجاء فی کراھیۃ الشرب فی انیۃ الذھب والفضۃ** باب سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا حرام ہونے کے بیان میں **عن** الحکم قال سمعت

ظروف مذکورہ میں نبیذ بنانی کی اجازت

مشکوں میں نبیذ بنانا

ان دانوں کا بیان جن سی شراب بنتی ہے

ملا کر نبیذ بنانا

سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا حرام ہے

ابن ابی لیلیٰ یحدث ان حذیفۃ استسقی فاتاہ دہقان بماء فی اناء من فضۃ فرماہ بہ وقال انی کنت قد نہیتہ فابی ان ینتہی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن الشرب فی انیۃ الذہب والفضۃ ولبس الحریر والدیباج وقال ہی لہم فی الدنیا ولکم فی الاخرۃ ترجمہ روایت ہے حکم سی کہا سنا میں نے ابن ابی لیلیٰ سے بیان کرتے تھی کہ حذیفہ نے پانی مانگا پس ایک آدمی نے لاکر دیا ایک برتن میں چاندی کے سو پہنچکر یا اسکو حذیفہ نے اور کہا میں منع کر چکا تھا اسکو مگر نمانا اسنی کہ باز رہی بیشک آنحضرت نے منع فرمایا ہی سونے چاندی کے برتن میں پینے سے اور خرید و دیباج کی پہننے سی اور فرمایا یہ کافروں کے لئے ہی دنیا میں اور تمہاری لئی ہی آخرت میں ف اسبابین ام سلمہ اور برادر عائشہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث صحیح ہی حسن ہے **باب** ماجاء فی النہی عن الشرب قائما باب کھڑا ہو کر پینے کی نہی میں **عن** انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی ان یشرب الرجل قائما فقیل الاکل قال ذاک اشد ترجمہ روایت ہے انس سی کہ آنحضرت نے منع فرمایا اس سی کہ پیوے آدمی کھڑے ہو کر پھر پوچھا آپسے اور کہا نا فرمایا وہ تو اور زیادہ برا ہی ف یہ حدیث صحیح ہے **عن** الجارود بن العلاء ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن الشرب قائما ترجمہ روایت ہے جارود سی کہ آنحضرت نی منع فرمایا کھڑے ہو کر پینے سے ف اسبابین ابی سعید اور ابی ہریرہ اور انس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور اسی روایت کے کئی لوگوں نے سعید سے انہوں نے قتادہ سی انہوں نے ابی مسلم سی انہوں نے جارود سی انہوں نے صلی اللہ علیہ وسلم سی کہ فرمایا آپنی ضالۃ احدکم حرق النار یعنی کھوئی ہوئی چیز مسلمان کی اٹھا لینا سبب ہے دوزخ میں جلنے کا یعنے جب بضم کرنیکے نیت سی اٹھاوی اور تا نیکا قصد نہوا اور جارود بن المعلے کو ابن العلا بھی کہتے ہین اور صحیح ابن معلی ہے **باب** ماجاء فی الرخصۃ فی الشرب قائما باکھڑی ہو کر پینے کی رخصت میں **عن** ابن عمر قال کنا نأکل علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ونحن نمشی ونشرب ونحن قیام ترجمہ روایت ہے ابن عمر سی کہا انہوں نے کہا تی پیتے تھی ہم زمانہ میں آنحضرت کے چلتے اور کھڑے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے عبید اللہ بن عمر کی روایت سے وہ نافع سی روایت کرتے ہین وہ ابن عمر سے اور روایت کی عمران بن حدیر نے یہ حدیث ابی النبری سے انہوں نے ابن عمر سے اور ابو النبری کا نام زید بن عطا ہے **عن** ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم شرب من زمزم وہو قائم ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ آنحضرت نی زمزم پیا کھڑے ہوسے ف اس باب میں علی اور سعد اور عبد اللہ بن عمر اور عائشہ سی بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یشرب قائما وقاعدا ترجمہ روایت ہے عمرو بن شعیب سے وہ روایت کرتے ہین اپنی باپ سے شعیب سے دادا سے کہا دیکھا میں نے آنحضرت کو کہاتے تھے کھڑے اور بیٹھی ترجم تطبیق احادیث باب میں ہین اسطرح ہے کہ نہی کو کراہت تنزیہی پر محمول کرین اور فعل کو بیان جواز پر یا احدہما کو ناسخ تصور اوین اگر تقدم و تاخر احدہما کا زمانا معلوم ہو جاوے **باب** ماجاء فی التنفس فی الاناء باب برتن میں دم لینے کی بابت **عن** انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یتنفس فی الاناء ثلاثا ویقول ہو امرأ واروی ترجمہ روایت ہے انس سی کہ آنحضرت دم لیتی تھے برتن میں پانی پیتے وقت تین بار اور فرماتی تھے یہ گوارا ہی اور زیادہ سیر کرنیوالا ف یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیے یہ ہشام دستوائی نی ابی عصام سی انہوں نے انس سی اور یہ روایت کی عزرہ بن ثابت نی ثمامہ سی انہوں نے انس سی انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی کہ تھے آپ دم لیتے برتن میں تین بار اور روایت کیے ہے بندار نی انہوں نی عبد الرحمن بن مہدی سی انہوں نی عزرہ بن ثابت انصاری سی انہوں نی ثمامہ بن انس سی انہوں نی انس بن مالک سی کہ آنحضرت دم لیتے تھے برتن میں تین بار یہ حدیث صحیح ہی **عن** ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تشربوا واحدا کشرب البعیر ولکن اشربوا مثنی وثلاث وسموا اذا انتم شربتم واحمدوا اذا انتم رفعتم ترجمہ روایت ہے ابن عباس سی کہ فرمایا آنحضرت نے مت پیو ایکدم میں جیسا اونٹ پیتا ہی ولیکن پیو تم دو دم میں یا تین میں اور نام لو اللہ کا جب پینے لگو اور تعریف کرو اسکی جب اٹھاؤ ف یہ حدیث غریب ہے اور یزید بن سنان جزری کی کنیت ابو فروہ رہا وہی **باب** ماجاء فی الشرب بنفسین باب دو دم میں پینے کے بیان میں **عن** ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا شرب یتنفس مرتین ترجمہ روایت ہے ابن عباس سی کہ آنحضرت جب پیتے دو دم لیتی ف یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر رشدین بن کریب کی روایت سے کہا یعنے مولف نے اور پوچھا میں نے عبد اللہ بن عبد الرحمن سے رشدین بن کریب کا حال کہ وہ قوی ہین یا محمد بن کریب کہا ہست قریب ہین وہ دونون مرتبہ مین اور رشدین بن کریب ارجح ہین نزدیک میرے اور پوچھا میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاری سے اسی امر کو تو کہا انہوں نے محمد بن کریب ارجح ہین رشدین بن کریب سے اور پسندیدہ قول میرے نزدیک ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمن کا ہے کہ رشدین بن کریب ارجح ہین اور بڑے ہین اور یا یہی انہوں نے ابن عباس کو اور دیکھا ہے اور

پینے کی چیزوں کی ممانعت

پینے کی چیزوں کی ممانعت

برتن میں پانی پینے کا بیان

دو دم میں پینا

اور وہ بھائی ہیں اور دونوں کے نزدیک مکروہ ہیں **باب** مَا جَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ باب پینے کی چیز میں دم لینے کی کراہت میں **عن** أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ فَقَالَ رَجُلٌ الْقَذَاةُ أَرَاهَا فِي الْإِنَاءِ فَقَالَ فَأَهْرِقْهَا قَالَ فَإِنِّي لَا أَرْوَى مِنْ نَفَسٍ وَاحِدٍ قَالَ فَأَبِنِ الْقَدَحَ إِذًا عَنْ فِيكَ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ آنحضرت نے منع فرمایا پینے کی چیز میں پھونکنے سے عرض کیا ایک شخص نے کچھ کوڑا دیکھتا ہوں برتن میں یعنے پھر اسی کو پھونک نکالوں فرمایا اپنے سامنے سے پھینک دے عرض کی اسنے میں سیر نہیں ہوتا ہوں ایک دم میں آپ نے فرمایا تو دور کر دے پیالہ اپنے منہ سے یعنے دم لیتے وقت **ف** یہ حدیث حسن ہے **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُتَنَفَّسَ فِي الْإِنَاءِ وَأَنْ يُنْفَخَ فِيهِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ آنحضرت نے منع فرمایا دم لینے سے برتن میں اور اسمیں پھونکنے سے یعنے اگر دم لینا ہو تو برتن منہ سے جدا کر کے دم لے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** مَا جَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ التَّنَفُّسِ فِي الْإِنَاءِ باب برتن میں دم لینے کے کراہت میں **عن** أَبِي قَتَادَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا شَرِبَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَتَنَفَّسْ فِي الْإِنَاءِ **ترجمہ** روایت ہے ابی قتادہ سے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ جب پیئے کوئی تم میں کا تو دم نہ لیوے برتن میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** مَا جَاءَ فِي اخْتِنَاثِ الْأَسْقِيَةِ باب مشک کے مونہہ سے پانی پینے کی کراہت میں **عن** أَبِي سَعِيدٍ رِوَايَةً أَنَّهُ نَهَى عَنِ اخْتِنَاثِ الْأَسْقِيَةِ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا انہوں نے بطریق روایت کے کہ منع کیا آپنے مشک کے مونہہ سے پانی پینے کو **ف** اسباب میں جابر اور ابن عباس اور ابی ہریرہ کے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **باب** الرُّخْصَةِ فِي ذَلِكَ باب اسکی رخصت میں **عن** عَبْدِ اللهِ بْنِ أُنَيْسٍ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ إِلَى قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ فَخَنَثَهَا ثُمَّ شَرِبَ مِنْ فِيهَا **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن انیس سے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے ہوئے ایک مشک کیطرف جو لٹکی ہوئی تھی پھر جھکایا اسکو اور پی لیا اسکے مونہہ سے **ف** اسباب میں ام سلیم سے بھی روایت ہے اس حدیث کی اسناد صحیح نہیں اور عبداللہ بن عمر ضعیف ہیں نزدیک حافظہ کے اور معلوم نہیں مجھکو کہ انکو عبید سے سماع ہی یا نہیں **عن** كَبْشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَرِبَ مِنْ فِي قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ قَائِمًا فَقُمْتُ إِلَى فِيهَا فَقَطَعْتُهُ **ترجمہ** روایت ہے کبشہ سے کہا داخل ہوئے میرے پاس آنحضرت سو پیا آپنے ایک لٹکی ہوئی مشک کے مونہہ سے کھڑے کھڑے پھر میں کھڑی ہوئی اور کاٹ لیا میں نے اس مشک کا مونہہ یعنے تاکہ تبرکاً لے لیوے پاس رکھوں **ف** یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور یزید بن ابی حبیب بھائی ہیں عبدالرحمن بن ابی حبیب کے اور وہ عبدالرحمن سے متقدم ہیں **باب** مَا جَاءَ أَنَّ الْأَيْمَنَ فَالْأَيْمَنَ أَحَقُّ بِالشُّرْبِ باب اس میں کہ داہنے والی زیادہ مستحق ہیں پینے کے **عن** أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِلَبَنٍ قَدْ شِيبَ بِمَاءٍ وَعَنْ يَمِينِهِ أَعْرَابِيٌّ وَعَنْ يَسَارِهِ أَبُو بَكْرٍ فَشَرِبَ ثُمَّ أَعْطَى الْأَعْرَابِيَّ وَقَالَ الْأَيْمَنَ فَالْأَيْمَنَ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ آنحضرت کے پاس لائے دودھ کہ ملایا گیا تھا پانی کے ساتھ اور انکی داہنی طرف ایک اعرابی تھا اور بائیں طرف ابوبکر پھر پیا آپنے اعرابی کو اور فرمایا داہنے والا زیادہ مستحق ہے پھر اسکا داہنے والا یعنے داہنے والا **ف** اسباب میں ابن عباس اور سہل بن سعد اور ابن عمر اور عبداللہ بن بسر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **مترجم** اس حدیث میں ہی استحباب تیامن کا ہر کام میں یہانتک کہ انعام و اکرام میں بھی اگرچہ بائیں طرف ایک شخص فاضل موجب ہے داہنی طرف الا مستحق ہے چنانچہ آنحضرت نے اعرابی کو ابوبکر پر مقدم کیا اور یہی مسنون ہے جمیع تقسیمات میں **باب** مَا جَاءَ أَنَّ سَاقِيَ الْقَوْمِ آخِرُهُمْ شُرْبًا باب اس بیان میں کہ ساقی قوم کا آخر میں پیوے **عن** أَبِي قَتَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَاقِي الْقَوْمِ آخِرُهُمْ شُرْبًا **ترجمہ** روایت ہے ابی قتادہ سے کہ آنحضرت نے فرمایا ساقی قوم کو سب کے آخر میں پینا چاہئے **ف** اسباب میں ابن ابی اوفی سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **باب** مَا جَاءَ أَيُّ الشَّرَابِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ باب اس بیان میں کہ مشروبات میں آنحضرت کی محبوب کیا تھی **عن** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ أَحَبُّ الشَّرَابِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُلْوُ الْبَارِدُ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے کہ بہت پیارا پینے کی چیز میں آنحضرت کو میٹھی ٹھنڈی تھی **ف** ایسی ہی روایت ہے یہ حدیث کئی لوگوں نے ابن عیینہ سے مثل اسکے یعنی کہا روایت ہے معمر کی انہوں نے روایت کی زہری سے انہوں نے عروہ سے انہوں نے عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے اور صحیح وہی ہے کہ روایت کی زہری نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً **عن** الزُّهْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ أَيُّ الشَّرَابِ أَطْيَبُ قَالَ الْحُلْوُ الْبَارِدُ **ترجمہ** روایت ہے زہری سے کہ آنحضرت سے پوچھا کسی نے کونسی چیز پینے کی سب سے عمدہ ہی فرمایا جو میٹھی اور ٹھنڈی ہو **ف** اسیطرح روایت کی عبدالرزاق نے معمر سے انہوں نے زہری سے انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً اور زیادہ صحیح ہی ابن عیینہ کی روایت سے **مترجم** مشروبات میں جب چیز سرد

پینے کی چیز میں دم لینے کی کراہت

مشک کے مونہہ سے پانی پینے کی کراہت اور اسکی رخصت

داہنے والی زیادہ مستحق ہیں پینے کے

ساقی قوم کا آخر میں پیوے

مشروبات میں کونسی چیز آنحضرت کو پسند تھی

ہو محبوب ہوتی ہی حدیث مین وارد ہوا ہی کہ آنحضرت نے دعا کی کہ اللہم حبب الینا الحلو والماء یعنے اے اللہ ہمارے لئے میٹھی چیز اور ٹھنڈا پانی محبوب کر دے اور شیرینی ہی اُسکی ساتھ ہو تو سونے سہاگہ ہو گیا اسلئے کہ حدیث مین آیا ہی یحب الحلواء یعنے آپ دست رکھتے تھے شیرینی کو اب چند مسائل متعلقہ کتاب بیان کئے جاتے ہین **مسئلہ** صحیح مسلم مین انس سے مروی ہے کہ آنحضرت سے پوچھا کہ خمر کا حامل بنالیون آپنے فرمایا نہین اور طارق سے مروی ہے کہ آپ سے سوال ہوا اسکا پھر مکروہ جانا آپنے اسکو اور دلیل ہے شافعی اور جمہور کے کہ جایز نہین انکی نزدیک سرکہ بنانا خمر کا اور پاک نہین ہوتا وہ سرکہ کہ خمر سے بنا ہو جب اُسمین کوئی چیز ڈالکر بنایا ہو مثل پیاز وغیرہ کے اور وہ ہمیشہ بخس رہتا ہے اور اگر فقط نقل سے سایہ کیطرف یا آفتاب کیطرف سرکہ ہو جاوے تو اُسمین شافعیہ کے دو قول ہین اصح یہ ہی کہ پاک ہے غرض اگر کسی چیز کے ڈالنے سے بنی تو اُنکے نزدیک ناپاک ہے اور احمد اور جمہور اور اوزاعی اور لیث اور ابو حنیفہ کہتے ہین وہ بھی پاک ہے اور مالک سے اسمین تین قول ہوی ہین اصح یہ ہے کہ خود بخود سرکہ بنانا حرام ہے پر اگر کسینے بنایا تو وہ گنہگار ہوا مگر سرکہ پاک ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ حرام ہے سرکہ بنانا اور جو بنایا وہ ناپاک ہے تیسرا قول یہ ہے کہ حلال ہے سرکہ بنانا اور سرکہ پاک ہے غرض اگر اجمالی طور پر لاگر خود بخود سرکہ بنجاوے تو ہی ہے اور مردی ہے سحنون مالکی سے کہ اُنہون نے کہا ہی اگر یہ روایت صحیح ہو تو قابل حجت نہین بسبب مخالفت اجماع کے (نووی) **مسئلہ** تداوی بالخمر حرام ہے اور مذہب شافعیہ کا یہی ہے مسلم مین طارق بن سوید سے مروی ہے کہ اُنہون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دوا کی اجازت چاہی تو آپنے اُسی شر سے منع کر دیا کہ بنانیکی حضرت نے اُسی پسند کیا اور فرمایا انہ لیس بدواء ولکنہ داء اور سطرح پینا خمر کا دوا کی نیت سے حرام ہے مگر ابو حنیفہ کے نزدیک حلال ہے اور کوئی چیز خمر کے نہوتے ہوے اگر نجس ہو تو اُسکا پینا جایز ہے اسی قدر کہ اُسمین نوالہ اُتر جاوے اسلئے کہ اسمین اسکا فائدہ یقینی ہے اور نوبت اضطرار کی ہے مخالف دوا کی کہ فائدہ اُسمین یقینی نہین (نووی) **مسئلہ** تعلیقہ الاوانی لیلا سنت ہے اور سطرح بادیہ دینا مشکو کا اور بند کرنا دروازہ کا اور بجھا دینا چراغ کا سوتے وقت اور ڈھکنا کاسہ اور کف صبیان اور دولہی بعد مغرب کے اسمین احادیث بہت مروی ہین کہ ذکر کرنا اُنکا موجب طول ہے **مسئلہ** شیائی ملونہ مین شراب کے برابر کوئی چیز نہین اسلئے کسی پر لعنت ایک وجہ سے کسی پر دو وجہ سے جایز ہوتی ہے بخلاف شراب کے کہ اُسپر دس وجہ سے لعنت ہے چنانچہ ابن ماجہ مین مروی ہے کہ فرمایا آنحضرت نے لعنت کی گئی ہے شراب دس وجہ سے اُسکی ذات پر لعنت ہی اور اسکے عامر پر اور معتصر اور بایع پر اور مشتری پر اور حامل پر اور محمول الیہ پر اور اُسکے اکل ثمن پر اور شارب پر اور ساقی پر تکیف مبتلا رہا و منہا نعوذ باللہ منہا **مسئلہ** شیشے کی برتنون مین پینا جایز ثابت بالسنہ ہے چنانچہ ابن ماجہ مین ابن عباس سے مروی ہے کہ آنحضرت کا ایک قدح تھا قوارید کا کہ آپ اُسمین پیتے تھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## ابواب البر والصلۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

## یہ باب ہین بر والدین اور صلہ رحم کی بیانمین جو وارد ہین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے

### باب ما جاء فی بر الوالدین

باپ اور والدین کے ساتھ نیکی کرنے کے بیانمین

عن حکیم عن ابیہ قال قلت یا رسول اللہ من ابر قال امک قال ثم من قال امک قال ثم من قال امک قال ثم من قال ابا ک ثم الاقرب فالاقرب ترجمہ روایت ہے حکیم سے وہ روایت کرتی ہین اپنی باپ سے کہا عرض کی مینے یا رسول اللہ کس سے نیکی کرون فرمایا اپنی ماں سے عرض کی مینے پھر کس سے فرمایا اپنی ماں سے عرض کی مینے پھر کس سے فرمایا اپنی ماں سے پھر اپنی باپ سے پھر اور قرابتیون سے درجہ بدرجہ **ف** اسما بن ابی ہریرہ اور عبد اللہ بن عمرو اور عائشہ اور ابی الدرداء اور بہز بن حکیم سے بھی روایت ہے اور حکیم بیٹے ہین معاویہ بن حیدہ قشیری کے اور یہ حدیث حسن ہے اور کلام کیا ہی شعبہ نے بہز بن حکیم مین اور وہ ثقہ ہین اہل حدیث کی نزدیک اور روایت کی اُنے معمر نے اور سفیان ثوری اور حماد بن سلمہ اور کئی ائمہ نے بھی حدیث کے **ترجم** اللہ تعالے نے بھی قرآن عظیم الشان مین ماں کی حسن صحبی اولاد کی پرورش مین بہت کچھ فرمائی چنانچہ ارشاد کیا ہے حملتہ امہ وھنا علی وھن یعنے اُٹھایا اُسکو اُسکی ماں نے تہ بتہ کراسی لحاظ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہین سی تین مرتبہ حسن سلوک کا حکم فرمایا اور چوتھی بار مین باپکو رکھا پھر اُنکے بعد اور عزیزون کو جو قرابت مین قریب تر ہون حسن سلوک مین ہے مقدم کئے جاوین مثلاً سگے مقدم ہون سوتیلون پر علی ہذا القیاس نووی نے ذکر کیا کہ علماء نے کہا ہے کہ سبب تقدیم ام کا کثرت تعب ہے فرزند کی پرورش مین اور وفور شفقت و خدمت اور تحمل مشاق اسکی حمل مین پھر وضع مین پھر ارضاع مین پھر تربیت اور تمریض اور معالجہ وغیرہ مین اور اسمین کیا ہے حارث محاسبی نے اجماع علماء کا تقدیم پدر کے اوپر باپ کے احسان اور حسن سلوک مین اور قاضی عیاض نے کہا اجماع ہی علماء کا کہ مان باپ مقدم ہین حسن سلوک مین اپنی غیر اصحاب شافعی نے کہا انکی مین پہلے مان محترم ہے پھر باپ پھر اولاد پھر اجداد پھر جدات پھر برادر پھر برادر نہین پھر سائر محارم دوسرے الارحام پھر اعمام و عمات پھر اخوال و خالات اور مقدم ہی اقرب قریب پر اور حقیقی سوتیلی پر پھر ذی رحم غیر محرم جیسے ابن عم اور بنت عم اور اولاد اخوال و خالات وغیرہم پھر ذوی

مصاحبت ہو یہ ہو اعلے درجہ کا ہو یا اسفل کا ہمسایہ اور مقدم ہے قریب بعید الدار جار پر اور ایسا ہی اگر قریب پر شہر میں ہے مقدم ہی جار اجنبی پر اور ملحق ہیں زوجہ اور ذوجہ ساتھ محارم کے والد اعلم اور ایک مرد نے آپ سے اجازت چاہی جہاد کی آپ نے پوچھا کیا تیرے والدین زندہ ہیں اُسنے کہا ہاں آپ نے فرمایا ففیہما فجاہد یعنی اُنہیں کی خدمت میں کوشش کر اور ان حدیثوں میں حجت ہی اُنکو جو قائل ہیں کہ جہاد درست نہیں بغیر اجازت والدین کے جب مسلمان ہوں اگر مشرک ہوں تو اجازت اُنکی ضرور نہیں شافعیہ کے نزدیک اور ثوری کے کہا ضرور ہے اگر یہ جہاد جس صف قتال میں حاضر ہوا ہو اور قتال متعین ہوا ہو یا ہجوم کفار ہوا ہو اور جب ہجوم کفار وغیرہ ہو جاوے کسی کے اجازت ضرور نہیں غرض اجماع علما ہے برالوالدین پر اور سپر کنارا ضرر کرنا اُنکا کبائر اور محرمات سے ہی انتہی ملخصا **باب** دوسرا اسی مضمون میں **عن** ابن مسعود قال سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت یا رسول اللہ ای الاعمال افضل قال الصلوٰۃ لمیقاتہا قلت ثم ماذا یا رسول اللہ قال بر الوالدین قال قلت ثم ماذا یا رسول اللہ قال الجہاد فی سبیل اللہ ثم سکت عنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولو استزدتہ لزادنی **ترجمہ** روایت ہے ابن مسعود سے کہا پوچھا میں نے آنحضرت سے کہ یا رسول اللہ کونسا عمل افضل ہے فرمایا آپنی نماز اپنی اوقات پر ادا کرنا کہا میں نے یا رسول اللہ پھر کونسا فرمایا برالوالدین کہا میں نے پھر کونسا یا رسول اللہ فرمایا جہاد اللہ کی راہ میں یہ جو میں نے عرض کیا آنحضرت اور اگر میں زیادہ پوچھتا زیادہ بتاتی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور روایت کیا ہے یہ شیبانی اور شعبہ اور کئی لوگوں نے ولید بن عیزار سے اور مروی ہوئی ہی یہ حدیث کئی سندوں سے ابی عمرو شیبانی سے اُنہوں نے روایت کیا ابن مسعود سے اور ابو عمرو شیبانی کا نام سعد بن ایاس ہے **ترجمہ** اس روایت میں صلوٰۃ کو مقدم فرمایا اعمال فاضلہ میں اور اسکے ذکر کی روایت میں ایمان باللہ اور جہاد فی سبیل اللہ کو افضل اعمال فرمایا اور ابی سعید کے روایت میں رجل یجاہد فی سبیل اللہ فرمایا وجہ توفیق ان احادیث میں کئی طور سے ہو لایہ کہ فرمانا آنکا باعتبار سائلین مختلف ہوتا تھا کہ جسمیں لیاقت جس عمل کی ملاحظہ فرماتی اُسکے لئے اُسی عمل کو افضل اور اعلے ٹھہراتی جسی جہاد اور شجیع پاتی اُسی جہاد کی فضیلت سناتی جسی مالدار دیکھتے اُسے انفاق فی سبیل اللہ جسکی والدین محتاج خدمت والد ہوتے اُسی برالوالدین کی تعلیم فرماتی ثانیاً یہ کہ اس فرمانی میں فضیلت اور تقدم ایک عمل کا دوسرے پر مقصود نہیں بلکہ فقط تبلیغ اس امر کی منظور ہے کہ یہ امر بھی امور خیر میں داخل ہے چنانچہ قائل جب کسی چیز کی خوبی بیان کرتا ہی اُسکو سب افضل فرماتا ہے جیسے کبھی کہتا ہی سکوت و خاموشی سب سے عمدہ ہے اور کہتا ہے کہ کلام حق اور صدق سب سے افضل ہے علی ہذا القیاس تیسرے یہ کہ فرمانا آنکا مختلف ہوتا تھا باختلاف احوال کہ جسوقت میں تائید اسلام میں جسکی ضرورت ہوتی صحابہ میں اُسکی فضیلت بیان فرماتی **باب** الفضل فی رضا الوالدین باب رضای والدین کی فضیلت میں **عن** ابی الدرداء قال ان رجلا اتاہ فقال ان لی امرأۃ وان امی تأمرنی بطلاقہا فقال ابو الدرداء سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول الوالد اوسط ابواب الجنۃ فاضع ذلک الباب او احفظہ وربما قال سفیان ان امی وربما قال ابی **ترجمہ** روایت ہے ابو الدرداء سے کہ آیا اُنکی پاس ایک مرد اور کہا اُسنے میرے ایک عورت ہے اور میرے ماں حکم کرتی ہے اُسکی طلاق دینے کا سو کہا ابو الدرداء نے سُنا میں نے آنحضرت سے فرماتی تھی باپ بیچ کا دروازہ ہے جنت کا میں تو ضائع کر اُسکو یا حفاظت کر اور سفیان نے اس روایت میں کبھی ماں کا ذکر کیا کبھی باپ کا **ف** یہ حدیث صحیح ہی اور ابو عبد الرحمن سلمی کا نام عبد اللہ بن حبیب ہے **عن** عبد اللہ بن عمرو عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال رضا الرب فی رضا الوالد وسخط الرب فی سخط الوالد **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ آنحضرت نے فرمایا خوشی رب کی والد کی خوشی میں ہے اور غصہ رب کا والد کے غصہ میں ہے **ف** روایت کیا ہے اسکو محمد بن بشار نے اُنہوں نے محمد بن جعفر سے اُنہوں نے شعبہ سے اُنہوں نے سنیا ہے عمرو بن عطا سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے عبد اللہ بن عمرو سے مانند اسکے اور مرفوع نہیں اسکو اور صحیح تر ہے اور ایسی ہے روایت کے اصحاب شعبہ نے شعبہ سے اُنہوں نے یعلے بن عطا سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے عبد اللہ بن عمرو سے موقوفاً اور نہیں جانتے ہم کسیکو کہ مرفوع کی ہو سوائے یہ روایت خالد بن حارث کی سو اگرچہ راوی ہیں اور خالد بن حارث ثقہ ہیں ہمارے میں سنا میں نے محمد بن مثنی سے فرماتے تھے کہ نہ دیکھا میں نے بصرہ میں کسیکو خالد کے برابر اور نہ کوفہ میں عبد اللہ بن ادریس کے برابر اور اسباب ابن مسعود سے ہے روایت **ترجمہ** پوری ہوتی ہے برالوالدین ساتھ کئی امور کے اُنکے کہانے کپڑے کی خبر گیری سی اور خدمت سے اگر محتاج ہوں اور جب بُلاویں حاضر ہو اور جب حکم فرماویں بجا لاوے حتیٰ کہ حکم اُنکا معصیت نہ ہو اور بہت کرے زیارت اُنکی اور کلام کرے اُنکے ساتھ نرمی اور کشادہ پیشانی اور ملے اُنسے جھک کر اور اُف نہ کہی اور اُنکا نام لیکر نہ پکارے اور راہ میں پیچھے چلے مگر جہاں ضرورت ہو آگے چلنے کے اور برات کرے اُنکی جب کوئی غیبت کرے اور مدد کرے اُنکی جب کوئی اُنہیں اذیت دی اور توقیر کرے اُنکی مجلس میں اور آداب نشست و برخاست بجا لاوے اور دعا کرے اُنکی مغفرت کی (حجۃ اللہ) **باب** ما جاء فی عقوق الوالدین باب عقوق والدین کی مذمت میں **عن**

أَبِي بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُحَدِّثُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ قَالُوا بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ قَالَ وَجَلَسَ وَكَانَ مُتَّكِئًا قَالَ وَشَهَادَةُ الزُّورِ أَوْ قَوْلُ الزُّورِ فَمَا زَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُهَا حَتَّى قُلْنَا لَيْتَهُ سَكَتَ ترجمہ روایت ہے ابی بکرہ سے کہا فرمایا آنحضرت نے کیا نہ بیان کروں تمہیں بڑی سے بڑی گناہ کا عرض کی لوگوں نے کہ ہاں یا رسول اللہ کے فرمایا شریک کرنا اللہ کی ذات وصفات میں اور نافرمانی کرنا ماں باپ کا کہا اور بیٹھے آپ اور تھے تکیہ لگائے ہوئے اور فرمایا گواہی جھوٹی یا فرمایا بات جھوٹی یعنے راوی کو شک ہے پھر یہی فرماتے رہی آنحضرت یہانتک کہ ہمنے کہا کاش آپ چپ ہوتی اور یہ بار بار فرمانا تاکید انتہا ف اسماعیل ابی سعید بھی روایت کرتے ہیں یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابوبکرہ کا نام نفیع ہی عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْكَبَائِرِ أَنْ يَشْتِمَ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَهَلْ يَشْتِمُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالَ نَعَمْ يَسُبُّ أَبَا الرَّجُلِ فَيَسُبُّ أَبَاهُ وَيَسُبُّ أُمَّهُ فَيَسُبُّ أُمَّهُ ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہا فرمایا آنحضرت نے کبیرہ گناہوں میں سے ہے گالی دینا ماں باپ کو لوگوں نے کہا یا رسول اللہ بھلا کوئی اپنی ماں باپ کو بھی گالی دیگا فرمایا ہاں آدمی گالی دیتا ہی کسی کے باپ کو پھر وہ گالی دیتا ہی اسکی باپ کو اور گالی دیتا ہی کسی کی ماں کو پھر وہ گالی دیتا ہے اسکی ماں کو یعنے جب یہ گالی کا سبب ہوا تو گویا خود اسنے اپنی ماں باپ کو گالی دی ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی

**باب** فِي إِكْرَامِ صَدِيقِ الْوَالِدِ باب اکرام دوست پدر کے بیانمیں

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أَبَرَّ الْبِرِّ أَنْ يَصِلَ الرَّجُلُ أَهْلَ وُدِّ أَبِيهِ ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہا سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھی کہ سب سے بہتر سلوک ہے کہ سلوک کرے آدمی اپنے باپ کے دوست سی ف اسماعیل ابی اسید سے بھی روایت ہے اس حدیث کے اسناد صحیح ہی اور مروی ہے یہ حدیث ابن عمر سے کئی سند ولفظ سے

**باب** فِي بِرِّ الْخَالَةِ باب خالہ کی ساتھ حسن سلوک کے بیانمیں

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ ترجمہ روایت ہے براء بن عازب سے کہ آنحضرت نے فرمایا خالہ منزلہ ماں کے ہے ف اسحدیث میں ایک قصہ طولیہ ہے یہ حدیث صحیح ہی

عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أَصَبْتُ ذَنْبًا عَظِيمًا فَهَلْ لِي مِنْ تَوْبَةٍ فَقَالَ هَلْ لَكَ مِنْ أُمٍّ قَالَ لَا قَالَ هَلْ لَكَ مِنْ خَالَةٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَبِرَّهَا ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ ایک مرد آیا آنحضرت کی پاس اور کہا یا رسول اللہ میں نے ایک بڑا گناہ کیا ہی پس آیا میرے لئی توبہ ہے پوچھا آپنے تیری ماں ہے کہا نہیں پوچھا آپنی تیری خالہ ہی اُسنے کہا ہاں فرمایا آپنے اُس سے نیکی کر ف اسماعیل علی سبی روایت کرتے ہیں ابن عمر کی انہوں نے سفیان بن عیینہ سے انہوں نے محمد بن سوقہ سی انہوں نے ابی بکر بن حفص سے انہوں نے ابی بکر بن عمرو سی اسکے مانند اور نہیں ہے ذکر اسمیں ابن عمر کا اور صحیح تر ہے ابی معاویہ کے حدیث سے اور ابوبکر بن حفص وہ ابن عمر بن سعد بن ابی وقاص ہیں

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثُ دَعَوَاتٍ مُسْتَجَابَاتٌ لَا شَكَّ فِيهِنَّ دَعْوَةُ الْمَظْلُومِ وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ وَدَعْوَةُ الْوَالِدِ عَلَى وَلَدِهِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا آنحضرت نی تین دعائیں مقبول ہیں کہ انمیں شک نہیں بد دعا مظلوم کی دعا مسافر کی بد دعا باپ کے بیٹے پر ف اور روایت کی مجاہد صواف نے یہ حدیث یحیی بن ابی کثیر سے ہشام کے روایت کی مانند اور ابوجعفر حور ادی عن ابی ہریرہ سے انکو ابوجعفر مؤذن کہتے ہیں اور ہمنام انکا نہیں جانتے اور روایت کی اُنسی یحیی بن ابی کثیر نے کئی حدیثیں

**باب** مَا جَاءَ فِي حَقِّ الْوَالِدِ مِنْ باب حق والد کے بیانمیں

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَجْزِي وَلَدٌ وَالِدًا إِلَّا أَنْ يَجِدَهُ مَمْلُوكًا فَيَشْتَرِيَهُ فَيُعْتِقَهُ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا آنحضرت نے کوئی لڑکا باپ کے حق سے ادا نہیں ہوتا مگر یہ کہ اُسے غلام پاوے اور خرید کر کے آزاد کر دی ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی ہمیں جانتے ہم اُسکو مگر سہیل بن ابی صالح کی روایت سے اور روایت کے سفیان اور کئی لوگوں نے سہیل سے یہ حدیث

**باب** مَا جَاءَ فِي قَطِيعَةِ الرَّحِمِ باب قطع رحم کی مذمت میں

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَنَا اللّٰهُ وَأَنَا الرَّحْمٰنُ خَلَقْتُ الرَّحِمَ وَشَقَقْتُ لَهَا مِنِ اسْمِي فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهُ ترجمہ روایت ہے عبدالرحمن سے کہا سنا میں نے آنحضرت سے کہ فرماتی تھے فرمایا اللہ تعالے نے میں اللہ ہوں اور میں رحمن ہوں پیدا کیا میں نے رحم کو اور چیرا میں نے اُسکو اپنے نام سی پھر جسنے کہ ملایا اُسکو ملاؤنگا میں اسکو اور جسنے کاٹا اُسکو کاٹونگا میں اُسکو ف اور اسماعیل ابی سعید اور ابی اوفی اور عامر بن ابی ربیعہ اور ابی ہریرہ اور جبیر بن مطعم سے بھی روایت ہے حدیث سفیان کی جو زہری سے مرسل ہی صحیح ہی اور روایت کے معمر نی زہری سے یہ حدیث انہوں نے ابی سلمہ سے انہوں نے روایت کیا عبدالرحمن بن عوف سے اور معمر نے ایسا ہی کہا کہ کہا محمد نی اور حدیث معمر کے خطا ہی مترجم بخاری کے روایت میں الرحم شجنة من الرحمن یعنے لفظ رحم کا اشتقاق کیا ہوا ہے اور لیا ہوا ہے لفظ رحمن سے غرض یہ کہ رحم اور رحمن کا مادہ ایک ہے اور اشتقاق ایک کا دوسرے سے ظاہر ہے اور محتمل ہے کہ مراد دونوں لفظوں سے معنے ہوں یعنے قرابت رحم

کہ جسکی رعایت واجب ہے ایک شاخ اور شعبہ ہی رحمٰن کے رحمت سے اور ملنا رحم کا یہ ہے کہ رعایت کرے اور احسان کرے ناتی داروں سے اور کاٹنا اُسکا بدسلوکی کرنا ہی اہل قرابت سے اور قطع رحم کی مذمت مین بہت احادیث وارد ہوئی ہین بیہقی مین عبداللہ بن ابی اوفی سے مروی ہے کہ فرمایا آپنے رحمت نہین اُترتی اُس قوم پر کہ جسمین ایک قاطع رحم ہو اور نسائی اور دارمی مین عبداللہ بن عمرو سے مروی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا داخل نہو گا جنت مین منان اور نہ عاق اور نہ مدمن خمر اور بیہقی مین ابی بکرہ سے مروی ہے کہ ہر گناہ مین سے اللہ جو چاہتا ہی بخشدیتا ہی مگر عقوق والدین کہ جلدی سزا دیتا ہی اُسکی ترتیب کو زندگی مین قبل موت کے اور اکثر مفسرین نے اس آیت مین رحم ہی مراد لیا ہی جو فرمایا ہی اللہ نے وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ کہ خسران اور ضلال ہے اُن لوگون کو کہ قطع کرتے ہین جسکے ملانیکا حکم دیا اللہ تعالیٰ نے

**باب** مَا جَاءَ فِي صِلَةِ الرَّحِمِ

باب صلہ رحم کی فضیلت مین

**عن** عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِئِ وَلَكِنَّ الْوَاصِلَ الَّذِي إِذَا انْقُطِعَتْ رَحِمُهُ وَصَلَهَا **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ آنحضرت نے فرمایا صلہ رحم کرنیوالا وہ نہین کہ بدلا دی نیکی کا بلکہ وہ ہی کہ جب کاٹا جاوے ناتا اُسکا وہ جوڑی اُسکو **ف**

صلہ رحم کی فضیلت

یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور اسماعیل سلمان اور عائشہ سے بھی روایت ہے **مترجم** یعنے صلہ رحم یہ نہین کہ جو ناتی دار تم سے احسان اور بھلائی کری تم بھی اُسکا بدلا کرو بلکہ صلہ رحم یہ ہے کہ جو ناتی دار تم سے بدسلوکی کرے اور قرابت کا حق نہ سمجھے اُس سے بھی تم حق قرابت ادا کرو **عن** جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ قَالَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَ سُفْيَانُ يَعْنِي قَاطِعَ رَحِمٍ **ترجمہ** روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہ فرمایا آنحضرت نے داخل نہو گا جنت مین کوئی کاٹنے والا یعنی ابن ابی عمر نے کہا سفیان نے یعنے کاٹنے والا قرابت کا یعنے اُسکا حق نہ ادا کرنیوالا **ف**

اولاد کی محبت کرنا

یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **باب** مَا جَاءَ فِي حُبِّ الْوَلَدِ باب اُنکی محبت کی بیان مین **عن** حَوْلَةَ بِنْتِ حَكِيمٍ قَالَتْ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَهُوَ مُحْتَضِنٌ أَحَدَ ابْنَيْ ابْنَتِهِ وَهُوَ يَقُولُ أَيُّكُمْ لَتُبَخِّلُونَ وَتُجَبِّنُونَ وَتُجَهِّلُونَ وَإِنَّكُمْ لَمِنْ رَيْحَانِ اللَّهِ **ترجمہ** روایت ہے خولہ بنت حکیم سے کہ نکلے آنحضرت ایکدن اپنی صاحبزادی کے ایک بیٹے کو یعنی حسن یا حسین کو گود مین لیے ہوئے اور وہ فرماتی تھے تم بخیل کر دیتے ہو اور تم بزدل کر دیتے ہو اور تم جاہل کر دیتے ہو اور بیشک تم اللہ کے پھول کے ہو **ف** اور اسماعیل ابن عمرو اشعث بن قیس سے بھی روایت ہے حدیث ابن عیینہ کی جو ابراہیم بن میسرہ سے مروی ہے نہین جانتے ہم اُسکو مگر انہین کی سند سے اور عمر بن عبدالعزیز کو ہم نہین جانتے کہ سماع ہو خولہ سے یعنے بیچ مین کوئی راوی چھوٹ گیا ہو گا **مترجم** یعنے بسبب اولاد کی محبت کے آدمی مال خرچ کرنے مین بخیلی کرتا ہی کہ مال رہیگا تو میری اولاد کی کام آویگا اور جرأت اور شجاعت کی مقام مین خوف ضرر اولاد کا مرد کے اور جبن کرجاتا ہی اور اُنکی پرورش اور بیہودی کے خیال مین ہر اون نا اونین اور جہالت مین گرفتار ہوتا ہے

بچون کو پیار کرنا

اللہ تعالیٰ فرماتا ہی إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ یہ تحقیق مال اور اولاد تمہاری آزمانیکو دی گئی ہے پھر دیندار تم اُس فتنہ سے بچتا ہی یا ضعیف الایمان اُسمین پھنسا جاتا ہے اور بچون کو پیار کرنا جسم گنوانا ہے **باب** مَا جَاءَ فِي رَحْمَةِ الْوَلَدِ باب بچو کو پیار کرنے کے بیان مین **عن** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَبْصَرَ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُقَبِّلُ الْحَسَنَ وَقَالَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ الْحَسَنَ أَوِ الْحُسَيْنَ فَقَالَ إِنَّ لِي مِنَ الْوَلَدِ عَشَرَةً مَا قَبَّلْتُ أَحَدًا مِنْهُمْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ دیکھا اقرع بن حابس نے آنحضرت کو اور آپ بوسہ دیتے تھے حسن کو اور کہا ابن عیینہ نے یعنی حسن کو یا حسین کو سو کہا اقرع نے میری دس بیٹے ہین کہ نہین بوسہ لیا مینے اونمین سے ایک کو بھی سو فرمایا آنحضرت نے جو رحم نہین کرتا ہے دوسرے پر رحم نہین کیا جاتا **ف** اس باب مین انس اور عائشہ سے بھی روایت ہے اور ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن کا نام عبدالرحمٰن بن عبدالرحمٰن ہے اور یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی

لڑکون اور بچون کی پرورش

**مترجم** لڑکون کو پیار کرنا گود مین لینا کندی پر چڑھانا اُنکو گود مین لیکر نماز پڑھ لینا سجدہ مین گردن پر سوار ہون تو سجدہ کا طول کرنا سنت ہی اور یہ امور منافی دین اور خلاف محبت آلہی نہین جیسا کچھ صوفی خیال کرتی ہین بلکہ اللہ کی رحمت کا اثر ہے کہ مومنون کے دلمین ظہور فرماتا ہی حدیث مین آیا ہی مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيرَنَا فَلَيْسَ مِنَّا یعنے جو شخص شفقت اور پیار کرے ہمارے چھوٹون پر اور عزت اور وقار دے ہمارے بزرگون کا وہ ہمسے نہین **باب** مَا جَاءَ فِي النَّفَقَةِ عَلَى الْبَنَاتِ باب لڑکیون اور بہنون کی پرورش کی فضیلت مین **عن** أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ ثَلَاثُ بَنَاتٍ أَوْ ثَلَاثُ أَخَوَاتٍ أَوِ ابْنَتَانِ أَوْ أُخْتَانِ وَأَحْسَنَ صُحْبَتَهُنَّ وَاتَّقَى اللَّهَ فِيهِنَّ فَلَهُ الْجَنَّةُ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ فرمایا آنحضرت نے جسکے ہون تین بیٹیان یا تین بہنین یا دو بیٹیان یا دو بہنین پھر اچھی طرح اُنکا ساتھ دیا اور ڈرا اللہ سے اُنکی پرورش مین سو اُسکی لئی جنت ہے **مترجم** اللہ سے ڈرا اُنکی پرورش مین مواقع شرع کی پالا یہ نہین کہ چھٹی چلہ کیا ہو یا سگا لڑکا مین پیدا ہوا ہو

یا پیر کی چوٹی بیٹی اُسکی بدنمین کرے **عن** اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَکُوْنُ لِاَحَدِکُمْ ثَلٰثُ بَنَاتٍ اَوْ ثَلٰثُ اَخَوَاتٍ فَیُحْسِنُ اِلَیْھِنَّ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّۃَ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کسی کی تین بیٹیاں یا تین بہنیں پھر احسان کرے اُنپر مگر وہ داخل ہوگا جنت مین **ف** اسباب مین عائشہ اور عقبہ بن عامر اور انس اور جابر اور ابن عباس سے ہے روایت ہے ابوسعید خدری کا نام سعد بن مالک بن سنان ہے اور سعد بن ابی وقاص وہ سعد بن مالک بن وہب ہین اور زیادہ کیا ہی بعضے راویون نے اِس اسناد مین اِسکو **عن** عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتُلِیَ بِشَیْءٍ مِنَ الْبَنَاتِ فَصَبَرَ عَلَیْھِنَّ کُنَّ لَہٗ حِجَابًا مِنَ النَّارِ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ آنحضرت نے فرمایا جو گرفتار ہوا اُن لڑکیونکی ملا مین پھر صبر کرے اُنکی پرورش کی مصیبتون پر ہونگی وہ اُسکا پردہ دوزخ کی آگ سے **ف** یہ حدیث حسن ہے **عن** عَائِشَۃَ قَالَتْ دَخَلَتِ امْرَاَۃٌ مَعَھَا ابْنَتَانِ لَھَا فَسَاَلَتْ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِیْ شَیْئًا غَیْرَ تَمْرَۃٍ فَاَعْطَیْتُھَا اِیَّاھَا فَقَسَمَتْھَا بَیْنَ ابْنَتَیْھَا وَلَمْ تَاْکُلْ مِنْھَا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ وَدَخَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُہٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتُلِیَ بِشَیْءٍ مِنْ ھٰذِہِ الْبَنَاتِ کُنَّ لَہٗ سِتْرًا مِنَ النَّارِ **ترجمہ** روایت ہے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا اُنہون نے کہ آئی میرے پاس ایک عورت کہ اُسکے ساتہ دو لڑکیان تہین پھر سوال کیا اُسنے سو پایا اُسنے میرے پاس سے کچھ سوا ایک کھجور کے پھر دیدی مین نے اُسکو اور اُسنے بانٹ دی اپنی دونون لڑکیونکو اور آپ نکھائی پھر اُٹھکر چلی گئی اور تشریف لائی میرے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور خبر دی مین نے اُنکو سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو گرفتار ہوا ان لڑکیون مین ہونگی یہ اُسکے لئے پردہ دوزخ سی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ عَالَ جَارِیَتَیْنِ دَخَلْتُ اَنَا وَھُوَ الْجَنَّۃَ کَھَاتَیْنِ وَاَشَارَ بِاِصْبَعَیْہِ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو پالی دو لڑکیونکو داخل ہونگا مین اور وہ جنت مین مانند اُنکی اور اشارہ کیا آپنی اپنی دو اُنگلیون سے یعنے کلمہ اور بیچ کی اُنگلی سی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کی ہے محمد بن عبید نے محمد بن عبد العزیز سے کئی حدیثین اِسی سند سے اور کہا اُنہون نے روایت ہے ابی بکر بن عبد اللہ بن انس سے اور صحیح عبید اللہ بن ابی بکر بن انس ہے **مترجم** ابن ماجہ مین حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ ایک عورت آئی دو لڑکیون کو لیکر اور آپنے اُسکو تین کھجور عنایت کین اور اُسنے پہلے ایک ایک دونون کو دی پھر ایک کو چیر کر دونون پر تقسیم کر دیا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائی اور فرمایا کیا اُسنی داخل ہوگئی وہ بسبب اِس حسنہ کی جنت مین اور عقبہ بن عامر سے مروی ہے کہ اُنہون نے فرمایا مین نے سنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتی تہے جسکی تین بیٹیان ہون اور وہ اُنکی پرورش پر صبر کرے اور اُنکو کہلاوے پلاوے اور بپنا دی اپنے مقدور کے موافق اُسکے لئے پردہ ہونگی وہ دوزخ کی آگ سے قیامت کے دن اور ابن عباس سے مروی ہے کہ جسکی دو لڑکیان ہون پس جبھی طرح اُنکی ساتہ دیا داخل کرینگے وہ اُسکو جنت مین غرض فضائل بیٹیون کی بیٹے کے اسلئے زیادہ آئی ہین کہ اُسمین باپ کو صبر کرنا پڑتا ہی اول پرورش مین بعد جوانیکی سو دامادون کے غم و زاتی پر اور بہرحال سوا صبر و ثبات کی کچھ چارہ نہین ہوتا اور سوای بارکے کسیطرح کی امید اعانت کے اُسی نہین ہوتی **باب** مَا جَاءَ فِیْ رَحْمَۃِ الْیَتِیْمِ باب یتیم پر مہربانی کی یا مین **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَبَضَ یَتِیْمًا مِنْ بَیْنِ الْمُسْلِمِیْنَ اِلٰی طَعَامِہٖ وَشَرَابِہٖ اَدْخَلَہُ اللّٰہُ الْجَنَّۃَ اَلْبَتَّۃَ اِلَّا اَنْ یَعْمَلَ ذَنْبًا لَا یُغْفَرُ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لیجاوی یتیم کو مسلمانون مین سے اپنے کہانی اور پینی کیطرف داخل کریگا اللہ تعالیٰ اُسکو جنت مین بلاشک و شبہ مگر کیہہ وہ ایسا گناہ کری کہ نبخشا جاوے یعنے شرک **ف** اور سبا بن مرۃ الفہری اور ابی امامہ و سہل بن سعد سے بہی روایت ہے اور حنش کا نام حسین بن قیس ہے اور کنیت اُنکی ابو علی رحبی ہی اور سلمان یتیمی کہتے ہی کہ حنش ضعیف ہین حدیث مین نزدیک اہل حدیث کی **عن** سَھْلِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَا وَکَافِلُ الْیَتِیْمِ فِی الْجَنَّۃِ کَھَاتَیْنِ وَاَشَارَ بِاِصْبَعَیْہِ یَعْنِی السَّبَّابَۃَ وَالْوُسْطٰی **ترجمہ** روایت ہے سہل بن سعد سی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مین اور کفالت کرنیوالا یتیم کی مانند ان دو لڑکیونکی ہین اور اشارہ کیا آپنی دونون اُنگلیون سے یعنے کلمہ اور بیچ کی اُنگلی سی **ف** حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** یا ایک تشبیہ ہے اُسکی غم درجہ کی نیکہ وہ شخص درجات انبیاء پر ہوگا بعد الانبیاء علیہم التحیۃ و الثنا پر فاضل ہوگا اور آخر ان دونون اُنگلیون مین کچھ فرق ہی ہے انتہی اور ابوداود اور بخاری مین ہے روایت آئی ہی اور ابن ماجہ مین ابی ہریرہ سے مروی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا یا اللہ مین حرام کرتا ہون حق دو ضعیفون کا ایک یتیم کا دوسرے عورت کا یعنے اُنکا حق کسی طرح تلف کرنا چاہئے اور اُنہی سی مروی ہے کہ آپنے فرمایا بہتر گہر مسلمانونکا وہ ہے جسمین یتیم ہو اور وہ اُسپر احسان کرتے ہون اور بدتر گہر وہ ہے کہ اُسمین یتیم ہو اور اُسپر ظلم کرتی ہون اور ابن عباس سے مروی ہے کہ آپنے فرمایا جو پرورش کرے تین یتیمون کو اُسکو ثواب ہوگا مانند قائم اللیل و

صائم النہار کی اور مانند اُس شخص کے کہ صبح و شام چلا تلوار نکالی ہوئے اللہ کی راہ مین اور ہونگا مین اور وہ جنت مین مانند دو بھائیون کے اور مانند ان دونون ہنون کے اور ملائمین آپنے دونون انگشتان سبابہ اور وسطی **باب** جَاءَ فِي رَحْمَةِ الصِّبْيَانِ باب لڑکون پر رحم کرنے کے بیانمین **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَقُوْلُ جَاءَ شَيْخٌ يُرِيْدُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَبْطَاَ الْقَوْمُ عَنْهُ اَنْ يُوَسِّعُوْا لَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرماتی تہی آیا ایک بوڑہا کہ ارادہ رکہتا تہا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سی ملنی کا اور دیر لگائی لوگون نے اسی واسطے دینی مین سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی ہم مین سے نہین جو رحم نکرے ہمارے چہوٹی پر اور توقیر نکرے ہمارے بڑی کی **ف** اسباہین عبداللہ بن عمر اور ابی ہریرہ اور ابن عباس اور ابی امامہ سے بہی روایت ہے یہ حدیث غریب ہے اور زید بی جواد ہی ہین انکی منکر حدیثین بہت ہین انس بن مالک معتبر ہے روایت کے سمے ابوبکر محمد بن ابان نے انہون نے محمد بن فضیل سے انہون نے محمد بن اسحق سے انہون نے عمر بن شعیب سے انہون نے اپنی باپ سے انہون نے انکے دادا کی کہ فرمایا آنحضرت نے ہم مین سے نہین جو رحم نکرے ہمارے چہوٹی پر اور نہچانی شرف ہمارے بڑی کا روایت کے سمے ابوبکر بن محمد بن ابان نے انہون نے یزید بن ہارون سے انہون نے شریک سے انہون نے لیث سے انہون نے عکرمہ سے انہون نے ابن عباس سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی ہم مین سے نہین جو رحم نکرے ہمارے چہوٹی پر اور توقیر نکرے ہمارے بڑی کی اور معروف اور نہی منکر نکری یہ حدیث غریب ہے اور حدیث محمد بن اسحاق کی جو عمرو بن شعیب سے مروی ہے جس سے صحیح ہی اور مروی ہوئی عبداللہ بن عمر سے اور سند دون سے بہی سو اس سند کے اور فرمایا بعض اہل علم نے کہ حضرت نے جو فرمایا کہ وہ ہم مین سے نہین مراد یہ ہے کہ وہ ہمارے سنت اور ادب کے موافق نہین اور حلی ابن مدینی نے کہا کہ یحیی بن سعید نے کہا کہ سفیان ثوری اس تفسیر کو قبول نکرتے تہے اور فرماتی تہے کہ لیس منا سی مراد لیس شانا ہی یعنے وہ ہمارے مثل نہین **مترجم** بخاری مین ابوہریرہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی نے اپنی رحمت کے سو حصے کئے اور کہی اپنے پاس ننانوے حصہ اور اُتارا ایک حصہ مین پر کہ اُسکے سبب سے مہربانی کرتی ہے خلق ایک دوسرے پر یہانتک کہ گہوڑی اپنا کُہر اُٹہا لیتی ہے کہ اُسکے بچی کو چوٹ نہ لگی اور تراجم ابواب بخاری مین تقبیل اور معانقہ اور شم اور وضع صبی علی الفخذ مذکور ہے اور یہ سب حقوق صغار مین کبار پر اور آنحضرت نے امامت بنت ابی العاص کو کندہی پر بٹہا کر امامت کے سمے کہ جب کوع کرتی انکو زمین پر رکہدیتی اور جب سجدہ سی اُٹہتے اُٹہا لیتے **عن** جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ لَا يَرْحَمُهُ اللّٰهُ **ترجمہ** روایت ہے جریر بن عبداللہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنی رحم نکیا آدمیون پر رحم نکریگا اللہ تعالی اُسپر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور اسباہین عبدالرحمن بن عوف اور ابی سعید اور ابن عمر اور ابی ہریرہ اور عبداللہ بن عمرو سی بہی روایت ہے **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ يَقُوْلُ لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ شَقِيٍّ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا انہون نے سنا مین نے ابوالقاسم صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتی تہے کہ رحمت نہین نکال لی جاتی ہے کسیکے دلسی مگر جو شقی ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے اور ابوعثمان جسنی ابوہریرہ سے روایت کے انکا نام ہم نہین جانتے اور کہتے ہین کہ وہ والد ہین موسی بن ابی العثمان کے جسنے ابوالزناد نے روایت کے ہی اور روایت کے ابوالزناد نی موسی بن ابی عثمان سے انہون نے اپنی باپ سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی بہت حدیثین **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ اِرْحَمُوْا مَنْ فِي الْاَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَآءِ اَلرَّحِمُ شُجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلَهُ اللّٰهُ وَمَنْ قَطَعَهَا قَطَعَهُ اللّٰهُ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رحم کرنیوالون پر رحم کرتا ہے رحمن رحم کرو زمین والون پر رحم کرے تمپر آسمان والا یعنے اللہ تعالی جو اوپر ہے رحم شاخ ہی رحمن کی جسنے اُسکو ملایا اللہ اُسکو ملاویگا اور جسنے اُسی کاٹا اللہ اُسکو کاٹیگا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** شجنہ بہ تثلیث سمعہ و سکون جیم دونون عروق شجر جو آپسمین گہنی ہوئی ہون مراد یہ ہے کہ لفظ رحم رحمن سے مشتق ہے جسنے ملایا یعنے رعایت و مدارات کی غیرونکی اور کاٹا یعنے ادا کے حقوق انکے نکئے **باب** فِي النَّصِيْحَةِ باب نصیحت کی بیانمین **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ ثَلَاثَ مِرَارٍ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَنْ قَالَ لِلّٰهِ وَلِكِتَابِهٖ وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ **ترجمہ** روایت ہے ابوہریرہ سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دین نصیحت ہے فرمایا آپنے تین بار عرض کیا یارسول اللہ کسکے لئی فرمایا اللہ کے لئے اور اُسکے کتاب کے لئے اور مسلمانون کے حاکمون کی لئے اور عام مسلمانون کے لئے **ف** یہ حدیث حسن ہے اسباہین ثوبان اور ابن عمر اور تمیم اور جریر اور حکیم بن ابی یزید سے بہی روایت ہے کہ وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہین **مترجم** نصیحت کہتے ہین کہ بادا و خیر کہا جاوے منصوح کے لئے اور اصل مین خلوص اور خیر خواہی ہے پس نصیحت اللہ کے لئے صحت اعتقاد ہی سانہ وحدانیت اُسکے کی اور اخلاص نیت سے عبادت کا اور نصیحت کتاب کے لئے تصدیق کرنا اُسکے اور عمل موافق اُسکے اور نصیحت رسول کے تصدیق اُسکی نبوت کے ساتہ اور اطاعت اُسکی ہر فعل و حال و قال مین اور نصیحت ائمہ

کی اطاعت اُنکی امر حق مین اور خروج وبغی نکرنا اُنپر عند الظلم اور نصیحت عامہ مسلمانکی سیدہی راہ بتلانا اور جہی صلاح دینا اور عمدہ مشورہ سکھلانا **عن** جریر بن عبد اللہ قال بایعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی اقام الصلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ والنصح لکل مسلم **ترجمہ** روایت ہے جریر بن عبد اللہ سے کہا بیعت کی مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز قایم کرنے پر اور زکوٰۃ دینی پر اور ہر مسلمان کی خیرخواہی پر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیحی **باب** ما جاء فی شفقۃ المسلم علی المسلم **عن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المسلم اخو المسلم لا یخونہ ولا یکذبہ ولا یخذلہ کل المسلم علی المسلم حرام عرضہ وماله ودمه التقوی ههنا بحسب امرء من الشر ان یحقر اخاه المسلم **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مسلمان دینی بھائی ہے مسلمان کا خیانت کرے اُسکی اور نہ جھوٹ بولے اُسسے اور نہ محروم کرے اُسکو اپنی تائید اور مدد سے مسلمان کے مسلمان پر سب چیز حرام ہے عزت اُسکی اور مال اُسکا اور خون اُسکا تقوی یہان ہے یعنے اشارہ کیا اپنے دل کی طرف کافی ہے آدمی کو برائی سے یہ کہ حقیر سمجھے اپنے بھائی مسلمان کو **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عن** ابی موسی الاشعری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المومن للمومن کالبنیان یشد بعضہ بعضا **ترجمہ** روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن مومن کے لئے مانند مکان کے ہے کہ مضبوط کرتا ہے بعض اُسکا بعض کو **ف** یہ حدیث صحیح ہے اسباب مین علی اور ابی ایوب سے بھی روایت ہے **عن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان احدکم مرآۃ اخیہ فان رای بہ اذی فلیمطہ عنہ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر ایک تم مین کا آئینہ ہی اپنی بھائی کا پھر اگر دیکھے اُسمین کچھ عیب تو دور کردی اُسکو یعنے اطلاع کرے اُسکی عیب پر جیسے آئینہ اطلاع کردیتا ہی **مترجم** اور یحیی بن عبید اللہ ذی ضعیف کہا شعبہ کو اسباب انس سے بھی روایت ہے **باب** ما جاء فی التعزر علی المسلمین باب مسلمانون کے عیب ڈھانپنے کے بیان مین **عن** ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من نفس عن مسلم کربۃ من کرب الدنیا نفس اللہ عنہ کربۃ من کرب یوم القیمۃ ومن یسر علی معسر یسر اللہ علیہ فی الدنیا والاخرۃ ومن ستر علی مسلم ستر اللہ علیہ فی الدنیا والاخرۃ واللہ فی عون العبد ما کان العبد فی عون اخیہ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے کہولدی کسی مسلمان سے ایک تکلیف دنیا کی تکلیفون سے کہولدیگا اللہ تعالے اُسکی ایک تکلیف کو تکلیفون سے قیامت کے دن اور جسنے آسانی کی کسی تنگدست پر دنیا مین آسانی کریگا اللہ تعالے اُسپر دنیا اور آخرت مین اور جسنے ڈھانپا عیب کسے مسلمان کا ڈھانپے گا اللہ تعالے عیب اُسکے دنیا اور آخرت مین اور اللہ تعالے بندے کی مدد مین ہے جبتک بندہ اپنی بھائی کی مدد مین ہے **ف** اسباب مین ابن عمر اور عقبہ بن عامر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیا ابو عوانہ اور کئی لوگون نے یہ حدیث اعمش سے اُنہون نے ابی صالح سی اُنہون نے ابی ہریرہ سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مانند اسکے اور نہین ذکر کیا اُسمین اعمش کے اِس قول کا کہ کہا اُنہون نے کہ روایت کیا گیا مین ابی صالح سی **باب** ما جاء فی الذب عن المسلم باب مسلمان سے عیب دور کرنے کے بیانمین **عن** ابی الدرداء عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من رد عن عرض اخیہ رد اللہ عن وجہہ النار یوم القیمۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی الدرداء سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رد کرے اپنی بھائی کی عزت سے وہ چیز کہ خلل ڈالتی ہے اُسکی عزت مین رد کردیگا اللہ تعالے اُسکی موتہہ سے آگ دوزخ کی قیامت کے دن **ف** اسباب مین اسماء بنت یزید سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے **باب** ما جاء فی کراھیۃ الہجرۃ باب ترک ملاقات کے بُرائی مین **عن** ابی ایوب الانصاری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یحل لمسلم ان یہجر اخاہ فوق ثلاث یلتقیان فیصد ہذا ویصد ہذا وخیرہما الذی یبدأ بالسلام **ترجمہ** روایت ہے ابی ایوب انصاری سے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال نہین مسلمان کو کہ چھوڑدے اپنی بھائی کو تین دن سے زیادہ ملین وہ دونون راہ مین پس دور کرے اس یہ اُس کو اور بہتر اُنمین وہی جو پہلے سلام کرے **ف** اسباب مین عبد اللہ بن مسعود اور انس اور ابی ہریرہ اور ہشام بن عامر اور ابی ہند الداری سے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** صد کے معنے کنارہ اور اعراض کرنیکے بھی ہین یعنی وہ اپنی جانب چلا جاوے یا اپنی جانب اور صد بضم صاد یعنی جانب بھی آیا ہی **باب** ما جاء فی مواساۃ الاخ باب بھائی کے ساتھ مروت ومدارات کرنیکے بیانمین **عن** انس قال لما قدم عبد الرحمن بن عوف المدینۃ اخا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بینہ وبین سعد بن الربیع فقال لہ ہلم اقاسمک مالی نصفین ولی امرأتان فاطلق احد بصرک فاذا انقضت عدتہا فترتہا فقال بارک اللہ لک فی اہلک ومالک دلونی علی السوق فدلوا علی السوق فما رجع یومئذ الا ومعہ شیء من اقط وسمن قد استفضلہ فرآہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد ذلک وعلیہ وضر صفرۃ فقال مہیم فقال تزوجت امرأۃ من الانصار قال فما اصدقتہا قال نواۃ قال حیس او قال وزن نواۃ من ذہب فقال

اور فرمایا کہ تو بشارت ہے اس سے کہا کہ جب آئے عبدالرحمن بن عوف مدینہ میں تو بھائی چارہ کرو یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فی انمیں اور سعد بن ربیع میں پھر کہا انکی سعد نے آدھا بانٹ دونگا تجکو اپنا مال آدھا اور دے دونگا تیری دو بیبیاں ہیں سو طلاق دیتا ہوں انمیں سے ایک کو پھر جب گذر جاوے اسکی عدت تو نکاح کر لینا تم اسکے سو جواب دیا عبدالرحمن نے برکت دے اللہ تعالے تمہارے اہل مال میں تبلا دو مجھی بازار سو بتلا دیا انکو بازار سونہ پھر وہ اسدن نگر سا تک تھوڑا بہت تھوڑا اقط تھا اور تھوڑا گھی اور وہ نفع میں لائی تھی یہ سب پھر دیکھا انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے بعد اور کچھ نشان تہا زرد دیکھا سو پوچھا آپنے کیا ہے یہ عرض کیا انہوں نے میں نے نکاح کیا انصار کی ایک عورت سے فرمایا آپنے کیا مہر باندہا عرض کیا انہوں نے ایک گٹھلی کہا حمید نے یا یہ کہا راوی نے کہ کھجور کی گٹھلی کے برابر سونا فرمایا آپنی ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکر کا ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور کہا احمد بن حنبل نے گٹھلی پھر سونا تین درہم ہوتا ہے وزن میں اوقیہ درہم کا اور اسحٰق نے کہا وہ وزن ہے پانچ درہم کا مجھی خبر دی اسکی اسحٰق بن منصور نے انہوں نے نقل کیا یہ قول احمد بن حنبل اور اسحٰق سے **مترجم** جب اصحاب مکہ سے مدینہ کو ہجرت کر کے آئی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصار کے ساتھ انکا بھائی چارہ کروا دیتی تھی ایک مہاجر اور ایک انصار دونوں بھائی تصور کئے جاتی تھی اور کیا مدارات تھی کہ سبحان اللہ اپنی مال اور اہل تک دریغ نہ کرتے تھی اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَھُمْ وَارْحَمْھُمْ وَارْضَ عَنْھُمْ جب عبدالرحمن بن عوف آئی اور سعد کے بھائی ہوئی انہوں نے اپنی آدھی مال تقسیم کرنا چاہا انہوں نے قبول نکیا اور تجارت شروع کی اقط ایک چیز موتی ہے کہ دہی کو سکھا کر بناتے ہیں اور تازہ زردی سے مراد خوشبو کا دینا ہی کہ عروسی کی حالت میں نکاح کئے اور تہیم کلمہ یمانیہ ہے معنے ماشاءاللہ کے یعنی کیا حال ہے تیرا اور نواۃ ایک وزن کا نام ہے جیسے ہمارے یہاں تولہ ماشہ چنانچہ وزن اسکا مؤلف کے قول میں گذرا اور بعضوں نے کہا ہی مراد اسے گٹھلی ہے کھجور کے اور یہ جو فرمایا کہ ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکر کا ہو ظاہر ہے کہ ایک بکر کا ولیمہ اسوقت میں بہت کچھ تھا **باب** جَاءَ فِي الْغِيْبَةِ باب غیبت کے بیان میں **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا الْغِیْبَۃُ قَالَ ذِکْرُکَ اَخَاکَ بِمَا یَکْرَہُ قَالَ اَرَاَیْتَ اِنْ کَانَ فِیْ اَخِیْ مَا اَقُوْلُ قَالَ اِنْ کَانَ فِیْہِ مَا تَقُوْلُ فَقَدِ اغْتَبْتَہٗ وَاِنْ لَّمْ یَکُنْ فِیْہِ مَا تَقُوْلُ فَقَدْ بَھَتَّہٗ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ پوچھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یا رسول اللہ کیا ہے غیبت فرمایا آپنے ایسا یاد کرنا تیرا بھائی کا کہ وہ برا جانے کہا بھلا دیکھا آپنے اگر اسمیں وہ عیب ہو جو میں کہتا ہوں فرمایا اگر اسمیں وہ عیب ہے جو تو کہتا ہی جب ہے تو غیبت کی تو نے اسکی اور اگر وہ عیب نہ ہو جو تو کہتا ہے تو بہتان کیا تو نے اسپر یعنے موافق واقع کسی کا عیب بیان کرنا غیبت ہے اور مخالف واقع بہتان **ف** اور اسا میں ابی ہریرہ اور ابی بکرہ اور ابن عمر اور عبداللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہی **مترجم** مسلم میں بھی یہی روایت ہے اور غیبت کا بہت ہے چنانچہ ابی سعید اور جابر سے مروی ہے کہ آپنے فرمایا اَلْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا یعنے غیبت بدتر ہی زنا سے اور آفات لسان کی کئی چیزیں کہ اگر آدمی اس سے محفوظ رہی تو بڑی بشارت ہے چنانچہ سہل سے مروی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا جو ضامن ہو میرے لئے ما بین لحییہ اور ما بین رجلیہ کے میں اسکے لئے ضامن ہونگا جنت کا اول گالی دینا حدیث میں آیا سباب المسلم فسوق وقتال کافر کہنا کسیکو کہ ایک اسمیں سے ضرور کافر ہوتا ہی متفق علیہ اور جی حال ہے فاسق کہنی کا یا عدو اللہ کہنی کا مسلم میں اس سے مروی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا اَلْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا فَعَلَی الْبَادِیْ مَا لَمْ یَعْتَدِ الْمَظْلُوْمُ یعنے دو گالیاں دینی والی جو کچھ بولتے ہیں اسکا وبال شروع کرنیوالی پر ہے جب تک مظلوم زیادتی نکرے یعنے لعنت کرنا آنحضرت نے فرمایا صدیق کو لائق نہیں کہ لعان ہو مسلم اور فرمایا لعانین شہدا اور شفعا ہونگے قیامت کے دن مسلم اچھے ہے ھَلَکَ النَّاسُ کہنا کہ مسلم میں مروی ہے جو ایسا کہی وہ ہلاک ہوا ہے سب لوگوں کا پانچویں بخش دینی فرمایا آپنی لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَتَّاتٌ چغلخور فرمایا آپنے احثوا التراب فی وجوہ المداحین یعنے خاک ڈالو مداحوں کے منہ میں ساتویں ثنائی رجل اسکے منہ پر آپنے فرمایا اس شخص سے جسنے اپنی بھائی کی تعریف سامنے کی تھی ویلک قطعت عنق اخیک یعنے خرابی ہے تیری کاٹی تو نے گردن اپنے بھائی کی آٹھویں مراء یعنے جھگڑنا حضرت نے فرمایا مَنْ تَرَکَ الْمِرَاءَ وَھُوَ مُحِقٌّ بُنِیَ لَہٗ فِیْ وَسَطِ الْجَنَّۃِ یعنے جو چھوڑ دے جھگڑا اور وہ حق پر ہو بنایا جاویگا اسکے لئے ایک مکان اوسط جنت میں نویں تضحیک باقوال کاذبہ حدیث میں آیا ہی وَیْلٌ لِّمَنْ یُّحَدِّثُ وَلَا یُحَدِّثُ بِہٖ لِیُضْحِکَ بِہِ الْقَوْمَ وَیْلٌ لَّہٗ وَیْلٌ لَّہٗ یعنے خرابی ہے اسکی جو جھوٹی باتیں بناوے تاکہ ہنسے قوم خرابی ہے اسکی خرابی ہے اسکی دسویں کلمات غیر ضروری حدیث میں ہے مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُہٗ مَا لَا یَعْنِیْہِ یعنے خوبی اسلام کے ہی مالا یعنے کا چھوڑنا گیارہویں کذب ابن عمر سے مروی ہے کہ حضرت نے فرمایا جب بندہ جھوٹ بولتا ہے فرشتہ اسکی بدبو سے ایک کوس بھاگ جاتا ہی بارہویں ذی وجہین ہونا آپنے فرمایا اسکے لئے ایک زبان ہوگی دوزخ کی آگ سے قیامت کے دن تیرہویں طعن وفحش وبدی کہ آپنے فرمایا لیس المؤمن بالطعان ولا باللعان ولا الفاحش ولا البذی چودہویں کسی تائب کو اسکے گناہ پر عار دلانا مَنْ عَیَّرَ اَخَاہُ بِذَنْبٍ لَمْ یَمُتْ حَتّٰی یَعْمَلَہٗ یعنے جسنے عار دلائی اپنے بھائی کو کسی گناہ کی سے نہ مریگا جب تک اسمیں گرفتار ہو پندرہویں شماتت یعنے خوشی ظاہر کرنا کسیکے بلا پر کہ حدیث میں آیا ہے لَا تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِاَخِيْكَ

فَيَرْحَمُهُ اللّٰهُ وَبِتَمْلِيكِ یعنے شہامت ظاہر کرانی بہائی کے لگی اللہ اُسپر رحم کریگا اور تجھی بلا مین گرفتار کریگا معاذ اللہ مین ذلک اور ان سب کے روا ہی سکوت و خاموشی کہ اُسکی فضائل بے شمار مین ایک حدیث مین ہے کہ آپنے فرمایا مقام مرد کا خاموشی مین افضل ہے ساٹھ برس کے عبادت سے اور آپنی فرمایا ای ابوذر دو خصلتین مین کہ پشت پر ملکی میزان مین گران ایک طول صمت دوسرے حسن خلق اور آنحضرت نے ابوذر کو وصیت کی عَلَيْكَ بِطُولِ الصَّمْتِ فَإِنَّهُ مَطْرَدَةٌ لِلشَّيْطَانِ وَعَوْنٌ لَكَ عَلٰى أَمْرِ دِينِكَ یعنی لازم پکڑ تو طول صمت کو کہ اُسمین بہاگنا ہی شیطان کا اور مدد ہے تجھے تیری دین پر اور فرمایا آپنی مَنْ صَمَتَ نَجَا جسنے خاموشی اختیار کی نجات پائی بلیات لسانی اور آفات دو جہانی سے **بَابُ** مَا جَاءَ فِي الْحَسَدِ باب حسد کے بیانمین **عَنْ** اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقَاطَعُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَلَا تَحَاسَدُوْا وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا وَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ ترجمہ روایت ہے انس سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاؤ نہ توڑو اور پیٹھ پیچھے برا مت کہو اور آپسمین بغض مت رکھو اور آپس مین حسد منکرو اور ہو جاؤ خالص غلام اللہ کے بھائی ایک دوسرے کی اور حلال نہین مسلمان کو کہ چھوڑے ملاقات اپنی بھائی کی تین دن سے زیادہ **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسبابین ابوبکر الصدیق و زبیر بن عوام اور ابن عمر اور ابن مسعود اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے **عَنْ** سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَيْنِ رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْاٰنَ فَهُوَ يَقُوْمُ بِهٖ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ ترجمہ روایت ہے سالم سے وہ روایت کرتی ہین اپنی باپ سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رشک نکرنا چاہئی مگر دو شخصون پر ایک وہ مرد جسکو اللہ تعالیٰ نے اُسی مال دیا وہ خرچ کرتا ہی اُسمین رات کی وقتون مین اور دن کے وقتون مین اور دوسرا وہ مرد کہ دیا اللہ نے اُسکو قرآن اور وہ اداکرتا ہی اُسکی حق کو رات کے وقتون مین اور دن کے وقتون مین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کے ابن مسعود اور ابی ہریرہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکی مانند **ترجم** ایک حسد یہی آدمی دوسرے کی نعمت کو دیکھکر جلے اور یہ چاہے کہ یہ نعمت اس سے زایل ہو کر مجھکو ملجاوے یہ معیوب ہے اور حدیث شامل مین اُسی سے نہی واقع ہوئی ہے اور ایک شک ہے کہ آدمی دوسرے کی نعمت کو دیکھکر اُسکا زوال نچاہی بلکہ یہ ارادہ کرے کہ یہ نعمت اسپر قایم رہی اور مجھی ہے غایت ہووے اور یہ امور اخروی مین محمود ہے اور انبیاء اور صلحا مین جو لفظ حسد کا مروی ہوا ہے اُس سے یہی مُراد ہی اور اسی کو غبطہ بھی کہتے ہین اس حدیث مین اُسی طرف اشارہ ہے کہ مال حلال اور توفیق انفاق دونو کا جمع ہونا بڑی نعمت ہے تو لا اور دیا اللہ نے اُسے قرآن یعنے علم قرآن عنایت فرمایا اور توفیق عمل اور قرأت بخشی اور رات کا حق ہے کہ تہجد مین پڑھے اور ذکر اُسپر عمل کری یا رات کو تفکر اور ذکر مین مجاہدہ یا رات کو اشتغال بخلوت اور ذکر تلاوت اور تبلیغ اُسکی بخلوت **بَابُ** مَا جَاءَ فِي التَّبَاغُضِ باب آپسمین بغض رکھنے کے برائی مین **عَنْ** جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ اَيِسَ اَنْ يَعْبُدَهُ الْمُصَلُّوْنَ وَلٰكِنْ فِي التَّحْرِيْشِ بَيْنَهُمْ ترجمہ روایت ہے جابر سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ شیطان مایوس ہو گیا اِس سے کہ پوجین اُسی نماز کے لوگ ولیکن لڑائی جھگڑا ڈالیگا اُنمین **ف** اسبابین ابن عمرو بن العاص سے بھی روایت ہے کہ وہ اپنی باپ سے روایت کرتی ہین یہ حدیث حسن ہی اور ابوسفیان کا نام طلحہ بن نافع ہی اور روایت مین یہ لفظ وارد ہوے ہین اِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ اَيِسَ اَنْ يُعْبَدَ فِي جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ وَلٰكِنَّ التَّحْرِيْشَ بَيْنَهُمْ یعنے مایوس ہو گیا شیطان اِس سے کہ پوجین اُسے جزیرہ عرب مین ولیکن اُسے لڑائی جھگڑا ڈالیگا اُنکے درمیان اور شیطان کے پوجنے سے مراد غیر خدا کی عبادت ہے اور اِس روایت مین خاص کیا آپنے جزیرہ عرب کو اسلئے کہ ایمان اُسوقت اسی جزیرہ مین پھیلا تھا ایسا ہی کہا طیبی نی اور جدال و قتال امت مین قیامت تک ظاہر ہے حاجت بیان نہین **بَابُ** مَا جَاءَ فِي اِصْلَاحِ ذَاتِ الْبَيْنِ باب آپسمین صلح کے بیانمین **عَنْ** اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ الْكَذِبُ اِلَّا فِي ثَلَاثٍ يُحَدِّثُ الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ لِيُرْضِيَهَا وَالْكَذِبُ فِي الْحَرْبِ وَالْكَذِبُ لِيُصْلِحَ بَيْنَ النَّاسِ وَقَالَ هَمَّامٌ وَفِيْ حَدِيْثِهٖ لَا يَصْلُحُ الْكَذِبُ اِلَّا فِي ثَلَاثٍ ترجمہ روایت ہے اسما بنت یزید سے کہ کہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حلال نہین ہے جھوٹ مگر تین مقامون مین ایک تو بات کری آدمی اپنی عورت سے تاکہ راضی کرے اسکو اور دوسرے جھوٹ بولنا لڑائی مین اور تیسرے جھوٹ بولنا تاکہ صلح کرے آدمیون مین اور محمد نے اپنی روایت مین کہا درست نہین جھوٹ مگر تین جگہہ مین **ف** اسحدیث کو نہین پہچانتی ہم اسمار کی روایت سے مگر ابن عیینہ کی سند سے اور روایت کیے داؤد بن ابی ہند نے یہ حدیث شہر بن حوشب سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نہین ذکر کیا اُسمین اسمار کا خبر دی ہمکو اسکی ابوکریب نے انہون نے روایت کیے ابن ابی زائدہ سے انہون نے داؤد بن ابی ہند سے اور اسبابین ابوبکر سے بھی روایت ہے **عَنْ** اُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ عُقْبَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيْسَ بِالْكَاذِبِ مَنْ اَصْلَحَ بَيْنَ النَّاسِ فَقَالَ خَيْرًا وَنَمٰى خَيْرًا **ترجم** روایت ہے ام کلثوم بنت عقبہ سے کہا انہون نے سنا مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتی تھی جھوٹا نہین ہے وہ جو صلح کرے آدمیون مین اور کہی نیک بات یا بڑھا کر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح **ترجم**

نہی الحدیث عرب جب کہتا ہی کہ کوئی بات کری اصلاح کی واسطی اور طلب خیر کو اور اگر میم کو تشدید دین تو چغلخوری کی معنی ہونگی اور بات کہنا واسطی فساد کی اس سے مراد ہوگا **باب** ماجاء فی الخیانۃ والغش ۱ باب خیانت اور دغا کے بیان میں **عن** ابی صرمۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من ضار ضار اللہ بہ ومن شاق شق اللہ علیہ **ترجمہ** روایت ہے ابی صرمہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جو ضرر پہونچاوے کسیکو ضرر پہونچاوے گا اسی اللہ تعالے اور جو تکلیف دی کسیکو تکلیف دیوے اسی اللہ تعالے **ف** اور اسباب ابن ابی بکر سی بھی یہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عن** ابی بکر الصدیق قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ملعون من ضار مؤمنا او مکر بہ **ترجمہ** روایت ہے ابی بکر صدیق سی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی ملعون ہے جو ضرر پہونچاوے کسی مومن کو یا مکر کری کسی مومن کے ساتھ **ف** یہ حدیث غریب ہے **باب** ماجاء فی حق الجوار ۲ باب حق ہمسایہ کے بیان میں **عن** مجاہد ان عبد اللہ بن عمر ذبحت لہ شاۃ فی اھلہ فلما جاء قال اھدیتم لجارنا الیھودی اھدیتم لجارنا الیھودی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول مازال جبرئیل یوصینی بالجار حتی ظننت انہ سیورثہ **ترجمہ** روایت ہے مجاہد سے کہ عبد اللہ بن عمر کے لئی اُنکی گھر مین ایک بکری ذبح کی گئی پھر جب آئی تو کہا ہدیہ بھیجا تمنی ہمارے ہمسایہ یہودی کو کیا ہدیہ بھیجا تمنی ہمارے ہمسایہ یہودی کو سُنا مین نی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتی تھی ہمیشہ ہی جبرئیل مجھی وصیت کرتے احسان کے ساتھ ہمسایہ کے یہانتک کہ گمان کیا مینے کہ وہ وارث کردینگے اُسکو **ف** اسباب عائشہ اور ابن عباس اور عقبہ بن عامر اور ابی ہریرہ اور انس اور عبد اللہ بن عمر اور مقداد بن اسود اور ابی شریح اور ابی امامہ سے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث مجاہد سے انہون نی روایت کی عائشہ اور ابی ہریرہ سی دونون نی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **عن** عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال مازال جبرئیل یوصینی بالجار حتی ظننت انہ سیورثہ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ ام المومنین سے کہ بیشک فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی ہمیشہ ہی جبرئیل اللہ کی رحمتین اُپر وصیت کرتی مجھی ہمسایہ کے ساتھ احسان کے یہانتک کہ گمان کیا مین نے کہ وہ وارث ٹھہراوینگے اُسکو **ف** اسباب عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر الاصحاب عند اللہ خیرھم لصاحبہ وخیر الجیران عند اللہ خیرھم لجارہ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سی کہ فرمایا رسول صلے اللہ علیہ وسلم نی بہترین ساتھ والی اللہ کے نزدیک بہتر ہر اپنی ساتھی کے واسطی اور بہترین ہمسایہ کے نزدیک اللہ کے بہتر ہر اپنی ہمسایہ کے لئی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور ابو عبد الرحمن حبلی کا نام عبد اللہ بن یزید ہے **باب** ماجاء فی الاحسان الی الخادم ۳ باب خادم پر احسان کرنیکے بیان میں **عن** ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخوانکم جعلھم اللہ تحت ایدیکم فمن کان اخوہ تحت یدہ فلیطعمہ من طعامہ ولیلبسہ من لباسہ ولا یکلفہ مایغلبہ فان کلفہ مایغلبہ فلیعنہ **ترجمہ** روایت ہے ابی ذر سی کہ فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نی بھائی تمہارے ہین کہ کردیا ہی اللہ نی اُنکو جو ان تمہارے ہاتھون کے نیچے پر جسکا بھائی اُسکی ہاتھ کے نیچے ہو سو چاہیئے کہ کھلاوی اُسکو اپنے کھانیمین سے اور پہناوے اُسکو اپنے پہناوے سی اور تکلیف نہ دے اُسکو ایسی کام کے جو غالب آوی اُسپر اگر تکلیف دی اُسکو ایسے کام کے جو غالب آوی اُسپر تو مدد کری اُسکی یعنے آپ ہی ہاتھ لگاوی **ف** اسباب عمر علی اور ام سلمہ اور ابن عمر اور ابی ہریرہ سی بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** ابی بکر الصدیق عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یدخل الجنۃ سیئ الملکۃ **ترجمہ** روایت ہے ابو بکر الصدیق سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا داخل نہوگا جنت مین مدخلی یعنی بدسلوکی کے ساتھ **ف** یہ حدیث غریب ہے اور کلام کیا ہے ایوب سختیانی اور گری لوگون نی اور قدری نسخی مین اُنکے حافظہ کے طرف سے **باب** النھی عن ضرب الخدام وشتمھم ۴ باب خادمون کے ماری اور اُنکو گالی دینیکے نہی مین **عن** ابی ھریرۃ قال قال ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم بئس الشیئ التوبۃ برئیا من ما قال لہ اقام اللہ علیہ الحد یوم القیمۃ الا ان یکون کما قال **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی جو شخص مین تو کہے جسنے زنا کی تہمت لگائی اپنی لونڈی غلام کو جو پاک ہے اسباب سے جو اسنی کہی قائم کریگا اللہ تعالے اُسپر حد قذف کی قیامت کے دن مگر یہ کہ وہ مملوک ویسا ہی ہو جیسا اُسکی آقا نی کہا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اسباب سوید بن مقرن اور عبد اللہ بن عمر سے ہی روایت ہے اور اس ابی نعم کا نام عبد الرحمن بن ابی نعم البجلی ہے اور کنیت اُنکی ابو احکم ہے **مترجم** شیخ نی لمعات مین کہا ہی کہ اسحدیث مین اشارہ ہی کہ سید اگرچہ اپنی لونڈی غلام کو زنا کی تہمت لگاوی تو اُسپر حد قذف نہین ملکہ تعزیر کو زنا کی تہمت لگاوی اُسپر حد نہین اسلئے کہ عبد اہل احصان سے نہین **عن** ابی مسعود قال کنت اضرب مملوکا فسمعت قائلا من خلفی یقول اعلم ابا مسعود اعلم ابا مسعود فالتفت فاذا انا برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال اللہ اقدر علیک منک

خیانت اور دغا کے بیان

ہمسایہ کے حقون کے بیان

ہمسایہ کے ساتھ احسان کرنیکے بیان

خادمون پر احسان کرنیکے بیان

خادمون کے مارنے اور اُنکو گالی دینیکے ممانعت کے بیان

عَلَيْهِ قَالَ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ فَمَا ضَرَبْتُ مَمْلُوْكًا لِيْ بَعْدَ ذٰلِكَ **ترجمہ** روایت ہے ابی مسعود کہتی کہا مارا تھا میں اپنے ایک غلام کو کہ سُنا میں نے ایک کہنی والی کو میرے پیچھے سے کہتا تھا جان لے اسی ابو مسعود جان لے اسی ابو مسعود سو پھر کر دیکھا میں نے تو اچانک میرے پاس تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر فرمایا آپنی بیشک اللہ تعالیٰ تجھ زیادہ قادر ہی اس سے کہ تو اس غلام پر کہا ابو مسعود نی پھر نا میں کسی لونڈی غلام کو اسکے بعد **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابراہیم تیمی بیٹی ہیں یزید بن شریک کے **باب** مَا جَاءَ فِيْ اَدَبِ الْخَادِمِ باب خادم کے ادب سکھانی کے بیان میں **عَنْ** اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ضَرَبَ اَحَدُكُمْ خَادِمَهٗ فَذَكَرَ اللّٰهَ فَارْفَعُوْا اَيْدِيَكُمْ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نی جب مارسی کوئی اپنی خادم کو پھر یاد کری وہ اللہ کو تو چاہئی فوراً اپنا ہاتھ اُٹھالی یعنی پھر ناری **ف** اور ابو ہارون عبدی کا نام عمارہ بن جوین ہے اور کہا یحیی بن سعید نے ضعیف کہا شعبہ نے ابو ہارون عبدی کو کہا یحیی نی اور ہمیشہ رہی ابن عون روایت کرتی ابو ہارون سے یہانتک کہ انتقال فرمایا اُنہوں نے **ترجمہ** لوگ اسوقت میں اپنی لونڈی غلام پر بہت ظلم کرتی ہیں حالانکہ احادیث میں بہت انکی ادائی حقوق کی تاکید آئی ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی قریب وفات کے فرمایا اَلصَّلٰوةَ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ یعنے خیال کھو نماز کا اور جسکی مالک ہوئے ہیں تمہارے ہاتھ اور ابو ہریرہ سی مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا نہ خبر دوں میں تجکو بدترین لوگوں کی جو اکیلا کھاتا ہی اور اپنی غلام کو مارتا ہی اور اپنی مالکو مستحق ہے روکتا ہی علی الخصوص جو لونڈی غلام مقید صوم وصلوٰۃ ہو اُسی ایذا دینا اور زیادہ ممنوع ہی چنانچہ ابی امامہ سے مروی ہے کہ آنحضرت نے حضرت علی کو ایک غلام عنایت فرمایا اور تاکید کی کہ اسکو مارنا نہیں اسلئی کہ منع کیا گیا ہوں نماز یوں کے مارنی سے اور میں نے دیکھا اُسکو نماز پڑھتے اور غلاموں کے مع میں ضرور ہے کہ ایک قرینہ سے سرسی جُدا کر کے نہ بیچی کہ ابی ایوب سے مروی ہے کہ کہا اُنہوں نے سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتی تھے جسنے جُدا کیا والدہ کو اُسکے ولد سی جُدا کریگا اللہ تعالیٰ اُسکو اُسکے دوستوں سے قیامت کے دن روایت کیا اسکو ترمذی نے اور دارمی نے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمْ اَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ فَصَمَتَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمْ اَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ قَالَ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِيْنَ مَرَّةً **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمر سی کہا آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اُسنی کتنی بار عفو کروں میں قصور اپنے خادم سے سو چپ رہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پھر عرض کی اُسنی کہ یا رسول اللہ کتنی بار عفو کروں میں قصور اپنے خادم کا کہا ہر دن میں ستر بار **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کیے یہ عبد اللہ بن وہب نے ابی ہانی سی اسی اسناد سی مثل اسکی **روایت** کی ہے قتیبہ نے انہوں نے عبد اللہ بن وہب سے اُنہوں نے ابی ہانی خولانی سے اسی اسناد سی مثل اسکی اور روایت کیے بعضوں نے حیوۃ عبد اللہ بن وہب سے اسی اسناد سی اور کہا اُنہوں نے عبد اللہ بن عمرو سے **باب** مَا جَاءَ فِيْ اَدَبِ الْوَلَدِ باب اولاد کے ادب دینے کے بیان میں **عَنْ** جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يُؤَدِّبَ الرَّجُلُ وَلَدَهٗ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِصَاعٍ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ادب دیوی آدمی اپنے لڑکی کو بہتر ہے اسکہ صاع صدقہ دینے سی **ف** یہ حدیث غریب ہے اور ناصح بن علار کوفی اہل حدیث کی نزدیک قوی نہیں اور یہ حدیث نہیں معلوم ہوتے مگر اسی سند سے اور ناصح بصرے ایک دوسرے شیخ ہیں کہ روایت کرتی ہیں عمار بن ابی عمار وغیرہ سے اور وہ ثابت ہیں انسے **عَنْ** اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدًا مِّنْ نُّحْلٍ اَفْضَلَ مِنْ اَدَبٍ حَسَنٍ **ترجمہ** روایت ہے ایوب بن موسی سے اُنہوں نے روایت کی اپنی باپ سے اُنہوں نے ایوبکی دادا سی کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نی نہ انعام دیا کسی باپ نے کسی بیٹے کو بہتر حسن ادب سے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر عامر بن ابی عمر خزاز کی روایت سے اور ایوب بن موسی وہ ابن عمرو بن سعید بن العاص ہیں اور یہ روایت میرے نزدیک مرسل ہے **باب** مَا جَاءَ فِيْ قَبُوْلِ الْهَدِيَّةِ وَالْمُكَافَاةِ عَلَيْهَا باب ہدیہ قبول کرنے اور اُسکا بدلا دینے کی بیان میں **عَنْ** عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْبَلُ الْهَدِيَّةَ وَيُثِيْبُ عَلَيْهَا **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم قبول فرماتی تھے ہدیہ کو اور بدلا دیتی تھے اُسکا **ف** اسماعیل جابر اور ابی ہریرہ اور انس اور ابن عمر سی بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے نہیں جانتے ہم اسی مرفوع مگر عیسے بن یونس کی روایت سے **باب** مَا جَاءَ فِي الشُّكْرِ لِمَنْ اَحْسَنَ اِلَيْكَ باب محسن کے ادائی شکر کے بیان میں **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّا يَشْكُرُ النَّاسَ لَا يَشْكُرُ اللّٰهَ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی جو آدمیونکا شکر ادا نہ کری وہ اللہ کا بھی شکر ادا نہ کریگا **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عَنْ** اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جسنے لوگونکا شکر ادا نکیا اُسنی اللہ تعالیٰ کا شکر ادا نکیا **ف** اسماعیل ابی ہریرہ

فرمانبرداری کرنا ماں باپ کا

اولاد کا ادب دینا

ہدیہ قبول کرنا اور اسکا بدلا دینا

محسن کا ادائی شکر

اور اشعث بن قیس اور نعمان بن بشیر سے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے **باب** مَا جَاءَ فِي صَانِعِ الْمَعْرُوفِ فِي الدُّنْيَا احسان کا بیان کے بیان میں **عن** اَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَسُّمُكَ فِي وَجْهِ اَخِيكَ لَكَ صَدَقَةٌ وَاَمْرُكَ بِالْمَعْرُوفِ وَنَهْيُكَ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ وَاِرْشَادُكَ الرَّجُلَ فِي اَرْضِ الضَّلَالِ لَكَ صَدَقَةٌ وَبَصَرُكَ لِلرَّجُلِ الرَّدِيِّ الْبَصَرِ لَكَ صَدَقَةٌ وَاِمَاطَتُكَ الْحَجَرَ وَالشَّوْكَ وَالْعَظْمَ عَنِ الطَّرِيقِ لَكَ صَدَقَةٌ وَاِفْرَاغُكَ مِنْ دَلْوِكَ فِي دَلْوِ اَخِيكَ لَكَ صَدَقَةٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ذر سے کہا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکرانا تیرا اپنے بھائی کے آگے تیرے لئے صدقہ ہے اور حکم کرنا تیرا اچھی بات کا اور منع کرنا تیرا بری بات سے صدقہ ہے اور راہ بتلا دینا کسی مرد کو بھولے ہوئے جگہ میں تیرے لئے صدقہ ہے اور راہ دیکھنا تیرا واسطے اس مرد کی کہ جس کی آنکھ نہ ہو صدقہ ہے اور دور کر دینا تیرا پتھر اور کانٹا اور ہڈی اور سوئی تیری لئی صدقہ ہے اور پانی ڈال دینا تیرا اپنی بھائی کے ڈول میں تیرے لئے صدقہ ہے **ترجمہ** یعنے یہ سب نیکیاں صدق ایمان اور تصدیق رحمان پر دلالت کرتے ہیں اسلئے ہر امر اس میں سے گویا صدقہ ہے اور راہ دیکھنا تیرا واسطے اسکے جسکی آنکھ نہ ہو یعنے اسکی دستگیری کر کے راہ میں لیجانا یہ بھی صدقہ ہے اور دوسری روایت میں الاماطۃ الاذی عن الطریق کو شعبہ بیان فرمایا ہی **ف** اسباب ابن مسعود اور جابر اور ہند ربیبہ اور عائشہ اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور ابو عوانہ کا نام سماک بن الولید حنفی ہے اور نضر بن محمد جرشی یمامی ہیں **باب** مَا جَاءَ فِي الْمَنِيحَةِ منیحہ کی فضیلت میں **عن** الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ مَنَحَ مَنِيحَةَ لَبَنٍ اَوْ وَرِقٍ اَوْ هَدَى زُقَاقًا كَانَ لَهُ مِثْلُ عِتْقِ رَقَبَةٍ **ترجمہ** روایت ہے براء بن عازب سے کہ کہتے ہے سنا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جس شخص نے دیا ایک منیحہ دودھ کا یا منیحہ چاندی کا یا تالی کسیکو راہ ہوگا اسکو ثواب مثل آزاد کرنے لونڈی یا غلام کے **ترجمہ** منیحہ دودھ کا یہ کہ اونٹنی یا بکری دودھ والی کسیکو دیوے اس شرط پر کہ جب تک وہ چاہے اسکی دودھ سے منتفع ہووے پھر پھیر دے اور منیحہ چاندی کا روپیہ پیسہ قرض دینا اور تالا رہ کا یہ کہ کسے بھولے ہوئے کو رستہ بتا دیا **ف** یہ حدیث صحیح ہی حسن ہے غریب ہے ابی اسحاق کی روایت سے کہ وہ طلحہ بن مصرف سے روایت کرتے ہیں نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور منصور بن معتمر اور شعبہ نے بھی طلحہ بن مصرف سے یہ حدیث روایت کی ہی اسباب نعمان بن بشیر سے بھی روایت ہے اور من منح منیحۃ ورق کی معنے قرض دینا درہم کا ہوئے زقاقا سے مراد ہی ہدایت طریق یعنے رستہ بتانا **باب** مَا جَاءَ فِي اِمَاطَةِ الْاَذَى عَنِ الطَّرِيقِ راہ سے تکلیف کے چیز دور کرنی کی **عن** اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِي فِي الطَّرِيقِ اِذْ وَجَدَ غُصْنَ شَوْكٍ فَاَخَّرَهُ فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهُ فَغَفَرَ لَهُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس سے پہلے امتوں میں کہ ایک شخص چلا جاتا تھا راہ میں کہ پائی اس نے ایک شاخ کانٹے دار اسی کاٹ ڈالا پس جزا دی اسکی اللہ تعالیٰ نے اور بخشدیا اسکو **ف** اسباب ابن عباس اور ابی ذر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہی ہے **باب** مَا جَاءَ اَنَّ الْمَجَالِسَ بِالْاَمَانَةِ باب اس بیان میں کہ مجالس میں امانت ضروری ہے **عن** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ الْحَدِيثَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَهِيَ اَمَانَةٌ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب بات کہی تجھ سے کوئی آدمی اور پھر اور طرف التفات کرے پس وہ بات تیرے پاس امانت ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور نہیں جانتی ہم اسی مگر ابن ابی ذئب کے روایت سے **باب** مَا جَاءَ فِي التَّخَاوُتِ باہم خاوت کی فضیلت میں **عن** اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّهُ لَيْسَ لِي مِنْ شَيْءٍ اِلَّا مَا اَدْخَلَ عَلَيَّ الزُّبَيْرُ اَفَاُعْطِي قَالَ نَعَمْ لَا تُوكِي فَيُوكَى عَلَيْكِ **ترجمہ** روایت ہے اسماء بنت ابی بکر سے کہا انہوں نے عرض کی میں نے یا رسول اللہ نہیں ہے میرے پاس کوئی چیز مگر لائی میں مجھ پر زبیر یعنے جو کچھ ہے انہیں کی کمائی ہے کیا دوں میں سے یعنے صدقات و خیرات میں فرمایا آپنی ہاں مت گرہ لگا تو وہ گرہ لگائی جاوے گی تجھ پر یعنے تو خرچ کر مدد کی تو خدا بھی مدد دیگا **ف** اسباب عائشہ اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور روایت کیے بعضوں نے یہ حدیث ہی اسناد سے ابن ابی ملیکہ سے انہوں نے عبادن عبد اللہ سے انہوں نے اسماء بنت ابی بکر سے اور روایت کیے کئی لوگوں نے یہ حدیث ایوب سے اور نہیں ذکر کیا انہیں عبد اللہ بن عبد اللہ بن الزبیر کا **عن** اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ السَّخِيُّ قَرِيبٌ مِنَ اللّٰهِ قَرِيبٌ مِنَ الْجَنَّةِ قَرِيبٌ مِنَ النَّاسِ بَعِيدٌ مِنَ النَّارِ وَالْبَخِيلُ بَعِيدٌ مِنَ اللّٰهِ بَعِيدٌ مِنَ الْجَنَّةِ بَعِيدٌ مِنَ النَّاسِ قَرِيبٌ مِنَ النَّارِ وَلَجَاهِلٌ سَخِيٌّ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ عَابِدٍ بَخِيلٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سخی قریب ہے اللہ سے قریب ہے جنت سے قریب ہے آدمیوں سے بعید ہے دوزخ سے اور بخیل بعید ہے اللہ سے بعید ہے جنت سے بعید ہے آدمیوں سے قریب ہے دوزخ سے اور جاہل سخی پیارا ہی اللہ کے نزدیک عابد بخیل سے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر یحیی بن سعید کے روایت سے کہ وہ

اعرج ہی روایت کرتی ہیں وہ ابی ہریرہ سے اور نہیں مروی ہوئی یہ حدیث اس سند سے مگر سعید بن محمد کی روایت سے اور خلاف کیا گیا سعید بن محمد کا اس حدیث کی روایت میں یحیی ابن سعید کے سند سے بتحقیق مروی ہوئی ہے حضرت عائشہ سے بوسطہ یحیی بن سعید کے کچھ چیز مرسلاً **باب** مَا جَاءَ فِي الْبُخْلِ باب بخل کے بیان میں **عن** أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَصْلَتَانِ لَا تَجْتَمِعَانِ فِي مُؤْمِنٍ الْبُخْلُ وَسُوءُ الْخُلُقِ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو خصلتیں مؤمن میں کبھی جمع نہیں ہوتیں ایک بخل دوسرے بدخلقی **ف** اسباب میں ابی ہریرہ سے ہے یہ روایت یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر صدقہ بن موسی کی روایت سے **عن** أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خِبٌّ وَلَا بَخِيلٌ وَلَا مَنَّانٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی بکر صدیق سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا داخل نہ ہوگا جنت میں یعنی سابقین کے ساتھ فریب کرنیوالا اور بخیل اور نہ احسان رکھنے والا **ف** یہ حدیث حسن غریب ہے **عن** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيمٌ وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِيمٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مؤمن بھولا غرت والا ہی اور فاجر فریبی بخیل ہے **ف** نہیں جانتے ہم اس روایت کو مگر اسی سند سے **باب** مَا جَاءَ فِي النَّفَقَةِ عَلَى الْأَهْلِ باب نفقہ اہل کی فضیلت میں **عن** أَبِي مَسْعُودٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَفَقَةُ الرَّجُلِ عَلَى أَهْلِهِ صَدَقَةٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی مسعود سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرچہ کرنے کا اپنی گھر والوں پر صدقہ ہے **ف** اسباب میں عبداللہ بن عمرو اور عمرو بن امیہ اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہی **عن** ثَوْبَانَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَفْضَلُ دِينَارٍ دِينَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَى عِيَالِهِ وَدِينَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَى دَابَّتِهِ فِي سَبِيلِ اللهِ وَدِينَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَى أَصْحَابِهِ فِي سَبِيلِ اللهِ قَالَ أَبُو قِلَابَةَ بَدَأَ بِالْعِيَالِ ثُمَّ قَالَ وَأَيُّ رَجُلٍ أَعْظَمُ أَجْرًا مِنْ رَجُلٍ يُنْفِقُ عَلَى عِيَالٍ صِغَارٍ يُعِفُّهُمُ اللهُ بِهِ وَيُغْنِيهِمُ اللهُ بِهِ **ترجمہ** روایت ہے ثوبان سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افضل دینار وہ دینار ہی کہ خرچ کرتا ہے اسکو آدمی اپنی لڑکی کے بالوں پر اور وہ دینار کہ خرچ کرتا ہی آدمی اسکو اپنی جانور پر اللہ کی راہ میں یعنی جہاد میں اور وہ دینار ہی کہ خرچ کرتا ہی اسکو آدمی اپنی رفیقوں پر اللہ کی راہ میں کہا ابو قلابہ نے شروع کیا ذکر لڑکی کے بالوں کا پھر کہا اور کس آدمی کو ثواب زیادہ ہوگا اس شخص سے کہ خرچ کرتا ہی اپنی چھوٹی اولاد پر کہ محنت سے بچاتا ہی انکو اللہ بسبب اسکی اور بی پردہ کرتا ہی اللہ تعالیٰ انکو بسبب اسکی **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** مَا جَاءَ فِي الضِّيَافَةِ باب ضیافت کے بیان میں **عن** أَبِي شُرَيْحٍ الْعَدَوِيِّ أَنَّهُ قَالَ أَبْصَرَتْ عَيْنَايَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعَتْهُ أُذُنَايَ حِينَ تَكَلَّمَ بِهِ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ جَائِزَتَهُ قَالُوا وَمَا جَائِزَتُهُ قَالَ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ قَالَ وَالضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَمَا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَسْكُتْ **ترجمہ** روایت ہے ابی شریح عدوی سے کہ کہا انہوں نے دیکھا میری آنکھوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو اور سنا میرے کانوں نے جب آپ نے یہ کلام فرمایا فرمایا آپنی جو ایمان رکھتا ہو اللہ پر اور پچھلی دن پر چاہیئے کہ خاطر کرے اپنی مہمانکی اور تکلف بنا دی جائزہ اسکا کہا صحابہ نے کیا ہی جائزہ کہا ایکدن اور رات اور فرمایا کہ ضیافت تین دن ہے اور جو اسکے بعد ہو صدقہ ہی اور جو ایمان رکھتا ہو اللہ پر اور پچھلی دن پر تو بات نیک کہی یا چپ رہی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** قولہ تکلف بنا دے جائزہ اسکا یعنے ایکدن اور رات عمدہ مکلف کھانا اسی کہلاتے عادت سے کچھ بڑھکر اور تین دن ضیافت واجب ہے اور زیادہ مستحب ہے اور اگر صاحب خانہ پر بار ہو تو تین دن کے بعد اسی تکلیف دینا مہمان کو جائز نہیں شاید یہ مثل ہمارے ہوا یکدن مہمان تین دن مہمان جو تیسرے دن کا باقی ایمان **عن** أَبِي شُرَيْحٍ الْكَعْبِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَجَائِزَتُهُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ وَمَا أَنْفَقَ عَلَيْهِ بَعْدَ ذَلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ وَلَا يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَثْوِيَ عِنْدَهُ حَتَّى يُحْرِجَهُ وَمَعْنَى قَوْلِهِ لَا يَثْوِي عِنْدَهُ يَعْنِي الضَّيْفَ لَا يُقِيمُ عِنْدَهُ حَتَّى يَشْتَدَّ عَلَى صَاحِبِ الْمَنْزِلِ وَالْحَرَجُ هُوَ الضِّيقُ إِنَّمَا قَوْلُهُ حَتَّى يُحْرِجَهُ يَقُولُ حَتَّى يُضَيِّقَ عَلَيْهِ **ترجمہ** روایت ہے ابی شریح کعبی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ضیافت تین دن ہے اور جائزہ ایکدن اور رات اور جو اسکے بعد خرچ کرے صاحبخانہ وہ صدقہ ہی اور حلال نہیں مہمان کو کہ ٹھہرا رہی اسکے پاس یہانتک کہ حرج میں ڈالدی اسکو اور معنی لا یثوی کے یہ ہے کہ قیام کرے میزبان کے نزدیک یہانتک کہ شاق گذرے اسپر اور حرج میں نہ ڈالے یعنے تنگ کرے اسکو اور حتی یحرجہ کے معنی یہی ہے کہ تنگی میں ڈالے اسکو **ف** اسباب میں عائشہ اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے اور روایت کیے یہ حدیث مالک بن انس اور لیث بن سعد نے سعید مقبری سے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابو شریح خزاعی وہ کعبی ہیں اور وہ عدوی ہیں اور نام انکا خویلد بن عمرو ہے **باب** مَا جَاءَ فِي السَّعْيِ عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْيَتِيمِ

باب یتیموں اور رانڈوں کی حوائج میں سعی کرنیکی بیان میں **عن** صفوان بن سلیم یرفعہ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الساعی علی الارملۃ والمسکین کالمجاہد فی سبیل اللہ او کالذی یصوم النہار ویقوم اللیل **ترجمہ** روایت ہے صفوان سے وہ پہونچاتے ہیں اس حدیث کو آنحضرت تک کہ فرمایا آپنے سعی کرنیوالا رانڈوں اور مسکینوں کے جاقو نہیں مانند جہاد کرنیوالے کے ہے اللہ کی راہ میں یا مانند اسکی کہ روزہ رکھی دن کو اور نماز پڑھی رات کو **ف** روایت کیا ہمسے انصاری نے انہوں نے معن سے انہوں نے مالک سے انہوں نے ثور بن زید سے انہوں نے ابی الغیث سے انہوں نے ابی ہریرہ سے مانند اسکی یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے اور ابو الغیث کا نام سالم ہی وہ مولی ہیں عبد اللہ بن مطیع کے اور ثور بن یزید شامی ہیں اور ثور بن زید مدنی **باب** ماجاء فی طلاقۃ الوجہ وحسن البشر باب کشادہ پیشانی اور بشاش چہرہ سے ملنے کا بیان **عن** جابر بن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل معروف صدقۃ وان من المعروف ان تلقا اخاک وبوجہ طلق وان تفرغ من دلوک فی اناء اخیک **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر نیک کام صدقہ ہے اور نیک کاموں سے یہ بھی ہے کہ ملو تو اپنی بھائی سے کشادہ پیشانی اور ڈالدی تو اپنی ڈول سے اپنی بھائی کے برتن میں یعنی پانی **ف** اسباب میں ابی ذر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **باب** ماجاء فی الصدق والکذب باب صدق وکذب کے بیان میں **عن** عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیکم بالصدق فان الصدق یہدی الی البر وان البر یہدی الی الجنۃ وما یزال الرجل یصدق ویتحری الصدق حتی یکتب عند اللہ صدیقا وایاکم والکذب فان الکذب یہدی الی الفجور وان الفجور یہدی الی النار وما یزال العبد یکذب ویتحری الکذب حتی یکتب عند اللہ کذابا **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم پکڑو تم صدق کو اسلئے کہ صدق راہ بتاتا ہی نیکی کی اور آدمی ہمیشہ سچ بولتا ہی اور ڈھونڈھتا ہی سچ کو یہانتک کہ لکھا جاتا ہے اللہ کے نزدیک صدیق اور بچو تم جھوٹ سے اسلئے کہ جھوٹ راہ بتاتا ہی بدکاری اور بدی راہ بتاتی ہے دوزخ کی اور آدمی ہمیشہ جھوٹ بولتا رہتا ہے اور ڈھونڈھتا ہے جھوٹ کو یہانتک کہ لکھا جاتا ہے اللہ کے نزدیک کذاب یعنے بہت جھوٹ بولنیوالا **ف** اسباب میں ابی بکرہ اور عمر اور عبد اللہ بن شخیر اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **عن** ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا کذب العبد تباعد عنہ الملک میلا من نتن ما جاء بہ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جھوٹ بولتا ہی بندہ دور ہوجاتا ہے اس سے فرشتہ ایک میل تک اس بدبو کے سبب سے جو اسکی پاس سے آتی ہی **ف** کہا یحیی نے جب بیان کی میں نے یہ حدیث عبد الرحیم بن ہارون سے تو کہا انہوں نے کہ ہان یہ حدیث حسن ہے بیشک ہے غریب ہے ہمنیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور منفرد ہوئے ہیں اسکی روایت کے ساتھ عبد الرحیم بن ہارون **باب** ماجاء فی الفحش باب بدگوئی کی برائی میں **عن** انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما کان الفحش فی شیء الا شانہ وما کان الحیاء فی شیء الا زانہ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہوئی بدگوئی کسی چیز میں مگر خراب کردیا اسکو اور نہوئی حیا کسی چیز میں مگر زینت دیدے اسکو **ف** اسباب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ہمنیں جانتے اسی ہم گر عبد الرزاق کی روایت سے **عن** عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیارکم احاسنکم اخلاقا ولم یکن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاحشا ولا متفحشا **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تم میں بہتر لوگ وہ ہیں جو اچھی خلق والی ہیں اور نہتھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بدگوئی کی عادت رکھنے والی اور نہ اسیانا بدگوئی کرنیوالی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ماجاء فی اللعنۃ باب لعنت کی بیان میں **عن** سمرۃ بن جندب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تلاعنوا بلعنۃ اللہ ولا بغضبہ ولا بالنار **ترجمہ** روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایکدوسرے کو مت کہو کہ تجھپر لعنت ہو اللہ کے اور نہ یہ کہ تجھپر غضب ہو اللہ کا اور نہ یہ کہ تو دوزخ میں جاوے **ف** اسباب میں ابن عباس اور ابی ہریرہ اور ابن عمر اور عمران بن حصین سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہی **عن** عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس المؤمن بالطعان ولا اللعان ولا الفاحش ولا البذی **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے مومن طعن کرنیوالا اور نہ لعنت کرنیوالا اور نہ بیہودہ گو **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور مروی ہوئی ہے عبد اللہ سے اس سند کے سوا اور سند وں سے ہے **عن** ابن عباس ان رجلا لعن الریح عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لا تلعن الریح فانہا مامورۃ وانہ من لعن شیئا لیس لہ باہل رجعت اللعنۃ علیہ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ ایکمرد نے لعنت کی ہوا کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی آگے

صلہ رحمی کرنیکی اور رشتہ توڑنیکی بیان

بشاشت کے ساتھ ملنے کی فضیلت

فحش کی مذمت

لعنت کا بیان

تو فرمایا اپنی مت لعنت کرو کو اسلئے کہ وہ تو زبان بردار ہے اور بیشک جسکی لعنت کی ایسی چیز پر کہ جو لعنت کے لائق نہیں تو لوٹ آتی ہی لعنت اوپر اُسکی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتی ہم کسیکو کہ مرفوع کیا ہو اسکو مگر شبیر بن عمر نے **باب** ماجاء فی تعلیم النسب باب تعلیم نسب کے بیان میں **عن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال تعلموا من انسابکم ما تصلون بہ ارحامکم فان صلۃ الرحم محبۃ فی الاھل مثراۃ فی المال منساۃ فی الاثر ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سیکھو تم ناتوں سے اتنا کہ جس سلوک کرسکو اپنے ناتی دار ہونے کی اسلئے کہ حسن سلوک ناتا داروں سے موجب ہے محبت کا گھر والوں میں اور سبب ہے زیادتی مال کا اور سبب ہے تاخیر موت کا **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے اور مراد منساۃ فی الاثر سے زیادتی عمر کے ہی **باب** ماجاء فی دعوۃ الاخ لاخیہ بظھر الغیب باب بھتیجے اپنے بھائی کے لئے دعا کرنیکے بیان میں **عن** عبداللہ بن عمر وعن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما دعوۃ اسرع اجابۃ من دعوۃ غائب لغائب ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی دعا ایسی جلد قبول ہونیوالی نہیں جیسی دعا غائب کے غائب کے لئے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور اوزاعی جو اوی حدیث ہیں وہ ضعیف ہیں حدیث میں اور نام اُنکا عبدالرحمن بن زیاد بن انعم افریقی ہے **باب** ماجاء فی الشتم باب سخت گوئی کے بیان میں **عن** ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال المستبان ما قالا فعلی البادی منھما مالم یعتد المظلوم ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو گالی گلوچ کرنیوالوں نے جو کچھ کہا وبال اُسکا شروع کرنیوالی پر ہے اُن دونوں میں سے جبتک کہ مظلوم زیادتی نکرے بیٹھ کر ٹہولی **ف** اسباب بن سعد اور ابن مسعود اور عبداللہ بن مغفل سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** المغیرۃ بن شعبۃ یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تسبوا الاموات فتؤذوا الاحیاء ترجمہ روایت ہے مغیرہ بن شعبہ سے کہتے ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مت گالی دو مُردوں کو کہ ایذا دوگے تم بسبب اُسکے زندوں کو **ف** اختلاف کیا ہی اصحاب سفیان نے اس حدیث میں سو روایت کیا بعضوں نے حضری کی مانند اور روایت کیا بعضوں نے سفیان سے اُنہوں نے زیاد بن علاقہ سے کہا زیادنی کہ سنا میں نے اکمد سے کہ روایت کرتا تھا نزدیک مغیرہ بن شعبہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **عن** عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سباب المسلم فسوق وقتالہ کفر قال زبید قلت لابی وائل انت سمعتہ عن عبداللہ قال نعم ترجمہ روایت ہے عبداللہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گالی دینا مسلمان کو فسق ہے اور قتل اُسکا کفر کہا زبید نے کہا میں نے ابی وائل سے تم نے سنا ہی عبداللہ سے اُنہوں نے کہا کہ ہاں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ماجاء فی قول المعروف باب شیریں زبانی کے بیان میں **عن** علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان فی الجنۃ غرفا ترٰی ظھورھا من بطونھا وبطونھا من ظھورھا فقام اعرابی فقال لمن ھی یا رسول اللہ فقال لمن اطاب الکلام واطعم الطعام وادام الصیام وصلی باللیل والناس نیام ترجمہ روایت ہے حضرت علی سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جنت میں جھروکے ہیں کہ دکھائی دیتی ہیں پشتیں اُنکی اُنکے اندر سے اور باطن اُنکے باہر سے سو کھڑا ہوا ایک اعرابی اور عرض کی اُسنے کہ کسکے لئے ہیں وہ یا رسول اللہ فرمایا جو اچھی طرح کرے بات یعنی نرمی سے اور کھلاوے کھانا اور اکثر کہی روزہ اور رات کو جب لوگ سوتے ہوں نماز پڑھے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتی ہم اسکو مگر عبدالرحمن بن اسحٰق کے روایت سے **باب** ماجاء فی فضل المملوک الصالح باب مملوک نیک کی فضیلت میں **عن** ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال نعم ما لاحدھم ان یطیع اللہ ویؤدی حق سیدہ یعنی المملوک وقال لعبد صدق اللہ ورسولہ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا خوب ہے ایک بندے کے لئے کہ اطاعت کرے اللہ کی اور ادا کرے حق اپنی آقا کا مراد رکھتی ہے آپ اس قول سے لونڈی غلام کو اور کہا کسی نے سچ کہا اللہ نے اور اُسکے رسول نے **ف** اسباب ابی موسے اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلثۃ علی کثبان المسک اراہ قال یوم القیمۃ عبد ادی حق اللہ وحق موالیہ ورجل امّ قوما وھم بہ راضون ورجل ینادی الصلوات خمس فی کل یوم ولیلۃ ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تین شخص مشک کے ٹیلوں پر گمان کرتا ہوں میں کہ فرمایا قیامت کے دن ایک وہ بندہ ہی کہ ادا کیا اُسنے حق اللہ کا اور حق اپنے موالی کا اور دوسرا وہ مرد کہ امامت کی اُسنی ایک قوم کی اور وہ اُس سے راضی ہیں اور تیسرا وہ مرد کہ اذان دیتا ہے پانچوں نماز کی رات اور دن میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسی سفیان کی روایت سے اور ابوالیقظان کا نام عثمان بن قیس ہے **باب** ماجاء فی

معاشرت عورتوں کے بیان — تعلیم کے بیان — صلہ رحمی کے بیان — نیک سلوک کی فضیلت — شیریں زبانی کے بیان

مُعَاشَرَۃِ النَّاسِ اب معاشرت مردم کے بیان میں عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِتَّقِ اللّٰہَ حَیْثُ مَا کُنْتَ وَاَتْبِعِ السَّیِّئَۃَ الْحَسَنَۃَ تَمْحُھَا وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ ترجمہ روایت ہے ابی ذر سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو ڈرتا رہ تو اللہ سے جہاں کہیں تو ہو اور پیچھے کر برائی کی ایک بھلائی کہ مٹا دے اسکو اور مل جا لوگوں کے نیک خلقی سے ف اسی باب میں ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح بھی روایت کی ہے محمود بن غیلان نے انہوں نے ابی احمد اور ابو نعیم سے انہوں نے سفیان سے انہوں نے حبیب سے اسی اسناد سے کہا محمودی نے اور روایت کی ہے ہمسے وکیع نے انہوں نے سفیان سے انہوں نے حبیب سے انہوں نے میمون سے انہوں نے معاذ بن جبل سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکی مانند کہا محمودی اور صحیح حدیث ابی ذر کی ہے **بَابُ مَا جَآءَ فِیْ ظَنِّ السُّوْءِ** باب ظن بد گمانی کے بیان میں عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِیَّاکُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَکْذَبُ الْحَدِیْثِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو تم گمان سے کہ گمان سب باتوں سے زیادہ جھوٹ ہے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح بھی سنا ہمیں نے عبد بن حمید سے ذکر کرتے ہے بعض اصحاب سفیان سے کہ کہا سفیان نے کہ گمان دو قسم ہے ایک گناہ ہے ایک گناہ نہیں سو گناہ وہ ہے کہ گمان کرے اور زبان پر لاوے اور فقط دل میں گمان کرنا اور زبان سے ذکر کرنا یہ کچھ گناہ نہیں **بَابُ مَا جَآءَ فِی الْمِزَاحِ** باب خوشطبعی کے بیان میں عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیُخَالِطُنَا حَتّٰی اِنْ کَانَ لَیَقُوْلُ لِاَخٍ لِیْ صَغِیْرٍ یَا اَبَا عُمَیْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَیْرُ ترجمہ روایت ہے انس سے کہا انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہم سے اختلاط کرتے تھے یہاں تک کہ فرماتی تھے میرے چھوٹی بہن سے اے ابا عمیر کیا کیا نغیر نے مترجم ابا عمیر پر لفظ ابو انس کے ہے بولی کو فرماتی ہے اور نغیر ایک چڑیا سی لال چونچ کی کہ سندھی میں اسے لال کہتے ہیں اس حدیث سے گاہ گاہ مزاح مسنون ہوا اور دوام اسکا منوجب قساوت قلب اور زوال ہیبت ہی اور وہ چڑیا ان صحابی نے پالی تھی پھر وہ مر گئی اور وہ رنجیدہ تھے حضرت نے اسطرح انکا دل بہلایا اور اس حدیث سے پکڑا جانور رکھنے کا اگر لوگوں کی لئے جائز ہو جبکہ وہ جانور مر نہ جائے اور اسکی حفاظت معیشت کی جاوے اور بچہ بھی اسکی مسندین ہوئی روایت کی ہے ہناد نے انہوں نے شعبہ سے انہوں نے ابی التیاح سے انہوں نے انس سے مانند اسکے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو التیاح کا نام یزید بن حمید ہے عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّکَ تُدَاعِبُنَا قَالَ اِنِّیْ لَآ اَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا ترجمہ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا لوگوں نے کہ یا رسول اللہ آپ ہم سے خوشطبعی کرتی ہیں فرمایا آپنی میں نہیں کہتا ہوں مگر سچ بات ف یہ حدیث حسن ہے اور یہ قول داعبنا تمازحنا سے بمعنے ہے کرتے ہیں آپ سے عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَہٗ یَا ذَا الْاُذُنَیْنِ قَالَ مَحْمُوْدٌ قَالَ اَبُوْ اُسَامَۃَ اِنَّمَا مَعْنٰی اَنَّہٗ یُمَازِحُہٗ ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا اے دو کان والے کہا محمودی نے کہا ابو اسامہ نے مراد اس سے مزاح تھا عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا اِسْتَحْمَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّیْ حَامِلُکَ عَلٰی وَلَدِ نَاقَۃٍ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا اَصْنَعُ بِوَلَدِ النَّاقَۃِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھَلْ تَلِدُ الْاِبِلَ اِلَّا النُّوْقُ ترجمہ روایت ہے انس سے ایک مرد نے سواری مانگی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپنے میں تجھی سوار کرونگا اونٹنی کے بچہ پر اسنے عرض کیا یا رسول اللہ میں اونٹنی کا بچہ لیکر کیا کرونگا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایا اونٹ کو بھی کوئی اونٹنی ہی جنتا ہے سو اونٹنیوں کے بچے ضمنی اونٹ ہیں سب اونٹنیوں ہی کے بچے ہیں ف یہ حدیث صحیح ہی غریب ہے **بَابُ مَا جَآءَ فِی الْمِرَاءِ** باب تکرار کرنے کے بیان میں عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَکَ الْکَذِبَ وَھُوَ بَاطِلٌ بُنِیَ لَہٗ فِیْ رَبَضِ الْجَنَّۃِ وَمَنْ تَرَکَ الْمِرَاءَ وَھُوَ مُحِقٌّ بُنِیَ لَہٗ فِیْ وَسَطِھَا وَمَنْ حَسُنَ خُلُقُہٗ بُنِیَ لَہٗ فِیْ اَعْلَاھَا ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو چھوڑ دیا جھوٹ اور تکرار کرنا اور وہ باطل تھا بنایا جائیگا اسکی لئے ایک مکان کنارہ جنت میں اور جو چھوڑ جھگڑا اور وہ حق پر تھا بنایا جاویگا اسکی لئے ایک گھر جنت کی بیچ میں اور جسنے اپنی خلق اچھے کئے بنایا جاویگا اسکے لئے ایک گھر اعلے جنت میں ف یہ حدیث حسن ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر سلمہ بن وردان کی روایت سے کہ وہ انس سے روایت کرتے ہیں عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَفٰی بِکَ اِثْمًا اَنْ لَّا تَزَالَ مُخَاصِمًا ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کافی ہے تجھکو یہ گناہ کہ ہمیشہ ہی تو جھگڑتا ہوا ف یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُمَارِ اَخَاکَ وَلَا تُمَازِحْہُ وَلَا تَعِدْہُ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَہٗ ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت جھگڑ اپنے بھائی سے اور مت دل لگی کر اس سے اور مت وعدہ کر اس سے ایسا کہ خلاف کرے تو اسی سے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سے **بَابُ مَا جَآءَ فِی الْمُدَارَاۃِ** باب مدارات احباب کے بیان میں عَنْ عَآئِشَۃَ قَالَتِ اسْتَاْذَنَ رَجُلٌ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ

سلم وانا عنده فقال بئس ابن العشيرة او اخو العشيرة ثم اذن له فقال ان له القول فلما خرج قلت له يا رسول الله قلت له ما قلت ثم ان له القول قال يا عائشة ان من شر الناس من تركه الناس او ودعه الناس اتقاء فحشه ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ اجازت مانگی اکمیرد نی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آنیکی اور میں آپکے پاس تھی سو فرمایا آپنی برا ہی بیٹا قوم کا یا فرمایا بھائی قوم کا پھر اجازت دی اُسی اور نرمی کی اُس سے باتیں پھر جبکہ نکلا وہ عرض کیا میں نے کہ یا رسول اللہ پہلے تو آپنے فرمایا اُسکو جو کچھ فرمایا یعنے برا کہا اسی پر نرم کی اُس سے بات پھر فرمایا آپنی اے عائشہ بدترین آدمیونکا وہ بھی جسکو چھوڑ دیا ہو لوگون نی یا فرمایا جسکو خصمت کر دیا ہو لوگون نے اُسکے بک بک کے خوف سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **باب** وفضاد فی الحب والبغض محبت اور بغض کے میانہ روی کے بیانمین **عن** ابی هريرة اراه رفعه قال احبب حبيبك هونا ما عسى ان يكون بغيضك يوما ما وابغض بغيضك هونا ما عسى ان يكون حبيبك يوما ما ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے ابی ہریرہ سے کمان کرتا ہون میں کہ مرفوع کیا اُنہون نے اس حدیث کو یعنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک کہ فرمایا آپنی دوست رکھہ تو اپنی دوست کو آسانی اور توسط سے کہ شاید ہو جاوے وہ تیرا دشمن کسی دن اور دشمنی کر دشمن سے آسانی اور توسط کے ساتھ کہ شاید ہو جاوے وہ تیرا دوست کسی دن یعنی دوستی اور دشمنی کے دشمنی پر اعتماد کلی نکر **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اُسکو اس اسناد سی مگر اسی وجہ سے اور روایت کیا ہے حدیث ایوب سے اور اسناد سی روایت کیا اسکو حسن بن ابی جعفر نے اور وہ بھی روایت ضعیف ہے اور حسن نے روایت کیا ہے اپنی اسناد سی جو بیچ ہے علی تک اُنہون نے صلی اللہ علیہ وسلم سی اور صحیح یہ ہے کہ مرسل ہے یہ حضرت علی سے مرفوعاً + **باب** ما جاء في الكبر باب تکبر کے مذمت مین **عن** عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل الجنة من كان في قلبه مثقال حبة من خردل من كبر ولا يدخل النار من كان في قلبه مثقال حبة من ايمان ترجمہ روایت ہے عبد اللہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین داخل ہوگا جنت مین جسکی دلمین ایک رائی کے دانی برابر تکبر ہے اور نہین داخل ہوگا دوزخ مین جسکی دلمین رائی کے دانی برابر ایمان ہے **ف** اس باب مین ابی ہریرہ اور ابن عباس اور سلمہ بن اکوع اور ابی سعید سے بھی روایتین ہین یہ حدیث حسن صحیح ہے **عن** عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يدخل الجنة من كان في قلبه مثقال ذرة من كبر ولا يدخل النار من كان في قلبه مثقال ذرة من ايمان قال فقال رجل انه يعجبني ان يكون ثوبي حسنا ونعلي حسنا قال ان الله يحب الجمال ولكن الكبر من بطر الحق وغمص الناس ترجمہ روایت ہے عبد اللہ سی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا داخل نہوگا جنت مین جسکی دلمین ایک ذرہ بھی کبر سے اور داخل نہوگا دوزخ مین جسکی دلمین ایک ذرہ بھی ایمان سے کہا اُنہون نے عرض کیا ایک شخص نی کہ پسند آتا ہی مجھے کہ ہو میرا کپڑا میرا جیسا اور جوتا میرا جیسا فرمایا آپنے بیشک اللہ تعالے دوست رکھتا ہی جمال کو ولیکن کبر اُسمین ہے جسنی رد کیا حق کو اور حقیر سمجھا لوگون کو **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے **ترجم** یعنے حلال چیزون کے ساتھ زینت کرنا مثلاً نئے کپڑے سی یا خوبصورت جوتا پہننا یہ کبر نہین ہے کہ آدمی احکام الٰہی کو کسی طرح قبول نکرے بلکہ قبول کرنیوالون پر اُلٹا نظر حقارت سے دیکھی البتہ ایسا شخص جبتک اس حال پر ہے لائق جنت نہین **عن** سلمة بن الاكوع قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزال الرجل يذهب بنفسه حتى يكتب في الجبارين فيصيبه ما اصابهم ترجمہ روایت ہے سلمہ بن الاکوع سی کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ لی جاتا ہے آدمی اپنے نفس کو یہانتک کہ لکھا جاتا ہی جبارین مین پہر پہنچیگا اُسکو عذاب جو اُنہین پہونچا تھا **مترجم** ہمیشہ لے جاتا ہے اپنے نفس کو یعنے اپنے درجہ سے بلند سمجھتا ہی اور بڑائی چاہتا ہے تکبر کے راہ سی لکھا جاتا ہے جبارین مین شاید جبارین سے مطلق متکبرین مراد ہین یا وہ قوم کفار مراد ہین جو ملک شام پر مسلط تھی قوم عالقہ سی جب جہاد کیا تھا نبی اسرائیل نے اُنپر اور گرفتار ہوئے عذاب الٰہی مین اور یہ عذاب اُسکو دنیا مین پہونچا ہی یا آخرت مین **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عن** جابر بن مطعم قال يقولون لي في الله وقد ركبت الحمار ولبست النمرة وقد حلبت الشاة وقال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم من فعل هذا فليس فيه من الكبر شيء ترجمہ روایت ہے جبیر بن مطعم سی کہا اُنہون نے کہ لوگ کہتی ہین مجھ مین تکبر ہے حالانکہ مین چڑھتا ہون گدہے پر اور پہنتا ہون جادر موٹی اور دوہتا ہون بکری کا اور فرمایا مجھ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے یہ کام کئے اُسمین تکبر کچھ نہین ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **مترجم** کہ جو عرب نے اُنپر بسبب نیت حلال کے تکبر کا خیال کیا ہوگا اُسپر اُنہون نے یہ جواب دیا غرض حلال سے زینت کرنا داخل تکبر نہین اور یہ کام جو حدیث مین مذکور ہوے مسنون ہین اور جو تابع سنت ہے تکبر سے بدرجہا دور ہے تکبر یہی ہے کہ افعال بنوی کو اور اُسکی عاملون کو نظر حقارت دیکھی

حسن خلق کا بیان

**باب** ماجاء فی معنی الخلق باب حسن خلق کے بیان میں **عن** ابی الدرداء ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما شیء اثقل فی میزان المؤمن یوم القیمۃ من خلق حسن فان اللہ تعالی یبغض الفاحش البذی **ترجمہ** روایت ہے ابی الدرداء سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی چیز بھاری نہیں مؤمن کے ترازو میں یعنی کفہ حسنات میں قیامت کے دن خلق حسن سے زیادہ اسلئے کہ اللہ تعالی دشمن کہتا ہی بیحیا بدگو کو **ف** اسباب بن عائشہ اور ابی ہریرہ اور انس اور اسامہ بن شریک سے بھی اسکی مثل حدیث ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابی الدرداء قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما من شیء یوضع فی المیزان اثقل من حسن الخلق وان صاحب حسن الخلق لیبلغ بہ درجۃ صاحب الصوم والصلوۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی الدرداء سے کہا انہوں نے سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کوئی شی نہیں کہ جو رکھی جاوے میزان میں بھاری زیادہ حسن خلق سے اور تحقیق صاحب حسن خلق کا پہونچاتا ہی صاحب صوم وصلوۃ کے درجہ کو بسبب خلق حسن کے **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے **عن** ابی ھریرۃ قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اکثر ما یدخل الناس الجنۃ قال تقوی اللہ وحسن الخلق وسئل عن اکثر ما یدخل الناس النار قال الفم والفرج **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کسی نے پوچھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اس چیز کو کہ بہت داخل کرتی ہے لوگوں کو جنت میں فرمایا اللہ سے ڈرنا اور خلق حسن اور پوچھا اس چیز کو جو بہت داخل کرتی ہے دوزخ میں فرمایا منہ اور فرج **ف** یہ حدیث صحیح ہے غریب ہے اور عبد اللہ ابن ادریس یونی ہیں یزید بن عبد الرحمن اودی کے **مبہم** یعنی منہ سے کلمات کفر نکلتے ہیں اور غیبت اور بہتان اور سب وشتم اور کذب وافترا اور حرام خوری حرام نوشی واقع ہوتی ہے اور فرج سے زنا لواطت سحاق زلق ہوتا ہی اور یہ سب دوزخ میں جانیکا سبب ہے اور انکا مدکنا بھی بہ نسبت اور اعضا کی شکل ہوتا ہے جب زبان چسکا حرام کا لگجاتا ہی چھوڑنا اسکا دشوار ہوتا ہے علی ہذا القیاس فرج میں معاذ اللہ من ذلک کلہا **عن** عبد اللہ بن المبارک انہ وصف حسن الخلق فقال ھو بسط الوجہ وبذل معروف وکف الاذی **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن مبارک سے کہ انہوں نے کہا حسن خلق یہ ہے کشادہ پیشانی ہی ملنا لوگوں سے اور خرچ کرنا اس چیز کا کہ مسلمانوں کو نفع دیوے مال سے یا اور چیز سے اور دور کرنا تکلیف کا آدمیوں سے **باب** ماجاء فی الاحسان والعفو باب احسان اور عفو کی بیان میں **عن** ابی الاحوص عن ابیہ قال قلت یا رسول اللہ الرجل یمر بی فلا یقرینی ولا یضیفنی فیمر بی افاجزیہ قال لا اقرہ قال ورایی رث الثیاب فقال ھل لک من مال قال قلت من کل المال قد اعطانی اللہ من الابل والغنم قال فلیر علیک **ترجمہ** روایت ہے ابو الاحوص سے انہوں نے روایت کیا اپنے باپ سے کہا انکے باپ نے کہ عرض کی میں نے یا رسول اللہ بعضا شخص ایسا ہی کہ میں گذرتا ہوں اسپر یعنی سفر میں اور ضیافت نہیں کرتا میرے اور نہ میزبانی ہر کرتی ہے وہ گذرتا ہی مجھپر کیا میں مدلا لوں اس سے یعنے میں بے اسکی میزبانی نکروں فرمایا آپ نے نہیں میزبانی کر تو اسکی کہا راوی نے اور دیکھا مجھے حضرت نے میلے کپڑوں میں تو پوچھا کیا تیرے پاس مال ہے عرض کی میں نے قسم کا مال اللہ تعالی نے بھی دیا ہے اونٹ بکریاں فرمایا آپنی پر چاہیئے کہ دیکھا جاوے تجھ پر یعنے اثر اس کا کپڑوں کی سفیدی اور زینت سے **ف** اسباب عائشہ اور جابر اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابو الاحوص کا نام عوف بن مالک بن نضلہ جشمی ہے اور مراد از قرہ سے اضقہ ہے یعنے کیا ضیافت کرو میں اسکی اور قری بمعنے ضیافت ہے **عن** حذیفۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تکونوا امعۃ تقولون ان احسن الناس احسنا وان ظلموا ظلمنا ولکن وطنوا انفسکم ان احسن الناس ان تحسنوا وان اساؤا فلا تظلموا **ترجمہ** روایت ہے حذیفہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مت ہو تم امعہ یعنے کہو کہ اگر احسان کرینگے لوگ احسان کرینگے ہم بھی اور اگر ظلم کرینگے لوگ ظلم کرینگے ہم بھی ولیکن خوگر کرو اپنی نفسوں کو اس امر کا کہ اگر احسان کریں لوگ تو تم بھی احسان کرو اور اگر برائی کریں لوگ تمہارے ساتھ تو ظلم نکرو تم **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **مبہم** امعہ بکسر ہمزہ وتشدید میم وفتحہ عین مہملہ وآخر ہاء وہ شخص ہے کہ ہر پکارنیوالی کے پیچھے دوڑے اور برا بھلا نہ سمجھے گو یا ہر پکارنیوالی سے وہ کہتا ہے انا معک یعنے میں تیرے ساتھ ہوں اور یہ لفظ عورتوں کے لئے مستعمل نہیں ہوتا نہیں کہتی ہیں امراۃ امعۃ اور ترجمہ میں یعنے کہو کہ اگر احسان کرینگے الخ اسی کی تفسیر ہے

ملاقات کا بیان

**باب** ماجاء فی زیارۃ الاخوان باب بھائیوں کی ملاقات میں **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من عاد مریضا او زار اخا لہ فی اللہ ناداہ منادان طبت وطاب ممشاک وتبوأت من الجنۃ منزلا **ترجمہ** روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے عیادت کی کسی بیمار کی یا ملاقات کی کسی اللہ کے بھائی کی پکارتا ہی اسکو ایک پکارنیوالا یعنے فرشتہ نہیں ہے کہ مبارکبادی ہو تجھے اور مبارک ہو تیرا چلنا اور جگہ بنائی تو نے جنت میں اترنی کی **ف** یہ حدیث غریب ہے اور ابو سنان کا

نام عیسیٰ بن ہلال ہے اور روایت کی حماد بن سلمہ نے ثابت سے انہوں نے ابی رافع سے انہوں نے ابی ہریرہؓ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس سے کچھ تھوڑا سا مضمون **باب** ماجاء فی الحیاء ب حیا میں **عن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحیاء من الایمان والایمان فی الجنۃ والبذاء من الجفاء والجفاء فی النار **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہؓ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حیا ایک ٹکڑا ہی ایمان کا اور ایمان کا انجام جنت ہے اور بیحیائی ظلم ہے اور ظلم کا انجام دوزخ ہے **ف** اسماء بن عمرو اور ابی بکرہ اور ابو امامہ اور عمران بن حصین سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ماجاء فی التأنی والعجلۃ: تامل اور جلدی میں **عن** عبداللہ بن سرجس المزنی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال التمتم الحسن والتؤدۃ والاقتصاد جزء من اربعۃ وعشرین جزء من النبوۃ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خصلت اچھی اور تامل اور آہستگی سے ہر کام کرنا اور میانہ روی ایک ٹکڑا ہی نبوت کے چوبیس ٹکڑوں میں کا **ف** اسماء بن ابی عباس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن غریب ہے اور ولید کے سوا قتیبہ نے انہوں نے نوح بن قیس سے انہوں نے عبدالصمد بن عمار سے انہوں نے عبداللہ بن سرجس سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور نہیں ذکر کیا اس سند میں عاصم کا اور صحیح حدیث نضر بن علی کی ہے یعنی جسکا متن اوپر گزرا **عن** ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لاشج عبدالقیس ان فیک خصلتین یحبھما اللہ الحلم والاناۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اشج قاصد عبدالقیس سے تم میں دو خصلتیں ہیں کہ دوست رکھتا ہے انکو اللہ تعالیٰ ایک بردباری اور دوسرے تامل **ف** ابن عباس شیخ عصری سے بھی روایت ہے **مترجم** اشج عبدالقیس باضافت مرکب ہے اور بعضی نسخوں میں بالفتح آیا ہے غیر منصرف ہونیکے سبب سے سو لفظ عبدالقیس مبدل ہے اس سے اور مضاف محذوف ہے یعنے وافد عبدالقیس کے لے کا قصد اسکے اور نام انکا منذر ہے یہ فائدہ اور لیا ہے قبیلہ عبدالقیس کے قاصدوں کے مروی ہے کہ جب قاصد اس قبیلے کے مدینہ میں حاضر ہوئے اپنے کو سواریوں سے گرایا اور زمین پر کود کر باظہار شوق دوڑ کر حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور شیخ اترے اور غسل کیا اور کپڑے پہنے اور مسجد میں آکر دو رکعت نماز ادا کی پھر حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے جب حضرت نے یہ حدیث فرمائی (الحات) مروی ہے کہ جب حضرت نے ان دو صفتوں کی انکو خبر دی انہوں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ یہ صفتیں دونوں میری کسب سے ہیں یا اللہ تعالیٰ کی خلق سے اور پیدائشی فرمایا آپ نے اللہ تعالیٰ کے خلق سے وہ خوش ہوئے اور کہا شکر ہے اس خدا کا جس نے مجھ میں دو صفتیں پیدا کیں جسے وہ دوست رکھتا ہے **عن** سھل بن سعد الساعدی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الاناۃ من اللہ والعجلۃ من الشیطان **ترجمہ** روایت ہے سہل بن سعد ساعدی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تامل و تاخیر اور آہستگی اللہ کیطرف سے ہے اور جلدی اور شتابی شیطان کیطرف سے **ف** یہ حدیث غریب ہے اور کلام کیا ہے بعض اہل علم نے عبدالمہیمن بن عباس میں اور ضعیف کہا انکو بسبب قلت حافظہ کے **باب** ماجاء فی الرفق باب نرم دلی کے بیان میں **عن** ابی الدرداء عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من اعطی حظہ من الرفق فقد اعطی حظہ من الخیر ومن حرم حظہ من الرفق فقد حرم حظہ من الخیر **ترجمہ** روایت ہے ابی الدرداء سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو ملا حصہ اسکا نرمی سے بیشک ملا اسکو حصہ خیر سے اور جو محروم رہا نرمی کے حصے سے وہ محروم رہا خیر کے حصے سے **ف** اسماء بن عائشہ اور جریر بن عبداللہ اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ماجاء فی دعوۃ المظلوم باب مظلوم کی دعا کے بیان میں **عن** ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعث معاذا الی الیمن فقال اتق دعوۃ المظلوم فانہ لیس بینھا وبین اللہ حجاب **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا معاذ کو یمن کیطرف اور فرمایا ڈر تو اور بچ بددعا سے مظلوم کے اسلئے کہ نہیں ہے اسکے اور اللہ کے درمیان کوئی پردہ یعنی بہت جلد قبول ہوتی ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو معبد کا نام نافذ ہے اور اسماء بن انس اور ابی ہریرہ اور عبداللہ بن عمر اور ابی سعید سے بھی روایت ہے **باب** ماجاء فی خلق النبی صلی اللہ علیہ وسلم باب خلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان میں **عن** انس قال خدمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عشر سنین فما قال لی اف قط وما قال لشیء صنعتہ لم صنعتہ ولا لشیء ترکتہ لم ترکتہ وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احسن الناس خلقا وما مسست خزا قط ولا حریرا ولا شیئا کان الین من کف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا شممت مسکا قط ولا عطرا کان اطیب من عرق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہا انہوں نے خدمت کی میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دس برس سو کبھی نہ کہا مجھ کو اف اور نہ کہا کسی کام کو کہ کیا میں نے کیوں کیا تو نے اور نہ کسی چیز کو کہ چھوڑ دیا میں نے کیوں چھوڑ دیا تو نے اور تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سب آدمیوں سے بہتر خلق میں اور نہ

ناقل اور جلدی کا بیان — نرمی کے بیان — حسن خلق کا بیان

چرا میں نے کوئی ریشم کبھی اور نہ حریرا اور نہ اور کوئی چیز کہ نرم ہو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی سے اور نہ سونگھا میں نے مشک کبھی اور نہ کوئی عطر خوشبودار زیادہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پسینے سے **ف** اسباب میں عائشہ اور ابی ہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابی عبد اللہ الجدلی یقول سألت عائشۃ عن خلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت لم یکن فاحشا ولا متفحشا ولا صخابا فی الاسواق ولا یجزی بالسیئۃ السیئۃ ولکن یعفو ویصفح ترجمہ روایت ہے ابی عبد اللہ جدلی سے کہتے تھے وہ کہ پوچھا میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے خلق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا سو فرمایا انہوں نے کہ نہ تھے فحش کی عادت رکھنے والے اور نہ جاہلانہ فحش کہنے والے اور نہ بازاروں میں چیخنے والے اور برائی کا برائی سے بدلہ دیتے تھے لیکن عفو کرتے اور درگذر فرماتے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو عبد اللہ جدلی ہے اور نام عبد الرحمن بن عبد ہی کہتے ہیں **باب** ماجاء فی حسن العشرۃ باب خوبی سے نباہ کرنے کے بیان میں **عن** عائشۃ قالت ما غرت علی نساء النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما غرت علی خدیجۃ وما رأیتہا ولکن احب ان اکون رأیتہا ذکر لہ ذکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وان کان لیذبح الشاۃ فیتتبع بہا صدائق خدیجۃ فیہدیہا لہن ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ فرمایا انہوں نے نہیں رشک آیا مجھ کسی بی بی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی بیبیوں میں سے اتنا جتنا کہ رشک آیا مجھے خدیجہ رضی اللہ عنہا پر اور کیا حال ہوتا میرا اگر میں انکی زمانہ کو پاتی اور کوئی سبب نہ تھا اس رشک کا مگر بہت یاد کرنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا انکو اور بیشک تھے آنحضرت کہ ذبح کرتے بکری پھر پھاڑ ڈالتے تھے خدیجہ کی کسی دوست کو عورتوں میں سے اور ہدیہ دیتے انکو **ف** یہ حدیث صحیح ہے غریب ہے **باب** ماجاء فی معالی الاخلاق باب عمدہ اخلاق کے بیان میں **عن** جابر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان من احبکم الی واقربکم منی مجلسا یوم القیمۃ احاسنکم اخلاقا وان من ابغضکم الی وابعدکم منی یوم القیمۃ الثرثارون والمتشدقون والمتفیہقون قالوا یا رسول اللہ قد علمنا الثرثارین والمتشدقین فما المتفیہقون قال المتکبرون ترجمہ روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں بہت پیارے میرے نزدیک اور بہت قریب بیٹھنے میں میرے نزدیک قیامت کے دن وہ لوگ ہیں جنکی اخلاق اچھے ہیں اور بیشک کہ تم میں سے دشمن زیادہ میرے اور دور ترجمہ سے قیامت کے دن ثرثارون باتونی بڑ مارنیوالی ہیں زبان میں عرض کی لوگوں نے یا رسول اللہ معلوم کیا ہے ثرثارین اور متشدقین کو اور کیا ہیں متفیہقون آپنے فرمایا تکبر کرنیوالی **ف** اسباب میں ابو ہریرہ ہے یہ روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور ثرثار کے معنے کثیر الکلام اور متشدق جو لوگوں پر بڑھ بڑھ کر باتیں کرے یعنی لاف زنی اور بیہودہ گوئی سے اور روایت کی بعضوں نے یہ حدیث مبارک بن فضالہ سے انہوں نے محمد بن مہاجر سے انہوں نے جابر سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ذکر نہ کیا اس سند میں سعید کا جو ہے میں سعید کے اور یہ حدیث صحیح ہے **باب** ماجاء فی اللعن والطعن باب لعن اور طعن کے بیان میں **عن** ابن عمر قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یکون المؤمن لعانا ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن نہیں ہوتا لعنت کرنیوالا **ف** اسباب میں ابن مسعود سے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کی بعضوں نے یہ حدیث اسی اسناد سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کہا انہوں نے کہ فرمایا آنحضرت نے لا ینبغی للمؤمن ان یکون لعانا یعنے لائق نہیں ہے مومن کو کہ لعنت کرنیوالا ہو **باب** ماجاء فی کثرۃ الغضب باب کثرت غصے کے بیان میں **عن** ابی ہریرۃ قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال علمنی شیئا ولا تکثر علی لعلی اعیہ فقال لا تغضب فردد ذلک مرارا کل ذلک یقول لا تغضب ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کی کہ کچھ سکھا ہی مجھکو اور بہت نصیحت نہ کر شاید کہ میں یاد کر لوں فرمایا آپنے غصہ مت کر دہ کئی بار پوچھا تھا آپ ہی فرماتے تھے غصہ مت کر **ف** اسباب میں ابی سعید اور سلیمان بن صرد سے ہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے اور الجصین کا نام عثمان بن عاصم اسدی ہے **عن** معاذ بن انس الجہنی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کظم غیظا وہو یستطیع ان ینفذہ دعاہ اللہ یوم القیمۃ علی رؤس الخلائق حتی یخیرہ فی ای الحور شاء ترجمہ روایت ہے معاذ بن انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ضبط کر جاوے غصہ کو اور وہ طاقت رکھتا ہو اسکے جاری کرنیکی بلاوے اللہ تعالے اسکو سب لوگوں کے سامنے تا کہ اختیار دیوے وہ جس حور کو چاہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **باب** ماجاء فی اجلال الکبیر باب بڑوں کی تعظیم **عن** انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اکرم شاب شیخا لسنہ الا قیض اللہ لہ من یکرمہ عند سنہ ترجمہ

شخص کی تعظیم کرے اسکی وقت بڑھاپے کے ف یہ حدیث غریب ہے ہم اسکو مگر یزید بن سنان ابوفروہ الرہاوی کی روایت سے باب ماجاء فی الہاجرین باب ترکِ ملاقات کے بیان میں عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال تفتح ابواب الجنۃ یوم الاثنین والخمیس فیغفر فیہما لکل عبد لا یشرک باللہ الا الہاجرین یقول ردوا ہذین حتی یصطلحا ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھولی جاتی ہیں دروازہ جنت کی دوشنبہ اور پنجشنبہ کو اور بخشدیے جاتی ہیں وہ لوگ کہ شرک نکیا انہوں نے اللہ تعالے کی ساتھ مگر وہ دونوں شخص کہ جنہوں نے ترک ملاقات کی ہو فرماتا ہی اللہ تعالی پھیر دو ان دونو کو یہانتک کہ صلح کریں یعنی ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور مروی ہے بعضے روایتوں میں لفظ ذروا کی بجائے ردوا کی اور مراد متہاجرین سی متصارمین ہیں اور یہ روایت مثل اُس روایت کے ہی کہ مروی ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سی کہ فرمایا آپنے لا یحل لمسلم ان یہجر اخاہ فوق ثلثۃ ایام یعنے حلال نہیں مسلمان کو ترک ملاقات اور قطع صحبت کرے اپنی بھائی سے تین دن سی زیادہ متصارمین صرم سے ہی بمعنے قطع کے یعنے متہاجرین سے وہ دو شخص مراد ہیں کہ جنہوں نے قطع ملاقات کی ہو اور عدم سلامت چھوڑ دی ہو نہ یہ کہ بسبب کسی ضرورت کے مثل سفر وغیرہ کے ملاقات نہوئی ہو کہ وہ مورد طعن نہیں اور قطع ملاقات سے وہ قطع مراد ہے کہ بغیر عذر شرعی کے یعنے بغیر اسکے کہ اپنے بھائی سے کوئی امر خلاف شرع فسق و فجور بدعت ظہور میں آوے ترک ملاقات کی ہو اور بصورت وقوع ان امور کے مہاجرت جایز ہے قابل ملامت نہیں اور سلف سے ثابت ہے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن تین شخصوں سے جنہوں نے غزوۂ تبوک سے تخلف کیا تھا پچاس روز تک صحابہ کو ترک ملاقات کا حکم فرمایا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیبیوں سے ایک ماہ کامل ترک ملاقات کی اور حضرت عائشہ نے ابن زبیر رضی اللہ عنہما سی ایک مدت بات نکی اور امام احمد بن حنبل نے حارث محاسبی سے ترک صحبت کے سبب اسکی کہ اُسنے ایک کتاب تصنیف کی تھی علم کلام میں مگر ان سب میں نیت بخیر چاہیے جیسے کہ ان بزرگوں کی تھی (کذا ذکر الشیخ فی شرح المشکوۃ) باب ماجاء فی الصابر باب صبر کے بیان میں عن ابی سعید ان ناسا من الانصار سألوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاعطاہم ثم سألوا فاعطاہم ثم قال ما یکون عندی من خیر فلن ادخرہ عنکم ومن یستعفف یعفہ اللہ ومن یستغن یغنہ اللہ ومن یتصبر یصبرہ اللہ وما اعطی احد عطاء ہو خیر واوسع من الصبر ترجمہ روایت ہے ابی سعید سی کہ چند لوگوں نے انصار کے مانگا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سی پھر اپنی انکو دیا پھر مانگا پھر دیا پھر فرمایا جو موتا ہے میرے پاس کچھ مال تو ہرگز نہیں کہ رکھتا میں اسکو تجھ سے چھپا کر اور جو شخص ظاہر کرتا ہے بے نیازی قناعت کے غنی کرتا ہے اسکو اللہ تعالے اور جو ترک سوال کرے لوگوں سے اسکو سوال سے بچاتا ہی اللہ تعالے اور جو صبر کی عادت ڈالی اسکو توفیق بخشتا ہے اللہ تعالے اور کسی کو کوئی چیز نہ ملے بہتر اور کشادہ زیادہ صبر سے ف اس باب میں ابوسعید سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہے یہ حدیث ابوہریرہ سے اور دونوں لفظ مروی ہیں یعنے فلن ادخرہ او فلم ادخرہ منے دونوں کے ایک ہیں غرض یہی ہے کہ تجھ سے روکتا نہیں مال کو جو آتا ہے تمہیں کو دیتا ہوں + باب ماجاء فی ذی الوجہین باب دو منہ رکھنے والے کے بیان میں عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من شر الناس عند اللہ یوم القیمۃ ذا الوجہین ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بدترین آدمیوں کا قیامت کے دن دو الوجہین ہے ف اسی باب میں عمار اور انس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے باب ماجاء فی التمام باب جھلور کے بیان میں عن ہمام بن الحارث قال مر رجل علی حذیفۃ بن الیمان فقیل لہ ہذا ممن بلغ الامراء الحدیث فقال حذیفۃ سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یدخل الجنۃ قتات قال سفیان والقتات التمام ترجمہ روایت ہے ہمام بن الحارث سے کہا گذرا ایک مرد حذیفہ بن یمان کی پاس سے سو کہا لوگنے کسی نے یہ لوگونکی باتیں لگاتا ہے امیروں کے پاس سو کہا حذیفہ نی سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتی تھے داخل نہوگا جنت میں قتات کہا سفیان نے قتات جھلور ہے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے باب ماجاء فی العی باب تامل سے کلام کرنیکے بیان میں عن ابی امامۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الحیاء والعی شعبتان من الایمان والبذاء والبیان شعبتان من النفاق ترجمہ روایت ہے ابی امامہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حیا اور تامل کرنا کلام میں دو شاخیں ہیں ایمان کی اور بیہودہ گوئی اور بہت کلام کرنا دو شاخیں ہیں نفاق کی ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر ابی عثمان محمد بن مطرف کے روایت سے کہا ابوعیسے نے اور عی کی معنے قلت کلام کے ہیں اور بذاء فحش گوئی اور بیان کثرت کلام جیسے کہ خطبا خطبہ پڑھتی ہیں و بہت باتیں بناتی ہیں اور لوگونکی تعریف کرتے ہیں کہ جس سے اللہ راضی نہیں یعنے فساق کی مدح و ثنا کرتے ہیں باب ماجاء ان من البیان لسحرا باب اس بیان میں کہ بعضا بیان جادو ہے عن ابن عمر ان رجلین قدما

فِي زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَا فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِهِمَا فَالْتَفَتَ لِلنَّاسِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا اَوْ اِنَّ بَعْضَ الْبَيَانِ سِحْرٌ

ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ دو مرد آئے زمانہ میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور خطبہ پڑہا اُن دونوں نے سو تعجب کیا لوگوں نے اُنکی کلام پر سو مخاطب ہوئے ہماری طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور فرمایا بعضا بیان جادو کے یعنے موثر ہے مثل جادو کی راوی کو شک ہے کہ بعض البیان فرمایا یا من البیان ف اسباب بن عمار اور ابن مسعود اور عبد اللہ بن الشخیر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے

باب ما جاء فی التواضع باب تواضع کے بیان میں

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ وَمَا زَادَ اللّٰهُ رَجُلًا بِعَفْوٍ اِلَّا عِزًّا وَمَا تَوَاضَعَ اَحَدٌ لِلّٰهِ اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ

ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں گھٹا کرتا مال کسی کا دینے خیرات سے اور نہیں معاف کرنیوالی مرد کی مگر عزت اور تواضع نہیں کرتا کسی واسطے اللہ تعالیٰ کے مگر بلند کیا اُسکو اللہ نے ف اسباب بن عبد الرحمن بن عوف اور ابن عباس اور ابی کبشہ الانماری سے بھی روایت ہے اور ابو کبشہ کا نام عمر بن سعد ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی

باب ما جاء فی الظلم باب ظلم کے بیان میں

عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ظلم تاریکیوں کا سبب ہے قیامت کے دن ف اسباب بن عبد اللہ بن عمر اور عائشہ اور ابی موسیٰ اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے

باب ما جاء فی ترک العیب للتغابن باب نعمت کے عیب نکالنے کے بیان میں

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا عَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ كَانَ اِذَا اشْتَهٰى اَكَلَهُ وَاِلَّا تَرَكَهُ

ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ عیب نہیں کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کسی کھانے کو عادت مبارک یہ تھی کہ اگر پسند ہوتا تو کھاتے نہیں تو چھوڑ دیتی ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابو جارم اسمہ ہی کا نام سلمان ہے اور وہ اول ہیں جنہوں نے عمرۃ الاشجعی سے

باب ما جاء فی تعظیم المؤمن باب تعظیم مومن کے بیان میں

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَنَادٰى بِصَوْتٍ رَفِيْعٍ قَالَ يَا مَعْشَرَ مَنْ اَسْلَمَ بِلِسَانِهٖ وَلَمْ يُفْضِ الْاِيْمَانُ اِلٰى قَلْبِهٖ لَا تُؤْذُوا الْمُسْلِمِيْنَ وَلَا تُعَيِّرُوْهُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا عَوْرَاتِهِمْ فَاِنَّهٗ مَنْ تَتَبَّعَ عَوْرَةَ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ تَتَبَّعَ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ يَتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ يَفْضَحْهُ وَلَوْ فِيْ جَوْفِ رَحْلِهٖ قَالَ وَنَظَرَ ابْنُ عُمَرَ يَوْمًا اِلَى الْبَيْتِ اَوْ اِلَى الْكَعْبَةِ فَقَالَ مَا اَعْظَمَكِ وَاَعْظَمَ حُرْمَتَكِ وَالْمُؤْمِنُ اَعْظَمُ حُرْمَةً عِنْدَ اللّٰهِ مِنْكِ

ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ پڑہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر اور پکارا آواز بلند سے اور فرمایا اے گروہ اُن لوگوں کے کہ مسلمان ہوئے ہیں اپنی زبان سے اور نہیں پہنچی ایمان اُنکے دل تک مت ایذا دو مسلمانوں کو اور مت عار دلاؤ اُنکو اور مت ڈھونڈو عیب اُنکی اسلئے کہ جو ڈھونڈتا ہے عیب مسلمان کا عیب ڈھونڈیگا اللہ تعالیٰ اُسکے اور جسکے عیب اللہ ڈھونڈیگا ذلیل کردیگا اُسکو اگرچہ وہ اپنے مکان میں ہو کہا راوی نے اور نظر کی ابن عمر نے ایک دن طرف بیت اللہ کی کہا طواف کعبہ کے اور کیا کیا بڑی ہے شان اور کیا بڑی ہے عزت تیری اور مومن تجھ سے اللہ کے نزدیک بڑا ہے بزرگی میں ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ہم نہیں پہچانتے مگر حسین بن واقد کی روایت سے اور روایت کی اسحاق بن ابراہیم سمرقندی نے حسین بن واقد سے اور مروی ہے ابی برزہ اسلمی سے وہ روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے

باب ما جاء فی التجارب باب تجربہ کے بیان میں

عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَلِيْمَ اِلَّا ذُوْ عَثْرَةٍ وَلَا حَكِيْمَ اِلَّا ذُوْ تَجْرِبَةٍ

ترجمہ روایت ہے ابی سعید سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حلیم نہیں مگر صاحب لغزش اور حکیم نہیں مگر صاحب تجربہ ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم مگر اسی سند سے

مترجم حلیم نہیں مگر صاحب لغزش یعنے حلیم کامل نہیں ہوتا جبتک خطا خلل اُس سے واقع نہ ہو اور نہ مجالت اور نادانی کا اُسے اندیشہ ہو یہ اور مقتضی حلم ہے جہل ہوتا ہے اور چاہتا ہے کہ لوگ اُسکی خطا بخشیں تب وہ اور دونکی خطا بھی بخشتا ہے اور حلیم کامل ہوتا ہے اور حکیم حکمت سے مملو کسی کام کی خوبی اور اصلاح کو اُن خلل سے اور یہ حاصل نہیں ہوتا ہے کسیکو جب تک معرفت اشیاء کی اور لغزہ اُسکا اور مصالح و مفاسد کاموں کے بخوبی نہ جانے اور بغیر تجربہ امور کے حاصل ہے پس ضرور ہے اجمالی اس کا تجربہ کامل ہے

باب ما جاء فی المتشبع بما لم یعطہ باب اپنے پاس جو چیز نہ ہو اُسپر اترانے کے بیان میں

عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اُعْطِيَ عَطَاءً فَوَجَدَ فَلْيَجْزِ بِهٖ وَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيُثْنِ فَاِنَّ مَنْ اَثْنٰى فَقَدْ شَكَرَ وَمَنْ كَتَمَ فَقَدْ كَفَرَ وَمَنْ تَحَلَّى بِمَا لَمْ يُعْطَهٗ كَانَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُوْرٍ

ترجمہ روایت ہے عائشہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکو دی گئی کوئی چیز پھر پائی اُسنے قدرت تو چاہیئے اُسکا بدلا دے اور اگر نہ پائی قدرت بدلے کی تو چاہیئے کہ تعریف کرے یعنے دینی والے کی اسلئے کہ جسنے تعریف کی وہ شکر بجا لایا اور جسنے نعمت کو چھپایا کفران نعمت کیا اور جسنے اپنی کو اراستہ کیا اسی چیز سے نہیں ملی وہ گویا کہ دو کپڑے پہننے والا ہے ف اسباب بن اسمار بنت ابی بکر اور عائشہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور مراد قول

مَنْ لَّمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ کی یہ ہی کہ ناشکری کی اُسنے اُس نعمت کی **مترجم** فرمایا اُسنی قدرت یعنی طاقت بدلہ دینی کی قولہ جسنے اپنی کو آراستہ کیا اُسکی ساتھ الخ یعنی مثلاً علم و فضل و تفقہ اُسکو نہتا اور علما کی کپڑے پہنکر قصد کرتا ہی کہ لوگ اُسکی تعظیم و توقیر مثل علما کی کرین اور بسبب ظاہر داری کے زمرۂ علما مین معدود ہو پس جو شخص ایسے پاس ایک چیز نکہتا ہو اور لوگونمین اُسکا ہونا ظاہر کرے اُسکی مثال یہی ویسی ہی ہے **باب** جَاءَ فِي الثَّنَاءِ بِالْمَعْرُوفِ اچھا احسان کی عوض مین شکر کرنیکا بیان **عن** اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صُنِعَ إِلَيْهِ مَعْرُوْفٌ فَقَالَ لِفَاعِلِهِ جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا فَقَدْ أَبْلَغَ فِي الثَّنَاءِ **ترجمہ** روایت ہے اسامہ بن زید کی کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نی جسکے ساتھ کسینے احسان کیا اور اُسنی مُحسن سے کہا جزاک اللہ خیرا یعنی بدلا دی اللہ تعالے تجھکو نیک تو اُسنے پوری کردی تعریف اُسکی **ف** یہ حدیث حسن ہے جید ہے غریب ہے نہین جانتی ہم اسکو بروایت اسامہ بن زید مگر اسی سندسی اور مروی ہوئی ہے ابی ہریرہ سے وہ روایت کرتی ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی مثل اسکی **مترجم** یعنی اللہ و قدرتہ چند مسائل متعلقہ کتاب بطریق سوال و جواب تحریر ہوتی ہین کہ اُنکی مطالعہ سے مزید بصیرت حاصل ہو **سوال** ماباپ اگر مشرک ہون تو صلہ رحم اُنسے کرے یا نہین **جواب** صلہ رحم کرے اسما بنت ابی بکر سے مروی ہی کہ اُنہون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ میری ماں آئی ہے اور وہ راغبہ ہے یعنی میرے صلہ اور برکیطرف راغبہ ہے یا دین اسلام سی بیزار ہی کیا مین اُسکا احسان کرون اُسکی ساتھ آپنے فرمایا ہان احسان کر رواہ البخاری **سوال** برادر مشرک کی صلہ کا کیا حکم ہے **جواب** اُس سے بھی صلہ رحم جایز ہے حضرت عمر نی ایک حلہ سرا خرید لا اور اُسی ایک بھائی مشرک کے پاس ہدیۃً بھیجدیا کہ جسکے مین تمہارا رواہ البخاری **سوال** غیبت اہل فساد کا کیا حکم ہے **جواب** غیبت اہل فساد کے اور فاسق معلن کے جایز ہے چنانچہ حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سے آنیکی اجازت مانگی آپنے اُسی فرمایا بِئْسَ أَخُو الْعَشِيْرَةِ أَوِ ابْنُ الْعَشِيْرَةِ الحدیث (بخاری) **سوال** غصہ مین کونسی الفاظ حضرت سے مروی ہین کہ اُنکا بولنا سنت ہے **جواب** کئی لفظ ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غصہ مین اُنہین استعمال فرماتی تہی اور متبع سنت کو ضروری کہ اپنی تئین اور فحش باتونسی بہت بچاوی اور اُنکا خوگر نباوی کہ سنت نبوی اُسوقت بھی ہاتھ سے جانی نباوی چنانچہ وہ لفظ یہ ہین تَرِبَتْ يَمِيْنُكَ وَتَرِبَتْ يَدَاكَ یعنے تیرے داہنی ہاتھ مین خاک بہرے یا دونون ہاتھ مین خاک بہرے تو نکو فرماتی عَقْرَى حَلْقَى یعنے بجوٹی سر مُنڈی وَيْلَكِ خرابی تیری وَيْحَكِ ابن سعد سے آپنے فرمایا اِحْسَأْ یعنے پٹکار ہے تجھپر رَغِمَ أَنْفُكِ یعنے تیری ناکمین خاک بہرے وغیرذلک **سوال** حق ہمسایہ جو قرآن و حدیث مین مذکور ہی اُسکی حد کہانتک ہے **جواب** حد جوار مین کئی قول ہین علمار کی حضرت علی سے مروی ہے مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَهُوَ جَارٌ یعنے جہانتک آواز جاوے وہانتک ہمسایہ ہے اور بعضون نے کہا ہے مَنْ صَلّٰى مَعَكَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ فِي الْمَسْجِدِ فَهُوَ جَارٌ جسنے تیرے ساتھ صبح کی نماز پڑہی مسجد مین وہ تیرا جار ہے اور حضرت عائشہ سے مروی ہے حق جار چالیس گہر تک ہے ہر جانب سے اور اوزاعی سے ہے ایسا ہی مروی ہے اور بخاری نی ادب المفرد مین حسن سے ایسا ہی روایت کیا ہے اور طبرانی نے بسند ضعیف کعب بن مالک سے مرفوعا روایت کیا ہی کہ آنحضرت نے فرمایا اَلَا اِنَّ اَرْبَعِيْنَ دَارًا جَارٌ یعنے چالیس گہر تک حق جوار ہی اور روایت کیا ابن وہب نے یونس سے اُنہون نے ابن شہاب سے کہ چالیس گہر تک داہنی اور بائین اور آگی اور پیچھی حق جوار ہی اور اسمین دونون احتمال ہین یعنی یہ بھی مراد ہوسکتا ہے کہ ہر طرف چالیس چالیس گہر تک حق جوار ہے یا توزیع و تقسیم مراد ہے کہ ہر طرف دس دس گہر تک حق جوار ہی کہ مجموعہ اُنکا چالیس گہر ہوئے (فتح الباری) **سوال** جواز غیبت کے اسباب کونکون ہین **جواب** چھ سبب ہین اول تظلم یعنے مظلوم کو غیبت ظالم کی جایز ہے اور وہ ہی کہ سلطان اور قاضی کے پاس اپنا حال ظاہر کرے اور کہی کہ فلانی شخص نے مجھپر یہ ظلم کیا فرمایا اللہ تعالے نے لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْءِ مِنَ الْقَوْلِ إِلَّا مَنْ ظُلِمَ الآیہ دوم استعانہ یعنے تغییر منکر کے لئی اُس شخص کو جو اُسکی قدرت رکہتا ہے اور یہ کہنا اُس سے کہ فلانا شخص فلانی معصیت کرتا ہے اُسی منع کرو سوم استفتا یعنی فتوی طلب کرنا کہ مستفتی مفتی سے کہہ سکتا ہی کہ میرے باپ نے یا بہائی نے مجھپر یہ ظلم کیا ہی اسپر کیا فتوی ہے اور اگر تعیین نکرے اور یون پوچہی کہ اگر کوئی ایسا کری تو کیا حکم ہے تو یہ اولی اور احسن ہے مگر تعیین بھی جایز ہے بدلیل حدیث ہندہ کہ اُنہون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ ابوسفیان رجل بخیل ہین الحدیث چہارم تحذیر مسلمین عن الشر یعنے بچانا مسلمانونکا شر و فساد سی اور یہ کئی طرح ہوتا ہے اول یہ کہ جرح کرنا راویون پر حدیث کے یا گواہون پر یا مصنفون پر کہ خطاء مسلمین جایز ہے بلکہ واجب ہے صونًا للشریعۃ دوسرے یہ کہ خبر کردینا کسی کے عیب سے جب کوئی مشورہ لی اُس سے نکاح کرنیکا مثلاً سے یہ کہ جب کوئی شخص کسی سے

احسان کے عوض شکریہ کرنا

مسائل دربارہ باب

کو خریدتا ہو اور اُسکے عیب سے آگاہ نہو تو خریدار کو آگاہ کرنا ضرور ہی مثلاً کسی غلام میں چوری کی عادت ہے یا شراب خواری کی یا زنا کی تو اُسکے خریدار کو اطلاع کردی بہ نیت اصلاح نہ بغرض فساد چوتھے یہ کہ جب کسی طالب علم و فقیہ کو دیکھی کہ کسی بدعقیدہ اہل بدعت کی پاس تحصیل علم کو جاتا ہے اور خوف ہے کہ اُسکے عقاید باطلہ اُسمیں اثر کریں تو ضرور ہی کہ اُسے اطلاع کردی بنظر خیر خواہی پانچویں یہ کہ کسی حاکم نے کسی شخص کو کوئی عہدہ یا خدمت عنایت کی ہے اور اُسکے عیب پر آگاہی نہیں رکھتا اور خوف ہے کہ اُس سے ضرر پاوی تو اُسی آگاہ کرنا بھی ضرور ہی چھٹے مجانبت فسق و بدعت یعنے ظاہر کرنا اپنی فسق و بدعت کا اور فخر کرنا شراب خواری اور زنا کاری پر پس جس گناہ میں کہ وہ پردہ پوشی اور ستر نہیں چاہتا اُسمیں غیبت اُسکی درست ہے ساتویں تعریف یعنی مشہور ہونا کسی شخص کا ساتھ کسی لقب کے جیسے اعمش یا اعرج یا ازرق یا قصیر یا اعمی یا اقطع وغیر ذلک مگر اسکا جواز جب ہی کہ ہے کہ صاحب لقب اُسکے برا نمانی اور جب برا جانتی اور ناراض ہو تو حرام نہیں کہ اللہ تعالے فرماتا ہے وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ الْآیَۃ (نووی)

## بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ + اَبْوَابُ الطِّبِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یہ باب ہیں طب کے جو وارد ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے + مترجم طب بحرکات ثمنہ علاج کرنا اور فارسی میں پزشکی اور طبیب کو فارسی میں پزشک کہتی ہیں اور طب بفتح طا طبیب اور ہر حاذق اپنے کام میں اور مطبب بضم طا طب خواندہ کر اسی جا ذو خداوند اور طب بکسر بمعنی سحر کے آیا ہے اور مطبوب جسے مسحور اور طب جسمانی بھی ہے اور نفسانی بھی جسمانی علاج بذکا ساتھ حفظ صحت کے اور دفع مرض کے اور نفسانی تخلیہ اخلاق ردیہ سے اور تحلیہ عادات حمیدہ کے ساتھ اور ادویہ دو قسم ہیں حسب طبیعہ مفردہ یا مرکبہ اور روحانیہ ربانیہ کہ قرآن ہے اور اذکار الٰہی مثل تسبیح و تہلیل و تکبیر تحمید و تمجید وغیرہ کی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم علاج کرتے تھے اپنی امت مرحومہ کا دونوں قسم کی دواؤں سے اور نصیب نہیں ہوئی یہ بات کسی طبیب کو اور کبھی مرکب کرتے تھے کسی علاج کو دونوں قسم کی ادویہ سے اور کبھی ضم فرماتی تھی اُسکے ساتھ پرہیز کو بھی اور کبھی اصلاح فرماتی تھی ستہ ضروریہ کی اور تفصیل ان سبکی ابواب کے ضمن میں مذکور ہوگی انشاء اللہ تعالے

**بَابٌ** فِی الْحِمْیَۃِ باب پرہیز کے بیان میں **عَنْ** اُمِّ الْمُنْذِرِ قَالَتْ دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمَعَہٗ عَلِیٌّ وَلَنَا دَوَالٍ مُعَلَّقَۃٌ قَالَتْ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْکُلُ وَمَعَہٗ عَلِیٌّ یَاْکُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ مَہْ مَہْ یَا عَلِیُّ فَاِنَّکَ نَاقِہٌ قَالَ فَجَلَسَ عَلِیٌّ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْکُلُ قَالَتْ فَجَعَلْتُ لَھُمْ سِلْقًا وَشَعِیْرًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا عَلِیُّ مِنْ ھٰذَا فَاَصِبْ فَاِنَّہٗ اَوْفَقُ لَکَ **ترجمہ** روایت ہے ام منذر سے کہ آئی میرے پاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اُنکے ساتھ حضرت علی تھے اور ہمارے ایک شاخ کھجور کے ٹنگی ہوئی تھی کہا ام منذر نے پھر لگے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور ساتھ اُنکے حضرت علی بھی کھانے لگے سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے علی سے ٹھیر جا ٹھیر جا اسی علی اسلئے کہ تم ابھی بیماری سے اُٹھی ہو اور ضعیف ہو رہی ہو کہا ام منذر نے پھر بیٹھ گئے حضرت علی اور کھانے لگے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کھا رہے تھے پھر طیار کئے میں نے اُنکے واسطے چقندر اور جو سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے علی اسمیں سے کو کہ یہ تمہارے مزاج کے موافق ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر فلیح بن سلیمان کی روایت سے اور مروی ہے فلیح بن سلیمان سے وہ روایت کرتے ہیں ایوب بن عبدالرحمن سے **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پرہیز کرنا بیمار کو مسنون ہے اور بعد بیماری کے بھی چند روز رعایت پرہیز کی اور خیال کھانا مزاج کا ضرور ہی کہ پھر بیماری عود نکرے اور یقین ہے کہ ہماری حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی بسبب حرارت کی تھے کہ کھجور کا مزاج گرم ہی وہ اُنکو نقصان کرتی اور چقندر اور جو اُنکو مفید تھے اور مہمان بغیر اجازت کی بے اگر کھانی لگے جو چیز کہ کھانیکے لئے تیار ہے اُس صورتمیں کہ کسیکا انتظار نہو اور قرینہ سے رضا بھی میزبان کی معلوم ہوتو کچھ مضائقہ نہیں جیسے کہ آپ شاخ سے کھجور کھانی لگے اور یہ بھی ظاہر ہوا کہ حضرت کھڑے کھڑے کھا رہے تھے چنانچہ شاخ کا لٹکنا اور حضرت علی کا بیٹھ جانا اس کی بعد اُسپر دلالت واضحہ کرتا ہے اور سلق و شعیر دونوں ملا کر پکائی ہونگے یا جو کی روٹی اور سلق کا سالن اور ابوداؤد کی روایت میں اوفق لک کے جگہہ انفع لک ہے اور ام منذر کا نام سلمی ہے انتہی قول المترجم **روایت** کی ہے محمد بن بشار نے انہوں نے ابوعامر اور ابوداؤد سے دونوں نے روایت کی فلیح بن سلیمان سے انہوں نے ایوب بن عبدالرحمن سے انہوں نے روایت کی یعقوب بن ابی یعقوب سے انہوں نے ام المنذر سے کہا داخل ہوئے میرے پاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سو ذکر کی حدیث مانند حدیث یونس بن محمد کے جو گذرا ہے فلیح سے مگر اسمیں یہ کہا انفع لک اور کہا محمد بن بشار نے اپنی حدیث میں روایت کی مجھ سے ایوب بن عبدالرحمن نے یہ حدیث جدیدی غریبی ہے

**عَنْ** قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ اَحَدُكُمْ يَحْمِيْ سَقِيْمَهُ الْمَاءَ ترجمہ روایت ہے قتادہ بن نعمان سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب دوست رکھتا ہے کسی بندہ کو اللہ تعالے تو روکتا ہے اسکو دنیا سے جیسے کہ روکتا ہے ایک تم میں کا اپنی بیمار کو پانی سے یعنی مرض استسقاء وغیرہ میں **ف** اسباب میں یہ روایت سے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور مروی ہوئی یہ حدیث محمود بن لبید سے انہوں نے روایت کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کیے ہے علی بن حجر نے انہوں نے اسمٰعیل بن جعفر سے انہوں نے عمر بن ابی عمرو سے انہوں نے عاصم بن عمر بن قتادہ سے انہوں نے محمود بن لبید سے مانند اسکی اور ذکر کیا اسمیں قتادہ بن نعمان کا اور قتادہ بن نعمان ظفری اخیافی بھائی ابی سعید خدری کے ہیں اور محمود بن لبید نے پایا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے لڑکپن میں اور دیکھا ہے انکو **مترجم** حضرت علی کو آپنے سلق و شعیر کھانیکا حکم فرمایا سلق کا مزاج حار یابس ہے اول درجہ میں اور بعضوں نے کہا ہے حار رطب اول درجہ میں اور بعضوں نے کہا ہے مرکب ہے دونوں کے اور وہ محلل و مفتح ہے اور سودا اسکا قابض ہے اور نفع دیتا ہے دار الثعلب اور کلف اور خرا اور ثالیل کو جب طلا کیا جاوے اسکا پانی اور قتل کرتا ہے قمل کو اور کہو تا ہے سدہ کبد کا اور طحال کا اور سیاہ دستم اسکی قابض بطن ہے خصوصاً عدس کی ساتھ اگر مستعمل ہو اور وہ قلیل الغذا رومی الکیموس ہے اور محرق دم ہے اور مصلح اسکا سکر ہے اور رائی اور اکثار اسکا مولد قبض و نفخ ہے اور خونا فع سعال ہے اور نافع خشونت حلق دافع حدت فضول مدر بول جلا کز والامعدہ کا قاطع عطش ملطف حرارت اور اسمیں ایک قوت ہے کہ تلطیف و تحلیل کرتا ہے اور تلیین یعنے آش جو کہ اکثر احادیث میں ذکر اسکا آیا ہے اسطرح بناتے ہیں کہ جو عمدہ قسم کے جو کوب علیحدہ اور پانی شیریں پانچ حصہ ڈالکر آتش نرم میں پکاویں جب دو خمس باقی رہجاوے اتار لیں اور صاف کرکے بقدر حاجت استعمال کریں

**بَابُ** مَا جَاءَ فِي الدَّوَاءِ وَالْحَثِّ عَلَيْهِ باب دوا کرنے اور اسکی فضیلت میں **عَنْ** اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ قَالَ قَالَتِ الْاَعْرَابُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَتَدَاوٰى قَالَ نَعَمْ يَا عِبَادَ اللّٰهِ تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَضَعْ دَاءً اِلَّا وَضَعَ لَهٗ شِفَاءً اَوْ دَوَاءً اِلَّا دَاءً وَاحِدًا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا هُوَ قَالَ الْهَرَمُ ترجمہ روایت ہے اسامہ بن شریک سے کہ اعرابیوں نے عرض کی یا رسول اللہ کیا دوا نکریں ہم فرمایا ہاں اے بندوں اللہ کے دوا کرو اسلئے کہ اللہ تعالے نے نہیں رکھا کوئی مرض بغیر دینے دوا میں مگر ایک مرض اسکے لئے شفا یا دوا مگر ایک مرض عرض کیا یا رسول اللہ وہ کونسا مرض ہے فرمایا آپنی بڑھاپا **ف** اسباب میں ابن حبان اور ابی خزیمہ نے روایت کیے ہے کہ وہ اپنے بھائی سے روایت کرتے ہیں اور ابن عباس سے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** حقیقت میں بڑھاپا کی کیفیت ہے سوء مزاج حار یابس کی وجہ سے جنمیں گفتہ اند شاعر اکبر آبادی نے بڑھاپا کی حالت لکھی ہے اور احادیث میں تخصیص صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑھاپا سے پناہ مانگی ہے

**بَابُ** مَا جَاءَ مَا يُطْعَمُ الْمَرِيْضُ اِذَا طَعِمَ الْمَرِيْضُ باب بیمار کے کھانیکے بیان میں **عَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَحَدُ اَهْلِهٖ الْوَعْكُ اَمَرَ بِالْحَسَاءِ فَصُنِعَ ثُمَّ اَمَرَهُمْ فَحَسَوْا مِنْهُ وَكَانَ يَقُوْلُ اِنَّهٗ لَيَرْتُوْ فُؤَادَ الْحَزِيْنِ وَيَسْرُوْ عَنْ فُؤَادِ السَّقِيْمِ كَمَا تَسْرُوْ اِحْدٰكُنَّ الْوَسَخَ بِالْمَاءِ عَنْ وَجْهِهَا ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے کہ نبی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب آتے اپنے گھر والوں میں کسی کو تپ حکم کرتے اسکے لئے حریرہ کا سو بنایا جاتا اسکے لئے پھر ایک چلو لیتی اسمیں سے اور فرماتی کہ وہ تسکین دیتا ہی غمگین کے دل کو اور زائل کرتا ہی کسی کے دل سے الم بیمار کی جیسے دور کرتی ہے ایک تم میں کی میل اپنے مونہہ پر سے ساتھ پانی کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور روایت کیا زہری نے عروہ سے انہوں نے عائشہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مضمون اسمیں کا روایت کیے ہم یہ حدیث حسین جریری انہوں نے ابو اسحٰق طالقانی سے انہوں نے ابن مبارک سے انہوں نے یونس سے انہوں نے زہری سے انہوں نے عروہ سے انہوں نے عائشہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی معنی اسی حدیث کا روایت کیے ہم سے یہ ابو اسحٰق نے **مترجم** حساء بالفتح والمد حریرہ ہے آٹی اور پانی اور گھی سے بناتے ہیں اور کبھی اسے میٹھا بھی کر دیتے ہیں اور پتلا ہوتا ہے اور تلیین ہے اسے کہتی ہیں اور ابن ماجہ میں حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ اسکی وجہ یہ تھی کہ حضرت کے گھر میں چرخہ بہت تھا جب کوئی بیمار ہوتا تھا یہانتک کہ وہ مرجاوے یا اچھا ہوجاوے اور سید ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ زاد المعاد میں فرماتی ہیں کہ وہ آش جو ہیں چنانچہ ابن ماجہ میں تصریح بھی آئی ہے کہ حساء شعیر ہی ہے اور تاثیر اسکی عنقریب اوپر مذکور ہوئی ہے

**بَابُ** مَا جَاءَ لَا تُكْرِهُوْا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ باب مریض پر کھانا اور پینے کے لئے جبر نہ کیجئے **عَنْ** عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُكْرِهُوْا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ فَاِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يُطْعِمُهُمْ وَيَسْقِيْهِمْ ترجمہ روایت ہے عقبہ بن عامر جہنی سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے زبردستی نکرو اپنی بیماروں پر کھانیکے لئے اسلئے کہ اللہ تعالے انکو کھلاتا اور پلاتا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے **مترجم** یعنے جیسے بعضی نادان کہتے ہیں کہ آدمی

دوا کرنے اور اسکی فضیلت

طب کے بیان

مریض جو چاہے اسکا کھانا چاہیے

اناج کا کیڑا ہے اور یہ سمجھکر ہمارے مکو زبردستی کچھ کھلاتی ہیں اور سخت وسماحت کرکے انکو دق کرتے ہیں حضرت نے انکے مفہوم باطل کو رد کردیا واقع میں جسنی کہانی اور بینی سے قوت غایت کی ہے وہ بی کہانی ہے بھی قوت دی سکتا ہی **باب** مَا جَاءَ فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ باب کلونجی کے بیانمیں **عن** اَبِی هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلَيْكُمْ بِهٰذِهِ الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ فَاِنَّ فِيهَا شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ اِلَّا السَّامَ وَالسَّامُ الْمَوْتُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لازم پکڑو تم اس کالی دانہ یعنے کلونجی کو اسلئے کہ اسمیں شفا ہی ہر مرض کی مگر سام کی اور سلم موت ہے **ف** اور اسبابمیں بریدہ اور ابن عمر اور عائشہ سی بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** حبۃ السودا کو فارسی میں شونیز کہتے ہیں ہندیمیں کلونجی اور کمون اسود اور کمون ہندی ہے اُسے کہتی ہیں اور حبن سے مروی ہے کہ وہ خردل ہے اور ہروی سے محکی ہے کہ وہ حبہ خضرا ہی مگر یہ دونوں قول غلط ہیں صحیح وہی ہے کہ وہ شونیز ہے اور وہ کثیر المنافع ہی اور یہ جو حضرت نے فرمایا شفا من کل داء یہ کلیہ ایسا ہے جیسا کلیہ اس آیہ مبارکہ کا تدمر کل شی بامر ربہا کہ مراد اس سے وہی اشیا ہیں جو قابل تدمیر تھے اور وہ نافع ہی جمیع امراض بادیہ کو اور کبھی داخل ہوتی ہے بالعرض امراض حارہ یا بسبب کے نسخون میں پس یہ پہونچا دیتی ہے ادویہ باردہ رطبکی قوتون کو طرف اعضا کی بسرعت تنفیذ اپنے کی جیسے کہ صاحب قانون نے تصریح کی ہے کہ زعفران قرص کا فورمیں اسلئے ڈالی جاتی ہے کہ بسبب سرعت نفوذ انہی کے تاثیرات ادویہ کو جلد اعضا میں پہونچا دی اور نظائر اسکے بہت ہیں کہ اطبا حذاق اسی خوب جانتی ہیں اور منفعت اُسکی امراض حارہ میں محل تعجب نہیں اسلئے کہ بعض ادویات بعض امراض کو بالخاصیہ نفع بخش ہوتی ہیں جیسے کہ انزروت اور حرمرکب ہوتی ہیں اُسکے ساتھ ادویہ مدسی مثل سکر وغیرہ کی مفردات حارہ کے حالانکہ مدرو حارہی باتفاق اطبا اور اسی طرح نفع دیتی ہے گندنا حار کھجلی میں اور مزاج شونیز کا حار یابس ہے تیسرے درجہ میں اور وہ دافع نضج ہے کدودانہ کو پسکے نکالدیتی ہے نافع مرض ہے اور چودھاری بخار اور یلغنی بخار دنکو نفع بخشتی ہے اور مسدودن کو کھولتی ہے ریاح کو تحلیل کرتی ہے معدہ کی تری کو خشک کرتی ہے اور اگر کوٹکر شہد میں گوندکر گرم پانی ملاکر پیوین تو اُن کنکریونکو گلاتی ہے جو گردہ اور مثانہ میں ہون اور مدر بول و حیض ہے اور مکثر لبن اگر چند روز اسکی شرب پر التزام کرین اور اگر باریک پیسکر سرکہ میں ملاکر ٹیکرم پیٹ پر طلا کرین کدودانہ کی قاتل ہے پھر اگر آب حنظل تازہ یا مطبوخ حنظل میں تر کرین تو عمل اُسکا اخراج کدودانہ اور کرم بطن میں قوی ہوجاتا ہے اور اگر باریک کوٹکر ایک پارچہ میں پوٹلی باندھکر سونگھین تو زکام بارد کو نافع ہے اور تیل اسکا نافع ہی دالحیہ کو اور مسون کو اور اگر ایک مثقال پانی کے ساتھ پیے لین بہر اور ضیق النفس کو نافع ہی اور ضماد اسکا پیشانی پر نافع صداع بارد ہے اور اگر سات دانہ اُسکی عورت کے دودھ میں بھگوکر پیسکر ناس لیوین تو صاحب یرقان کو نفع بین ہو اور اگر سرکہ میں پکاکر ٹیکرم سے کلی کرین درد دندان کو مفید ہے اور اگر پیسکر ناس لیوین تو اُس پانی کو نفع دیتا ہے جو کثیر میں ابتدا اُترا ہوا اور اگر پیسکر سرکہ کے ساتھ پھوڑے پر ضماد کرین تو اُسے بجلی توڑے اور جربۃ متقرح کو نافع ہو اور اورام مزمنہ بلغمیہ کو تحلیل کرے اور ام صلبہ کو نرم کردی اور اُسکا تیل اگر ناک میں ٹپکا لین تو لقوہ کو نافع ہو اور اگر باریک کوٹمین اور حبہ خضرا کی تیل میں سخت کرکے تین چار قطرے کو نمیں ٹپکا دین تو سردی کے درد کو اور ریح اور سُدہ کو دور کرے اور اگر کوٹ کر روغن زیت میں بھگو کر تین چار قطرے ناک میں ٹپکا دین تو اُس کام کو نفع دی کہ جسمیں اترے سے چھینکیں آتی ہین اور اگر جلا کر موم کو گلا کر دُھن سوس یا دین خامین ملاکر مرہم بنا دین اور اُن پھوڑونمیں لگا دین جو ناسور نمیں لگتے ہین بخوبی نافع ہے مگر پہلے اُن پھوڑونکو سرکہ سے دھولین اور اگر باریک پیسین سرکہ میں اور طلا کرین تو برص اور بہق اسود کو نافع ہے اور اگر باریک پیسین اور دو درہم ہر روز ٹھنڈے پانی سے اُس شخص کو پلا دین جسے کتے نے کاٹا ہو تو نفع بلیغ ہو اور ہلاک سے محفوظ رہے اور اگر اُسکی تیل کے ناس لین تو فالج اور لقوہ کو نافع ہے اور انکا مادہ کاٹ دیتا ہے اور اگر اُسکی دھونی دیجاوے تو ہوام بھاگ جاوین اور اگر انزروت کو نیکرم کرکے اوپر اُسکے شونیز چھڑکین تو صاحب ابوسیر کو بغایت نافع ہی اور منافع اسکے اس سے دونی چوگنے ہین ہمنے کچھ تھوڑا سا بیان کیا اور شربت اسکا دو درہم سے اور زیادہ کا استعمال بعضون نے کہا قال فی زاد المعاد **باب** مَا جَاءَ فِي شُرْبِ اَبْوَالِ الْاِبِلِ باب اونٹون کے پیشاب پینے کی بیانمیں **عن** اَنَسٍ اَنَّ نَاسًا مِنْ عُرَيْنَةَ قَدِمُوا الْمَدِينَةَ فَاجْتَوَوْهَا فَبَعَثَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اِبِلِ الصَّدَقَةِ وَقَالَ اشْرَبُوا مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا **ترجمہ** روایت ہے حضرت انس سے کہ کچھ لوگ آئی عرینہ کے تمام ہی ایک قبیلہ کا مدینہ میں پھر پانی لگا انکو مدینہ کا سو بھیجدیا انکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اونٹونمیں زکوٰۃ کی اور فرمایا پیو انکے دودھ اور پیشاب **ف** اسبابمیں ابن عباس سے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** تحقیق اونٹون کے پیشاب کے شرب ابوال الابل کے باب میں گذری **باب** مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِسَمٍّ اَوْ غَيْرِهِ باب زہر وغیرہ سے اپنے کو مار ڈالنے کے بیانمیں **عن** اَبِی هُرَيْرَةَ

اَرَاہُ رَفَعَہٗ قَالَ مَنْ قَتَلَ نَفْسَہٗ بِحَدِیْدَۃٍ جَاءَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَحَدِیْدَتُہٗ فِیْ یَدِہٖ یَتَوَجَّاہَا بِطْنَہٗ فِیْ نَارِ جَہَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا اَبَدًا وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَہٗ بِسَمٍّ فَسَمُّہٗ فِیْ یَدِہٖ یَتَحَسَّاہُ فِیْ نَارِ جَہَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے خیال کرتا ہوں میں کہ مرفوع کیا انہوں نے اس روایت کو یعنے یہ کہا کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے کہ ماری اپنی جان لوہے سے یعنے چھری یا تلوار وغیرہ سے وہ آویگا قیامت کے دن اور وہ چھری یا تلوار اُسکی ہاتھ میں ہوگی بھونکتا رہیگا اُسی اپنے پیٹ میں دوزخ کی آگ میں ہمیشہ ہمیشہ اور جسنے ماری اپنی جان زہر سے وہ زہر کا پیالہ اُسکے ہاتھ میں ہے کہ پی رہا ہے اُسکو جہنم کی آگ میں ہمیشہ ہمیشہ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ نَفْسَہٗ بِحَدِیْدَۃٍ فَحَدِیْدَتُہٗ فِیْ یَدِہٖ یَجَأُ بِہَا فِیْ بَطْنِہٖ فِیْ نَارِ جَہَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْہَا اَبَدًا وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَہٗ بِسَمٍّ فَسَمُّہٗ فِیْ یَدِہٖ یَتَحَسَّاہُ فِیْ نَارِ جَہَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْہَا اَبَدًا وَمَنْ تَرَدّٰی مِنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَہٗ فَھُوَ یَتَرَدّٰی فِیْ نَارِ جَہَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْہَا اَبَدًا ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے ماری اپنی جان لوہے سے پس وہ لوہا اُسکے ہاتھ میں ہوگا اور وہ بھونک رہا ہوگا اُسے اپنی پیٹ میں دوزخ کی آگ میں ہمیشہ ہمیشہ اور جسنی ماری اپنی جان زہر سے پس وہ زہر کا ظرف اُسکے ہاتھ میں ہے اور پی رہا ہے وہ دوزخ کی آگ میں ہمیشہ ہمیشہ اور جسنے گرکر یا اپنے تئیں پہاڑ سے اور پہاڑ والا اپنے کو پس وہ گر رہا ہے دوزخ کی آگ میں ہمیشہ ہمیشہ ف روایت کی ہے محمد بن علاء نے انہوں نے وکیع سے اور ابو معاویہ سے انہوں نے اعمش سے انہوں نے ابی صالح سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث شعبہ کے جو مروی ہے اعمش سے یہ حدیث صحیح ہے اور اصح ہے حدیث اول سے اسیطرح مروی ہوئی ہے یہ حدیث اعمش سے انہوں نے روایت کی ابی صالح سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کی محمد بن عجلان نے سعید مقبری سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جسنے ماری اپنی جان زہر سے عذاب کیا جاویگا وہ نار جہنم میں اور اُسمیں خالدًا مخلدًا فیہا ابدًا مذکور نہیں اور اسیطرح روایت کی یہہ ابو الزناد نے اعرج سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور یہ صحیح ہے یعنی جسمیں خلود کا ذکر نہیں اسلئے کہ روایات متعددہ آئی ہیں اس مضمون میں کہ اہل توحید معذب ہونگے دوزخ میں پھر نکلینگے اُس سے اور یہہ مذکور نہیں کہ ہمیشہ رہینگے اُسمیں غرض یہ ہے کہ ذکر خلود کا ضعف سے خالی نہیں **فقیر** کہتا ہے یا خلود سے مدت مدیدہ مراد ہے اور عرصۂ طویلہ نہ وہ زمانہ کہ جو کبھی منقطع نہو یا قاتل سے وہ قاتل مراد ہے کہ جو اس قتل کو حلال جانکر مرتکب ہوا کہ مقابل حرام کا کافر ہے اور کافر مخلد فی النار ہے قولہ المترجم

**باب** تداوی کرنے حرام چیز سے دوا کرنے کی حرام چیز سے

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّوَاءِ الْخَبِیْثِ یَعْنِی السَّمَّ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ منع فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دوا خبیث سی یعنی جسمیں سمیت ہو متبرجم دوا خبیث میں داخل ہے نجس اور حرام اور جس سے طبیعت کو تنفر ہو

**باب** مَا جَاءَ فِی التَّدَاوِیْ بِالْمُسْکِرِ باب نشہ کی چیز سے دوا کرنے کے بیان میں

عَنْ وَائِلٍ اَنَّہٗ شَھِدَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَسَاَلَہٗ سُوَیْدُ بْنُ طَارِقٍ اَوْ طَارِقُ بْنُ سُوَیْدٍ عَنِ الْخَمْرِ فَنَھَاہُ فَقَالَ اِنَّمَا اَصْنَعُھَا دَوَاءً فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّھَا لَیْسَتْ بِدَوَاءٍ وَلٰکِنَّھَا دَاءٌ ترجمہ روایت ہے وائل سے کہ وہ حاضر ہوئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور پوچھا آپسے سوید بن طارق نے یا طارق بن سوید نے حکم شراب کا سو منع فرمایا آپنے اُس کے کہا انہوں نے کہ ہم دوا کرتے ہیں اُس سے فرمایا آپنے وہ دوا نہیں ہے بلکہ دارہے یعنی مرض ہے ف روایت کی ہے محمود بن نضر اور شبابہ سے انہوں نے شعبہ سے اسی روایت کے مثل کہا محمود نے کہا نضر نے طارق بن سوید اور کہا شبابہ نے سوید بن طارق یہہ حدیث صحیح ہے

**باب** مَا جَاءَ فِی السَّعُوْطِ باب سعوط کے بیان میں

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ خَیْرَ مَا تَدَاوَیْتُمْ بِہٖ السَّعُوْطُ وَاللَّدُوْدُ وَالْحِجَامَۃُ وَالْمَشْیُ فَلَمَّا اشْتَکٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَدَّہُ اَصْحَابُہٗ فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ لَدُّوْھُمْ قَالَ فَلَدُّوْا کُلَّھُمْ غَیْرَ الْعَبَّاسِ ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر تمہارے دوا ؤں میں سعوط اور لدود اور حجامت اور مشی ہے پھر جب بیمار ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مونہہ میں ڈالی آپکے دوا اصحاب نے پھر جب فارغ ہوئے فرمایا آنحضرت نی دوا لوگنے مونہہ میں پھر سب حاضرین کے مونہہ میں دوا ڈالی گئی سوا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے متبرجم سَعُوط بالفتح وہ دوا ہی جو ناکمیں ڈالی جائی جیسے اہل ہند ناس کہتے ہیں اور لدود بالفتح وہ دوا ہے جو مریض کو ایک جانب سے مونہہ کی پلائی جاوے اور حجامت پچھنے لگانا اور مشی سے اور یہہ سہلہ مراد ہیں اور جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دہن مبارک میں دوا ڈالنے لگے تو آپنے منع فرمایا تھا لوگوں نے خیال کیا کہ بسبب مرض کے دوا سے کراہت فرماتی ہیں جیسے اکثر مریضوں کو نفرت ہوتی ہے پھر جب دوا ڈال چکے اور آپ ہوشیار ہوئے آپنے حکم فرمایا کہ سبنے منع کیا تھا اب تمنے جو دوا ڈالی اُسکے قصاص میں جتنے حاضر ہیں سبکے مونہہ میں دوا ڈالی جاوے اور چونکہ خصوصیت عباس

عباس اُسوقت حاضر نہ تھے وہ بگڑیں اور یہ حکم اپکا کمال شفقت کی راہ سے تھا کہ اپکو منظور نہوا کہ صحابہ پر اس نافرمانی کا مواخذہ رہی مجمہ البحار **عَنْ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ اللَّدُوْدُ وَالسَّعُوْطُ وَالْحِجَامَةُ وَالْمَشِيُّ وَخَيْرَ مَا اكْتَحَلْتُمْ بِهِ الْاِثْمِدُ فَاِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ قَالَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُ مُكْحُلَةٌ يَكْتَحِلُ بِهَا عِنْدَ النَّوْمِ ثَلَاثًا فِيْ كُلِّ عَيْنٍ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہتر دوا تمہاری دوائیں کی لدود ہی اور سعوط ہی اور حجامت اور مشی اور تفصیل ہر ایک کی اوپر گذری اور بہتر جگا سرمہ لگانا تم اثمد ہی اسلئے کہ وہ صاف کرتا ہے بصر کو اور اگاتا ہی بلکو کہا راوی نے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سرمہ دانی تھی کہ سرمہ لگاتی تھے آپ ہر روز اُس سے سوتی وقت تین سلائیاں ہر آنکھ میں

**ف** یہ حدیث حسن ہے یعنے حدیث عباد بن منصور کی جو ابن عباس سے مروی ہے **مترجم** اثمد بکسر ہمزہ بہتر ہے سرمہ کا سیاہ رنگ کہ اصفہان سے لاتی ہیں اور وہ عمدہ ہے اور کبھی مغرب سے بھی لاتی ہیں اور عمدہ تر اُسمیں وہ ہے کہ جلدی ٹوٹی اور ملس ہو اور سیل کم ہو بلکہ بالکل نہو اور مزاج اُسکا بارد و یابس ہے نافع ہی آنکھہ کو اور مقوی بصر ہے اور حافظ صحت چشم ہے اور کاٹ دیتا ہے لحم زائد کو کہ آنکھہ میں متولد ہو اور مدمل قروح چشم ہے اور محلی بصر ہے اور دافع صداع ہے اگر ساتھہ صل رقیق کے آنکھہ میں کھینچی اور اگر باریک پیسکر چربی میں ملا کر جلے ہوے بدن پر لگاوین بہت نافع ہے اور بوڑھون اور ضعیف البصر لوگون کو عادت اُس سی اکتحال کی بہت مفید ہے اگر اُسمیں کچھہ مسک بھی ملا دین (زاد المعاد)

دوا دینے کی کراہت

**بَابُ** مَا جَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الْكَيِّ باب داغ دینی کی کراہت میں **عَنْ** عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْكَيِّ قَالَ فَابْتُلِيْنَا فَكَوَيْنَا فَمَا اَفْلَحْنَا وَلَا اَنْجَحْنَا **ترجمہ** روایت ہے عمران بن حصین سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا داغ دینی سے کہا راوی نے پھر گرفتار ہوے ہم یعنے مرض مین پھر داغ دلوایا سو نہ چھٹکارا پایا ہمنے اور نہ مُراد کو پہونچے

**ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ نُهِيْنَا عَنِ الْكَيِّ **ترجمہ** روایت ہے عمران بن حصین سے کہا اُنہون نے کہ منع کئی گئے ہم داغ دینے سے

داغ دینی کی رخصت

**ف** اسباب ابن مسعود اور عقبہ بن عامر اور ابن عباس سی بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **بَابُ** مَا جَاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ ذٰلِكَ باب داغ کی رخصت میں **عَنْ** اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَوٰى سَعْدَ بْنَ زُرَارَةَ مِنَ الشَّوْكَةِ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے داغ دیا سعد بن زرارہ کو شوکہ کی بیماری مین **ف** اسباب ابی اور جابر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہی **مترجم** کی یعنے داغ دینا آگ سے ایک علاج معروف ہے اکثر امراض مین اور روایات اسباب مین بہت ہین چنانچہ جابر بن عبداللہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ابی بن کعب کے طرف ایک طبیب پس اُسنی ایک رگ کاٹی اور اُسی داغ دیا اور جب تیر لگا سعد بن معاذ کی رگ اکحل مین داغ دیا اُنکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر وہ ورم کر گئی پھر داغ دیا اُنہے اور کہا ابو عبیدہ نے ایک مرد آیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور بیان کیا اُسنی داغ کا تو فرمایا آپنے داغ دو اور گرم پتہون سے سینک دو اور مروی ہے ابی زبیر سی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے داغ دیا اُنکی اکحل مین اور صحیح بخاری مین انس سے مروی ہے کہ اُنہون نے داغ دیا ذات الجنب مین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ تھی اور احادیث نہی کی بھی کئی ہین چنانچہ مروی ہے کہ ستر ہزار شخص داخل ہونگے آپکی امت سے جنت مین بغیر حساب کے کہ وہ جھاڑ پھونک نکرتے ہونگے اور داغ نہ دیتے ہونگے اور بد فال نہ لیتے ہونگے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہونگے غرض یہ کہ جمیع روایات اسباب مین چار طرح پر ہین اول مین فعل اُسکا دوسری مین عدم محبت اُسکی تیسرے مین ثنا اُسکی تارک پر چوتھے مین نہی اُس سے اور کچھہ تعارض نہین ہے ان سب روایتون مین بحمد اللہ والمنہ اسلئے کہ فعل اُسکا دلالت کرتا ہے جواز پر اور عدم محبت اُسکی منع پر دال نہین اور ثنا اُسکی تارک پر دلالت کرتی ہے کہ ترک اُسکا اولی اور افضل ہے اور نہی اُس سے علے سبیل الاختیار ہے یا نہی معلول ہے اُس داغ پر کہ جو بغیر حاجت کے قبل حدوث مرض کے احتیاطاً عمل مین آوی واللہ اعلم (زاد المعاد) اور نہ پاوگا تو اس سے بہتر تفصیل اور تطبیق کہین واللہ اعلم

حجامت کا بیان

**بَابُ** مَا جَاءَ فِي الْحِجَامَةِ باب حجامت کے بیان مین **عَنْ** اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْتَجِمُ فِي الْاَخْدَعَيْنِ وَالْكَاهِلِ وَكَانَ يَحْتَجِمُ لِسَبْعَ عَشْرَةَ تِسْعَ عَشْرَةَ وَاِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پچھنے لگاتے تھی اخدعین مین اور کاہل مین اور پچھنے لگاتے تھے ستر ہوین اُنیسوین اکیسوین کو

**ف** اسباب ابن عباس اور معقل بن یسار سے بھی روایت ہے یہہ حدیث حسن ہے غریب **مترجم** اخدعین تثنیہ ہے اخدع کا اور وہ دو رگین ہین جانبین مین گردن کے اور کاہل دونون شانون کے بیچمین اور حجامت اخدعین پر نفع دیتی ہے امراض سر اور جمیع اجزا کو اُسکی مثل مونہہ اور دانتون اور کانون اور آنکھون کے اور نک اور حلق کے جبکہ حدوث اُنکا کثرت دم کے سبب سے یا فساد خون سی ہو اور حجامت

کامل پرفع دیتی ہے شانوں کے درد کو اور حلق کو اور صحیحین میں ہے کہ حضرت تین جگہ پچھنے لگاتی تھے ایک شانوں کے بیچ میں اور دو احد حین پر اور تاریخ بخاری مذکور میں لگانا مسنون ہے اور خون لذوعین جوش اور تزاید پر ہوتا ہے بخلاف اول ماہ اور آخر اُسکے کے اور حجامت سطح بدن کو زیادہ مفید ہی بہ نسبت فصد کی اور فصد مفید ہے داخل بدن کو اور بلا دحارہ میں کہ خون رقیق ہوتا ہے مثل خطۂ عرب کے حجامت زیادہ تر مفید ہے اسلیے فرمایا آپنی خیر یا دارو تیم بہ الحجامۃ والفصد (زاد المعاد) **عن** ابن مسعود قال حدثت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن لیلۃ اسری بہ انہ لم یمر علی ملاء من الملائکۃ الا امرتہ ان مر امتک بالحجامۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن مسعود سے کہ بیان کیا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حال اُس شب کا کہ سیر کرائی گئی اُنکو یعنے معراج کا کہ نہ گذرے وہ کسی گروہ پر فرشتون کی مگر حکم کیا اُنہون نے کہ آپ حکم کیجئے اپنی امت کو حجامت کا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ابن مسعود کی روایت سے **عن** عکرمۃ قال کان لابن عباس غلام ثلاثۃ حجامون فکان اثنان یغلان ووا حد یحجمہ ویحجم اھلہ قال وقال ابن عباس قال نبی اللہ نعم العبد الحجام یذھب بالدم ویخفف الصلب ویجلو عن البصر وقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین عرج بہ ما مر علی ملاء من الملئکۃ الا قالوا علیک بالحجامۃ وقال ان خیر ما تحتجمون فیہ یوم سبع عشرۃ ویوم تسع عشرۃ ویوم احدی وعشرین وقال ان خیر ما تداوی بہ الشعوط واللدود والحجامۃ و المشی وان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لدہ العباس واصحابہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لدنی فکلھم اسکوا فقال لا یبقی احد ممن فی البیت الا لد غیر عمہ العباس قال النضر اللدود الوجور **ترجمہ** روایت ہے عکرمہ سے کہ ابن عباس کے تین غلام تھے پچھنے لگانیوالی سو دو اُنمیں سے مزدوری کرتے تھے اور اُجرت پر پچھنے لگاتے تھے اور ایک ابن عباس اور اُنکے گھر والون کے پچھنے لگاتا تھا کہا راوی نے اور کہا ابن عباس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا خوب ہے غلام پچھنے لگانیوالا لیجاتا ہی خون کو اور ہلکا کر دیتا ہے پیٹھ کو اور صاف کرتا ہے بصر کو اور کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب معراج کو تشریف لیگئے نہ گذرے کسی گروہ پر فرشتون کے مگر کہا اُنہون نے لازم پکڑو حجامت کو اور فرمایا حضرت نے بہتر یا تاریخ جسمین حجامت کرو تم ستر ہ اور انیسویں اکیسویں تاریخ ہے اور بہتر ین دوا سعوط ہے اور لدود ہے اور حجامت اور مشی اور تحقیق کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لدود کیا عباس اور اصحاب اُنکے نے سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مجھے لدود کیا ہے پس سب حاضرین گھر نے لدود کیا سوا عم آنحضرت کے جو عباس ہین کہا نضر نے لدود بمعنے وجور ہے اور وجور ہی وہی دوا ہے جو منہ مین ڈالی جاوے **ف** اسبابمین عائشہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر عباد بن منصور کی روایت سے **باب** ماجاء فی الحناء والخضاب باب مہندی کے بیان مین **عن** علی بن عبد اللہ عن جدتہ وکانت تخدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالت ما کان یکون برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرحۃ ولا نکبۃ الا امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اضع علیھا الحناء **ترجمہ** روایت ہے علی بن عبد اللہ سے وہ روایت کرتے ہین اپنی دادی سے کہ خدمت کرتی تھین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی کہا اُنکی دادی نے کہ نہوتا تھا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کوئی زخم یا ٹھوکر یا کانٹے کی جراحت مگر یہ کہ حکم فرماتے مجھے آنحضرت مہندی کہنیکا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر قاید کی روایت سے اور بعضون نے قایدسی یون روایت کی ہے کہ روایت ہے قاید سے کہ کہا قاید نی روایت ہے عبید اللہ بن علی سی وہ روایت کرتے ہین اپنے دادے سلمی سے اور عبید اللہ بن علی اصح ہی یعنے بہ نسبت علی بن عبید اللہ کے روایت کی ہے ہمسے محمد بن علاء نے انہون نے زید بن حباب سے اُنہون نے قاید سے جو مولی ہین عبید اللہ بن علی کے اُنہون نے اپنے مولی سے اُنہون نے اپنی دادی سے اُنہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے مضمون **مترجم** حنا بارد ہی درجۂ اولی مین یابس ہے ثانیہ مین اور شجر حنا اور اعصان اُسکے مرکب ہین قوۃ محللہ سے کہ جوائی ہے اُسمین بسبب جوہر ہوائی کے کہ حار ہے باعتدال اور قوت قابضہ سے کہ جوائی ہے اُسمین جوہر ارضی سے کہ بارد ہے اور منافع اُسکے بہت ہین منجملہ اُنکے یہ ہے کہ وہ محلل ہے نافع ہے آگ کے جلے ہوے کو اور مقوی اعصاب ہے ضماداً اور نافع ہے قروح قم کو مضمضاً اور نافع ہے ادرام حارہ کو ضماداً اور جراحات مین دم الاخوین کی تاثیر کہتی ہے اور سفوف اُسکا اگر موم مین ملاکر باختلاط روغن گل ضماد کرین تو اوجاع جنب کو مفید ہے اور اُسکے خواص مجربہ سے ہے کہ اگر کسی لڑکی کو چیچک نکلتی ہو اور اُسکے ہاتھ مین خوب مہندی لگادین اُسکے ناخنون مین ذرسی محفوظ رہین اور اگر پیتے اُسکے پانی مین ہمگو کر صاف کر کے بیس درہم اور شکر دس درہم ملاکر مہینہ اور جلیس دن تک ایسا ہی کرین اور غذا ضان صغیر کا گوشت رکھین تو ابتدای جذام مین فائدہ عجیبہ ظاہر ہو اور حکایت کرتی ہین کہ ایک شخص کے ناخن بگڑ گئے تھی اُسنے

بہت کچھ مال خرچا مگر صحت حاصل نہوئی آخر بتائی اُسکو ایک عورت نے خاکہ دس دن تک پیوی اُسی پانیمین بھگو کر پیئے اُسنی اور اچھی ہوگئی ناخن اُسکی اور نعم بخشتی ہے ضماد چھالون اور پھوڑونکو جو ساقین اور رجلین مین نکلین اور یہ مجرب ہے مترجم کا **باب** ماجاء فی کراھیۃ الرقیۃ باب رقیہ کی کراہت مین **مترجم** رقیہ وہ دعا ہے کہ جسکو بیمار پر پھونکین اور صاحب آفت کو اُس سے چھاڑین جیسے صرع وغیرہ انتہی قول المترجم **عن** ابن المغیرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اکتوی او استرقی فقد برئ من التوکل **ترجمہ** روایت ہے ابن مغیرہ سے کہ فرمایا آپنے جسنی داغ دلوایا یا جھاڑ پھونک کے وہ نکل گیا اہل توکل سے **ف** اسباب ابن مسعود اور ابن عباس اور عمران بن حصین سے ہے روایت ہے بہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **باب** فی الرخصۃ فی ذالک باب اسکی رخصت مین **عن** انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رخص فی الرقیۃ من الحمۃ والعین والنملۃ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ سلم نے رخصت دی رقیہ کی بچھو مین اور نظر بد اور نملہ مین **ف** مترجم کہتا ہی نملہ کچھ دانی ہین کہ نکلتی ہین پسلی مین اور تحقیق رقیہ کی اور تطبیق احادیث آگی آتی ہے **عن** انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رخص فی الرقیۃ من الحمۃ والنملۃ **ترجمہ** اور یہہ نزدیک صحیح ترہے اسکا اوپر گذرا **ف** اور یہہ نزدیک صحیح ترہے معویہ بن ہشام کی روایت سے جو مروی ہے سفیان سی یعنی جو اوپر گذری اسباب مین بریدہ اور عمران بن حصین اور جابر اور عائشہ اور طلق بن علی اور عمرو بن حزم اور ابی خزامہ سے بھی روایت ہے کہ وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہین **عن** عمران بن حصین ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا رقیۃ الا من عین او حمۃ **ترجمہ** فرمایا حضرت نے رقیہ نہین ہے مگر نظر بد اور بچھو سے **ف** روایت کے شعبہ نے یہ حدیث حصین سے اُنہون نے شعبی سے اُنہون نے بریدہ سے **مترجم** رقیہ کی باب مین احادیث کئی طور پر وارد ہوئی ہین بعضے دلالت کرتی ہین جواز پر چنانچہ احادیث باب اور اسیطرح مسلم مین مروی ہے کہ بیمار ہوے حضرت اور رقیہ کیا جبرئیل علیہ السلام نے آپ پر اور بہت سی روایتین وارد ہوئین اُسکے جواز مین اور بعضے احادیث دال ہین اسپر کہ ترک اُسکا اولی ہے چنانچہ مروی ہے کہ ستر ہزار آدمی داخل ہونگے جنت مین بغیر حساب کے کہ رقیہ نکرتے ہونگے اور اسیطرح روایت باب سابق کی اور کچھ مخالفت نہین ہے ان حدیثونمین بلکہ جسمین اُسکے ترک کی اولویت اور تارک کے تعریف اور ثنا وارد ہوئی ہے مراد اُس سے وہ رقیہ ہین جنکی معنی معلوم نہین یا کلام کفار سی ہین یا غیر عربی مین ہین یا کسے اور زبان غیر معلومہ مین کہ احتمال ہے اُسمین شرک کا اور استعانت بالغیر کا سوے باری تعالی شانہ کی اور جسمین جواز مذکور ہے مراد اُس سے وہ رقی ہین جو ماخوذ ہین الفاظ قرآن اور اسماء الہی سے کہ وہ منع نہین ہین بلکہ مسنون ہین اور بعضون نے کہا کہ نہی محمول ہے افضلیت پر اور سہان توکل کے لئے اور اذن اور فعل رقی کا مذکور ہے بیان جواز کے لئے اور ابن عبد البر بھی اسکی قائل ہین مگر مختار مذہب اول ہے یعنے مسنون ہونا رقی قرآنیہ وغیرہ کا اور نقل کیا بھی بعضون نے اجماع جواز رقی قرآنیہ پر اور اسیطرح جو ماخوذ ہون باذکار الہی سے اور مازری نے کہا جمیع رقی جایز ہین جب کتاب اللہ سے ہون اور منع وہ ہین جو لغت عجمی مین ہون یا جنکے معلوم نہون احتمال ہے اُسمین کفر کا اور کہا ہے کہ رقیہ بالکتاب مین اختلاف ہے پس ابو بکر صدیق نے اُسی جایز کہا اور مکروہ کہا اُسکو مالک نے اس خوف سے کہ اُنہون نے بدل قول اللہ کی کتابونکو اور جنھون نے اُنکو جایز کہا اُنہون نے کہا ظاہر یہی ہے کہ نہ بدلا ہو اُنہون نے رقی کو اسلئے کہ غرض اُنکی اُسکے تبدیل کے ساتھ متعلق نہ تھی بخلاف سایر احکام شرع کے اور مسلم مین مروی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا اعرضوا علی رقاکم لا باس بالرقی ما لم یکن فیہا شرک انتہے مافی النووی فقیر کہتا ہے کہ آنحضرت کے اس قول فی جو فیصلہ کردیا رقی کے باسمین وہ سے بہتر ہے **باب** ماجاء فی الرقیۃ بالمعوذتین باب رقیہ معوذتین کے بیانمین **عن** ابی سعید قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتعوذ من الجان وعین الانسان حتی نزلت المعوذتان فلما نزلتا اخذ بھما وترک ما سواھما **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پناہ مانگتے تھے جنون سے اور آدمیون کی نظر بد سے یہانتک کہ اُترین معوذتین پھر جب یہہ اُترین لے لیا آپنے اُسکو اور چھوڑ دیا اُسکے سوا اور دعا مین کو استعاذہ کی **ف** اسباب مین انس سے ہے روایت ہے کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **مترجم** معوذتین نام ہے قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کا اور فضائل ان دو سورتون کے بہت ہین چنانچہ عقبہ بن عامر سے مروی ہے کہ ہم جاتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جحفہ اور ابواء کی بیچ مین کہ سخت آندھی اور ظلمت نے ہمکو گھیر لیا سو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پڑھنے لگے معوذتین اور فرمایا اے عقبہ پناہ مانگو بیہ دو سورتین پڑھکر کسی پناہ مانگنے والی نے مثل اسکے پناہ نہ مانگی (ابوداود) اور عبد اللہ بن خبیب سے روایت ہے کہ ہم ایک اندھیری رات مین رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کو ڈھونڈھنے نکلے اور ہم نے پایا آنکو تب فرمایا ہم سے آنحضرت نے کہہ عرض کی مین نے کیا کہون فرمایا کہہ قل ہو اللہ احد اور معوذتین جب صبح کرے تو اور جب شام کرے تو تین تین بار کہ کافی ہوگا تجھے ہر شی سے یعنے پناہ ہوگی تجھی ہر شی سے

النسائی وابوداود **باب** ماجاء فی الرقیۃ من العین باب نظر بد کے رقیہ میں **عن** عبید بن رفاعۃ الزرقی ان اسماء بنت قیس قالت یا رسول اللہ ان ولد جعفر تسرع الیھم العین افاسترقی لھم قال نعم فانہ لو کان شیء سابق القدر لسبقتہ العین **ترجمہ** روایت ہے عبید کہ اسماء نے کہا یا رسول اللہ جعفر کے لڑکوں کو نظر جلدی لگجاتی ہے کیا رقیہ کراؤں انکے لئے فرمایا آپنے ہاں اسلئے کہ اگر کوئی چیز تقدیر پر غالب ہوجاتی تو نظر بد غالب ہوجاتی یعنی چونکہ کوئی چیز تقدیر پر غالب نہیں ہوسکتی اسلئے نظر بھی غالب نہیں ہوسکتی ورنہ قوت اسمیں ایسی ہے کہ تقدیر پر غالب ہوجاسکتی ہے **ف** اسباب عمران بن حصین اور بریدہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مرسل ہونی یہ حدیث ایوب سے انہوں نے روایت کی عمرو بن دینار سے انہوں نے مرہ سے انہوں نے عبید بن رفاعہ سے انہوں نے اسماء بنت عمیس سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیے ہے یہ حدیث حسن بن علی خلال نے انہوں نے عبدالرزاق سے انہوں نے معمر سے انہوں نے ایوب سے **عن** ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعوذ الحسن والحسین یقول اعیذکما بکلمات اللہ التامۃ من کل شیطان وھامۃ ومن کل عین لامۃ ویقول ھکذا کان ابراھیم یعوذ اسحق واسمعیل **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پناہ دعا کرتے امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما کی لئے ان کلمات سے اعیذکما سے لامۃ تک اور معنے انکے یہ ہیں پناہ مانگتا ہوں میں واسطے تمہارے بوسیلہ کلمات خدا کی کہ پوری ہیں یعنی صدق وبلاغت میں ہر شیطان یعنے سرکش سے اور ہر آنکھ جنون میں ڈالنے والی چیز سے اور ہر آنکھ جنون میں ڈالنے والی سے اور فرماتے تھی کہ ابراہیم علیہ السلام انہیں الفاظ سے تعوذ فرماتے تھی اسحٰق اور اسمعیل کو **ف** روایت کیے ہے حسن بن علی خلال نے انہوں نے یزید بن ہارون اور عبدالرزاق سے انہوں نے سفیان سے انہوں نے منصور سے ہم معنی اسکے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** ہامہ کل ذات ہم یعنے وہ چیز کہ ذکر وغم میں ڈالنے والی مثل مرض آفات وبلیات کی اور لامۃ اسی ذات لم یعنے لم والی چیز اور لم ایک قسم ہے جنون کی یلم بالانسان اسی تقرب منہ اور مراد عین لامہ سے نظر بد ہے اور مزید تفصیل اور تحقیق اسکی آگے آتی ہے **باب** ماجاء ان العین حق باب اثبات میں نظر بد کے **عن** محارب التمیمی انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا شیء فی الھام والعین حق **ترجمہ** روایت ہے محارب تمیمی سے کہ سنا انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھی نہیں معتبر ہے وہ حقیقت ہام کی جو عرب میں مشہور ہے اور نظر بد کا اثر سچی ہے **عن** ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کان شیء سابق القدر لسبقتہ العین واذا استغسلتم فاغسلوا **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر کوئی چیز غالب ہوتے تقدیر پر تو نظر غالب ہوتی اور جب حکم کریں تمکو کہ غسل کرینگا تو غسل کرو **ف** اسباب عبداللہ بن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث صحیح ہی اور حدیث حیوہ بن حابس کے یعنے حدیث اول غریب ہے اور روایت کیے شیبان نے یحیے بن ابی کثیر سے انہوں نے حیوہ بن حابس سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور علی بن مبارک اور حرب بن شداد نہیں ذکر کرتے اس سند میں ابی ہریرہ کا **متبرجم** اثر نظر بد کا حق ہے اور بہت روایات سے اسکا ثبوت ہے اور باجماع امت ثابت ہے کسی نے انکار نہیں کیا اسکا مگر ایک فرقہ مبتدعہ فی اور کوئی معتد بہ عقل اسکے ثبوت میں لازم نہیں آتا اور شارع فی اسکی خبر دی ہے پھر وجہ کیا عدم قبول کے مگر جہالت اور عناد اور اثر اسکا کوئی احتمال رکھتا ہی اول یہ کہ عین کی آنکھ سے ایک قوت سمیہ منبعث ہوتی ہے کہ اس سے دوسرے کو نقصان پہونچتا ہے اور یہ ممتنع نہیں جیسا کہ انبعاث قوت سمیہ کا سانپ کی آنکھ سے ممتنع نہیں بلکہ بعضے سانپوں میں واجب الوجود ہے یہ تاثیر کہ اسکے نگاہ کرنے سے آدمی اندھا ہوجاتا ہے یا جل گرجاتا ہی چنانچہ ابتر اور ذی الطفیتین کے یہ خاصیت حدیث صحیح میں انحضرت سے مروی ہے اور سمیطر ہوی حاسد کی آنکھ سے محسود کو ضرر پہونچتا ظاہر ہے دوم یہ کہ منبعث ہوتی ہوں جواہر غیر مرئیہ لطیفہ عائن کی آنکھ سے اور نفوذ کرجاتے ہوں مسامات میں معین کے اور باعث ہوتی ہوں انکے فساد وہلاک کا سوم یہ کہ پیدا کردیتا ہو اللہ تعالے ایک قوت سمیہ معین کے جسم میں جبکہ مقابل ہو وہ عائن کے اور نہو کسی قسم کی تاثیر عائن کی آنکھ میں اور یہ قول منکران تاثیرات اشیا کا ہی اوہام کو رد کرنے بند کرلیا اپنے اوپر دروازہ اسباب وعلل کا ایسا ہی کہا صاحب زاد المعاد نے اور تضعیف کی اسکی اور کہا کہ قائل کبھی انکار نہ کریگا تاثیرات ارواح کا اجسام میں اور ارواح قوی میں اور طبایع مختلفہ رکھتی ہیں اور ہر ایک میں تاثیر جداگانہ ہی پس مثل تاثیر ارواح کی تاثیر عین کی بھی متعدد ہیں اور صحیح قول اول ہے اور اسمیں اختلاف ہے علما کا کہ عائن پر جبر کیا جاوے کہ معین کے لئے وضو کرے یا نہیں پس احتجاج کیا ہے جن لوگوں نے واجب کہا ہی بمانا قول انحضرت کے جو مروی ہی کہ یعنے اذا استغسلتم فاغسلوا اور برائت موطا وضو کا امر ہی آیا ہے اور امر موتا ہے وجوب کے لئے اور راجح کہا ہی کہ صحیح یہ نزدیک

وجد ہے اور بعید ہی اختلاف کرنا اُسکی وجوب مین جبکہ معین کے ہلاک کا خوف ہو اور عادۃ وضو عائن کا موجب صحت ہووے اور کیفیت وضو کی جسنی نظر مد لگائی ہوا یک کیفیت خاصہ ہے کہ سُنّی مین مذکور ہے اور وہ یہہ ہے کہا زہری نے لاوین ایک پیالہ پانی سی بھرا ہوا عائن کے آگے اور وہ اُسمین اپنی ہتھیلیان ڈالکر دھووے اور اُسی مین کلی کری پھر دہنے اپنا منہہ اُسی پیالہ مین یعنی غسالہ ہاتھہ کا ہنگاوی پھر بایان ہاتھہ ڈالکر پانی لیوے اور داہنی ہتھیلی پر ڈالی اسطرح کہ پیالہ ہی مین گرے پھر داہنا ہاتھہ ڈالکر پانی لیوی اور بائین ہاتھہ پر ڈالی پھر بایان ہاتھہ ڈالکر داہنی کہنی پر پانی بہاوے پھر داہنا ہاتھہ ڈالکر بائین کہنی پر پانی بہاوی پھر بایان ہاتھہ ڈالکر داہنی پر پانی بہاوے پھر داہنا ہاتھہ ڈالکر بائین پر پانی بہاوے پھر بایان ہاتھہ ڈالکر داہنی گھٹنے پر پانی ڈالی پھر داہنا ہاتھہ ڈالکر بائین گھٹنے پر پھر دھووے اُسی مین داخل ازار اپنا پھر یکبارگی وہ پانی معین کے سر پر ڈالا یا جاوی اور داخل ازار سی یہان بعضون نے کہا ہی تہمت مُراد ہی یعنی ایک کونا تہمت کا جو اندر کیطرف ہو اور بدن سی لگا ہوا اُسی کہی دھووے اور بعضون نے کہا مراد اُس سے وہ بدن ہے جو ازار مین دہنیا ہوتا ہے اور بعضون نے کہا ہی مراد مذاکیر یعنے خصیہ اور ذکر ہین اور بعضون نے کہا ہی کہ مراد اُس سے ورک ہے کہ ازار وہین باندہی جاتی ہے زہ اخلاصہ مافی النووی وزاد المعاد وسُنّی) اور حجۃ اللہ مین ہے کہ العین حق اور حقیقت تاثیر ہے الہام نفس عائن اور وہ ایک صدمہ ہے کہ حاصل ہوتا ہے اُسکی الہام سی معین کو اور ایسی ہے ہی نظر جن کی انتہی

## باب ما جاء فی احذ الاجر علی التعویذ

باب تعویذ پر اجرت لینی کے بیانمین

**عن** ابی سعید قال بعثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سریۃ فنزلنا بقوم فسألناھم القرا فلم یقروا فقالوا ھل فیکم من یرقی من العقرب قلت نعم انا ورقی لکن لا ارقیہ حتی تعطونا غنما قالوا فانا نعطیکم ثلثین شاۃ فقبلنا فقرأت علیہ الحمد سبع مرات فبرأ فقبضنا الغنم قال فعرض فی نفسی منھا شئ فقلنا لا نعجلوا حتی نأتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فلما قدمنا علیہ ذکرت لہ الذی صنعت قال وما علمت انھا رقیۃ اقبضوا الغنم واضربوا لی معکم بسھم ترجمہ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا بھیجا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نی ایک چھوٹی لشکر مین پھر اُتری ہم ایک قوم کے پاس اور مانگی ہمنے اُنسے مہمانی یہ مہمانی نکی ہماری اُنہون نے سو کاٹ کہا یا کسی بچھو نی اُنکے سردار کو سو اُنہون نے کہا ہان اور کہا کوئی ہی تم مین کہ جھاڑتا ہو بچھو کو کہا ابی سعید نے کہ مین نے کہا ہان مین جھاڑتا ہون لیکن نہ جھاڑونگا مین جبتک مذو تم ہمکو کچھہ بکریان کہا اُنہون نے ہم تمکو دینگے تیس بکریان سو قبول کیا ہمنے اور پڑھنے مین نے اُسپر الحمد سات بار سو اچھا ہو گیا وہ اور لیلین ہم نے بکریان کہا راوی نے کہ پھر ہمارے دلمین خیال آیا سو کہا ہمنے اپنی یارون سے مت جلدی کرو یہانتک کہ آوے ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا جب آئے ہم آنحضرت پاس ذکر کیا ہمنے اپنے کام کا فرمایا آپنے کیونکر معلوم ہوا تمکو کہ سورۂ فاتحہ رقیہ ہے پھر فرمایا آپنے لو بکریون کو اور لگاؤ میرا بھی ایک حصہ اپنے ساتھ

**ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابو نضرہ کا نام منذر بن مالک بن قطعہ ہی اور رخصت دی شافعی نی معلم کو کہ تعلیم قرآن پر اجرت لیوی اور کہا جایز ہے کہ جبکا لیوی اور شرط کر لیوی وہ اپنی اجرت کو اور احتجاج کیا ہی اسی حدیث سے اور روایت کی شعبہ اور ابو عوانہ اور کئی لوگون نی ابی المتوکل سے اُنہون نے ابی سعید سی یہ حدیث

**عن** ابی سعید ان ناسا من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم مروا بحی من العرب فلم یقروھم ولم یضیفوھم فشکی سیدھم فاتونا فقالوا ھل عندکم دواء او راق قلنا نعم ولکنکم لم تقرونا ولم تضیفونا فلا نفعل حتی تجعلوا لنا جعلا فجعلوا لنا قطیعا من غنم فجعل رجل منا یقرأ علیہ بفاتحۃ الکتاب فبرأ فلما اتینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم ذکرنا ذلک لہ قال وما یدریک انھا رقیۃ وکرہ ذلک ولم یرھا منہ وقال کلوا واضربوا لی معکم بسھم ترجمہ روایت ہے ابی سعید سی کہ کچھہ لوگ اصحاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی گذرے ایک قبیلہ پر عرب کے پھر نہ مہمانی کی اُنہون نے اور نہ ضیافت کی اُنکی پھر کچھہ تکلیف ہوگئی اُنکے سردار کو یعنے بیماری وغیرہ کی سو آئی وہ ہمارے پاس اور پوچھا کہ کوئی دوا تمہارے پاس ہے یعنے کہا ہان ولیکن تمنے نہ مہمانی کی ہمارے اور نہ ضیافت کی سو ہم دوا نکرینگے جب تک تم ہمارے لئی کچھہ مزدوری نہ ٹھہراؤ سو مقرر کیا اُنہون نے ایک گلہ بکرینکا سو لگا ایک مرد ہم مین کا اُسپر سورۂ فاتحہ پڑہنے سو اچھا ہو گیا وہ سردار پھر جب حاضر ہوی ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین ذکر کیا ہمنے اُسکا اور فرمایا آپنے کس نے بتایا تمکو کہ وہ سورۂ رقیہ ہے اور نہین ذکر کیا راوی نے کہ حضرت نے اُن بکریون کے لینے سے کچھہ منع کیا ہو یا اس سورت کو رقیہ بنانے سے منع فرمایا ہو اور فرمایا آپنے کہاؤ وہ بکریان اور میرا بھی ایک حصہ اُسمین لگاؤ

**ف** یہ حدیث صحیح ہی اور یہ روایت صحیح ہے اعمش کے روایت سے جو جعفر بن ایاس سے مروی ہے اور اسیطرح روایت کی کئی لوگون نے یہ حدیث ابی بشر سے کہ نام جنکا جعفر بن ابی وحشیہ ہے وہ روایت کرتی ہین ابی المتوکل سے وہ ابی سعید سے اور جعفر بن ایاس وہی جعفر بن ابی وحشیہ ہین مترجم

اس حدیث میں تصریح ہی رقیہ کی اُجرت کی جواز پر اور پھر کراُجرت اُسکی حلال وطیب ہے کراہت تک بھی اُسمیں نہیں اور اسی پر قیاس کیا ہی بعضوں نے تعلیم قرآن کی اجرت کو اور جائز کہا ہے اُسکو اور یہی مذہب ہے شافعی اور مالک واحمد واسحاق اور ابی ثور اور دوسرے لوگوں کا سلف سے اور جو اُنکے بعد تھی اور منع کیا ہی اُجرت تعلیم کو ابوحنیفہ نی اور جائز کہا ہے رقیہ کی اُجرت کو بمنطوق حدیث مذکور کے اور تقسیم کرنا اُن بکریوں کا اپنے یاروں پر تبرعًا اور باعتبار مروت کے تھا ورنہ وہ سب حق تھا اُنہیں صحابی کا جنہوں نے رقیہ کیا تھا اور حضرت نی جو فرمایا کہ میرا بھی حصہ لگاؤ اسمیں مقصود تھا دل خوش کرنا اصحاب کا اور مبالغہ تھا اُسکی حلت میں کہ صحابہ کو معلوم ہوجاوے کہ اسمیں کوئی شائبہ کراہت ہی نہیں حرمت کا کیا ذکر ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارک اپنے اصحاب کے ساتھ ایسی ہی تھی چنانچہ غیر ہی جو ایک بڑی بھیڑ بھی اور اصحاب نے اُسمیں سے کہایا تھا اور حارجش جو ابوقتادہ نی شکار کیا تھا اُسمیں سے بھی آپ نے حصہ اپنا مقرر کروایا اور قطیعًا من مخم جو حدیث میں وارد ہے اہل لغت نی کہا ہے کہ قطیعہ غالبًا مستعمل ہے دس سے چالیس تک بکریوں کے لئے اور بعضوں نے کہا ہی پندرہ سی پچیس تک کی لئے اور جمع اُسکی اقطاع اور اقطۃ اور قطعان اور قطاع اور قاطیع آتی ہے مثل حدیث واحادیث کے اور مستحب ہے اس حدیث کی رو سی پڑھنا فاتحہ کا لدیغ اور مریض اور آفت رسیدہ پر اور صاحب استقام پر اور مسلم کی روایت میں ہے سیدالحی سلیم یعنی لوگوں نے انکر کہا کہ سردار ہمارے قبیلہ کا سلیم یعنے لدیغ ہے اور لدیغ کاٹی ہوی کو سلیم کہنا باعتبار تفاول کے ہے جیسے دارالمرضی والمرض کو شفاخانہ کہتی ہیں ذکرہ ذکرا النووی فی شرح مسلم **باب** مَاجَاءَ فِي الرُّقٰى وَالْاَدْوِيَةِ باب رقی اور ادویہ تقدیر میں داخل ہے اس بیان میں **عن** اَبِيْ خِزَامَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ رُقًى نَسْتَرْقِيْهَا وَدَوَاءً نَتَدَاوٰى بِهٖ وَتُقٰى نَتَّقِيْهَا هَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ شَيْئًا قَالَ هِيَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ **ترجمہ** روایت ہے ابی خزامہ سے وہ اپنی باپ سے روایت کرتے ہیں کہ پوچھا میں نے یارسول اللہ بھلا خبر دیجی مجھکو کہ یہہ رقیہ جس سے جھاڑ پھونک کرتی ہیں ہم اور دوا کہ جس سے علاج کرتے ہیں ہم اور بچاؤ کی چیزیں کہ جس سے اپنا بچاؤ کرتے ہیں یعنے مانند سپر اور قلعہ وغیرہ آیا پھیر دیتے ہیں اللہ کے تقدیر میں سے کچھ فرمایا آپنے یہ خود تقدیر میں داخل ہیں یعنی انکا ہونا ہے تقدیر میں لکھا ہی مثلا فلانی بیماری فلانی دوا سے جاوےگی اور فلانی کے بیماری اس رقیہ سے دور ہوگی **ف** یہہ حدیث حسن ہے روایت کی ہے سعید بن عبدالرحمن نے اُنہوں نی سفیان سے اُنہوں نے زہری سی اُنہوں نے ابن ابی خزامہ سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی اور ابن عُیینہ سے دونوں روایتیں مروی ہوئی ہیں سو بعضوں نے کہا عن ابی خزامہ عن ابیہ اور بعضوں نے کہا عن ابن ابی خزامہ عن ابیہ اور روایت کی ابن عیینہ کی سوا اور لوگوں نے یہ حدیث زہری سے اُنہوں نی ابی خزامہ سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اور یہ صحیح ہے اور ہم نہیں جانتے ابی خزامہ کی کوئی حدیث سوا اس حدیث کی **مترجم** اس حدیث سی اثبات ہوا تقدیر کا اور معلوم ہوا کہ تاثیر ادویات وغیرہ بھی تقدیر الٰہی سے ہے اور دوا کرنا اور اسباب کے ساتھہ متوسل ہونا خلاف توکل نہیں جیسا بعضے نادان کہتے ہیں جو تقدیر میں ہوگا وہی ہوگا دوا سے کیا ہوگا بات اصل یہ ہے کہ دوا سے وہی ہوگا جو ہوگا وہ بھی تقدیر کے موافق ہے **باب** مَاجَاءَ فِي الْكَمْاَةِ وَالْعَجْوَةِ باب کماۃ اور عجوہ کے بیان میں **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَفِيْهَا شِفَاءٌ مِنَ السَّمِّ وَالْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاءُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عجوہ جنت کی میوہ دن سے ہے اور اُسمیں شفا ہے زہر سے اور کماۃ ایک قسم ہے من کی جو بنی اسرائیل پر اُترا تھا اور پانی یعنے عرق اُسکا شفا ہے آنکھہ کے درد کی **ف** اسباب میں سعید بن زید اور ابی سعید اور جابر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سی نہیں جانتے ہم اسے محمد بن عمر کے روایت سے مگر سعد بن عامر کی سند سے **عن** سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاءُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ **ترجمہ** اسکا حدیث سابق میں گذرا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ نَاسًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا اَلْكَمْاَةُ جُدَرِيُّ الْاَرْضِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ وَالْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَهِيَ شِفَاءٌ مِنَ السَّمِّ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ چند لوگوں نے اصحاب میں سے کہا ہے کہ کماۃ ہیچک ہے زمین کی اور فرمایا آنحضرت نے کہ کماۃ من ہے اور عرق اُسکا شفا ہی آنکھہ کے اور عجوہ جنت کے میوہ دن میں کی ہے اور شفا اُسمیں زہر سے **عن** قَتَادَةَ قَالَ حُدِّثْتُ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ اَخَذْتُ ثَلَاثَةَ اَكْمُؤٍ اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا فَعَصَرْتُهُنَّ فَجَعَلْتُ مَاءَهُنَّ فِيْ قَارُوْرَةٍ فَكَحَلْتُ بِهٖ جَارِيَةً لِيْ فَبَرَاَتْ **ترجمہ** روایت ہے قتادہ سی کہ ابوہریرہ نے کہا لئے میں نے تین کماۃ یا پانچ یا سات اور نچوڑا میں نے اُنکا عرق اور رکھدیا اُسکو ایک شیشہ میں پھر اکمہو میں لگایا ایک لڑکی کے تو اچھی ہوگئی وہ **مترجم** کماۃ بفتح کاف وسکون ہمیم وفتح ہمزہ ایک نبات خودرو ہے کہ زمین میں خود بخود بغیر جوتے بوئی اُگتی ہے ہندی میں اُسکی کہتی ہیں

حضرت نے جو فرمایا کہ وہ من میں سے اُس سے یہ مُراد نہیں کہ حقیقۃً وہ من ہے اِسلئے کہ من تو شہد ترنجبین کے ایک شئی اسمان سے برستی تھی بلکہ مُراد اُس سے یہی کہ اللہ تعالیٰ نے بغیر حق بوی جیسے اُنکو من عنایت فرمایا ویسی ہی تمکو یہہ عنایت کی اور بعضوں نے کہا من اس سے مُراد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے امتنان اور احسان فرمایا اسکے ساتھ اپنے بندوں پر اور یہ جو فرمایا کہ پانی اُسکا شفا ہے آنکھ کے اسمیں تین قول ہیں اوّل یہ کہ عرق اُسکا ملا دین اور دیہ چشم میں نہ یہہ کہ اکیلا اُسی استعمال کریں یہہ ذکر کیا ابو عبیدنی دوسرے یہہ کہ اُسی گرم کرکے عرق نچوڑ لیویں اور اکیلا ہی استعمال کریں کہ اگر اُسکے اخلاط فاسدہ کو دور کردیتی ہے اور باقی رہجاتی ہیں منافع اُسکے گرم کرنے سے تیسرے یہہ کہ آب کمأۃ سے مُراد وہ پانی ہے بارش کا کہ جس سے کمأۃ پیدا ہوتا ہے اور وہ پہلا پانی ہے کہ ایام بارش میں برستا ہی اور اسقول میں اضافت بیانی کی اضافت اقترانی ہے نہ اضافت جزئی بخلاف قولین سابقین کے مگر یہ قول نہایت بعید اور ضعیف ہے اور ذکر کیا اس قول کو ابن الجوزی نے اور بعضوں نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر فقط تبرید انکہہ کی منظور ہو تو صرف اُسکا پانی کافی ہے بغیر اختلاط کسی اور دوا کے اور اسکے سوا اور کچھ مقصود ہو تو مرکب کیا جاوے اور ادویات سے (زاد المعاد) اور عجوہ ایک قسم عمدہ ہی کھجور مدینہ کے اور بعضوں نے کہا ہی کہ وہ حضرت کی بوئی ہوئی ہے اور ایک روایت میں آیا ہے کہ جو ہر صبح کو سات عجوہ کھجور کھاوے اُسکو سحر و سم اثر نکرے الحدیث اور دفع سحر و سم کی خاصیت اُسی نوع میں ہے یا یہہ دعا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور صبح ہی مُراد نہا رموہہ کہا نا اور اُسکے درخت کو لین کہتے ہیں (کرمانی) اور بعضوں نے کہا ہی کہ یہہ فقط دعا ہے آنحضرت کے اُس کھجور میں خاصیت دفع سم کی نہیں اور عدد سات کے توقیفی ہیں جیسے عدد رکعات نماز کے یعنی تیرا کا اللہ ہی کو معلوم ہے یا اُسکی رسول کو (نہایہ) **عن** قتادۃ قال حدثت ان ابا ہریرۃ قال التوبیز دواء من کل داء یاخذ کل یوم واحدۃ وعشرین حبۃ فیجعلھن فی خرقۃ فینقعہ ویستعط بہ کل یوم فی منخرہ الایمن قطرتین والایسر قطرۃ والثانی فی الایسر قطرتین وفی الایمن قطرۃ والثالث فی الایمن قطرتین وفی الایسر قطرۃ **ترجمہ** روایت ہے قتادہ سی کہا حدیث پہونچی ہے مجھکو کہ ابا ہریرہ نے کہا شونیز دوا ہے ہر مرض کے مگر موت کہا قتادہ نے لیتے ہر روز اکیس دانے کلونجی کے ایک کپڑے میں پوٹلی باندھکر بھگو دیتے پانی میں پس ناکہیں ڈالتے ہر روز دوا نتھنے میں دو بوندیں اور بائیں میں ایک اور دوسرے دن بائیں میں دو بوندیں اور داہنی میں ایک اور تیسرے دن داہنی میں دو بوندیں اور بائیں میں ایک **باب** ما جاء فی اجر الکاہن باب ثمن کلب اور اجر کاہن کی حرمت میں **عن** ابی مسعود قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن ثمن الکلب ومھر البغی وحلوان الکاہن **ترجمہ** روایت ہے ابی مسعود سے کہ منع فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کُتّی کی قیمت لینے سے اور زنا کی خرچی سے اور کاہن کی مٹھائی سے یعنے اُسکی مزدوری سی **ف** یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **ترجم** کہانت بکسر کاف فتح مصدر ہے باب نصر ینصر سے اور جب ارادہ ہو عرب کا کہ کہی فلانا شخص کاہن ہو گیا تو کہتا ہے کھن بضم ہا اور کہانت عرب میں تین قسم تھی ایک یہ کہ جنوں میں سے کوئی دوست ہوتا تھا کسی آدمی کا اور وہ خبر دیتا امور غیب سے باستراق سمع اور یہہ فنا ہو گئی بعثت سی سول کرم صلے اللہ علیہ وسلم کے دوسرے یہ کہ اقتدار ارض اور اکتساف عالم میں جو وقایع اور حوادث ہوں اُنسے خبر دی اور ان دونو قسموں کا معتبر اور بعض متکلمین نے انکار کیا حالانکہ اسمیں کسیطرح کا استحالہ نہیں ہے بلکہ ممکن ہے عقلاً اور بعید نہیں وجود اُسکا ولیکن وجن جھوٹے کہتے ہیں اور سچ بھی اور نہی وارد ہوئی ہے اُنکی تصدیق سے اور اعتبار کرنے سے اُنکی قول کے اور تیسرے قسم علم نجوم ہے کہ یہہ بھی داخل کہانت ہے مگر اسمیں کذب بہت واقع ہوتا ہے اور عرافت بھی ایک شعبہ ہے اسکا اور وہ یہہ ہے کہ استدلال ہوے امور پر بتاسباب و مقدمات کے کہ دعوی کرے اُسکے پہچاننے کا اور کبھی ہدد ہوتی ہے ان تینوں علوم کو ایک دوسرے سے کہ زجر اور طرق نجوم اور سبا متعلق ہیں اور یہہ سب موسوم ہے اہانت کے ساتھ اور تکذیب کی ان سب کے شرع نے اور منع فرمایا اُسکی تصدیق سے (نووی) فقیر کہتا ہے اور داخل ہے اس نہی میں رمال خطاربند اہل فال بد مال جو سی ہٹی اور باطل ہے قول اُن سبھوں کا نہیں لایق تصدیق کے انمیں سے کوئی اور مصدق اُنکا منکر ہے قرآن و حدیث کا معاذ اللہ من ذلک اور یہہ بلا پہلی ہے اکثر بلاد اسلام اور خواص عوام میں اعاذنا اللہ من ذلک کلہا اور ضرور ہے اہل علم کو انکار انکے معتقدین بے دین پر اور جملہ اہل بدع و ملحدین پر واللہم رب العالمین وافہم بصالح الاعمال والعقائد الے یوم الدین **باب** ما جاء فی کراہیۃ التعلیق باب گلے میں گنڈہ یا تعویذ لٹکانیکے بیان میں **عن** عیسی بن عبد الرحمن بن ابی لیلی قال دخلت علی عبد اللہ بن عکیم ابی معبد الجھنی اعودہ وبہ حمرۃ فقلت الا تعلق شیئا قال الموت اقرب من ذلک وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من تعلق شیئا وکل الیہ **ترجمہ** روایت ہے عیسی بن عبد الرحمن سے کہا انہوں نے گیا میں عبد اللہ بن عکیم کے پاس عیادت کو اور اُنکے بدن پر سرخی تھی یعنے مرض کے سو کہا میں نے کیوں نہیں لٹکاتی آپ کچھ تعویذ وغیرہ فرمایا انہوں نے موت اُس سے زیادہ قریب ہے اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنی لٹکائی کوئی چیز وہ سونپے یا جاوے گا اُسکو

کلونجی کی قیمت اور زنا کی خرچی اور کاہن کی مٹھائی کی ممانعت

گلے میں گنڈہ یا تعویذ لٹکانے کی کراہت

یعنے پہر تائید ضعیف ہوگی ف حدیث عبداللہ بن حکیم کی جانتے ہیں ہم اُسی فقط ابن ابی لیلی کی روایت سے ہے محمد بن بشار نے اُنہوں نے یحیے بن سعید سے اُنہوں نے ابن ابی لیلی سے ہم معنے اسکی اور اسماعیل عقبہ بن عامر سے بھی روایت ہے ترجمہ ابوداؤد میں عبداللہ سے مروی ہے کہ حضرت نے فرمایا ان الرقا والتمائم والتولہ شرک یعنی رقا اور تعلیم اور تولہ یہ سب شرک ہے رقا جو ہی رقیہ کی مُراد اُس سے وہ رقیہ ہے کہ اُسمیں نام ہوں اصنام کے جیسے اہل ہند لوناچاری اور کلو اور غیرہ کی دُہائی دیتے ہیں مگر جو خداوند کریم کے اسمائے حُسنیٰ یا قرآن کے الفاظ سے ہو وہ یہاں مُراد نہیں اور تمایم جمع ہے تمیمہ کی اور تمیمہ کہتے ہیں کہ ہر شہر کے ناخن وغیرہ اسی قسم کی چیزیں ہیں کہ عورتیں مشرکات اُسکو گلے میں لٹکوں کے ڈالدیتی ہیں اور خیال کرتی ہیں کہ یہ لغویات دافع بلیات اور رافع آفات ہیں اور تولہ ایک قسم ہے سحر کی کہ عورت ایسی کراتی ہے کہ اپنے شوہر کی محبوب ہو جاوے اُسے ہند میں ٹونکہ کہتے ہیں اور اکثر المدین وغیرہ کیا کرتی ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِن سبکو شرک فرمایا اور اپنی امت کو اِس سے روکا آدمیکو اِن سب سے دور رہنا ضرور ہے ورنہ کمال درجہ کا شعبدہ ہے کہ ایک ادنیٰ توہم منفعت سے رب غفور کو ناراض کرکے عذاب ابدی مول لے اور ثواب سرمدی سے جھوڑی وما ذالا اعمش عن ابی وائل عن عبداللہ قال سمعتہ یقول ان الرقی والتمائم والتولہ شرک قلت لم تقول ھذا واللہ لقد کانت عینی تقذف فکنت اختلف الی فلان الیھودی یرقیھا فاذا رقاھا سکنت فقال عبداللہ انما ذالک عمل الشیطان کان ینخسھا بیدہ فاذا رقی کف عنھا انما یکفیک ان تقولی کما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذھب البأس رب الناس واشف انت الشافی لا شفاء الا شفاؤک شفاء لا یغادر سقما رواہ ابوداؤد اور ابن ماجہ میں بھی عبداللہ سے مروی ہے کہ وہ اپنی بیوی کے پاس آئے اور ایک ڈورا اُنکے بدن پر پایا پوچھا تو اُنہوں نے کہا مجھے رقیہ کیا ہے حمرہ سے سو اُنہوں نے اُسے توڑ کر پھینک دیا اور کہا آل عبداللہ غنی ہیں شرک سے پھر یہی حدیث پڑھی جو ہم نے ابوداؤد سے نقل کی اور عمران بن حصین سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے گلے میں پیتل کا حلقہ دیکھا پوچھا یہ کیا ہے اُسنے کہا یہ واہنہ سے ہی فرمایا اُسے اُتار ڈال اِسکو کہ نہ بڑھاویگا تیرے لئی مگر وہن اور واہنہ ایک لگ ہے شانہ اور ہاتھہ میں کہ اُسکے جہاڑ نیکو جو کہ لٹکاتے ہیں اُسکو حرز الواہنہ کہتے ہیں اور بعضوں نے کہا ہے کہ وہ ایک مرض ہوتا ہے شانہ میں غرض حضرت نے بڑی فصاحت اور خوبی سے جواب دیا کہ یہ لٹکانا موجب تیرے وہن کا ہے یعنے سُستے اور ضعف کا دین میں (ابن ماجہ) اور شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ فی حُجۃ اللہ میں لکھا ہے کہ جس حدیث میں رقی تمایم اور تولہ کے نہی وارد ہوئی ہے محمول ہے اوپر اُن چیزوں کے جنمیں شرک ہو اور انہماک اور استغراق ہو آدمی کو اسباب میں اور غفلت اور اعراض ہو مسبب الاسباب سے جل جلالہ وجل شانہ غرض یہ کہ لٹکانا کسی تعویذ کا جو آیات الٰہی سے ہو شرک نہیں چنانچہ بسند عمرو بن شعیب مروی ہے کہ عبداللہ بن عمرو تعلیم کرتے تھے اپنے بالغ لڑکوں کو کہ عوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ وعقابہ ومن شر عبادہ ومن نزغات الشیاطین وان یحضرون اور جو نابالغ ہوتے تھے اُنکے گلے میں لکھکر لٹکا دیتے تھے (ابوداؤد) باب جاء فی تبرید الحمی بالماء باب پانی سے بخار کو ٹھنڈا کرنیکے بیان میں عن رافع بن خدیج عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الحمی فورھا من النار فابردوھا بالماء ترجمہ روایت ہے رافع بن خدیج سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخار کا جوش آگ سے ہے سو ٹھنڈا کرو اُسکو پانی سے ف اسماعیل بن ابراہیم بن مہاجر اور ابن عباس اور زبیر کی بی بی اور عائشہ رضی اللہ عنہم سے روایت ہے عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان الحمی من فیح جھنم فابردوھا بالماء ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بخار جوش سے ہے جہنم کے سو ٹھنڈا کرو اُسکو پانی سے ف روایت کیے ہے اِسکو اوزاعی بن اسحاق نے اُنہوں نے عبدہ سے اُنہوں نے ہشام بن عروہ سے اُنہوں نے فاطمہ سے جو بیٹی ہیں منذر کی اُنہوں نے اسماء بنت ابی بکر سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور اسماء کی حدیث میں کچھ اور بھی ذکر ہے اِس سے زیادہ اور دونوں حدیث صحیح ہیں عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یعلمھم من الحمی ومن الاوجاع کلھا ان یقول بسم اللہ الکبیر اعوذ باللہ العظیم من شر کل عرق نعار ومن شر حر النار ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سکھاتی تھے صحابہ کو بخار اور سب دردوں میں اِس دعا کی پڑھنے کو بسم اللہ سے آخر تک معنے اُسکے یہ ہیں شروع کرتا ہوں نیں جہاڑنا اِس مرض کا سانہ نام اللہ بڑے کی پناہ مانگتا ہوں نیں سانہ اللہ بزرگ کے ہر پھڑکتی رگ سے اور آگ کی گرمی سے ف یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اِسی مگر ابراہیم بن اسمٰعیل بن ابی حبیبہ کی روایت سے اور ابراہیم ضعیف سمجھے جاتے ہیں حدیث میں اور مروی ہے اِس حدیث میں عرق بعار یعنے رگ آواز کرتے ہوئی ترجمہ اِس حدیث کو باب سے کچھ ایسا تعلق نہیں مگر مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے اِسلئے ذکر کردیا کہ اسمیں مذکور ہے کہ پناہ مانگتا ہوں نیں آگ کی گرمی سے اور یہ دعا آپنے بخار کے لئے بتائی تو معلوم ہوا کہ بخار میں اثر ہے نار کا انتہے اور جس بخار کے تبرید آپنے پانے سے فرمائی ہے شاید اُس سے بخار صفراوی ہو کہ اطبا اُسمیں ٹھنڈا پانی پلاتے ہیں اور برف میں ادویات کو سرد کرتے ہیں اور اطراف مریض آپ سرد سے دھوتے ہیں پہر بعید نہیں ہے کہ حضرت نے یہی نوع مراد لی ہو (نووی) فقیر کہتا ہے اگر سب بخار آپنے مراد لئے ہوں تو بھی کچھ اشکال نہیں ہے اسلئے کہ آپ نے اُسکی حرارت کو حرارت جہنم فرمایا اور کیا تعجب ہے کہ جہنم کی حقیقت سے اطبا غافل ہوں اور اُسے نہ سمجھیں کہ وہ بغیر نور نبوت کی سمجھ میں نہیں آسکتی اور ہم نے کلمہ پڑھا ہے آنحضرت کا نہ حکیموں کا اگر تمام جہان کے حکیم خلاف حضرت کے کہیں سب جھوٹے ہیں اور فرمایا آپنے کا قابل تسلیم اور لایق تعلیم ہے الحمد للہ علے ذالک

زن مرضعہ کے صحبت کرنا

**باب** مَا جَاءَ فِي الْغِيلَةِ باب زن مرضعہ سے صحبت کرنیکے بیانمیں **عن** بنتِ وَهْبٍ وَهِيَ جُدَامَةُ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَنْهٰى عَنِ الْغِيلِ فَاِذَا فَارِسُ وَالرُّوْمُ يَفْعَلُوْنَ وَلَا يَضُرُّ اَوْلَادَهُمْ **ترجمہ** روایت ہے بنت وہب سے اور نام اُنکا جُدامہ ہے کہا اُنہوں نے سُنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے ارادہ کیا میں نے کہ منع کرونمیں اپنی امت کو غیلہ سے پھر دیکھا میں نے کہ فارس اور روم کے لوگ غیلہ کرتے ہیں اور نہیں ضرر پہونچاتے اپنی اولاد کو یعنے بسبب غیلہ کے اُنکی اولاد کو نقصان نہیں ہوتا **ف** اسبابمیں اسماء بنت یزید سے بھی روایت ہے یہ حدیث صحیح ہے اور روایت کیا مالک نے ابی الاسود سے اُنہوں نے عروہ سے اُنہوں نے عائشہ سے اُنہوں نے جُدامہ بنت وہب سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے کہا مالک نے اور غیال اور غیلہ یہ ہے کہ آدمی صحبت کرے اپنی بیوی سے اُس زمانہ میں کہ وہ دودھ پلاتی ہو اور کیکو **فقیر** کہتا ہے اور اسمیں احتمال ہوتا ہے کہ حمل رہجاوے اور دودھ فاسد ہوا اور بسبب فساد دودھ کے ضعیف کو ضرر پہونچے روایت کی ہم سے عیسے بن احمد نے ابن وہب سے اُنہوں نے مالک سے اُنہوں نے ابی الاسود سے اور محمد بن عبدالرحمن بن نوفل سے اُنہوں نے عروہ سے اُنہوں نے عائشہ سے اُنہوں نے جُدامہ سے جو بنی فہر میں وہب سے کی کہ سُنا اُنہوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ قصد کیا میں نے کہ منع کرون غیلہ سے یہانتک کہ یاد کیا میں نے فارس وروم کو کہ وہ کرتے ہیں غیلہ اور اُنکی اولاد کو کچھ ضرر نہیں ہوتا کہا مالک نے اور غیلہ یہی ہے کہ آدمی صحبت کرے اپنے بیوی سے حالت ارضاع میں جیسا اوپر گذرا کہا ابو عیسے بن احمد نے اور روایت کی ہمسے اسحق بن عیسے نے اُنہوں نے مالک سے اُنہوں نے ابی الاسود سے مانند اسکے **کہا** ابو عیسے نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے

ذوذات الجنب کے علاج

**باب** مَا جَاءَ فِي دَوَاءِ ذَاتِ الْجَنْبِ باب ذات الجنب کے علاج میں **عن** زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْعَتُ الزَّيْتَ وَالْوَرْسَ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ قَالَ قَتَادَةُ وَيُلَدُّ مِنَ الْجَانِبِ الَّذِي يَشْتَكِيهِ **ترجمہ** روایت ہے زید بن ارقم سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تبلاتے تھے زیت اور ورس ذات الجنب میں قتادہ نے کہا اور موجہہ میں ڈالی جاوے یہ دوا اُسی جانب سے کہ جسطرف درد ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو عبداللہ کا نام میمون ہے وہ شیخ بصری ہیں **عن** زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَتَدَاوٰى مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ بِالْقُسْطِ الْبَحْرِيِّ وَالزَّيْتِ **ترجمہ** روایت ہے زید بن ارقم سے کہا اُنہوں نے حکم فرمایا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دوا کرین ہم ذات الجنب کے قسط بحری سے اور زیت سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور نہیں جانتے ہم اسے مگر میمون کی روایت سے کہ وہ زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں اور روایت کرتے میمون سے کئی اہل علم نے یہ حدیث اور ذات الجنب سے مُراد سل کا مرض ہے **مترجم** ذات الجنب اطبا کے نزدیک دو قسم ہے حقیقی وغیر حقیقی سو حقیقی ایک ورم حار ہے کہ عارض ہوتا ہے نواحی جنب میں اُس جھلی میں کہ باطن اضلاع میں ہے اور غیر حقیقی ایک درد ہے کہ مشابہ ہوتا ہے حقیقی کے اور عارض ہوتا ہے وہ نواحی جنب میں ریاح غلیظہ موذیہ سے کہ بند ہوجاتے ہیں صفاقات میں سو پیدا ہوتا ہے اُس سے ایک درد مشابہ ذات الجنب الحقیقی کے اور صاحب قانون نے کہا ہے کہ جو درد جنب میں ظاہر ہو مسمے بذات الجنب سے تسمیۃ للشی باسم مکانہ اور بعضوں نے کہا ہے کہ مُراد اُس سے ہر درد ہے خواہ جنب میں ہو یا رییں سودا مزاج سے ہو یا اخلاط غلیظہ سے یا اخلاط لذاعہ سے اگرچہ بغیر ورم اور بخار کے ہو اور ذات الجنب حقیقی کو پانچ چیزیں عارض ہوتی ہیں حمّی یعنے بخار سُعال یعنے کھانسی وجع ناخس ضیق نفس یعنے تنگی دم اور نبض منشاری یعنے وہ نبض جو آرہ کی طرح چلے اور علاج مذکور نے الحدیث اس قسم کا علاج نہیں لیکن قسم ثانی جو بسبب غلیظ سے پیدا ہو اُسکو قسط بحری سے مفید ہے جیسا کہ دوسری روایات میں وارد ہوا ہے کہ وہ ایک قسم ہے قسط کی جب اُسے باریک پیسیں اور روغن زیت میں ملا کر نیم گرم مقام ریح پر ضماد کریں یا لعوق فرماویں نہایت نافع ہے اور تحلیل کرتا ہے مادہ کو اور دور کرتا ہے ریح کو قوی کرتا ہے اعضاے باطنی کو تفتیح کرتا ہے سُدّوں کی مسیحی نے کہا ہے کہ عود حار یابس قابض ہے قبض کرتا ہے بطن کو مقوی ہے اعضاے باطنہ کا دور کرتا ہے ریاح کو کہولتا ہے سدوں کو نافع ہے ذات الجنب کو اور لیحتا ہے فضل رطوبت کو اور عود مذکور جید ہے اور نافع ہے دماغ کو اور کہا مسیحی نے جایز ہے کہ قسط ذات الجنب حقیقی کو بھی مفید ہو جبکہ حدوث اُسکا مادہ بلغمیہ سے ہو خصوصًا وقت انحطاط علت کے (زاد المعاد)

**باب** **عن** عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ اَنَّهُ قَالَ اَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِي وَجَعٌ قَدْ كَادَ يُهْلِكُنِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْسَحْ بِيَمِينِكَ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَقُلْ اَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ وَسُلْطَانِهِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ قَالَ فَفَعَلْتُ فَاَذْهَبَ اللّٰهُ مَا كَانَ فَلَمْ اَزَلْ اٰمُرُ بِهٖ اَهْلِي وَغَيْرَهُمْ **ترجمہ** روایت ہے عثمان بن ابی العاص سے کہ آئے میرے پاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مجھے ایسا درد تھا کہ مارے ڈالتا تھا پھر آپنے فرمایا چھو درد کی جگہ بہ سات بار اپنے داہنے ہاتھ سے اور کہہ اَعُوذُ سے اَجِدُ تک یعنے پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی عزت اور قدرت اور حکومت کی ساتھ اُس چیز کے شر سے جسے میں پاتا ہوں کہا راوی نے ویسا ہی کیا میں نے پس دور کی اللہ تعالے نے جو بلا میرے ساتھ تھی پھر ہمیشہ بتاتا رہا میں یہ دعا اپنے اہل وغیرہ کو **ف** یہ حدیث حسن ہے

صحیح ہے عن اسماء بنت عمیس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سالھا بما تستمشین قالت بالشبرم فقال حار جار قالت ثم استمشیت بالسنا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لو کان شیئا کان فیہ شفاء من الموت لکان فی السنا ترجمہ روایت ہے اسماء بنت عمیس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اُنسے پوچھا کہ تم کس چیز کا مسہل لیتے ہو تو عرض کی اُنہوں نے شبرم کا فرمایا آپ نے گرم ہے ظالم ہے کہا اسمارتے پھر مسہل لیا مین نے سنا کا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر کسی چیز مین شفا ہوتی موت سے تو سنا مین ہوتی ف یہ حدیث غریب ہے معجم شبرم ایک شجر صغیر ہے قد آدم یا اُس سے کچھ بڑا اُسکی شاخین سرخ ہین سفیدی ملی ہوئی مین اور سرہای مثلون پر گچھا ہے پتونکا اور اُسمین پھول آتا ہے کچھ زردی سفیدے ملا ہوا پھر جب پھول گر جاتا ہے کچھ پھل آتے ہین چھوٹے چھوٹے کہ اُسمین دانی صغیر ہوتے ہین مثل بطم کے مقدار مین سرخ رنگ اور اُسکی شاخون پر سرخ چھال ہے اور مستعمل اُسمین سے وہ ہی چھال ہے یا دودہ اُسکی شاخونکا اور وہ حار یابس ہے چوتھے درجہ مین مسہل ہے سودا کا اور نکالتا ہے کیموسات غلیظہ کو اور ماء اصفر کو اور بلغم کو اور آکل کو اُسکے کرب پیدا ہوتی ہے غثیان ہوتا ہے اور کثار اُسکا قاتل ہے اور چاہئے کہ جب اُسے استعمال کرین تو خالص دودہ مین بھگو دین ایکرات اور دن اور دنمین دو بار اُسکا دودہ مثل دیوین یا تین بار پھر نکالکر سایہ مین سکھالین اور اُسمین درد یا کتیرا ملا کر استعمال کرین یا ماء عسل کے ساتھ پئین یا عصارہ انگور کے ساتھ اور شربت اُسکا دو دانگ تک ہے چار دانگ تک ہے قوت مریض کے موافق اور بعضے حکمارنے کہا ہے کہ لبن شبرم پینے عرق اُسکا اُسمین خیر نہین اگر اُسے نہ پیئے تو بہتر ہے کہ ناتجربہ کار لوگ اُسے پلاکر مارڈالتی ہین خلاصہ یہ کہ مسہل قوی ہے اور چوتھا درجہ بسیمات کا درجہ ہے اور شیار ہمیہ کی استعمال مین احتیاط ضرور ہے ورنہ موت کا سامنا ہے اور سنا دوائے معروف عمدہ ترین مسہلات آنحضرت نے اُسکی تعریف فرمائی والخالقہ احمد والشافی **باب** ماجاء فی العسل باب شہد کے بیان **عن** ابی سعید قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان اخی استطلق بطنہ فقال اسقہ عسلا فسقاہ ثم جاء فقال یا رسول اللہ قد سقیتہ عسلا فلم یزدہ الا استطلاقا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسقہ عسلا قال فسقاہ ثم جاء فقال یا رسول اللہ انی قد سقیتہ فلم یزدہ الا استطلاقا فقال فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صدق اللہ وکذب بطن اخیک اسقہ عسلا فسقاہ فبرء ترجمہ روایت ہے ابی سعید سے کہا حاضر ہوا ایک مرد حضرت کے پاس اور عرض کی کہ میرے بھائی کو دست آتی ہین فرمایا پلایا اُسکو شہد پھر آیا وہ اور عرض کی یا رسول اللہ پلایا مین نے اُسکو شہد اور دست اور بڑھ گئی فرمایا آپنے پلاؤ اُسکو شہد کہا راوی نے پھر پلایا پھر آیا اور عرض کی یا رسول اللہ پلایا مین نے اُسکو شہد اور دست اور بڑھ گئی فرمایا آپنے سچا ہی اللہ تعالے اور جھوٹا ہے پیٹ تیرے بھائی کا پلایا اُسکو شہد پھر پلایا اُسکو تیسری بار اور اچھا ہو گیا وہ ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے مترجم بخاری مین ابن عباس سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شفا تین چیز مین ہے شہد پینے مین یا پچھنے لگانے مین یا داغ دینے مین اگ سے اور منع کرتا ہون مین اپنی امت کو داغ سے ابو عبد اللہ مازنی نے کہا امراض تین قسم مین اول یہ کہ استلزام دم سے ہون اُسکی دوا حجامت ہے اور فصد بھی اُسمین داخل ہے دوسرے یہ کہ امتلا صفرا یا بلغم و سودا سے ہو اُسکی دوا اسہال مناسب ہے ہی کہ غلط سے نسبت رکھتی ہو سو حضرت نے اشارہ کیا حصل سے گویا اسہال پر جیسے اشارہ کیا حجامت سے اخراج دم پر اور جب عاجز ہو جاوین ان دواؤن سے تو آخر دوا گی ہے یعنے داغ دینا اور بعض اطبا نے کہا ہے کہ اصل امراض مزاجیہ مین جو تین ہین کیفیات اخلاط کی حرارت ہے یا برودت پس یہ کلام نبوت وارد ہوا ہے معالجہ مین امراض باردہ و حارہ کے علے طریق التمثیل سو اگر مرض حار ہے اخراج دم سے اُسکی دوا ہو گی مثل فصد و حجامت کے واسطے کہ اسمین استفراغ مادہ کا ہے اور تبرید مزاج کی اور اگر مرض بارد ہے علاج ہو گا تسخین سے اور تسخین موجود ہے عسل مین پس اگر حاجت ہو گی استفراغ مادہ بارد کی تو عسل قوت اسہال رکھتا ہی ہے رکھتا ہی اور نرمی سے مادہ کو نکالتا ہے اور اگر مادہ غلیظہ مزمنہ ہے تو کی یعنے داغ سے بہتر علاج نہین اسلئے کہ جزر ناری اُسکا مستعمل کر دیتا ہے عضو کو اور رقیق کرتا ہے مادہ غلیظ کو زاد المعاد تیسیر **باب** عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال ما من عبد مسلم یعود مریضا لم یحضر اجلہ فیقول سبع مرات اسال اللہ العظیم رب العرش العظیم ان یشفیک الا عوفی ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی بندہ مسلم ایسا نہین کہ عیادت کرے کسی مریض کی کہ ابھی اُسکی موت آئی نہو اور سات بار کہے اسالک سے یشفیک تک مگر یہ کہ اللہ تعالے اُسے تندرست کر دیگا اور معنے اُس دعا کے یہ ہین مانگتا ہو مین اللہ بزرگ مالک سے بڑے تخت کے کہ شفا دی تجھکو ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر منہال بن عمر کی روایت سے **باب** عن ثوبان عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا اصاب احدکم الحمی فانما الحمی قطعۃ من النار فلیطفئہا عنہ بالماء فلیستنقع فی نہر جار فلیستقبل جریتہ فیقول بسم اللہ اللھم اشف عبدک وصدق رسولک بعد صلوۃ الصبح وقبل طلوع الشمس ولیغمس فیہ ثلاث غمسات ثلاثۃ ایام فان

لَمْ يَرَوْا فِي ثَلَاثٍ فَخَمْسٍ فَإِنْ لَمْ يَبْرَأْ فِي خَمْسٍ فَسَبْعٍ فَإِنْ لَمْ يَبْرَأْ فِي سَبْعٍ فَإِنَّهَا لَا تَكَادُ تُجَاوِزُ بِإِذْنِ اللّٰهِ ترجمہ راوی سے ثواب ہے کہ فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب آدمی کو سکیو تم میں سے بخار اور بخار ایک ٹکڑا ہے نار کا تو چاہئے کہ اُسے بجھا دی پانی سے پہنے جیسے آگ بجھاتی ہیں سو چاہئے کہ تڑکے ہی بہر میں اور دھونہہ کرے جاکر پانی آتا ہے اور کہے بسم اللہ سے رسول تک پینے شروع اللہ کے نام سے یا اللہ شفا دے اپنے بندہ کو اور سچا کر اپنے رسول کو اور نہر میں تڑکے نماز صبح کے بعد طلوع آفتاب کے قبل اور چاہئے کہ اُسمیں تین غوطے لگاوے تین دن تک ایسا ہی کرے پھر اگر اچھا ہوا تین دن پھر اگر اچھا ہوا پانچ دن پھر اگر اچھا ہوا تو دو دن سو لگتا ہے کہ نو دن سے اُسکا مرض متجاوز نہ ہوا اللہ کے حکم سے ف یہ حدیث غریب ہے معتبر جم کسی قسم کا بخار ہو فقیر کو یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے صحت دیگا اسلئے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی تصدیق ضرور کرتا ہے چنانچہ سیکڑوں بار اپنی عادت مبارک اُسکی تصدیق کے لئے خرق فرماتا ہے اسیطرح اگر بطور معتاد نہ ہو تو بطور خرق عادت تو صحت ہو گی الحمد للہ علے ذلک عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ قَالَ سُئِلَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ وَاَنَا اَسْمَعُ بِاَیِّ شَیْءٍ دُوْوِیَ جُرْحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَقِیَ اَحَدٌ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ كَانَ عَلِیٌّ یَاْتِیْ بِالْمَاءِ فِیْ تُرْسِهٖ وَفَاطِمَةُ تَغْسِلُ عَنْهُ وَاُحْرِقَ لَهٗ حَصِیْرٌ فَحُشِیَ بِهٖ جُرْحُهٗ ترجمہ راوی سے ثواب ہے ابی حازم سے کہ پوچھا کسی نے سہل بن سعد کو اور میں سُنتا تھا یہ پوچھا کہ کیا دوا ہوئی زخم کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تو فرمایا سہل نے نہیں باقی ہا کوئی اُسکا جاننے والا مجھ سے زیادہ اور یہ بیان واقعی تھا نہ تعریف اپنے پھر یہ کیفیت کہ حضرت علی پانی لاتے تھے اپنی سپر میں اور حضرت فاطمہ زخم مبارک دھوتی تھیں اور میں بوریا جلاتا تھا پھر جڑی کی راکھ بوریے کی آپکے زخم مبارک پر ف کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے مترجم کیا عالم بے تکلفی تھا کہ جسکو سلاطین ہے پہیمیں اُسکے سر میں بوریے کی راکھ لگائی جاوے اللھم صل علی محمد وآلہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسی وقت میں بیان واقعی اپنے علم کا جایز ہے اگر خوف عُجب کا نہو جیسا کہ سہل نے کیا مگر عُجب سے بچنا سہل نہیں اور پانی سے خون بند بھی ہو جاتا ہے اسلئے دھونا مفید ہے عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلْتُمْ عَلَی الْمَرِیْضِ فَمُرُوْهُ اَنْ یَّدْعُوَ لَكُمْ فَاِنَّ دُعَآءَهٗ كَدُعَآءِ الْمَلٰٓئِكَةِ وَیُنَفِّسُ لَهٗ فِیْ اَجَلِهٖ فَاِنَّ ذٰلِكَ لَا یَرُدُّ شَیْئًا وَیُطَیِّبُ نَفْسَهٗ ترجمہ روایت ہے ابی سعید سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب داخل ہو تم مریض پر تو دعا کرو اُسکو درازی عمر کی واسطے کہ یہ کچھ تقدیر کو نہیں بدلتی اور اُسکا دل خوش کر دیتی ہے ف یہ حدیث غریب ہے مسائل ملتقط مترجم مسئلہ مریض کو تبدیل آب و ہوا کے لئے نقل مکان مسنون ہے چنانچہ بخاری نے اسپر استدلال کیا ہے حدیث غریب سے کہ اُنکو آپنے حکم دیا مدینہ سے باہر جانیکا مسئلہ محرم کو بھی ضرورۃ پچھنے لگانا جایز ہیں چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بحالت احرام میں پچھنے لگائی میں اپنے سر مبارک میں اور آپ محرم تھے رواہ البخاری مسئلہ بخاری میں حضرت سعد سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب سنو تم طاعون کو کسی زمین میں تو داخل نہ ہو اُسمیں اور جب کسی زمین پر پڑے تو وہاں سے نکلو بھی نہیں انتہے اوطاعون بروزن فاعول طعن سے ہے اس لفظ میں عرب نے عدل کیا ہے یعنے صیغہ اصلیہ سے نکالا لیا ہے اور دال ہے یہہ لفظ موت عام پر مانند وبا کے اور تہذیب النووی میں ہے کہ طاعون بثور ہیں کہ ورم مولم کے ساتھ نکلتے ہیں اور اُسکا گرد اگرد سُرخ ہو جاتا ہے یا سبز ہو جاتا ہے اور اُسکے ساتھ ہی خفقان قئی شروع ہوتا ہے اور وہ موت سے اکثر بغلوں میں نکلتے ہیں اور کبھی انگلیوں اور ہاتھوں میں بھی نکلتے ہیں بلکہ سارے بدن میں خلیل نے کہا طاعون وبا ہے اور وہ باہر مرض عام ہے کہ جو موجب ہلاک انسان ہو اور ابو بکر بن عربی اور ابو الولید کا بھی قول اسی کے قریب ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وقت میں جو وبا کہ شام میں واقع ہوئی تھی وہ بھی طاعون تھا پھر آپ نے مشورہ مشائخان قریش شام کی راہ سے لوٹ آئے (بخاری) مسئلہ الیان اتن یعنے گدہی کا دودھ ابن شہاب سے مروی ہے کہ میں نے پوچھا اُنہوں سے حکم اُسکا ابو ادریس سے سو کہا اُنہوں نے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسکے گوشت ہی منع فرمایا اور خاص اُسکے لبن میں کوئی حکم نہیں نہیں ہم بخاری رواہ البخاری) کرمانی نے کہا ہے کہ حرمت لبن کے بسبب حرمت لحم کے ہے اسلئے کہ متولد ہوتا ہے دودھ گوشت سے مسئلہ حقیقت سحر کی اور تاثیر اُسکے ثابت ہے اور گئے ہیں اُسکے اثبات کیطرف اہل سنت اور جمہور علماء امت اور نہیں منکر اُسکے مگر اہل بدعت اور ذکر کیا ہے اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب مقدس میں اور فرمایا ہے کہ وہ مفرق ہے بین المرء وزوجہ اور اشارہ کیا ہے اُسکے مرتکب کے کفر کیطرف اور احادیث متفق علیہ دلالت کرتی ہوئی ہیں اُسکے اثبات تاثیر میں اور جسنے سحر کیا تھا آنحضرت پر نام اُسکا لبید بن الاعصم تھا اور ایکدن تک تاثیر اُسکی آپ پر اور بعض مبتدعین معترض ہیں کہ یہہ امر منصب نبوت کے خلاف ہے اور تجویز کرنا اُسکا منافی ثقاہت نبیا ہے مگر یہ اعتراض اُنکا باطل ہے اسلئے کہ دلائل قطعیہ قایم ہوے ہیں صدق و صحت و عصمت پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اُس چیز میں کہ متعلق ہے تبلیغ احکام کے آگے سے اور خطا کرنا اور دینا میں باثر ہو جانا کسی سم سے متضرر ہو جانا کسی اور ضرر ہو پہنچانیوالی چیز سے ہرگز منافی منصب نبوت نہیں بلکہ یہہ کمال منصب نبوت ہی اسلئے کہ یہہ لوازم بشری ہیں اور بشر افضل ہے تمامی مخلوق سے

مسائل ملتقط ابن باب

اور تاثیر سحر میں اختلاف ہے مازری نے کہا ہے کہ بعضوں کا قول ہے کہ تاثیر سحر تفرقہ بین الزوجین سے زیادہ نہیں ہوتی اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے اسیکو ذکر کیا ہے معلوم ہوا کہ اس سے بڑھکر کوئی اثر نہیں اور مذہب اشاعرہ کا یہ ہے کہ اسکو تاثیر ہے سوا اسکے بلکہ اس سے بڑھکر ہو سکتی ہے اور یہی صحیح ہے اور اگر کوئی معترض ہو کہ خرق عادت جیسا جادو نبی و ولی سے کیے داخل ہوئے تو پھر انمیں فرق کیا ہے تو جواب اسکا یہ ہے کہ اگرچہ خرق عادت سبکو شامل ہے مگر نبی تحدی کرتا ہے ساتھ خلق کے اور عاجز کرتا ہے اور خبر دیتا ہے اللہ تعالیٰ کیطرف سے ساتھ خرق عادت کے کہ واقع ہوئی ہے وہ اسکی تصدیق کے واسطے پھر اگر وہ جھوٹا ہو تو واقع ہو اسکے لئے خرق عادت اعداد اگر خرق عادت کلمات ان رسل کے لئے واقع ہوتے تو جتنے معارضین تھے انبیاء کی سب وقت معارضہ کے ظاہر ہوتے حالانکہ یہ باطل ہے اور ولی و ساحر اپنے خرق عادت سے استدلال نبوت پر نہیں کرتے اور اگر دعوے نبوت کرتے ہیں تو خرق عادت واقع نہیں ہوتے اور فرق ولی اور ساحر میں دو وجہوں سے ہے اول یہ کہ مشہور ہے اجماع مسلمین کا کہ سحر ظاہر نہیں ہوتا مگر فاسق پر اور کرامت ظاہر ہوتی ہے فاسق پر اور ظاہر ہوتی ہے ولی اوتقی پر دوسرے یہ کہ سحر اکثر ظاہر ہوتا ہے بفعل ساحر اور مشقت و محنت مخالف کرامت کے اور سحر میں اگر کوئی قول و فعل کفر کا نہیں تو لگا کبیرہ ہے ورنہ کفر ہے پھر جسمیں کفر نہیں اسکی توبہ قبول ہے شافعیہ کے نزدیک اور قتل کیا جاوے اگر توبہ کرے اور امام مالک نے فرمایا کہ ساحر کافر ہے قتل کیا جاوے اور توبہ نہ ملے جاوے اس سے اور اگر توبہ کرے تو بھی قبول نہیں بلکہ متحتم ہے قتل اسکا احمد بن حنبل بھی کہا کہ جب قتل کرے ساحر کسی انسان کو اور اقرار کرے کہ اسکے سحر سے مرا ہے اور اکثر اسکے سحر سے لوگ مرجاتے ہیں تو قصاص واجب ہے اور اگر وہ کہے کہ مرگیا بسبب سحر کے مگر لوگ کبھی مرتے ہیں اس سحر سے اور کبھی نہیں مرتے تو قصاص نہیں اسپر بلکہ دیت اور کفارہ اسپر واجب ہے اور اصحاب شافعیہ نے کہا ہی کہ ثبوت قتل ساحر بینہ ممکن نہیں جبتک کہ وہ اقرار کرے (ادوے) **مسئلہ** دعیات رقیہ پڑھکر پھونکنا بھی مسنون ہے چنانچہ مسلم میں حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ تھے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جب کوئی بیمار ہوتا آپکے گھر والوں میں تو پھونکتے اسپر معوذات اور وہ کسی قسم ہے ایک نفث ہے دوسرے نفخ ہے تیسرے تفل اور اجماع ہے جواز نفث پر اور مستحب کہا ہے اسکے جمہور صحابہ اور تابعین نے کہا قاضی نے کہ انکار کیا ہے ایک جماعت نے نفث اور تفل پر رقیہ میں اور جائز رکھا ہے نفخ کو اور نفخ وہ ہے جس پھونکنے میں تھوک نہ نکلے بخلاف نفث اور تفل کے کہ وہ بغیر تھوک کے نہیں ہوتے ابو عبید نے کہا ہے کہ تفل کے معنی میں تھوک نکلنا شرط ہے اور نفث میں شرط نہیں اور بعضوں نے اسکے برعکس کہا ہے اور سوال کیا گیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نفث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا تو فرمایا انہوں نے کہ ایسا پھونکتے تھے آپ جیسا کوئی پھونکتا ہے انگو خشک کہا تے وقت کہ اسمیں تھوک نہیں نکلتا اور جو بے اختیار کچھ نکلے اسکا اعتبار نہیں اور جس حدیث میں فاتحۃ الکتاب کا رقیہ مذکور ہے اسمیں یہ وارد ہوا ہے کہ وہ جمع کرتے تھے اپنے تھوک کو اور پھینکتے تھے اس بیمار پر قاضی نے کہا اور فائدہ تھوکنے کا برکت لینا ہے ساتھ اس رطوبت اور ہوا اور دم کے کہ جو ملا ہے اس رقیہ اور ذکر کے ساتھ اور امام مالک پھونکتے تھے اپنے رقیہ میں اور مکروہ جانتے تھے رقیہ لوہے اور نمک سے اور وہ رقیہ کہ جس میں گرہ لگانی ہو جیسے گنڈہ وغیرہ اور وہ کہ جسمیں لکھے جاتی ہے خاتم سلیمان کی اور گرہ لگانا انکے نزدیک نہایت مکروہ ہے اسلئے کہ اسمیں مشابہت ہے سحر کی جیسے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے نَفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ واللہ اعلم (نووی باختصار) **مسئلہ** مسلم میں مروی ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا لاعدوٰی ولاطیرۃ ولاھامۃ اور مروی ہے ولانوء ولاغول اور عدوے اوپر مذکور ہوا اور طیرہ مشہور ہے بدفالی اور صفر میں دو قول ہیں اول یہ کہ مقدم کرنا صفر کا محرم پر جیسے کفار عرب کیا کرتے تھے اور اسی کو اللہ تعالیٰ نے نسئی فرمایا ہے دوسرے یہ کہ عرب کا عقیدہ تھا کہ جانور کے پیٹ میں ایک کیڑا ہی کہ صفر اسکا نام ہے اور وہ ہیجان کرتا ہے بھوک کے وقت اور اکثر مارڈالتا ہی اس جانور کو اور کبھی سے زیادہ اسمیں عدوی کا خیال کرتے تھے اور یہی تفسیر صحیح ہے اور اسیکی قائل ہیں عمرہ اور ابن وہب اور ابن حبیب اور ابو عبید اور اکثر علمائے حدیث اور ہامہ ایک جانور معروف ہے کہ جسے الو کہتے ہیں عرب اس سے بدفالی لیتا تھا اور بعضوں نے یہ سمجھ کہا تھا کہ میت کی روحیں ہڈیاں ہو کر الو بن جاتی ہیں اور یہ تفسیر اکثر علما کی ہے اور نوء یعنے پھر مشہور ہے مراد اسکی نفی یہ ہے کہ یہ عقیدہ مت رکھو کہ فلانے پھر نے پانی برسایا اور غول کو عرب جانتا تھا کہ وہ بھی ایک قسم شیاطین کی ہیں کہ راہ میں ملتی ہیں اور راہ رو کو راہ بھلا دیتے ہیں اور مختلف بالوان عجیب ہو کر انکو ہلاک کرتی ہیں حضرت نے ان سب اوہام باطلہ کا ابطال کیا اور اپنی امت کو اس مرض سے نکالا الحمد للہ علی ذالک

## بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ابواب الفرائض عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کے ہیں جو وارد ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ۔ مترجم فرائض جمع ہے فریضہ کی اور وہ مشتق ہے فرض سے اور فرض لغت میں بمعنی تقدیر اور قطع اور بیان کے ہے اور اصطلاح شرع میں فرض وہ ہے جو ثابت ہو دلیل قطعی یقینی سے اس قسم کے مسائل فقہیہ کو فرائض اسواسطے نام رکھا کہ سہام مقدر

مقطوع مبین ہین جو دلیل قطعی سے ثابت ہین تو انمین لغوی معنی اور شرعی دونو یکجا ہوگئے کذا فی غایۃ الاوطار نقلاً عن العالم گیریہ اور موضوع علم فرائض کا ترکات ہین اور غایت اس علم کی ایصال حقوق ہے اہل استحقاق کو اور ارکان اُسکے تین ہین وارث اور مورث اور موروث اور شروط اُسکی تین ہین مورث کی موت اور وارث کی حیات حقیقی ہو یا تقدیری چنانچہ حمل اور علم وصارت کا اور اسباب اور موانع ضمن کتاب مین مذکور ہونگے انشاء اللہ تعالےٰ اور اس علم کے استخراج کے تین اصول ہین کتاب اللہ اور حدیث چنانچہ نانی کی ارث مغیرہ اور ابن سلمہ کے شہادت سے ثابت ہے اور اصل ثالث اجماع امت ہے چنانچہ دادی کے ارث عمر فاروق کی اجتہادی ثابت ہے اور اسی پر اجماع ہے اصحاب کرام کا اور قیاس کو فرائض مین کچھ دخل نہین کذا فی غایۃ الاوطار نقلاً عن الطحطاوی مختصراً

اسکے مانع ارث کے مستحق وارث نہین

**باب** ما جاء فی من ترک مالاً فلورثتہ یعنی باب اس بیان مین کہ ترکہ کے مستحق وارث ہین **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ترک مالاً فلاھلہ ومن ترک ضیاعاً فالی ترجمہ روایت ابی ہریرہ سے ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنی چھوڑا مال تو وہ اُسکے وارثونکا ہے اور جو چھوڑے ضیاع تو اُنکی پرورش میرے ذمہ ہے **ف** یہ حدیث صحیح ہے اور روایت کی زہری نے ابی سلمہ سے اُنہون نے ابی ہریرہ سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث اور اُسمین طول ہے اور وہ پوری ہے بہ نسبت اسکے سباعی جابر اور انس سے بھی روایت ہے اور مراد من ترک ضیاعاً سے وہ ضیاع ہین کہ جسکے پرورش کے لئے میت نے کچھ مال نہ چھوڑا ہو تو حضرت نے فرمایا کہ مین اُسکی پرورش کرونگا اور خرچ اُٹھاؤنگا **مترجم** ضیاع مصدر ہے ضاع یضیع کا بروزن سحاب یعنے زن و فرزند اور جو کہ آدمی کے نفقہ اور مؤنت مین ہون اور ہر ضعیف و نیازمند کا مورد حوائج مین محتاج ہو کسیکا اور یعنے ہلاک اور ایک قسم خوشبو کی بھی ہے اور یہان زن و فرزند مراد ہین نووی نے کہا ہے جو چھوڑ جائے دین اور ضیاع اُسکا ادا اور پرورش حضرت کے خصائص مین تھا اور حکام پر واجب نہین گویا اُنکے نزدیک یہہ فرمانا حضرت کا تبرعاً تھا

تعلیم فرائض کی فضیلت

**باب** ما جاء فی تعلیم الفرائض باب تعلیم فرائض کی فضیلت مین **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تعلموا الفرائض وعلموا الناس فانی مقبوض **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سیکھو تم فرائض کو اور قرآن کو اور سکھاؤ اُسی لوگون کو اسلئے کہ مین وفات پانیوالا ہون **ف** اسحدیث مین اضطراب ہے اور روایت کے اسامہ نے یہ حدیث عوف سے اُنہون نے ایک مرد سے اُنہون نے سلمان بن جابر سے اُنہون نے ابن مسعود سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی روایت کی ہمسے یہ حدیث حسین نے اُنہون نے ابو اسامہ سے مانند اسکے معنونین **مترجم** دارقطنی اور ابن ماجہ مین ابی ہریرہ سے مروی ہے کہ آپنے فرمایا سیکھو فرائض کو کہ وہ نصف علم ہے اور وہ بھلایا جائیگا اور پہلے وہی چھینا جائیگا میرے امت سے اور ابو داؤد مین ہے کہ علم تین ہین اور سوا اُسکے حاجت سے زیادہ ہے اوّل آیت محکمہ دوم سنت قائمہ سوم فریضہ عادلہ اور مراد فریضہ سے سہم ہے اصحاب فرائض کا اور فرمایا آپنے اعلم تر امت مین علم فرائض مین زید بن ثابت ہین رواہ احمد وابن ماجہ والترمذی والنسائی اقول مراد نصف علم سے یہ ہے کہ علم دو قسم ہے ایک یہ کہ آدمی اُسپر اپنی حیوٰۃ دنیوی مین عمل کرے اور دوسرے وہ کہ اُسکے وارث بعد اُسکے موت کے اُسپر عامل ہون اور علم میراث اسیکا ہی پس نصف علم ہوا

میراث کے لڑکیون کی میراث کا بیان

**باب** ما جاء فی میراث البنات باب لڑکیون کے میراث مین **عن** جابر بن عبد اللہ قال جاءت امرأۃ سعد بن الربیع بابنتیھا من سعد الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت یا رسول اللہ ھاتان ابنتا سعد بن الربیع قتل ابوھما معک یوم احد شھیداً وان عمھما اخذ مالھما فلم یدع لھما مالاً ولا تنکحان الا ولھما مال قال یقضی اللہ فی ذلک فنزلت آیۃ المیراث فبعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی عمھما فقال اعط ابنتی سعد الثلثین واعط امھما الثمن وما بقی فھو لک **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہا کہ آئین بی بی سعد بن ربیع کی اپنی دو لڑکیون کو لیکر جو بیٹیان تھین سعد کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول اللہ یہہ دونون بیٹیان ہین سعد بن ربیع کی شہید ہوئے انکے باپ آپکی رفاقت مین احد کے دن اور اُنکے چچا نے لی یا سب مال ان لڑکیونکا اور نہ چھوڑا اُنکے لئے کچھ مال اور انکا نکاح نہین ہو سکتا جبتک انکا کچھ مال نہو فرمایا آپنے اللہ حکم کریگا اس باب مین سو اُتری آیت میراث کی اور حکم بھیجا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اُنکے چچا کو کہ دیدین سعد کی بیٹیون کو دو ثلث اور انکی ماں کو آٹھوان حصہ اور باقی تیرا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر عبد اللہ بن محمد بن عقیل کی روایت سے اور روایت کے یہ شریک نے بھی عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے **مترجم** اولاد کی میراث مین اصل آیہ ہے جسکا شان نزول اس روایت مین مذکور ہوا قال اللہ تعالیٰ یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین فان کن نساءً فوق اثنتین فلھن ثلثا ما ترک وان کانت واحدۃ فلھا النصف الآیۃ یعنے اللہ کہتا ہے تمکو تمہاری اولاد مین مرد کو حصہ ہے برابر دو عورتونکی پھر اگر زنی عورتین ہون دو سے

اور پڑپوتا کو دو تہائیان جو چھوڑ مرا اور اگر ایک ہے تو اُسکو آدھا الآیۃ مترجم کہتا ہے کہ اگر دو لڑکیان ہون تو یہہ مسئلہ منصوص قرآن عظیم مین نہین اور اجماع سلف منعقد ہے کہ اُنکا حکم یہی ہے جو دو سے زیادہ کا ہے (فتح الرحمان) پس میراث اولاد کی باپ سے خواہ مان سے اسطرح ہے کہ جب مرجاوے باپ یا مان اور چھوڑ جاوے لڑکا اور لڑکی یعنے اولاد ذکور و اناث دونون قسم پس مرد کو اُسمین سے حصہ برابر دو عورت کے یعنے مرد کو دو اور عورت کو ایک پس اگر فقط لڑکیان ہون اور لڑکا اُنکے ساتھ نہو تو دو لڑکیون یا اُسکے زیادہ کو دو ثلث ہین ترکہ سے اور اگر ایک لڑکی ہے تو اُسی کو نصف ہی کل مال کا پہر اگر شریک ہوجاوے اولاد کی ساتھ کوئی اور اصحاب فرائض اور اولاد مین کوئی نر بھی ہو تو پہلے اُسے حصہ دیدی لیوین مثلاً وہ شریک زوجہ ہے یا زوج یا باپ میت کی واللہ اعلم اور اُسکے بعد جو باقی رہے وہ اولاد پر اسطرح تقسیم ہو کہ مرد کو دو حصہ اور عورتکو ایک حصہ حاصل کلام یہہ ہے کہ بنات انباء کے ساتھ ملکر عصبہ بالغیر ہوجاتے ہین واللہ اعلم اور اولاد نر کا مرتبہ جبکہ خاص میت کی اولاد نہو ما تحت حالت اولاد بیواسطہ کے ہے یعنے جیسا بیٹا بیٹی میت کے نہو تو پوتا پوتی وارث لینے مین اُنکے قائم مقام ہین کہ مرد اُنکے مثل مردان اولاد بیواسطہ کے ہین اور عورتین اُنکی مثل زنان بیواسطہ اور وارث ہوتے ہین یہ جیسے کہ وارث ہوتے ہین اولاد بیواسطہ اور محجوب کرتے ہین یہ جیسا کہ محجوب کرتی ہین اولاد بیواسطہ پس اگر جمع ہوجاوین اولاد بیواسطہ اولاد پسر کے ساتھ اور اولاد بیواسطہ مین کوئی مرد بھی ہو تو حکم یہ ہے کہ اولاد پسر کو میراث نہین ہے اولاد بیواسطہ کے ہوتے ہوئے اور اگر اولاد بیواسطہ مین کوئی مرد نہو اور ہو وین اولاد بیواسطہ دو لڑکیان یا زیادہ تو میراث نہین ہے دختران پسر کو اُنکے ہوتے ہوئے مگر جبکہ ہووے اولاد پسر مین کوئی مرد کہ برابر ہو دختران پسر کے درجہ نسب مین پانچ ہوا تنے تو بازر کہیگا یہہ مرد مال زیادہ کو دختران بیواسطہ سے اور تقسیم ہوگا یہ مال زیادہ دختران پسر اور اُس مرد پر للذکر مثل حظ الانثیین اور مال زیادہ سے مراد وہ مال ہے جو دختران بیواسطہ سے بچی پہر اگر کچھہ نہ بچے تو دختران پسر کو کچھہ نہین اور اگر اولاد بیواسطہ ایک ہے لڑکی ہو تو اُسے نصف ہے اور دختر پسر ایک ہو یا زیادہ لڑکونکی و دختر سے یعنے جو بہ نسبت میت کے ایک مرتبہ مین ہین تو اُسے چھٹا حصہ ہے پہر اگر دختران پسر مین کوئی مرد ہو اور وہ بہ نسبت میت کے ان لڑکیون کے برابر ہو مرتبہ مین تو اُنکا کچھہ حصہ مقرر نہین اس صورتین جیسے کہ اوپر کی صورتین چھٹا حصہ تہا لیکن اہل فرائض سے اگر کچھہ باقی رہیگا تو وہ بقیہ اس مرد پر اور جو اُسکے مرتبے مین ہو یا اس سے اوپر ہو دختران پسر سے تقسیم ہوجائیگا مرد کو دو حصہ عورت کو ایک اور جو اُس مرد سے نیچے کے درجے مین ہے اُسکو کچھہ نہ ملیگا اور اگر اہل فرائض سے کچھہ نہ بچے تو اُنکو کچھہ نہ ملیگا (مصنف شرح موطا) **باب** میراث بنت الابن مع بنت الصلب باب پوتیونکی میراث مین بیٹیون کے ساتھ **عن** ھزیل بن شرحبیل قال جاء رجل الی ابی موسیٰ وسلیمان بن ربیعۃ وسألھما عن ابنۃ وابنۃ ابن واخت لاب وام فقالا للابنۃ النصف وللاخت من الاب والام ما بقی فقالا له ائت عبد الله فاسأله فانه سیتابعنا فاتی عبد الله فذکر له ذلک واخبره بما قالا فقال عبد الله قد ضللت اذا وما انا من المهتدین ولکنی اقضی فیها کما قضی رسول الله صلی الله علیه وسلم للابنۃ النصف ولابنۃ الابن السدس تکملۃ الثلثین وللاخت ما بقی ۱۲

ترجمہ روایت ہے ہزیل بن شرحبیل سے کہ آیا ابو موسیٰ اور سلیمان بن ربیعہ کے پاس اور پوچھی اُن دونون سے میراث بیٹی اور پوتی اور حقیقی بہن کی سو اُنہون نے کہا بیٹی کو نصف ہے اور بہن کو باقی اور کہا دونون نے کہ جا تو عبد اللہ کی پاس اور پوچھہ اُسے سو وہ بہی جواب مین ہمارا ساتھ دینگے سو آیا وہ عبد اللہ کے پاس اور ذکر کیا اسکا اور خبر دی ابی موسیٰ اور سلیمان کے قول کی عبد اللہ نے کہا مین اگر یہی حکم دون تو گمراہ ہوگیا مین اور نہوا راہ پانے والونمین ولیکن فتویٰ دیتا ہون مین تجھکو جیسا فتویٰ دیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیٹی کو نصف ہے اور پوتی کو چھٹا حصہ کہ کامل ہوجاوین یہہ دونون حصہ ملکر دو ثلث اور باقی بہن کو ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو قیس اودی کا نام عبد الرحمن بن ثروان ہے اور وہ کوفی ہین اور روایت کی یہہ حدیث شعبہ نے بہی ابی قیس سے **تتمہ حجم** لڑکے اور پوتی کے حصونکی تحقیق ہمارے قول مین اوپر مذکور ہوچکی اور بہن حقیقی قائم مقام بیٹی کے ہے یعنے جب بیٹی نہو تو حقیقی بہن کا حال بیٹی کا سا ہی کہ ایک کو نصف ملتا ہے اور ایک سے زیادہ کو دو ثلث اور اپنے بہائی کے ساتھ عصبہ ہوجاتی ہین اور بہائی بہن پر للذکر مثل حظ الانثیین حصہ ہوتا ہے اور علاتی بہن بجائے پوتی کے ہے یعنے جو حکم پوتی کے میراث کا ساتھ بیٹے کے ہے وہی حکم علاتی بہن کا ساتھ حقیقی کے ہے جیسے پوتی بروقت نہونے بیٹی کے ہوجاتی ہے اور ایک نصف اور زائد ثلثان اور ساتھ اپنے بہائی کے میراث بعصوبت پاتی ہین یہی حال بعینہٖ علاتی بہنونکا ہے بروقت نہونے حقیقی بہن کے اور جسطرح ایک بیٹی کے ساتھ پوتی کو سدس ملتا ہے ایسی ہی ایک علاتی بہن کو ساتھ حقیقی بہن کے اور جسطرح دو بیٹیون کے ساتھ پوتیان بالکل محروم ہوجاتی ہین ایسی ہی دو حقیقی بہنون کے ساتھ علاتی بہن بالکل محروم ہوجاتی ہین اسطرح باوصف

ہونے دو بہنون حقیقی کے اگر سات علاتی بہنون کے بہائی علاتی یا چاچا کو تو یہہ بہنین بھی عصبہ ہو جاوینگی **فائدہ** پوتیہ مین مذکر اسفل کا بھی عصبہ کرنیوالا ہی یہان یہہ بات بھی ہے پس اگر ایک شخص مرے اور دو بہنین حقیقی اور ایک بہن علاتی اور ایک بیٹیا چھوڑے تو دو ثلث حقیقی بہنون کو ملینگے اور باقی ابن الاخ کو اور علاتی بہن کو کچھہ نہ ملیگا واللہ اعلم

حقیقی بہائی کو علاتی کی میراث کا بیان

**باب ما جاء فی میراث الاخوۃ من الاب والاخوات باب حقیقی بہائیون کی میراث مین** **عن** علی انہ قال انکم تقرؤن ھذہ الآیۃ من بعد وصیۃ توصون بھا او دین وان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قضی بالدین قبل الوصیۃ وان اعیان بنی الام یتوارثون دون بنی العلات الرجل یرث اخاہ لابیہ وامہ دون اخیہ لابیہ **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہ فرمایا انہون نے پڑھتے ہو تم یہ آیت من بعد وصیۃ الآیۃ اور تحقیق کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ادائی دین کا قبل وصیت کے اور حکم کیا اعیان بنی الام کے کہ بہائی ہین حقیقی ایک ماں باپ سے وہ وارث ہوتے ہین نہ برادران اخیافی کہ بہائی ہین ایک باپ سے یعنے مرد وارث ہوتا ہے اپنے حقیقی بہائی کا ایک ماں باپ سے ہو نہ علاتی بہائی کا کہ ایک باپ سے ہو **ف** روایت کی ہمسے بندار نے انہون نے یزید بن ہارون سے انہون نے زکریا بن ابی زائدہ سے انہون نے ابی اسحٰق سے انہون نے حارث سے انہون نے علی سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے روایت کی ہمسے ابن ابی عمر نے انہون نے سفیان سے انہون نے ابی اسحٰق سے انہون نے حارث سے انہون نے علی سے کہ حکم فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اعیان بنی الام کہ حقیقی بہائی ہین وارث ہوتے ہین نہ بنی العلات کہ برادران اخیافی ہین اس حدیث کو نہین جانتے ہم مگر ابی اسحٰق کے سند سے کہ وہ حارث سے اور وہ حضرت علی سے روایت کرتے ہین اور کلام کیا ہے بعض اہل علم نے حارث مین اور عمل اسی حدیث پر ہے اہل علم کے نزدیک **مترجم** یعنے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ شاید تمہین اس آیت مین شبہہ وارد ہو کہ اللہ تعالٰی نے وصیت کو پہلے ذکر کیا ہے اور دین اسکے بعد مذکور ہے تو اجرا وصیت قبل ادائی دین ضرور ہے اور حضرت نے ادائی دین کو مقدم کیا وصیت پر سو جان لو کہ دین مقدم ہے حکما اگرچہ موخر ہے ذکرا اور تقدم وصیت کا ذکرا فقط مزید اعتنا کے واسطے ہی کہ وہ حق میت ہے اور نفوس ورثہ پر شاق ہے اور برادران حقیقی ایک ماں باپ سے اگر برادران علاتی کے ساتھ جمع ہون تو میراث برادران حقیقی کو ہے سو تمہین دو ہم ہو کہ قرآن مین تو اللہ تعالٰی نے سب بہائیون کو برابر ذکر کیا ہے اور برادران اخیافی کہ ایک ماں سے ہین اصحاب فرائض سے ہین یہان کلام ہے عصبات مین اور الرجل یرث اخاہ ہی آخر تک تفسیر و تاکید کلام سابق ہے (شرح مشکوۃ)

**باب عن** جابر بن عبد اللہ قال جاءنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعودنی وانا مریض فی بنی سلمۃ فقلت یا نبی اللہ کیف اقسم مالی بین ولدی فلم یرد علی شیئا فنزلت یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین الآیۃ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہا آئی میرے پاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عیادت کو میرے اور مین بیمار تھا بنی سلمہ کے محلہ مین سو عرض کی مین نے ای نبی اللہ کے کیونکر تقسیم کرون مین اپنا مال اپنی اولاد مین سو جواب نہ دیا آپ نے کچھہ یہانتک اتری یہہ آیت یوصیکم اللہ الآیۃ **ف** یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیا ہے ابن عیینہ و غیرہ نے محمد بن منکدر سے انہون نے جابر سے

**عن** محمد بن المنکدر سمع جابرا ابن عبد اللہ قال مرضت فاتانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعودنی فوجدنی قد اغمی علی فاتانی ومعہ ابو بکر وھما ماشیان فتوضأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصب علی من وضوءہ فافقت فقلت یا رسول اللہ کیف اقضی فی مالی او کیف اصنع فی مالی فلم یجبنی شیئا وکان لہ تسع اخوات حتی نزلت آیۃ المیراث یستفتونک قل اللہ یفتیکم فی الکلالۃ الآیۃ قال جابر فی تنزلت **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہا انہون نے کہ بیمار ہوا مین اور آئی میرے پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم میری عیادت کو اور پایا مجھے کہ بیہوشی آگئی تھی مجھہ پر آئی آپ اور ابو بکر دونو پیدل تھے سو وضو کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور ڈالدیا وضو کا بچا ہوا پانی یا غسالہ وضو کا مجھہ پر سو ہوش مین آیا مین اور عرض کی مین نے یا رسول اللہ کیا حکم کرون مین اپنے مالمین یا یہہ کہا کہ کیا کرون مین اپنا مال یعنے یہہ شک راوی ہے پھر حضرت نے کچھہ جواب نہ دیا مجھکو اور اٹکی یعنے جابر کی نو بہنین تھین یہہ قول ہے محمد بن منکدر کا یہانتک کہ نازل ہوئی آیت میراث کی یستفتونک سے آخر تک کہا جابر نے یہ آیت میرے بارہ مین اتری **ف** یہہ حدیث صحیح ہے **مترجم** ان دونون باب مین مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے بہائی ہونے کا ذکر کیا ہے پہلے ہم انکے خلاصہ احکام ذکر کرتے ہین بعد اسکے آیۃ مبارکہ یستفتونک کے شرح کرینگے فاقول بعون اللہ وقوتہ بہائی اگر ماں باپ سے ہین حقیقی ہین اور اگر باپ ایک ہے علاتی ہین اور اگر ماں ایک ہے تو اخیافی ہین پس حقیقی اگر میت کا فرزند نرینہ موجود ہے یا فرزند فرزند کہ نر ہو تو اس صورتمین انکو کچھہ نہین ملتا اور اسی طرح جبکہ میت کا باپ موجود ہو اور وہ وارث ہوتے ہین میت کی اگر ثلثین کے ساتھ یا ثلث کے ساتھ مگر جبکہ میت کا دادا نہو اسطرح کہ وہ اس صورتمین عصبہ ہین کہ پہلے ذوی الفروض پر انکے حصون کے موافق ترکہ تقسیم کیا جاوے اور بعد جو باقی رہی وہ انکو ملے

اسطرح سے کہ مرد کو دو حصہ اور عورت کو ایک حصہ اور اگر ذوی الفروض سے کچھ نہ بچے تو انکو کچھ نہ ملیگا اور اگر میت نے باپ اور دادا اور اولاد فرزند خواہ مرد ہو یا عورت کچھ نہ چھوڑا تو اس صورت میں حقیقی بہن اگر ایک ہے تو اسسے آدھا ہے کل مال کا اور اگر دو ہیں یا دو سے زیادہ تو انہیں دو ثلث ہیں اور اگر انکے ساتھ کوئی بھائی حقیقی ہے میت کا تو پھر یہ بہنیں ذوی الفروض نہیں بلکہ عصبہ ہیں اب جو ذوی الفروض سے بچیگا ان پر للذکر مثل حظ الانثیین کے طور سے بٹیگا اس صورت میں انکا یہی حکم ہے مگر ایک مسئلہ میں کہ برادران عینی کو کچھ نہیں بچتا اسلئے انکو شریک کر دیتے ہیں برادران اخیافی میں تاکہ بالکل بے نصیب نہ ہیں اور صورت اسکی یہ ہے کہ مثلاً شوہر نے وفات پائی اور چھوڑا اپنے شوہر اور مادر اور دو برادران اخیافی اور عینی کو تو پہونچا شوہر نصفہ کو نصف اور مادر کو سدس اور برادران اخیافی کو ثلث اور باقی نہ رہا برادران عینی کو کچھ تو اس صورت میں برادران عینی کو برادران اخیافی کے شریک کر دینگے اُسی ثلث میں اور مرد نکو دو حصہ اور عورتو نکو ایک حصہ تقسیم کر دینگے اسلئے کہ یہ سب بھائی ہیں متوفی یعنے میت کی ماں کی طرف سے یہ حکم ہے حقیقی بھائیو نکا آب علاتی کا حکم سُنئے کہ حال اُنکا مثل برادران حقیقی کے ہے جبکہ میت کا کوئی برادر حقیقی نہ ہو تو انکے مرد برابر ہیں اُنکے مردو نکے اور انکی عورتیں برابر ہیں اُنکی عورتو نکے مگر اتنا فرق ہے کہ یہ شریک نہیں ہوتے برادران اخیافی کے جیسے کہ شریک ہو گئے ہے برادران حقیقی اسلئے کہ جمع کیا تھا انکو ایک ماں نے بخلاف برادران علاتی و اخیافی کے پس اگر جمع ہو جاویں برادران علاتی اور عینی میں کوئی نہ ہو تو میراث نہیں ہے علاتیو نمیں سے کسیکو اور اگر نہ ہو ہے انمیں کوئی نر اور ہو ہے عینی ایک بہن تو دیا جاوے اُسے ایک نصف اور خواہر علاتی کو ایک سدس کہ تمام ہو جاویں دو ثلث کہ انتہا ہے بہنو نکے حصو نکی اور اگر خواہران علاتی کے ساتھ کوئی مرد ہے تو اس صورتمیں وہ اصحاب فرائض میں سے نہیں بلکہ عصبہ ہیں اگر اصحاب فرائض سے کچھ بچیگا اُن پر للذکر مثل حظ الانثیین کے طور سے تقسیم ہو جائیگا اور اگر نہ بچا تو انکو کچھ نہ ملیگا اور اگر خواہران عینی دو ہیں یا زیادہ اُنکے لئے ہیں دو ثلث اور میراث نہیں اُنکے ہوتے ہوئے علاتی بہنو نکو مگر جبکہ ہو اُنکے ساتھ کوئی بھائی علاتی پھر اگر ہے اُنکے ساتھ علاتی بھائی تو یہ عصبہ ہیں اول اصحاب فرائض پر ترکہ تقسیم ہو پھر جو بچے ان پر تقسیم ہو للذکر مثل حظ الانثیین کے حساب سے اور برادران اخیافی کو حصہ پہونچتا ہے برادران علاتی کے ساتھ اسطرح کہ ایک کو ایک سدس اور دو یا دو سے زیادہ کو ثلث اور اسمیں مرد کو ایک عورت کے برابر حصہ ہے نہ دو نا مرد اور عورت اسمیں سب برابر ہیں بخلاف اور مقامات کے یہ حال ہے برادران علاتی کا آب برادران اخیافی کا حال سنو کہ برادران اخیافی جو ایک ماں سے ہیں وارث نہیں ہوتی ساتھ فرزند میت کے نہ ساتھ پوتا پوتی کے اور اسطرح وارث نہیں ہوتے باپ اور نہ دادا کے ہوتے ہوئی اور انکے سوا اور صورتو نمیں وارث ہوتے ہیں بطریق فرضیت نہ بطریق عصوبت ایک کو انمیں سے سدس ہے بہن ہو یا بھائی اور اگر دو ہوں تو ہر ایک کو ایک سدس اور اگر دو سے زیادہ ہیں تو وہ سب شریک ہیں ثلث میں مرد کو حصہ برابر ایک عورت کے اور آیہ مبارک اِنْ کَانَ رَجُلٌ یُّوْرَثُ کَلٰلَۃً سے یہی مراد ہے اور کلالہ کے باب میں دو آیتیں نازل ہوئیں ایک اول سورہ نساء میں ایک آخر میں قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَاِنْ کَانَ رَجُلٌ یُّوْرَثُ کَلٰلَۃً اَوِ امْرَاَۃٌ وَّلَہٗ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْھُمَا السُّدُسُ فَاِنْ کَانُوْٓا اَکْثَرَ مِنْ ذٰلِکَ فَھُمْ شُرَکَآءُ فِی الثُّلُثِ مِنْ بَعْدِ وَصِیَّۃٍ یُّوْصٰی بِھَآ اَوْ دَیْنٍ غَیْرَ مُضَآرٍّ وَصِیَّۃً مِّنَ اللّٰہِ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَلِیْمٌ یعنے فرمایا اللہ تعالے جل جلالہ و جل شانہ نے اور اگر جس مرد کی میراث ہے وہ کلالہ ہے یا عورت ہو اور اسکو ایک بھائی ہے یا بہن تو دونو نمیں ہر ایک کو چھٹا حصہ پھر اگر زیادہ ہوں اس سے تو سب شریک ہیں ایک ثلث میں بعد وصیت کے جو میت نے کی ہو یا قرض کے جب اور ذکا نقصان نکیا ہو یہ کہہ کہنہ کہا ہے اللہ نے اور اللہ سب جانتا ہے تحمل والا انتہی کلالہ مشتق ہے کل سے اور کل لغت میں پشت کا رد اور پشت شتیر اور وکیل اور ستم اور سختی کو کہتے ہیں اور کلالہ بروزن سحابہ وہ مرد ہے کہ نہ ولد رکھتا ہو نہ والد قولہ اسکو ایک بھائی ہے یا بہن اور مراد اس جگہ برادر یا خواہر اخیافی ہے باجماع امت قولہ جب اور ذکا نقصان نکیا ہو یعنے حصہ زیادہ ثلث سے نہ ہوئے **باب** مَا جَآءَ فِیْ مِیْرَاثِ الْعَصَبَۃِ باب عصبات کی میراث میں **مترجم** عصبات جمع ہے عصبہ کی اور عصبہ مطلقاً لغت میں عبارت ہے محیط بالشی سے اور معنی احاطہ عصبیۃ شرعی میں موجود ہیں کیونکہ عصبات میت کو ہر طرف سے گھیرے ہیں اور تفصیل عصبات کی آخر باب میں مذکور ہوگی **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْحِقُوا الْفَرَآئِضَ بِاَھْلِھَا فَمَا بَقِیَ فَھُوَ لِاَوْلٰی رَجُلٍ ذَکَرٍ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو حصہ اہل فرائض کو پھر جو باقی رہی وہ اُسکا حق ہے جو مرد قریب تر میت سے **ف** روایت کی ہے عبد بن حمید نے انہوں نے عبد الرزاق سے انہوں نے معمر سے انہوں نے ابن طاؤس سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے ابن عباس سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی بعضوں نے ابن طاؤس سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلا **مترجم** عصبہ نسبی ہے یا سببی نسبی تین قسم ہے عصبہ بنفسہ

تقسیم ترکہ برادران علاتی

تقسیم ترکہ برادران اخیافی

تعریف عصبہ

یا عصبہ بغیرہ یا عصبہ مع غیرہ اور وجہ انحصار عصبات نسبی کے تین قسم ہیں یہ ہے کہ ثبوت عصبیت میں غیر کے ملنے کی حاجت نہیں تو وہ عصبہ بنفسہ ہے یعنے بذات خود بلا انضمام شخص آخر عصبہ ہے اور ثبوت عصبیت میں اگر غیر کا محتاج ہے اور یہ غیر بھی اُس عصوبت میں شریک ہے تو عصبہ مع غیرہ ہے اور اگر غیر اُسکے ساتھ شریک نہیں تو عصبہ بغیرہ ہے اور عصبہ بنفسہ لیتا ہے جمیع مال میت کا عند الانفراد یعنے بصورت نہ ہونے ذوی الفروض کے اور عصبہ بنفسہ وہ مرد ہے کہ نہ داخل ہو اُسکے نسب میں میت تک کوئی انثی اور وہ چار قسم ہے اوّل جزء میت پھر اصل میت پھر جزء اصل میت پھر جزء جد میت الاقرب فالاقرب اسی ترتیب سے کہ مذکور ہوئی اور جزء میت جیسے فرزند میت پھر پوتا اگرچہ سافل ہو یعنے پڑپوتا اور پوتے کا پڑپوتا مقدم ہے اصل میت پر اسکے بعد مستحق ہے اصل میت جیسے باپ اور وہ ہوتا ہے ایک پیٹی یا اُس سے زیادہ کے ساتھ عصبہ اور صاحب فرض پھر اسکے بعد ہے اور جو اُس سے اوپر ہو یعنے پردادا سردادا الی غیر ذلک اور نانا جد فاسد ہی اور ذوی الارحام میں ہے پھر انکے بعد میت کا جزء ہے جیسے سگا بھائی پھر علاتی پھر بھائی کے بعد سگے بھائی کا بیٹا پھر اُسکے بعد سوتیلے بھائی کا بیٹا اگرچہ ابن الاخ سافل ہو یعنے بھتیجے کا بیٹا یا پوتا اور مؤخر کرنا بھائی کو دادا سے اگرچہ دادا عالی ہو امام ابو حنیفہ کا قول ہے اور یہی قول مختار ہے مفتی بہ برخلاف صاحبین اور شافعی کے بعضوں نے کہا کہ صاحبین کے قول پر فتوے ہے یعنے بھائی مقدم ہیں دادا پر طحطاوی نے کہا قول امام کا معتمد ہے پھر انکے بعد میت کا جزء جد یعنے سگا چچا مقدم ہے پھر سوتیلا چچا پھر سگے چچا کا بیٹا مقدم ہے پھر اُسکے بعد سوتیلے چچا کا بیٹا اگرچہ جیسے بھائی سافل ہوں اعمام پدری سے مقدم ہیں پھر نے اعمام کے بعد باپکا سگا چچا مقدم ہے پھر اُسکا سوتیلا چچا ہے پھر اعمام پدر کے بعد باپکے سگی چچا کا بیٹا مقدم ہے پھر اُسکے بعد باپکے سوتیلے چچا کا بیٹا بعد کے اعمام پدر مقدم ہے پھر نے اعمام پدر کے بعد دادا کا سگا چچا مقدم ہے پھر اُسکے بعد سوتیلا چچا دادا کا پھر جد کے اعمام کے بعد اُنکا بیٹا اسیطرح مقدم ہے یعنے سگا سوتیلے پر مقدم ہے اگرچہ عم پدر کے فرزند اور عم جدی کے فرزند سافل ہوں پس معلوم ہوا کہ عصبات کے چار سبب ہیں موت پھر بنوت پھر اخوت پھر عمومت اور قرب درجہ کے بعد عصبات میں جب تفاوت ہو سگی سوتیلی کا ترجیح دیجاتی ہے قرابت کی قوی ہونیکی وجہ سے سو عصبات میں سے جو عصبہ میت کا سگا ہوگا وہ سوتیلے پر مقدم ہے اگرچہ عصبہ قوی القرابت عورت ہو جیسے سگی بہن بیٹے کے ساتھ مقدم ہے سوتیلی بھائی پر اور خلاصہ یہ ہے کہ درجہ برابر ہونیکے وقت دو قرابت والیکی تقدیم ہوتی ہے اور درجہ میں تفاوت ہونے کے وقت یعنے اقرب مقدم ہوتا ہے برابری درجہ کی مثال یہ ہے کہ دو بھائی ایک سگا اور دوسرا سوتیلا تو سگا مقدم ہوگا کہ دو طرح سے قرابت رکھتا ہے باپکی طرف سے بھی اور ماں کی طرف سے بھی اور سوتیلا فقط ایک قرابت رکھتا ہے باپ کیطرف سے نہ ماں کیطرف سے اور تفاوت درجہ کی مثال جیسے سوتیلا بھائی اور اُسکے بھائی کا بیٹا تو سوتیلا بھائی سگے بھتیجے پر مقدم ہے قرب تر ہونے سے اور عصبہ بغیرہ وہ ہوتی ہیں بیٹیاں بیٹوں کے ہونے سے اور پوتیاں پوتوں کے ہونے سے اگرچہ درجات میں سافل ہوں چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے یُوْصِیْکُمُ اللّٰہُ فِیْٓ اَوْلَادِکُمْ لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ یعنے اللہ تعالی تمہاری اولاد میں وصیت کرتا ہے مرد کے واسطے دو عورتوں کے حصہ کی برابر یعنے اگر ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہے تو تین سہم سے قسمت ہوگی دو سہم بیٹا لیگا اور ایک سہم بیٹی اور اگر دو بیٹیاں ہیں تو چار سہم سے قسمت ہوگی ایک ایک سہم ہر ایک بیٹی لیگی اور دو سہم بیٹا لیگا اسیطرح بنین اور بنات ابن کو سمجھنا چاہئے اور سگی سوتیلی بہنیں عصبہ بغیرہ ہو جاتی ہیں اپنے بھائی کے ہونے سے جیسا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے وَاِنْ کَانُوْٓا اِخْوَۃً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ اور عصبہ بغیرہ چار حورتیں ہیں نصف اور ثلثین کی حصہ والیاں وہ عصبہ ہو جاتی ہیں اپنے بھائیوں کے ہونے سے اگرچہ انکا بھائی حکمی ہو نہ حقیقی چنانچہ میت کی ابن الابن کا بیٹا یعنے پوتا عصبہ کر دیتا ہے اپنے برابر کے درجہ والی بہن یا اُس بہن کو جو اُس سے اونچے درجے والی ہے اور عصبہ مع غیرہ بہنیں ہیں بیٹیوں کے ساتھ یا پوتیوں کے ساتھ حسب قول اہل فرائض کہ بہنوں کو بیٹیوں کے ساتھ عصبہ قرار دو اور ولد الزنا اور ولد اللعنہ کا عصبہ اُنکی ماں کا مولی ہے اور مولی سے مراد اس مقام میں وہ ہے کہ عصبہ لیکر آزاد کرنیوالے دونوں کو شامل ہو اور عصبہ سببی مولی ہے غلام کا آزاد کرنیوالا پھر مولی العتاقہ کے بعد اُسکا عصبہ بنفسہ مقدم ہے اُسکے عصبہ سببی پر اور بوجب ترتیب مقدم کے یہاں بھی لحاظ ضرور ہے چنانچہ ابن معتق مقدم ہے پھر ابن الابن علی ہذا القیاس اور جبکہ غلام آزاد مر گیا اپنے مولی کا یعنے مولی کا آزاد کرنیوالے کا باپ اور بیٹا چھوڑ کر تو سب مال مولی کے فرزند کا ہے اور ابو یوسف نے کہا باپ کے واسطے چھٹا حصہ ہے یا غلام آزاد نے اپنے مولی کا دادا اور اُسکا بھائی چھوڑا تو تمام مال دادا کا ہے بنا بر اُس ترتیب کے جو عصبہ بنفسہ میں مذکور ہے اور صاحبین نے کہا کہ دونوں کے مابین میں مال مقسوم ہوگا میراث کی مانند اور ولاء عتاقت میں عصبہ بغیرہ نہیں نہ عصبہ مع غیرہ بدلیل قول آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام کہ عورتوں کو ولا میں سے کچھ حصہ نہیں مگر اُس غلام کا ولا ہے جسکو خود عورتوں نے آزاد کیا ہو الی آخر الحدیث

انتہے (غایۃ الاوطار) **باب ما جاء فی میراث الجد** باب دادا کی میراث کے بیانمین **عن** عمران بن حصین قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان ابن ابنی مات فما لی من میراثہ فقال لک السدس فلما ولی دعاہ فقال لک سدس آخر فلما ولی دعاہ فقال ان السدس الآخر لک طعمۃ **ترجمہ** روایت ہے عمران بن حصین سے کہ آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس اور کہا اُسنی میرے بیٹے کا بیٹا یعنے پوتا مرگیا ہی سو میرا حصہ کیا ہی اُسکے مال سے فرمایا آپنے تجھے چھٹا حصہ ہے یعنے باعتبار فرضیت کے پھر جب بیٹہ موڑی اُسنی بلایا اُسکو اور کہا تجھے چھٹا حصہ اور ہے پھر جب بیٹہ موڑی اُسنے بُلایا آپنے اُسکو اور فرمایا یہ دوسرا سدس تمہاری خوراک ہے یعنے حصہ مفروضہ سے زائد ہے اور بسبیل عصبیت تمکو ملا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور باسباب مین معقل بن یسار سی بہی روایت ہے **ترجمہ** صورت مسئلہ لمعات مین یون مرقوم ہی کہ ایکمرد مرا اور اُسنے دو بیٹیان چھوڑین اور یہہ دادا جو حضرت کی خدمت مین حاضر ہوئی تو دو ثلث بیٹیون کو پہنچے اور ایک ثلث بچا جسمین سے ایک سدس دادا کو ملے بسبیل الفرضیت پہر دوسرا سدس بہی اُسے کو ملے بسبیل العصبیت اور دونون سدس ایک مرتبہ نہ دیئے کہ کسیکو یہہ شبہہ نہ پڑے کہ حصہ دادا کا ثلث ہی اور بسواسطے سدس ثانی کو طعمہ فرمایا کہ وہ اصل فرض پر زائد تہا اور باپ اور دادا کی تین حال ہین اول فرض مطلق یعنے خالی تعصیب سے اور وہ چہٹا حصہ ولد کے ساتہ یا ولد الابن کے ساتہہ دوسری تعصیب مطلق یعنے خالی فرض سے دونون کے نہونیکے وقت یعنی جبکہ ولد اور ولد الابن نہو تو بعد ذوی الفروض کے باقی مال کو باپ دادا لیگا بطریق عصوبت تیسرے یہ کہ فرض اور تعصیب دونون وہ مٹی یا پوتے کے ساتہ اور اس صورت مین باپ یا دادا پہلے اپنا حصہ فرض یعنے سدس لیگا اور مٹی یا پوتی اپنا حصہ فرض یعنے نصف لیگی اور جو باقی رہا اُسکو باپ یا دادا بطریق عصوبت کے لیگا انتہی (غایۃ الاوطار) **باب** میراث الجدۃ باب دادی اور نانی کے میراث مین **عن** قبیصۃ بن ذویب قال جاءت الجدۃ امّ الاب او امّ الام الی ابی بکر فقال ان ابن ابنی او ان ابن ابنتی مات وقد اخبرت ان لی فی الکتاب حقا فقال ابو بکر ما اجد لک فی الکتاب من حق وما سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قضی لک بشیء وسأسأل الناس قال فسأل الناس فشہد المغیرۃ بن شعبۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطاہا السدس قال ومن سمع ذلک معک قال محمد بن مسلمۃ قال فاعطاہا السدس ثم جاءت الجدات الاخری التی تخالفہا الی عمر قال سفیان وزاد فیہ معمر عن الزہری ولم احفظہ عن الزہری ولکن حفظتہ من معمر ان عمر قال ان اجتمعتما فہو لکما وایتکما انفردت بہ فہو لہا **ترجمہ** روایت ہے قبیصہ بن ذویب سے کہ آئی ایک جدہ یعنی مان کی مان یا باپ کی مان ابو بکر کے پاس اور کہا کہ پوتا میرا یا نواسا میرا مرگیا اور مجھے خبر ملی ہے کہ میرا حق ہے کچھہ کتاب اللہ مین سو کہا ابو بکر نے مین نہین پاتا اللہ کے کتاب مین تیرا کوئی حق اور نہین سنا مین نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی حکم دیا ہوا تہا تجھکو کچھہ اور مین پوچھتا ہون لوگونسے کہا راوی نے پہر پوچھا اُنہون نے لوگون سے پہر گواہی دی مغیرہ بن شعبہ نے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دیا اُسکو سدس فرمایا ابو بکر نے اور کس نے سُنی یہ حدیث تمہارے ساتہ کہا محمد بن مسلمہ نے کہا راوی نے پہر دیدیا اُسکو سدس پہر آئی دوسری جدہ کہ مخالفت رکہتی تہی حضرت عمر کے پاس کہا سفیان نے اور زیادہ کیا روایت کے معمر نے زہری سے مگر مجھے یاد نہین ہا جو کچھہ اُنہون نے کہا زہری سے ولیکن یاد کرتا ہون مین معمر سے کہ حضرت عمر نے فرمایا اگر تم دونون جمع ہو جاؤ تو وہی سدس تم دونونکو ہے اور جو منفرد ہو تم دونون سے وہ سدس اُسکا ہی **ف** روایت کی ہمسے انصاری نے اُنہون نے معن سے اُنہون نے مالک سے اُنہون نے ابن شہاب سے اُنہون نے عثمان بن اسحق بن خرشہ سے اُنہون نے قبیصہ بن ذویب سے کہا آئی ایک جدہ ابی بکر کے پاس اور پوچہی اُسنے میراث اپنی فرمایا اُنہون نے نہین تیرا کتاب اللہ مین کچھہ حصہ اور نہ سنت رسول اللہ مین کچھہ حصہ پہر تو جا یہانتک کہ مین دریافت کرون لوگون سے پہر دریافت کیا لوگون سے تو کہا مغیرہ بن شعبہ نے مین حاضر تہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ دیا آپنے جدہ کو سدس فرمایا ابو بکر نے کوئی تمہاری ساتہ اور رہی ہے تو کہڑے ہوئی محمد بن مسلمہ اور کہا جیسا کہا تہا مغیرہ نے پہر جاری کر دیا سدس کا دینا جدہ کو ابو بکر نے کہا راوی نے پہر آئی دوسری جدہ حضرت عمر کے پاس اور پوچہا اُسنے اپنی میراث کو سو فرمایا حضرت عمر نے نہین ہے تیرا اللہ کی کتاب مین کچھہ حصہ ولیکن وہی سدس ہے پہر تم دونون اگر جمع ہو یعنے نانی دادی دونون وارث ہون تو وہی تقسیم ہو تم دونون پر اور جو اُن دونونمین سے اکیلی ہو تو اُسکا وہی سدس ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور وہ اصح ہے ابن عیینہ کی حدیث سی اور باسباب مین بریدہ سی بہی روایت ہے **ترجمہ** جدہ کی دو قسم ہے صحیحہ اور فاسدہ جدہ صحیحہ وہ ہے جسکی نسب الی المیت مین ایک باپ دو ماؤن مین داخل نہو اور جدہ فاسدہ وہ ہے کہ دو ماؤن کے مابین مین باپ داخل ہو اسواسطے کہ جو باپ کہ میت کے ساتہ ناتا رکہتا ہے بواسطہ عورت کے وہ جد فاسد ہے اب اُسکی مان خواہ نخواہ جدہ فاسدہ ہوگی

چنانچہ نانا یعنے ماں کا باپ تو نانا کی ماں جدہ فاسدہ ہی سواسطے کہ دو ماؤں مین ہے یعنے میت کی ماں اور نانا کی ماں مین نانا واسطہ واقع ہوا اور جدہ خواہ دادی ہو یا نانی اُسکا چھٹا حصہ ہے جیسا حدیث مین مذکور ہوا اور دو جدہ یا زیادہ اگر ہونگی تو شریک ہونگی اُسی سدس مین بشرطیکہ جدات صحیحہ ہون اور جدہ فاسدہ ذوی الارحام مین ہے نہ ذوی الفروض مین دوسرے شرط جدات مین یہ ہے کہ جمیع جدات درجہ مین مساوی ہون اسواسطے کہ جدۂ قریبہ جدۂ بعیدہ کی حاجب ہوتی ہے مطلقاً خواہ جدۂ حاجبہ مان کی ماں ہو یا باپ کے مان اسیطرح جدہ بعیدہ محجوبہ خواہ مان کی ماں ہو یا باپ کے مان انتہے (غایۃ الاوطار) **بَابُ** مَا جَآءَ فِي مِيْرَاثِ الْجَدَّةِ مَعَ ابْنِهَا باب جدہ کے میراث اُسکے بیٹے کے ہوتے ہوئے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ فِي الْجَدَّةِ مَعَ ابْنِهَا اَنَّهَا اَوَّلُ جَدَّةٍ اَطْعَمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُدُسًا مَعَ ابْنِهَا وَابْنُهَا حَيٌّ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ اُنہون نے کہا جدہ کی میراث مین اُسکے بیٹا ہوتے ہوئے کہ وہ پہلی جدہ تہی کہ اُسکو کہلایا یعنے دلوایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک سدس اُسکے بیٹا ہوتے ہوئے اُسوقت مین کہ بیٹا اُسکا زندہ تہا **ف** اس حدیث کو نہین جانتے ہم مرفوع مگر اسی سندسی اور وارث کیا ہے بعض اصحاب ہی صلے اللہ علیہ وسلم نے جدہ کو اُسکے بیٹا ہوتے ہوئے اور نہین وارث کیا اُسکو بعضون نے **مترجم** مراد یہان سے جدہ دادی ہے اور بیٹا اُسکا یعنے باپ میت کا زندہ تہا جان تو کہ جدات ابویات ہون یا امیات محروم ہونگی محجوب ہوجاتی ہین مالکے ہوتے ہوئے امیات اسلئے کہ مان قریب ہے ہی میت سے اور سبب کا بہر اتحاد ہی یعنے سبب ارث کا مان ہونا ہے کہ مشترک ہے نانی اور نانین اور نانین قریب ہے میت کا ہی نہ نانی مین پس نانی اسلئے محروم ہوگی اور ابویات اسلئے کہ اتحاد سبب ہے اور زیادت قرب ہی یعنے دادی باپکی مان ہین اور میت کے خود مان موجود ہی پس دادی محجوب ہوجاویگی اور باپ کے ہوتی ہوئے ابویات محروم ہوتی ہین اسلئے کہ باپ قریب ہے میت سے نہ امیات اور یہ مذہب ہے عثمان و علی اور زید بن ثابت وغیرہم کا اور حضرت عمر اور ابن مسعود اور ابی موسیٰ اشعری ہی منقول ہے کہ دادی وارث ہوتی ہے باپ کے ہوتے ہوئی اور شریح اور ابن سیرین اور حسن بصری نے بھی یہی مذہب اختیار کیا ہے حدیث باپکی نظر کرتے ہوئے اور بعضونکا قول ہے کہ یہ جو حضرت نے اُس جدہ کو دلوایا بطور اطعام و انعام کے تہا ورنہ جدہ کے لئے کچھ میراث ہی نہین اور اقرب دابعد تقدیم میراث مین برابر ہین مگر یہ قول ضعیف ہے (لمعات) اور امام مالک نے موطا مین فرمایا ہے کہ مان کے ہوتی ہوئے نانی محروم اور اگر مان نہین ہے۔ تو نانی کو سدس ہے بطریق فرضیت کے اور دادی نانکے ہوتے ہوئی محروم ہے اور باپ کے ہوئی بھی اور اگر مان باپ دونو نہین ہین تو دادی کو سدس ہے بطریق فرضیت اور اگر جمع ہوجاوین دادی اور نانی دونو اور اور میت کا قریب ترکوئی اُسنے نہ مان ہے نہ باپ تو اگر نانی قریب تر ہی میت سے بہ نسبت دادی کے تو اُسے سدس ہے اور دادی محروم اور اگر دادی نزدیک تر ہے میت سے یا دونون برابر ہین قرب مین میت سے تو سدس منقسم ہے دونون پر اور میراث نہین اور جدات کو سوا دو جدہ کے اسلئے کہ آنحضرت نے وارث کیا ایک جدہ کو بعد ازان ابوبکر نے اصحاب سے سوال کیا حکم جدہ کا پہ پہونچی انکو خبر آنحضرت کے پس دلوایا اُسی ایک سدس پہر آئی دوسری جدہ حضرت عمر کے پاس تو آپنے فرمایا میں بڑہانیوالا نہین فرائض مین خدای تعالے کی بجہ اگر تم دونو جمع ہوجاؤ تو سدس منقسم ہوگا تم پر ورنہ جو تنہا ہو سدس اُسیکا ہی اور کہا مالک نے اسکے بعد میں نجانا کہ کسنے وارث کیا ہو سوا دو جدہ کی ابتدای اسلام سے تا جنگ (انتہی نانی الموطا) **بَابُ** مَا جَآءَ فِي مِيْرَاثِ الْخَالِ باب ماموں کی میراث مین **عَنْ** اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ كَتَبَ مَعِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلٰى اَبِيْ عُبَيْدَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مَوْلَى مَنْ لَا مَوْلٰى لَهٗ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَا وَارِثَ لَهٗ **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے کہ کہا اُنہون نے کہ لکہکر بہیجا میرے ساتہ عمر بن خطاب نے ابو عبیدہ کو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ اور رسول رفیق ہے اُسکا جسکا کوئی رفیق نہین اور ماموں وارث ہے اُسکا جسکا کوئی وارث نہین **ف** اسیا ہمین عائشہ اور مقدام بن معدیکرب سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے **عَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَا وَارِثَ لَهٗ **ترجمہ** فرمایا آپنے کہ ماموں وارث ہی اُسکا جسکا کوئی وارث نہین **ف** یہ حدیث غریب ہے اور مرسل روایت کی بعضونے اور نہین ذکر کیا اُسمین حضرت عائشہ کا اور اختلاف ہے اُسمین اصحاب سو لفظ صلے اللہ علیہ وسلم کا کہ بعضونے وارث کیا ہے خالہ اور ماموں کو اور بعضونے نہین اسحدیث کیطرف اکثر اہل علم ذوی الارحام کے وارث کرتے ہین ولیکن زید بن ثابت نے وارث نہین کیا ذوی الارحام کو اور میراث کو بیت المال مین بھیجنے کا حکم کیا **مترجم** مغرب مین ہے کہ رحم اصل مین منبت ہے ولد کا اور اسکا ظرف پہر قرابت اور وصلت من جہۃ الولاد سمی برحم ہوگئی اسواسطے کہ رحم قرابت کا سبب ہے بطحاوی کہا ذو رحم عبارت ہے لغت مین صاحب قرابت سے مطلقاً خواہ قرابت من جہۃ الولاد ہو یا نہو اور مصنف رحمہ اللہ علیہ نے

جدہ کی میراث کا بیان اگر اُسکے بیٹے کے ہوتے ہوئے

ماموں کی میراث کا بیان

چونکہ خال کا ذکر اس مقام میں کیا ہے اسلئے تفصیل ذوی الارحام کی کہ خال انہیں میں معدود ہے ضرور ہوئی اور معنی لغوی ذوی الارحام کے مذکور ہوئے اور معنی شرعی یہ ہیں کہ ذورحم وہ قرابت والا ہے جو صاحب فرض اور عصبہ نہ ہو تو ذورحم وارثوں کی تیسری قسم ٹھہری اسوقت میں اصطلاح شرعی یہی ہے اور اکثر صحابہ کرام مانند حضرت فاروق اور مرتضی اور ابن مسعود اور ابو عبیدہ اور معاذ اور ابو درداء اور ابن عباس بروایت مشہورہ رضی اللہ عنہم توریث ذوی الارحام کی قائل ہیں اور یہی قول ہے امام اعظم اور صاحبین کا اور جو انکے اتباع ہیں اور زید بن ثابت اور ابن عباس ایک روایت شاذہ میں میراث ذوی الارحام کے قائل نہیں انکے نزدیک جب اصحاب فرائض اور عصبات نہوں تو متروکہ بیت المال میں رکھا جائیگا اور یہی مذہب ہے امام مالک اور امام شافعی کا اور ذورحم وارث نہیں ہوتا صاحب فرض اور نہ عصبہ کے ساتھ سوائے زوجین کے یعنے زوجین اگرچہ صاحب فرض ہیں مگر ذورحم انکے ساتھ وارث ہوتا ہے اسواسطے کہ انپر رد کنا فرض کا نہیں پس اکیلا ذورحم تمام مال کو لیگا قرابت کے وجہ سے اور تمام مال لینے سے مراد یہ ہے کہ ارث ذوی الارحام کی عصبات کی مانند ہے انمیں اقرب اقرب الاقرب کا اعتبار ہے اور ذوی الارحام کا اقرب ابعد کا حاجب ہوتا ہے عصبات کے ترتیب کی مانند اور کل ذوی الارحام چار قسم ہیں جزو میت پہر اصل میت پہر جزو اولین پہر جزو جدین یا جدتین اور مراد جزو سے بیٹیوں اور پوتیوں کی اولاد ہے خواہ مرد ہوں خواہ عورت اگرچہ درجہ سافل کے ہوں یہ مقدم ہیں اصل میت پر پہر انکے بعد اصول میت ہیں یعنے جد فاسد اور جدات فاسدات اگرچہ بعید درجہ عالی ہوں پہر انکے بعد والدین میت کا جزو مقدم ہے یعنے سگی بہنوں یا سوتیلی بہنوں کی اولاد اور اخیافی بہائی اور بہنوں کی اولاد اور سگی بہائیوں یا سوتیلی بہائیوں کی بیٹیاں اگرچہ سافل اور نازل ہوں اور مقدم ہے نانا اُن پر یعنے اخوات کی اولاد پر اور بنات اخوۃ پر برخلاف صاحبین کے پہر جدین یا جدتین کی اولاد مقدم ہے اور مراد جدین سے باپکا باپ یعنے دادا ہی یا ماں کا باپ یعنے نانا اور جدتین سے باپکی ماں یعنے دادی اور ماکی ماں یعنے نانی مراد ہے اور اولاد انکی تامون اور خالہ ہیں اور اخیافی چچا ہیں یعنے میت کے باپکے مادری بہائی اور اخیافی کی قید اسلئے ہے کہ سگا چچا اور سوتیلا عصبات میں داخل ہیں نہ ذوی الارحام میں اور پھوپھیاں ہیں ذوی الارحام سے مطلقاً سگی ہوں یا سوتیلی مادری خلاصہ یہ کہ اخوال اور خالات اور عمات اور اعمام مادری درجے میں برابر ہیں یہاں کوئی اقرب ابعد نہیں اور انمیں حکم یہ ہے کہ انمیں سے جو منفرد ہوگا جمیع مال کا مستحق ہوگا اور اگر چند لوگ ہیں تو دیکھنا چاہئے کہ قرابتیں انکی متحد ہے یا نہیں اگر متحد ہے اسطرح کہ سبکی قرابت جہت پدری سے ہے یا جہت مادری سے تو اقرب اولی ہے بالاجماع یعنے سگا اولے ہے سوتیلے پر اور سوتیلا اولی ہے اخیافی سے خواہ قوی مرد ہو یا عورت اور اگر قوی ہیں بھی تعدد ہو مع اتحاد القرابت فللذکر مثل حظ الانثیین اور اگر قرابت مختلف ہے اسطرح کہ بعض کی قرابت باپکی جہت سے اور بعض کی مائکی جہت سے تو قرابت پدری کے واسطے متروکہ کی دو تہائیاں ہیں اور قرابت مادری کے واسطے ایک تہائی ہے اور منجملہ قسم رابع چچا و پھوپھی کی بیٹیاں ہیں اور اولاد ان اشخاص مذکورین کی یعنے اخوال اور خالات اور اعمام اخیافی اور عمات اور بنات اعمام کی اولاد بھی ذوی الارحام کی قسم رابعہ میں داخل ہے پہر اشخاص مذکورین اگر موجود نہوں تو مستحق ہونگے میت کے باپوں اور ماؤں کی پھوپھیاں اور انکے ماموں اور خالائیں اور باپوں کی اخیافی چچا اور ماؤں کے چچا بالکل خواہ سگے ہوں یا سوتیلی یا اخیافی اور اولاد ان اشخاص مذکورین کی اگرچہ بعید ہوں بالعلو والسفول اور مقدم ہوگا میت کا اقرب تر اقسام اربعہ کے ہر قسم میں اور جملہ ذوی الارحام درجہ میں برابر ہوں اور قرابت کی جہت متحد ہو تو وارث کی اولاد مقدم ہوگی غیر وارث کی اولاد پر اور اگر قرابت کی جہت مختلف ہو تو باپکے قرابت والوں کے واسطے دو تہائیاں ہیں اور ماں کی قرابت والوں کے واسطے ایک تہائی ہے انتہی ما یضمون ہے غایۃ الاوطار کا

**باب** وَجَاءَ فِي الَّذِي يَمُوتُ وَلَيْسَ لَهُ وَارِثٌ مال لاوارث کی موت میں **عن** عَائِشَةَ أَنَّ مَوْلًى لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَبَ مِنْ عِذْقِ نَخْلَةٍ فَمَاتَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْظُرُوا هَلْ لَهُ مِنْ وَارِثٍ قَالُوا لَا قَالَ فَادْفَعُوهُ إِلَى بَعْضِ أَهْلِ الْقَرْيَةِ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ ایک غلام آزاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا گرا کھجور کے درخت پر سے اور مر گیا سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھو کوئی اسکا وارث ہو عرض کی صحابہ نے کہ کوئی اسکا وارث نہیں کہا دیدو اسکا مال بعضے گانون والونکو **ف** اسباب میں ہدیہ ہے یہ روایت یہ حدیث حسن ہے **مترجم** شیخ نے لمعات میں کہا ہے کہ اسکا مال گانون والونکو دلوانا بطور صدقہ اور تبرعاً تھا یا اس نظر سے کہ وہ مال بیت المال کا تھا اور مصرف اسکا مصالح مسلمین ہیں پہر آپنے اسکے گانو والونمیں خرچ کر دیا کہ وہ قریب تر ہے اس میت سے یا اور کوئی مصلحت آپکی نظر مبارک میں ہوگی اور حاشیہ مشکوٰۃ میں ہے کہ قاضی نے کہا انبیاء کا جیسے کوئی وارث نہیں ہوتا ایسے ہی وہ بھی کسیکے وارث نہیں ہوتے اس سبب سے آپنے وہ مال اوروں پر تقسیم کر دیا اور آپ نہ لیا **باب عن** ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا مَاتَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَدَعْ وَارِثًا اِلَّا عَبْدًا هُوَ اَعْتَقَهٗ فَاَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِيْرَاثَهٗ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ ایک مرد مرگیا زمانہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور نہ چھوڑا اُسنے کوئی وارث مگر ایک غلام کہ اُسے اُسنے آزاد کیا تھا پھر دیا اُسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ترکہ اُسکا **ف** یہ حدیث حسن ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اسباب میں کہ جب مرجاوے کوئی شخص اور نچھوڑے کوئی عصبہ بھی تو میراث اُسکی بیت المال میں مسلمانوں کے داخل ہو **مترجم** مصنف نے بھی اس قول میں اشارہ کیا اسکی طرف کہ یہ غلام آزاد کو ترکہ دلوانا تبرعًا اور صدقۃً تھا گویا بیت المال میں سے اُسے دلوایا نہ یہ کہ وہ غلام وارث تھا جیسا کہ اوپر مذکور ہوا **باب** مَا جَاءَ فِيْ اِبْطَالِ الْمِيْرَاثِ بَيْنَ الْمُسْلِمِ وَالْكَافِرِ باب کافر اور مسلمان میں میراث نہونیکے بیانمیں **عن** اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ **ترجمہ** روایت ہے اسامہ بن زید سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وارث نہیں ہوتا مسلمان کافر کا اور نہ کافر مسلمان کا **ف** روایت کیا ہمسے ابن ابی عمر نے اُنہوں نے سفیان سے اُنہوں نے زہری سے مانند اسکے اور اسباب میں جابر اور عبداللہ بن عمرو سے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اسی ہی روایت کیے معمر وغیرہ نے زہری سے مانند اسکے اور روایت کیے مالک نے زہری سے اُنہوں نے علی بن حسین سے اُنہوں نے عمر بن عثمان سے اُنہوں نے اسامہ بن زید سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور حدیث مالک کے وہم ہے وہم کیا اُسمیں مالک نے اور روایت کی بعضوں نے مالک سے سو کہا اُس سند میں عن عمرو بن عثمان اور اکثر اصحاب مالک نے کہا عن مالک عن عمر بن عثمان اور عمرو بن عثمان بن عفان مشہور ہیں اولاد عثمان سے اور نہیں جانتے ہم عمرو بن عثمان کو اور عمل اسی حدیث پر ہے اہل علم کے نزدیک اور اختلاف کیا بعضوں نے مرتد کی میراث میں سو بعض اہل علم نے صحابہ وغیرہم سے داخل کردیا اُسکے مال کو بیت المال میں مسلمانوں کے اور کہا بعضوں نے وارث ہوویں اُسکے مال کا کوئی شخص مسلمانوں میں سے اور استدلال کیا اُنہوں نے اسی حدیث مذکور سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ وارث ہو کوئی مسلمان کافر کا اور یہی قول ہے شافعی کا **عن** جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَتَوَارَثُ اَهْلُ مِلَّتَيْنِ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وارث نہیں ہوتے دو ملت والے آپسمیں **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر جابر کے روایت سے کہ روایت کی اُسنے ابن ابی لیلے نے **مترجم** موانع ارث چار ہیں ایک اختلاف ملتین جو اس حدیث میں مذکور ہوا دوسرے رق یعنے ملک ہونا اگرچہ ہاں کا قص موجیسے مکاتب اور سریہ جس غلام کا نصف یا بہ آزاد ہوچکا ہو امام اعظم اور امام مالک رحمہم اللہ کے نزدیک میراث سے محروم ہے تیسرے قتل جو قصاص اور کفارہ کا موجب ہے اگرچہ قصاص اور کفارہ بسبب عدم جہت یدکی ساقط ہوجاوے مگر مانع میراث ہے جو ہے خلاف دارین حنفیہ کے نزدیک خلافًا للشافعی حقیقۃً ہو جیسے جرح عمدی میں یا حکمًا جیسا کہ متسامن اور ذمی میں یا مکلمًا جیسا کہ متسامن اور ذمی دار الاسلام میں یا جیسا کہ دو حربی دو ملتوں مختلف کے جیسا کہ ترکی اور ہندی میں کہ انمیں توارث نہیں بسبب عصمت منقطع ہونے کے درمیان اُنکے انتظام ولایہ الاوطار **باب** مَا جَاءَ فِيْ اِبْطَالِ مِيْرَاثِ الْقَاتِلِ باب قاتل کو میراث نہونیکے بیانمیں **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْقَاتِلُ لَا يَرِثُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قاتل وارث نہیں ہوتا **ف** یہ حدیث صحیح نہیں نہیں پہچانی جاتی مگر اسی سند سے اور اسحاق بن عبداللہ بن ابی فروہ کو چھوڑ دیا ہے بعض اہل علم نے لینے اُنسے حدیث لینا اور روایت کرنا ترک کردیا اُنہیں میں سے احمد بن حنبل اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہ قاتل وارث نہیں ہوتا قتل خطا ہو یا عمد اور بعضوں نے کہا قتل خطا میں وارث ہوتا ہے اور یہی قول ہے مالک کا **مترجم** باقی موانع ارث بھی سبب کے اوپر گذرے **باب** مَا جَاءَ فِيْ مِيْرَاثِ الْمَرْاَةِ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا باب شوہر کے دیت سے بیوی کو میراث ملنے کے بیانمیں **عن** سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ قَالَ عُمَرُ الدِّيَةُ عَلَى الْعَاقِلَةِ وَلَا تَرِثُ الْمَرْاَةُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا شَيْئًا فَاَخْبَرَهُ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ الْكِلَابِيُّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَيْهِ اَنْ وَرِّثِ امْرَاَةَ اَشْيَمَ الضَّبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا **ترجمہ** روایت ہے سعید بن مسیب سے کہ کہا اُنہوں نے کہا عمر نے دیت عاقلہ پر اور نہیں وارث ہوتی ہے عورت اپنے شوہر کے دیت میں کسی چیز کی سو خبر دی اُنکو ضحاک بن سفیان نے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لکھ بھیجا اُنکو کہ وارث کرو اشیم ضبابی کی بیوی کو اُسکی شوہر کے دیت میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** مَا جَاءَ اَنَّ الْمِيْرَاثَ لِلْوَرَثَةِ وَالْعَقْلُ عَلَى الْعَصَبَةِ باب اس بیانمیں کہ میراث وارثوں کی ہے اور دیت عصبہ پر **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِيْ جَنِيْنِ امْرَاَةٍ مِنْ بَنِيْ لِحْيَانَ سَقَطَ مَيِّتًا بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ ثُمَّ اَنَّ الْمَرْاَةَ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا بِالْغُرَّةِ تُوُفِّيَتْ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ مِيْرَاثَهَا لِبَنِيْهَا وَزَوْجِهَا وَاَنَّ الْعَقْلَ عَلٰى عَصَبَتِهَا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ایک عورت کے جنین کے لئے بنی لحیان میں سے کہ گرگیا تھا اُسکی

کافر اور مسلمان میں میراث نہیں ہے

قاتل کو میراث نہیں

میراث وارثوں کی ہے اور دیت عصبہ پر

اسکے پیٹ سے مُردہ ہو کر ایک غرہ کا یعنے ایک لونڈی یا غلام پہر وہ عورت کہ جسکے باب مین حکم کیا تہا آپنے غرہ کا مر گئی سو فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کہ میراث اُسکی اُسکے اگر کونکے لیے اور اُسکے شوہر کے لیے ہے اور دیت اُسکی عصبہ پر ہے ف روایت کیا یونس نے بہدیث زہری سے اُنہون نے سعید بن مسیب اور ابی سلمہ سے اُنہون نے ابی ہریرہ سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور روایت کیا مالک نے زہری سے اُنہون نے ابی سلمہ سے اُنہون نے ابی ہریرہ سے اور روایت کیا مالک نے زہری سے اُنہون نے سعید بن مسیب سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مترجم قولہ پہر وہ عورت جسکے باب مین حکم کیا تہا آپنے غرہ کا مر گئی اس عبارت کی شرح مین کلام ہے اسطرح کہ عورت سے مراد یہان وہ عورت ہو کہ جسنے جنین کو ضایع کیا تہا اور اُسکی عاقلہ پر آنحضرت نے حکم فرمایا تہا ایک غلام یا لونڈی دینے کا تو اس صورتمین علیہا سے علے عاقلتہا مُراد ہے یعنی مضاف یہان محذوف ہے پس ضمائر بطنہا اور زوجہا مین اُسی جانیہ کیطرف راجع ہونگی اور تخصیص توریث کی اُسکی لڑکون اور زوج کی لئے اسواسطے فرمائی کہ اُسکا اور کوئی وارث نہوگا ماگر اسمین ایک اشکال یہ ہوتا ہے کہ دفع جنایت کرنے والے کے ذکر سے یہان چندان فائدہ نہین بلکہ مراد ظاہر امر نا جنین کا ہے اور اُسکی مانکا چنانچہ ایک روایت مین یہ لفظ وارد ہوا ہے فقتلتہا وما فی بطنہا یعنے مار ڈالا اُس عورت کو اور اُسکے پیٹ کی بچے کو سو طیبی نے اسکی توجیہ یون کی ہے کہ مراد قضی علیہا سے قضے انہا ہے آنحضرت نے لام کے مقام مین علے فرمایا جیسے اس آیہ کریمہ مین لیکونوا شہداء علی الناس کہ علا بمعنے لام ہے غرضکہ اس صورتمین مُراد وہ عورت ہے کہ جسپر جنایت واقع ہوئی اور موت اُسکی بیان ہوئی جسکا حمل گرایا گیا تہا اور سبب ضمار اُسکی طرف راجع ہین مگر علے عصبتہا مین ضمیر جانیہ کیطرف ہے مگر یہہ توجیہ صحیح جب ہوگی کہ دونون روایتون قضیہ ایک ہی ہو اور طیبی نے کہا یہہ توجیہ ظاہر ہے خلاصہ یہ کہ عبارت حدیث مین احتمال ہے کہ حمل گرانیوالی عورت مرے یا جسکا حمل گرا تہا غرض جو صورت ہو آنحضرت نے میراث اُسکی اُسکے اولاون کو دلوائی اور دیت عاقلہ پر واجب کی باب جاء فی الرجل یسلم علی ید الرجل یسلم علی ید رجل من اہل الشرک ہل یتوارثان ہو اُس شخص کے بیان مین جو کسیکے ہاتہ پر مسلمان ہو عن تمیم الداری قال سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما السنۃ فی الرجل من اہل الشرک یسلم علی ید رجل من المسلمین فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہو اولی الناس بمحیاہ ومماتہ ترجمہ روایت ہے تمیم داری سے کہا اُنہون نے کہ پوچہا مین نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ کیا حکم ہے سنت کا اُس اہل شرک کے حق مین جو مسلمان ہو کسی شخص کے ہاتہ پر مسلمانون مین سے فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ سب لوگون سے زیادہ مستحق ہے اُسکی موت اور زندگی مین ف اس حدیث کو نہین جانتے ہم مگر عبدالرحمن بن ہرمز کی روایت سے اور بعضون نے ابن موہب کہا ہے کہ وہ روایت کرتے ہین تمیم داری سے اور بعضون نے عبداللہ بن موہب اور تمیم داری کے بیچ مین قبیصہ بن ذویب کو ذکر کیا ہے اور روایت کی یحیی بن حمزہ نے عبدالعزیز بن عمر سے اور زیادہ کیا اُسمین قبیصہ بن ذویب کو اور وہ میرے نزدیک سند متصل نہین اور اسی پر عمل ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور بعضون نے کہا اُسکی میراث بیت المال مین رکہی جاوے اور یہی قول ہے شافعی کا اور استدلال کیا اُنہون نے اس حدیث سے کہ فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان الولاء لمن اعتق عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ایما رجل عاہر بحرۃ او امۃ فالولد ولد زنا لا یرث ولا یورث ترجمہ سند کو مروی ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس مرد نے زنا کی کسی حرہ یا لونڈی سے تو لڑکا لڑکا ہے زنا کا نہ وہ وارث ہوتا ہے کسی کا اور نہ اُسکا کوئی وارث ہوتا ہی ف اور روایت کیا ہے یہ حدیث ابن لہیعہ کے سوا اور لوگون نے ہے عمرو بن شعیب سے اور اسی پر عمل ہے اہل علم کے نزدیک کہ ولد الزنا وارث نہین ہوتا اپنے باپکا مترجم یعنے وارث نہین ہوتا وہ باپ سے مگر وارث ہوتا ہے اپنی ماں سے اور اسیطرح وارث ہوتی ہے اُسکی ماں اُس سے (کذا ذکرہ الشیخ فی شرح مشکوۃ) باب من یرث الولاء باب لاکی میراث مین عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یرث المال من یرث الولاء ترجمہ سند مذکور مروی ہے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وارث ہوتا ہے ولا کا جو شخص کہ وارث ہوتا ہے مال کا ف اس حدیث کی سند کچہہ قوی نہین عن واثلۃ بن الاسقع قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المرأۃ تحوز ثلاثۃ مواریث عتیقہا ولقیطہا وولدہا الذی لاعنت عنہ ترجمہ روایت ہے واثلہ بن اسقع سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عورت اکہٹا کرتی ہے تین ترکون کو اپنے آزاد کیے ہوے غلام کا اور جس لڑکیکو راہ مین سے اُٹہا کر پال لیا اور اُس لڑکے کا کہ جسکو لیکر اپنے شوہر سے لعان کیا اور جدا ہو گئی ف یہ حدیث جس سے غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر محمد بن حرب کی روایت سے اسی سند سے بسم اللہ الرحمن الرحیم ابواب الوصایا عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہہ باب ہین وصیتون کے جو وارد ہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ۔ مترجم ۔ وصایا جمع ہے وصیت کی جیسے خطایا جمع

ہے حقیقت کی اور وصیت اصل مین عہد و قرار اور نصیحت کو کہتے ہین لغت اور اصطلاح مین وہ عہد و قرار اور نصیحت ہے کہ جو قریب موت کے واقع ہو اور شرعًا تملیک بعد الموت کا نام ہے اور وصیت اسم ہے بمعنے مصدر کے اور موصی بہ کو یعنے جسکی وصیت کیجاوے اُسکو بھی وصیت کہتی ہین اور ایصا عبارت ہے غیر کو وصی کرنے سی تاکہ غیر اُسکی غیبت مین کام کرے خواہ موصی زندہ ہو یا مُردہ مثلاً زید نے بکر سے کہا کہ خالد کو یہ مکان دینا تو زید موصی ہے اور بکر وصی ہے اور مکان موصی بہ اور خالد موصی لہ اور باقی مسائل وصیت کے ضمن ابواب مین مذکور ہونگے یہان اتنا جاننا ضرور ہے کہ وصیت مستحب ہے اور اہل ظواہر اُسکے وجوب کی طرف گئی ہین اور پیش ازنزول میراث واجب تھی بعد نزول میراث وجوب منسوخ ہوگیا اسلیئے وصیت وارث کو درست نہین اور فقہا نے کہا ہے کہ جسپر دَین ہو یا ودیعت کسیکی اُسکے پاس ہے تو لازم ہے اُسکو وصیت کرکے گواہ کرنا اسپر کذا ذکر الشیخ فی شرح مشکوٰۃ **باب** مَا جَآءَ فِی الْوَصِیَّۃِ بِالثُّلُثِ باب وصیت باالثلث مین **عَنْ** سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ مَرِضْتُ عَامَ الْفَتْحِ مَرَضًا اَشْفَیْتُ مِنْہُ عَلَی الْمَوْتِ فَاَتَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعُوْدُنِیْ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ لِیْ مَالًا کَثِیْرًا وَلَیْسَ یَرِثُنِیْ اِلَّا ابْنَتِیْ فَاُوْصِیْ بِمَالِیْ کُلِّہٖ قَالَ لَا قُلْتُ فَثُلُثَیْ مَالِیْ قَالَ لَا قُلْتُ فَالشَّطْرُ قَالَ لَا قُلْتُ فَالثُّلُثُ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ کَثِیْرٌ اِنَّکَ اِنْ تَذَرْ وَرَثَتَکَ اَغْنِیَآءَ خَیْرٌ مِّنْ اَنْ تَذَرَھُمْ عَالَۃً یَّتَکَفَّفُوْنَ النَّاسَ اِنَّکَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَۃً اِلَّا اُجِرْتَ فِیْھَا حَتَّی اللُّقْمَۃُ تَرْفَعُھَا اِلٰی فِیْ امْرَاَتِکَ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُخَلَّفُ عَنْ ھِجْرَتِیْ قَالَ اِنَّکَ لَنْ تُخَلَّفَ بَعْدِیْ فَتَعْمَلَ عَمَلًا تُرِیْدُ بِہٖ وَجْہَ اللّٰہِ اِلَّا ازْدَدْتَ بِہٖ رِفْعَۃً وَّدَرَجَۃً وَلَعَلَّکَ اَنْ تُخَلَّفَ حَتّٰی یَنْتَفِعَ بِکَ اَقْوَامٌ وَیُضَرَّ بِکَ اٰخَرُوْنَ اَللّٰھُمَّ اَمْضِ لِاَصْحَابِیْ ھِجْرَتَھُمْ وَلَا تَرُدَّھُمْ عَلٰی اَعْقَابِھِمْ لٰکِنِ الْبَآئِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَۃَ یَرْثِیْ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ مَّاتَ بِمَکَّۃَ **ترجمہ** سعد نے کہا مین بیمار ہوا جس سال مکہ فتح ہوا ایسا کہ قریب ہو گیا مین موت کے سو آئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کو سو مین نے کہا یا رسول اللہ میرا مال بہت ہی اور وارث کوئی نہین مگر بیٹی میرے یعنے عصبات وغیرہ بہت ہین تو وصیت کرجاؤن مین اپنے سارے مال کی یعنے خدا کی راہ مین فرمایا آپنے نہین کہا مین نے پہر دو تہائی مال کی وصیت کرون فرمایا آپنی نہین کہا مین نے پہر نصف مال کی فرمایا آپنے نہین کہا پہر تہائی مال فرمایا آپنی کہ خیر تہائی کافی ہے اور تہائی بھی بہت ہے البتہ اگر تو چھوڑ جاوے اپنے وارثون کو غنی بہتر ہے کہ چھوڑ جاوے تو اُنکو تنگدست کہ ہاتھ پھیلاتے پھرین لوگون کے سامنی تو خرچ کریگا کسی اہل حقوق پر کوئی خرچ کرنیکی خیر مگر بدلا دیا جاویگا تجھکو اُسکا یہانتک کہ ایک لقمہ کہ اُٹھاویگا اُسکو اپنی بی بی کے مونہہ کیطرف کہا راوی نے عرض کی مین نے یارسول اللہ کیا مین پیچھے ہٹ گیا اپنی ہجرت سے فرمایا آپنے نہ زندہ رہیگا تو بعد میرے کہ عمل کریگا تو کیجیگا یہ ارادہ کرے ساتھ اُسکی رضائی الٰہی کا مگر بڑہائی جاویگی تیری اُسکے سبب سے درجہ اور شاید کہ تو جیوے بعد میرے یہانتک کہ منتفع ہونگی تجھ سے کچھ قومین اور نقصان اُٹھاوینگی تجھ سے دوسرے لوگ پہر آپ دعا کرنے لگے اور فرمانے لگی یا اللہ روان کردی میرے اصحاب کی ہجرت کو اور مت لوٹا اُنکو اُنکی ایڑیون پر لیکن بیچارہ سعد بن خولہ کہ افسوس کرتے تھی اُسکے لیئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسپر کہ انتقال کرگئے وہ مکہ مین **ف** اسباب ابن عباس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث کئی سندون سے سعد بن ابی وقاص سے اور اسی پر عمل ہے نزدیک اہل علم کے کہ آدمی کو جایز نہین ثلث سی زیادہ مین وصیت کرنا اور مستحب کہا ہی بعض علمانی ثلث سی کم وصیت کرنیکو اسلیئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ثلث کو بہت فرمایا **ترجم** قولہ وارث کوئی نہین یعنے ایسا وارث نہین کہ جسکی پرورش مجھکو ضرور ہو ورنہ اور وارث اور عصبات اُنکے بہت ہی قولہ عالۃ یتکففون اُنسے مشتق ہے اسکے دو معنی ہوسکتی ہین ایک یہ کہ لوگون کے سامنے ہاتھ پھیلاوین یعنے سوال کرین دوسرے یہ کہ کف کف طعام مانگتے پھرین قولہ مین پیچھے ہٹ گیا اپنی ہجرت سے یہ مہاجرین مین سے تھے مکہ سے ہجرت کی تھی اپنی بیماری مین اُنکو یہ خوف ہوا کہ اگر مین مکہ مین مرجاؤن تو ہجرت میرے قبول نہو حضرت نے اُنکو طول حیوٰۃ کی بشارت دی ارباب سیر نے لکھا ہے کہ وہ فتح عراق تک زندہ رہی اور کفار کے ہزیمت اور مسلمانونکی نصرت اُنکے ہاتھ پر ہوئی قولہ لیکن بیچارہ سعد بن خولہ الخ اس قول مین حضرت ان پر افسوس فرماتے تھے کہ وہ ہجرت کرکے پہر حجۃ الوداع مین مکہ مین آکر انتقال فرمائی اور ترحمًا یہ کلمات ارشاد کرتے تھے اکثر کا قول یہی ہے اور بعضون نے کہا حضرت کو مراد اس قول سے مذمت اُنکی تھی کہ اُنہون نے ہجرت کی مکہ سے یہانتک کہ وہین انتقال فرمایا **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّہٗ حَدَّثَہٗ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ لَیَعْمَلُ وَالْمَرْاَۃَ بِطَاعَۃِ اللّٰہِ سِتِّیْنَ سَنَۃً ثُمَّ یَحْضُرُھُمُ الْمَوْتُ فَیُضَآرَّانِ فِی الْوَصِیَّۃِ فَیَجِبُ لَھُمَا النَّارُ ثُمَّ قَرَاَ اَبُوْھُرَیْرَۃَ مِنْ بَعْدِ وَصِیَّۃٍ یُّوْصٰی بِھَآ اَوْ دَیْنٍ غَیْرَ مُضَآرٍّ وَصِیَّۃً مِّنَ اللّٰہِ اِلٰی قَوْلِہٖ ذٰلِکَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے

وصیت باالثلث مین

کہ انہوں نے بیان کیا شہر بن حوشب سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مرد عمل کرتا ہے اور عورت بھی عمل کرتی ہے اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کے موافق ساٹھ برس تک پھر آتی ہے اُنکو موت پس وہ نقصان پہونچاتی ہیں وصیت میں اپنی ایسی وصیت کرتے ہیں کہ وارثوں کا نقصان ہو پس واجب ہو جاتی ہے اُن دونوں کے لئے دوزخ پھر پڑھے ابوہریرہ نے یہہ آیت مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ سے فَوْزٌ الْعَظِيمُ تک **ف** یہہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور نضر بن علی جو جہضمی ہے اور ابن جابر سی راوی ہیں داؤد بن نصر ہیں

**ترجمہ** غیر مضار دینے وصیت ایسی ہو کہ ضرر دیا ہو بسبب اُسکے کسیکو بیضاوی نے کہا ہی ضرر سے مراد یہہ ہے کہ وارثوں کو نقصان ہو مثلاً یہہ کہ ثلث سے زیادہ وصیت کی کہ وارثوں کو مال کم بچا یا کسیکے قرض کا جھوٹا اقرار کیا کہ وہ اُسکے مال سے ادا کرنا پڑا اسمیں بھی وارثوں کا نقصان ہوا اور ابوہریرہ نے اُس حدیث کی تائید کے لئے یہہ آیت قرات کی

**باب** مَا جَاءَ فِي الْحَثِّ عَلَى الْوَصِيَّةِ باب وصیت کے ترغیب میں

**عن** ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ يَبِيتُ لَيْلَتَيْنِ وَلَهُ مَا يُوصِي فِيهِ إِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوبَةٌ عِنْدَهُ

**ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سی کہ فرمایا آپنے نہیں حق ہر مسلمانکو کہ دو رات رہی اور اُسکو وصیت کرنا ہو کسی چیز میں مگر یہہ کہ وصیت اُسکی لکھی ہوئی ہو اُسکے پاس **ف** یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی زہری نے سالم سے اُنہوں نے ابن عمر سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مانند اسکے

**باب** مَا جَاءَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُوصِ باب اس بیانمیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے وصیت نہ کی

**عن** طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنَيْ أَبِي أَوْفَى أَوْصَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَا لَا قُلْتُ وَكَيْفَ كُتِبَ الْوَصِيَّةُ وَكَيْفَ أُمِرَ النَّاسُ قَالَ أَوْصَى بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالَى

**ترجمہ** روایت ہے طلحہ سے کہا اُنہوں نے ابن ابی اوفی سے کیا وصیت کی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُنہوں نے نہیں پھر پوچھا اُنہوں نے کیونکر لکھی گئی وصیت اور کیا حکم کیا آپنے آدمیوں کو فرمایا اُنہوں نے وصیت کی آنحضرت نے کتاب اللہ کی فرمانبرداری اور اطاعت کی **ف** یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر مالک بن مغول کی روایت سے

**باب** مَا جَاءَ لَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ باب وارث کے لئے وصیت نہ ہونے کے بیانمیں

**عن** أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي خُطْبَةِ عَامِ حَجَّةِ الْوَدَاعِ إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَدْ أَعْطَى كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ فَلَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ تَعَالَى وَمَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ أَوِ انْتَمَى إِلَى غَيْرِ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ التَّابِعَةُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا تُنْفِقُ امْرَأَةٌ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَلَا الطَّعَامَ قَالَ ذَلِكَ أَفْضَلُ أَمْوَالِنَا وَقَالَ الْعَارِيَةُ مُؤَدَّاةٌ وَالْمِنْحَةُ مَرْدُودَةٌ وَالدَّيْنُ مَقْضِيٌّ وَالزَّعِيمُ غَارِمٌ

**ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے کہا اُنہوں نے سُنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے اپنی خطبہ میں حجۃ الوداع میں کہ اللہ بزرگ و برتر نے مقرر کر دیا ہر ایک کا حصہ یعنی وارثوں میں سے پس وصیت نہیں جائز وارث کے لئے اور لڑکا منسوب ہے صاحب فراش کیطرف اور زانی محروم ہے پتھر کا اور حساب اُنکا اللہ تعالیٰ پر ہے اور جسنے اپنے تئیں شہور کیا ولد کسی اور کا اپنے باپ کے سوا یا منسوب کیا اپنی تئیں اپنے مولا کیسوا اور کیطرف اُسپر لعنت ہے اللہ کی پوری قیامت کے دن تک خرچ کرے کوئی عورت اپنے شوہر کے گھر میں سے کچھ مگر شوہر کی اجازت سے عرض کیا گیا یا رسول اللہ کہا انہی فرمایا آپنے کہا ہاں تمہارے سب مالوں سے افضل ہے یعنے اُسکی حفاظت اور زیادہ ضرور ہے اور فرمایا مانگی کی چیز مالک کو پھیر دینی ہے اور منیحہ پھیر دینا ہی اور قرض ادا کرنا ہی اور ضامن تاوان دار ہے یعنے اُس چیز کا جسکے ضمانت کی ہی **ف** اسماعیل بن عمرو بن خارجہ اور انس بن مالک سے بھی روایت ہے یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور مروی ہوئی ہے ابی امامہ سے اس سند کے سوا اور سندی بھی اور روایت اسمٰعیل بن عیاش کی اہل عراق اور اہل حجاز سے کچھ قوی نہیں وہ روایت کہ جسمیں وہ متفرد ہوں اسلئے کہ اُنہوں نے اہل عراق و حجاز سے مناکیر روایتیں کی ہیں اور روایتیں اُنکی اہل شام سے صحیح ہے ایسا ہی کہا محمد بن اسمٰعیل نے سُنا میں نے احمد بن حنبل سے کہتے تھے کہا احمد بن حنبل نے کہا اسمٰعیل بن عیاش صحیح ہیں بدنہیں یعنے ہوش حواس میں بقیہ سے اور بقیہ کی بہت احادیث منکر ہیں ثقات سے اور سنا میں نے عبد اللہ بن عبد الرحمٰن سے کہتے تھے سُنا میں نے ذکریا بن عدی سے کہتے تھے کہا ابو اسحاق فزاری نے کو تم بقیہ سے وہ حدیثیں جو روایت کرے ہیں اُنہوں نے ثقات سے اور نہ لو وہ جو روایت کرے ہیں اُنہوں نے اسمٰعیل بن عیاش سے خواہ وہ ثقات سے ہوں یا غیر ثقات سے ہوں

**عن** عُمَرَ بْنِ خَارِجَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ عَلَى نَاقَتِهِ وَأَنَا تَحْتَ جِرَانِهَا وَهِيَ تَقْصَعُ بِجِرَّتِهَا وَإِنَّ لُعَابَهَا يَسِيلُ بَيْنَ كَتِفَيَّ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَعْطَى كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ فَلَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ وَالْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ

**ترجمہ** روایت ہے عمرو بن خارجہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑھا اپنی اونٹنی پر اور میں اُسکے گردن کے نیچے تھا اور وہ جگالی کر رہی تھی اور اُسکا تھوک میرے دونوں شانوں کے بیچمیں بہہ رہا تھا اُسوقت سُنا میں نے آپکو کہ فرماتے تھے اللہ عزوجل نے مقرر کر دیا حق ذی الحق کا حصہ سو وصیت نہیں ہے وارث کے لئے اور ولد صاحب فراش کے

کیطرف منسوب ہے اور زانی کو پتھر مین ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے مترجم قولہ لا وصیت نہین جائز وارث کے لئے یعنے قبل نزول آیت میراث تو وارثون کے لئے وصیت واجب تھے اب بعد نزول واجب نرہا اور صورتیکہ ایک وارث کا نقصان ہو دوسرے کے لئے وصیت کرتے ہین تو یہ وصیت ناجایز ہوگی منطوق قرآن کہ اللہ تعالے فرماتا ہے غیر مضار اور اگر کوئی وارث نہو سوا ایک کے تو وصیت اُسے جایز ہوگی اسلئے کہ اُسمین کسیکا نقصان نہین جیسے مثلاً وصیت کے زوجہ نے اپنے زوج کو یا زوج نے اپنی زوجہ کو اور وہان اور کوئی اور وارث نہین تو وصیت صحیح ہوگی کذا ذکرہ ابن الکمال اور مجیبہ مین کہا ہے کہ اگر زوج نے اپنے زوجہ کے واسطے نصف مال کی وصیت کی تو تمام مال اُسکا ہوگا یعنے جبکہ زوجہ کا کوئی وارث نہو (غایۃ الاوطار) قولہ اور لڑکا منسوب ہے صاحب فراش الخ یعنے جب کسی کے کسیکے زوجہ منکوحہ سے یا امہ موطوءہ سے زنا کیا اور لڑکا ہوا تو نسب اُسکا اس عورت کے زوج اور سید سے لگیگا نہ اُس زانی سے بلکہ زانی کو پتھر مین اور اسکے دو مطلب ہین ایک تو یہ کہ فرمانا زجراً ہے جیسے کہتے ہین فلانے پر خاک ہے دوسرے یہ کہ یہہ بیان واقع ہے یعنے وہ مستحق ہے رجم کا قولہ اور جسنے اپنے کو ولد غیر یا مولا دیسے کہ خود انکار کیا اپنے باپ سے کہ یہہ میرا باپ نہین اور اور کسیکو اپنا باپ مقرر کیا یا یہہ کہ جیسے اکثر لوگ شیخ سید بناتے ہین یا بزرگون کے اولاد اپنے تئین بتاتے ہین اور منجملہ وہ جانور ہے کہ کسیکو دیا واسطے کرایہ کے دودھ سے منتفع ہو پھر مالک جب چاہے اُسی پھیر لیوے یا کسی رخصت سے پہلے کھانے کی یا کسی زمین مین زراعت کی اجازت دے باب ماجاء یبدأ بالدین قبل الوصیۃ باب اس بیان مین کہ ادای دین وصیت پر مقدم ہے عن علی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قضی بالدین قبل الوصیۃ وانتم تقرؤن الوصیۃ قبل الدین ترجمہ روایت ہے حضرت علی سے کہ فرمایا اُنہون نے حکم کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ادائی دین کا قبل وصیت کے اور تم پڑھتے ہو یعنے قرآن مین وصیت کو قبل دین کے یعنے اگرچہ وصیت قرأۃً مقدم ہے مگر ادا مؤخر ہے ف اسی حدیث پر عمل ہے تمام اہل علم کے نزدیک کہ ادای دین ضرور ہے قبل اجرائے وصیت کے باب ماجاء فی الرجل یتصدق او یعتق عند الموت باب اس بیان مین جو صدقہ دیوے یا غلام آزاد کرے موت کے وقت عن ابی حیۃ الطائی قال اوصی الی اخی بطائفۃ من مالہ فلقیت ابا الدرداء فسألتہ ان اخی اوصی الی بطائفۃ من مالہ فہل تری لی وضعہ فی الفقراء او المساکین او المجاہدین فی سبیل اللہ قال اما انا فلو کنت لم اعدل بالمجاہدین سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول مثل الذی یعتق عند الموت کمثل الذی یہدی اذا شبع ترجمہ روایت ہے ابی حیہ طائی سے کہا وصیت کی مجھے میرے بھائی نے ایک ٹکڑی اپنے مال سے پھر ملاقات کی مینے ابا الدرداء سے اور کہا مینے کہ میرے بھائی نے وصیت کی ہے مجھے تھوڑے مالکی اپنے مال سے پھر تم کہان مناسب دیکھتے ہو خرچ کرنا اُسکا تھوڑا یا مساکین یا مجاہدون فی سبیل اللہ کی راہ مین ہون تو کہا ابو الدرداء نے مین اگر ہوتا یعنے تمہاری جگہہ تو برابر نہ کرتا مجاہدون کے ساتھ کسیکو یعنے اُنہین مین خرچ کرنا اولے ہے پھر بیان کی یہ حدیث کہ سنا مینے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے مثال اُسکی جو آزاد کرے موت کی وقت مانند مثال اُس شخص کے ہے جو ہدیہ دیوے جب اپنا پیٹ بھر جاوے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے مترجم یعنے ثواب اُسکا کم ہے اُس مال کے ثواب سے جو حالت صحت اور عافیت مین اور محبت مال کے وقت مین دیا جاوے جیسے انصار کی فضیلت مین اللہ تعالے فرماتا ہے وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ یعنے مقدم رکھتے ہین اپنے نفسون پر مہاجرین کو اگرچہ اُنکو بھوک ہو اور اللہ تعالے فرماتا ہے وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا یعنے کھلاتے ہین کہا اُنہون نے کہ کھانا کھلاتے ہین اُنکو محبت سے مسکین و یتیم و اسیر کو چونکہ اکثر مفسرین نے اُنکی تسمیہ کو طعام کیطرف راجع کیا ہے اور یہی اولی ہے باب عن عروۃ ان عائشۃ اخبرتہ ان بریرۃ جاءت تستعین عائشۃ فی کتابتہا ولم تکن قضت من کتابتہا شیئا فقالت لہا عائشۃ ارجعی الی اہلک فان احبوا ان اقضی عنک کتابتک ویکون ولاءک لی فعلت فذکرت ذلک بریرۃ لاہلہا فابوا وقالوا ان شاء ان تحتسب علیک ویکون لنا ولاءک فلتفعل فذکرت ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابتاعی فاعتقی فانما الولاء لمن اعتق ثم قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما بال اقوام یشترطون شروطا لیست فی کتاب اللہ من اشترط شرطا لیست فی کتاب اللہ فلیس لہ وان اشترط مائۃ مرۃ ترجمہ روایت ہے عروہ سے کہ حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا نے خبر دی اُنکو کہ بریرہ آئین تا ئید چاہتین حضرت عائشہ سے اپنی زر کتابت ادا کرنے مین اور اُسمین سے کچھہ ادا نہین کیا تھا سو فرمایا اُنسے حضرت عائشہ نے لوٹ جاؤ تم اپنے لوگون مین پھر کہو اُنسے کہ اگر وہ چاہین کہ ادا کردون مین زر کتابت تمہارا اور ہووے ولا میرے لئے تو مین ایسی کرون سو ذکر کیا بریرہ نے اپنے لوگون سے اور مانی نہون نے یہ بات اور کہنے لگے کہ اگر چاہین وہ ثواب چاہین تجھے زر کتابت دیکر اور ہووے ولا تیری ہمارے لئے تو خیر کرین سو ذکر کیا بریرہ نے

اداے دین وصیت پر مقدم ہے

اسکے بیان جو صدقہ دے وقت موت کے یا غلام آزاد کرے

اسکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے تم خرید کر کے آزاد کرو اور ولا تو اُسیکی ہوتی ہے جو آزاد کرے پھر کھڑے ہوے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم یعنے خطبہ پڑہنے اور فرمایا کیا حال ہے اُن قومونکا کہ شرط کرتے ہین ایسی شرطین جو نہین کتاب اللہ مین جسنے شرط کی ایسی جو نہین کتاب اللہ مین تو اُسکی وفا اُسکو ملیگی اگرچہ سو بار اُسنے شرط باندہی ہو ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سی کئی سند وں سے اور عمل اسی پر ہی اہل علم کے نزدیک کہ ولا اُسیکا حق ہے جو آزاد کرے **مترجم** اسمین داخل ہین وہ شرطین کہ جو اکثر متفقہین بغیر استدلال شرعی کے عبادات وطاعات مین مقرر فرماتے ہین جیسے شرط صحت جمعہ کے یا شرائط طہارت بیر کے یا تفاوت فیما بین قلیل وکثیر کے یا متصوفین وظائف واوراد مین یوم دو وقت واثواب تاکل ومشارب مین شروط بیجا مقرر فرماتے ہین کہ سبکے سب از قبیل لایلتفت الیہا ولا یعبا بہا ہین انتہی اور ولا کی تفصیل آگے آتی ہے **مسایل ملحقہ بمترجم مسئلہ ۱** وصیت چار قسم ہے واجب ہے وصیت زکوٰۃ وکفارات اور فدیہ صیام اور صلوٰۃ کے جنکے ادا کرنے مین مسلمان نے قصور کیا اور وصیت مباح ہی بالادراک واسطے اور مکروہ ہے فاسق وفاجر کے واسطے اور انکے سوا مستحب ہے جموی نی قاضیخان سے نقل کی ہے کہ جب آدمی نے وصیت کا ارادہ کیا اور اُسکی اولاد صغار ہے شیخین نے کہا کہ مال کا چھوڑ جانا اپنی اولاد کے واسطے افضل ہے اگر اولاد کبار ہے اور مال تھوڑا ہے امام نے کہا کہ اُسکو وصیت کرنا لایق نہین اور اگر مال زیادہ ہے اور وارث غنی ہین تو امور وجیہہ بھی وصیت کی ابتدا کرے اور اگر اُسپر کچھہ واجب نہین رہا تو اہل قرابت کے واسطے وصیت کرے اور اگر اقربا اغنیا ہین تو پڑوسیون کے واسطے وصیت کرے کذا فی غایۃ الاوطار ناقلاً عن الطحاوی **مسئلہ ۲** نووی نے شرح مسلم مین کہا ہے کہ اجماع ہے تمام زمانہ کے علما کا کہ جسکا وارث ہو اُسکی وصیت جاری نہین ہوتی ثلث سے زیادہ مین مگر باجازت ورثہ اور اجماع ہی ہے کہ اگر اجازت دیدین وارث تو نافذ ہوجاویگی اگرچہ جمیع مالمین ہو اور لیکن جسکا کوئی وارث نہو پس مذہب جمہور وشافعیہ کا یہ ہے کہ صحیح نہین وصیت اُسکی ثلث سے زیادہ مین اور جایز کہا ہے اُسے ابوحنیفہ اور اصحاب اُنکے نے اور اسحاق اور احمد نے ایک روایت مین اور یہی مروی ہے علی اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے **مسئلہ ۳** ثواب صدقات میت کو پہونچتا ہے چنانچہ صحیح مسلم مین ابوہریرہ سے مروی ہے کہ ایکمرد نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ میرے باپ انتقال کر گئے ہین اور مال چھوڑ گئے ہین اور کچھہ وصیت نکی کیا مین اگر صدقہ دون تو اُسکے گناہونکا کفارہ ہوگا آپنے فرمایا ہان اسیطرح اور یہی روایتین آئمہ ثلثہ مین نووی نے کہا ہے ان احادیث سے میت کیطرف سے صدقہ دینا جایز ہوا بلکہ مستحب اور معلوم ہوا کہ ثواب اُسکا پہونچتا ہے میت کو اور نفع دیتا ہے اُسکو اور اسپر اجماع ہے مسلمانونکا اور یہ احادیث مخصص ہین عموم کو اس آیت کے وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى اور اجماع ہے مسلمانونکا اسپر کہ واجب نہین وارث پر صدقہ دینا میت کیطرف سے اور مراد صدقہ تطوع ہے بلکہ مستحب ہے اُسکا دینا ولیکن حقوق مالیہ جو میت پر ثابت ہون اُنکی قضا واجب ہے اگر اُسکا ترکہ موجود ہے کہ وصیت کی ہو اُسنے یا نکی ہوا ور یہ سب راس المال سے ہونگے علم ہین کہ دیون الٰہی ہون مثل زکوٰۃ اور حج اور نذر وکفارہ کے اور بدل صوم وغیرہ کے یا دیون مردم ہون پھر اگر میت نے کچھہ ترکہ نچھوڑا تو وارث پر قضائی دین لازم نہین مگر استحباباً اور تبرعاً **مسئلہ ۴** وصیت اللہ تعالیٰ کی والدین کے ساتھہ نکی کرنا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا یعنے وصیت کی ہمنے انسان کو والدین کے ساتھہ احسان کرنیکی اور اُنکی اطاعت اور فرمان برداری کی مگر یہ کہ شرک مین اُنکی اطاعت نہین اور اسیطرح اور امور خلاف شرع مین اور وصیت یہان بمعنے امر وحکم کے ہے اور وصیت ابراہیم ویعقوب علیہما السلام کی اس آیہ مین جو آخر پارہ الم مین مذکور ہے وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ اور یہ وصیت ہے توحید پر قایم رہنے کی اور وصیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ ہے اَلصَّلٰوةَ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ یعنے نماز کی حفاظت کرو اور لونڈی غلام کی رعایت پس مومن متبعسنت کو تعلیم وصیت کی ہمنے انسان کو والدین کے ساتھہ احسان کرنیکی اور آیات واحادیث مین ہے گئے اور چاہیے کہ اسیطرح دینیات کی وصیت کرے علی الخصوص اہل ہند کو اسوقت اس امر کے وصیت ضرور ہے کہ عزیز واقارب نوخہ کرین اور تجہیز وسوان بطور بدعت نکرین ہمونکی چادر خیازہ اور قبر پر ہنڈالین اور اسیطرح جمیع منکرات ومحدثات سے محترز رہین انتہی چنانچہ مترجم کی یہی وصیت یہی ہے

## اَبْوَابُ الْوَلَاءِ وَالْهِبَةِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ یہ باب ہین ولا اور ہبہ کے جو وارد ہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

ولا لغت مین بمعنے نصرت اور محبت کی ہے اور مشتق ہے ولی بفتحہ واو وسکون لام سے اور شرع مین عبارت ہے باہم کی مددگاری سے بسبب ولاء عتاقت کے یا بسبب ولاء موالات کے اور ولاء عتاقت سے مراد وہ حقوق ہین جو آزاد کرنیوالیکو ثابت ہوتے ہین آزاد کئے ہوئے کی نسبت جیسے وارث ہونا اُسکا اور اُسکے نکاح کرنے اور اُسپر نماز پڑہنے کی ولایت کہ آزاد کرنیوالیکو ثابت ہوتی ہے اور ولاء موالات بقول اسبیجابی یہ ہے کہ مرد مسافر دوسرے شخص سے کہے کہ میری برادری نہین

اور نہ کوئی مددگار سو مجھکو تو اپنی طرف ملالی اور اپنی قوم کیطرف تا کہ میں تیرے جماعت میں گنا جاؤں سو تو میری مدد کیجیو اور میرے اوپر سختی نوائب اور مصائب دور کیجیو اور اگر میں مر جاؤں تو تیرے مال کا وارث ہے تو دونوں شخصوں میں عقد موالات منعقد ہوگی یعنے بشرط قبول شخص ثانی (غایۃ الاوطار) **باب** ماجاء ان الولاء لمن اعتق باب اس بیان میں کہ ولا معتق کا حق ہے **عن** عائشۃ انہا ارادت ان تشتری بریرۃ فاشترطوا ولاءہا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم الولاء لمن اعطی الثمن او لمن ولی النعمۃ ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے کہ انہوں نے ارادہ کیا بریرہ کے خریدنیکا اور شرط کی انکے مالکوں نے ولا کی سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ولا اسیکا حق ہے جو قیمت دیوے یا یہ فرمایا کہ جو ولی نعمت ہو یعنی متکفل ہوا آزاد کرنیکی نعمت کا **ف** اسماعیل ابن عمر اور ابی ہریرہ سے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسی پر عمل ہے اہل علم کے نزدیک **باب** النہی عن بیع الولاء وھبتہ باب ولا کی بیع اور ہبہ کی نہی میں **عن** عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن بیع الولاء وھبتہ ترجمہ روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ولا کے بیچنے اور ہبہ کرنے سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے نہیں جانتے ہیں ہم اسکو مگر عبد اللہ بن دینار کی روایت سے کہ وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں دونوں صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کیے یہ شعبہ اور سفیان ثوری اور مالک بن انس نے عبد اللہ بن دینار سے اور مروی ہے شعبہ سے کہ کہا انہوں نے کہ عبد اللہ بن دینار جب یہ روایت بیان کرتے ہیں اگر مجھے اجازت دیں تو میں کھڑا ہو کر انکا سر چومیں اور روایت کی یہ حدیث یحیی بن سلیم نے عبید اللہ بن عمر سے انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمر سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور وہم کیا اسمیں یحیی بن سلیم نے اور صحیح یہ ہے عن عبید اللہ بن عمر عن عبد اللہ بن دینار عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اسی سند سے روایت کی یہ حدیث کئی لوگوں نے عبید اللہ بن عمر سے اور تفرد ہوا ہے عبد اللہ بن دینار اس حدیث کے روایت کے ساتھ **باب** ماجاء فی من تولی غیر مولاہ او ادعی الی غیر ابیہ باب معتق اور بابے کے سوا اور کسیکو معتق اور بابا کہنے کی برائی میں **عن** ابراہیم التیمی عن ابیہ قال خطبنا علی فقال من زعم ان عندنا شیئا نقرءہ الا کتاب اللہ وھذہ الصحیفۃ صحیفۃ فیہا اسنان الابل واشیاء من الجراحات فقد کذب وقال فیہا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ حرم ما بین عیر الی ثور فمن احدث فیہا حدثا او اوی محدثا فعلیہ لعنۃ اللہ والملئکۃ والناس اجمعین لا یقبل اللہ منہ یوم القیمۃ صرفا ولا عدلا ومن ادعی الی غیر ابیہ او تولی غیر موالیہ فعلیہ لعنۃ اللہ والملئکۃ والناس اجمعین لا یقبل منہ صرف ولا عدل وذمۃ المسلمین واحدۃ یسعی بہا ادناہم ترجمہ روایت ہے ابراہیم تیمی سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے کہا انکے باپ نے خطبہ پڑھا ہمپر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اور فرمایا جو دعوی کرے کہ ہمارے پاس کوئی چیز ہے کہ جسے پڑھتے ہیں ہم کتاب اللہ اور اس صحیفہ کے سوا کہ جسمیں سن اونٹوں کے لکھی ہوئیں ہیں اور بعض زخموں کے اور کچھ حکم میں جراحتوں کے تو بیشک اسنے جھوٹ بولا یعنے کتاب اللہ اور اس صحیفہ کی سوا ہمارے پاس کوئی چیز نہیں اور اس صحیفہ میں یہ بھی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مدینہ حرم ہے عیر اور ثور کے درمیان پس جسنے کوئی حدث کیا یعنی جگہ دی کسی نئے کام کرنیوالی بدعتی کو یا کسی نئے کام کرنیوالی بدعتی کو اس پر ہی لعنت اللہ کی اور فرشتوں اور تمام آدمیوں کی نہ قبول کریگا اللہ تعالی اس سے قیامت کے دن کوئی فرض نہ نفل اور جسنے اپنے کو منسوب کیا اپنے باپ کے سوا اور کسی کیطرف یا مولی بنایا اپنے کو سوا اپنے مولی کے تو اسپر لعنت ہے اللہ کی اور تمام فرشتے اور تمام آدمیوں کی نہ قبول کریگا اللہ تعالی اس سے کوئی فرض اور نہ نفل اور پناہ دینا مسلمانوں کا ایک ہے جیتا ہے اسکے ساتھ ادنی انکا یعنے ادنی مسلمان ہے کہ سکتا ہے پناہ دے تو اسکی رعایت سب کو لازم ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیے بعضوں نے اعمش سے انہوں نے ابراہیم تیمی سے انہوں نے حارث سے انہوں نے علی سے اور مروی ہوا ہے یہ حدیث حضرت علی سے کئی سند سے **باب** ماجاء فی الرجل ینفی من ولدہ باب لڑکے کی نفی کے بیان میں **عن** ابی ہریرۃ قال جاء رجل من فزارۃ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ ان امرأتی ولدت غلاما اسود فقال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھل لک من ابل قال نعم قال فما الوانہا قال حمر قال فھل فیہا من اورق قال نعم ان فیہا لورقا قال انی اتاہا ذلک قال لعل عرقا نزعہا قال فھذا لعل عرقا نزعہا ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ آیا ایک مرد بنی فزارہ کے قبیلہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول اللہ میرے بیوی نے جنا ہے ایک لڑکا کالا تو فرمایا اسسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایا ہیں تیرے پاس کچھ اونٹ عرض کی اسنے کہ ہاں فرمایا تو نے کیا رنگ ہیں انکے اسنے کہا سرخ کہا ہے اسمیں کوئی کالا بھی اسنے کہا ہاں انمیں کالی بھی ہیں فرمایا یہ کالا انمیں کہاں سے آیا اسنے

ولا معتق کا حق ہے

ولا اور ہبہ کے بیچنے کی ممانعت

معتق اور بابے کے سوا کسیکو معتق اور باپ کہنے کی برائی

لڑکے کی نفی

کہا کہ شاید کہ آگئی ہوگی اُسمین تیری رگ یعنے اُن اونٹوں کے باپ دونمین کوئی کالا ہوگا اُسکی رگ سے سرخ اونٹ نمین کچھ کالی پیدا ہوگئی آپ نے فرمایا شاید تیرے لڑکے
قیافہ شناس کا بیان
مین بھی کوئی رگ آگئی ہوگی اُسکے باپ دادوں کی ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** مَاجَآءَ فِی الْقَافَةِ باب قیافہ شناس کے بیانمین **عن** عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَیْهَا مَسْرُوْرًا تَبْرُقُ اَسَارِیْرُ وَجْهِهٖ فَقَالَ اَلَمْ تَرَیْ اَنَّ مُجَزِّزًا نَظَرَ اٰنِفًا اِلٰی زَیْدِ بْنِ حَارِثَةَ وَاُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ فَقَالَ هٰذِهِ الْاَقْدَامُ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ ترجمہ روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے اُنکے پاس خوشی خوشی کہ چمک رہی تھین جبہہ کی لکیرین اُنکی پیشانی کی
اور فرمایا آپنے تمنے دیکھا کہ مجزز نے دیکھا اسوقت زید بن حارثہ اور اسامہ بن زید کو پھر کہا یہ پیر بعض اُنکے بعض سے ہین ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی
سفین بن عیینہ نے یہ حدیث زہری سے اُنہون نے عروہ سے اُنہون نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور زیادہ کہی اُسمین یہہ لفظ اَلَمْ تَرَیْ اَنَّ مُجَزِّزًا مَرَّ عَلٰی زَیْدِ بْنِ حَارِثَةَ وَاُسَامَةَ
بْنِ زَیْدٍ وَقَدْ غَطَّیَا رُءُوْسَهُمَا وَبَدَتْ اَقْدَامُهُمَا فَقَالَ اِنَّ هٰذِهِ الْاَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ یعنے فرمایا آپنے حضرت عائشہ سے کہ مجزز گذرا زید بن حارثہ
اور اسامہ بن زید پر اور وہ دونون ڈھانکے ہوے تھے اپنی سر وکلوا ور کھلے تھی اُنکے پیر کہا مجزز نے کہ یہ قدام بعضے اُنکے بعض سے ہین اتنی بسیط روایت کی ہم سے
سعید بن عبد الرحمن اور کئی لوگون نے سفین بن عیینہ سے اُنہون نے زہری سے اور استدلال کیا ہے بعض اہل علم نے اس حدیث سے امر قیافہ کے معتبر ہونمین **مترجم** الحاج
قدر کرتے تھی نسب مین اسامہ بن زید کی اسلئے کہ اسامہ کالی تھا اور باپ اُسکے زید گورا تھا جب قیافہ شناس کہ نام اُسکا مجزز تھا اُسنی کہا دونون کے پیر دیکھکر کہ ان دونونمین ابوت
اور بنوت ثابت ہے تو آنحضرت بہت خوش ہوے کہ قائفین کی تکذیب اور اُنکے نسب کے تصدیق ہوئی **باب** مَاجَآءَ فِیْ حَثِّ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الْهَدِیَّةِ
باب آنحضرت کے ترغیب دلانیمین ہدیہ پر **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَهَادُوْا فَاِنَّ الْهَدِیَّةَ تُذْهِبُ وَحَرَ الصَّدْرِ وَلَا تَحْقِرَنَّ
جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَلَوْ شِقَّ فِرْسِنِ شَاةٍ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آپسمین ہدیہ بھیجو اسلئے کہ ہدیہ لیجاتا ہے دلکی کھلی کو اور حقیر
نہ سمجھے کوئی عورت اپنی ہمسایکے عورت کو اگرچہ ایک ٹکڑا ہو بکری کے کہہ کا یعنے ہدیہ دینے مین شرما ہو نہین اگرچہ ادنی چیز ہو ف یہ حدیث غریب ہے اس سندسی اور اوہ عشر
کا نام یحیی ہے اور وہ مولی ہین بنی ہاشم کے اور بعض اہل علم نے اُسمین کلام کیا ہے بسبب حافظہ اُنکے **باب** مَاجَآءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ الرُّجُوْعِ فِی الْهِبَةِ باب یہ ہدیہ پھیر
پھیرلینے کی کراہت مین **عن** ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الَّذِیْ یُعْطِی الْعَطِیَّةَ ثُمَّ یَرْجِعُ فِیْهَا کَالْکَلْبِ اَکَلَ حَتّٰی اِذَا شَبِعَ قَاءَ
ثُمَّ عَادَ فَرَجَعَ فِیْ قَیْئِهٖ ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مثال اُس شخص کے کہ دیتا ہی کوئی چیز پھر پھیر لیتا ہے مانند اُس کتے کے ہی کہ کھایا
اُسنے یہانتک کہ خوب آسودہ ہوگیا اور قی کی پھر لوٹا اور جو رجوع کیا اپنی قی کیطرف یعنے کھالی ف اسامہ ابن عباس اور عبد اللہ بن عمرو سبی روایت کرتے ہین **عن** ابْنِ
عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ یَرْفَعَانِ الْحَدِیْثَ قَالَ لَا یَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ یُعْطِیَ عَطِیَّةً ثُمَّ یَرْجِعُ فِیْهَا اِلَّا الْوَالِدَ فِیْمَا یُعْطِیْ وَمَثَلُ الَّذِیْ یُعْطِی الْعَطِیَّةَ ثُمَّ یَرْجِعُ فِیْهَا کَمَثَلِ الْکَلْبِ
اَکَلَ حَتّٰی اِذَا شَبِعَ قَاءَ ثُمَّ عَادَ فِیْ قَیْئِهٖ ترجمہ روایت ہے ابن عمر اور ابن عباس سے دونو مرفوع کرتے ہین اس حدیث کو کہ فرمایا آپنے حلال نہین کسی مرد کو کہ دیوی کوئی چیز پھر پھیرلے
اُسکو مگر والد کو درست ہے پھیرلینا اُس چیز کا کہ دیوی اپنے ولد کو اور مثال اُس شخص کی کہ دیکر پھیر لیوے مانند کتے کے ہی کہ کھایا جب آسودہ ہوتی کرے اور پھر اپنی قی کی کھا جاوی ف
یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے کہا امام شافعی نے حلال نہین کسیکو ہبہ کا لوٹا لینا مگر باپ کو حلال ہے جو بیٹے کو دیا ہو اُسکا لوٹا لینا اور استدلال کیا شافعی نے اسی حدیث سے ہ

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## اَبْوَابُ الْقَدَرِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یہ باب ہین قدر کے جو وارد ہین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے **مترجم** قدر بحرکت دال قضا وحکم اور نہایہ مین ہے کہ قدر وہ ہے جو حکم کیا باریتعالی شانہ نے اور سکون دال سے بھی آیا ہے اور لیلۃ القدر وہ رات ہی کہ جس
مین حکم فرمایا اور اندازہ کیا اللہ تعالی نے کاموںکا اور بندون کی رزق وعمر اور خیر وشر کا اور صراح مین ہے کہ قدر اندازہ کیا ہوا اللہ تعالی کا بندہ کی اوپر حکم سے اور اس عبارت سے
ظاہر ہوا کہ قضا وقدر دونون کے ایک ہی معنی ہین اور کبھی دونونمین فرق کرتے ہین اور کہتے ہین کہ قضا حکم ازلی ہی اور قدر وقوع اُسکا اور اس معنے سے قضا سابق ہوئی قدر پر
جیسا کہ فرمایا اللہ سبحانہ نے یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْکِتٰبِ محو واثبات عبارت ہے قدر سی اور عندہ ام الکتاب مین اشارہ ہی طرف قضا کی اور اسکے
برعکس ہے اطلاق ہوتا ہے اور ایمان قدر پر لانے سی یہ مراد ہی کہ یقین کرین ہم کہ جو کچھہ عالم مین واقع ہوتا ہے خیر وشر ہی یا افعال ہے بندون کے اور سوا اسکے اور چیزون سے

سب تقدیر الٰہی سے ہے اور پروردگار تعالیٰ شانہ نے کائنات کو ازل میں اندازہ کر رکھا تھا اور کوئی ذرہ اُسکی تقدیر اور اندازہ سے باہر نہیں اور باوجود اسکی بندہ کو اپنی کام میں اختیار بھی ہے کہ ثواب و عقاب اُسی پر مترتب ہوتا ہے اور تقدیر اور اختیار کے جمع ہونے میں جو اشکال ہے وہ کتب کلامیہ میں مذکور ہے اور جسکا جاننا یہاں ضرور ہی وہ اتنا ہی کہ آدمی میں ایک صفت ہے کہ اُسے اختیار کہتے ہیں کہ یہ وہ وسعتہ ایک فعل کو اُسکی ترک پر اختیار کرتا ہے اور کبھی اُسکی ترک کو فعل پر ترجیح دیتا ہے برخلاف حرکت مرتعش کے کہ اصلاً اُسمیں اختیار نہیں ہے پس مذہب جبریہ کا کہ کہتے ہیں حرکات آدمی کے مثل حرکات جماد کے ہے باطل ہے اور یہ خود مشاہدہ سے معلوم ہوا اور کتاب و سنت کی گواہی سے بھی ثابت ہوا کہ ہر چیز کا از لیں اندازہ ہوا ہی اور ہر چیز ارادہ و مشیت الٰہی سے ظہور میں آئی ہی اور اس سے مذہب قدریہ کا کہ کہتے ہیں آدمی اپنے افعال کا آپ خالق ہے باطل ہوگیا پس حقیقت حال درمیان قدر و جبر کے ہی جیسا کہ امام عارفین ابو عبد اللہ جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں لا جبر ولا قدر ولکن امر بین امرین اور حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے خلق و ایجاد اشیاء میں اسباب و شرائط بطریق جریان عادت کے پیدا کئے ہیں جیسے آگ جلانی کو اور پانی بجھانی کو اور کہا نا کھانیکو اور تلوار سر اُڑانیکو یہ سب اُسکی خلق و ایجاد سے ہے ولیکن اسمیں اسباب کو بھی دخل ہے پھر جب چاہی بغیر اسباب کے بھی جسی چاہی پیدا کر دی اور چاہے تو باوجود جمیعت اسباب کے ایجاد نہ کری آدمی اور قصد و اختیار اسکا سبب ہے اللہ تعالیٰ افعال پیدا کرنیکا اور پیدا کرنیوالا وہی ہے ہر چیز کا اور وجود اسباب و مسببات اور شرائط اور مشروطات کا سب اسکے حیطۂ قضا و قدر میں داخل ہے اور اسکے قضا و قدر سے منافات نہیں رکھتا اور امر و نہی کا مبنے ربوبیت اور عبودیت پر ہے اور ثواب و عقاب تصرف اُسکا سبی اپنے ملک میں یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ وَلَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَھُمْ یُسْئَلُوْنَ انتہے ماذکرہ الشیخ فی شرح مشکوٰۃ **بَابُ** مَا جَآءَ مِنَ التَّشْدِیْدِ فِی الْخَوْضِ فِی الْقَدَرِ باب تقدیر میں خوض کرنیکی برائی میں **عَنْ** اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَنَازَعُ فِی الْقَدَرِ فَغَضِبَ حَتّٰی احْمَرَّ وَجْھُہٗ حَتّٰی کَاَنَّمَا فُقِئَ فِیْ وَجْنَتَیْہِ الرُّمَّانُ فَقَالَ اَبِھٰذَا اُمِرْتُمْ اَمْ بِھٰذَا اُرْسِلْتُ اِلَیْکُمْ اِنَّمَا ھَلَکَ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ حِیْنَ تَنَازَعُوْا فِیْ ھٰذَا الْاَمْرِ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ اَلَّا تَنَازَعُوْا فِیْہِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا نکلے ہمارے اوپر رسول صلے اللہ علیہ وسلم اور ہم بحث کر رہے تھے قدر میں سو غصہ ہوگئی آنحضرت یہانتک کہ سرخ ہوگیا آپکا مونہہ ایسا کہ گویا توڑا ہے آپکے گالوں پر انار کے دانوں کو پھر فرمایا آپنے کیا اسکا حکم کئے گئے ہو تم یا میں اسواسطے بھیجا گیا ہوں تمہاری طرف سو اسکی نہیں ہے کہ ہلاک ہوئے ہیں تم سے اگلی قومیں جبکہ بحث کی اُنہوں نے اس امر میں قسم دیتا ہوں تمکو کہ مت بحث و تکرار کرو تم اسمیں **ف** اسباب میں عمر اور عائشہ اور انس سے ہے یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے صالح مری کی روایت سے اور صالح مری کے بہت غرایب میں کہ وہ منفرد ہیں انکے ساتھ **بَابُ** عَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِحْتَجَّ اٰدَمُ وَمُوْسٰی فَقَالَ مُوْسٰی یَا اٰدَمُ اَنْتَ الَّذِیْ خَلَقَکَ اللّٰہُ بِیَدِہٖ وَنَفَخَ فِیْکَ مِنْ رُّوْحِہٖ اَغْوَیْتَ النَّاسَ وَاَخْرَجْتَھُمْ مِنَ الْجَنَّۃِ قَالَ فَقَالَ اٰدَمُ اَنْتَ مُوْسَی الَّذِی اصْطَفَاکَ اللّٰہُ بِکَلَامِہٖ اَتَلُوْمُنِیْ عَلٰی اَمْرٍ قَدَّرَہُ اللّٰہُ عَلَیَّ قَبْلَ اَنْ یَّخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَالَ فَحَجَّ اٰدَمُ مُوْسٰی ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تقریر کی آدم و موسیٰ نے سو کہا موسیٰ علیہما السلام نے اے آدم آپ ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا آپکو اپنے ہاتھ سے اور پھونکے اپنے روح آپ میں پھر گمراہ کیا آپنے لوگوں کو اور نکالا انکو جنت سے فرمایا آپنے پھر جواب دیا حضرت آدم علیہ السلام نے کہ تم موسیٰ ہو کہ خاص کیا تمکو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کے واسطے کیا ملامت کرتے ہو مجھے اُس عمل پر کہ کیا میں نے حالانکہ لکھدیا تھا اللہ تعالیٰ نے مجھپر آسمان و زمین کی پیدائش کے قبل فرمایا حضرت نے پھر حجت کی آدم علیہ السلام موسیٰ سے تقریر میں **ف** اسمیں عمر اور جندب سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے یعنے سلیمان تیمی کی روایت سے جو وہ ابی عثمان سے اور روایت کی بعض اصحاب ابی عثمان نے ابی عثمان سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور بعضوں نے اس سند میں یوں کہا ہے عن ابی عثمان عن ابی صالح عن ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مروی ہے یہ حدیث کئی سندوں سے ابی ہریرہ سے انہوں نے روایت کیے ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **متبرجم** مسلم کی روایت میں ہے کہ حضرت موسیٰ نے حضرت آدم کی تعریف میں یہ بھی کہا کہ تمکو سجدہ کیا فرشتوں نے اور بسایا اللہ تعالیٰ نے تمکو جنت میں اور آپ علیہ السلام نے موسیٰ کی تعریف میں یہ بھی کہا کہ تم وہ موسیٰ ہو کہ دی تمکو الواح اسمیں بیان ہے ہر چیز کا اور قریب کیا تمکو پروردگار نے کانمیں باتیں کرنیکو پھر تمنے توراۃ میں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے اسی میری پیدائش کے کتنے سال آگے لکھا کہا موسیٰ علیہ السلام نے چالیس برس پھر فرمایا آدم علیہ السلام نے پھر اتنی یہی پڑھا اسمیں **ف** عَصٰی اٰدَمُ رَبَّہٗ فَغَوٰی انہوں نے کہا ہاں باقی گفتگو وہی ہے جو اوپر مذکور ہوئی انتہے ماس روایت میں ایک اشکال ہے تقریر اشکال یہ ہے کہ ہر قیاس و قاعدہ سے تقدیر کے ساتھ تمسک کرکے کہنا ہی مجھے ملامت

مت کرو جو کچھ اللہ تعالیٰ نے میرے واسطے لکھا تھا وہ مجھ سے صادر ہوا اور جواب یہ کہا ہے کہ یہ کہنی والا دار التکلیف میں ہے کہ جاری ہیں وہاں احکام تکلیفیہ شرعیہ عقوبت جزا وتوبیخ سے اور اس لوم وعقوبت میں ایک فائدہ ہے اور وہ یہ ہے کہ اس میں روکنا ہی اُس عاصی کو عصیان سے اور وہ محتاج ہی زجر کا جبتک کہ مرا نہیں جیسی محتاج ہی زجر کا زبر کہا نیکے بعد جبتک کہ مرا نہیں بخلاف آدم علیہ السلام کے کہ اُنسے جبت گذشتہ ہوئی وہ خارج تھی دار تکلیف سے اور محتاج نہیں زجر وتوبیخ کی بلکہ مغفور ومرحوم تھے اور کفارہ ہو چکا تھا اُنکے خطا کا اب زجر کرنا اُنکی خطا پر بیفائدہ ہی کہ بخر اُنکے عمل اور شرمندہ کرنیکے اور کچھ حاصل نہیں الا ظاہر ہے کہ جب وہ بھی دار تکلیف میں تھی وقت متمسک اس قول کے ساتھ ہونے بلکہ عاجزانہ بناظلمنا انفسنا کی سوا زبان پر کچھ نہ لائی اور ابو الحسن قابسی نے کہا ہی کہ ارواح دونوں کی آسمان میں جمع ہوئیں اور وہاں یہ تقریر ہوئی قاضی عیاض نے کہا ہی ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن دونوں کی اشخاص کو مجتمع کر دیا ہو اور ثابت ہے لیلۃ الاسرا میں مجتمع ہونے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام آسمانوں میں اور بیت المقدس میں اور حضرت نے امامت کی اُنکی نماز میں اور احتمال ہے کہ موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوں اور دار تکلیف میں اور آدم علیہ السلام عالم ارواح میں اور یہ توجیہ فقیر کے نزدیک بہت پسندیدہ اسلئے کہ اس صورت میں حضرت موسیٰ نے مواخذہ خطا پر جو کیا ہے حق ہے دار التکلیف کا اور حضرت آدم نے جو اپنی تئیں معذور کیا یہ

جسے سنہ منفور کا اور مناسب ہے دار السرور کی (خلاصہ فی النووی)

## باب ما جاء فی الشقاء والسعادۃ باب شقاوت اور سعادت کی بیان میں

**عن** عمر قال رسول اللہ ﷺ ایت فیم العمل الیوم امر مبتدع او مبتدأ او قیما قد فرغ منہ فقال قیما قد فرغ منہ یا ابن الخطاب وکل میسر اما من کان من اہل السعادۃ فانہ یعمل لسعادۃ واما من کان من اہل الشقاء فانہ للشقاء ترجمہ روایت ہے کہ حضرت عمر نے پوچھا کہ یا رسول اللہ خبر دیجیے ہمکو کہ ہم جو عمل کرتے ہیں یہ ایک امر ہے نیا نکلا ہوا کہا یا شروع ہوا یا ایک امر ہی کہ فراغت ہو چکی ہے اُس سے فرمایا آپنے ایک امر ہی کہ فراغت ہو چکی ہے اُس سے اے ابن خطاب ہر ایک پر آسان کی گئی ہے وہ چیز کہ پیدا کیا گیا ہے وہ اُسکے لئی سو جو اہل سعادت سے ہی وہ عمل کرتا ہے واسطے سعادت کے اور جو اہل شقاوت سے ہی وہ عمل کرتا ہے واسطے شقاوت کے **ف** اسباب ہیں علی اور حذیفہ بن اسید اور انس اور عمران بن حصین سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** علی قال بینما نحن مع رسول اللہ ﷺ وہو ینکت فی الارض اذ رفع راسہ الی السماء ثم قال ما منکم من احد الا قد علم مقعدہ من النار ومقعدہ من الجنۃ قالوا افلا نتکل یا رسول اللہ قال لا اعملوا فکل میسر لما خلق لہ ترجمہ روایت ہے حضرت علی سے کہا ایکدن ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور آپ ہمیں کرید رہے تھے کہ یکبارگی آپنے سر اُٹھایا آسمانکی طرف پھر فرمایا کوئی تم سے ایسا نہیں کہ جسکا حال معلوم نہو چکا ہو یعنے مقرر ہو چکا ہے کہ وہ دوزخی ہے یا بہشتی کہا ہو کیا نہی کوئی ایسا نہیں ہے مگر کہ لکھی ہے جگہہ اُسکی دوزخ میں یا جگہہ اُسکی جنت سے کہا صحابہ نے پھر کیا ہو سو کرین ہم یا رسول اللہ یعنی اپنے قسمت کی لکھے پر فرمایا آپنے نہیں عمل کرو کہ ہر ایک آسان کیا گیا ہی اُس کام کے لئی کہ جسکی لئی وہ پیدا ہوا ہی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مبرم** اول روایت میں حضرت عمر نے پوچھا کہ یہ عمل جو ہم کرتے ہیں یہ ایک امر ہے نیا الخ یعنے ہمارے اعمال جیسے ہی مقدار اور مکتوب ہو چکی ہیں کہ اُسکے موافق ظہور میں آتی ہیں یا اول کچھ تحریر وتقدیر نہ تھی تو حضرت نے جوابدیا کہ نہیں پہلے سے مکتوب تھی اور اُسکی کتابت وانفاذ اور ہر صاحب عمل کا انجام وفیصلہ مقرر ہو چکا ہے اور دوسری روایت میں قولہ آپ رہیں کرید ہی تھے یعنے جیسے کوئی تفتیش کی حالت میں لکڑی وغیرہ سے زمین پر کچھ نقش بناتا ہی قولہ یہ ایک آسان کیا گیا ہی الخ یعنے سعید کو اعمال صالحہ کی توفیق ہوتی ہے اور شقی کو اعمال سئیہ کی

## باب ما جاء ان الاعمال بالخواتیم باب خاتمہ کے بیان میں

**عن** عبد اللہ بن مسعود قال ثنا رسول اللہ ﷺ وہو الصادق المصدوق ان احدکم یجمع خلقہ فی بطن امہ فی اربعین یوما ثم یکون علقۃ مثل ذلک ثم یکون مضغۃ مثل ذلک ثم یرسل اللہ الیہ الملک فینفخ فیہ الروح ویؤمر باربع بکتب رزقہ واجلہ وعملہ وشقی او سعید فوالذی لا الہ غیرہ ان احدکم لیعمل بعمل اہل الجنۃ حتی ما یکون بینہ وبینہا الا ذراع ثم یسبق علیہ الکتاب فیعمل بعمل اہل النار فیدخلہا وان احدکم لیعمل بعمل اہل النار حتی ما یکون بینہ وبینہا الا ذراع ثم یسبق علیہ الکتاب فیعمل بعمل اہل الجنۃ فیدخلہا ترجمہ روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا روایت کیے ہمسے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اور وہ سچے ہیں اور سچی بات کہی گئی اُنسے اور وہ اُس سے وہی کہ جمع کیا جاتا ہے تم میں کا ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک پھر ہو جاتا ہی وہ مدت مثل اسکے پھر ہو جاتا ہی وہ مضغہ مثل اسکے یعنے چالیس چالیس روز کی بعد یہہ حالتیں اُسکی بدلتی رہتی ہیں پھر بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اُسکی طرف ایک فرشتہ سو وہ پھونکتا ہی اُسمیں روح اور حکم کیا جاتا ہے اُسکو چار

شقاوت اور سعادت کا بیان

چیزوں کا یعنے لکھنا ہی وہ رزق اُسکا اور موت اُسکی اور عمل اُسکا اور یہ کہ وہ شقی ہے یا سعید سو تم میں سے اُن میں سے کوئی معبود نہیں سوا اُسکے کہ ایک تم میں کا کرتا ہے کام جنت والوں کے یہانتک کہ رہ جاتا ہے اُسکے اور جنت کی تمہیں ایک ہاتھ کا فاصلہ پھر لگے بڑھتے ہی اُسکی تقدیر حرکت ہوتی ہے سو خاتمہ کیا جاتا ہے اُسکا دوزخیوں کے کام پر پھر داخل ہوتا ہے وہ اُسمیں داور ایک تم میں کا عمل کرتا ہے دوزخ والوں کے یہانتک کہ رہ جاتا ہے اُسکے اور دوزخ کے بیچ میں ایک ہاتھ کا پھر لگے بڑھتے ہی اسکی تقدیر حرکت ہوتی ہے سو خاتمہ کیا جاتا ہے اُسکا جنت والوں کے کام پر اور داخل ہوتا ہے وہ جنت میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے روایت کی ہمسے محمد بن بشار نے اُنہوں نے یحیی بن سعید سے اُنہوں نے اعمش سے اُنہوں نے زید بن وہب سے اُنہوں نے عبداللہ بن مسعود سے کہا بیان فرمایا ہمسے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور ذکر کی حدیث مثل اسکے پس ابن ابی ہریرہ اور انس سے بھی روایت ہے بنا بیان کی ہمسے احمد بن حنبل سے کہتے تھے نہیں دیکھا میں نے اپنی دونوں آنکھوں سے یحیی بن سعید قطان کی مثل یہ حدیث حسن صحیح ہی اور روایت کی یہ شعبہ نے اور ثوری نے اعمش سے مانند اسکے روایت کی ہمسے محمد بن علاء نے اُنہوں نے وکیع سے اُنہوں نے اعمش سے اُنہوں نے زید سے مانند اُسکے **باب** ماجاء کل مولود یولد علی الفطرۃ و باب اس بیان میں کہ ہر مولود پیدا ہوتا ہے فطرت پر **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل مولود یولد علی الملۃ فابواہ یھودانہ او ینصرانہ او یمجسانہ فقیل یا رسول اللہ فمن ھلک قبل ذالک قال اللہ اعلم بما کانوا عاملین **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر مولود پیدا ہوتا ہے اوپر ملت اسلام کے سو ماں باپ اُسکی یہودی کر دیتے ہیں اُسکو اور نصرانی کر دیتے ہیں اُسکو اور مشرک کر دیتے ہیں اُسکو عرض کیا یا رسول اللہ جو ہلاک ہو گیا اِس سے پہلے یعنی قبل بلوغ کی اور یہودی نصرانی ہونیسے پہلے فرمایا آپنے کہ اللہ تعالی خوب جانتا ہی کہ اگر وہ پہنچتی تو کیا عمل کرتے **ف** روایت کیا ہمسے ابوکریب و حسین بن حریث نے دونوں نے کہا ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُنہوں نے ابی صالح سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی معنی میں اور اسمیں ملت کی جگہ فطرت کہا یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور روایت کی ہی شعبہ وغیرہ نے اعمش سے اُنہوں نے ابی صالح سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے **یولد علی الفطرۃ** ہر مولود پیدا ہوتا ہی ملت اسلام پر مانند فطرت اللہ کے فطرت اور فطر لغت میں چیرنا ہے اور نو پیدا کرنا اور پیدا کرنا اور جنی فطرت کے یہاں خلقت و ہیئت انسانی ہے کہ جس پر مخلوق ہوا ہے انسان اور مستعد اور آمادہ ہے بسبب اُس ہیئت کے معرفت حق اور قبول احکام اور اختیار دین اسلام کے لئی اور طیار ہی تمیز کرنیکو حق اور باطل میں اسلئی کہ ودیعت رکھی ہے اُسمیں صفت عقل کی اور مرکب کیا ہے اُسکو اسکی جو ہر ذات میں کہ اُسکی وجہ سے قادر ہوتا ہی قبول حق پر اگر نظر صحیح اور فکر اور غور کری اور عوارض موانع تادین اور اوہنی موانع کا بیان ہے خانوادہ یہودانہ سی آخر تک قولہ کہ اگر وہ بڑے ہوتی کیا عمل کرتے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دوزخ و بہشت میں جانا منوط بعمل ہے اور دوسری روایت میں آیا ہی کہ آپنے فرمایا پیدا کیا اللہ تعالی نے ایک گروہ کو جنت کی لئے اور وہ اصلاب آبا میں اور پیدا کیا ایک گروہ کو دوزخ کے لئی اور وہ اصلاب آبا میں اور اجماع اہل دین کا اسپر منعقد ہوا ہے کہ اطفال مسلمانوں کے بہشت میں ہیں اور کفار کے اطفال میں تین قول ہیں اول جانا دوزخ میں دوسرے توقف تیسرے جانا بہشت میں اور یہی قول صحیح ہے اسلئی کہ ضرورۃ معلوم ہے کہ اللہ تعالی بیگناہ کو عذاب نکریگا اور اس حدیث میں آپنے تفویض کیا اُنکے حال کو باری تعالی کی علم پر پس صواب یہ ہے کہ صدور اس قول کا حضرت نبوت سی قبل اسکے تھا کہ اللہ تعالی وحی کری آپکی طرف کہ اطفال مشرکین بھی جنت میں جاوینگے اور بعد اسکے وحی آئی کہ وہ جنتی ہیں اور ماں باپ اُنکی اگر مسلمان ہیں تو وہ اُنکی شفیع ہیں ذکر کیا ذکر الشیخ فی شرح مشکوۃ **باب** ماجاء لا یرد القدر الا الدعاء و باب اس بیان میں کہ قدر کو رد نہیں کرتے مگر دعا **عن** سلمان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یرد القضاء الا الدعاء و لا یزید فی العمر الا البر **ترجمہ** روایت ہے سلمان سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں رد کرتے ہی قضا کو کوئی چیز مگر دعا اور نہیں بڑھاتی ہے عمر کو مگر نیکی **ف** اسبابن ابی سیدی ہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر یحیی بن ضریس کے روایت سے اور ابو مودود دو ہیں ایک کوفہ کہتی ہیں اور دوسرا کو عبدالعزیز بن ابی سلیمان اور ایک اُنمیں سے بصری ہیں اور دوسرے مدنی اور دونوں ایک زمانہ میں ہے اور ابو مودود جنہوں نے یہ روایت کی ہے وہ فضہ بصری ہیں **معنی** اسحدیث میں مبالغہ ہے تاثیر دعا کا اور دفع بلا کا گویا مراد یہ ہے کہ اگر ممکن ہوتا قضا کا کسی چیز سے لوٹ جانا تو سوا دعا کے لوگوں کی ایسی چیز نہ تھی اور بعضوں نے کہا ہے کہ مراد رد قضا سے آسان اور سہل ہو جانا ہے مرد کثیر الدعا پر گویا قضا نازل ہی نہیں ہوتی اور بعضوں نے کہا ہی کہ مراد قضا سی ملا ہی کہ اُسکے مکروہ ہونے اور اُسکے اٹھانے سی آدمی ڈرتا ہی اور پرہیز کرتا ہی مگر یہ سب تکلف ہے معنی تحقیقی یہ ہیں کہ مراد قضا سی قضائے

متعلق ہے اور وہ قضا ہی کہ جسکا رد ہونا بسبب دعا کے علم الٰہی میں مقرر ہو چکا ہے اسلئے کہ قضا مناقات نہیں رکھتی ترتب مسببات سے اسباب پر اور یہ سب قضا ہی اور قضا میں ہو چکا ہے کہ یہ بلا اس دعا سے رد ہو جاویگی اگر کہیں یہ اس کلام سے کیا فائدہ ہوا آخر جو قضا میں ہے وہی قوم میں آیا تو جواب اسکا یہ ہے کہ شاید بالغ از دعا میں مضمر ہو جیسا کہ اوپر بیان ہوا انتہی **باب** ماجاء ان القلوب بین اصبعی الرحمن باب اس بیان میں کہ قلوب رحمان کی دو انگلیوں میں **عن** انس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکثر ان یقول یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک فقلت یا نبی اللہ امنا بک وبما جئت بہ فھل تخاف علینا قال نعم ان القلوب بین اصبعین من اصابع اللہ یقلبھا کیف شاء **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہا کہ تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر فرماتے تھے ای مقلب القلوب ثابت رکھ میرے دل کو اپنی دین پر سو کہا میں نے ای نبی اللہ کے ایمان لائے ہم آپ پر اور اس چیز پر کہ آپ لائے ہیں پھر آپ ڈرتے ہیں ہم پر فرمایا آپنے ہاں دل دو انگلیوں میں ہیں اللہ کے انگلیوں میں سے پھیرتا ہے کسی جیسا چاہتا ہے **ف** اس باب میں نواس بن سمعان اور ام سلمہ اور عائشہ اور ابن ذر سی ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ایسی سے روایت کی کئی لوگوں نے اعمش سے انہوں نے ابو سفیان سے انہوں نے جابر سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور حدیث ابی سفیان کی اس سے صحیح ہے **باب** ماجاء ان اللہ کتب کتابا لاھل الجنۃ واھل النار باب دوزخیوں اور جنتیوں کی کتابوں کے بیان میں **عن** عبد اللہ بن عمر وقال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفی یدیہ کتابان فقال اتدرون ما ھذان الکتابان فقلنا لا یا رسول اللہ الا ان تخبرنا فقال للذی فی یدہ الیمنی ھذا کتاب من رب العالمین فیہ اسماء اھل الجنۃ واسماء آبائھم وقبائلھم ثم اجمل علی اخرھم فلا یزاد فیھم ولا ینقص منھم ابدا ثم قال للذی فی شمالہ ھذا کتاب من رب العالمین فیہ اسماء اھل النار واسماء آبائھم وقبائلھم ثم اجمل علی اخرھم فلا یزاد فیھم ولا ینقص منھم ابدا فقال اصحابہ ففیم العمل یا رسول اللہ ان کان امر قد فرغ منہ فقال سددوا وقاربوا فان صاحب الجنۃ یختم لہ بعمل اھل الجنۃ وان عمل ای عمل وان صاحب النار یختم لہ بعمل اھل النار وان عمل ای عمل ثم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدیہ فنبذھما ثم قال فرغ ربکم من العباد فریق فی الجنۃ وفریق فی السعیر **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہا نکلی ہم پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور آگے ہاتھ میں دو کتابیں تمہیں پھر فرمایا تم جانتے ہو کہ میں یہ دونوں کتابیں کہا تمنے نہیں یا رسول اللہ مگر آپ خبر دیں ہمکو سو فرمایا آپنے اس کتاب کو جو اُنکے داہنی ہاتھ تھی یہ کتاب ہے رب العالمین کیطرف سے اسمیں نام ہیں جنت والوں کے اور نام ہیں اُنکے باپ دادوں کی اور اُنکی قبیلوں کے پھر میزان لگائی گئی ہے اُسکی آخر میں پھر نہ بڑھینگے اسمیں اور نہ گھٹینگے کبھی پھر فرمایا اُسکو جو اُنکے بائیں ہاتھ میں تھی یہ کتاب ہے رب العالمین کیطرف سے اسمیں نام ہیں دوزخ والوں کے اور نام ہیں اُنکے باپ دادوں کے اور اُنکے قبیلوں کے پھر میزان لگادی گئی ہے اُسکے آخر میں سو نہ بڑھینگے اُنمیں اور نہ گھٹینگے اُنسے ہرگز سو کہا اصحاب نے پھر کیا فائدہ ہے عمل سے یا رسول اللہ بیشک یہ تو ایک ایسا امر ہے کہ فراغت ہو چکی ہے اس سے یعنے دوزخی جنتی جب مقرر ہو چکے پھر عمل سے کیا حاصل فرمایا آپنے متوسط چال چلو سیدھے رہو اور صواب کے قریب ہوتے جاؤ اسلئے کہ جنت والا ختم کیا جاویگا عمل پر جنت والوں کے اور اگرچہ عمل کرے قبل خاتمہ کے کیسا ہی عمل اور دوزخ والا ختم کیا جاویگا دوزخ کے عمل پر اگرچہ عمل کرے قبل خاتمہ کیسا ہی عمل پھر اشارہ فرمایا سو لخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور پھینک دیا اُن دونوں کتابوں کو یہ فرمایا فارغ ہو چکا الٰہی رب ہے تیرا ایک فرقہ جنت میں ہی اور ایک فرقہ دوزخ میں **عن** انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ اذا اراد بعبد خیرا استعملہ قیل کیف یستعملہ یا رسول اللہ قال یوفقہ لعمل صالح قبل الموت **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے کسی بندے کی بھلائی عمل میں لگاتا ہے اُسکو پوچھا کیسا عمل میں لگاتا ہے یا رسول اللہ فرمایا توفیق دیتا ہے اُسکو عمل نیک کی قبل موت کی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** یہ وہ کتابیں ہونگا ہونا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں یا تو تشبیہ و تمثیل ہے کہ ایک امر معنوی کو اپنے تشبیہ دی محسوس سے تاکہ ذہن سامع میں مضمون اُسکا بخوبی جاگزیں اور نقش و مستحکم ہو اور اہل مشاہدہ کہتے ہیں کہ یہ دونوں کتابیں خارج میں موجود تھیں یا نہیں بلکہ صحابہ کرام نے بھی دیکھیں مگر مضمون پر اطلاع بغیر آنحضرت کے فرمانے کے حاصل نہوئی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال **باب** ماجاء لا عدوی ولا صفر و

لا ھامۃ باب عدوے اور صفر اور ہامہ کی نفی میں **عن** ابن مسعودؓ قال قام فینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لا یعدی شیئ شیئا فقال اعرابی یا رسول اللہ البعیر اجرب الخشفۃ ندبہ فیجرب الابل کلھا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فمن اجرب الاول لا عدوی ولا صفر خلق اللہ کل نفس فکتب حیاتھا ورزقھا ومصائبھا ترجمہ روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ کھڑے ہوئے ہماری درمیان رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم یعنی خطبہ پڑھنے کو اور فرمایا نہیں لگجاتی ہی کسی کی بیماری کسی کو سو کہا ایک اعرابی نے یا رسول اللہ ایک اونٹ جسکی فرج میں کھجلی ہو جب خطیر میں آتا ہے کھجلی والا کر دیتا ہی سب اونٹوں کو سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پھر کسکی کھجلی لگے پہلی اونٹ کو ایک کی بیماری دوسرے کو نہیں لگتی اور نہ صفر ہے پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے ہر جان کو اور لکھی اسکی زندگی اور رزق اور مصیبتیں **ف** اسباب میں ابی ہریرہ اور ابن عباس اور انس سے بھی روایت ہے اور سنا میں نے علی بن مدینی سے کہتے تھے اگر مجھے قسم دلائی جاوے رکن اور مقام کے بیچ میں قسم کھاؤں میں نے نہ دیکھا کسیکو علم میں زیادہ عبدالرحمن بن مہدی سے **ترجم** تحقیق عدوی اور صفر کی اور ہامہ اور غول اور انوار کی کتاب الطب کے آخر میں گذری اور تطبیق حدیث عدوی کے ساتھ حدیث فر من المجذوم کی بھی کتاب الاطعمہ میں گذری فلا نطیل ما عادتنا

تقدیر پر ایمان کہنی کے بیان

**باب** ما جاء فی الایمان بالقدر خیرہ وشرہ باب تقدیر پر ایمان کہنی کے بیان میں **عن** جابر بن عبداللہؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یؤمن عبد حتی یؤمن بالقدر خیرہ وشرہ وحتی یعلم ان ما اصابہ لم یکن لیخطئہ وان ما اخطاہ لم یکن لیصیبہ ترجمہ روایت ہے جابر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں مومن ہوتا کوئی بندہ یہانتک کہ ایمان لاوے ساتھ تقدیر کے کہ خیر و شر سب تقدیر سے ہے اور یہانتک کہ یقین کرے کہ جو چیز پہونچی اسکو اس سے خطا کرنیوالا نہ تھا اور جسنے خطا کی اس سے وہ ہرگز اسکو پہنچنے والا نہ تھا **ف** اسباب میں عبادہ اور جابر اور عبداللہ بن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث غریب ہے جابر کی روایت سے نہیں جانتے ہم اسی مگر عبداللہ بن میمون کی اسناد سے اور عبداللہ بن میمون منکر الحدیث ہی **عن** علیؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یؤمن عبد حتی یؤمن باربع یشھد ان لا الہ الا اللہ وانی رسول اللہ بعثنی بالحق ویؤمن بالموت ویؤمن بالبعث بعد الموت ویؤمن بالقدر ترجمہ روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں مومن ہوتا کوئی شخص جبتک ایمان نہ لاوے چار چیزوں پر اول گواہی دیوے کہ کوئی معبود برحق نہیں سوائے اللہ عزوجل کے اور میں رسول ہوں اللہ تعالیٰ کا بھیجا اسنے مجھے حق کے ساتھ دوسرے ایمان لاوے موت پر یعنی تیاری کرے اسکی عقاید صحیحہ اور اعمال صالحہ سے تیسرے ایمان لاوے موت کے بعد زندہ ہونے پر اور حشر و نشر پر چوتھی ایمان لاوے تقدیر پر خیر و شر سب تقدیر سے ہے **ف** روایت کیا ہے ہمسے محمود بن غیلان نے انہوں نے نضر بن شمیل سے انہوں نے شعبہ سے مانند اسکے لیکن کہا یحیی نے روایت ہے ایک مرد سے وہ روایت کرتے ہیں علی سے اور حدیث ابی داؤد کی جو شعبہ سے مروی ہے میرے نزدیک صحیح تر ہے نضر کی حدیث سے اور اسیطرح روایت کی ہے کئی لوگوں نے منصور سے انہوں نے ربعی سے انہوں نے علی سے روایت کیا ہمسے عبدوہب نے کہا سنا ہمسے ابن عیینہ نے وکیع سے کہتے تھے خبر ہو نہیں ہے مجھے کہ ربعی بن حراش نے کبھی جھوٹ نہ بولا اسلام میں ایک مرد سے

ہر شخص کے موت و مکان کا پہلے سے لکھا ہوا ہونا

**باب** ما جاء ان النفس تموت حیث ما کتب لھا باب اس بیان میں کہ شخص کے موت وہیں آتی ہے جہاں لکھی تھی **عن** مطر بن عکامس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قضی اللہ لعبد ان یموت بارض جعل لہ الیھا حاجۃ ترجمہ روایت ہے مطر بن عکامس سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ حکم فرماتا ہے اللہ تعالیٰ کسے بندہ کی لئے موت کا کسی زمین میں مقرر کر دیتا ہی اسکے لئے وہاں کوئی حاجت یعنی وہ اس حاجت کے لئے وہاں جاتا ہی اور مر جاتا ہے **ف** اسباب میں ابی عزہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور مطر بن عکامس کی کوئی حدیث ہم نہیں جانتے سوا اس حدیث کے روایت کی ہمسے محمود بن غیلان نے انہوں نے مومل اور ابی داؤد حضرمی سے انہوں نے سفیان سے مانند اسکی روایت کی ہمسے احمد منیع اور علی بن حجر نے اور معنی دونوں کی روتو ہیں کے ایک ہی ہیں دونوں نے کہا روایت کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے انہوں نے ایوب سے انہوں نے ابی الملیح سے انہوں نے ابی العزہ سے انہوں نے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تقدیر کرتا ہے اللہ تعالیٰ کسے بندہ کے لئے مرنا کسی زمین میں مقرر کرتا ہے اسکے لئے کوئی حاجت طرف اسکی یا الیھا حاجۃ کی جگہ بھا حاجۃ کہا یہ شک راوی ہے یہ حدیث صحیح ہے اور ابو عزہ کو صحبت ہے یعنی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی اور نام انکا یسار بن عبد ہے اور ابو الملیح ابن اسامہ کا نام عامر بن اسامہ ہے اور اسامہ مینے ہیں عمیر کو

تقدیر اور دوا اور تدبیر کی اور بیماری کی بحث

**باب** ما جاء لا ترد الرقی والدواء من قدر اللہ شیئا باب اس بیان میں کہ رقیہ اور دوا اللہ کی تقدیر کو نہیں لوٹتی

**عَنْ** اَبِیْ خِزَامَۃَ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَرَاَیْتَ رُقًی نَسْتَرْقِیْہَا وَدَوَاءً نَتَدَاوٰی بِہٖ وَتُقَاۃً نَتَّقِیْہَا ھَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰہِ شَیْئًا قَالَ ھِیَ مِنْ قَدَرِ اللّٰہِ **ترجمہ** روایت ہے ابی خزامہ سے وہ روایت کرتی ہیں اپنی باپ سے کہ ایک مرد آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ یا رسول خدا جو کچھ ہم پہونک کرتے ہیں ہم اور دوا جن جنسی علاج کرتے ہیں ہم اور وہ بچاؤ کی چیزیں جنسے بچاؤ اپنا کرتے ہیں ہم یعنے مثل زرہ اور سپر کے کیا لوٹا دیتے ہیں یہ اللہ کی تقدیر میں سے کچھ فرمایا آپنے یہہ خود اللہ تعالی کی تقدیر سے ہیں **ف** یہ حدیث ایسی ہی کہ نہیں جانتی ایسی ہم مگر زہری کی روایت سے اور یہ روایت کی مخصوص نے حدیث سفین سے انہون نی زہری سی انہون نے ابی خزامہ سے انہون نے اپنی باپ سے اور یہہ صحیح تر ہے اسیطرح روایت کی کئی لوگون نے زہری سے انہون نے ابی خزامہ سے انہون نی اپنی باپ سے **مترجم** یعنے یہہ سب چیزیں اللہ کی تقدیر سی بنی ہیں اور انمین اور انکی مقاصد واغراض مین علاوہ سبب اور مسبب کا ہی کہ اللہ تعالی نے انکو سبب ٹھیرایا ہی پھر وہ مسبب لاسباب انکے بعد سبب کو ظاہر فرماتا ہی اور جہان چاہتا ہی باوجود سبب کے مسبب کا ظہور نہین کرتا اور جب چاہتا ہی بغیر سبب کی مسبب کو ظاہر فرماتا ہی یفعل ما یشاء ویحکم ما یرید اوسکی شان ہے

**بَابُ** مَا جَاءَ فِی الْقَدَرِیَّۃِ باب قدریون اور مرجیون کی مذمت مین **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صِنْفَانِ مِنْ اُمَّتِیْ لَیْسَ لَھُمَا فِی الْاِسْلَامِ نَصِیْبٌ اَلْمُرْجِئَۃُ وَالْقَدَرِیَّۃُ **ترجمہ** روایت ہی ابن عباس سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو گروہ ہین میری امت کے کہ انکو حصہ نہین اسلام مین سے کچھ ایک مرجئہ دوسرے قدریہ **ف** اسبابسے عمر اور ابن عمر اور رافع بن خدیج سی ہے روایت ہی یہہ حدیث حسن ہے غریب ہے روایت کی ہمسے محمد بن رافع نے انہون نے محمد بن بشر سے انہون نے سلام بن ابی عمرہ سے انہون نے حکم سی انہون نے ابن عباس سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا محمد بن رافع نی اور روایت کیا ہمسے محمد بن بشر نی انہون نے علی سے انہون نے عکرمہ سے انہون نے ابن عباس سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **مترجم** مرجیہ ایک فرقہ ہے فرق ضالہ مین سی کہ اعتقاد رکھتا ہی کہ افعال سب اللہ تعالی کی تقدیر سے ہین اور بندے کو کسیطرح کا مطلق اختیار نہین بلکہ جمادات کی طرح اپنے افعال مین مجبور محض ہے اور کہتے ہین کہ ایمان کی ساتھ کوئی معصیت ضرر نہین کرتی جیسے کفر کی ساتھ کوئی طاعت نفع نہین دیتی (لمعات) اور قدریہ منکر القدر ہین کہتی ہین کہ افعال عباد مخلوق عباد ہین کہ بقدرت انکی مخلوق ہوے ہین نہ بقدرت واراده الٰہی اور انکو قدریہ اسلیے کہتی ہین کہ انہون نے عقیدہ تقدیر مین افراط کی جیسے مرجیون نے تفریط کی اور مرجیہ کو مرجیہ اسلیے کہتی ہین کہ انہون نے رجا ہین افراط کی یعنے کہا کہ مومن کو کوئی گناہ نقصان نہین کرتا ہی اور عقیدہ اہل سنت کا بین الافراط والتفریط ہے اور بین الغالی والجافی جیانچہ کچھ تفصیل اسکی ابتدای باب مین گذری

**بَابٌ عَنْ** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الشِّخِّیْرِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ ابْنِ اٰدَمَ وَاِلٰی جَنْبِہٖ تِسْعَۃٌ وَتِسْعُوْنَ مَنِیَّۃً اِنْ اَخْطَاَتْہُ الْمَنَایَا وَقَعَ فِی الْھَرَمِ حَتّٰی یَمُوْتَ باب عبد اللہ بن الشخیر عن النبی **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن الشخیر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تصویر بنائی گئی ابن آدم کی اسطرح پر کہ اسکے بازو مین ننانوے موتین ہین اگر بچا وہ اُن موتون سے تو گرفتار ہوگا بڑھاپے مین یہانتک کہ مرے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر اسی سند سی اور ابو العوام کا نام عمران قطان ہے **مترجم** منیہ یعنے موت اور مراد اُس سے بلیات وآفات مہلکہ ہین کہ ہر ایک مین ہلاکت اور فنا متصور ہے اگر ان سب بلیات وآفات سے بچا تو بڑھاپے مین گرفتار ہوگا یہی معنے حدیث حنین گفتہ اند رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نی ہرم سے بڑھاپے سے اپنی دعیات مین پناہ مانگی ہے اور اللہ تعالی نی لیکیلا یعلم بعد علم شیئا بوڑھون ہی کی شان مین ارشاد کیا ہے شاید یہہ مثل نہین ہے لوگون نی نکالی ہے کہ بوڑھا ہلا ابرا رہے

**بَابٌ** مَا جَاءَ فِی الرِّضَاءِ بِالْقَضَاءِ باب رضا بالقضا کی بیان مین **عَنْ** سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ سَعَادَۃِ ابْنِ اٰدَمَ رِضَاہُ بِمَا قَضَی اللّٰہُ لَہٗ وَمِنْ شَقَاوَۃِ ابْنِ اٰدَمَ تَرْکُہُ اِسْتِخَارَۃَ اللّٰہِ وَمِنْ شَقَاوَۃِ ابْنِ اٰدَمَ سَخَطُہٗ بِمَا قَضَی اللّٰہُ لَہٗ **ترجمہ** روایت ہے سعد سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سعادت ابن آدم کے ہی راضی رہنا اُسکا اللہ کی تقدیر پر اور شقاوت سے ابن آدم کے ہی اللہ سے طلب خیر کرنا اور شقاوت سے ابن آدم کے ہے اللہ کی تقدیر سے ناراض ہونا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر محمد بن ابی حمید کی روایت سے اور اُنکو حماد بن ابی حمید کہتے ہین اور وہ ابو ابراہیم مدنی ہین اور وہ اہل حدیث کے نزدیک قوی نہین

**بَابٌ** قدریون پر سلام نکرنے کے بیان مین **عَنْ** نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ جَاءَہٗ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ فُلَانًا یُقْرِئُکَ السَّلَامَ فَقَالَ اِنَّہٗ بَلَغَنِیْ اَنَّہٗ قَدْ اَحْدَثَ فَاِنْ کَانَ قَدْ اَحْدَثَ فَلَا تُقْرِئْہُ مِنِّی السَّلَامَ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِیْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ اَوْ فِیْ اُمَّتِیْ اٰیَۃُ الْمَسْخِ خَسْفٌ وَقَذْفٌ فِیْ اَھْلِ الْقَدَرِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سی کہ آئی انکی پاس

ایک شخص اور کہا کہ فلاں تم کو سلام کہتا ہی سو کہا ابن عمر نے کہ مجھے خبر ہو پہنچی ہے کہ اُسنی نیا عقیدہ نکالا ہی دین میں پھر اگر اُسنے نیا عقیدہ نکالا ہو دین میں تو میرا سلام اُسکو پہنچا سلے کہ میں نے سنا ہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھی اِس اُمت میں یا اِس اُمت میں راوی کو شک ہے خسف ہوگا یا مسخ یا قذف منکران قدر میں **ف** یہ حدیث صحیح ہی حسن ہے غریب ہے اور ابن بحر کا نام حمید بن زیاد ہے **عن** عبد الواحد بن سلیم قال قدمت مکۃ فلقیت عطاء بن ابی رباح فقلت لہ یا ابا محمد ان اھل البصرۃ یقولون فی القدر قال یا بنی اقرأ القرآن قلت نعم قال فاقرأ الزخرف قال فقرأت حم والکتاب المبین انا جعلناہ قرآنا عربیا لعلکم تعقلون وانہ فی ام الکتاب لدینا لعلی حکیم قال اتدری ما ام الکتاب قلت اللہ ورسولہ اعلم قال فانہ کتاب کتبہ اللہ قبل ان یخلق السمٰوٰت والارض فیہ ان فرعون من اھل النار وفیہ تبت یدا ابی لھب وتب قال عطاء فلقیت الولید بن عبادۃ بن صامت صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسألتہ ما کانت وصیۃ ابیک عند الموت قال دعانی فقال یا بنی اتق اللہ واعلم انک لن تتقی اللہ حتی تؤمن باللہ وتؤمن بالقدر کلہ خیرہ وشرہ فان مت علی غیر ھذا دخلت النار انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان اول ما خلق اللہ القلم فقال لہ اکتب قال ما اکتب قال اکتب القدر فما کان وما ھو کائن الی الابد **ترجمہ** روایت ہے عبد الواحد بن سلیم سے کہا انہوں نے کہ آیا میں مکہ میں اور ملاقات کی میں نے عطاء بن ابی رباح سے اور کہا میں نے اُسنی ہی اہل بصرہ کچھ گفتگو کرتے ہیں قدر میں یعنی بر سبیل انکار کے کہتے ہیں کہا انہوں نے اسی مٹی میرے کیا تو قرآن پڑھتا ہی کہا میں نے کہ ہاں فرمایا پڑھ تو سورۂ زخرف پھر پڑھی میں نے حم والکتاب المبین تک تو فرمایا انہوں نے کیا جانتا ہے تو کیا ہے ام الکتاب کہا میں نے اللہ اور رسول خوب جانتا ہی فرمایا وہ ایک کتاب ہے کہ لکھی اللہ نے اِس سے پہلے کہ پیدا کرے آسمان اور زمین پیدا کرنے سے سی ہزار برس اُسمیں لکھا ہے کہ فرعون دوزخیوں میں سے ہے اور اُسمیں لکھا ہی کہ ٹوٹ گئی دونوں ہاتھ ابی لہب کے اور ٹوٹ گیا وہ آپ کہا عطاء نے پھر ملا میں ولید بن عبادہ بن صامت سے جو صحبت رکھتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر پوچھا میں نے اُسنی کیا تھی وصیت تمہاری والد کی موت کی وقت کہا انہوں نے بلایا مجھکو اور کہا اسی ہے بیٹے ڈر اللہ سے اور جان رکھ تو ہرگز ڈریگا اللہ سے یہانتک کہ ایمان لاوی تو اُسپر اور ایمان لاوے تقدیر پر کہ خیر و شر سب اُسی سے ہے سو اگر مرا تو بغیر عقیدہ پر داخل ہوا تو دوزخ میں بیشک میں نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھی کہ پہلے جو پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے قلم ہی پھر فرمایا اُسکو لکھ عرض کی اُسنی کیا لکھوں فرمایا لکھ اندازہ ہر چیز کا جو ہوئی اور ہونیوالی ہے ابد تک یعنی قیامت تک **ترجمہ** اُن آیتوں کے معنے یہ ہیں قسم ہی کتاب مبین کی ہمنی کیا ہے اِس کتاب کو قرآن عربی تاکہ تم سمجھو اور بیشک وہ ام الکتاب میں ہمارے نزدیک بلند قدر حکمت بھرا ہے اور ام الکتاب سے مراد لوح محفوظ ہی ام الکتاب اُسکو اسلئے کہتے ہیں کہ وہ اصل ہے ہر کتاب کی جیسی ماں اصل ہوتی ہے اولاد کی ابن عباس سے مروی ہے کہ مندرجہ اس لوح کے مرقوم ہے کوئی معبود برحق نہیں سوا اللہ تعالیٰ کے اکیلا ہے دین اُسکا اسلام ہے اور محمد بندہ اُسکا ہی اور رسول اُسکا جو ایمان لایا اللہ عزوجل پر اور سچا جانا اُسکے وعدے کو اور اطاعت کی اُسکی رسولوں کی داخل ہوا جنت میں اور کہا ابن عباس نے لوح محفوظ ایک تختہ ہے موتی کا سفید طول اُسکا ہے برابر آسمان و زمین کے اور چوڑان اُسکی مشرق سے مغرب تک ہزار سال کی راہ کے ہیں اور دو فرشتے قیم اُسکے یاقوت سرخ سے ہی اور قلم اُسکا نور ہے اور کلام اُسکا قدیم ہے اور ہر شئی اُسمیں لکھی ہوئی ہے اور بعضوں نے کہا ہے اعلیٰ اُسکا عرش ہے لکھا ہوا ہے اور اصل اُسکی ایک فرشتہ کے گود میں ہے اور مقاتل نے کہا ہی لوح محفوظ عرش کے داہنی طرف ہے (نعوذ) اور ابد سے مراد قیامت ہے نہ وہ زمانہ کہ جسکی انتہا نہو اسلئے کہ انحصار کی انتہا چیز کا فنی محال ہے چنانچہ دلائل متعددہ میں اسکی تصریح وارد ہوئی ہے کہ مروی ہے ابی ہریرہ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو چیز بنائی اللہ تعالیٰ نے قلم ہے پھر نون یعنے دوات پھر فرمایا قلم سے لکھ کہا اُسنے کہا کیا لکھوں فرمایا لکھ کہ کان وما ہو کائن الی یوم القیمۃ یعنے جو ہوا اور ہونیوالا ہے قیامت کی دستک مرقاۃ **عن** عبد اللہ بن عمرو قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول قدر اللہ المقادیر قبل ان یخلق السمٰوٰت والارض بخمسین الف سنۃ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا انہوں نے سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے اندازہ کیا اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کا آسمان اور زمینیں پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس پیشتر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **عن** ابی ھریرۃ قال جاء مشرکوا قریش الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخاصمونہ فی القدر فنزلت ھذہ الآیۃ یوم یسحبون فی النار علی وجوھھم ذوقوا مس

سَقَرًا اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ آئی مشرکین قریش کے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کی پاس جھگڑتی ہوئے تقدیر مین سو اتری یہہ آیت یوم یسحبون الخ تک یعنے جسدن گھسیٹے جاوینگے آگ مین اپنی مونہون پر اور کہینگے اُنسی فرشتے جکھو مزہ دوزخ کا ہمنے جو پیدا کیا سو تقدیر کے ساتھہ ف یہ حدیث حسن صحیح ہی ترجم اِس آیتہ کریمہ مین تصریح ہی اثبات تقدیر کے اور تصریح ہی اُسکی کہ تقدیر عام ہے اور سب کچھہ اندازہ کیا ہوا ہے اللہ تعالے کا اور معلوم ہے اوسکو اور کوئی مخلوق اُسکے اندازہ سی باہر نہین انتہی

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَبْوَابُ الْفِتَنِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ** یہ باب مین فتنون کے جو وارد ہین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ۔ ترجم ۔ مقدمہ فتن جمع ہے فتنہ کی جسیے محن جمع ہے محنت کی معنی آزمایش اور خوش رکھنا کسی شے کا اور فریفتہ ہونا اُسپر اور گمراہ ہونا اور گمراہ کرنا اور گلنا اور کفر اور فضیحت اور عذاب اور پگھلانا سونا جانا اور جنون اور محنت اور مال اور اولاد اور اختلاف آدمیون کی رای مین اور فعل اسکا باب نصر نیصر سے آتا ہی اور فتن بفتحہ فا وسکون تا حال وگونہ اسی سے ہے قول عرب کا اَلْعَيْشُ فَتَّانٌ یعنے عیش دو قسم ہے شیرین اور تلخ اور تفتین فتنہ مین دُانا کسیکو اور یہی معنی ہین افتتان کے (منتہی) اور پناہ مانگی ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فتنہ دنیا اور فتنہ قبر اور فتنہ دجال اور فتنہ غنی وفقر اور فتنہ محیا وممات اور فتنہ نار وغیرہ سی اور فتنہ دنیا یہہ ہے کہ محبت مین اُسکی اللہ کو بھول جانا اور حرام وحلال مین پرہیز نکرنا اور اُسکی زینت اور لذات وشہوات مین مشغول ہوکر لذت ذکر ومناجات سے محروم رہنا اور تدبیر آخرت سے غافل ہو جانا اور اسکو اپنا گھر اور وطن ٹہیرانا اور حسرت فانی نجاننا اور مازاد آخرت نہ سمجھنا اور مقبرہ نجاننا اور فتنہ قبر سوال ہے منکر ونکیر کا اور عذاب ہے عرض نار کا غدوًا وعشیًا اور حسرت ہے ذہاب عمر اور دولت ومال وجاہ وحشم پر اور غم ہے عزیز واقارب کے فراق اور جُدائی کا الی غیر ذلک من التکالیف الشداید اور فتنہ دجال یعنے دین سی اور پہسلنا ہی صراط مستقیم سے اور سستی وتہاون ہی ادائی فرائض وواجبات مین اور گہس جانا ہے عقاید فاسدہ اور اعمال کاسدہ کا قلوب عوام وخواص مین اور غافل ہو جانا ہی اکثر ناس کا کتاب وسنت سی بلکہ طعن کرنا اُسکی متمسکین اور عاملین پر اور مشغول ہونا ایک جمع غفیر کا معازف ومزامیر مین اور غنا اور لہو ولعب حریر مین اور کثرت زنا کی اور قلت علم وحیا کی اور رفع امانت قلوب سے اور کثرت شرب خمر کی اور وفور مسکرات کا اور تحریم منعیات کا اور نصرت منجیات صالحات سے اور عبث زنایات سی الی غیر ذلک من الفتن الظہر منہا والبطن اور فتنہ غنی یہ ہے کہ مال پر اور محبوب ہے اپنی حال پر اور حقیر جانا فقیر کا اور رغبت فی الدین کرنا امیر سے اور مجالست اراذل کی اور مجانبت غربا سے اور خفت وبطر آخرت سی اور قلت فرصت عبادت کے لئی الی غیر ذلک من الآفات والبلیات اور فتنہ فقر انی یہ ہے کہ تقدیر پر راضی نرہنا تقدیر پر اور معترض ہونا تقسیم رب قدیر پر اور پریشانی قلت کی اور کثرت خیالات فاسدہ اور افکار کاسدہ کی یہانتک کہ خوف ہے اُسمین کفر کا معاذ اللہ من ذلک اور فتنہ محیا جسکو مذکور ہوا سو آ فتنہ قبر کے اور فتنہ ممات شدت سکرات کی اور سوء خاتمت اور ظلم فی الوصیت وغیر ذلک اور فتنہ نار احراق اور عذاب اُسکا اور تبدیل جلود محرقہ مکرر سہ کرر اعاذنا اللہ من ذلک کلہا

**بَابُ اَجَادَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلٰثٍ** باب حرمت مین خون مسلم کے

**عَنْ** اَبِیْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ اَشْرَفَ يَوْمَ الدَّارِ فَقَالَ اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلٰثٍ زَنًى بَعْدَ اِحْصَانٍ اَوْ رِدَّةٍ بَعْدَ اِسْلَامٍ اَوْ قَتْلِ نَفْسٍ بِغَيْرِ حَقٍّ فَقُتِلَ بِهٖ فَوَاللّٰهِ مَا زَنَيْتُ فِی جَاهِلِيَّةٍ وَّلَا فِی اِسْلَامٍ وَّلَا اَبْدَلْتُ دِيْنًا بِدِيْنٍ وَّلَا قَتَلْتُ نَفْسًا فَبِمَ تَقْتُلُوْنَنِیْ ترجمہ روایت ہے ابی امامہ سے کہ عثمان بن عفان چڑہی کوٹہے پر اُن دنونین کہ وہ بیٹہے ہی تہی اپنے گہر مین بخوف اہل فتنہ اور فرمایا قسم دیتا ہون تمکو اللہ تعالے کی کیا تم نہین جانتے ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال نہین خون کسی مرد مسلمان کا مگر تین باتون کے حوض اول زنا ہی باحصان کے بعد دوسرے مرتد ہونا ہے اسلام کے بعد تیسرے مار ڈالنا کسیکا حق پس قتل کیا جاوے وہ شخص اُسکے بدلی سو قسم ہے اللہ تعالے کی نہین زنا کیا مینے جاہلیت مین اور نہ اسلام مین اور نہ مرتد ہوا مین جب سے کہ بیعت کی رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور نہ قتل کیا مینے کسی نفس کو کہ حرام کیا ہو اللہ نے قتل اُسکا سو تم کسلی عوض مین مجھے قتل کرتے ہو ف اسبابین ابن مسعود اور عائشہ اور ابن عباس سے روایت ہے یہہ حدیث حسن ہے اور روایت کی حماد بن سلمہ نے یحیے بن سعید سے یہہ حدیث مرفوع کیا اور روایت کی یحیے بن سعید قطان اور کئی لوگون نے یحیے بن سعید سے یہ حدیث سو موقوف کیا اُنہون نے اور مرفوع نہین کیا اس روایت کو اور مروی ہوئی ہے یہہ حدیث کئی سندون سے عثمان رضی اللہ عنہ سی اُنہون نے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ترجم خلاصہ قصہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی محبوس ومقتول ہونیکا یون مروی ہے

خلاصہ قصہ شہادت حضرت ذی النورین عثمان رضی اللہ عنہ

حرمت خون مسلمان کا بیان

ابی سعید سی کہ سنا عثمان رضی اللہ عنہ فی کہ وفد اہل مصر آئی ہین اور اُنکے استقبال کو آپ مدینہ کی باہر تشریف لیگئی اور جب اُنسی ملی اُنہون نے کہا قرآن منگاؤ اور سورہ یونس من یہہ آیت نکالی قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ۭ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ اور کہا یہ جو آپنے رمنہ مقرر کیئے ہین کیا اللہ تعالی نی آپکو حکم کیا ہی یا آپ جھوٹ باندھتی ہین اللہ تعالے پر فرمایا حضرت عثمان ذی النورین نی کہ یہہ آیت فلان باب مین اُتری ہے اور منہ مقرر کیا ہے حضرت عمر نے اور مین نے صدقے اونٹون کے کثرت کی سبب سے اور بڑہا دیا غرض اسی طرح جو اُنہون نے اعتراض کیا آپنی معقول جواب دیا اور کچہہ شرط بہی اُنہون نے چاہی آپنے وہ بہی اُنکو لکہہ دیئے پہر اُنہون نے فرمایش کی کہ اموال غنیمت مین سے کسی کو کچہہ ندیا جاوے بلکہ وہ سب کا سب مقاتلین کا حق سمجہا جاوے اور شیوخ اصحاب کا آپنے اسکا بہی خطبہ پڑہہ دیا اور لوگون کو حکم کیا کہ تجارت وغیرہ کرین اور اس مال سے کچہہ نہ لین جب اُن سب امور سے وہ وفد فارغ ہوکر مصر کو لوٹے راہ مین ایک شخص کو پایا اور اسکو تہمت لگائی کہ تیرے پاس کوئی خط ہی غرض اُسکے پاس سے ایک خط نکالا کہ اُسپر مہر تہی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اور وہ خط حاکم مصر کے نام تہا اور مضمون اُسکا یہ تہا کہ یہہ گروہ فلانہ جب تمہاری پاس پہونچین تو اُنکو قتل کرنا یا ہاتہہ پیر کاٹنا غرض جب اُن لوگون نے یہ خط پایا لوٹے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا کہ یہہ خط آپ نے لکہا اُنہون نے اُنکار فرمایا اور فرمایا کہ دو امر مین اثبات کے اول یہ کہ تم دو گواہ پیش لاؤ کہ مین نے یہہ خط بہیجا ہے دوسرے یہہ کہ مجہہ سے قسم لو اور یہ بہی قرینہ فرمایا کہ اگر میرا خط ہوتا تو میری لسان مین ہوتا اور نقش خاتم کا خاتمہ کتاب مین ہوتا اور یہ دونون باتین اُسمین نہی پس اُن نالایقون کا فریب ثابت ہوا مگر اُنہون نے آنکو گہیرا اور اکیدت محاصرہ کیا آپ اسعرصہ مین کوٹہی پر چڑہہ گئے تہی اور اپنی برات کی احادیث اور فضائل کے روایات ارشاد کرتے تہے چنانچہ وہ روایت جو اوپر مذکور ہوئے ہے وہ بہی اُسی قبیل سے ہے مگر لوگون کا یہ حال تہا کہ پہلے پہل اُنکو نصیحت اثر کرتی تہی اور پہر دوبارہ جب آپ نصیحت فرماتی تہے اثر نکرتی تہی پہر آپنے دروازہ کہولدیا اور قرآن شریف لیکر گہر مین بیٹہے کہ اتنے مین محمد بن ابی بکر آئے اور آنکی ریش مبارک پکڑی اور جہاتی پر چڑہے حضرت ذی النورین نے فرمایا کہ تم ایسے جگہہ بیٹہے ہو کہ تمہارے باپ ابوبکر کبہی ایسی جگہہ نہ بیٹہے تہی غرض یہ کہ وہ بیرا حترام فرماتے تہے اور تم اسطرح پیش آتے ہو اسپر وہ لوٹ گئی اور حضرت کو چہوڑ دیا اور دوسرا شخص گہر مین گہسا کہ اُسکا نام موت الاسود تہا اُس بے ادب نے آپکا گلا گہونٹا اور باہر نکلکر لوگون سے کہنے لگا مین نے ایسی نرم چیز کبوئی نہائی جیسا گلا تہا عثمان کا اور مین نے اُسکا گلا یہانتک گہونٹا کہ جان اُنکی سانپ کی طرح مرے مین تڑپنے لگی پہر میسرہ اشجعی گہسا اور آپنے اُسکے فرمایا کہ میرے اور تیرے درمیان قرآن عظیم الشان ہے اُس مردود نی تلوار نکالکر آپ پر حملہ کیا اور آپنے ہاتہہ سے روکا اور دست مبارک اُس سے کٹ کر جدا ہوا زہری راوی کو شک ہے پس آپنے فرمایا یہہ پہلا ہاتہہ ہے جسنی مفصل قرآن کو لکہا ہے اور ایک روایت مین وارد ہوا ہے کہ ایک شخص کنانہ بن بشر گہسا اور اُسنے مشقص سے آنکو شہید کیا اور شقص ایک تیر ہوتا ہے چوڑی پہال کا اور خون مبارک آپکا اس آیت پاک پر گرا ++ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اور اُسکا ایک داغ دور مصحف مطہر مین ہوگیا اور آپکی زوجہ پاک بنت الفرافصہ نے آپکو گود مین لی لیا تہا قبل قتل کے اور بعد قتل کے اُنہین سے بعض لوگ کہنے لگے اللہ کی مار اسپر کیا بڑے سُرین ہین اُسکے راوی کہتا ہے مجہے یقین ہوا کہ مارا اُنہون نے اُس خلیفہ رسول کو مگر دنیای دنی کے واسطے معاذ اللہ من ذلک انا للہ وانا الیہ راجعون رضی اللہ عنہ وخذل اللہ اعداءہ دار الہجرۃ انتہا

## باب ما جاء فی تحریم الدماء والاموال

باب جان ومال کی حرمت مین

**عن** عمرو بن الاحوص قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول فی حجۃ الوداع للناس ای یوم ہذا قالوا یوم الحج الاکبر قال فان دماءکم واموالکم واعراضکم بینکم حرام کحرمۃ یومکم ہذا فی بلدکم ہذا الا لا یجنی جان الا علی نفسہ الا لا یجنی جان علی ولدہ ولا مولود علی والدہ الا وان الشیطان قد ایس ان یعبد فی بلدکم ہذا ابدا ولکن ستکون لہ طاعۃ فیما تحقرون من اعمالکم فسیرضی بہ ترجمہ روایت ہے عمرو بن احوص سے کہا اُنہون نے کہ سنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تہے حجۃ الوداع مین آدمیون سے کہ نسادن ہے یہ دریافت کیا فرمایا آپ نے بیشک خون تمہارے اور مال تمہارے اور عزتین تمہاری ایک دوسرے پر حرام ہین اور حرمت اُنکی ایسی ہے جیسی حرمت تمہاری اس دن کی اس تمہاری شہر مین آگاہ ہو کہ جنایت کرنیوالا جنایت نہین کرتا مگر اپنے نفس پر یعنے اُسکا وبال وسزا اُسی پر ہوتی ہے آگاہ ہو کہ کوئی جنایت کرنیوالا جنایت نہین کرتا ہے اپنے لڑکے پر نہ لڑکا اپنے والد پر آگاہ ہو کہ شیطان مایوس ہوگیا ہے اس سے کہ عبادت کیجاوے اُسکی تمہارے اس شہر مین کبہی لیکن کچہہ اطاعت اُسکی ہوگی اُن عملون مین کہ جنہین تم حقیر سمجہتے ہو اور اسی پر وہ راضی ہوگا

**ف** اسماء بن ابی بکرہ اور ابن عباس اور جابر اور جذیم بن عمرو السعدی سے ہے روایت ہے یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی زائدہ نی شیبب بن غرقدہ کی سند سے

**مترجم** جنایت یعنی زخمی کرنا یا قتل وغیرہ اور عرب قدیم الایام سے یوم عرفہ اور بلد مکہ کی تعظیم و توقیر کرتے تھے اس لئے حرمت و مار وغیرہ کو اُسکے ساتھ تشبیہ دی کہ سامعین کے خوب ذہن نشین ہو جاوے اور شیطان مایوس ہو گیا انخ یعنے جیسے زمان جاہلیت میں بت پرستی پھیلی تھی اور شعائر ملت حنیفیہ کے یکقلم منہدم ہو گئے تھے ایسا کبھی نہ ہو گا اگرچہ بعض افراد میں محقرات ذنوب مصغرات عیوب کا ارتکاب پایا جاوے **باب** جَاءَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يُرَوِّعَ مُسْلِمًا باب مسلمان کو ڈرانیکی حرمت میں **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَاْخُذُ اَحَدُكُمْ عَصَا اَخِيْهِ لَاعِبًا جَادًّا فَمَنْ اَخَذَ عَصَا اَخِيْهِ فَلْيَرُدَّهَا اِلَيْهِ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن السائب سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے اپنے دادا سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ لیوے کوئی شخص لاٹھی اپنی بھائی کی دل لگی سے اُسکے ستانیکے لئے اور جسنی لی ہو لاٹھی اپنی بھائیکی تو چاہئیکہ پھیر دے اُسکو **ف** اسباب میں ابن عمر اور سلیمان بن صرد اور جعدہ اور ابی ہریرہ سے ہے یہ حدیث حسن ہے غریب اور نہیں جانتے اسی ہم مگر ابن ابی ذئب کے روایت سے اور سائب بن یزید کو صحبت ہے اور سائبی اُنہوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے اور وفات ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جبکہ سائب برس کی تھی اور ابو یزید بن سائب وہ صحابی ہے صلے اللہ علیہ وسلم سے من اور روایت کیے ہیں اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کئی احادیث **باب** مَا جَاءَ فِيْ اِشَارَةِ الرَّجُلِ عَلٰى اَخِيْهِ بِالسِّلَاحِ باب ہتیار سے اشارہ منع ہونیکی بیانمیں **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَشَارَ عَلٰى اَخِيْهِ بِحَدِيْدَةٍ لَعَنَتْهُ الْمَلَائِكَةُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے اشارہ کیا اپنی بھائی پر لوہے سے یعنے چھری تلوار وغیرہ سے لعنت کرتے ہیں اُسپر فرشتے **ف** اسباب میں ابی بکرہ اور عائشہ اور جابر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے اس سند سے اور غریب سمجھی جاتی ہے خالد حذاء کی روایت سے اور روایت کی گئی محمد بن سیرین سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے مانند اسکی اور مرفوع نکیا اُسکو اور زیادہ کی اُسمیں یہ لفظ وَاِنْ كَانَ اَخَاهُ لِاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ یعنے ہتیار سے اشارہ کرنیمیں فرشتہ لعنت کرتے ہیں اگرچہ حقیقی بھائی پر اشارہ کرے روایت کرے ہم سے قتیبہ نے اُنہوں نے حماد بن زید سے اُنہوں نے ایوب سے یہی حدیث **مترجم** اور حقیقی بھائی کی قید اسلئے فرمائی کہ مستبعد ہے اُنمیں عداوت اور خواہ نخواہ اُنمیں ڈرانا علی سبیل الاشتہار ہو گا مگر اسمیں بھی باعتبار طاہر موجب لعن فرمایا پھر کسی اور پر اشارہ بدرجۂ اولی منع ہوا اور جب اشتہار میں یہ لعن ہوتو پھر عداوت کی راہ سے اگر اسکا مرتکب ہو گا تو کیا عذاب ہو گا معاذ اللہ من ذلک **باب** النَّهْيِ عَنْ تَعَاطِي السَّيْفِ مَسْلُوْلًا باب ننگی تلوار لینی دینے کے نہی میں **عن** جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُتَعَاطَى السَّيْفُ مَسْلُوْلًا **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تلوار کے ننگا لینی اور دینے سی یعنے بغیر میان کے **ف** اور اسباب میں ابی بکرہ سی بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے حماد بن سلمہ کے روایت سے اور روایت کی ابن لہیعہ نے یہ حدیث ابی الزبیر سے اُنہوں نے جابر سے اُنہوں نے نبیۃ الہجیمی سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور حدیث حماد بن سلمہ کے میرے نزدیک زیادہ صحیح ہے **مترجم** تلوار ننگی لینے دینی کی نہی ہے یا تو مجازاً قتل وقتع مراد ہے کہ آپس میں ایکدوسرے کو نمارین اور یا حقیقۃً بغیر قتال کے بھی تلوار کسی کو ننگی نہ دینا چاہئے بلکہ ضرور ہے کہ میانمیں کر کے دی کہ اُسمیں اندیشہ ہے کہ پہل جاوے تو زخمی کرے یا لینے والا عدو ہو اور بے محابا مار بیٹھے **باب** مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فَهُوَ فِيْ ذِمَّةِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ باب اس بیانمیں کہ جسنے نماز صبح پڑھی امان الٰہی میں آیا **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فَهُوَ فِيْ ذِمَّةِ اللّٰهِ فَلَا يَتْبَعَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهٖ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے نماز پڑھی صبح کی وہ اللہ کی پناہ میں ہے پھر دیکھو رہے اللہ تعالیٰ تم میں سے کسیکا اُسکی پناہ توڑنے کے سبب **ف** اسباب میں جندب اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **باب** فِيْ لُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ باب لزوم جماعت میں **عن** ابْنِ عُمَرَ قَالَ خَطَبَنَا عُمَرُ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ قُمْتُ فِيْكُمْ كَمَقَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْنَا فَقَالَ اُوْصِيْكُمْ بِاَصْحَابِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ يَفْشُوا الْكَذِبُ حَتّٰى يَحْلِفَ الرَّجُلُ وَلَا يُسْتَحْلَفُ وَيَشْهَدَ الشَّاهِدُ وَلَا يُسْتَشْهَدُ اَلَا لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ اِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ عَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهٗ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهٗ فَذٰلِكُمُ الْمُؤْمِنُ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہا خطبہ پڑھا ہم پر حضرت عمر نے جابیہ میں پھر کہا اے لوگو میں تمہاری بیچ میں کھڑا ہوا ہوں جیسا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوتے اور فرمایا آنحضرت نے وصیت کرتا ہوں میں اپنے اصحاب کے اطاعت کی پھر اُنکی جو اُنسے ملی ہوں یعنے تابعین کی پھر اُنکی جو اُنسے ملی ہوں یعنے تبع تابعین کی پھر ان زمانوں کے بعد مروج ہو جاویگا کذب یہانتک کہ قسم کھانے لیگا آدمی بی قسم کھلائی اور گواہی دیگا گواہ بلائی خبردار رہو تنہا نہیں ہوتا کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ مگر یہ کہ ہوتا ہے تیسرا اُنکا شیطان لازم پکڑو تم جماعت مذکور کو جسکو خوش لگی اُسکی نیکی اور بری لگی اُسکی برائی

ہی نہیں ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے اور روایت کی یہ ابن مبارک نے محمد بن سوقہ سے اور مروی ہوئی ہی یہ حدیث کئی سندوں سے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بواسطہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے **عن** ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ لا یجمع امتی او قال امۃ محمد علی
ضلالۃ ویداللہ علی الجماعۃ ومن شذ شذ الی النار **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جمع نہیں کرتا اللہ تعالیٰ میری امت کو یا فرمایا امت محمد
صلے اللہ علیہ وسلم کو ضلالت پر اور اللہ کا ہاتھ ہے جماعت پر اور جو جدا ہوا جماعت سے گرا آگ میں **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے اور ہمارے نزدیک سلیمان مدنی سلیمان بن
سفیان ہیں اور سنا ہم نے ابن عباس سے ہے روایت ہے **عن** ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ید اللہ مع الجماعۃ **ترجمہ** آپ نے فرمایا اللہ
کا ہاتھ جماعت کے ساتھ ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے ابن عباس کی روایت سے مگر اسی سند سے **باب** ماجاء فی نزول العذاب اذا لم یغیر
المنکر **ترجمہ** باب نزول عذاب میں جب تغییر منکر نہ ہو **عن** ابی بکر الصدیق انہ قال یا ایھا الناس انکم تقرءون ھذہ الآیۃ یا ایھا الذین اٰمنوا علیکم
انفسکم لا یضرکم من ضل اذا اھتدیتم وانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان الناس اذا رأوا الظالم فلم یأخذوا علی یدیہ
اوشک ان یعمھم اللہ بعقاب منہ **ترجمہ** روایت ہے ابی بکر صدیق سے کہ انہوں نے فرمایا اے آدمیو تم پڑھتے ہو یہ آیت اے ایمان والو لازم پکڑو اور فکر کرو اپنی جانوں
کی نہیں ضرر کریگا تمکو جو گمراہ ہوا جبکہ تمنے ہدایت پائی اور خیال کرتے ہو منطوق آیہ مذکورہ کے کہ امر معروف ضرور نہیں حالانکہ میں نے سنا ہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے
کہ فرماتے تھے لوگ جبکہ دیکھیں ظلم یعنے فسق و فجور اور نہ روکیں ہاتھ اسکی مرتکب کے قریب ہے کہ عام کردی اللہ تعالیٰ اوپر سب کو یعنے عذاب عام بھیجے کہ ظالم و غیر
ظالم سب ہلاک ہوں **ف** روایت کی ہمسے محمد بن بشار نے انہوں نے یزید بن ہارون سے انہوں نے اسمٰعیل بن خالد سے یہی حدیث مانند اسکی اور اسناد میں عائشہ اور
ام سلمہ اور نعمان بن بشیر اور عبداللہ بن عمر اور حذیفہ سے یہی روایت ہے اور اسیطرح روایت کی کئی لوگوں نے اسمٰعیل سے یزید کی روایت کے مانند اور مرفوع کیا اسکو بعضوں نے
اسمٰعیل سے اور موقوف کیا اسکو بعضوں نے **ترجم** ظاہر آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ امر معروف اور نہی منکر ضرور نہیں ہے بلکہ جب آدمی خود ہدایت پا چکا پھر ہمارا علم اگر گمراہ
ہو تو اسی کیوجہ نقصان نہیں مگر علماء نے اس آیت میں کئی تاویلیں ذکر کی ہیں اول تو ابوبکر صدیق کے حدیث میں مذکور ہوئی گویا انہوں نے اشارہ کیا کہ یہ آیت
منسوخ ہے اور نسخ کتاب کا حدیث سے جائز ہے اور بعضوں نے کہا کہ نسخ کیوجہ ضرور نہیں بلکہ آیہ سے مراد افعال ہیں ذمیوں کے اور شرک انکا کہ انکا اسپر ضرر نہیں اسلئے کہ
ضم کی ہے مسلمانوں نے انکے اسی پر باقی رہی فسق و فجور اہل اسلام کے دو اس آیت میں داخل نہیں پس کیوجہ منافات نہ ہی آیت و حدیث میں اور یہ قول ہے ابوعبیدہ
اور مجاہد اور سعید بن جبیر نے کہا ہی کہ مراد اس سے یہود و نصاریٰ ہیں گویا ارشاد ہوتا ہے کہ جب تم مسلمان ہو گئے تو انکا یہودیت نصرانیت پر رہنا تمکو مضر نہیں انسے
جزیہ لو اور انکے حال پر چھوڑ دو اور ابن عباس سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا امر معروف اور نہی منکر کرو جبتک امید مو قبول کی اور جب ناامید ہو جاؤ قبول سے اور رد کیا
جاوے قول تمہارا تم پر تو لازم ہے پکڑو اپنے جانو تمکو پس گویا مراد آیہ کی وقت ناامیدی ہے اور مراد حدیث کی وقت قبول ہونیکا امر معروف اور نہی منکر کے جب ہی منافات
نہ ہی اور ابن عباس نے فرمایا کہ قرآن کی آیات کئی قسم ہیں اول وہ آیات ہیں کہ تاویل انکی گذر گئی قبل نزول کے دوسرے وہ کہ تاویل انکی واقع ہوئی رسول خدا صلے اللہ
علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں تیسرے وہ کہ واقع ہوئی تاویل انکی بعد زمانہ مبارک کے چوتھے وہ ہیں کہ واقع ہوگی تاویل انکی آخر زمانہ میں اور پانچویں وہ ہیں کہ واقع ہونگے
تاویل انکی قیامت کے دن جیسے وہ آیتیں جنمیں حساب و کتاب و جنت و نار کا مذکور ہے پھر جبتک کہ قلوب اور خواہشیں تمہاری ایک ہیں اور پھوٹ نہو تمہارے
درمیان اور لڑائی نہو ایک کے دوسرے سے جبتک امر معروف کرو اور نہی منکر اور جب مختلف ہو جاویں دل اور جدا ہو جاویں خواہشیں اور لڑائی پڑے آپسمیں پس
لازم ہے ہر شخص فکر اپنی جان کی اور جان لو کہ اسوقت آئی تاویل اس آیت کی اور ابوامیہ شعبانی سے روایت ہے کہ آیا میں ابوثعلبہ خشنی کے پاس اور کہا میں نے اسی ابوثعلبہ
کیا کہتے ہو تم اس آیت میں پوچھا انہوں نے کون سی آیت کہا میں نے قول اللہ عزوجل کا **علیکم انفسکم الآیۃ** سو کہا انہوں نے آگاہ ہو کہ میں نے پوچھی یہی آیت جیسے
انہوں نے کہا میں نے پوچھی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے تو فرمایا اپنی امر معروف کر اور نہی منکر یہانتک کہ جب دیکھو تم بخیلی ایسی کہ اطاعت کیجاتی ہے اور ہوای نفسانی ایسی
کہ اتباع کیا جاتا ہے اور دنیا مقدم سمجھی جاتی ہے آخرت پر اور مقاصد دنیہ پابند ہیں ہر شخص اپنی رائے پر اور دیکھے تو ایسا کام کہ لابد ہے وہ پس لازم پکڑ لی تو نے
نفس کی تہذیب کو اور چھوڑ دی خیال عوام کا اسلئے کہ بعد تمہارے دن ہیں صبر کے پھر جسنے کہ صبر کیا ان دنوں میں یعنے باوجود کثرت منکر ایسے حق پر ثابت رہا ہوگا مانند

جب تغییر منکر نہ ہو تو عذاب نازل ہوتا ہے

تحقیق آیہ علیکم انفسکم لا یضرکم من ضل اذا اھتدیتم

اُس شخص کے کہ لئے ہو اگر اپنی مٹھی مین عامل سنت کو اُن دونمین ثواب ہے پچاس آدمیون کے برابر جو اُسکے مانند عمل کرتے ہون کہا ابن مبارک نے اور زیادہ بیان کے مجھ سے عتبہ کے سوا اور راوی نے یہہ عبارت بھی کہ پوچھا صحابہ نے یا رسول اللہ ثواب پچاس آدمیونکا اس زمانہ کے لوگون مین سے یعنے جو ثابت قدم رہیگا آخر زمانہ مین دین پر اُسکو پچاس صحابی کے برابر اجر ہوگا اور بعضے لوگون نے کہا مراد آیت کے یہ ہے کہ ضرر نہین کرینگے تمکو اہل ہوا یعنے اصحاب فرق باطلہ چنانچہ ابوجعفر سی مروی ہے کہ داخل ہوا صفوان بن محرز ایک جوان اہل ہوا سے اور اُسنے ذکر کیا کچھ اپنے ہوائے باطل کا پس پڑہی صفوان نے یہی آیت اور فرمایا خاص اللہ تعالے نے اپنے دوستون کو اسی آیت مین یعنے اُنکو اہل ہوا سے کچھ ضرر نہین (بغوی) اور صاحب مدارک نے کہا ہے اہل اسلام کفار کے حال پر افسوس و غم کرتے تھے اور حسرت کہاتے تھے اللہ تعالے نے اُنکی تسکین اس آیت مین فرمائی کہ تمکو اُنکی گمراہی کچھ مضر نہین ہے اور مراد آیہ یہہ نہین ہے کہ ترک امر معروف کری بلکہ باوجود قدرت کی ترک اُسکا جائز نہین انتہی اور ابن مسعود سے پوچھا اس آیت کو تو فرمایا اُنہون نے کہ یہہ زمانہ نہین ہے اس آیت کا ابھی مقبول ہوتا ہے امر معروف اور نہی منکر زمانہ اسکا بعد حدیث آئیگا کہ آمر بالمعروف کے ساتھ ایسا ایسا کیا جائیگا اور ابی سعید خدری سے مروی ہے کہ پڑہی مین نے یہ آیت رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے آگے تو فرمایا ابھی تاویل اسکی آئی نہین ہے تاویل اسکی جبتک کہ قریب نہو نزول عیسے بن مریم کا یعنے نہ آجاوے زمانہ فتن کا جیسا کہ اور ابن مبارک سے مروی ہے کہ جسقدر تاکید امر معروف کی اس آیت سے ثابت ہوتی ہے ایسی تو کسی سے ثابت نہین ہوتی اسلئے کہ اللہ تعالے فرماتا ہے عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ یعنے فکر کرو اور تدبیر کرو تم سب اہل اسلام کی جانونکی تو ہر ایک کو ضرور ہوا ہر مسلمانکی فکر کرنا اور نصیحت اور خیرخواہی اُسکی لازم سمجھنا اور ہر ایک کو رغبت دلانا خیر کے اور نفرت دلانا شر سے اور روکنا قبایح اور منکرات سے اور باز رکہنا ظالم اور سیات سے (فتح البیان) اور احادیث امر معروف مین بہت ہین اور اسقدر تکرار سے تطبیق اُن احادیث مین اور آیہ مبارک مین معلوم ہوگئی الحمد للہ علے ذلک **باب** مَا جَاءَ فِي الْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ باب امر معروف اور نہی منکر کے بیانمین **عن** حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ اَوْلَيُوشِكَنَّ اللهُ اَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عِقَابًا مِنْهُ فَتَدْعُونَهُ فَلَا يَسْتَجِيبُ لَكُمْ **ترجمہ** روایت ہے حذیفہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اُس پروردگار کی کہ میرے جان اُسکے ہاتھہ مین ہے امر کرو ساتھ اچھی بات کے اور منع کرتے رہو بُری بات سے ورنہ قریب ہے کہ اللہ تعالے بھیجے گا تم پر عذاب بہت بڑا اپنے درگاہ سے پہر تم اُس وقت دعا کرو گے اور وہ قبول نکریگا تمہاری دعا کو **ف** روایت کے ہم سے علی بن حجر نے اُنہون نے اسمٰعیل بن جعفر سے اُنہون نے عمرو بن ابی عمرو سے اسی اسناد سے مانند اسکی یہ حدیث حسن ہے **عن** حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَقْتُلُوا اِمَامَكُمْ وَتَحْلِقُوا بِاَسْيَافِكُمْ وَيَرِثَ دُنْيَاكُمْ شِرَارُكُمْ **ترجمہ** روایت ہے حذیفہ بن الیمان سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اُس پروردگار کی کہ میری بقائی روح اُسکی مبارک ہاتھہ مین ہے نہ قائم ہوگی قیامت جبتک قتل کروگے تم امام اپنے کو اور آپسمین ایک دوسرے کو تلوارون سے اور وارث نہونگے بہتر تمہارے دنیا کے تم مین سے بدتر لوگ یعنے حکومت اور امارت فساق کو ہوگی **ف** یہ حدیث حسن ہے **عن** اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ ذَكَرَ الْجَيْشَ الَّذِي يُخْسَفُ بِهِمْ فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ لَعَلَّ فِيهِمُ الْمُكْرَهَ قَالَ لَا يُبْعَثُونَ عَلَى نِيَّاتِهِمْ **ترجمہ** روایت ہے ام سلمہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا ایک لشکر کا کہ وہ دھسج جائیگا یعنے بسبب اپنے ذنوب کے عذاب عام سے ہلاک ہوگا تو عرض کی ام سلمہ نے کہ شاید اسمین بعضے لوگ مجبور ہون اور گناہی اپنے ساتھیون کے ناراض ہون فرمایا آپنے اُٹھائے جائینگے وہ اپنی نیتون پر **ف** یہ حدیث حسن ہے اس سند سے اور روایت کے گئی یہ حدیث ناقص سی اُنہون نے روایت کے عائشہ رضی اللہ عنہا سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو قوم امر معروف اور نہی منکر ترک کرنے سے یا اپنی اوشامت اعمال سے عذاب عام مین ہلاک ہوتے ہے اور اُسمین کچھ لوگ صالحین اُنکے ذنوب اور عیوب سے بدل ناراض ہوتے ہین اگرچہ وہی اُسوقت عذاب مین گرفتار ہوجاتی ہین مگر آخرت مین اُنکی نیتون کے موافق اُنکا حشر ہوگا اور اپنی نیک نیتی سے نجات پائینگے الحمد للہ علی ذالک **باب** مَا جَاءَ فِي تَغْيِيرِ الْمُنْكَرِ بِالْيَدِ اَوْ بِاللِّسَانِ اَوْ بِالْقَلْبِ باب تغییر منکر کے دو حالت مین **عن** طَارِقِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَوَّلُ مَنْ قَدَّمَ الْخُطْبَةَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ مَرْوَانُ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ لِمَرْوَانَ خَالَفْتَ السُّنَّةَ فَقَالَ يَا فُلَانُ تُرِكَ مَا هُنَالِكَ فَقَالَ اَبُو سَعِيدٍ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ قَضٰى مَا عَلَيْهِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ رَاٰى مُنْكَرًا فَلْيُنْكِرْهُ بِيَدِهِ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيمَانِ **ترجمہ** روایت ہے طارق بن شہاب سے کہا پہلے جسنے خطبہ پڑہا نماز سے پیشتر مروان

تہا سو کہڑا ہوا ایک مرد اور کہا اُسنے مروان سے خلاف کیا تو نے سنت کا تو کہا مروان نے اے فلانے چہوڑدی گئی یعنے وہ سنت جسی تو ڈہونڈتا ہے سو کہا ابی سعید نی آگاہ ہو اس شخص نے پورا کردیا جو اُسکے ذمہ تہا یعنے حق امر معروف کا سنا میں نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تہی جو دیکہے کوئی منکر تو چاہئے کہ بدل دیوے اُسکو اپنے ہاتہ سے اور جو نہو سکے تو اپنے زبان سے یعنے اُسکی بُرائی بیان کردی اور جو نہو سکے تو اپنے دل سے اُسے بُرا جانے اور یہ سب سے کم درجہ ہے ایمان کا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب ۶** منہ باب دوسرا اسی بیان میں **عن** النعمان ابن بشیر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثل القائم علی حدود اللہ والمدھن فیھا کمثل قوم استھموا علی سفینۃ فی البحر فاصاب بعضھم اعلاھا واصاب بعضھم اسفلھا فکان الذین فی اسفلھا اذا استقوا من الماء مروا علی من فوقھم فقالوا لو انا خرقنا فی نصیبنا خرقا ولم نؤذ من فوقنا فان یترکوھم وما اراد وھلکوا جمیعا وان اخذوا علی ایدیھم نجوا ونجوا جمیعا **ترجمہ** روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مثال اُسکے جو قایم ہے حدود الٰہی پر اور جو سستی کرتا ہے اُسمیں اُس قوم کی مانند ہے کہ قرعہ ڈالا کر دریا میں ایک کشتی پر سوار ہوئے سو ملی بعضو کو جگہہ اوپر کی اور بعضو کو نیچے کے پہر نیچے والے جو پانی لینے کو اوپر آتے تہے اور گرجاتا تہا پانی اوپر والوں پر سو اوپر والوں نے کہا ہم تمہین نہ چہوڑین گے کہ تم چڑہکر ہمین تکلیف دو سو نیچے والوں نے کہا ہم ایک سوراخ کرلین گے اپنی نیچے اور اُسمین سے پانی لین پہر اگر سب کشتی والے اُنکا ہاتہ پکڑ لین اور روکین نجات پاوین سب کے سب اور اگر چہوڑ دیوین اُنکو ڈوبین سب کے سب **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** امر معروف اور نہی منکر واجب ہے باجماع امت اور کتاب و سنت اُسکے ساتہ ناطق ہے اور مراتب اُسکے تین ہین جیسا حدیث مین مذکور ہے یعنی بالید واللسان والقلب جیسے اداسی واجب کیا اور مخاطب نے قبول نکیا واجب اُسکے ذمہ سے ساقط ہوگیا اور علمانے کہا ہے کہ فرضیت اُسکی بطریق کفایت ہے چنانچہ آیہ ولتکن منکم امۃ بہی اسی پر دال ہے اور جو باوجود قدرت ترک کرے اثم ہے اور کبہی فرض عین بہی ہوجاتا ہے جیسے ایک زمین مین کوئی شخص ہو اور اُسکے سوا کوئی اُس مسئلے سے واقف نہو پس اُسیکے ذمہ فرض ہے نہ غیر کے اوپر اور وجوب امر معروف مین یہہ شرط نہین کہ آمر خود بہی عامل ہو بغیر عمل کے امر معروف درست ہے اسلئے کہ امر کرنا اپنے نفس کو ایک واجب ہے اور امر کرنا دوسرے شخص کو دوسرا واجب ہے پس اگر اول فوت ہو تو ضرور نہین کہ ثانی کو بہی چہوڑ دے اور جو کہ مذکور ہے اس آیہ مبارکہ مین لم تقولون ما لا تفعلون اگر تسلیم بہی کیا جاوے کہ رو و اُسکا امر معروف اور نہی منکر مین ہے تو مراد اس سے زجر کرنا ہے ترک عمل پر نہ منع کرنا قول حق کہنے سے اور یہ ظاہر ہے کہ خود عمل کرکے دوسرے کو امر کرنا نہایت مستحسن ہے اسلئے کہ امر اُس شخص کا جو خود عامل نہین خندان اثر نہین رکہتا اور امر معروف اور نہی منکر حکام کے ساتہ مخصوص نہین اور نے مسلمان بہی کرسکتا ہے لیکن با ہیبت کے لئے آمر والی ضرور ہے اور امر و نہی ضرور ہی کہ موتفق علیہ من ہو نہ مختلف فیہ مین علی الخصوص اُسکے نزدیک جو کہتا ہے مجتہد مصیب ہے اور نہ روبے کہ رشتہ و ملامت سہی ہو اور خدا کی لئے نہ طلب جاہ و مال اور طلب عز و منال کے لئے کہ ثواب اُسپر مترتب ہو اور کہا ہے کہ نصیحت ملا مین فضیحت ہے (شرح مشکوۃ)

**باب ۷** افضل الجہاد کلمۃ عدل عند سلطان جائر باب اس بیان مین کہ کلمہ حق سلطان ظالم سے کہدینا افضل جہاد ہی **عن** ابی سعید الخدری قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان من اعظم الجہاد کلمۃ عدل عند سلطان جائر **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے بڑا جہاد کلمہ عدل کہنا ہے سلطان ظالم کے سامنے **ف** اسباب مین ابی امامہ سے بہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **مترجم** سلطان ظالم بمزاج متکبر مغرور کے آگے کلمہ حق کہنا اور اُسپر خلاف شرع مین انکار کرنا ایک کمال جرأت اور بہادری اور تصلب فی الدین کی بات ہے اور چونکہ اُسمین اتلاف جان و مال کا اور عزت و جاہ کا یقین ہے اسلئے افضل جہاد ہے اللہم وفقنا

**باب ۸** سؤال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثلاثا فی امتہ باب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوالات ثلثہ کے بیان مین **عن** عبد اللہ بن خباب بن الارت عن ابیہ قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ فاطالہا فقالوا یا رسول اللہ صلیت صلوۃ لم تکن تصلیہا قال اجل انہا صلوۃ رغبۃ ورہبۃ انی سألت اللہ فیہا ثلاثا فاعطانی اثنتین ومنعنی واحدۃ سألتہ ان لا یہلک امتی بسنۃ فاعطانیہا وسألتہ ان لا یسلط علیہم عدوا من غیرہم فاعطانیہا وسألتہ ان لا یلبسہم شیعا فمنعنیہا **ترجمہ** روایت ہے خباب بن ارت سے کہ ایک نماز پڑہی سو اصلے اللہ علیہ وسلم نے اور دراز کیا اُسکو سو عرض کی صحابے یا رسول اللہ آج آپنے ایسی نماز پڑہی کہ روز نہ پڑہتے تہے فرمایا ہان بیشک یہہ نماز تہی امید و خوف کی مین نے مانگین اللہ سے اُسمین تین چیزین سو عنایت کین مجہے دو اور باز کہی مجہسے ایک سو سنو کہ مانگا مین نے اُس سے یہ کہ ہلاک نہو میری ساری امت قحط

سلطان ظالم کے روبرو کلمہ حق کہنے کی فضیلت

سوالات ثلثہ کے بیان

مین سو عنایت کیا مجھے اور مانگا مین نے یہ کہ مسلط نہوان پر کوئی دشمن انکے غیر مین کا سو عنایت کیا مجھکو اور مانگا مین نے کہ جبکہا اُنکے بعض کو مزہ بعض کے لڑائیکا سو دیا
مجھے یہ **ف** یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور اسیا سمین سعد اور ابن عمر سے بہی روایت ہے **عن** ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ زوی
لی الارض فرأیت مشارقہا ومغاربہا وان امتی سیبلغ ملکہا ما زوی لی منہا واعطیت الکنزین الاحمر والابیض وانی سألت ربی لامتی
ان لا یہلکہا بسنۃ عامۃ وان لا یسلط علیہم عدوا من سوی انفسہم فیستبیح بیضتہم وان ربی قال یا محمد انی اذا قضیت قضاء فانہ
لا یرد وانی اعطیتک لامتک ان لا اہلکہم بسنۃ عامۃ ولا اسلط علیہم عدوا من سوی انفسہم فیستبیح بیضتہم ولو اجتمع علیہم من
بأقطارہا او قال من بین اقطارہا حتی یکون بعضہم یہلک بعضا ویسبی بعضہم بعضا **ترجمہ** روایت ہے ثوبان سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے
بیشک اللہ نے لپیٹ دی میرے لئے زمین اور مین نے دیکہا اُسکی مشرق اور مغرب کو اور میری امت کی سلطنت پہونچیگی جہانتک کہ لپیٹی گئی ہے میرے لئے زمین اور دیے گئی مجھے دو
خزانے ایک سرخ اور ایک سفید اور مین نے مانگا اپنے پروردگار سے کہ ہلاک نکرے میری امت کو قحط عام مین اور نہ مسلط ہو اوپر کوئی دشمن سوا اُنکے لوگون کے کہ تورڈالے بیضہ
اُنکا اور تحقیق کہ میرے رب نے کہا اے محمد جب مقرر کرچکا مین کوئی حکم تو پہر وہ لوٹتا نہین اور مین نے عنایت کیے تیری امت کو یہ کہ ہلاک نکرونگا مین اُنکو قحط عام سے اور مسلط نکرونگا
اُنپر کوئی دشمن اُنکے غیر مین سے کہ تورڈالے بیضہ اُنکا یعنے ہلاک کردے اُنکی ساری جماعت کو اگرچہ جمع ہوجاوین زمین کے کناروں کے لوگ یا فرمایا کہ جو لوگ ہین زمین کے
کناروں مین یہانتک کہ اُنہین کے لوگ بعض ہلاک کرینگے بعض کو اور قید کرینگے بعض کو یعنے باہر کا دشمن اُنپر مسلط نہوگا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم**
لپیٹ دی میرے لئے زمین یہمین استدلال ہے اہل کاشفہ کو کشف پر اور آپکو بوجی معلوم ہوا کہ جہانتک زمین دیکہی ہے وہانتک سلطنت آپکی ہوگی ازمنۂ مختلفہ مین اور
دیے گئے مجھے دو خزانے یعنے روپیہ اور اشرفی یا جاندی سونیکی کہ برکات اُسکی ظاہر ہوئی ہے بہت پیداوار سے اور وہ خزانہ حالہ مثال مین آپکو عنایت ہوئے تہے اور حقیقت اُسکی بعد ظاہر
ہوئی اور ایسا قحط آپکی اُمت مین نہوا ہے نہوگا کہ جس سے ساری اُمت ہلاک ہوجاوے اور کوئی دشمن اُنپر مسلط نہوا اگرچہ اُنکے بعض افراد پر کفار وغیرہ حاکم ہوے ہین مگر
کسی زمانہ مین تمام امت پر حکومت کسی کافر کی نہوئی اور نہوگی یا مسلط ہو نیسے ارادہ ہلاک کرنے کسی کا فرصاحب شوکت کا یہ ارادہ نہین کہ تمام امت کو ہلاک کرے اور اگر
ہو بہی تو بہی وہ قادر نہوگا قولہ تورڈالی بیضہ اُنکا مراد اس سے ساری جماعت کا ہلاک ہونا قاعدہ ہے کہ جب کسی جانور کے انڈی تلک توڑڈالی جاوین تو اُنکی نسل منقطع ہوجاتی ہے
اور بیخ وبنیاد باقی نہین رہتی پس انڈی کا توڑنا کنایہ ہے ساری جماعت کے ہلاک کرنے سے قولہ یہانتک کہ ہلاک کرینگے بعض اُنکے بعض کو یعنے آپس مین جنگ وجدال
رہیگا چنانچہ ایسا ہی ہوا ملکہ کفار کے ہاتہ سے صالحین امت کو اتنی ایذا نہین پہونچی ہے جتنی کلمہ گویون سے **باب ما جاء فی الرجل یکون فی الفتنۃ** باب
فتنہ کے بیان مین **عن** ام مالک البہزیۃ قالت ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتنۃ فقربہا قالت قلت یا رسول اللہ من خیر
الناس فیہا قال رجل فی ماشیتہ یؤدی حقہا ویعبد ربہ ورجل اخذ برأس فرسہ یخیف العدو ویخیفونہ **ترجمہ** روایت ہے ام مالک سے کہ
ذکر کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فتنہ کا اور بہت قریب فرمایا اُسکا ظاہر ہونا کہا راوی نے عرض کی مین نے یا رسول اللہ کون شخص بہتر ہوگا سب لوگون مین اُسوقت
فرمایا آپنے ایک تو وہ شخص کہ اپنی چانور وںمین ہو ادا کرتا ہو اُسکا یعنے چراتا ہو اور عبادت کرتا ہو اپنے رب کے اور دوسرا وہ کہ پکڑے ہو سر اپنے گہوڑے کا ڈراتا ہو دشمن کو
یعنے کافرونکو اور ڈراتے ہون وہ اُسکو **ف** اسیا ہین ام منتشر اور ابی عبید ذہری اور ابن عباس سے ہے روایت ہے یہ حدیث غریب ہے اس سند سے اور روایت کے لیث
بن ابی سلیم نے طاوس سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **عن** عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکون الفتنۃ تستنظف
العرب بقتلاہا فی النار اللسان فیہا اشد من السیف **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک فتنہ ایسا ہوگا کہ گہیر لیگا
عرب کو مقتول اُسکی دوزخی ہین زبان کہولنا اُسمین تلوار مارنے سے زیادہ ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے سنا ہمین نے محمد بن اسمعیل بخاری سے فرماتے تہے نہین جانتے
ہم زیاد بن سمین گوش کی کوئی حدیث سوا اس حدیث کی لیث سے اور روایت کے حماد بن سلمہ نے یہ حدیث لیث سے اور مرفوع کیا اُسکو اور روایت کے حماد بن زید نے لیث
سے اور موقوف کیا مترجم مراد اُس فتنہ سے وہ حروب ہین جو سلاطین وحکام مین فقط بغرض دنیا واقع ہوے نہ بنیت اعلائی کلمۃ اللہ اور زبان تلوار سے زیادہ
ہے یعنے کلمہ حق کہنا اُسوقت جہاد فی سبیل اللہ سے بڑہکر ہے یا وہ لوگ ایسے بدمزاج ومغرور وتکبر مین کہ اپنے طاعن کو مارڈالتے ہین جیسے کوئی اپنے اوپر تلوار کھینچی دیکہکر

فتنوں کا بیان

رفع امانت کا بیان

**باب** ماجاء فی رفع الامانۃ باب رفع امانت کے بیان میں **عن** حذیفۃ قال حدثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدیثین قد رأیت احدھما وانا انتظر الاٰخر حدثنا ان الامانۃ نزلت فی جذر قلوب الرجال ثم نزل القرآن فعلموا من القرآن وعلموا من السنۃ ثم حدثنا عن رفع الامانۃ قال ینام الرجل النومۃ فتقبض الامانۃ من قلبہ فیظل اثرھا مثل الوکت ثم ینام النومۃ فتقبض الامانۃ فیظل اثرھا مثل اثر المجل کجمر دحرجتہ علی رجلک فنفطت فترآہ منتبرا ولیس فیہ شیء ثم اخذ حصاۃ فدحرجھا علی رجلہ فقال فیصبح الناس یتبایعون لا یکاد احد یؤدی الامانۃ حتی یقال ان فی بنی فلان رجلا امینا وحتی یقال للرجل ما اجلدہ واظرفہ واعقلہ وما فی قلبہ مثقال حبۃ من خردل من ایمان ولقد اتی علی زمان وما ابالی ایکم بایعت فیہ لان کان مسلما لیردنہ علی دینہ ولئن کان یھودیا او نصرانیا لیردنہ علی ساعیہ فاما الیوم فما کنت ابایع منکم الا فلانا وفلانا **ترجمہ** وہ یہ ہے حذیفہ سے کہا انہوں نے کہ بیان فرمائیں ہم سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو حدیثیں کہ دیکھ لی میں نے ان میں سے ایک حدیث کو اور منتظر ہوں میں دوسری کا پہلی حدیث ان میں کی یہ کہ فرمایا آپ نے اتری ہے امانت مردوں کے دلوں میں پھر اتر آیا قرآن اور جانا لوگوں نے قرآن سے اور جانا سنت سے یعنے دونوں سے کیا ہے امانت کے دوسری حدیث ان میں کے کہ کیا ہم سے رفع امانت کا اور فرمایا کہ سوئیگا آدمی کی اتریں گی امانت اسکے دل میں پھر سوئیگا اسکی اور جاویگا اثر اسکا مثل دھبہ کے پھر سوئیگا ایک اور جاوے گی امانت اور رہ جاویگا اثر اسکا مثل گٹھے کی جیسے کہ گھماوے اور پیر پر اپنی تو اٹھے پیر پر ایک چنگاری اور جا پڑ جاوے اس سے پھر دیکھے تو اسی جا ہوا اور اسمیں کچھ نہیں ہے پھر لی آپنے ایک کنکری اور پھیرا اسکو اپنے پیر پر اور فرمایا پھر صبح کرینگے لوگ خرید و فروخت کرتے ہونگے کوئی ایسا معلوم نہ ہوگا کہ ادا کرے امانت کو یہانتک کہ کہا جاوے کہ تحقیق فلانی قبیلہ میں ایک شخص امین ہے اور کہا جاویگا مرد کو یعنی اسکی تعریف میں کیا چست و چالاک آدمی ہے یعنے کاروبار دنیا میں اور کیا ہوشیار و خوش تقریر ہے اور کیا عقلمند اور دانا ہے اور اسکے دل میں ایک رائی کے دانہ برابر ایمان نہیں اور بیشک آچکا مجھ پر ایک زمانہ کہ میں پرواہ نہ کرتا تھا آپکہ کسی سے معاملہ کروں لا اگر وہ مسلمان ہوتا تھا حاکم دلواتا تھا حق میرا تو دین اسکا اور اگر وہ یہودی یا نصرانی ہوتا تھا تو دلواتا تھا مجھکو حق میرا سردار اسکا مگر آج کی دن میں معاملہ کرتا ہوں نہیں ہوں کسی سے مگر فلان فلان سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** قولہ دیکھ لے میں نے الخ یعنے جیسے حضرت نے خبر دی تھی ویسا ہی وقوع میں آیا قولہ اتری ہے مردوں کے دلوں میں امانت الخ اور امانت سے ایمان ہے جیسا کہ اشارہ کیا اسکی طرف آخر حدیث میں کہ فرمایا ومافی قلبہ من ایمان حردل من ایمان قولہ سوئیگا جاویگا اثر اوسکا مثل دھبہ کے الخ یہ مثال فرمائی آپنے امانت کے دل سے نکلجانے کی کہ جیسے اگ کا اثر اوبھالا بدن پر رہ جاتا ہے اور اونچا معلوم ہوتا ہے ایسا ہی امانت کی بلند رتبہ معلوم ہوگا مگر اس میں امانت کا نام نہ ہوگا قولہ اور بیشک آچکا مجھ پر زمانہ الخ یعنے وہ زمانہ تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا کہ اسمیں بلا خوف و خطر ہر ایک سے معاملہ کرتا تھا اور اگر میرا حق کسی مسلمان پر ہوتا تو وہ اپنی دینداری اور امانت کی وجہ سے میرا حق تلف نہ کرتا اور اگر یہودی یا نصرانی پر ہوتا تو سردار اسکے دلواتے تھے اور اب کوئی لائق اطمینان نہیں ہے مگر فلان فلان +

اس امت میں بھی مشرکانہ عادات ہونگی

**باب** لترکبن سنن من کان قبلکم باب پہلے امتوں کے عادات اس امت میں ضرور ہونگی بیان میں **عن** ابی واقد اللیثی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما خرج الی حنین مر بشجرۃ للمشرکین یقال لھا ذات انواط یعلقون علیھا اسلحتھم فقالوا یا رسول اللہ اجعل لنا ذات انواط کما لھم ذات انواط فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم سبحان اللہ ھذا کما قال قوم موسی اجعل لنا الھا کما لھم الھۃ والذی نفسی بیدہ لترکبن سنۃ من کان قبلکم **ترجمہ** وہ یہ ہے ابی واقد لیثی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب نکلے حنین کو گذرے ایک درخت پر مشرکوں کے کہ اوسکو ذات انواط کہتے تھے لٹکاتے تھے اسمیں مشرک لوگ ہتیار اپنے پس عرض کی صحابہ نے یا رسول اللہ مقرر کر دیجئے ہمارے لئے بھی ایک ذات انواط جیسا کہ مشرکوں کا ایک ذات انواط ہے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تو ویسی بات ہوئی جیسے موسی کی قوم نے کہا اجعل لنا الھا یعنے نادانی سے ہمارے لئے ایک معبود جیسے بت پرستوں کے لئے ہیں ایک معبود قسم ہے اس ذات کی کہ میری جان اوسکے ہاتھ میں ہے تم ضرور مرتکب ہوگے اپنے اگلوں کے افعال کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو واقد لیثی کا نام حارث بن عوف ہے اس باب میں ابی سعید اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے **مترجم** ذات انواط ایک درخت تھا جہاں کفار اوجھڑ لٹکاتے معلوم ہوا سوال صحابہ کا ایسے چیز کے لئے جسمیں مشابہت ہو مشرکین کی اور فرمایا یہ تو تمکو مرتکب ہوگے تم افعال امم سابقہ کے اور متبع ہوگے انکی عادات کے ویسا ہی ہوا کہ اس خرد زمان میں محافل علماء سو کے مثل محافل یہود کے ہیں اور محافل شاکنان بمقبرین کے مثل محافل نصاری کے اور عقاید اور اعمال انکے طابق النعل بالنعل مثل الملتاب کے ہوگئے ہیں اور شادی اور بیاہ میں اور موت و

وغیرہ میں ہزار انکار رسمین یہود و نصاری کی مسلمانوں نے اختیار کر لین ہین انا للہ و انا الیہ راجعون اور تفصیل اسکی دراز ہے کہ یہہ ترجمہ مختصر محل اسکا نہین **باب** ما جاء فی کلام السباع باب درندون کے کلام کے بیانمین **عن** ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ لا تقوم الساعۃ حتی تکلم السباع الانس وحتی تکلم الرجل عذبۃ سوطہ وشراک نعلہ وتخبرہ فخذہ بما احدثت اھلہ بعدہ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اُس پروردگار کی کہ میری بقائی روح جسکے قبضہ مین ہے قیامت قایم نہوگی جبتک کہ بات نکرین درندے آدمیون سے اور جبتک کہ کلام کرے مردسی ہیذنا اُسکی کوڑیکا اور تسمہ اُسکی نعل کا اور خبر دیگی ران اُسکی اُس شخص کا مرسے کہ کیا اُسکی بیوی نے اُسکی بیخبری اُسکی غیبت مین **ف** اسباب ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر قاسم بن فضل کے روایت سے اور قاسم بن فضل ثقہ ہین مامون ہین اہل حدیث کے نزدیک اور ثقہ کہا اُنکو یحیی بن سعید اور عبدالرحمن بن مہدی نے **باب** ما جاء فی انشقاق القمر باب چاند کے شق ہونیکے بیانمین **عن** ابن عمر قال انفلق القمر علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشھدوا **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہا اُنہون نے پھٹ گیا چاند رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے گواہ رہو **ف** اسباب ابن مسعود اور انس اور جبیر بن مطعم سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** چاند کا پھٹنا قیامت کی نشانی بہی ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ بہی تفصیل اسکے یہ ہے کہ انس بن مالک سے مروی ہے کہ اہل مکہ نے سوال کیا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ ہمکو کوئی معجزہ دکہا دیجئے پس دکہایا آپنے انکو پھٹنا چاند کا یہانتک کہ دیکہا اُنہون نے حرا کو اسکے جھمن اور قتادہ سے مروی ہے کہ دکہایا اُنکو شق القمر دو بار اور ابن مسعود سے مروی ہے کہ پھٹا چاند رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک مین اور دو ٹکڑے ہوگیا ایک ٹکڑا نظر آتا تہا جبل پر اور ایک ٹکڑا اُس سے نیچے پہر فرمایا آنحضرت نے گواہ رہو عبداللہ سے مروی ہے کہ یہہ ماجرا مکہ مین ہوا اور مروی ہے کہ قریش نے یوچہا مسافروں سے اس گمان پر کہ شاید محمد نے ہم پر جادو کر دیا ہو پہر مسافروں نے کہا ہمنے بہی چاند پھٹتے دیکہا پہر پہر آیتین اُتریں اقتربت الساعۃ وانشق القمر مین پھٹنا چاند کا مقدمہ ہے قیامت کا کہ اس سے ثابت ہوا کہ خرق والتیام اجرام علویہ مین جایز ہے اس نظر سے یہہ نشانی قیامت کی ہے اور چونکہ کفار نے فرمایش کی تہی معجزہ کی اور اُسکے لیے اسکا ظہور ہوا اور آپنے فرمایا بہی کہ گواہ رہو اس نظر سے معجزہ ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اور ہزارون درجہ یہہ معجزہ بڑہکر ہوا دریا نیل کے شق ہونے سے اسلیے کہ اول تو دریا کا پھٹنا چندان خلاف عادت نہین ہے دوسرے خرق والتیام اجزای ارضیہ چندان مستبعد نہین بخلاف اجرام علویہ کے وذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم **باب** فی الخسف باب خسف کی بیانمین **عن** حذیفۃ بن اسید قال اشرف علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من غرفۃ ونحن نتذاکر الساعۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقوم الساعۃ حتی تروا عشر ایات طلوع الشمس من مغربہا والدجال والدابۃ ویاجوج ومأجوج ونزول عیسی ابن مریم والدخان وثلاثۃ خسوف خسف بالمشرق وخسف بالمغرب وخسف بجزیرۃ العرب ونار تخرج من قعر عدن ترحل الناس او تحشرہم تبیت معہم حیث باتوا وتقیل معہم حیث قالوا **ترجمہ** روایت ہے حذیفہ بن اسید سے کہا ہمنکو ہم پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے غرفہ سے اور ہم آپسمین چرچا کر رہے تہے قیامت کا سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت قایم نہوگی جبتک نہ دیکہوگے تم اُسسے پیشتر دس نشانیان اول نکلنا آفتاب کا مغرب سے دوسرے یاجوج و ماجوج تیسرے نکلنا دابۃ الارض کا اور تین جگہہ زمین کا دہنسنا ایک مشرق مین دوسرا مغرب مین تیسرا جزیرہ عرب مین اور یہہ تینون نشانیان مدینہ مین ساتوین نکلنا ایک آگ کا عدن کے جڑسے کہ ہانکی گی آدمیونکو یا فرمایا جمع کریگی لوگونکو یعنے ملک شام مین شب کو ٹہیریگی اُنکے ساتہ جب وہ ٹہیرینگے اور دوپہر کو ٹہیریگی اُنکے ساتہ جب وہ قیلولہ کرینگے **ف** روایت کی ہے محمد بن عیلان نے اُنہون نے وکیع سے اُنہون نے سفیان سے مانند اسکے اور بڑہائی اُسمین ہڈیون چیز دخان یعنے دہوان روایت کی ہے مثل اُنہون نے ابوالاحوص سے اُنہون نے فرات قزاز سے جیسے حدیث وکیع کی ہے سفیان سے روایت کی ہے محمد بن عیلان نے اُنہون نے ابوداؤد طیالسی سے اُنہون نے شعبہ سے اور مسعودی سے دونون نے سنا فرات قزاز سے مثل حدیث عبدالرحمن کے جو مروی ہے سفیان سے اُنہون نے روایت کی ہے ہی فرات سے اور زیادہ کی اُسمین نوین نشانی دجال کا ظاہر ہونا اور ذکر کیا دخان کا بہی روایت کی ہے ہمسے ابوموسی نے اُنہون نے ابوالنعمان سے اُنہون نے شعبہ سے انہون نے فرات سی ابوداؤد کی روایت کے مانند جو مروی ہے شعبہ سے اور زیادہ کی اُسمین دسوین چیز ہوا کہ اُڑا کر پھینکدیگی اُسکو دریا مین یا اُترنا عیسے بن مریم کا فقط اسباب علی اور ابی ہریرہ اور ام سلمہ اور حفصہ

فتنہ دجال کا ظاہر ہونا

دجال کے شق ہونیکا بیان

زمین دھنسنے کا بیان

سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** صَفِيَّةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْتَهِي النَّاسُ عَنْ غَزْوِ هٰذَا الْبَيْتِ حَتّٰى يَغْزُوَ جَيْشٌ حَتّٰى إِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ أَوْ بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ وَلَمْ يَنْجُ أَوْسَطُهُمْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَنْ كَرِهَ مِنْهُمْ قَالَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ عَلٰى مَا فِي أَنْفُسِهِمْ **ترجمہ** روایت ہے صفیہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے باز نہ رہینگے لوگ لڑنے سے اس گھر میں یہانتک کہ آویگا ایک لشکر اور جب پہونچیگا بیدا میں یا یہ فرمایا کہ پہونچی زمین بیدا میں دھنس جاویگا اسکا اول آخر اور نہ بچیگا اسکا بیچ یعنے سب ہلاک ہوینگے عرض کی میں نے یا رسول اللہ جو زبردستی لے جاتا ہے انمیں سے انکے فعلوں کو فرمایا اپنے اٹھا دیگا اللہ تعالے انکو اپنے احوال پر جو انکے دلوں میں ہے یعنے وہاں نیک و بد ممتاز ہوینگے مگر یہاں سب ہلاک ہونگے **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے **عن** عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ فِي آخِرِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ خَسْفٌ وَمَسْخٌ وَقَذْفٌ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَنَهْلِكُ وَفِينَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ إِذَا ظَهَرَ الْخُبْثُ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہوگا آخر میں اس امت کی زمین کا دھنسنا اور صورتکا بدلنا اور پتھروں کا آسمان سے برسنا کہا انہوں نے عرض کی ہمنے یا رسول اللہ کیا ہم ہلاک ہوجاوینگے باوجود اسکے کہ ہم میں صالحین ہوں فرمایا آپنے ہاں جبکہ غالب ہوجائے خباثت یعنی فسق و فجور **ف** یہ حدیث غریب ہے حضرت عائشہ کے روایت سے نہیں جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے اور عبد اللہ بن عمر میں کلام کیا ہے یحیے بن سعید نے انکی حافظہ کی طرف سے **مترجم** ابن مردویہ نے ابن عباس سے روایت کیا ہے کہ ہمیشہ جاری رہیگا آفتاب کا نکلنا مطلع سے اور جانا مغرب کو یہانتک کہ وہ وقت آوے جو اللہ تعالے نے مقرر کیا ہے اپنے بندوں کی توبہ کے لئے پس اجازت چاہیگا آفتاب کہ کہاں سے طلوع کرے اور اسیطرح چاند اذن مانگیگا کہ کہاں سے نکلے سو اذن نہ ملیگا انمیں سے کسیکو اور محبوس رہیگا آفتاب تین شب اور چاند دو شب اور نہ پہچانینگے مقدار حبس کو مگر تھوڑے لوگ بقیۃ الارض حاملان قرآن کہ پڑھلیگا ہر شخص ورد اپنا پہر دیکھیگا کہ رات ہے یا دن اپنے حال پر ہے اور نہ معلوم ہوگا مقدار راتکا مگر حاملان قرآن عظیم الشان کو اور پکاریگا بعض انکا بعض کو اور جمع ہوجاوینگے مسجد دمین اور کامین گے بقیہ شب آہ و زاری تضرع و بکا میں بعد اسکے بھیجیگا اللہ جل جلالہ جبرئیل کو سورج اور چاند کیطرف اور کہینگے وہ کہ امر فرماتا ہے تمکو پروردگار تمہارا کہ تم دونوں لوٹ جاؤ اپنے مغارب کیطرف اور طلوع کرو وہاں سے اور نہیں ہے آج مہمات کے ساری درگاہ میں تمہارا دخل تک سو رہو دنے لگینگے سورج اور چاند قیامت کے خوف سے اور اپنی موت کی ڈر سے اور لوٹکر طلوع کرینگے دونوں مغرب سے سو اسی حالمیں کہ لوگ تضرع و زاری کر رہے ہونگے اللہ تعالے کیطرف اور غافل اپنے نشہ غفلت میں مست ہونگے کہ یکبارگی آواز آویگی باری تعالے شانہ کیطرف سے کہ آگاہ ہو دروازہ توبہ کا بند ہوگیا اور مہر و ماہ نی مغرب سے طلوع کیا سو لوگ دیکھینگے انمیں دونوں کو کہ وہ دونوں علم کی مانند ہیں کہ نہ انمیں روشنی ہے اور نہ آفتاب سی نی تپش دیتا ہے اللہ تعالے اپنے قول مبارک میں **وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ** یعنے اکٹھا کئے گئے مہر و ماہ اور علم خرچی ہے اونٹ پر لادینگے یا گٹھڑی کپڑوں کے سو بلند ہونگے وہ دونوں مانند دو اونٹوں کے کہ نزاع کرتا ہے ہر ایک دوسرے سے اور چاہتا ہے ہر ایک کہ میں آگے بڑھ جاؤں اسوقت فریاد کرنے لگینگے دنیا کے لوگ اور غافل ہوجائینگے کہ ایمیں اپنی اولاد سے اور گر پڑینگے حمل اور صالحون اور ابرار کو نفع دیگر رونا اور لکھی جاویگی انکی عبادت مگر ظالمون اور فاجرون کے رونے سے کچھ فائدہ نہ ہوگا اور لکھی جاویگی انہ حسرت و ندامت اور جب یہہ دونوں مہر و ماہ ناف آسمان میں ہونگے جبرئیل آکر ان دونکے قرون پکڑ کر مغرب کیطرف لوٹا دینگے اور شرق کو جانے نہ دینگے بلکہ مغرب ہی میں لوٹ کر ڈوب جاوینگے جہان دروازہ ہے توبہ کا خمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ دروازہ توبہ کا کیسا ہے فرمایا آپنے اسی عمر بھر پیدا کیا اللہ تعالے نے ایک دروازہ توبہ کے لئے مغرب کے پیچھے اور وہ جنت کے دروازوں میں سے ہے اسکے دو پٹ ہیں سونے کے مکلل جواہر سے اس دونوں پٹوں میں چالیس برس کی راہ کی سوار تیز رو کے لئے اور یہ دروازہ کھلا ہوا ہے جب سے کہ خداوند تعالے نے اپنی مخلوق کو پیدا کیا ہے اور کھلا رہیگا اس شب کے صبح تک کہ شمس قمر مغرب سے طلوع کرینگے اور توبہ کسی کی کسی بندے خدا کے بندوں میں سے توبہ نصوح آدم علیہ السلام کے زمانہ سے اسدن تلک مگر یہ کہ توبہ اتی ہے اسی دروازہ سے اور یہہ چیز ہے باری تعالے شانہ کیطرف پوچھا معاذ بن جبل نے اے رسول اللہ کے کیا ہے توبہ نصوح فرمایا ندم ہوتا ہے بندہ اپنے کئے پر اور جانکنستہ ہے اللہ تعالے کیطرف اور پھر نہیں لوٹتا گناہ کی جیسے دودھ پستان سے نکلکر پھر عود نہیں کرتا اسکی طرف پس ڈوبا دینگے جبرئیل ان دونوں کو اس دروازہ میں پھر بند کر دیے جاوینگے وہ دونوں پٹ اور ملجاوینگے وہ دونوں ایسے کہ گویا کبھی انمیں شگاف و دراڑ نہ تھی اور جب دروازہ توبہ کا بند ہوگا قبول نہ ہوگی کسی بندے کی توبہ اسکے بعد اور فائدہ نہ دیگا اسے اوئی حسنہ مگر وہ حسنہ کہ اس سے پہلے کیا ہے کہ وہ جاری رہیگا انکے لئے بعد اسکے جیسا کہ جاری تھا قبل اسکے اور

ابن مردویہ کی روایت سے مغرب

توبہ کے دروازہ کا بیان

اور اسی طرف اشارہ ہی اللہ تعالے کے اس قول مین یَوْمَ یَاْتِیْ بَعْضُ اٰیٰتِ رَبِّکَ الْاٰیَۃَ پھر عرض کی ابی بن کعب نے اے رسول اللہ تعالے کی تیرے اوپر ماں باپ فدا ہون آپ پر کیا معاملہ ہوگا اسکی بعد سورج اور چاند سے اور کیا حال ہوگا آدمیونکا اور دنیا کا اسکے بعد فرمایا آپنے اسی آئی پہنایا جاویگا شمس و قمر کو اسکے بعد جامۂ نور ضیا اور پھر طلوع کرینگے آدمیون پر اور ظاہر ہونگے جیسا کہ اس سے پیشتر تھے لیکن لوگ جب اس آیہ کبریٰ کو دیکھ لینگے اور عظمت اسکی مشاہدہ کرلینگے پھر مشغول ہونگے دنیا مین اور آباد کرینگے اسکو اور جاری کرینگے اسمین نہرین اور لگائینگے اسمین درخت اور بناوینگے اسمین مکان لیکن عمر دنیا کی ایسی ہوگی بعد طلوع شمس کے مغرب سے کہ اگر چنیگی کسی گھوڑی تو وہ بچہ سواری کے لایق نہ ہوگا کہ صور پھونکا جاویگا اتنے اور ابن ابی شیبہ نی ابن عمر سے روایت کیا ہی کہ اشرار بعد اخیار کے اکیسو بیس سال تک ہین یعنے بعد طلوع آفتاب کے مغرب سے کہ وہ زمانہ اشرار کا ہے اکیسو بیس سال تک عمر دنیا ہے اور روایات اس باب مین مختلف ہین وجہ تطبیق یہ ہے کہ باعتبار بقائی مؤمنین مدت قلیل ہے اور باعتبار بقائی کفار و اشرار یکصد و بست سال اور دابۃ الارض ایک مخلوق ہے اللہ تعالے کے مخلوقات عجیبہ سے کہ ابن زبیر سے مروی ہے کہ انہون نے وصف کیا اسکا اسطرح پر کہ سر اسکا گائی کا سا ہے اور چشم خوک کی سی اور کان فیل کے اور سینگ بز کوہی کے اور گردن شتر مرغ کی اور سینہ شیر کا اور رنگ پلنگ کا اور کمر بلی کی اور دم بکری کی اور پیر اونٹ کے اور ابن عباس سے مروی ہے کہ گردن اسکی دراز ہے کہ نہ پہنچیگا اسکو جو کہ مشرق مین ہے جیسا کہ دیکھتا ہی اسے جو کہ مغرب مین ہے اور اسکا مونہہ ہے مثل انسان کے مونہہ کے اور چونچ ہے یعنے بشم و پر کہتا ہے اور ہر رنگ مین موجود ہے اور اسکے چار پر ہین اور حذیفہ نے کہا لن یدرک کہا طالب والا فیوتہا ہارب یعنے پاویگا اسے ڈھونڈنے والا یعنے بسبب تیزروی کی اور نہ بھاگ سکیگا اس سے کوئی بھاگنے والا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہا کہ لوگون کو گمان ہے کہ دابۃ الارض آپ ہی ہین انہونے فرمایا کہ والله دابہ کو چوہی کو چک رزد ہونگے اور مجھے رزد غضب نہین اور اسے سم ہونگے نتھنے ہم نہین اور نکلیگا اسپ تیزرو کے مانند تین ہاتھ اور ابھی ثلث بھی اسکے باہر آئی ہونگے اور عمرو بن عاص سے مروی ہے کہ سر اسکا آسمان مین لگیگا اور ہاتھ اسکے ہونگے یہ اسکے زمین سے اور ابن عمر نے کہا وہ نکلیگا دوڑتے گھوڑی کی مانند تین دن تک اور ابھی اسکا ایک ثلث بھی نہ نکلا ہوگا یعنے تین دن کے عرصہ مین اور ابو ہریرہ نے کہا مابین فرسخ للراکب المجد یعنے درمیان دونون شانہ اسکے فاصلہ ہے ایک فرسخ کا سوار تیز رو کے لیے اور یہ بعد قدر ہے مصور حقیقی کی کہ کیونکر تصویر کی اسکی اور نقش طرازی اور اعجوبہ کاری ہے اس بیچارہ شانہ کی کہ کیونکر تقدیر کی اسکی فتبارک اللہ احسن الخالقین اور نکلنا اسکا سوا روز ہوا ہے کہ خروج اسکا عام مین تین بار ہوگا ایک بار اقصاے بادیہ مین اور ایک روایت مین منتہای یمن مین اور دوسرا خلل نہوگا ذکر اسکا قریہ مین یعنے مکہ مین پھر چھپا رہیگا زمانہ دراز تک پھر دوبارہ نکلیگا اول سے کہ اور پھر نکلیگا ذکر اسکا اہل بادیہ مین اور آئیگی خبر اسکی مکہ مین پھر تیسری بار نکلیگا اسی وقت مین کہ لوگ مجتمع ہونگے افضل مساجد مین اور مراد اس سے مسجد الحرام ہے اور نہ ڈرا دیگا اسکو مگر یہ کہ وہ چرتا ہوگا رکن و مقام مین اور جھاڑتا ہوگا اپنے سر پر خاک اور بدکا ہوا جاوینگے اس سے لوگ ایسا ہی مروی ہوا ہے ابن عباس اور حذیفہ سے اور حذیفہ کی روایت کے بعض طرق صحیح مین اور ابن عباس نے کہا کہ نہ بار آویگا دابہ بعض اوقات تہامہ سے اور ابن عمر نے بحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ فرمایا آپنے مین دیکھتا ہون اس جگہ کو کہ نکلیگا جہان سے دابہ اور وہ جگہ شگافتہ ہوگی صفا کا اور ابن عمر نے کہا کہ خروج اسکا صفا سے ہوگا مثنی کی شب مین اور صبح کرینگے لوگ اسکے سرا اور دم کے بیچ مین اور نہ پہلیگا کوئی پہنچنے والا اور نہ باہر آویگا اسسے کوئی تا آنیز الا یہانتک کہ فارغ ہوگا اس کلام سے کہ یکہ فرمایا ہے اسکا اکملا لکم دینکم یعنے ہلاک ہوگا ہلاک ہونیوالا اور نجات پاویگا نجات پانیوالا اور اول قدم جو رکھیگا وہ مطاکیہ مین رکھیگا اور رسالہ خبیرہ مین ہے کہ طلوع شمس مغرب سے جب ہوگا اسی دن کو وہ خلق زلزلہ سے پھٹ جاویگا اور دابۃ الارض نکلیگا اور ایک ساعت مین اسکے حصے موسی اور دوسرے مین تمام سلیمان ہوگی سیر کریگا تمام شہر و زمین کمال سرعت سے اور نشان کریگا عصاے موسی علیہ السلام سے مؤمن کی پیشانی پر اور ایک خط نورانی کھینچیگا کہ تمام چہرہ اسکا نورانی ہوجائیگا اور کافر کے ناک پر یا گردن پر مہر کردیگا سلیمان علیہ السلام کی کہ سارا چہرہ اسکا ظلمانی اور بکدر ہوجاویگا اتنے اور دخان کی تفصیل یہ ہے کہ ایک دھوان آسمان سے ظاہر ہوگا اور زمین پر آئیگا اور مومنونکو اس سے زکام ہوجاویگا اور تشنگی دماغ اور کدورت حواس کی لاحق ہوگی اور منافقون اور کافرونکو سہوتی آجاوینگی اور بعضے کیزار اور بعضے دو زار اور بعضے تین روز مین افاقہ پائینگے اور وہ دھوان چالیس روز تک رہیگا بعد اسکے آسمان صاف ہوجاویگا کذا فی الرسالۃ القشیریۃ اور احمد و مسلم نی ابن عمر سے روایت کیے ہے کہ بھیجیگا اللہ تعالی عیسے علیہ السلام کے موت کے بعد ایک ہوای سرد شام کی طرف سے روئی زمین پر کہ جسکے دلمین ایک ذرہ بھی ایمان ہوگا اسکی روح قبض ہوجاویگی یہانتک کہ اگر کوئی پہاڑ کے جگر مین گھس جاویگا وہان بھی وہ ہوا پہونچیگی اور اسکی

فصل دابۃ الارض کے بیان

فصل دخان کے بیان

فصل دجال اور اسکے خروج کے بیان

روح قبض کرلیگی اور باقی رہ جاوینگے لوگ بدترین خلق کے چڑیوں اور درندوں کی عقل والی نیکی کو پہچانینگے نہ برائی سے انکار کرینگی ورتمثل موتگی انکی آگی شیطان اور کہینگے تم قبول نہیں کرتی وہ کہینگے کیا حکم کرتے ہو تم پس سکہاوینگے وہ انہین عبادت بتوں کی اور بت پرستی کرینگے اور رزق دیا جاویگا انہین اس حالمین بہت اور عیش خوش کہ ناگاہ صور پہونکی گا انتہے اور روایت حذیفہ بن اسید کی جو ابتدا بابمین مذکور ہے اصحاب ستہ نے روایت کی سوا بخاری کے صاحب اشاعہ نے کہا ہی کہ یہ تینون خسف واقع ہوچکے چنانچہ سلیمان بن عبدالملک کے عہد مین ابن ہبیرہ نے انہین لکہا کہ بخارا مین صبح کے وقت ایک آواز عظیم آسمان سے آئی اور ایک صوت مہیب مثل رعد کے مسموع ہوئی کہ اس سے حاملہ عورتونکے حمل گرگئے جب نظر کی تو آسمانمین ایک شگاف عظیم تہا اور اسمین بڑے بڑے قدوقامت کے لوگ اتری کہ سر انکے آسمانمین تہی اور پیر زمین مین اور انہین ایک کہنی والا کہتا تہا ای اہل زمین عبرت پکڑو اوای اہل آسمان ڈرو کہ یہ صفوائیل فرشتہ ہے کہ فرمانی کی اسنے خداوند تعالی شانہ کی اور معذب ہوا جب روز روشن ہوا لوگ اس جگہہ جمع ہوئے کیا دیکہتے ہین کہ وہان ایک خسف عظیم ہے کہ اسکو قرار نہین ہی اور اس سے سیاہ دہوان نکل رہا ہی قاضی بخارا نے اس واقعہ کو چالیس شخصون کی گواہی سے پایۂ ثبوت کو پہونچایا صاحب اشاعہ نے کہا ہی کہ اس قصہ مین نظر ہی اسلئے کہ اللہ تعالے فرماتا ہی لَا یَعْصُوْنَ اللّٰہَ مَآ اَمَرَھُمْ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ مگر یہ ہوسکتا ہی کہ جسطرح مستثنی ہین ملائکہ سے ہاروت وماروت اسیطرح جاوے کہ یہہ بہی ہوا اور اللہ تعالے ہر شی پر قادر ہی اور یہ بہی ہوسکتا ہی کہ قول اللہ تعالے کا باعتبار غالب واکثر ملائکہ کے ہونا باعتبار ہر ہر فرد کے ملائکہ سے واللہ اعلم اور سنہ ۶۰۰ سو آٹہہ ہجری مین تیرہ ۱۳ دیہہ خسف ہوگئی مغرب مین اور سنہ ۶۳۳ سو چونتیس مین ماہ شعبان مین غرناطہ مین زلزلہ واقع ہوا کہ اس سے اماکن اور بہت جگہہ خسف ہوگئین اور بعض قلاع منہدم ہوئے اور سنہ ۸۴۴ ہجری مین بلدہ ری اور اسکی نواحی مین زلزلہ عظیم واقع ہوا کہ پہاڑہ سوقریہ اس سے خسف ہوگئی اور نقصان اسکا حلوان تک پہونچا اور اکثر لوگ حلوان کے بہی خسف ہوگئی اور زمین نی مردونکی ٹہریان باہر پھینکدین اور مقام خسف سی چشمے پانی کے جاری ہوئے اور بلدہ طالقان تمام خسف ہوگیا قریب تینتیس آدمیون کے اس سے نجات پائی اور پہٹ گیا رئی مین ایک پہاڑ اور معلق ہوا ایک قریہ آسمان و زمین مین معہ اہل قریہ دو پہر کے وقت اور خسف ہوگیا اور زمین پہٹ گئی اور اس سے پانی بہنے لگا بدبودار اور دہوان نکلنی لگا ہیت کذا نقلہ السیوطی عن ابن الجوزی اور سنہ ۵۹۹ پانسو ستانوی ہجری مین ایک قریہ نواحی بصرہ سی خسف ہوا اور سنہ ۶۳۳ پانسو تینتیس مین بلدہ بحیرہ خسف ہوا اور اس جگہہ کا پانی ہوگیا صاحب اشاعہ نی کہا کہ اسکے بعد ہمارے زمانہ مین نواحی آذربیجان کے دیہات خسف ہوئے جو دیا عجم سی تہی انتہی اور نار کی تفصیل یہ ہے کہ تکلیگی وہ نار قریہ عدن مین سے چنانچہ ایک روایت مین من قعر عدن ابین وارد ہوا ہے اور ابین بروزن خمر نام ہے اس بادشاہ کا جسکے اسی بادکیا ہی اور کہینچ لیجاویگی لوگون کو محشر مین مادہ محشر سے زمین شام ہے کہ اسے احشر مقدس ہی کہتے ہین اور مراد اس سے دو زمین ہی جو درمیان فرات اور بحر قازم کے واقع ہوئی ہی طولمین اور ساحل بحر عمان سے بحر اسود تک عرض مین اور کیفیت اسکے دہکنے کی لوگون کو خود حدیث مین مذکور ہے اور دجال اور یاجوج وماجوج کا حال کسکے مذکور ہے اجمالی اشارت

**باب** مَا جَآءَ فِیْ طُلُوْعِ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِھَا باب مغرب سے آفتاب طلوع ہونیکے بیانمین **عن** اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ حِیْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فَقَالَ یَا اَبَا ذَرٍّ اَتَدْرِیْ اَیْنَ تَذْھَبُ ھٰذِہٖ قَالَ قُلْتُ اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّھَا تَذْھَبُ لِتَسْتَاْذِنَ فِی السُّجُوْدِ فَیُؤْذَنُ لَھَا وَکَاَنَّھَا قَدْ قِیْلَ لَھَا اِطْلُعِیْ مِنْ حَیْثُ جِئْتِ فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِھَا قَالَ ثُمَّ قَرَأَ وَذٰلِکَ مُسْتَقَرٌّ لَّھَا وَقَالَ ذٰلِکَ قِرَاءَۃُ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی ذر سی کہا داخل ہوا مین مسجد مین جبکہ ڈوب گیا آفتاب اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیٹہے ہوئے تہے یہ فرمایا آپنی ای اباذر جانتا ہی تو کہ کہان گیا یہہ آفتاب کہا راوی نے عرض کی مین نے کہ اللہ اور رسول خوب جانتا ہی فرمایا آپنے وہ جاتا ہی تاکہ اجازت مانگے سجدہ کی سو اجازت ملتی ہے اسکو اور گویا کہ اسکو حکم ہوتا ہے یہہ طلوع کر جہان سے آیا تو پس طلوع کریگا وہ مغرب سے کہا راوی نے پہر پڑہی آپنے یہ آیت وذلک مستقر لہا اور کہا راوی نے یہی ہی قرأت عبداللہ بن مسعود کی **ف** اسبابمین صفوان بن عسال اور حذیفہ بن اسید اور ابی موسی سی یہی روایت ہے یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **منہ** **ترجمہ** تفصیل اسکی اوپر خوب مذکور ہوئی **باب** مَا جَآءَ فِیْ خُرُوْجِ یَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ باب یاجوج وماجوج کے بیانمین **عن** زَیْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ قَالَتْ اِسْتَیْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ نَوْمٍ مُحْمَرًّا وَجْھُہٗ وَھُوَ یَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یُرَدِّدُھَا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَیْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْیَوْمَ مِنْ رَدْمِ یَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مِثْلُ ھٰذِہٖ وَعَقَدَ عَشْرًا قَالَتْ زَیْنَبُ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَفَنَھْلِکُ وَفِیْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ اِذَا کَثُرَ الْخَبَثُ **ترجمہ** روایت ہے زینب بنت جحش سے کہا جاگی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم خواب سے کہ سرخ تہا چہرہ مبارک آپکا اور فرماتے

تبھی آپ تین تین بار لا الٰہ الا اللہ خرابی ہے عرب کے اُس شر سے جو قریب ہو گیا ہی اور تفصیل اُسکی یہ ہے کہ کھل گیا آج کی دن ایک سوراخ یاجوج اور ماجوج کی دیوار مین مثل اسکے اور عقد کیا آپنے دس کا یعنے دائرہ بنایا کلمہ شہادت کی اُنگلی اور انگوٹھی سے کہا زینب نے عرض کی مین نے یا رسول اللہ کیا ہم ہلاک ہو جائینگے اور ہمارے درمیان صالحین ہونگے آپنے فرمایا ہان جب زیادہ ہو جائیگی خباثت یعنی فسق و فجور ف یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہے جید کہا سفیان نے اس حدیث کو اور کہا حمید نے کہ کہا سفیان نے یاد کیا مین نے اس اسناد مین زہری سے جا عورتونکو زینب بنت ابی سلمہ کو کہ وہ راویہ ہین حبیبہ سے اور یہہ دونون زینبین ربیبہ ہین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی اور روایت کرتی ہین حبیبہ ام حبیبہ سے وہ زینب بنت جحش سے کہ دونون حبیبان ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور روایت کیے معمر نے بھی حدیث زہری سے اور نہین ذکر کیا حبیبہ کا **مترجم** یاجوج و ماجوج اولاد یسی ہین حضرت نوح علیہ السلام کی بقول صحیح چنانچہ ابوہریرہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ مٹی نوح علیہ السلام کے تین بیٹے سام و حام و یافث پس اولاد سام کی عرب اور فارس اور روم اور اولاد حام کی قبط اور بربر اور سودان اور اولاد یافث بن نوح کی یاجوج و ماجوج و ترک و صقالبہ رسالہ حشریہ مین ہے کہ ملک اُنکا اقصای بلاد شمالیہ مین ہے ہفت اقلیم سے باہر اور جانب شمال اُنکے دریای شور ہی کہ بانی اُسکا بسبب شدت برودی ایسا غلیظ ہی کہ گذار کشتی کا دشوار ہے اور جانب مین شرق و غرب کے دو کوہ عظیم ایسی واقع ہین کہ چڑھنا اُنپر ممکن نہین اور چڑہین اُنکی پانی مین ہین اور جنوب کیطرف وہ دونون پہاڑ آہستہ آہستہ قریب ہوتی جاتی ہین کہ درمیان اُنکے فاصلہ قلیل رہگیا ہی اسکندر ذوالقرنین نے اُسی فاصلہ پر دیوار آہنی بنائی ہے جو بہ سد سکندری معروف ہے بلندی اُسکی قلہ کوہ کی برابر ہے اور عرض اُسکا ساٹھہ گز ہے اور وہ خلیفت ہمیشہ اُسی کہوہ مین ہین مگر باریتعالی شب کو بہ درست فرو تیا ہی آنحضرت صلعم کی برابر مین دو انگشت کی حلقہ کے برابر سوراخ ہو گیا تہا جیسا کہ اوپر گذرا اور وہ تین قسم مین ایک قسم مانند درخت صنوبر کے بلند بالا دوسرے چار بالشت طول و عرض مین ہیں تیسرے اپنا ایک کان بچھاتی ایا اوڑھتے ہین اور قتادہ سے مروی ہی کہ یاجوج و ماجوج بائیس قبیلہ ہین ذوالقرنین نے اکیس پر سد بنائی ہی اور ایک قبیلہ کہ غائب تہا اور جہاد کو گیا تہا وہ باہر رہگیا اور وہی ترک ہین روایت کیا اسکو ابن ابی حاتم نے اور کثیر الاولاد ایسے کہ کوئی نہین مرتا اُنمین سے جب تک کہ نہین دیکھہ لیتا اپنی ہزار فرزند صلبی اور نہایت کثیر الجماع ہین چنانچہ ابن مردویہ اور ابن ابی حاتم نے روایت کیا کہ یاجوج و ماجوج کے عورتین ہین اور وہ جماع کرتی ہین جب چاہتی ہین بلکہ وہ مانند درخت کے کہ پھل لاتے ہین جب چاہتے ہین اور جتنا چاہتے ہین انتہی اور ابن ابی حاتم نے عبداللہ بن عمر سے روایت کیے ہے کہ کہا اُنہون نے الجن و الانس عشرۃ اجزاء فتسعۃ اجزاء یاجوج و ماجوج و جزء سائر الناس یعنے جن و انس سب دس حصہ ہین نو حصے اُنمین سے یاجوج و ماجوج ہین اور ایک حصہ اور سب لوگ اور جب اللہ تعالے کو منظور ہوگا نکلنا اُنکا کہینگے حاکم اُنکا شام کو کہ چھوڑ دو جو باقی ہے سد سی انشاء اللہ تعالی ہم کل پوری کہود لینگے پس انشاء اللہ کی برکت سے وہ درست ہو جائیگی اور ویسی ہی ہیگی کہ دوسرے روز جب وہ آویگے بخوبی کہود کر اپنی راہ بنا دینگے چنانچہ کیفیت اُنکی خروج کی جو بروایت نواس بن سمعان مروی ہے ایک حدیث طویل مین مفصل آگے مذکور ہے ابن عربی نے کہا ہی کہ حدیث استثنا سی تین آیات الٰہی معلوم ہوا ایک یہ کہ اللہ تعالی نے اُنکو باوصف اس قوت کے اس پر قادر نکیا کہ روزانہ برابر سد کو کہود دین اور نکل آوین دوسرے یہی قدرت نہی کہ وہ نردبان وغیرہ ہی اوپر چڑھکر دہرا اُترآوین اور بندگان الٰہی کو ضرر پہونچاوین تیسرے یہ کہ قدرت نہی اُنکو انشاء اللہ کہنی کے جب تک کہ وقت معہود نہ پہونچی حافظ ابن حجر نے کہا ہی کہ اس روایت سے یہہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ وہ اہل صناعات اور اہل ولایت و سلطنت و رعیت ہین اور اُنمین سے ایسے بھی لوگ ہین کہ خداوند تعالی کو پہچانتے ہین اور اقرار اُسکی قدرت و مشیت کا کرتے ہین اور یہہ بھی احتمال ہے کہ کلمہ انشاء اللہ اُنکی زبان سے بیاختہ نکل جاوے اگرچہ اُسکے معنے و مطلب سے واقف نہون اور برکت اس کلمہ مطہرہ کی باوجود جہالت کے بھی اپنا کام کر جاوے اور اختلاف ہے اہل لغت مین کہ اشتقاق یاجوج و ماجوج کا کس مادہ سی ہے بعضون نے کہا ہے ایجیج نار سے مشتق ہے اور اجیج التہاب اور شعلہ مارنا ہی آگ کا اور بعضون نے کہا اُجّہ سے کہ بمعنی اختلاط اور شدت گرمی کے ہے اور بعضون نے کہا اُج سے کہ تیز دوڑنیکے معنے مین اور بعضون نے کہا اجاجہ سے کہ بمعنے آب شور کی ہے اور بہ تقدیر دونون یفعول اور مفعول کے وزن پر ہین اور بعضون نے کہا وزن اُنکا فاعول ہے یجج اور مجج سے اور بعضون نے کہا وزن اُنکا فاعول ہے الماج سی بمعنی اضطراب کے فقط اور پوچھا زینب نے کہ کیا ہم ہلاک ہو جائینگے اور ہمارے درمیان صالحین ہونگے تعجب سے ہی کہ یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ باوصف صالحین نزول عذاب ہم پر ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ باعتبار کثرت کا ہے جب صالحین کے کثرت ہوتی ہے طاعون اُنکے ذیل مین عذاب سے محفوظ رہتی ہین اسیطرح جب طالحین کے کثرت ہوتی ہے صالحین اُنکے ساتھ معذب ہو جاتی ہین اور آفات دنیا مثل مخسوف و وبا و خسف و مسخ مین گرفتار

ہوجاتی ہیں پھر آخرت میں اپنی بواطن کے موافق محشور ہوتی ہیں علامت آلہی یوں ہی جاری ہے اور یہ جو فرمایا خارجی ہی عرب کے اقتطار مزید عنایت ہے ورنہ فساد خروج ہاجوج کا ساری دنیا میں منتشر ہوجائیگا اور ظاہر ہے کہ اُسوقت اسلام عرب ہی میں تنہا آپکو یہی اُنہیں کی فکر تھی ہے حجم) **باب** باجاء فی فرقۃ المارقۃ باب فرقہ خوارج کے بیان میں **عن** عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخرج فی آخر الزمان قوم احداث الاسنان سفہاء الاحلام یقرءون القرآن لا یجاوز تراقیہم یقولون من قول خیر البریۃ یمرقون من الدین کما یمرق السہم من الرمیۃ ترجمہ روایت ہے عبداللہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نکلیگی آخر زمانہ میں ایک قوم ہونگے لوگ اُنکے جوان جوان ملکی عقلوں والی پڑھینگے قرآن نیچے نہ اُتریگا اُنکی گلوں سے کہینگے بات خیر البریہ کی نکلجاوینگے دین سے جیسا کہ نکلجاتا ہی تیر شکار سی **ف** اسباب عن علی اور ابی سعید اور ابی ذر سی بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور مروی ہے اسکی سوا اور حدیثون میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے وصفاس قوم کا کہ وہ پڑھتے ہین قرآن نہین تجاوز کرتا اُنکی خبر گردن سے نکلجاتے ہین دین سے جیسا کہ نکلجاتا ہی تیر شکار سی اور حقیقت مین وہ خوارج حروریہ ہین یا اور خوارج اُنکے سوا **مسئلہ** فرقہ خارجیہ کو فرقہ مارقہ اسلئے کہتی ہین کہ حدیث مین اُنکی صفت یمرقون من الدین آئی ہے کیفیت اُنکی ظہور کی اور حقیقت اُنکی خروج کی اسطرح ہی کہ جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے جنگ صفین مین ابوموسی اور عمرو بن العاص کو حکم کیا اور بعد اسکے حضرت علی کوفہ کو اور حضرت معاویہ شام کو لوٹ گئی اور لڑائی موقوف ہوگئی اسی درمیان مین ایک جماعت قاریان قرآن کی اس حکم کرنیسے ناراض ہوئی اور معاذ اللہ حضرت علی اور حضرت معاویہ دونون کی تکفیر کرنے لگے اور حضرت علی کی رفاقت سی موڈھکر رشتہ بیعت توڑکر حروراء چلے گئے اُنکا نام ہی ایک موضع کا اور خوارج کو حروریہ کہنی کا سبب یہی ہے کہ اول اقامت اُنکی وہان ہوئی اور وہ جماعت دس ہزار سی کچھ زیادہ تھی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اُنکی طرف آدمی بھیجا اور پیغام بھیجا کہ تم لوٹ آؤ اور خلیفہ برحق سے نقص بیعت نکرو اُنہون نے نمانا اور کہا کہ ہم ڈرتے ہین فتنہ سے آخر الامر کچھ لوگ حضرت علی کی اطاعت مین آگئے اور اُس ضلالت سی تائب ہوئی اور باقیون نے بغاوت پر کمر باندھی اور کہنی لگے کہ اگر حضرت علی اور معاویہ قضیہ تحکیم کو قبول کرینگے ہم دونون سے لڑینگے غرضکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ اگر تم ان سے لڑوگے تو دس شخص بھی تم مین سے نہ بچاوینگے اور اُن مین سے نو سو ننانوے جنت پاوینگے اور بعونہ تعالی وہی ہوا کہ عند المقابلہ فتح و فیروزی نصیب اصحاب علی کرم اللہ وجہہ ہوئی اور وہ سب مقتول ہوے پھر بعد فتح آپنے فرمایا ڈھونڈو اُس شخص کو جسکی صفت بیان کی تھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور دو بار ڈھونڈا تیسرے بار مین وہ ملا اور خبر دی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرقہ مارقہ کی علامت یہ ہے کہ ہوگا اُنمین ایکمرد کہ ایک شانہ پر اُسکی ہاتھ نہین بلکہ مثل پستان ہے اور اُسپر کچھ بال ہین سفید اور جس سے مروی ہے کہ حضرت علی سے پوچھا آیا یہ کفار ہین ای امیرالمومنین فرمایا آپنے نہین یہ تو ڈر سے بہالگین مین پوچھا منافق ہین فرمایا آپنے منافق ذکر نہین کرتے خدا کا مگر تھوڑا اور یہ تو خدا کو بہت یاد کرتی ہین یعنی منافق ہی نہین پھر پوچھا کون ہین فرمایا حضرت علی سے ایک لوگ ہین کہ [illegible] کہ وہ کافر ہوگئی اشارہ اُن سے ہے کہ بقایائی حروریہ مین سی ہین قرامطہ اور باطنیہ اسمعیلیہ اور فتنہ انکا مشہور ہی ہلاک کیا اُنہون نے عباد کو تباہ کیا بلاد کو [illegible] اور خوارج کو خوارج اسلئے کہا کہ خروج کیا اُنہون نے امام برحق یعنے حضرت علی پر اور حکمیہ بھی اُنہین کہتے ہین اسلئے کہ اُنہون نے انکا کیا حکم ہونے پر [illegible] اور کہا **لا حکم الا للہ** اور شراۃ بھی اُنہین کہتی ہین اسلئے کہ اُنہون نے کہا **شرینا انفسنا فی اللہ** یعنے بیچڈالا ہمنے اپنی جانون کو [illegible] وجہ تسمیہ اور پرگذری اور اُنہون نے مفارقت کی ملت کی چھوڑدیا جماعت کو خروج کیا سلطان پر نکالی تلوار اپنی اُسپر اور حلال کیا اُنکے واسطے [illegible] فرمایا اپنی مخالف کو اور ترک کیا اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اُنکے اصحاب کو اور نسبت کی اُنکی طرف کفر کے معاذ اللہ من ذلک اور قائل نہین [illegible] حوض کے اور نہ شفاعت کے اور قائل نہین اسبات کے کہ کوئی موحد مین سے جاکر پھر نکلیگا اور کہتی ہین کہ جسنے جھوٹ بولا [illegible] یا سچ بولتے [illegible] اور بغیر توبہ کے مرگیا ہے وہ کافر ہی اور ہمیشہ دوزخ مین رہیگا اور نماز جماعت کو جائز نہین جانتے مگر اپنے امام کے پیچھے اور جائز جانتے ہین [illegible] اور روا جانتے ہین تقدیم صوم رمضان کی رویت ہلال پر اور فطر کے بھی اسیطرح اور روا جانتی ہین [illegible] اور حلال جانتے ہین متعہ کو اور بعونس فدیہ نہین کہتے اور جائز نہین کہتے موزی پر نماز پڑھنے کو اور [illegible] اور [illegible] کو اور [illegible] خلافت قریش کو اور [illegible] خوارج جزیرہ عمان اور موصل اور حضرموت اور نواحی عرب مین ہین اور اصحاب کتاب [illegible] اور [illegible] اور یحیی بن کامل اور سعید بن بازون ہین اور [illegible]

تفصیل فرقہائے مذکورہ

پندرہ گروہ ہیں نجدات کہ منسوب ہیں نجدہ بن عامر کیطرف اور واصحاب ہیں عبداللہ بن نافع کے عقیدہ انکا یہ ہے کہ جسنے ایک جھوٹ بولا یا ایک صغیرہ کا مرتکب ہوا وہ مشرک ہے اگر اسپر اصرار کیا اور اگر زنا اور چوری اور شرب خمر کا مرتکب ہوا بغیر اصرار کے تو وہ مسلم ہے اور کہتی ہیں کہ حاجت نہیں کسی امام کی فقط علم کتاب اللہ کا فی ہے اور ازارقہ کہ اصحاب ہیں نافع بن ازرق کے مذہب انکا یہ ہے کہ ہر کبیرہ کفر ہے اور تمام دنیا دار کفر ہے اور معاذ اللہ ابو موسی اور عمرو بن العاص نے کفر کیا اللہ تعالے کے ساتھ جب تحکیم کی انہوں نے حضرت علے اور معاویہ کے بچپن اور جائز جانتے ہیں قتل اولاد مشرکین کا اور حرام جانتے ہیں رجم کو اور تخویف محصن کو حد نہیں ساتھے بخلاف قاذف محصنات کے کہ اسے حد لگاتے ہیں اور فریکیہ کہ منسوب ہیں ابن فرنک کیطرف اور عطویہ کہ منسوب ہیں عطیہ بن اسود کی طرف اور نجاردہ کہ منسوب ہیں عبدالرحمن بن عجرد کیطرف اور یہ بہت فرقے ہیں اور مواقف میں کہا ہی کہ دس گروہ ہیں اور میمونیہ کہ اصحاب ہیں میمون بن عمر کے یہ سب حلال جانتے ہیں یوتیوں کیساتھ نکاح کرنیکو اور نو اسیوں اور بھتیجیوں اور بھانجیوں کیساتھ اور کہتی ہیں کہ سورہ یوسف قرآن میں داخل نہیں اور حمارمیہ کہ اصحاب ہیں حازم بن عاصم کے منفرد ہوا سکے ساتھ کہ ولایت اور عداوت دو ذاتی صفتیں ہیں باری تعالے کی ساتھ اور منشعب ہوا حازمیہ سے مغلومیہ وہ کہتی ہیں کہ جو اللہ تعالے کو بجمیع اسماء نجانی وہ جاہل ہے اور کہا انہوں نے کہ افعال عباد خلق الٰہی نہیں اور کہتی ہیں کہ قدرت اور توانائی فعل کے مقارن نہیں بلکہ اسپر مقدم ہیں اور مجہولیہ کہتے ہیں کہ جسنے بعض اسماء الٰہیہ کو جانا وہ عالم خدا ہے نہ جاہل اور صلتیہ کہ منسوب ہے عثمان بن صلت کیطرف انہوں نے دعوی کیا کہ جسنے ہمارے مذہب کو نمانا اسکے اطفال صغار کو اسلام نہیں جبتک کہ بالغ نہوں اور ہمارے دعوت مذہب کو قبول نکریں اخنسیہ کہ منسوب ہیں ایک شخص کیطرف کہ اخنس اسکا نام تھا انکا مذہب ہے کہ سید لیسوی کو زکوۃ اپنی غلام کی اور دیوی اسکو اپنی زکوۃ اگر محتاج ہو اور ظفریہ کہ حضصیہ ہے ایک طائفہ انہیں میں سے ہے کہتی ہیں کہ جسنے اللہ تعالے کو پہچانا اگرچہ منکر ہوا اسکی سوا اور چیزوں کا مثلاً رسالت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا اور جنت اور نار کا اور مرتکب ہوا تمامی جنایات کا مثل قتل نفس اور استحلال زنا وغیرہ کے پس وہ مشرک سے بری ہے اور مشرک وہی ہے کہ جو اللہ تعالے کو نجانی اور انکار کرے اسکا فقط اور عقیدہ رکھتی ہیں وہ کہ حیوان ہ قرآن میں اللہ تعالی نے اس آیت میں فرمایا ہے کَالَّذِی اسْتَهْوَتْهُ الشَّيَاطِينُ فِي الْأَرْضِ حَيْرَانَ لَهُ أَصْحَابٌ يَدْعُونَهُ إِلَى الْهُدَى الآیہ مراد اسے حضرت علی اور حزب اصحاب انکے ہیں اور مدعونہ الی الہدی اہل قرآن ہیں اور اباضیہ کہ اصحاب ہیں عبداللہ بن اباض کے انکا عقیدہ ہی کہ اللہ تعالے نے جو فرض کیا ہے اپنے بندوں پر وہ ایمان ہے اور ہر گناہ کبیرہ کفر نعمت ہے نہ کفر و شرک اور بہنسیہ کہ منسوب ہے انہی بہنس بن جارجی کیطرف متفرد ہوئیں ہیں وہ اسمیں کہ ادنے مسلمان نہیں ہوتا ہے جبتک کہ جمیع حلال و حرام سے واقف نہو جو اسکے نفس پر ہیں اور بعضے بہنسیہ قایل ہیں کہ جو مرتکب ہوا حرام کا کافر نہیں جب تک یہ نجانے کہ سلطان کے طرف جب سلطان کے طرف لیگئے اور اسپر حد قایم کے حکم کیا جاویگا اسپر کفر کا اور شمراخیہ منسوب ہیں عبداللہ بن شمراخ کیطرف وہ کہتے ہیں کہ قتل ابوین حلال ہے اور جب اسکا دعوے کیا اسنی دار التقیہ میں خوارج اس سے بیزار ہوگئے اور ایک گروہ خوارج کا بدعیہ ہیں کہ قول انکا زاذقہ کے قول کے مانند ہے مگر متفرد ہوئے ہیں وہ اسکے ساتھ کہ نماز دو رکعت ہی صبح اور شام اسلئے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ الآیۃ اور تفرق ہوئے وہ ازارقہ سے قیدزنان کفار کے جواز میں اور قتل اطفال کفار میں بقولہ تعالے لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا اور متفق ہوئی ہیں جمیع خوارج کفر پر علی رضی اللہ عنہ کی بوجہ تحکیم کے اور تکفیر مرتکب کبیرہ کے مگر نجدات کہ وہ انسی موافق نہیں اسمیں یہ تعاقب کرتے ہیں مفصلاً (غنیۃ الطالبین) فقیر کہتا ہی منشا انکی گمراہی کا اعراض کرنا ہی حدیث رسول معصوم سے اور نہ لینا قرآن کو اور نہ سمجھنا اسکو حسب تفہیم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اکتفا کرنا اپنی فہم اور بہتر جاننا اسکو اصحاب کرام کے فہم پر مکابنی علیہ السلام کے فہم سے معاذ اللہ من ذلک کا ہوا اور دیکھیگا تو ہر گمراہ کو ان مرتدین میں سے ایک ایک میں گرفتار ہوگا اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنَا مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ

**بَابُ مَا جَاءَ فِي الْأَثَرَةِ** باب اثرہ کے بیانمیں

**عَنْ** اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِسْتَعْمَلْتَ فُلَانًا وَّلَمْ تَسْتَعْمِلْنِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِيْ اَثَرَةً فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِيْ عَلَى الْحَوْضِ ترجمہ روایت ہے اسید بن حضیر سے کہ ایکمرد نے انصار میں سے عرض کی کہ یا رسول اللہ عامل کر دیا آپنے فلانی شخص کو اور مجھکو عامل نکیا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک تم دیکھوگے بعد میرے اثرۃ پس صبر کرو تم یہانتک کہ ملاقات کرو مجھسے حوض کوثر پر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِي أَثَرَةً وَأُمُورًا تُنْكِرُونَهَا قَالُوا فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ أَدُّوا إِلَيْهِمْ حُقُوقَهُمْ وَاسْأَلُوا اللّٰهَ الَّذِي لَكُمْ ترجمہ روایت ہے عبد اللہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک تم دیکھوگے بعد میرے اثرہ اور بہت سے کام کہ جنہین تم بُرا جانوگے پوچھا صحابہ نے پھر کیا حکم فرماتی ہین آپ ہمکو اُسوقت مین فرمایا آپنے دو تم حق اُنکا یعنے حاکمون کا اُنکے تئین اور مانگو اپنا حق اللہ تعالےٰ سے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی ترجم اثرۃ لغت مین مقدم کرنا ہے کسیکو کسی پر اور بیان یہ مُراد ہی کہ میرے بعد اور حاکم تمہاری اوپر غیر ذکو مقدم کرینگے مال غنیمت اور فی مین اور جو مین تمکو دیتا ہون وہ اور ذکو دینگے حالانکہ تم زیادہ تر مستحق ہوگی قولہ فرمایا دو تم حق اُنکا یعنے حکام کا جو حق ہے کہ آپنے خروج نکرنا اور اطاعت اُنکی بجالانا جبتک کہ وہ خلاف شرع حکم نکرین یہہ تم ادا کرو اور بیت المال وغیرہ مین جو تمہارا حق ہے وہ اگر مذین تو صبر کرو اور اللہ سے اُسکی جزا چاہو فقط **باب** ما اخبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم اصحابہ بما ھو کائن الی یوم القیمۃ باب قیامت تلک کی اخبار مین **عن** أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا صَلٰوةَ الْعَصْرِ بِنَهَارٍ ثُمَّ قَامَ خَطِيبًا فَلَمْ يَدَعْ شَيْئًا يَكُونُ إِلَى قِيَامِ السَّاعَةِ إِلَّا أَخْبَرَنَا بِهِ حَفِظَهُ مَنْ حَفِظَهُ وَنَسِيَهُ مَنْ نَسِيَهُ فَكَانَ فِيمَا قَالَ إِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ وَإِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيهَا فَنَاظِرٌ كَيْفَ تَعْمَلُونَ أَلَا فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ وَكَانَ فِيمَا قَالَ أَلَا لَا تَمْنَعَنَّ رَجُلًا هَيْبَةُ النَّاسِ أَنْ يَقُولَ بِحَقٍّ إِذَا عَلِمَهُ قَالَ فَبَكَى أَبُو سَعِيدٍ فَقَالَ قَدْ وَاللّٰهِ رَأَيْنَا أَشْيَاءَ فَهِبْنَا وَكَانَ فِيمَا قَالَ أَلَا إِنَّهُ يُنْصَبُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِقَدْرِ غَدْرَتِهِ وَلَا غَدْرَةَ أَعْظَمُ مِنْ غَدْرَةِ إِمَامِ عَامَّةٍ يُرْكَزُ لِوَاؤُهُ عِنْدَ اسْتِهِ وَكَانَ فِيمَا حَفِظْنَا يَوْمَئِذٍ أَلَا إِنَّ بَنِي آدَمَ خُلِقُوا عَلٰى طَبَقَاتٍ شَتّٰى فَمِنْهُمْ مَنْ يُولَدُ مُؤْمِنًا وَيَحْيَا مُؤْمِنًا وَيَمُوتُ مُؤْمِنًا وَمِنْهُمْ مَنْ يُولَدُ كَافِرًا وَيَحْيَا كَافِرًا وَيَمُوتُ كَافِرًا وَمِنْهُمْ مَنْ يُولَدُ مُؤْمِنًا وَيَحْيَا مُؤْمِنًا وَيَمُوتُ كَافِرًا وَمِنْهُمْ مَنْ يُولَدُ كَافِرًا وَيَحْيَا كَافِرًا وَيَمُوتُ مُؤْمِنًا أَلَا وَإِنَّ مِنْهُمُ الْبَطِيءَ الْغَضَبِ سَرِيعَ الْفَيْءِ وَمِنْهُمْ سَرِيعَ الْغَضَبِ سَرِيعَ الْفَيْءِ فَتِلْكَ بِتِلْكَ أَلَا وَإِنَّ مِنْهُمْ سَرِيعَ الْغَضَبِ بَطِيءَ الْفَيْءِ أَلَا وَخَيْرُهُمْ بَطِيءُ الْغَضَبِ سَرِيعُ الْفَيْءِ وَشَرُّهُمْ سَرِيعُ الْغَضَبِ بَطِيءُ الْفَيْءِ أَلَا وَإِنَّ مِنْهُمْ حَسَنَ الْقَضَاءِ حَسَنَ الطَّلَبِ وَمِنْهُمْ سَيِّئَ الْقَضَاءِ حَسَنَ الطَّلَبِ وَمِنْهُمْ حَسَنَ الْقَضَاءِ سَيِّئَ الطَّلَبِ فَتِلْكَ بِتِلْكَ أَلَا وَإِنَّ مِنْهُمُ السَّيِّئَ الْقَضَاءِ السَّيِّئَ الطَّلَبِ أَلَا وَخَيْرُهُمْ حَسَنُ الْقَضَاءِ حَسَنُ الطَّلَبِ أَلَا وَشَرُّهُمْ سَيِّئُ الْقَضَاءِ سَيِّئُ الطَّلَبِ أَلَا وَإِنَّ الْغَضَبَ جَمْرَةٌ فِي قَلْبِ ابْنِ آدَمَ أَمَا رَأَيْتُمْ إِلَى حُمْرَةِ عَيْنَيْهِ وَانْتِفَاخِ أَوْدَاجِهِ فَمَنْ أَحَسَّ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ فَلْيَلْصَقْ بِالْأَرْضِ قَالَ وَجَعَلْنَا نَلْتَفِتُ إِلَى الشَّمْسِ هَلْ بَقِيَ مِنْهَا شَيْءٌ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا إِنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا فِيمَا مَضٰى مِنْهَا إِلَّا كَمَا بَقِيَ مِنْ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيمَا مَضٰى مِنْهُ ترجمہ راوی ہے ابی سعید خدری کہتا ہے لہا نماز پڑہی ہمارے ساتہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اکیدن عصر کے یہ کہڑے ہوے ہمارے درمیان خطبہ پڑہنے کو اور نچہوڑی کوئی چیز قیام ساعۃ تک کہ خبر دی ہمکو اُسکی یاد رکہا جسنے یاد رکہا اور بہولگیا جو بہولگیا سو اُسی مین سے یہ بہی ہے کہ فرمایا بیشک دنیا ہری ہے میٹہی میٹہی اور اللہ تعالےٰ تمکو اگلونکا خلیفہ ہوالا ہی دنیا مین پہر دیکہیگا کہ تم کیا عمل کرتے ہو آگاہ ہو بچو دنیا سے اور بچو عورتون ہی اور اُسی مین سے یہ بہی ہے کہ فرمایا کہ خبردار نہ ہر کبہی کسی شخص کو ہیبت لوگون کے حق کہنے سے جبکہ وہ جان لی حق کو کہا راوی نے کہ روے ابو سعید جب روایت کرنے لگے یہ بات اور کہا قسم ہے اللہ تعالےٰ کی ہم بہت چیزونکو دیکہکر ڈر گئی اور تہا اُن مقولون سے جو حضرت نے فرمایا کہ آگاہ ہو بیشک ہر عہد شکن کے لئی ایک جہنڈا ہے قیامت کے دن اُسکی عہد شکنی کے موافق اور کوئی عہد شکنی نہین امام عام کی عہد شکنی سے بڑکر کہوس دیا جاویگا وہ جہنڈا اُس عہد شکن کے سرین کے پاس اور تہی اُن حدیثون حو ہمنے یاد رکہی اُسمین کہ فرمایا آپنے آگاہ ہو بیشک بنی آدم پیدا ہوے ہین کئی درجون پر بعضا اُنمین سے پیدا ہوتا ہی مومن اور جیتا ہے مومن اور مرتا ہی مومن اور بعضے کا پیدا ہے ایمان مین اور بعضا اُنمین پیدا ہوتا ہے کافر اور جیتا ہی کافر اور مرتا ہے کافر اور یہ سب سے زیادہ ہے کفر مین اور اُسمین سے بعضا پیدا ہوتا ہے مومن اور زندہ رہتا ہی مومن اور مرتا ہے کافر اور یہ سب سے زیادہ ہے غلبے مین اور اُنمین سے بعضا پیدا ہوتا ہی کافر اور جیتا ہی کافر اور مرتا ہے مومن اور وہ مغفور مرحوم ہے آگاہ ہو اُنمین سے بعضا شخص دیر مین غصہ کرتا ہے جلدی ملجاتا ہے اور بعضا جلدی غصہ کرتا ہے جلدی ملجاتا ہی سو یہ برابر برابر ہے اور بعضا اُنمین جلدی غصہ کرتا ہے دیر مین ملتا ہے آگاہ ہو بہتر اُنمین وہ ہی جو دیر مین غصہ کرے جلد ملے اور بدتر اُنمین وہ ہے جو جلدی غصہ کرے دیر مین ملے ترجم باقی رہی ایک صورت یعنے دیر مین غصہ کرے اور دیر مین ملے سو وہ برابر برابر ہے انتہی ماورفرمایا کہ اُنمین سے بعضا قرض جلد لوا کرتا ہے اور تقاضا سہولتا اور جلد

قیامت تلک کے اخبار کا بیان

کرتا ہی اور بعضا بُری طرح ادا کرتا ہی اور سہولت سے تقاضا کرتا ہی اور بعضا اچھی طرح ادا کرتا ہی شدت سی تقاضا کرتا ہی سو وہ برابر سر پر ہے اور آگا ہو بعضا اُنمین سے بُری طرح ادا کرنیوالا ہی اور بُری طرح تقاضا کرنیوالا اور یہ سب سے بدتر ہی کہ پاخانہ لے اور پر اپاندنی اور آگا ہو بہتر اُنمین اچھی طرح ادا کرنیوالا اور سہولت سے تقاضا کرنیوالا اور آگا ہو کہ بہتر اُنمین بُری طرح ادا کرنیوالا بُری طرح شدت سے تقاضا کرنیوالا آگا ہو کہ غضب ایک چنگاری ہے آگ کی ابن آدم کے دلمین کیا تم دیکھتے نہین اُسکے آنکھوں کے رنگ اور اُسکے رگہای گردن کے پھولنی کو پھر جسکو کچھ ہے اُسکا اثر معلوم ہو تو چاہئی زمین سے لپٹ جاوے تا یقین ہو کہ مین خاکی ہون نہ ناری کہا راوی نے ہم لوگون سے دیکھتے تھے آفتاب کو کہ کچھ باقی ہے یا نہین سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگا ہو باقی نزا ہونیسے بہ نسبت اُسکی جو گذر چکا مگر اتنا کہ جتنا باقی ہی تمہاری دن سے بہ نسبت اُسکی جو گذر چکا اُسمین سے **ف** اسباب مین مغیرہ بن شعبہ اور ابی زید بن خطب اور حذیفہ اور ابی مریم سی ہی روایت ہے اور ذکر کیا نے ان راویون نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی اُنکو اُس چیز کی کہ ہونیوالی تہی قیامت تک **مترجم** اس حدیث مین بڑی فوائد ہین اول سنون ہونا خطبہ کا قیام دوسرے جایز ہونا انسان کا انسان کے لئے کہتے کہ صحابہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لئی ہی میسر ہے مذمت دنیا کی چونکہ ہے اخبار سابقہ خلافت اور حکومت اُمت کے کہ ویسا ہی واقع ہوا جیسا چونکہ یہ کہ حکومت مین آزمایش ہے بندہ کی چھٹی تخویف دینا اور عورتونکے شر و فساد و مکر و عیاری سے ساتوین ڈرنا خلق سے اظہار حق مین اور مامور ہونا مرانسانکا اسکے ساتھ آٹھوین مذمت نقص عہد کی نوین درجات مردم کفر و ایمان مین اور تفاوت فیما بینہم دسوین تفاوت درجات غضب فی مین گیارہوین تفاوت درجات اداے دین اور تقاضا مین بارہوین مذمت غضب کے تیرہوین دوا اُسکی چودہوین استدلال جایز ہونا حالت قلبی پر اڈسی چیز کے پندرہوین قلت عمر باقی دنیا **باب** ماجاء فی اهل الشام یا اہل شام کی فضیلت مین **عن** قرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا فسد اهل الشام فلا خير فيكم لا تزال طائفة من امتي منصورين لا يضرهم من خذلهم حتى تقوم الساعة قال محمد بن اسمعيل قال علي بن المديني هم اصحاب الحديث **ترجمہ** روایت ہے قرہ سی کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب بگڑجاوین شام کے لوگ پھر خیر نہین تم مین ہمیشہ رہیگا ایک فرقہ میری اُمت سے مدد کیا گیا نہ ضرر کریگا جو اُنکی مدد چھوڑدی یہانتک کہ قایم ہوگی قیامت کہا محمد بن اسمعیل نے کہا علی بن مدینی نے وہ فرقہ اصحاب حدیث ہین **ف** اسباب مین عبداللہ بن حوالہ اور ابن عمر اور زید بن ثابت اور عبداللہ بن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** بهز بن حكيم عن ابيه عن جده قال قلت يا رسول الله اين تامرني قال ههنا وبكفه نحو الشام **ترجمہ** سند مذکور کے دادا سے مروی ہے کہ اُنہون نے عرض کی یارسول اللہ کہان حکم فرماتی ہین آپ مجھکو یعنے ہجرت کا یا قیام کا فرمایا اپنے اسطرف اور اشارہ کیا اپنے مبارک ہاتھ سے شام کیطرف **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** طول و عرض ملک شام کا باب الخف کے آخر مین گذرا اور فضیلت مین اسکی بہت سے احادیث وارد ہوئین مین اللہ تعالیٰ اسکی شانمین فرماتا ہی وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ یعنے نجات دی ہمنے ابراہیم اور لوط علیہما السلام کو اُس مین کیطرف کہ برکت رکہی ہے ہمنے اُسمین تمام جہان والون کے لئے **ف** برکت رکہی ہے اللہ تعالیٰ نے ساتہ ارزانی غلہ کی اور کثرت اشجار و ثمار کے اور جریان عیون و انہار کے اور مبعوث ہوئے اکثر انبیا و مرسلین اور ابی کعب نے کہا اللہ تعالیٰ نے اسکو مبارک اسلئی فرمایا کہ کوئی میٹہا پانی نہین ہے مگر جڑ اُسکی پہونچی ہے صخرہ بیت المقدس کے نیچے سے حضرت عمر سے مروی ہے کہ اُنہون نے کعب احبار سے فرمایا کہ تم سکونت کیون نہین اختیار کرتے مدینہ مبارک کی کہ مہبط رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہے اور مدفن مطہر اُنکا اُنہون نے جواب دیا کہ اے امیر المؤمنین مین کتاب منزل من اللہ یعنے توراۃ مین پایا ہے کہ ارض شام کنز ہے اللہ تعالیٰ کا زمین مین اور اُسمین ایک خزانہ ہے اللہ کے بندونکا یعنے عمدہ عمدہ بندگان خدا کی بود و باش ہے اور عبداللہ بن عمر سی مروی ہے کہ اُنہون نے کہا کہ سنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے قریب ہے کہ ہوگی ہجرت پر ہجرت سو بہترین مہاجرین وہ ہین کہ ملک شام کو ہجرت کرین جو ہجرت نے ابراہیم علیہ السلام کا (انتہی) یہ تقریر بفضل رب قدیر حرم محترم مین ہوچکی اور یہانکی برکات سے فیضیاب ہوا اب آرزو ہی کہ اللہ تعالیٰ مہاجر ابراہیم کو بھی دکہلاوے کہ اُسکی زیارت سی بھی آنکھین اس سکین کی روشن اور نورانی ہون آمین یا رب العالمین **باب** لا ترجعوا بعدي كفارا يضرب بعضكم رقاب بعض باب مقاتلہ مین المسلمین کے بہی مین **عن** ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ترجعوا بعدي كفارا يضرب بعضكم رقاب بعض **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مت ہوجانا تم بعد میرے کافر کہ مارنے لگو گردن ایک دوسرے کی **ف** اسباب مین عبداللہ بن مسعود اور جریر اور ابن عمر اور کرز بن علقمہ اور واثلہ بن اسقع اور صنابحی سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** حضرت نے مقاتلین نما منہیم کو کافر

باب ما جاء فی فضیلت اہل الشام

باب مقاتلۃ المسلمین ای بعضہم

تنبیہا اور تشدیدًا فرمایا ہی یا مراد ہی مستحل اس قتال کا **باب** ماجاء انہ تکون فتنۃ القاعد فیہا خیر من القائم باب اس فتنہ کی بیان مین کہ قاعد اسمین بہتر ہے قائم سے **عن** بسر بن سعید ان سعد بن ابی وقاص قال عند فتنۃ عثمان بن عفان اشہد ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال انہا ستکون فتنۃ القاعد فیہا خیر من القائم والقائم خیر من الماشی والماشی خیر من الساعی قال فرأیت ان دخل علی بیتی وبسط یدی الی یقتلنی قال کن کابن آدم **ترجمہ** روایت ہے بسر بن سعید سے کہ سعد بن ابی وقاص نے کہا اس فتنہ کے وقت مین جو واقع ہوا تہا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد مبارک مہد مین کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قریب ہے کہ ایک فتنہ ایسا ہوگا کہ اسمین بیٹہنے والا بہتر ہوگا کہڑے رہنے والی سی اور کہڑے رہنے والا بہتر ہوگا چلنے والی سی اور چلنے والا بہتر ہوگا دوڑنے والی سے کہا راوی نے عرض کی مین نے خبر یجیی مجہکو کہ اگر کوئی آوے میرے گہر مین اور چلاوے مجہپر اپنا ہاتہ کہ قتل کرے مجہی تو میں کیا کرون فرمایا آپنی ہو جاتو مانند ابن آدم کے یعنی مثل ہابیل کے کہ مقتول ہوگیا اور اپنی بہائی پر ہاتہ نہ اٹہایا **ف** اسباب مین ابی ہریرہ اور خباب بن ارت اور ابی بکرہ اور ابن مسعود اور ابی واقد اور ابی موسی اور خزیمہ سے بہی وارد ہے یہ حدیث حسن ہے اور روایت کے بعضون نے یہ حدیث لیث بن سعد سی از زیادہ کیا اس سند کے ایک مرد اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بواسطہ سعد کے کئی سندون سے سوا اس سند کے **ترجمہ** فتنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مقتول اور شہید ہونیکا اوپر مذکور ہوچکا **باب** ماجاء ستکون فتنۃ کقطع اللیل المظلم باب اس فتنہ کی بیان مین کہ مشابہ ہے شب تاریک کے **عن** ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال بادروا بالاعمال فتنا کقطع اللیل المظلم یصبح الرجل مؤمنا ویمسی کافرا ویمسی مؤمنا ویصبح کافرا یبیع احدہم دینہ بعرض من الدنیا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اوا عمال صالحہ اُن فتنون سے پہلے کہ شب تاریک کے ٹکڑون کی مانند ہون صبحکو مومن ہوتا ہی مومن ہی اور شام کو ہوتا ہی کافر اور شام کو ہوتا ہی کافر صبحکو ہوتا ہی بیچیگا ایک انمین کا اپنا دین بسبب مال دنیا کی بدلے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** ام سلمۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم استیقظ لیلۃ فقال سبحان اللہ ماذا انزل اللیلۃ من الفتنۃ ماذا انزل من الخزائن من یوقظ صواحب الحجرات یا رب کاسیۃ فی الدنیا عاریۃ فی الاخرۃ **ترجمہ** روایت ہے ام سلمہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جاگی ایک رات اور فرمایا سبحان اللہ کتنے اُتری ہین آجکی رات فتنہ کتنے اُتری ہین خزانہ کون سے کہ جگا دی جہرون کی عورتون کو یعنے امہات المومنین کو کہ بہت سی اوڑہنی والی ہین دنیا مین ننگی ہونگی آخرت مین **ف** یہ حدیث صحیح ہی **مترجم** بہت سے اوڑہنی والیان الخ مراد اُس سے وہ عورتین ہین جو باریک کپڑے پہنتی ہین کہ بدن نظر آتا ہی یا مال حرام سے لباس بناتی ہین کہ آخرت مین لباس تقوی سی محروم رہینگی یا بہت سے کپڑے پہنتی ہین زینت کے لئے ولیکن اپنے اعضا نہین ڈہانپتی ہین جیسی اکثر اس زمانہ کی عورتین ہین **عن** انس بن مالک عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال تکون بین یدی الساعۃ فتن کقطع اللیل المظلم یصبح الرجل فیہا مؤمنا ویمسی کافرا ویمسی مؤمنا ویصبح کافرا یبیع اقوام دینہم بعرض الدنیا **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہونگے قیامت کے قبل بہت سے فتنے شب تاریک کے ٹکڑون کی مانند صبحکو ہوگا مرد انمین مومن اور شام کو ہوگا کافر اور شام کو ہوگا مومن اور صبحکو کافر بیچینگے بہت سی قومین اپنے دین کو مال دنیا کی عوض مین **ف** اسباب مین ابی ہریرہ اور خباب اور نعمان بن بشیر اور ابی موسی سے بہی روایت ہے یہ حدیث غریب ہے اس سند سی **عن** الحسن قال کان یقول فی ہذا الحدیث یصبح الرجل فیہا مؤمنا ویمسی کافرا ویمسی مؤمنا ویصبح کافرا قال یصبح محرما دمہ مالہ مراحیہ وعرضہ ومالہ ویمسی مستحلا لہ ویمسی محرما مالہ مراحیہ وعرضہ ومالہ ویصبح مستحلا لہ **ترجمہ** روایت ہے حسن سے کہ وہ کہتے تہے یہ جو حضرت نے فرمایا کہ صبحکو ہوگا مرد مومن اور شام کو کافر اور شام کو مومن اور صبحکو کافر مطلب اسکا یہ ہے کہ صبحکو حرام سمجہیگا خون اپنے بہائی کا اور عزت اور مال اُسکا اور ظلم کو حلال سمجہیگا ان تینون کو اور شام کو وہی حرام سمجہنے والا اپنے بہائی کی خون اور عزت اور مال کو اور صبحکو ہوگی حلال سمجہنے والا اُن تینون کو **مترجم** خلاصہ جس کے قول کا یہ ہے کہ استحلال محرمات کا کفر ہے انتہے **عن** وائل بن حجر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورجل یسألہ فقال ارأیت ان کان علینا امراء یمنعونا حقنا ویسألوننا حقہم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسمعوا واطیعوا فانما علیہم ما حملوا وعلیکم ما حملتم **ترجمہ** روایت ہے وایل بن حجر سے کہ کہا انہون نے سنا مین نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور ایک مرد آپسے پوچہتا تہا یہ کہا اُس سے اگر ہمپر ایسے حاکم کہ مذبوحین ہمارا حق اور طلب

فتنہ کا بیان جسمین قاعد بہتر ہے قائم سے

اُس فتنہ کا بیان جسمین ساعی بہتر ہے ماشی سے

اُس فتنہ کا بیان جو شب تاریک کے ٹکڑون کی مانند ہے

کہ ہم سے کیا چاہتا ہے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے آپ نے فرمایا آپنی سنو تم اُنکی بات اور کہا مانو اُنکا کہ اُنپر ہے جو کچھ اُنہوں نے اُٹھایا یعنے جو عمل کیا اور تمپر ہے جو تُمنے اُٹھایا **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے **مترجم** غرض یہ کہ اگر وہ تمہارا حق مذہن اموال غنیمت وغیرہ مہن سے جب بھی تم اُنکی اطاعت کرو اور اُنپر جو ہر منکر دار تمہارا حق آخرت مہن ملیگا جسپر اُنکو اُنکے ظلم کی سزا ملیگی **باب** فِی الْهَرْجِ باب قتل کے بیان مہن **عن** اَبِی مُوسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ وَرَائِکُمْ اَیَّامًا یُرْفَعُ فِیْهَا الْعِلْمُ وَیَکْثُرُ فِیْهَا الْهَرْجُ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْهَرْجُ قَالَ الْقَتْلُ **ترجمہ** روایت ہے ابی موسیٰ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تمہارے بعد ایک زمانہ ہے کہ اُٹھا لیا جاویگا اُسمین علم اور زیادہ ہوگا اُسمین ہرج عرض کی صحابہ نے یا رسول اللہ کیا ہے ہرج فرمایا آپنے قتل **ف** اسباہمین ابی ہریرہ اور خالد بن ولید اور مقل بن یسار سی بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **عن** مَعْقِلِ بْنِ یَسَارٍ رَدَّهُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعِبَادَةُ فِی الْهَرْجِ کَهِجْرَةٍ اِلَیَّ **ترجمہ** روایت ہے معقل بن یسار سے پہونچائی اُنہوں نے یہہ حدیث رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تک کہ فرمایا آپنے عبادت ایام قتال مہن ایسی ہے جیسے ہجرت کرنا میری طرف **مترجم** ایام قتال سے ایام فتنہ مُراد ہین **ف** یہ حدیث صحیح ہے غریب ہے جانتے ہین ہم اسی فقط معلی بن زیاد کی روایت سے **باب** مَا جَاءَ فِی اتِّخَاذِ السَّیْفِ مِنْ خَشَبٍ باب لکڑی کے تلوار بنانیکی حکم مہن **عن** ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَ السَّیْفُ فِیْ اُمَّتِیْ لَمْ یُرْفَعْ عَنْهَا اِلَی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ **ترجمہ** روایت ہے ثوبان سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب رکھی جاویگی تلوار میری امت مہن نہ اُٹھائی جاویگی اُنکے درمیان سے قیامت تک **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عن** عَدِیَّةَ بِنْتِ اُهْبَانَ بْنِ صَیْفِیٍّ الْغِفَارِیِّ قَالَتْ جَاءَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْطَالِبٍ اِلٰی اَبِیْ فَدَعَاهُ اِلَی الْخُرُوْجِ مَعَهٗ فَقَالَ لَهٗ اِنَّ خَلِیْلِیْ وَابْنَ عَمِّکَ عَهِدَ اِلَیَّ اِذَا اخْتَلَفَ النَّاسُ اَنْ اَتَّخِذَ سَیْفًا مِنْ خَشَبٍ فَقَدِ اتَّخَذْتُهٗ فَاِنْ شِئْتَ خَرَجْتُ مَعَکَ قَالَتْ فَتَرَکَهٗ **ترجمہ** روایت ہے عدیہ سے کہا اُنہوں نے کہ آئی حضرت علی کرم اللہ وجہہ میرے باپ کے پاس اور بُلایا اُنکو کہ نکلہین وہ اُنکے ساتھ یعنے لڑائی مہن تو کہا اُنسے میرے باپ نے کہ میرے دوست اور تمہارے ابن عم یعنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عہد لیا مجھہ سے کہ جب اختلاف پڑے لوگونمین تو بناؤن مہن تلوار لکڑی کی سو بنائی ہے مہن نے تلوار لکڑی کی پہر اگر آپ چاہین تو مہن نکلون آپکی ساتھ کہا راوی نے پہر چھوڑ دیا اُنکو حضرت علی نے **ف** اسباہمین محمد بن مسلمہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسی مگر عبد اللہ بن عبید کی روایت سے **عن** اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ فِی الْفِتْنَةِ کَسِّرُوْا فِیْهَا قِسِیَّکُمْ وَقَطِّعُوْا فِیْهَا اَوْتَارَکُمْ وَالْزَمُوْا فِیْهَا اَجْوَافَ بُیُوْتِکُمْ وَکُوْنُوْا کَابْنِ اٰدَمَ **ترجمہ** روایت ہے ابی موسیٰ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فتنہ کے زمانہ مہن توڑ ڈالو اپنی کمانین اور کاٹ ڈالو اُنکی زہین اور لازم پکڑو گوشہ مکان کو اور ہو جاؤ ابن آدم کی مانند یعنے ہابیل کے مثل کہ مقتول ہوئے پر صبر کیا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور عبد الرحمن بن ثروان ابو قیس اودی کا نام ہے **مترجم** لکڑی کی تلوار بنانا کنایہ ہے ترک قتال سے اور زمانہ فتن مہن خلوت بہتر ہے جلوت سے **باب** مَا جَاءَ فِی اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اب علامات قیامت کے بیان مہن **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّهٗ قَالَ اُحَدِّثُکُمْ حَدِیْثًا سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُحَدِّثُکُمْ اَحَدٌ بَعْدِیْ اَنَّهٗ سَمِعَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ یُرْفَعَ الْعِلْمُ وَیَظْهَرَ الْجَهْلُ وَیَفْشُوَ الزِّنَا وَیُشْرَبَ الْخَمْرُ وَیَکْثُرَ النِّسَاءُ وَیَقِلَّ الرِّجَالُ حَتّٰی یَکُوْنَ لِخَمْسِیْنَ امْرَاَةً قَیِّمٌ وَاحِدٌ **ترجمہ** روایت ہے انس سے بن مالک سے کہا کہ بیان کرونمین ایک حدیث کہ سُنی مہنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے نہ بیان کریگا کوئی تمسے بعد مہنے تحقیق کہ سُنی مہنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت کی نشانیون سے ہے علم کا اُٹھہ جانا اور جہل کا پھیل جانا اور زنا کا ظاہر ہو جانا اور شراب پیجانا اور اکثرت نسا کی اور قلت رجال کی یہانتک کہ ہوگا پچاس عورتون پر حاکم کیمرد **ف** اسباب مہن ابی موسیٰ اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** الزُّبَیْرِ بْنِ عَدِیٍّ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰی اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ فَشَکَوْنَا اِلَیْهِ مَا نَلْقٰی مِنَ الْحَجَّاجِ فَقَالَ مَا مِنْ عَامٍ اِلَّا وَالَّذِیْ بَعْدَهٗ شَرٌّ مِنْهُ حَتّٰی تَلْقَوْا رَبَّکُمْ سَمِعْتُ هٰذَا مِنْ نَبِیِّکُمْ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ **ترجمہ** روایت ہے زبیر بن عدی سے کہا داخل ہوا مہن انس بن مالک کے پاس اور شکایت کی ہمنے اُن اُمور کی جو پہونچی ہمکو حجاج سے سو کہا انس نے کوئی سال ایسا نہیں ہے کہ بعد اُسکے اس سے بدتر نہو یہانتک کہ ملاقات کرو گے تم اپنے رب سے سُنا مہنے یہہ تمہاری نبی سے صلی اللہ علیہ وسلم **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے **عن** اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی لَا یُقَالَ فِی الْاَرْضِ اَللّٰهُ اَللّٰهُ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت قایم نہوگی جبتک مہن ایسی جہل سے نہ بہر جاؤ کہ نہ کہا جاویگا کہ اُسمین اللہ اللہ **ف** یہ حدیث

روایت کیا ہے محمد بن مثنی نے انہوں نے خالد بن حارث سے انہوں نے حمید سے انہوں نے انس سے مانند اسکی اور مرفوع نہیں کیا اور یہ زیادہ صحیح ہے اول سے عن حذیفۃ بن الیمان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقوم الساعۃ حتی یکون اسعد الناس بالدنیا لکع بن لکع ترجمہ روایت ہے حذیفہ بن الیمان سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت قایم نہ ہوگی یہانتک کہ مبارکہ ترین دنیا میں لکع ابن لکع ہووے ف یہ حدیث حسن ہے اور نہیں جانتے ہم اسے مگر عمر و بن ابی عمرو کی روایت سے متر جم لکع بضم لام و فتح کاف لئیم اور غلام اور احمق و بیوقوف کو کہتے ہیں مراد یہ ہے کہ حمقا کو امارت اور تونگری ہوگی جنکی پشت ہا پشت سی ہووے اور حماقت وراثۃ چلی آتی ہووے عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تقئ الارض افلاذ کبدہا امثال الاسطوان من الذہب والفضۃ قال فیجئ السارق فیقول فی ہذا قطعت یدی ویجئ القاتل فیقول فی ہذا قتلت ویجئ القاطع فیقول فی ہذا قطعت رحمی ثم یدعونہ فلا یاخذون منہ شیئا ترجمہ روایت ہے ابوہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قی کریگی زمین اپنے جگر گوشونکو مثل کھمبوں کے سونے اور چاندی سے فرمایا آپنے پھر آویگا چور اور کہیگا اسکے لئے کاٹا گیا میرا ہاتھ اور آویگا قاتل اور کہیگا اسی کے لئے میں نے خون کیا اور آویگا قاطع رحم اور کہیگا اسی لئے میرا قطع رحم کیا پھر چھوڑ دینگے سب اول و کچھ نہ لینگے اسمیں سے ف یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر اسی سند سی عن علی بن ابیطالب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا فعلت امتی خمس عشرۃ خصلۃ حل بہا البلاء قیل وما ہی یا رسول اللہ قال اذا کان المغنم دولا والامانۃ مغنما والزکوۃ مغرما واطاع الرجل زوجتہ وعق امہ وبر صدیقہ وجفا ابالہ وارتفعت الاصوات فی المساجد وکان زعیم القوم ارذلہم واکرم الرجل مخافۃ شرہ وشربت الخمور ولبس الحریر واتخذت القیان والمعازف ولعن آخر ہذہ الامۃ اولہا فلیرتقبوا عند ذلک ریحا حمراء او خسفا او مسخا ترجمہ روایت ہے علی بن ابیطالب سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب کرنے لگے میری امت پندرہ کام تو اتریگی اوپر بلائیں پوچھا صحابہ نے کونسی کام ہیں وہ یا رسول اللہ فرمایا آپنے جب ہووے مال غنیمت دولت اور ہووے امانت غنیمت اور زکوۃ بھی اور کہا مانی آدمی اپنی بیوی کا اور نافرمانی کرے ماں کی اور احسان کرے اپنے دوست سے اور ظلم کرے اپنی باپ پر اور بلند ہوں آوازیں مسجدونمیں اور چوہدری قوم کا رذالہ ہووے اور تعظیم کیجاوے آدمی کے اسکی شر کے خوف سے اور پیئے جاویں شراب اور پہنی جاویں ریشمی کپڑے اور لیجاویں گانیوالی لونڈیاں اور باجے اور لعنت کرے آخر امت اول کو پس منتظر ہووے سرخ ہووے کے یا مسخ کے ف یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے علی رضی اللہ عنہ کی روایت سے مگر اسی سند سے اور نہیں جانتے ہم کسی نے روایت کی ہو یہ حدیث یحیی بن سعید سے سوا فرج بن فضالہ کے اور کلام کیا ہی انمیں بعض اہل حدیث نے اور ضعیف کہا بسبب قلت حافظہ انکے کے اور روایت کی انے وکیع اور کئی امووں نے عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتخذ الفئ دولا والامانۃ مغنما والزکوۃ مغرما وتعلم لغیر الدین واطاع الرجل امرأتہ وعق امہ وادنی صدیقہ واقصی ابالہ وظہرت الاصوات فی المساجد وساد القبیلۃ فاسقہم وکان زعیم القوم ارذلہم واکرم الرجل مخافۃ شرہ وظہرت القینات والمعازف وشربت الخمور ولعن آخر ہذہ الامۃ اولہا فلیرتقبوا عند ذلک ریحا حمراء وزلزلۃ وخسفا ومسخا وقذفا وآیات تتابع کنظام بال قطع سلکہ فتتابع ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ ٹھیرا لیا جاویگا مال غنیمت دولت اور امانت غنیمت اور زکوۃ چٹی اور علم سیکھا جاویگا غیر دین کے لئے اور کہا مانی مرد اپنی بیوی کی اور نافرمانی کرے ماں کی اور ملی دوستوں سے اور دور بہائی باپ سے اور بلند ہوں آوازیں مسجدونمیں اور ہووے سردار قبیلہ کا فاسق انکا اور چوہدری قوم کا رذالہ انمیں کا اور تعظیم کیجاوے آدمی کی اسکی شر کے خوف سے اور پیئے جاویں شرابیں اور باجے اور لعنت کرے آخر امت اول کو پس منتظر رہو اسوقت سرخ ہونے اور زلزلہ اور خسف اور مسخ اور آسمان سے پتھر برسنے کے اور ظہور آیات کی کہ پے در پے ظاہر ہوں گویا ٹوٹ گیا دھاگا کسی ٹوٹے کا کسی موتی کا پس پے در پے آنے لگے ایسا جلدی جلدی کہ جیسے ایسا جلدی جلدی کہ جیسے تار قیامت کا ٹوٹ ہووے ف یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے عن عمران بن حصین ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فی ہذہ الامۃ خسف ومسخ وقذف فقال رجل من المسلمین یا رسول اللہ ومتی ذلک قال اذا ظہرت القینات والمعازف وشربت الخمور ترجمہ روایت ہے عمران بن حصین سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس امت میں خسف ومسخ وقذف ہے سو عرض کی ایک نے مسلمانوں میں سے یا رسول اللہ کب ہووے یہ فرمایا جبکہ پھیل پڑیں گانیوالیاں اور باجے اور پیئے جاویں شراب ف یہ حدیث غریب ہے اور مروی ہی یہ حدیث

بیان علامات قیامت

انہون نے روایت کیے عبدالرحمن بن سابط سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً **باب** ماجاء فی قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعثت انا و الساعۃ کھاتین باب بعثت نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور قیامت کے قرب مین **عن** المستورد بن شداد الفہری رواہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال بعثت انا و الساعۃ کھاتین فسبقتھا کما سبقت ھذہ ھذہ لا صبعہ السبابۃ والوسطی **ترجمہ** روایت ہے مستورد بن شداد سے روایت کی انہون نے یہ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنی بھیجا گیا ہون مین نفس قیامت مین پھر کہا کے بڑھ گیا مین اس سے جیسا کہ آگی بڑھگئی یہ انگلی اس انگلی سے اور اشارہ کیا آپنے شہادت اور بیچ کی انگلی کیطرف **ف** یہ حدیث غریب ہے مستورد بن شداد کی روایت سے نہین جانتی ہم اسے مگر اسی سند سے **مترجم** نفس قیامت سے مراد ہی وقت قیام مراد اسکا اور بعضون نے کہا کہ مجازاً آپنے قیامت کو ذی نفس ٹہیرایا مثل انسان کے یعنے جیسا قریب سے گذرنیوالا اپنے نزدیک والے کے دم سے آگاہ ہوتا ہی ویسا مین قیامت کے دم سے آگاہ ہوا بسبب قرب کے اور مبعوث ہوا مین اسکے ظہور اشراط کے وقت مین اور بعضی روایتون مین تسم الساعۃ بھی وارد ہوا ہے **عن** انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعثت انا والساعۃ کھاتین واشار ابو داؤد بالسبابۃ والوسطی فما فضل احدھما علی الاخری **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا گیا مین اور قیامت مانند اسکے اور اشارہ کیا ابو داؤد نے انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی سے پھر کیا بھی زیادتی ایک کے دوسرے پر یعنے بہت تہوڑی سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** اس حدیث مین اشارہ ہی قرب قیامت کے طرف مجازاً اور اگر ساری دنیا کی عمر کو زمان آدم سے قیامت تک مثل ایک انسان کے فرض کرین تو جو فرق اسکی انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی مین نکلیگا اتنا ہی زمانہ آخر تک کے وقت سے قیامت تک ہے **باب** ماجاء فی قتال الترک و ابادتھم سے قتال کے بیان مین **عن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تقوم الساعۃ حتی تقاتلوا قوما نعالھم الشعر و لا تقوم الساعۃ حتی تقاتلوا قوما کان وجوھھم المجان المطرقۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت نہوگی یہانتک کہ تم لڑوگے ایک قوم سے کہ نعلین انکی بالونکی ہین اور قیامت قایم نہوگی یہانتک کہ لڑوگے تم ایک قوم سے کہ موہنہ انکے مثل ڈہالون تہہ بتہہ کے ہین **ف** اسباب ہین ابی بکر صدیق اور بریدہ اور ابی سعید اور عمرو بن تغلب اور معاویہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** اس حدیث مین خطاب ہے عرب کو اور کئی بار آچکا ہے عرب اور ترک کے مقاتلہ کی خبر آئی ہے اور بخاری مین مروی ہے کہ قائم نہوگی قیامت یہانتک کہ لڑوگے تم خوزو کرمان کے کہ ایک قوم ہے عاجم سی سرخ روی اور ایک لغط مین چوڑی موہنہ چھوٹی ناک خورد چشم آیا ہے گویا کہ موہنہ انکے ڈہالین ہین تہہ بتہہ اور اشارہ مین کہا ہے کہ نعلین انکی جلد موئدار سے ہی جو خیر مدبوغ ہو اور احتمال ہے کہ کثرت بالونکی مراد ہو کہ بال انکے پایمال ہوتے ہین جیسے کہ نعل پایمال ہوتی ہے انتہی مگر یہ احتمال خیر ظاہر حدیث کے بعید معلوم ہوتا ہے اور ایک روایت مین آیا ہے کہ ترک کو ترک کرو جبتک کہ ترک تمکو ترک کرین وہ تمکو اور ایک روایت مین آیا ہی کہ وہ اصحاب باس شدید ہین اور صاحبان غنایم قلیلہ اور چھوٹی صدرین خروج کیا چنگیز خان نے و فتنہ اسکا تا می قرمی و مصارمین پہونچا اور اسکے قبل بھی عرب اور ترک کے درمیان کئی مقابلہ ہوے اور تاج الدین سبکی نے طبقات مین کہا ہے کہ نہین ہوا کوئی فتنہ مثل فتنہ تتار کے جب سے پیدا کیا اللہ تعالی دنیا کو اسلیے کہ ویران کیا انہون نے مساجد کو خراب کیا معابد کو بیچراغ کیا امصار کو برباد کیا دیار کو جلایا مصاحف و کتب کو قتل کیا مردونکو قید کیا عورتونکو بیہ بہار دالی مستورات کے اور نکالا اولاد کو انکے بطون سے انتہی **مترجم** **باب** ماجاء اذا ذھب کرمہ فلا کرمہ بعدہ باب کرمے کے بیان مین **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ھلک کرمہ فلا کرمہ بعدہ و اذا ھلک قیصر فلا قیصر بعدہ والذی نفسی بیدہ لتنفقن کنوزھما فی سبیل اللہ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب ہلاک ہوجاویگا کسریٰ تو کسریٰ نہین اسکے بعد اور جب ہلاک ہوجاویگا قیصر تو پھر کوئی قیصر اسکے بعد نہین اور قسم ہے اس پروردگار کی کہ میری بقائی روح اسکے قبضہ قدرت مین ہے بیشک تم خرچ کرڈالوگے خزانے کسریٰ و قیصر کے اللہ کی راہ مین یعنے جہاد مین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** کسریٰ لقب ہے شاہ فارس کا اور قیصر لقب ہے سلطان روم کا اور زمانہ مین حضرت عمر اور عثمان ذوالنورین کے اکثر ملک روم و فارس فتح ہوے بعض سلما بعض مقولہ کہ تفصیل اسکی کتب تواریخ مین مذکور ہے **باب** لا تقوم الساعۃ حتی یمر الرجل بقبر الرجل فیتمنی ان یکون مکان المیت من البلاء باب بجار کے بیان مین **عن** سالم بن عبداللہ عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحشر ناس من قبل المشرق بضائھم رحالھم حتی یمر احدھم بقبر من حضر موت او من نحو حضر موت قبل یوم القیمۃ تحشر الناس قالوا یا رسول اللہ فما تامرنا قال علیکم بالشام **ترجمہ** روایت ہے سالم

بن عبدالدسی وہ روایت کرتی ہیں اپنے باپ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قریب ہے کہ کلیجی ایک آگ حضرموت سے یا یہ فرمایا کہ کلیجی حضرت کی دریا کیطرف سی روز قیامت کے پہلی کہ جمع کردیگی لوگونکو عرض کیا صحابہ نے پھر آپ کیا حکم فرماتے ہیں ہمکو فرمایا آپنی لازم پکڑو تم سکونت شام کی **ف** اسباہیں حذیفہ بن اسید اور انس اور ابہریرہ اور ابی ذر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے ابن عمر کے روایت سے

**باب** لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ كَذَّابُوْنَ باب خروج کذابین کے بیانمیں

**عن** اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُبْعَثَ كَذَّابُوْنَ دَجَّالُوْنَ قَرِيْبٌ مِّنْ ثَلَاثِيْنَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ اَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت قایم نہوگی جبتک کہ نہ اٹھینگے کذابون دجالون قریب تیس شخص کہ ہر ایک انمیں سے دعوی کرتا ہوگا کہ وہ رسول ہے اللہ تعالے کا **ف** اسباہیں جابر بن سمرہ اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **متجم** انمیں سے اسود عنسی صاحب صنعا اور مسیلمہ کذاب صاحب یمامہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا کہ آپکی ہاتہ میں دو کنگن ہیں سونے کے بہت برے لگے وہ آپکو تو حکم ہوا کہ پھونک دو اسکو پھر پھونک دیا آپنے اور وہ اڑ گئی سو تاویل کی آپنے کہ یہ دو کنگن سے مراد کاذبان مذکور ہیں پس اسود عنسی ایک مرد شعبدہ باز تہا اور دو شیطان اسکے مسخر تہے کہ احوال مردم سے خبر دیتے تہے ایک شقیق دوسرا سحیق نامی اور ایک خرمعکم اسکے ساتہ تہا کہ جب اسی کہتے کہ اپنے رب کو سجدہ کر اسی سجدہ کرتا تہا اسی لئے اسے ذوالخمار کہتے ہیں اہل نجران مرتد ہوکر اسکے مطیع ہوئے اور وہ اسلمیں سے چھ سو آدمی لیکر صنعا میں اترا اور فیروز کے ہاتہ سے مارا گیا نام اسکا عیہلہ بن کعب تہا دوسرا مسیلمہ کذاب کہ وحشی قاتل حمزہ کے ہاتہ سے مقتول ہوا وہ جہنم میں پہونچا اور وہ بلعون سبع ہاتہ نامور دجال گزرا ہے اور مقابلہ قرآن کا قصد کرتا تہا چنانچہ یہ عبارت کفر اشارت اسکی ہے الْفِيْلُ مَا الْفِيْلُ لَهٗ خُرْطُوْمٌ طَوِيْلٌ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ خَلْقِ رَبِّنَا الْجَلِيْلِ تیسرا انمیں ابن صیاد ہے مگر اسی دجال کبیر نہیں اور حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں ترجیح بھی اسکو دی ہے کہ وہ دجال کبیر نہیں چنانچہ روایت تمیم داری کی بھی اسی پر دال ہے چوتہا طلیحہ بن خویلد اسدی کہ نبی اسد میں ظاہر ہوا کہ نواحی خیبر میں ہے اور غطفان نے اسکی مدد کی اور بعد دعوی نبوت کے تائب ہوا اور رجوع کیا اسلام کی طرف زمان ابوبکر میں پانچویں سجاح بنت حارث بن سوید عورت تہی دعوی نبوت کیا تمام قبیلہ تمیم اسکی نصرت پر مجتمع ہوگئے وہ مسیلمہ کذاب کے نکاح میں آئی اور اپنی نبوت باطلہ اپنے خصم کو بخشدی اور اپنی مہر میں نماز عصر اپنے امت سے معاف کرادی شیطان نے کہا نبوت تیم اتنک نماز عصر نہیں پڑہتے اور کہتے ہیں کہ یہ عہد ہے ہمارے کاہنہ کا اسکو ہم ہاتہ سے نہ دینگے پھر سجاح زمان معاویہ میں مشرف باسلام ہوئی چھٹا مختار ثقفی کہ ابن زبیر کے زمانہ میں ظاہر ہوا اسکا دعوی تہا کہ مجہپر وحی آتی ہے اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مختار ہوں چنانچہ سابق مروی ہے کہ فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کلیجی ثقیف سے تیس شخص کذاب و دجال و مبیر روایت کیا اسکو ابونعیم بن حماد نے اور ایک روایت میں ہے کہ کلیجی کا ثقیف سے کذاب و مبیر کہا ہی مراد کذاب سے مختار بن عبید ثقفی ہے اور مراد مبیر سے حجاج بن یوسف ساتواں مثنی شاعر مشہور کہ بعد دعوی نبوت تائب ہوا آٹہواں مسیلمہ کذاب کہ

بیت المقدس میں ایک یہودی نے دعوی کیا کہ وہ مسیح بن مریم علیہما السلام ہے مرد خوش بیان شیریں زبان تھا جب اُسنے گرفتار کرنا چاہا بھاگ گیا بعد گرفتاری مسلمان ہوا ایک اور شخص نے دعوی مہدی ہونیکا کیا اور مقتول ہوا اور ہند وستانمیں سنا گیا کہ ہزار بیجی میں اکبر بادشاہ ظاہر ہوا اور دعوی نبوت بلکہ خدائی کا کیا اور علماء و مشائخ و دینداروں پر ظلم و جفا کیا اور ایک نیا دین نکالا کہ دین الٰہی کے ساتھ موسوم کیا اور فتنہ عظیم اور غوغائی عظیم اُس سے ظاہر ہوا ابو الفضل اور فیضی دونوں اُسکی خوشامد خور و دین سے تھی اور لوگوں کو اُسکے باطل کیطرف دعوت کرتے تھی چنانچہ کسے شاعر نے کہا ہے **بیت** خدا پناہ دہد از خلیس بد مذہب ✦ خراب کرد ابو الفضل شاہ اکبر را ✦ اور از انجملہ ترمذ میں ہے کہ اُسنے دعوی صحابیت کیا حالانکہ ظہور اُسکا قرن سادس میں ہوا اور بہت سی خرافات لوگوں نے اُسکے باعث کہی ہے اور وہ ایک جھوٹا خبیث تھا اور منجملہ عیان نبوت اسحاق اخرس کہ آخر میں خلافت سفاح کے ظاہر ہوا اور دعوی نبوت کیا اور خلق کثیر اُسکے تابع ہوئی اور بصرہ اور عمان وغیرہ میں غالب ہوا آخر مقتول ہوا اور حارث بن یحیی ساباطی خلافت معز میں بلدہ تیمس میں مدعی نبوت ہوا اور بدریعہ شعبدہ احیاء اموات و ابراء ارص وغیرہ کو اپنا معجزہ قرار دیا اور اکثر دعی نے ایک عصا بنایا ہوا و مسلک مجوسی اختیار کیا اور عصا نظر خلایق میں اژدہا ہو جاتا تھا اور نظارگی مسحور ہو جاتی تھی اور ماموں کے زمانہ میں عبد اللہ بن میمون نے دعوی نبوت کیا اور اُسکو قید کیا یہانتک کہ قید ہی میں دار البوار کو واصل ہوا (جمع)

**عن** ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقوم الساعۃ حتی تلحق قبائل من امتی بالمشرکین وحتی یعبدوا الاوثان وانہ سیکون فی امتی ثلاثون کذابون کلہم یزعم انہ نبی وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی

**ترجمہ** روایت ہے ثوبان سے کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت قایم نہوگی یہانتک کہ ملحق ہو جائینگے کئی قبیلہ میری امت کے مشرکوں سے اور یہانتک کہ پوجیں اوثان کو اور قریب ہے کہ ہونگی میری امت میں تیس جھوٹی کہ ہر ایک دعوی کرتا ہوگا کہ وہ نبی ہے اور فرمایا میں خاتم النبیین ہوں کوئی نبی نہیں بعد میرے **ف** یہ حدیث **صحیح مترجم** اوثان جمع ہے وثن کی جیسے اوطان جمع ہے وطن کی اور وثن وہ ہے کہ جسکو تراشے ہے بنایا گیا جواہر ارض سے یا خشب و حجارہ سے مثل صورت آدمی کی اور ضم تصویر ہی بغیر خشب کی کاغذ و دیوار پر کبھی ہوا یا کسی اور چیز پر اور بعضوں نے کہا ہی کہ دونوں برابر ہیں اور کبھی وثن کو غیر صورت کے لئے استعمال کرتے ہیں اس صورتمیں عام ہوگا معنے اول سے اور اسی قبیل سے ہی حدیث عدی کے کہ کہا انہوں نے خانہ ہوا میں خدمت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور میرے گلے میں صلیب تھی سونکی سو فرمایا آنحضرت نے القِ ھذا الوثن عنک یعنے دور کر اس وثن کو اپنے سے اور بعضوں نے کہا ہی وثن باطل اگرچہ صورت رکھتا ہی ضم ہے ورنہ وثن اور جمع اُسکی کبھی وثان بھی آتی ہے چنانچہ ابن عباس نے ان یدعون من دونہ الا اناثا پڑھا ہے کہ اصل میں وثنا تھا واؤ ہمزہ سے بدلگیا اور قرارت مشہور اناثا ہی اور اخیر میں اس خبر میں حجیہ پرست شدہ پرست گور پرست پیر پرست شجر پرست حجر پرست چاند پرست جنڈہ پرست چھڑی پرست غرضکہ جو غیر خدا کے ساتھ افعال عبادت بجالاتی ہیں مثل سجدہ و رکوع وغیرہ کے جو مخصوص ہیں باری تعالی کے ساتھ سب ملحق بالمشرکین ہیں نعوذ باللہ منہم و من افعالہم اور تفصیل کذابون کی اوپر گذری

**باب** ما جاء فی تثقیف الکذاب ومبیرہم

بنی ثقیف کی کذاب و مبیر کے بیانمیں

**عن** ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ثقیف کذاب ومبیر

**ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بنی ثقیف کے قبیلہ میں ایک کذاب ہوگا اور دوسرا ہلاک کرنیوالا **ف** اسباہمیں اسمار نہتا ابی بکر سے بھی روایت ہے روایت کرے ہے عبد الرحمن بن واقد فی انہوں نے شریک سے مانند اسکے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ابن عمر کے روایت سے نہیں جانتے ہم اسکو مگر شریک کے روایت سے اور شریک کہتے ہے راوی کا نام عبد اللہ بن عصم اور ابو لیلی کہتے ہے عبد اللہ بن عصمہ اور کہا گیا ہے کہ کذاب سے مراد مختار بن ابی عبید ثقفی ہے اور مبیر سے مراد حجاج بن یوسف ثقفی روایت کی ہے ابو داود سلیمان بن سلم بلخی نے انہوں نے نضر بن شمیل سے انہوں نے مشام بن حسان سے کہ کہا ہشام نے شمار کیا مقتولان حجاج کو جنکو اُس نے باندھا یا انتہا تو پہنچی تعداد اُنکی ایک لاکھ بیس ہزار تک معاذ اللہ من ہذا الظلم

**باب** ما جاء فی القرن الثالث

باب قرن ثالث کے بیانمیں

**عن** عمران بن حصین قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیرکم قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم ثم یاتی من بعدہم قوم یسمنون ویحبون السمن یعطون الشہادۃ قبل ان یسئلوہا

**ترجمہ** روایت ہے عمران بن حصین سے کہا سنا میں نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے بہتر سب لوگوں میں میرے زمانہ کی لوگ ہیں پھر جو اُنکے بعد ہوں پھر جو اُنکے بعد ہوں پھر آوینگے بعد اُنکے ایک لوگ کہ فربہ ہے چاہینگے اور دوست رکھینگے فربہی کو گواہی دینگی قبل طلب کے **ف** ایسی ہے روایت کی محمد بن فضیل نے یہ حدیث اعمش سے انہوں نے ملی بن مدرک سے انہوں نے ہلال بن یساف سے اور روایت کی کئی لوگوں نے حفاظ سی اعمش سے انہوں نے ہلال بن یساف سی

اور نہیں ذکر کیا انہیں علی بن مدرک کا روایت کیے ہے حسین حریث نے اُنہوں نے کہا سنا میں نے اُنہوں نے اعمش سے اُنہوں نے ہلال بن یساف سے اُنہوں نے عمران بن حصین سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور ذکر کی حدیث مانند اسکے اور یہ میرے نزدیک صحیح زیادہ ہے محمد بن فضیل کے حدیث سے اور تحقیق کہ روایت کیے گئی یہ حدیث کئی سند وں سے عمران بن حصین سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **عن** عمران بن حصین قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیرامتی القرن الذی بعثت فیھم ثم الذین یلونھم قال وﻻ ادری ذکر اثنتین او ثلثا ثم یکون قوام ﻻ یستشھدون ویخونون ﻻ یؤتمنون ویفشو فیھم السمن ترجمہ روایت ہے عمران بن حصین سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہتر میری امت کے لوگ ہیں جنمیں میں مبعوث ہوا پھر جو اُنکے بعد ہیں کہا راوی نے نہیں جانتا میں ذکر کیا تیسرے زمانہ کا بھی یا نہیں یعنے ثم الذین یلونھم ایکبار فرمایا یا دوبار پھر فرمایا پیدا ہونگے اُسکے بعد قومیں کہ گواہی دینگی اور کوئی طلب نہ کریگا اُن سے گواہی اور خیانت کرینگے اور امین نہ ہونگے اور ظاہر ہوگی اُنمیں فربہی **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے **ترجمہ** یتسمنون فربہی چاہینگے یا دعوی کرینگے اُن بزرگیوں کا کہ اُنمیں نہ ہونگی اور بعضوں نے کہا جمع کرینگے مال کو اور بعضوں نے کہا کہ بہت ہوجاوینگے یا دوست رکھینگے توسع کو اور مال و مشارب میں کہ موجب فربہی ہے

## باب ماجاء فی الخلفاء

**عن** جابر بن سمرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکون من بعدی اثنا عشر امیرا قال ثم تکلم بشیء لم افھمہ فقلت لالدی یلینی فقال کلھم من قریش **ترجمہ** روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہونگے پیر بعد میرے بارہ امیر کہا راوی نے پیر کلام کیا حضرت نے کہ میں نے سمجھا سو پوچھا میں نے اپنے پاس والے سے تو کہا اُسنے کہ فرمایا آپنی وہ بارہ امیر سب کے سب قریش میں سے ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث کئی سند وں سے جابر بن سمرہ ہی روایت کے ہمنے ابوکریب نے اُنہوں نے عمر بن عبید سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے ابی بکر بن ابی موسی سے اُنہوں نے جابر بن سمرہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اس حدیث کے یہ حدیث غریب ہے ہم نہیں جانتے جابر کے روایت سے بواسطہ ابی بکر بن ابی موسی کے مگر اسی اسناد سے اور عبداللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے **عن** زیاد بن کسیب العدوی قال کنت مع ابی بکرۃ تحت منبر ابن عامر وھو یخطب وعلیہ ثیاب رقاق فقال ابو بلال انظروا الی امیرنا یلبس ثیاب الفساق فقال ابوبکرۃ اسکت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من اھان سلطان اللہ فی ارضہ اھانہ اللہ **ترجمہ** روایت ہے زیاد بن کسیب عدوی سے کہا کہ تھا میں ساتھ ابی بکرہ کی ابن عامر کے منبر کے نیچے اور وہ خطبہ پڑھتا تھا اور اُسکے بدن پر باریک کپڑے تھے سو کہا ابوبلال نے دیکھو ہمارے امیر کو پہنتا ہے کپڑے فاسقوں کے سو کہا ابوبکرہ نے چپ رہ کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ اہانت کریگا اللہ کے بنائے ہوئے بادشاہ کی زمین میں ذلیل کریگا اُسکو اللہ تعالی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے

## باب ماجاء فی الخلافۃ

**عن** سفینۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخلافۃ فی امتی ثلاثون سنۃ ثم ملک بعد ذلک ثم قال لی سفینۃ امسک خلافۃ ابی بکر ثم قال وخلافۃ عمر وخلافۃ عثمان ثم قال امسک خلافۃ علی فوجدناھا ثلثین سنۃ قال سعید فقلت لہ ان بنی امیۃ یزعمون ان الخلافۃ فیھم قال کذبوا بنو الزرقاء بل ھم ملوک من شر الملوک **ترجمہ** روایت ہے سفینہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خلافت راشدہ میری امت میں تیس برس تک ہے پھر ہوجاویگی سلطنت بعد اسکے پھر کہا مجھ سے سفینہ نے گن رکھو تو خلافت ابی بکر کو پھر خلافت عمر اور عثمان کو پھر گن لے خلافت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سو گنا ہمنے اور پایا اُسی تیس سال کہا سعید نے پھر کہا میں نے سعید سے کہ بنی امیہ دعوی کرتے ہیں کہ خلافت اُنمیں ہے کہا سفینہ نے جھوٹی ہیں بنی الزرقاء بلکہ وہ بادشاہ ہیں بدترین بادشاہوں میں سے **ف** اسی باب میں عمر اور علی سے بھی روایت ہے اور کہا ان دونوں نے کہ ولیعہد مقرر نہیں کیا کسیکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خلافت کے واسطے یہ حدیث حسن ہے روایت کیے اُسکو کئی لوگوں نے سعید بن جمہان سے اور نہیں جانتے ہم اُسکو مگر اُنمیں کی روایت سے **عن** عبداللہ بن عمر قال قیل لعمر بن الخطاب لو استخلفت قال ان استخلف فقد استخلف ابوبکر وان لم استخلف فلم یستخلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفی الحدیث قصۃ طویلۃ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہ کہا گیا حضرت عمر سے کاش کہ خلیفہ کردیتے آپ کسیکو تو فرمایا اُنہوں نے اگر میں خلیفہ کروں تو خلیفہ کیا ہے ابوبکر نے یعنے اُنکی اقتدا ہوگی اور اگر نہ خلیفہ کروں تو خلیفہ نہیں کیا ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یعنے اُنکی سنت ہوگی اور اس حدیث میں ایک قصہ طویل ہے **ف** یہ حدیث صحیح ہے اور روایت کیے گئی کئی سندوں سے

فتنوں کا بیان

خلافت کا بیان

ابن عمر سے **باب** ماجاء ان الخلفاء من قریش الی ان تقوم الساعۃ باب خلافت قریش میں ہونے کے بیان میں **عن** عبداللہ بن ابی المہذل یقول کان ناس من ربیعۃ عند عمر بن العاص فقال رجل من بکر بن وائل لتستحین قریش او لیجعلن اللہ ھذا الامر فی جمھور من العرب غیرھم فقال عمرو بن العاص کذبت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول قریش ولاۃ الناس فی الخیر والشر الی یوم القیمۃ ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن ابی المہذل سے کہتے ہے کہ کچھ لوگ ربیعہ کے عمرو بن العاص کے پاس بیٹھے تھے پھر کہا ایک مرد نے بکر بن وائل سے چاہیے کہ ضرور میں قریش نہیں تو کردیگا اللہ تعالیٰ اس امر خلافت کو جمہور عرب میں سوا انکے سو کہا عمرو بن العاص نے جھوٹ کہا تو نے سنا ہی ہے میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے قریش حاکم ہیں آدمیوں کے خیر و شر میں قیامت کے دن تک یعنی مستحق حکومت ہیں **ف** اسباب ہیں اس حدیث اور ابن مسعود اور جابر کے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **عن** عمر بن الحکم قال سمعت ابا ھریرۃ یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لایذھب اللیل والنھار حتی یملک رجل من الموالی یقال لہ جھجاہ ترجمہ روایت ہے عمر بن حکم سے کہا کہ سنا میں نے ابوہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نجاوے گی رات اور دن یہانتک کہ سلطنت کریگا ایک مرد موالی میں سے کہ کہتے ہونگے اسے جہجاہ **ف** یہہ حدیث حسن ہے غریب ہے **معجم** طبرانی میں علیا سلمی سے بھی مروی ہے کہ آپنے فرمایا قایم نہوگی قیامت یہانتک کہ مالک ہووے آدمیوں کا غلاموں سے جہجاہ نامی اور شیخین ہی مروی ہے کہ قیامت قایم نہوگی یہانتک کہ نکلے ایک مرد بنی قحطان سے کہ ہانکتا ہو لوگوں کو اپنی عصا سے اور طبرانی نے کبیر میں اور ابن مندہ اور ابونعیم اور ابن عساکر نے قیس بن جابر سے کہ انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے انکے دادا سے روایت کیے ہی کہ آپنے فرمایا ہونگے میرے بعد خلیفہ اور انکے بعد امیر اور انکی بعد ملوک جبارین پھر نکلیگا میرے اہل بیت سے ایک مرد کہ بھر دیگا زمین کو عدل سے جیسا کہ بھر گئی ہوگی ظلم سے پھر امیر ہوگا قحطانی سو قسم ہی اس پروردگار کے جسنے مجھی سچا ہے ساتھ حق کے کہ وہ کچھ مہدی سے کم نہیں یعنی حسن سیرت اور خوبی سریرت میں پس ان احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جہجاہ قبیلہ بنی قحطان سے ہے اور ملک اسکا بعد امام مہدی کے ہی اور وہ سلاطین صالحین میں سے ہے (حجج الکرامہ)

**باب** ماجاء فی ائمۃ المضلین باب حکام مضلین کے بیان میں **عن** ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما اخاف علی امتی ائمۃ مضلین قال وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاتزال طائفۃ من امتی علی الحق ظاھرین لایضرھم من خذلھم حتی یاتی امر اللہ ترجمہ روایت ہے ثوبان سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک میں ڈرتا ہوں اپنے امت پر گمراہ حاکموں کے کہا اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہیگا ایک گروہ میری امت سے حق پر غالب اپنے اعدا پر ضرر نکریگا انکو جو کہ انکی مدد چھوڑدے یہانتک کہ آوے حکم اللہ کا یعنے قیامت **ف** یہ حدیث صحیح ہے **ترجم** ایمہ مضلین میں داخل ہے وہ حاکم جو قرآن کے خلاف حکم دے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الظلمون اور قانون عقلی رجحان اور انفصال متقدمات میں قواعد عقلیہ کو ضوابط نقلیہ پر مقدم کرنے اور ترویج بدعات و تشہیر سیات اور احداث فی الدین اور تساوی مبتدعین اور اعزاز فاسقین کا متروک ہونا اور امر معروف اور نہی عن المنکر کا ہی اپنی جگہ اور قوانین برایکل کتب وسنت کے موافق نہ کہنے معاذ اللہ من ذلک **باب** ماجاء فی الھدی فی ھدیہ کے بیان میں **عن** عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاتذھب الدنیا حتی یملک العرب رجل من اھل بیتی یواطی اسمہ اسمی ترجمہ روایت ہے عبداللہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں جاویگی دنیا یعنی ملک عدم میں یہانتک کہ حکم ہوگا ایک مرد سے اہل بیت سے کہ موافق ہوگا اسکا نام میرے نام کے **ف** اسباب ہیں اس حدیث اور ابی سعید اور ام سلمہ اور ابوہریرہ سے یہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** عبداللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لایزال رجل من اھل بیتی یواطی اسمہ اسمی ترجمہ روایت ہے عبداللہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا والی ہوگا ایک مرد یعنی دنیا کا میرے اہل بیت سے کہ موافق ہوگا اسکا نام میرے نام کے **عن** ابی ھریرۃ قال لولم یبق من الدنیا الا یوما لطول اللہ ذلک الیوم حتی یلی ترجمہ روایت ہے ابوہریرہ سے کہ فرمایا اگر باقی نہ رہی دنیا میں مگر ایک دن دراز کریگا اللہ تعالیٰ اسدن کو تاکہ حکومت کرے وہ شخص یعنے مہدی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح **عن** ابن سعید الخدری قال حدثنا ان یکون بعد نبیکم احداث فسألنا نبینا صلی اللہ علیہ وسلم قال ان فی امتی المھدی یخرج یعیش خمسا او سبعا او تسعا زید الشاک قال قلنا وما ذاک قال سنین قال فیجیئ الیہ الرجل فیقول یا مھدی اعطنی اعطنی قال فجعل لہ فی ثوبہ ما استطاع ان یحملہ ترجمہ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ ڈری ہم اس سے کہ ہووے ہماری نبی کے بعد کوئی نئی بات سو پوچھا ہم نے نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپنے میری امت میں مہدی نکلیگا زندہ رہیگا پانچ یا سات یا نو زید جو راوی حدیث ہے وہی شک کرنیوالا ہی اس عدد میں کہا راوی نے پھر کہا ہم نے وہ کتنی کسکی ہے کہا برسوں کی فرمایا آپنے پھر آویگا آدمی انکے پاس اور کہیگا یا مہدی دو مجھی دو مجھی فرمایا آپنے پھر لپ بھر کر دیگا وہ اسکی کپڑے میں جسے دینار و درہم جہانتک کہ وہ

فتنہ دجال کا بیان

ظلم کے مٹنے کا بیان

امر مہدی کا بیان

اڈھا سکیگا **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کی گئی ہے کئی سند وں سے ابی سعید سے انہوں نے روایت کیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ابو الصدیق ناجی کا نام بکر بن عمرو ہی اور نکو بکر بن قیس بھی کہتے ہین **باب** مَا جَاءَ فِي نُزُولِ عِيسَى بْنِ مَرْيَمَ باب نزول عیسی بن مریم کے بیانمین **عن** أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَيُوشِكَنَّ أَنْ يَنْزِلَ فِيكُمْ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا مُقْسِطًا فَيَكْسِرَ الصَّلِيبَ وَيَقْتُلَ الْخِنْزِيرَ وَيَضَعَ الْجِزْيَةَ وَيُفِيضَ الْمَالَ حَتَّى لَا يَقْبَلَهُ أَحَدٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اُس پروردگار کی کہ میری جان جسکی ہاتھ مین ہے قریب ہے کہ اُتریگا تمہاری درمیان ابن مریم حاکم عادل اور توڑیگا صلیب کو اور مار یگا خنزیر کو اور موقوف کردیگا جزیہ کو اور یہانتک کثرت سے دیگا مال کو کہ قبول نکریگا کوئی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** جملہ حضرت عیسے بن مریم کا جو احادیث متفرقہ مین وارد ہوا ہے خلاصہ اُسکا یہ ہے کہ وہ ایک مرد سرخ رنگ مین مرغول مو ہے پہنا سینہ خوبصورت ترین مرد مو ہے بال سر کے لٹکتے ہوے اور کنگھی کی ہوئی گویا پانی اُسنے ٹپک رہا ہی اور ابن عباس سے مرفوعاً مروی ہے کہ آپنے فرمایا دیکھا مینے عیسے علیہ السلام کو میانہ قد سرخ و سفید رنگ لگے موی مو سے اور ابو ہریرہ کی روایت مین یہ ہے ہی کہ گویا نکلے ہین حمام سے اور سیرت پاکیزہ اُنکے یہ ہے کہ صلیب کو توڑینگے خوک کو ماریگے اور نو زینہ کو اور موقوف کردینگے جزیہ کو اور قبول نکرینگے مگر اسلام کو اور ایک ہو جاویگا اُنکے وقت مین دین اور عبادت نہوگی کسیکی سوا خدا کے اور مذہب اوگی زکوٰۃ اسلئے کہ کوئی زکوٰۃ لینے والا نہو گا اور ظاہر ہو جاوینگے کنوز و خزاین اُنکے زمانہ مین اور رغبت نکریگا کوئی جمع اموال مین بسبب قرب قیامت کے اور جاتا رہیگا لوگو کے دلسے بغض و کینہ و عداوت و حسد بسبب فقدان اسباب اُنکے کے اور جاتی رہیگی سمیت ہر دی سم کی یہانتک کہ اطفال حیات و عقارب سے کھیلینگے اور گرگ و گوسفند ایک جگہ چرینگے اور بہر جاویگی زمین صلح سے اور سقم ہو جاویگا جنگ و جدال اور اُگاویگی زمین اپنی روئیدگی آدم علیہ السلام کے زمانہ کی مانند یہانتک کہ لوگ جمع ہونگے ایک خوشہ انگور پر اور سیر کریگا وہ انکو اور آسودہ ہونگی ایک اماسے ایک جماعت اور ارزان ہونگے گھوڑے بسبب عدم قتال کے اور گران ہونگی بیل بسبب کثرت حرث کی کہ ساری زمین محروث ہوگی اور مدت حکومت اُنکی اسمین روایات مختلف ہین چنانچہ طبرانی اور ابن عساکر کے نزدیک ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُتریگے عیسے بن مریم اور ٹھہرینگے زمین مین چالیس سال اور ابن ابی شیبہ اور احمد و ابی داؤد اور ابن جریر اور ابن حبان نے ابو ہریرہ سے روایت کیے ہے کہ چالیس برس تک رہینگے وہ زمین مین پھر وفات پاینگے اور نماز پڑہینگے اُنپر مسلمان اور دفن کرینگے اُنکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور حضرت عائشہ سے بھی چالیس برس مذکور ہے اور ایک روایت مین پینتالیس برس آئے ہین اور قلیل منافی کثیر نہین ہے اور شاید کہ چالیس کا ذکر کسر کو محذوف کرکے فرمایا ہو اور ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ آوینگے حضرت عیسے علیہ السلام موضع روحا مین اور وہانسے عمرہ لاوینگے یا حج کرینگے یا دونو کو جمع فرماوینگے اور روحا ایک مقام کا نام ہے مابین مدینہ طیبہ اور وادی صفرا کی راہ مین مکہ کے ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ انہون نے فرمایا اسی سے بہتر ہو اگر دیکھو تم حضرت عیسے علیہ السلام کو تو کہو کہ ابو ہریرہ نے تمکو سلام کہا ہے اور حاکم نے انس سے روایت کیے ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو پاؤ تم مسیح عیسے بن مریم کو تو میرا سلام کہیے ملا علی قاری نے مشرب وردی مین کہا ہے ان روایات سے ثابت ہوا کہ تمام رویت انبیا کی اور صلحا کی ہر آدمی کو ضرور ہی اور آسمین بڑے فوائد اخروی ہین **باب** مَا جَاءَ فِي الدَّجَّالِ باب دجال کے بیانمین **عن** أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ بَعْدَ نُوحٍ إِلَّا قَدْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ الدَّجَّالَ وَإِنِّي أُنْذِرُكُمُوهُ فَوَصَفَهُ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَعَلَّهُ سَيُدْرِكُهُ بَعْضُ مَنْ رَآنِي أَوْ سَمِعَ كَلَامِي قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَكَيْفَ قُلُوبُنَا يَوْمَئِذٍ فَقَالَ مِثْلُهَا يَعْنِي الْيَوْمَ أَوْ خَيْرٌ **ترجمہ** روایت ہے ابو عبیدہ بن جراح سے کہا انہون نے سنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کوئی نبی نہین ہوا بعد نوح علیہ السلام کے مگر ڈرایا اُسنے اپنی قوم کو دجال سے اور مین بھی ڈراتا ہون اس سے پھر بیان کیا حال اُسکا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمسے اور فرمایا شاید کہ پاوے اُسکو ہمارے دیکھنے والون مین سے کوئی یا ہماری بات سننے والون مین سے کوئی پھر پوچھا صحابہ نے یا رسول اللہ کیسا ہوگا اُسدن ہمارا دل سو فرمایا حضرت نے مثل اسکے یعنے جیسا کہ آج ہے یا اس سے بہتر **ف** اسباب عبد اللہ بن بسر اور عبد اللہ بن مغفل اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے حدیث حسن ہے غرض ابو عبیدہ بن جراح کی روایت سے نہین جانتے ہم اسے مگر خالد حذا کی سند سے اور ابو عبیدہ بن عامر کا نام عامر بن عبد اللہ اور وہ بیٹی مین جراح کے **عن** ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَأَثْنَى عَلَى اللَّهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ فَقَالَ إِنِّي لَأُنْذِرُكُمُوهُ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ لَقَدْ أَنْذَرَ نُوحٌ قَوْمَهُ وَلَكِنْ سَأَقُولُ فِيهِ قَوْلًا لَمْ

دجال کا بیان

نُقْلَةُ نَبِيٍّ لِقَوْمِهِ تَعْلَمُونَ أَنَّهُ أَعْوَرُ وَأَنَّ اللهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ قَالَ الزُّهْرِيُّ فَأَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيُّ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَئِذٍ لِلنَّاسِ وَهُوَ يُحَذِّرُهُمْ فِتْنَتَهُ تَعْلَمُونَ أَنَّهُ لَنْ يَرَى أَحَدٌ مِنْكُمْ رَبَّهُ حَتَّى يَمُوتَ وَإِنَّهُ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ يَقْرَأُهُ مَنْ كَرِهَ عَمَلَهُ ۝ ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا ہمارے درمیان رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم یعنے خطبہ پڑھنے کو اور تعریف کی اللہ تعالے کی جیسے اُسکو لائق ہے بہرذکر کیا دجال کا اور فرمایا کہ مین تمکو ڈراتا ہون اُس سے اور کوئی نبی نہین جسنے ڈرایا نہو اپنی قوم کو اُس سے اور ڈرایا نوح نے اپنے قوم کو اُس سے ولیکن مین اُسکے بابت ایک ایسی بات کہتا ہون کہ نہین کہی کسی نبی نے اپنے قوم سے اور وہ یہ ہے کہ تم بخوبی جانتے ہو کہ وہ کانا ہے اور اللہ کانا نہین ہے یعنے پس دعوے الوہیت اُسکا باطل ہے کہا زہری نے اور خبر دی مجھکو عمر بن ثابت نے کہ اُنکو خبر دی بعض اصحاب نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آپنے فرمایا اُسدن ایسے حال مین کہ وہ ڈرا رہی تھے اُسکے فتنہ سی کہ تم لوگ بخوبی جانتے ہو کہ نہ دیکھیگا کوئی شخص اپنے پروردگار حقیقی کو یہانتک کہ مرے یعنے اس نظر سے بھی اُسکا دعوی باطل ہے کہ وہ تو حیوٰۃ دنیا مین نظر آویگا اور اُسکے دونون آنکھون کے بیچمین لکھا ہوا ہے لفظ کافر کا پڑھ لیگا اُسکو جو بُرا جانیگا اُسکے کرتوت کو یعنے وہی لوگ اُسکے کفر سے آگاہ ہونگے جو اُسکے عمل سے بیزار ہونگے **ف** **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُقَاتِلُكُمُ الْيَهُودُ فَتُسَلَّطُونَ عَلَيْهِمْ حَتَّى يَقُولَ الْحَجَرُ يَا مُسْلِمُ هَذَا يَهُودِيٌّ وَرَائِي فَاقْتُلْهُ ۝ ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لڑینگے تم سے یہود اور مسلط ہوجاوگے تم اُنپر یہانتک کہ کہیگا پتھر اے مسلم یہہ یہودی ہے پیچھے میرے سو قتل کر تو اُسکو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **بَابُ** مَا جَاءَ مِنْ أَيْنَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ باب اس بیانمین کہ دجال کہان سے نکلیگا **عَنْ** أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الدَّجَّالُ يَخْرُجُ مِنْ أَرْضٍ بِالْمَشْرِقِ يُقَالُ لَهَا خُرَاسَانُ يَتْبَعُهُ أَقْوَامٌ كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ ۝ ترجمہ روایت ہے ابوبکر صدیق سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دجال نکلیگا مشرق کی ایک زمین سے کہ اُسی خراسان کہتی ہین سا تھ ہونگی اُسکی قومین گویا کہ مونہہ اُنکے ڈہالین ہین تہ برتہ **ف** اسباب مین روایت ہے ابی سے اور عائشہ رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کیے یہ عبد اللہ بن شوذب نے اُنہون نے ابوالتیاح سے اور معلوم نہین ہوتی یہ روایت مگر ابوالتیاح سے **مترجم** مجان جمع ہے مجن کے معنے ڈہال اور مطرقہ بضم میم وفتح راء مخفف طارقت النعل سے مشتق ہے عرب کہتا ہے طارقت النعل یعنے ایک چمڑے پر دوسرا چمڑا جوڑا مین نے مراد اس سے یہ ہے کہ مونہہ اُنکے چوڑے چوڑے ہونگے **بَابُ** مَا جَاءَ فِي عَلَامَاتِ خُرُوجِ الدَّجَّالِ باب علامات خروج دجال مین **عَنْ** مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَلْحَمَةُ الْعُظْمَى وَفَتْحُ الْقُسْطُنْطِينِيَّةِ وَخُرُوجُ الدَّجَّالِ فِي سَبْعَةِ أَشْهُرٍ ۝ ترجمہ روایت ہے معاذ بن جبل سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ملحمہ عظمی اور فتح قسطنطنیہ اور خروج دجال سات مہینے مین ہین **ف** اسباب مین صعب بن ثمامہ اور عبد اللہ بن بسر اور عبد اللہ بن مسعود اور ابی سعید خدری سے ہے روایت یہ حدیث حسن ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **عَنْ** أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ فَتْحُ الْقُسْطُنْطِينِيَّةِ مَعَ قِيَامِ السَّاعَةِ ۝ ترجمہ انس نے فرمایا کہ فتح قسطنطنیہ قیام ساعت کے قریب ہے **ف** کہا محمود نے یہہ حدیث غریب ہے اور قسطنطنیہ وہ مدینہ روم ہی فتح ہوگا نزدیک خروج دجال کے اور قسطنطنیہ فتح ہوچکا ہے بعض اصحاب کے زمانہ مین **مترجم** یعنے ایکبار مسلمانون کے قبضہ مین قسطنطنیہ اصحاب کے وقت سے آچکا ہے اور فی الحال اہل اسلام ہی کے ہاتھ مین ہے مگر امام مہدی کی وقت مین نصاریٰ کے قبضہ مین ہوگا تب قسطنطنیہ پر چڑہائی کرینگے اور اُسکے فتح کے بعد دجال خروج کریگا چنانچہ احادیث باب مین سے فتح مراد ہے نہ فتح اول **بَابُ** مَا جَاءَ فِي فِتْنَةِ الدَّجَّالِ باب فتنہ دجال کے بیان مین **عَنِ** النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ الْكِلَابِيِّ قَالَ ذَكَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ ذَاتَ غَدَاةٍ فَخَفَّضَ فِيهِ وَرَفَّعَ حَتَّى ظَنَنَّاهُ فِي طَائِفَةِ النَّخْلِ قَالَ فَانْصَرَفْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رُحْنَا إِلَيْهِ فَعَرَفَ ذَلِكَ فِينَا فَقَالَ مَا شَأْنُكُمْ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ ذَكَرْتَ الدَّجَّالَ الْغَدَاةَ فَخَفَّضْتَ وَرَفَّعْتَ حَتَّى ظَنَنَّاهُ فِي طَائِفَةِ النَّخْلِ قَالَ غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُنِي عَلَيْكُمْ إِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا فِيكُمْ فَأَنَا حَجِيجُهُ دُونَكُمْ وَإِنْ يَخْرُجْ وَلَسْتُ فِيكُمْ فَامْرُؤٌ حَجِيجُ نَفْسِهِ وَاللهُ خَلِيفَتِي عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ إِنَّهُ شَابٌّ قَطَطُ عَيْنُهُ قَائِمَةٌ كَأَنِّي أُشَبِّهُهُ بِعَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قَطَنٍ فَمَنْ رَآهُ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ فَوَاتِحَ سُورَةِ أَصْحَابِ الْكَهْفِ قَالَ يَخْرُجُ مَا بَيْنَ الشَّامِ وَالْعِرَاقِ فَعَاثَ يَمِينًا وَشِمَالًا

یَا عِبَادَ اللّٰہِ اثْبُتُوا قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا لَبْثُہٗ فِی الْاَرْضِ قَالَ اَرْبَعُوْنَ یَوْمًا یَوْمٌ کَسَنَۃٍ وَیَوْمٌ کَشَہْرٍ وَیَوْمٌ کَجُمُعَۃٍ وَسَائِرُ اَیَّامِہٖ کَاَیَّامِکُمْ قَالَ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ الْیَوْمَ الَّذِیْ کَسَنَۃٍ اَتَکْفِیْنَا فِیْہِ صَلٰوۃُ یَوْمٍ قَالَ لَا وَلٰکِنِ اقْدُرُوْا لَہٗ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَمَا سُرْعَتُہٗ فِی الْاَرْضِ قَالَ کَالْغَیْثِ اسْتَدْبَرَتْہُ الرِّیْحُ فَیَاْتِی الْقَوْمَ فَیَدْعُوْہُمْ فَیُؤْمِنُوْنَ بِہٖ وَیَسْتَجِیْبُوْنَ لَہٗ فَیَاْمُرُ السَّمَآءَ اَنْ تُمْطِرَ فَتُمْطِرُ وَالْاَرْضَ اَنْ تُنْبِتَ فَتُنْبِتُ فَتَرُوْحُ عَلَیْہِمْ سَارِحَتُہُمْ کَاَطْوَلِ مَا کَانَتْ ذُرًی وَاَمَدِّہٖ خَوَاصِرَ وَاَدَرِّہٖ ضُرُوْعًا ثُمَّ یَاْتِی الْخَرِبَۃَ فَیَقُوْلُ لَہَا اَخْرِجِیْ کُنُوْزَکِ فَتَنْصَرِفُ مِنْہَا فَتَتْبَعُہٗ کَیَعَاسِیْبِ النَّحْلِ ثُمَّ یَدْعُوْ رَجُلًا شَابًّا مُمْتَلِئًا شَبَابًا فَیَضْرِبُہٗ بِالسَّیْفِ فَیَقْطَعُہٗ جَزْلَتَیْنِ ثُمَّ یَدْعُوْہُ فَیُقْبِلُ یَتَہَلَّلُ وَجْہُہٗ یَضْحَکُ فَبَیْنَمَا ہُوَ کَذٰلِکَ اِذْ بَعَثَ اللّٰہُ الْمَسِیْحَ عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ فَیَنْزِلُ عِنْدَ الْمَنَارَۃِ الْبَیْضَآءِ بِشَرْقِیِّ دِمَشْقَ بَیْنَ مَہْرُوْدَتَیْنِ وَاضِعًا یَدَیْہِ عَلٰی اَجْنِحَۃِ مَلَکَیْنِ اِذَا طَاَطَاَ رَاْسَہٗ قَطَرَ وَاِذَا رَفَعَہٗ تَحَدَّرَ مِنْہُ جُمَانٌ کَاللُّؤْلُؤِ قَالَ وَلَا یَجِدُ رِیْحَ نَفَسِہٖ یَعْنِیْ اَحَدٌ اِلَّا مَاتَ وَرِیْحُ نَفَسِہٖ مُنْتَہٰی بَصَرِہٖ قَالَ فَیَطْلُبُہٗ حَتّٰی یُدْرِکَہٗ بِبَابِ لُدٍّ فَیَقْتُلُہٗ قَالَ فَلَبِثَ کَذٰلِکَ مَا شَآءَ اللّٰہُ قَالَ ثُمَّ یُوْحِی اللّٰہُ اَنْ حَرِّزْ عِبَادِیْ اِلَی الطُّوْرِ قَالَ فَاِنِّیْ قَدْ اَنْزَلْتُ عِبَادًا لِّیْ لَا یَدَانِ لِاَحَدٍ بِقِتَالِہِمْ قَالَ وَیَبْعَثُ اللّٰہُ یَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ وَہُمْ کَمَا قَالَ اللّٰہُ وَہُمْ مِّنْ کُلِّ حَدَبٍ یَّنْسِلُوْنَ قَالَ وَیَمُرُّ اَوَّلُہُمْ بِبُحَیْرَۃِ الطَّبَرِیَّۃِ فَیَشْرَبُ مَا فِیْہَا ثُمَّ یَمُرُّ بِہَا اٰخِرُہُمْ فَیَقُوْلُوْنَ لَقَدْ کَانَ بِہٰذِہٖ مَرَّۃً مَآءٌ ثُمَّ یَسِیْرُوْنَ حَتّٰی یَنْتَہُوْا اِلٰی جَبَلِ بَیْتِ الْمُقَدَّسِ فَیَقُوْلُوْنَ لَقَدْ قَتَلْنَا مَنْ فِی الْاَرْضِ فَہَلُمَّ فَلْنَقْتُلْ مَنْ فِی السَّمَآءِ فَیَرْمُوْنَ بِنُشَّابِہِمْ اِلَی السَّمَآءِ فَیَرُدُّ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ نُشَّابَہُمْ مُخَضَّبًا دَمًا وَیُحَاصَرُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ وَاَصْحَابُہٗ حَتّٰی یَکُوْنَ رَاْسُ الثَّوْرِ یَوْمَئِذٍ خَیْرًا لِّاَحَدِکُمُ الْیَوْمَ مِنْ مِّائَۃِ دِیْنَارٍ لِاَحَدِکُمُ الْیَوْمَ قَالَ فَیَرْغَبُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ اِلَی اللّٰہِ وَاَصْحَابُہٗ قَالَ فَیُرْسِلُ اللّٰہُ عَلَیْہِمُ النَّغَفَ فِیْ رِقَابِہِمْ فَیُصْبِحُوْنَ فَرْسٰی مَوْتٰی کَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَۃٍ قَالَ وَیَہْبِطُ عِیْسٰی وَاَصْحَابُہٗ فَلَا یَجِدُ مَوْضِعَ شِبْرٍ اِلَّا وَقَدْ مَلَأَتْہُ زَہَمَتُہُمْ وَنَتْنُہُمْ وَدِمَاؤُہُمْ قَالَ فَیَرْغَبُ عِیْسَی اِلَی اللّٰہِ وَاَصْحَابُہٗ قَالَ فَیُرْسِلُ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ طَیْرًا کَاَعْنَاقِ الْبُخْتِ فَتَحْمِلُہُمْ فَتَطْرَحُہُمْ بِالْمَہْبِلِ وَیَسْتَوْقِدُ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ قِسِیِّہِمْ وَنُشَّابِہِمْ وَجِعَابِہِمْ سَبْعَ سِنِیْنَ وَیُرْسِلُ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ مَطَرًا لَا یَکُنُّ مِنْہُ بَیْتُ وَبَرٍ وَلَا مَدَرٍ قَالَ فَیَغْسِلُ الْاَرْضَ فَیَتْرُکُہَا کَالزَّلَفَۃِ قَالَ ثُمَّ یُقَالُ لِلْاَرْضِ اَخْرِجِیْ ثَمَرَتَکِ وَرُدِّیْ بَرَکَتَکِ فَیَوْمَئِذٍ تَاْکُلُ الْعِصَابَۃُ الرُّمَّانَۃَ وَیَسْتَظِلُّوْنَ بِقِحْفِہَا وَیُبَارَکُ فِی الرِّسْلِ حَتّٰی اَنَّ اللِّقَامَ مِنَ النَّاسِ لَیَکْتَفُوْنَ بِاللِّقْحَۃِ مِنَ الْاِبِلِ وَاِنَّ الْقَبِیْلَۃَ لَیَکْتَفُوْنَ بِاللِّقْحَۃِ مِنَ الْبَقَرِ وَاِنَّ الْفَخِذَ لَیَکْتَفُوْنَ بِاللِّقْحَۃِ مِنَ الْغَنَمِ فَبَیْنَمَا ہُمْ کَذٰلِکَ اِذْ بَعَثَ اللّٰہُ رِیْحًا فَقَبَضَتْ رُوْحَ کُلِّ مُؤْمِنٍ وَیَبْقٰی سَائِرُ النَّاسِ یَتَہَارَجُوْنَ کَمَا یَتَہَارَجُ الْحُمُرُ فَعَلَیْہِمْ تَقُوْمُ السَّاعَۃُ ترجمہ روایت نواس بن سمعان کلابی سے کہا انہوں نے کہ ذکر کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دجال کا اکیدن پس ذلت اور حقارت بیان کی اُسکی اور بڑائی کی اُسکی فتنہ اور خوارق عادات کی یہانتک کہ یقین کیا ہمنے کہ وہ کھجوروں کے آڑ میں ہے کہا راوی نے پھر ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سے پھر گئے ہم آپکے پاس اور سمجھا یا آپنے ہم میں اثر خوف دجال کا سو فرمایا آپنے کیسا حال ہے تمہارا کہا راوی نے عرض کی ہمنے یا رسول اللہ ذکر کیا آپنے دجال کا کل اور اہانت بیان کی اُسکے اور بڑائی کی اُسکے فتنہ کی یہانتک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ کھجوروں کی آڑ میں ہے یعنے یہانتک اُسکی آنیکا یقین ہو گیا فرمایا آپنے دجال کے سوا اور چیز ونکا خوف تم پر اُس سے زیادہ ہے اور وہ تو اگر نکلا اور میں تمہاری درمیان ہوا تو میں حجت کرنیوالا ہوں اُس سے تمہارے سوا اور اگر وہ نکلا اور میں نہوا تو ہر شخص اپنے نفس کیطرف سے حجت کرنیوالا ہی اُس سے اور اللہ تعالے میرا خلیفہ ہے ہر مسلمان کے نزدیک تحقیق کہ وہ جوان ہے گھونگر والی بالوں والا ایک آنکھ اُسکی جاتی رہی ہے باقی ہے اپنے حدقہ میں بیشکل ہے عبد العزی بن قطن کے پھر جو دیکھا ہے اُسے تم میں سے ضرور ہی کہ پڑ پڑے شروع سورہ کہف کا اُسپر پھر فرمایا کہ نکلیگا شام و عراق کے درمیان سے پھر خراب کردیگا داہنے اور بائیں کے بندوں اللہ کے ثابت رہو لینے دین حق پر عرض کی ہمنے کہ یا رسول اللہ کتنی مدت ٹھہریگا اُسکا ہی میں فرمایا آپنے چالیس دن ایکدن اکیسال کے برابر اور ایکدن ایک مہینے کے برابر اور ایکدن ایک ہفتہ کے برابر اور باقی دن تمہارے سب دنوں کے برابر کہا راوی نے پھر عرض کی ہمنے یا رسول اللہ پہلا خبر بھی ہمکو کہ وہ دن جو اکیسال کے برابر ہوگا کیا کافی ہوگی ہمکو نماز ایکدن کی فرمایا آپنے نہیں ولیکن اندازہ کریگا تم اوقات نماز کا عرض کی ہمنے پھر یا رسول اللہ کیسی ہے چال اُسکی زمین میں فرمایا مانند مینہ کے کہ پیچھے رہ جاتی ہے

اور جہ بالفحشا اور قیام خطبا رکا ساتھ کذب کے اور اتساد مرد مانند بہایم اور پشوارع عام کے چنانچہ حاکم نے ابوہریرہ سے روایت کیا ہے کہ قایم نہوگی قیامت جبتک کہ عورتوں سے ذکر جماع نکیا جاوی راستوں کے بیچمین اور انکار نکری اُسپر کوئی شخص افضل اُنمین کا وہ ہوگا کہ کہیگا کاش کہ راہ سے ذرا الگ ہوجاتے پس یہ شخص انمین ایسا ہوگا جیسے تم مین ابوبکر و عمر انتہے دیلمی نے حذیفہ سے روایت کیے کہ قایم نہوگی قیامت جبتک کہ تین چیز کمیاب نہوجاوے ورہم حلال کا اور علم مفید اور دوستی اللہ کی داعلی اور گران وگم ہونا صدقات کا اور خراب ہونا عمرات کا اور بازی کرنا مرد کا امانات سی یا دین سے جیسا کہ اونٹ بازی کرتا ہے بچہ سی اور حیف ائمہ اور تصدیق نجوم اور تکذیب قدر کی اور انا انجملہ یہ ہے کہ نجاویگے مردم جبتک کہ نکہین کہ قرآن مخلوق ہے حالانکہ قرآن نہ خالق ولیکن کلام خدا ہے کہ اُسے سی ظاہر ہوا اور اُسی کی طرف عود کریگا رواہ اللالکائی والاصبہانی عن علی کرم اللہ وجہہ اور یہ امام احمد بن حنبل کے وقت واقع ہوا اور فتنۂ عظیم اس امر پر برپا ہوا اور بہت لوگ مقتول و محبوس و مسجون ہوے اور انا انجملہ یہ ہے کہ جمع ہونگے بیچ شخص یا اُسنے زیادہ اور ایک اُنمین ایسا نہ ہوگا کہ خوجھاڑے ڈرا ہوا اور انا انجملہ یہ ہے کہ گذر نگا مرد مسجد مین اور اُنکا کریگا وہان دو رکعت اور جماع کرنا بی بی یا لونڈی سے اُسکی دبر مین اور مشورہ کرنا لونڈیون سے اور حکومت عورتوں کی اور امارت نادانون کی اور منحصر ہونا اسلام کا موقت پر اور راستہ ٹھہرانا مسجدون کو اور سجدہ نہونا اُنمین خالص اللہ کے واسطے اور سجدہ کرنا لوگونکا مذہب ہونا بطور قاصد کے درمیان دونون فریق کے اور یہ انا مسودا گرکا دونون فریق مین اور پنانا فائدہ کا اور قایم ہونا اختیار عراق کا شام مین اور شراشام کا عراق مین اور سلامتی نہونا دین کی مگر اسمین کہ بہاگی آدمی شامق بشامق اور سوار خوشحال مانند روباہ کے کہ اپنے بچونکو لیکر بہاگتی ہے اور ہوے ہلاک مردم کا ان باپکے ہاتھ سے اگر اُسکے ان باپ ہون ورنہ بیوی کی باتسے ورنہ غیر و اقارب اور جارکے ہاتھ سے اور عاردین اُسکو یہ لوگ تنگی معاش پر اور تکلیف دین مالا یطاق کے یہانتک کہ جان اپنی ہلاکت مین ڈالی انا انجملہ جیسے یہ زنا مومن کا جیسے یہ زنی شب زنان سابق مین منافق رواہ ابن النسی انا انجملہ یہ کہ آویگا آدمیون پر ایک زمانہ کہ ہوگی ہمت اُنکی شکم پروری اور خواہش اُنکی متاع دنیا اور قبلہ اُنکا عورتین اور دین انکا درہم و دنیا اور وہ بدترین خلق ہین نہین بہرہ اُنکا خدا سے رواہ السلمی عن علی اور انا انجملہ یہ کہ آویگا لوگونپر ایک زمانہ کہ قتل کئی جاوینگے علما جیسے قتل کیے جاتے ہین کفی سو کا شکے علما اُسوقت تخامق کرین رواہ الدیلمی وابن عساکر عن علی اور آویگا لوگون پر ایک زمانہ کہ علما کو موت عزیز ہوگی زر سرخ سے زیادہ رواہ ابوہریرہ عن ابی ہریرہ مادر نخاوینگا رات اور دن یہانتک کہ پرانا ہوجاوے لوگون کے سینہ مین جیسا کہ پرانا ہوجاتا ہے کپڑا اور اسوای قرآن عجب ہوگا اُنکی طرف در بالکل گم ہوے اُنکے دلونمین کہ نہ ملیگا اُس سے خوف اگرچہ حقوق آدمیون کی کرتے ہون اور منتہائی نفس اُنکا آرزو مین ہون اگرچہ متجاوز ہوجاوین وہ نہایات الٰہی تک اور کہینگے کہ امید رکھتی ہین ہم اللہ سے کہ درگذر کریگا وہ ہمکو ہینگے پوست گوسفندون کے اگر گوں کے بلون پر افضل اُنکا وہ ہوگا کہ یہ امین ہونا معروف کرے اور نہی عن المنکر رواہ ابونعیم عن مقتل بن یسار اور آویگا لوگون پر ایک وقت کہ پیروی نکیا جاویگا علیم اور شرم نکیا جاویگا حلیم اور توقیر نہو کبیر کی اور رحم نہو صغیر پر اور بعض اُنکے بعض کو دل اُنکے عجمی اور زبان عربی نہ پہچانین معروف کو اور نہ انکار کرین منکر را صالحین اُنکے پوشیدہ ہین وہ بدترین خلق خدا مین نظر نکریگا خداوند تعالے اُنکی طرف قیامت کے دن رواہ الدیلمی عن علی رضی اللہ عنہ اور جبکہ مزخرف کرو تم مسجدون کو اور مصحفون کو ملاکی ہے تمہاری رواہ الحکیم عن ابی الدرداء اور نماز پہینگے پچاس آدمی اور قبول نہوگی کسیکی ایک بھی نماز رواہ ابوالشیخ عن ابن مسعود اور قیامت قایم نہووے جبتک کہ تقسیم نہووے میراث اور خوشی نہو ساتھ غنیمت کی رواہ مسلم و نقاش اسواق اور افشائے عنیت و ظہور اہل منکر اور سوء جوار اور تعطیل سیف جہاد اور اختیار دنیا بعوض دین اور سوء خلق و موت بدار اور ہوا خور تونکا سیات عادات کا سر اُنکے مانند کوہان شتر بختی کے ہین لعنت کرو انکو کہ وہ ملعونات ہین اخرجہ احمد اور نکلینگے اس امت مین وہ کہ اُنکے ساتھ آزمایا ہین مانند دم گاؤ کے نہو کرتے ہین وہ خدا کے خط مین اور شام کرتے ہین اُسکے غضب مین اخرجہ احمد اور باقی نرہنا اسلام سے سوا نام کے اور قرآن کے سوا نقش کے اور تعلیہ مصحف بر اور فرہی ذکو لمت اور خطبہ پڑہنا لڑکونکا منبرون پر اور کثرت صفوف کی دلہائی متباغضہ اور السنہ مختلفہ اور ہوا ہائی متکاثرہ کے ساتھ حذیفہ بن الیمان سے مروی ہے کہ اقتراب ساعت سے ہین یہ خصلتین جب دیکھو تم لوگونکو کہ مارتے ہین نماز کو ضایع کرتے ہین امانت کو کہاتے ہین ربوا کو اور کہتے ہین دروغ کو شک جانتے ہین خونریزی کو مشغول ہین ساتھ بنا کے بیچنے ہین دین کو ساتھ دنیا کے اور قطع کرتے ہین رحم کو اور ہوا حکم ضعف اور کذب صدق اور حریر لباس اور ظاہر جاہ اور بہت ہوں علاق اور بہت ہوا قذف اور بہت ہوے لئام اور کم ہوے کرام اور امیر ہوے فاجر اور وزیر کاذب اور عرفا ظلمہ اور قرا فسقہ اور ظاہر ہوے غلمہ اور ہلاک ہوے ہلاک ہوا اور درز سود مین بیع

اور خراب ہووین قلوب اور مشروب ہو شراب اور معطل ہون حدود اور جنی لونڈی اپنے مالک کو اور زنیادہ یا برہنہ تن سلطان ہون اور شریک ہو عورت مرد کی تجارت مین اور تشبہ کرین مرد عورتون سے اور عورتین مردون سے اور قسمین کہاوین غیر خدا کی اور گواہی دین بدون طلب اور تصدق کرین بر اے غیر خدا اور طلب کیجاوے دنیا عمل آخرت سے اور لیکاوین معیشات اور معارف اور علم پر فخر کرین اور حکم کیجاوے اور قرآن کو مزامیر پر اوین پس انتظار کرو باد سرخ اور مسخ و قذف کا الحدیث وفیہ آیات کثیرۃ خذفتہا للتکرار اخرجہ ابو نعیم فی الحلیۃ اور اظہار علم اور تضییع عمل اور دوستی بزبان اور دشمنی بدل رواہ ابن ابی الدنیا فی کتاب العلم اور حضرت علی سے مروی ہے علامات اقتراب ساعت مین آضلال کبائر کا اور اکل ربوا اور اکل رشتا اور تشیید بنیان اور تہاون بطلاق و استحلال معازف و نقص شہور و نقص مواشی اور صعود جہال کا منابر پر اور ہینا مرد و نکاح ٹیپون کو بغیر غیرت کے اور تضییع طرقات اور کون علما رسوی ولاۃ اور لعب ساتہ میسر کے اور بکا باطل و ساز و مزامیر کا اور احلاف ہوا اور سوا اُسکی اور بہت علامات ہین کہ اگر جمعہ کے جاوین ایک بحر طویل درکار ہو عاقل بصیر کو اتنا کافی ہے اور عالم خبیر اسقدر کافی غرض بہر حال ظہور منکرات و رواج سیئات و نشر مدجات اور فشو سیئات اور احداث محدثات روز بروز ترقی پاتا جاتا ہے اور بہت کم لوگ ہین کہ جوان لہراض سے آگاہ ہون اور انسی بہی کم وہ ہین جو انسی نفور ہون اور انسی بہی کم وہ ہین جوان امراض سے دور ہون غرض صلحا اقل قلیل ہین اور نظر خلائق مین اذل ذلیل ہم لوگ انہی فتنون کے ذیل مین بازار دنیا مین آئین ہین دیکہئے اگے اللہ تعالے کو کیا منظور ہے حتی المقدور بندونکو خوف خدا ضرور ہے اور غرلت عن الخلق موجب فرج و سرور دیکہئے وہ خالق کون و مکان پردہ غیب سے اس امت مظلومہ کی اشاعت کب فرماتا ہی اور ظہور مہدی مقدس و نزول عیسی علیہ السلام غربت اسلام کا علاج کب کرتا ہے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ رُفَقَاءِ الْمَهْدِيِّ وَاجْعَلْنَا مِنْ خَدَمِ الْعِيسٰى اَللّٰهُمَّ اَحْيِنَا مَعَهُمْ وَاَمِتْنَا مَعَهُمْ وَاحْشُرْنَا فِي الْاٰخِرَةِ مَعَهُمْ وَاَدْخِلْنَا فِي الْجَنَّةِ مَعَهُمْ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَيَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَيْرِ الْخَلَائِقِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

## اَبْوَابُ الرُّؤْيَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ یہ باب ہین خوابون کے بیانمین جو وارد ہین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے - مترجم

رویا اصل مین مصدر ہے بمعنے دیکہنے کے مستعمل ہوتی ہے اُس چیز کے لئے کہ دیکہی جاوے خواہ بہین صورتون سے قاموس مین ہے الرویا ما رایتہ فی منامک یعنی رویا وہ ہی جو کہ دیکہے تو خواب مین اور رویا مقصور و ممدود ہے اور کبہی ہمزہ کو واو سے بدل کر دیتے ہین تخفیف کے لئے اور رویا مین اختلاف سے عقلا کا سبب ایک اشکال وارد کے اور وہ اشکال یہ ہے کہ نوم ضد ادراک ہے پس جبکہ نوم ہوتا ہے تو ادراک نہین ہوتا ہے اکثر متکلمین اشاعرہ سے اور معتزلہ اسطرف گئی ہین کہ وہ خیال باطل ہے نہ حقیقت ادراک لیکن معتزلہ کہتی ہین کہ دیکہنے کے شرائط ہین مثلا مقابلہ رائی اور مرئی مین اور خروج شعاع باصرہ سے اور توسط ہوائی شفاف کا اور امتداد اسکی اور یہ سب مفقود ہی منام مین پس سوائی خیالات فاسدہ اور اوہام باطلہ کے اور کچہہ نہین اور اشاعرہ کہتے ہین چونکہ نوم ضد ادراک ہے اور جاری نہین ہوئی عادت الٰہی سائتہ خلق ادراک کے نوم مین پس جو مدرک ہوتا ہے حقیقت ادراک نہین ہے بلکہ خیال باطل اور وہم عامل ہے اور یہ ہی جلباضرورہے کہ مراد بطلان سے انکے نزدیک اتنا ہی کہ رویا حقیقت ادراک نہین ہے بلکہ ایک چیز ہے مشابہ ادراک اور یہ مراد نہین کہ رویا صحیحہ نہین یا اعتبار اُسکا کچہہ نہین تعبیر یا فی تعبیر اسلئے کہ صحت پر رویا صالحہ کے اور حجیت پر اُسکے اجماع اہل حق منعقد ہے پس گویا وہ کہتی ہین کہ رویا حقیقت ادراک نہین ہے لیکن باوجود اسکے ثبوت رکہتا ہی اور اُسکی تعبیر ہے اور اولی یہ ہے کہ لفظ باطل رویا کی حق مین نہ کہین بلکہ بجائی اُسکی محض یا صرف کا استعمال کرین تو اولی ہے اور ابو اسحق اسفرائینی نے کہا ہی کہ رویا ادراک ہے حقیقۃً لیکن شبہ اسلئے کہ کچہہ فرق نہین اُس چیز مین جو پاتا ہے نایم نوم مین اور مستیقظ یقظہ مین اور ادراکات سے پس تشکیک ادراک نایم مین مستلزم ہے وقوع شک کو ادراک مستیقظ مین اور مستلزم ہے انکار بدیہی کی اور استاذ مذکور بہی قایل ہے کہ نوم ضد ادراک ہے مگر کہتا ہے کہ نوم قایم ہے بعض اجزای انسان سے اور ادراک قایم ہے بعض دوسرے کے ساتہ اُسکی اجزا سے اسلئے اجتماع ضدین مقام واحد مین لازم نہ آیا کذا فی المواقف و شرحہ اور یعنی بنا ہے حقیقت رویا پر اُنہا ہے تعالی کا دل نایم مین علوم و ادراکات کو جیسا کہ پیدا کرتا ہے اُسکا دل یقظان مین اور وہ تعالی خالق ہے علوم و ادراکات کا یقظہ موجب سکا نہ نوم مانع اُسکا اور خلق ان ادراکات کا نایم مین علامت اُسکی دوسرے امور مین کہ عارض ہوتی ہین ثانی الحال مین جیسا کہ تعبیر اُسکی ہے اور خواب مانند کے ہے کہ ادراک ہے [illegible] اُس قول کے رویا حقیقت ادراک ہے اور نوم ادراک مین ضدیت نہین اور فقیر یعنے مترجم کے نزدیک یہی قول کتاب و سنت [illegible]

## بَابُ اَنَّ نَفْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ باب اس بیان مین کہ خواب مومن کا چہیالیسوان

حصہ ہے نبوت کا **عن** اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ لَمْ تَکَدْ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ تَکْذِبُ وَاَصْدَقُهُمْ رُؤْیَا اَصْدَقُهُمْ حَدِیْثًا وَرُؤْیَا الْمُسْلِمِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَاَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ وَالرُّؤْیَا ثَلَاثٌ فَالرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ بُشْرٰی مِنَ اللّٰهِ وَالرُّؤْیَا مِنْ تَحْزِیْنِ الشَّیْطَانِ وَالرُّؤْیَا مِمَّا یُحَدِّثُ بِهَا الرَّجُلُ نَفْسَهُ فَاِذَا رَاٰی اَحَدُکُمْ مَا یَکْرَهُ فَلْیَقُمْ وَلْیُصَلِّ وَلَا یُحَدِّثْ بِهٖ النَّاسَ قَالَ وَاُحِبُّ الْقَیْدَ فِی النَّوْمِ وَاَکْرَهُ الْغُلَّ الْقَیْدُ ثُبَاتٌ فِی الدِّیْنِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب قریب ہوجاوے زمانہ نہو دیگا خواب مومن کا جھوٹ اور سچا خواب اُسکا ہی جسکی بات سچی ہے یعنے جو صادق ہے اور خواب مسلمان کا جیسا لیسواں حصہ ہے نبوت کا اور خواب تین قسم ہی ایک خواب نیک کہ بشارت ہی اللہ تعالےٰ کیطرف سے اور دوسرا وہ خواب کہ غمگین کرتا ہے اُسمیں شیطان کیطرف سے اور ایک خواب حدیث نفس ہے مرد کے یعنے خیالات ہیں کہ متصور ہوتی ہیں مرد پر جو دیکھے کوئی خواب میں وہ چیز کہ کارہ رکھے تو کھڑا ہوجاوے اور تہجد کی اور نہ بیان کرے لوگوں سے اور فرمایا دوست رکھتا ہوں میں زنجیر کو دیکھنا خواب میں اور کارہ جانتا ہوں طوق کو دیکھنا یعنے گلے میں اور زنجیر کی تعبیر دین پر ثابت رہنا ہی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَاَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ **ترجمہ** عبادہ بن صامت سے روایت ہے کہ فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خواب مومن کا ایک ٹکڑا ہی جیالیس ٹکڑوں میں سے نبوت کے **ف** اسبابن ابی ہریرہ اور ابی زرین عقیلی اور انس اور ابی سعید اور عبداللہ بن عمر اور عوف بن مالک اور ابن عمر سے بھی روایت ہے حدیث عبادہ کی صحیح ہی **ترجم** قولہ جب قریب ہوجاوے زمانہ اسمیں تین قول ہیں بعضوں نے کہا مراد قرب ساعت ہے کہ جب قیامت قریب ہوگی خواب صحیح بہت کثرت سی ہونگی اور یہ پہلا قول ہے اور دوسرا قول یہ ہی کہ مراد اقتراب زمان سے برابر ہونا دن اور رات کا ہی چنانچہ معبرین کا قول ہے اصدق الازمان للعبارة وقت التقاق الانوار وادراک الثمار وحینئذ یستوی اللیل والنہار تیسرا قول ہے کہ مراد اُس سے زمانہ چھوٹا ہوتا ہی کہ قریب قیامت کے ہوگا کہ سال برابر ہوگا ماہ کی اور ماہ برابر ہفتہ کی اور ہفتہ برابر الکدس کے اور دن برابر ایک گھڑی کے قولہ اور سچا خواب اُسکا الخ یعنے خواب اُسکا سچا ہے جو شخص عادت کرے صدق کی اور بچی کذب سے اور حاصل کرے عقاید صحیحہ اور اعتقادات صادقہ اور صدق احوال اور افعال اقوال کا اُسکا خواب روز بروز سچا ہوتا جاتا ہی اور بشارات غیبیہ سے اُسکی تائید ہوتی جاتی ہے اور بڑی بڑے عمدہ علوم اور پسندیدہ فہوم بذریعہ رویا اُسی تعلیم ہوتی ہیں اور تعارا نبیا وصلحا اور فیوض ارواح شہدا اور طرح طرح کی بشارات غیبیہ اور آلا رلا ربیہ اُسی حاصل ہوتے ہیں کہ ابتدائی زمان اُسکے سنی سے متحیر اور اخوان دوران اُسکے استماع سے ششدر ہوں قولہ اور خواب مسلمان کا جیالیسواں حصہ ہے اسمیں روایات مختلف ہیں چنانچہ مسلم کی روایت میں چھیالیسویں حصہ کا ذکر ہے اور ایک روایت میں جزء من سبعین جزءًا من النبوة مذکور ہے اور اربعین جزءًا بھی وارد ہوا ہے اور ستة واربعین ہے اور حضرت عباس سے ایک روایت میں خمسین بھی آیا ہے اور ابن عمر کے روایت میں ستة وعشرین اور عبادہ کے روایت میں اربعة واربعین قاضی عیاض سے مروی ہے کہ طبری نے کہا ہے کہ یہ اختلاف راوی کے ہے کہ مومن صالح کا رویا جیالیسواں جزء ہے اور مومن فاسق کا ستراجزا کا ایک جزء اور بعضوں نے کہا کہ جسکی تعبیر خفی ہو وہ ستراجزا کا ایک جزء ہے اور جسکی تعبیر جلی ہو وہ جیالیسواں جزء ہے خطابی نے کہا ہے کہ بعضے علما نے فرمایا کہ ایام وحی کے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر تیئیس ۲۳ برس ہیں دس برس مدینہ میں اور تیرہ برس مکہ میں اور اس سے قبل چھ مہینے خواب صالح میں آپکو وحی ہوتی تھی اور چھ مہینے جیالیسواں حصہ ہیں تیئیس برسکا پس اس حدیث میں اشارہ اسکی طرف ہے اور بعضوں نے اسپر یہ اعتراض کیا ہے کہ مدت رویا صالحہ کی نقل سے ثابت نہیں اور بصورت ثبوت بھی بعد اسکے بہت سی خواب آنحضرت نے دیکھے ہیں پھر ان خوابوں کی مدت اگر ملا لی جاوے تو چھ مہینے سے زیادہ ہوگی اور نسبت متغیر ہوجاویگی مگر مازری نے اسکا جواب دیا ہے کہ یہ اعتراض باطل ہے اسلئے کہ بعد وحی کے خواب چونکہ بارسال ملک ہوتے ہیں وہ وحی میں داخل ہیں اور بعضوں نے کہا چونکہ خوابیں اکثر اخبار بالغیب بھی ہوتا ہے اسلئے آپنے اسی جزو نبوت فرمایا ہے خطابی نے کہا یہ حدیث مؤکد ہے امر رویا کی اور محقق ہے اُسکی منزلت کی اور کہا جزء نبوت ہونا رویا کا انبیا کے حق میں ہے یعنے اُنہیں کے خواب جزو نبوت ہیں نہ اُنکے غیر کے اسلئے کہ انبیا پر وحی بھی جاتی ہے خواب میں جیسا کہ جاگتے میں اور خطابی نے کہا بعض علما کا قول ہے کہ مراد حدیث یہ ہے کہ رویا آتے ہیں موافقت پر نبوت کے اسلئے کہ وہ ایک جزو باقی ہے نبوت کا یعنے قیامت تک اور مترجم کے نزدیک یہی قول صحیح تر ہے اور مؤید میں اسکی بہت حدیثیں یعنے تخصیص رویا انبیا کی نہ نبوت ہونی میں خوب نہیں واللہ اعلم (نووی) قولہ جب دیکھے خواب میں کوئی چیز کارہ واہ [illegible] نے کہا ہے کہ مناسب ہے کہ جمع کرے سب روایتوں کو یعنے جب کچھ مکروہ دیکھے تو تھوکے بائیں طرف تین بار اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ومن شر ما رأیت [illegible]

بدل سے اور اُنھیکو درکھت پڑھ لی پھر جسنے ایسا کیا اُسنے سب روایتون پر عمل کیا جو اسبابمین وارد ہوئے ہین اور اگر اقتصار کیا بعض پر تو بھی دفع ضرر کو کافی ہے جیسے کہ مصرح ہے حدیثونمین انتہی قولہ اور نہ بیان کرے لوگون سے اسلئے کہ شاید اگر تعبیر دی اسکی کسی دشمن نے خراب تو واقع ہوگی اسلئے کہ کہا گیا ہے کہ رویا منزلہ طائر کے ہے جب تعبیر دی گئی اُسکی اُتر آیا اور اگر تعبیر نہ دیگئی اوڑ گیا قولہ دوست رکھتا ہون مین زنجیر کو اسلئے کہ زنجیر مین پیرون مین ہوتی ہین اور اشارہ ہی اسمین معاصی اور شرور اور انواع باطلہ سے باز رہنی کا اور طوق کا محل گردن ہے اور وہ زیور ہے اہل نار کا چنانچہ فرمایا اللہ تعالیٰ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا اور فرمایا اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اور اہل تعبیر نے اسمین ایک تفصیل کی ہے اور وہ یہ ہے کہ جب دیکھی کوئی شخص زنجیر اپنے پیر مین اور وہ مسجد مین ہے یا کسی شہد خیر مین یا کسی اور اچھی حالت مین پس وہ دلیل ہے اسبات کی اُسکی حالت مذکورہ پر اور اسیطرح اگر دیکھے اُسی صاحب ولایت ہی اُسکی اثبات ولایت پر اور اگر دیکھے مرتبط و مسجون و مسافر و مکروب وغیرہ تو دلیل ہے اُسکی ثبات پر ان حالتونمین اور کہا ہے کہ اگر ملحق ہو جاوے اُسکے ساتھ کوئی اور بار وہ ہے مثلاً زنجیر کے ساتھ طوق ہی دیکھا تو تعبیر ہے زیادت کردہ کی اسلئے کہ وہ صفت ہے معذبین کے اور طوق اگر گردن مین ہے مذموم ہے اور اگر ہاتھ مین ہے تو تعبیر اُسکی کف عن الشر ہی اور کبھی دلالت اُسکے بخل پر بھی ہے اور کبھی منع پر اُن فعلونکے جسکے نیت کی ہے (نووی) فقیر کہتا ہی مغلول دیکھنا گردن مین اشارہ ہی بخل کیطرف چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ الآیۃ یا اشارہ ہی ذہاب خیر و برکت کیطرف چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ اور اگر کسی ظالم کو خواب مین مغلول دیکھے اشارہ مواخذہ الٰہی کیطرف چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ **باب** ذَهَبَتِ النُّبُوَّةُ وَبَقِيَتِ الْمُبَشِّرَاتُ اب ذہاب نبوت اور بقائی مبشرات کے بیانمین **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ فَلَا رَسُوْلَ بَعْدِیْ وَلَا نَبِیٌّ قَالَ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ لٰكِنِ الْمُبَشِّرَاتُ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ رُؤْيَا الْمُسْلِمِ وَهِیَ جُزْءٌ مِّنْ اَجْزَاءِ النُّبُوَّةِ

**ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ رسالت اور نبوت تمام ہوگئی پس اب کوئی رسول نہین ہے میرے بعد اور نہ کوئی نبی کہا راوی نے پس گران ہوئی لوگون پر یہ بات تب فرمایا آپنے لیکن مبشرات باقی ہین عرض کی لوگون نے یا رسول اللہ مبشرات کیا چیز ہے فرمایا آپنے خواب مسلمانکا اور یہ ایک ٹکڑا ہے نبوت کے ٹکڑون سے **ف** اس بابمین ابوہریرہ اور حذیفہ بن اسید اور ابن عباس اور ام کرز سے بھی روایت ہے یہ حدیث صحیح ہی غریب ہے اس سند سے یعنے مختار بن فلفل کے روایت ہے **عن** عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا الدَّرْدَآءِ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَقَالَ سَاَلْتَنِیْ عَنْهَا اَحَدٌ غَيْرُكَ مُنْذُ اُنْزِلَتْ هِیَ فِیْ الْاَرْضِ وَلَا يَسْاَلُنِیْ عَنْهَا اَحَدٌ غَيْرُكَ مُنْذُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا سَاَلَنِیْ عَنْهَا اَحَدٌ غَيْرُكَ مُنْذُ اُنْزِلَتْ هِیَ فِی الْاَرْضِ قَبْلَ اَنْ تَسْ

اُسی رضوان الٰہی کی غرض یہ سیرا قول ہے اور جو تہا حسن بصری سے منقول ہے کہ مُراد اُس سے وہ بشارتین ہین جو اللہ تعالےٰ نے مُومنون کے لئے اپنی کتاب کریم مین فرمائی ہین ثواب عظیم سی اور انواع نعیم سی جیسا ان آیتون مین وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الےٰ غیر ہا من الآیات (بغوی) فقیر کہتا ہے قولین اولین مؤید بالحدیث ہین اپس وہی اولےٰ ہین قبول کے لئے اگرچہ قولین آخرین مین ہے استدلال کتاب اللہ سے موجود ہے **عن** اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَصْدَقُ الرُّؤْیَا بِالْاَسْحَارِ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے زیادہ سچی وہ خواب ہین جو سحر کے وقت دیکہی جاوین ۔ **مترجم** سحر چوتہا حصہ اخیر ہے رات کا اور وہ وقت ہے نزول برکات کا اور قبول ادعیات کا اور ہوتا ہی اُسوقت باری تعالےٰ کا آسمان اول پر اور رجوع ہے تمام عالم قدس اور عالم ملکوت عالم شہادت کیطرف اور نورانی ہوتے ہین اُسوقت دل اور نکلتی ہین اُسوقت دعائین صالحین کے اور مشغول عبادت ہوتے ہین اُسوقت مخلصین بے ریا بسبب اخلاص بندگان باوفا کیس ایسی تاثیر ہے اسوقت مین کہ اثر کر جاتی ہے نائمین مین لیٹے وہ صداقت ہی خوابونکی پس جو فائدہ حاصل ہوگا اُسوقت مین بیداروں کو وہ کب تحریر مین آسکتا ہے **عن** عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِہٖ تَعَالٰی لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا قَالَ ھِیَ الرُّؤْیَا الصَّالِحَۃُ یَرَاھَا الْمُؤْمِنُ اَوْ تُرٰی لَہٗ **ترجمہ** روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہ پوچہے مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے مُراد آیہ لہم البشریٰ کی فرمایا آپنے وہ خواب صالح ہے کہ دیکہتا ہے اُسے مؤمن یا دکہایا جاتا ہے اُسے اللہ تعالےٰ کیطرف سے **ف** حرب نے اپنی روایت مین حدثنا یحیی کہا یعنے بجائی عن یحیی کے **باب** مَا جَاءَ فِیْ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ فابواب سے مین حدیث **عن** عَبْدِ اللّٰہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَتَمَثَّلُ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ کہتے ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے مجہکو دیکہا خوابمین سو بیشک مجہکو دیکہا اسلئے کہ شیطان متمثل نہین ہوتا میرے صورت کی ساتہ **ف** اسباب مین ابی ہریرہ اور ابی قتادہ اور ابن عباس اور ابی سعید اور جابر اور انس ابی مالک انجعی سے روایت ہے کہ وہ اپنے باپسے روایت کرتے ہین اور ابی جحیفہ سی بہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** الفاظ اس حدیث کی کئی طرح مروی ہین چنانچہ ایک روایت مین مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ اور ایک روایت مین لَا یَنْبَغِیْ لِلشَّیْطَانِ اَنْ یَّتَمَثَّلَ بِیْ صورتی ہے اور مَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ اور مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَسَیَرَانِیْ فِی الْیَقْظَۃِ اور کہا رَاَنِیْ فِی الْیَقْظَۃِ اور اختلاف کیا ہے علمانی کہ فقد رآنی سے کیا مراد ہے بعضون نے کہا مراد اُس سے یہی کہ جسنے مجہے دیکہا اُسنے سچ دیکہا اور وہ خواب اُسکا اضغاث احلام سے نہین اور نہ تشبیہات شیطانیہ سی اور مؤید ہی اس معنی کی روایت فقد رای الحق کہ مراد اُس سے رویت صحیحہ ہے اور کبہی دیکہنے والا اُنکی صفت کی خلاف حلیہ مبارک کے مخالف اور سمین کچہہ اشکال نہین اسلئے کہ ذات مقدس اُنکی مرئی ہے اور صفات متغیرہ غیر مرئی اور کبہی ایسا ہوتا ہے کہ بعض صور متخیلہ کو گمان کرتا ہے کہ مین نے دیکہا ہے حالانکہ اُسنے دیکہا نہین ہوتا اور اسطرح کچہہ اشکال نہین اسمین کہ وقت واحد مین دیکہا دو شخصون نے اپنی جگہون مین اور ایک مشرق مین ہے دوسرا مغرب مین اسلئے کہ خواب فقط ادراک ہے اور شرط نہین اسمین تحدیق ابصار کے اور نہ قرب مسافت کا اور نہ مدفون ہونا مرئی کا زمین مین اور نہ ظہر زمین پر ہونا فقط کافی ہے ادراک صحیح واقعی کے لئے وجود جسم مبارک کا اور موجود ہونا جسم مبارک کا اور قاضی نے محفوظ ہونا اُسکا احادیث صحیحہ سے ثابت ہی اور اگر دیکہا کسے نے کہ آپنے حکم کیا کسیکے قتل کا کہ حرام ہے اُسکا قتل پس دیکہنا اُسکا ذات مقدس کو صحیح ہے اور وہ فرمان تخیل اُسکا ہی اور قصور ہے رائی کا نہ مرئی کا اور قاضی نے کہا احتمال ہے کہ فقد رانی اور فقد رای الحق سے یہ مراد ہو کہ شیطان متمثل نہین ہوتا میرے صورتمین یعنے جبکہ دیکہا آپکو اُس صفت پر جو معروف تہی آپکی حیوۃ مبارکمین پہر اگر اُسکے خلاف دیکہا تو رویا تاویل ہوا نہ رویا حقیقی مگر یہ قول قاضی کا ضعیف ہے صحیح یہی ہے کہ رویت آپکی بہر حال حقیقی ہے خواہ صفت معروفہ پر دیکہین یا اور طرح پر جیسا کہ ذکر کیا مازری نے کہا قاضی نے کہ قول ہے بعض علما کا کہ خاص کیا اللہ تعالےٰ نے اپنی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اس فضیلت سے کہ رویت آپکی صحیح ہے اور صدق ہے اور روکا شیطان کو کہ متصور ہو آپکی صورت مین تاکہ جہوٹ نہ باندہ سکی آپ پر خواب مین یہی جیسے کہ خرق عادت کے انبیاء کے واسطے معجزہ کے اسی طرح جیسے کہ محال کیا متصور ہونا شیطان کا آنکی صورت مین بیداری مین اور اگر واقع ہوتا یہ امر تو مشتبہ ہوتا حق ساتہ باطل کے اور وثوق ہوتا انبیاء کے فرمودہ پر نکالکر روک دیا اللہ تعالےٰ نے نزغ شیطان کو اور وسوسہ اور القا اور کید اُسکے کو اور کہا قاضی نے اتفاق کیا ہے علمانی جواز رویت الٰہی پر اور صحت پر اُسکے خواب مین اگر بندہ دیکہے اُس صفت پر کہ جو اُسکے حال کے لایق نہین صفات اجسام سے اسلئے کہ یہ مرئی غیر ذات الٰہی ہے اور جائز نہین اُس تعالےٰ پر تجسیم جس کی کہ مرئی ہے وہ تجلیات

آدمیہ سے بذات آلہیہ وہ قادر ہی کہ جسطرح پر چاہے تجلی فرماوی اور جس صورتمین چاہی متجلی ہووین باقلانی نے کہا ہے کہ رویت آلہی خواب مین خواطر قلبیہ مین یا دلالات ہیز رائی کو امور کائنات اور ملایکہ کیطرف مانند سائر مرئیات کی انتہی اور قول آنحضرت کا من رآنی فی المنام فسیرانی فی الیقظۃ اسمین تین قول ہین اول یہ کہ مراد اس سے حضرت کے معاصر لوگ ہین گویا آپنی فرمایا کہ جنے مجھکو مکہ مین دیکھا عنقریب وہ موافق ہجرت ہوگا اور عالم برزخ مین بھی دیکھیگا دوسرا قول یہ ہے کہ تصدیق اس خواب کی آخرت مین ہوویگی کہ وہان سب لوگ آپکو دیکھینگے تیسرا قول یہ ہے کہ جسنے آپکو یہان خواب مین دیکھا اسکو آخرت مین ایک رویت خاص ہوگی اور قرب و اختصاص بہ نسبت سائر ناس کے زیادہ ہوگا اور دولت شفاعت سے بھی فیضیاب ہوگا (نووی) **باب** کا جاء اذا رای فی المنام ما یکرہ وما یستحب ہ بخواب کے علاج مین

**عن** ابی قتادۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال الرؤیا من اللہ والحلم من الشیطان فاذا رای احدکم ما یکرہ فلینفث عن یسارہ ثلث مرات ولیستعذ باللہ من شرہا فانہا لا تضرہ ترجمہ روایت ہے ابوقتادہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھا خواب اللہ تعالے کیطرف سے ہے اور برا خواب شیطان کیطرف سے پھر جب دیکھی کوئی تم مین کا کسی ایسی چیز کو کہ بری لگی اسکو سو چاہیے کہ تہو کے اپنی بائین طرف مین تین بار اور پناہ مانگی اللہ تعالے سے اس خواب کے شر سے پس وہ ضرر نہین کریگا اسکو **ف** اسامین عبداللہ بن عمر اور ابی سعید اور جابر اور انس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح بھی **مترجم** کچھ بیان اسکا اسی اوپر گذرا اور خاص کیا آپنے بائین طرف کو کہ جانب ہے شیطان کے آنیکی اور نجاسات کی اور منسوب کیا خواب برے کو شیطان کی طرف منسوب کرنا مناسبات کا اسباب کی طرف اور منسوب کیا خواب نیک کو باعتبار کیطرف تادا حالانکہ خلق ادراک کا دونون قسم کے خوابونمین بہ ارادہ الہی شامل ہے کیطرف سے ہے باعتبار شرکت احد کے دونون الحاق الصریح

**باب** ما جاء فی تعبیر الرؤیا باب تعبیر خوابمین

**عن** ابی رزین العقیلی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رؤیا المؤمن جزء من اربعین جزءا من النبوۃ وھی علی رجل طائر ما لم یحدث بہا فاذا حدث بہا سقطت قال واحسبہ قال ولا یحدث بہا الا لبیبا او حبیبا **ترجمہ** روایت ہے ابی رزین سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خواب مؤمن کا ایک جزو ہے چالیس جزو نبوت سے اور یہ مرد پر ایسا ہے جیسے کسیکے سر پر چڑیا ہو جبتک کہ بیان نہین کیا اسکو پھر جب بیان کر دیا اسکو گر پڑی کہا راوی نے اور گمان کرتا ہون مین کہ یہ بھی فرمایا آپنے کہ مت بیان کر خواب کو مگا کسی عقلمند سے یا کسی دوست سے **عن** ابی رزین العقیلی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال رؤیا المسلم جزء من ستۃ واربعین جزءا من النبوۃ وھی علی رجل طائر ما لم یحدث بہا واذا حدث بہا وقعت **ترجمہ** روایت ہے ابی رزین سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خواب مسلمان کا ایک ٹکڑا ہے چھیالیس ٹکڑے نبوت سے نبوت کے اور وہ پر ہے طائر کے ایک پرندہ کی ہے جبتک کہ بیان نکرے اور جبکہ بیان کیا وہ گر پڑا یعنے واقع ہوئی جو تعبیر اسکے ہی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابورزین عقیلی کا نام لقیط بن عامر ہے اور روایت کے حماد بن سلمہ نے حلیے بن عطار سے اور کہا راوی نے وکیع بن حدس سی اور کہا شعبہ اور ابوعوانہ اور ہشیم نے حلیے بن عطار سی انہون نے وکیع بن عدس سے اور یہ صحیح ہے **مترجم** خواب بمنزلہ ایک پرندہ کے ہے یہ کنایہ ہے عدم استقرار سے یعنی ساقط ہی اور قرار پانیوالا نہین یعنے جبتک کہ دلمین پوشیدہ ہے اور زبان پر نہین آیا اسکا اعتبار نہین اور وقوع نہین پاتا پھر جب اسی زبان پر لایا اور غیر سے ذکر کیا اور اسنے تعبیر دی واقع ہوا پس اسے کسی سے کہنا نہ چاہیے اور یہ اس خواب کا حکم ہے کہ جسکے وقوع سے آدمی ڈرتا ہے اور متضمن ہے وہ کسی شر کا اور باقی رہا خواب نیک اسکو بھی دشمن اور بدخواہ اور سفیہ اور بی شعور سے نہ کہنا چاہیے کہ وہ الٹی تعبیر دیگا کہ موجب حزن ہوگا بلکہ اپنی خیرخواہ ذی علم فہمیدہ آدمی سے ذکر کرنا چاہیے کہ وہ تعبیر نیک دی اور طبیعت اس سے محظوظ ہو

**باب** عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرؤیا ثلث فرؤیا حق ورؤیا یحدث الرجل بہا نفسہ ورؤیا تحزین من الشیطان فمن رای ما یکرہ فلیقم فلیصل وکان یقول یعجبنی القید واکرہ الغل القید ثبات فی الدین وکان یقول من رانی فانی انا ہو فان انہ لیس للشیطان ان یتمثل بی وکان یقول لا تقص الرؤیا الا علی عالم او ناصح **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خواب تین ہین ایک سچا خواب ایک وہ خیال کرتا ہے آدمی اپنے دل مین اور ایک غم ڈالنا ہی شیطان کا پھر جبنی دیکھا ایسا خواب کہ برا جانتا ہے اسے تو اٹھے اور نماز پڑھے اور فرماتے تھے پسند آتا ہے مجھے زنجیر کا خواب مین دیکھنا اور برا لگتا ہے مجھے طوق کا دیکھنا اسلئے کہ زنجیر کی تعبیر ثبات فی الدین ہے اور فرماتے تھے جنبی مجھکو دیکھا

خوابوں کے علاج

ایک شخص کے خواب کو دوسرے شخص سے بیان کرنا

خواب کے تین قسم ہونے کا بیان

پس مین ہی ہون وہ اسلئے کہ شیطان کی یہ مجال نہین کہ میری صورت بنی اور فراتی تہی بہت بیان کرخواب کو مگر عالم سے یا نام صحیح سی ف اسباب مین انس اور ابی بکرہ اور ام علا اور ابن عمر اور عائشہ اور ابی سعید اور جابر اور ابی سی اور ابن عباس اور عبد اللہ بن عمرو سے ہے روایت ہے حدیث ابی ہریرہ کی جس سے صحیح ہی متر جم تفصیل ان سبکی اوپر گذری **باب** جَاءَ فِي الَّذِي يَكْذِبُ فِي حُلْمِهِ باب جھوٹا خواب بیان کرنیکی مذمت مین **عن** عَلِيٍّ قَالَ أَرَاهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَذَبَ فِي حُلْمِهِ كُلِّفَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَقْدَ شَعِيرَةٍ **ترجمہ** روایت ہے علی سی کہا اوسنے گمان کرتا ہون مین کہ روایت کیا اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی کہ فرمایا آپنی کہ جسنے جھوٹ باندہا اپنی خوابکا مضمون حکم دیا جاویگا اُسکو قیامت کے دن کہ دو جو مین گرہ لگاوی ف روایت کے قتیبہ نے اُنہون نے ابو عوانہ سے اُنہون نے عبد الاعلی سی اُنہون نے ابی عبد الرحمن سلمی سے اُنہون نے علی سی اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی مانند اسکی اسباب مین ابن عباس اور ابی ہریرہ اور ابی شریح اور واثلہ بن اسقع سی بہی روایت ہے اور یہ صحیح تر ہے پہلی حدیث سے **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَحَلَّمَ كَاذِبًا كُلِّفَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنْ يَعْقِدَ بَيْنَ شَعِيرَتَيْنِ وَلَنْ يَعْقِدَ بَيْنَهُمَا **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنی جھوٹا خواب بیان کیا حکم کیا جاویگا قیامت کے دن کہ گرہ لگاوی دو جو مین اور گرہ نہ لگا سکیگا کبہی وہ امین ف یہ حدیث صحیح ہی متر جم چونکہ خواب محل ہے اخبار غیبیہ کا اور خصوصًا خواب صالح ایک شعبہ ہے نبوت کا پس جھوٹ باندہنا اُسمین گویا شعبہ ہے دعوی کا ذبہ نبوت کا یہی سبب ہے اُسمین وعید وارد ہونیکا انتہی اور بعضونے کہا سبب وعید شدید کا یہی کہ دروغ کا آمین گویا جھوٹ باندہنا ہی اللہ تعالے پر اور تخصیص شعیر کے گرہ لگانیکی لئے اسواسطے کہ مادہ اُسکا اور شعور کا قریب قریب ہے گویا اشارہ ہی کہ یہ تیری بی شعوری کی سزا ہے کہ عقد شعیر کا پڑا **باب** باب دودہ خواب مین دیکہنے کے بیان مین **عن** ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ إِذْ أُتِيتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْهُ ثُمَّ أَعْطَيْتُ فَضْلِي عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالُوا فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ الْعِلْمَ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سی کہا اُنہون نے سنا ہی مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے اُس حالمین کہ مین سوتا تہا کہ لایا گیا مین پاس ایک پیالہ دودہ کا سو پیا مین نے اُسمین سے یہانتک کہ دیکہا مین نے سیرابی اپنا عمر بن خطاب کو لوگون نے پوچہا کہ کیا تعبیر فرمائی آپنے اسکی یا رسول اللہ فرمایا آپنے تعبیر کیے اسکی مین نے علم ف اسباب مین ابی ہریرہ اور ابی بکرہ اور ابن عباس اور عبد اللہ بن سلام اور خزیمہ اور طفیل بن سخبرہ اور سمرہ اور ابی امامہ اور جابر سے ہے روایت ہے حدیث ابن عمر کی صحیح ہے متر جم اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دودہ کے تعبیر علم ہے اور اسیطرح داخل ہے اُسمین ہر خیر و برکت و نیکی و صلاح اور خوبی دنیا و آخرت اور ترقی دین اور بہبودی دارین اور اہل تعبیر نے کہا ہی کہ لبن بقر کے تعبیر مال و خصب و غنا ہے اگر اُسے لیتی ہوئے دیکہے اور اگر دیکہے دودہ دوہا اور پیا تو مرد فقیر میسر ہوگا اور مطلق لبن فطرۃ اسلام ہے اور سنت ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور مال حلال اور رزق حسن اور دہی کا دیکہنا ہم و غم ہے اور ضرر و حزن **باب** قمیص کے تعبیر مین **عن** أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُونَ عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ أَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ قَالَ فَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ يَجُرُّهُ قَالُوا فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ الدِّينَ **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے وہ روایت کرتے ہین بعض اصحاب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس درمیانمین کہ مین سو رہا تہا دیکہا مین نے آدمیونکو کہ پیش کیے جاتی ہین مجہپر اور اُنپر کُرتے ہین بعضی اُسمین سے پہونچتی ہین چہاتی تک اور بعضی اُس سے نیچے یعنی ناف یا گھٹنے تک فرمایا آپنے یہ جب پیش کیے گئے مجہپر حضرت عمر تو اُنپر ایک کرتا تہا کہ کہینچتی تہے وہ اُسکو یعنے زمین پر لٹکتا تہا لوگون نے پوچہا کیا تعبیر اُسکی دین ہے ف روایت کیے ہمسے عبد بن حمید نے اُنہون نے یعقوب بن ابراہیم بن سعد سے اُنہون نے اپنے باپ سے اُنہون نے صالح بن کیسان سے اُنہون نے زہری سے اُنہون نے ابی امامہ سے اُنہون نے ابی سعید خدری سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم معنی اسکے اور یہ صحیح تر ہے پہلی روایت سے متر جم قمیص مین جسیا فرق تہا حضرت عمر اور اور لوگون کے وہی فرق تہا اُنکے دین مین اور لوگون کے دین مین یعنے مذہن میز آپ اور لوگون سے ایسے زیادہ تہے کہ جیسے لٹکتا ہوا قمیص اور قمیصون سے زیادہ تہا اور اس سے لازم نہین آتی فضیلت آپنی ابو بکر صدیق پر اسلئے کہ حدیث مین تصریح نہین ہے اسکی اور فضیلت ابو بکر صدیق کی اور حدیثون سے معلوم ہو چکی ہے اسلئے یہان سکوت فرمایا اُس سے اور اگر کوئی کہے کہ کیا مناسبت ہے قمیص کو دین سے تو کہینگے کہ جسیا قمیص ساتر عورت ہے ویسا ہی دین ساتر عیوب و ذنوب ہے اور دین اولقوی قریب ہے قریب ہے اور اللہ تعالی فرماتا ہے وَلِبَاسُ التَّقْوَى ذَلِكَ خَيْرٌ پس تقوے

جھوٹا خواب بیان کرنیکی سزا

خواب مین دودہ دیکہنا

خواب مین قمیص دیکہنا

لباس فرمادا ہے اسپر کہ قمیص اور دین مین مناسبت ہی **باب** ماجاء فی رؤیا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المیزان والدلو باب میزان اور دلو کی بیان
مین **عن** ابی بکرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ذات یوم من رای منکم رؤیا فقال رجل انا رایت کان میزانا نزل من السماء
فوزنت انت وابو بکر فرجحت انت بابی بکر ووزن ابو بکر وعمر فرجح ابو بکر ووزن عمر وعثمان فرجح عمر ثم رفع المیزان فرایتا الکراھیۃ
فی وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **ترجمہ** روایت ہے ابی بکرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایکدن کسی نے دیکھا ہے تم مین سے کوئی خواب تو کہا ایک مرد نے مین نے
دیکھا خواب مین کہ گویا ایک ترازو اُتری آسمان سے اور تولی گئے اُسمین آپ اور ابوبکر سو ہمارے بھلے آپ اور پہر تولے گئے اُسمین ابوبکر اور عمر اور ہمارے بھلے ابوبکر اور تولی گئی اسمین
عمر اور عثمان بس ہمارے بھلے عمر پہر اُٹھا لیگئے میزان پہر دیکھی ہم نے کراہت چہرہ مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے یعنے اس خواب کے سُنتے سی **ف** یہ حدیث حسن ہے
صحیح ہی **مترجم** شاید کراہیت کی وجہ یہ ہوئے کہ آپنے سمجھا خلافت حضرت عثمان ہی تک ہوگی اور یہ سمجھنا بھی آپکا موافق واقع کے ہوا یعنے وہ خلافت کہ جو باتفاق اصحاب
ہوا و مومنون مین اختلاف نہو حضرت عثمان ہی کے زمانہ تک ہوئی حضرت علی کی خلافت مین اختلاف اصحاب رہا اگرچہ شروط خلافت راشدہ باجمعہا ذات مقدس مین
حضرت علے کرم اللہ وجہہ کے مجتمع تہے اور جسنے خلاف کیا آپسے اُسکی خطائی اجتہادی تہی اور یہی دلالت کرتا ہے یہ خواب مراتب اصحاب اور فضیلت اُنکی پر علی ترتیب الخلافت
یعنے اول سب سے ابوبکر ہین بعد اُنکے عمر بعد اُن کے عثمان اور یہی ہے عقیدہ اہل سنت کا **عن** عائشۃ قالت سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن
ورقۃ فقالت لہ خدیجۃ انہ کان صدقک وانہ مات قبل ان تظہر فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارینہ فی المنام وعلیہ ثیاب
بیاض ولو کان من اھل النار لکان علیہ لباس غیر ذلک **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا پوچہا کسی نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے ورقہ
بن نوفل کا سو عرض کی خدیجہ نے کہ انہون نے تصدیق کی ہے آپکے رسالت کی اور انتقال کر چکے وقبل اسکے کہ ظاہر کرین آپ رسالت اپنی سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم
نے دکہائی گئے مجھے وہ خواب مین اور اُنکے بدن پر کپڑے سفید تہی اور اگر ہوتے وہ اہل نار سے تو ہوتے اُنپر اور طرح کے کپڑے سوا اسکے یعنے سیاہ وغیرہ **ف** یہ حدیث
غریب ہے اور عثمان بن عبد الرحمن اہل حدیث کے نزدیک قوی نہین **مترجم** ورقہ بن نوفل چچیرے بہائی تہی ام المومنین خدیجۃ الکبرٰی رضی اللہ عنہا کے اور تصدیق کی ہے
انہون نے حضرت کے رسالت کی ایکا حال سنکر اور کہا تہا کہ وہ فرشتہ جو تم پاس آتا ہے وہ ناموس اکبر ہے اور افسوس کیا تہا انہون نے اپنے بڑہاپے پر اور آرزو کی ہے کہ مین اُسوقت
جوان ہوتا جبکہ قوم آپکی آپکو نکالیگے تو آپکی مدد کرتا چنانچہ تفصیل اسکی ابتدائی بخاری مین مذکور ہے اور قبل اشتہار رسالت کے انتقال فرمایا یہ خصوصیت فرمایا کہ وہ اہل نار سے
نہین اسلئے کہ اُنکے بدن پر مین نے سفید کپڑے دیکھے خواب مین اس حدیث مین تصریح ہی کہ سفید کپڑے مین کسی میت کو دیکھنا دلالت رکہتا ہے اُسکے حسن خاتمہ پر اور نکو نور
عاقبت پر اور زمرہ مومنین پسندیدہ ترسفید زگ ہے **عن** عبد اللہ بن عمر عن رؤیا النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر وعمر فقال رایت الناس
اجتمعوا فنزع ابو بکر ذنوبا او ذنوبین وفیہ ضعف واللہ یغفر لہ ثم قام عمر فنزع فاستحالت غربا فلم ار عبقریا یفری فریہ حتی
ضرب الناس بالعطن **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے روایت کیا انہون نے خواب سے جسمین دیکہا تہا آپنے ابی بکر و عمر کو سو فرمایا حضرت نی کہ دیکہا
مین نے لوگون کو اکہا ہوتے ہین یعنے ایک کنوے پر پہر پانی کہینچا ابوبکر نے ایک یا دو ڈول اور اُنکے کہینچے مین ضعف ہے اور اللہ تعالے بخشیگا اُنکو پہر کہڑے ہوی عمر اور
کہینچا انہون نے اور ڈولون بہت بڑا ہوگیا پہر نہ دیکہا مین نے کسے پہلوان کو کہ کام کرے مثل اُسکے کام کرنیکے یہانتک کہ جگہہ پکڑی لوگون نے اپنے آرامگاہ مونمین یعنے بخوبی
سیراب ہوگئی **ف** اسباب مین ابی ہریرہ سے ہے روایت ہے یہ حدیث صحیح ہی غریب ہے ابن عمر کے روایت سے **مترجم** اس حدیث مین اشارہ ہے خلافت کیطرف خلفاے
راشدین یعنے شیخین کے قولہ کہینچا ابوبکر نے ایک یا دو ڈول یعنے خلافت اُنکے ایک یا دو سال ہے چنانچہ ایسا ہی واقع ہوا کہ خلافت اُنکی دو سال اور تین ماہ تہی قولہ اور
اُنکے کہینچے مین ضعف ہے اشارہ ہے کہ اُنکے ایام مین اضطراب اور ارتداد واقع ہوگا یا اشارہ ہے بین اور مدارات اور قلت سیاست کے طرف یا اجرا کرنا امور سلطنت کا تامل
وتمانی کے ساتہ قولہ واللہ تعالے بخشیگا یعنے ارتداد امت وغیرہ اُنکے منصب عالی مین کچہہ نقصان نہ ہونیگا یعنی اور امر خلافت مین مخل نہونگے بلکہ غایت الامر تاخیر ہے
غیب ہے اُسکی مکافات کردیگی اور غرب بڑا ڈول ہے اور نکلنے کے پانی پانیکا فاستحالت غربا یعنے مستحیل ہوگیا اور مدلگیا چوڑا ڈول بڑے سے قولہ نہ دیکہا مین نے کسی
پہلوان کو انہم اسمین اشارہ ہے تعظیم دین کا اور اعلاے کلمۃ اللہ کا اور کثرت فتوحات اور فتح کنوز وخزاین اور جمع رجال اور نصب قتال کا جو حضرت عمر کے زمان فیض توامان مین

منصۂ ظہور پر آیا کہ اثر آپکی حسن سعی اور خوبی عزم اور صحت نیت اور جہد کثیر کا مشارق الارض سے مغارب تک پہونچا اور عنقری کی معنی رجل قوی شدید القوۃ قولہ ضرب الناس یعطن عطن اونٹوں کے ٹہرانے کی جگہہ مراد اس کلمہ سے یہ ہے کہ لوگ یہان تک سیر ہوے اور اپنے اونٹون کو آسودہ کیا کہ کسیکو حاجت نہین ہی پانی کی اور ٹہرا دیا اونٹون کو اونکے مقام مین اور کہول دیا اپنے رحال کو بسبب فراغت حال اور بشاشت بال کے اور مقصود اسسے کمال سیرابی ہے الغرض اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کسی کو خواب مین پانی پیتے دیکھے تو تعبیر اسکی فیضان علوم ہے اور ایصال منافع دینیہ اور انتشار سنن نبویہ اور ترویج حسنات اور نشر واجبات اور اجرائی احکام اور اقامت حدود وغیرذالک من الامور التی ظہرت فی زمان الخلافۃ علی ایدی الخلفاء الراشدین رضی اللہ عنہم اجمعین **عن** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ عَنْ رُؤْیَا النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَیْتُ امْرَاَۃً سَوْدَاءَ ثَائِرَۃَ الرَّاْسِ خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِیْنَۃِ حَتّٰی قَامَتْ بِمَہْیَعَۃَ وَہِیَ الْجُحْفَۃُ فَاَوَّلْتُہَا وَبَاءَ الْمَدِیْنَۃِ یَنْقُلُ اِلَی الْجُحْفَۃِ ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہ روایت کرنے لگے وہ خواب سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکہا مینے ایک عورت سیاہ فام کو بکہری ہوی بال سر کے نکلی مدینہ سے یہانتک کہ ٹہیر گئی مہیعہ مین اور وہ نام ہے جحفہ کا کہ وہ بستی ہے سو تعبیر کی مینے اسکی کہ وہ وبا ہے یہ کہ چلی جاویگی جحفہ مین **ف** یہ حدیث صحیح ہی غریب ہے **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت سیاہ فام کے تعبیر وبا ہے یا اور کوئی بلائی عام کہ جس سے اکثر خلایق متضرر ہو جیسے ظلم حکام کا جا قضاۃ کی جو کسی قوم کا پنجہ حدیث مین آیا ہے اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ پس ظلم بصورت زن سیاہ فام ظاہر ہوتا ہے خواب مین یا وہ کثرت ہے ذنوب کے اور جفا ہے اپنے نفوس پر غرض تاریکی اور سیاہی مشعر ہی ذنوب و عیوب سے اور معبر ہے جور و جفا سے جیسے کہ انوار اور بیاض معبر بہ طاعت و سعادت ہے و معبر با قبال و دولت اور نور معبر ہے بعلم و فہم و صفائی ذہن و صفائی باطن اور ظلمت و سیاہی معبر ہے بکدورت طبع و قساوت قلب و جہل و حمق و عقاید خبیثہ و ارتکاب بدع وغیرذالک **عن** اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ لَا تَکَادُ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ تَکْذِبُ وَاَصْدَقُہُمْ رُؤْیَا اَصْدَقُہُمْ حَدِیْثًا وَالرُّؤْیَا ثَلٰثٌ اَلْحَسَنَۃُ بُشْرٰی مِنَ اللّٰہِ وَالرُّؤْیَا یُحَدِّثُ الرَّجُلُ بِہَا نَفْسَہٗ وَالرُّؤْیَا تَحْزِیْنٌ مِنَ الشَّیْطَانِ فَاِذَا رَاٰی اَحَدُکُمْ رُؤْیَا یَکْرَہُہَا فَلَا یُحَدِّثْ بِہَا اَحَدًا وَلْیَقُمْ فَلْیُصَلِّ قَالَ اَبُوْ ہُرَیْرَۃَ یُعْجِبُنِی الْقَیْدُ وَاَکْرَہُ الْغُلَّ الْقَیْدُ ثَبَاتٌ فِی الدِّیْنِ قَالَ وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّۃٍ وَاَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّۃِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخر زمانہ مین جہوٹ نہوگا رویا مومن کا لیکن جو دیکہیگا وہی وقوع مین آویگا اور سب سے زیادہ سچا خواب اسکا ہے جسکی بات سچی ہے اور خواب تین ہین ایک اچہا خواب ہے کہ بشارت ہے اللہ کیطرف سے اور ایک خواب وہ ہے کہ خیال کرتا ہے آدمی اپنے دلمین اور ایک خواب غم مین ڈالنا ہے شیطان کا پہر جب دیکہے کوئی تم مین ایسے خواب کو کہ مکروہ رکہی اسکو پس بیان کرے اسکو کسی سے اور چاہئے کہ اٹہہ کر نماز پڑہے کہا ابوہریرہ نے پسند آتی ہی مجہی بیڑی کو دیکہنا اور ناگوار ہی طوق کا دیکہنا اسلئے کہ بیڑی کا دیکہنا تعبیر اسکی ثابت رہنا ہے دین مین کہا راوی نے اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب مومن کا ایک ٹکڑا ہے چھیالیس ٹکڑون مین سے نبوت کے **ف** اور روایت کیے عبدالوہاب ثقفی نے یہ حدیث ایوب سے مرفوعا اور روایت کیے حماد بن زید نے ایوب سے موقوفا **مترجم** تفصیل اسکی اوپر گذری **عن** اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَاَیْتُ فِی الْمَنَامِ کَاَنَّ فِیْ یَدَیَّ سِوَارَیْنِ مِنْ ذَہَبٍ فَہَمَّنِیْ شَاْنُہُمَا فَاُوْحِیَ اِلَیَّ اَنِ انْفُخْہُمَا فَنَفَخْتُہُمَا فَطَارَا فَاَوَّلْتُہُمَا کَاذِبَیْنِ یَخْرُجَانِ مِنْ بَعْدِیْ فَیُقْتَلُ اَحَدُہُمَا مَسْلَمَۃُ صَاحِبُ الْیَمَامَۃِ وَالْعَنْسِیُّ صَاحِبُ صَنْعَاءَ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خواب مین دیکہا کہ میرے دونوں ہاتہون مین سونے کے کنگن ہین سونکی پس فکر مین ڈالدیا مجہکو انکے حال نے سو وحی بہیجی گئی مجہپر پہونک دے ان دونون کو سو پہونک دیا مینے انکو سو وہ دونون اڑ گئے پہر تعبیر دی مینے ان دونونکی ساتہ دو جہوٹون کے کہ نکلینگے بعد میرے کہ ایک کو انمین سے مسلمہ کہتے ہین وہ نکلیگا یمامہ سے اور دوسرا عنسی سے کہ ہی خروج اسکا صنعا مین سے **ف** یہ حدیث صحیح ہے غریب ہے **مترجم** اس حدیث مین دلالت ہے اسپر کہ دیکہنا زیور کا جو ممنوع ہی مرد کو اپنے بدن پر تعبیر اسکے کسیکا تہمت باندہنا اور جہوٹ لگانا اور طوفان باندہنا ہی اور دور ہونا اسکا اور آنا زنا اس تہمت سے بچانا ہے **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ اَبُوْ ہُرَیْرَۃَ یُحَدِّثُ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّیْ رَاَیْتُ اللَّیْلَۃَ ظُلَّۃً تَنْطِفُ مِنْہَا السَّمْنُ وَالْعَسَلُ وَرَاَیْتُ النَّاسَ یَتَکَفَّفُوْنَ بِاَیْدِیْہِمْ فَالْمُسْتَکْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ وَرَاَیْتُ سَبَبًا وَاصِلًا مِنَ السَّمَاءِ اِلَی الْاَرْضِ فَاَرَاکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَخَذْتَ بِہٖ فَعَلَوْتَ ثُمَّ اَخَذَ بِہٖ رَجُلٌ بَعْدَکَ فَعَلَا ثُمَّ اَخَذَ بِہٖ رَجُلٌ بَعْدَہٗ فَعَلَا ثُمَّ اَخَذَ بِہٖ رَجُلٌ فَقُطِعَ بِہٖ ثُمَّ وُصِلَ لَہٗ فَعَلَا بِہٖ فَقَالَ اَبُوْ بَکْرٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ وَاللّٰہِ

خوابونکی تعبیر میں تفاوت ہونیکی وجہ

حضرت ابوبکر صدیق کا خواب کے تعبیر دینا حضرت کے سامنے

لَنَا عُبَيْرُهَا عَبِّرْهَا فَقَالَ اَمَّا الظُّلَّةُ فَظُلَّةُ الْاِسْلَامِ وَاَمَّا مَا يَنْطِفُ مِنَ السَّمْنِ وَالْعَسَلِ فَهُوَ الْقُرْاٰنُ لِيْنُهٗ وَحَلَاوَتُهٗ وَاَمَّا الْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ فَهُوَ الْمُسْتَكْثِرُ مِنَ الْقُرْاٰنِ وَالْمُسْتَقِلُّ مِنْهُ وَاَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ فَهُوَ الْحَقُّ الَّذِيْ اَنْتَ عَلَيْهِ فَاَخَذْتَ بِهٖ فَيُعْلِيْكَ اللّٰهُ ثُمَّ يَاْخُذُ بِهٖ رَجُلٌ بَعْدَكَ ثُمَّ يَاْخُذُ بِهٖ رَجُلٌ اٰخَرُ فَيَعْلُوْ بِهٖ ثُمَّ يَاْخُذُ بَعْدَهٗ رَجُلٌ اٰخَرُ فَيَعْلُوْ بِهٖ ثُمَّ يَاْخُذُ رَجُلٌ اٰخَرُ فَيَنْقَطِعُ بِهٖ ثُمَّ يُوْصَلُ فَيَعْلُوْ بِهٖ اَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَتُحَدِّثَنِّيْ اَصَبْتُ اَمْ اَخْطَاْتُ قَالَ اَصَبْتَ بَعْضًا وَاَخْطَاْتَ بَعْضًا قَالَ اَقْسَمْتُ يَا اَنْتَ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَتُخْبِرُنِّيْ مَا الَّذِيْ اَخْطَاْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقْسِمْ ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ ابوہریرہ بیان کرتے تھے کہ ایک دن یا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا میں نے دیکھا آج کی رات ایک چھتا کہ ٹپکتا ہی اُس سے گھی اور شہد اور دیکھا میں نے لوگوں کو کہ وہ پیتی ہیں اپنے ہاتھوں میں کسی پہ اُنمیں بہت پینے والی ہی ہیں اور تھوڑے پینے والی ہی اور دیکھی میں نے ایک رسی لٹکتی ہوئی آسمان سے زمین تک سو دیکھا میں نے آپکو یا رسول اللہ کہ پکڑا آپنے اُسکو اور چڑھ گئے آپ پھر پکڑا آپ کے بعد ایک اور آدمی نے اور وہ بھی چڑھ گیا پھر اسکے بعد ایک اور آدمی نے پکڑا اُس رسی کو اور وہ بھی چڑھ گیا پھر پکڑا اُسکو ایک اور مرد نے پس ٹوٹ گئی وہ اور پھر جوڑی گئی اُسکے لئے پھر وہ بھی چڑھ گیا سو عرض کی ابوبکر نے اے رسول اللہ کے میرے ماں باپ فدا ہیں آپ پر قسم ہے اللہ کے آپ مجھے رخصت دیں کہ میں تعبیر کہوں اُسکی سو فرمایا آپ نے اچھا تعبیر کہو اُسکی سو کہا ابوبکر نے وہ چھتا تو اسلام ہے اور گھی اور شہد جو ٹپکتا ہے وہ قرآن ہے کہ نرمی اور میٹھا پن اُسکی گھی اور شہد کی مناسبت رکھتی ہے اور بہت پینے والے اور تھوڑے پینے والے سے مُراد اُنکے بہت سیکھنے والے اور کم سیکھنے والے ہیں اور وہ رسی جو آسمان سے زمین تک لٹک رہی ہے پس وہ حق ہے کہ جس پر آپ ہیں اور پکڑا اُس حق کو آپنی اور چڑھا دیگا آپکو اللہ تعالےٰ یعنے آپ مقبوض ہونگے حالانکہ ثابت ہونگے اُسی حق پر پھر لیگا اللہ تمسک کریگا یعنے خلیفہ ہوگا آپکے بعد اُسی حق پر ایکمرد دوسرا اور چڑھ جاویگا وہ بھی یعنے خلفاء علیین کو پھر لیگا ایک مرد دوسرا اور چڑھ جاویگا وہ پھر پھر لیگا اُس حق کو ایک مرد تیسرا اور ٹوٹ جاویگا وہ یعنے اُسکی خلافت میں کچھ رخنہ واقع ہوگا پھر جوڑ دیا جاویگا اُسکے لئے یعنے مکافات اُس رخنہ کی ہو جاویگی پھر چڑھ جاویگا وہ بھی اور یہ تعبیر تمام ہوئی پھر عرض کی ابوبکر نے ای رسول اللہ کے خبر دیجئے مجھکو کہ ٹھیک کہی ہیں نے یہ تعبیر خواب کے یا خطا کی ہیں نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھیک کہی تمنے کچھ اور خطا کی تم نے کچھ عرض کی ابوبکر نے قسم دیتا ہوں میں آپکو فدا ہیں آپ پر میرے ماں باپ ای رسول اللہ کے خبر دیجئے مجھکو کیا خطا کی میں نے فرمایا آپنی مت قسم دو ف یہ حدیث صحیح ہے مترجم قولہ ایک چھتا مشابہ بدلی کے اور لغت میں ظُلّہ اُس چیز کے تئیں کہتے ہیں کہ جو تجھی ڈھانپے اور جسکی سایہ میں آدمی ہو جاوے چنانچہ بعضے اہل شروح نے اسکا ترجمہ بدلی کیا ہے یعنے ایک ٹکڑا بدلی کا دیکھا کہ اُسمیں سے شہد وغیرہ ٹپکتا ہے قولہ ٹھیک کہی تمنے کچھ اور خطا کی تمنے کچھ اسمیں اختلاف ہے علما کا کہ مُراد اُس خطا سی کیا ہے سو ابن قتیبہ اور بعضوں نے کہا کہ مراد اُس سے یہ ہی کہ ٹھیک کہی تمنی تعبیر خواب کے مگر بغیر میرے اجازت کی جو کہی خطا ہوئی اور اس معنی کو بعضوں نے فاسد کہا ہی اسلئے کہ حضرت نے اُنکو اجازت دی تھی اور فرمایا تھا اُعبر بلکہ مراد اُس سے یہ ہے کہ ترک کی تمنے تعبیر بعض چیز کے چنانچہ خواب دیکھنے والے نے دیکھا تھا کہ ٹپکتا ہے اُسمیں سے گھی اور شہد اور تعبیر دی تمنے فقط قرآن سے حالانکہ ضرور تھا کہ قرآن و حدیث کہتے کہ تعبیر دونوں کی آجاتی کچھ اور شہد سے اور اسیطرف اشارہ کیا ملا وی نے اور بعضوں نے کہا کہ فرمائش کرنا حضرت صدیق کا یا قسم دینا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہی خطا تھی انتہی مافی النووی فقیر کہتا ہی غلطی اتنی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُسکی تعبیر تفویض نکی اور خود اُسکی متکفل ہوئے حالانکہ اگر زبان فیض ترجمان سے اُسکی تعبیر بیان ہوتی علم اُسکا یقینی ہوتا نہ ظنی و اجتہادی اور جو بشارت خلافت آپکے بیان سے حاصل ہوتی وہ زیادہ موجب اثبات فضیلت اور سبب اطمینان اُمت ہوتی فقط اور اسحدیث سے معلوم ہوا کہ ابرار قسم کا جب ہی ضرور ہے کہ اُسکے ابرار میں کچھ مفسدہ نہ ہو اور درصورتیکہ اُسمیں کچھ مفسدہ متصور ہو ابرار اُسکا کچھ ضرور نہیں جیسے کہ ابرار نکیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر کی قسم کا اور شاید کہ مفسدہ وہی تھا جو کہ جانا اُسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے رسی کے ٹوٹنے سے کہ ظہور اُسکا حضرت عثمان کے واسطے ہوا اسحدیث سے معلوم ہوا جواز تعبیر کا اور یہ کہ عابر مصیب اور خاطی ہوتا ہے اور قاضی عیاض نے کہا جسنے اتنا کہا کہ قسم کہا تا ہو نہیں اُسپر کفارہ نہیں جیسا کہ ابوبکر نے کہا مگر قاضی عیاض نے جو یہ کہا ہے عجب ہے اسلئے کہ صحیح مسلم کے جمیع نسخوں میں وارد ہوا ہے کہ ابوبکر نے کہا واللہ یا رسول اللہ لتحدثنی اور صریح یمین ہے انتہی **عَنْ** سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰى بِنَا الصُّبْحَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ بِوَجْهِهٖ وَقَالَ هَلْ رَاٰى اَحَدٌ مِّنْكُمْ رُؤْيَا اللَّيْلَةَ ترجمہ روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھ چکتے ہمکو ساتھ صبح کی متوجہ ہوتے آدمیوں پر اور فرماتی آیا دیکھا ہے کسی تم میں سے کوئی خواب آجکی رات ف یہ حدیث

حسن ہے صحیح اور مرد ہے عوف اور جریر بن حازم سی انہون نے روایت کی ابی رجا سی انہون نے سمرہ سی انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی ایک قصہ طویلہ کی ساتہ اور ایسی ہی روایت کی ہے بخاری نے یہ حدیث وہب بن جریر سے مختصراً تمام جسم آپکا پوچہنا خواب کو تعبیر دینے کے واسطے تہا پہر جب کوئی صحابی کوئی خواب بیان کرتا آپ اُسکی تعبیر ارشاد فرماتے اور قصہ اس حدیث کا مفصلاً بخاری مین مذکور ہے یہان بخوف تطویل ذکر نکیا معلوم کرنا چاہئے کہ تعبیر رویا کی کبہی قرآن سے ہوتی ہے کبہی حدیث سی اور کبہی اُن امثلہ سے جو زبان زد خلایق ہین قرآن سے مثلاً تعبیر بیض یعنے انڈے کی عورتون سے بدلیل قولہ تعالی کَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ اور تعبیر تیر کی صوت قلوب سے جیسے قول اللہ تعالی ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ الْاٰيَةَ اور تعبیر لحم کی غیبت سے جیسے قول اللہ تعالی کا اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ الْاٰيَةَ اور تعبیر مفاتیح کی خزانون سے جیسے قول اللہ تعالی کا وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓءُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ اور تعبیر سفینہ کے نجات سے جیسے قول اللہ تعالی فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ اور فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ اور تعبیر دخول ملک کے وارد بالبلدہ یا محلہ مین ساتہ فساد اور خرابی اور بربادی اُس وارد بلد کے جیسے قول اللہ تعالی کا اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً اور تعبیر لباس کے ساتہ عورت کے اگر نائم مرد ہو اور ساتہ مردون کے اگر نائم عورت ہو جیسے قول اللہ تعالی کا هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ اور مروی ہے ابن سیرین سی کہ آیا اُنکے پاس ایک مرد اور اُسنے کہا مین نے خواب مین دیکہا کہ مجہے کوئی پکارتا ہے پس دیکہا اُسکی طرف ابن سیرین نے اور کہا کہ تیرا ماتہ کاٹا جائیگا پہر آیا دوسرا شخص اور اُسنے بہی یہی خواب کہا آپنے اُسکی طرف دیکہکر کہا کہ تجہے جو نصیب ہوگا انشاء اللہ تعالی پہر یوہی ہوا لوگون نے علت اُسکی فرمایا اُنہون نے دیکہی مین نے پہلے شخص کے چہرہ مین علامت فسق کے پس یاد کیا مین نے قرآن کی اس بذاکو فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ اور دیکہی مین نے دوسرے مین سیما صالحین کی پس یاد کی مین نے بذا قرآن کی وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ پس یہی واقع ہوا جیسے تعبیری تہی اسیطرح تعبیر اکل نار کی ساتہ اکل مال یتیم کے بقولہ تعالی اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا اور تعبیر عدم الریح کے ساتہ سلطان جائر قوی کے اور برق کے ساتہ خوف کے مسافر کے لئی اور سانہ سطرح کے تعلیم کے لئی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے وَهُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وغیر ذالک اور تعبیر حدیث سے جیسے غراب کے رجل فاسق سے کہ حدیث مین اُسکو حضرت نے فاسق فرمایا ہے اور فارہ کی زن فاسقہ سی اور نسلے کی عورت سے کہ حدیث مین آیا ہے کہ عورت پسلی سے پیدا ہوئی ہے اور آستان در کے ساتہ بیوی کے چنانچہ مروی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ بدل دو آستان در اپنا اور مراد اُس سے بیوی کا بدلنا تہا اور امثلہ متعارفہ سی جیسے لمبی ماتہ والی عورت سخیہ ہے اسلئے کہ عرب کہتا ہے ہذا اطول منک باعًا اور یدًا پہر امثلہ مین جس ملک کا خواب دیکہنے والا ہو اُس ملک کے اشلہ کا اعتبار ہے اور تعبیر غلبن طاعون کی عمل صالح سے اور ذبح بقر کی کثرت مقتولین سے اور امراۃ سوداکی وبا سے اور انقطاع صدر سیف کے موتون کے مقتول ہونے سے احادیث صحیحہ سے بروایت بخاری ثابت ہے اور علم تعبیر رویا علوم انبیا سے ہی وہذا آخر ما اردنا ایرادہ فی ہذا المقام واللہ الملک العلام

## بسم اللہ الرحمن الرحیم ابواب الشہادات عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

## یہ باب مین شہادات کے جو وارد ہین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے

مترجم شہادات جمع ہے شہادۃ کی اور شہادۃ اور شہود اور مشاہدت اصل مین بمعنے حضور اور ادراک بصر کے ہے اور کبہی اطلاق ہوتا ہے اُسکا اوپر علم یقینی کے جو حاصل ہوساتہ بصیرت کے اور کبہی آتا ہے بمعنی خبر قاطع کے کہ صادر ہو ساتہ موافقت قلب کے اور شریعت مین خبر دینا ساتہ حق غیر کے جو ہو اوپر دوسرے کے جیسا کہ اقرار اخبار ہے ساتہ حق غیر کے اوپر اپنے اور دعوے اخبار ہے ساتہ حق اپنے کی اوپر غیر کے اور بعضون نے شہادت کے تعریف مین کہا ہے ہی الاخبار عند الحاکم بما یعتقد الانسان اور گواہ کو شاہد کہتے ہین اور شاہد ایک نام ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نامہائے مبارک سے اور شہود اور شُہَّد اُسکی جمع آتی ہے اور اُشہاد بہی اور شہام بمعنے زبان اور فرشتہ اور روز جمعہ اور ثریا بہی وارد ہوا ہے اور شہود ناقہ آثار دلالت اُسکے خون غیرہ سے اور صلوٰۃ شاہد نماز مغرب شاہد زمین ہے اور احکام اُسکے ضمن احادیث مین مذکور ہونگے اور وجوب شہادت کا سبب درخواست ہے صاحب حق کی یا خوف ہے صاحب حق کے فوت ہونیکا اور شرائط شہادت بالاستیعاب اکیس ہین جنمین سے پانچ وجوب قبول کی ہین یعنے بلوغ اور حریت اور بصارت اور نطق اور عدالت اور عدم کا محدود فی القذف ہونا اور آپنے ذات کے واسطے جر منفعت نکرنا اور دفع تاوان اپنی ذات سے نکرنا اور شاہد کا خصم و عدو نہونا پس شہادت وصی کے یتیم کے واسطے اور وکیل کی موکل کے واسطے درست نہین اور یاد ہونا مشہود بہ کا اور اگر شاہد متعدد ہون تو دونون کا اتفاق ہونا اور یہ شرط عام ہین جمیع انواع شہادت مین اور جو بعض انواع سے

منصوص ہیں اُنمیں سے اسلام ہے اگر مشہود علیہ مسلم ہو اور ذکورت حد و قصاص میں اور تقدیم دعوے حقوق عباد میں اور موافقت شہادت کی دعوی سے جسمیں توافق شرط ہے اور قیام رائحہ شرب خمر کی شہادت میں مگر بُعد مسافت سے اور اصالۃً ادائی شہادت کرنا حد و قصاص کے شہادت میں اور حضور اصل کا متعذر ہونا شہادت علی الشہادت میں سو یہ ادائی شہادت کے مشروط شرطین ہیں اور مکان شہادت یعنے مجلس قضا اور عقل و بصارت یہ دو تو تحمل اور ادا دونو میں شرط ہے اور معائنہ مشہود بہ فقط تحمل کے شرط ہے نہ ادا کی تو یہ سب بیس شرطین ہوئیں کذا فی الطحاوی اور امتیاز کرنا سماعت سے جو یہ تسامع ثابت ہوتی ہے کہ یسوین شرط ہے

**عن** زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ الشُّهَدَاءِ الَّذِيْ يَاْتِيْ بِشَهَادَتِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّسْاَلَهَا **ترجمہ** روایت ہے زید بن خالد جہنی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا خبر دوں تمکو بہترین گواہوں کی بہترین گواہ ہونمیں وہ ہے جو گواہی دیوے قبل سوال کے **ف** روایت کیا ہم سے احمد بن حسن نے اُنہوں نے عبد اللہ بن مسلمہ اُنہوں نے مالک سے یہ حدیث اور کہا ابن ابی عمرہ نے یہ حدیث حسن ہے اور اکثر آدمیوں نے کہا ہے عبد الرحمن بن ابی عمرہ اور اختلاف کیا مالک پر اس حدیث کے روایت کرنے مین سو روایت کیا بعضوں نے ابی عمرہ سے اور بعضوں نے ابن ابی عمرہ سے اور وہ عبد الرحمن بن ابی عمرو انصاری ہین اور صحیح ہی نزدیک ہمارے اسواسطے کہ ایسا ہی مروی ہوا ہے مالک کے رایوں سے سوا اور روایتو نمین یہی ہے یعنے روایت ہے عبد الرحمن بن ابی عمرہ انصاری سے وہ روایت کرتے ہین زید بن خالد سے اور مروی ہوا ہے ابی عمرہ کہ وہ روایت کرتے ہین زید بن خالد سے اسحدیث کے سوا اور وہ بھی صحیح ہی اور ابو عمرہ مولی ہین زید بن خالد جہنی کے اور اُنکی ایک حدیث ہے کہ جسمین ذکر ہے غلول کا اور مروی ہے ہی وہ ابی عمرہ سے **مترجم** قولہ بہترین گواہ ہونکے وہ ہین کہ گواہی دیوے قبل سوال کے مراد اس سے وہ شخص ہے کہ صاحب حق نجانتا ہو کہ یہ میرے اثبات حق کا گواہ ہی پس اس صورتمین صاحب حق اُسکو طلب کر سکیگا تو اُسکو بغیر طلب کے گواہی دینا موجب ثواب ہے کہ اُسکا حق تلف نہو پس کچھہ منافات نہی حدیث مذکور مین اور حدیث باقی قوم یشہدون ولا یستشہدون مین اور بعضوں نے کہا مُراد اس حدیث سے گواہان کاذب ہین اور بعضوں نے کہا حدیث باب سے مُراد ہے امانت اور ودیعت کی گواہی کہ اُسے کوئی نجانتا ہو سوا اُس گواہ کے اور بعضوں نے کہا حدیث باب خاص ہین اور حدیث باقی عموم عام ہے

**عن** زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خَيْرُ الشُّهَدَاءِ مَنْ اَدّٰى شَهَادَتَهٗ قَبْلَ اَنْ يُّسْاَلَهَا **ترجمہ** اسکا اوپر کے حدیث کی ملتمد ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے

**عن** عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ خَائِنٍ وَّلَا خَائِنَةٍ وَّلَا مَجْلُوْدٍ حَدًّا وَّلَا مَجْلُوْدَةٍ وَّلَا ذِيْ غِمْرٍ لِّاَخِيْهِ وَلَا مُجَرَّبٍ شَهَادَةَ وَلَا الْقَانِعِ اَهْلَ الْبَيْتِ لَهُمْ وَلَا ظَنِيْنٍ فِيْ وَلَاءٍ وَّلَا قَرَابَةٍ قَالَ الْفَزَارِيُّ الْقَانِعُ التَّابِعُ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جایز نہین اور مقبول نہین شہادت خاین مرد کی اور نہ عورت کی جو خیانت کرنیوالی ہو اور نہ اُسکی جسکو پڑ چکی ہو حد خواہ مرد ہو یا عورت اور نہ عداوت رکھنے والا اپنے بھائی سے یعنے دشمن کے گواہی دشمن پر اور نہ اُسکی گواہی جسکی ایک گواہی جھوٹی آزما چکے ہین اور نہ گھر کے تابع کی اور نہ تہمت زدہ کی جو جھوٹ کے ساتھ مشہور ہو چکا ہے ولائین یا قرابت مین فزاری نے کہا قانع اہل بیت سے مُراد ہے تابع کسی کے گھر کا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر زید بن زیاد دمشقی کے روایت سے اور زید ضعیف ہین حدیث مین اور یہ حدیث معلوم نہین ہوئی کسیکے روایت سے کہ اُسنے زہری سے روایت کی ہو سوا اُسکے اور اسباب مین عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے اور نہین جانتے ہم مراد اس حدیث کے اور ہمارے نزدیک یہ قبیل اسنادی بھی صحیح نہین اور عمل اہل علم کے نزدیک یون ہے کہ شہادت قریب کے جایز ہے قریب کے واسطے اور اختلاف ہے اہل علم کا شہادت مین والد کے ولد کے لئی اور شہادت مین ولد کے والد کے لئی سو اکثر اہل علم نے کہا جایز نہین شہادت اولاد کی والد کے لئے اور نہ شہادت والد کی اولاد کے لئی اور بعض اہل علم نے کہا کہ جایز ہے شہادت والد کے ولد کو اور اسیطرح شہادت ولد کی والد کو اگر عدل ہون اور جایز ہے شہادت بھائی کی بھائی کے واسطے اسمین کچھہ اختلاف نہین اور اسیطرح اور قرابت والونکی آپسمین اور شافعی نے کہا کسیکی شہادت کسی پر جایز نہین جب اُن دونو مین عداوت ہو اگرچہ شاہد عدل بھی ہو اور گئے ہین وہ عبد الرحمن کی روایت کیطرف کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسلا مروی ہے کہ فرمایا آپنے

لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ حَنَةٍ یعنے جایز نہین گواہی صاحب عداوت کی اور یہی مُراد ہے اس حدیث کی جسکا متن اوپر مذکور ہوا کہ فرمایا اُسمین آنحضرت نے کہ جایز نہین ہے شہادت ذی غمر یعنے صاحب عداوت کی

**عن** اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَكْبَرِ الْكَبَائِرِ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ اَوْ قَوْلُ الزُّوْرِ قَالَ فَمَا زَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُهَا حَتّٰى قُلْنَا لَيْتَهٗ سَكَتَ

سوال سے پہلے شہادت ادا کرنیکا بیان

یعنی گواہ کو اختیار ہے کہ جس حق کی گواہی دینا چاہے دیوے اور جسکی گواہی نہ دینا چاہے نہ دیوے اور جسکو اپنا حق ثابت ہونیکی گواہی دینا ہو اُسکو چاہیئے کہ گواہ سے گواہی طلب کرے تب گواہ اُسکی گواہی دیوے یہ نہین کہ گواہ خود جا کر گواہی دیوے اور جسکو اپنا حق ثابت ہونیکی گواہی دینا ہو اُسکو چاہیئے کہ گواہ سے گواہی طلب کرے تب گواہ اُسکی گواہی دیوے یہ نہین کہ گواہ خود جا کر گواہی دیوے

ترجمہ روایت ہے ابی بکرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں تمکو بڑے سی بڑے گناہ کی بولی ہاں یا رسول اللہ کہا شریک کرنا ساتھ اللہ کی اور نافرمانی کرنا ماں اور باپ کی اور گواہی جھوٹی یا بات جھوٹی کہا راوی نے پھر برابر کہتے ہی حضرت یعنے شہادت زور کو بار بار یہانتک کہ کہا ہمنے کاش کے آپ چپ ہوتی **ف** یہ حدیث صحیح ہے

**عن** ایمن بن خریم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قام خطیبا فقال ایہا الناس عدلت شہادۃ الزور اشراکا باللہ ثم قرأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاجتنبوا الرجس من الاوثان واجتنبوا قول الزور ترجمہ روایت ہے ایمن بن خریم سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوے خطبہ پڑہنے کو سو کہا ہے آدمیون برابر کی گئی ہے جھوٹی گواہی اشراک باللہ کے ساتھ پھر پڑہے یہ آیت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فاجتنبوا الرجس یعنے بچو تم نجاست سے اوثان کی اور بچو تم جھوٹی بات سے **ف** اس حدیث کو نہین جانتے ہم مگر سفیان بن زیاد کی روایت سے اور اختلاف کیا ہے اسحدیث کی روایت کرنیمین سفیان بن زیاد سے اور ایمن بن خریم کو ہم نہین جانتے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے سماع ہو سے **عن** عمران بن حصین قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول خیر الناس قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم ثلاثا ثم یجیء قوم من بعدہم یشہدون ولا یستشہدون ویخونون ولا یؤتمنون ویعطون السمن ویظہر فیہم السمن ترجمہ روایت ہے عمران سے کہا سنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے بہتر سب زمانون کے لوگون سے میرے زمانہ کی لوگ ہین پھر جو اُنکے بعد ہون پھر جو اُنکے بعد ہون یہہ فرمایا آپنی تین بار پھر آویگی ایک قوم اُنکے بعد کہ موٹا ہونا چاہینگے اور دوست رکھینگے موٹا ہونیکو ادا کے شہادت کو موجود ہونگے قبل درخواست کے **ف** یہ حدیث غریب ہے بروایت اعمش عن علی بن مدرک اور اصحاب اعمش نے اس سند سے روایت کیے ہی عن الاعمش عن ہلال بن یساف عن عمران بن حصین چنانچہ روایت کیے ہمسے ابو عمار نے اُنہون نے وکیع سی اُنہون نے اعمش سے اُنہون نے ہلال بن یساف سے اُنہون نے عمران بن حصین سے اُنہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور یہ صحیح تر ہے محمد بن فضیل کے حدیث سی اور اس حدیث سی بعض اہل علم کے نزدیک وہ شاہد مراد ہین کہ بغیر سوال کے جھوٹی گواہی دین چنانچہ محمد بن ثور نے کہا ہے کہ یہ لفظ جو حضرت سے مروی ہین شہادۃ احدہم من غیر ان یستشہد و ابیان اسکا عمر بن خطاب کے حدیث مین ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب زمانون سے بہتر میرے زمانیکے لوگ ہین پھر جو اُنکے بعد ہون پھر جو اُنکے بعد ہون پھر ظاہر ہوجاویگا جھوٹ یہانتک کہ گواہی دیگا آدمی اور گواہی طلب نکیجاویگی اُس سے اور قسم کہانے لگیگا آدمی قبل اسکے کہ قسم لیجاوے اُس سے اور یہ جو حضرت نے فرمایا ہے کہ بہترین شہداء وہ ہین کہ قبل درخواست کے گواہی دیوین مراد اس سے یہ ہی کہ جب درخواست کرے صاحب حق فوراً گواہی دینے کو حاضر ہون اور حیلہ و حوالہ نکرین یہہ نہین کہ بغیر بلائی دوڑین یہہ تطبیق ہے اُن حدیثون مین نزدیک بعض اہل علم کے مترجم مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے ایک اور تطبیق یہہ بھی بیان فرمائی ان حدیثون مین اور وجہ تطبیق اسکے ہم اوپر ذکر کر چکے ہین فقط

## بسم اللہ الرحمن الرحیم ابواب الزہد عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ باب ہین زہد کے جو وارد ہین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سی

مترجم زہد بالفتح لغت مین بمعنے قدر اندک ہونے کے چنانچہ عرب کہتے ہین خذ زہدہا یعنے قدر اندک اور زہد بالضم بے رغبتی اور طیب کسب اور قصر امل اور زہد لفقتین زکوٰۃ اور زاہد بے رغبتی کرنیوالا اور زاہد بن عبد اللہ اور ابو زاہد نام ہے دو بڑے محدثونکا اور زہاد وہ ہین کہ بغیر آب کثیر کے روان ہون اور زہیدہ ہر چیز سے تھوڑا کو کہتے ہین اور زہد فیہ یعنے بے رغبتی کی اُس چیز سے اور اُسی سے ہے قول اللہ تعالی کانوا فیہ من الزاہدین یعنے بے رغبتی کرنیوالے تھے یوسف سے بہائی اُسکے اور تزہید کسیکو زہد پر انگیختہ کرنا (منتہی الارب) اور اصطلاح شرع مین زہد بے رغبتی کرنا ہے دنیائی فانی سے واسطے حصول نعمار باقیۂ اُخروی کے اور یہ ادنے درجہ ہے اور بے رغبتی کرنا انگیختہ خدا سے واسطے تحصیل وصال الٰہی کے اور قرب اُسکے کے اور یہ اعلے درجہ ہے اور ترک کرنا ہے حظ نفس کا باختیار خود اور وہ مرکب ہے حال اور علم اور عمل سے مراد حال سے رغبت قلبی کا پھیرنا ہے ایک ادنی چیز سے طرف اعلی چیز کے پس جس طرف سے پھیرا ہے اُسکو مرغوب عنہ کہتے ہین اور زہد فیہ اور جدہر پھیرا ہے اُسے مرغوب فیہ کہتے ہین اور مزہود لہ تو ضرور ہوا کہ جسطرف سے دلکو پھیرا ہے وہ بھی مرغوب شئی ہو من وجہ ورنہ یہہ پھیرنا زہد نکہلائیگا جیسا کہ تارک حجر و تراب کا زاہد نکہلائیگا برخلاف تارک دراہم و دنانیر کے اور شرط مرغوب فیہ کے یہ ہے کہ بہتر ہو اُسکے نزدیک مرغوب عنہ سے اسلئے کہ بایع اقدام نہین کرتا بیع پر جبتک کہ نہین سمجھ لیتا کہ ثمن بہتر ہے مبیع سے پس وہ کہا جاتا ہے باعتبار مبیع کے زاہد اور باعتبار ثمن کے راغب اسی طرح کہا جاتا ہے زاہد کو زاہد باعتبار دنیا کے اور راغب باعتبار عقبے کے یا زاہد کہا جاتا ہے باعتبار ماسوا کے اور راغب باعتبار مولا کے اور مراد علم سے استقام مین وہ علم ہے کہ ثمر ہو اُس حال کا جو اوپر مذکور ہوا

زہد کے تعریف

اور وہ یہ ہے کہ شئے متروک کو حقیر جانے باعتبار شئے ماخوذ کی اور جبتک یہ علم حاصل نہو وہ حال حاصل نہیں ہوتا جیسے بائع جب تک کہ ثمن کو مبیع سے بہتر نہ سمجھے بے تبتک ترک مبیع اور اخذ ثمن جائز نہیں کہا اسیطرح جس شخص نے بخوبی جان لیا کہ دنیا فانی ہے بمنزلہ برف کی اور عقبیٰ باقی اور بہتر ہے بمنزلہ دراہم اور دنانیر کے پس اسکو بدلنا برف کا دینار سے دشوار نہیں خصوصًا ایسے حال میں کہ برف دھوپ میں گھلتی ہو اور قیمت ہزار گنی لاگت سی ملتی ہو اور مشتری اسکا امین ہو اور خازن برف خائن پس یہ علم جب درجۂ یقین کو پہونچتا ہی حالت مذکورہ کو کمال قوت دیتا ہے اور واقع میں دنیا برف سے جلد فانی ہونیوالی ہے اسلئے کہ وہ تو فقط گرمی میں گھلتی ہی اور گرمی جاتی ہے برسات بلکہ دن اور رات معرض زوال میں ہے اور عقبیٰ دراہم و دنانیر سے ہزار درجہ اولیٰ اسلئے کہ یہ فانی ہیں اگرچہ برف سے فنا انکی متاخر ہو بخلاف عقبیٰ کے کہ ابدالآباد ہی اور فنا و زوال کا ہرگز انمیں مجال نہیں اور مماثل عمل سے ترک مطلق ہے اور مبدل دینا اسچیز کا جوادنیٰ ہے اور لے لینا اعلیٰ کا اسکے عوض میں اسیطرح زہد واجب کرتا ہے مرموز فیہ کے ترک کو بالکلیہ اور وہ سارے دنیا ہے مع اسباب اور متعلقات اور مقدمات اپنے کے پس نکالدیوے اپنے دل سے محبت اسکی تباہا اور داخل کرے اسکے عوض میں محبت طاعات و عبادات کے اور اتباع سنن اور ریاضات کے اور نکالدے اس چیز کو ہاتھ سے اور آنکھ سے جیسے نکالدیا دل سے اور مشغول کرے چشم و دل کو وظائف طاعات میں جیسا کہ مشغول تھے پہلے دنیا کی لذات میں اور مستبشر ہو اس بیع و مبدل کے ساتھ (کذا ذکر الغزالی) اور باقی احکام زہد کے ضمن احادیث میں مذکور ہونگے

صحت اور فراغت کی قدر

**عن** ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نعمتان مغبون فیہما کثیر من الناس الصحۃ والفراغ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو نعمتیں ہیں کہ جو ہوئے ہیں اُن میں بہت سے لوگ ایک تندرستی دوسرے فراغت **ف** روایت کیا ہے محمد بن بشار نے انہوں نے یحییٰ سے انہوں نے عبداللہ بن سعید سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے ابن عباس سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اسباب میں انس بن مالک کے یہ روایت ہے یہ حدیث صحیح ہے روایت کیے کئی لوگوں نے عبداللہ بن سعید بن ابی ہند سے اور مرفوع کیا اسکو اور موقوف کیا روایت کیے بعضوں نے عبداللہ بن سعید بن ابی ہند سے **مترجم** یعنے ان دونوں نعمتوں کے اکثر لوگ قدر نہیں جانتے اور قدر دانی نہیں کرتے حالانکہ لازم ہے کہ تندرستی کو قبل مرض کے اور فراغت کو قبل شغل کے غنیمت جانیں

**عن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من یأخذ عنی ھؤلاء الکلمات فیعمل بھن او یعلم من یعمل بھن فقال ابو ہریرۃ قلت انا یا رسول اللہ فاخذ بیدی فعد خمسا وقال اتق المحارم تکن اعبد الناس وارض بما قسم اللہ لک تکن اغنی الناس واحسن الی جارک تکن مؤمنا واحب للناس ما تحب لنفسک تکن مسلما ولا تکثر الضحک فان کثرۃ الضحک تمیت القلب **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کون شخص لیتا ہے مجھ سے سنکر یہ پانچ باتیں پھر عمل کرتا ہے انپر یا سکھاتا ہے کسی ایسے شخص کو جو عمل کرے انپر سو کہا ابوہریرہ نے میں نے عرض کی کہ میں سیکھتا ہوں انہیں یا رسول اللہ پس پکڑا آپنے ہاتھ میرا اور گن پانچ باتوں کو اور فرمایا پانچ تو حرام چیزوں سے موجائیگا تو سب لوگوں سے زیادہ عابد اور راضی رہ تو اللہ کی تقسیم پر موجائیگا سب لوگوں سے زیادہ بے پرواہ اور احسان کر اپنے ہمسایہ پر موویگا تو مومن اور دوست رکھ لوگوں کے لئے جو چیز کہ دوست رکھتا ہے تو اپنی لئے موویگا تو مسلمان اور بہت نہ ہنس اسلئے کہ بہت ہنسنا مارڈالتا ہے دل کو **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر حضر بن سلیمان کی روایت سے اور حسن کو سماع نہیں ابی ہریرہ سے مطلق ایسا ہی روایت کیا ہے ابو یونس بن عبید سے اور یونس بن عبید سے ابن زید سے ابن سب نے کہا کہ حسن کو ابی ہریرہ سے سماع نہیں اور روایت کیے ابو عبید ناجی نے حسن سے یہ حدیث اور ٹھیرایا اسی نے واسطہ حسن اور ابی ہریرہ میں ذکر کیا انہوں نے کہ روایت کرتی ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

## باب ما جاء فی المبادرۃ بالعمل قبل خیر من تاخیر

یعنے بیان میں

**عن** ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال بادروا بالاعمال سبعا ھل تنظرون الا الی فقر منسی او غنی مطغ او مرض مفسد او ھرم مفند او موت مجہز او الدجال فشر غائب ینتظر او الساعۃ فالساعۃ ادھی وامر **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جلدی کرو ساتھ عملوں کے پہلے اسکے کہ منتظر رہو تم مگر محتاجی منسی کرنیوالی کے یا غنا غافل کرنیوالی کے یا مرض مفسد کے یا بڈھاپا ہوش میں خلل ڈالنیوالا کے یا موت جلد آنیوالی کے یا دجال کے پس شر غائب کا انتظار کیا جاتا ہے یا قیامت کے اور قیامت نہایت سخت اور تلخ ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے جسے نہیں جانتے ہم اسے اعمر کی روایت سے کہ وہ ابوہریرہ سے روایت کرتے ہیں مگر محمد بن ہارون کی روایت سے اور روایت کیے ہم نے یہ حدیث اس شخص سے کہ جسنی نے سعید مقبری سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے

## باب ما جاء فی ذکر الموت

باب

موت کے ذکر میں **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْثِرُوْا ذِکْرَ ھَاذِمِ اللَّذَّاتِ یَعْنِی الْمَوْتَ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہت کرو یاد لذتوں کی مٹانیوالی کو یعنے موت کو **ف** یہ حدیث غریب ہے حسن ہے اسماعیل ابی سعید سے ہے روایت ہے **باب عن** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بُجَیْرٍ اَنَّہٗ سَمِعَ ھَانِیًا مَوْلٰی عُثْمَانَ قَالَ کَانَ عُثْمَانُ اِذَا وَقَفَ عَلٰی قَبْرٍ یَبْکِیْ حَتّٰی یَبُلَّ لِحْیَتَہٗ فَقِیْلَ لَہٗ تُذْکَرُ الْجَنَّۃُ وَالنَّارُ فَلَا تَبْکِیْ وَتَبْکِیْ مِنْ ھٰذَا فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْقَبْرَ اَوَّلُ مَنْزِلٍ مِّنْ مَنَازِلِ الْاٰخِرَۃِ فَاِنْ نَجَا مِنْہُ فَمَا بَعْدَہٗ اَیْسَرُ مِنْہُ وَاِنْ لَّمْ یَنْجُ مِنْہُ فَمَا بَعْدَہٗ اَشَدُّ مِنْہُ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا رَاَیْتُ مَنْظَرًا قَطُّ اِلَّا وَالْقَبْرُ اَفْظَعُ مِنْہُ ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن بجیر سے کہ انہوں نے سنا ہانی سے جو مولے تھے عثمان رضی اللہ عنہ کے کہا ہے حضرت عثمان کو جب کھڑے ہوتے کسی قبر پر روتے یہانتک کہ تر ہوجاتی ریش مبارک انکی سو کہا انسے کسی نے یاد کرتے ہیں آپ جنت کو اور دوزخ کو اور بیان فرماتی ہیں انکا اور نہیں روتے اور روتی ہیں آپ قبر کو دیکھکر کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خداصلے اللہ علیہ وسلم نے کہ قبر پہلے منزل ہے منازل آخرت سے سو اگر نجات پائی اُسکے ہول و عذاب سے کسی نے تو جو بعد اُسکے ہے آسان ہے اُس سے اور اگر نہ نجات پائی کسی نے اُسکے ہول و عذاب سے تو جو بعد اُسکے ہے سخت تر ہے اُس سے اور کہا عثمان نے فرمایا رسول خداصلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں دیکھے میں نے کوئی دیکھنے کی جگہ قبر سے بڑھکر گھبراہٹ میں اور سختی میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتی ہم اسکو مگر مشام بن یوسف کی روایت سے **باب** مَنْ اَحَبَّ لِقَآءَ اللّٰہِ اَحَبَّ اللّٰہُ لِقَآءَہٗ باب ملاقات الٰہی کی آرزو میں **عن** عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحَبَّ لِقَآءَ اللّٰہِ اَحَبَّ اللّٰہُ لِقَآءَہٗ وَمَنْ کَرِہَ لِقَآءَ اللّٰہِ کَرِہَ اللّٰہُ لِقَآءَہٗ ترجمہ روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو دوست رکھے اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو اللہ بھی دوست رکھتا ہے اُسکی ملاقات کو اور جو مکروہ جانے اللہ عزوجل کے ملاقات کو اللہ بھی مکروہ جانتا ہے اُسکی ملاقات کو **ف** اسباب میں ابی ہریرہ اور عائشہ اور ابی موسے ہے روایت ہے حدیث عبادہ کی صحیح ہے **باب** مَا جَآءَ فِیْ اِنْذَارِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَشِیْرَتَہُ الْاَقْرَبِیْنَ باب انذار میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے قوم کو **عن** عَائِشَۃَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَتْ ھٰذِہِ الْاٰیَۃُ وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا صَفِیَّۃُ بِنْتَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ یَا فَاطِمَۃُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ یَا بَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِنِّیْ لَآ اَمْلِکُ لَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ شَیْئًا سَلُوْنِیْ مِنْ مَّالِیْ مَا شِئْتُمْ ترجمہ روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا انہوں نے کہ جب نازل ہوئی یہ آیت وَاَنْذِرْ الایۃ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ڈرا دے اپنی نزدیک کے ساتھیوں قرابت والوں کو فرمایا رسول خداصلے اللہ علیہ وسلم نے اے صفیہ بیٹی عبدالمطلب کے اور یہ بیبی ہیں آنحضرتؐ کی اے فاطمہ بیٹی محمد کی اے اولاد عبدالمطلب میں اختیار نہیں رکھتا ہوں تمہارے نفع و ضرر کا اللہ کی درگاہ میں کچھ مانگ لو مجھ سے جو چاہو میرے مال سے **ف** اسباب میں ابی ہریرہ اور ابن عباس اور ابی موسے سے بھی روایت ہے حدیث عائشہ کی حسن ہے اور روایت کے بعضوں نے ہشام بن عروہ سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **مترجم** اس حدیث میں بہت خوف دلانا ہی اقربا ہی نبی کو اور تمامی امت کو چنانچہ حضرتؐ نے جب آیہ مذکورہ اتری ایک ایک عزیز کو پکارا اور فرمایا کہ میں آخر تمہیں تمہارے کچھ کام نہ آؤنگا دنیا میں میرا مال جو چاہو مجھ سے مانگ لو آخرت میں سوا تمہارے عملوں کے اور سوا رحمت حق کے میرے قرابت صرف کچھ کام نہ آویگی تم میرے قرابت پر بھروسا مت کرو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جیسے بعض شفعا بعض ولیوں کے اولاد میں ہونیکو فخر جانتے ہیں اور عمل نیک میں سستی کرتے ہیں اور یقین کرتے ہیں کہ ہم خواہ عمل کریں یا نکریں ہم تو بزرگ زادی ہیں خدا ہمکو خواہ نخواہ بخشدیگا اور اُنکے معتقد باوجود فسق و فجور کے اُنسے تبرک ڈھونڈھتی ہیں وہ محض سفیہ اور بے عقل ہیں جب آنحضرتؐ کے اقربا کو اللہ تعالیٰ نے ڈرایا تو اور کسیکی کیا حقیقت رہی + **باب** مَا جَآءَ فِیْ فَضْلِ الْبُکَآءِ مِنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ باب خدا تعالیٰ کے ڈر سے رونیکی فضیلت میں **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَلِجُ النَّارَ رَجُلٌ بَکٰی مِنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ حَتّٰی یَعُوْدَ اللَّبَنُ فِی الضَّرْعِ وَلَا یَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَدُخَانُ جَھَنَّمَ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خداصلے اللہ علیہ وسلم نے داخل نہ ہوگا دوزخ میں وہ مرد کہ رویا اللہ تعالیٰ کے خوف سے یہانتک کہ دوبارہ چلا جاوے دودھ پستانوں اور نہیں جمع ہوتا ہے غبار اللہ کے راہ یعنی جہاد کا اور دُھوان جہنم کا **ف** اسباب میں ابی ریحانہ اور ابن عباس سے ہے روایت ہے یہ حدیث صحیح ہے اور محمد بن عبدالرحمن مولے ہیں آل طلحہ کے مدنی ہیں ثقہ ہیں روایت کی اُنسے سفیان ثوری نے اور شعبہ نے **مترجم** اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیق بالمحال فرمائی یعنے جیسے دودھ کا پستان زن میں دوبارہ جانا محال ہے ویسا ہی اللہ تعالیٰ کے خوف سے رونیوالیکا دوزخ میں جانا محال ہے یعنے بسبب رحمت اور فضل باریتعالیٰ شانہٗ کی کہ وہ رونیسے اسقدر مہربان ہوتا ہے نہ

باعتبار قدرت وامکان کے اور جسکے بدن اور کپڑوں وغیرہ پر غبار جہاد پڑے اُسپر دُھواں جہنم کا حرام ہے پھر دخول جہنم کا کیا ذکر ہے اسمین بڑی فضیلت ہی جہاد کی اور معلوم ہوا کہ جہاد کفارہ ہوجاتا ہے گناہوں کا اور سبب ہے بار دوزخ سے محفوظ رہنے کا اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْنَا فِی الْمُجَاھِدِیْنَ وَاَحْیِنَا مَعَھُمْ وَاَمِتْنَا مَوْتَ الصَّالِحِیْنَ وَاَحْشُرْنَا مَعَھُمْ **باب** مَا جَاءَ فِیْ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِکْتُمْ قَلِیْلًا **باب** اس بیان مین کہ مزید علم موجب قلت ضحک ہی **عن** اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَرٰی مَا لَا تَرَوْنَ وَاَسْمَعُ مَا لَا تَسْمَعُوْنَ اَطَّتِ السَّمَآءُ وَحُقَّ لَھَا اَنْ تَاِطَّ مَا فِیْھَا مَوْضِعُ اَرْبَعِ اَصَابِعَ اِلَّا وَمَلَکٌ وَاضِعٌ جَبْھَتَہٗ لِلّٰہِ سَاجِدًا وَاللّٰہِ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِکْتُمْ قَلِیْلًا وَلَبَکَیْتُمْ کَثِیْرًا وَمَا تَلَذَّذْتُمْ بِالنِّسَآءِ عَلَی الْفُرُشِ وَلَخَرَجْتُمْ اِلَی الصُّعُدَاتِ تَجْاَرُوْنَ اِلَی اللّٰہِ لَوَدِدْتُ اَنِّیْ کُنْتُ شَجَرَۃً تُعْضَدُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ذر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نی مین دیکھتا ہون جو تم نہین دیکھتے اور سُنتا ہون جو تم نہین سُنتے چرچراتا ہے آسمان اور حق ہے اُسکو کہ چرچرائے اسلئے کہ نہین ہے اُسمین بجز اُنگل کے جگہہ کہ ایک فرشتہ سر کہی ہوئی سجدہ کرنیکو اللہ عزوجل کے واسطے اور قسم ہے اللہ تعالیٰ کی اگر جانو تم جو مین جانتا ہون تو ہنسو تھوڑا اور رو وبہت اور لذت نہ اُٹھاؤ عورتون سے بچھونون پر اور نکل جاؤ تم میدانون مین فریاد کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے یعنے اپنی ذنوب کے مغفرت کے لئے اور ابو ذر کہتے تھے کاشکی مین ایک درخت ہوتا کہ لوگ اُسے کاٹ ڈالتے **ف** اسبابین عائشہ اور ابی ہریرہ اور ابن عباس اور انس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور مرفوعی ہے اور سند سے سوا اس سند کے کہ ابو ذر فرماتے تھے کاشکہ مین ایک درخت ہوتا کہ لوگ مجھے کاٹ ڈالتے اور مرفوعی ہے یہ روایت ابوذر سے موقوفاً **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِکْتُمْ قَلِیْلًا وَلَبَکَیْتُمْ کَثِیْرًا اَثَرِ جلیل گذرا **ف** یہ حدیث صحیح ہے **باب** مَا جَاءَ مَنْ تَکَلَّمَ بِالْکَلِمَۃِ لِیُضْحِکَ النَّاسَ باب ہنسے کی بات کی بیانمین **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرَّجُلَ لَیَتَکَلَّمُ بِالْکَلِمَۃِ لَا یَرٰی بِھَا بَاْسًا یَھْوِیْ بِھَا سَبْعِیْنَ خَرِیْفًا فِی النَّارِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک آدمی کلام کرتا ہے ساتھ ایک بات کے اور نہین دیکھتا اُسمین کچھہ مضائقہ حالانکہ گر جاتا ہے اُسکے شامت سے ستر برس تک کی راہ دوزخ مین **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **عن** بَھْزِ بْنِ حَکِیْمٍ عَنْ اَبِیْ عَنْ جَدِّیْ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ وَیْلٌ لِّلَّذِیْ یُحَدِّثُ بِالْحَدِیْثِ لِیُضْحِکَ بِہِ الْقَوْمَ فَیَکْذِبُ وَیْلٌ لَّہٗ وَیْلٌ لَّہٗ **ترجمہ** بہز بن حکیم کے دادا سے کہا اُنہون نے سُنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے کہ خرابی ہے اُس شخص کو کہ ایک بات ایسی کہتا ہے کہ ہنستی ہے اُسکو سُنکر قوم اور وہ بات جھوٹ ہوتی ہے خرابی ہے اُسکے لئے خرابی ہے اُسکے لئے **ف** اسبابین ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے **باب** بیفائدہ باتونکے بُرائی مین **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ تُوُفِّیَ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِہٖ فَقَالَ یَعْنِیْ رَجُلًا بَشِّرْ بِالْجَنَّۃِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوَلَا تَدْرِیْ فَلَعَلَّہٗ تَکَلَّمَ فِیْمَا لَا یَعْنِیْہِ اَوْ بَخِلَ بِمَا لَا یَنْقُصُہٗ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہا وفات کی ایکمرد نے اصحاب سے سو کہا ایکمرد نے بشارت ہو تجھکو جنت کی سو فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تو نہین جانتا شاید کہ اسنے کہی ہو کوئی بات بیفائدہ یا بخل کیا ہو ایسی چیز کے ساتھہ جسکی خرچ کرنے سے اُسکا کچھہ نقصان نہوتا **ف** یہ حدیث غریب ہے **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُہٗ مَا لَا یَعْنِیْہِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مرد کی خوبی اسلام سے ہے چھوڑنا بیفائدہ باتونکا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسے ابی سابط کے روایت سے کہ وہ ابوہریرہ سے روایت کرتے ہون وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مگر اسی سند سے روایت کیا ہے قتیبہ نے اُنہون نے مالک سے اُنہون نے زہری سے اُنہون نے علی بن حسین سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک خوبی اسلام سے مرد کی ہے چھوڑنا بیفائدہ باتونکا اسیطرح روایت کیا ہے کئی شخصون نے اصحاب زہری کے زہری سے اُنہون نے علی بن حسین سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مالک کے روایت کے مانند **باب** مَا جَاءَ فِیْ قِلَّۃِ الْکَلَامِ باب قلت کلام کے خوبی مین **عن** بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِیِّ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اَحَدَکُمْ لَیَتَکَلَّمُ بِالْکَلِمَۃِ مِنْ رِّضْوَانِ اللّٰہِ مَا یَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَیَکْتُبُ اللّٰہُ لَہٗ بِھَا رِضْوَانَہٗ اِلٰی یَوْمِ یَلْقَاہُ وَاِنَّ اَحَدَکُمْ لَیَتَکَلَّمُ بِالْکَلِمَۃِ مِنْ سَخَطِ اللّٰہِ مَا یَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَیَکْتُبُ اللّٰہُ عَلَیْہِ بِھَا سَخَطَہٗ اِلٰی یَوْمِ یَلْقَاہُ **ترجمہ** روایت ہے بلال بن حارث سے جو صحابی ہین رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھی کہ سُنا مین نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کلام کرتا ہے ایک تم مین کا ساتھہ ایک بات کے اللہ کی رضامندیون سے نہین جانتا کہ اُسکا رتبہ کہانتک

پہونچیگا پھر لکھی جاتی ہے اُسکے لئے رضامندی اللہ تعالیٰ کے اُسدن تلک کہ ملاقات کریگا اللہ تعالیٰ سے اور ایک تمہین کا نکالتا ہی ایک بات اللہ کے غصّے کی نہین جانتا کہ کہانتک پہونچیگا وبال اُسکا پھر لکھا جاتا ہے غصہ اللہ تعالیٰ کا اُسکے لئے اُسدن تک کہ ملاقات کریگا وہ اُس سے یعنے قیامت تک **ف** اور اسبابہین ام حبیبہ بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اسیطرح روایت کی کئی شخصون نے محمد بن عمرو سے مانند اسکے اور کہا اُنہون نے سند مین عن محمد بن عمرو عن ابیہ عن جدہ عن بلال بن الحارث اور روایت کیا مالک بن انس نے یہ حدیث اس سند سے عن محمد بن عمرو عن ابیہ عن بلال بن الحارث اور ذکر کیا اُنہین محمد بن عمرو کے دادا کا یعنے عن جدہ نکہا **مترجم** اس حدیث مین اشارہ ہلکہ شرائط زہد سے ہے فضول کلام سے پرہیز کرنا جیسے فضول مال سے پرہیز کرنا اُسکی ضرور ہی ہے اور خوفناک نہا کلام کے حساب سے اور ہمیشہ رضاجوئی الٰہی رہنا اپنے کلمات مین ہے اسلئے کہ زبان معبر جہان ہے اور جہان مین یون فرمان رحمان ہے اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا **باب** مَا جَاءَ فِي هَوَانِ الدُّنْيَا عَلَى اللّٰهِ باب ذلت مین دنیا کے خدائے عزوجل کے آگے **عن** سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ مَا سَقٰى كَافِرًا مِنْهَا شَرْبَةَ مَاءٍ **ترجمہ** روایت ہے سہل بن سعد سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر دنیا اللہ تعالیٰ کی درگاہ مین ایک پرشپہ کے برابر عزت رکھتی ہوتی تو نہ پلاتا اللہ تعالیٰ کسی کافر کو ایک گھونٹ پانی یعنے سب مومنون کو عنایت فرماتا چونکہ نہایت ذلیل ہے اسلئے کفار کے حصہ مین آئی **ف** اسبابہین ابی ہریرہ سے ہے روایت ہے یہ حدیث صحیح ہے غریب ہے اس سند سے **مترجم** اس حدیث مین اور آگے کی دونون حدیثون مین اشارہ ہے مزمومہ دنیہ کے حقارت کیطرف اور موجب ان تینون حدیثون کا وہ علم ہے جو زاہد کو ضرور ہے وہ یہ کہ حقارت اور ذلت اور ہوان دنیا کا آخرت کے سامنے اُسکی ذہن نشین ہوجانا اور اسیطرح ہوان سارے جہان بلکہ تمامی کون ومکان کا ذلت مقدس باریتعالیٰ کے سامنے اسطرح یقین کہ پہونچا کہ ترک کرنا تمام عالم کا رب العالمین کے واسطے دشوار نہ ہو اور ایسی یہ ادنیٰ درجہ ہے زہد کا اسلئے کہ ایسی عالم کے کچھہ قدر باقی ہے اعلےٰ درجہ ہے کہ اس ترک کو کچھہ کام نہ جانا اور یہ نہ سمجھنا کہ مین نے کوئی چیز عمدہ ترک کی اور اپنے مختصر نہونا بلکہ اس امر کے اضافت کرنے سی اپنے جانب شرمانا جیسے کوئی جواہر بیش بہا کے آگے ایک کلوخ گلی کو کچھہ کام نہین جانتا اور اگر شمار کیا جاے اُسکو اسپر تو شرماتا ہے اور یہ متوسط درجہ ہے زہد کا اسلئے کہ مزمومہ دنیہ وجود کی خبر اسی زاہد کو ہے اگرچہ برابر کلوخ کے ہو تیسرا درجہ کہ وہ سب سے اعلےٰ ہی ہے کہ زاہد کو نہین زہد سے خبر نہونا اور یہ مقام ہے وصال الٰہی کا حقیقت اُسکی یہ ہے کہ جب متلذذ ہوتا ہے وہ ساتھ ذکر الٰہی کے اور تلذذ اُٹھاتا ہے وہ ساتھ قرآن کے اور خوش ہوتا ہے وہ اپنے پروردگار کے ہمکلامی سے اور بہر جاتا ہے قلب اُسکا اور نورانی ہوجاتی ہے روح اُسکی اور درک جاتا ہے جسم اُسکا پس خبر نہین رہتے اُسکو موجودات کے اور یقین کرتا ہے کہ عالم مین کوئی شئے باریتعالیٰ کے ذکر سے لذیذ نہین اور کوئی ذات اُس ذات مقدس کے آگے موجود نہین عالم معرض فنا مین ہے اور جہان تمام زوال مین اور مستغرق ہے زاہد مخلص باریتعالیٰ کے جاہ وجلال مین زبان حال سے ہر حال مین یون گویا ہے اور مقام قرب مین ہر دم پویا ابیات ہر چہ گویم از تو گویم ای عزیز + ہر چہ جویم از تو جویم ای عزیز + ای مرا مرض عشق را مرہم طبیب + می ندانم غیر دانست اے حبیب + از جہان صایم شدم ای بحر نور + تا بقائی تو شود دار الحضور **عن** الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ الرَّكْبِ الَّذِيْنَ وَقَفُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّخْلَةِ الْمَيِّتَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَرَوْنَ هٰذِهِ هَانَتْ عَلٰى أَهْلِهَا حِيْنَ أَلْقَوْهَا قَالُوْا مِنْ هَوَانِهَا أَلْقَوْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَلدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ عَلٰى أَهْلِهَا **ترجمہ** روایت ہے مستورد بن شداد سے کہا کہ تہا مین اُن سواروں کے ساتھ کہ کھڑے ہوے وہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک چھوٹے بچہ مرے ہوی پر بکری کے اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا دیکھتے ہو تم اسکو کہ ذلیل اور حقیر ہوگیا اپنے لوگون کے سامنے جب تو پھینکدیا اُنہون نے اسکو عرض کی صحابہ نے کہ ہان بسبب ذلیل وحقیر جاننے کے پھینکدیا اُسکو یا رسول اللہ فرمایا دنیا اللہ تعالیٰ کے سامنے اس سے زیادہ ذلیل ہے جیسا یہ اپنے مالکون کے سامنے ذلیل ہے **ف** اسبابہین جابر اور ابن عمر سے بھی روایت ہے حدیث مستور دکی حسن ہے **عن** أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ مَلْعُوْنٌ مَا فِيْهَا إِلَّا ذِكْرَ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ وَعَالِمًا أَوْ مُتَعَلِّمًا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہتے ہے سنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے بیشک دنیا ملعون ہے ملعون ہے جو کچھہ اُسمین ہے مگر ذکر اللہ تعالیٰ کا اور جو اُسکا مدد کرے اور عالم یا متعلم **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **مترجم** جناب مولانای روم قدس اللہ سرہ نے خوب کہا ہے **شعر** اہل دنیا کا فران مطلق اند

روز و شب و رزق رزق و برق برق اند ✦ دنیا ایک زن مکار ہے فریفتہ کرنیوالی اپنے لوگون کو اور دغا دینی والی ہے اپنی اہل کو غافل کر دیتی ہے باتعالی کے ذکر سے روکدیتی ہے زاد آخرت کے حاصل کرنے سے تارک اُسکی زینت کا مرحوم ہے مشغول اُسکے تکلفات مین مرجوم وہ رحمت کا مستحق یہ رحمت کا مستوجب اُسکو جنت ہی منت اسکو ذلت بے ضمنت غرض دنیا ملعونہ ہے اور اہل اُسکے ملعون انہین کے حق مین ہے وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ فرعون ہی عون ہی ہین اور مردود دلکون ہی دین ہی فروش ابطال حق مین پرجوش مسالکین سے دور غرباے مہجور سنن ہوے نفور بدعت مین بہرپور احقاق حق سے دل چرائین امر معروف سے جان بچائین جہار حابین وسیی نجائین مداہنت کیش نظاہر درویش شارع نے ان سبکو ملعون فرمایا اور زہد اور ریاضت کا نسخہ بتایا **عن** مُسْتَوْرِدٍ اَخَا بَنِي فِهْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مِثْلُ مَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ اِصْبَعَهٗ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَا تَرْجِعُ ترجمہ روایت ہے مستورد سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین ہے دنیا آخرت کے سامنی مگر اتنی کہ جتنی ڈالی انگلی اپنی کوئی تم مین کا دریا مین اور دیکھی کہ اُسمین کتنا پانی آتا ہی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** افسوس صد افسوس بلکہ ہزار افسوس اُس بندۂ حقیر پر جو ایسی ادنی چیز یعنی اللہ تعالی کی رضامندی کی واسطی نہ چھوڑے اور اُس عزیز غنے بی پرواہ شہنشاہ کی درگاہ مین بہ عزت و جاہ کا طالب ہو اور بندگی کا دعوی کرے معاذ اللہ مین ذلک ثم معاذ اللہ مین ذلک ایک انگشت ترکر جس سے حلق تر نہو سکے اُسکے لئی تر دامنی اختیار کرے اس سے زیادہ ابتری کیا ہوگی **باب** مَا جَاءَ اَنَّ الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ باب اس بیان مین کہ دنیا مومن کا قید خانہ ہے کافر کی جنت ہے **عن** اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دنیا قید خانہ ہے مومن کا یعنے باعتبار نعمای اُخروی کے اور جنت ہے کافر کے یعنے باعتبار عذاب اُخروی کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اسباسمین عبداللہ بن عمر سے بھی روایت ہے **مترجم** مومن کو ہر چیز مین قید ہے ماکولات مین حرام سے ملبوسات مین خز و حریر سے معاملات مین ملک غیر مین تصرف کرنیسے ہر قید ہے فرائض و واجبات کے اور سنن و مستحبات کے غرض ان سب قیود کی تفصیل پر غور کرو تو مومن بمنزلہ قیدی کے ہی کہ اُسکو رزق تو لکھا ملتا ہے اور محنت و مشقت علی قدر طاقت مقرر ہوتی ہے بخلاف کافر کے کہ وہ بی تہا بیل ہے باغ مین چر رہا ہے جہان چاہتا ہے مگ دیتا ہے جہان چاہتا ہے چرنے لگتا ہے ہر جب موت آتی ہے پکڑا جاتا ہے اور مواخذہ باعنان مین گرفتار ہوتا ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کمال ایمان زہد مین ہے اور مومن وہی ہے جو زاہد ہو اسلئے کہ قید زاہد کو زیادہ ہے **باب** مَا جَاءَ مَثَلُ الدُّنْيَا مَثَلُ اَرْبَعَةِ نَفَرٍ باب دنیا کی مثال چار شخصون کے مانند ہونیکے بیان مین **عن** اَبِي كَبْشَةَ الْاَنْمَارِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ثَلَاثٌ اُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ وَاُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا فَاحْفَظُوْهُ قَالَ مَا نَقَصَ مَالُ عَبْدٍ مِنْ صَدَقَةٍ وَلَا ظُلِمَ عَبْدٌ مَظْلِمَةً صَبَرَ عَلَيْهَا اِلَّا زَادَهُ اللّٰهُ عِزًّا وَلَا فَتَحَ عَبْدٌ بَابَ مَسْئَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ اَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا وَاُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا فَاحْفَظُوْهُ فَقَالَ اِنَّمَا الدُّنْيَا لِاَرْبَعَةِ نَفَرٍ عَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَعِلْمًا فَهُوَ يَتَّقِي رَبَّهٗ فِيْهِ وَيَصِلُ بِهٖ رَحِمَهٗ وَيَعْلَمُ لِلّٰهِ فِيْهِ حَقًّا فَهٰذَا بِاَفْضَلِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ عِلْمًا وَلَمْ يَرْزُقْهُ مَالًا فَهُوَ صَادِقُ النِّيَّةِ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّ لِيْ مَالًا لَعَمِلْتُ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ بِنِيَّتِهٖ فَاَجْرُهُمَا سَوَاءٌ وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَلَمْ يَرْزُقْهُ عِلْمًا يَخْبِطُ فِيْ مَالِهٖ بِغَيْرِ عِلْمٍ لَا يَتَّقِيْ فِيْهِ رَبَّهٗ وَلَا يَصِلُ فِيْهِ رَحِمَهٗ وَلَا يَعْلَمُ لِلّٰهِ فِيْهِ حَقًّا فَهٰذَا بِاَخْبَثِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٍ لَمْ يَرْزُقْهُ مَالًا وَلَا عِلْمًا فَهُوَ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّ لِيْ مَالًا لَعَمِلْتُ فِيْهِ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ بِنِيَّتِهٖ فَوِزْرُهُمَا سَوَاءٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی کبشہ سے کہا انہون نے کہ سنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے تین باتون پر مین قسم کہاتا ہون اور بیان کرتا ہون تمسے ایک بات کہ یاد کرو تم اُسکو پھر فرمائی آپنے اُن تین باتون مین سے پہلے یہ بات کہ نہین گھٹا مال کسی بندہ کا صدقہ دینے سے یعنے زکوٰۃ مفروضہ یا جمیع خیرات سے اور نہوا کسی شخص پر کسیطرح کا ظلم کہ صبر کیا ہو اُسنے اُسپر مگر بڑہایا ہو اللہ تعالی نے اُسکی عزت اور یہ دوسری بات ہے اور نکھولا کسی بندہ نے اپنے اوپر دروازہ سوال کا مگر کھولدیا اللہ تعالی نے اُسپر دروازہ محتاجی کا اور یہ تیسری بات ہے اور فرمایا آپنے دروازہ محتاجی کا یا کوئی اور کلمہ ایسکے ہم معنے پھر فرمایا اور بیان کرتا ہون تمسے ایک بات کہ یاد کرو اُسکو فرمایا دنیا چار شخصون کے ہے بندہ مرایک کا حاصل اُسکے ساتہ چار قسم مین کے ایک قسم سے ہوگا ایک بندہ وہ کہ عنایت فرمایا اُسکو اللہ تعالی نے مال اور علم سو ڈرتا ہے اپنے پروردگار سے اُس مال کے کمانے اور خرچ کرنے مین اور حسن سلوک کرتا ہے اُس مال سے اپنے ناتے داروں کے ساتہ اور پہچانتا ہے یعنے ادا کرتا ہے اُسمین حق اللہ تعالے

دنیا مومن کا قید خانہ ہے کافر کی جنت ہے

دنیا کی مثال چار شخصون کے مانند ہونیکے بیان مین

لیتے زکوٰۃ دیتا ہے صدقہ فطر ادا کرتا ہے اور غربا و مساکین کی خدمت کرتا ہے کہ خدا کا حق اللہ مال میں رکھا ہے سو اسکا درجہ سب سے بہتر ہے [illegible] کہ عنایت فرمایا اُسکو اللہ تعالیٰ نے علم اور ندیا اُسکو مال حالانکہ وہ صادق النیتہ ہے کہتا ہے کاشکے اگر مجھے مال ملتا تو میں بھی ایسے ہی عمل کرتا جیسے فلانا شخص کرتا ہے یعنے شخص اول پس وہ اپنی نیت کا اجر پانیوالا ہے اور اجر اُن دونوں کا برابر ہے اور ایک بندہ وہ ہے کہ دیا اللہ تعالیٰ نے اُسکو مال اور ندیا اُسکو علم خراب کرتا ہے اپنے مال کو بغیر علم کے یعنے خرچ کرتا ہے شہوات نفسانیہ اور بدعات شیطانیہ میں نہیں ڈرتا اُسکے کمانے اور خرچ کرنے میں اپنے پروردگار سے اور نہیں حسن سلوک کرتا اس کسی اپنے قرابت والے سے اور نہیں جانتا اللہ تعالیٰ کا اُسمیں کچھ حق یعنے اُسکی رضا کی راہ میں ایک دمڑی نہیں دیتا پس اُسکا درجہ سب درجوں سے بدتر ہے اور ایک بندہ وہ ہے کہ نہ دیا اُسکو اللہ تعالیٰ نے مال اور نہ علم اور وہ کہتا ہے ہائے اگر مجھے مال ملتا تو میں عمل کرتا جیسے فلانا عمل کرتا ہے یعنے وہ جاہل مالدار سو وہ اپنے نیت کا وبال پانیوالا ہے اور عذاب اور بار گناہ ان دونوں کا برابر ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** الغرض اس حدیث میں آپنے یہ فرمایا کہ دنیا کے ساتھ جو لوگ معاملہ رکھتے ہیں وہ چار طرح میں ایک عالم مالدار دوسرا عالم مال کے آرزو کرنیوالا کہ اسمیں پہلے کا درجہ اول ہے اور دوسرا اُسکا رفیق ہے وحسن اولٰئک رفیقا تیسرے جاہل مالدار حرام خوار ناکار چوتھا جاہل مفلس پورا نکھٹو نالائق کا ٹوٹا ہوا جو دھبل و افلاس کے فسق و فجور کی آرزو کرنیوالا وہ اُسکا عشیر ہے وبئس العشیر **باب** ما جاء فی ہم الدنیا وحبھا باب محبت دنیا اور اُسکی فکر کے بیان میں **عن** عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نزلت بہ فاقۃ فانزلھا بالناس لم تسد فاقتہ ومن نزلت بہ فاقۃ فانزلھا باللہ فیوشک اللہ لہ برزق عاجل او آجل **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسکو ہوا فاقہ پہر بیان کیا اُسنی لوگوں سے اور چارہ چاہا اُسکا آدمیوں سے نہ بند کیا جائیگا فاقہ اُسکا اور جسکو ہوا فاقہ پہر اُتارا اُسکو اللہ تعالیٰ کیطرف یعنے صبر کیا اور رضائی الٰہی پر راضی ہوا تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ رزق دی اُسکو جلدی یا دیر میں یعنے یا دنیا میں رزق دے یا آخرت میں ثواب دی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے **عن** ابی وائل قال جاء معاویۃ الی ابی ہاشم بن عتبۃ وھو مریض یعودہ فقال ایخال ما بیدیک او جع لیشرکنا او حرص علی الدنیا قال کلا ولکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عھد الینا عھدا لم اخذ بہ قال انما یکفیک من جمع المال خادم ومرکب فی سبیل اللہ وانی الیوم قد جمعت **ترجمہ** روایت ہے ابی وایل سے کہا کہ آئے معاویہ ابی ہاشم بن عتبہ کے پاس اور وہ بیمار تھے عیادت کے لئے پہر کہا معاویہ نے اسی خال کس چیز نے رولایا تمکو کیا کوئی درد ہے کہ اذیت دیتا ہی تمکو یا حرص ہے دنیا کی فرمایا ابی ہاشم نے یہ کچھ نہیں ولیکن رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے وصیت کی ہے مجھکو ایک ایسی وصیت کہ بجا نہ لایا میں اُسکو اور وہ وصیت یہ کہ فرمایا تھا آپنے کافی ہے تجھکو جمع مال سے ایک خادم اور ایک سواری کہ جو کام آئے اللہ کے راہ میں اور میں اپنے تئیں دیکھتا ہوں کہ میں نے بہت کچھ جمع کیا **ف** روایت کیا اسکو زائدہ اور عبیدہ بن حمید نے منصور سے انہوں نے ابی وایل سے انہوں نے سمرہ بن سہم سے کہا کہ داخل ہوئے معاویہ ابی ہاشم بن عتبہ کے پاس پس ذکر کے حدیث مانند اسکے اور اسباط میں بریدہ اسلمی سے ہے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **عن** عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تتخذوا الضیعۃ فترغبوا فی الدنیا **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مت جمع کرو ضیعہ کہ رغبت ہو جائیگی تمکو دنیا کی **ف** یہ حدیث حسن ہے **مترجم** ضیعہ سے مراد ہی باغ اور کھیت اور گانون اور جائداد غیر منقولہ کہ جب یہ قبضہ میں آتی ہیں آدمی اپنے زندگی کو دوست رکھتا ہے اور موت کو مکروہ رکھتا ہے اور دنیا کی محبت زیادہ ہو جاتی ہے **باب** ما جاء فی طول العمر للمؤمن باب مومن کے لئے طول عمر کے بیان میں **عن** عبد اللہ بن قیس انا اعرابیا قال یا رسول اللہ من خیر الناس قال من طال عمرہ وحسن عملہ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن قیس سے کہ ایک اعرابی نے عرض کیا یا رسول اللہ کون شخص سب لوگوں میں بہتر ہے فرمایا آپنے جسکے عمر زیادہ ہوا اور عمل نیک **ف** ابا سبین ابی ہریرہ اور جابر سے روایت ہے یہ حدیث غریب ہے **عن** ابی بکرۃ عن ابیہ ان رجلا قال یا رسول اللہ ای الناس خیر قال من طال عمرہ وحسن عملہ قال فای الناس شر قال من طال عمرہ وساء عملہ **ترجمہ** روایت ہے ابی بکرہ سے کہ ایک نے عرض کی یا رسول اللہ کونسا آدمی بہتر ہے فرمایا آپنے جسکے عمر دراز ہوا اور عمل نیک ہو پہر پوچھا اُسنے کونسا آدمی سب میں بدتر ہے فرمایا آپنے جسکی عمر دراز ہوا اور عمل بد ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ما جاء فی اعمار ھذہ الامۃ ما بین الستین الی السبعین باب امت کی عمر کے بیان میں **عن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمر امتی من ستین سنۃ الی سبعین **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول اللہ

محبت دنیا کی اور اسکے فکر کے بیان

مومن کے طول عمر کے بیان

امت کی عمر کے بیان

صلے اللہ علیہ وسلم نے عمر میری اسکے ساٹھ برس سے ستر برس تک ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ابی صالح کی روایت سے وہ روایت کرتے ہیں ابی ہریرہ سے اور مروی ہوئی ہے کئی سند سے ابی ہریرہ سے **ترجمہ** اسبابین مشہین گزری ہے باعتبار اکثر افراد امت کے **باب** مَا جَاءَ فِي تَقَارُبِ الزَّمَنِ وَقِصَرِ الْأَمَلِ باب تقارب زمان اور قصر عمل کے بیانمین **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَقَارَبَ الزَّمَانُ وَيَكُوْنَ السَّنَةُ كَالشَّهْرِ وَالشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ وَتَكُوْنَ الْجُمُعَةُ كَالْيَوْمِ وَيَكُوْنَ الْيَوْمُ كَالسَّاعَةِ وَتَكُوْنَ السَّاعَةُ كَالضَّرْمَةِ بِالنَّارِ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت قائم نہوگی یہانتک کہ قریب ہوجاوے زمانہ اور ہووے سال برابر مہینہ کے اور ایک مہینہ برابر ہفتہ کے اور ہفتہ برابر ایک دن کے اور ہووے دن برابر ایک ساعت کے اور ساعت برابر اوراع دبی آگ کے **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے اور سعد بن سعید بھائی ہیں یحیے بن سعید انصاری کے **باب** مَا جَاءَ فِي قِصَرِ الْأَمَلِ باب قصر امل کے بیانمین **عن** اِبْنِ عُمَرَ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ جَسَدِيْ قَالَ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ وَعُدَّ نَفْسَكَ مِنْ اَهْلِ الْقُبُوْرِ فَقَالَ لِيْ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اَصْبَحْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالْمَسَاءِ وَاِذَا اَمْسَيْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالصَّبَاحِ وَخُذْ مِنْ صِحَّتِكَ قَبْلَ سُقْمِكَ وَمِنْ حَيَاتِكَ قَبْلَ مَوْتِكَ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِيْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ مَا اسْمُكَ غَدًا **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ پکڑا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بعض بدن میرا اور فرمایا کر رہ دنیا مین گویا کہ تو مسافر ہے یا راہ چلنے والا اور گن تو اپنے ذات کو قبر والونمین سو کہا مجھ سے ابن عمر نے جب صبح کرے تو یقین مت رکھ اپنے دلمین شام کا اور جب شام کرے تو تو بہرو سلامت رکھ دلمین صبح کا اور توشہ لے صحت و تندرستی کے حالت مین قبل بیماری کی اور زندگی کی حالت مین قبل موت کے اسلئے کہ تو نہین جانتا اے عبداللہ کہ کیا نام ہوگا تیرا کل یعنے کل معلوم نہین کہ تو زندہ کہلائیگا یا مردہ یا عاصی یا مطیع **ف** روایت کیا ہے احمد بن عبدہ نے انہون نے حماد بن زید سے انہون نے لیث سے انہون نے مجاہد سے انہون نے ابن عمر سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور روایت کیا ہے یہ حدیث اعمش نے مجاہد سے انہون نے ابن عمر سے مانند اسکے **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا ابْنُ اٰدَمَ وَهٰذَا اَجَلُهٗ وَوَضَعَ يَدَهٗ عِنْدَ قَفَاهُ ثُمَّ بَسَطَهَا فَقَالَ وَثَمَّ اَمَلُهٗ وَثَمَّ اَمَلُهٗ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ ابن آدم ہے اور یہ اسکی موت ہے اور ہاتھ رکھا گدی پر پھر کھولا اور پھیلایا ہاتھ اور دراز کیا اور فرمایا یہ اسکے امید ہے اور یہ اسکی امید ہے **ف** اسباب مین ابی سعید ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** حدیث اول مین جو فرمایا راوی نے کہ پکڑا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بدن میرا الخ جیسے شانہ یا ہاتھ پکڑ کر بات کہتے ہین اور یہ مزید اہتمام اور دفور عنایت اور کمال اعتنا کے واسطے ہوتا ہے تاکہ وہ امر خوب یاد رہی تو زیادہ تو دنیا مین گویا کہ مسافر ہے مراد اس سے اتباع سنت سلف صالح ہے اور اجتناب کلی عمل کرنے سے مسائل واہیہ پر کہ انکی سند کتاب و سنت سے نہوا سلئے کہ اہل سنت اور اتباع سلف ہمیشہ غریب رہے ہین دنیا مین گویا کہ وہ تاملی ہین کہ پرورش نکیا انکو باپ نے اور دودھ نہ دیا انکو ماون نے اور حمایت نہ دیا انکو رفیقون نے اور صلہ رحم نکیا انسے قرابت والون نے دور ہین قریب انکے مہجور ہین حبیب انکے شہر مظلم اثر آہنجتہ ہے اور خون انکے بیخیہ شہدا ہین درگاہ اللہ کے زمین پر اور نجوم ہین وہ آسمان دین پر دنیا مین گمنام آخرت مین عالی مقام ای فقیر مسکین محمد بدیع الزمان اگر تو چاہے نجات اپنی عذاب ابد سے تو ساتھ ہو انکے رحال کے اور رفیق بن انکے رحال کا آگے بڑھ گئے تو اغل انکے دور ہو گئے مراحل انکے **اَلسَّابِقُوْنَ السَّابِقُوْنَ اُولٰئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ** + قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا كَاوِسُ هٗ اور ناموس اکبر جو رب اکبر سے لائی ہین انکا ناموس ہے **كِفَانَا كِتَابُ اللّٰهِ** انکے سیف قاطع ہے اور انوار سنت انکی سیما ر ساطع خود ایشان رسول معصوم محجوب نکنند یعنے خویشتن را بآحاد امت منسوب نکنند سنت سے قریب بدعت سے دور احداث فی الدین سے مہجور اتباع رسول سے پر نور قول رسول پر مرین قیل و قال پر نظر نکرین **اَللّٰهُمَّ اَحْيِنَا مَعَهُمْ وَاحْشُرْنَا مَعَهُمْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ نَعِيْمِ رِضْوَانِكَ مَعَهُمْ** تو لے گن تو اپنے ذات کو قبر والون مین یعنے زندگی کا بہرو ساز کہہ یا موت کا مزہ چکھہ وجود تیرا بین العدمین ہے + **كَالظُّهْرِ الْمُتَخَلِّلِ بَيْنَ الدَّمَيْنِ** ہے + توشہ آخرت ساتھ لے + شمع سنت ہاتھ لے راہ تیرہ و تار یک ہے + پل صراط نہایت باریک ہے + ای مجہول + موت کو نہ بھول + صبحکو جو تیرے صف مین تھے اب ملک الموت کے کف مین ہین ظہر مین جنکا ظہور تھا + اب نام انکا اہل قبور ہے + عصر مین جو وحید عصر تھے عاصر موت نے انکو نہ چھوڑا + اماور اہل عشا کو خدا تک نہ چھوڑا + **ابیات** حریفان باد ہا خورند و رفتند + تہی مغزہا کردند و رفتند + تو ای بے پا و سر افتادہ براہ + رفیقان رختہا بردند و رفتند + حدیث ثانی مین جو فرمایا یا اسکی موت ہے یا اسکی امید یعنے موت

فریب کرون ہے لمبی امید تا بفلک پہونچی ہاے حضرآباد و کری انہار و تعمیر اماکن ترمیم مساکن ہین اور ترتیب باغ و تہذیب راغ مین گذرتا ہے اور اپنا جنم اسی تمنوات فانیہ مین ہارتا ہے خیر مکان کی زمین مقتم پر کہتا ہے اور بلندی اسکی اوج فلک تک پہونچاتا ہے ہمسائگی کے سامان کرتا ہے آخر اسی حالمین مرتا ہی نشہ غفلت دیرہے + ندائے غیبی سے کورو کرہے + **ابیات** لَهٗ مَلَكٌ يُنَادِيْ كُلَّ يَوْمٍ + لِدُوْا لِلْمَوْتِ وَابْنُوْا لِلْخَرَابِ + اَلَا يَا سَاكِنَ الْقَصْرِ الْمُعَلّٰى + سَتُدْفَنُ عَنْ قَرِيْبٍ فِي التُّرَابِ **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ مَرَّ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نُعَالِجُ خُصًّا لَنَا فَقَالَ مَا هٰذَا فَقُلْنَا قَدْ وَهٰى فَنَحْنُ نُصْلِحُهٗ فَقَالَ مَا أَرَى الْأَمْرَ إِلَّا أَعْجَلَ مِنْ ذٰلِكَ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہا کہ گذرے ہم پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور ہم گارا سنبار ہے تھے اپنے مکان کے لئے سو پوچھا آپنے یہ کیا ہے عرض کے ہمنے یہ گھر بودا ہو گیا ہے سو اسے ہم مرمت کرتے ہین فرمایا آپنی مشکل مین دیکھتا ہون امر موت کو اس سے بہے جلدی یعنے اس سے بھی جلد آنیوالی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو السفر کا نام سعید بن یحمد ہے اور انکو ابن احمد ثوری بھی کہتے ہین **باب** مَا جَاءَ أَنَّ فِتْنَةَ هٰذِهِ الْأُمَّةِ فِي الْمَالِ باب اس بیانمین کہ فتنہ اس امت مرحومہ کا مال ہے **عن** كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ فِتْنَةً وَفِتْنَةُ أُمَّتِيْ الْمَالُ **ترجمہ** روایت ہے کعب بن عیاض سے کہ سنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے کہ ہر امت کے آزمایش اور امتحان اور ابتلا ایک چیز مین ہوتے ہے اور میری اُمت کی آزمایش مال ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے ہمین نہین جانتے ہم اسی کو معاویہ بن صالح کی روایت سے **مترجم** یعنی ہر امت ایک بلا مین گرفتار ہو کر ذلیل و خوار ہوئی چنانچہ پہلا فتنہ جو زمین پر ہوا وہ قتل تہا قابیل مرحوم کا وہ بسبب نسار کے واقع ہوا اور فتنہ قوم نوح کا تعظیم اولیا مین حد سے بڑہ جانا اور اداب صلحا اور عبادت خدا مین فرق نہ رکہنا اور فتنہ قوم لوط کا امارد کے ساتہ اختلاط کرنا اور اُنسے دور نہ رہنا اور فتنہ قوم موسی علیہ السلام کا سحر اور افعال عجیبہ مین توغل کرنا اور فلسفیات مین غرق ہونا چنانچہ اقوال فرعون سے پہر دال ہین اور تفصیل اسکی یہان موجب تطویل ہے اسیطرح فتنہ اس امت کا کثرت مال اور فراغت حال کہ اسمین کیا کیا ظلم ہوے اور کیسی کیسی لوگونکی خون ریزیان ہوئین شاید بیشمار ہین ہو کہ فساد کی تین چیزین ہین زر زمین زن اور چونکہ فتنہ اس امت کا مال ہے اور بیشمار اسکی حسب حال ہے اسلئے کہ زر عین مال ہے زمین و زن بہ مقدم ہوا اور واقع مین من و زن بغیر زر کے میسر نہین اسلئے اصل فساد زر ہے باقی اُس سے مؤخر ہے **باب** مَا جَاءَ لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغٰى ثَالِثًا باب بیان مین اس کے کہ کثرت مال سے **عن** أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغٰى ثَالِثًا وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر ہو ابن آدم کا ایک جنگل سونیکا تو بہی وہ چاہے کہ دوسرا جنگل اور ہوتا اور نہین بہرتے موتہہ اُسکا مگر خاک اور توبہ قبول کرتا ہے اللہ تعالے اُسکی جو توبہ کرے یعنے حرص سے اور جمع مال سے **ف** اسباب مین ابی بن کعب و ابی سعید اور عائشہ و ابن زبیر و ابی واقد و جابر و ابن عباس و ابی ہریرہ سے بہی روایت ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے **مترجم** مراد حدیث یہ ہی کہ بغیر موت کے آدمی قانع نہین ہوتا جب تلک جیتا ہے مال پر مرتا ہے جب ہی قناعت کرتا ہے کسنے خوب کہا ہی **بیت** چشم کور دنیادار را + یا قناعت پر کند یا خاک گور + اور جو بندہ کہ توفیق الہی ہدایت پاتا ہے اور زہد و قناعت پر مستعد ہو جاتا ہے تو اب حقیقی اُسی افکار دنیوی سے اور آخرت مین شدت حساب سے بچا تا ہے یعنی جان کندن بہی اُسپر آسان ہے اُمراء سے آگے فقرا کا نشان ہے یہہ شراب طہور مین سرشار رہینگے وہ حساب و کتاب مین گرفتار رہینگے یہہ پانسو برس پہلے جنت کو سدہارے وہ سیکڑون برس جان ہارے بہتر مال مؤمن کا زوجہ صالحہ ہے یا لسان ذاکر اور بہتر خزانہ قناعت ہے یا قلب شاکر زاہد کو دنیا مین راحت گور مین استراحت آخرت مین روح و ریحان دنیادار زندگی مین گرفتار افکار گور مین حسرت شعار آخرت مین فنا فی النار نہ نفس آرام نہ راحت و آرام **باب** مَا جَاءَ قَلْبُ الشَّيْخِ شَابٌّ عَلٰى حُبِّ اثْنَتَيْنِ باب اس بیانمین کہ بوڑہے کا دل جوان ہے دو چیزونکی محبت مین **عن** أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَلْبُ الشَّيْخِ شَابٌّ عَلٰى حُبِّ اثْنَتَيْنِ طُوْلِ الْحَيٰوةِ وَكَثْرَةِ الْمَالِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دل بوڑہے کا جوان ہے دو چیزونکی محبت مین زندگی کی درازی اور مال کے کثرت پر **ف** اسباب مین انس سے بہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَهْرَمُ ابْنُ آدَمَ وَيَشِبُّ مِنْهُ اثْنَانِ الْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ وَالْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ

فتنہ اس امت کا مال ہے

بڑہاپے کا دل جوان ہے دو چیزونکی محبت مین

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بوڑھا ہوجاتا ہی آدمی اور جوان ہوتی جاتی ہیں اسمیں دو چیزیں ایک حرص زندگی کی دوسرے حرص مال کی **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے

**باب** ماجاء فی الزھادۃ فی الدنیا باب تفسیر زہد میں **عن** ابی ذر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الزھادۃ فی الدنیا لیست بتحریم الحلال ولا اضاعۃ المال ولکن الزھادۃ ان لا تکون بما فی یدیک اوثق منک بما فی ید اللہ وان تکون فی ثواب المصیبۃ اذا انت اصبت بھا ارغب فیھا لو انھا ابقیت لک **ترجمہ** روایت ہے ابی ذر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زہد اور ترک دنیا کے یہ معنی نہیں کہ آدمی حلال چیزوں کو اپنے اوپر حرام کرلے اور نہ یہ کہ مال کو ضایع کرے ولیکن زہد کے معنے یہ ہیں کہ تجھی وثوق اور اعتماد اور بہ نسبت زیادہ ہو اس چیز پر جو اللہ کے ہاتھ میں ہی بہ نسبت اس چیز کے جو تیرے ہاتھ میں ہے اور تجھی اسقدر ثواب مصیبت کے رغبت موجب تو مصیبت میں گرفتار ہو کہ خواہش کرے تو کہ یہ مصیبت باقی رہی یعنے تاتجھی ثواب ملا کرے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسی سند سے اور ابو ادریس خولانی کا نام عائذ اللہ بن عبد اللہ ہے اور عمرو بن واقد منکر الحدیث ہیں **عن** عثمان بن عفان عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لیس لابن ادم حق فی سوی ھذہ الخصال بیت یسکنہ وثوب یواری عورتہ وجلف الخبز والماء **ترجمہ** روایت ہے عثمان بن عفان سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے ابن آدم کا کچھ حق یعنی میرا کی چیز میں سے سوا ایک گھر کے کہ جس میں بقدر کفایت بسر کرسکے اور اتنی کپڑے کہ اپنی عورت ڈھانپ سکی اور روٹی اور پانی کے برتن **ف** یہ حدیث صحیح ہے یعنے حدیث حریث بن سائب کے اور سنا میں نے ابو داؤد اور سلیمان بن سلم بلخی سے کہتے تھے کہ نضر بن شمیل نے کہا جلف الخبز یعنے اسکے ساتھ سالن نہو **عن** مطرف عن ابیہ انہ انتھی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یقول لھاکم التکاثر قال یقول ابن ادم مالی مالی وھل لک من مالک الا ما تصدقت فامضیت او اکلت فافنیت او لبست فابلیت **ترجمہ** روایت ہے مطرف سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے کہ وہ پہونچا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ پڑھ رہے تھے الہاکم التکاثر پھر فرمایا کہتا ہے ابن آدم میرا مال میرا مال ہے اور نہیں ہے مال تیرا مگر جو تونے صدقہ دیا اور جاری کردیا یا کھو یعنے اسکا اجر اللہ کے یہاں پاویگا یا کھایا اور فنا کردیا یا پہنا اور پرانا کردیا **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے **عن** ابی امامۃ یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا ابن ادم انک ان تبذل الفضل خیر لک وان تمسکہ شر لک ولا تلام علی کفاف وابدأ بمن تعول والید العلیا خیر من الید السفلی **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے ابن آدم کے اگر تو خرچ کردے اپنی حاجت سے زیادہ چیز کو یعنے صدقات وخیرات میں یا بہائیوں کے مدارات میں تو بہتر ہے تیرے لئے اور اگر روک رکھے تو بدتر ہے تیرے لئے اور ملامت نکیا جاویگا تو اپنے اوپر بقدر کفاف خرچ کرنے میں اور صدقات وخیرات میں شروع کر اسکے دینی سے جسکی تو خرچہ کا متکفل ہوتا ہے اور اوپر کا ہاتھ یعنے دینے والا اچھا ہے نیچے والے ہاتھ سے یعنے لینے والے سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور شداد بن عبد اللہ کے کنیت ابو عمار ہے **عن** عمر بن الخطاب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو انکم توکلون علی اللہ حق توکلہ لرزقتم کما ترزق الطیر تغدو خماصا وتروح بطانا **ترجمہ** روایت ہے عمر بن خطاب سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر تم توکل کرو اللہ پر جو حق ہے توکل کرنیکا تو رزق ملے تمکو جیسا کہ ملتا ہی چڑیوں کو کہ صبح کو نکلتے ہیں بھوکی اور شام کو آتے ہیں پیٹ بھرے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے اور ابو تمیم جیشانی کا نام عبد اللہ بن مالک ہے **عن** انس بن مالک قال کان اخوان علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکان احدھما یاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم والاخر یحترف فشکا المحترف اخاہ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لعلک ترزق بہ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہا تھے دو بھائی زمانہ مبارک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک انمیں سے حاضر رہتا تھا حضرت کی خدمت میں اور دوسرا محنت مزدوری کرتا تھا پس شکایت کی مزدوری کرنیوالے نے اپنے بھائی کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو فرمایا آپنے شاید کہ تجھی اسکی برکت سے روٹی ملتی ہو **عن** عبید اللہ بن محصن الخطمی عن ابیہ وکانت لہ صحبۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اصبح منکم امنا فی سربہ معافی فی جسدہ عندہ قوت یومہ فکانما حیزت لہ الدنیا **ترجمہ** روایت ہے عبید اللہ سے اور انکو صحبت ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنی صبح کی تم میں سے فارغ البالی اور خوشحالی کے ساتھ اپنے نفس پر تندرستی کے ساتھ اپنے جسد کے اسکی پاس قوت ہے اوسدن کا تو اسکے لئی گویا سب دنیا سمیٹی گئی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسی مگر

مروان بن معاویہ کی روایت سے اور مراد حیرت سی یہ کہ جمع کی گئی لینے لذت اور خوشوقتی دنیا کی روایت کی ہم سے محمد بن اسمٰعیل نے انہوں نے حمید سے انہوں نے مروان بن معاویہ سے مانند اسکے **مترجم** خلاصہ باب اور سلالہ تفسیر زہد یہ ہے کہ اعتماد علی رب العباد اسقدر ہو کہ اپنی ہاتھ کی چیز سے چندین ہزار درجہ بڑھکر اطمینان ہو خزانۂ غیبی پر اور وہ ایک صفت قلبی ہے کہ مزید یقین سے حاصل ہوتی ہے اور جب یقین واثق اللہ تعالیٰ کے وعدوں پر ہو جاتا ہی تو رزق کیطرف سے آدمی مطمئن ہو جاتا ہے اُسوقت خرچ کرنا مال کا رضائی الٰہی میں اور صبر کرنا مصیبت میں بنظر حصول صلوات الٰہی اور رحمت کے نہایت آسان ہو جاتا ہے یہ حقیقت ہے زہد کی نہ وہ کہ سمجھ رکھی ہے بعض اہنای زمان نی اور اپنے طرف سے گھڑ رکھی ہے کہتے اخوان دوران اپنے اور یہ خیال کیا ہے کہ گوشت اور گھی اور دودھ دہی کو چھوڑ دینا اور حلال چیزوں سے متمتع نہونا اسیکا نام زہد ہے یا ترک نکاح یا ترک جماعات صلوٰۃ یا ترک حقوق نفس کو زہد سمجھا ہے سو باطل کیا حدیث اول نے اس زہد مخترع کو اور انکار کیا زاہدان جاہل پر کہ جو حقوق نفس اور خطوظ نفس میں تمیز کر کے اس بلا میں گرفتار ہوے ہیں اور مباح کیا نفس انسان کے لئے حقوق ضروریہ کو اور جایز کیا اُس سے منتفع ہونیکو حدیث ثانی نے مثل مکان اور ثوب وظروف ضروری وغیرہ کے پس منتفع ہونا اس سے خلاف زہد نہیں مگر یہ کہ ان اشیا میں اسقدر تکلف کرے اور تکاثر کا خواہان ہو کہ حد شرع سے بڑھ جاوے اور جمع اثواب وظروف ودیگر متاع خانگی میں اپنی وقعات خراب کرے اس صورت میں زہد سے نکلجاویگا اور لہو میں گرفتار ہو جاویگا بیان کیا اسکو حدیث ثالث نے بلکہ یہ تعلیم فرمائی کہ اصل مال انسان کا تین قسم ہے جو صدقہ دیا یا کھایا یا پہنا اور باقی سب وارثوں کا ہے کہ خرچ وہ کرینگے اور حساب اسے دینا پڑیگا اور مال خرچ کرنیکے اور اپنے پاس جمع رکھنے کی تفصیل حدیث رابع میں فرمادی کہ جو حاجت سے زیادہ ہو اُس سے اور بھائیوں کو منتفع ہونے دے اور حاجت کے موافق اپنے پاس رکھے اور حاجتوں کی تفصیل وہ ہی جو حدیث ثانی میں گذری پس حدیث ثالث نے انفاق واسماک مال کی حدیث رابع میں اور اجازت دی امساک کے بقدر کفاف کے اور یہ بھی فرمایا کہ پہلے انکو دینا جنکی روٹی اپنے ذمہ ہے پھر فرمایا کہ اگر اس فضل مال کے خرچ کرنیمیں یہ خیال آدمی کرے گا تو ہمارے کام آویگا اور شاید ہمکو اور نہ ملی تو حدیث خامس میں فرمادیا کہ اگر توکل کروگے تو چڑیوں کی طرح تمہیں رزق ملیگا بغیر محنت ومزدوری وشقت کے اسلئے کہ جو انکا رزاق ہے وہی تمہارا ہی ہے پھر وہ ہر روز بھوکے اُٹھتے ہیں پیٹ بھرے آشیانو میں آتی ہیں تعجب ہے کہ تو انسان ہو کر توکل میں انسے کم ہو پھر یہ فرمادیا کہ فضل مال سے اپنے بھائیوں کے مدارات کرنیمیں اور رزق میں برکت ہوتی ہے نہ حرکت چنانچہ حدیث سادس حبیں دو بھائیوں کا ذکر ہے ایسی پر دال ہے پھر جمع مال کی ایک حد بھی معین کردی کہ ایکروز کا قوت آدمی کے پاس ہو تو سمجھے کہ ساری دنیا کی نعمت ہے نہ یہ کہ طالب ہو نہار بردبار کی رزق کا کہ یہ خلاف زہد ہی چنانچہ یہی مضمون ہے حدیث سابع کا انتہی کلامہ

الکفاف: انفاق بقدر ضرورت

الباب **بَابُ** مَا جَاءَ فِي الْكَفَافِ وَالصَّبْرِ عَلَيْهِ باب کفاف پر صبر کرنیکے بیان میں **عَنْ** اَبِیْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنْ اَغْبَطُ اَوْلِيَائِیْ عِنْدِیْ مُؤْمِنٌ خَفِيْفُ الْحَاذِ ذُوْحَظٍّ مِنَ الصَّلٰوةِ اَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهٖ وَاَطَاعَهٗ فِی السِّرِّ وَكَانَ غَامِضًا فِی النَّاسِ لَا يُشَارُ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ وَكَانَ رِزْقُهٗ كَفَافًا فَصَبَرَ عَلٰی ذٰلِكَ ثُمَّ نَقَرَ بِيَدَيْهِ فَقَالَ عُجِّلَتْ مَنِيَّتُهٗ قَلَّتْ بَوَاكِيْهِ قَلَّ تُرَاثُهٗ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَرَضَ عَلَیَّ رَبِّیْ لِيَجْعَلَ لِیْ بَطْحَاءَ مَكَّةَ ذَهَبًا قُلْتُ لَا يَا رَبِّ وَلٰكِنْ اَشْبَعُ يَوْمًا وَاَجُوْعُ يَوْمًا اَوْ قَالَ ثَلَاثًا اَوْ نَحْوَ هٰذَا فَاِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ اِلَيْكَ وَذَكَرْتُكَ وَاِذَا شَبِعْتُ شَكَرْتُكَ وَحَمِدْتُكَ **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رشک کرنیکے لایق میرے دوستوں میں میرے نزدیک ہلکی بار بردار والا نماز میں بہت حصہ کہنی والا کہ اچھے کی اُسنے عبادت اپنے رب کی اور فرمانبرداری کی اُسنے خلوت میں اور دبا ہوا رہا لوگوں میں کہ اشارہ نہیں کیا جاتا اُسکی طرف انگلیوں سے یعنے بسبب شہرت اور ہووے رزق اُسکا بقدر کفایت پھر صبر کیا اُسنے اُسپر پھر ہوئے کنکر زمین کو اپنے ہاتھ سے پھر فرمایا جلدی آئی موت اُسکی تھوڑی ہوئیں رونیوالیاں اُسکی کم ہوئی میراث اُسکی اور اسی اسناد سے مروی ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے پیش کیا میرے رب نے مجھپر اسباب کو کہ کردے کنکریلی زمین مکہ کی سو نا کہا میں نے نہیں اے پروردگار میرے ولیکن میں چاہتا ہوں کہ آسودہ دیسیر ہوں ایکدن اور بھوکا رہوں ایکدن یا فرمایا تین دن یا اسکے مانند اور کچھ فرمایا پھر جب میں بھوکا ہوں عاجزی اور مسکنت ظاہر کروں تیری طرف اور یاد کروں تجھکو اور جب آسودہ دیسیر ہوں شکر کروں تیرا اور حمد بجالاؤں تیری **ف** اسباب میں فضالہ بن عبید ہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے اور قاسم بیٹے ہیں عبدالرحمن کے اور کنیت اُنکی ابا عبدالرحمن ہے اور وہ مولی ہیں عبدالرحمن بن خالد بن یزید بن معاویہ کے اور وہ شامی ہیں ثقہ ہیں اور علی بن زید ضعیف ہیں حدیث میں اور کنیت اُنکی ابو عبدالملک ہے **مترجم** قولہ ہلکی بار برداری والا یعنے اہل وعیال اور دُنیا کے اشغال اور سازوسامان کم رکھتا ہے قولہ نماز میں الخ یعنے نماز دل لگاکر خلوص سے باداے سُنن ومستحبات وحفظ فرائض وواجبات ادا کرتا ہے اور جمعہ اور جماعت میں اطیب خاطر حاضر رہتا ہے

قولہ اور دبا ہوا رہا الخ یعنے لوگو میں شہرہ اور نام نہیں چاہتا اور اُنپر غلبہ اور تسلط اور سلطان کا خواہاں اور جویاں نہیں بلکہ گوشہ خمول میں اپنے رب کی عبادت میں جلوۃً خلوۃً اُسکی اطاعت میں مشغول ہے قولہ پہر ٹہونکا زمین کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تورپشتی نے کہا مُراد اسے نوک انگشت کا مارنا ہی زمین پر یا دوسرے ہاتھ کی انگلیوں پر غرض بہر حال بیان کرنا تقلیل شئے کا جب منظور ہوتا ہے تب ایسا کرتے ہیں پس بیان فرمائی آپنے اسکی بعد کمی عمر کے اور قلت عمر تو کی جو اُس پر دو میں خواہ مصیبتیں ہوں یا اولاد عزیز و اقارب اور قلت اُسکی میراث کی کہ بہت سا مال و متاع جمع کیا اور بہت ساز و سامان دنیا کا چھوڑا کچھ ضروری چیزیں اپنے استعمال میں لایا اور چل بسا قولہ فرمایا آپنے پیش کیا میرے رب نے الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فقر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اختیاری تہا نہ اضطراری اور یہی موجب فضیلت ہے اور سبب فخر اور فقر اضطراری کہ جس سے بندہ مضطر ہے اُسکو سبب کفر فرمایا **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَسْلَمَ وَرُزِقَ كَفَافًا وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مُراد کو پہونچا اور عذاب اخروی سے نجات پائی اُس شخص نے کہ اسلام لایا اور رزق ملا اُسکو بقدر کفایت اور قناعت دے اُسے اللہ عزوجل نے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ طُوْبٰى لِمَنْ هُدِيَ لِلْاِسْلَامِ وَكَانَ عَيْشُهٗ كَفَافًا وَقَنِعَ **ترجمہ** روایت ہے فضالہ بن عبید سے کہ اُنہوں نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے مبارکباد ہے اُس شخص کو کہ ہدایت پائی اُسنے طرف اسلام کے اور روزی ملی اُسکو بقدر کفایت کے اور قناعت کے اُسنے **ف** یہ حدیث صحیح ہے اور ابو ہانی خولانی کا نام حمید بن ہانی ہے **باب** مَا جَآءَ فِيْ فَضْلِ الْفَقْرِ باب فضیلت میں فقر کے **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّكَ فَقَالَ اُنْظُرْ مَا تَقُوْلُ قَالَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ اِنْ كُنْتَ تُحِبُّنِيْ فَاَعِدَّ لِلْفَقْرِ تِجْفَافًا فَاِنَّ الْفَقْرَ اَسْرَعُ اِلٰى مَنْ يُحِبُّنِيْ مِنَ السَّيْلِ اِلٰى مُنْتَهَاهُ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن مغفل سے کہ کہا ایکمرد نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ یا رسول اللہ قسم ہے اللہ کی میں آپکو دوست رکہتا ہوں تو فرمایا آپنے دیکہہ سمجہہ تو کیا کہتا ہے کہا اُسنے میں دوست رکہتا ہوں آپکو کہا یہ تین بار فرمایا آپنے اگر تو مجہے دوست رکہتا ہے تو طیار کر فقر کے لئے ایک جہول اسلئے کہ فقر بہت جلد آنیوالا ہے اُسکی طرف جو مجہے دوست رکہے بہیا سی بہی زیادہ آپنے منتہا کیطرف **ف** روایت کی ہے نضر بن علی نے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے شداد ابی طلحہ سے اسکی مانند جسمیں ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور ابو زارع راسبی کا نام جابر بن عمرو ہے اور وہ بصری ہیں **مترجم** اعد للفقر تجفافا یعنے طیار کر فقر کے لئے تجفاف کو تجفاف بکسر تا و سکون جیم ایک چیز ہے مثل زرہ کی کہ سوار لڑائی کے وقت گہوڑے کو پہناتے ہیں مراد اُس سے یہ ہے کہ فقر کے لئے مستعد رہ اگر مجہے دوست رکہتا ہے **باب** جَآءَ اَنَّ فُقَرَآءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَآئِهِمْ باب فقیروں کے مقدم ہونے مہاجرین کے اغنیاؤں پر دخول جنت میں **عن** اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُقَرَآءُ الْمُهَاجِرِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَآئِهِمْ بِخَمْسِمِائَةِ عَامٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فقرائے مہاجرین داخل ہونگے جنت میں اغنیاء سے پانسو برس پیشتر **ف** اسباب ابی ہریرہ اور عبداللہ بن عمرو اور جابر سے بہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **عن** اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا وَاَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا وَاحْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَالَتْ عَآئِشَةُ لِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّهُمْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَآئِهِمْ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا يَا عَآئِشَةُ لَا تَرُدِّيْ مِسْكِيْنًا وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ يَا عَآئِشَةُ اَحِبِّي الْمَسَاكِيْنَ وَقَرِّبِيْهِمْ فَاِنَّ اللّٰهَ يُقَرِّبُكِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ **ترجمہ** روایت ہے حضرت انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ یا اللہ زندہ رکہہ مجہے مسکین اور مار مجہی مسکین اور اُٹہا مجہکو مسکینوں کے گروہ میں قیامت کے دن سو کہا عائشہ نے کیوں یا رسول اللہ فرمایا آپنے داخل ہونگے مساکین جنت میں اغنیاء سے چالیس برس پیشتر اے عائشہ مت پہیر مسکین کو اور دی اُسے اگرچہ ایک کہجور کی پہانک ہو اے عائشہ دوست رکہہ مساکین کو اور نزدیک ہو تو اُنسے کہ بیشک اللہ تعالے نزدیک کریگا تجہکو قیامت کے دن یعنے اپنی درگاہ میں مرتبہ قرب عنایت فرمائیگا **ف** یہ حدیث غریب ہے **مترجم** اختلاف ہے علماء کا مساکین اور فقراء کی تعریف میں سو ابن عباس اور قتادہ اور عکرمہ نے کہا فقیر وہ ہے جو سوال نہ کرے اور مسکین جو سوال کرے اور ابن عمر نے کہا فقیر وہ نہیں جو درہم پر درہم جوڑ جوڑ کر رکہے اور تمر تمر لیکن فقیر وہ ہے جو اپنے نفس سے متقی ہو اور نہو اسکے پاس مگر کپڑا ساتر عورت اور قدرت نہ رکہتا ہو کسی شے پر جہاں اُسکو عدم سوال کے سبب سے غنی جانتے ہوں اور قتادہ نے کہا فقیر محتاج زمن اور مسکین محتاج تندرست اور عکرمہ سے مروی ہے کہ فقراء مسلمین میں سے ہیں اور مساکین اہل کتاب سے اور امام شافعی نے فرمایا کہ فقیر وہ ہے جو مال اور حرفہ نہ رکہتا ہو زمن میں ہو خواہ غیر زمن میں اور مسکین وہ ہے جسے مال و حرفہ ہو مگر

فقر کے فضیلت

فقیروں کے مقدم ہونے مہاجرین کے اغنیاؤں پر دخول جنت میں

کفایت کرتا ہو سائل ہو خواہ غیر سائل اور مسکین انکے نزدیک خوشحال ہے فقیر سے اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اَمَّا السَّفِیْنَۃُ فَکَانَتْ لِمَسٰکِیْنَ پس مسکین کہا انکو باوجود اسکے کہ انکے مال سے تہا سفینہ اور وہ اسمین اہل حرفہ تہی اور یہ قول مستند بکتاب اللہ ہے اور اصحاب رائے کے نزدیک فقیر خوشحال ہے مسکین سے اور قتیبی نے کہا فقیر وہ ہے جو لقد رکفایت رکھتے رکھتا ہو اور مسکین وہ کہ جسکی پاس کچھ نہو اور بعضون نے کہا فقیر وہ کہ جسکا مسکن خادم ہو اور مسکین وہ جو کچھ نہ رکھتا ہو اور بعضون نے کہا جو کسی شی کا متفقر ہو وہ فقیر ہی اگرچہ اپنے غیر سے غنی ہو اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَی اللّٰہِ اور مسکین وہ ہے جو ہر شئے کا متحاج ہو کیا تو دیکھتا نہین کہ اللہ تعالیٰ نے ترغیب دی اسکی اطعام کے اور طعام کفارہ کا مستحق اسکو کیا اور کوئی متحاجی زیادہ نہین ہے اس سے کہ بشر سد جوع کا متحاج ہو اور ابراہیم نخعی نے کہا فقراء وہ ہین جو ہجرت کر چکی ہون اور مساکین جنہون نے ہجرت نکی ہو حاصل کلام یہ ہے کہ فقر و مسکنت دونون عبارت ہین حاجت سے اور ضعف حال سے سو فقیر وہ ہے کہ حاجت نے اسکی نقاط ظہر توڑ دی ہون اور مسکین وہ ہی کہ ضعف نے اسکا نفس اسکا اور اسکا بدن ہو گیا طلب قوت کی حرکت سے غرض فقیر فقار سی مشتق ہے اور مسکین سکون سے اذا ماذکر البغوی رحمۃ اللہ علیہ فی قولہ تعالیٰ انما الصدقات للفقراء والمساکین

فقیر کا مراد سے بانسو برس پیشتر داخل جنت ہونا

**عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدْخُلُ الْفُقَرَآءُ الْجَنَّۃَ قَبْلَ الْاَغْنِیَآءِ بِخَمْسِمِائَۃِ عَامٍ نِصْفِ یَوْمٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے داخل ہونگے فقرا جنت مین پانسو برس پیشتر اغنیا سے کہ وہ آدہا دن ہے قیامت کا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَدْخُلُ فُقَرَآءُ الْمُسْلِمِیْنَ الْجَنَّۃَ قَبْلَ اَغْنِیَآءِھِمْ بِاَرْبَعِیْنَ خَرِیْفًا **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبداللہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا داخل ہونگے فقرا مسلمین جنت مین انکے اغنیا سے چالیس برس پیشتر **ف** یہ حدیث حسن ہے **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدْخُلُ فُقَرَآءُ الْمُسْلِمِیْنَ الْجَنَّۃَ قَبْلَ الْاَغْنِیَآءِ بِنِصْفِ یَوْمٍ وَھُوَ خَمْسُمِائَۃِ عَامٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے داخل ہونگے فقرا مسلمین جنت مین اغنیا سے آدہا دن پیشتر اور وہ پانسو برس ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** بعضے روایتون مین مدت تقدم فقرا کے اغنیا پر پانسو برس وارد ہوئی ہے اور بعضی مین چالیس برس تطبیق اسمین اسطرح ہے کہ فقیر دو قسم ہین ایک قانع دوسرے غیر قانع پس اول پانسو برس تقدم رکھتے ہین اور دوسرے چالیس برس

## باب ماجاء فی معیشۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم واھلہ

**عَنْ** مَسْرُوْقٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی عَائِشَۃَ فَدَعَتْ لِیْ بِطَعَامٍ وَقَالَتْ مَا اَشْبَعُ مِنْ طَعَامٍ فَاَشَآءُ اَنْ اَبْکِیَ اِلَّا بَکَیْتُ قَالَ قُلْتُ لِمَ قَالَتْ اَذْکُرُ الْحَالَ الَّتِیْ فَارَقَ عَلَیْھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الدُّنْیَا وَاللّٰہِ مَا شَبِعَ مِنْ خُبْزٍ وَلَحْمٍ مَرَّتَیْنِ فِیْ یَوْمٍ **ترجمہ** روایت ہے مسروق سے کہا داخل ہوا مین حضرت عائشہ ام المومنین کے خدمت مین سو منگوایا انہون نے میرے لئی کہا نا اور فرمایا مین سیر نہین ہوتی ہون کسیکے کہانے سی کہ پھر رونا چاہون ہون رونی ہون کہا مسروق نے مین نے عرض کی کہ کیون فرمایا انہون نے یاد کرتی ہون مین اس حال کو کہ چھوڑا اسپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دنیا کو قسم ہے اللہ تعالیٰ کی سیر نہوئی آپ روٹی اور گوشت سی دو بار البتہ مین **ف** یہ حدیث حسن ہے **عَنْ** عَائِشَۃَ قَالَتْ مَا شَبِعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ خُبْزِ شَعِیْرٍ یَوْمَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ حَتّٰی قُبِضَ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا انہون نے سیر نہوئی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جو کی روٹی سے دو دن پے در پے یہانتک کہ وفات پائی **ف** اسبابین ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ مَا شَبِعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَھْلُہٗ ثَلَاثَۃَ اَیَّامٍ تِبَاعًا مِنْ خُبْزِ الْبُرِّ حَتّٰی فَارَقَ الدُّنْیَا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا انہون نے نہ سیر ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور گھر والے آپکے تین روز پے در پے گیہون کی روٹی سے یہانتک کہ چھوڑ دنیا کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** اَبِیْ اُمَامَۃَ یَقُوْلُ مَا کَانَ یَفْضُلُ عَنْ اَھْلِ بَیْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُبْزُ الشَّعِیْرِ **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے کہتے تھے کہ نہ زیادہ ہوتی تہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر سے روٹی جو کی یعنے حاجت سے زیادہ نہ ہوتی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے اس سند سے **عَنْ** اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَبِیْتُ اللَّیَالِیَ الْمُتَتَابِعَۃَ طَاوِیًا وَاَھْلُہٗ لَا یَجِدُوْنَ عَشَآءً وَکَانَ اَکْثَرُ خُبْزِھِمْ خُبْزَ الشَّعِیْرِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ تہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور گھر والے آپکے کاٹتے تہے پے در پے راتونکو خالی پیٹ نہ پاتی تہے کہانا راتکا اور اکثر خوراک انکی جو کی روٹی تہی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یا اللہ کر دے رزق آل محمد کا بقدر کفایت کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عَنْ** اَنَسٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور آپکے گھر والون کی معیشت کا بیان

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدَّخِرُ شَيْئًا لِغَدٍ ترجمہ روایت ہے انس سے کہا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کہ رکھ چھوڑتے کل کے لئے کچھ ف یہ حدیث غریب ہے اور مروی ہے جعفر بن سلیمان کے سوا اور لوگوں سے کہ روایت کی انہوں نے ثابت سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا اَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خِوَانٍ وَلَا اَكَلَ خُبْزًا مُرَقَّقًا حَتّٰى مَاتَ ترجمہ روایت ہے انس سے کہا کہ نہ کھایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خوان پر کھانا کبھی اور نہ کھائی روٹی باریک یعنی چھانی یہانتک کہ وفات پائی ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے سعید بن ابی عروبہ کی روایت سے عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّهٗ قِيْلَ لَهٗ اَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ النَّقِيَّ يَعْنِي النُّخَّارِيَ فَقَالَ سَهْلٌ مَا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ فَقِيْلَ لَهٗ هَلْ كَانَتْ لَكُمْ مَنَاخِلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا كَانَتْ لَنَا مَنَاخِلُ قِيْلَ كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ بِالشَّعِيْرِ قَالَ كُنَّا نَنْفُخُهٗ فَيَطِيْرُ مِنْهُ مَا طَارَ ثُمَّ نَثْرِيْهِ فَيَعْجِنُهٗ ترجمہ روایت ہے سہل بن سعد سے کہ اُن سے پوچھا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کبھی کھایا ہے نقی یعنے میدہ کہا سہل نے نہ دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میدہ یہانتک کہ ملاقات کی اللہ سے یعنے کہا نہ دیکھا کسی نے ذکر ہے انکا یہ بھی نہیں دیکھا پھر پوچھا اُن سے آیا تمہارے پاس چھلنیاں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں تھیں کہا نہیں تھیں ہمارے پاس چھلنیاں پوچھا کس طرح کرتے تھے تم جَو کے آٹے کو کہا انہوں نے پھونک دیتے تھے ہم کسی پر اُڑتا تھا جو اُڑتا ہوتا تھا پھر پانی ڈالتے ہم اُس پر اور گوندھ دیتے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی یہ مالک بن انس نے ابی حازم سے

## باب مَا جَاءَ فِيْ مَعِيْشَةِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ باب عیشت اصحاب میں

عَنْ سَعْدِ بْنِ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ اِنِّيْ لَاَوَّلُ رَجُلٍ هَرَاقَ دَمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاِنِّيْ لَاَوَّلُ رَجُلٍ رَمٰى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَقَدْ رَاَيْتُنِيْ اَغْزُوْ فِي الْعِصَابَةِ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نَاْكُلُ اِلَّا وَرَقَ الشَّجَرِ وَالْحُبْلَةَ حَتّٰى اِنْ اَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ وَالْبَعِيْرُ وَاَصْبَحَتْ بَنُوْ اَسَدٍ يُعَزِّرُوْنَنِيْ فِي الدِّيْنِ لَقَدْ خِبْتُ اِذًا وَضَلَّ عَمَلِيْ ترجمہ روایت ہے سعد بن وقاص سے کہ فرماتے تھے میں پہلا شخص ہوں کہ بہایا خون اللہ کی راہ میں یعنے کفار کو قتل کیا اور میں پہلا شخص ہوں کہ تیر پھینکا اللہ کی راہ میں اور میں نے دیکھا اپنے کو جہاد کرتے ہوئے ایک جماعت میں اصحاب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ نہ کھاتے تھے ہم مگر پتے درختوں کے اور حبلہ یہانتک کہ ایک ہم میں مینگنیاں کرتا تھا جیسے مینگنیاں کرتی ہے بکری یا اونٹ اور اب لگے ہیں اسد کے لوگ مجھے طعن کرنے دین میں اگر میں ایسا طعن کے لائق ہوں اور ضایع گئے میرے عمل ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے بیان کی روایت سے عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ يَقُوْلُ اِنِّيْ لَاَوَّلُ رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ رَمٰى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَقَدْ رَاَيْتُنَا نَغْزُوْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا لَنَا طَعَامٌ اِلَّا الْحُبْلَةُ وَهٰذَا السَّمُرُ حَتّٰى اِنْ اَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ ثُمَّ اَصْبَحَتْ بَنُوْ اَسَدٍ تُعَزِّرُنِيْ فِي الدِّيْنِ لَقَدْ خِبْتُ اِذًا وَضَلَّ عَمَلِيْ ترجمہ روایت ہے سعد سے کہتے تھے کہ میں پہلا آدمی ہوں عرب سے کہ تیر پھینکا اللہ کے راہ میں یعنے جہاد میں اور میں نے دیکھا اپنے کو جہاد کرتے ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور نہ تھا ہمارے واسطے کھانا مگر حبلہ اور یہ سمر یہانتک کہ ایک ہم میں کا مینگنیاں کرتا تھا جیسا کہ مینگنی کرتی ہے بکری پھر اب لگے ہیں بنو اسد کے لوگ مجھے ملامت کرنے دین میں اگر میں اُنکے ملامت کے لائق ہوا تو محروم ہوا اور ضایع ہوگئیں میرے سب نیکیاں ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسماعیل بن عتبہ بن غزوان سے بھی روایت ہے ترجمہ حبلہ ببول کا ہے اور ببول درخت خاردار درخت کا ہے سمر درخت سلم کا اور طلح وسیال کا کہ ایک نوع ہے درخت ببول کے جنبل بروزن قفل اسکی جمع ہے اور یہاں معنی ثالث مراد ہیں اور سمر بھی ایک درخت کا نام ہے کہ طلح کی قسم سے ہی واحد اُسکا سمرہ ہے اور حضرت سعد امام تھے قبیلہ بنی اسد میں اور انہوں نے انکی شکایت بھیجی اور شکوہ کیا حضرت عمر کے پاس کہ انکو نماز خوب نہیں آتی اُسکے جواب میں حضرت سعد نے یہ مضمون فرمایا اور اپنا سابقہ اسلام اور حسن تابعداری اسلام میں بیان کیا

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ مُمَشَّقَانِ مِنْ كَتَّانٍ فَمَخَطَ فِيْ اَحَدِهِمَا ثُمَّ قَالَ بَخٍ بَخٍ يَمْخِطُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فِي الْكَتَّانِ لَقَدْ رَاَيْتُنِيْ وَاِنِّيْ لَاَخِرُّ فِيْمَا بَيْنَ مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحُجْرَةِ عَائِشَةَ مِنَ الْجُوْعِ مُغْشِيًّا عَلَيَّ فَيَجِيْءُ الْجَائِيْ فَيَضَعُ رِجْلَهٗ عَلٰى عُنُقِيْ يُرٰى اَنَّ بِيْ الْجُنُوْنَ وَمَا بِيْ جُنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا الْجُوْعُ ترجمہ روایت ہے محمد بن سیرین سے کہا تھا ہم نے ابو ہریرہ کے پاس اور اُنپر دو کپڑے تھے رنگی ہوئے دمشق میں نئی ہوئی کتان کے پس ناک پونچھی انہوں نے اُنمیں سے ایک کپڑے میں پھر کہا واہ واہ ناک پونچھتا ہے ابو ہریرہ کتان میں بیشک میں نے دیکھا اپنے کو کہ گر پڑا تھا میں بیچ منبر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے منبر کے آگے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حجرہ کے پاس مارے بھوک کے بیہوش میں کی پھر آنیوالا آتا تھا اور میری گردن پر پیر رکھتا تھا اور مجھ سمجھتا تھا کہ جنون ہے اور مجھ کو کچھ جنون نہ تھا سوائے بھوک کے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے ترجمہ کتان بالفتح وتشدید ایک بات ہے

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کی عیشت کا بیان

ملاحظہ ہو ترجمہ حدیث ۱۴۵

بقدر ایک ذراع کے پتا اُسکا باریک اور پھول ملا جو دمی پوست اُسکا مانند روئی کے کات کر کپڑا بناتی ہیں اور کپڑا اُسکا معتدل ہوتا ہی گرمی اور سردی میں اور بدن میں نہیں لپٹتا اور رافع حرارت اور باعث تقلیل عرق کا اور کھجلی اور ورم کو نافع ہے اور جو مین اُسمین کم پڑتی ہیں اور تخم کو اُسکے ہندمین اسی کہتے ہیں اور ملک شام و دمشق سے اُسکی جہاں کے کپڑے بہت آتی ہیں اور حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً میں اکثر قمیص اُسکے بناتی ہیں اور شرق کے بسبب موسم کے کم سرخ رنگ کہ اُسمین کپڑے رنگتی ہیں **عن** عُبَیْدِ بْنِ فَضَالَةَ بْنِ عُبَیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا صَلّٰی بِالنَّاسِ یَخِرُّ رِجَالٌ مِّنْ قَامَتِہِمْ فِی الصَّلٰوۃِ مِنَ الْخَصَاصَۃِ وَھُمْ اَصْحَابُ الصُّفَّۃِ حَتّٰی یَقُوْلَ الْاَعْرَابُ ھٰؤُلَاءِ مَجَانِیْنُ اَوْ مَجَانُوْنَ فَاِذَا صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْصَرَفَ اِلَیْہِمْ فَقَالَ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا لَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ لَاَحْبَبْتُمْ اَنْ تَزْدَادُوْا فَاقَۃً وَحَاجَۃً قَالَ فَضَالَۃُ اَنَا یَوْمَئِذٍ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ترجمہ روایت ہے فضالہ ابن عبید سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑہا تی لوگون کو گر پڑتے بہت لوگ کہڑے نماز مین بہوک کے سبب سے اور وہ اصحاب صُفّہ تہے یہانتک کہ اعراب کہتے یہہ مجنون ہین یہہ جب نماز پڑہ چکتی رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم جاتے اُنکے پاس اور فرماتے اگر تمکو معلوم ہو جو مرتبہ تمہارا ہے اللہ کے نزدیک اور جو ثواب ہے اس فقر و فاقہ کا اُسکی درگاہ مین تو دوست رکہتی تم کہ زیادہ ہو تمکو فاقہ اور حاجت کہا فضالہ نے مین اُسوقت ساتہ تہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** صُفّۃ الدار پیش الان اور اصحاب صُفّہ کہچہ صحابی تہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ مسجد کے پیش دالان مین بیٹہتے تہی اور کسیطرح کا حرفہ اور امور دنیوی مین مشغول نہوتے بلکہ شبانہ روز تحصیل علوم دین اور حفظ احادیث نبوی مین شاغل رہتے ابو ہریرہ ہے اُنہین مین تہے اور عدد اُنکے باختلاف زمان مختلف ہوتے تہے لفظ صوفی ہے اُسی سے مشتق ہے اور اعراب گانون کے رہنے والی لوگ جنکو عربی مین بدو اور ہندی مین گنوار کہتے ہین **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ سَاعَۃٍ لَا یَخْرُجُ فِیْھَا وَلَا یَلْقَاہُ فِیْھَا اَحَدٌ فَاَتَاہُ اَبُوْ بَکْرٍ فَقَالَ مَا جَاءَ بِکَ یَا اَبَا بَکْرٍ فَقَالَ خَرَجْتُ اَلْقٰی رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنْظُرُ فِیْ وَجْھِہٖ وَالتَّسْلِیْمَ عَلَیْہِ فَلَمْ یَلْبَثْ اَنْ جَاءَ عُمَرُ فَقَالَ مَا جَاءَ بِکَ یَا عُمَرُ قَالَ الْجُوْعُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ وَاَنَا قَدْ وَجَدْتُ بَعْضَ ذٰلِکَ فَانْطَلَقُوْا اِلٰی مَنْزِلِ اَبِی الْھَیْثَمِ الْاَنْصَارِیِّ وَکَانَ رَجُلًا کَثِیْرَ النَّخْلِ وَالشَّاءِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ خَدَمٌ فَلَمْ یَجِدُوْہُ فَقَالُوْا لِاِمْرَاَتِہٖ اَیْنَ صَاحِبُکِ فَقَالَتِ انْطَلَقَ یَسْتَعْذِبُ لَنَا الْمَاءَ وَلَمْ یَلْبَثُوْا اَنْ جَاءَ اَبُو الْھَیْثَمِ بِقِرْبَۃٍ یَزْعَبُھَا فَوَضَعَھَا ثُمَّ جَاءَ یَلْتَزِمُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَیَفْدِیْہِ بِاَبِیْہِ وَاُمِّہٖ ثُمَّ انْطَلَقَ بِھِمْ اِلٰی حَدِیْقَتِہٖ فَبَسَطَ لَھُمْ بِسَاطًا ثُمَّ انْطَلَقَ اِلَی النَّخْلَۃِ فَجَاءَ بِعِذْقٍ فَوَضَعَہٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفَلَا تَنَقَّیْتَ لَنَا مِنْ رُطَبِہٖ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اَرَدْتُ اَنْ تَخْتَارُوْا اَوْ قَالَ تَخَیَّرُوْا مِنْ رُطَبِہٖ وَبُسْرِہٖ فَاَکَلُوْا وَشَرِبُوْا مِنْ ذٰلِکَ الْمَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھٰذَا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ مِنَ النَّعِیْمِ الَّذِیْ تُسْاَلُوْنَ عَنْہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ظِلٌّ بَارِدٌ وَرُطَبٌ طَیِّبٌ وَمَاءٌ بَارِدٌ فَانْطَلَقَ اَبُو الْھَیْثَمِ یَصْنَعُ لَھُمْ طَعَامًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَذْبَحَنَّ ذَاتَ دَرٍّ فَذَبَحَ لَھُمْ عَنَاقًا اَوْ جَدْیًا فَاَتَاھُمْ بِھَا فَاَکَلُوْا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَلْ لَکَ خَادِمٌ قَالَ لَا قَالَ فَاِذَا اَتَانَا سَبْیٌ فَاْتِنَا فَاُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِرَاْسَیْنِ لَیْسَ مَعَھُمَا ثَالِثٌ فَاَتَاہُ اَبُو الْھَیْثَمِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اخْتَرْ مِنْھُمَا فَقَالَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اخْتَرْ لِیْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ خُذْ ھٰذَا فَاِنِّیْ رَاَیْتُہٗ یُصَلِّیْ وَاسْتَوْصِ بِہٖ مَعْرُوْفًا فَانْطَلَقَ اَبُو الْھَیْثَمِ اِلٰی اِمْرَاَتِہٖ فَاَخْبَرَھَا بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتِ امْرَاَتُہٗ مَا اَنْتَ بِبَالِغٍ مَا قَالَ فِیْہِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَنْ تُعْتِقَہٗ قَالَ فَھُوَ عَتِیْقٌ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ لَمْ یَبْعَثْ نَبِیًّا وَلَا خَلِیْفَۃً اِلَّا وَلَہٗ بِطَانَتَانِ بِطَانَۃٌ تَاْمُرُہٗ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَحُضُّہٗ عَلَیْہِ وَبِطَانَۃٌ لَا تَاْلُوْہُ خَبَالًا وَمَنْ یُّوْقَ بِطَانَۃَ السُّوْءِ فَقَدْ وُقِیَ ترجمہ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایسے وقت مین کہ نہین نکلتی تہے کہبی اُسوقت مین اور نہ ملاقات کرتا تہا کوئی شخص اُنسے اُسوقت مین یعنے آرام و راحت اور گہر مین رہنیکا وقت تہا باہر لے اُنکے پاس ابو بکر سو پوچہا آپنے کیا چیز لائی تکو ای ابو بکر سو عرض کی اُنہون نے نکلا مین اسلئے کہ ملاقات کرون رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور نظر کرون اُنکے چہرہ مبارک کیطرف اور سلام کرون اُنپر پہر ان باتونکو کچہہ دیر نہین ہوئی کہ اتنے مین حضرت عمر ہے حاضر ہوئے سو پوچہا آپنے کیا چیز لائی تکو ای عمر عرض کی اُنہونے بہوک لائی مجہکو یا رسول اللہ فرمایا آپنے مجہکو بہی کچہہ اثر پایا بہوک کا پس سب ملکر گئے ابی الہیثم بن التیہان کے گہر جو انصار مین سے ایک تہے کہ کہجور اور بکریان بہت رکہتی تہے اور کوئی اُنکا خادم نہتا سو نہ پایا ابو الہیثم کو گہر مین پس پوچہا اُنکے بی بی سے کہ تمہارے صاحب کہان ہین سو عرض کی اُسنے کہ گئی ہین میٹہا پانی لینے ہمارے واسطے

اور کچھ دیر نہ گذری تھی کہ لوگ کہ اتنے میں ابوالہیثم آئی ایک مشک لئے ہوئی کہ اٹھائی ہوئے تھے اسکو سو رکھدیا انہوں نے مشک کو پھر اگر لپٹ گئی رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہنے لگے کہ میرے ماں باپ فدا ہوں آپ پر پھر لگے ابوالہیثم اُن سے کہنے اپنے باغمیں اور ایک چھوہارا پھاڑا اُنکے لئے پھر گئے کھجور کے درخت پاس اور لے آئے وہاں سے ایک گچھا کھجور کا اور رکھدیا اُنکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے آگے اور فرمایا آپنے تم چُنکر کیوں نہ لائی رطب ہمارے لئے سو عرض کی اُنہوں نے یارسول اللہ میں نے چاہا کہ آپ خود پسند کر لیں اُنہیں سے یا یہ کہا کہ آپ پسند کر لیجئے پکی اسکے چوں سے پس کہا لی وہ کھجور اور پیا اُس پانی سے جو وہ لائی تھے پس فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اُس پروردگار کی کہ میرے جان اُسکی ہاتھ میں ہے یہ اُن نعمتوں سے ہے کہ جسکا سوال کیا جاویگا تمسے قیامت کے دن تفصیل اُنکی یہ ہے سایہ ٹھنڈا یعنے باغ کا اور کھجور خوش مزہ پکی ہوئی پاکیزہ اور پانی سرد پھر گئے ابوالہیثم کہ کچھ کہنا طیار کریں آپکے واسطے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ذبح کر نا تم دودھ والا جانور پھر ذبح کیا اُنہوں نے ایک بکری کا بچہ مادہ یا نر پھر اُسی پکا لائی یہ کہا یا ان سب پر نگاہ کرنے پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوالہیثم سی کیوں تمہارے پاس کوئی خادم ہے اُنہوں نے عرض کی کہ نہیں فرمایا آپنی پھر جب آوین ہمارے پاس قیدی یعنے غنیمت کے تو تم آو ہمارے پاس پھر آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو نفر قیدی کہ نہا اُنکی تیسرا کوئی تھا کوئی تیسرا پھر حاضر ہوئی اُنکے پاس ابوالہیثم یعنی حسب الارشاد آنحضرت کے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند کر لو ان دونو میں سے عرض کی اُنہوں نے کہ آپ ہی پسند کر دیجئے اُنمیں سے یارسول اللہ سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس سے مشورہ لیا جاوے وہ امین ہے یعنے امانت اُسکو ضرور ہے اور خیر خواہی اور چاہیے بات پر اطلاع دینا سو لو تم اسکو یعنے اشارہ کیا ایک غلام کیطرف اور وہ رحیم یہ بیان فرمائی کہ میں نے دیکھا ہی اسکو نماز پڑھتے ہوئے اور حسن معاملت کرو اُسکے ساتھ یعنے آرام و راحت سے رکھو سو آئی ابوالہیثم اپنی بیوی کے پاس اور خبر دی اُن کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے قول مبارک کے یعنے حضرت نے فرمایا ہی کہ اس غلام کو آرام سے رکھنا سو کہا اُنکی بی بی نے کہ تم لوری نہ کرو گے وصیت رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حق اس غلام کے بات میں اُنہوں نے فرمائی ہے یعنے حق رعیت اس غلام کا ادا نہ کرو گے مگر یہ کہ آزاد کر دو تم اسکو کہا ابوالہیثم نے کہ وہ اسیوقت آزاد ہے پس فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالی نہیں بھیجا کسی نبی اور نہ کسی خلیفہ یعنے سلطان کو مگر اُسکے دو قسم کے وزیر ہوتے ہیں ایک ایسے کہ حکم کرتے ہیں اُسکو اچھی کی موافق اور روکتے ہیں اُسے بُری کی موافق یعنے مشورہ نیک دیتے ہیں اور بُرائی بھلائی سے آگاہ کرتے ہیں اور دوسرے قسم وہ کہ قصور نہیں کرتے اُسکے خراب کرنیمیں پھر جو بچا اُگیا فریقوں کی بُرائی سے وہ بچا یا گیا بڑی آفتوں سے **ف** یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے روایت کیا ہے اسکو عبد بن حمید اللہ نے اُنہوں نے ابو عوانہ سے اُنہوں نے عبد الملک بن عمیر سے اُنہوں نے ابی سلمہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نکلے ایکدن ہا اور ابوبکر اور عمر ہمراہ اُنکے حدیث ہمعنی حدیث مذکور کے اور نہیں ذکر کیا اُنمیں ابوہریرہ سے روایت ہونے کا اور حدیث شیبان کی اتم ہے اور اطول ابوعوانہ کی حدیث سے اور شیبان ثقہ ہیں اہل حدیث کے نزدیک اور صاحب کتاب ہیں یعنے صاحب تالیف **مترجم** اس حدیث میں بڑے بڑی فوائد ہیں اوّل یہ کہ فقر اور زہد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا اور آپکے اصحاب مبارک کا اور قلت دنیا کی اُنکے پاس اور امتحان اُنکا جوع اور ضیق عیش میں کسی کسی وقت اور بعضوں نے خیال کیا ہے کہ یہ حال قبل فتوح بلاد تھا اور بعد فتوح یہ حال نرہا حالانکہ یہ زعم باطل ہے اسلئے کہ راوی حدیث ابوہریرہ ہیں اور معلوم ہے کہ وہ اسلام لائی ہیں بعد فتح خیبر کے پھر اگر کوئی کہے کہ ممکن ہے کہ راوی نے یہ حال بچشم خود نہ دیکھا ہو بلکہ حضرت سے سنکر بیان کیا ہو اور اس صورت میں جائز ہو سکتا ہے کہ یہ قصہ پیشتر کا ہو تو جواب اُسکا ہے کہ یہ خلاف ظاہر ہے ومن ادعی خلاف الظاہر فعلیہ البیان بلکہ امر صواب یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہمیشہ یہ احوال و تکلیف میں گذارتے رہی کہ کبھی سعت خرچ کی پاتے تھے اور کبھی سب خرچ کر کے صبر فرماتے تھی جیسا کہ ابی ہریرہ سے روایت صحیح ثابت ہوا ہے کہ نکلے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دنیا سے اور آسودہ نہوئی تھے جز شعیر سے اور حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ آل محمد جب سے مدینہ میں آئے تین روز پے در پے سیر نہوئے کسی کہنے سے یہانتک کہ وفات پائی چنانچہ اس مضمون کی روایتیں کچھ اوپر بھی مذکور ہو چکی ہیں غرض آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو کبھی فارغ البالی ہوتی بھی پھر بعد تھوڑے عرصہ کے آپ جو کچھ موجود ہوتا تھا سب اطاعت الٰہی میں اور وجوہ برّ و ایثار میں صرف فرما دیتے تھے اور ضیافت واردین اور اطعام مساکین اور ایثار طائفین میں خرچ کر دیتے تھے اور یہی عادت تھی تمکین بلکہ اکثر اصحاب کے اور اہل سیار مہاجرین و انصار کے باوجود اسکے کہ خیال خدشگذاری کا آپکے بہت رکھتے تھے مگر کسی وقت آپکی حاجت سے مطلع ہوتے تھے اور کبھی ایسا بھی ہوتا تھا کہ وقت اطلاع کے دو خوفتگی میں ہوتے تھے اور جو خبردار ہوتا تھا آپکی حاجت مبارک سے اور قدرت اُسکی رفع کے رکھتا تھا فوراً مبادرت فرماتا تھا اُسکے پورا کرنیمیں لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم باوصف اسکے کبھی یا حال اُنسے چھپاتے بھی تھے اور اُنکی سبکباری جانتے تھے اور مبادرت کی بوجہ حسن خُلق کے اور پہچانی ہوئی آپکے اور ایسی ہے روایت جابر کی جنگ خندق میں اور روایت ابی شعیب انصاری کی کہ انہوں نے بھی یا اثر بھوک کا آپکے چہرہ مبارک

مین دخل کیا کہانا پکانیکا اوراُنکے بہت سی روایتین اسباب مین مشہور ہین اور ایسا ہی معاملہ اصحاب کا تہا آپس مین کہ مواقف ہوتا تہا ایک بہائی دوسرے کی خواہش پر مگر یہ کہ سعی کرتا تہا اُسکے انجاح مرام مین اور تعریف کی اللہ تعالیٰ اُنکی اور فرمایا کہ یُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ اور فرمایا رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ دوسرے یہ کہ ہم ہونا اور نکلنا اُنکا رفع گرسنگی کی لئی سو سبب اُسکا یہ ہے کہ جب دوام مراقبہ آلہی مین متغرق اور مشاہدہ صفات نامتناہی مین غرق ہے اور بہوک نے اُنکو قلق مین ڈالا اور نشاط عبادت مین حارج و مانع ہوئے تو سعی کی اُنہون نے اُسکے ازالہ مین بطریق مباح اور ایکمل طاعات اور بلیغ انواع مراقبات ہے اسلئے کہ منع ہی ادای صلوۃ فرض اختیمین کے وقت اور جب کہانا حاضر ہوا سلئے کہ نفس اُس طرف میلان رکہتا ہے اور اسیطرح منع ہے پہولدار کپڑے مین کہ مانع حضور قلب ہو اور باتین کرنیوالون کے سامنے وغیرذالک اور قاضی کو منع ہے کہ حکم کرے غضب کے وقت مین اور جوع و ہم و شدت فرح وغیرہ کے وقت مین جو چیزین کہ اُسکو غور اور تفکر سے روکتی ہون قولہ عرض کے اُنہون نے کہ بہوک لائی اس سے ثابت ہوا کہ آدمی کو اگر کسیطرح کا الم و رنج پہونچے تو اسکا ذکر کرنا دوسرے سے روا ہے مگر یہ کہ ذکر کرنا بہ نیت تصبیر و تسلی ہو نہ بہ نیت شکوہ و تشکی جیسے کہ حضرت سے ذکر کرنے مین امید ہے کہ آپ دافع فرماوینگے اور مساعدت کرینگے اُسکے ازالہ اور دفع مین پس یہ مذموم نہین بلکہ جایز اور مباح ہی قولہ فرمایا آپنے مین نے بہی کچہ اثر پایا بہوک کا اور مسلم کے روایت مین ہے کہ قسم ہے اُس پروردگار کے کہ جان ہے اُسکی ہاتہ مین ہے الخ اور یہ مین ثابت ہوا جواز حلف کا بغیر استحلاف کے اور یہ سیر افادہ ہے اور ابوالہیثم کا نام مالک ہے اور اُنکے گہر جانے مین جایز ہوا دلالت کرنا ایسے شخص کیطرف جو انجاح مرام کرے صاحب حاجت کا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا اُنکو مخلص و جان نثار جاننا اور یار وفادار سمجہنا اسمین کمال شرف ہے اُنکا اسلئے کہ یہ معاملہ نہین ہوتا ہے مگر نہایت دوستی کے ساتہ پس جایز ہوا بغیر بلائے کسی دوست کے گہر جانا اور اُسے طالب اطعام ہونا اگر یقین ہو کہ وہ اس سے خوش ہوگا اور یہ چوتہا فایدہ ہے اور مسلم کے روایت مین ہے کہ جب دیکہا ابوالہیثم کی بی بی نے اُنکو کہا مرحبا و اہلا اور یہ دونون کلمہ معروف ہین خرب مین یعنے آیا تو مکان وسیع مین اور ایسے اہل مین کہ اُنس کریگا تو اُنسے اور ابوالہیثم جب آئے تو اُنہون نے کہا الحمدللہ آج کسی کے گہر مین میرے گہر سے بہتر مہمان نہین اس سے ثابت ہوا کہ اظہار سرور مہمان کے آنے سے اور الحمدللہ کہنا اُسکے دیکہنے سے مسنون ہے اسلئے کہ حضر نے فرمایا ہے کہ جو ایمان رکہتا ہو اللہ پر اور پچہلے دن پر تو چاہیئے کہ تعظیم کرے اپنے مہمان کے اور یہ پانچوان فایدہ ہے قولہ پہر یوجہا اُنکی بی بی نے الخ اسمین ثابت ہوا جواز کلام اجنبی کے ساتہ اور جواب دینا اُسکا وقت ضرورت کے اور یہ چہٹا فایدہ ہے اور ثابت ہوا جواز اجازت دینے کا عورت کو اپنے گہر مین ایسے شخص کو کہ یقین کہتی ہو کہ اُسکے آنے سے شوہر خوش ہوگا اسطرح پر کہ خلوت محرم پر لازم نہ آوے اور یہ ساتوان فایدہ ہے قولہ لگے مین میٹہا پانی لینے اسمین میٹہی پانی لانیکا جواز ثابت ہوا اور اُسکے پینا و طلب کرنیکا اور یہ آٹہوان فایدہ ہے قولہ اور لے آئے ایک گچہا کہجور و نکا اس سے ثابت ہوا کہ تقدیم فاکہ کے خبز و لحم پر مستحب ہے اور مبادرت کرنا اور جلدی حاضر کرنا مہمان کے لئے جو میسر ہو اسے الخصوص جب اُسکی حاجت شدید معلوم ہو مستحب ہے اور بی تکلفی نہایت عمدہ چیز ہے چنانچہ مکروہ رکہا ہے اکثر سلف نے مہمان کے لئے تکلف کرنا اور مُراد اُس سے وہ تکلف ہے جو تکلیف مین ڈالے میزبان کو کہ جب مہمان اُسے آگاہ ہوتا ہے وہ بہی اُسکی مشقت کو دیکہکر تکلیف کو بہی اٹہاتا ہے اور دونون کو اجر ملتا ہے اور یہ نوان فایدہ ہے قولہ پہر کہا یا ان سب بزرگوار دون نے مسلم کے روایت مین ہے کہ آسودہ ہوگئے اور سیر ہوگئی اس سے ثابت ہوا کہ گاہ گاہ سیر ہو کر کہانا بہی جایز ہے مگر دوام اُسکا موجب قسوت قلب ہے اور نہی آسودگی اور سیری کی محمول ہے دوام پر اور یہ دسوان فایدہ ہے قولہ یہ اُن نعمتون سے ہے کہ سوال کیا جاویگا اُنسے قیامت کے دن یعنے سوال اظہار امتنان کا اور تعداد احسان کا نہ سوال توبیخ و تہدید کا اور یہ گیارہوان فایدہ ہی قولہ فرمایا آپنے پہر جب آوین ہمارے پاس قید الخ اسمین ثابت ہوا کہ بدلہ کرنا اور عوض دینا احسان اور نیکی کا جایز ہے بقدر طاقت کے اور پہلے ہی وعدہ کرنا اُس چیز کا جسکے توقع ہو جایز ہے اور یہ بارہوان فایدہ ہے قولہ مین نے دیکہا اُسے نماز پڑہتے ہوئی اس سے فضیلت نماز ہی کے بے نماز ہی پر ثابت ہوئی اور ثابت ہوا کہ حتی المقدور آدمی کے لونڈی غلام نوکر چاکر نماز ہی ہون تو بہتر ہے اور یہ تیرہوان فایدہ ہے قولہ اور حسن معاملت کرو اُسکے ساتہ ثابت ہوا اس سے موکد اور ضروری ہونا حسن معاملت کا غلام لونڈی سے خصوصًا جبکہ وہ مایل ہون دین کیطرف اور نماز ہی لا متقی ہون اور یہ چودہوان فایدہ ہی قولہ مگر یہ آزاد کردو تم اسکو کہا ابوالہیثم نے وہ اسیوقت آزاد ہی ثابت ہوا اس سے کمال علو ہمت ازواج صحابہ کا اور جلد مبادرت کرنا امر خیر مین اور بہت ڈرنا حقوق عباد سے حتی کہ عبید و اماء کے حقوق سے اور یہ پندرہوان فایدہ ہے قولہ مگر اُسکے دو قسم کے رفیق ہوتے ہین الخ اسمین احتیاط کا تعلیم کرنا ہے فیض بدہے اور حذر کرنا اُسکی شر سے اور دلجوئی کرنا اور قدردانی رفیق نیک کے اور امتحان کرتے رہنا اور پہچاننا اُنکا کہ مرد کی دانائیون سے ہے پر کہنا آدمیونکا قولہ بچایا گیا ہے آفتون سے اس سے معلوم ہوا کہ شرور و فسادات سے رفقاء کے بچنا طاقت بشری سے خارج ہے جب تک

تائید غیبی ہو ممکن نہیں پس پناہ مانگنا اللہ تعالیٰ سے اور بھروسا کرنا اُسپر ضرور ہے اور یہ سولہواں فائدہ ہے انتہی (بعضہا فی النووی) **عَنْ** اَبِیْ طَلْحَۃَ قَالَ شَکَوْنَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجُوْعِ وَرَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا عَنْ حَجَرٍ حَجَرٍ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ حَجَرَیْنِ ترجمہ روایت ہے ابی طلحہ سے کہا بیان کیا ہم نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے حال بھوک کا اور اُٹھایا ہم نے کپڑا اپنے پیٹوں سے کپڑا ایک ایک پتھر بندھا ہوا تھا اُوپر سو اُٹھایا آپ نے اپنے شکم مبارک سے کپڑا کہ دو پتھر بندھے ہوئے ہیں آپ کے پیٹ پر **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **عَنْ** سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِیْرٍ یَقُوْلُ اَلَسْتُمْ فِیْ طَعَامٍ وَشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ لَقَدْ رَاَیْتُ نَبِیَّکُمْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمَا یَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا یَمْلَاُ بِہٖ بَطْنَہٗ ترجمہ روایت ہے سماک بن حرب سے کہا سنا میں نے نعمان بن بشیر سے کہ فراغتی تم جو چاہتے ہو کھاتے پیتے ہو حالانکہ میں نے دیکھا تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ نہ پاتے تھے وہ کھجور ادنی قسم کی اسقدر کہ بھریں وہ شکم مبارک اپنا **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے روایت کیے ہمسے ابوعمار نہ اور کئی لوگوں نے سماک بن حرب سے مانند حدیث ابوالاحوص کے اور روایت کیے شعبہ نے یہ حدیث سماک سے اُنہوں نے نعمان بن بشیر سے اُنہوں نے خضر عمر سے

## بَابُ مَا جَاءَ اَنَّ الْغِنَا غِنَا النَّفْسِ باب اس بیان میں کہ غنی دل سے ہے

**عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ الْغِنَا عَنْ کَثْرَۃِ الْعَرَضِ وَلٰکِنَّ الْغِنَا غِنَا النَّفْسِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے غنا اسباب و سامان کے بہت ہونے سے بلکہ غنا دل کی ہے **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے

## بَابُ مَا جَاءَ فِیْ اَخْذِ الْمَالِ باب مال خدا کے بیان میں

**عَنْ** اَبِی الْوَلِیْدِ قَالَ سَمِعْتُ خَوْلَۃَ بِنْتَ قَیْسٍ وَکَانَتْ تَحْتَ حَمْزَۃَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ ھٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ مَنْ اَصَابَہٗ بِحَقِّہٖ بُوْرِکَ لَہٗ فِیْہِ وَرُبَّ مُتَخَوَّضٍ فِیْمَا شَاءَتْ بِہٖ نَفْسُہٗ مِنْ مَالِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ لَیْسَ لَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِلَّا النَّارُ **ترجمہ** روایت ہے ابوالولید سے کہا سنا میں نے خولہ بنت قیس سے اور تھیں وہ نکاح میں حمزہ بن عبدالمطلب کے فرماتی تھیں وہ کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے یہ مال ہرا ہرا ہے میٹھا ہے جسنے لیا اسکو حق کے ساتھ برکت دی گئی اُسکے لئے اس میں اور بہت سے گھسنے والے ہیں اس میں جو چاہتا ہے اپنی جان سے ناحق مال اللہ اور اُسکے رسول کے مال کسے نہیں ہے قیامت میں اُنکے لئے مگر دوزخ کی آگ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابوالولید کا نام عبید سنطار ہے **مترجم** مال ہرا ہرا ہے میٹھا یعنے مرغوب خاطر ہے جسنے بوجہ حلال حاصل کیا اُسکو برکت ہے اور جسنے بوجہ ناجائز لیا وہ دوزخ میں گرا

## بَابُ مَلْعُوْنٌ مَنْ لَعَنَ دِرْھَمًا وَدِیْنَارًا باب ملعون ہونے میں درہم و دینار کے

**عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَعَنَ عَبْدُ الدِّیْنَارِ وَلَعَنَ عَبْدُ الدِّرْھَمِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ملعون ہے بندہ دینار کا ملعون ہے بندہ درہم کا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہوئی ہے سوا اسکے اور سند سے بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور وہ اس سے زیادہ پوری ہے اور طویل

## بَابُ حِرْصِ الْمَالِ وَالْجَاہِ باب حرص مال و جاہ کی مذمت میں

**عَنِ** ابْنِ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ الْاَنْصَارِیِّ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ اُرْسِلَا فِیْ غَنَمٍ بِاَفْسَدَ لَھَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَی الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِیْنِہٖ **ترجمہ** کعب بن مالک انصاری سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو بھیڑیے بھوکے اگر چھوڑ دیے جاویں بکریوں میں تو اتنا فساد اور خرابی نہ کریں جتنا آدمی کا دین مال و جاہ کی حرص خراب کرتی ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور مروی ہے اسباب میں ابن عمر سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں مگر اُنکی اسناد صحیح نہیں

## بَابٌ دنیا کی مثال مچھر اور مکھی کے پر سے

**عَنْ** عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ نَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی حَصِیْرٍ فَقَامَ وَقَدْ اَثَّرَ فِیْ جَنْبِہٖ فَقُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لَوْ اتَّخَذْنَا لَکَ وِطَاءً فَقَالَ مَا لِیْ وَلِلدُّنْیَا مَا اَنَا فِی الدُّنْیَا اِلَّا کَرَاکِبٍ اِسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَۃٍ ثُمَّ رَاحَ وَتَرَکَھَا **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ سے کہا کہ سوئی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ایک بوریہ پر پھر اُٹھے اور اثر کر گیا تھا نقش بوریا آپکے کروٹ میں پس عرض کی صحابہ نے کہ بنا دیں ہم آپکے واسطے ایک بچھونا فرمایا آپ نے مجھے دنیا سے کیا کام ہے میرے اور دنیا کی مثال ایسی ہے جیسے ایک سوار کہ سایہ کے لئے اُترا ایک درخت کے نیچے پھر چلا گیا اور درخت کو چھوڑ گیا **ف** اسباب میں ابن عمر اور ابن عباس سے بھی روایت ہے یہ حدیث صحیح ہے

## بَابٌ دوست کرنے سے پہلے دیکھ لینا چاہیے

**عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الرَّجُلُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِہٖ فَلْیَنْظُرْ اَحَدُکُمْ مَنْ یُّخَالِلُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمی اپنی دوست کے دین پر ہے سو چاہیے کہ خیال رکھے کہ کس سے دوستی کرتا ہے یعنے دیندار سے دوستی کرے نہ بددین سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے

## بَابٌ اہل و مال کی ہمراہی میں

**عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتْبَعُ الْمَیِّتَ ثَلَاثٌ فَیَرْجِعُ اثْنَانِ وَیَبْقٰی وَاحِدٌ یَتْبَعُہٗ اَھْلُہٗ وَمَالُہٗ وَعَمَلُہٗ فَیَرْجِعُ اَھْلُہٗ وَمَالُہٗ وَیَبْقٰی عَمَلُہٗ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے

کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ساتھ جاتی ہیں میت کے تین چیزیں پھر لوٹ آتی ہیں دو اور باقی رہ جاتی ہے اُسکے ساتھ ایک ساتھ جاتی ہیں اہل و مال و عمل پھر لوٹ آتی ہیں اہل و مال اور باقی رہتا ہے اُسکے ساتھ عمل اُسکا **ف** **باب ماجاء فی کراھیۃ کثرۃ الاکل** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** مقدام بن معدیکرب قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما ملأ آدمی وعاء شرا من بطن بحسب ابن آدم اکلات یقمن صلبہ فان کان لا محالۃ فثلث لطعامہ وثلث لشرابہ وثلث لنفسہ ترجمہ روایت ہے مقدام بن معدیکرب سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہیں بھرا انسان نے کوئی تھیلی بدتر پیٹ سے کافی ہے ابن آدم کو چند لقمے کہ سیدھا رکھیں اُسکی پیٹھ پھر اگر ضرورت ہو اس سے زیادہ تو تہائی پیٹ کھانے کیلئے اور تہائی پانی پینے کو اور تہائی دم لینے کیلئے مقرر کرے **ف** روایت کی ہے حسن بن عرفہ نے اُنہوں نے اسمٰعیل بن عیاش سے مانند اسکے اور کہا مقدام نے روایت کی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نہیں ذکر کیا اسکا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب ماجاء فی الریاء والسمعۃ** باب ریا اور سمعہ کی بیان میں **عن** ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من یرائی یرائی اللہ بہ ومن یسمع یسمع اللہ بہ وقال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لا یرحم الناس لا یرحمہ اللہ ترجمہ روایت ہے ابی سعید سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص دکھاتا ہے عبادت لوگوں کو دکھاوے گا اللہ تعالیٰ اُسکی عبادت لوگوں کو اور جو شخص سناتا ہے اپنے عبادت لوگوں کو سنا دیتا ہے اللہ تعالیٰ اُسکی عبادت لوگوں کو اور کہا راوی نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو رحم نہیں کرتا لوگوں پر اللہ رحم نہیں کرتا اُس پر **ف** اسناد میں جندب اور عبداللہ بن سفیان سے ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اس سند سے **عن** شفیا الاصبحی انہ دخل المدینۃ فاذا ھو برجل قد اجتمع علیہ الناس فقال من ھذا فقالوا ابو ھریرۃ فدنوت منہ حتی قعدت بین یدیہ وھو یحدث الناس فلما سکت وخلا قلت لہ اسألک باللہ بحق وبحق لما حدثتنی حدیثا سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عقلتہ وعلمتہ فقال ابو ھریرۃ افعل لأحدثنک حدیثا حدثنیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا ھو فی ھذا البیت ثم نشغ ابو ھریرۃ نشغۃ فمکثنا قلیلا ثم افاق فقال لأحدثنک حدیثا حدثنیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا ھو فی ھذا البیت ثم نشغ ابو ھریرۃ نشغۃ شدیدۃ ثم افاق ومسح وجھہ وقال لأحدثنک حدیثا حدثنیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا ھو فی ھذا البیت ما معنا احد غیری وغیرہ ثم نشغ ابو ھریرۃ نشغۃ شدیدۃ ثم افاق ومسح وجھہ وقال افعل لأحدثنک حدیثا حدثنیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا ھو فی ھذا البیت ما معنا احد غیری وغیرہ ثم نشغ ابو ھریرۃ نشغۃ شدیدۃ ثم مال خارا علی وجھہ فاسندتہ طویلا ثم افاق فقال حدثنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالیٰ اذا کان یوم القیمۃ ینزل الی العباد لیقضی بینھم وکل امۃ جاثیۃ فاول من یدعو بہ رجل جمع القرآن ورجل قتل فی سبیل اللہ ورجل کثیر المال فیقول اللہ للقارئ ألم أعلمک ما انزلت علی رسولی قال بلی یا رب قال فماذا عملت فیما علمت قال کنت اقوم بہ آناء اللیل وآناء النھار فیقول اللہ لہ کذبت وتقول الملئکۃ کذبت ویقول اللہ بل اردت ان یقال فلان قاریء فقد قیل ذلک ویؤتی بصاحب المال فیقول اللہ ألم أوسع علیک حتی لم ادعک تحتاج الی احد قال بلی یا رب قال فماذا عملت فیما اتیتک قال کنت اصل الرحم واتصدق فیقول اللہ لہ کذبت وتقول الملئکۃ کذبت ویقول اللہ بل اردت ان یقال فلان جواد وقد قیل ذلک ویؤتی بالذی قتل فی سبیل اللہ فیقول اللہ لہ فیما ذا قتلت فیقول امرت بالجھاد فی سبیلک فقاتلت حتی قتلت فیقول اللہ لہ کذبت وتقول لہ الملئکۃ کذبت ویقول اللہ بل اردت ان یقال فلان جریء فقد قیل ذلک ثم ضرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی رکبتی فقال یا ابا ھریرۃ اولئک الثلاثۃ اول خلق اللہ تسعر بھم النار یوم القیمۃ ترجمہ روایت ہے شفیا الاصبحی سے کہ وہ داخل ہوا مدینہ میں سو کیا دیکھا ایک شخص کو کہ جمع ہو گئے ہیں اُسکی پاس لوگ سو پوچھا کون شخص ہے یہ لوگوں نے کہا ابوہریرہ ہیں سو قریب ہوا میں اُنکے یہاں تک کہ بیٹھا اُنکے آگے اور وہ حدیث بیان کرتے تھے لوگوں سے پھر جب چپ ہو گئی اور اکیلی رہ گئی کہا میں نے اُنسے پوچھتا ہوں میں آپ سے اللہ کے واسطے اللہ کے واسطے کہ البتہ آپ بیان کیجئے مجھ سے ایک ایسی حدیث کہ سنی ہو آپنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور خوب سمجھا اور یاد رکھا ہو سو کہا ابوہریرہ نے اچھا کرتا ہوں میں جو کہا تم نے بیشک بیان کرونگا میں ایک حدیث کہ بیان فرمائی مجھ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور میں سمجھا یاد رکھا ہو سو پھر چیخ ماری اور بیہوش ہو گئے ابوہریرہ ایکبار پھر تھوڑی دیر پھر ہوش میں آئی اور کہا بیان کرتا ہوں میں تجھ سے ایک حدیث کہ بیان کی مجھ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اسی گھر میں کہ تھا ہمارے ساتھ اُنکے اور میرے سوا کوئی اور پھر چیخ ماری ابوہریرہ نے بڑی چیخ رسی اور بیہوش ہو گئی پھر ہوش میں آئی اور پوچھا اپنا منہ اور کہا کرتا ہوں میں جو تم نے کہا بیان کرتا ہوں میں ایک حدیث کہ بیان فرمائی مجھ سے

بیت کہا ہے کے برابر

یا اور سمعہ کے برابر

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور میں اور وہ اسی گھر میں تھے تنہا ہماری ساتھ کوئی سوا میرے اور اُنکے پھر چیخ ماری ابوہریرہ نے بڑی زور سی اور بیہوش ہوگئی پھر گر پڑی بیہوش ہوکر اپنے مونہہ کے بل سو میں نے گمان کیا رہا اُنکو بڑی دیر تک اور بیہوش سے وہ پھر ہوش میں آئی اور کہا بیان فرمایا مجھ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک اللہ جل جلالہ جب قیامت کا دن نزدیک فرماویگا اپنے بندوں کے پاس تاکہ فیصلہ کرے اُنکے درمیان اور ہر گروہ اُسوقت گھٹنوں پر پڑا ہوگا سو اول جسکو بلاویگا پروردگار تعالیٰ شانہٗ ایک مرد ہوگا کہ اُسنے جمع کیا ہوگا قرآن یعنے اپنی سینہ میں اور ایک مرد ہوگا کہ قتل کیا گیا ہوگا اللہ کے راہ میں یعنے شہید ہوگا اور ایک مرد ہوگا کہ بہت مال رکھتا ہوگا سو فرماویگا اللہ تعالیٰ قاری قرآن سے کیا نہ سکھلایا میں نے تجھکو جو اُتارا میں نے اپنی رسول پر اُسنے عرض کی کہ ہاں ای پروردگار میرے فرمایا پھر کیا عمل کیا تو نے اُس علم میں سے کہ تو نے حاصل کیا تھا کہا اُسنی میں قیام کرتا تھا اُسکے ساتھ رات کے وقتوں میں اور دن کے وقتوں میں یعنے تہجد اور نماز دنمیں قرآن پڑھتا تھا سو فرماویگا اللہ تعالیٰ اُس سے جھوٹ کہا تو نے اور فرشتے بھی بول اُٹھینگے کہ جھوٹ کہا تو نے اور فرماویگا اللہ تعالیٰ اُس سے بلکہ ارادہ کیا تو نے یہ کہ کہا جاوے کہ فلانا قاری ہے یعنے تو اپنا نام چاہتا تھا سو یہ تو دنیا میں کہا گیا اور لاویگی صاحب مال کو پھر فرماویگا اُس سے اللہ عزوجل کیا نہ وسعت دی میں نے تجھکو اور نہ چھوڑا میں نے تجھکو کہ تو کسیکا محتاج ہو عرض کی اُسنے کہ ہاں اے رب پھر فرماویگا پھر کیا عمل کیا تو نے اُس چیز میں کہ میں نے دی تجھکو عرض کریگا وہ صلہ رحم کیا میں نے اور صدقہ دیتا رہا سو فرماویگا اللہ تعالیٰ اُس سے جھوٹ کہا تو نے اور بول اُٹھینگے فرشتے کہ جھوٹ کہا تو نے اور فرماویگا اللہ تعالیٰ بلکہ ارادہ کیا تو نے کہ کہا جاوے فلانا جواد ہے سخی ہے تو یہ تو کہا گیا یعنے دنیا میں پھر لاوینگے اُسکو جو قتل کیا گیا اللہ کی راہ میں سو فرماویگا اللہ تعالیٰ اُس سے تو کسلئے قتل کیا گیا وہ عرض کریگا کہ تو نے حکم فرمایا تھا جہاد کا اپنی راہ میں پس لڑا میں یہانتک کہ قتل کیا گیا میں پس فرماویگا اُس سے اللہ جل جلالہ جھوٹ کہا تو نے اور بول اُٹھینگے فرشتے کہ جھوٹ کہا تو نے اور فرماویگا اللہ تعالیٰ بلکہ ارادہ کیا تو نے کہ کہا جاوے کہ تو بہادر ہے سو کہا گیا پھر لاویگا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یعنے ہاتھ میرے زانو پر اور کہا ای ابوہریرہ یہ تین تو پہلے شخص ہیں کہ بھڑکائی اور سلگائی جاوینگی اُنسے آگ دوزخ کی قیامت کے دن ف کہا ولید ابو عثمان نے اپنی کہ خبر دی مجھ کو عقبہ نے کہ شفیا دسی ہیں کہ داخل ہوئے معاویہ کے پاس اور خبر دی اُنکو اُس روایت کے ابو عثمان نے اور روایت کے مجھ سے علاء بن ابی حکیم نے کہ وہ سیاف تھی معاویہ کے کہا اُنہوں نے کہ داخل ہوا میں معاویہ کے پاس ایکدم سو خبر دی اُنکو اُس روایت کے ابوہریرہ سے سو کہا معاویہ نے یہ معاملہ تو ہوا ان تینوں کے ساتھ یہ کیا حال ہوگا باقی لوگوں کا پھر دنیا معاویہ بہت دنوں یہانتک گمان کیا ہمنے کہ وہ ملاک ہو جاوینگے اور کہا ہمنے لایا شخص اپنی ساتھ ایک شیر بیہوش میں آئی معاویہ اور پوچھا اپنا مونہہ اور فرمایا پھر کہا اللہ اور اُسکے رسول نے اور پڑھے یہ آیت مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ فِيهَا وَهُمْ فِيهَا لَا يُبْخَسُونَ ۝ أُولٰئِكَ الَّذِينَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ إِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوا فِيهَا وَبَاطِلٌ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ یعنے جو ارادہ کرے دنیا کی زندگی کا اور اُسکی زینت کا پورے دینگے ہم بدلا اُنکی عملوں کا دنیا میں اور وہ اُنکے عملوں سے کچھ کم نہ دیے جاینگے وہ لوگ ہیں کہ نہیں ہے اُنکو آخرت میں مگر دوزخ اور ضائع ہوگئے جو کیا تھا اُنہوں نے دنیا میں اور باطل ہے جو وہ کرتے تھے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے معتبر جم قولہ لہمکی بجائے اس قول کو تا کیونکہ واسطی قوا پھر چیخ ماری اور بیہوش ہوگئے اس سے معلوم ہوتا ہے خوف اللہ تعالیٰ کا اور دہشت اُسکی جو کچھ اصحاب کے قلوب میں تھی اور ترساں تھے وہ باوجود کمال تقویٰ اور کمال ورع کے قولہ تعالیٰ آہ نزول فرماویگا اللہ تعالیٰ کا قیامت کے دن اور اسیطرح ہر شب کے اخیر میں جیسا احادیث صحیحہ میں وارد ہوا ہے ایمان لانا چاہیئے اُسپر اور جاننا چاہیئے کہ یہ صفات ہیں باریتعالیٰ شانہٗ کی معلوم المعنی مجہول الکیفیت پس اُسکی لفظ اور معنی پر ایمان لانا ضرور ہے اور کیفیت اُسکی تعلم الغیوب کو سونپنا چاہیئے اور یہی مسلک صحیح محدثین وا کابر سلف کا ہے نہیں خلاف کیا اسکا مگر جہلائی جہمیہ مانکے اتباع معتزلہ وغیرہ نے قول معاویہ کا پھر کیا حال ہوگا باقی لوگوں کا یعنے جب تین شہید جو فضائل دینیہ میں متاز تھے اُنکا یہ حال ہوا تو اوروں کا کیا حال ہوگا اور پڑھی آیہ مبارک کہ خلاصہ اُسکا یہ ہے کہ جن لوگوں نے اپنے اعمال سے حیوۃ دنیا اور زینت طلب کی اور آخرت کے اور ثواب اُسکے طالب نہوئے اُنکے اعمال ضایع حسنات حبط خیرات وصدقات ضبط **باب** ریا کا کا قابل کے بیان میں **عن** اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ جُبِّ الْحُزْنِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا جُبُّ الْحُزْنِ قَالَ وَادٍ فِيْ جَهَنَّمَ تَتَعَوَّذُ مِنْهُ جَهَنَّمُ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَنْ يَدْخُلُهُ قَالَ الْقُرَّاءُوْنَ الْمُرَاؤُوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگو اللہ تعالیٰ کے ساتھ جُبّ حزن سے عرض کی صحابہ نے کیا چیز ہے جُبّ حزن کی یا رسول اللہ کے فرمایا ایک نالہ ہے جہنم میں کہ پناہ مانگتی ہے اُس سے جہنم ہر دن میں سو بار عرض کی یا رسول اللہ کون داخل ہوگا اُسمیں فرمایا قاری جو اپنے عملوں میں ریا کرنیوالے ہیں ف یہ حدیث غریب ہے **معتبر جم** اسوقت

ف قال الواسطی ان کا یہ حال ہوا تو اوروں کا کیا حال ہوگا اور پڑھی آیہ مبارکہ کہ خلاصہ اُسکا یہ ہے کہ جن لوگوں نے اپنے اعمال سے حیوۃ دنیا اور زینت طلب کی اور آخرت کے اور ثواب اُسکے طالب نہوئے اُنکے اعمال ضایع حسنات حبط خیرات وصدقات ضبط

ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے

ف قال الواسطی ان کا یہ حال ہوا تو اوروں کا کیا حال ہوگا اور پڑھی آیہ مبارکہ کہ خلاصہ اُسکا یہ ہے کہ جن لوگوں نے اپنے اعمال سے حیوۃ دنیا اور زینت طلب کی اور آخرت کے اور ثواب اُسکے طالب نہوئے اُنکے اعمال ضایع حسنات حبط خیرات وصدقات ضبط

مین اکثر حفاظ اس بلا مین گرفتار ہین الّا ماشاء اللہ یہانتک کہ یہ نوبت ہی کہ آپسمین فخر ہوتا ہی کہ مین ایسا ختم کرتا ہون اور وہ کیا میرے سامنی پڑہ سکتا ہی اُسکی اُستاد کا دم میرے آگی بند ہوگیا ایک ہی لقمہ مین میںنی اُنکا گلا دابدیا پہر لقمہ دینے سی وہ بزرگ ایسی ناراض ہوئے ہین کہ گویا اس امر کو ہتک عزت سمجھتی ہین اور ضد کے ماری غلط پڑہنا بہتر جانتے ہین مگر لقمہ لینے سی پیٹ بہر کر عار ہے اور بغیر اُجرت ٹہیرای ہوے کہین ایک آیت نہین پڑہتے پانچ آیت پڑہکر اگر دو ہر احصہ بناوین تو پچاس کے نوبت پہنچا دین پڑہے ہوئی ختمون کی دوکان لگائی ہوے بیٹے رہتی ہین خریدار آکر پوچہتا ہی کہ کیون حافظ جی امان جانکا انتقال ہوگیا ہے آپکی پاس کوئی ختم ہے پہر قیمت چکا کر لے لیتا ہی معاذ اللہ من ذلک اور قبایح اُنکے اگر لکھے جاوین تو ایک بحر طویل موجاوے ان سب کے حق مین وہی وعید ہے جو اوپر مذکور ہوئی اللہ تعالے اُس سے نجات دی **باب** اپنی نیکیون کے اطلاع سی خوش ہونیکے بیان مین **عن** اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلرَّجُلُ یَعْمَلُ الْعَمَلَ مِنَ الْخَیْرِ وَیُحْمَدُ عَلَیْهِ قَالَ فَاِذَا اطَّلَعَ عَلَیْهِ عَجِبَهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَهٗ اَجْرَانِ اَجْرُ السِّرِّ وَاَجْرُ الْعَلَانِیَةِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایکمرد نی عرض کی کہ یارسول اللہ آدمی عمل نیک کرتا ہے اور چہپاتا ہے وہ اُس عمل نیک کو پہر جب لوگون کو اُسپر اطلاع ہوجاتی ہے دوست رکہتا ہے اس بات کو اور پسند آتی ہے اُسکو یہ بات کہا راوی نے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسکو دو ثواب ہین ایک ثواب نیکی کے چہپانیکا اور دوسرا اُسکے ظاہر ہوجانے کا **ف** یہ حدیث غریب ہے اور روایت کی عمر نے حبیب بن ابی ثابت سی اُنہون نے ابی صالح سی اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی مرسلًا اور تفسیر کے بعض اہل علم نے اس حدیث کی اسطرح پر کہ مراد اطلاع ناس کے دوست کہنے سی ہے کہ پسند آتی ہے اُسکو تعریف لوگونکی اور ثنای خیر جو اُسکے لئی کرتی ہین اسلئی کہ حضرت نے فرمایا ہی کہ تم گواہ ہو اللہ کی زمین مین پس خوش آتی ہی اُسکو ثنای خیر اپنے لئی جو لوگون کے زبان سی سنتا ہے یعنی جب نیک لوگ اُسکی اچہائی کہتی ہین تو اُمید ہوتی ہی اُسکو جس آخرت کے لیکن جو شخص لوگون کے مطلع ہونیکو اسلئے دوست رکہی کہ لوگ اُسکی خبر سے مطلع ہوکر اُسکی تعظیم و تکریم کرینگے یہ ریا ہی اور بعض اہل علم نے فرمایا کہ جب لوگونکو اُسکی نیکی سے اطلاع ہووے اور وہ اس نظر سے خوش ہو کہ اور لوگ بہی اُسکی امر نیک مین اقتدا کرینگے اور اُسکو اُن عملون کے اجور ملینگے تو یہ بہی ایک ریا ہی یعنی یہ خوشی مناسب نہین کہ آدمی اُسکے ساتہ ہے جسکی دوست رکہی **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَلَهٗ مَا اكْتَسَبَ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمی اُسیکے ساتہ ہوگا جسے دوست کہی قیامت کے دن اور اُسکا اجر ملیگا جو عمل کرے **ف** اسباب مین علی اور عبد اللہ بن مسعود اور صفوان بن عسال اور ابی ہریرہ اور ابی موسی سے بہی روایت ہے یہ حدیث حسن غریب ہے جسکو اسرائیل نے روایت کیا ہے وہ ابی اسحٰق سی روایت کرتے ہین **عن** اَنَسٍ اَنَّهٗ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقَالَ مَتٰی قِیَامُ السَّاعَةِ فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی الصَّلٰوةِ فَلَمَّا قَضٰی صَلٰوتَهٗ قَالَ اَیْنَ السَّائِلُ عَنْ قِیَامِ السَّاعَةِ فَقَالَ الرَّجُلُ اَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَا اَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ مَا اَعْدَدْتُ لَهَا كَبِیْرَ صَلٰوةٍ وَلَا صَوْمٍ اِلَّا اَنِّیْ اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَاَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ فَمَا رَاَیْتُ فَرِحَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَ الْاِسْلَامِ فَرَحَهُمْ بِهٖ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ آیا ایکمرد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی پاس اور عرض کی اُسنی یارسول اللہ کب قایم ہوگا قیامت کا سو کہڑے ہوگئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نماز کیطرف پہر جب تمام فرما چکے اپنی نماز فرمایا آپنی کہان ہے وہ سایل جو قیام ساعت کا وقت پوچہتا تہا سو عرض کی اُسنی کہ مین ہون یارسول اللہ فرمایا آپنی کیا طیار کیا تو نی قیامت کے لئی عرض کی اُسنی یارسول اللہ نہین طیار کی مینے اُسکی لئی بڑی نماز نہ بہت روزی مگر اتنا ہی کہ مین دوست رکہتا ہون اللہ کو اور اُسکے رسول کو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمی اُسیکے ساتہ ہوگا یعنے قیامت مین جسکی دوست رکہتا ہی اور تو بہی اُسکی ساتہ ہوگا جسکی دوست رکہتا ہی راوی کہتا ہی مذکہا ہمنے مسلمانونکو کہ خوش ہوے مسلمون بعد اسلام کے اتنا جتنا کہ خوش ہوے اس حدیث سے **ف** یہ حدیث صحیح ہی **عن** صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِیٌّ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ الرَّجُلُ یُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا یَلْحَقْ بِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ **ترجمہ** روایت ہے صفوان بن عسال سے کہ آیا ایک اعرابی بلند آواز اور عرض کیا اُسنے کہ یا محمد آدمی دوست رکہتا ہی ایک قوم کو اور نہین ملا اُنسے ابہی عمل مین اُنکے برابر نہین یا وہ پیچہے رہا مقدم مین فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمی اُسیکے ساتہ ہی یعنے قیامت مین جسی دوست رکہتا ہی **ف** یہ حدیث صحیح ہی روایت کیا ہے احمد بن عبدہ نے اُنہون نے حماد بن زید سی اُنہون نے عاصم سی اُنہون نے زر سے اُنہون نے صفوان سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی حدیث محمود کی مانند **مترجم** قولہ فرمایا آپنے کیا طیار کیا آہ یعنی سوال کر نا قیامت کے وقت سی دلالت کرتا ہی کہ تو نے بہت کچہہ عبادت اور حسن طاعت طیار کی ہے کہ اُسکی اجر ملنی کی لئے قیامت مین جلدی کرتا ہی اور یہ سوال حضرت کا کمال حکمت اور غایت فطانت اور نہایت ذکاوت پر دال ہے پہر اُسنے عاجزانہ جواب دیا کہ سوای محبت آپکے اور اُلفت رسول الٰہی کے جیب عمل خالی ہے نہ کثرت صلوٰۃ سا تہہ نہ وفور صیام فرمایا آپنی تو ملحق ہے اپنی محبوب قوم سی گویا اشارہ

اسکا بیان آدمی اپنے ساتہ ہوگا جسے دوست رکہی قیامت مین اور اسکے اجر ملینگے جو عمل کرے

نیک عمل کو جہپانے اور ظاہر ہونیکے ثواب مین فرق کا بیان

کیا اس آیہ مبارکہ کی طرف اُولٰئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّہَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا یعنی اطاعت کرنیوالی اللہ و رسول کے اُن لوگوں کی ساتھ ہیں جن پر انعام کیا اللہ تعالیٰ نے نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں اور صالحوں سے اور نیک ہیں یہ رفیق انتہی ذکر کیا طیبی نے اور مجموعہ ان سے کہ معیت مستلزم تساوی درجات کے نہیں انتہی اور شرح مسلم میں ہے کہا ہے کسی محقق قوم جو اس قوم کی ساتھ ہوگا اس کے لازم نہیں آتا ہے کہ مرتبہ اور خبر اُسکی مثل اُنکی ہو جاوے جیسے الوجہ واللہ اعلم فقیر کہتا ہے جیسے کوئی بادشاہ کی قافلہ میں ہو اُسی کہہ سکتی ہیں کہ بادشاہ اُسی ساتھ ہی رہے لازم نہیں آتا کہ وہ بھی بادشاہ ہو جاوے اگرچہ معیت جب ہے فضیلت سے خالی نہیں **باب** فِیْ حُسْنِ الظَّنِّ بِاللّٰہِ تَعَالٰی باب اللہ عزوجل کے ساتھ حسن ظن رکھنے کی بیان میں **عن** اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَقُوْلُ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ وَاَنَا مَعَہٗ اِذَا دَعَانِیْ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل فرماتا ہے میں اپنے بندے کی گمان کے پاس ہوں اور میں اُسکے ساتھ ہوں جب مجھے پکارے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** مَا جَآءَ فِی الْبِرِّ وَالْاِثْمِ باب نیکی بدی کی پہچان میں **عن** النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْاِثْمُ مَا حَاکَ فِیْ نَفْسِکَ وَکَرِہْتَ اَنْ یَّطَّلِعَ عَلَیْہِ النَّاسُ **ترجمہ** روایت ہے نواس بن سمعان سے کہ ایک نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے حقیقت نیکی کی اور بدی کی پوچھی فرمایا آپنے نیکی حسن خلق ہے اور بدی جو تیری دل میں جھجکی اور بُرا جانی تو کہ لوگ اُس پر مطلع ہوں **ف** روایت کیا ہے بندار نے اُنہوں نے عبدالرحمن بن مہدی سے اُنہوں نے معویہ بن صالح سے اُنہوں نے عبدالرحمن سے مانند اسکی مگر اُنہوں نے اُس روایت میں کہا کہ پوچھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** مَا جَآءَ فِی الْحُبِّ فِی اللّٰہِ باب جو اللہ کے واسطے دوستی کرنے کے بیان میں **عن** مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ قَالَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ اَلْمُتَحَابُّوْنَ فِیْ جَلَالِیْ لَہُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُوْرٍ یَغْبِطُہُمُ النَّبِیُّوْنَ وَالشُّہَدَآءُ **ترجمہ** روایت ہے معاذ بن جبل سے کہا اُنہوں نے سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ ارشاد کرتا ہے کہ محبت کرنیوالے آپس میں میرے بزرگی کے لئے ہیں اُنکے واسطے منبر ہیں نور کے کہ رشک کرتے ہیں اُنپر نبی اور شہید **ف** اسباب ابی الدرداء اور ابن مسعود اور عبادہ بن صامت اور ابی مالک اشعری اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابوسلمہ نے گمان کیا کہ راوی عبداللہ بن ثوب ہے **عن** اَبِیْ سَعِیْدِ نِ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ سَبْعَۃٌ یُظِلُّہُمُ اللّٰہُ فِیْ ظِلِّہٖ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّہٗ اِمَامٌ عَادِلٌ وَشَابٌّ نَشَاَ بِعِبَادَۃِ اللّٰہِ وَرَجُلٌ کَانَ قَلْبُہٗ مُعَلَّقًا بِالْمَسَاجِدِ اِذَا خَرَجَ مِنْہُ حَتّٰی یَعُوْدَ اِلَیْہِ وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِی اللّٰہِ فَاجْتَمَعَا عَلٰی ذٰلِکَ وَتَفَرَّقَا عَلَیْہِ وَرَجُلٌ ذَکَرَ اللّٰہَ خَالِیًا فَفَاضَتْ عَیْنَاہُ وَرَجُلٌ دَعَتْہُ ذَاتُ حَسَبٍ وَّجَمَالٍ اِلٰی نَفْسِہَا فَقَالَ اِنِّیْ اَخَافُ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَۃٍ فَاَخْفَاہَا حَتّٰی لَا تَعْلَمَ شِمَالُہٗ مَا تُنْفِقُ یَمِیْنُہٗ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سات شخص ہیں کہ اللہ تعالیٰ اُنکو اپنی سایہ میں کریگا جسدن کوئی سایہ نہوگا سوا اُسکے سایہ کے پہلے امین امام عادل ہی دوسرے وہ جوان کہ بڑھا ہوا ہو اللہ تعالیٰ کی عبادت میں تیسرے وہ دل اُسکا لگا ہوا ہو مسجد میں جب نکلا مسجد میں سے جب تک کہ لوٹ کر جاوے اُسمیں چوتھے وہ شخص کہ محبت رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ کی واسطے جمع ہوتے ہیں اُسکی اوپر اور جدا ہوتے ہیں اُسکے لئے پانچویں وہ شخص کہ یاد کیا اُسنے اللہ تعالیٰ کو تنہائی میں اور جوش کر آئیں اُسکی آنکھیں یعنے خوف الٰہی سے چھٹے وہ شخص کہ بُلایا اُسکو یا کسیورت حسب و جمال والی نے یعنی نامحرم اور اُسنے کہا کہ میں ڈرتا ہوں اللہ عزوجل سے ساتویں وہ شخص کہ صدقہ دیا اُسنے کچھ اور چھپایا اُسکو یہانتک کہ نہ جانے اُسکے بائیں ہاتھ نے کہ کیا دیا ہے داہنے ہاتھ نے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ایسے ہی مروی ہوا ہے یہ حدیث مالک بن انس سے کئی سند سے مثل اسکی اور اسمیں شک کیا اور کہا روایت کیا ہے ابوہریرہ سے یا ابی سعید سے اور روایت کیا ہے عبداللہ بن عمر نے عبدالرحمن سے اور شک نکیا اُنہوں نے اور کہا روایت کیا ہے ابوہریرہ سے روایت کیا ہے سوار بن عبداللہ اور محمد بن مثنی نے دونوں نے کہا روایت کیا ہے یحییٰ بن سعید نے اُنہوں نے عبیداللہ بن عمر سے اُنہوں نے خبیب بن عبدالرحمن سے اُنہوں نے حفص بن عاصم سے اُنہوں نے ابوہریرہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے حدیث کے مگر اسمیں نہیں کہا اُنہوں نے کہ اُسمیں ایک شخص وہ ہے کہ دل اُسکا لگا ہوا مسجد میں اور ذات حسب کے جگہ ذات منصب کہا یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** اللہ کے سایہ کی سایہ عرش مراد ہے **باب** مَا جَآءَ فِیْ اِعْلَامِ الْحُبِّ باب اعلام محبت کے بیان میں **عن** الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْکَرِبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَحَبَّ اَحَدُکُمْ اَخَاہُ فَلْیُعْلِمْہُ اِیَّاہُ **ترجمہ** روایت ہے مقدام بن معدیکرب سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب دوست رکھے کوئی تم میں کا اپنی بھائی کو تو چاہئے کہ اُسکو خبر کردے **ف** اسباب ابی ذر و انس سے ہے روایت ہے حدیث مقدام کی حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **عن** یَزِیْدَ بْنِ نُعَامَۃَ الضَّبِّیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَحَبَّ الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْیَسْاَلْہُ عَنِ اسْمِہٖ وَاسْمِ اَبِیْہِ وَمِمَّنْ ہُوَ فَاِنَّہٗ اَوْصَلُ لِلْمَوَدَّۃِ **ترجمہ** روایت ہے یزید بن نعامہ ضبی سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب بھائی چاہے کسی ایک دوسرے مرد سے تو پوچھ لے ہر ایک دوسرے سے نام اُسکا اور نام اُسکے باپ کا اور کس قبیلہ سے ہے وہ اسلئے کہ یہ خوب بڑھانیوالا ہی محبت کا یعنے ترقی دینی والا ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسی مگر اسی سند سے اور نہیں جانتے ہم کہ یزید بن نعامہ کو سماع ہو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور مروی ہوا ہے ابن عمر سے وہ روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اس حدیث کی اور اسکی اسناد صحیح نہیں **باب** کَرَاہِیَۃِ الْمَدْحَۃِ وَالْمَدَّاحِیْنَ باب مدح کی کراہت میں **عن** اَبِیْ مَعْمَرٍ قَالَ قَامَ رَجُلٌ فَاَثْنٰی

اللہ کے سایہ کی سایہ عرش مراد ہے

اعلام محبت کا بیان

مدح کی کراہت

علی امیر من الامراء فجعل المقداد بن الاسود یحثو فی وجهه التراب قال امرنا رسول الله صلی الله علیه وسلم ان نحثی فی وجوه المداحین التراب ترجمہ روایت ہے ابی معمر سے کہا کہ کھڑا ہوا ایک مرد تعریف کرنے لگا کسی امیر کے امیر و بن سے سو ڈالنی لگے مقداد بن اسود اسکی مونہہ میں مٹی اور فرمایا حکم کیا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کہ مٹی ڈالیں ہم مدح کرنیوالوں کے مونہہ میں ف اسباب میں ابی ہریرہ سے یہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیا زائدہ نی یزید بن ابی زیاد سے انہوں نے مجاہد سے انہوں نے ابن عباس سے اور حدیث مجاہد کے ابی معمر سے صحیح تر ہی یعنے جسکا متن مذکور ہوا اور ابو معمر کا نام عبد اللہ بن سخبرہ ہی اور مقداد بن اسود وہ مقداد بن عمرو کندی ہین اور کنیت انکی ابو معبد ہے اور منسوب ہین وہ اسود بن عبدی غوث کیطرف اسلئے کہ انہونے انکو منہ بولے کیا تہا اور کہتے ہین عن ابی هریرة قال امرنا رسول الله صلی الله علیه وسلم ان نحثو فی افواه المداحین التراب ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ حکم کیا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ خاک ڈالین ہم تعریف کرنیوالوں کے مونہہ میں ف یہ حدیث غریب ہے ابی ہریرہ کے سندسے باب ما جاء فی صحبة المؤمن باب صحبت مومن کے بیان میں عن ابی سعید انه سمع رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول لا تصاحب الا مؤمنا ولا یاکل طعامک الا تقی ترجمہ روایت ہے ابی سعید سے کہ انہون نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتی تہے مت صحبت مین رہ مگر مومن کے اور نکہاوے کہانا تیرا مگر متقی ف اس حدیث کو نہین جانتے ہم مگر اسی سند سے باب فی الصبر علی البلاء باب بلا پر صبر کرنیکے بیان مین عن ابی بکرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا اراد الله بعبده الخیر عجل له العقوبة فی الدنیا واذا اراد بعبده الشر امسک عنه بذنبه حتی یوافی به یوم القیمة بمثله الاسناد عن النبی صلی الله علیه وسلم قال ان عظم الجزاء مع عظم البلاء وان الله اذا احب قوما ابتلاهم فمن رضی فله الرضی ومن سخط فله السخط ترجمہ روایت ہے ابی بکرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب ارادہ کرتا ہی اللہ تعالے کسی اپنی بندے کے ساتہ خیر کا جلدی گرفتار کرتا ہی اسکو دنیا کی عذاب مین اور جب ارادہ کرتا ہی کسی بندے کی ساتہ شر کا روک رکہتا ہی اسکی گناہونکی سزا کو یہانتک کہ پوری دیتا ہی اسکی سزا قیامت کے دن اور اسی اسناد سے مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ فرمایا آپنے بڑا ثواب بڑی بلا کی ساتہ ہی یعنی جسکا ثواب بڑا ہووے اسکا بلا بہی آخر تین زیادہ ہووے دنیا مین اور بیشک اللہ تعالے جب دوست رکہتا ہی کسی قوم کو گرفتار کرتا ہی انکو بلا مین پہر جو راضی رہی تقدیر الہی پر اسکے لئے ہی رضا اسکی اور جو ناراض ہوا اس سے اسکی لئے ناراضی ہے اسکی ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے عن ابی وائل یقول قالت عائشة ما رایت الوجع علی احد اشد منه علی رسول الله صلی الله علیه وسلم ترجمہ روایت ہے ابو وائل سے کہتے ہے کہ فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نہین دیکہا مین نے کسی شخص کا درد سخت تر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے درد سے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی عن سعد قال قلت یا رسول الله ای الناس اشد بلاء قال الانبیاء ثم الامثل فالامثل یبتلی الرجل علی حسب دینه فان کان فی دینه صلبا اشتد بلاؤه وان کان فی دینه رقة ابتلی علی قدر دینه فما یبرح البلاء بالعبد حتی یترکه یمشی علی الارض وما علیه خطیئة ترجمہ روایت ہے سعد سے کہا عرض کی مینے یا رسول اللہ کون لوگ زیادہ ہین زور مین بلا کی فرمایا پیغمبر ہین پہر جو انکی مثل ہون پہر جو انکی مثل ہون بیشک مبتلا کیا جاتا ہی آدمی موافق اپنے دین کے پہر اگر وہ اپنی دین مین سخت ہے زیادہ ہوتی ہی بلا اسکی اگر وہ اپنی دین مین نرم ہی مبتلا ہوتا ہی اپنے دین کے موافق پہر ہمیشہ رہتی ہی بلا بندہ پر یہانتک کہ چہوڑدیتی ہے اسکو کہ زمین پر چلتا ہی اور کوئی گناہ اسپر نہین ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی ترجمہ پیغمبر ہین سے ہر ایک اکیلا ساری جہان سے مقابل ہوتا ہے اور کمال علو ہمت اور وفور شجاعت سے کسی وقت کسیطرح دعوت سے باز نہین آتا اور سارے جہان کے مشرکین مبتدعین فساق فجار ہر طرف سے اسپر ہجوم کرتے ہین اور منافق بہی ہر جانب سے اسی گہیرتے ہین اور مخلصین موافقین ان مخالفین کے بہ نسبت اتنی بہی نہین ہوتی کہ جیسے کالی تل کے پیٹہہ پر ایک دو بال سفید ہون یہی سبب ہے انکی شدت بلا اور کثرت ابتلا کا اور پہر جب وہ دنیا سے تشریف لیجاتی ہر طرف سے مبتدعین اور فساق جو اسکی صولت و شوکت سے سر دبائے گوشہ مین منزوی تہے سب برسر میدان آتی ہین اور جسکو اس نبی علیہ السلام کے طریقہ مسنونہ پر استقامت محمودہ پر پاتی ہین طرح طرح کی تکالیف و مصایب پہونچاتی ہین غرض یہ سلسلہ انکے اتباع اور اتباع اتباع مین جاری رہتا ہے خوب کہا ہے کسی بزرگ نے کہ سنت ہمیشہ ظالم اور مظلوم کے بیچ مین رہتی ہی مظلوم اسکا عامل ہوتا ہے اور ظالم اپنا جتہ کہوتا ہے مظلوم مرحوم ہے ظالم مرحوم علے ہذا القیاس اخوان زمان ہے اسی اوصاف سے موصوف مین اور نہین کمالات مین معروف الدکہ انکے سامنے منکر معروف ہے اور معروف منکر سنت کے عدو بدعت خوعقیدہ حقہ کے دشمن جانی عقاید باطلہ کے دوست جاہل محمد ثین کے عقاید پاکیزہ کی مذمت اور انکی پیروان کی تکفیر کو کوہے اور ہمیشہ محدثات امور اور بدعات بی نور کے جستجو اللهم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعه وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابه عن ابی هریرة قال

زہد کا بیان

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا یَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَۃِ فِیْ نَفْسِہٖ وَوَلَدِہٖ وَمَالِہٖ حَتّٰی یَلْقَی اللّٰہَ وَمَا عَلَیْہِ خَطِیْئَۃٌ ترجمہ روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتی ہے مؤمن مرد پر بلا اور مؤمن عورت پر اسکی ذات اور اولاد اور مال میں یہانتک کہ ملتا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے اور اوسپر کوئی گناہ نہیں ہوتا ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اسباب میں ابوہریرہ اور حذیفہ بن یمان کی بہن سے ہے روایت ہے **باب** ماجاء فی ذھاب البصر یعنی جاتی رہنے کے بیان میں **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ یَقُوْلُ اِذَا اَخَذْتُ کَرِیْمَتَیْ عَبْدٍ فِی الدُّنْیَا لَمْ یَکُنْ لَہٗ جَزَاءٌ عِنْدِیْ اِلَّا الْجَنَّۃُ ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جب لیں میں نے دو پیاریاں اپنے بندے کی دنیا میں یعنے آنکھیں نہیں ہے اُسکا کچھ بدلا میرے نزدیک مگر جنت ف اسباب میں ابی ہریرہ اور زید بن ارقم سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور ابوظلال کا نام ہلال ہے **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَفَعَہٗ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ مَنْ اَذْھَبْتُ حَبِیْبَتَیْہِ فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ لَمْ اَرْضَ لَہٗ ثَوَابًا دُوْنَ الْجَنَّۃِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے مرفوع کیا انہوں نے اس حدیث کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تک کہ فرمایا آپنے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جسکے دونو پیاریاں لیجاؤنگے میں یعنی آنکھیں اور وہ صبر کرے اور ثواب چاہے یعنی تقدیر پر راضی رہے بیٹھے شکایت نکرے نہیں راضی ہونگا میں اُسکے لئے کسی بدلا دینے پر سوائی جنت کی ف اسباب میں عرباض بن ساریہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوَدُّ اَھْلُ الْعَافِیَۃِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ حِیْنَ یُعْطَی اَھْلُ الْبَلَاءِ الثَّوَابَ لَوْ اَنَّ جُلُوْدَھُمْ کَانَتْ قُرِضَتْ فِی الدُّنْیَا بِالْمَقَارِیْضِ ترجمہ روایت ہے جابر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دوست رکھینگے اہل عافیت قیامت کے دن جب ملیگا بلاء والوں کو ثواب کہ کاش کترے جاتے ہماری کھالیں اُنکے دنیا میں قینچیوں سے یعنے تاکہ وہی ثواب مذکور کے مستحق ہوتے ف یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسی اس اسناد سے مگر اسی روایت سے اور روایت کے بعضو اپنے ہی حدیث عیسیٰ انہوں نے طلحہ بن مصرف سے انہوں نے مسروق ہی کچھ مضمون اس کا **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ یَمُوْتُ اِلَّا نَدِمَ قَالُوْا وَمَا نَدَامَتُہٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اِنْ کَانَ مُحْسِنًا نَدِمَ اَنْ لَا یَکُوْنَ ازْدَادَ وَاِنْ کَانَ مُسِیْئًا نَدِمَ اَنْ لَا یَکُوْنَ نَزَعَ ترجمہ روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی نہیں ہے کہ مرکر نادم نہو پوچھا اصحاب نے کیا سبب ہے ندامت کا یا رسول اللہ فرمایا اگر نیک ہے تو ندامت ہے کہ میں نے نیکیوں کو کیوں نہ زیادہ کیا اور اگر بد ہے تو ندامت ہے کہ میں نے اپنے نفس کو کیوں نہ نکالا اس سے ف اسحدیث کو نہیں جانتے ہم مگر اسی سندی اور یحیی بن عبید اللہ میں کلام کیا ہے شعبہ نے **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَخْرُجُ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ یَخْتِلُوْنَ الدُّنْیَا بِالدِّیْنِ یَلْبَسُوْنَ لِلنَّاسِ جُلُوْدَ الضَّاْنِ مِنَ اللِّیْنِ اَلْسِنَتُھُمْ اَحْلٰی مِنَ السُّکَّرِ وَقُلُوْبُھُمْ قُلُوْبُ الذِّئَابِ یَقُوْلُ اللّٰہُ اَبِیْ تَغْتَرُّوْنَ اَمْ عَلَیَّ تَجْتَرِءُوْنَ فَبِیْ حَلَفْتُ لَاَبْعَثَنَّ عَلٰی اُولٰئِکَ مِنْھُمْ فِتْنَۃً تَدَعُ الْحَلِیْمَ مِنْھُمْ حَیْرَانًا ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نکلیں گے آخر زمانہ میں کچھ لوگ کہ طلب کرینگے دنیا کو ساتھ دین کے لینے کمالات دنیا حاصل کرنیکے طلب نیاکے واسطے پہنینگے لوگوں کے معتقد کرنیکو کھالیں دنبوں کے نرمی سے زبانیں اُنکی میٹھی ہیں شکر سے زیادہ دل اُنکے بدتر ہیں بھیڑیوں کے دلوں سے فرماتا ہے اللہ تو دھوکہ کھاتا ہے میرے بندے میرا یا مجھپر جرأت کرتے ہو میری قسم کھاتا ہوں اپنے ذات مقدس کی قسم کھاتا ہوں اُنکا اُنپر ایک ایسا فتنہ کہ حیران رہ جاویگا اُسمیں عقلمند بھی اُنکے لئے ایسا فتنہ کہ حیران ہوجاوے سو وہ کیا سمجھے ساتھ غرور کرتے ہیں یا مجھپر جرأت کرتے ہیں ف یہ حدیث حسن غریب ہے ابن عمر کے روایت سے نہیں جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے **ترجم** اگرچہ محدثین نے ان احادیث کا مورد خوارج وغیرہ کو کہا ہے مگر عموم الفاظ میں ہر زمانہ کے مبتدعین مشابہ ہیں آمین داخل ہیں کہ شیریں بانی اُنکی اسقدر ہے کہ سبیوں تک سے بھی سوای اماجان کے بات نہیں کرتے اور غایت شیریں زبانی اور خوش خلقی اُنہوں نے امر معروف اور نہی منکر کے ترک میں سمجھ رکھے ہیں بلکہ آمر ان بالمعروف کو ملنے اور ترشرو قرار دیتے ہیں اور قلوب اُنکے بسبب عقاید فاسدہ اور معتقدات شرکیہ کے گرگ ہیں اور باوجود کثرت ابتداع اور ترک اتباع کے اپنے حال پر ایسے مغرور ہیں اور اعمال پر اسقدر معجب کہ خدا کی پناہ **اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ**

ہمکو میرے پیارے رہنے دو صبر کرینگے ثواب

ام ہانی سے مروی ہے

اہل عافیت تمنا کرینگے

نہیں جانتے ہم

شیریں بانی حسن خلق کا بیان

ایک فتنہ کہ حیران رہ جاوے عقلمند بھی

مرگی چہالا اُنکا بچھونا ہی شب و روز اُسی پر سونا ہی اللہ عزوجل کے ساتھ ہزاروں بی ادبیاں کرتے ہیں اور اُس منتقم حقیقی کے خدمت میں سیکڑوں گستاخیاں **باب** ماجاء فی حفظ اللسان باب زبان کی حفاظت میں **عن** عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا النَّجَاةُ قَالَ اَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلٰى خَطِيْئَتِكَ **ترجمہ** روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہ کہا انہوں نے عرض کی میں نے یارسول اللہ کیا صورت ہے نجات کی فرمایا اپنی اختیار میں کرا اور روک رکھ اپنی زبان اور جگہ دے تجھکو گھر تیرا یعنے خانہ نشین ہو جا اور روتا رہ اپنی خطا پر **ف** یہ حدیث حسن ہے **عن** اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ رَفَعَهٗ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ ابْنُ اٰدَمَ فَاِنَّ الْاَعْضَاءَ كُلَّهَا تُكَفِّرُ اللِّسَانَ تَقُوْلُ اتَّقِ اللّٰهَ فِيْنَا فَاِنَّمَا نَحْنُ بِكَ فَاِنِ اسْتَقَمْتَ اسْتَقَمْنَا وَاِنِ اعْوَجَجْتَ اعْوَجَجْنَا **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے مرفوع کیا انہوں نے اس حدیث کو یعنے قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہرایا کہ فرمایا آپنے جب صبح کرتا ہے آدمی سب اعضا اُسکی عاجزی کرتی ہیں زبان کے آگے اور کہتی ہیں ڈر تو اللہ تعالیٰ سے ہمارے مقدمہ میں اسلئے کہ ہم تیرے ساتھ ہیں اگر تو سیدھی ہوئی تو ہم سب سیدھی ہونگے اور اگر تو ٹیڑھی ہوئی تو ہم سب ٹیڑھے ہونگے **ف** روایت کیے ہمسے ہناد نے انہوں نے ابواسامہ سے انہوں نے حماد بن زید سے مانند اسکی اور مرفوع نکیا اُسکو اور یہ زیادہ صحیح ہے محمد بن موسیٰ کی حدیث سے اس حدیث کو نہیں جانتی ہم مگر حماد کی روایت سے اور روایت کیے کئی لوگوں نے حماد بن زید سے اور مرفوع نکیا اُسکو ✦ **عن** سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّضْمَنُ لِيْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ اَضْمَنُ لَهٗ الْجَنَّةَ **ترجمہ** روایت ہے سہل بن سعد سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو ضامن ہو مجھسے اپنی دونوں ڈاڑھیوں اور دونوں پیروں کے بیچ کی چیز کا ضامن ہونگا میں اُسکے لئے جنت کا **ف** اسی معنی میں ابوہریرہ اور ابن عباس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے **مترجم** ڈاڑھیوں کے بیچ میں زبان ہے اُسکا ضامن ہونا یہ کہ ذب و غیبت و بہتان و افترا و کلمات کفر سے اُسی بچاوے اور پیروں کے بیچ میں عورت غلیظہ اُسکا ضامن ہونا یہ کہ زنا و لواطت و سحاق و زلق سے بچاوی چونکہ ان دونوں اعضا سے بڑی گناہ واقع ہوتی ہیں اسلئے خاص کر لیا اُنکو واسطہ ذکر کے اور یقین ہے کہ جب آدمی ان اعضا کی آفات سے محفوظ رہیگا تو اور بلیات سے بھی غالب ہے کہ بچا رہی **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَقَاهُ اللّٰهُ شَرَّ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَشَرَّ مَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسکو بچایا اللہ تعالیٰ نے دونوں ڈاڑھیوں کے درمیان اور دونوں پیروں کے درمیان کے چیز کے فساد سے داخل ہوا وہ جنت میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابوحازم جو سہل بن سعد سے راوی ہیں وہ ابوحازم زاہد مدنی ہیں نام اُنکا سلمہ بن دینار ہے اور وہ ابوحازم جو ابوہریرہ سے راوی ہیں نام اُنکا سلمان بن اشجعی ہے وہ مولی ہیں عزۃ الاشجعیہ کے اور وہ کوفی ہیں **عن** سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَدِّثْنِيْ بِاَمْرٍ اَعْتَصِمُ بِهٖ قَالَ قُلْ رَبِّيَ اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقِمْ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَخْوَفُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ فَاَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهٖ ثُمَّ قَالَ هٰذَا **ترجمہ** روایت ہے سفیان بن عبداللہ سے کہا عرض کی میں نے یارسول اللہ بیان فرمائیے مجھسے ایک ایسی بات کہ مضبوط پکڑوں میں اُسکو فرمایا آپنے کہہ تو رب میرا اللہ ہے پھر قایم رہ اسپر پھر عرض کی میں نے یارسول اللہ کیا چیز ہے خوف کے اور کس چیز سے ڈرتی ہیں آپ مجھپر سو پکڑے آپنی زبان آپنی اور فرمایا یہ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور مروی ہوئی کئی سند دسی سفیان بن عبداللہ ثقفی سے **مترجم** یعنے اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کی قایل ہونا اور اُسپر استقامت کرنا سمیں سب دینداری کا معاملہ داخل ہو گیا اسلئے کہ ربوبیت اُسکی مستلزم ہی اُسکی عبادت و طاعت کو اور عبادت اُسکی دو قسم ہے ایک اسے یعنے عقاید صحیحہ حاصل کرنا دوسرے جوارح سے یعنی اعمال صالحہ بجا لانا **عن** ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُكْثِرُوا الْكَلَامَ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ فَاِنَّ كَثْرَةَ الْكَلَامِ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ قَسْوَةٌ لِلْقَلْبِ وَاِنَّ اَبْعَدَ النَّاسِ مِنَ اللّٰهِ الْقَلْبُ الْقَاسِيْ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مت کلام زیادہ کرو سوا ذکر الٰہی کے اسلئے کہ کثرت کلام کے بغیر ذکر الٰہی کے سبب دل کی سختی کا اور دور تر آدمیوں میں کا اللہ تعالیٰ سے سخت دل والا ہے **ف** روایت کیے ہمسے ابوبکر بن ابی النضر نے انہوں نے ابی النضر سے ابراہیم سے انہوں نے عبداللہ بن دینار سے انہوں نے ابن عمر سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے مضمون میں یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسی مگر ابراہیم بن عبداللہ بن حاطب کے روایت سے **عن** اُمِّ حَبِيْبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ كَلَامِ ابْنِ اٰدَمَ عَلَيْهِ لَا لَهٗ اِلَّا اَمْرٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ نَهْيٌ عَنْ مُنْكَرٍ اَوْ ذِكْرُ اللّٰهِ **ترجمہ** روایت ہے ام حبیبہ سے جو بی بی ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جتنے باتیں انسان کی ہیں سب اُسکی گردن پر ہیں نہیں ہے اُسکو کچھ ثواب اُنمیں مگر امر معروف و نہی منکر یا ذکر الٰہی **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر محمد بن یزید بن خنیس کے روایت سے **باب** ان حقوق کے بیان میں جو انسان پر ہیں **عن** اَبِيْ جُحَيْفَةَ قَالَ اٰخَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ سَلْمَانَ وَاَبِي الدَّرْدَاءِ فَزَارَ سَلْمَانُ اَبَا الدَّرْدَاءِ فَرَاٰى اُمَّ

زبان کی حفاظت کا بیان

زبان کی حفاظت پر ثواب کے حدیث

ان حقوق کے بیان جو انسان پر ہیں

الدرداء مبتذلة قال ما شأنك مبتذلة قالت إن أخاك أبا الدرداء ليس له حاجة في الدنيا قالت فلما جاء أبو الدرداء قرب طعاما فقال كل فإني صائم قال ما أنا بآكل حتى تأكل قال فأكل فلما كان الليل ذهب أبو الدرداء ليقوم فقال له سلمان نم فنام ثم ذهب ليقوم فقال له نم فنام فلما كان عند الصبح قال له سلمان قم الآن فقاما فصليا فقال إن لنفسك عليك حقا ولربك عليك حقا ولضيفك عليك حقا وإن لأهلك عليك حقا فأعط كل ذي حق حقه فأتيا النبي صلى الله عليه وسلم فذكرا ذلك له فقال صدق سلمان ترجمہ روایت ہی ابی جحیفہ سے کہا کہ بھائی چارہ کرادیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سلمان اور ابی الدرداء مین پھر ملاقات کو آئی سلمان ابی الدرداء کی بیبان اور دیکھا ام الدرداء یعنے انکی بیوی کو میلی کچیلی پوچھا کیا حال ہے تمہارا کہ تم میلی کچیلی ہو وہی ہو وہ بولین تمہارے بھائی ابو الدرداء کو کچھہ رغبت نہین دنیا کی کہا انہون نے پھر جب آئی ابو الدرداء کھانا سامنے لائی سلمان کے اور کہا ابو الدرداء کہ تم کھاؤ مین روزے سے ہون تو سلمان نے کہا مین ہرگز کھانیوالا نہین جب تک کہ تم نہ کھاؤ کہا راوی نے پھر کہا یا ابو الدرداء نے بھی پھر جب رات ہوئی گئے ابو الدرداء کہ نماز شب دا کرین یعنے نوافل سو کہا اُنسے سلمان نے سوجاؤ پھر وہ سوگئی پھر چلے کہ اُٹھین اور نماز پڑھین پھر کہا سلمان نے سوجا پھر سو رہی پھر جب ہم نزدیک ہوئی یعنے تہوڑی شب رہی تو کہا سلمان نے کہ اُٹھو اب پھر دونون اُٹھے اور نماز تہجد ادا کی پھر کہا سلمان نے ابو الدرداء سے کہ تمہارے نفس کا تمپر حق ہے یعنے کھانا پینا سونا وغیرذلک اور تمہاری رب کا تمپر حق ہے یعنی صوم وصلوٰۃ وغیرہ اور تمہارے مہمان کا تمپر حق ہے یعنے اطعام طعام وغیرہ اور تمہاری بیوی کا تمپر حق ہے یعنے جماع ومباشرت وغیرہ پس ادا کرو ہر صاحب حق کا حق پھر دونون حاضر ہوی نے صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا دونون نے اُس گفتگو کا جو آپسمین ہوئی تہے تو فرمایا آنحضرت نی سچ کہا سلمان نے ف یہ حدیث صحیح ہے اور ابو العمیس کا نام عتبہ بن عبد اللہ ہے اور وہ بھائی ہین عبد الرحمن بن عبد اللہ المسعودی کے **مبحث** اس حدیث مین بڑے فوایدمین اول یہ کہ عبادت وہی ہے کہ موافق سنت کے ہو اور جو شخص سنت کی حد سی متجاوز ہوا تلاف حقوق مین پہنسا اور والد کہ کوئی پیر اور مرشد تجھکو نہ ملیگا جو توسط حقیقی پر تجھے چلاوی اور جمیع اطراف کے رعایت رکھی اور حقوق کی مراعات کری سنت رسول اللہ سے بڑھکر دوسرے یہ کہ حق اخوت یہ ہے کہ تفقد کرنا بھائی کے حالات کا اور نصیحت کرنا جسمین بھلائی ہو دارین کی اور اپنے بھائی کی نصیحت کو قبول کرنا اور اسکی خاطر کے لئی روزہ نفل کو لدنا تمپر کے مسنون ہے اول شب مین آرام فرمانا آخر شب کو زندہ رکھنا چوتھے تفصیل حقوق کی اور حقوق وہ حال سے خالی نہین یا اپنی نفس کی یا غیر اپنی کے نفس کے حقوق جیسے اکل وشرب ونوم ولباس اور تحول وبراز سے فارغ ہونا کہ بعض اوقات مقدم ہے انکا ادا کرنا حقوق آلہیہ پر چنانچہ مدافعت اخبثین کے وقت نماز پڑہنا سچلنے کے وقت فارغ ہونا اور بسیط حرجب کہا نا سامنے آوی تو پہلے کہا لینا اور جب نیند کا غلبہ ہو سو رہنا شارع نی اسکی اجازت دی اسی لئے سلمان نے بھی اسی کو مقدم کیا اور چونکہ مشکوۃ ہونے سے قلب اُنکا نورانی تہا پہلے اسی کو ذکر کیا دوسرے قسم حقوق غیر مین کہ اُسمین سب سے مقدم اللہ تعالی کا حق ہے اور وہ تین قسم ہی ایک متعلق ہے قلب سے اور وہ معرفت اُسکی اور پہچاننا اُسکی ذات وصفات کو اور مراد معرفت سے اس مقام مین وہ معرفت ہے جو انبیا اپنی اُمتون کو تعلیم کرے ہے اور بقدر اُسی معرفت کے مکلف مین اور روایات صحیحہ واخبار صریحہ ہم تک پہونچے ہین نہ وہ معرفت کہ منکران نبوت اور اہل بدعت نی خود بخود گہڑلی ہے اور فلاسفہ یا ملاحدہ نے تصور کرلی ہے دوسرے اطاعت اُسکی جوارح سے جیسے صوم وصلوٰۃ تیسرے اطاعت اُسکی مال سے جیسے ادای زکوۃ وصدقات خیرات وانفاق مال فی سبیل اللہ اور اطعام طعام یتامی ومساکین وارامل کو اور دوسرے قسم حق خیر کے حقوق آلہیہ کے بعد اپنے گہر والون کے حق ہین کہ لفظ اہل کا اُنکو شامل ہے اور وہ مان نفقہ ہے ہو یکا اور حسن معاشرت اور جماع ومباشرت اُسکے اور سکنی اور لباس موافق طاقت کے اور پرورش عیال کے اور رعایت خدام کی اور مدارات اقارب کے اور یہ سب حقوق اہل مین داخل ہین پس ان حقوق کا ادا کرنا عین مہ ہے نہ ترک وا تلاف اُنکا جیسا کہ بعض کوتہ بینون نے دیکہا ہے **باب** اس بیانمین کہ رضای آلہیہ کو رضای خلق پر مقدم رکہنا ضرور ہے **عن** عبد الوہاب ابن الورد عن رجل من أهل الورد مدينة قال كتب معاوية إلى عائشة أن اكتبي إلي كتابا توصيني فيه ولا تكثري علي قال فكتبت عائشة إلى معوية سلام عليك أما بعد فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من التمس رضا الله بسخط الناس كفاه الله مؤونة الناس ومن التمس رضا الناس بسخط الله وكله الله إلى الناس والسلام عليك ترجمہ روایت ہے عبد الوہاب بن ورد سے کہ اہل مرو نے مدینہ کے کہا کہ لکھہ بہیجا معاویہ نے حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کیطرف کہ مجھے ایک خط لکھئے اور اُسمین وصیت کیجئے مجھکو اور بہت نہ لکھئی کہا راوی نے پھر لکھہ بہیجا حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا

رضای خلق پر رضای آلہی کے مقدم رکھنے کا بیان

نے معویہ کو کہ سلام علیک کے بعد معلوم ہو کہ میں نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتی تھی جو ڈھونڈھی اور طلب کری رضامندی اللہ کی لوگوں کے غصہ میں کفایت کریگا اللہ تعالے لوگونکی تکلیف کو اور جو ڈھونڈھی رضامندی لوگوں کی اللہ تعالے کے غصہ میں اللہ تعالے مقرر کردیگا انہیں لوگوں کو اوسکے تکلیف دینے کے لئے اور سلام ہے تمپر روایت کرتے ہے محمد بن یحیی نی انہوں نے محمد بن یوسف سے انہوں نے سفیان سے انہوں نے ہشام بن عروہ سی انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سی کہ لکھہ ہیں انہوں نے حضرت معاویہ کو پہر ذکر کی حدیث ہم معنے حدیث اول کے اور مرفوع نکیا اسکو مترجم یعنے ایک امر ایسا ہی کہ اوسمیں اللہ تعالے کی رضامندی ہی اور لوگ غصہ ہونگے تو اوسمیں جو اللہ کی رضامندی کے لئے قدم رکھی اور لوگوں کے غصہ ہونے سے خوف نکری اللہ تعالے اوسی اپنی رضامندی سے بہی عنایت کریگا اور لوگوں کے شر سی بہی محفوظ رکھیگا اور اگر لوگوں کی رضامندی سی اوسی ترک کردی اور خدا کی رضامندی کی پرواہ نکری تو اللہ تعالے اوسمیں لوگونکی ہاتہہ سے اوسے ایذا اور تکلیف پہونچاویگا اور اپنی فیض مدد سے محروم کریگا اس حدیث میں بڑی تنبیہ ہے اون لوگون کو جو خوف خلق امر معروف اور نہی منکر چہوڑ بیٹہے رہتے ہیں اور ڈر کے مارے زبان نہیں کہولتی آخر جب وہ لوگ ہدایت پاجاتے ہیں خود انکے دشمن ہوجاتے ہیں کہ یہ مولوی اتنی دن سے ہمارے شہر یا محلہ میں ہے اور ہمکو اس راہ نیک کی خبر نہ دی اور چاہ ضلالت سے نہ نکالا بیشک یہ ہمارا دشمن ہے اور اگر یہ معاملہ دنیا میں نہوا تو آخرت میں ہوتا ہے

## ابواب صفۃ القیامۃ یہہ باب ہیں قیامت کی بیان میں مترجم

قیامت اور قیام مصدر ہے کہڑا ہونا اور اصل اسکی قوام تہی واو بسبب کسرہ ماقبل کے مبدل بیا ہوا یوم القیمۃ روز رستخیز یعنے قیامت کا دن اور روز قیامت اوسی شدایدارس لئی کہا ہے اَنَّ النَّاسَ یَقُوْمُوْنَ بَیْنَ یَدَیْ رَبِّہِمْ کہ لوگ کہڑے ہونگے اوسدن اپنے پروردگار کے آگے یا مشتق ہے قَامَتِ السُّوْقُ سے عرب جب بازار گرم ہوتا ہے اور خوب چلنے لگتا ہی تو کہتا ہے قامت السوق چونکہ اوسدن ہی بازار دار گیر گرم ہوگا اور مار دہاڑ کی راہ نکلیگی اور اعمال مقوم باجر ہونگے اور خریداران حور و قصور اور مشتریان نار و نور جمع ہونگے اسلئے دن سے بقیامت ہوا یا مشتق ہے قام الامر سے جب کسیکا کام درست ہوجاتا ہے عرب کہتا ہے قام امرہ چونکہ اوسدن اہل حق کا سب کام درست ہوجائیگا جنت انکا مقام اور روح و ریحان انکا مکان ہوجائیگا اعدا انکے فنافی النار دشمن داخل دار البوار ہوجاوینگے اسلئے وہ دن معروف بیوم القیمۃ ہوا یا مشتق ہی یا لفظ قَامَتِ الْمَرْاَۃُ مَنُوْحٌ سے جب کوئی عورت نوحہ کرنے کو کہڑی ہوتی ہے عرب ہی کلمہ کہتا ہے چونکہ اوسدن طالبان دنیا کہ مؤنثان حقیقی ہیں سر پر ہاتہہ رکہکر روئینگے اور اپنا مونہہ نوچ ڈالینگے اسلئے یہ دن شہود یوم القیمۃ ہوا اسرار الفاتحہ میں ہے کہ قیامت کے اکیسو ایک نام ہیں از انجملہ قرآن عظیم الشان میں چونتیس مذکور ہیں گیارہ نام موتنین یہود کا لفظ نہیں وہ یہ ہیں سَاعَۃ حَاقَّۃ صَاخَّۃ خَافِضَۃ رَافِعَۃ وَاقِعَۃ رَاجِفَۃ رَادِفَۃ طَامَّۃ غَاشِیَۃ قَارِعَۃ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی یَوْمَ یَقُوْمُ السَّاعَۃُ الْحَاقَّۃُ مَا الْحَاقَّۃُ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّۃُ خَافِضَۃٌ رَّافِعَۃٌ اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَۃُ تَرْجُفُ الرَّاجِفَۃُ تَتْبَعُہَا الرَّادِفَۃُ فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّۃُ الْکُبْرٰی ہَلْ اَتٰکَ حَدِیْثُ الْغَاشِیَۃِ الْقَارِعَۃُ مَا الْقَارِعَۃُ اور تیس نام ہیں یوم کا لفظ ہے وہ یہ ہیں آخر ازفہ تلاق تغابن تناد جمع حشرت حساب حق خروج خلود عبوس مطر عظیم غیر فصل قیامت معلوم مجموع مشہود وعید موعود دین قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْذِرْہُمْ یَوْمَ الْاٰزِفَۃِ یَوْمَ التَّلَاقِ ذٰلِکَ یَوْمُ التَّغَابُنِ اِنِّیْ اَخَافُ عَلَیْکُمْ یَوْمَ التَّنَادِ یَوْمَ نَجْمَعُکُمْ لِیَوْمِ الْجَمْعِ وَاَنْذِرْہُمْ یَوْمَ الْحَسْرَۃِ مَا تُوْعَدُوْنَ یَوْمَ الْحِسَابِ ذٰلِکَ الْیَوْمُ الْحَقُّ ذٰلِکَ یَوْمُ الْخُرُوْجِ ذٰلِکَ یَوْمُ الْخُلُوْدِ یَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِیْرًا اِنَّہٗ مَبْعُوْثُوْنَ لِیَوْمٍ عَظِیْمٍ یَوْمٌ عَسِیْرٌ عَلَی الْکَافِرِیْنَ غَیْرُ یَسِیْرٍ یَوْمَ الْفَصْلِ جَمَعْنٰکُمْ لَا اُقْسِمُ بِیَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اِلٰی مِیْقَاتِ یَوْمٍ مَعْلُوْمٍ ذٰلِکَ یَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ لَّہُ النَّاسُ ذٰلِکَ یَوْمٌ مَّشْہُوْدٌ ذٰلِکَ یَوْمُ الْوَعِیْدِ وَالْیَوْمُ الْمَوْعُوْدِ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ اور خلاصہ حال قیامت کے چیزیں ہیں نفخ صور اور بعث یعنے قبروں سے اٹہنا اور حشر یعنے محشر کے میدان میں چلنا اور طارت نامہ اعمال اور میزان اور صراط اور حوض کوثر اور شفاعت اور اعراف اور نار اور درکات اور جنت اور درجات اور تفصیل ان اشیا کی ضمن ابواب میں مذکور ہے

## باب ماجاء فی شان الحساب والقصاص

باب حساب و قصاص کے بیان میں عَنْ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْکُمْ مِنْ رَجُلٍ اِلَّا سَیُکَلِّمُہٗ رَبُّہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَلَیْسَ بَیْنَہٗ وَبَیْنَہٗ تُرْجُمَانٌ ثُمَّ یَنْظُرُ اَیْمَنَ مِنْہُ فَلَا یَرٰی شَیْئًا اِلَّا شَیْئًا قَدَّمَہٗ ثُمَّ یَنْظُرُ اَشْاَمَ فَلَا یَرٰی شَیْئًا اِلَّا شَیْئًا قَدَّمَہٗ ثُمَّ یَنْظُرُ بَیْنَ یَدَیْہِ فَتَسْتَقْبِلُہُ النَّارُ فَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْکُمْ اَنْ یَّقِیَ وَجْہَہُ النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَۃٍ فَلْیَفْعَلْ ترجمہ روایت ہے عدی بن حاتم سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نی کوئی تم میں سے ایسا شخص نہیں ہے مگر کلام کریگا وہ اپنی پروردگار سے قیامت کے دن اور نہوگا اوسکے اور اوسکے بیچمیں کوئی ترجمان پہر دیکہیگا

وہ اپنی داہنی طرف پس دکھائی دیگی اُسی کوئی چیز مگر وہ جو آگے بھیجی اُسنی یعنی عمل اپنے پہ نظر کریگا بائیں طرف اپنی اور نہ دیکھیگا کوئی چیز مگر وہ چیز کہ آگے بھیجی اُسنی پہر دیکھیگا اپنی موت سامنی سو آگی نظر آویگی اُسکو دوزخ کہا راوی نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو طاقت رکھی تم میں سے اور جس سے ہو سکی بچا دی اپنا مونہہ دوزخ سی اگرچہ ایک پارہ خرما کے بچوے دیگر بچا سکی پہر جس سے جو ہو سکی اب کر لی **ف** روایت کے ہم سے ابو السائب نے کہا آگی کہ بیان کی ہمسے یہ حدیث ابکر وکیع نی اعمش سے پہر جب فارغ ہوی وکیع سے بیان سے کہا جو شخص کہ یہان حاضر ہوا اہل خراسان سے اُسکو ضرور ہے کہ ثواب حاصل کرے اسی حدیث کے پہیلانی اور بیان کرنے سے کہا ابو عیسے نی یہ سالمی فرمایا اُنہون نے کہ جہمیہ انکار کرتے ہین اس حدیث کا یعنے اللہ تعالے سے کلام کرنیکے منکر ہین یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** جہمیہ ایک فرقہ ہی فرق باطلہ سی اور جہم بن صفوان کی طرف منسوب ہے اور منکر ہے صفات آلہی کا ادرویت و کلام و ہوا و نزول و مجی کا کہ قرآن و احادیث مین مذکور ہی اور اکثر اہل اسلام مین خصوصًا اس زمان پر فتن مین عقاید باطلہ اُسکی ایسی سمائی ہین کہ چندین ہزار عوام کالانعام بلکہ بعض خواص ناس بہی اُن عقاید کو اہل سنت کی عقاید خیال کئے ہوی ہین حالانکہ وہ اُسی گمراہ فرقہ کی عقاید باطلہ ہین اور سانہ ہوگیا ہی اُس فرقہ باطلہ کے ایک گروہ متکلمین کا کہ ترجیح دی اُنہون نے عقاید فلاسفہ اور مفہومات حکما کو کتاب و سنت پر اور انکار کیا اُنہون نے نصوص قرآنیہ اور روایات صحیحہ کا جو وارد ہوئی تہی صفات آلہیہ مین اور پہیل گیا فتنہ اُن عقاید باطلہ کا ایک جہان مین اور بہت بڑا مسئلہ کہ جہمیہ نے اہل سنت کا یہی مسئلہ صفات ہے اور آیات و احادیث صفات مین تین قول ہین اہل قبلہ کے اور ہر قول پر دو جماعتین قایم ہین قول اول یہ جاری کرو ان آیات و احادیث کو ظاہر پر قول ثانی یہ کہ کل آیات و احادیث صفات خلاف ظاہر ہین قول ثالث یہ کہ ان آیات و احادیث مین سکوت کرنا ضرور ہی اب قول اول کے روسی جو جاری کرنیوالی ہین ان آیات و احادیث کو ظاہر پر دو جماعتین ہین پہلی جماعت جاری کرتی ہے آیات کو اوپر ظاہر اُنکے کے اور ٹہیراتی ہے اُنکی ظاہر کو جنس سے صفات مخلوقات کے اور یہ لوگ شبہ ہین اور مذہب اُنکا باطل ہے انکار کیا ان پر سلف نے اور اہل حق اُنکی طرف متوجہ نہ ہوے رد کرنیکو دوسرا جماعت ان دونون مین کے وہ ہی کہ جاری کرتی ہی ان آیتون کو اوپر ظاہر اُنکے کی جیسا کہ لایق ہے سانہ بزرگی اللہ تعالے کی جسطرح کہ جاری کرتی ہے اسم علیم و قدیر اور رب اور اللہ اور موجود اور ذات کا اور سوا اُنکے اوپر ظاہر اُنکے کے جیسا کہ لایق ہے سانہ جلال اللہ عزوجل کے کیونکہ ظاہر اُن صفات کا ہیچ حق مخلوق کے یا جوہر ہین نو پیدا یا عرض ہین قایم سانہ اُس جوہر کے پس علم اور قدرت اور کلام اور مشیت اور رحمت اور رضا اور غضب اور مثل انکے بندونکے حق مین اعراض ہین اور موہنہ اور ہاتہ اور آنکہہ بندون کے حق مین اجسام ہین اور جب موصوف ہوا اللہ عزوجل اہل اثبات کے نزدیک سانہ علم اور قدرت اور کلام و مشیت کے اگرچہ نہین ہے کوئی ایسا عرض نہین کہ جاری ہو اُس پر صفتین مخلوقین کے پس جایز ہوا یہ کہ ہوا اللہ تعالے کا موہنہ اور دونون ہاتہ ایسی صفت اُسکی کہ جاری ہون اُنپر صفات مخلوقین کے اور یہ وہ مذہب ہے کہ حکایت کیا اسکو خطابی نے اور اور لوگون نے سلف سے اور اسی پر دلالت کرتا ہی کلام جمہور سلف کا اور کلام باقی اما مونکا یہی اُسکی مخالف نہین اور یہ امر واضح ہی کیونکہ صفات مثل ذات ہوتی ہین پس جب فی ذات آلہی ثابت ہے حقیقۃً بغیر اس امر کے کہ جنس سے ذوات مخلوقات کی ہو اسی طرح صفات اللہ کی ثابت ہین حقیقۃً بغیر اس امر کی کہ جنس سے صفات مخلوقات کے ہون پس اگر کوئی شخص کہے کہ نہین سمجھتا ہون مین علم اور ید کو مگر جنس سے اُس علم اور ید کے جو مقرر اور مشہور ہین کہا جاویگا اُس سے کسطرح سمجھتا ہی تو ذات آلہی کو بغیر جنس مخلوقات کے اور یہ بات تو معلوم ہے کہ صفات ہر موصوف کے مناسب ہوتی ہین اُسکی ذات کے اور مناسب ہوتی ہین اُسکے حقیقت کے پس جو شخص نہ سمجہے صفات رب کو کہ لیس کمثلہ شیٔ ہین مگر مشابہ صفات مخلوقین کے پس گمراہ ہوا اپنی عقل مین اور دین مین کیا خوب کہا ہے بعضون نے جسوقت کہی تجکو جہمی یہ ہوا کسطرح ہی اور کسطرح ہی اُترنا رب کا آسمان دنیا مین اور کسطرح ہین دونون ہاتہ اُسکی یا مثل ایسکے اور صفتون کو کہے تو کہہ تو اُسکو کہ کسطرح ہی وہ ذات اپنی مین جب کہے جہمی اُسکی جواب مین کہ نہین جانتا کوئی اُسکو مگر وہی اور کہنا باری تعالی کی غیر معلوم ہے واسطی بشر کے پس تو کہہ اُسکو کہ علم کیفیت صفات کا مستلزم ہے علم کیفیت موصوف کو پس کیونکر معلوم ہو کیفیت اُسکی صفت کی جبکی خود کیفیت معلوم نہو اور وہ وہ گروہ کہ نفی کرتے ہین ان آیات کے ظاہر کے یعنے کہتے ہین کہ ان آیتون کے باطن مین کوئی معنے ایسی نہین ہین کہ وہ صفت ہون باریتعالی کی بلکہ اللہ تعالے کی کوئی ثبوتی صفت نہین ہے بلکہ صفات اُسکی یا سلبی ہین یا اضافی یا مرکب ہین ان دونون سے اور ثابت کرتے ہین بعض صفات کو کہ وہ صفات سبعہ ہین یا ثمانیہ یا خمسہ عشریہ یعنی سات آٹہہ یا پندرہ ہین اور تاویل کرتے ہین احوال کو نہ صفات کو جیسا کہ معلوم ہے مذاہب متکلمین کے پس یہ بہی دو قسم ہین یا یک قسم تاویل کرتے ہین آیات کی اور مقرر کرتے ہین مراد کو جیسے کہتی ہین استولے بمعنے استوی ہے یعنے بمعنی غالب اور کہتی ہین مراد استوا سے علوم کانی ہے اور قدر اور ظہور نور اُسکے کا واسطی عرش کی یا بمعنے انتہا ہے خلق کے طرف اُسکے اور سوا اُسکی

نشان صفات مذہب حق کی

ف روایت ابو السائب کی ہمسے ابکر وکیع سے اعمش سے یہ حدیث ابکر وکیع نی اعمش سے پہر جب فارغ ہوی وکیع سے بیان سے کہا جو شخص کہ یہان حاضر ہوا اہل خراسان سے اُسکو ضرور ہے کہ ثواب حاصل کرے اسی حدیث کے پہیلانی اور بیان کرنے سے کہا ابو عیسے نی یہ سالمی فرمایا اُنہون نے

صفات ذاتی محمول میں مذہب سلف اور تعطیل جہمیہ و تاویل خلف

اور معافی جو نکلیں ذکر کرتے ہیں اور دوسرے قسم کہتے ہی کہ اللہ جانتا ہے ارادہ اپنا ان آیات سے لیکن اسقدر جانتے ہیں ہم کہ نہیں ارادہ کیا اللہ تعالیٰ نے ان آیات سے اثبات ایسی صفت کا جو خارجہ ہو تمامے علم سے اب رہا تیسرا قول یعنے سکوت اور توقف کرنا ان آیتو نمیں ایک گروہ امتیں سے کہتا ہی جایز ہے کہ ہووے مراد ان آیات سے ظاہر معنے اُن کے کہ لایق ہوں ساتھ اللہ تعالیٰ کی اور جانیے کہ نہ وصفت اللہ تعالیٰ کے اور سطرح کے اقوال میں اُنکے اور یہ طریقہ ہے اکثر فقہا وغیرہ کا اور دوسرا گروہ کہتا ہی کہ ہم بالکل خوض نہیں کرتے اِن سے اور نہیں پڑھتے اور پر تلاوت قرآن کے اور اوپر تلاوت حدیث کے یعنے اُسکی قسمت میں صرف تلاوت کرنا ہے قرآن کا بے سمجھی اور ردکتی ہیں دل اور زبان کو اپنے بالکل آیتوں سے اور ثواب اکثر آیات واحادیث کے دسری قول اول میں طریقہ دوسرے گروہ کا ہی کہ دلالت کرتے ہیں آیات واحادیث کہ وہ تعالیٰ عرش پر ہے انتہی ماقال ابن تیمیہ الحمویہ قولہ غرض مذہب صحیح صفات میں یہی ہے کہ یہ سب صفات محمول ہیں اپنی معنی ظاہری پر جیسا کہ شان الوہیت کے لایق ہیں بلا تشبیہ و تاویل و بلا کیف و تعطیل اور یہی مذہب ہے اکابر سلف اور صلحائی خلف کا اور صفات الٰہی سے کہ ناطق ہوا اُسکے ساتھ قرآن اور وارد ہوئی اُسکی ساتھ روایات صحیحہ نفس ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ناقلاً عن عیسیٰ علیہ السلام تَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَلَا أَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِكَ اور اصابع جیسا کہ وارد ہوا حدیث میں قلوب العباد بین اصبعین من اصابع الرحمٰن یقلبہا کیف یشاء اور آنے یعنے آنا اُس باری تعالیٰ کا قیامت کے دن جیسا کہ فرمایا وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا اور قریب ہونا ہی وہ اپنی خلق سے جیسا چاہے جیسا کہ فرمایا وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ اور اسی قبیل سے ہیں دونوں ہاتھ جیسا کہ فرمایا بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَاءُ اور یمین وَالسَّمَوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ اور قبضہ یعنے مُوَيْهِي وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اور قدم اور رجل اور وجہ اور عین اور نزول اور اتیان اور کلام اور قول اور ساق اور رضا اور جب اور فوق اور استوا اور قوۃ اور قرب اور بعد اور ضحک اور تعجب اور حب اور کراہت اور مقت اور غضب اور سخط اور علم اور حیوۃ اور قدرت اور ارادہ اور مشیت اور سمع اور تبصر اور معیت اور فرح وغیرہ کہ وارد ہوئے احادیث صحیحہ اور آیات قرآنیہ میں اور داخل ہوا جہم بن صفوان امام مالک کے مجلس میں اور پڑھا الرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَىٰ کو اور پوچھا کیف استوی یعنے کیونکر استوا کیا اللہ تعالیٰ نے عرش پر آپنے فرمایا اَلْاِسْتِوَاءُ مَعْلُوْمٌ وَالْكَيْفُ مَجْهُوْلٌ وَالْاِيْمَانُ بِهٖ وَاجِبٌ وَالسُّؤَالُ عَنْهُ بِدْعَةٌ یعنے استوا باعتبار معنی ظاہر کے معلوم ہے اور کیفیت اُسکی مثل کیفیت سائر صفات کے مجہول ہے اور ایمان اُسکے لفظ و معنی پر واجب ہے اور سوال کیفیت سے بدعت ہے اور یہ ایک کلیہ ہے جمیع صفات آلہیہ میں مثل ید و وجہ وغیرہ کے جواب پر مذکور ہوئے **عن** ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَزُوْلُ قَدَمَا ابْنِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنْ عِنْدِ رَبِّهٖ حَتّٰى يُسْاَلَ عَنْ خَمْسٍ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا اَفْنَاهُ وَعَنْ شَبَابِهٖ فِيْمَا اَبْلَاهُ وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَا اَنْفَقَهٗ وَمَاذَا عَمِلَ فِيْمَا عَلِمَ **ترجمہ** روایت ہے ابن مسعود سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ ہٹیں گے دونوں قدم ابن آدم کے قیامت کے دن اُسکے رب کے پاس سے یہاں تک کہ پوچھی جاویں اُس سے پانچ چیزیں اول عمر اُسکے کہ کس میں صرف کے دوسرے جوانی اُسکی کہ کس میں خرچ کی تیسرے مال اُسکا کہ کہاں سے کمایا اور چوتھے کس کام میں لگایا پانچویں کیا عمل کیا اپنے علم میں سے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے ابن مسعود کی روایت سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں مگر حسین بن قیس کے اسناد سی اور حسین ضعیف ہیں صدیث میں اور اسی معنی میں ابی برزہ اور ابی سعید سے بھی روایت ہے **عن** اَبِيْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ حَتّٰى يُسْاَلَ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا اَفْنَاهُ وَعَنْ عِلْمِهٖ فِيْمَا فَعَلَ وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَا اَنْفَقَهٗ وَعَنْ جِسْمِهٖ فِيْمَا اَبْلَاهُ **ترجمہ** روایت ہے ابی برزہ اسلمی سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ ہٹیں گے قدم کسی بندے کے یہاں تک کہ پوچھا جاوے اُس سے کہ عمر اپنی کس میں فنا کی اور علم سے اپنی کس پر عمل کیا اور مال کہاں سے کمایا اور کس میں خرچ کیا اور جسم کو کس میں گلایا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور سعید بن عبد اللہ بن جریج ہے میں ابی برزہ اسلمی کے اور ابو برزہ اسلمی کا نام نضلہ بن عبید ہے **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَنِ الْمُفْلِسُ قَالُوْا الْمُفْلِسُ فِيْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ لَا دِرْهَمَ لَهٗ وَلَا مَتَاعَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُفْلِسُ مِنْ اُمَّتِيْ مَنْ يَاْتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِصَلَاةٍ وَصِيَامٍ وَزَكٰوةٍ وَيَاْتِيْ قَدْ شَتَمَ هٰذَا وَقَذَفَ هٰذَا وَاَكَلَ مَالَ هٰذَا وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا وَضَرَبَ هٰذَا فَيُقْعَدُ فَيَقْتَصُّ هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ فَاِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهٗ قَبْلَ اَنْ يُقْتَصَّ مَا عَلَيْهِ مِنَ الْخَطَايَا اُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہلا خبر دو مجھے کہ مفلس کون ہے عرض کے صحابہ نے کہ مفلس ہمارے اصطلاح میں یا رسول اللہ وہ ہے کہ نہ ہو اسکے پاس درم نہ متاع خانگے کا کہتا ہو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مفلس میری امت میں وہ ہے کہ قیامت کے دن روزہ نماز اور زکوٰۃ لیکر آوے اس صورت سے کہ برا کہا ہو کسیکو اور گالی دی ہو کسیکو

شان باری میں

اور کہا گیا ہو مال کمیکا اور رہایا ہو خون کمیکا اور راہو کمیکو پس مٹہاوین اُسکو اور بدلہ مین دیوین مظلومونکو نیکیان اُسکی پہر اگر نیکیان اُسکی تمام ہوگئین اس سے پیشتر کہ بدلا پورا ہو اُسکے ظلمونکا تو لیے جاوین گناہ مظلومونکے اور رکہدیے جاوین اُسپر اور ڈالدیا جاوے دوزخ مین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** اَبِی ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰہُ عَبْدًا کَانَتْ لِاَخِیْہِ عِنْدَہٗ مَظْلَمَۃٌ فِیْ عِرْضٍ اَوْ مَالٍ فَجَآءَہٗ فَاسْتَحَلَّہٗ قَبْلَ اَنْ یُّؤْخَذَ وَلَیْسَ ثَمَّ دِیْنَارٌ وَّلَا دِرْھَمٌ فَاِنْ کَانَتْ لَہٗ حَسَنَاتٌ اُخِذَ مِنْ حَسَنَاتِہٖ وَاِنْ لَّمْ تَکُنْ لَّہٗ حَسَنَاتٌ حُمِلُوْا عَلَیْہِ مِنْ سَیِّاٰتِھِمْ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرے اللہ تعالے اُس بندہ پر کہ جسپر کچھ مظلمہ ہو اپنے بہائیکا اُسکی عزت یا مال مین پہر آوے وہ اور اُس سے معاف کروالیا قبل مواخذہ آخرت کے اور وہان تو نہوگا درہم اور نہ دینار پہر اگر ہونگین ظالم کی نیکیان لیا جاویگا بدلا اُسکی نیکیون سے اور اگر نہونگین نیکیان رکہدیے جاوینگے گناہ مظلوم کے ظالم کی گردن پر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور روایت کی مالک بن انس نے سعید مقبری سے اُنہون نے ابی ہریرہ سے اُنہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَتُؤَدُّنَّ الْحُقُوْقُ اِلٰی اَھْلِھَا حَتّٰی یُقَادَ لِلشَّاۃِ الْجَلْحَآءِ مِنَ الشَّاۃِ الْقَرْنَآءِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پورے دیے جاوینگے اہل حقوق کو حق اُنکے یہانتک کہ بدلا لیا جاویگا بے سینگ والی بکری سے سینگ والی بکری کا **ف** اسماعیل ابی زرارہ عبداللہ بن انیس سے ہے روایت ہے حدیث ابی ہریرہ کی حسن ہے صحیح ہی **باب** قریب ہونا آفتاب کا قیامت مین

**عن** اَلْمِقْدَادِ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیٰمَۃِ اُدْنِیَتِ الشَّمْسُ مِنَ الْعِبَادِ حَتّٰی یَکُوْنَ قِیْدَ مِیْلٍ اَوْ اثْنَتَیْنِ قَالَ سُلَیْمُ بْنُ عَامِرٍ لَا اَدْرِیْ اَیَّ الْمِیْلَیْنِ عَنٰی مَسَافَۃَ الْاَرْضِ اَمِ الْمِیْلَ الَّذِیْ تُکْحَلُ بِہِ الْعَیْنُ قَالَ فَتَصْھَرُھُمُ الشَّمْسُ فَیَکُوْنُوْنَ فِی الْعَرَقِ بِقَدْرِ اَعْمَالِھِمْ فَمِنْھُمْ مَنْ یَّاْخُذُہٗ اِلٰی عَقِبَیْہِ وَمِنْھُمْ مَنْ یَّاْخُذُہٗ اِلٰی رُکْبَتَیْہِ وَمِنْھُمْ مَنْ یَّاْخُذُہٗ اِلٰی حَقْوَیْہِ وَمِنْھُمْ مَنْ یُّلْجِمُہُ اِلْجَامًا قَالَ وَاَوْمَاَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِیَدِہٖ اِلٰی فِیْہِ اَوْ یُلْجِمُہُ اِلْجَامًا ترجمہ روایت ہے مقداد صحابی مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہا اُنہون نے سنا مین نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتی تہے جب ہوگا قیامت کا دن قریب کیا جاویگا آفتاب بندون سے یہانتک کہ ہوجاویگا بقدر ایک میل کے یا میل کے اپنے اتنی فاصلہ پر ہوگا کہا سلیم بن عامر نے نہین جانتا مین کہ کونسی میل مراد لی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے آیا مراد لی مسافت زمین کی یعنی جسی کوس کہتی ہین یا سلائی جس سے سرمہ لگاتی ہین آنکہہ مین پس فرمایا آپنے پس گہیلا دیویگا اُنکو آفتاب پہر ڈوب جاوینگے وہ پسینے مین اپنے اعمال کے موافق سو کسیکو پہونچیگا پسینہ ایڑی تک کسیکو دونون گھٹنون تک کسیکو کمر تک کسی کو مونہہ تک کہ مانند لگام کے ہوجاویگا پہر دیکہا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ اشارہ فرماتے تہے اپنی دست مبارک سے اپنی مونہہ کیطرف یعنے پسینیاون لگجاویگا اسکی مونہہ تک جیسے لگام لگی ہوتی ہے **ف** اسماعیل ابن حمزہ ابی سعید سے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے روایت کیے ہمسے ابوبکر نے اُنہون نے حماد بن زید سے اُنہون نے ایوب سے اُنہون نے نافع سے اُنہون نے ابن عمر سے کہا حماد نے اور یہ روایت نہمارے نزدیک مرفوع ہے اور وہ تفسیر ہے اس آیت کی یَوْمَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ یعنے جسدن کہڑے ہونگے رب العالمین کے آگے فرمایا آپنے کہڑے ہونگے پسینے مین کہ اُنکے آدہی کانون تک ہوگا یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی روایت کیے ہمسے ہناد نے اُنہون نے عیسے سے اُنہون نے ابن عون سے اُنہون نے نافع سے اُنہون نے ابن عمر سے اُنہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **باب** مَا جَآءَ فِیْ شَانِ الْحَشْرِ باب حشر کے بیان مین

**عن** اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُحْشَرُ النَّاسُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ حُفَاۃً عُرَاۃً غُرْلًا کَمَا خَلَقْنٰھُمْ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِیْدُہٗ وَعْدًا عَلَیْنَا اِنَّا کُنَّا فٰعِلِیْنَ وَاَوَّلُ مَنْ یُّکْسٰی مِنَ الْخَلَائِقِ اِبْرَاھِیْمُ وَیُؤْخَذُ مِنْ اَصْحَابِیْ ذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ یَا رَبِّ اَصْحَابِیْ فَیُقَالُ اِنَّکَ لَا تَدْرِیْ مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَکَ اِنَّھُمْ لَمْ یَزَالُوْا مُرْتَدِّیْنَ عَلٰی اَعْقَابِھِمْ مُنْذُ فَارَقْتَھُمْ فَاَقُوْلُ کَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ وَکُنْتُ عَلَیْھِمْ شَھِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْھِمْ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ کُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْھِمْ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَھِیْدٌ اِنْ تُعَذِّبْھُمْ فَاِنَّھُمْ عِبَادُکَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَھُمْ فَاِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حشر مین لائے جاوینگے لوگ قیامت کے دن ننگے پاؤن ننگے بدن ختنہ کیے ہوئے جیسے پیدا کیا ہمنے اول خلق کو اُسکو پیدا کرینگے دوبارہ وعدہ ہے ہمارا ہمپر بیشک ہم کرنے والے ہین اور پہیرے جاوینگے خلائق مین سے اول ابراہیم علیہ السلام ہونگے اور لیجائینگے بعض اصحاب کو میرے داہنی طرف یعنی عرش کے اور بعض کو بائین طرف یعنی جہنم کے پہر کہونگا مین اے رب یہ اصحاب ہین میرے پہر کہا جاویگا کہ تم نہین جانتے کہ کیا نئی بات نکالی اُنہون نے بعد تمہارے اور ہمیشہ رہی ہے پیچہے لوٹتے ہوئے اپنی ایڑیون پر جسدن سے کہ جدا ہوا تو اُن سے پہر کہونگا مین جیسا کہا بندہ صالح نے یعنے عیسے علیہ السلام نے فَاِنْ تُعَذِّبْھُمْ الآیۃ یعنے اگر عذاب کرے تو وہ تیرے بندے ہین

اور اگر بخشے تو زبردست ہے حکمت والا **ف** روایت کیے ہمیں محمد بن بشار نے اور محمد بن مثنی نے دونوں نے محمد بن جعفر سے اُنہوں نے شعبہ سے اُنہوں نے منیر سے سنا اُنہوں نے ہلال سے سنا اُنہوں نے عبداللہ سے مانند حدیث مذکور کی **مترجم** قولہ اور پہلی جس کپڑے پہنائیں گے ابراہیم ہونگے اسلئے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کپڑے راہ خدا میں سب سے پہلے اُتاری گئے اور آگ میں ڈالی گئے قولہ اور بعض کو بائیں طرف اہل حدیث سے معلوم ہوا کہ جب تک عمل و ایمان درست نہو آدمی عذاب سے بچ نہیں سکتا اگرچہ صحبت یافتہ رسول کیوں نہ ہو اور کسی صحبت پر مفتخر ہونا اور مغرور ہوکر عمل میں سستی کرنا محض جہالت ہے اکثر صحبت یافتہ مشائخین کے اس مرض مہلک میں گرفتار ہیں ہم نہیں جانتے کہ کیا نئے بات نکالی اُنہوں نے بعد تمہارے آہ معلوم ہوا کہ دین میں نئی بات نکالنا اور اُسپر عامل اور مُصر ہونا اس سے بڑھکر کوئی گناہ نہیں چنانچہ فرمایا آنحضرت نے دوسرے مقام میں شَرُّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا قولہ اور ہمیشہ رہے ہیچے لوٹتے اپنی ایڑیوں پر یعنے مُرتد ہوگئے دین سے جیسے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے وقت میں اکثر زکوٰۃ مرتد ہوگئے تھے **عن** بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّكُمْ تُحْشَرُوْنَ رِجَالًا وَّرُكْبَانًا وَّتُجَرُّوْنَ عَلٰى وُجُوْهِكُمْ **ترجمہ** بہز بن حکیم اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے راوی ہے کہ فرماتی تھے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کہ تم میدان حشر میں لائی جاؤگی پیدل اور سوار اور گھسیٹے جائینگے بعضے لوگ اپنے مونہوں پر **ف** اسبا بہز ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے

**باب** مَا جَاءَ فِي الْعَرْضِ باب آخرتکی روبکاریوں کے بیان میں **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْرَضُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثَلٰثَ عَرَضَاتٍ فَاَمَّا عَرْضَتَانِ فَجِدَالٌ وَمَعَاذِيْرُ وَاَمَّا الْعَرْضَةُ الثَّالِثَةُ فَعِنْدَ ذٰلِكَ تَطِيْرُ الصُّحُفُ فِي الْاَيْدِيْ فَاٰخِذٌ بِيَمِيْنِهٖ وَاٰخِذٌ بِشِمَالِهٖ **ترجمہ** راوی ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پیش کیے جاوینگے اور روبکاری میں آوینگے لوگ قیامت کے دن تین بار پہر دو بار میں گفت و شنید اور عذر و معذرت ہے اور تیسری بار اُڑینگے نامۂ اعمال ہاتھوں میں تو کوئی دہنے ہاتھ میں لینے والا ہے کوئی بائیں میں **ف** اور صحیح ہے حدیث اس نظر سے کہ حسن کو سماع نہیں ابی ہریرہ سے پس کوئی راوی فاصلہ کے بیچ میں چھوٹ گیا ہی اور سند متصل نہیں اور روایت کیے بعضوں نے علی بن علی سے اور وہ رفاعی ہیں اُنہوں نے حسن سے اُنہوں نے ابی موسیٰ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

**باب** وَمِنْهُ باب مناقشہ حساب کے بیان میں **عن** عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ هَلَكَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتَابَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا قَالَ ذَاكِ الْعَرْضُ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو سختی کیا گیا اور تفتیش و تفحص سے پوچھا گیا حساب میں ہلاک ہوا میں نے عرض کیے یا رسول اللہ بیشک اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ جسکو ملی کتاب داہنی ہاتھ میں اُس سے حساب لیا جاویگا آسانی سے فرمایا آپنے وہ فقط عملوں کا روبرو کر دینا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیے یہ اوزاعی نے بھی ابن ابی ملیکہ سے

**باب** مِنْهُ باب سنہ بی خبر کے بیان میں **عن** اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَجَاءُ بِابْنِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَاَنَّهٗ بَذَجٌ فَيُوْقَفُ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَيَقُوْلُ اللّٰهُ اَعْطَيْتُكَ وَخَوَّلْتُكَ اَنْعَمْتُ عَلَيْكَ فَمَاذَا صَنَعْتَ فَيَقُوْلُ جَمَعْتُهٗ وَثَمَّرْتُهٗ وَكَثَّرْتُهٗ اَلْكَثْرَ مَا كَانَ فَارْجِعْنِيْ اٰتِكَ بِهٖ كُلِّهٖ فَيَقُوْلُ لَهٗ اَرِنِيْ مَا قَدَّمْتَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ جَمَعْتُهٗ وَثَمَّرْتُهٗ وَكَثَّرْتُهٗ اَلْكَثْرَ مَا كَانَ فَارْجِعْنِيْ اٰتِكَ بِهٖ كُلِّهٖ فَاِذَا عَبْدٌ لَمْ يُقَدِّمْ خَيْرًا فَيُمْضٰى بِهٖ اِلَى النَّارِ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لائینگے ایک ابن آدم کو قیامت کے دن گویا کہ وہ بچہ ہے بہیڑ کا لینے کمال ذلت سی لاوینگے پہر کھڑا کیا جاویگا اللہ تعالیٰ کی سامنے پہر فرماویگا اللہ تعالیٰ دیا میں نے تجھکو مال و اسباب اور عنایت کیے تجھکو لونڈی اور غلام اور انعام کیا میں نے تجھپر پہر کیا عمل کیا تو نے سو کہیگا جمع کیا میں نے اُس مال کو اور بڑہایا اُسکو اور چھوڑا اُسی دنیا میں اُس سے زیادہ کہ جتنا پہلے تہا سو مجھے پہر بہیج دنیا میں کہ میں اُسے لیکر آؤں سب کا سب تب فرماویگا اللہ تعالیٰ کہ آگے بھیجو تو نے کیا پہیجا ہو لینے صدقات و خیرات میں دنیا ہو پہر کہیگا اسی رب میں نے تو جمع کیا اور بڑہایا اور چھوڑا اُسی زیادہ اُس سے کہ جتنا پہلے تہا سو مجھے پہر بہیج دنیا میں پہیر کہ میں سب لیکر آؤں اور یا اُس بندیکا حال ہوگا کہ اُسنے کسی امر خیر میں مال نخرچ جانا ہوگا پہر بھیجا جائیگا اُسی دوزخ میں کہا ابو عیسےٰ نے اور روایت کیے یہ حدیث کئی لوگوں نے حسن سے اور کہا اُسکا اُنہوں نے کہ قول اور مرفوع نکیا یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مقولہ ٹہیرایا اور اسمٰعیل بن مسلم ضعیف سمجھی جاتی ہیں حدیث میں اسباب میں ابی ہریرہ اور ابی سعید سے بھی روایت ہے **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوْفٰى بِالْعَبْدِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُقَالُ لَهٗ اَرْ اَجْعَلْ لَكَ سَمْعًا وَّبَصَرًا وَّمَالًا وَّوَلَدًا وَّسَخَّرْتُ لَكَ الْاَنْعَامَ وَالْحَرْثَ وَتَرَكْتُكَ تَرْاَسُ وَتَرْبَعُ فَكُنْتَ تَظُنُّ اَنَّكَ مُلَاقِيْ يَوْمِكَ هٰذَا فَيَقُوْلُ لَا فَيُقَالُ لَهُ الْيَوْمَ اَنْسَاكَ كَمَا نَسِيْتَنِيْ **ترجمہ** راوی ہے ابی ہریرہ اور ابی سعید سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لائینگے ایک بندہ کو قیامت کے دن اور فرماویگا بارے اُس سے کیوں میں نے تجھکو نہ دیے تھے کان اور آنکھ اور مال اور اولاد اور تابع نکر دیا تیرا چارپایوں کو اور کھیتی کو اور چھوڑا

تجھے کہ رئیس بنا پھرے قوم کا اور چوتھ لیا کرے اُنسے سہرتجھے خیال تہا کہ ایکدن مجھ سے ملنا ہے تجھکو اور وہ دن ہے آجکا سو وہ کہیگا مجھے تو خیال نہا اسکا فرماویگا اللہ تعالیٰ سو آج مین تجھ
بہول جاتا ہون جیسے تو مجھے بہولگیا تہا دنیا مین **منسم** بہولنے سے مُراد ہی کہ آج کی دن چہوڑ دونگا مین تجھی عذاب مین پڑا رہیگا تو جیسے بہولی چیز پڑی رہتی ہی ایسی ہی تفسیر
کے ہی بعض اہل علم نے اس آیت کے ہے **فَالْيَوْمَ نَنْسَاهُمْ** یعنے آجکے دن ہم اُنکو بہول جائینگے یعنی چہوڑ دینگے اُنکو عذاب مین پڑا ہوا **باب** منہ باب زمین کے گواہی کے بیان

مین **عن** اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا اَخْبَارُهَا قَالُوْا اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ
فَاِنَّ اَخْبَارَهَا اَنْ تَشْهَدَ عَلٰی کُلِّ عَبْدٍ وَاَمَةٍ بِمَا عَمِلَ عَلٰی ظَهْرِهَا اَنْ تَقُوْلَ عَمِلَ کَذَا وَکَذَا فِیْ یَوْمِ کَذَا وَکَذَا قَالَ فَهٰذَا اَخْبَارُهَا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ کہا پڑہی رسول
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آیت یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا یعنے اُسدن بیان کریگی زمین اپنی خبرین پہر فرمایا اصحاب سے جانتے ہو تم کیا ہین خبرین اُسکی عرض کی اُنہون نے اللہ اور رسول
خوب جانتا ہے فرمایا آپنے اخبار اُسکے یہ ہین کہ گواہی دیگی ہر غلام اور باندی پر اللہ تعالیٰ کے آگے اُس عمل کے جو کیا اُسنی اُسکی پیٹہہ پر اسطرح کہ کہیگی وہ عمل کیا اُسنے ایسا اور ایسا فلان
فلان دن مین فرمایا آپنے اسی کا حکم دیا اس مین کو اللہ تعالیٰ نے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **باب** مَا جَآءَ فِی الصُّوَرِ باب صور کے بیان مین **ترجمہ** صور کی حقیقت

مین کئے قول مین مفسرین کے بعضون نے کہا وہ ایک قرن ہے کہ پہونکا جاتا ہے جسمین مجاہد نے کہا صوت اُسکی مانند بُوق کے ہے بعضون نے کہا صور جمع ہی صورت کی اور یہی قول ہے حسن کا
اور اصح قول اول ہے اور احادیث باب اسکی مؤید ہین **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ جَآءَ اَعْرَابِیٌّ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا الصُّوْرُ قَالَ
قَرْنٌ یُنْفَخُ فِیْهِ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ آیا ایک گنوار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور پوچہا صور کیا ہے فرمایا آپنے ایک سرنگا ہے کہ اُسمین پہونکا جاویگا یعنے قیامت
کے دن **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی کئی لوگون نے یہ حدیث سلمان تیمی سے اور نہین جانتے ہم اُسے مگر اُنہین کے روایت سے **عن** اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَکَیْفَ اَنْعَمُ وَصَاحِبُ الْقَرْنِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ وَاسْتَمَعَ الْاِذْنَ مَتٰی یُؤْمَرُ بِالنَّفْخِ فَیَنْفُخُ فَکَاَنَّ ذٰلِکَ ثَقُلَ عَلٰی اَصْحَابِ النَّبِیِّ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُمْ قُوْلُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی اللّٰهِ تَوَکَّلْنَا **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیونکر آرام کرونگین
اور صاحب قرن کا یعنے اسرافیل علیہ السلام قرن کو مونہہ مین لیئے ہوئے ہی اور کان لگائی ہے ہی کہ کب حکم ہووے پہونکنے کا کہ اُسیوقت پہونک دی سو گویا یہ سخت گذرا اصحاب پر
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا آپنے کہو حسبنا اللہ ونعم الوکیل علے اللہ توکلنا یعنے کافی ہے ہمکو اللہ تعالیٰ اور اچہا وکیل ہے اللہ پر توکل کیا ہمنے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور مروے
ہے کئی سندون سے عطیہ سے اُنہون نے روایت کیا ابی سعید سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **باب** مَا جَآءَ فِیْ شَاْنِ الصِّرَاطِ باب صراط کے بیانمین **عن** الْمُغِیْرَةِ
بْنِ شُعْبَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ شِعَارُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَی الصِّرَاطِ رَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ **ترجمہ** روایت ہے مغیرہ بن شعبہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ
وسلم نے شعار مومنون کا پل صراط پر یہی ہے اے رب سلامت رکہہ سلامت رکہہ **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر عبدالرحمن بن اسحاق کی روایت سے **عن**
اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّشْفَعَ لِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَقَالَ اَنَا فَاعِلٌ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَیْنَ اَطْلُبُکَ قَالَ اُطْلُبْنِیْ اَوَّلَ مَا
تَطْلُبُنِیْ عَلَی الصِّرَاطِ قُلْتُ فَاِنْ لَّمْ اَلْقَکَ عَلَی الصِّرَاطِ قَالَ فَاطْلُبْنِیْ عِنْدَ الْمِیْزَانِ قُلْتُ فَاِنْ لَّمْ اَلْقَکَ عِنْدَ الْمِیْزَانِ قَالَ فَاطْلُبْنِیْ عِنْدَ الْحَوْضِ فَاِنِّیْ
لَا اُخْطِیُٔ هٰذِهِ الثَّلَاثَ الْمَوَاطِنَ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہا سوال کیا اور درخواست کی مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ شفاعت کرین میری قیامت کے دن فرمایا آپنے مین
کرنیوالا ہون یہ عرض کی مینے یا رسول اللہ کہان ڈہونڈون مین آپکو فرمایا چاہے تو مجھے پُلصراط پر ڈہونڈہیو مینے کہا اگر وہان نہ ملونمین آپسے فرمایا ڈہونڈہو میزان کے پاس
مینے کہا اگر وہان بہی نہ ملونمین آپسے فرمایا ڈہونڈہو مجھے حوض کوثر پر اور مین خطا نکرونگا اس تین مواطن سے یعنے خواہ نخواہ ملونگا اُنہین تین مقامونمین سے کسے مقام پر **ف**
یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے **باب** مَا جَآءَ فِی الشَّفَاعَةِ باب شفاعت کے بیانمین **ترجمہ** شفع اور شفاعت بمعنے مانگنے اُسکی سوال کرنا ہے
واسطے تجاوز کے جرایم دذنوب سے اور مُشَفَّع بکسر فا وہ شخص ہے کہ شفاعت قبول کرے اور بفتح فا جسکی شفاعت قبول کیجاوے اور تشفیع قبول کرنا شفاعت کا اُسی سے ہے
حدیث شفع تشفع یعنے شفاعت کرو تمہارے شفاعت قبول کیجاویگی پس تشفع کا مصدر تشفیع ہے اور شفاعت پر جب الف لام آتا ہے تو شفاعت عظمیٰ مراد ہوتی ہے چنانچہ
حدیث عصیت الشفاعۃ مین تکرر ہے شفاعت عظمیٰ کے عنایت ہونیکا نہ مطلق شفاعت عام ہے جمیع انبیا بلکہ علما اور شہدا کو بہی مراد ہے شفاعت صاحب کبائر کی کہ
مستحق ہے جہنم کا سالے اُسکے یا شفاعت مقبولہ کہ کبہی نہ ہو یا شفاعت اُسکے کہ جسکے دلمین ذرہ بہر ایمان ہو اور شفاعت مطلق کئی قسم ہے یعنے سوا شفاعت عظمیٰ کے کبہی تنقیل

اعمال رکھے جائیں گے میزان پر کبھی خروج کی نوبت ہے نار سے کبھی اوفال جنت کے لئے بغیر حساب و کتاب کے کبھی تخفیف عذاب کے لئے اور تخفیف کے انواع عذاب میں سے کبھی تقلیل مکث میں اسیطرح شفاعت کبھی رفع درجات کی لئے ہی جنت میں کبھی دخول اہل جہنم کے لئے بہشت میں کبھی اقامت تدکے لئے صراط پر کبھی تکثیر حور کی لئے جنان میں اور حدیث میں ہے کہ آپ نے فرمایا انا اول شافع وادل مشفع اور مشفع بفتح فا ہے یعنی میں پہلے باب شفاعت کھولنے والا ہوں اور پہلا وہ شخص ہوں جسکی شفاعت قبول کیجاویگی اور فرمایا آپ نے انا اول شافع فی الجنة مراد اس سے دخول جنت ہی یا رفع درجات جنت میں اور نزول برکات بہشت میں اور یہ جو وارد ہوا ہے حدیث میں فیوذن لہ فی الشفاعة مراد اس سے مقام محمود ہے اور پہلے شفاعت از راحت اہل موقف کے لئے ہوگی ہول اور خوف قیامت سے اور شفاعت کے منکر معتزلہ ہی نہیں اور اسیطرح رفع درجات کے لئے جو شفاعت ہے معتزلہ کو انکار اس شفاعت کا ہے جسمیں خروج عن النار مذکور ہے اور اہل سنت کے نزدیک خروج عن النار شفاعت انبیاء و صلحا کے خصوص شفاعت سید الانبیا و سند الاصفیا باسانید صحیحہ ثابت ہی اور یہ جو وارد ہوا ہے حدیث میں کہ ابو طالب کو میری شفاعت نفع دیگی مراد اس سے تخفیف عذاب ہے نہ خروج عن النار اور شفاعت جیسے مفید ہے شفع لہ کو ویسے ہی موجب ثواب و اجر ہے شفیع کو چنانچہ وارد ہوا ہے اشفعوا تؤجروا یعنے شفاعت کرو تا کہ اجر حاصل ہو اور آیہ مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً ہے شامل اس مقصود کی ہے اور شفع کے معنے لغت میں جوڑے کے ہیں چنانچہ وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ میں ہے مراد ہے یعنے جفت اور طاق اور حدیث اُمرِ بلال ان یشفع الاذان میں یہی مراد ہے یعنے اذان کے کلمے دو دو بار کہیں اور تکبیر کے ایک ایک بار اور بعض مفسرین نے کہا ہے کہ والشفع والوتر میں شفع سے یوم النحر مراد ہے کہ ایام تشریق سے مذکر جفت ہو جاتا ہے اور وتر سے یوم عرفہ یا وتر سے ذات مقدس باری تعالیٰ مراد ہے کہ ثانی و نظیر اسکا مفقود ہی اور شفع سے مخلوقات کہ ہر ایک کا جفت و جوڑا موجود ہے **عَنْ** اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ اُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ فَرُفِعَ اِلَيْهِ الذِّرَاعُ فَاَكَلَهُ وَكَانَ يُعْجِبُهُ فَنَهَشَ مِنْهُ نَهْشَةً ثُمَّ قَالَ اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ هَلْ تَدْرُوْنَ لِمَ ذَاكَ يَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ فِیْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ فَيُسْمِعُهُمُ الدَّاعِیْ وَيَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ وَتَدْنُوا الشَّمْسُ مِنْهُمْ فَيَبْلُغُ النَّاسَ مِنَ الْغَمِّ وَالْكَرْبِ مَا لَا يُطِيْقُوْنَ وَلَا يَحْتَمِلُوْنَ فَيَقُوْلُ النَّاسُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اَلَا تَرَوْنَ مَا قَدْ بَلَغَكُمْ اَلَا تَنْظُرُوْنَ مَنْ يَّشْفَعُ لَكُمْ اِلٰى رَبِّكُمْ فَيَقُوْلُ النَّاسُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَلَيْكُمْ بِاٰدَمَ فَيَاْتُوْنَ اٰدَمَ فَيَقُوْلُوْنَ اَنْتَ اَبُو الْبَشَرِ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهٖ وَنَفَخَ فِيْكَ مِنْ رُّوْحِهٖ وَاَمَرَ الْمَلٰٓئِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ اشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَمَا تَرٰى اِلٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ اَلَا تَرٰى مَا قَدْ بَلَغَنَا فَيَقُوْلُ لَهُمْ اٰدَمُ اِنَّ رَبِّیْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَّمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ وَاِنَّهٗ قَدْ نَهَانِیْ عَنِ الشَّجَرَةِ فَعَصَيْتُهُ نَفْسِیْ نَفْسِیْ نَفْسِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى غَيْرِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى نُوْحٍ فَيَاْتُوْنَ نُوْحًا فَيَقُوْلُوْنَ يَا نُوْحُ اَنْتَ اَوَّلُ الرُّسُلِ اِلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ وَقَدْ سَمَّاكَ اللّٰهُ عَبْدًا شَكُوْرًا اِشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَلَا تَرٰى اِلٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ اَلَا تَرٰى مَا قَدْ بَلَغَنَا فَيَقُوْلُ لَهُمْ نُوْحٌ اِنَّ رَبِّیْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَّمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ وَاِنَّهٗ قَدْ كَانَتْ لِیْ دَعْوَةٌ دَعَوْتُهَا عَلٰى قَوْمِیْ نَفْسِیْ نَفْسِیْ نَفْسِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى غَيْرِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى اِبْرٰهِيْمَ فَيَاْتُوْنَ اِبْرٰهِيْمَ فَيَقُوْلُوْنَ يَا اِبْرٰهِيْمُ اَنْتَ نَبِیُّ اللّٰهِ وَخَلِيْلُهٗ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَلَا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ فَيَقُوْلُ اِنَّ رَبِّیْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَّمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ وَاِنِّیْ قَدْ كَذَبْتُ ثَلٰثَ كَذَبَاتٍ فَذَكَرَهُنَّ اَبُوْ حَيَّانَ فِی الْحَدِيْثِ نَفْسِیْ نَفْسِیْ نَفْسِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى غَيْرِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى مُوْسٰى فَيَاْتُوْنَ مُوْسٰى فَيَقُوْلُوْنَ يَا مُوْسٰى اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَضَّلَكَ اللّٰهُ بِرِسَالَاتِهٖ وَبِكَلَامِهٖ عَلَى النَّاسِ اِشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَلَا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ فَيَقُوْلُ اِنَّ رَبِّیْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَّمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ وَاِنِّیْ قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا لَّمْ اُؤْمَرْ بِقَتْلِهَا نَفْسِیْ نَفْسِیْ نَفْسِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى غَيْرِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى عِيْسٰى فَيَاْتُوْنَ عِيْسٰى فَيَقُوْلُوْنَ يَا عِيْسٰى اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقَاهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ وَكَلَّمْتَ النَّاسَ فِی الْمَهْدِ اِشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَلَا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ فَيَقُوْلُ عِيْسٰى اِنَّ رَبِّیْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَّمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ وَلَمْ يَذْكُرْ ذَنْبًا نَفْسِیْ نَفْسِیْ نَفْسِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى غَيْرِیْ اِذْهَبُوْا اِلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَاْتُوْنَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُوْنَ يَا مُحَمَّدُ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَخَاتَمُ الْاَنْبِيَاءِ وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ اِشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَلَا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ فَاَنْطَلِقُ فَاٰتِیْ تَحْتَ الْعَرْشِ فَاَخِرُّ سَاجِدًا لِرَبِّیْ ثُمَّ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَیَّ مِنْ مَّحَامِدِهٖ وَحُسْنِ الثَّنَاءِ عَلَيْهِ شَيْئًا لَمْ يَفْتَحْهُ عَلٰى اَحَدٍ قَبْلِیْ ثُمَّ يُقَالُ يَا مُحَمَّدُ اِرْفَعْ رَاْسَكَ سَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَاَرْفَعُ رَاْسِیْ فَاَقُوْلُ يَا رَبِّ اُمَّتِیْ يَا رَبِّ اُمَّتِیْ يَا رَبِّ اُمَّتِیْ فَيُقَالُ يَا مُحَمَّدُ اَدْخِلْ مِنْ اُمَّتِكَ مَنْ لَا حِسَابَ عَلَيْهِ مِنَ الْبَابِ الْاَيْمَنِ مِنْ اَبْوَابِ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا ذکر

الجنۃ وھم شرکاء الناس فیما سوی ذلک من الابواب ثم قال والذی نفسی بیدہ ان ما بین المصراعین من مصاریع الجنۃ کما بین مکۃ و
حمیر او کما بین مکۃ وبصری ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ کہ لائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی پاس گوشت پھر اُٹھایا آپنے اُسمین سے دست اور اچھا لگتا تھا اور پسند آتا تھا وہ آپکو
پھر نوچا آپنی ایکیا اُسمیں سے اپنی دندان مبارک یا ڈاڑھوں سے پھر فرمایا مین سردار ہون آدمیون کا قیامت کے دن تم جانتے ہو کہ کیون اسلئے کہ جمع کریگا اللہ عزوجل اگلے پچھلے لوگون
کو ایک پٹیڑ زمین پر پھر اسطرح اکٹھا ہونگے کہ سنا سکیگا اُنکو آواز ایک پکارنیوالا اور دیکھ سکیگا اُنکو صاحب بصر اور قریب ہوگا اُنسے آفتاب اور لوگونکا غم و کرب اسدرجہ پہونچ
جاویگا کہ طاقت نرکھینگے اور متحمل ہو سکینگے وہ اُسکی سو کہینگے بعضے لوگ بعض سے کیا نہین دیکھتے ہو کہ کہانتک پہونچی مصیبت تمہاری کیا دیکھتی نہین تم ایسے شخص کو جو
شفاعت کریگا تمہارے رب کے پاس سو کہینگے بعضے بعضے سے چلو تم آدم علیہ السلام کے پاس پھر آئینگے وہ آدم علیہ السلام کے پاس اور کہینگے آپ ابوالبشر ہین پیدا کیا اللہ تعالے
نے آپکو اپنی دست مبارک سے اور پھونکی آپ مین اپنی پیدا کی ہوئی روح اور حکم فرمایا فرشتون کو کہ آنہون نے سجدہ کیا آپکو سو شفاعت کیجئے ہماری اپنی رب کے پاس کیا دیکھتی نہین
آپ کہ ہم سب کس بلا مین گرفتار ہین کیا دیکھتی نہین آپ کہ کہانتک پہونچی مصیبت ہمارے سو کہینگے اُنکو آدم علیہ السلام کہ میرا رب آج ایسا غصہ ہوا ہے کہ نہین غصہ ہوا ایسا
کبھی اس سے پہلے اور نہ غصہ ہوگا کبھی اسکی بعد اور اُسنی مجھے منع فرمایا تھا ایک درخت سے سو نافرمانی کی مین نے اُس تعالے شانہ کی نفسی نفسی نفسی جاؤ تم کسی اور کی پاس جاؤ نوح علیہ
السلام کے پاس پھر آئینگے وہ سب نوح علیہ السلام کے پاس اور کہینگے اے نوح تم پہلے رسول ہو کہ بھیجے گئی زمین والون کیطرف اور نام رکھا تمہارا اللہ جل جلالہ نے بندہ شکر گذار
شفاعت کرو ہمارے اپنے پروردگار کے پاس کیا نہین دیکھتے تم ہم کس بلا مین ہین کیا نہین دیکھتے تم کہ کہانتک پہونچی مصیبت ہماری سو کہینگے اُنسے نوح علیہ السلام میرا رب آج کے
دن غصہ مین ہے ایسا کہ کبھی غصہ مین ہوا اس سے پہلے اور نہ غصہ ہوگا اسکی بعد اور بیشک ہوتی میری ایک دعا کی قبول تو بددعا کر دی مین نے اپنے قوم کی بلا کے لئی نفسی نفسی نفسی جاؤ تم میرے سوا اور
کسی کے پاس جاؤ ابراہیم علیہ السلام کے پاس سو آوینگے ابراہیم علیہ السلام کے پاس اور کہینگے اے ابراہیم تم نبی اللہ کے ہو اور خلیل یعنے دوست اُسکی زمین والون مین سے شفاعت کرو ہمارے
واسطے اپنے رب کے پاس کیا نہین دیکھتے تم کہ ہم کس بلا مین ہین سو وہ کہینگے بیشک میرا رب ایسا غضبناک ہے آج کے روز کہ کبھی ایسا نہوا تھا اور نہوگا اور مین نے تین جھوٹ
بولے پھر ذکر کیا انکو ابوحیان نے اپنے روایت مین نفسی نفسی نفسی جاؤ تم کسی اور کے پاس سو میرے جاؤ تم موسے علیہ السلام کے پاس پھر آئینگے موسے علیہ السلام کے پاس
سو کہینگے اے موسی تم رسول ہو اللہ کے فضیلت دی تمکو اللہ تعالی نے ساتھ اپنی رسالت کی اور کلام کے تمام لوگون پر تم شفاعت کرو ہماری اپنے رب کے پاس کیا
نہین دیکھتے تم کہ ہم کس بلا مین ہین سو وہ کہینگے بیشک رب میرا آج کی روز اسقدر غضبناک ہے کہ کبھی ایسا نہوا نہوگا اور مین نے مار ڈالا ہے ایک جان یعنی قبطی کہ نہین حکم
ہوا مجھے اسکے مارنیکا مجھے آہ اپنے جانکی نکا سے نفسی نفسی جاؤ تم میرے سوا کسی اور کی پاس جاؤ عیسے علیہ السلام کے پاس پھر آئینگے سب عیسے علیہ السلام کے پاس اور کہینگے اے عیسی تم
رسول ہو اللہ تعالے کی اور کلمہ اسکا ہو ڈالا اُسنی مریم کیطرف اور روح ہو اسکی فقط اللہ کے کن فرمانی سے پیدا ہوگئی ہو اور روح اُسکے طرف سے اور کلام کیا تم نے لوگون سے گود مین
اپنے اپنی ماں کے تم شفاعت کرو ہماری اپنے پروردگار کے پاس کیا نہین دیکھتے تم کہ ہم کس مصیبت مین ہین پھر کہینگے حضرت عیسے علیہ السلام بیشک آج میرا رب غصہ ہوا ایسا
کہ کبھی نہوا تھا اور نہوگا اور نہ ذکر کیا حضرت عیسے نے کسی اپنی خطا کا اور کہا نفسی نفسی نفسی جاؤ تم میرے سوا کسی اور کی پاس جاؤ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو آئینگے وسب محمد
صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہینگے اے محمد تم رسول ہو اللہ عزوجل کے اور خاتم الانبیا ہو اور بخشی گئی تمہارے لئی گناہ تمہاری اگلے پچھلی شفاعت کرو تم ہماری اپنی پروردگار کے پاس
کیا نہین دیکھتے آپ کہ ہم کس مصیبت اور بلا مین ہین سو مین چلونگا اور آؤنگا نیچے عرش کی اور گر پڑونگا سجدہ مین اپنی رب کے تعظیم کے لئی پھر کہولیگا اللہ تعالے میری جنان و
لسان پر اپنی محامد اور حسن ثنا کو اسقدر کہ نہ کہولا گیا کسے پر مجھ سے پہلے پھر کہا جاویگا مجھ سے اے محمد اٹھا سر اپنا اور سوال کر تو دیا جاویگا اور شفاعت کر تو قبول کیجاویگی پھر اٹھاؤنگا میں اپنا سر اور کہونگا اے رب امتی امتی اے رب مانگتا ہون مین نجات اور فلاح اپنی امت کی اے رب مانگتا ہون مین نجات اور فلاح اپنی امت کی
پھر فرماویگا باری تعالی شانہ اے محمد داخل کر تو اپنی امت مین سے اُن لوگون کو جن پر حساب و کتاب نہین ہی داہنی دروازی مین سے جنت کی اور وہ لوگ
شریک ہونگے اور دروازون مین ہی لوگون کے بعضے داخل ہونی مین پھر فرمایا قسم ہے اُس پروردگار کے کہ میری جان اُسکے ہاتھ مین ہے کہ دو پٹ مین جنت کی چوکھٹون
سے ایسا ہے جیسا کہ مکہ اور ہجر جنہ یا جیسا کہ مکہ اور بصر مین ف اسیطرح ہین ابی بکر صدیق اور انس اور عتبہ بن علم اور ابی سعید سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے ہم نے تبرکم
تو اُٹھایا دست اور اچھا لگتا تھا اُنکو اُسکا دست چونکہ نجاست سے دور ہوتا ہے اسلئی حضرت کو پسند تھا قولہ فنہش نہشۃ یعنے نوچا اُنکو اور یہ لفظ بسین مہملہ بھی وارد ہوا ہے

اور اگر بشین معجمہ پڑھا جاوے تو معنے اُسکے نوچنا گوشت کا ہڈی پر سے دانت کی کنار دن سے اور بسین مہملہ نوچنا گوشت کا ڈاڑھوں سے (علے ما قالہ الطیبی) قولہ مین سردار ہون آدمیون کا غرض یہ کہ دو معنے ہین اول ملک متصرف کہ جو چاہے سو کرے اس معنی کر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے چیز کے سید نہین ملکہ سوای باریتعالی کے یعنی کسی مین یا ہی نہین جاتی اس معنے سے حدیث مین وارد ہوا اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ یعنے سید الدہر ہی ہے اور دوسرے معنے یہ ہین کہ جب مالک کا حکم ملوکون کیطرف ہوتا ہے تو پہلے اُس شخص پر ہوتا ہے اور وہ سب لوگون کو سناتا ہے اس بنے کر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سکے جہان کے سردار ہین چنانچہ اس حدیث مین اسی معنی کی تفصیل مذکور ہے قولہ پیدا کیا اللہ تعالی نے آپکو اپنے دست مبارک سے الخ اللہ جل جلالہ کی صفات مین سے ید و وجہ وغیرہ اور ثابت ہین وہ اُس ذات مقدس کے لئے جیسے کہ ثابت ہین سمع اور بصر اور ایمان ان سب پر ضرور ہی اور بلا تشبیہ اور بلا کیف انکو ثابت کرنا ضرور ہے نہین انکار کیا انکا مگر ملاعنہ جہمیہ نے قد لہم اللہ اور فرمایا اللہ عزوجل نے لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ اور نہ انکار کیا اس سے گی آدم علیہ السلام کے شیطان تک نے بھی اور اگر مراد ہوتی اس سے قدرت وغیرہ تو فوراً کہتا وہ کیا میں تیرے قدرت سے نہین بنا ہون پس باطل ہوا قول اُنکا جو تاویل کرتے ہین اسکے ساتھ قدرت اور قوت وغیرہا کی اور نہ انکار کیا اسکا یہود نے بلکہ عیب لگایا اُسکو مغلول ہونیکا باوجود اثبات یدکے اور ملعون ہوگئے وہ فقط عیب لگانی سے اُسمین ہر کیا حال ہوگا اُنکا جو بالکل اُسکی نفی کے درپی ہین اور تفسیر معالم التنزیل مین ہے یَدُ اللّٰهِ صِفَةٌ مِنْ صِفَاتِ ذَاتِهٖ كَالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ وَالْوَجْهِ وَقَالَ جَلَّ ذِكْرُهٗ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِصِفَاتِهٖ فَعَلَى الْعِبَادِ فِيْهَا الْاِيْمَانُ وَالتَّسْلِيْمُ وَقَالَ اَئِمَّةُ السَّلَفِ اَهْلُ السُّنَّةِ فِيْ هٰذِهِ الصِّفَاتِ اَمِرُّوْهَا كَمَا جَاءَتْ بِلَا كَيْفٍ یعنے ید اللہ تعالی کے صفات ذات مین سے ہے مانند سمع اور بصر و وجہ کے چنانچہ فرمایا اللہ عزوجل نے لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دونون ہاتھ اُس تعالی شانہ کے برکت والی ہین اور اللہ خوب جانتا ہے اپنی صفتون کو اور واجب ہے بندون پر ایمان لانا اُنپر اور مان لینا اور کہنا ائمہ سلف اور اہل سنت نے ان صفتون کے ہاتھ نہ لگاری کرو انمین جیسے آئی ہین بلا کیف انتہی قولہ نفسی نفسی یعنے میرا نفس خود مستحق ہے کہ کوئی شفاعت اُسکی کرے (منہ) قولہ وہ خرچ کی ہین نے اپنے قوم کی ہلاکت کے لئی آہ حدیث مین وارد ہوا ہے کہ ہر نبی کی ایک دعا مقبول ہے اور مین نے اپنے دعا کو رکھ چھوڑا ہے کہ اپنی امت کے شفاعت مین خرچ کرونگا اور حضرت نوح علیہ السلام کی دعا سی مراد ہی یہ دعا رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا قولہ اور مینے تین جھوٹ بولی الخ یہ ایک کفار سے آپنی فرمایا جب اُنہون نے اپنے میلہ مین مُلایا اِنِّيْ سَقِيْمٌ بیمار ہون اور جب کفار نے پوچھا تو نکو تم نے توڑا تو آپنے فرمایا بَلْ فَعَلَهٗ كَبِيْرُهُمْ یعنے بڑے بُت نے توڑا اور جب ایک بادشاہ جابر کے ملک سے آپکا گذر ہوا تو سارہ کو اپنی بہن فرمایا انتہی **فائدہ** نووی نے کہا ہے کہ قاضی عیاض نے بیان کیا ہے کہ مذہب اہل سنت کا جواز شفاعت ہے عقلاً اور وجوب اُسکا سمعاً بدلیل قولہ تعالی یَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا اور روایات صحیحہ بسیار ثبوت شفاعت مین وارد ہوئی ہین کہ تواتر معنوی کو پہونچ گئے ہین اور اجماع ہی سلف صالح کا ہے اور انکار کیا بعض خوارج اور معتزلہ نے اسلئے کہ اُنکا مذہب ہے کہ مذنبین مخلد فی النار ہین اور استدلال کیا اُنہون نے ان آیتون سے مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ اور آیۃ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِيْنَ اور جواب دیا ہی اہل سنت نے کہ مراد آیۃ اول مین ظلم سے شرک ہے اور آیۃ ثانی کفار کے حق مین ہے اور متعلق احادیث شفاعت کے تاویل یہ کرتے ہین کہ مراد ان سب شفاعتون سے زیادت درجات ہے نہ خروج عن النار حالانکہ یہ باطل ہے اور الفاظ احادیث صراحۃً اُنکے بطلان مذہب پر دال ہین اور مثبت ہین خروج مذنبین کے نار سی اور شفاعت پانچ قسم ہے اوّل واسطے نجات کے اہوال موقف سے اور یہہ مخصوص ہے آنحضرت کے ساتھہ دوسرے دخول جنت کے لئے تیسرے مستوجبان نار کے لئے چوتھے خروج مذنبین کے لئے نار سے کہ خروج اُن کا ثابت ہے بہ شفاعت نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور شفاعت ملائکہ و اخوان مؤمنین کے پانچوین رفع درجات کے لئے **بَابٌ مِنْهُ** دوسرا باب اسی بیان مین **عَنْ** انس قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِيْ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے شفاعت میری ہے اہل کبائر کے لئے میری اُمت سے **ف** اس باب مین جابر سے بھی روایت ہے یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے **عَنْ** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِيْ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ لِيْ جَابِرٌ يَا مُحَمَّدُ مَنْ لَمْ يَكُنْ مِّنْ اَهْلِ الْكَبَائِرِ فَمَا لَهٗ وَلِلشَّفَاعَةِ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے شفاعت میری میرے امت کے اہل کبائر کے لئے ہے کہا محمد بن علی نے کہا مجھہ سے جابر نے اے محمد جو نہو وے اہل کبائر سے اُسے شفاعت سے کیا تعلق **ف**

یہ حدیث غریب ہے اس سند سے ہم متترجم یہاں وہی شفاعت مراد ہے جو خروج عن النار کے واسطے ہے اور وہ مخصوص ہے اہل کبائر کے ساتھ یہ مطلب ہے جابر کے قول کا عن ابی امامة یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول وعدنی ربی ان یدخل الجنة من امتی سبعین الفا لا حساب علیهم ولا عذاب مع کل الف سبعون الفا وثلث حثیات من حثیات ربی ترجمہ روایت ہے ابی امامہ سے کہا انہوں نے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے وعدہ کیا ہے مجھ سے میرے پروردگار نے کہ داخل کریگا جنت میں میری امت سے ستر ہزار شخص کہ نہ حساب ہے اوپر نہ عذاب ہر ہزار شخص کے ساتھ پھر ستر ہزار اور تین لپ بھر کر میرے پروردگار کے ہاتھوں سے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے

ترجمہ جمیعہ اس حدیث کو منکر کیف افسوس ملتی ہیں متترلہ اپنے ہاتھوں آپ جلتی ہیں غرض منکران صفات ہر طرف ہاتھ پیر مارتے ہیں اور مؤولین بہرحال جان ہارتی ہیں محدثین کا دل ہاتھوں بڑھ رہا ہے وہ کہتے ہیں ایمان لائے ہم حثیات پر اپنے پروردگار کے اور سونپا انکے کیفیت کو علم الٰہی پر اور الفاظ محمول ہیں اپنے معانی ظاہر پر بلا تاویل وبلا تشبیہ وتعطیل حسبنا اللہ ونعم الوکیل وهو الهادی الی سواء السبیل عن عبد اللہ بن شقیق قال کنت مع رهط یا بلیاء فقال رجل منهم سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول یدخل الجنة بشفاعة رجل من امتی اکثر من بنی تمیم قیل یا رسول اللہ سواک قال سواای فما قام قلت من هذا قالوا هذا ابن ابی الجذعاء ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن شقیق سے کہا تھا میں ایک جماعت کے ساتھ ایلیا میں سو کہا ایک مرد نے انمیں سے سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتا تھا کہ داخل ہونگے جنت میں ایک مرد کی شفاعت سے جو میری امت سے ہوگا بنی تمیم کی لوگوں سے بڑا کر عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ وہ مرد سوا آپکے ہے فرمایا آپ نے ہاں میرے سوا ہے پھر جب کھڑا ہوا وہ شخص پوچھا میں نے لوگوں سے کون ہے یہ جسنے یہ روایت بیان کی لوگوں نے کہا یہ ابی الجذعا ہے ف یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے اور ابن ابی الجذعا کا نام عبداللہ ہے اور انکی یہی ایک حدیث معلوم ہوئی ہے متترجم مراد اس شخص سے عثمان ہیں یا اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہما عن ابی سعید ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال ان من امتی من یشفع للفئام من الناس ومنهم من یشفع للقبیلة ومنهم من یشفع للعصبة ومنهم من یشفع للرجل حتی یدخلوا الجنة ترجمہ روایت ہے ابی سعید سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں سے کوئی شفاعت کریگا کئی جماعتوں کی آدمیوں سے اور کوئی انمیں سے شفاعت کریگا ایک قبیلہ کی اور کوئی شفاعت کریگا ایک عصبہ اور کوئی شفاعت کریگا ایک مرد کی یہانتک کہ داخل ہونگے جنت میں ف یہ حدیث حسن ہے

متترجم فئام کہا بعضوں نے کہ جمعہ ہے فئہ کی اور فئہ بمعنے جماعت اور بعضوں نے کہا فئام بمعنی جماعات متعددہ اور واحد اسکا لفظ سی کوئی نہیں اور عصبہ جماعت ہے کہ اوزار اسکی دس سے چالیس تک ہیں عن عوف بن مالک الاشجعی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اتانی اتٍ من عند ربی فخیرنی بین ان یدخل نصف امتی الجنة وبین الشفاعة فاخترت الشفاعة وهی لمن مات لا یشرک باللہ شیئا ترجمہ روایت ہے عوف سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک آنیوالا میرے پاس آیا میرے رب کیطرف سے اور مجھے مخیر کیا اس باب میں کہ داخل ہو میری نصف امت جنت میں یا ملے مجھے وہ شفاعت کا تو میں نے اختیار کیا وہ شفاعت کا اور وہ شفاعت اسکے واسطے ہی جو مرے اور شریک نہ کیا ہو اللہ تعالیٰ کا کسی چیز کو ف اور مروی ہوئی یہ حدیث ابوالمیسرہ سے وہ روایت کرتی ہیں ایک اور صحابی سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے وہ آنحضرت سے اور نہیں ذکر کرتے اسمیں عوف بن مالک کا متترجم اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نیچہ پرست شدہ پرست نعل پرستوں کو شفاعت سے کچھ بہرہ نہیں اور جنکے دل میں ایک ذرہ شرک کا باقی ہے وہ شفاعت کا مستحق نہیں اور بات یہی ہے راسلئے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم شفیع المذنبین ہیں نہ شفیع المشرکین باب ماجاء فی صفة الحوض باب حوض کوثر کے بیان میں عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال ان فی حوضی من الاباریق بعدد نجوم السماء ترجمہ روایت ہے انس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے حوض میں صراحیاں ہیں آسمان کے ستاروں کے شمار کے برابر ف یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے اس سند سے عن سمرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ان لکل نبی حوضا وانهم یتباهون ایهم اکثر واردة وانی ارجو ان اکون اکثرهم واردة ترجمہ روایت ہے سمرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر نبی کا ایک حوض ہے اور وہ فخر کرتے ہیں آپسمیں ایک دوسرے پر اسبات میں کہ کسکے حوض پر پانی پینے والے زیادہ جمع ہوتے ہیں اور میں امید رکھتا ہوں یعنے اللہ کے فضل سے کہ میرے حوض پر سب سے زیادہ جمع ہوں ف یہ حدیث غریب ہے اور راوی کے اشعث بن عبدالملک ہے یہ حدیث حسن ہے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً اور نہ ذکر کیا اسمیں سمرہ کا اور وہ صحیح تر ہے باب ماجاء فی صفة اوانی الحوض باب ظروف حوض کے بیان میں عن ابی سلام الحبشی قال بعث الی عمر بن عبدالعزیز فحملت علی البرید فلما دخل علیه قال

فصل دوم شفاعت کے بیان میں

باب حوض کوثر کا بیان

يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ لَقَدْ شَقَّ عَلَيَّ مَسِيرِي إِلَيْكَ فَقَالَ يَا أَبَا سَلَّامٍ مَا أَرَدْتُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ وَلَكِنْ بَلَغَنِي عَنْكَ حَدِيثٌ أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْكَ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَوْضِ فَأَحْبَبْتُ أَنْ تُشَافِهَنِي بِهِ فَقَالَ أَبُو سَلَّامٍ حَدَّثَنِي ثَوْبَانُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَوْضِي مِنْ عَدَنَ أَبْيَنَ إِلَى عَمَّانَ الْبَلْقَاءِ مَاؤُهُ أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ وَأَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ وَأَكْوَابُهُ عَدَدُ نُجُومِ السَّمَاءِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ شَرْبَةً لَمْ يَظْمَأْ بَعْدَهَا أَبَدًا أَوَّلُ النَّاسِ وُرُودًا عَلَيْهِ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ الشُّعْثُ رُءُوسًا الدُّنْسُ ثِيَابًا الَّذِينَ لَا يَنْكِحُونَ الْمُتَنَعِّمَاتِ وَلَا يُفْتَحُ لَهُمُ السُّدَدُ قَالَ عُمَرُ لَكِنِّي نَكَحْتُ الْمُتَنَعِّمَاتِ وَفُتِحَتْ لِي السُّدَدُ نَكَحْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ عَبْدِ الْمَلِكِ لَا جَرَمَ إِنِّي لَا أَغْسِلُ رَأْسِي حَتَّى يَشْعَثَ وَلَا أَغْسِلُ ثَوْبِيَ الَّذِي يَلِي جَسَدِي حَتَّى يَتَّسِخَ ترجمہ روایت ابی سلام حبشی سی کہا اُنہون نے بھیجا مجھکو عمر بن عبد العزیز نی پیغام اور مین سوار کیا گیا بریدپر جب داخل ہوا مین اُنپر کہا ای امیر المؤمنین شاق گذری مجھپر سواری بریدکی فرمایا عمر بن عبد العزیز نی ای ابو سلام مجھی یہ منظور نہین کہ تُمپر مشقت ہو مگر مین نے تمہین ایسی لئی تکلیف دی کہ مین نے سُناہی کہ تُم ایک حدیث بیان کرتی ہو ابو اسمۂ ثوبان کے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سی حوض کوثر کی پاسمین تو مین نے چاہا کہ تُسے بالمشافہ سُنون کہا ابو سلام نے روایت کی مجھسے ثوبان نے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حوض میرا عدن سے عمان تک ہے پانی اُسکا زیادہ سفید ہے دودھ سے اور زیادہ میٹھا ہی شہد سی آبخوری اُسکی بعدد اُن آسمان کے تاری جس نے ایکبار اُسمین سے پیا پیاسا نہو گا بعد اُسکی کبھی پہلے جو لوگ اُسپر آئینگے فقرائی مہاجرین ہونگے گرد آلود سر اُنکے میلی کچیلی کپڑے نکاح نہین کرتے نازپروردہ عورتون سے اور نہین کھولی جاتی اُنکے لئی دروازی کہا عمر بن عبد العزیز نی لیکن مین نے تو نکاح کیا نازپروردہ عورتون سے اور کھولی گئی میرے لئی دروازی نکاح کیا مین نے فاطمہ بنت عبد الملک سے مگر اتنی بات تو ضرور ہے کہ مین نہین دھوتا اپنا سر جبتک کہ چکٹ نجاوی اور نہین دھوتا اپنی کپڑی کہ میرے بدن سے لگے ہین جبتک کہ میلے کچیلی نہون **ف** یہ حدیث غریب ہے اِس سند سے اور مروی ہوئی ہی یہ حدیث معدان بن ابی طلحہ سی اُنہون نے روایت کی ثوبان سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ابو سلام حبشی کا نام ممطور ہے **مترجم** بریدلفظ فارسی ہے اصل مین پیک کو کہتے ہین اور ترجمہ ترمذی مین کہا ہی بریدوہ خچر ہی کہ بارہ میل کے سواری کے لئے مستعد رکھین اور عمّان بضم عین اور تشدید میم ایک موضع کہی شام مین اور بضم عین اور بتخفیف میم ایک موضع بحرین مین اور بلقا ایک شہر ہی شام مین اور عدن جزیرہ مشہور ہی کہ ممر ہے حجاج کا اور یہ لفظ منصرف ہے اور غیر منصرف بھی وارد ہوا ہے اور اختلاف احادیث کا تعدد حوض مین مبنی اسپر ہے کہ سامع کی ذہن مین اُسکی بڑائی آجاوے یہ مقصود نہین کہ مقدار اُسکا بعینہٖ مذکور ہوا سی لئے ہر مقام مین حسب ادراک مخاطب جیسا مناسب ہوا ویسا ارشاد ہوا قولہ نکاح نہین کرتے یعنی خود بہی صحبت نازپروردہ عورتون کی نہین چاہتے اور طلب کرین تو کوئی اُنکے خطبہ کو قبول نکری قولہ اور نہین کھولی جاتی دروازی یعنے کسیکے دروازی پر اذن مانگی داخل ہونیکا تو اذن نہ ملی غرض یہ کہ نہایت ابتذال و عجز سے وہ دنیا مین رہے ہین اور کسیطرح کا جاہ و منزلت اور علو مرتبت زمین پر نہین چاہتے مظہر عبدیت ہین اور معدن کسر و انکسار نہ طالب حشمت ہین نہ راغب جاہ و افتخار **عن** أَبِي ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا آنِيَةُ الْحَوْضِ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَآنِيَتُهُ أَكْثَرُ مِنْ عَدَدِ نُجُومِ السَّمَاءِ وَكَوَاكِبِهَا فِي لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ مُصْحِيَةٍ مِنْ آنِيَةِ الْجَنَّةِ مَنْ شَرِبَ مِنْهَا لَمْ يَظْمَأْ آخِرَ مَا عَلَيْهِ عَرْضُهُ مِثْلُ طُولِهِ مَا بَيْنَ عَمَّانَ إِلَى أَيْلَةَ مَاؤُهُ أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ وَأَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ **ترجمہ** روایت ابی ذر سی کہا اُنہون نی عرض کیا مین نے یارسول اللہ کیسے ہین برتن حوض کوثر کے فرمایا اُسنے قسم ہے اُس پروردگار کی کہ میری جان اُسکے ہاتھ مین ہے بیشک برتن اُسکی آسمان کے تارون سے زیادہ ہین اُس رات مین کہ اندھیری ہو اور ابر ظلک سے کہلگیا ہو روشن برتن جنت کے برتنون سے ہین جسنی پیا اُسمین سے کبھی پیاسا نہو گا آخر وقت تک عرض اُسکا طول کے برابر ہی یعنے چوڑائی اُسکی ہے عمان سے ایلہ تک پانی اُسکا دودھ سے زیادہ سپید اور شہد سی زیادہ میٹھا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے اور اسباسمین حذیفہ بن الیمان و عبد اللہ بن عمر و ابی برزہ اسلمی و ابن عمر و حارثہ بن وہب و مستورد بن شداد سی بہی روایت ہے اور مروی ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حوض میرا کوفہ سی حجر اسود تک ہے **مترجم** قولہ برتن اُسکی آسمان کے تارون سے الخ یعنے جس شب مین اندھیرا ہو چاندنی نہو اسلئے کہ چاندنی مین اکثر چھوٹے تاری نظر نہین آتی اور ابر فلک سے کہل گیا یعنے مینہہ برس کر بدلی کہل گئے ہو کہ جو سما گرد و غبار سے پاک ہوا ور کوئی شے حایل نہو رائی اور فلک کے درمیان اُس رات مین جیسے تاری کثرت سے چمکتے ہوے اُن گنت نظر آتی ہین اُس سے زیادہ برتن ہین اُس حوض کے **باب** اُن لوگون کے بیان مین جو بغیر حساب داخل جنت ہونگے **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا أُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُعِلَ يَمُرُّ بِالنَّبِيِّ وَالنَّبِيَّيْنِ وَمَعَهُمُ الْقَوْمُ وَالنَّبِيِّ وَالنَّبِيَّيْنِ وَمَعَهُمُ الرَّهْطُ وَالنَّبِيِّ وَالنَّبِيَّيْنِ وَلَيْسَ مَعَهُمْ أَحَدٌ حَتَّى مَرَّ بِسَوَادٍ عَظِيمٍ فَظَنَنْتُ


ان لوگون کا بیان جو بغیر حساب جنت ہونگے

من هذا قيل موسى وقومه ولكن ارفع رأسك فانظر قال فاذا هو سواد عظيم قد سد الافق من ذا الجانب ومن ذا الجانب فقيل هؤلاء امتك ومنهم هؤلاء من امتك سبعون الفا يدخلون الجنة بغير حساب فدخل ولم يبينوا له فافاض القوم وقال قائلون هم آباؤنا الذين ولدنا على الفطرة والاسلام فخرج النبي صلى الله عليه وسلم فقال هم الذين لا يكتوون ولا يسترقون ولا يتطيرون وعلى ربهم يتوكلون فقام عكاشة بن محصن فقال انا منهم يا رسول الله قال نعم ثم جاء آخر فقال انا منهم فقال سبقك بها عكاشة ترجمہ وہ ستر ہزار کون ہیں اور اپنی تفسیر سے انکی سو بعض اصحاب کہنے لگی شاید وہ ہم لوگ ہوں یعنے اصحاب انکی یاد بعضوں نے کہا وہ لڑکے ہیں کہ فطرت اسلام پر پیدا ہوئے ہیں نکل آئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور فرمایا وہ وہ لوگ ہیں کہ نہ داغ کرتے ہیں اور نہ منتر کرواتے ہیں اور نہ بدفالی لیتے ہیں اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں سو کھڑے ہوگئے عکاشہ بن محصن اور عرض کے کہ میں انمیں ہوں یارسول اللہ فرمایا آپنی بان پیر آئی دوسرے صاحب اور عرض کی کہ میں بھی انمیں ہوں فرمایا آپنے سبقت کی تمیر عکاشہ نے **ف** اس باب میں ابن مسعود اور ابی ہریرہ سے بھی روایتیں ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** رہط جماعت مردونکی جو دس سی کم ہو اور بعضوں نے کہا چالیس تک اور نہو انمیں کوئی عورت اور واحد اسکا لفظ سی ہیں اور جمع اسکے رہط اور ارہاط اور جمع الجمع ارامط آتی ہے اور تصغیر اسکی رُمیط ہی اور اس حدیث میں بیان ہے توکل کا اور فضیلت متوکلین کے اور توکل لغت میں اظہار عجز اپنا اور اعتماد کرنا غیر پر اور شرع میں عبارت ہے اس سے کہ بندہ اپنا کام کارساز حقیقی پر چھوڑ دی اور اسکی تقدیر پر مفوض کرسے اور حرکات و سکنات میں کسیکو متصرف نجانکر کما لیت فی ید الفعال اس فعال کما یرید کے سامنی ہو جاوے اور نظر اپنی اسباب پر نرکھے اور اسباب تین قسم ہیں یقینی ظنی وہمی تفصیلے جسے لقمہ موہ میں رکھنا اور چبانا کہ سبب ہے سیر ہونے کا مباشرت ان افعال کے منافی توکل نہیں بلکہ ترک اسکا جہل و سفاہت ہے اور موجب اثم و معصیت اور ظنی وہ کہ عارضی ہوتی سنت آلہی اور تقدیر اسکے عامۂ خلایق میں جیسے کسب قوت اور معالجت اور مداوات بادویۂ طبیعیہ کہ حاصل ہوا ہے ظن اسکے نفع کے ساتھ اور مانند احتیاط نفس کے ایجنے سے کہ غالب انمیں ہلاک ہے جیسے خواب کرنا ایسی جگہ میں کہ عادت ہے وہاں سیل اور شیر وغیرہ کی آنیکی شلا اور یہ قسم کبھی ساقط ہوجاتی ہے نظر سے اہل توکل کے اور یقین ہوتا ہے انکو قدرت حق کے مشاہدہ پر اور اسکی تقدیر پر اور یقین ہوتا ہے کہ ایک ذرہ بی اذن پروردگار کے نہیں ہلسکتا اور کوئی چیز بی تقدیر اور اندازہ اسکے وقوع میں نہیں آسکتے اور اسباب بھی وہ ہے ترک اسکا مردمتوکل کو اور مباشرت اسکی منافی توکل کے بالکل جیسیکہ قیام متعلم نکرنا ایسے مقام میں کہ جہاں کبھی سیل اور شیر نہیں آتا اور جیسے قدم رکھنا سانپ سے متحرز ہونا اور افسوس ہائی جاہلیت اور تطیر اور مانند اسکے جن چیزونکی شارع نے نفی کی ہے اس قسم سی ہیں اور ترک تدبیرات اور معالجات عادیہ کا قسم ثانی سے بھی نفہم کذا ذکر الشیخ فی شرح المشکوٰۃ قولہ وہ لوگ ہیں کہ نہ داغ کرتی ہیں الخ اسلئی کہ داغ اسباب ہمیشے سے دوار دہوئی ہے اس سے نہے قولہ اور نہ منتر کرواتی ہیں الخ مراد اس سے منتر جاہلیت کے ہیں کہ جسمیں احتمال ہے شرک کا اور داخل ہیں انمیں جمیع منتر کہ جسکے معنی معلوم نہو کہ احتمال ہے انمیں کفر و شرک کا قولہ سو کھڑے ہوگئے عکاشہ بن محصن الخ اسمیں دلالت ہے اوپر مسارعت اور مسابقت کے نیکیوں میں اور طلب دعائے صالحین سے دوسرے ردایتو میں تصریح وارد ہوئی ہیں کہ انہوں نے عرض کیا کہ آپ دعا کیجئے کہ اللہ مجھے اس گروہ میں داخل کردے قولہ سبقت کی تمیر عکاشہ نے دوسری روایت میں وارد ہوا ہے کہ وہ مرد دوسرے سعد بن عبادہ تھے گویا آپکو وحی خفی ہوئی کہ ایک شخص اسی مجلس میں اس جماعت میں داخل ہوسکتا ہے یہ جو سابق بموجود مقدم ہے اور مستحق اور عکاشہ صحابی مشہور ہیں حاضر ہوئی بدر میں اور جو شاہد کہ بعد اسکے ہیں اور ٹوٹ گئی انکی تلوار بدر کے دن پس دی انحضرت نے انکو ایک چوب یا شاخ خرما کہ خشک ہوگئی ہے سو ہوگئی انکے ہاتھ میں شمشیر اور وہ پہلے شخص ہیں کہ جیت رضوان کی اور بشارت دی آنحضرت نے انکو بہشت کی اور وہ فضلای صحابہ سے تھے اور وفات پائی خلافت صدیق میں زمن ردت میں اور عمر مبارک انکی چونسٹھ سال ہے روایت کے اسی ابوہریرہ اور ابن عباس سے اور ہیں انکی ام قیس بنت محصن ہیں

ترجمہ مشکوٰۃ **عن** انس بن مالک قال ما اعرف شيئا مما كنا عليه على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلن اين الصلوٰة قال اولم تصنعوا

فِیْ صَلَاتِکُمْ مَا قَدْ عَلِمْتُمْ ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہا انہوں نے نہیں دیکھتا میں اب کچھ اس شئے سے جس پر تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ہم لوگ ابو عمران جونی کہتے ہیں کہا میں نے کہاں ہے نماز فرمایا انس نے کیا تم نے کہ نہیں نماز میں ایسی چیز کہ تم جانتے ہو اپنے اس میں ہی تم سستی اور کاہلی کرتے ہو ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہوئی کئی سندوں سے انس رضی اللہ عنہ سے ترجم اللہ اللہ اس حدیث سے تغیر زمان اور اہل زمان معلوم ہوتا ہے اور ذہاب علم و کمال ایمان کا اور ظہور قصور اتقان کا کہ صحابی جلیل القدر قریب العہد آنحضرت سے کہتے ہیں کہ میں حضرت کے زمانہ کی کوئی چیز نہیں دیکھتا افسوس صد افسوس ہے اس زمانہ کا کیا حال خیال کیا جاوے کہ وفات مبارک سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے تیرہ سو برس کامل ہوئے ہیں وہ بھی فتن و زلازل و برخ و محن سے دو چار ہیں اور اکثر بلاد اہل اسلام کے نصاریٰ کے قبضہ اقتدار میں ہیں اور انہدام شعائر اسلام کا اور انسداد حدود شرعیہ کا بدرجہ اتم ہے تنفر لوگوں کے امر دین میں اثر کرتا جاتا ہے تسنن مثل عنقا گم ہے بندگان بیدار روتی ہیں اور انام غفلت سوتی ہیں اور نہ انمیں جوش مردانہ نہ انمیں ہوش عاقلانہ قوانین ریاست اہل اسلام سے مسلوب اور قواعد سیاست ان پاس محبوب اسیر وقوف نہ ہے شعور نزار ہا مساجد بے چراغ اور معابد آشیانہ زاغ ہو رہے ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون اللّٰھُمَّ اجْرِنَا فِیْ مُصِیْبَتِنَا وَاخْلُفْ لَنَا خَیْرًا مِّنْھَا عَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ عُمَیْسٍ الْخَثْعَمِیَّۃِ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَخَیَّلَ وَاخْتَالَ وَنَسِیَ الْکَبِیْرَ الْمُتَعَالِ وَبِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَجَبَّرَ وَاعْتَدٰی وَنَسِیَ الْجَبَّارَ الْاَعْلٰی بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ سَھَا وَلَھَا وَنَسِیَ الْمَقَابِرَ وَالْبِلٰی بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ عَتَا وَطَغٰی وَنَسِیَ الْمُبْدِءَ وَالْمُنْتَھٰی بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ یَخْتِلُ الدُّنْیَا بِالدِّیْنِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ یَخْتِلُ الدِّیْنَ بِالشُّبُھَاتِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ طَمَعٌ یَقُوْدُہٗ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ ھَوًی یُضِلُّہٗ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ رَغَبٌ یُذِلُّہٗ ترجمہ روایت ہے اسماء بنت عمیس سے کہا انہوں نے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ برا ہے وہ بندہ کہ خیال خام پکایا اور اترایا اور بھولگیا خدای بزرگ و برتر کو اور برا ہے وہ بندہ کہ تکبر کیا اسنی اور زیادتی کی اور بھولگیا جبار برتر کو برا ہے وہ بندہ کہ بھولگیا اور کھیل میں مشغول ہوگیا اور بھولگیا قبروں کو اور مٹی ہوکے گل سڑ جانی کو برا ہے وہ بندہ کہ حد سے تجاوز کیا اسنے اور سرکشی کی اور بھولگیا اپنے ابتدائی خلقت کو اور انتہائی کار کو برا ہے وہ بندہ کہ طلب کرتا ہے دنیا کو امور دین سے برا ہے بندہ کہ ملاتا ہے دین اپنا ساتھ شبہوں کے برا ہے وہ بندہ کہ اسکو طمع کھینچے پھرتی ہے برا ہے وہ بندہ کہ اسکو ہوائی نفسانی گمراہ کرتی ہے برا ہے وہ بندہ کہ اسکو حرص ذلیل کرتی ہے ف اس حدیث کو نہیں پہچانتے ہم مگر اسی سند سے اور اسناد اسکی قوی نہیں عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّمَا مُؤْمِنٍ اَطْعَمَ مُؤْمِنًا عَلٰی جُوْعٍ اَطْعَمَہُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّۃِ وَاَیُّمَا مُؤْمِنٍ سَقٰی مُؤْمِنًا عَلٰی ظَمَاٍ سَقَاہُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مِنَ الرَّحِیْقِ الْمَخْتُوْمِ وَاَیُّمَا مُؤْمِنٍ کَسَا مُؤْمِنًا عَلٰی عُرْیٍ کَسَاہُ اللّٰہُ مِنْ خُضْرِ الْجَنَّۃِ ترجمہ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو مومن کہ کھلاوے کسی مومن کو بھوک کے وقت کھلاوے گا اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن جنت کے میوہ جات سے اور جو مومن کہ پلاوے کسی مومن کو پیاس کے وقت پلاوے گا اسے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن رحیق مختوم سے اور جو مومن پہناوے کسی مومن کو ننگی بدن اسکے کے وقت پہناوے گا اسے اللہ تعالیٰ سبز حلوں سے جنت کے ف یہ حدیث غریب ہے اور مرادی ہے علیہ سے انہوں نے روایت کی ابی سعید سے موقوفا اور یہ صحیح ہے نزدیک اور اشبہ ترجم رحیق نام ہے شراب کا مختوم مہر لگی ہوئی اسکے شیشہ پر عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ خَافَ اَدْلَجَ وَمَنْ اَدْلَجَ بَلَغَ الْمَنْزِلَ اَلَا اِنَّ سِلْعَۃَ اللّٰہِ غَالِیَۃٌ اَلَا اِنَّ سِلْعَۃَ اللّٰہِ الْجَنَّۃُ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو ڈرا اول شب سے چلا اور جو اول شب سے چلا منزل کو پہنچا آگاہ ہو کہ پونجی اللہ تعالیٰ کی گراں قیمت ہے آگاہ ہو کہ پونجی اللہ تعالیٰ کی جنت ہے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر ابی النضر کی روایت سے مترجم قولہ جو ڈرا یعنے شب خیزی سے کہ ایک قوم رات کو آنکر اپنے بستی اور شہر لوٹیگی اور زن و بچہ کو قتل کریگے پہر اول شب سے بستی چھوڑ بہاگا اور صبح تک امن کی جگہ میں پہونچگیا یہ حضرت بطور مثال کے فرمایا کہ جو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے لیگا اور نہا اسپر کٹہرا ہے یا موت سے ڈرا کہ وہ آیا سر پر سوار ہے اور نیک عمل میں سعی کرنیکا طریقہ اختیار کیا اور عادات سابقہ اور معاصی ماضیہ کے شہر سے بقدم توبہ نکلا اور بقیہ عمر چلتا رہا طریق حسنات میں تو صبح قیامت کو یا صبح موت کے وقت منزل مقصود کو پہونچگیا اور راحت پائی اور جو نکلا نہ چلا فوج نے اگر اسکا مال لوٹا اور اسکے اہل و عیال اسیر کیا اور وہ ہلاک ہوگیا اور سامان متاع خانگی یا جو چیز کہ معرض بیع میں لائی جاوے اسطرح جنت مسلمانوں کے اعمال صالحہ کے عوض میں بیع ہوئی ہے مگر قیمت اسکی بہت گران ہے جب تک ضامی مول نہ ہو اسکا نا ممکن ہے عَنْ عَطِیَّۃَ السَّعْدِیِّ وَکَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَبْلُغُ الْعَبْدُ اَنْ یَّکُوْنَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ حَتّٰی یَدَعَ مَا لَا بَاْسَ بِہٖ حَذَرًا لِمَا بِہٖ بَاْسٌ ترجمہ روایت ہے عطیہ سعدی سے

الفتے وہ اصحاب سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ پہونچیگا بندہ درجہ پرہیزگاروں کے جب تک کہ نچھوڑی اُس چیز کو جسمیں شبہ نہیں ہے اُسچیز سے بچنے کی لئے کہ جسمیں شبہ ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے **عن** حنظلۃ الاسیدی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو انکم تکونون کما تکونون عند الملائکۃ لصافحتکم **ترجمہ** روایت ہے حنظلہ اُسیدی سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر تمہاری حالت ویسی ہے رہیں جیسا کہ تمہارے پاس ہوتی ہیں تو سایہ کریں تمپر فرشتے اپنے پروں سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہے یہ حدیث اس سند کے سوا کئی سندوں سے حنظلہ اُسیدی سے اور اسامہ بن ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے **مترجم** اس حدیث میں دلالت ہے تاثیر پر صحبت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اور علی ہذا القیاس اثر صحبت پر صالحین کے اور اشارہ ہے فضیلت بشیر کی حاصل ہوتی ہے بصحبت انبیاء علیہم التحیۃ والثنا **عن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان لکل شئ شرۃ ولکل شرۃ فترۃ فان صاحبھا سدد وقارب فارجوہ وان اشیر الیہ بالاصابع فلا تعدوہ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شئی کے ایک حرص نشاط ہی اور ہر حرص نشاط کی ایک فترت ہے پھر اگر صاحب اُسکا متوسط چال چلا اور حق سے نزدیک ہوتا رہا تو امید کرو اُسکی بہتری کی اور اگر اشارہ کیا جاوے اُسکی طرف انگلیوں سے تو اُسی کو چھ شمار میں نہ لاؤ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہوئی ہے انس بن مالک سے انہوں نے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنی کافی ہے آدمی کو اتنا شر کہ اشارہ کیا جاوے اُسکی طرف انگلیوں سے دنیا میں یا دین میں مگر جسکو بچاوے اللہ تعالی **مترجم** یعنے ہر شئی کی ابتدا میں ایک نشاط و خوشی و فرحت و جوش ہوتا ہے اسیطرح عبادت و زہد و ریاضت کی ابتدا میں بھی آدمی کو خوب شوق و ذوق رہتا ہی پس اگر مجتنب ہا آدمی افراط و تفریط سے اور ثابت ہا صراط مستقیم پر اور قریب ہوتا گیا حق سے تو امید ہے کہ منزل مقصود کو پہونچی اور اگر شہر کے ایسی ہوئی کہ جدہر نکلا انگلیاں اُٹھنے لگیں کہ یہ بڑا عابد ہے بڑا زاہد ہے تو فتنہ سے بچا اور ذلت سے محفوظ رہا مستعد رہے گمر جسے اللہ تعالی بچاوے غرض اقتصاد الامور یعنی بیچ کی چال پر مستقیم رہنا اور مشہور نہونا طریقہ سلامت ہے اور شہرت کا انجام حسرت و ندامت **عن** عبد اللہ بن مسعود قال خط لنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطا مربعا وخط فی وسط الخط خطا وخط خارجا من الخط خطا وحول الذی فی وسط خطوطا فقال ھذا ابن ادم وھذا اجلہ محیط بہ وھذا الذی فی الوسط الانسان وھذہ الخطوط عرضہ ان نجا منہ نھشتہ ھذا والخط الخارج الامل **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ کھینچی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لکیر مربع اور مربع لکیر کی اندر ایک لکیر اور کھینچی اور ایک لکیر اُس مربع کی باہر اور کھینچی اُس خط کے گرد جو وسط مربع میں واقع تھا کتنی لکیریں پھر فرمایا یہ ابن آدم ہے یعنے وسط مربع میں اور یہ اجل اُسکی ہے یعنی وہ خط جو اُسے ہر طرف سے گھیرے ہیں اور یہ جو بیچوں بیچ میں ہے انسان ہے اور یہ خطوط بلیات و آفات اُسکی ہیں اگر ان سے بچا تو لیا اس خط عریض نے اُسکو اور خط خارج اُسکی امید ہے **ف** یہ حدیث صحیح ہے **مترجم** خط مربع جو الف ب ج د سے مرکب ہے موت انسان ہے جو جانب اربعہ سے اُسی گھیرے ہوئی ہے اور ف ک جو خط وسط مربع میں ہے انسان ہے اور خطوط صغار اُسکے یمین و یسار عوارض و بلیات و آفات و امراض و حوادث ہیں کہ اُس سے احتراز ممکن نہیں اور خط بیرون مربع جو م ن سے مرکب ہے امل اور امید دراز اُسکو ہے کہ اُس خیال خام میں دوڑتا رہوتا ہی وسعی اور کوشش کرتا ہے آخر ش مرجاتا ہے اور کف افسوس ملتا ہی **عن** انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یھرم ابن ادم ویشب منہ اثنتان الحرص علی المال والحرص علی العمر **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بوڑھا ہوجاتا ہے آدمی اور جوان ہوتی جاتی ہیں اُسمیں دو چیزیں ایک حرص مال کی دوسرے حرص زیست کی **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عن** عبد اللہ بن الشخیر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثل ابن ادم وال جنبہ تسعۃ وتسعون منیۃ ان اخطأتہ المنایا وقع فی الھرم **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن الشخیر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے صورت بنائی گئی انسان کی اور اُسکے بازو پر ننانوے موت ہیں اگر ان موتوں سے بچ گیا تو گرفتار پیری ہوا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** قولہ صورت بنائی گئی یعنے عالم مثال میں اسطرح مشکل ہوا یا خلقت اُسکی مستلزم ہے اُن امراض و آفات کی جسکا انجام موت ہو پھر اگر ان سے بحفاظت الٰہی محفوظ رہا اور موت نہ آئی تو ایک اور مرض لادوا میں گرفتار ہوا اور وہ پیری ہے کسی نے خوب کہا ہے **مصرع** پیری و صد عیب چنین گفتہ اند اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہرم سے یعنے پیری سے پناہ مانگی ہے **عن** ابی بن کعب قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ذھب ثلث اللیل قام فقال یا ایھا الناس اذکروا اللہ اذکروا اللہ جاءت الراجفۃ تتبعھا الرادفۃ جاء الموت بما فیہ جاء الموت بما فیہ قال ابی قلت یا رسول اللہ



اُوَ اُكْثِرُ الصَّلٰوةَ عَلَيْكَ فَكَمْ اَجْعَلُ لَكَ مِنْ صَلٰوتِيْ قَالَ مَا شِئْتَ قُلْتُ الرُّبُعَ قَالَ مَا شِئْتَ فَاِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ فَالنِّصْفَ قَالَ مَا شِئْتَ وَاِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ قُلْتُ فَثُلُثَيْ قَالَ مَا شِئْتَ فَاِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ قُلْتُ اَجْعَلُ لَكَ صَلٰوتِيْ كُلَّهَا قَالَ اِذًا تُكْفٰى هَمَّكَ وَيُغْفَرُ ذَنْبُكَ ترجمہ روایت ہے ابی بن کعب سے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم اُٹھتے جب دو ثلث رات گذر جاتی اور فرماتی ای آدمیوں یاد کرو اللہ کو یاد کرو اللہ کو اگئی کھڑکھڑانی والی ساتھ لگی ہے اُسکی دوسرا آگئی موت اپنی فوج لیکر آگئی موت اپنی فوج لیکر کہا اُبی نے پھر عرض کی میں نے یارسول اللہ میں بہت درود پڑھا کرتا ہوں آپ پر سو کتنا وقت مقرر کروں آپکی درود پڑھنے کی لئی یعنے اپنی وظیفہ کے وقت میں سے فرمایا آپنی جتنا تم چاہو میں نے کہا چوتھائی آپنی فرمایا جتنا تم چاہو اور اگر اس سے زیادہ کرو تو بہتر ہے تمہارے حق میں میں نے کہا نصف آپنی فرمایا جتنا تم چاہو اور اگر زیادہ کرو تو بہتر ہے تمہاری لئی میں نے کہا دو ثلث آپنی فرمایا جتنا تم چاہو اور اگر زیادہ کرو تو بہتر ہے تمہاری لئی میں نے کہا میں تمام وقت میں وظیفہ کے درود وہی پڑھا کرونگا آپ پر آپنے فرمایا تو اب کفایت کریگا درود تمہارے سب فکروں کو اور بخشی جائینگے گناہ تمہارے **ف** یہ حدیث حسن ہے **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَحْيُوْا مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ قُلْنَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّا لَنَسْتَحْيِيْ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ قَالَ لَيْسَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ الْاِسْتِحْيَاءَ مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ اَنْ تَحْفَظَ الرَّاْسَ وَمَا وَعٰى وَتَحْفَظَ الْبَطْنَ وَمَا حَوٰى وَتَتَذَكَّرَ الْمَوْتَ وَالْبِلٰى وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ تَرَكَ زِيْنَةَ الدُّنْيَا فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدِ اسْتَحْيٰى مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حیا کرو اللہ تعالے سے جیسا حق ہے حیا کا ہمنے کہا ای نبی اللہ کے ہم حیا کرتے ہیں اور شکر ہے اللہ کا فرمایا آپنے یہ نہیں حیا نہیں ولیکن حیا کرنا اُس سے جو حق ہے حیا کا یہ ہے کہ حفاظت کری تو سر کی اور جو سر میں ہے یعنی حشیم و گوش و لسان کی اور حفاظت کری تو پیٹ کی اور جسکو اُس نے جمع کیا اور یاد رکھے تو موت کو اور بڑیوں کے گل سڑجانی کو اور جسنی ارادہ کیا فوز آخرت کا چھوڑدی زینت دنیا کی پس جسنی یہ سب پورا کیا اُسنی حیا کی اللہ تعالے سے یعنی جیسا حق ہے اُس سے حیا کا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے یعنے روایت ابان بن اسحاق کے وہ روایت کرتے ہیں صباح بن محمد سے **مترجم** قولہم حیا کرتے ہیں یعنے محرمات سے بچتے ہیں اور کبائر سے اور یہ پہلا درجہ ہے حیا کا اصحاب نے اسکو بیان کیا حضرت نے فرمایا میرے غرض یہ نہیں بلکہ میں اعلی درجہ کی حیا تعلیم کیا چاہتا ہوں پہر اُسے بیان فرمایا قولہ حفاظت کری تو سر کے اور جو اُسمیں ہے یعنے آنکھہ کو نظر بد سے اور گوش کو استماع غیبت سی اور ملاہی وغیرہ سے اور لسان کو کلام لغو و بیہودہ اور کذب و افترا سے باز رکھی اور اس حفاظت کا خوگر ہو قولہ اور حفاظت کری تو پیٹ کی یعنے حرام و شبہات سے نہ بھری بلکہ ورع و زہد اختیار کرے قولہ اور جسکو اُسنے جمع کیا یعنے پیٹ نے مع اُس سے اعضائی باقیہ میں مثل فرج اور ہاتھ اور پاؤں کے کرائکو مواظبت سحاق زنا مباشرت اجنبیہ سے بچاوی اور ان سب اعضا کو رضائے الٰہی میں اور خوشنودی باریتعالی میں لگاوی اور اسپر موت کو یاد کرتا رہے اور زینت دنیا اور جاہ و منزلت کا طالب نہو اُسنے حق اللہ سے حیا کرنیکا پورا کیا اور جسمیں کچھہ نقصان ہے اُسکی حیا میں اُتنا ہی زیان ہے **عن** شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ ترجمہ روایت ہے شداد بن اوس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عقلمند وہ ہے کہ جانچتا رہے اپنے نفس کو اور عمل کرے ما بعد موت کے واسطے اور عاجز وہ ہی کہ پیچھے پڑا رہے خواہش نفس کے اور غرور کرے اللہ کی رحمت پر **ف** یہ حدیث حسن ہے اور یہ جو فرمایا من دان نفسہ یعنے حساب کری اپنی نفس کا دنیا میں قبل اسکے کہ حساب کیا جاوے قیامت کے دن اور مروی ہے عمر بن خطاب سے کہ فرمایا اُنہوں نے حساب کرو اپنے نفسوں کا قبل اسکے کہ تم سے حساب لیا جاوے اور تدبیر کرو پہلے سی عرض اکبر کے لئی یعنے روبکاری آخرت کے لئی اور حساب ہلکا ہوگا قیامت کے دن اُس شخص پر جو حساب کرتا رہے اپنے نفس کا دنیا میں اور مروی ہے میمون بن مہران سے کہا کہ متقی نہیں ہوتا بندہ جبتک کہ حساب نکرے اپنے نفس سے اسطرح کہ جیسے کہ حساب کرتا ہے اپنی شریک سے اور خیال کرے کہ میرا کہانا کپڑا کہاں سے ہے یعنے حلال سے یا حرام سے یا شبہات سے **مترجم** قولہ اور غرور کرے یعنے گناہ پر جرأت کرے آدمی اور اللہ تعالے بطور حکومت اپنی مغفرت کا حق ثابت کرے جیسے بعضے بیوقوف کہتے ہیں کہ آخر اُسکو اپنے پیدا کئے کی شرم آویگی اور ہم کتنا گناہ کریں اُسکی مغفرت سے بخشدی جاوینگی اور ہمارا وسیلہ بہت بڑا ہے یہ سب باتیں بیوقوفی کے ہیں **عن** اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُصَلّٰهُ فَرَاٰى نَاسًا كَاَنَّهُمْ يَكْتَشِرُوْنَ قَالَ اَمَا اِنَّكُمْ لَوْ اَكْثَرْتُمْ ذِكْرَ هَادِمِ اللَّذَّاتِ لَشَغَلَكُمْ عَمَّا اَرٰى فَاَكْثِرُوْا مِنْ ذِكْرِ هَادِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ فَاِنَّهُ لَمْ يَاْتِ عَلَى الْقَبْرِ يَوْمٌ اِلَّا تَكَلَّمَ فَيَقُوْلُ اَنَا بَيْتُ الْغُرْبَةِ اَنَا بَيْتُ الْوَحْدَةِ وَاَنَا بَيْتُ التُّرَابِ وَاَنَا بَيْتُ الدُّوْدِ فَاِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ قَالَ لَهُ الْقَبْرُ مَرْحَبًا وَاَهْلًا اَمَا اِنْ كُنْتَ لَاَحَبَّ مَنْ يَمْشِيْ عَلٰى ظَهْرِيْ اِلَيَّ فَاِذْ وُلِّيْتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ اِلَيَّ فَسَتَرٰى صَنِيْعِيْ بِكَ فَيُتَّسَعُ لَهُ مَدَّ بَصَرِهٖ وَيُفْتَحُ لَهُ بَابٌ اِلَى الْجَنَّةِ وَاِذَا

دُفِنَ الْعَبْدُ الْفَاجِرُ اَوِ الْكَافِرُ قَالَ لَهُ الْقَبْرُ لَا مَرْحَبًا وَلَا اَهْلًا اَمَا اِنْ كُنْتَ لَاَبْغَضُ مَنْ يَمْشِيْ عَلٰى ظَهْرِيْ اِلَيَّ فَاِذْ وُلِّيْتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ اِلَيَّ فَسَتَرَى صَنِيْعِيْ بِكَ قَالَ فَيَلْتَئِمُ عَلَيْهِ حَتّٰى يَلْتَقِيَ عَلَيْهِ وَتَخْتَلِفُ اَضْلَاعُهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَصَابِعِهٖ فَاَدْخَلَ بَعْضَهَا فِيْ جَوْفِ بَعْضٍ قَالَ وَيُقَيَّضُ لَهٗ سَبْعِيْنَ تِنِّيْنًا لَوْ اَنَّ وَاحِدًا مِنْهَا نَفَخَ فِي الْاَرْضِ مَا اَنْبَتَتْ شَيْئًا مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا فَيَنْهَشْنَهٗ وَيَخْدِشْنَهٗ حَتّٰى يُفْضٰى بِهٖ اِلَى الْحِسَابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ اَوْ حُفْرَةٌ مِّنْ حُفَرِ النَّارِ ترجمہ روایت ہے ابی سعید رضی سے کہا داخل ہوئی سوا خدا صلے اللہ علیہ وسلم اپنے مصلے مین اور دیکھا کئی شخصونکو کہ وہ ہنس رہے تھے فرمایا آپنی اگاہ ہو اگر یاد کرو تم بہت ہاذم لذات کو تو بازر کہی تمکو اس سے کہ جسمین مین تمہین دیکھتا ہون سو بہت یاد کرو تم ہاذم لذات کو یعنے موت کو اسلئے کہ نہین آتا قبر پر کوئی دن مگر کلام کرتی ہی وہ سو کہتی ہے مین گہر ہون غربت کا مین گہر ہون تنہائی کا مین گہر ہون خاک کا مین گہر ہون کیڑونکا پھر جب دفن ہوتا ہے بندہ مومن کہتی ہے اُس سے قبر مرحبا واہلا اگاہ ہو بیشک تو بہت پیارا تھا میرا اُن لوگون سے جو میرے پیٹھہ پر چلتے ہین پھر اب جو مین متولی ہوئی تیری کام کی اور تو میرے طرف آگیا تو دیکھیگا تو میرے حسن سلوک کو جو مین تیری سانہ کرونگی پھر کشادہ ہو جاتی ہے اُسکی لئی جہانتک کہ اُسکی نظر پہونچتی ہے اور کھولدیا جاتا ہے اُسکے لئی ایک دروازہ طرف جنت کے اور جب دفن کیا جاتا ہے بندہ فاجر یا کافر کہتے ہے اُسکو قبر لا مرحبا ولا اہلا بیشک تو بڑا دشمن تھا میرا اُن لوگون سے جو میرے پیٹھہ پر چلتے ہین پھر اب جو مین متولی ہوئی تیرے کام کی اور تو آن پڑا میری طرف سو دیکھیگا تو میری بدسلوکی کو جو تیرے سانہ کرونگی پھر دباتی ہی وہ اُسکو اور زور ڈالتی ہے ہر طرف سے اُسپر اور مختلف ہو جاتی ہین پسلیان اُسکی کہا راوی نے اشارہ کیا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیون سے اور داخل کیا بعض کو بعض مین فرمایا اور مقرر کئے جاتے ہین اُسپر ستر اژدہے اگر ایک اُنمین سے پھونک دی زمین پر ایکبار تو کبھی گھاس نہ اُگے جبتک کہ دنیا باقی رہی پھر کاٹتے ہین اُسکو اور نوچتے ہین یہانتک کہ لیجاوین اُسی حساب کے طرف کہا راوی نے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک قبر ایک باغ ہی جنت کے یا غون سے یا ایک گڑہا ہی دوزخ کے گڑہون سے ف

یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے ترجم قولہ ہاذم لذات یا لفظ ہذال معجمہ اور مہملہ دونون طرح مروی ہے اور دونون صحیح ہین قولہ مرحبا واہلا یہ کلمہ ہے کہ عرب قائم مقام کہتا ہے یعنے آیا تو مکان وسیع مین اور ملا تو اہلیسے اہل سے کہ جسنے اُنس کریگا تو بیشک تو بہت پیارا تھا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو خدا کا دوست ہے اُسکو جمادات و نباتات سب دوست رکھتی ہین اور اُسکے دشمن کے سب چیز دشمن ہے عن ابن عباس یقول اخبرنی عمر بن الخطاب قال دخلت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاذا ھو متکیء علی رمل حصیر واثر الرمال فی جنبہ وفی الحدیث قصۃ طویلۃ ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے فرماتی تہی کہ خبر دی مجھکو عمر بن خطاب نے کہا داخل ہوا مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور تکیہ لگائی ہوئے تھے رمل حصیر پر سو دیکھا مینے کہ اثر کر گیا تھا وہ رمل آپکے بازو مین اور اسحدیث مین ایک قصہ ہی طویل ف یہ حدیث صحیح ہے ترجم قولہ رمل حصیر رمل بفتحتین و سکون میم بمعنے نسیج یعنے بُنا ہوا حصیر یا مُراد ہے کہ بوریے کی اور آپکے بچھین کوئی اور فرش نہا اور بوریے کے بُناوٹ کے نقش آپکے بدن مین جسمیں کہ اثر کیا تھا اور بعض روایتونمین رمال حصیر آیا ہے اور وہ من قبیل اضافت جنس کے ہے نوع کیطرف ای رمال من حصیر منسوج من ورق النخل یعنے بُناوٹ حصیر کے جو بُنا ہوا تھا ورق نخل سے اور وہ صحیح بخاری مین اسطرح مروی ہے کہ فرمایا ابن عباس نے مین آرزو رکہتا تھا کہ پوچھون حضرت عمر سے حال اُن دو عورتون کا ازواج نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جنکے باب مین اللہ تعالے فرماتا ہے اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا یعنے اگر توبہ کرو تم دونون تو جھک ہی ہین تمہارے دل سو حج کیا مین نے حضرت عمر کے ساتہ اور راہ سے کنارے ہوکے وہ اور کنارے ہوا مین بہی اُنکے ساتہ جبانگل لیکر پھر وہ پیچھے گئی اور آئے اور ڈالا مین نے اُنکے ہاتھون پر پانی جبانگل سے اور وضو کیا اُنہون نے پھر کہا مینے اے امیر المومنین وہ دو عورتین کون ہین ازواج نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جنکے حق مین اللہ تعالے فرماتا ہے اگر توبہ کرو تم تو جھکے ہین تمہارے دل تو اُنہون نے کہا تعجب ہے تکو ای ابن عباس تکو اتنا یہ بات معلوم نہین وہ دونون عائشہ و حفصہ ہین پھر بیان کرنے لگے حضرت عمر قصہ اُنکا اور کہا اُنہون نے کہ میرا ایک ہمسایہ تہا انصاری بنی امیہ کے قبیلہ سے اور مین اور وہ عوالی مدینہ سے نوبت بہ نوبت آتی تہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس یعنے آمدن و رفت مین پھر جب مین حضرت کے پاس آتا تہا تو لوٹ کر اُسنے کے کیفیت سے اُسکو اطلاع دیتا تہا اور وہ بہی ایسا ہی کرتا تہا اور ہم معشر قریش تھے کہ دبا رکھتے تھے اپنی عورتونکو پھر جب انصار پر آئے تو وہ ایسے تہی کہ عورتین اُنپر غالب تہین تو ہماری عورتین اُنکی عادتین سیکھنے لگین سو ایکدن مین نے اپنے عورت کو تو وہ مجھے جواب دینے لگے تو مین نے تعجب کیا اُسکے جواب دینے پر اُسنے کہا تمکو کیون تعجب ہوتا ہے میرے جواب دینے کا قسم ہے اللہ کی کہ ازواج نبی صلے اللہ علیہ وسلم حضرت کو جواب دیتی ہین اور ایک ایک

اُنمین کے حضرت سے الگ ہو بیٹھی ہے یعنے خفا ہو کر ساری دن رات تک سوئین یہ سُنکر گھبرایا اور مینے کہا وہ بڑی کمبخت ہے جو ایسا کرے پھر لیے مینے اپنے کپڑے یعنے بارہ خانے کے اور داخل ہوا مین حفصہ کے پاس اور کہا مینے ای حفصہ تم مین سے ایک ایک خفا کر دیتی ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو ساری دن رات تک سو اُنہون نے کہا ہان مینے کہا محروم ہوئی خیر سے اور نقصان پایا اُسنی کیا تو نڈر ہے اس سے کہ غصہ کری تجھپر اللہ تعالے بسبب غصہ رسول کے اور ہلاک ہو جاوے تو مت زیادہ مانگ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور کبھی جواب دی اُنکو کسی باتکا اور مت جُدا ہو اُنسے اور مانگ لے مجھسے جو تجھے ضرور ہو اور دھوکا مت کہا تو اسپر کہ ساتھی تیرے تجھسے زیادہ خوبصورت ہے اور پیاری ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے یعنے عائشہ مراد ہے کہ تو اُسکی برابری مت کر اور اُنہین دنونمین چرچا تھا کہ بنی غسان کے لوگ طیاری کر رہے ہین ہمسے لڑنے کی سو گیا میرا ہمسایہ اپنی باری کے دن آنحضرت کے پاس اور لوٹ کر آیا وہ رات کو اور میرا دروازہ ٹھونکا بہت زور سی اور کہا کیا سو گئی وہ سو مین گھبرایا اور نکلکر اُسکے پاس آیا اُسنے کہا ایک بڑا حادثہ ہوا مینے کہا کیا کیا آئی بنی غسان اُسنے کہا نہین اس سے بڑا اور طویل یک طلاق دیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویونکو مینے کہا محروم ہوئی اور نقصان پایا حفصہ نے مین بھی ہے خیال کرتا تھا کہ ایسا ہوگا سو لیے مینے اپنے کپڑے اور نماز پڑھی مینے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کی ساتھ فجر کے اور داخل ہو گئی آپ غرفہ مین اور کیلی بیٹھہ گئے وہان سو گیا مین حفصہ کے پاس اور وہ رو رہی تھی مینے کہا کیون روتی ہے مین تجھے ڈراتا نہین تھا اور منع نہین کرتا تھا تجھے یعنے حضرت کی ساتھ گستاخی کرنے سی کیا طلاق دیا تمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہا اُسنی مین نہین جانتی اور وہ اس غرفہ مین تشریف رکھتی ہین سو نکلا مین اور آیا منبر کے پاس یعنے مسجد مین اور منبر کے گرد کچھ لوگ تھے کہ بعض اُنمین رو رہی تھے سو تھوڑی دیر بیٹھا مین اُنکے ساتھ پھر غالب ہوا مجھپر جو خیال مجھے تھا اور آیا مین غرفہ کے پاس جسمین حضرت تھے سو کہا مینے حضرت کے غلام سیاہ سی کہ اجازت مانگ عمر کی لئے اندر آنیکی سو وہ اندر گیا اور حضرت سے عرض کے پھر نکلا اور کہا مینے تمہارا ذکر کیا تو حضرت چُپ ہو رہے پھر مین لوٹا اور بیٹھہ گیا منبر کے پاس لوگون مین پھر غالب ہوا مجھپر وہی خیال اور آیا مین اور کہا مینے اُسی غلام سے اور پھر اُسنی اگر وہی جواب دیا جو پہلے دیا تھا پھر بیٹھا مین منبر والون پاس پھر غالب ہوا مجھپر وہی خیال اور گیا مین غلام کے پاس اور کہا مینے اجازت مانگ عمر کے لئے سو پھر سنیے وہی جواب دیا پھر جب مین پیٹھہ پھیر کے لوٹنی کو تو غلام نے مجھے بُلایا اور کہا کہ اجازت دی تمکو رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر داخل ہوا مین آپکے پاس اور دیکھا آپکو لیٹے ہوئے تھے رمال حصیر پر کہ حصیر کے اور آپکے درمیان کوئی بچھونا نہ تھا اور اثر کر گئے تھے اُسکی بناوٹ آپکی بازوی مبارک پر ٹیکا دئے ہوئے تھے آپ ایک تکیہ پر کہ چمڑے کا تھا اور اُسمین کھجور کی چھال بھری تھی پھر سلام کیا مینے اور کہا کھڑے کھڑے کی طلاق دی آپنے اپنی عورتونکو پھر نظر اُٹھا کر دیکھا میری طرف حضرت نے اور فرمایا نہین پھر مینے کہا اور مین کھڑا تھا حضرت کے دل بہلانے کو کہ یا رسول اللہ بہلا دیجئے آپ کہ ہم گروہ قریش دبا کر رکھتے ہین اپنے عورتونکو یعنے ڈرا دھمکا کر پھر جب آئی ہم ایک قوم پر تو وہ قوم ایسے ہی کہ اُنکے عورتین مردون پر غالب ہین پھر یاد کیا آپنے اور مسکرائی نبی صلے اللہ علیہ وسلم پھر مینے عرض کے کاش کہ آپ دیکھتے جب مین داخل ہوا حفصہ کے پاس اور مینے کہا تو اس پھر سے نہ کہ سوت تیری تجھ سے زیادہ خوبصورت ہے اور زیادہ پیاری ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مراد سوت سے عائشہؓ مین تو پھر آپ دوبارہ مسکرائے اور مین بیٹھہ گیا جب آپکو مسکراتی دیکھا پھر مینے آنکے گھر مین نگاہ کی تو قسم ہے اللہ کی کوئی چیز نہائی کہ جسکو دیکھکر میرے نگاہ لوٹے بجز تین چمڑون کے سو کہا مینے دعا کیجئے آپ کہ اللہ وسعت دے آپکی امت کو اسلئے کہ فارس و روم کو فراخی دیگئی ہے اور دُنیا عنایت کی گئی ہے حالانکہ وہ اللہ کی عبادت نہین کرتی اور آپ تکیہ لگائی تھے پھر کہا ابھی تم شک مین ہو ای ابن خطاب فارس و روم وہ لوگ ہین کہ دیدیے گئے طیبات اُنکے دُنیا کی زندگی مین یعنے آخرت مین اُنکا کچھ حصہ نہین سو مینے عرض کے یا رسول اللہ استغفار کیجیے میرے واسطے سو کنارہ کیا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یعنے عورتون سے اُسبات کے سبب سے جو پہنچائی حفصہ نے عائشہ تک اور فرمایا تھا کہ مین داخل نہونگا تمپر ایک مہینہ اور اُنپر غصہ اسلئے آیا کہ عتاب کیا مار تعالی نے آپ پر یعنے گویا سبب عتاب وہی ہوئین پھر جب گذر گئے اُنتیس ۲۹ روز داخل ہوئے آپ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر اور شروع کیا آپنے عائشہ سے اور عرض کے عائشہ نے کہ قسم کہا ہے تو نے کہ داخل نہونگے ہم پر ایک مہینہ تک اور آج ہمنی صبح کی ہے انتیسوین رات کے اور مین تو ایک ایک دن گنتی تھی سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مہینا اُنتیس دن کا ہوتا ہے اور وہ مہینا اُنتیس ہے کا تھا کہا عائشہ نے پھر نازل ہوئی آیہ تخییر سو شروع کیا حضرت نے مجھسے یعنی اُسکا بیان کرنا سب عورتون سے پیشتر اور فرمایا مین تجھسے ایک بات کہتا ہون اور تم جلدی نکرنا اُسکے جواب دینے مین جبتک کہ مشورہ نہ لے لینا اپنے ماں باپ سے کہا عائشہ نے یہ آپنے اسلئے فرمایا کہ خوب جانتے تھے آپ کہ میرے ماں باپ مجھے جُدا ہونیکا حکم نہ دینگے آپ سے پھر پڑھی آپنے یہ آیت یا اَیُّھَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ سے عَظِیْمًا تک پس مینے عرض کے کہ اسمین کیا مشورہ لون اپنے ماں باپ سے مینے اختیار کیا اللہ کو اور اُسکے رسول کو اور دار آخرت کو پھر تخییر فرمائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے سب بیبیون کو اور سب نے وہی جواب دیا جو عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا تھا یعنے سب نے ترک دنیا اور

لہ یعنے بیان کرنا آیات تخییر کا ہے

اور تحصیل آخرت اختیار کرے اور رسول خدا کا ساتھ دیا **عن** مسور بن مخرمہ ان عمر بن الخطاب ومن حلیف بنی عامر بن لوی وکان شہد بدرا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخبرہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعث ابا عبیدۃ بن الجراح فقدم بمال من البحرین فسمعت الانصار بقدوم ابی عبیدۃ فوافوا صلوۃ الفجر مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصرف فتعرضوا لہ فتبسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین رآہم ثم قال اظنکم سمعتم ان ابا عبیدۃ قدم بشیء قالوا اجل یا رسول اللہ قال فابشروا وامملوا ما یسرکم فوالله ما الفقر اخشی علیکم ولکن اخشی علیکم ان تبسط الدنیا علیکم کما بسطت علی من قبلکم فتنافسوھا کما تنافسوھا فتھلککم کما اھلکتھم **ترجمہ** روایت ہے مسور بن مخرمہ سے کہ عمرو بن عوف کہ حلیف تھے بنی عامر بن لوی کے اور حاضر ہوئے تھے جنگ بدر میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ انہوں نے خبر دی مسور کو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ابو عبیدہ کو بحرین سے وہ کچھ مال لیکر آئے بحرین سے اور سنا انصار نے کہ ابو عبیدہ آئے ہیں پھر حاضر ہوئے صلوٰۃ فجر میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر جب نماز پڑھ چکے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پھر گئے سامنے آئے سو مسکرائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب انکو دیکھا اور فرمایا میں گمان کرتا ہوں کہ سنا تم نے کہ ابو عبیدہ کچھ لیکر آئے ہیں انہوں نے عرض کی کہ ہاں یا رسول اللہ فرمایا آپنے پھر خوشخبری سنو اور امید کرو جو تمہیں خوش کرے پس قسم ہے اللہ تعالیٰ کی میں تم پر فقر سے نہیں ڈرتا ہوں ولیکن ڈرتا ہوں اس سے کہ کشادہ کیجائے تم پر دنیا جیسے کہ کشادہ کیگئی تم سے اگلوں پر اور رغبت اور حرص کرو تم اسکے جیسے کہ رغبت کی تمنے اگلوں نے پس ہلاک کرے وہ تمکو جیسا کہ ہلاک کیا اسنے تمسے اگلوں کو **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عن** حکیم بن حزام قال سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاعطانی ثم سألتہ فاعطانی ثم سألتہ فاعطانی ثم قال یا حکیم ان ھذا المال خضرۃ حلوۃ فمن اخذہ بسخاوۃ نفس بورک لہ فیہ ومن اخذہ بإشراف نفس لم یبارک لہ فیہ وکان کالذی یاکل ولا یشبع والید العلیا خیر من الید السفلی فقال حکیم فقلت یا رسول اللہ والذی بعثک بالحق لا ارزأ احدا بعدک شیئا حتی افارق الدنیا فکان ابو بکر یدعو حکیما الی العطاء فیابی ان یقبلہ ثم ان عمر دعاہ لیعطیہ فابی ان یقبل منہ شیئا فقال عمر انی اشھدکم یا معشر المسلمین علی حکیم انی اعرض علیہ حقہ من ھذا الفیء فیابی ان یاخذہ فلم یرزأ حکیم احدا من الناس شیئا بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی توفی **ترجمہ** روایت ہے حکیم بن حزام سے کہا مانگا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے یعنی کچھ مال سو عطا کیا مجھکو پھر مانگا میں نے پھر دیا مجھکو پھر فرمایا آپنے اے حکیم تحقیق کہ یہ مال ہرا ہرا ہے میٹھا میٹھا پھر جسنے لیا اسی سخاوت نفس سے برکت دیا جاتا ہے اسمیں اور جسنے لیا اپنے نفس کو دلیل کرکے برکت نہ دیجاویگی اسکو اور اسکی مثال ایسی ہوگی کہ جیسے کھاوے کوئی شخص اور پیٹ نہ بھرے اسکا اور اوپر کا ہاتھ بہتر ہے نیچے کے ہاتھ سے یعنے لینے والے سے دینے والا حکیم نے کہا سو عرض کے حکیم نے اسی رسول اللہ کی قسم ہے اس پروردگار کی کہ جسنے آپکو بھیجا ہے حق کے ساتھ کسیکا مال نہ لونگا میں آپکے بعد یعنے کسی سے سوال نکرونگا یہانتک کہ چھوڑ دوں میں دنیا کو پس تھے ابو بکر کہ بلاتے تھے حکیم کو کہ کچھ دیں پس وہ انکار کرتے تھے اسکے قبول کرنے سے پھر عمر نے بلایا انکو تاکہ کچھ دیں تو بھی قبول نکیا ان سے کچھ پھر کہا عمر نے میں گواہ کرتا ہوں تمکو اے گروہ مسلمانوں کے حکیم پر اسبات کا کہ میں پیش کرتا ہوں اسپر اسکا حق فئی سے اور وہ انکار کرتا ہے اسکے لینے سے پھر نہ گھٹایا حکیم نے کسی شخص کے مال سے کچھ بعد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے یہانتک کہ وفات پائی **ف** یہ حدیث صحیح ہے **ترجمہ** زہد اور بے رغبتی دنیا سے اسکا نام ہے کہ مال دنیا باوجود دینے کے قبول نکرے نہ یہ کہ عصمت بی بی کا بی چادری فقر اضطراری کو بصورت زہد ظاہر کرے اور دل میں محبت اموال دنیوی کے بھری ہو فقط **عن** عبد الرحمن بن عوف قال ابتلینا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالضراء فصبرنا ثم ابتلینا بعدہ بالسراء فلم نصبر **ترجمہ** روایت ہے عبد الرحمن بن عوف سے کہ کہا انہوں نے آزمائی گئے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے تکلیف اور تنگی میں سو صبر کیا ہمنے پھر آزمائی گئے ہم بعد انکے ساتھ وسعت اور خوشی کے سو صبر نکر سکے ہم **ف** یہ حدیث حسن ہے **عن** انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کانت الآخرۃ ھمہ جعل اللہ غناہ فی قلبہ وجمع لہ شملہ واتتہ الدنیا وھی راغمۃ ومن کانت الدنیا ھمہ جعل اللہ فقرہ بین عینیہ وفرق علیہ شملہ ولم یاتہ من الدنیا الا ما قدر لہ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جسکا مقصود آخرت ہو اللہ تعالیٰ کر دیتا ہے بے پروائی اسکے دل میں اور جمع کر دیتا ہے خاطر اسکے اور آتی ہے دنیا اسکی پاس ذلیل ہو کر اور جسکا مقصود دنیا ہو اللہ تعالیٰ کر دیتا ہے محتاجی اسکے دونوں آنکھوں کے سامنے اور پریشان کر دیتا ہے خاطر اسکے اور نہیں آتی دنیا اسکے پاس مگر جتنی مقدر ہو

**مترجم** یعنے طلب دنیا سے کچھہ زیادہ نہین ملتا اور طلب آخرت سے کچھہ کم نہین ملتا جتنا مقدر ہے اُتنا ہی ملتا ہے مگر طالب دنیا کو ذلت سے اور طالب عقبی کو عزت سے **عن** اَبِی هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ یَقُوْلُ یَا ابْنَ اٰدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِیْ اَمْلَاْ صَدْرَكَ غِنًی وَاَسُدَّ فَقْرَكَ وَاِنْ لَا تَفْعَلْ مَلَاْتُ یَدَیْكَ شُغْلًا وَلَمْ اَسُدَّ فَقْرَكَ **ترجمہ** روایت ہے ابوہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک فرماتا ہے اللہ جل جلالہ اے بیٹی آدم کے مشغول رہ تو میرے عبادت مین بھر دونگا تجھے مختاجی کیا اور اگر کریگا تو میرے عبادت تو بھر دونگا مین دونون ہاتھ تیرے محنت مزدوری مین اور نہ دور کرونگا تجھہ سے محتاجی تیری **ف** یہ حدیث حسن ہے عزیز ہے اور ابو خالد والبی کا نام ہرمز ہے **باب عن** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ لَنَا قِرَامٌ سِتْرٌ فِیْهِ تَمَاثِیْلُ عَلٰی بَابِیْ فَرَاٰهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَنْزِعِیْهِ فَاِنَّهٗ یُذَكِّرُنِی الدُّنْیَا قَالَتْ وَكَانَ لَنَا سَمَلٌ قَطِیْفَةٌ عَلَمُهَا حَرِیْرٌ كُنَّا نَلْبَسُهَا **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا اُنہون نے کہ ہمارے ہان ایک باریک پردہ تہا کہ اُسمین تصویرین تہین اور وہ میرے دروازہ پر پڑا تہا سو دیکہا اُسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا اُسکو دور کرو اسلئے کہ وہ یاد دلاتا ہے مجہکو دنیا کو کہا اُنہون نے کہ تہی ہمارے یہان ایک چادر پرانی روئیدار کہ اُسمین نشان بنے ہوئے تہے ریشم سے کہ ہم اُسے اُوڑہتے تہے **کہا** ابو عیسے نے یہ حدیث حسن ہے **مترجم** قرام ستر یعنے پردہ باریک اور بعضون نے کہا کہ قرام وہ ہے کہ خوب گف ہو صوف سے اور رنگ برنگ ہو اور اضافت اُسکی مثل ثوب قمیص کے ہے اور بعضون نے کہا قرام پردہ باریک ہے پردہ غلیظ کے سوا **عن** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ وِسَادَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الَّتِیْ یَضْطَجِعُ عَلَیْهَا مِنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِیْفٌ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ تہا ایک چمڑا تکیہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا کہ اُسپر لیٹتے ہے بہرا اُسکی کھجور کے چال سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** عَائِشَةَ اَنَّهُمْ ذَبَحُوْا شَاةً فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا بَقِیَ مِنْهَا قَالَتْ مَا بَقِیَ مِنْهَا اِلَّا كَتِفُهَا قَالَ بَقِیَ كُلُّهَا غَیْرَ كَتِفِهَا **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ اُنہون نے ذبح کی ایک بکری سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچہا کیا باقی رہا اُسمین سے کہا حضرت عائشہ نے نہین باقی رہا اُسمین سے مگر دست اُسکا فرمایا آپنے باقی رہے سب سوا دست کے **ف** یہ حدیث صحیح ہی اور ابو میسرہ ہمدانی کا نام عمرو بن شرجیل ہے **مترجم** وہ بکری ذبح کر کے خیرات دیدے تہی اور ایک دست باقی تہا سو حضرت نے فرمایا جو خدا کی راہ مین دیدی وہی باقی ہے اور جو ہمارے خزینہ مین آویگی وہ فانی ہے گویا اشارہ کیا آپنے اس آیت کیطرف مَا عِنْدَكُمْ یَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ یعنے جو تمہارے نزدیک ہے فنا ہوتی ہے اور جو اللہ کے نزدیک ہے وہ باقی ہے **عن** عَائِشَةَ قَالَتْ اِنْ كُنَّا اٰلَ مُحَمَّدٍ نَمْكُثُ شَهْرًا مَا نَسْتَوْقِدُ بِنَارٍ اِنْ هُوَ اِلَّا الْمَاءُ وَالتَّمْرُ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا انہون نے کہ ہم آل محمد صلے اللہ علیہ وسلم ایسے تہے کہ ایک ایک مہینہ جلاتے تہے آگ یعنے کچہ نہ پکاتے تہے ہمارے خوراک تہے فقط پانی اور کہجور **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عن** عَائِشَةَ قَالَتْ تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَنَا شَطْرٌ مِنْ شَعِیْرٍ فَاَكَلْنَا مِنْهُ مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ قُلْتُ لِجَارِیَةٍ كِیْلِیْهِ فَكَالَتْهُ فَلَمْ یَلْبَثْ اَنْ فَنِیَ قَالَتْ فَلَوْ كُنَّا تَرَكْنَاهُ لَاَكَلْنَا مِنْهُ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ وفات پائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور ہمارے پاس کچہ جَو تہے یہ کہا یا جتنے اُسمین سے جتنے بات اللہ نے چاہا پہر کہا ہمنے جارے سے ماپ تو اسکو پہر ماپا اُسنی بہر دیر کی اُسنے تمام ہمکو مین یعنے جَو نے فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اگر ہم چہوڑ دیتی اُسکو یعنے نہ ماپتی تو کہاتے اُسمین سے اسے زیادہ مدت تک **ف** یہ حدیث صحیح ہے شَطْرٌ اَمْ شَعِیْرٍ یعنے قدرے جَو **عن** اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ اُخِفْتُ فِی اللّٰهِ وَمَا یُخَافُ اَحَدٌ وَلَقَدْ اُوْذِیْتُ فِی اللّٰهِ وَمَا یُؤْذٰی اَحَدٌ وَلَقَدْ اَتَتْ عَلَیَّ ثَلَاثُوْنَ مِنْ بَیْنِ یَوْمٍ وَلَیْلَةٍ وَمَا لِیْ وَلِبِلَالٍ طَعَامٌ یَاْكُلُهٗ ذُوْ كَبِدٍ اِلَّا شَیْءٌ یُوَارِیْهِ اِبْطُ بِلَالٍ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میں ڈرایا گیا ہون اللہ تعالیٰ کی راہ مین ایسا کہ نہین ڈرایا گیا کوئی اور ستایا گیا ہون ایسی کہ نہین ستایا گیا کوئی اور گذرے ہین مجہپر تیس دن اور رات کہ میرے اور بلال کے لئے کوئی کہانا نہین تہا کہ جسکو ذوکبد کہاوے مگر کچہہ قدر کہ چہپا تی تہی اُسکو بغل بلال کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اس حدیث سے و اس حدیث سے و دین ہین کہ جب نکلے ہین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم زار ہو کر اہل مکہ سے اور آپکے ساتہ بلال تہے اور بلال کے ساتہ کچہہ کہانا تہا کہ دابے بغل مین دبائی تہے **مترجم** یعنے جو رہے ہے اسلئے کہ مدینہ کی ہجرت مین بلال ساتہ نہ تہی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اور شاید اس سے و بہتر مراد ہو کہ جب آپ ابتدای نبوت مین طائف کیطرف تشریف لیگئے بعد کلال کے پاس جو حلیف تہا اسلئے کہ وہ حمایت کرے آپکے اہل مکہ کے مقابلہ مین کہ آپ پورے کرین رسالت ملد تعالیٰ شانہ کی پہر سلہ کر دیا اُسنے آپ پر لوگون کو کہ وہ ٹہیلے مارتے تہے اور زخمی ہو گئے آپکے جُوتے اور اس سفر مین آپکے ساتہ زید بن حارثہ تہے نہ بلال واللہ علم مراد رسولہ (لمعات)

**سوال** عمر مبارک آپکی بہ نسبت اکثر انبیا کی کم تہی پہر یہ فرمانا کہ کسکو راہ خدا مین اتنا ایذا نہوئی جتنی مجہکو ہوئی ہے کیونکر صحیح ہوگا حالانکہ مرض حضرت ایوب کا ستانا نی

کفار کے حضرت نوح کو آگ میں ڈالنا حضرت ابراہیم کا نہایت مشہور ہے **جواب** اسکا کئی طور پر ہے اولاً یہ کہ فرمانا آپکا بنسبت اپنی زمانہ کے لوگوں کے ہے اور ظاہر ہے کہ آپکے زمانہ مبارکمیں جو تکلیف کہ آپکو ہوئی کسیکو نہ ہوئی ہوگی ثانیاً یہ کہ آپ بنسبت اکثر انبیاء کے کثیر الاتباع تھے اور تابعین آپکے مہاجرین و انصار سے بہت کچھ اذیت پائی ہے اور وہ اذیت گویا بعینہٖ آپکو ہوئی سلمی کہ عربی کے مثل ہے ضرب الغلام اہانۃ المولے بلکہ رئیس مشفق اور امیر شفیق رعیت کے مصیبت اور تکلیف کو اپنے ذاتی مصیبت سے بڑھکر جانتا ہے اور استاد شفیق شاگرد رفیق کے اذیت اپنی اذی نفسی سے دوچند قیاس کرتا ہے پس اس نظر سے اذیت آپکی سارے انبیاء سے صدچند ان زیادہ ہوگی اور حقیقت میں آپکے اصحاب نے وہ وہ اذیتیں پائی ہیں اور آپکی رفاقت میں وہ وہ بلائیں اٹھائی ہیں کہ قلم کا سینہ اُنکی تحریر سے شق ہوتا ہے اور زبان کا چہرہ اُسکے بیان سے فق سیکڑوں کفار کے ہاتھ سے مقتول و مصلوب ہوئے ہزاروں مسجون و مضروب کئے تنوں کے زن و بچہ درجۂ شہادت کو پہونچے کتنوں کے اب و جد اس سعادت پر فائز ہوئے پھر قیامت تک جو کچھ علمائے حقانی اور فقہای ربانی پر آلام و مصائب امر بمعروف اور نہی منکر اور اقامت حدود اللہ میں گذری اور گذرتی ہے وہ سب گویا آپکی نفس نفیس پر ہے جزاہ اللہ عنا خیر الجزاء صرف ایک شہید ہونا حضرت حمزہ کا حیات مبارک میں اور شہادت سینکڑے جنہوں ایسی اذیت سے کہ احاطۂ تحریر سے باہر ہے اور پھر لطف یہ ہے کہ ان مصایب میں آپ راضی برضا تھے اور شاکر بقضا بلکہ طالب فقر و لزومی و طالب اذیت و بلا چنانچہ فرمایا اشد الناس بلاءً الانبیاء ثم الامثل فالامثل **عن** علی بن ابیطالب یقول خرجت فی یوم ساتٍ من بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقد اخذت لھا معطوناً فجوّبت وسطہ فادخلتہ فی عنقی وشددتہ وسطی فرمتہ بمحوص النخل وانی لشدید الجوع ولو کان فی بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طعام لطعمت منہ فخرجت التمس شیئاً فمررت بیھودی فی مال لہ وھو یسقی بکرۃ لہ فاطلعت علیہ من ثمرۃ فی الحائط فقال مالک یا اعرابی ھل لک فی دلو بتمرۃ فقلت نعم فافتح بابا حتی ادخل فتح فدخلت فاعطاہ دلوہ فکلما نزعت دلوا اعطانی تمرۃ حتی اذا امتلأت کفی ارسلت دلوہ وقلت حسبی فاکلتھا ثم جئت الماء فشربت ثم جئت المسجد فوجدت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال اخرجکما الذی اخرجنی قلت اللہ ورسولہ اعلم **ترجمہ** روایت ہے علی بن ابیطالب سے فرماتے تھے کہ نکلا میں جاڑے کے دنوں میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر سے اور لیا میں نے ایک چمڑا مدبوغ جسکے بال جھڑے ہوئے تھے یہ بات دلالت میں ہے اسکو پہنے سے اور دال لیا میں نے اسکو اپنے گردن میں اور باندھ دیا میں نے اسکو شاخ نخل سے اور مجھے بہت بھوک تھی اور اگر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر میں کچھ کھانا ہوتا تو میں کھاتا اُسمیں سے سو نکالا میں طلب کرتا ہوں کسی چیز کو سو گذرا میں ایک یہودی کے کہ وہ اپنے باغ میں تھا اور پانی دیتا تھا ساتھ ایک کنوئیں کے سو جھانکا میں نے اسکو ایک دیوار کے سو اُنہوں نے سو کہا اُسنے کیا ہے ہاں کیا تو ایک کھجور پر ایک ڈول کہنیگا میں نے کہا ہاں پس کھولدے تو دروازہ کہ میں داخل ہوں پھر کھولا اُسنے دروازہ میں داخل ہوا اور دیا اُسنے ڈول اپنا جب میں ایک ڈول نکالتا تھا وہ مجھے ایک کھجور دیتا تھا یہانتک کہ جب بھر گئے میرے مٹھے چھوڑ دیا میں نے اُسکا ڈول اور کہا میں نے اسے مجھکو اتنا ہی کافی ہے وہ اور دو تین گھونٹ پانی پیا یہ آیا میں مسجد میں اور پایا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو اُنمیں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **ترجم** باب جڑنے کے معنی میں یعنے بدبودار کہ جسکے بال جھڑ گئے ہوں بکرہ ایک خشب مشہور ہے کہ اُسکے بیچ میں ایک لکڑی ڈالکر پانی کھینچتے ہیں فارسی میں اسی چرخ اور ہندی میں اس حدیث سے کسب حلال اور قناعت اصحاب اور فقر و سالت آپ اور زہد اہل بیت ثابت ہوا **عن** ابی ھریرۃ انھم اصابھم جوع فاعطاھم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمرۃ تمرۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ہوئی اصحاب کو بھوک اور دی اُنکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک ایک کھجور **ف** یہ حدیث صحیح ہے **ترجم** ابوہریرہ اصحاب صفہ میں ہیں اور اصحاب صفہ حاضر باش خدمت شریف تھے اسلئے اکثر ایسا اتفاق ہوتا تھا پھر غلبۂ جوع کے وقت جو حاضر ہوتا تھا آنحضرت ان سب کو تقسیم فرماتے ایک ایک تناول فرماتے **عن** جابر بن عبد اللہ قال بعثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھم ثلاثمائۃ نحمل زادنا علی رقابنا فمضی بنا حتی کانت تکون للرجل منا کل یوم تمرۃ فقیل لہ یا ابا عبد اللہ وابن کانت تقع التمرۃ من الرجل قال لقد وجدنا فقدھا حین فقدناھا فاتینا البحر فاذا الحن بحوت قد قذفہ البحر فاکلنا منہ ثمانیۃ عشر یوما فامر ابو عبیدۃ بضلعین من اضلاعہ فنصبا ثم رحل اعظم رجل فی الجیش فمر تحتھما **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہا کہ بھیجا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور ہم تین سو تھے اُٹھائے ہوئے اپنے اپنے توشہ اپنی گردنوں پر یعنے قلیل الزاد تھے یہانتک نوبت یہونچی کہ ہوتا تھا ہر آدمی کے حصہ میں ایک ایک کھجور سو لوگوں نے کہا اے ابا عبد اللہ اور کیا ہوتا ہوگا ایک آدمی کا ایک کھجور میں فرمایا اُنہوں نے ہمنے پایا فقدان اُسکا بھی جبکہ وہ ہو چکی یعنے وہ ایک مناسب موقوف ہوگئے یہ یہونچے ہم دریائے شور کے کنارہ پر اور یکایک ہاں ایک مچھلی ہی کہ پھینک دیا ہے اُسکو دریا نے سو کھایا ہم نے اُسمیں سے اٹھارہ دن جسقدر

چاہا بنے خوب سیر ہو کر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** یہ روایت صحیح مسلم مین اور موطا مین بھی ہے مسلم مین مروی ہے کہ امیر اُس سریہ پر ابو عبیدہ تھے اور تلاش تھی اُنکو ایک قافلۂ قریش کی کہ اُنکو لوٹین اور ایک جراب تمر اُنکے ساتھ تھی اور ایک ایک تمر روز مٹتا تھا پھر راوی سے پوچھا کہ تم کیا کرتے تھی اُنہون نے کہا ہم مین سے ہر ایک اُسی چوستا تھا جیسے لڑکا پستان چوستا ہی پھر اُسپر پانی پی لیتے تھے پھر سارا دن ہمکو کفایت کرتا تھا اور اپنی لاٹھیون سے ہم پتے درختون کے جھاڑ لیتے تھے اور پانی مین بھگو کر کھاتے تھی سو جب گذری ہم کنارہ دریا پر وہان ایک اونچی چیز مثل ٹیلے کی نظر آئی پھر جب ہمنے اُسکو پاس جاکر دیکھا تو وہ ایک دابہ تھا یعنی دریائی گدے عنبر کہتے ہین ابو عبیدہ نے کہا وہ میتہ ہی پھر کہا نہین بلکہ ہم بھیجے ہوئی ہین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور اللہ کی راہ مین ہین یعنی جہاد مین اور تم لوگ بھوک کے مارے مضطر ہو سو کھاؤ کہا راوی نے کہ ہم اُس پاس ایک ماہ کامل ٹھیرے اور ہم تین سو تھی اور یہانتک کہا کہ موٹی ہو گئی ہم کہا راوی نے کہ مین نے اپنے تئین دیکھا کہ بہر بہر لاتی تھی اُسکے حدقۂ چشم سے بڑی بڑی مٹکی چربی کے اور کاٹ کاٹ لاتی تھی اُسمین سے مکھی بیل کے برابر اور لیا ہم مین سے ابو عبیدہ نے تیرہ آدمیونکو اور ٹھہلایا اُنکو اُس کے حدقۂ چشم مین اور لی ایک پسلی کے مکھی اُسکی تلمبون سے اور اُسی بطور محراب کے کھڑا کیا پھر سب سے بڑا اونٹ کسکر اُسکے نیچے ہی نکالا تو نکل گیا پھر توشہ لیا ہمنے اُسکے گوشت سے اُبال کر پھر جب ہم مدینہ مین آئے ذکر کیا ہمنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور فرمایا آپنے وہ رزق تھا کہ نکالا اللہ تعالیٰ نے واسطے تمہارے پھر اُسکے توشہ سے کچھ ہو تو ہمکو کھلاؤ پھر بھیجا ہمنے کچھ گوشت اور کھایا آپنے تمام ہوئی روایت مسلم کی اور اس جیش کو جیش خبط کہتے ہین اور خبط اصل مین جھاڑی کو بھی کہتی ہین درختون کے چونکہ وہ لشکر مبارک مین کھا لیے گئے تھی اسلئے اُسی نام سے مشہور ہوا اور مطلب حدیث کا یہ ہے کہ اولاً ابو عبیدہ نے بطور اجتہاد فرمایا کہ یہ میتہ ہی اور میتہ حرام ہے پھر تغیر ہوا اجتہاد اُنکا اور اُنہون نے کہا وہ حلال ہے اگرچہ میتہ ہو اسلئے کہ تم جہاد مین ہو اور مضطر ہو اور مباح کیا اللہ تعالیٰ نے میتہ مضطر غیر باغ و لا عاد کو سو کہا راوی نے اور طلب کرنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اُسکے گوشت مین سے اور کہانا ہونسطے تھا کہ خوش ہون اُنکے دل اور اطمینان کامل ہو اُنکو اُسکی اباحت اور حلت کا اور شک نہ رہی کسیطرح اُسمین یا ہونسطے ہو کہ قصد کیا آپنے اُس سے تبرک کا اسلئے کہ وہ طعمۂ غیبی تھا کہ منجانب اللہ بطور خرق عادت کے عنایت ہوا تھا گویا ضیافت تھی رب العباد کی طرف سے قاصدان جہاد کی اور اس سے ثابت ہوا کہ سوال کرنا اور مانگنا ایسی شئی کا کہ دینے والیکو ناگوار نہو بلکہ خوش ہو اپنی فیض سے جائز ہے اور یہ سوال منہی عنہ نہین اسلئے کہ سوال منہ دہے جو بہ نیت تکثیر مال ہو اجانب سے اور یہ سوال تو ملاطفت اور مؤانست کے بیت سے تھا اور اس سے ثابت ہوا جواز اجتہاد کا زمان سے صلے اللہ علیہ وسلم مین جیسا کہ ثابت ہے جواز اُسکا بعد آپکے اور ثابت ہوا استحباب اس امر کا کہ مفتی کو ضرور ہے کہ کوئی چیز جسمین شک ہو مستفتی کو اُسے مانگ کر خود استعمال کرے تاکہ مستفتی کی تشفی اور تسلی کامل ہو جیسا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے گوشت مانگ کر کھا لیا اور ثابت ہوئی اس حدیث سے اباحت جمیع میتات بحر کی برابر ہی کہ وہ جانور خود مر گیا ہو یا شکار کرنے سے مرا ہو اور اجماع ہے مسلمانونکا اباحت سمک مین کہا اصحاب شافعی نے کہ حرام ہے مینڈک اسلئے کہ نہی وارد ہوئی ہے حدیث مین اُسکے قتل سے اور اُسکے ماسوا مین تین قول مین قول اصح یہی ہے کہ حلال ہے سب جنس دریا کی اسی حدیث کے روسے جو ابھی گذری اور دوسرا قول عدم حل ہے اور تیسرا قول یہ ہے کہ جسکا نظیر بر مین ماکول ہے وہ حلال ہے والا فلا تو اس قول کے روسے گھوڑا دریائی اور بکری اور ہرن کھایا جاوے اور کلب خنزیر اور حمار انسان اور اصحاب شافعی نے کہا کہ حمار بر مین اگرچہ ماکول ہی ہے یعنے حمار وحشی مگر غالب اُسمین غیر ماکول ہے اپس قیاس کیا حمار بحری کو حمار غیر ماکول بری پر تفصیل ہے مذہب شافعی کے اور جو لوگ قائل ہین جمیع حیوانات دریائی کی حلت کے سوا مینڈک کے ابو بکر صدیق ہین اور عمر اور عثمان اور ابن عباس رضی اللہ عنہم اور امام مالک نے ضفدع اور جمیع حیوانات بحری کو حلال کہا ہے اور ابو حنیفہ نے کہا حلال نہین سوا سمک کے اور لیکن سمک طافی یعنے خود دریا مین مرجانے بغیر کسی سبب کے تو مذہب شافعی کا اُسکی اباحت ہے اور یہی مذہب ہے جماہیر صحابہ کا اور جو لوگ بعد مین آئے انہین مین ہین ابو بکر صدیق اور ابو ایوب انصاری اور مکحول اور امام نخعی اور امام مالک اور امام احمد اور ابو ثور اور داؤد وغیرہم اور کہا جابر بن عبد اللہ اور جابر بن زید اور طاؤس اور ابو حنیفہ نے کہ طافی حلال نہین اسلئے کہ طافی کی جو حلال کہتے ہین قول ہے اللہ تعالیٰ کا اُحِلَّ لَکُمْ صَیْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُہٗ کہا ابن عباس نے اور جمہور نے کہ صیدہ ہے کہ جسے تم شکار کرو اور طعامہ وہ ہے جسے دریا نے پھینکدی یعنے طافی دوسرے یہ ہے حدیث جو اوپر گذری تیسرے یہ حدیث ہو الطہور ماءہ الحل میتتہ اور یہ حدیث صحیح ہے اور سوا اُسکے اور احادیث مشہورہ کہ بسکو ہم نے ذکر نہین کیا اور وہ حدیث جو جابر سے مروی ہے یعنے حنیفہ نے جس سے استدلال کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ما القاہ البحر او جزر عنہ فکلوہ و مات فیہ فطفا فلا تاکلوہ پس باتفاق ائمہ حدیث ضعیف ہے ہرگز احتجاج اور استدلال کے لائق نہین اگر کوئی حدیث اُسکی معارض ہی ہو خواہ جبکہ معارض ہو لیکن وہ چیزین جو اوپر مذکور ہوئین آیات و حدیث سے تو پھر کب لائق احتجاج رہی کہا نووی نے بیان کیا ہی مینے اُسکا ضعف اور حال شرح مہذب کے باب الاطعمہ مین اور اگر کوئی کہے کہ حدیث عنبر سے حلت طافی کی ثابت نہین ہوتی اسلئے کہ اُسمین خود مذکور ہی کہ وہ مضطر تھے تو ہم کہینگے احتجاج اُسمین اصحاب کے کہانے سے نہین ہے بلکہ آنحضرت

صلے اللہ علیہ وسلم کے بی ضرورت مانگ کر نوش فرمائی سمجھے ہے اور یہ جو کسی روایت مین مذکور ہے کہ ہم نے اُسمین سے اٹھارہ دن تک کہایا کسی مین ہی کہ مہینا بھر تک تطبیق اسکی یون ہے کہ مراد ایام اول مین تروتازہ گوشت اُسکا ہی اور مراد ایام ثانی مین قدید اور سوکھا ہوا گوشت ہے کہ وہ مہینا بھر تک کھاتی رہی بلکہ مدینہ طیبہ تک پہونچایا اور وہان ہی باکول مستعمل ہوا (خلاصہ مافی النووی) فقیر کہتا ہی کہ مذہب صحیح قرآن و حدیث کے روسے حلت جمیع حیوانات بحری ہے اور طافی حلال ہے بہرحال یہی حق ہے وَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ اور حرمت اُسکی جو بروایات صحیحہ باکول نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہوچکی ہو اور آپکے لبہای مبارک تک پہونچ چکے ہو بلکہ جزو بدن مقدس و مکرم ہوئی ہو ثابت کرنا بجز تعصب کے اور کیا ہوگا غرض مذہب حنفیہ کا اسبابمین نہایت ضعیف ہے اور مذہب مالکی اوسع اور اوفق بالقرآن چنانچہ للکہا شاہ ولی اللہ قدس سرہٗ مسوّی شرح موطا مین کرتا ہے قرآن و حدیث اباحت ہے جمیع میتات بحر کے اور مراد اُس سے وہ جانور ہی کہ جو زندہ ہی دریا مین ہو جب نکالا جاوے تو زندگی اُسکی مثل مذبوح وسبل کے ہو یعنی تڑپ تڑپ کر جان دیتی ہے جیسے مچھلی کا حال ہے پس اس حکم کے سب جانور حلال ہین بغیر ذبح کے برابر ہے کہ مثل اُسکا بر مین کہایا جاوے جیسے بقر و غنم یا کہایا جاوے جیسے کلب و خنزیر اور یہ سب کے سب سمک ہین یعنے کلب و خنزیر دریائی ہی مچھلی مین داخل ہے اور حکم اُنکا بھی حلت مین مثل مچھلی کے ہے اگرچہ صورتمین مختلف ہون بخلاف اُس جانور کے جو دریا مین زندگی کرتا ہے مگر جب خشکی پر نکالا جاوے پھر بھی اُسکی حیوٰۃ باقی رہتی ہے پھر اگر وہ طائر ہے جیسے بط اگر ذبح کی جاوے حلال ہے اور میتہ اُسکی حلال نہین اور اگر غیر طائر ہے مثل ضفدع اور سرطان اور سُلحفاۃ اور ذوات سموم کے جیسے حیہ اور عقرب پس وہ حرام ہے اور یہی قول ہے شافعی کا مین کہتا ہون اس تقدیر پر قول اللہ تعالٰی کا اُحِلَّ لَکُمْ صَیْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُہٗ مراد صید سے شکار ہے کہ لوگ باختیار و بقصد شکار کرین اور طعام سے میتات بحر کہ باختیار و بقصد شکار نہون اور اُسکو طعام فرمایا اور میتہ نفرمایا اسلئے کہ میتہ کا ذکر کہانی پینے کے مقام مین کراہت سے خالی نہین اور متاعًا لکم سے مُراد ہے اباحت اہل حضر کو اور للسیارۃ سے مراد ہے اباحت اہل سفر کو اور ابو حنیفہ نے کہا جمیع حیوانات بحر حرام ہین مگر سمک معروف امام محمد نے کہا کہ مچھلیان جب جاوین گرمی سے یا سردی سے یا قلت کڑالی ایک ٹکی تو یہ مضائقہ نہین اُسکے کہانی مین پھر اگر وہ خود مر جاوے اور طافی ہو جاوی وہ مکروہ ہے اگر مچھلی کی قسم سے ہو اور بالسوا مچھلی کی اگر ہو تو اُسمین بھی کچھ یہ مضائقہ نہین اور علی العموم حلال کہا امام شافعی نے دریائی میتہ کو وانتہے اقوال شاہ ولی اللہ سے اور موطا مین نافع سے مروی ہے کہ عبدالرحمن بن ابی ہریرہ نے سوال کیا عبداللہ بن عمر سے اُسچیز سے کہ پھینکدیا اُسی دریائی یعنے طافی سے پس منع کیا اُنہون نے اُسکی کہانی سے کہا نافع نے پھر سے عبداللہ و منگایا قرآن پھر پڑھی یہ آیت اُحِلَّ لَکُمْ صَیْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُہٗ متاعًا لکم یعنے طعام عام ہے خواہ شکار کردہ یا نہ یعنے طافی بھی اُسمین داخل ہے پھر کہا نافع نے کہ سچا ہے عبداللہ بن عمر نے عبدالرحمن بن ابی ہریرہ کیطرف اور کہلا بھیجا کہ طافی کے کہانی مین کچھ یہ مضائقہ نہین ہے اور روایت ہے سعد جاری سے کہ پوچھا مین نے عبداللہ بن عمر سے مچھلیون کے کہانی سے کہ تقتل ہے بعض اُنکا بعض کو یا مرجاتی ہین پانی سے تو فرمایا اُسمین کچھ یہ مضائقہ نہین کہا سعد نے پھر پوچھا مین نے عبداللہ بن عمرو بن العاص سے تو اُنہون نے بھی مثل اُسکے کہا جیسا اُنہون نے کہا تھا اور ابی مریرہ و زید بن ثابت سے مروی ہے کہ یہ دونون اُسکے کہانے مین مضائقہ نہ کرتے تھے جیسے دریائی یعنے طافی (کما فی الموطا) ✦

**عَنْ** عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ یَقُوْلُ اِنَّا لَجُلُوْسٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ اِذْ طَلَعَ عَلَیْنَا مُصْعَبُ بْنُ عُمَیْرٍ عَلَیْہِ اِلَّا بُرْدَۃٌ لَہٗ مَرْقُوْعَۃٌ بِفَرْوٍ فَلَمَّا رَاٰہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَکٰی لِلَّذِیْ کَانَ فِیْہِ مِنَ النَّعْمَۃِ وَالَّذِیْ ھُوَ فِیْہِ الْیَوْمَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَیْفَ بِکُمْ اِذَا غَدَا اَحَدُکُمْ فِیْ حُلَّۃٍ وَرَاحَ فِیْ حُلَّۃٍ وَوُضِعَتْ بَیْنَ یَدَیْہِ صَحْفَۃٌ وَرُفِعَتْ اُخْرٰی وَسَتَرْتُمْ بُیُوْتَکُمْ کَمَا تُسْتَرُ الْکَعْبَۃُ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ نَحْنُ یَوْمَئِذٍ خَیْرٌ مِنَّا الْیَوْمَ نَتَفَرَّغُ لِلْعِبَادَۃِ وَنُکْفَی الْمُؤْنَۃَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا اَنْتُمُ الْیَوْمَ خَیْرٌ مِّنْکُمْ یَوْمَئِذٍ **ترجمہ** روایت ہے علی بن ابیطالب سے فرماتے ہے ہم بیٹھے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد مین کہ آئی ہم پر مُصعب بن عُمیر کہ نہتھے اُنکے بغیر ایک چادر کہ پیوند لگے ہوئے تھے اُسمین پوستین کے پھر جب دیکھا اُنکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یاد کیا اُس زمانہ کو کہ جسمین وہ پلے تھے اور ان دنونکا حال اُنکا دیکھکر یہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا حال ہوگا تمہارا کہ تم مین سے ایک شخص صبح کو جائیگا ایک جوڑے مین اور شام کو جائیگا دوسرے مین بچھے گا تم کپڑے بیلگا اور رکھا جاویگا اُسکے آگے ایک برتن کہانیکا اور اُٹھایا جاویگا دوسرا یعنے قسم قسم کے کہانے چنے جائینگے اور پردے ڈالے جائینگے تم اپنے مکانونمین جیسے پردہ ڈالا جاتا ہے کعبہ مین عرض کی صحابہ نے اُسدن ہم بہت اچھے ہونگے آج سے فارغ ہونگے عبادت کے لئے اور بیچنیکی محنت سے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین بلکہ تم آجکے دن سے بہتر ہو اُندنون سے ✦ یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور یزید بن ابی زیاد مدنی مین راویانے اُنسے مالک بن انس نے اور کسی اہل علم نے اور یزید بن زیاد دمشقی کہ جنسے یہ بھی روایت کی ہے اُنسے کسی نے اور مروان بن معاویہ نے اور یزید بن ابی زیاد کوفی ہے کہ روایت کی ہے اُن سے سفیان بن

اور شعبہ اور ابن عیینہ اور کئی لوگوں نے اسے **مترجم** اسی حدیث میں زہد اور بے رغبتی ہے اصحاب کے دنیا سے اور شفقت اور رافت اور محبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی انکی حال پر اور فضیلت فقیر کے غنا پر کہ اسمیں راحت ہے جسم کے اور قلت ہے فکر کے دنیا میں اور زہد ہے حساب کے آخرت میں اور دوست رکھنا مال کا فراغ عبادت کے لئے نہ اتباع شہوات کے لئے اور کراہیت تکلف کے لباس اور طعام میں اور مکروہ ہونا دونوں کی کثرت کا **عن** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ أَهْلُ الصُّفَّةِ أَضْيَافَ أَهْلِ الْإِسْلَامِ لَا يَأْوُونَ عَلَى أَهْلٍ وَلَا مَالٍ وَاللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ إِنْ كُنْتُ لَأَعْتَمِدُ بِكَبِدِي عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْجُوعِ وَإِنْ كُنْتُ لَأَشُدُّ الْحَجَرَ عَلَى بَطْنِي مِنَ الْجُوعِ وَلَقَدْ قَعَدْتُ يَوْمًا عَلَى طَرِيقِهِمُ الَّذِي يَخْرُجُونَ فِيهِ فَمَرَّ بِي أَبُو بَكْرٍ فَسَأَلْتُهُ عَنْ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللَّهِ مَا سَأَلْتُهُ إِلَّا لِيَسْتَتْبِعَنِي فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ ثُمَّ مَرَّ بِي عُمَرُ فَسَأَلْتُهُ عَنْ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللَّهِ مَا سَأَلْتُهُ إِلَّا لِيَسْتَتْبِعَنِي فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ ثُمَّ مَرَّ بِي أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَبَسَّمَ حِينَ رَآنِي وَقَالَ أَبَا هُرَيْرَةَ قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ الْحَقْ وَمَضَى فَاتَّبَعْتُهُ وَدَخَلَ مَنْزِلَهُ فَاسْتَأْذَنَ فَأَذِنَ لِي فَوَجَدَ قَدَحًا مِنْ لَبَنٍ فَقَالَ مِنْ أَيْنَ هَذَا اللَّبَنُ لَكُمْ قِيلَ أَهْدَاهُ لَنَا فُلَانٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ قُلْتُ لَبَّيْكَ قَالَ الْحَقْ إِلَى أَهْلِ الصُّفَّةِ قَالَ فَأَدْعُهُمْ وَهُمْ أَضْيَافُ أَهْلِ الْإِسْلَامِ لَا يَأْوُونَ عَلَى أَهْلٍ وَلَا مَالٍ إِذَا أَتَتْهُ الصَّدَقَةُ بَعَثَ بِهَا إِلَيْهِمْ وَلَمْ يَتَنَاوَلْ مِنْهَا شَيْئًا وَإِذَا أَتَتْهُ هَدِيَّةٌ أَرْسَلَ إِلَيْهِمْ فَأَصَابَ مِنْهَا وَأَشْرَكَهُمْ فِيهَا فَسَاءَنِي فَأَلْقَحْتُ فَقُلْتُ وَمَا هَذَا اللَّقَحُ بَيْنَ أَهْلِ الصُّفَّةِ وَأَنَا رَسُولُهُ إِلَيْهِمْ فَيَأْمُرُنِي أَنْ أَدْعُوَهُمْ فَمَا عَسَى أَنْ يُصِيبَنِي مِنْ هَذَا اللَّبَنِ وَقَدْ كُنْتُ أَرْجُو أَنْ أُصِيبَ مِنْهُ مَا يُغْنِينِي وَلَمْ يَكُنْ بُدٌّ مِنْ طَاعَةِ اللَّهِ وَطَاعَةِ رَسُولِهِ فَأَتَيْتُهُمْ فَدَعَوْتُهُمْ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَيْهِ فَأَخَذُوا مَجَالِسَهُمْ قَالَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ خُذِ الْقَدَحَ فَأَعْطِهِمْ فَأَخَذْتُ الْقَدَحَ فَجَعَلْتُ أُنَاوِلُهُ الرَّجُلَ فَيَشْرَبُ حَتَّى يَرْوَى ثُمَّ يَرُدُّهُ فَأُنَاوِلُهُ الْآخَرَ حَتَّى انْتَهَيْتُ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رَوِيَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ فَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَدَحَ فَوَضَعَهُ عَلَى يَدِهِ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَتَبَسَّمَ وَقَالَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ اشْرَبْ فَشَرِبْتُ ثُمَّ قَالَ اشْرَبْ فَلَمْ أَزَلْ أَشْرَبُ وَيَقُولُ اشْرَبْ ثُمَّ قُلْتُ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أَجِدُ لَهُ مَسْلَكًا فَأَخَذَ الْقَدَحَ فَحَمِدَ اللَّهَ وَسَمَّى وَشَرِبَ

**ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ اہل صفہ مہمان تھے مسلمانوں کے نہیں جگہ پڑتے تھے وہ اہل کیطرف نہ مال کیطرف اور قسم ہے اُس معبود حق کے کہ کوئی معبود نہیں سوا اوسکی کہ میں البتہ ٹیکتا تھا اپنا کلیجہ زمین پر مارے بھوک کے اور باندھتا تھا پتھر اپنے پیٹ پر بھوک سے اور ایک دن میں بیٹھا تھا مسلمانوں کے راہ میں کہ نکلتے تھے وہ اُسپر سے سو گذری مجھپر ابوبکر اور پوچھی میں نے اُسسے ایک آیۃ کلام اللہ کے نہیں پوچھے میں نے مگر اسی لیئے کہ وہ مجھے اپنی ساتھ لیجاویں پھر وہ چلی گئے اور مجھے ساتھ نہ لیگئے پھر گذری مجھپر حضرت عمر اور پوچھی میں نے اُسسے ایک آیۃ کتاب اللہ کی اور نہ پوچھی تھی میں نے مگر اسی لیئے کہ وہ مجھے اپنی ساتھ لیجاویں پھر وہ چلی گئے اور مجھے ساتھ نہ لیگئے پھر گذری مجھپر ابوالقاسم صلے اللہ علیہ وسلم اور مسکرائی آپ مجھے دیکھکر اور کہا ابوہریرہ میں نے کہا لبیک یا رسول اللہ فرمایا آپنے ہماری ساتھ چلو اور چلی اور میں ساتھ ہولیا اُنکے اور داخل ہوئے وہ اپنے گھر میں پھر اجازت چاہی میں نے پس اجازت دی مجھے اندر آنے کی سو پایا آپنے لیتے اپنے گھر والوں سے ایک پیالہ دودھ کا فرمایا آپنے کہاں سے ملا یہ دودھ تمکو کہا گیا ہدیہ بھیجا ہمکو کسی نے سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے ابوہریرہ عرض کی میں نے لبیک فرمایا جاملو اہل صفہ سے اور بلاؤ اُنکو اور وہ مہمان تھے اہل اسلام کے نہ رکھتے تھے اہل اور نہ مال جب آنحضرت کے پاس صدقہ آتا تھا اُنکے پاس بھیجدیتے تھے اور اسمیں سے آپ کچھ نہ لیتے اور جب ہدیہ آتا تو اُنکو بلا بھیجتے اور آپ بھی اسمیں سے کچھ لیتے تھے اور اُنکو بھی شریک فرماتے پھر یہ بھیجنا آپکا مجھکو ذرا سی دودھ کے لئے ناگوار ہوا اور میں نے کہا کیا حقیقت ہے اتنے سے قدح کی اہل صفہ کی ساتھ اور میں اُنہیں بلانی جاؤں پھر مجھے حکم فرماویگی حضرت کا ان پر دورہ کر اوس قدح کو لیکر سو یقین ہے کہ مجھے اُسمیں سے کچھ نہ ملیگا اور مجھے تو امید یہ تھی کہ اسمیں سے مجھے اتنا ملیگا کہ مجھے کفایت کریگا اور وہ تھا بھی اتنا ہے مگر کچھ چارہ نہ تھا اطاعت اللہ اور رسول کے لیئے چارنا چار اہل صفہ سی دوچار ہونا پڑا سو آیا میں اُنکے پاس اور بلایا اُنکو پھر جب داخل ہوئے وہ اور اپنی اپنی لایق جگہوں میں بیٹھ گئے فرمایا مجھ سے آپنے اے ابا ہریرہ لو وہ پیالہ سو دو اُنکو سو لیا میں نے وہ پیالہ اور دینے لگا میں ایک ایک شخص کو پھر جب پی لیتا وہ یہانتک کہ سیر ہو جاتا تو پھیر دیتا اور میں دوسرے کو دیدیتا یہانتک کہ پہونچگیا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تک اور سارے قوم سیر ہو چکی ہے سو لیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ پیالہ اور رکھا اُسے اپنے ہاتھ پر پھر اُٹھایا سر مبارک اپنا اور مسکرائے اور فرمایا اے ابا ہریرہ پھر سو یا میں نے پھر فرمایا پھر سو یا میں پیتا رہا اور آپ یہی فرماتے رہی پھر آخر میں نے کہا قسم ہے اُس پروردگار کی کہ بھیجا اُسنے آپکو حق کے ساتھ نہیں پاتا میں اب گلپھہ پینے کی یعنی یہانتک سیر ہو گیا کہ اب گنجائش نہیں پس لیا آپنے پیالہ اور حمد کی اللہ تعالے کی اور بسم اللہ کہے اور پیا **ف** یہ حدیث صحیح ہے

**مترجم** اس حدیث میں بڑے فوائد ہیں اول دوام ضیافت اہل اسلام کہ عمدہ ترین سنت ہے ابراہیم علیہ السلام کے دوسرے حقیر ہونا اہل و مال کا تحصیل علم کے سامنے اسلئے کہ

اصحاب صفہ حضرت کی خدمت میں تحصیل علم کرتے تھے اور احادیث یاد کرتے تھے اور حضرت کی سنتیں سیکھتے تھے تیسرے واجب ہونا مسلمانوں پر کہ جو طلب علم میں ہو اُسکے حوائج ضروری خبر گیری کریں تاکہ وہ پریشان خاطر نہ ہو جیسے اصحاب کے عادت تھی اہل صفہ کی ساتھ چوتھے کنایہ کرنا اپنے اظہار حاجت ضروری کا اُس شخص سے کہ جس سے امید تائید ہو جیسے حضرت ابوہریرہ کرتے تھے پانچویں تبسم اپنے دوست سے ملتی وقت کہ مسنون ہے جیسا آنحضرت نے کیا ابوہریرہ کے سامنے چھٹے مسنون ہونا استیذان کا گھر میں داخل ہوتے وقت ساتویں حکم ہدیہ کا اور اجابت اُسکی آنحضرت کے لئے اور حرمت صدقہ کی آپ پر اور یہ کمال شرف ہے آپکے واسطے کہ عالی ہے حوصلہ آپکا اور آپکے اہل بیت کا اور اخلاق سے لوگوں کے آٹھویں مسنون ہونا شرکت اجابت کے اور مواساۃ اُنکے ہدیہ کے چیز میں نویں ظہور اعجاز کا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اور وہ کفایت کرنا ہے شیر قلیل کا جماعت کثیر کو اور سیر ہونا اُنکا اتنی سے شیر میں دسویں ضرور سمجھنا اطاعت خدا اور رسول کو اگرچہ امر اُنکا خلاف نفس ہو جیسا کہ بجا لائی حق فرمان بردار یکا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور ضرور ہی بھی ہر اہل اسلام کو گیارھویں یہ کہ مسنون ہے ایک پیالہ یا ایک برتن میں بطور دورہ پیتے آنا ایک جماعت کا اور ضرور نہیں کثرت پیالوں اور ظروف صغار کے جیسے کہ عادت ہے متکلفین دنیا دار کے بارھویں اخیر میں پینا ساقی کا چنانچہ مروی ہے ساقی القوم آخرہم شرباً تیرھویں مسنون ہونا حمد کا اطعام کے بعد کہ آنحضرت نے جب دیکھا کہ یسکو کفایت کر گیا اور عنایت الٰہی نے برکت بے اندازہ عطا کی سپر حمد فرمائی چودھویں مسنون ہونا اسم اللہ کا اکل و شرب کے ابتدا میں **عن** ابن عمر قال تجشأ رجل عند النبی صلے اللہ علیہ وسلم فقال کف عنا جشاءک فان اکثرھم شبعا فی الدنیا اطولھم جوعا یوم القیمۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ ڈکار لی ایک شخص نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے آگے تو فرمایا آپنے دور رکھ ہم سے اپنی ڈکار اسلئے کہ بہت پیٹ بھر کر کھانیوالا دنیا میں بہت دیر تک بھوکا رہیگا قیامت کے دن **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور اسباب ابی جحیفہ سے بھی روایت ہے **ترجمہ** ڈکار کے دور رکھنے سے مراد ہے منع کرنا پیٹ بھر کر کھانے سے اور دوام شبع کا مکروہ ہے کہ موجب ہے فقیروں کو بھول جانیکا اور اُنکی طرف التفات نہ کرنیکا اگرچہ جائز ہے پیٹ بھر کر کھانا روا ہے **عن** ابی موسیٰ قال یا نبی لو رأیتنا ونحن مع النبی صلے اللہ علیہ وسلم واصابتنا السماء احسبت ان ریحنا ریح الضان **ترجمہ** روایت ہے ابی موسیٰ سے کہا انہوں نے اپنے بیٹے سے ای بیٹی میرے اگر دیکھتا تو ہمکو اور ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہے اور جب پڑتا تھا ہم پر مینہ تو یقین کرتا کہ بو ہماری جیسے بو بھیڑ کی **ف** یہ حدیث صحیح ہے اور مراد اس سے یہ ہے کہ کپڑے اصحاب کے صوف کے تھے پھر جب اُنپر مینہ پڑتا تو بھیڑ کے سی بو آنے لگتے تھی اصحاب کے اور قلت اُنکی ثیاب کے دنیا میں کہ موجب ہے کثرت ثواب کے عقبے میں **عن** معاذ بن انس الجھنی ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قال من ترک اللباس تواضعا للہ وھو یقدر علیہ دعاہ اللہ یوم القیمۃ علی رؤس الخلائق حتی یخیرہ من ای حلل الایمان شاء یلبسھا **ترجمہ** روایت ہے معاذ بن انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص چھوڑ دی لباس زینت کا واسطے تواضع کے اللہ تعالیٰ کے لئے اور وہ قدرت رکھتا ہے لباس زینت کی ملا ویگا اُسے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تمام خلائق کے سامنے تاکہ پسند کرلیوے وہ لباس اہل ایمان سے جسے چاہے **عن** انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم النفقۃ کلھا فی سبیل اللہ الا البناء فلا خیر فیہ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نفقہ شرعی سب اللہ تعالیٰ کے راہ میں ہے مگر جو خرچ ہوتا ہے عمارت میں پس اُسمیں خیر نہیں ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے ایسا ہی کہا محمد بن حمید نے شبیب بن بشیر سے اور وہ شبیب بن بشیر ہیں **عن** حارثۃ بن مضرب قال اتینا خبابا نعودہ وقد اکتوی سبع کیات فقال لقد دعانا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ولولا انی سمعت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یقول لا تمنوا الموت لتمنیتہ وقال یؤجر الرجل فی نفقتہ الا التراب او قال فی التراب **ترجمہ** روایت ہے حارثہ بن مضرب سے کہا کہ آئی ہم خباب کے پاس عیادت کو اور اُنہوں نے سات داغ لگوائی تھے سو کہا اُنہوں نے دراز ہو مرض میرا اور اگر نہ سنی ہوتی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ بات کہ آپ فرماتے تھے کہ آرزو مت کرو موت کی تو بتحقیق میں آرزو کرتا اُسکی اور فرمایا کہ ہر چیز میں آدمی کو ثواب ملتا ہے مگر مٹی میں خرچ کرنے میں مگر مٹی کا یا فرمایا جو مٹی میں خرچ ہو **ف** یہ حدیث صحیح ہے **مترجم** اس حدیث میں زجر ہے بنا کی اور عدم اجر عمارت کے خرچ پر اور حضرت جیسے علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپ فرماتے تھے ویرانہ دنیا کا گران مراس ہے **عن** ابراھیم قال کل بناء وبال علیک قلت ارأیت ما لا بد منہ قال لا اجر ولا وزر **ترجمہ** روایت ہے ابراہیم سے کہ کہا اُنہوں نے ہر بنا وبال ہے تجھ پر کہا میں نے خبر کیا مجھے اُس عمارت سے کہ جو ضروری ہو اور خیر اُسکی کام نہ چلی کہا نہ اجر ہے نہ وزر **عن** حصین قال جاء سائل فسأل ابن عباس فقال ابن عباس للسائل اتشھد ان لا الہ الا

اللہ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَتَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَتَصُوْمُ رَمَضَانَ قَالَ نَعَمْ قَالَ سَاَلْتَ وَلِيًّا لِّلّٰهِ حَقًّا اِنَّهُ لَحَقٌّ عَلَيْنَا اَنْ نَّصِلَكَ وَاَعْطَاهُ ثَوْبًا ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ كَسَا مُسْلِمًا ثَوْبًا اِلَّا كَانَ فِيْ حِفْظِ اللّٰهِ مَا دَامَ مِنْهُ عَلَيْهِ خِرْقَةٌ ترجمہ روایت ہے حسین سے کہا کہ آیا ایک سائل اور سوال کیا اُسنی تو پوچھا ابن عباس نے اُس سے کہ تو گواہی دیتا ہی اس امر کے کہ کوئی معبود برحق نہیں ہے سوا خداوند تعالی کے اُسنی کہا ہان پھر کہا گواہی دیتا ہی تو کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول اُسکی ہین اُسنی کہا ہان پھر پوچھا کہ روزی رکھتا ہے تو رمضان کے کہا ہان فرمایا ابن عباس نے سوال کیا تو نی اور سائل کا حق ہے اور ہم پر ضرور ہے کہ ہم کچھ سلوک کرین تیرے ساتھ پھر دیا اُسکو ایک کپڑا پھر فرمایا سُنا مین نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کوئی مسلمان ایسا نہین کہ پہنا وی کسی مسلمان کو کوئی کپڑا مگر وہ رہیگا اللہ تعالی کی امان مین جبتک کہ وہ کپڑا اُسکے بدن پر ایک پارچہ ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے ترجمہ اُس سائل نے جب کچھ مانگا تو ابن عباس نے اُسکا اسلام دریافت کیا اسلئے کہ حدیث مین مسلمان کو پہنانے کی فضیلت وارد ہوئی ہے عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي الْمَدِيْنَةَ اَنْجَفَلَ النَّاسُ اِلَيْهِ وَقِيْلَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْتُ فِي النَّاسِ لِاَنْظُرَ اِلَيْهِ فَلَمَّا اسْتَبَنْتُ وَجْهَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَفْتُ اَنَّ وَجْهَهُ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ وَكَانَ اَوَّلُ شَيْءٍ تَكَلَّمَ بِهِ اَنْ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَصَلُّوْا وَالنَّاسُ نِيَامٌ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن سلام سے کہا کہ جب آئے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم یعنے مدینہ مین لوگ دوڑے اُنکی طرف اور کہا گیا کہ آئی رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ مین ہے آیا لوگون کے ساتھ کہ دیکھون اُنکو پھر جب ظاہر ہوا مجھپر چہرۂ مبارک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا پہچانا مین نے کہ یہ چہرہ جھوٹ بولنی والیکا نہین اور پہلے جو کلام کیا آپنے یہ تھا کہ فرمایا اے لوگو افشا کرو سلام کو اور کھانا کھلاؤ اور نماز پڑھو جب لوگ سوتی ہون یعنے تہجد کے داخل ہو جاؤ جنت مین سلامتی سے ف یہ حدیث صحیح ہے ترجمہ عبداللہ بن سلام کبار علماء یہود سے تھے اور کتب سابقہ مین آنحضرت کے تعریف و ثنا دیکھکر مشتاق قدوم تھے جب حضرت مدینہ مین پہنچے حضرت کی خدمت مین حاضر ہوکر مشرف باسلام ہوئے قولہ افشا کرو یعنے پھیلاؤ اور رواج دو اور خوگر ہو سلام کے اور سلام کرو جسکو پہچانو اُسپر بھی اور جسکو نہ پہچانو اُسپر بھی اور سلام کے فضائل احادیث مین بہت ہین اور قرآن مین اللہ تعالی تحیۃ مبارکۃ طیبۃ فرماتا ہے اور عبداللہ بن سلام کے دیکھتے ہی سلام کا بیان فرمانا اور ختم کلام بے لفظ سلام پر کرنا عجیب لطافت لفظی ہے کہ فصیحان عرب و عجم پر پوشیدہ نہین ہے مگر فطرت سلیم چاہئے عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ اَتَاهُ الْمُهَاجِرُوْنَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رَاَيْنَا قَوْمًا اَبْذَلَ مِنْ كَثِيْرٍ وَّلَا اَحْسَنَ مُوَاسَاةً مِّنْ قَلِيْلٍ مِّنْ قَوْمٍ نَزَلْنَا بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ لَقَدْ كَفَوْنَا الْمُؤْنَةَ وَاَشْرَكُوْنَا فِي الْمَهْنَاءِ حَتّٰى لَقَدْ خَفْنَا اَنْ يَّذْهَبُوْا بِالْاَجْرِ كُلِّهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا مَا دَعَوْتُمُ اللّٰهَ لَهُمْ وَاَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِمْ ترجمہ روایت ہے انس سے کہا جب آئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ مین حاضر ہوئی اُنکے پاس مہاجرین اور عرض کی کہ اے رسول اللہ کے نہین دیکھی ہمنے کوئی قوم بڑی خرچ کرنیوالی مال کثیر سے اور نہ حسن مواساۃ کرنیوالی مال قلیل سے اس قوم سے بڑھکر جسکے درمیان ہم اُترے ہین اور تفصیل اس اجمال کی یہ کہ بار رکھا ہمارا اُنہون نے ہمکو محنت و مشقت سے اور شریک کیا ہمکو آرام و راحت مین یہانتک کہ ہم ڈر رہے ہین کہ سب ثواب ہمارے نیکیون کا وہ نہ لیجاوین فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہین جبتک کہ تم دعا کرتی رہوگے اُنکے لئے اور شکریہ ادا کرتے رہوگی اُنکا ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے ترجمہ قولہ نہین دیکھی ہم نے کوئی قوم الخ مراد قوم سے انصار ہین کہ جب مہاجرین اُنکے وطن مین آئے اور ایک مہاجر کو ایک ایک انصار کے ساتھ بھائی چارہ ہوگیا تو اُنہون نے اپنے مال تقسیم کر دیے ملکہ اپنے حاجات پر اُنکے حاجات کو مقدم کیا اللہ تعالی نے اُنہین کے تعریف مین فرمایا ہے يُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ تو مہاجرین نے اُنکا شکریہ حضرت کے سامنے بیان کیا کہ اگر اُنکے پاس مال بہت ہوتا ہے تو بھی یہ خرچ کرتے ہین اور اگر تھوڑا ہوتا ہے تو بھی مروت اور مدارات سے بھائیون کے کنارہ نہین کرتے چنانچہ تفصیل اُسکی یہ کہی اُنہون نے محنت اور مشقت کسب تجارت و زراعت و غیرہ کے تو اپنے ذمہ لی ہے اور نفع اور چرند و خورند مین ہمکو بھی شریک کیا ہے قولہ ہم ڈر رہے ہین آخرت مین ہمارے سب نیکیون کا ثواب نہین کو لیجاوے اور ہم محروم رہین حضرت نے فرمایا اُنکے محنت اور مشقت کا بدلہ اگر تم کرتے رہوگی تو یہ بات نہوگی اور وہ دو چیزین فرمائین ایک دعائی خیر اُنکے واسطے دوسرے ثنائی خیر کہ ہر منون کو اپنے محسن کے لئے ضرور ہے عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ بِمَنْزِلَةِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھانیوالا شکر گذار ثواب مین برابر ہے صابر روزہ دار کے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ مَّنْ يَّحْرُمُ عَلَى النَّارِ وَمَنْ تَحْرُمُ عَلَيْهِ النَّارُ عَلٰى كُلِّ قَرِيْبٍ هَيِّنٍ سَهْلٍ ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

نے کیا نہ خبردہ نہیں تمکو کہ کون حرام ہے آگ پر اور کس پر حرام ہے آگ یعنے دوزخ کی اوپر ہر قریب کینہ اور وقار اور آسانی کرنیوالے کے **ف** یہ حدیث غریب ہے **عن** الاسود بن یزید قال قلت یا عائشۃ ای شیء کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصنع اذا دخل بیتہ قالت کان یکون فی مھنۃ اھلہ فاذا حضرت الصلوٰۃ قام فصلی **ترجمہ** روایت ہے اسود بن یزید سے کہا انہوں نے عرض کیے میں کہ اے عائشہ ام المومنین کیا کرتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب داخل ہوتے اپنے گھر میں فرمایا انہوں نے کام کاج کرنے لگتے اپنے گھر کا پھر جب وقت آتا نماز کا کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگتے **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عن** انس بن مالک قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا استقبلہ الرجل فصافحہ لا ینزع یدہ من یدہ حتی یکون الرجل ینزع ولا یصرف وجھہ عن وجھہ حتی یکون الرجل ھو ینصرفہ ولم یر مقدما رکبتیہ بین یدی جلیس لہ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سامنے آتا آپکے کوئی مرد اور مصافحہ کرتا آپسے نہ نکالتے اپنا ہاتھ اسکے ہاتھ سے یہانتک کہ وہی نکالتا اپنا ہاتھ اور نہ پھیرتے اسکی طرف سے مونہہ اپنا یہانتک کہ وہی پھیرتا اپنا مونہہ اور نہ دیکھے اسکے پر پہلے کسیکے اسکے ہمنشین کے آگے **ف** یہ حدیث غریب ہے **عن** عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال خرج رجل ممن کان قبلکم فی حلۃ لہ یختال فیھا فامر اللہ الارض فاخذتہ فھو یتجلجل او قال یتجلجل فیھا الی یوم القیمۃ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نکلا ایک مرد تم سے اگلو مین کا ایک حلہ پہنکر اترا تا تھا وہ اسمین سو حکم فرمایا اللہ تعالے نے زمین کو پس پکڑا اسکو زمین نے اور وہ دھنستا جاتا ہے زمین مین قیامت کے دن تک اوی کو شک ہے کہ یتجلجل فرمایا آپنے یا یتجلجل کہا ابو عیسے نے یہ حدیث صحیح ہے **مترجم** یتجلجل کا مصدر تجلجل ہے اور جلجلہ وہ حرکت ہے کہ جیسے ساتھ آواز ہو اور یتجلجل کا مصدر تلجلج ہے یعنے تردد کے غرضکہ وہ ادہر ادہر کرتا مین لیتا مثل غرق کے دھنستا جاتا ہے اور کہین قرار نہین پاتا معاذ اللہ من ذلک **عن** عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یحشر المتکبرون یوم القیمۃ امثال الذر فی صور الرجال یغشاھم الذل من کل مکان یساقون الی سجن فی جھنم یسمی بولس تعلوھم نار الانیار یسقون من عصارۃ اھل النار طینۃ الخبال **ترجمہ** بسند مذکور روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حشر مین لائے جائینگے متکبر لوگ قیامت کے دن مانند چیونٹیون کے صورتون مین مردون کے ڈھانپی گی انکو ذلت ہر جگہ سے ہنکائی جاوینگے جہنم کے ایک قید خانہ کیطرف کہ اسکا نام بولس ہے آگ بالیگی اور جوشمین لوگی انکو آگ آشوبنکی پلائی جاوینگے عصارہ دوزخیونکا کہ جسے طینۃ الخبال کہتے ہین **ف** یہ حدیث حسن ہے **مترجم** مانند چیونٹیون کے الخ بعضون نے کہا مراد اسسے فقط ذلت اور ہوان ہے کہ لوگ انکو روندینگے جیسے چیونٹیونکو روندتے ہین پس انکو چیونٹی کے مانند فرمایا مجاز ہے ذلت سے چنانچہ آگے یہی فرماتے ہین کہ ڈھانپے گی انکو ذلت پس یہ قرینہ ہی مجاز کا اور بعضون نے کہا مانکہ وہ حقیقت ہے اور جثہ انکا چیونٹیون ہی کے برابر ہوگا اگرچہ صورت مردونکی ہوا ور بولس بفتح با اکثر شروح مین وارد ہوا ہے اور قاموس مین بضم با نام ہے جہنم مین ایک قید خانہ کا کہ مخصوص ہے متکبرون کے واسطے قولہ تعلوھم یعنے آگ بالیگی علی اسکا مصدر ہے یعنے جوش دینی اور کھولنی کے قولہ نار الانیار یعنے آگ آگون کی مراد اس سے یہ ہے کہ اس سجن مین وہ آگ ہے کہ دوزخ کی آگ ہے اس سے ایسے پناہ مانگتی ہے جیسے اور اجسام آگ سے پناہ مانگتے ہین سو وہ آگون کی آگ ہے قولہ عصارہ دوزخیون کا عصارہ ہر چیز کا وہ ہے کہ جو اسکے نچوڑنے سے نکلے جیسے عصارہ انگور یعنی شیرہ اسکا مراد اس مقام مین وہ پیپ اور لہو اور زرداب ہے کہ دوزخیون کے زخمون اور داہیل سے بہہ رہا ہے قولہ طینۃ الخبال طینہ کیچڑ ہے کہ پانی اور مٹی ملکر سڑ گئی ہو اور خبال بمعنے فساد ہے یعنے بگڑی ہوئی چیز یعنے وہ کیچڑ کہ خوب سڑی ہوئی متعفن ہوگئے ہے اور عصارہ اہل نار سے مراد ہے انکے خوراک ہوگی معاذ اللہ من ذلک **عن** جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلاث من کن فیہ نشر اللہ علیہ کنفہ وادخلہ الجنۃ رفق بالضعیف والشفقۃ علی الوالدین والاحسان الی المملوک **ترجمہ** روایت ہے جابر رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تین چیزین ہین کہ جسمین ہون پھیلاویگا اللہ تعالے اسپر کنف اپنا یعنے قیامت کے دن اور داخل کریگا اسکو جنت مین پہلے نرمی ضعیف پر اور شفقت والدین پر اور احسان لونڈے غلام پر **ف** یہ حدیث غریب ہے **عن** ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللہ عز وجل یا عبادی کلکم ضال الا من ھدیتہ فسلونی الھدی اھدکم وکلکم فقیر الا من اغنیتہ فسلونی ارزقکم وکلکم مذنب الا من عافیت فمن علم منکم انی ذو قدرۃ علی المغفرۃ فاستغفرنی غفرت لہ ولا ابالی ولو ان اولکم واخرکم وحیکم ومیتکم ورطبکم ویابسکم اجتمعوا علی اتقی قلب عبد من عبادی ما زاد ذلک فی ملکی جناح بعوضۃ ولو ان اولکم واخرکم وحیکم ومیتکم ورطبکم ویابسکم اجتمعوا علی اشقی قلب عبد من عبادی ما

مَا نَقَصَ ذٰلِكَ مِنْ مُلْكِيْ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ وَلَوْ اَنَّ اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَحَيَّكُمْ وَمَيِّتَكُمْ وَرَطْبَكُمْ وَيَابِسَكُمْ اجْتَمَعُوْا فِيْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ فَسَاَلَ كُلُّ اِنْسَانٍ مِنْكُمْ مَا بَلَغَتْ اُمْنِيَّتُهٗ فَاَعْطَيْتُ كُلَّ سَائِلٍ مِنْكُمْ مَا نَقَصَ ذٰلِكَ مِنْ مُلْكِيْ اِلَّا كَمَا لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ مَرَّ بِالْبَحْرِ فَغَمَسَ فِيْهِ اِبْرَةً ثُمَّ رَفَعَهَا اِلَيْهِ ذٰلِكَ بِاَنِّيْ جَوَادٌ وَاجِدٌ مَاجِدٌ اَفْعَلُ مَا اُرِيْدُ عَطَائِيْ كَلَامٌ وَعَذَابِيْ كَلَامٌ اِنَّمَا اَمْرِيْ لِشَيْءٍ اِذَا اَرَدْتُّهٗ اَنْ اَقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ترجمہ روایت ہے ابی ذر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ فرماتا ہے اللہ بزرگ و برتر اسی میرے بندوں تم سب گمراہ ہو مگر جسی میں ہدایت کروں سو تم مجھ سے ہدایت مانگو میں تمہیں ہدایت کروں اور تم سب فقیر ہو مگر جسی میں غنی کروں سو تم سوال کرو مجھ سے کہ میں تمہیں رزق دوں اور تم سب گنہگار ہو مگر جسی میں بچاؤں گناہ سے پھر جو شخص جانے کہ میں قدرت رکھنے والا ہوں بخشنے پر اور مجھ سے مغفرت مانگی بخشدوں گا میں اسکو اور پرواہ نہیں رکھتا میں اور اگر اگلے اور پچھلے تمہارے اور زندے اور مردے تمہارے اور تر اور خشک تمہارے جمع ہو جاویں اتقی قلب عبد پر میرے بندوں سے تو نہ بڑھے گی میرے سلطنت ایک مچھر کے پر برابر اور اگر تمہارے اگلے اور پچھلے اور زندے اور مردے تمہارے اور تر اور خشک جمع ہو جاویں اشقی قلب عبد پر میرے بندوں سے نہ گھٹے گی میرے ملک سے کچھ مگر اتنا کہ کوئی تم میں کا گذرے دریا پر اور ڈبووے اسمیں ایک سوئی پھر نکالے اسکو اور یہ اس سبب سے ہے کہ میں جواد ہوں واجد ہوں ماجد ہوں کرتا ہوں جو چاہتا ہوں میرا عطا فقط کلام ہے اور عذاب میرا فقط کلام ہے بیشک میرا حکم کسی چیز کے لئے جب میں چاہتا ہوں تو یہی ہے کہ میں کہتا ہوں ہو پس وہ ہو جاتا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کے بعضوں نے یہ حدیث شہر بن حوشب سے انہوں نے عبدالرحمن سے انہوں نے ابی ذر سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی **ترجمہ** قولہ جمع ہو جاویں اتقی قلب عبد پر میرے بندوں سے یعنی اگر تمام جہان کی لوگ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور جبرئیل علیہ السلام کے برابر تقوی میں ہو جاویں تو سلطنت اس شہنشاہ عالیجاہ بی پروا کی مچھر کے پر برابر نہ بڑھی اور اگر سارے جہان کی لوگ دجال اور فرعون کے برابر شقی اور بدبخت ہو جاویں تو ایک مچھر کے پر برابر اسکے سلطنت نہ گھٹے قولہ میں جواد ہوں واجد ہوں ماجد ہوں جواد سخی بڑا ہے اسمیں مذکر و مؤنث اور ایجاد اور وجود اور وجود اسکی جمع ہے اور منتہی العضوں نے کہا سخی وہ ہے جو مانگنے اور سوال کرنے سے پہلے دیوے اور واجد وہ ہے کہ اگر نہ مانگو تو خفا ہووے اور بی مانگے عطا کرے اور یہ صفت ہے باری تعالیٰ شانہ کی نہیں پا سکتے کہ کسی مخلوق میں اسکی حقیقت اور عطا اور بیعدیہ اسکی انتہا ہے اسکی منتہی اور واجد وہ غنی ہے کہ کبھی مفتقر نہ ہووے اور وہ امید کرنا کبھی نہ ہووے اور یہ شان ہے باری تعالیٰ شانہ کی کہ وہ تمامی مخلوقات سے بی پرواہ ہے اور سارے موجودات سے مستغنی اور ماجد صاحب فضیلت و شرافت اور مجد لغت میں شرف واسع کا نام ہے اور مجید میں زیادت معنی ہے ماجد سی سبب کہ لفظ مجید گویا جامع ہے معنی جلیل و بارگ کریم کو اور یہ صفت باری تعالیٰ شانہ کی کہ شرف اسکا غیر منتہی ہے اور فضل اسکا غیر متناہی ہے اور عذاب میرا فقط کلام ہے یعنی جیسے اور مخلوقات کو عطا کی وقت نزول امر کی ضرورت ہوتی ہے اول موجود ہونا اس چیز کا جسے دینا منظور ہو دوسرے زائد ہونا اپنی ذات سے تیسرے متعلق ہونا حق غیر کا اسمیں اور غیر اسکے اور کو مشکل ہوتی ہے دینے والے کو اسکی کچھ حاجت نہیں اسلئے کہ وہاں فقط کن کے کہنے سے معدوم موجود ہو جاتا ہے اور پھر اس موجود سے کما اسے پروا ہی اس ذات مقدس کو ہوتی ہے چنانچہ ایاہ اللہ غنی عن العالمین اور متعلق نہیں ہوتا اسمیں حق کسی غیر کا بلکہ ملک خاص ہوتی ہے وہ شی باری تعالیٰ شانہ کی اور اسیطرح عذاب میں فقط حکم دینے کی حاجت ہوتی ہے چاہے شے موجود اور یا غیر موجود ہو یا نہ غرض اس حدیث میں بڑی عظمت اور کبریائی باری تعالیٰ شانہ کی مذکور ہے اور ہادی و زاق و قادر و غفور ہونا اس ذات مقدس کا مطہر ہے افسوس ہے ان بندہ پر جو اس درگاہ کے بندگی کا اقرار کر کے اپنی حاجات اور دنیی مانگتی ہیں اور اسکی عطا اور رزاقیت کا حال سن سمجھ کر اولیا اور انبیا اور بہ و شہید ہے التجا ہیں معاذ اللہ من ذلک گویا مضمون اس شعر کا انکی گوش موشمیں نہیں پڑا **شعر** حاجت طلبی نہ پیر بوے و عیب غلام باوفا را **عن** ابن عمر قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یحدث حدیثا لو لم اسمعہ الا مرۃ او مرتین حتی عد سبع مرات ولکنی سمعتہ اکثر من ذلک سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول کان الکفل بن رجل لا یتورع من ذنب عملہ فاتتہ امرۃ فاعطاھا ستین دینارا علی ان یطاھا فلما قعد منھا مقعد الرجل من امرأتہ ارعدت وبکت فقال مالک اکرھتک قالت لا ولکنہ عمل ما عملتہ قط وما حملنی علیہ الا الحاجۃ فقال تفعلین ھذا وما فعلتیہ اذھبی فھی لک وقال لا واللہ لا اعصی اللہ بعدھا ابدا فمات من لیلتہ فاصبح مکتوبا علی بابہ ان اللہ قد غفر للکفل ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہا انہوں نے کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے ایک حدیث کہ اگر سنی ہوتے میں نے ایک مرتبہ یا دو بار یہانتک کہ گنا سات تک تو

نہیں کرتا میں بلکہ سنی ہے میں نے اُسی اُس سے زیادہ مرتبہ سنا میں نے اُنکو کہ فرماتی تھی تہا ایکدن نبی اسرائیل سے کہ نام اُسکا کفل تہا کہ وہ پرہیز نکرتا تہا کسی گناہ سے آئی اُسکے پاس ایک عورت اور دی اُسنے اُسکو ساٹھ دینار اس شرط پر کہ جماع کرے اُس عورت سے پھر جب بیٹھا وہ اُسکی آگے جیسا کہ بیٹھتا ہی مرد اپنی عورت کی آگے کانپی وہ اور لرزنے لگی سو پوچھا اُسنے کہ کیوں روتی ہے تو کیا میں نے زبردستی کی تجھپر تو بولی کہ نہیں آج میں نے کام کرتے ہوں جو کبھی نہیں کیا اور باعث اسکا کوئی نہیں سوا حاجت کے سو کہا اُسنے تو میرا کام کرتی ہے اور کبھی تو نہیں گیا جاوہ تیری دینار تیرے لئے ہیں اور کہا اُس مرد نے قسم ہے اللہ تعالی کی نافرمانی نکروں گا میں اللہ تعالی کی اسکی بعد کبھی سو انتقال کر گئی وہ اُسی رات کو صبح کو اُسکے دروازہ پر لکھا ہوا تہا کہ بیشک اللہ تعالی بخشدیا مفضل کو **ف** یہ حدیث سنی ہے اور روایت کیے یہ شیبان اور کئی لوگوں نے اعمش سے اور مرفوع کیا اُسکو اور روایت کیے بعضوں نے اعمش سے اور مرفوع نکیا اُسکو اور روایت کیے ابوبکر بن عیاش نے یہ حدیث اعمش سے اور خطا کی ہیں اور کہا عن عبداللہ عن عبداللہ بن سعید بن جبیر عن ابن عمر اور وہم محفوظ ہی اور عبداللہ بن عبداللہ الرازی کوفی ہیں اور جدہ انکی ہیرہ ہیں علی بن ابیطالب کے اور روایت کیے عبداللہ بن عبداللہ رازی سے عبید نبلی اور حجاج بن ارطاۃ اور کئی لوگوں نے **عن** الحارث بن سوید قال حدثنا عبداللہ بحدیثین احدھما عن نفسہ والآخر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان المؤمن یری ذنوبہ کانہ فی اصل جبل یخاف ان یقع علیہ وان الفاجر یری ذنوبہ کذباب مر علی انفہ فقال بہ ھکذا فطار قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للہ افرح بتوبۃ احدکم من رجل بارضٍ فلاۃ ردت علیہ راحلتہ علیہا زادہ وطعامہ وشرابہ وما یصلحہ فاضلہا فرحہ وطلبہا حتی اذا ادرکہ الموت قال ارجع الی مکانی الذی اضللتہا فیہ فاموت فیہ فرجع الی مکانہ فغلبتہ عینہ فاستیقظ فاذا راحلتہ عند راسہ علیہا طعامہ وشرابہ وما یصلحہ **ترجمہ** روایت ہے حارث بن سوید سے کہا انہوں نے کہ بیان کیں ہم سے عبداللہ نے دو حدیثیں ایک اپنی جانب سے یعنے موقوفا اور دوسری نبی صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف سے یعنے مرفوعا کہا عبداللہ نے مومن اپنے گناہ کو اسا دیکھتا ہے کہ گویا وہ ایک پہاڑ کی جڑ میں ہے اور ڈرتا ہی کہ وہ اُسپر گرے یعنی عذاب آخرت کا پہاڑ سامنے نظر آتا ہے فاجر دیکھتا ہی اپنے گناہ کو مانند ایک مکھی کے کہ بیٹھی اُسکی ناک پر اور اسنے ہاتھ سے اشارہ کیا اور وہ اُڑگئی اور یہ حدیث موقوف تہی اور حدیث مرفوع یہ ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی عزوجل بیشک زیادہ خوش ہونیوالا ہے تم میں سے ایک کے توبہ پر بہ نسبت اُسکے کہ تہا وہ چٹیل زمین میں کہ جسمیں گہاس نہی یا ہلاک کرنیوالی نہی زمین اُسکی ساتھ نہی اونٹنی اُسکی کہ اُسپر تہا توشہ اُسکا اور کہانا پینا اُسکا اور جسکی اُسکو حاجت ہو پس کہو دیا اُسنے اُس اونٹنی کو سو نکلا وہ اُسکی ڈہونڈہنے کو یہانتک کہ جب وہ قریب ہلاک کے پہونچا کہا اُسنے کہ لوٹونگا میں اس جگہ میں کہ جہاں کہو یا تھے اُس اونٹنی کو اور مرجاؤں میں پس لوٹا وہ اُسی مکان کے طرف سو لگ گئی اُسکی آنکھ پہر جاگا تو کیا دیکھتا ہے کہ اونٹنی اُسکی اُسکی سر پاس موجود ہے اُسپر سے اُسکا کہانا اور پینا اور جسکی اُسے حاجت ہو **کہا** ابوعیسے نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور سابت ابی ہریرہ اور نعمان بن بشیر اور انس بن مالک سے بھی روایت ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں **مترجم** مسلم میں باختلاف یسیر یہ روایت انس سے مروی ہے اور اُسکے آخر میں یہ بھی ہے کہ جب اونٹنی اُسکو ملگئی پکڑ کی اُسی مہار اُسکے اور خوشی کے ماری کہنے لگا اللھم انت عبدی وانا ربک یعنے یا اللہ تو میرا بندہ ہے اور میں تیرا رب خطا کی اُسنی شدت فرح سی انتہی اور یہ ایک مثال در تشبیہ ہے باری تعالی کے خوش ہونیکی جیسے وہ بندہ اپنی جان دینے پر مستعد ہو گیا تہا اور کوئی صورت حیلوۃ کی نظر نہ آتی تھے پہر یکبارگی سب سامان راحت اور اسباب استراحت مجتمع ہو گیا اور خوشی کے ماری کچھہ کا کچھہ زبان سے نکل گیا حالانکہ حقیقۃً ایسے خطا باری تعالی پر محال ہے مگر یہ اُسکی خوش ہونیکی باعتبار فضل و کرم کے ایک مثال ہے غریب کہ بندہ جیسے اپنی زندگی پر خوش ہوتا ہے ویسے ہی باری تعالی اُسکی زندگی ابدی پر بسبب توبہ کے حاصل ہوئی ہے اور ہلاکت گناہ سی بندہ کو نجات ملے ہی خوش ہوتا ہے وذلک ھو الفوز العظیم **عن** انس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کل بنی آدم خطاء وخیر الخطائین التوابون **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بیٹا آدم کا خطا کار ہے اور بہتر خطا کاروں کے توبہ کرنیوالے ہیں **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر علی بن مسعدہ کے روایت ہے کہ وہ قتادہ ہی سے روایت کرتے ہیں **باب عن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلیکرم ضیفہ ومن کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلیقل خیرا او لیصمت **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ایمان رکہتا ہو اللہ پر اور پچھلے دن پر پس چاہیے کہ اکرام و تعظیم کرے اپنی مہمان کی اور جو ایمان رکہتا ہو اللہ پر اور پچھلے دن پر تو چاہیے کہ نیک بات کہے یا چپ رہی **ف** یہ حدیث صحیح ہے اس باب میں عائشہ اور انس اور ابی شریح کعبی سے بھی روایت ہے اور ابی شریح خزاعی ہیں اور نام اُنکا خویلد بن عمرو ہے **عن** عبداللہ بن عمرو قال

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمِعَتْ نَجَا ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو چپ رہا نجات پائی ف اس حدیث کو نہیں پہچانتے ہم مگر ابن لہیعہ کی روایت سے **باب عن** اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْمُسْلِمِیْنَ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ ترجمہ روایت ہے ابی موسیٰ سے کہا کہ پوچھا کسی نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ مسلمانوں میں افضل کون شخص ہے فرمایا آپ نے جسکی زبان اور ہاتھ سے مسلمان بچے رہیں ف یہ حدیث صحیح ہے غریب ہے ابی موسیٰ کی روایت سے **عن** مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ عَیَّرَ اَخَاہُ بِذَنْبٍ لَمْ یَمُتْ حَتّٰی یَعْمَلَہٗ قَالَ اَحْمَدُ قَالُوْا اِنْ تَابَ مِنْہُ قَدْ تَابَ مِنْہُ ترجمہ روایت ہے معاذ بن جبل سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص عار دلایا اپنی بھائی کو کسی گناہ کے ساتھ نہ مریگا جبتک اُس سے وہ گناہ صادر نہ ہو کہا احمد نے کسی نہیں کا قول ہے کہ مراد اُس سی وہ گناہ ہے کہ جس سے وہ شخص توبہ کر چکا ہو یعنے بعد توبہ کے پھر عار دلانا نچاہیے ف یہ حدیث حسن غریب ہے اور اسناد اُسکی متصل نہیں خالد بن معدان نے نہیں پایا معاذ بن جبل کو اور مروی ہے کہ خالد بن معدان نے ملاقات کی ہے ستر صحابیوں سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے **باب عن** وَاثِلَۃَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُظْہِرِ الشَّمَاتَۃَ لِاَخِیْکَ فَیَرْحَمُہُ اللّٰہُ وَیَبْتَلِیْکَ ترجمہ روایت ہے واثلہ بن اسقع سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مت ظاہر کر شماتت اپنے بھائی کے لئے کہ اللہ رحم کریگا اُسپر اور مبتلا کریگا تجھکو یعنے اُس بلا میں کہ جسپر تو نی شماتت کی تھی ف یہ حدیث غریب ہے اور مکحول نے سنا ہے واثلہ بن اسقع سے اور انس بن مالک ابو امامہ باہلی سے اور بعضوں نے کہا ہے کہ انکو کسی صحابی سے سماع نہیں مگر ان تین شخصوں سے اور مکحول شامی کی کنیت ابو عبداللہ ہے اور وہ غلام تھی پس آزاد کی گئی اور مکحول ازدی بصری نی شامی عبداللہ بن عمر سے اور روایت کرتی ہیں اُنسی عمارہ بن زذان روایت کی ہے علی بن حجر نے اُنہوں نے اسمٰعیل بن عیاش سے اُنہوں نے عطیہ سے کہا اُنہوں نے کہ بہت سنا میں نے مکحول سے کہ لوگ اُنسی کوئی مسئلہ پوچھتے تھے تو وہ کہتے تھے مذانم یعنے میں نہیں جانتا **باب عن** عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اُحِبُّ اَنِّیْ حَکَیْتُ اَحَدًا وَاَنَّ لِیْ کَذَا وَکَذَا ترجمہ روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں دوست رکھتا میں کہ ذکر کروں کسی شخص کا اگرچہ مجھی اتنا اتنا ہو یعنی مال بہت سا ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** عَائِشَۃَ قَالَتْ حَکَیْتُ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلًا فَقَالَ مَا یَسُرُّنِیْ اَنِّیْ حَکَیْتُ رَجُلًا وَاَنَّ لِیْ کَذَا وَکَذَا قَالَتْ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ صَفِیَّۃَ امْرَاَۃٌ وَقَالَتْ بِیَدِہَا ھٰکَذَا کَاَنَّہَا تَعْنِیْ قَصِیْرَۃً فَقَالَ لَقَدْ مَزَجْتِ بِکَلِمَۃٍ لَوْ مُزِجَ بِہَا مَاءُ الْبَحْرِ لَمَزَجَہٗ ترجمہ روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُنہوں نے کہ ذکر کیا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے آگی ایک مرد کا سو فرمایا آپنی کہ نہیں پسند آتا مجھکو کہ میں ذکر کروں کسی مرد کا اگرچہ مجھی ملی اتنا اور اتنا مال کہا حضرت عائشہ نے عرض کی میں نے یا رسول اللہ بیشک صفیہ ایک عورت ہے اور اشارہ کیا حضرت عائشہ نی اپنی ہاتھ سی اسطرح یعنے وہ ٹھنگنی ہی سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک تو نے ایسی بات ملائی اپنی باتو میں کہ اگر ملائی جاوے وہ دریا کے پانی میں تو بدمزہ یعنی خراب موجود ہے **ترجمہ** یہ ہاتھ سے اشارہ کرنیکو بھی آپنے غیبت قرار دیا معلوم ہوا کہ غیبت ہاتھ سے یا منہ سے یا آنکھ سے اشارہ کرنے بھی ہو جاتی ہے اور پھر اُسکے خرابی بیان فرمائی کہ اگر دریا میں ملا دیجائے تو وہ بھی متغیر اور خراب ہو جاوے یہ ایک تمثیل ہے اُسکی خرابی کے **باب عن** یَحْیٰی بْنِ وَثَّابٍ عَنْ شَیْخٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُرَاہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا کَانَ مُخَالِطُ النَّاسِ وَیَصْبِرُ عَلٰی اَذَاھُمْ خَیْرٌ مِّنَ الْمُسْلِمِ الَّذِیْ لَا یُخَالِطُ النَّاسَ وَلَا یَصْبِرُ عَلٰی اَذَاھُمْ ترجمہ روایت ہے یحییٰ بن وثاب سے وہ روایت کرتے ہیں ایک شیخ سے جو اصحاب نبی سے ہیں صلے اللہ علیہ وسلم کہا یحییٰ نی گمان کرتا ہوں میں کہ اُس شخص نے کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مسلمان کہ ملی لوگوں سے اور صبر کرے اُنکی تکلیف پر بہتر ہے اُس مسلمان سے کہ نہ ملی لوگوں سے اور نہ صبر کرے اُنکی تکلیف پر ف کہا ابن ابی جمرہ نے گمان کرتا ہوں میں کہ وہ راوی ابن عمر ہیں ؛ **عن** اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِاَفْضَلَ مِنْ دَرَجَۃِ الصِّیَامِ وَالصَّلٰوۃِ وَالصَّدَقَۃِ قَالُوْا بَلٰی قَالَ صَلَاحُ ذَاتِ الْبَیْنِ فَاِنَّ فَسَادَ ذَاتِ الْبَیْنِ ھِیَ الْحَالِقَۃُ ترجمہ روایت ہے ابی الدرداء سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں

دونمین تمکو ایسی چیز کی جو درجہ مین افضل ہے صیام صلوٰۃ وصدقہ سے کہا صحابہ نے کیون نہین فرمایا آپنی ملاپ و محبت آپسمین اسلئے کہ پھوٹ آپسکی مونڈنیوالی ہے **ف** یہ حدیث صحیح ہے اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنی کہ پھوٹ آپسکی مونڈنیوالی ہے نہین کہتا ہون کہ موئین کو مونڈتی ہے دین کو یعنی استیصال کرتی ہے دین کا ۔

**عن** الزبیر بن العوام رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال دب الیکم داء الامم قبلکم الحسد والبغضاء وھی الحالقۃ لا اقول تحلق الشعر ولکن تحلق الدین والذی نفسی بیدہ لا تدخلون الجنۃ حتی تؤمنوا ولا تؤمنوا حتی تحابوا افلا انبئکم بما یثبت ذلک لکم افشوا السلام بینکم **ترجمہ** روایت ہے زبیر بن عوام سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گھس گیا ہے تمہین مرض اگلی امتونکا یعنے حسد اور بغض اور مونڈنیوالا نہین کہتا ہون موئین کو مونڈتا ہی ہے بالوںکو ولیکن مونڈتا ہے دین کو اور قسم اُس پروردگار کے کہ میری جان اُسکی ہاتھ مین ہے داخل نہوگے تم جنت مین جبتک مومن نہوگے اور مومن نہوگے جبتک آپسمین محبت نکروگے اور بتادون تمکو ایسی چیز کہ جو جاوے تمکو محبت مین رواج دو سلام کو آپسمین **باب عن** ابی بکرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من ذنب احدر ان یعجل اللہ لصاحبہ العقوبۃ فی الدنیا مع ما یدخر لہ فی الاخرۃ من البغی وقطیعۃ الرحم **ترجمہ** روایت ہے ابی بکرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی گناہ لایق تر نہین ہے کہ سزا اُسکی مرتب کیجاوے جلد دنیا مین بیشک اور کچھ جمع بھی ہی آخرت مین بغی اور قطع رحم سے زیادہ **ف** یہ حدیث صحیح ہی **متر جم** یعنی خروج کرنا حاکم اسلام کے اطاعت سے کہ اُسکی سزا اللہ تعالےٰ دنیا مین بھی دیتا ہے قتل و مہر و نہب اموال وغیرہ سی اور آخرت مین بھی اُسپر عذاب ہوگا اور بسبب قطع رحم کا حال ہے یعنے مارے وارون سے بدسلوکی کا بھی ہے منوال اسکے **عن** عمرو بن شعیب عن جدہ عبد اللہ بن عمرو قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول خصلتان من کانتا فیہ کتبہ اللہ شاکرا صابرا ومن لم تکونا فیہ لم یکتبہ اللہ شاکرا ولا صابرا من نظر فی دینہ الی من ھو فوقہ فاقتدی بہ ومن نظر فی دنیاہ الی من ھو دونہ فحمد اللہ علی ما فضلہ بہ علیہ کتبہ اللہ شاکرا صابرا ومن نظر فی دینہ الی من ھو دونہ ونظر فی دنیاہ الی من ھو فوقہ فاسف علی ما فاتہ منہ لم یکتبہ اللہ شاکرا ولا صابرا **ترجمہ** بسند مذکور روایت ہے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے دو خصلتین ہین کہ جسمین ہونگی لکھیگا اللہ تعالےٰ اُسی شاکر اور صابر اور جسمین نہ ہونگے نہ لکھیگا اُسی شاکر و صابر **تفصیل** اُنکی یہ ہے کہ جسنے نظر کی بہتون مین اُس شخص کیطرف جو اُسسے بڑھکر ہے اور پیروی کی اُسکی اور نظر کی دنیا مین اُس شخص کیطرف جو اُسسے کم ہے اور حمد کی اللہ تعالےٰ کی اُس فضل پر کہ اُسپر ہوا لکھیگا اللہ تعالےٰ اُسکو شاکر اور صابر اور جسنے نظر کی دین مین اپنے سی کم پر اور نظر کی دنیا مین اپنے سے زیادہ پر اور افسوس کیا اُس دنیا پر جو اُسی نہ ملی لکھیگا اللہ تعالےٰ اُسکو شاکر اور نہ صابر **متر جم** یعنے دین مین اپنے سی زیادہ پر نظر کرنی سے قصور اپنا معلوم ہوتا ہے اور رغبت مزید عبادت پر ہوتی ہے بخلاف اُسکی جو دین مین اپنے سے کم ہو اُسپر نظر کرنے سی عجب اور خود پسندی اپنی نظر مین آتی ہے اور تہور عبادت بھی اپنے بہت دکھائی دیتی ہے اور دنیا مین جو مال و متاع اپنے سی زیادہ رکھتا ہے اُسپر نظر کرنیسے ناشکری اللہ کے ہوتی ہے اور رغبت تحصیل دنیا کی زیادہ ہوتی ہے اور جو نعمت حق اپنے پاس موجود ہے وہ نظر مین حقیر ہوجاتی ہے اور اپنے سی کم پر نظر کرنی سے شکر ہوتا ہے اور نعمت شناسی اللہ تعالےٰ کے حاصل ہوتی ہے اور تہوڑی نعمت بہت نظر آتی ہے انتہی کلامہ المترجم **روایت** کی ہے موسی بن حزام نے اُنہون نے علی بن اسحاق سے اُنہون نے عبد اللہ سے اُنہون نے مثنے بن صباح سی اُنہون نے عمرو بن شعیب سے اُنہون نے اپنے باپ سے اُنہون نے اپنے دادا سی اُنہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی یہ حدیث غریب ہے اور نہین ذکر کیا سوید نے عمرو بن شعیب کے بعد اُنکے اب کا اپنی روایت مین **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انظروا الی من ھو اسفل منکم ولا تنظروا الی من ھو فوقکم فانہ احدر ان لا تزدروا نعمۃ اللہ علیکم **ترجمہ** روایت ہے ابہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نظر کرو اُسکی طرف جو تمسے کم ہے یعنی نعمارد نیوی مین اور مت نظر کرو اُسکی طرف جو تمسے زیادہ ہے اسلئے کہ اسمین ہے کہ تم حقیر نجانوگی اللہ تعالےٰ کے نعمت کو جو تمہارے پاس ہے **ف** یہ حدیث صحیح ہے **باب عن** ابی عثمان عن حنظلۃ الاسیدی وکان من کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ مر بابی بکر وھو یبکی فقال مالک یا حنظلۃ فقال نافق حنظلۃ یا ابا بکر نکون عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یذکرنا بالنار والجنۃ کانا رای عین فاذا رجعنا عافسنا الازواج والضیعۃ ونسینا کثیرا قال فوا اللہ انا لنلقی مثل ھذا فانطلق بنا الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانطلقنا فلما رآہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ما لک یا حنظلۃ قال نافق حنظلۃ یا رسول اللہ نکون عندک تذکرنا بالنار والجنۃ حتی کانا رای عین فاذا رجعنا عافسنا الازواج والضیعۃ ونسینا کثیرا قال فقال

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ تَدُوْمُوْنَ عَلَی الْحَالِ الَّتِیْ تَقُوْمُوْنَ بِہَا مِنْ عِنْدِیْ لَصَافَحَتْکُمُ الْمَلٰئِکَۃُ فِیْ مَجَالِسِکُمْ وَعَلٰی فُرُشِکُمْ وَفِیْ طُرُقِکُمْ وَلٰکِنْ یَا حَنْظَلَۃُ سَاعَۃً وَسَاعَۃً **ترجمہ** روایت ہے ابی عثمان سے کہ حنظلہ اُسیدی جو کاتب تھے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کی روتی ہوئے گذرے ابوبکر نے پوچھا یا ابوبکر کیا ہوا تمکو ای حنظلہ کہا اُنہوں نے کہ منافق ہوگیا حنظلہ ای ابوبکر اور کیفیت اُسکی یوں ہے کہ جب رہتے ہیں ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی پاس اور وہ یاد دلاتی ہیں ہمکو دوزخ اور جنت تو گویا ہم آنکھوں سے دیکھتے ہیں پھر جب کوتے ہیں ہم آپکے پاس سے اور ملتی ہیں اور مشغول ہوتی ہیں ہم بی بیوں اور سامان و فرزندوں میں بھول جاتے ہیں ہم بہت کچھ اُن نصیحتوں میں سے پس کہا ابوبکر نے قسم ہے اللہ کی ہمارا بھی یہی حال ہے چلو تم ہمارے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف پھر گئے ہم پھر جب پہنچے کیہا اُنکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پس کہا ابوبکر نے قسم ہے اللہ کی ہمارا بھی یہی حال ہے چلو تم ہمارے ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف پھر گئے ہم پھر جب پہنچے کیہا اُنکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا حال ہے تمہارا ای حنظلہ عرض کی کہ حنظلہ منافق ہوگیا یا رسول اللہ ہوتی ہیں ہم آپکے پاس اور آپ خوف دلاتی ہیں ہم کو نار سے اور امید دلاتی ہیں جنت کے یہانتک کہ گویا ہم آنکھوں سے دیکھتے ہیں اُن دونو کو یعنے ایسا یقین ہوتا ہے پھر جب لوٹتے ہیں ہم آپکے پاس سے اور ملتے ہیں اور اختلاط کرتے ہیں عورتوں سی اور مشغول ہوتے ہیں سامان دنیا میں بھولجاتے ہیں بہت سے باتیں اُنہیں کی کہا راوی نے پھر فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر تم مداومت کرو اور ہمیشہ رہو اُسی حال پر کہ اُٹھتے ہو جس حال میں میرے پاس سے تو مصافحہ کریں تمسے فرشتے تمہارے محلوں میں اور تمہارے بچھونوں پر اور تمہارے راہوں میں ولیکن ای حنظلہ کوئی گھڑی کیسی ہوتی ہے کوئی کیسے **کہا** ابوعیسےٰ نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** یہ کمال ایمان تھا صحابہ کا کہ غفلت اور نسیان کو منجملہ نفاق گنا اور اپنے نفس پر نفاق سے ڈری سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تم دوام حضور کے ساتھ مکلف نہیں مگر ساعت فساعت **عن** اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مؤمن کامل نہیں ہوتا کوئی تم میں کا یہانتک کہ دوست رکھے اپنی بھائی کے لئے جو دوست رکھتا ہے اپنی نفس کے لئے **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کُنْتُ خَلْفَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمًا فَقَالَ یَا غُلَامُ اِنِّیْ اُعَلِّمُکَ کَلِمَاتٍ اِحْفَظِ اللّٰہَ یَحْفَظْکَ اِحْفَظِ اللّٰہَ تَجِدْہُ تُجَاھَکَ اِذَا سَاَلْتَ فَاسْئَلِ اللّٰہَ وَاِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰہِ وَاعْلَمْ اَنَّ الْاُمَّۃَ لَوِ اجْتَمَعَتْ عَلٰی اَنْ یَّنْفَعُوْکَ لَمْ یَنْفَعُوْکَ اِلَّا بِشَیْءٍ قَدْ کَتَبَہُ اللّٰہُ لَکَ وَاِنِ اجْتَمَعُوْا عَلٰی اَنْ یَّضُرُّوْکَ لَمْ یَضُرُّوْکَ اِلَّا بِشَیْءٍ قَدْ کَتَبَہُ اللّٰہُ عَلَیْکَ رُفِعَتِ الْاَقْلَامُ وَجَفَّتِ الصُّحُفُ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھا میں پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایکدن سو فرمایا آپنے ای لڑکے سکھاؤنگا میں تجھی چند کلمہ یاد رکھ تو اللہ کو وہ یاد رکھیگا تجھکو یاد رکھ اللہ کو پاوگا تو اُسکو اپنے آگے اور جب مانگے تو مانگ اللہ سی اور جب مدد چاہے تو مدد چاہ اللہ تعالیٰ سے اور جان تو کہ اگر لوگ جمع ہوجاویں اسپر کہ نفع پہونچاویں تجھکو کچھ تو ہرگز نہ پہونچا سکینگے مگر اُتنا کہ لکھا ہے اُسے اللہ تعالیٰ نے تیری لئی اور اگر مجتمع ہوجاویں اسپر کہ ضرر پہونچاویں تجھکو کچھ تو ضرر نہ پہونچا سکینگے تجھکو مگر اُتنا کہ اللہ نے لکھا ہے تیری لئی اُٹھا لئے گئی قلم اور سوکھ گئے صحیفے یعنے کتابت تقدیر کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** یاد رکھنا بندہ کا اللہ کو ذکر لسان اور جان سے اور اطاعت اور فرمانبرداری اُسکی اور یاد رکھنا اللہ کا بندہ کو بچانا ہے اُسی معاملہ سے اور توفیق خیر بخشنا اُسکا اور مدد و اعانت کرنی اُسکی نوائب و مصائب میں اور فریاد جب مانگے تو مانگ اللہ سے آمین رد ہو اُن مبتدعین و منکرین پر جو اولیا و انبیا سے اپنی حاجت طلب کرتے ہیں اور دعائیں کرتے ہیں اور دور دور سے اُنکو پکارتے ہیں اور اُن کو تائید امداد کی امید پر نذریں نیاز کرتے ہیں کوئی پڑتا ہے یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ کوئی کہتا ہے یا سید احمد بدوی کوئی کہتا ہے یا علی مدد یا پیر مدد حالانکہ یہ سب عاجز ہیں اللہ تعالیٰ کے برابر اور ایک ذرہ نفع و ضرر پر اختیار نہیں رکھتے قولہ اُٹھا لئے گئی قلم یہ کنایہ ہے تقدیر کے تمام ہونے سے اور اُسکے فراغت تمام حاصل ہونے سے **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ یَقُوْلُ قَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَعْقِلُھَا وَاَتَوَکَّلُ اَوْ اُطْلِقُھَا وَاَتَوَکَّلُ قَالَ اَعْقِلْھَا وَتَوَکَّلْ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ کیا باندھوں میں اونٹ کا اور توکل کروں یا اُسکو چھوڑ کر توکل کروں فرمایا باندھ اور توکل کر **ف** کہا عمرو بن علی نے کہا یحییٰ نے اور میرے نزدیک حدیث منکر ہے کہا ابوعیسےٰ یہ حدیث غریب ہے انس کے روایت سے نہیں جانتے ہم مگر اسی سند سے اور یہ روی ہوئی ہے عمرو بن امیہ ضمری سے اُنہوں نے روایت کیا ہے صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ توکل ترک اسباب کا نام نہیں ہے جیسے بعض لوگوں نے سمجھا ہے بلکہ توکل یہ ہے کہ اسباب کو بجا لاکر مسبب الاسباب پر بھروسا کرنا اور نظر و اعتماد اسباب پر نہ کرنا **عن** اَبِی الْخُوَیْ الْعُقَیْلِیِّ قَالَ قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ مَا حَفِظْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَعْ مَا یُرِیْبُکَ اِلٰی مَا لَا یُرِیْبُکَ فَاِنَّ الصِّدْقَ طُمَاْنِیْنَۃٌ وَاِنَّ الْکَذِبَ رِیْبَۃٌ وَفِی الْحَدِیْثِ قِصَّۃٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی الحوراء سعدی سے کہا انہوں نے حسن بن علی سے کیا یاد کیا تم نے رسول

غیر اللہ کا نام نہ لیا جائے۔ مسئلہ کے متعلق مفصل بحث عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب مدارج النبوت میں ملاحظہ فرمائیں

خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا اُنہوں نے کہا دیا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے چھوڑ دی وہ چیز کہ شک میں ڈالی تجھکو طرف اُس چیز کے کہ شک نہیں ڈالی تجھکو اسلئے کہ صدق اطمینان ہے دلمین اور کذب اضطراب ہے اور اس حدیث مین ایک قصہ ہے **ف** یہ حدیث صحیح ہی اور ابوالحوراء کا نام ربیعہ بن شیبان ہے روایت کی ہے محمد بن بشار نے اُنہون نے محمد بن جعفر سے اُنہون نے شعبہ سے اُنہون نے برید سے مانند اسکی **مترجم** یعنے چھوڑ دی شک کے بات کو جیسے کہ محرمات کو چھوڑ دیا تو نی کہ جسمین شک نہین اور صدق پر دل مطمئن ہوجاتا ہی اور قلب کو تسلی ہوجاتی ہے اور کذب مین اضطراب اور بیقراری اور دلمین حرکت رہتی ہے **عَنْ** جَابِرٍ قَالَ ذُكِرَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعِبَادَةٍ وَاجْتِهَادٍ وَذُكِرَ آخَرُ بِرَعَةٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَعْدِلُ بِالرَّعَةِ **ترجمہ** روایت ہے جابر سی کہا ذکر کیا گیا ایکمرد کا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے ساتھ عبادت اور ریاضت کے اور ذکر کیا گیا دوسرے کا ساتھ ورع کے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے برابر نہین کیجاتی ہے کوئی عبادت ساتھ ورع کی **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسی مگر اسی وجہ سے **مترجم** اس حدیث سی فضیلت ورع کی معلوم ہوئی اور ورع یہی ہے کہ آدمی شبہات سے بچے اس خوف سے کہ محرمات مین نہ پڑے اور چونکہ شر سے بچنا مقدم ہے اسلئے عبادت کثیرہ کی کچھ حقیقت نہین ورع قلیل کے آگے اور مثال اُسکے یہ ہے کہ ایک مریض پرہیز کرتا ہوا گرچہ دوا کا کم استعمال کرے اکثر تندرست ہوجاتا ہی اور دوسرا اگرچہ دوا بہت کرے مگر بدپرہیزی اختیار کرے تو دوا کی دوا ضایع ہوتی ہے اور مرض کا مرض بڑھتا ہے **عَنْ** أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَكَلَ طَيِّبًا وَعَمِلَ فِي سُنَّةٍ وَأَمِنَ النَّاسُ بَوَائِقَهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ هٰذَا الْيَوْمَ فِي النَّاسِ لَكَثِيرٌ قَالَ فَسَيَكُونُ فِي قُرُونٍ بَعْدِي **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے کہ کھایا حلال اور عمل کیا سنت پر اور امن مین رہے لوگ اُسکے شر سے داخل ہوا جنت مین سو عرض کی ایک شخص نے یا رسول اللہ ایسے لوگ تو اس زمانہ مین بہت ہین آپنے فرمایا میرے بعد کے زمانہ مین بھی ہونگے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے اسرائیل کے روایت سے روایت کیے ہم سے عباس نے اُنہون نے یحیے سی اُنہون نے اسرائیل سے اُنہون نے ہلال بن مقلاص سے مانند حدیث قبیصہ کے جو ہر اسرائیل سے مروی ہے **عَنْ** مُعَاذٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْطَى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ وَأَحَبَّ لِلّٰهِ وَأَبْغَضَ لِلّٰهِ وَأَنْكَحَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ إِيمَانَهُ **ترجمہ** روایت ہے معاذ جہنی سی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے دیا اللہ کے لئے اور ندیا اللہ کے لئے اور محبت کی اللہ کے لئے اور عداوت کی اللہ کے لئے اور نکاح کیا اللہ کے لئے پس پورا ہوگیا ایمان اُسکا **ف** یہ حدیث سُنکر ہے

## أَبْوَابُ صِفَةِ الْجَنَّةِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## یہ باب ہین صفت مین جنت کے جو وارد ہوی ہین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

**مترجم مقدمہ** جنت اصل لغت مین بمعنی چھپنے کی ہے اور ترکیب اُن حروف کی ستر و اخفا کی واسطے ہی چنانچہ جنین بھی اُسی سے مشتق ہے کہ بطن مادر مین پوشیدہ ہی اور جنون بھی اُسی سے نکلا ہے کہ وہ عقل کو چھپانیوالا ہے اور جنان بھی کہتے ہے کہ سینہ مین پوشیدہ ہی اور جنت نام ہوگیا ہے سایہ دار درختون کا کہ وہ بھی اپنے اتحت کی زمین کو چھپاتے ہین یا اپنے جانب کو مستور کرتے ہین بعد اسکے نام ہوگیا ہے بستان و باغ کا کہ درختان سایہ دار رکھتا ہو اور اصطلاح شرع مین نام ہے دار الثواب کا جیسے جہنم نام ہے دار العذاب کا اور صرح مین کہا ہے کہ جنت باغ و بیشہ ہے انبوہ اور جنت کو جنت اسلئے کہا کہ وہ بھی نظر خلائق سے پوشیدہ ہے چنانچہ اُس سے ہے قول اللہ تعالے کا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ یعنے ڈھانپا اُسکو رات نے اور جن کو جن کہا ہے اسی لئے کہ وہ نظر انس سے مستور و مختفی ہین اور اسی سے ہے حدیث وَلِيَ دَفْنَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاجْنَانُهُ عَلِيٌّ وَعَبَّاسٌ یعنے متولی ہوے آپکی دفن و اخفا کے علی اور عباس اور اسی لئے قبر کو جَنَن کہتے ہین کہ وہ مردونکو چھپاتی ہے اور اُس سے ہی قول اللہ تعالے کا اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً یعنے ٹھیرایا منافقون نے اپنے ایمان کو سترا اور اُسی سے ہی حدیث اِنَّمَا الْاِمَامُ جُنَّةٌ یعنے امام موجب ستر ہے اور اسی سے ہے جُنَّہ کہ بمعنے سپر ہے اسلئے کہ وہ بھی چھپاتی اور بچاتی ہے اہل اپنی کو شمشیر و تیر سے (مجمع) اور قرآن عظیم الشان مین جو تعریف و توصیف جنت کی وارد ہوئی ہے اگر تمام جہان کے عقلا اور نبلا جمع ہوکر ہزارون برس فکر و تدبیر کرین ممکن نہین کہ اُس کے جزء یا برابر اُسکے کوئی مکان قیاس مین آسکے چنانچہ خلاصہ اُسکا ہم اس مقام مین تحریر کرتے ہین اور جمیع صفات قرآنیہ دو قسم مین ایک ثبوتی دوسرے سلبی اول ہم ذکر کرتے ہین ثبوتی کو بعد اُسکے سلبی کو دو فصلون مین

## فصل اول در صفات ثبوتیہ جنت کہ قرآن عظیم الشان بہ تبیان آن پرداختہ است

اللہ تعالے فی دار الثواب کو جنت فرمایا اَنَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ اور روضہ بھی فَهُمْ فِي رَوْضَةٍ يُحْبَرُونَ اور جنت عالیہ فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ اور ماکولات مین سے ذکر کیا ہے آنچہ خیرونکا فواکہ لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُمْ مَا يَدَّعُونَ وَفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ لَا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ سُدْرٍ مَخْضُودٍ

اَهْلُ الْجَنَّةِ بَعْضُهُمْ بَعْضًا قَالَ فَيُقْبِلُ الرَّجُلُ ذُو الْمَنْزِلَةِ الرَّفِيعَةِ فَيَلْقَى مَنْ هُوَ دُونَهُ وَمَا فِيهِمْ دَنِيٌّ فَيَرُوعُهُ مَا يَرَى عَلَيْهِ مِنَ اللِّبَاسِ فَمَا يَنْقَضِي آخِرُ حَدِيثِهِ حَتَّى يَتَخَيَّلَ عَلَيْهِ مَا هُوَ أَحْسَنُ مِنْهُ وَذَلِكَ أَنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يَحْزَنَ فِيهَا ثُمَّ نُصْرَفُ إِلَى مَنَازِلِنَا فَتَتَلَقَّانَا أَزْوَاجُنَا فَيَقُلْنَ مَرْحَبًا وَأَهْلًا لَقَدْ جِئْتَ وَإِنَّ بِكَ مِنَ الْجَمَالِ أَفْضَلَ مِمَّا فَارَقْتَنَا عَلَيْهِ فَنَقُولُ إِنَّا جَالَسْنَا الْيَوْمَ رَبَّنَا الْجَبَّارَ وَيَحِقُّ لَنَا أَنْ نَنْقَلِبَ بِمِثْلِ مَا انْقَلَبْنَا **ترجمہ** روایت ہے سعید بن مسیب سے کہ ملے وہ ابوہریرہ سے سو کہا ابوہریرہ نے سوال کرتا ہوں مومن اللہ تعالیٰ سے کہ جمع کردی مجھکو اور تمکو جنت کے بازار میں سو کہا سعید نے کیا جنت میں بازار ہے کہا ابوہریرہ نے ہاں خبر دی مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اہل جنت جب داخل ہونگے جنت میں اُترینگے وہاں اپنے اعمال کے موافق ہر پکار جاوینگے مقدار جمعہ کے ایام دنیا سے سو زیارت کرینگے وہ اپنی رب کے اور ظاہر ہوگا انکو عرش اُسکا اور نظر آویگا وہ انکو ایک باغ میں جنت کے باغوں سے اور کہی جاوینگے اُنکے لئے منبر نور کے اور منبر موتی کے اور منبر یاقوت کے اور منبر زمرد کی اور منبر سونے کے اور منبر چاندی کے اور بیٹھینگے ادنی درجہ والی اگرچہ انمیں ادنی کوئی نہیں ٹیلوں پر مسک اور کافور کے اور نہ خیال کرینگے وہ لوگ کہ کرسی والے اُنسے افضل جگہ میں ہیں یعنے کوئی اپنے تئیں ادنی سمجھکر محزون ہوگا کہا ابوہریرہ نے عرض کیے ہمنے یارسول اللہ کیا دیکھینگے ہم اپنے رب کو فرمایا آپنے کہ ہاں بہلا تم کچھ شک کرتے ہو سورج اور چاند کے دیکھنے میں چودھویں رات میں ہمنے عرض کیے کہ نہیں فرمایا آپنی ایسا ہی شک نکروگے اپنے پروردگار کے دیکھنے میں اور باقی نرہیگا اُس مجلس میں کوئی مرد کہ روبرو نہووے گا اُسکے اللہ تعالیٰ کے بالمشافہ یہانتلک کہ فرماویگا کسے مرد کو اُنمیں سے اے فلانی بیٹی فلانی کی تجھے یاد ہی جسدن تو نے ایسا ویسا کیا تھا پھر یاد دلاویگا اُسکو بعض گناہ اُسکے جو صادر ہوئے تھے اُس سے دنیا میں سو وہ عرض کریگا کیا تو نے مجھی بخش نہیں یا الٰہی رب میرے تب فرماویگا اللہ تعالیٰ کیوں نہیں میرے ہے وسعت مغفرت کے سبب سے تو تو اس مرتبہ کو پہونچا سو وہ اسی قیل وقال میں ہونگے کہ ڈھانپ لیگی انکو ایک بدلی اوپر سے اور برسیگی اُنپر ایسی خوشبو کہ نپائی ہوگی اُنہوں نے اُسکی برابر کبھی بو کبھی اور فرماویگا اُنسے رب ہمارا کہ اُٹھو جاؤ اُس کرامت کے طرف کہ تیار کی ہے میں نے واسطے تمہاری سو تم جو چاہو پھر آوینگے ہم ایک بازار میں کہ گھیرے ہوی ہونگے اُسکو فرشتے اور اُسمیں وہ چیزیں ہونگی کہ نہیں دیکھیں اُنکی مثل کبھی آنکھوں نے اور نہیں سُنی کانوں نے اور نہ خیال آیا اُسکا کسی دل میں سو لائی جاویگی ہمارے پاس جو چیز کہ ہم چاہینگے کہ ہووے اور نہ بیع اور نہ شرا اور اُسی بازار میں ملاقات کرینگے بعض جنتی بعض سے فرمایا آپنے پھر متوجہ ہوگا اور ملیگا ایک مرد بلند رتبہ والا اپنے کم درجہ سے اور نہیں ہے اُنمیں کوئی کم درجہ والا سو ناپسند کریگا اور عجیب معلوم ہوگا اُسکو وہ لباس جو بلند رتبہ والی پر ہی سو نہیں پوری ہوگی بات اُسکی کہ ظاہر ہوگا اُسکے بدن پر اُس سے بہتر لباس یعنے جسکی آرزو کی تھی اور یہ سلسلہ ہوگا کہ شان نہیں کسیکی کہ غمگین ہووے وہاں پھر لوٹینگے ہم سب اپنے مکانوں کی طرف اور ملاقات کرینگے ہم اپنی بیبیوں سے سو کہینگی وہ مرحبا واہلا تم ہمارے پاس اُس سے بہتر حال لیکر آئی ہو کہ جسپر جدا ہوئی تھے ہم سے ہم کہینگے مجالست کی ہے ہمنے آج اپنے پروردگار جبار کے ساتھ اور مستحق ہیں ہم کہ ایسا ہی حال لیکر پھریں جیسا لیکر پھرتے ہیں **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے **مترجم** قولہ پھر پکاری جاوینگے مقدار جمعہ کے الخ یعنے جیسے ہر ہفتہ میں دنیا میں ایکدن جمعہ کا ہوتا ہے ایسطرح اُس اندازہ اور مقدار پر وہاں ہمیشہ وہ منادی پکارا ہوگی اگرچہ جنت میں دن اور رات نہیں اور اسمیں فضیلت ہے جمعہ کی اور ترغیب تحریض ہے اُسکے ادائی حقوق کی سنن وواجبات سے اور حضور صلوٰۃ وجماعات سے وغیرہ ذلک قولہ سو زیارت کرینگے یعنے دیکھینگے اپنے رب کو چشم سر سے جیسا کہ مذہب ہے محدثین اور سلف کا اور باتین کرینگے اُس سے سُنینگا ہر ایک اُنمیں کا کلام پاک اُس تعالیٰ شانہ کا حروف اور اصوات کے ساتھ نہ جیسا کہ سمجھا ہے بعض متکلمین متقشفہ نے یا فلاسفہ قدریہ نے قولہ اگرچہ اُنمیں ادنی کوئی نہیں الخ یعنے اگرچہ تفاوت درجات کا اُنکے درمیان ہے مگر ادنی اُنمیں کو ادنی نہیں یعنے خسیس اور بخیل کہ مشتق ہے دناءت سے کہ بمعنے خساست کے ہی قولہ اور نہیں ہے کوئی اُنمیں کم درجہ والا یعنے خسیس نہیں **عَنْ** عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَسُوقًا مَا فِيهَا شِرَاءٌ وَلَا بَيْعٌ إِلَّا الصُّوَرُ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ فَإِذَا اشْتَهَى الرَّجُلُ صُورَةً دَخَلَ فِيهَا **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جنت میں ایک بازار ہے کہ نہیں ہے اُسمیں خرید اور نہ فروخت مگر اُسمیں تصویریں ہیں مردوں اور عورتوں کی پھر جب پسند کریگا آدمی کسی صورت کو داخل ہو جاویگا وہ اُسمیں یعنے وہی صورت اُسکی ہو جاویگی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **بَابُ** مَا جَاءَ فِي رُؤْيَةِ الرَّبِّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى باب دیدار الٰہی کے بیان میں **عَنْ** جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ قَالَ كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ فَقَالَ إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ لَا تُضَامُّونَ فِي رُؤْيَتِهِ فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لَا تُغْلَبُوا عَلَى صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَصَلَاةٍ قَبْلَ غُرُوبِهَا فَافْعَلُوا ثُمَّ قَرَأَ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ **ترجمہ** روایت ہے جریر بن عبداللہ سے کہا اُنہوں نے کہ ہم بیٹھے تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سو نظر کی آپنے چاند کیطرف کہ چودھویں رات کا

دیدار الٰہی کے بیان میں جسکا انکار جہمیہ اور معتزلہ کرتے ہیں اور اس کے کلام کے ساتھ ہے اور کلام معتزلی کا حروف اور اصوات کے ساتھ

تمہارا اور فرمایا پیش کیے جاؤ گے تم اپنے پروردگار پر اور دیکھو گے تم اُسکو جیسا کہ دیکھتے ہو اِس چاند کو اور زحمت نہ اُٹھاؤ گی تم اُسکے رویت مین سو اگر ہو سکی تمسے کہ مغلوب نہو تم اُس نماز مین کہ قبل طلوع شمس ہے اور اُس نماز مین کہ قبل غروب ہے تو کرو پھر پڑھے آپنے یہ آیت فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ الخ یعنے تسبیح کرو ساتھ حمد رب اپنے کے قبل طلوع شمس اور قبل غروب کے ف یہ حدیث صحیح ہے مترجم قولہ دیکھو گے تم اُسکو جیسا کہ دیکھتے ہو اُس چاند کو تشبیہ ہے فقط اوپر نظر آنے مین اور عدم زحمت مین اور ثابت ہے اِس سے فوقیت باری تعالی شانہ کے حقیقۃً اور اوپر ہونا اُس خالق اکبر کا جمیع مخلوقات کے جیسا کہ فرمایا اُس تعالی شانہ نے وَيَخَافُونَ رَبَّهُمْ مِنْ فَوْقِهِمْ یعنے ڈرتی ہین فرشتے اپنے رب سے کہ اوپر اُنکے ہی اور وارد ہوا حدیث اوعال مین ثُمَّ اللّٰهُ فَوْقَ ذٰلِكَ یعنے اللہ ہے اوپر ان سب مخلوقات کے اور فرمایا اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ یعنے اُسیکی طرف چڑھتے ہین کلمہ پاک اور عمل صالح کو بلند کرتا ہے وہ اور فرمایا بَلْ رَفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ یعنے بلکہ اُٹھایا اُسے اللہ نے اپنے طرف یعنی عیسے علیہ السلام کو اور کہا حضرت زینب نے زوجنیک اللہ من فوق العرش یعنے نکاح کردیا میرا تم سے اللہ تعالی نے عرش کے اوپر اور یہی ہے عقیدہ سلف صالحین کا اور ائمہ و محدثین کا اور تمامی کبار اہل صالحین کا کہ وہ تعالی شانہ بائن ہے مخلوقات سے بلند ہے موجودات سے مستقر ہی عرش عظیم الشان پر مستوی ہے بذاتہ اُسپر بلند و عالی ہے اور متعالی و برتر نہ مخلوق اُسکے اندر اور نہ ہین خلاف کیا اسمین ہمارے گر جہلای جہمیہ اور سفہائی فلاسفہ خذلہم اللہ قولہ سو اگر ہو سکے تم سے کہ مغلوب نہو تم آہ یعنے اگر ہو سکے تم سے کہ مانع نہو تمکو اُسکے ادا سے کوئی چیز تو بجالاؤ اور ادا کرو اُسکو جمیع سنن و مستحبات و فرائض و واجبات اور مُراد اُسنے نماز صبح ہے اور عصر کا اکثر ان وقتون مین سستی اور اشغال دنیوی مانع حضوری جماعت ہوتی ہین اور پڑھی ہے آپنے یہ آیت کہ اشارہ ہے اُسمین اُسی نماز کیطرف اور مُراد تسبیحی نماز ہے عَنْ صُهَيْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ لِلَّذِينَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ قَالَ اِذَا دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ نَادٰى مُنَادٍ اِنَّ لَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ مَوْعِدًا قَالُوا اَلَمْ يُبَيِّضْ وُجُوهَنَا وَيُثَقِّلْ مَوَازِينَنَا وَيُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَيُجِرْنَا مِنَ النَّارِ قَالَ فَيُكْشَفُ الْحِجَابُ قَالَ فَوَاللّٰهِ مَا اَعْطَاهُمُ اللّٰهُ شَيْئًا اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ اِلَيْهِ ترجمہ روایت ہے صہیب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت لِلَّذِينَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ کی تفسیر مین فرمایا جب داخل ہونگے جنت مین اہل جنت پکاریگا ایک پکارنیوالا کہ تمہین اللہ تعالی کی نزدیک سے ایک چیز اور ملنی والی ہے کہ جسکا وعدہ کیا گیا ہے تو وہ کہینگے کہ کیا نہین سفید کیا اُسنے ہمارے منہ کو اور بھاری نہ کیے ہمارے میزان کو یعنی عذاب نہ کیا ہمکو اور داخل کیا ہمکو جنت مین یعنے ہمین اب کس چیز کے حاجت ہے تو جواب دینگی پکارنیوالی کہ ہان پھر کھولا جاویگا پردہ فرمایا آپنے پس قسم ہے اللہ تعالی کی کوئی چیز اُنکو پیارے نہین اُس عطا کیطرف نظر کرنیسے ف اِس حدیث کو مسند اور مرفوع کیا حماد بن سلمہ نے اور روایت کیے سلیمان بن مغیرہ نے یہ حدیث ثابت بنانی سے اُنہون نے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے قول اُنکا مترجم آیہ مبارک لِلَّذِينَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ یعنے جن لوگون نے عمل نیک کیے اُنکے لیے ہے حُسنٰی یعنے جنت اور زیادہ مراد زیادہ سے نظر کرنا ہے وجہہ مبارک پر اُس تعالی و تبارک کے اور یہ حدیث بھی وہی معنی کی ہے اور یہی قول ہے اکثر جماعت اصحاب کا کہ اوسی مین ہین ابوبکر صدیق اور حذیفہ اور ابو موسی اور عبادہ بن صامت اور یہی قول ہے حسن اور عکرمہ اور عطاء اور مقاتل اور ضحاک اور سدی کا اور ابن عباس سے یہی مروی ہے کہ حُسنے سے مُراد ہے مثل اُسکا جزا سی اور زیادت سے مُراد ہے تضعیف اُسکی دس تک یا سات سو تک اور مجاہد نے کہا حُسنے حسنہ ہے اور زیادت مغفرت اور رضوان فقیر کہتا ہے کہ قول اول بہت صحیح ہے اور مؤید باحادیث (نبوی) اور بقیاسی فرمایا حُسنے صفت ہے مثوبہ کی یعنے تقدیر آیت یون ہے لِلَّذِينَ اَحْسَنُوا الْمَثُوبَةَ الْحُسْنٰى اور زیادتی سے مراد ہے وہ زیادتی کہ جو از فضل خراسے زیادہ عنایت ہو جیسا فرمایا اللہ تعالی نے وَيَزِيدُهُمْ مِنْ فَضْلِهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَدْنٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً لَمَنْ يَنْظُرُ اِلٰى جِنَانِهِ وَاَزْوَاجِهِ وَنَعِيمِهِ وَخَدَمِهِ وَسُرُرِهِ مَسِيرَةَ اَلْفِ سَنَةٍ وَاَكْرَمُهُمْ عَلَى اللّٰهِ مَنْ يَنْظُرُ اِلٰى وَجْهِهِ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جنت مین ادنی درجہ والا وہ ہے کہ نظر کریگا اپنی باغون اور بیبیون اور نعمتون اور خدمتگارون اور تختون کی طرف کہ ہین وہ لیکہ ایک برس کے مسافت تک اور سب سے زیادہ بزرگ اللہ کے نزدیک وہ ہوگا کہ نظر کریگا اُس تعالی شانہ کے وجہہ مبارک کیطرف صبح اور شام پھر پڑھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت وجوہ یومئذ یعنے بہت سے مونہہ اُسدن تازہ ہین اپنے رب کیطرف نظر کرنیوالی ف اور مرفوع ہوئی ہے یہ حدیث کئی سندون سے اور اُنہون نے روایت کی ثوری سے اُنہون نے ابن عمر سے مرفوعا اور روایت کیے یہ عبد الملک بن ابجر نے ثوری سے اُنہون نے ابن عمر سے موقوفا اور روایت کیے عبید اللہ شجعی نے سفیان سے اُنہون نے ثوری سے اُنہون نے مجاہد سے اُنہون نے ابن عمر سے قول اُنکا اور مرفوع کیا اُسکو روایت کیے یہ ہم سے ابو کریب محمد بن علائی اُنہون نے عبید اللہ شجعی سے اُنہون نے سفیان سے اُنہون نے ثوری سے اُنہون نے مجاہد سے اُنہون نے ابن عمر سے مانند اُسکے اور مرفوع کیا اُسکو مترجم آیت مبارک کے تفسیر مین ابن عباس نے کہا ناضرۃ سے مراد حسنہ ہے یعنی چہرے اُنکے خوبصورت ہین مجاہد نے کہا

سورۃ ابن زید نے کہا ناعمۃ مقاتل نے کہا بیض تعلوہا النور سدی نے کہا مسفرۃ ابان نے کہا مستبشرۃ فراء نے کہا مشرقۃ النعیم الی ربہا ناظرۃ ابن عباس اور اکثر مفسرین نے کہا کہ نظر کرینگے وہ اپنے رب کیطرف عیانا بغیر حجاب کے حسن نے کہا نظر کرینگے وہ اپنے خالق کیطرف اور کیسی تازہ ہوں وہ چہرے کہ دیکھتے ہوں اپنے خالق کو (الغنی) بعد اسکے ذکر کرکے بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے وہی حدیث جو اوپر گذری **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تضامون فی رؤیۃ القمر لیلۃ البدر تضامون فی رؤیۃ الشمس قالوا لا قال فانکم سترون ربکم کما ترون القمر لیلۃ البدر لا تضامون فی رؤیتہ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا مزاحمت ہوتی ہے تکو رویت قمر میں چودھویں رات کو یا مزاحمت کیجاتی ہے تمہیں رویت شمس میں عرض کیے صحابہ نے کہ نہیں فرمایا بیشک دیکھو گے تم اپنے رب کو جیسا کہ دیکھتے ہو چاند چودھویں رات کا نہیں مزاحمت ہوگی تمہیں تکو کسی طرح **ف** یہ حدیث غریب ہے حسن ہے اور ایسا ہی روایت کیا یحیی بن عیسے اور کئی لوگوں نے اعمش سے انہوں نے ابی صالح سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کیے عبد اللہ بن ادریس نے اعمش سے انہوں نے ابی صالح سے انہوں نے ابی سعید سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور مروی ہوئی ہے یہ ابی سعید سے انہوں نے روایت کیے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کئی سندوں سے مثل اسی حدیث کے اور یہ روایت بھی صحیح ہے **باب** رضای اہل جنت کے بیان میں **عن** ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ یقول لاھل الجنۃ یا اھل الجنۃ فیقولون لبیک ربنا وسعدیک فیقول ھل رضیتم فیقولون ما لنا لا نرضی وقد اعطیتنا ما لم تعط احدا من خلقک فیقول انا اعطیکم افضل من ذلک فقالوا وای شیء افضل من ذلک قال احل علیکم رضوانی فلا اسخط علیکم ابدا **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالے فرماویگا جنت والوں کو اے اہل جنت وہ عرض کرینگے لبیک اے رب ہمارے اور سعدیک ہر فرماویگا آیا تم راضی ہوئے سو وہ عرض کرینگے کیا ہوا ہمکو کہ ہم راضی نہونگے اور تو نے عنایت فرمائی ہمکو ایسے چیز کہ نہیں دی کسیکو اپنی مخلوقات سے سو فرماویگا بارے تمہیں دونگا تمکو اس سے بھی افضل وہ کہینگے کہ وہ کیا چیز ہے جو اس سے افضل ہو فرماویگا اللہ تعالے اتارتا ہوں میں تم پر رضامندی اپنی پس نہیں ناراض ہونگا تم پر ہمیشہ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** یعنے اللہ جل جلالہ کی ناراضی فسق و فجور اور اسکے نافرمانی سے ہوتی ہے اور مدار اسکا تکلیف شرعی پر ہے اور تکلیف کے ایام تمام ہوگئے پس رضامندی آپہی ابدی انکے لئی ثابت ہوئی اور نہیں ہے یہ مگر فضل اس تعالے شانہ کا وہو ذو الفضل العظیم اللھم ادخلنا الجنۃ بفضلک وکرمک وارض عنا برحمتک رضاء لا تسخط بعدہ ابدا یا رب العالمین **باب** ما جاء فی تراءی اھل الجنۃ فی الغرف کما یتراءی الکوکب الدری فی الافق (یعنی کہنی میں اہل جنت کے) **عن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اھل الجنۃ لیتراءون فی الغرفۃ کما یتراءون الکوکب الشرقی او الکوکب الغربی فی الافق الطالع فی تفاضل الدرجات فقالوا یا رسول اللہ اولئک النبیون قال بلی والذی نفسی بیدہ واقوام امنوا باللہ ورسولہ وصدقوا المرسلین **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہل جنت آپہیں میں ایکدوسرے کو دیکھینگے غرفہ من جیسے دیکھائی دیتا ہے تارہ شرقی یا غربی غروب ہونیوالا کنارہ آسمان میں باطلاع مراتب تفاضل درجات میں سو عرض کیے صحابہ نے کہ یا رسول اللہ وہ لوگ انبیا ہیں فرمایا نہیں بلکہ قسم ہے اس پروردگار کے کہ میری جان اسکے ہاتھ میں ہے وہ ایک لوگ ہیں کہ ایمان لائی ہیں اللہ تعالے پر اور اسکے رسول پر اور تصدیق کی ہے پیغمبروں کی یعنے مومنین ہیں انبیا نہیں **ف** یہ حدیث صحیح ہے **مترجم** اس حدیث میں آپنے تشبیہ دی تفاضل درجات کے کہ آسمان میں ایسا فرق رکھتے ہیں کہ جیسے تارہ دور نظر آتا ہے اسیطرح وہ ایک دوسرے کو نظر آتے ہیں بہر صفت کے اس تارہ کی کہ کنارہ مشرق میں ہے یا غرب میں اور قریب الغروب ہے یا قریب الطلوع تاکہ دلالت کرے کمال بعد پر اسلئے کہ دیکھنے والے کی سیر جو تارہ ہے اسکے بہ نسبت نزدیک ہے اور دنیا میں کوئی چیز مرئیات میں اس سے بڑی نہیں **باب** ما جاء فی خلود اھل الجنۃ واھل النار یا اہل جنت اور اہل نار کے خلود میں **عن** ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یجمع اللہ الناس یوم القیمۃ فی صعید واحد ثم یطلع علیھم رب العالمین فیقول الا یتبع کل انسان ما کانوا یعبدون فیمثل لصاحب الصلیب صلیبہ ولصاحب التصاویر تصاویرہ ولصاحب النار ناره فیتبعون ما کانوا یعبدون ویبقی المسلمون فیطلع علیھم رب العالمین فیقول الا تتبعون الناس فیقولون نعوذ باللہ منک ونعوذ باللہ منک اللہ ربنا وھذا مکاننا حتی نری ربنا وھو یاتینا فیقول انا ربکم فیقولون نعوذ باللہ منک نعوذ باللہ منک اللہ ربنا وھذا مکاننا حتی نری ربنا وھو یاتینا فیقول انا ربکم فیقولون ھل نراہ یا رسول اللہ قال وھل تضارون فی رؤیۃ القمر لیلۃ البدر قالوا لا یا رسول اللہ قال فانکم لا تضارون فی رؤیتہ تلک الساعۃ ثم یتوارى ثم یطلع فیعرفھم

نفسہ ثم یقول انا ربکم فاتبعونی فیقومون المسلمون ویوضع الصراط فیمر علیہ مثل جیاد الخیل والرکاب وقولھم علیہ سلم سلم ویبقی اھل النار فیطرح منھم فیھا فوج فیقال ھل امتلأت فیقول ھل من مزید ثم یطرح فیھا فوج فیقال ھل امتلأت فیقول ھل من مزید حتی اذا اوعبوا فیھا وضع الرحمن قدمہ فیھا وازوی بعضھا الی بعض ثم قال قط قط قالت قط قط فاذا ادخل اللہ تعالی اھل الجنۃ الجنۃ واھل النار النار اتی بالموت ملببا فیوقف علی السور الذی بین اھل الجنۃ واھل النار ثم یقال یا اھل الجنۃ فیطلعون خائفین ثم یقال یا اھل النار فیطلعون مستبشرین یرجون الشفاعۃ فیقال لاھل الجنۃ ولاھل النار ھل تعرفون ھذا فیقولون ھؤلاء وھؤلاء قد عرفناہ ھو الموت الذی وکل بنا فیضجع فیذبح ذبحا علی السور ثم یقال یا اھل الجنۃ خلود لا موت ویا اھل النار خلود لا موت ترجمہ روایت ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمع کریگا اللہ تعالی آدمیون کو قیامت کے دن ایک زمین پر پھر جہانکے گا اُن پر رب العالمین اور فرماویگا کیون نہین چلا جاتا ہی ہر انسان اپنے معبود کے ساتہ پس صورت بنکر آویگی صاحب صلیب کے اُسکی صلیب اور صاحب تصویرین اور صاحب نار کی اُسکے نار اُسکے لیئے جسکی وہ پوجتے تہی سو ساتہ ہوجاوینگے ہر ایک لوگ جنکو پوجتے تہے اور باقی رہ جاوینگے میدان حشر مین مسلمان سو جہانکیگا اُنپر رب العالمین اور فرماویگا تم کیون نہ ساتہ گئے لوگون نے وہ عرض کرینگے نعوذ باللہ منک نعوذ باللہ منک یعنے اللہ کے پناہ تجہہ سے ہمارا معبود تو اللہ ہے اور ہم یہین رہینگے یہانتک کہ دیکھین ہم اپنے رب کو اور وہ حکم کریگا اُنکو اور ثابت قدمی دیگا اُنکو پہر جہپ جاویگا پہر مطلع ہوگا اور فرماویگا تم کیون نہ گئے آدمیون کے ساتہ پہر وہ کہینگے پناہ ہی اللہ کی تجہ سے ہمارا معبود تو اللہ ہی ہے اور ہم یہین رہینگے یہانتک کہ دیکھین ہم اپنے رب کو اور وہ حکم کریگا اُنکو اور ثابت قدم رکہیگا اُنکو پوچہا اصحاب نے کہ آیا دیکہینگے ہم اُس تعالے شانہ کو یا رسول اللہ فرمایا آپنے کیا تمپر کچہہ مزاحمت ہوتی ہے چاند کے دیکہنے مین چودہوین رات کو اُنہون نے عرض کی نہین یا رسول اللہ فرمایا اسیطرح تمکو کچہہ مزاحمت نہوگی اُسکے دیکہنے مین اُسوقت پہر جہپ جاویگا پہر مطلع ہوگا اور معرفت اپنی ذات کی عنایت فرماویگا اُنکو پہر فرماویگا مین ہون رب تمہارا سو میرے ساتہ چلو تب کہڑے ہوجاوینگے مسلمان اور رکہی جاویگی صراط یعنے پشت دوزخ پر سو گذریگا اُسپر ایک گروہ مثل عمدہ گہوڑون کے اور ایک گروہ مثل عمدہ اونٹون کے اور اُنکا یہی کہنا ہوگا اُسپر سلم سلم یعنے سلامت رکہہ سلامت رکہہ اور باقی رہ جاوینگے اہل نار سو دالی جاویگی اُنمین کے ایک فوج اُسمین اور کہا جاویگا نار سی کیا تو سیر ہوگئی سو وہ کہیگی کہ اور کچہہ ہے پہر ایک فوج ڈالی جاویگی اُسمین اور کہا جاویگا کیا تو سیر ہوگئی وہ کہیگی کچہہ اور ہے یہانتک کہ جب سب ڈالی جاوینگے اُسمین یعنی جب بہی سیر نہوویگی تو رکہدیگا اُسمین رحمن قدم اپنا اور سمٹ جاویگا ایک طرف اُسکا دوسری پر پہر فرماویگا یعنے رحمن بس ہے وہ کہیگی بس ہے بس ہے پہر جب داخل کریگا اللہ تعالے اہل جنت کو جنت مین اور اہل نار کو نار مین لائینگے موت کو کہینچتے ہوئے سو کہڑا کریگا اُسکے اُس دیوار پر کہ اہل جنت اور اہل نار کے بیچمین ہے اور پکاراجاویگا اے جنت والون سو وہ جہانکینگے گلیں کٹوا کر پہر پکاراجاویگا اے دوزخ والون سو وہ جہانکنے لگینگے خوش ہوکر امید ہوگی اُنکو شفاعت کی پہر کہا جاویگا اہل جنت اور اہل نار کو تم پہچانتے ہو اسکو تو کہینگے یہ یہی ہے اور وہ یہی کہ ہمنے خوب پہچانا ہے اُسی وہ موت ہے کہ ہم پر موکل تہے سو ڈالی جاویگی وہ اور ذبح کردیجاویگی ایکبار کے اُس دیوار پر اور منادی کیجاویگی اے اہل جنت تمہین ہمیشہ رہنا ہے جنت مین اور موت نہین اور اے اہل دوزخ تمہین ہمیشہ رہنا ہی دوزخ مین اور موت نہین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** اس حدیث مین بڑے بڑے فوائد ہین کہ بعد شرح حدیث تحریر ہونگے قولہ سو جہانکیگا اُنپر رب العالمین اور فرماویگا تم کیون نہ ساتہ گئے لوگون کے اس تجلی اور اطلاع مین دو قول ہین محدثین کے اول کہ یہہ جہانکنے والا ملک ہے نہ مالک الملک اور اسناد جہانکنے کا اللہ کیطرف مجاز ہے گویا مامور کے فعل کو آمر کا فعل فرمایا اب جو اُنہون نے جواب دیا کہ نعوذ باللہ منک یعنے ہم پناہ مانگتے ہین تجہہ سے اسمین کچہہ اشکال نرہا اور دوسرا قول کہ یہ فرمانی والا اور مُطّلع خود باری تعالے ہے اور اسمین امتحان مؤمنین کا منظور ہے اور امتحان کے جواز مین قیامت کے دن تک کچہہ اختلاف نہین چنانچہ نووی نے کہا ہے یہ آخر امتحان ہے مؤمنین کا پہر جب منظور ہوگا باری تعالی کو کہ مین اپنے معرفت اُنکو عنایت کرون اُسوقت پہچانینگے اور کہینگے کہ تو ہمارا رب ہے اور اُسکے ساتہ چلینگے قولہ اور رکہی جاویگی صراط الخ اسمین ثبوت ہے صراط کا اور مذہب اہل حق کا ہے اثبات اُسکا اور اجماع ہی سلف کا اُسکے اثبات پر اور وہ ایک پل ہے کہ رکہا جاویگا پشت دوزخ پر اور متکلمین وغیرہم نے سلف سے کہا ہی کہ صراط بال سے زیادہ باریک تلوار سے زیادہ تیز ہے قولہ کہدیگا اسمین رحمن قدم اپنا قدم ایک صفت ہے باری تعالی کے معلوم المعنے مجہول الکیف اُسکے لفظ اور معنے پر بلاتشبیہ ایمان ہے مؤمنین کا اور نہین انکار کیا ان صفتون کا مگر چند افراخ فلاسفہ اور بعض متکلمین قشیریہ نے کہ لازم کرلے جنہون نے اپنے نفسون پر تقلید معتزلہ کے اور چہوڑدی صراط مستقیم سنت کے اور پڑگئے ہاویہ جہیم بدعت مین اعاذنا اللہ منہا قولہ لائینگے موت کو بعض روایات مین ہے کہ موت کو بصورت

دنیا از روی کے لائینگے اور بعد تعریف کے کہنے جائینگے تو اسی اہل دفتر میں ہمیشہ ہمیشہ اسی میں اثبات خلود اہل نار کا جیسا کہ ابتدا سے اہل جنت کہ جنت میں اور نہیں اختلاف اسمیں اہل حق (جاہلوں کے مکروہ ہے)
کا اور نہیں ثابت ہے خروج کفار و مشرکین کا نار سے ہرگز تمام ہوئی شرح حدیث کی اس حدیث میں اثبات ہی کلام الٰہی کا اور معلوم ہوتا ہی کہ وہ کلام ایسے حروف و اصوات سے مرکب ہے کہ اسمعین کو مفہوم ہوتا ہی محض تخیل اور خیال نہیں جیسا کہ سمجھا ہے بعض لوگوں نے اور داخل ہیں صاحب تصاویر میں وہ لوگ کہ تصاویر اولیا اور انبیا کی تعظیم کیلئے بناتے ہیں اور ادب عبادت انکے سامنے کرتے ہیں اور اسیطرح داخل ہیں عابدان نار میں اکثر اہل دکن جو محرم میں آلاوہ کے گرد گھومتی ہیں اور طواف کرتے ہیں اور اسکے نذر دیتا منتا کرتے ہیں رویت الٰہی کے تشبیہ قمر سے دینی میں اثبات ہے مرئی کے فوقیت کا اور ثابت ہے فوقیت باری تعالیٰ کے آیات متکاثرہ اور احادیث متواترۃ المعنے سے نہیں انکا کیا اسکا مگر افراخ خلاسہ نے **عن** ابی سعید یرفعہ قال اذا کان یوم القیمۃ اتی بالموت کالکبش الاملح فیقوم بین الجنۃ والنار فیذبح وھم ینظرون فلو ان احدا مات فرحا مات اھل الجنۃ ولو ان احدا مات حزنا لمات اھل النار **ترجمہ** ابی سعید رضی اللہ عنہ سے کہ مرفوع کرتے تھی وہ اہل روایت کو یعنے کہتے کہ فرمایا رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہوگا دن قیامت کا لاوینگے موت کو مانند چتے کبری سفید کے سو کہڑی کیجاویگی جنت اور دوزخ کے درمیان اور ذبح کیجاویگی اور وہ نظر کرتے ہونگی سو اگر کوئی مرتا ہوا اُن دونوں خوشی سے تو مرجاتے جنت والی اور اگر کوئی مرتا ہوا غم سے تو مرجاتے دوزخ والے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور مروی ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت سی احادیث مثل اسکے کہ جنمیں مذکور ہے دیدار الٰہی کا اسطرح کہ دیکھینگے لوگ اپنی پروردگار کو اور مذکور ہے قدم کا اور جو مشابہ ہے ان اشیا کی یعنے ید و وجہ و ساق و جنب و عین و سمع و بصر وغیرہ اور مذہب اہل علم کا مثل سفیان ثوری اور مالک بن انس اور سفیان بن عیینہ اور ابن مبارک اور وکیع وغیرہم کا یہ ہے کہ روایت کی انہوں نے یہ حدیثیں اور کہا روایت کرتے ہم ان حدیثوں کو اور ایمان لاتے ہیں ہم ساتھ انکے اور نہیں کہی جاتیں یہ صفتیں کہ کیسے ہیں اور کیونکر ہیں اور یہی مختار ہے اہل حدیث کا کہ روایت کیجاوین یہ اشیا جسطرح کہ آئی ہیں اور ایمان رکھا جاوے اور تفسیر اسکی نہ کیجاوے اور ہم نکیا جاوے اسمیں اور نہ کہا جاوے کہ وہ کیسے ہیں اور یہی مذہب مختار ہے اہل علم کا گذرے ہیں اسطرف اور مروی ہے یہ قول ابوعبید سے جو امام ہے اہل لغت کا اور ہمنے ذکر کیا ہے اسکو اپنی مقدمہ میں حدیث میں مذکور ہوا ہے یہ کہ تجلی کریگا اپنے **مترجم** قولہ اور روایت کرتے ہیں ہم ان حدیثوں کو اور ایمان لاتے ہیں ہم ساتھ انکے یعنے ایمان لاتی ہیں ہم انکے لفظ اور معنے پر اسلئے کہ یہ الفاظ معلوم المعنے ہیں کہ عرب ہمیشہ اپنے لسان میں استعمال کرتا ہے اور عوام اور خواص ہر ایک انکے مفہوم کو سمجھے جاتا ہی اسلئے کہا ہے علمانی کہ یہ آیات و احادیث متشابہ الکیفیت ہیں اور محکم المعنے اور فرق کیفیہ اور معنے میں ظاہر ہے کہ اول انمیں سے مجہول ہے اور ثانی معلوم اور اگر دونوں مجہول ہوتے تو ایمان نہ لاتے آیات و احادیث پر ممکن تھا اسکے کہ ایمان فرع ہے معرفت کے پھر معرفت اُس لفظ کی کہ جو اضع فی ایک معنی کے لئے وضع کیا ہی بغیر پہچاننے معنے کی کچھ معنی نہیں رہتی اور اگر کیف و معنی دونوں مجہول ہوتے تو اوائل سور اور آیات صفات دونوں یکساں ہوتے حالانکہ تصریح کی ہے علمانی کہ ان دونمیں بون بائن ہے چنانچہ کہا فخر الاسلام نزدوی نے اثبات الید والوجہ حق عندنا لکنہ معلوم بالسمع ومتشابہ بوصفہ والعجز لابطال الاصل بالعجز عوذی کل الصفات بالکیف وانما ضلت المعتزلۃ من ھذا الوجہ فانہم ردوا الاصول لجہلہم بالصفات علی الوجہ المعقول فصاروا معطلۃ کذا فی المنح الازہر شرح الفقہ الاکبر یعنے اثبات ہاتھ اور منہ کا اللہ تعالیٰ کی واسطے حق ہے نزدیک ہمارے لیکن معلوم ہے اصل اسکی اور مشتابہ ہے وصف انکا یعنے کیف اُن کا اور نہیں جائز ہے باطل کرنا اصل کا بسبب عجز کے کیف صفات کے ادراک سے اور گمراہ ہوگئے معتزلہ اسی سبب سے کہ انہوں نے رد کردیا اصول صفات کو بسبب نہ جاننے صفتوں کے علی وجہ المعقول اور ہوگئے معطلہ اور ایسا ہی ذکر کیا امام الائمہ سرخسی نے اور یہ فرمایا واہل السنۃ والجماعۃ اثبتوا ما ہو الاصل المعلوم بالنص بالآیات القطعیۃ الدلالات الیقینیۃ وتوقفوا فیما ہو المتشابہ وہو الکیفیۃ ولم یجوزوا الاشتغال بطلب ذلک انتہی یعنی اہل سنت اور جماعت نے ثابت کیا اُس اصل کو کہ معلوم ہے ساتھ نص کے یعنے ساتھ آیات قطعیہ کے اور دلالات یقینیہ کے اور مراد اُس سے معنے معلوم ہے اور توقف کیا اسمیں جو متشابہ ہے اور وہ فقط کیفیت ہے اور جائز نہ رکھا اشتغال اُسکی طلب میں انتہی اور فرمایا شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب غنیۃ الطالبین میں وہی صفۃ لازمۃ ولا تنبغی کالید والوجہ والعین والسمع والبصر والحیوۃ والقدرۃ وکونہ خالقا رازقا وحیا وممیتا موصوفا بہا ولا یخرج من الکتاب والسنۃ نقرات الآیۃ والخبر ونومن بہا فیہا ونکل الکیفیۃ فی الصفات الی علم اللہ انتہی یعنے یہ صفت یعنی ہاتھ وغیرہ لازم ہی اُسکو اولائق ہے اُسکے مانند ید و وجہ و سمع و بصر و حیوۃ و قدرت کی اور لازم ہے ایسے جیسے لازم ہے اُنکا خالق و رازق و محیی و ممیت ہونا موصوف ہے وہ ساتھ انکے اور نہ نکالی جاوین کتاب و سنت سے فقرے آیتوں اور حدیثوں کے اور ایمان لاتے ہیں ہم ساتھ اُنکے اور سونپتے ہیں ہم کیفیت کو مفتوں کے اللہ کے علم پر انتہے اس قول میں بھی تصریح ہے کہ مفوض علم الٰہی فقط کیفیت ہے لفظ و معنی پس مدار ایمان ان دونوں پر ہے اور فرمایا امام ابوعبید قاسم بن سلام معاصر امام احمد بن حنبل نے ہذہ احادیث صحاح حملہا اہل العلم والحدیث والفقہا بعضہم عن بعض ویثبتونہا

بیان مذہب محدثین و اہل علم کا

زمرۂ علمائے حنفیہ کا مذہب بھی یہی ہے

حق لاشک فیہا ولکن اذا قیل کیف یضحک قلنا لانفسرہ ولا سمعنا احدا یفسرہ (رواہ الدہبی فی کتاب العرش باسنادہ) یعنے یہ احادیث صحیح ہین روایت کیا انکو اہل حدیث نے اور فقہا نے بعض نے بعض سے اور وہ ہمارے نزدیک حق ہین یعنے موصوف ہونا باری تعالی کا ان صفات سے کہ اُن حدیثون مین مذکور ہے حق ہے کسیطرح کا شک نہین لیکن جب کہا جاوے کہ کیونکر ہنستا ہی باری تعالے اور کیا کیفیت ہے اُسکی ہنسنے کی کہینگے ہم تفسیر نہین کرتے ہم اُسکے اور نہین سنی ہمنے تفسیر اُسکے کسی سے کہ کوئی راہ ہو ہمنے اس قول سے معلوم ہوا کہ مراد اُس تفسیر سے جو اس مقام مین مذہبی بیان کرنا ہے کیفیت کا اور یہی مراد ہے ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کے نہ یہ کہ ترجمہ اُسکا کیا جاوے قولا اور وہم کیا جاوے اُسمین یعنے کیفیت اُسکی جو وہم و خیال مین آوے اُس سے تنزیہ باری تعالے کی ضروری ہا اور نفی اُن صفات کے اس خیال سے کہ اسمین تشبیہ یا تجسیم لازم آتی ہے ہرگز نہین جیسے کہ سمع و بصر کا اثبات بلا تشبیہ و تکییف کہا جاتا ہی اسیطرح یدو وجہہ کا اثبات بلا تشبیہ و تکییف و تجسیم ضرور ہے تعجب ہے اُن لوگون سے کہ اثبات سمع و بصر بلا تکلف کرتے ہین اور ثبوت یدو وجہ مین تجسیم سمجھتے ہین حالانکہ شارع نے ثبوت ان جمیع صفات کا برابر کیا ہے **باب** ماجاء حفت الجنۃ بالمکارہ وحفت النار بالشہوات باب گھیرنے مین جنت و دوزخ کے

**عن** انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال حفت الجنۃ بالمکارہ وحفت النار بالشہوات **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گھیرے گئے جنت ساتھ تکلیفون کے اور گھیرے گئی دوزخ ساتھ شہوتون کے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہی اس سند سے **مترجم** یعنی جنت عبادات شاقہ اور ریاضات شرعیہ کے بجالانے سے ملتی ہے اور مصائب بلیات مین اور زہد اور طاعات مین صبر کرنا اُسکی تحصیل کے لئے ضرور ہی یہ شہوات نفسانیہ اور تلذذات محرمہ جسمانیہ سے بچی دوزخ اُسکے طالبون کو ہے گویا ان مکارہ کے کانٹے اُسکے گرد لگا دیے گئے ہے جیسی باغ و راغ کے گرد کانٹے لگاتی ہین اسیطرح شہوات نفسانیہ اور انہماک تلذذات جسمانیہ موجب دخول نار ہی

**عن** ابی ہریرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لما خلق اللہ الجنۃ والنار ارسل جبریل الی الجنۃ فقال انظر الیہا والی ما اعددت لاہلہا فیہا فجاءہا فنظر الیہا والی ما اعد اللہ لاہلہا فیہا فقال فرجع الیہ قال فوعزتک لا یسمع بہا احد الا دخلہا فامر بہا فحفت بالمکارہ فقال ارجع الیہا فانظر الی ما اعددت لاہلہا فیہا قال فرجع الیہا فاذا ہی قد حفت بالمکارہ فرجع الیہ فقال فوعزتک لقد خفت ان لا یدخلہا احد قال اذہب الی النار فانظر الیہا والی ما اعددت لاہلہا فیہا فاذا ہی یرکب بعضہا بعضا فرجع الیہ فقال فوعزتک لا یسمع بہا احد فیدخلہا فامر بہا فحفت بالشہوات فقال ارجع الیہا فرجع الیہا فقال فوعزتک لقد خشیت ان لا ینجو منہا احد الا دخلہا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب پیدا کیا اللہ تعالی نے جنت کو اور دوزخ کو بھیجا جبرئیل کو جنت کیطرف اور فرمایا نظر کر اُسکی طرف اور جو طیار کیا مین نے اُسکے رہنے والون کے لئے جنت مین فرمایا آپ نے پھر آئے جبرئیل اور دیکھا اُسکو اور جو طیار کیا تہا اللہ تعالی نے اُسکے اہل کے لئے اُسمین کہا پھر لوٹ کر آئے اللہ کیطرف اور عرض کی کہ قسم ہے تیری عزت کے نہ سنیگا کوئی اسکا حال مگر داخل ہوگا اُسمین یہ حکم فرمایا اللہ تعالی کا کہ وہ گھیر دی گئی ساتھ تکلیفون کے پھر فرمایا اللہ تعالی نے پھر جا اُسکی طرف اور دیکھ جو طیار کیا ہے مین نے اُسمین اُسکے اہل کے لئے فرمایا آپنے پھر گئے جبرئیل اُسکیطرف اور دیکھا کہ وہ گھیر دی ہوئی ہے تکلیفون سے اور لوٹ کر آئے بارگاہ تعالی کی طرف اور عرض کی کہ قسم ہے تیری عزت کے مین خوف کرتا ہون کہ نہ داخل ہوگا اُسمین کوئی یعنے ان تکلیفون کے سبب سے جو اُسکے گرد ہین پھر فرمایا اللہ تعالی نے یعنے جبرئیل کو جا طرف دوزخ کے اور نظر کر اُسکی طرف اور جو طیار کیا مین نے اُسکے اہل کے لئے اُسمین سو گئی وہ اُسطرف اور دیکھا کہ چڑہا جاتا ہی ایک ٹکڑا اُسکا دوسرے پر لوٹ کر آئی وہ بارگاہ تعالی کیطرف اور عرض کی کہ قسم ہے تیری عزت کی نہ سنیگا اسکا حال کوئی شخص کہ پھر داخل ہوا اُسمین سو حکم فرمایا اللہ تعالی کا کہ گھیر دی گئے وہ شہوتون سے اور فرمایا اللہ تعالی نے پھر جاؤ اُسکیطرف اور دوبارہ گئے اُسکیطرف اور عرض کی کہ قسم ہے تیری عزت کی مین خوف کرتا ہون کہ نہ نجات پاویگا اُس سے کوئی شخص مگر یہ کہ داخل ہو جاویگا وہ اُسمین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **باب** ماجاء فی احتجاج الجنۃ والنار باب جنت اور دوزخ کے احتجاج مین

**عن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احتجت الجنۃ والنار فقالت الجنۃ یدخلنی الضعفاء والمساکین وقالت النار یدخلنی الجبارون والمتکبرون فقال للنار انت عذابی انتقم بک ممن شئت وقال للجنۃ انت رحمتی ارحم بک من شئت وکلا کما ملؤہا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تکرار ہوئی جنت اور نار مین سو کہا جنت نے داخل ہونگے مجھ مین ضعیف اور مسکین اور کہا دوزخ نے داخل ہونگے مجھ مین عالم اور متکبر فرمایا اللہ تعالی نے واسطے دوزخ کے تو عذاب ہی مین بدلا لونگا ساتھ تیرے جس سے چاہون اور فرمایا جنت سے کہ تو رحمت میری ہے رحم کرونگا ساتھ تیرے جس پر چاہون **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ماجاء ما ادنی اہل الجنۃ من الکرامۃ باب ادنے درجے کی ملک و سلطنت کا بیان **عن** ابی سعید

الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ادنی اھل الجنۃ الذی لہ ثمانون الف خادم وثنتان وسبعون زوجۃ ونصب لہ قبۃ من لؤلؤ وزبرجد وزمرد ویاقوت کما بین الجابیۃ الی صنعاء وھذا الاسناد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من مات من اھل الجنۃ من صغیر او کبیر یردون ابن ثلاثین فی الجنۃ کما یریدون علیھا ابدا وکذلک اھل النار وبھذا الاسناد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان علیھم التیجان ان ادنی لؤلؤۃ منھا تضئ ما بین المشرق والمغرب ترجمہ روایت ابی سعید خدری ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ادنی جنتی وہ ہے کہ اسکی اسی ہزار خادم ہونگے اور بہتر بیبیاں ہونگی اور لگایا جاویگا اسکے لئے ایک خیمہ موتی اور زمرد اور یاقوت سی جابیہ سے صنعا تک اور اسی اسناد سے مروی ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جو مرتا ہے اہل جنت سے چھوٹا ہو یا بڑا یعنے دنیا میں ہو جاویگا تینتیس برس کا جنت میں اسپر زیادہ نہ ہونگے کبھی یعنے یہی عمر ہوگی اہل دوزخ کی اور اسی اسناد سے مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے ادنی اہل جنت کے لئے تاج ہونگے کہ کم سے کم انمیں ہوتی ایسے کہ چمک جاوے اس سے ما بین مشرق و مغرب **ف** یہ حدیث غریب ہے ہمارے نہیں جانتے مگر رشدین بن سعد کی روایت سے **عن** ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المؤمن اذا اشتھی الولد فی الجنۃ کان حملہ ووضعہ وسنہ فی ساعۃ کما یشتھی **ترجمہ** روایت ابی سعید خدری ہی کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مومن جب خواہش کریگا والد کی جنت میں تو حمل اور جننا اور عمر اسکے یعنے بارہ برس کے ہوجانے کی ایسا ساعت میں جیسا کہ وہ چاہیگا **ف** یہ حدیث جیسے غریب ہے اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے اسمیں موضع وضع کے کہا کہ جنت میں جماع ہی اولاد نہیں ایسا ہی مروی ہے ہناد سے اور مجاہد اور ابراہیم نخعی سے اور کہا محمد نے اور اسحٰق بن ابراہیم نے روایت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جب خواہش کریگا مومن والد کے جنت میں ہوویگا ایسا ساعت میں جیسا کہ وہ چاہتا ہوگا ولیکن وہ خود نہ چاہیگا اور آرزو نہ کریگا والد کی کہا محمد نے اور مروی ہے بواسطہ ابی زرین عقیلی کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ اہل جنت کے والد نہ ہونگے اور ابو صدیق ناجی کا نام کہا بن عمر ہے اور بکر بن قیس ہے انہیں کہتے ہیں **مترجم** ظاہر اولاد میں کچھ خلل نہیں اسلئے کہ جو لوگ اسکے نفی کرتے ہیں مراد انکی یہ ہے کہ والد معتاد نہیں جیسے دنیا میں عادت ہے کہ والد نتیجہ نکاح و جماع اور جنہوں نے اثبات ولد کیا مراد انکی یہ ہے کہ علی سبیل الشذوذ اگر کوئی جنتی خواہش کرے تو امکان رکھتا ہے اسلئے کہ جنت میں سب خواہشیں پوری کیجاوینگی اور کسی آرزو میں تاخیر و تاجیل نہوگی **باب** ماجاء فی کلام الحور العین باب حور عین کی کلام شیریں کے بیان میں **عن** علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان فی الجنۃ لمجتمع للحور العین یرفعن باصوات لم تسمع الخلائق مثلھا یقلن نحن الخالدات فلا نبید ونحن الناعمات فلا نبأس ونحن الراضیات فلا نسخط طوبی لمن کان لنا وکنا لہ **ترجمہ** روایت ہے حضرت علے کرم اللہ وجہہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جنت میں حور عین جمع ہوتی ہے میں اور آواز بلند کرتی ہیں کہ خلائق نے کبھی ویسی آواز نہیں سنی کہتے ہیں ہم ہمیشہ رہنے والے ہیں کبھی فنا ہونیوالی نہیں اور ہم ناز و نعمت میں رہنے والی ہیں کبھی تکلیف اٹھانیوالی نہیں اور ہم راضی ہیں کبھی ناراض ہونیوالی نہیں مبارکباد ہی جو ہمارے لئے ہو اور ہم اسکے لئے ہوں **ف** اسی باب میں ابی سعید اور ابی امامہ سے بھی روایت ہے حدیث علی کے غریب ہے **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جیسے حور عین کے عورت ظاہر ہے موزون اور حسین ہے ویسے طبیعت بھی انکے کمال موزون ہے اور روایت فصاحت خیز بلاغت انگیز کہ ہمارا کلام انکا جانا گیا منقول ہوا عجیب و غریب اور اسجاع سی بہرا ہوا ہے اگرچہ شعر نہیں مگر وزن شاعرانہ ہے اور انکا یہ فرمانا مجاز نہیں بلکہ حقیقت ہے نماز پروردگی اور خاوند میں موجود نہیں کا سچے اور سبارجہاد کا مستحق ہونا انہیں کے لئے اچھا وہی ہیں خالدات بی فنا اور ناعمات بے بقا **باب** ماجاء فی صفۃ انھار الجنۃ باب نہار جنت کے بیان میں **عن** معاویۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان فی الجنۃ بحر الماء وبحر العسل وبحر اللبن وبحر الخمر ثم تشقق الانھار بعد **ترجمہ** روایت ہے معاویہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں دریا ہے پانی کا اور دریا ہے شہد کا اور دریا ہے دودھ کا اور دریا ہے شراب کا پھر نکل ہے ہیں نہریں اسکے بعد یا نکلیں گے جنتی جنت میں داخل ہونگے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور حکیم بن معاویہ وہ والد ہیں بہز کے **مترجم** یعنے ابھی تو یہ چار نہر لہ دریا کے چاروں طرف ہیں جب جنتی جنت میں جائینگے متی نہریں پائینگے کہ ہر ایک کے گہ میں ایک ہوگی **عن** انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سأل اللہ الجنۃ ثلاث مرات قالت الجنۃ اللھم ادخلہ الجنۃ ومن استجار من النار ثلاث مرات قالت النار اللھم اجرہ من النار **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے مانگی اللہ تعالے سے جنت تین بار کہتی ہے جنت یا اللہ داخل کر اسکو جنت میں اور جسنے پناہ مانگی دوزخ سے تین بار کہتی ہے دوزخ یا اللہ پناہ دے اسکو دوزخ سے **ف** اسی طرح روایت کیا ہے یونس نے ابی اسحٰق سے انہوں نے ابن بریدہ بن مریم سے انہوں نے انس سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور مروی ہوئی ابی اسحٰق سے انہوں نے روایت کیے بریدہ بن ابی مریم سی انہوں نے انس بن مالک سے قول انکا

**مترجم** اس حدیث مین تین فضیلتین ہین کی اعداد مین سے اور معلوم ہوتا ہے کہ یہہ ایک نصاب کامل ہے گنتی مین کہ مرتب ہوتی ہین اسپر فوایدمعتدبہا اور ترغیب وتحریص جنت کی طلب کرنے پر اور دوزخ سے پناہ مانگنے پر اور معلوم ہوتا ہے کہ جنت اور دوزخ عقل و فہم رکھتے ہین اور یہی مذہب صحیح ہے کہ ثابت ہی احادیث صحیحہ سے اور معلوم ہوتا ہے کہ جیسے صالحین مشتاق جنت ہین ویسے ہی جنت بھی مشتاق صالحین ہے **عن** ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلاثۃ علی کثبان المسک یوم القیمۃ یغبطہم الاولون والاخرون رجل ینادی بالصلوٰۃ الخمس فی کل یوم ولیلۃ ورجل یؤم قوما وہم بہ راضون وعبد ادی حق اللہ وحق موالیہ

**ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہین کہ مشک کے ٹیلون پر ہونگے کہا راوی نے کہ گمان کرتا ہون کہ فرمایا آپ نے قیامت کے دن کہ رشک کرینگے انپر اگلے اور پچھلے ایک مرد کہ اذان دیتا ہی نماز پنجگانہ کی ہر رات اور دن مین دوسرا وہ مرد کہ امامت کرتا ہی ایک قوم کی اور وہ اس سے راضی ہون تیسرا وہ غلام کہ ادا کرے حق اللہ کا اور حق اپنے آقا کا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسی مگر سفیان ثوری کی روایت سے اور ابو الیقظان کا نام عثمان بن عمیر ہے اور انکو ابن قطین ہے کہتی ہین **عن** عبد اللہ بن مسعود رفعہ قال ثلاثۃ یحبہم اللہ عز وجل رجل قام من اللیل یتلو کتاب اللہ ورجل تصدق صدقۃ بیمینہ یخفیہا قال اراہ من شمالہ ورجل کان فی سریۃ فانہزم اصحابہ فاستقبل العدو

**ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے مرفوع کرتے تھی وہ اس حدیث کو پہنچے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہین دوست رکھتا ہی انکو اللہ عزوجل ایک وہ مرد کہ کھڑا ہوا رات کو تلاوت کرتا ہے قرآن کی دوسرا وہ کہ صدقہ دیتا ہی داہنے ہاتھ سے اور چھپاتا ہی اسے کہا راوی نے گمان کرتا ہون کہ فرمایا آپنے بائین ہاتھ سے تیسرا وہ مرد کہ ایک چھوٹی لشکر مین تھا اور شکست کھائی اصحاب اسکی اور اسنے مقابلہ کیا دشمن کا یہانتک کہ لڑا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہ محفوظ ہی اس سند سے اور صحیح وہ ہے جو روایت کیا شعبہ وغیرہ نے منصور سے انہون نے ربعی بن حراش سے انہون نے زید بن ظبیان سے انہون نے ابی ذر سے کہ انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ابو بکر بن عیاش کثیر الغلط ہی **مترجم** سریہ ایک ٹکڑی ہے بڑی لشکر مین کی جسی جیش کہتی ہین انتہائی عدد اسکا چار سو تک ہے جمع اسکی سرایا ہے سے مواوہ اس نام سے اسلئے کہ وہ خلاصہ لشکر ہی اور چنا ہوا انمین کا عرب کہتا ہی اسرے الشیء خلاصۃ الشیء اور جو بعض اہل لغت نے کہا ہی وہ پہچانا جاتا ہے سرا یعنے خفیۃً اسلئے اسکی سریہ کہا ہی سو یہ غلط ہی اسلئے کہ سر جو معنے اخفا ہی وہ مضاعف ہے اور سریہ ناقص ہے ہفت اقسام مین سے اشتقاق اسکا سر سے باطل ہے قولہ اور چھپاتا ہے بائین ہاتھ سے مراد اس سے چھپانا اس شخص سے ہے کہ جو بائین طرف ہے یا مبالغہ ہے کمال اخفا مین **عن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تواسئل الفرات یحسر عن کنز من الذہب فمن حضرہ فلا یاخذ منہ شیئا

**ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قریب ہے کہ کھولیگا فرات ایک خزانہ سونیکا پھر جو حاضر ہو اسپر نہ لے اسمین سے کچھ **ف** یہ حدیث صحیح ہی روایت کیا ہے اسے ابو سعید اشج نے انہون نے عقبہ بن خالد سے انہون نے عبید اللہ بن عمر سے انہون نے نافع سے انہون نے ابی ہریرہ سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے مگر یہ کہ انہون نے اپنی روایت مین کہا یحسر عن جبل من ذہب یعنے کھولیگا فرات ایک پہاڑ سونیکا یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابی ذر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ثلثۃ یحبہم اللہ وثلاثۃ یبغضہم فاما الذین یحبہم اللہ فرجل اتی قوما فسالہم باللہ ولم یسالہم لقرابۃ بینہ وبینہم فمنعوہ فتخلف رجل باعیانہم فاعطاہ سرا لا یعلم باعطیتہ الا اللہ والذی اعطاہ وقوم ساروا لیلتہم حتی اذا کان النوم احب الیہم مما یعدل بہ فوضعوا رؤسہم فقام یتملقنی ویتلو آیاتی ورجل کان فی سریۃ فلقی العدو فہزموا فاقبل بصدرہ حتی یقتل او یفتح لہ والثلاثۃ الذین یبغضہم اللہ الشیخ الزانی والفقیر المختال والغنی الظلوم

**ترجمہ** روایت ہے ابی ذر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہین کہ دوست رکھتا ہی انکو اللہ عزوجل اور تین شخص ہین کہ دشمن رکھتا ہی انکو اللہ عزوجل جو تین لوگون کو دوست رکھتا ہی انمین پہلا وہ مرد ہے کہ ایک سائل آیا کسی قوم کے پاس اور سوال کیا بواسطہ خدا تعالیٰ کے اور نہین سوال کیا بواسطہ کسی قرابت کے جو اسکی اور قوم کے بیچ مین ہو سو نہ دیا قوم نے اسی کچھ پس پیچھے رہا ایک شخص انمین سے اور دیا اس سائل کو ایسا چھپا کر کہ نجانا اسکی عطیہ کو مگر اللہ تعالیٰ نے یا اسنے کہ جسکو دیا اور دوسرا وہ شخص کہ ایک قوم مین ہے اور چلی وہ قوم راتکو یہانتک کہ جب نیند انکو بہت ہی ہوئی اُن چیزون سے کہ جو نیند کے برابر ہین اور رکھے انہون نے اپنے سر پھر اٹھایا وہ شخص اور عاجزی اور چاپلوسی کرنے لگا میرے اور پڑھنے لگا میری آیتین اور تیسرا وہ مرد کہ لشکر مین تھا اور مقابلہ ہوا اور شکست کھائی لشکر نے سو وہ ثابت رہا دشمن کے مقابل مین کہ قتل کیا جاوے یا کہ فتح ملے اسکی ہاتھ پر اور وہ تین شخص کہ دشمن رکھتا ہی انکو اللہ تعالیٰ پہلا بوڑھا زانی دوسرا فقیر تکبر کرنے والا تیسرا غنی ظالم **ف** روایت کیا ہے محمد بن عیلان نے انہون نے نضر بن شمیل سے انہون نے شعبہ سے مانند اسکی یہ حدیث صحیح ہے

اور ایسی ہی روایت کی شیبان نے منصور سے مانند اسکے اور صحیح تر ہے ابی بکر بن عیاش کی روایت سے **مترجم** مولف رحمۃ اللہ علیہ نے اگرچہ چند احادیث متفرقہ اسباب مین ذکر کئے مگر منتقد کر دیا تھا اسباب کو انہار جنت کے بیانمین اور انہار عمدہ شروبات کے پس تفسیر مشروبات کے حسب اجمال مقدمۂ سابق مذکور ہوتی ہے قولہ تعالیٰ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِہَا الْاَنْہٰرُ یعنے بہتی ہین نیچے اُن باغون کے نہرین ابی ہریرہ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ انہار جنت بہتی ہین جبال مسک کے نیچے سے اور انہار جمیع ہی نہرکی اور وہ مجرٰی واسع ہی جدول سے زیادہ اور بہ سے کہ مانند نیل اور فرات کی اور مراد جریان انہار سے جریان اُنکے پانیونکا ہی اور اسناد جریان کا انہار کیطرف مجازاً ہے مسعر سے مروی ہے کہ وہ بغیر اُخدود کی بہتی ہین یعنے پانی اُنکا زمین سے اونچا بہتا ہے نہ گڑھے کی اندر اور بیضاوی نے فرمایا ہی تجری من تحت اشجارہا یعنے مضاف الیہ محذوف ہے مراد یہ ہے کہ بہتی ہین نہرین جنات کے درختون کے نیچے سے انتہی یا تقدیر عبارت یہ ہے کہ من تحت الٰہہا یعنے بہتی ہین نہرین جنت والون کے حکم پر جیسے فرمایا اللہ تعالیٰ ناقلاً عن فرعون ہذہ الانہار تجری من تحتی اسی طرح اور نہر اصل لغت مین وسعت اور ضیا کو کہتے ہین چنانچہ نہار اُسی سے مشتق ہی اسلیے ہر کو نہر کہا بسبب کمال وسعت اور صفائی آب کے قولہ تعالیٰ فیہا انہار من ماء غیر آسن یعنے اُسمین نہرین ہین پانی سے جو بگڑا اور سڑا نہین لفظ آسن بعضون نے بمد اور بعضون نے بقصر پڑہا ہے مصدر اُسکا اُسون ہے اور اسن و اجن دونون بمعنی متغیر وارد ہوئی ہین آجن یعنے آجن مراد اُس سے متغیر اللون منتن الریح ہی قولہ تعالیٰ وانہار من لبن لم یتغیر طعمہ یعنے نہرین ہین دودہ کی کہ نہین بدلا مزہ اُنکا یعنے محفوظ ہے وہ پھٹ جانی سی اور دہی ہو جانی سے اور مٹھا ہو جانی سے قولہ تعالیٰ وانہار من خمر لذۃ للشاربین یعنے اور نہرین ہین شراب سے کہ لذت ہے پینے والون کے لئے انتہی اور لذت اگرچہ مصدر ہے مگر محمول کیا اُسکو کمال مبالغہ کے واسطے اور بیان فرمایا کمال تباین اُسکا خمور دنیا سے اسلئے کہ خمور دنیا کراہت غائلہ اور ریح منتنہ رکہتی ہین بمزہ بدبودار ہوتی ہین اور اگر سکر مقصود نہو تو کبھی کوئی اُسکا استعمال نکرے بخلاف خمر جنت کی کہ کمال لذت اور خوش مزگی ہی ممتاز ہین اور سکر اور خمار سے بیناز اور لفظ لذت کو بعضون نے مرفوع پڑہا ہی اسلئے کہ صفت ہی انہار کی اور بعضون نے منصوب اسلئے کہ علت ہے جیسے ضربتہ تادیباً قولہ وانہار من عسل مصفی یعنے اور نہرین ہین عسل مصفی سی کہ صاف ہے وپاک ہے موم اور فضلات نحل وغیرہ سے اور محفوظ ہی گرد و غبار سی اور مصئون ہے خس و خاسی نہین ڈالا اُسمین کسی نے ہاتہ اپنا اور نہین پاکوں مشروب ہوا کسی آکل و شارب کا اور ان چار چیزون کو بضمن انہار بیان فرمایا کہ دلالت ہو کمال صفا اور صفاپہ اور دلیل ہو اُسکے وفور و تکاثر کے اسلئے کہ جریان موجب صفا و نور ہے جیسے کہ مستلزم تکاثر و وفور قولہ تعالیٰ یُفَجِّرُوْنَہَا تَفْجِیْرًا بہاتی ہین اُسکو جیسا حق ہے بہانے کا بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہینچ لیجاتے ہین اُنکو جہان چاہتے ہین اپنے منازل اور قصور مین یعنے وہ نہرین جنتیون کے اختیار مین ہین جیسے کہ ناقہ مہار دار قائد کے اختیار مین ہے قولہ تعالیٰ فیہا عین جاریۃ یعنے اُسمین نہر ہے بہتی والی یعنے ہمیشہ بہتی ہے کہ منقطع نہین ہوتا جریان اُسکا قولہ تعالیٰ وامسکوب یعنی مصبوب یعنے پانی بہایا گیا کہ بہتا ہے دائماً بغیر اخدود کے موقوف نہین ہوتا بہنا اُسکا گویا بطور چادر کے اوپر سے گر رہا ہے نہین ٹوٹتا سلسلہ اُسکا قولہ تعالیٰ عَیْنًا فِیْہَا تُسَمّٰی سَلْسَبِیْلًا یعنے ایک نہر ہی اُسمین کہ نام ہے اُسکا سلسبیل قتادہ نے فرمایا گویا وہ سلسلہ ہے کہ مطیع و منقاد ہے جنتیون کے پہیرتے ہین اُسے جسطرف چاہتے ہین مجاہد نے کہا حدیدۃ الجریۃ یعنے تیز بہنے والی ابو العالیہ اور مقاتل بن حیان نے کہا سلسبیل اُسے اسلئے کہا کہ سیلان ہوتا ہی اُسکا راستون مین جنتیون کے اور اُنکے مکانونمین یعنے سہل سل کے بہتے ہی نہایت زودی مبع اسکا اہل عرش سے جنت عدن مین ہوتی ہے اہل جنان کیطرف اور مشروب ہے وہ اہل جنت کے برودت ہوگی کافور کے ہی اور مزہ زنجبیل کا اور بو مسک کے زجاج نے کہا وہ موسوم بسلسبیل اسلئے ہوئی کہ پانی اُسکا غایت سلاست مین ہے کہ نہین ٹوٹتا سلسلہ اُسکا حلق مین اُترنی کے وقت یعنے بکمال آسانی نہایت خوشگواری گلو مین اُترتا ہے اور تسمی یعنے توصف ہے اسلئے کہ اکثر علماء قائل ہین کہ سلسبیل صفت ہے اسم نہین (بغوی) قولہ تعالیٰ ومزاجہ من تسنیم اور ملونی اُسکی تسنیم ہے انتہی اور تسنیم سنام سے مشتق ہے اُسی سے سنام بعیر یعنے کوہان اونٹ کا کہ اُسکے اعضا مین سب سے زیادہ بلند ہے اسلئے بعضے مفسرین نے کہا ہے کہ وہ ایک نہر ہے کہ بلند مین بہتی ہے بلند درجہ جنتیون کے غرفون اور منازل مین انصباب اُسکا ہوتا ہے حسب خواہش اُنکے اور اسطرح اوانے اور ظروف مین اہل جنت کے علی قدر ملئہا پانی اُسکا اُترتا ہے پہر جب وہ بہر جاتے ہین ٹہیر جاتا ہے یہ مضمون ہے قتادہ کے قول کا اور ضحاک نے کہا وہ ایک اشرف شراب ہے ابن مسعود اور ابن عباس نے کہا وہ خالص ہے مقربین کے لئے کہ وہ اُسکو بغیر ملونی کے پیتے ہین اور سائر اہل جنت اُسے مثل گلاب اور کیوڑے کے اور مشروبات مین ملا کر استعمال کرتے ہین قولہ تعالیٰ وکأس من معین یعنے پیالہ ہے شراب جاری سے کہ جسکی نہرین بہتی ہین اور وہ دنان تین دہرا ہوا نہین کہ کیڑے پڑین اور بہ تمد زمان سڑین اور پینے والون کو اُس سے بدبو آوی اور طبیعت متنفر ہو جاوے بلکہ بسبب جریان کے کمال صفائی اور نظافت اُسمین ہے اور شارب اُسکا صداع غول اور سکر و نزف سے مبرا ہے اور غصلت اور غلیان اور بیہوشی اور زبان سے مُعرا قولہ تعالیٰ یشربون من کأس کان مزاجہا کافورا یعنے پینگے ابرار اُس پیالہ سے کہ مزاج اُسکا کافور ہے انتہی قتادہ نے کہا ملایا جاویگا اُسمین کافور اور مہر لگائی جاویگی

اُسمین مسک کے عکر نے کہا مزاجہی اُسکا مزہ مراد ہی اہل معانی نے کہا کہ بیاض اُسکی مثل کافور کے ہی اور طیب ہے اور برودت اسلئے کہ کافور منجملہ مشروبات نہین جسیکا اللہ تعالی نے فرمایا حتی اذا جعلہ نارا یعنے کتا یہ مضمون ہے مقاتل کے قول کا اور مجاہد نے کہا خوشبو اُسمین کافور کی ملائی جاویگی ابن کیسان نے کہا مطیب کیا ہی اُسکو کافور مسک زنجبیل سے عطار اور کلبی نے کہا کافور نام ہے ایک چشمہ آبکا جنت مین (بغوی) قولہ تعالی ویسقون فیہا کاسا کان مزاجہا زنجبیلا یعنے پلایا جاویگا اُنکو وہ پیالہ کہ مزاج اُسکا زنجبیل ہے اور زنجبیل مہیج ہے طبایع کے طرف جماع کی اور حرارت پیدا کرتی ہے اور نعوظ لاتی ہے اور گرم کرتی ہے امر طبہ بارد کو اور زجاج اور ہیجان زیادہ کرتی ہے اور شوق اور طرب لاتی ہے اور عرب اُسکو اپنے خوشبویون اور قہوون مین استعمال کرتا ہے سو وعدہ کیا رزاق حقیقی نے کہ پلائی جاویگی وہ جنت مین مقاتل نے کہا وہ زنجبیل دنیا سی مشابہ نہین ابن عباس نے کہا جو کچھ کہ اللہ تعالی نے ذکر کیا ہے قرآن مین جنت کے چیزونکا اور نام لیا ہے اُسکا اُسکی مثل دنیا مین کوئی شی نہین اور بعضون نے کہا وہ ایک نہر ہے جنت مین کہ پایا جاتا ہی اُسمین مزہ زنجبیل کا قتادہ نے کہا کہ مقربین اُسکو صرفا استعمال کرینگے اور سائر اہل جنت بطور ملون کے جیسا کہ ذکر کیا ہے تسنیم مین قولہ تعالی وسقہم ربہم شرابا طہورا یعنے پلایا اُنکو اُنکے رب نے شراب طہور یعنے پاک صاف دُھکر کہ اپنے شراب تک کو اخلاق ردیہ اور عادات قبیحہ سے پاک کردی اور قلب و روح مین ایک طہارت ابدی اور نظافت سرمدی بخشے اور طبایع مین نشہ محبت الٰہی اور مودت نامتناہی پیدا کرے دماغ مین حلاوت اور طبیعت مین لینت اور حُسن خو کا سبب ہو بدنمین عالم مولد نجاسات و اقذار نہو بلکہ موجد قوی و انوار ہو مفسرین نے کہا ہے کہ مُدّت قبض نہین کیا اُسکو ایسے اور اصل نے مثل خمر دنیا کی ابو قلابہ اور ابراہیم نے کہا ہے کہ بطن مین جاکر بول نجس نہین ہوتا بلکہ پسینا ہو جاتا ہے کہ خوشبو اُسکی مثل مسک کے ہے اور عادات اہل جنت کی یہ ہے کہ پہلے وہ طعام تناول فرماتے ہین اور جب اُس سے فارغ ہوتے ہین شراب طہور پلائی جاتی ہے کہ بطون اُنکے پاکیزہ ہوجاتے ہین اور وہ کہا نا ایک پسینا خوشبودار ہوکر اُنکی جلدون سے بہہ جاتا ہے اور پیٹ اُنکا لگ جاتا ہے اور شہوت عود کرتے ہی مقاتل نے کہا ہی وہ ایک نہر ہے باب جنت پر جسنی اُسمین سے پیا اللہ تعالی نے اُسکی دل سے بغض و حسد اور غل و غش نکال لیا قولہ تعالی یسقون من رحیق مختوم ختامہ مسک یعنے پلائے جائینگے شراب صاف کہ اُسپر مُہر ہے مسک کے انتہی رحیق خمر صافی طیب ہے مقاتل نے کہا خمر بیضا رقیق سفید مختوم یعنے مُہر لگایا ہوا ہے تاکہ کسیکا ہاتھ اُسمین نہ لگی اور تصرف غیری بالکل محفوظ رہے جیسے کہ سلاطین و امرا کی تورون اور صراحیون پر اُنکے داروغہ معتبر مُہر لگاتی ہین کہ وہ اُنکے سامنے کھولی جاتی ہے مجاہد نے کہا مختوم سے مُراد مُطیّن ہے ختام یعنے طین کہ جیسے مُہر لگائی جاویگی مسک ہے ابن زید نے کہا ختامہ اُسکا اہل دنیا کی نزدیک طیب ہے اور بارگاہ الٰہی مین مسک ہے ابن مسعود نے کہا مختوم ختامہ مسک ہے یہ مُراد ہے کہ اخیر مین اُسکے مزہ مسک کا سا آجاتا ہے یعنے ختام سے ختم اُسکا مراد ہے قتادہ نے کہا اُسمین کافور ملاکر مسک کے مُہر لگا دیجی ہین اور قرأت عامہ ختامہ ہی ہے تقدیم تا اور کسائی نے خاتمہ پڑہا ہے بہ تقدیم الف اور یہی قرأت ہی علی اور علقمہ کے اور معنی اُن دونون کے ایک ہین جیسے عرب کہتا ہی فلان کریم الطابع والطباع اور خاتم اور ختام آخر شے کا انتہے یہ ہی تفسیر اُن آیتون کے کہ ذکر کی تہین ہمنے مقدمۂ ابواب مین بحمد اللہ والمنۃ کہ تمام ہوا بیان جنت کا اللہ تعالی مؤلف کل کے ساتھ بجمیع احباب اس فقیر کو جنت مین پہونچا دی اور عذاب و فزع سے بچا دی اور سائر مؤمنین و مسلمین کو اس نعمت ابد مدت سے سرفراز فرما دی آمین یارب العالمین

## بسم اللہ الرحمن الرحیم ابواب صفۃ جہنم عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

## یہ باب ہین بیان مین جہنم کے جو وارد ہوئی ہین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے مترجم مقدمہ صاحب نہایہ نے کہا ہے کہ جہنم لفظ عجمی ہی اور بعضون نے کہا عربی ہے موسوم ہوا وہ اس نام سے بسبب بُعد قعر اپنے کی اُسی سے ہے قول عرب کا رکیۃ جہنام بکسر جیم و ہا و تشدید نون یعنے کنوان بعید القعر اور اُسی سے ہے حدیث یقال لہم الجہنیون یعنے اُنکو جہنمی کہینگے مُراد اُن سے وہ لوگ ہین کہ جہنم سے نکلکر جنت مین داخل ہونگی اور غفقار اللہ کہلائینگے اور اُنکو جہنمی کہتے ہین تنقیص شان مقصود نہین بلکہ نذیر ہے اُنکے نجات کی تاکہ سبب ہو مزید شکر و فرح کا اور حاصل ہو اُنکو مسرت اپنے فوز و نجات پر اور اہل علم نے کہا ہے کہ جہنم اعلی درکات نار ہے کہ مختص ہے عصاۃ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئی اور وہی ہے کہ چند روز مین اپنے ساکنون سے خالی ہو جاویگا اور ہمیشہ اُسکی دروازون کو بجا دینگی غرض وہ پہلا طبقہ ہے دوزخ کا نہایت خفیف العذاب بہ نسبت اور طبقات کے بہر اُسکے نہین جہنم اسلئے کہا کہ وہ تجہم کرتے ہی عورتون اور مردون کے مونہون پر اور کہا جاتا ہے اُنکے کہ شتون کو اور دوسرا طبقہ لظی ہے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے نزاعۃ للشوی یعنے کہا جاتا ہی اطراف بدین اور جلدین کو لغت مین شوی ہاتھ پیر کے کناروں کو کہتے ہین مجاہد نے کہا شوے سی مُراد سر کے کہا ابراہیم نے کہا کھینچ لیتی ہے لحم کو عظام سے ضحاک نے کہا جلد و لحم کو عظام سے کھینچ لیتے ہی ابن عباس نے فرمایا عصب و عقب کھینچ لیتی ہے کلبی نے کہا خوراک اُس آگ کے اوزناغ ہی کہ جب وہ اُسی کہا جاتی ہے پھر از سر نو عود کرتا ہی یہی اُسکا دانہ ہے قتادہ نے کہا مکارم خلق کہا جاتی ہے ابو العالیہ نے کہا محاسن وجہ

گل جاتی ہی بلاتی ہے جو پیٹھ پھیرے حق سے اور تولی کرے شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ سے **تیسرا** طبقہ سقر ہے اور سقر اُسے اسلئے کہا کہ کہا جاتی ہے گوشت اور چربی اور مردوں کے کہ نہیں باقی رہتا اُنکی ہڈیوں پر گوشت اور اللہ تعالیٰ اُسکی حال میں فرمایا ہے لا تبقی و لا تذر یعنے نہ باقی رکھتی ہے نہ چھوڑتی ہے انتہی بغوی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا نہیں باقی رکھتی کوئی چیز مگر کہا جاتی ہے اُسی اور ہلاک کر دیتی ہے مجاہد نے کہا نہ مرنے دیتی ہے نہ جینے دیتی ہے سُدی نے کہا نہ باقی رکھتی ہے لحم نہ چھوڑتی ہے عظم ضحاک نے کہا جب وہ انہیں پکڑتی ہے باقی نہیں رکھتی کوئی جگہ اور جب یہ اُسکی طرف جاتی ہیں نہیں چھوڑتی انکو اور ہر شی کو ملا لیتا اور فرت ہی مگر جہنم کو **لوّاحۃ للبشر** یعنے چمکنے والی ہے پنڈلی پر اور دیگر ہے جلد کی کہ اُسکو کالا کر دیتی ہے عرب کہتا ہی لاحہ السقم والحزن یعنے رنگ بدل دیا اور صورت متغیر کر دی اُسکی مرض اور غم نے مجاہد نے کہا جلا دیتی ہے جلد کو یہانتک کہ کالی ہو جاتی ہے وہ شب تاریک سے زیادہ ابن عباس اور زید بن اسلم نے فرمایا **محرقۃ للجلد** ابن کیسان نے کہا دور سے نظر آئیگی انکو جہنم **لوّاحہ** یعنے دور سی نظر آوے جیسے فرمایا **وبرزت الجحیم للغاوین** اور شبر حمیر ہی بشیرہ کی **چوتھا** طبقہ حطمہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی **لینبذن فی الحطمۃ** یعنے ڈالا جاویگا وہ حطمہ میں انتہے اور حطم حطم سی مشتق ہے حطم لغت میں توڑنیکو کہتے ہیں حطمہ اُسے اسلئے کہا کہ وہ ہڈی اسپلی کفار کے توڑیگی اور عظام راس ہر خاص کا پھوڑیگی بیضاوی نے فرمایا اُسکی شان یہ ہے کہ جو ڈالا تو توڑ ڈالی اللہ تعالیٰ خود اُسکی شان میں فرماتا ہے **نار اللہ الموقدۃ التی تطلع علی الافئدۃ** یعنے وہ آگ ہے اللہ کی بھڑکائی ہوئی کہ چمکتی ہے دلوں پر انتہی اور اس آیت میں کمال تخویف ہے اُس مار سے اور نہایت مبالغہ ہے اُسکے ایقاد اور بھڑکانی کا اسلئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی کہ وہ ہمارے بھڑکائی ہوئی ہے پھر کسی کی کیا مجال ہے کہ اُسے بجھا سکے یا اُسکے التہاب اور اشتعال کو ٹھنڈا سکے اللھم اجرنا منہ (کذا قال البیضاوی) چمکتے ہی دلوں پر یعنے اثر اُسکے الم اور وجع کا اور وہ اُسکے لہب اور احراق کا پہونچتا ہی دلوں تک اور اطلاع اور بلوغ اور تطلع سب کے ایک معنے ہیں عرب کہتا ہے متی طلعت ارضنا ای بلغت یعنے کب پہونچی تم ہمارے ملک میں مراد آیت یہ ہے کہ وہ جلا دیتی ہے عظم و لحم و جلد کو یہانتک کہ پہونچ جاتی ہے دل تک یہی قول ہے قرظی اور کلبی کا **انہا علیہم موصدۃ** یعنے **مطبقۃ مغلقۃ فی عمد ممددۃ** حمزہ اور کسائی اور ابو بکر نے عُمُد بضم عین و میم پڑہا ہی اور دوسرے قاریوں نے بفتحہا یعنے وہ مُندی ہوئی ہے یعنی بند ستونوں میں اتنے اور عُمُد بضمین و بفتحہا جمع ہے عمود کے مثل ادیم کے کہ جمع اُسکی اُدم اور اُدُم دونوں آتی ہے یہ قول ہے فرّاء کا اور ابو عبیدہ نے کہا جمع عمد کے ہی مثل اہاب اور اُہُب اور اہب کے بیضاوی نے فرمایا بند ہی گئے ہیں وہ عمود سے مثل مقاطر کے ہیں کہ جسمیں قید کئے جاتے ہیں لصوص اور مقاطر وہ لکڑی دراز ہے کہ اُسمیں سوراخ ہوتے ہیں موافق پیروں کے اُسمیں چور وں کا پیر ڈالکر قفل لگا دیتے ہیں اہل ہند اُسے کاٹ ٹھوکنا بولتے ہیں بعضے اُسے لاٹ کہتی ہیں قتادہ نے کہا پہونچا ہی ہمکو کہ وہ ستونوں میں کہ معذب ہونگے اہل نار اُس سے اور بعضوں نے کہا وہ مخیفین ہیں قفل در کی کہ بند کئے جاویں گے اُس سے دروازہ مقاتل نے کہا بند کئے گئے دروازے اُنپر پہر ہے گئے اُسمیں مخیفین لوہی کے جو آگ سے تہا یہانتک کہ گُھٹن اور گرمی نے اُسکی گھیر لیا محبوسین کو اور نہ کھلیگا اُنپر کوئی دروازہ اور نہ داخل ہوگی اُنپر ہوا ہی پر نے اور ممدودہ صفت ہے عمد کی یعنے مطولہ کہ دراز میخ زیادہ مضبوط ہوتی ہے قصیر سے **پانچواں** طبقہ جحیم ہے وجہ تسمیہ اُسکی یہ ہے کہ وہ عظیم الجمرہ ہے کہ ایک ایک چنگاری اُسکی ساری دنیا سے بڑھکر ہے بیضاوی نے فرمایا الجحیم التلاجج من النار یعنے آگ شعلہ دار اور بغوی نے کہا الجحیم معظم النار یعضون نے کہا نار شدیدۃ التاجج یعنے آگ بہت زور سے شعلہ دار ہوا والی اور وہ آگ کہ بعض اُسکا اوپر کے ہی کہ تہ تہ دیر لگے ہوئی ہے ابو مالک نے کہا جحیم اعظم من النار (لفظہ) **چھٹا** طبقہ سعیر ہے اسلئے اُسی سعیر کہا کہ وہ سُلگانی والی ہے آگ کے اُسمیں تین ہو قصر ہیں ہر قصر میں تین ہو بیت ہیں ہر بیت میں تین سو طرح کا عذاب ہے اور اُسمیں سانپ اور بچھو ہیں اور قیود اور سلاسل اور اغلال اور انکال اور اُسمیں ہے جُبُّ الحزن اور اُس سے اشد عذاب کسی طبقہ میں نہیں ہے جب جُبُّ الحزن کہو لاجاتا اہل نار کو حزن شدید ہوتا ہے (لفظہ) **ساتواں** طبقہ ہاویہ ہے کہ جو اُسمیں گرا کبھی نہ نکلا اُسی میں ہے ہر لہب کے جب کہو لاجاتا ہی دوزخ اُس سے پناہ مانگتی ہے اور اُسی میں ہے صعود کہ وہ ایک پہاڑ ہے کہ چڑہینگے دشمنان خدا اُسپر پنجے موہنکے بل بندہی ہونگے ہاتھ گلے گردنوں میں اور زبانیہ کھڑے ہونگے اُنکے سروں پر اُن کے ہاتھوں میں گرزیاں ہیں لوہی کی جب ایک چوٹ مارتا ہے سُنتی ہیں آواز اُسکی ثقلین اور دردناکی اُسکے لوہے کی ہیں فرش اُسکا چنگاریاں ہیں عشاوہ اُسکا ظلمت ہے زمین اُسکی تانبے کی ہے اور رصاص اور زجاج کے اوپر اور نیچے اُسکے آگ ہے اور اُنکے ظلل ہیں نار کے اور نیچے اُنکے ظلل ہیں سُلگائی گئے وہ ہزار برس تک کہ وہ مُنہ سوج گئے پھر ہزار برس تک سپید ہوگئی پھر ہزار برس تک سیاہ ہوگئے اب وہ نہایت تیرہ و تاریک ہے اور مُمزج ہے ساتھ غضب الٰہی کے (لفظہ) یہ ہے تفصیل اُسکے طبقات کی اور تفصیل اُسکے احوال و اہوال کے ضمن ابواب میں اور کچھ خاتمہ میں مذکور ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ

**باب** ما جاء فی صفۃ النار و باب یا ضمن نار کے

**عن** عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یؤتی بجہنم یومئذ لہا سبعون الف زمام مع کل زمام سبعون الف ملک یجرونہا ترجمہ روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لائی جاویگی جہنم اور اُسکی

دوزخ کا بیان

اُسکی ستر ہزار لگامیں ہونگی ہر لگام کے ساتھ ستر ہزار فرشتہ کہ کھینچ رہی ہونگے اُسکو **ف** کہا عبداللہ بن عبدالرحمن نے اور ثوری اُسی مرفوع کرتے تھے روایت کی ہے عبدالرحمن بن حمید نے اُنہوں نے عبدالملک سے اور ابو عامر عقدی سے اُنہوں نے سفیان سے اُنہوں نے علاسی اسی اسناد سی مانند اسکے اور مرفوع نکیا اُسکو **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُخْرِجُ عُنُقٌ مِّنَ النَّارِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ لَهٗ عَیْنَانِ تُبْصِرَانِ وَاُذُنَانِ تَسْمَعَانِ وَلِسَانٌ یَّنْطِقُ یَقُوْلُ اِنِّیْ وُكِّلْتُ بِثَلٰثَةٍ بِكُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَبِكُلِّ مَنْ دَعَا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَبِالْمُصَوِّرِیْنَ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نکلیگی ایک گردن دوزخ سے قیامت کے دن اُسکی دو آنکھیں ہونگی کہ دیکھتی ہونگی اور دو کان ہونگے کہ سُنتے ہونگے اور ایک زبان کہ بولتی ہوگی کہیگی کہ میں مقرر ہوئی ہوں تین شخصوں کے نگلنے کو ایک جبار عنید دوسرے جسنے اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو پکارا تیسرے مصور لوگ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے **مترجم** اس حدیث مین بڑی مذمت اور تخویف ہوئی مصوروں کو جو جاندار حیوانوں کی تصویریں بناتی ہیں کہ حضرت نے اُنکو مشرکوں کے ساتھ ذکر کیا اور وہ مشرکوں کے ساتھ ایک ہے گردن کا نکلنا ہونگے اسوقت مین بعض سفہا تصویروں کی طرف بہت راغب ہیں بلکہ اُسکے جواز مین تحریر و تقریر سے پیش آتے ہین ہذا ما اللہ مگر تعجب ہے کہ کتا اور تصویر دونوں حکم مین برابر ہیں کہ جس گھر مین ہون فرشتہ قدم نرکھین اور آدمی اشرف المخلوقات ہو کہ اُس سے دل لگاوی معاذ اللہ من ذٰلک اور مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ابن ماجہ مین جہنم کے میدان حشر مین لانیکا اللہ تعالیٰ قرآن عظیم الشان مین کئی مقام مین یہ مضمون فرمایا وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ یَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِیْنَ عَرْضًا الَّذِیْنَ كَانَتْ اَعْیُنُهُمْ فِیْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِیْ وَكَانُوْا لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ سَمْعًا یعنے ہم سامنے لاوینگے جہنم کو اُسدن کے کافرون کے لئے کہ آنکھین اُنکی پردہ مین تھین ہماری ذکر سے اور طاقت نرکھتی تھے سُننے کی انتہے قولہ سامنے لاوینگے یعنی سب لوگ اُسی بخوبی دیکھینگے عیانًا اور غطا اور غشا جو چیز کہ ڈھانپے کسی کو اور طاقت نرکھتے تھی سُننے کی یعنی سمع قبول نرکرتے تھی

**بَابُ** مَا جَآءَ فِیْ صِفَةِ قَعْرِ جَهَنَّمَ باب قعر جہنم کے بیان مین **عَنِ** الْحَسَنِ قَالَ قَالَ عُتْبَةُ بْنُ غَزْوَانَ وَاِنَّا عَلٰی مِنْبَرٍ نَّا هٰذَا مِنْبَرُ الْبَصْرَةِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الصَّخْرَةَ الْعَظِیْمَةَ لَتُلْقٰی مِنْ شَفِیْرِ جَهَنَّمَ فَتَهْوِیْ بِهَا سَبْعِیْنَ عَامًا مَا تَقْضِیْ اِلٰی قَرَارِهَا قَالَ وَكَانَ عُمَرُ یَقُوْلُ لَكُمْ وَاذْكُرُوْا النَّارَ فَاِنَّ حَرَّهَا شَدِیْدٌ وَاِنَّ قَعْرَهَا بَعِیْدٌ وَاِنَّ مَقَامِعَهَا حَدِیْدٌ **ترجمہ** روایت ہے حسن سے کہا کہ فرمایا عتبہ بن غزوان نے ہمارے اس منبر پر جو منبر ہمارے نماز کا کہ فرمایا ہمنے صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر ایک پتھر ڈالا جاوے کنارہ جہنم سے اور چلا جاوے وہ گرتا ہوا ستر برس تک تو نہیں پہونچی اُسکی جڑ مین کہا عتبہ نے اور کہتے حضرت عمر کہ فرماتی تھی بہت یاد کرو دوزخ کے آگ کو کہ گرمی اُسکی شدید ہے اور قعر اُسکا بعید اور موگریان اُسکی حدید **ف** ہم نہین جانتے کہ حسن کو سماع ہو عتبہ بن غزوان سے اور آئی ہے عتبہ بصرہ مین حضرت عمر کے زمانہ خلافت مین اور پیدا ہوے حسن جب باقی رہی خلافت عمر دو برس **عَنْ** اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصَّعُوْدُ جَبَلٌ مِّنْ نَّارٍ یَصْعَدُ فِیْهِ الْكَافِرُ سَبْعِیْنَ خَرِیْفًا وَیَهْوِیْ فِیْهِ كَذٰلِكَ اَبَدًا **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صعود ایک پہاڑ ہے آگ کا کہ چڑھتا ہی اُسپر کافر ستر برس تک پھر گرتا ہی اتنی ہی مدت مین ہمیشہ اسی عذاب مین ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مرفوع مگر ابن لہیعہ کے روایت سے **مترجم** اللہ تعالیٰ فرماتا ہی سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا اینے چڑھاونگے ہم اُسے صعود پر اور صعود کو صعود اسلئے کہا کہ کافر اُسپر صعود کرتا ہے بامکلف کرینگے ہم اُسے ایسی مشقت کا کہ اُسے راحت نہو اُسمین اور مروی ہے حضرت سے کہ فرمایا آپنے کہ دو ایک پہاڑ ہے دوزخ مین آگ کا کہ کافر کو اُسپر چڑھاوینگے پھر جب وہ ہاتھ رکھیگا پہاڑ پر گھل جاویگا پھر جب اُٹھالیگا ویسا ہی ہو جاویگا جیسا تھا کلبی نے کہا صعود ایک سنگ الملس ہے کہ کافر کو اُسپر چڑھنے کی تکلیف دینگے اور اُسکو سانس نہ لینے دینگے چڑھنے مین اور آگے کہینگے گے اُسی سلاسل حدید اور حمیم پیا رین گے مقامع حدید سے پھر چڑھیگا وہ جالیس برس مین پھر جب اُسکے ذروہ پر پہونچ جاویگا دھکیل دیا جاویگا نیچے کو پھر اُسی طرح چڑھایا جاویگا اسیطرح ہوتا رہیگا ہمیشہ اور ضمیر سَاُرْهِقُهٗ کے ولید بن مغیرہ مخزومی کی طرف راجع ہی کہ عرب مین وہ وحید مشہور تھا اور اپنی قوم مین کثیر المال والاولاد تھا یہ آیات سورۂ مدثر مین اُسکی شان مین نازل ہوئی ہین نعوذ باللہ

**بَابُ** مَا جَآءَ فِیْ عِظَمِ اَهْلِ النَّارِ باب اہل نار کی جثہ کے بیان مین **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ضِرْسُ الْكَافِرِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مِثْلُ اُحُدٍ وَفَخِذُهٗ مِثْلُ الْبَیْضَآءِ وَمَقْعَدُهٗ مِنَ النَّارِ مَسِیْرَةُ ثَلٰثٍ مِّثْلُ الرَّبَذَةِ قَوْلُهٗ مِثْلُ الرَّبَذَةِ یَعْنِیْ كَمَا بَیْنَ الْمَدِیْنَةِ وَالرَّبَذَةِ وَالْبَیْضَآءُ جَبَلٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ڈاڑھ کافر کی قیامت کے دن اُحد کے برابر ہی اور ران اُسکے بیضاء کے برابر اور اُسکے بیٹھنے کی جگہ دوزخ مین تین دن کی راہ تک ہے مثل ربذہ کے اور یہ جو فرمایا آپنے کہ مثل ربذہ کی یعنے جتنا فاصلہ ہی مدینہ سے ربذہ تک اور بیضا ایک پہاڑ کا نام ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے روایت کی ہم سے ابوکریب نے اُنہوں نے مصعب بن مقدام سی اُنہوں نے فضیل سے اُنہوں نے ابی حازم سی اُنہوں نے ابی ہریرہ سے مرفوع کیا اُنہوں نے اُسکو کہ فرمایا آپنے ڈاڑھ کافر کے مثل احد کی ہے یہ حدیث

تنبیہ کہ یہ حدیث جو ذکر ہوئی ہے اس کا مضمون اور بہت سی احادیث سے ثابت ہے اور اس کا انکار کرنا اور اس کو مستبعد سمجھنا بڑی جہالت ہے اور اس کے ثابت ہونے کے لئے یہ بات کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں اس کو بیان فرمایا ہے اور اللہ تعالیٰ کے کلام کے مقابلہ میں کسی کی عقل کا کچھ اعتبار نہیں ہے واللہ اعلم ۱۲

فصل دوزخ کے بیان

حسن ہے اور ابو جازم ابھی ہیں اور نام انکا سلمان ہے اور وہ مولی ہیں عزۃ الاشجعی کے **عن** ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الکافر لیسحب لسانہ الفرسخ او فرسخین یتوطأہ الناس **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک کافر کھینچیگا اپنے زبان کو ایک یا دو فرسخ تک روندینگے اسکو لوگ **ف** اس حدیث کو نہیں پہچانتے ہم مگر اسی سند سے اور فضل بن یزید کوفی روایت کرتے انسی کے امام ہیں اور ابو المخارق کچھ مشہور نہیں **عن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان غلظ جلد الکافر اثنتان واربعون ذراعا وان ضرسہ مثل احد وان مجلسہ من جھنم ما بین مکۃ والمدینۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کافر کے کھال کا دل میالیس گز ہی اور اسکے ڈاڑھ اُحد کے برابر اور اسکے بیٹھنے کی جگہ جہنم میں جیسے مکہ سے مدینہ **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے اعمش کے روایت سے **مترجم** جلد اور اعضا کی مقدار میں جو روایات مختلف ہیں معمول ہیں اختلاف اعمال پر یعنے جسقدر کفر و بطر اور فساد و شر کافر کا زیادہ ہوگا اُسیقدر اُسکا جسم عریض طویل زیادہ ہوگا تاکہ جمع کرے سارے اقسام عذاب اور انواع نکال کو اپنے بدن پر اور یہی حال ہے عصاۃ مومنین کا چنانچہ حارث بن قیس سے مروی ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ امت میں سے کسی شخص کا بدن اتنا بڑا ہوجاویگا دوزخ میں کہ دوزخ کا ایک کونا ہوجاویگا انتہے یہی مضمون ہے قرطبی کے قول کا (تفطہ)

## باب ماجاء فی صفۃ شراب اھل النار واعمالھم

باب اہل نار کے مشروبات کے بیان میں **عن** ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قولہ کالمھل قال کعکر الزیت فاذا قربہ الی وجھہ سقطت فروۃ وجھہ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مہل کے تفسیر میں فرمایا کہ وہ تیل کے تلچھٹ کے مانند ہی ہے جب دوزخی اپنے منہ کے پاس لیجاویگا گر پڑیگے کھال اُسکے منہ کی اُس برتن کے اندر **ف** اس حدیث کو نہیں جانتے ہم مگر رشدین بن سعد کے روایت سے اور رشدین میں کلام کیا گیا ہے اُنکے حافظہ کی طرف سے **مترجم** فروہ اصل میں کھال ہے جسکے معنے بالوں کے پہر استعارہ کیا اس لفظ کو منہ کے کھال کے لیے اور تواہ مہل کے تفسیر یعنے قرآن میں جو وارد ہوا ہے وان یستغیثوا یغاثوا بماء کالمھل یشوی الوجوہ کا المھل تیل کی تلچھٹ کے مانند ہی اُسکے حرارت کی وجہ سے آیہ اسکی تفسیر میں حضرت نے فرمایا کہ وہ تیل کے تلچھٹ کے مانند ہے یعنے ناگ میں ابن عباس سے مروی ہے کہ وہ آب غلیظ ہی مثل دردی زیت کے محاذات کے کہا وہ تیز دردی ہے اور ابن مسعود سے پوچھا کہ مہل کیا چیز ہے سونگھا اُنہوں نے سونا اور چاندی اور پگھلایا اُسی اور کہا کہ یہ بہت شبیہ ہی مہل سے **عن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان الحمیم لیصب علی رؤسھم فینفذ الحمیم حتی یخلص الی جوفہ فیسلت ما فی جوفہ حتی یمرق من قدمیہ وھو الصھر ثم یعاد کما کان **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حمیم ڈالا جاویگا اُنکے سروں پر سو نفوذ کرجاویگا یہانتک کہ پہونچ جاویگا دوزخی کے جوف میں اور کاٹ ڈالیگا جو کچھ اُسکے جوف میں ہے یعنے انتوں اور کلیجے اور گردوں وغیرہ کو یہانتک کہ نکلجاویگی یہ چیزیں اُسکے قدموں نیچے سے یعنی دبرسی اور یہی مراد ہے صہر ہی جو مذکور ہے قرآن میں پہر ہوجاتا ہے اُسکا جوف جیسا تھا **ف** ابن حمیرہ کا نام عبد الرحمن بن حمیرہ ہے مصری ہی یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہی **مترجم** قولہ نفوذ کرجاویگا یعنے اندر سما جاویگا اور مراغ و دل و بطن میں اُترجاویگا قولہ اور یہی مراد ہی صہر کے معنے اصل لغت میں پگھلنے کی ہیں چنانچہ عرب کہتا ہی صہرت الشحم صہرا ذا اذبتہ یعنے پگھلایا میں نے چربی کو اور پگھلا ما ہو میں اُسکو جسکا پگھلا ہوا ہے تو اسکو اور یہاں اشارہ ہے اس آیہ مبارک کی طرف یصب من فوق رؤسھم الحمیم یصھر بہ ما فی بطونھم والجلود الآیہ یعنے ڈالا جاویگا اُنکے سروں پر حمیم کہ پگھل جاویگا اُسسے جو کچھ اُنکی پیٹو میں ہے اور کھالیں انتہی لغوی سے فرمایا حمیم گرم پانی ہے کہ انتہا کو پہونچی ہو حرارت اسکی یصھر اسی مذاب بالحمیم یعنے پگھل جاویگا بسبب حمیم کے یعنے جب اُنکے سروں پر پڑیگا شحوم اور احشا اور جلود کو پگلا دیگا اور بہوں دیگا کہ وہ جلکر بدن سے جدا ہوجاویگے بیضاوی نے فرمایا حرارت اسکی اثر کرتی ہے باطن میں جیسا اثر کرتی ہے ظاہر میں سو پگھل جاتا ہے اُسسے احشا اسکا جیسے کہ پگھل جاتی ہے جلود اور یصھر کو بعضوں نے بہ تشدید ہا پڑہا ہی تاکہ دلالت کرے کثرت لفظ کثرت معنے پر جیسے تضعیف مصری کو عرب نے تضعیف کہا بسبب بڑا ہونیکے اور شعاذیف سے کما ذکرہ صاحب الکشاف نے تفسیر **عن** ابی امامۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قولہ ویسقی من ماء صدید یتجرعہ قال یقرب الی فیہ فیکرھہ فاذا ادنی منہ شوی وجھہ ووقعت فروۃ رأسہ فاذا شربہ قطع امعاءہ حتی یخرج من دبرہ یقول اللہ تبارک وتعالی وسقوا ماء حمیما فقطع امعاءھم ویقول وان یستغیثوا یغاثوا بماء کالمھل یشوی الوجوہ بئس الشراب وساءت مرتفقا **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیہ کی تفسیر میں ویسقی الآیہ فرمایا کہ قریب کیا جاویگا ماء صدید اُسکے منہ کے اور وہ کراہت کریگا اُسسے پہر جب اور نزدیک کیا جاویگا بہن جاویگا اُسسے منہ اُسکا اور گر پڑیگی کھال اُسکے سر کی پہر جب اُسی ہوچکا کٹ جاویگی اُس سے آنتیں اُسکی یہانتک کہ نکل جاوینگی اُسکے دبر سی چنانچہ فرماتا ہے اللہ جل جلالہ وجلشانہ وسقوا ماء الآیہ یعنے پلایا جاویگا اُنکو گرم پانی سو کٹ جاوینگی آنتیں اُنکی اور فرماتا ہی وہ تعالی شانہ وان یستغیثوا الآیہ یعنی اگر فریاد

گرینگے وہ ملیگا پانی اُنکو مانند مہل کے کہ بھون دیگا اُنکے مونہہ کو بُری ہے پینے کی چیز اور بُری ہے آرامگاہ انتہی اور باقی تفسیر اسکی اوپر گذری ف یہ حدیث غریب ہے ایسا ہی کہا محمد ابن اسمٰعیل نے روایۃ عبید اللہ بن بسر اور عبید اللہ بن بسر بھائی ہیں بسر کے اور روایت کی صفوان بن عمرو نے عبد اللہ بن بسر سے جو صحابی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس کے سوا اور حدیثیں اور عبد اللہ بن بسر کے ایک بھائی ہیں کہ اُنہوں نے سنا ہی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اور ایک بہن ہی کہ اُنکو بھی سماع ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور عبید اللہ بن بسر کہ جن سے صفوان بن عمرو نے روایت کی حدیث ابی امامہ کے لینے حد کا متن اوپر گذرا شاید بھائی ہوں عبد اللہ بن بسر کے عن ابی سعید الخدری رفعہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کالمہل قال کعکر الزیت فاذا قرب الیہ سقطت فروۃ وجہہ فیہ وبہذا الاسناد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لسرادق النار اربعۃ جدر کثف کل جدار مسیرۃ اربعین سنۃ وبہذا الاسناد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لو ان دلوا من غساق قال لو ان دلوا من غساق فی الدنیا لانتن اہل الدنیا

ترجمہ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کالمہل کے تفسیر میں کہ مُہل تیل کے تلچھٹ کے مانند ہی پھر جب قریب کیا جاویگا دوزخی کے گر پڑیگا اُسکے مونہہ کا گوشت اور پوست اُس پیالہ میں اور اسی اسناد سے مروی ہے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے سرادق نار چار دیواری ہیں کہ ہر ایک کا دل چالیس برس کے راہ تک ہے اور اسی اسناد سے مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے اگر ایک ڈول غساق کا ڈال دیا جاوے دنیا میں تو سڑا دیوے سب اہل دنیا ف اس حدیث کو نہیں جانتے ہم مگر رشدین بن سعد کے روایت سے اور رشدین بن سعد میں مقال ہے چنانچہ اوپر کئی جگہ مذکور ہوا کہ وہ ضعیف ہیں مترجم سُرادق اور احاط اشی ہیں محیط اور غیر یعنی سرادق وہ چیز ہے جو گھیرلے کسی چیز کو دیوار وغیرہ سے اور بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہی السُّرادق الحجرۃ التی تطیف بالفساطیط یعنے سرادق وہ چیز ہے کہ گھیر لیتے ہی خیموں کو جیسی قنات کہتی ہیں پھر بعد اسکی نقل کے یہی روایت باب کے پھر کہا کہ فرمایا ابن عباس نے وہ دیوار آگ کی کلبی نے کہا کہ وہ ایک گردن ہے کہ دوزخ سی نکلکر کافروں کو مثل حظیرہ کی گھیر لیگی اور حظیرہ وہ دیواری جو کانٹوں سے جنگلوں میں گھیرتے ہیں کہ اُسمیں جانور رہ نہ سکیں محفوظ رہیں مگر یہ قول بعید ہے اور بعضوں نے کہا وہ دخان ہے کہ گھیر یگا دوزخیوں کو اُسی کا ذکر کیا اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں انطلقوا الی ظل ذی ثلث شعب الآیۃ انتہی اما فی البغوی اور غساق کے لفظ میں دو قرأتیں ہیں حمزہ اور کسائی اور حفص نے بہ تشدید سین پڑہا ہی جہاں کہیں وارد ہوا اور دوسرے قاریوں نے بتخفیف سو جہاں نے بہ تشدید پڑہا اُسی اسم ٹھہرایا جاز اور طباخ کی وزن پر اور جنہوں نے بتخفیف پڑہا اُنہوں نے غذاب ثواب کے وزن پر کہا اور غساق کے معنیں مفسر کے کئی قول ہیں ابن عباس نے فرمایا کہ وہ زمہریر ہے کہ جلا دیگا اُنکو بسبب کمال برودت کے جیسے جلاتی ہے آگ بسبب اپنے حرارت کے مقاتل اور مجاہد نے کہا غساق وہی کہ جو گلکر بہہ جاوے برودت اُسکی اور بعضوں نے کہا کہ غساق زبان ترک میں بدبو کو کہتے ہیں قتادہ نے کہا ہو انتن یعنے وہ وہ چیز ہے کہ بدبو دوزخیوں کے لحوم و جلود سے خلص قیح یا صدید یا سی فرجوں سے زانیوں کے عرب کہتا ہی غسقت عینہ اذا انصبت یعنی بہی اور جاری ہوئی نہر اُسکی اور غسقان غین کے فتحہ میں انصباب و جریان ہے انتہی بغوی عن ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرأ ہذہ الآیۃ اتقوا اللہ حق تقاتہ ولا تموتن الا وانتم مسلمون قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو ان قطرۃ من الزقوم قطرت فی دار الدنیا لافسدت علی اہل الدنیا معایشہم فکیف من یکون طعامہ

ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پڑہی آیت اتقوا اللہ حق تقاتہ الآیۃ یعنے ڈرو اللہ تعالیٰ سے جیسا حق ہی ڈرنیکا اور نہ مرو تم مگر مسلمان فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر ایک قطرہ زقوم سے ٹپکایا جاوے دنیا کے گھر میں تو بگاڑ جاوے اہل دنیا پر معیشت اُنکی پھر کیا حال ہوگا اُسکا جسکے وہ غذا ہو ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی مترجم زقوم کا بیان اللہ جل جلالہ نے اپنی کتاب مقدس میں فرمایا ہے اذلک خیر نزلا ام شجرۃ الزقوم انا جعلناہا فتنۃ للظالمین انہا شجرۃ تخرج فی اصل الجحیم طلعہا کانہ رؤس الشیاطین فانہم لآکلون منہا فمالئون منہا البطون یعنے بہلا یہ تر ہے مہمانی یا درخت زقوم ہم نے اُسکو کہا ہے خراب کرنے اور آزمانے کی لئے ظالموں کے وہ ایک درخت ہی کہ نکلتا ہی دوزخ کے جڑ میں اُسکا خوشہ جیسی سر شیطانوں کے سو وہ کہاویں گے اُسمیں سے پھر بھریں گے اُس سے پیٹ انتہی اور زقوم ایک تجر ہمیشہ ہے کہ رتبۃ الطعم ذی مرارہ کہ مکروہ کہتے ہیں اہل عرب اُسکے تناول کو سو زبردستی کہلایا جاویگا وہ لکو چنانچہ عرب کہتا ہے تزقم الطعام جبکہ تناول کرے اُسکو کراہت اور مشقت سے اور معلوم ہوا اس سے اشتقاق اُسکا قولہ ہمنے اُسکو آزمانے کو آیہ یعنے کفار کہتے ہیں کہ درخت سبز اور میں کیونکر ہوگا حالانکہ نار محرق اشجار کو جلا ڈالتی ہے چنانچہ ابن الزبعری کا فرضا بدیہ قریش سے کہتا تھا کہ محمد ڈراتے ہیں ہمکو زقوم سے حالانکہ زقوم لسان بربر میں زبد اور تمر کا نام ہے سو لیگیا ابوجہل اُسکو اپنے گھر میں اور کہا اپنے باندی سے یا جاریۃ زقمینا سو وہ بہ زبد اور تمر سامنے لائی اور کہا تزقموا ہذا ما یعدکم بہ محمد یعنے لقمہ لگاؤ کہ اسی سے ڈراتے ہیں تمہیں محمد قولہ وہ نکلتا ہے دوزخ کی جڑ سے انتہی یعنے قعر نار سے اور حسن نے کہا کہ اصل اور بیخ اُسکی قعر جہنم میں ہے اور اغصان اُسکے مرتفع ہیں تمامی دکات نار میں قولہ طلعہا مراد طلع سی ثمر ہے مسمّٰی بہ اسانہ طلع کی بسبب طلوع کرنے اُسکے اغصان سے

مثل طلوع آفتاب کے مشرق اور کنارۂ آسمان سے قولہ جیسے کہ سر ہیں شیطانوں کے آہ مراد شیاطین سے حقیقۃً جن اور شیطان ہیں کہ تشبیہ دی اللہ تعالیٰ نے انکے سروں کے ساتھ اس سبب سے کہ قبح اور برائی انکے آدمیوں کے ذہن میں ہے اگرچہ دیکھا نہیں چنانچہ عرب جب کسی کی مذمت کرتا ہے اور اسکا قبح بیان کرنا چاہتا ہے کہتا ہی کہ یہ شیطان گویا شیطان انکے ذہنوں میں نہایت ڈراونی اور خوفناک اور پُرعیوب مذموم و قبیح شی ہے اگرچہ انکے نگاہوں نے اسے احاطہ نکیا ہو اور آنکھوں نے کبھی دیکھا نہو مگر صورت قبیح اس ملعون کی بغایت قبح اسکی تصور و خیال میں موجود ہے پس تشبیہ صحیح ہوگئی اور رفع ہوگیا اس تقریر سے ہمارے وہ اعتراض کہ جو علماء سے بیان کیطرف سے قرآن عظیم الشان پر وارد ہوتا تھا اور تقریر اعتراض یہ ہے کہ تشبیہ قوم کے کیونکر صحیح ہوگی اسلئے کہ مخاطبین نے نہیں دیکھا شیطانوں کو اور جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ اگرچہ نہیں دیکھا مگر انکے اذہان میں قبح اسکے صورت اور سر کا موجود ہے اور یہ کافی ہے بحصول تشبیہ کو یہی مراد ہے ابن عباس اور قرظی کے قول کے اور بعضوں نے کہا مراد شیاطین سے حیات ہیں اسلئے کہ عرب حیۃ قبیحۃ المنظر کو تسمیۃ المرئی کو شیطان کہتا ہے اور بعضوں نے کہا کہ وہ ایک درخت ہے قبیح منتن بدمزہ کہ مادیہ عرب میں ہوتا ہے اور اہل یمن اسے رؤس الشیاطین کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اس سے تشبیہ دی اور شاید اہل ہند اسکو سیندہ کہتی ہوں قولہ فمالئون لغت میں ملورکہتے ہیں ظرف کے اسقدر بھرنے کو کہ متحمل نہو پھر زیادت کا پس بھر جائینگے اسی طرح بطون انکے معاذ اللہ من ذلک (نبوی) اور بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ زقوم ایک شجر ہے کہ ثمر اسکا نزل ہے اہل نار کا اور منصوب ہے نزلاً اسلئے کہ تمیز ہے یا حال ہے اور لفظ نزل میں اشارہ ہی کہ جو کچھ نعمائی جنت اور پذیرائی کہ ہوگی ہے قبل ان آیتوں سے قبل تو وہ منزلہ اس چیز کے ہیں کہ جلد تیار کرکے مسافر کے لئے قبل از طعام پیش کیجاتی ہے عرب اسی نزل کہتا ہے اسلئے کہ وقت نزول نازل سامنے آتی ہے اور جو اسکے اور اہی وہ ذہن سے بعید ہے اسیطرح زقوم نزل اہل نار ہے اور عذاب جو اسکے سوا ہے خیال سے دور ہی کہ احاطہ بیان میں نہیں آسکتا ہی اور زقوم نام ہے ایک شجرہ صغیرۃ الورق بدبودار مزہ تلخ ذا گوار کا کہ ملک تہامہ میں ہوتا ہے انتہے

## بَابُ مَا جَاءَ فِي صِفَةِ طَعَامِ أَهْلِ النَّارِ یا نین عن

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلْقَى عَلَى أَهْلِ النَّارِ الْجُوعُ فَيَعْدِلُ مَا هُمْ فِيهِ مِنَ الْعَذَابِ فَيَسْتَغِيثُونَ فَيُغَاثُونَ بِطَعَامٍ مِنْ ضَرِيعٍ لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِنْ جُوعٍ فَيَسْتَغِيثُونَ بِالطَّعَامِ فَيُغَاثُونَ بِطَعَامٍ ذَا غُصَّةٍ فَيَذْكُرُونَ أَنَّهُمْ كَانُوا يُجِيزُونَ الْغُصَصَ فِي الدُّنْيَا بِالشَّرَابِ فَيَسْتَغِيثُونَ بِالشَّرَابِ فَيُدْفَعُ إِلَيْهِمُ الْحَمِيمُ بِكَلَالِيبِ الْحَدِيدِ فَإِذَا أُدْنِيَتْ مِنْ وُجُوهِهِمْ شَوَتْ وُجُوهَهُمْ فَإِذَا دَخَلَتْ بُطُونَهُمْ قَطَّعَتْ مَا فِي بُطُونِهِمْ فَيَقُولُونَ ادْعُوا خَزَنَةَ جَهَنَّمَ فَيَقُولُونَ أَلَمْ تَكُ تَأْتِيكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا بَلَى قَالُوا فَادْعُوا وَمَا دُعَاءُ الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ قَالَ فَيَقُولُونَ ادْعُوا مَالِكًا فَيَقُولُونَ يَا مَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ قَالَ فَيُجِيبُهُمْ إِنَّكُمْ مَاكِثُونَ قَالَ الْأَعْمَشُ نُبِّئْتُ أَنَّ بَيْنَ دُعَائِهِمْ وَبَيْنَ إِجَابَةِ مَالِكٍ إِيَّاهُمْ أَلْفَ عَامٍ قَالَ فَيَقُولُونَ ادْعُوا رَبَّكُمْ فَلَا أَحَدَ خَيْرٌ مِنْ رَبِّكُمْ فَيَقُولُونَ رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَالِّينَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْهَا فَإِنْ عُدْنَا فَإِنَّا ظَالِمُونَ قَالَ فَيُجِيبُهُمْ اخْسَئُوا فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ قَالَ فَعِنْدَ ذَلِكَ يَئِسُوا مِنْ كُلِّ خَيْرٍ وَعِنْدَ ذَلِكَ يَأْخُذُونَ فِي الزَّفِيرِ وَالْحَسْرَةِ وَالْوَيْلِ رحمہ

روایت ہے ابی درداء سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ڈالی جائیگی اہل نار پر بھوک سو برابر ہوجاویگی تکلیف بھوک کے دوسرے اور عذابوں کے کہ وہ اسمیں گرفتار ہونگے سو دادفریاد کرینگے وہ اور ملیگا انکو طعام ضریع سی کہ نہ فربہ کریگا وہ بدنکو اور نہ دور کریگا وہ بھوک کو پھر فریاد کرینگے وہ کھانے کے لئے سو ملیگا انکو کھانا گلے میں اٹکنے والا سو یاد کرینگے وہ کہ دنیا میں اتارا کرتے تھے اٹکے ہوئے نوالے کو پھر سیکر سو فریاد کرینگے وہ کچھ پینے کی لئے سو دیا جاویگا انکو حمیم کلالیب حدید کے پھر جب نزدیک کیا جاویگا انکے مونہوں کے بھون دیگا انکے مونہوں کو پھر جب داخل ہوگا انکے بطن میں کاٹ ڈالیگا جو کچھ ہے انکے بطن میں ہو کہینگے پکارو جہنم کے خزانچیوں کو سو وہ جواب دینگے انکو اور کہینگے کیا نہ آتے تھے تمہارے پاس رسول تمہارے واضح دلیلیں لیکر کہینگے وہ کیوں نہیں یعنے آتے تھے ہمارے پاس رسول کہینگے فرشتے پھر پکارو اور نہیں ہے پکار کافروں کی مگر گمراہی فرمایا حضرت نے پھر کہینگے وہ کہ پکارو مالک کو اور کہینگے وہ اے مالک چاہئے کہ فیصلہ کردی ہمارا رب تیرا فرمایا حضرت نے کہ مالک انکو جواب دیگا کہ تمہارا تو فیصلہ ہوگیا کہ تم ہمیشہ رہنے والی ہو دوزخ میں اعمش راوی حدیث نے کہا کہ خبر دیگئی ہے مجھے کہ اسکی پکار میں اور مالک کے جواب دینے میں ہزار برس کا فاصلہ ہی فرمایا آپنی سو وہ کہینگے کہ پکارو تم اپنی رب کو اسلئے کہ کوئی بہتر نہیں تمہارے رب سے سو پکاریگے اور کہینگے اے رب ہمارے غالب ہوگئی ہم پر شقاوت ہماری اور ہم گمراہ لوگ تھے اے رب ہمارے نکال ہمکو اس سے سو اگر ہم پھر وہی کام کریں تو ہم ظالم ہیں فرمایا آپنی پھر جواب دیگا انکو اللہ تعالیٰ کہ دور ہو پھٹکارے ہوئے تم اور مجھ سے بات نکرو فرمایا پھر اسوقت مایوس ہوجاوینگے وہ ہر خیر سے اور اسوقت وہ گدھے کیطرح ڈکینی لگینگے اور حسرت اور ویل پکارینگے **ف** کہا عبداللہ بن عبدالرحمن نے لوگ مرفوع نہیں کرتے اس حدیث کو یعنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تک نہیں پہونچاتی کہا اور مرفوع ہوئی یہ حدیث ہاں سند سے عمر

دوزخیوں کے کھانے کا بیان

الاشعث عن شہر بن عطیۃ عن شہر بن حوشب عن ام الدرداء عن ابی الدرداء اور روایت کے گئی قول ابی الدرداء کا اور مرفوع نہ ہوئی اور قطبہ بن عبد العزیز ثقہ ہیں اہل حدیث کی نزدیک **مترجم** معلوم ہوتا ہے یقیناً کہ یہہ حال مشرکہ کا ہے اسلئے کہ مشرک کے عادت ہے کہ جب کوئی مصیبت پڑتی ہے تو پہلا اول ہیں کبھی خدا کو نہیں پکارتا اور اُس سے دعا نہیں کرتا بلکہ غیر خدا کی نذر و نیاز و منت شروع کرتا ہے اور اُنہیں سے گڑگڑا مدد مانگتا اعانت چاہتا رہتا ہے اور ایک پیر سے حاجت روائی نہیں ہوتی تو دوسرے پیر پکڑتا ہے اور ایک چلہ سے کامیابی نہیں ہوتے تو دوسرا چلہ کھینچتا ہے یہ کمال اُسی بے نیل مرام کا ہے تو دوسرے کی آگے نالہ کرتا ہے غرض جب سب طرف سے راندہ و ازہر جا ناکامیاب ہو جاتا ہے ہاری نیاؤ خداوند تعالیٰ کو پکارتا ہے بخلاف موحد پاک سیرت صاف سیرت کے کہ سوا خدا کی کسیکو جانتا ہی نہیں دفع مصائب اور رفع معائب میں بجز اُسکی کسیکو مانتا ہی نہیں اول آخر اُسی کے در اجابت پر مستقیم ہے اور ظاہر و باطن اُسیکے اعانت پر قایم نہ کسیکی نذر مانی نہ منت نہ کسی سے حوریچاہی نہ جنت مجیب الداعین پر اُسکا بھروسا ہی اور رب العالمین پر اُسکا کامیاب مشکور کونکا مرتبہ ہی اور شرح حدیث سنئی قولہ ملیکا انکو طعام ضریع ہی مجاہد اور عکرمہ اور قتادہ نی کہا ہی کہ ضریع ایک نبات ہے کانٹی دار زمین میں لگی ہوئی ہے کہ قریش اُسکو شبرق کہتا ہی جب خشک سوکھ جاتی ہے اُسی ضریع کہتی ہیں اور وہ بہت بدمزہ ہی نہایت بکٹھی کلنجی کہا جب سوکھ جاتی ہے جب ہے کوئی جانور اُسکے پاس نہیں جاتا ابن زیدنی کہا دنیا میں ضریع سوکھا ہوا کانٹا ہے کہ جسمیں پتا نہو اور آخرت میں کانٹے ہیں آگ کے اور یکروایت مرفوع ہیں ابن عباس سے مروی ہے کہ ضریع نار میں ایک چیز ہے مشابہ کانٹے کی تلخ تر اہلیوہ بدبودار و مردار سی گرم زیادہ آگ سے اور مفسرین نے کہا ہی جب نازل ہوئی یہ آیت لَیْسَ لَہُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِیْعٍ یعنے اُنہیں اور کچھہ کہانا نہیں سوا ضریع کی تو مشرکین نے کہا کہ ضریع کہا کہا کر تو ہمارے اُونٹ خوب فربہ ہوتی ہیں حالانکہ یہ اُنہوں نے جھوٹ کہا اسلئے کہ اُونٹ اُسی جب ہی تک کہاتا ہی کہ وہ تر ہے اور اُسی شبرق کہتی ہیں جیسا کہ اوپر گذرا پھر جب سوکھی اور ضریع ہوئی پھر اُسکے پاس نہیں جاتا پھر اللہ تعالیٰ نے اُنکے جواب میں اُتارا لَا یُسْمِنُ وَلَا یُغْنِیْ مِنْ جُوْعٍ (بغوی) قولہ کالالیب جمع ہی کلوب کے اور کلوب بتشدید لام وہ لوہا ہی کہ جسپر عرب گوشت چکاتا ہے اور یہاں مراد وہ آلی ہیں کہ جنمیں جہنم پر کر اُنکے مونہہ میں ڈالینگے قولہ یاخذون فی الزفیر زفیر گدہی کی پہلی آواز ہے جیسے شہیق اُسکے آخر کی آواز قولہ مُدَّتْ عَلَیْنَا شِقْوَتُنَا شِقْوَتُنَا میں دو قراتیں ہیں حمزہ اور کسائی نے شَقَاوَتُ بفتح شین اور بالف پڑہا ہی اور باقیوں نے بکسر شین و بسکون قاف بغیر الف پڑہا ہی قولہ اخسئوا فیہا اخساء ایک کلمہ ہے زجر و توبیخ کا کہ کتے کی دُدکار نیکو موضوع ہی قولہ ولا تکلمون یعنے مجھہ سے بات نکرو تخفیف خاب اور طلب ثواب میں اور نہ مانگو کسی طرح راحت اپنے نفسوں کیلئے کہ عذاب تمہارا ابدی ہے اور نکال سرد کے حسن نے کہا کہ یہ آخر کلام ہے اہل نار کا نہ کلام کرینگے وہ اسکے بعد سوا شہیق و زفیر کے اور اُسکے بعد اُنکو خواہوں کی مثل ہونگے اکلب کے کہ خود سمجھینگے دوسرا قوطی نے کہا منقطع ہو جاویگے اسکے بعد امید اُنکی اور ہو لیگا ہر ایک اُنمیں کا دوسرے کی مونہہ کے آگی اور بند کر دیجاویگی دوزخ اُنپر (بغوی) **عَنْ** اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ وَہُمْ فِیْہَا کَالِحُوْنَ قَالَ تَشْوِیْہِ النَّارُ فَتَقَلَّصُ شَفَتُہُ الْعُلْیَا حَتّٰی تَبْلُغَ وَسْطَ رَاْسِہٖ وَتَسْتَرْخِیْ شَفَتُہُ السُّفْلٰی حَتّٰی تَضْرِبَ سُرَّتَہُ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس آیت کی تفسیر میں وہم فیہا کالحون یعنے وہ اُسمیں بدشکل اور ترشرو ہونگے کہ حقیقت اُسکی پہنچانا آگ میں ہے کہ سکڑ جاویگا اُسکا اُوپر کا مونٹ یہانتک کہ پہنچیگا بیچ سر کے بیچ میں اور لٹک پڑیگا نیچے کا مونٹ یہانتک کہ لگے لٹکنے ناف تک ۔

**ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اور ابو الہیثم کا نام سلیمان بن عمرو بن عبد العتواری ہے اور وہ متہم ہے کہ پرورش پائی تھی اُنہوں نے ابی سعید کے پاس **عَنْ** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ رَصَاصَۃً مِثْلَ ہٰذِہٖ وَاَشَارَ اِلٰی مِثْلِ الْجُمْجُمَۃِ اُرْسِلَتْ مِنَ السَّمَآءِ اِلَی الْاَرْضِ وَہِیَ مَسِیْرَۃُ خَمْسِ مِائَۃِ سَنَۃٍ لَبَلَغَتِ الْاَرْضَ قَبْلَ اللَّیْلِ وَلَوْ اَنَّہَا اُرْسِلَتْ مِنْ رَاْسِ السِّلْسِلَۃِ لَسَارَتْ اَرْبَعِیْنَ خَرِیْفًا اللَّیْلَ وَالنَّہَارَ قَبْلَ اَنْ تَبْلُغَ اَصْلَہَا اَوْ قَعْرَہَا **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر ایک رصاص کا گولہ مثل اسکے اور اشارہ کیا آپنے سر کیطرف یعنے برابر سر کے صحکو چھوڑ دیا جاوے آسمان سے زمین کیطرف اور مسافت اُن دونوں میں پانسو برس کی ہے تو پہنچ جاویگا زمین تک رات سے پہلی اگر وہی گولہ چھوڑا جاوے سلسلہ کی سر سے تو چلا جاوے چالیس برس تک رات اور دن قبل اسکے کہ پہنچے اُسکی اصل میں یا فرمایا اُسکی قعر میں **ف** اس حدیث کے اسناد جس سے ہیچ ہی **مترجم** طیبی نے کہا مراد اُس سے قعر جہنم ہے کہ وہ رصاص کا گولہ قعر جہنم میں نہ پہنچے اور چالیس برس گذر جاویں اسلئے کہ زنجیر کا قعر نہیں ہوتا اور بعضوں نے کہا مراد اُس سے وہ زنجیر ہے کہ اللہ تعالیٰ اس آیت میں فرمائی ہی فی سلسلۃ ذرعہا سبعون ذراعا الغرض اگر زنجیر مراد ہی تو قعر سے اُسکا طول مقصود ہی یعنے وہ اسقدر لانبی ہے کہ اگر لٹکائی جاوے تو وہ رصاص اوپر سے نیچے تک مدت مذکور میں نہ پہنچے واللہ اعلم

**باب** مَا جَآءَ اَنَّ نَارَکُمْ ہٰذِہٖ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِیْنَ جُزْءًا مِنْ نَارِ جَہَنَّمَ باب اس بیان میں کہ نار دنیا نار آخرت کے اجزا سے کتنی جزء ہے **عَنْ** اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَارُكُمْ هٰذِهِ الَّتِي يُوقِدُ بَنُو آدَمَ جُزْءٌ وَاحِدٌ مِنْ سَبْعِينَ جُزْءًا مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ قَالُوا وَاللّٰهِ إِنْ كَانَتْ لَكَافِيَةً يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ فَإِنَّهَا فُضِّلَتْ بِتِسْعَةٍ وَسِتِّينَ جُزْءًا كُلُّهُنَّ مِثْلُ حَرِّهَا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری یہ آگ کہ جسکو بنی آدم سلگاتی ہیں ایک ٹکڑا ہے جہنم کے آگ کی ستر ٹکڑوں میں کا صحابہ نے عرض کی قسم ہی یہی آگ دنیا کی کافی تھی جلانی کو معذبین کے اے رسول اللہ کی فرمایا وہ زیادہ ہی اُس سے اُنسٹھ درجہ کہ ہر درجہ حرارت میں دنیا کی آگ کے برابر ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ہمام بن منبہ بھائی ہیں وہب بن منبہ کے اور روایت کی ہی اُنہی وہب نے **باب** دوسرا اسی بیان میں **عن** اَبِي سَعِيدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَارُكُمْ هٰذِهِ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِينَ جُزْءًا مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ وَكُلُّ جُزْءٍ مِنْهَا حَرُّهَا **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ آگ ایک ٹکڑا ہے نار جہنم کی ستر ٹکڑوں میں کا کہ ہر ٹکڑہ میں ایسے ہی گرمی ہے جیسے تمہاری نار میں **ف** یہ حدیث حسن ہے عمر سے ابی سعید کی روایت سے **عن** اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُوقِدَ عَلَى النَّارِ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى احْمَرَّتْ ثُمَّ اُوقِدَ عَلَيْهَا اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى ابْيَضَّتْ ثُمَّ اُوقِدَ عَلَيْهَا اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى اسْوَدَّتْ فَهِيَ سَوْدَاءُ مُظْلِمَةٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دھونکائی اور روشن کی گئی آگ دوزخ کی ہزار برس تک سو سرخ ہو گئی پھر دھونکائی گئی ہزار برس تک کہ سفید ہو گئی پھر دھونکائی گئی ہزار برس تک کہ سیاہ ہو گئی سو وہ اب تاریک ہے **ف** روایت کی ہے سوید بن نصر نے انہوں نے عبداللہ سے انہوں نے شریک سے انہوں نے عاصم سے انہوں نے ابی صالح سے اور مرفوع کیا اسکو اور حدیث ابی ہریرہ کی موقوفاً اسا بین صحیح ہے اور نہیں جلتا میں کسکو کہ فرع کیا ہو اسکو سوا یحییٰ بن بکیر کے کہ انہوں نے شریک سے روایت کی ہی **مترجم** ابوہریرہ سے ہی مروی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ ایک ٹکڑا ہی جہنم کی آگ کی سوا ستر ٹکڑوں میں کا روایت کیا اسکو احمد نے اور رجال اسکے رجال صحیح ہیں اور مسلم سے مروی ہے کہ نار دوزخ سوا ہی کہ نہیں جیکا شعلہ اور انگارا اسکا اور ابوہریرہ سے ہی مرفوعاً مروی ہے کہ اگر اُس آگ پر نہ مارا جاتا پانی دو بار تو کسی کی مجال نہ تھی کہ اُس سے منفعت اُٹھاتا روایت کیا اسکو سفیان بن عیینہ نے اور ابن عباس سے مروی ہے کہ اُس آگ پر سات بار دریا مارا گیا ہی اور اگر یہ نہ ہوتا تو منتفع نہ ہوتا کوئی شخص اُس آگ سے ذکر کیا اسکو ابوعمر نے اور عبداللہ بن مسعود نے فرمایا اگر اُسپر دس بار دریا کو یہ جھونکتی تو تم مرگز منتفع نہ ہوتے اُس سے اور سوال کیا ابن عباس سے کہ دنیا کی آگ کس چیز سے پیدا ہوئی ہے تو فرمایا اُنہوں نے نار جہنم سی کہ بجھایا اُسکو پانی سی ستر بار اور اگر یہ بجھائی نہ جاتی تو کوئی اُسکے نزدیک نہ جا سکتا اسلئے کہ اصل اُسکی نار جہنم ہے انس بن مالک سے مروی ہے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر کوئی جہنمی اہل جہنم سے نکال اپنی ہتھیلے اہل دنیا کی طرف کہ دیکھ لیں اسکو لوگ تو ضرور اصلاح دیتا دنیا اُسکی حرارت سے اور اگر کوئی خازن جہنم سی نکلی اہل دنیا کیطرف کہ اُسکو دیکھ لیں تو مر جاویں اہل دنیا جبکہ نظر پڑے اُنکی اُسپر غضب الٰہی کے خوف سے روایت کیا اسکو ابراہیم بن ہدبہ نے اور ابوہریرہ سے مروی ہے کہ اگر جہنم ہوں کسی مسجد میں ایک لاکھ آدمی یا اس سے زیادہ پھر سانس لیوے ایک مرد اہل نار سی البتہ تو ہو نگے وہی آگ کو یعنے اپنی گرمی سے روایت کیا یہ بزار نی رقیطہ **باب** جَاءَ اَنَّ لِلنَّارِ نَفَسَيْنِ وَمَا ذُكِرَ مِنْ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مِنْ اَهْلِ التَّوْحِيدِ باب نار دوزخ کی دو دم لینے اور سرد حدود کے اُسمیں سے نکلنے کی بیان میں **عن** اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَكَتِ النَّارُ اِلٰى رَبِّهَا وَقَالَتْ اَكَلَ بَعْضِي بَعْضًا فَجَعَلَ لَهَا نَفَسَيْنِ نَفَسًا فِي الشِّتَاءِ وَنَفَسًا فِي الصَّيْفِ فَاَمَّا نَفَسُهَا فِي الشِّتَاءِ فَزَمْهَرِيرٌ وَاَمَّا نَفَسُهَا فِي الصَّيْفِ فَسَمُومٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ شکایت کی اور عرض حال کیا اپنا نار دوزخ نے اپنے پروردگار کے سامنے اور کہا کہ کھا گئی بعض اجزا میرے بعض کو سو اجازت دی اور مقرر کر دی اللہ تعالیٰ نے اُسکے لئے دو سانسیں ایک سانس جاڑے میں اور ایک سانس گرمی میں سو سانس اُسکے جاڑے میں سبب ہے شدت برد کا اور سانس اسکی گرمی میں سبب ہے شدت سموم کا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور مروی ہے ابی ہریرہ سے کئی سند دسے اور مفضل بن صالح اہل حدیث کے نزدیک کچھ لیسے صاحب حفظ نہیں **عن** اَنَسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ لِشَامٍ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ وَقَالَ شُعْبَةُ اَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ شَعِيرَةً اَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ بُرَّةً اَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مَا يَزِنُ ذَرَّةً وَقَالَ شُعْبَةُ مَا يَزِنُ ذَرَّةً مُحَقَّفَةً **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہشام کے روایت میں ہی کہ نکلیگا دوزخ سے شعبہ کی روایت میں ہی کہ حکم ہوگا نکالو دوزخ سے جس شخص نے کہ لا الٰہ الا اللہ کہا ہو اور اسکے دلمیں جو کے برابر نیکی ہو اور نکالو دوزخ سی جس شخص نے کہ لا الٰہ الا اللہ کہا ہو اور اُسکے دلمیں گیہوں کے دانہ کے برابر نیکی ہو اور نکالو دوزخ سی جسنے کہا ہو لا الٰہ الا اللہ اور اُسکی دلمیں ایک ذرہ کی برابر نیکی ہو اور شعبہ نے اپنی روایت میں کہا کہ اُسکے دلمیں ایک جَو کے دانہ کے برابر نیکی ہو **ف**

اسامہ بن ہادی عمران بن حصین سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** انہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یقول اللہ اخرجوا من النار من ذکر نی یوما او خافنی فی مقام ترجمہ روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماویگا یعنے قیامت مین نکالو اگ سی دوزخ کی اُس شخص کو جسنے مجھے یاد کیا ہو یا مجھ سے ڈرا ہو یہ حدیث حسن ہے کسی جگہ مین **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عن** عبد اللہ بن معبد قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لاعرف اٰخر اھل النار خروجا من النار رجل یخرج منھا زحفا فیقول یا رب قد اخذ الناس المنازل قال فیقال لہ انطلق الی الجنۃ فادخل الجنۃ قال فیذھب لیدخل فیجد الناس قد اخذوا المنازل فیرجع فیقول یا رب قد اخذ الناس المنازل قال فیقال لہ اتذکر الزمان الذی کنت فیہ فیقول نعم فیقال لہ تمن قال فیتمنی فیقال لہ فان لک الذی تمنیت وعشرۃ اضعاف الدنیا قال فیقول اتسخر منی وانت الملک قال فلقد رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضحک حتی بدت نواجذہ ترجمہ روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مین خوب پہچانتا ہون اُس شخص کو کہ آخر مین نکلیگا اہل نار سی کہ ایک مرد ہوگا کہ نکلیگا اُس سے گھٹنون چلتا ہوا اور کہیگا ای رب لوگون نے لی لی ہونگی جنت کے سب گھر فرمایا حضرت نے سو کہا جاویگا اُسکو جا تو جنت مین اور داخل ہو اُسمین فرمایا آپنی پیروہ چلیگا کہ اُسمین داخل ہو تو لوگونکو پاویگا کہ لے لی اُنہون نے سب مکان جنت کے لینے اور بچھوڑے اُسکی لیئی کوئی جگہہ سو پھر لوٹیگا وہ اور عرض کریگا ای رب جیسے لوگون نے تو لے لیئی سب مکان جنت کے فرمایا آپنی پھر کہا جاویگا اُس سے تجھے یاد ہی وہ وقت کہ جسمین تو تہا یعنے عذاب دوزخ کا وہ کہیگا کہ ہان سو کہا جاویگا اُس سے کہ اب تو آرزو کر فرمایا حضرت نے کہ پھر وہ آرزو کریگا اور کہا جاویگا اُس سے تیری لیئے ہے جو تو نے آرزو کی اور دس گنا سارے دنیا کا فرمایا آپنی وہ عرض کریگا تعجب کے راہ سی انکار سی کہ کیا مسخری کرتا ہی تو مجھہ سے حالانکہ تو مالک الملک ہے کہا راوی نے اور محقق کہا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ ہنسے آپ یہانتک کہ کھل گئین کچلیان آپکے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لاعرف اٰخر اھل النار خروجا من النار واٰخر اھل الجنۃ دخولا الجنۃ رجل یقول سلوا عن صغار ذنوبہ واخبئوا کبارھا فیقال لہ عملت کذا یوم کذا وکذا وعملت کذا وکذا یوم کذا وکذا قال فیقال لہ فان لک مکان کل سیئۃ حسنۃ قال فیقول یا رب قد عملت اشیاء ما اراھا ھھنا قال فلقد رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضحک حتی بدت نواجذہ ترجمہ روایت ہے ابی ذر سی کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مین خوب پہچانتا ہون اُسکو کہ آخر مین نکلیگا دوزخ سے اور آخر مین داخل ہوگا جنت مین کیفیت مفصل اُسکی یہ ہے کہ لاوینگے اُسکے کبیرہ گناہ اور فرماویگا اللہ تعالیٰ فرشتونکو کہ اُس سے سوال کرو چھوٹی گناہونکو اور چھپاؤ بڑی گناہونکو کہا جاویگا اُس سے کہ تو نے فلان دن ایسا ایسا کیا تہا فلانی فلانی دن اور ایسا ایسا کیا تہا فلانی فلانی دن فرمایا آپنے کہ کہا جاویگا اُس سے کہ تیری لیئی ہر بدی کے عوض ایک نیکی ہے فرمایا آپنی پھر وہ عرض کریگا ای رب میرے اور بہت ہی گناہ کئی تھے کہ اُنکو مین یہان نہین دیکھتا کہا راوی نے کہ پھر دیکھا مین نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ آپ ہنسی یہانتک کہ کھل گئین کچلیان آپکی یعنے اللہ تعالیٰ نے اُسکے بڑے گناہونکو بخشدیا اور چھوٹونکو حسنات سے بدلدیا اور یہ فضل ہے اللہ تعالیٰ کا واللہ ذو الفضل العظیم **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** اللہ تعالیٰ تبدیل سیئات بحسنات کے مابعین فرماتا ہی مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا یعنے جو توبہ کری اور ایمان لاوے اور عمل نیک کری وہ لوگ ہین کہ بدل دیوینگا اللہ تعالیٰ اُنکی برائیونکو بھلائیون سے اور اللہ تعالیٰ غفور و رحیم ہے انتہی ایک جماعت مفسرین کی سطرف گئے ہی کہ یہ تبدیل دنیا مین ہوتی ہے چنانچہ ابن عباس اور سعید بن جبیر اور حسن اور مجاہد اور سدی اور ضحاک نے فرمایا کہ بدلدیتا ہی اللہ تعالیٰ بشرف اسلام اسکے قبایح اعمال کو جو حالت شرک و کفر مین کیئے تھے ساتھہ محاسن اعمال کے اسلام مین اور بدلدیتا ہی شرک کو توحید سے اور قتل مؤمنین کو قتل مشرکین سے اور زنا کو عفت و حصان سے اور بدعت کو سنت سے اور قبایح اخلاق کو محاسن عادات سے اور ملکات رذیہ کو ملکات حمیدہ سے علی ہذا القیاس غرض جسطرح سیئات مین مشغول تہا قبل اسلام کے اُسیطرح حسنات مین مشغول ہتا ہی بعد اسلام کے پس یہی تبدیل ہے سیئات کی حسنات سے اور لیکہا ہے کہ بدلدیتا ہی اللہ تعالیٰ سیئات دنیا کو جو بعد اسلام کے اُس سے صادر ہوئی ہون قیامت کے دن حسنات سے اور یہ قول ہے سعید بن مسیب اور مکحول کا اور روایت ہے یہی ابن عباس سے پس یہی قول راجح ہے اور بعضون نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مٹادیتا ہی سیئات کو بسبب ندامت کے اور عنایت کرتا ہی اُسکو عوض مین ہر سیئہ کی ایک حسنہ انتہی قال النووی فقیر کہتا ہی کہ شرطین اس تبدیل کے اللہ تعالیٰ نے تین فرمائین اوّل توبہ دوسرے ایمان تیسرے عمل صالح پھر جب بندہ ان تینون کو بجالایا اور حقوق ان تینون کے بجا لایا کیے دنیا مین ہی جیسا کہ سیئات مین گزرتا ہا اب موفق بحسنات ہوتا ہے اور آخرت مین ہی وہ فضل اُسکے کا مستحق ہے انتہی **عن** جابر قال قال رسول اللہ

لہ یا مراد وہی دوزخ دنیا کی ہی جو دنیا مین سلطنت عمر فاروق کی واللہ اعلم ۱۲

صلی اللہ علیہ وسلم یعذب ناس من اھل التوحید فی النار یکونوا فیھا حمما ثم تدرکھم الرحمۃ فیخرجون ویطرحون علی ابواب الجنۃ قال فیرش علیھم اھل الجنۃ الماء فینبتون کما تنبت الغثاء فی حمالۃ السیل ثم یدخلون الجنۃ ترجمہ روایت ہے جابر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے معذب ہونگے کچھ لوگ اہل توحید سے دوزخ میں یہانتک کہ وہ ہوجاوینگے کوئلہ کی طرح پھر ادرک کرلیگی انکو رحمت الٰہی سو نکالی جاوینگی وہ اور ڈالی جاوینگی وہ صدا روان بہشت کی پر فرمایا آبی ہوگا چھڑکینگے اوپر جنکے لوگ پانی اور اگینگے وہ جیسے کہ اگتا ہے دانہ کنارہ سیل کے پھر داخل ہونگے جنت میں ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی کہ مروی ہوئی ہے کئی سندوں سے جابر سے مترجم غثاء بالضم والمد جو سیل کے اوپر بنکر آجاوے کوڑے کرکٹ سی اور حمالۃ السیل جسکو بہالاوے سیل مثل بند وغیرہ کے پھر اگر اسمیں کوئی دانہ اتفاقاً آجاتا ہی تو ایک رات دنمیں اگ جاتا ہے اور سرسبز ہوجاتا ہی اسطرح یہ دوزخی جنکے پانی ہوچکنے سے جلد سرسبز ہوجاوینگے اور تروتازہ حسین خوبصورت بجاوینگے وہ سوادلونکی بیاض وحسن سے متبدل ہوجاویگا اور جنت میں داخل ہوجاوینگے عن ابی سعید الخدری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یخرج من النار من کان فی قلبہ مثقال ذرۃ من الایمان قال ابو جعفر فمن شک فلیقرأ ان اللہ لا یظلم مثقال ذرۃ ترجمہ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نکلیگا دوزخ سے جسکے دلمیں ایک ذرہ کی برابر ایمان ہوگا کہا ابو سعید نے اور جسکو شک ہو اسمیں تو پڑھ لی یہ آیت ان اللہ لا یظلم یعنے اللہ تعالی ظلم نہیں کرتا ایک ذرہ کی برابر ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے مترجم ذرہ ایک چھوٹی چیونٹی ہے یا وہ غبار جو روشندانوں کے روشنی میں اڑتا ہوا نظر آتا ہے کہ ہر جزو اسکا ذرہ ہی گویا مراد آیۃ یہ ہوئی کہ اللہ تعالی کچھ ظلم نہیں کرتا چنانچہ دوسری جگہ فرماتا ہی ان اللہ لا یظلم الناس شیئا چنانچہ انس سے مروی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی ظلم نہیں کرتا مومن کے کسنے پر بلکہ رزق دیتا ہی اسکو حسنہ دنیا میں اور بدلا دیتا ہے اسکا آخرت میں رہا کافر سو وہ اپنی نیکیونکا بدلا کھاتا ہی دنیا میں پھر جب آخرت میں پہونچتا ہی کوئی نیکی اسکے نہیں ہوتی کہ جسکے عوض میں کچھ بھلائی کیجاوے اسکی ساتھ اور عبد اللہ بن مسعود سے مروی ہے کہ قیامت کے دن ایک بندیکو لاوینگے اور منادی ولین وآخرین میں ندا کریگا کہ یہ فلانا بیٹا فلانے کا ہے پھر جسکا اسپر کچھ حق ہو وہ آکر اپنا حق لیلوی پھر کہا جاویگا اسسے کہ دیدے ان سب لوگون کو حقوق وہ کہیگا کہاں سے دونگا ای رب اور دنیا تو نہیں رہی فرماویگا اللہ عزوجل فرشتونکو کہ نظر کرو اسکے اعمال صالحہ میں اور دو اسکو اہل حقوق کو سو باقی رہ جاویگا اسکے لئی اکیذرہ نیکی کا کہینگے فرشتے ای رب ہمارے پاس رہا ہی اسکے لئی ایک ذرہ نیکی کا تو فرماویگا اللہ تعالی دو اسکو اگرچہ ہمارے بندیکے لئے اس اکیذرہ کو اور داخل کرو میرے فضل و رحمت سے جنت میں اور مصداق اسکا کتاب اللہ میں موجود ہے ان اللہ لا یظلم مثقال ذرۃ وان تک حسنۃ یضاعفھا (الغوی) اور وجہ استدلال اس آیت سے ظاہر ہی کہ جب اللہ نے ذرہ برابر نیکی کو ضایع نکیا اور صاحب اسکا اپنے اعمال کے ثمامت سے دوزخ میں ہے تو ضرور ہے کہ وہ اس نیکی کا ثواب پاوے اور وجود ثواب کا دوزخ میں ممکن نہیں اسلئی کہ وہ دار العذاب ہے ہذا دار الثواب پس ضرور ہوا کہ وہ دار الثواب میں جاوے اور بفضل الٰہی اپنا ثواب پاوے عن ابی ھریرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان رجلین ممن دخل النار استد صیاحھما فقال الرب تبارک وتعالی اخرجوھما فلما اخرجا قال لھما ای شیء اشد صیاحکما قالا فعلنا ذلک لترحمنا قال رحمتی لکما ان انطلقا فالقیا انفسکما حیث کنتما من النار فینطلق فیلقی احدھما نفسہ فیجعلھا علیہ بردا وسلاما ویقوم الاخر فلا یلقی نفسہ فیقول لہ الرب تبارک وتعالی ما منعک ان تلقی نفسک کما القی صاحبک فیقول یا رب انی لا ارجو ان لا تعیدنی فیھا بعد ما اخرجتنی فیقول لہ الرب تبارک وتعالی لک رجاءک فیدخلان الجنۃ جمیعا برحمۃ اللہ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو شخص کا ان لوگونمیں سے جو داخل ہوچکے تھی دوزخ میں بلند ہوا چیخنا سو فرمایا اللہ تبارک وتعالی نے نکالو ان دونونکو پھر جب نکالا ان دونونکو فرمایا ان سے کیون بلند ہوا چیخنا تمہارا ان دونونے عرض کی کہ تا رحم کرے تو ہمپر فرمایا اللہ تعالی نے سیر رحمت ہے واسطی تمہارے اگر تم دونون چلے جاؤ اور ڈال دو اپنی جانونکو اسی عذاب میں دوزخ کے جہان تم تھے سو دونون جاوینگے اور ڈال دیگا ایک شخص اپنے جان کو آگ میں سو اللہ تعالی کردیگا اسپر آگ ٹھنڈی اور سلامتی اور کھڑا رہیگا دوسرا اور نہ ڈالیگا اپنی جان آگ میں سو فرماویگا اسسے پروردگار تعالی شانہ کہ کس چیز نے روکا تجھکو اب سے کہ ڈالدے تو اپنے جان کو آگ میں جیسا کہ ڈالدی تیرے صاحب نے سو وہ عرض کریگا ای رب میں امید رکھتا ہون کہ پھر نہ بھیجیگا تو مجھکو دوبارہ دوزخ میں اسکے بعد کہ نکالا تو نے مجھکو اسمیں سے سو فرماویگا اللہ تبارک وتعالی تیرے لئی ہے امید تیری اور داخل ہونگے دونون جنت میں برحمت الٰہی یعنے اول بسبب بجالانے حکم الٰہی کے اور ثانی بسبب اپنے رجا کے جو ساتھ اللہ کے رکھتا تھا ف اس حدیث کے اسناد ضعیف ہے اسلئی کہ وہ مروی ہے راشدین بن سعد سے اور راشدین بن سعد ضعیف ہیں الہی یہ کے نزدیک اور رشدین روایت کرتے ہیں ابن انعم سے اور وہ ابو قبیل ہیں اور ابو قبیل ضعیف ہیں اہل حدیث کے نزدیک عن عمران بن حصین عن النبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَخْرُجَنَّ قَوْمٌ مِنْ أُمَّتِي مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَتِي يُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيِّينَ ترجمہ روایت ہے عمران بن حصین سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک نکلیگی ایک قوم میری امت سے دوزخ سے بسبب شفاعت میری کہ نام اُسکا جہنمی ہوگا ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو رجاء عطاردی کا نام عمران بن تیم ہے اور اُنکو ابن ملحان بھی کہتے ہیں عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَأَيْتُ مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا وَلَا مِثْلَ الْجَنَّةِ نَامَ طَالِبُهَا ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ دیکھا میں نے دوزخ کے برابر کسیکو کہ اُسکا طالب سویا ہو یعنے جنت اور دوزخ کے ہوتی ہوئی آجاتے تعجب ہے ف اس حدیث کو نہیں پہچانتے ہم مگر یحیی بن عبید اللہ کی روایت سے اور یحیی بن عبید اللہ ضعیف ہیں الحدیث کی نزدیک کلام کیا ہی اُنمیں شعبہ نے متترجم خروج موحدین میں ناری بہت احادیث وارد ہوئی ہیں اور اتفاق ہے اُسپر اہل سُنت کا نہیں خلاف کیا اسمیں ہمارا مگر معتزلہ نے کہ کہا اُنہوں نے نہ نکلیگا ارباب کبائر دوزخ سے ہمارا لانا تکذیب کرتے ہیں اُنکے قول کی روایات باب اور بہت روایتیں اور دیکھا ہی فقیر نے بعض جواب معتزلہ کہ اس زمانہ میں کہ اُنکا ہی دعوی باطل ہے کہ نہ نکلیگا کوئی دوزخ میں جاکر اور مناظرہ کیا اُسنے اسیا سمیں مگر نہ دیکھا اُنمیں سوا انکار احادیث کے اور کیجے اللہ ہدایت کرے اُنکو اور اُنکی ذریات کو آمین یارب العالمین بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ النِّسَاءُ باب اس بیانمیں کہ اکثر اہل دوزخ عورتیں ہیں عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جہانکا میں نے جنت میں تو دیکھا میں نے کہ اکثر لوگ اُسکی فقراء ہیں اور جہانکا میں نے دوزخ میں تو دیکھا کہ اکثر اُنکی عورتیں ہیں عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ وَاطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ ترجمہ روایت ہے عمران بن حصین سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جہانکا میں نے دوزخ میں سو دیکھا کہ اکثر اُسکے رہنے والی عورتیں ہیں اور جہانکا میں نے جنت میں تو دیکھا کہ اکثر اہل اُسکے فقراء ہیں ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اسطرح کہتے ہیں عوف کہ روایت کرتی ہیں عمران بن حصین اور ایوب کہتے تھے روایت کرتے ہیں ابی رجا سے اور روایت کرتے ہیں ابن عباس سے اور دونوں اسناد دونمیں کچھ گفتگو نہیں ہے اور ممکن ہے کہ ابو رجا نے دونوں سے سُنا ہو یعنے عمران اور ابن عباس سے اور روایت کیے عوف کے سوا اور لوگوں نے بھی یہ حدیث عمران بن حصین سے بواسطہ ابی رجا کے متترجم عورتیں جیسے دوزخ میں زیادہ ہیں ایسے ہی جنت میں بھی بہ نسبت مردوں کے زیادہ ہیں چنانچہ ہر مرد کی دو عورتیں تو ضرور ہی ہونگی اہل دنیا کی عورتوں سے اور بعضوں کے اس سے زیادہ ہونگی پس متبع روایات سے ثابت ہوا ہی کہ عورتونکی تولید اولاد آدم میں مردوں کے بہ نسبت زیادہ ہے خصوصاً آخر زمانہ میں اور ان احادیث سے معلوم ہوئی فضیلت فقر کے اور خوف دلانا ہوا عورتونکو فقط بَابُ دوزخ کے عذاب خفیف کی بیانمیں عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَهْوَنَ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا رَجُلٌ فِي أَخْمَصِ قَدَمَيْهِ جَمْرَتَانِ يَغْلِي مِنْهُمَا دِمَاغُهُ ترجمہ روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خفیف تر عذاب میں دوزخ والوں سے ایکدہ ہوگا کہ اُسکے دونوں پیروں کے تلوؤں میں دو انگارے رکھے ہونگے کہ جوش کرتا ہوگا اُس سے دماغ اُسکا ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسی بابمیں ابی ہریرہ اور عباس بن عبد المطلب اور ابی سعید سے بسبب روایت کرنے کے متترجم روایت کیا ہے حدیث کو مسلم نے بھی اور بخاری میں ابن عباس سے مروی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خفیف تر عذاب میں اہل دوزخ سے ابو طالب ہیں اور اُنکو دو نعل پہنائی گئے ہیں کہ پک رہا ہے اُسسے دماغ انکا انتہی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ محبت اور رفاقت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے مستفید ہوتے ہیں اُس کفار ہی کہ یہ تخفیف عذاب ابو طالب کے فقط آنحضرت کے تائید اور حمایت برکت ہی سے ہوئی ہے پھر کیا مرتبہ ہوگا اُس مومن کامل کا جو حالت ایمان میں پہلے آیا احادیث رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور موئید ہوا کے سنن متبرکہ کا اور نشر علوم دینیہ اور انتشار اسلام میں مال اور جان خرچے ذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم بَابٌ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِيِّ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعَّفٍ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللَّهِ لَأَبَرَّهُ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ ترجمہ روایت ہے حارثہ بن وہب خزاعی سے کہ کہتے تھے سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کیا نہ خبر دوں میں تمکو اہل جنت سے ہر ضعیف کہ حقیر جانیں اُسی لوگ اگر قسم کھاوے اللہ کے بر دی پر تو اللہ تعالے سچی کردے قسم اُسکے اور کیا نہ خبر دوں میں تمکو دوزخ والونکی ہر عُتُل وجواظ ومتکبر ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے متترجم یہ فرمانا آپکا باعتبار اکثر افراد کی ہے مقصود اسے بیان کرنا ان صفتوں کے تابع کا ضعیف سے مراد کم قوت متذلل اور خاشع اور متحمل ورد باشخص ہے کہ اظہار اپنی ضرورت کا اور اشتہار اپنا لوگوں میں نہ چاہتا ہو متضعف وہ ہے کہ جسکو لوگ ضعیف سمجھیں اور رقیق القلب لیّن وبیّن نرم دل نرم زبان ہو عُتُل بضمتین وتشدید لام سخت مزاج اہل جفا تند خو وبدگو جواظ بفتحتین کثیر المال بخیل کہ نہ آپ

دوزخ کے عذاب خفیف تر والے کی کیفیت

کہائی نکیکو دی بلکہ کسیکو دیتی دیکھی تو مونہہ کیا پیٹ تک پہونچائی اور بعضونے کہا کہ کثیر اللحم مختال یعنے خرطیۂ بلغم اترا ہوا متکبر اپنی بڑائی چاہنے والا پھر اگر یہ صفات ایک ذ
مین جمع ہون تو کریلا اور نیم چڑھا اور زیادہ تر خامی کا سبب ہے اور اگر ایک دو صفتین ہون تو بے ڈرہے اور تائب ہو کہ اللہ تعالی نار دوزخ سے بچاوی آمین یارب العالمین

## ابواب الایمان عن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہ باب ہین

## ایمان کے جو وارد ہین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے + مترجم + مقدمہ ایمان افعال ہے امن سے اور مومن کو مومن اسی لئے کہتی ہین کہ

وہ اپنی نفس کو امن مین کرتا ہی عذاب آخرت سے یا سچا تا ہی انکار سے اور ایمان اصل لغت مین بمعنی تصدیق ہی وارد ہوا ہے چنانچہ فرمایا اللہ تعالی وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا یعنے تو مصدق
نہین ہماری بات کا اور یہ قولہی برادران یوسف علیہ السلام کا کہ خطاب کیا انہون نے اپنے سے ساتہ اپنی باپ سے اور کبھی وہ متعدی ہوتا ہی ساتہ لی کے چنانچہ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ مین
اسلئے کہ متضمن ہے معنے اعتراف اور اقرار کو یا شامل ہے معنے وثوق کو اور مومن ایک نام مبارک ہے اللہ تعالی کی پاک ناموں سے مراد اس سے یہ ہے تصدیق کرنیوالا کہ سچا کرتا ہی اپنی بندون سے
اپنی وعدونکو دنیا اور آخرتین یا امن دیتا ہے انکو عذاب سے آخرت مین اور کفر و بدر سے دنیا مین اور اسی سے ہے حدیث اَلْمُؤْمِنُ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ یعنے مومن وہ ہے کہ امن دیوین
لوگ اسکو اپنے مال اور خون پر اور مسلمان وہ ہے کہ سلامت رکہین لوگ اسکے ہاتہ سے اور زبان سے یعنے ایذا نہ دین اسکے ہاتہ سے اور زبان سے اور مہاجر وہ ہے کہ چہوڑدے گناہون کو
مامون رہین وساوس و خطرات سے یا اور ہواجس نفسانیہ سے اور اسی سے ہے حدیث یعنی قول حضرت عیسے علیہ السلام کا اٰمَنْتُ بِکِتَابِ اللّٰہِ وَکَذَّبْتُ نَفْسِیْ یعنی تصدیق کی مین نے کتاب
اللہ کے اور جہٹلایا اپنی نفس کو خطاب کیا اپنی اسکے ساتہ ایک چوری اور اسی سے ہے مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِیْمَانًا یعنے جسنے قیام کیا رمضان کا در آنحالیکہ تصدیق کرنیوالا ہے
اسکی فضیلت کا اور شریعت مین ایمان سے مراد وہی تصدیق اُن چیزونکی کہ خبر دی اسکی رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اشراط ساعت اور عذاب قبر اور حشر و نشر اور صراط و میزان
جنت و نار وغیرہ سی اور یہ ایمان شرعی ہے کہ اشارہ کیا اس حدیث مین اسکی طرف جہان فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فاخبر نی عن الایمان قال اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ
وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَتُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ قَالَ صَدَقْتَ انتہی اور تابعین کے تعریف ایمان شرعی مین کئی قول ہین ابن کثیر نے کہا کہ ایمان جو شرع مین
مطلوب ہے وہ نہین ہوتا بغیر اعتقاد اور قول اور عمل کے یعنے اعتقاد قلبی اور قول لسانی اور عمل جوارح جب تینون پائی جاوینگے مطلوب شرعی حاصل ہوگا اور اسطرف اکثر ائمہ
گئے ہین بلکہ حکایت کیے اسکی شافعی اور احمد اور ابو عبید اور کئی لوگون نے اجماعًا اور کہا کہ ایمان قول ہے اور عمل ہے زیادہ ہوتا ہے اور کم ہوتا ہے ساتہ زیادت اعمال اور نقصان اُسکے
کے وارد ہوے ہین اس قول کے مؤید آثار کثیرہ انتہی اور انکار کیا ہی اکثر متکلمین نے زیادت ایمان اور اُسکے نقصان کا اور اہل سنت نے کہا کہ نفس تصدیق نہ بڑہتی ہے نہ گہٹتی ہے
اور ایمان شرعی بڑہتا ہے اور گہٹتا ہے ساتہ زیادت اعمال کے اور نقصان اعمال کے اور اس تقریر سے ممکن ہے توفیق درمیان طواہر نصوص کتاب و سنت کے کہ وارد ہوی ہین
ساتہ زیادت اور نقصان ایمان کے اور درمیان اصل لغت کے کہ تصدیق نہ بڑہتی ہے نہ گہٹتی ہے اور اعمال داخل ایمان ہین اسپر یہ حدیث دال ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ ایمان کے ستر
اوپر کئی شاخین ہین افضل اُنکا قول لا الٰہ الا اللہ ہے اور ادنی اُسکا دور کرنا اذی کا طریق سے اور حیا ایک شعبہ ہی ایمان کا کہ روایت کیا اسکو شیخین نے ابوہریرہ سے (فتح البیان
فی مقاصد القرآن) اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے حجۃ اللہ مین فرمایا ہی کہ چونکہ مبعوث ہوے نبی صلی اللہ علیہ وسلم خواص و عوام بلکہ کافہ انام کیطرف اور منطوی الٰہی تہا کہ دین آپکا
غالب ہو جمیع ادیان پر بعز عزیز یا ذلیل اور داخل ہوے آپکے دین مین قسم قسم کے لوگ تو ضرور ہوا تمیز درمیان اُن لوگون کے جو متدین بدین اسلام ہوے اور درمیان غیر
اُنکے کے اور اسیطرح ضرور ہوا تمیز درمیان اُن لوگون کے کہ جنہون نے بدل قبول کیا ہدایت کو اور رنگ چڑہ گیا اُنپر انوار ہدایت اور ایمان کا اُن لوگون سے کہ داخل نہین ہوی اشاعت
ایمان کے اُنکے دلونمین پس اس تمیز کے حاصل ہونیکو آپنے ایمان کے دو قسمین ٹہہرائین قسم **اول** وہ ایمان کہ دائر ہون اُسپر احکام دنیا کی یعنے محفوظ رہے خون اور مال اُسکے
صاحب کا غازیون کے ہاتہ سے اور اسیر نہوا اور رقیت نہ آوی اُسمین اور ضبط کیا اسکو ساتہ اُن امور کے کہ ظاہر ہوا اُس سے انقیاد اور فرمانبرداری چنانچہ فرمایا اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ
النَّاسَ حَتّٰی یَشْهَدُوْا اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَیُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَیُؤْتُوا الزَّكٰوةَ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَصَمُوْا مِنِّیْ دِمَآءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّ
الْاِسْلَامِ وَحِسَابُهُمْ عَلَی اللّٰهِ اور فرمایا آپنے مَنْ صَلّٰی صَلٰوتَنَا وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا وَاَكَلَ ذَبِیْحَتَنَا فَذٰلِكَ الْمُسْلِمُ الَّذِیْ لَهٗ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهٖ فَلَا
تُخْفِرُوا اللّٰهَ فِیْ ذِمَّتِهٖ اور فرمایا آپنے قُلْتُ مَنْ اَصْلُ الْاِیْمَانِ الْكَفُّ عَمَّنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا نُكَفِّرُهٗ بِذَنْبٍ وَلَا نُخْرِجُهٗ مِنَ الْاِسْلَامِ وَبَعْدُ الْحَدِیْثَ **اور ثانی**
وہ کہ دائر ہون اُسپر احکام آخرت کے نجات اور فوز مدرجات وغیرہ ذالک اور وہ شامل ہے ہر اعتقاد حقہ کو اور عمل پسندیدہ اور ملکہ فاضلہ کو یعنے ہر ایک کو اُنمین سے ایمان کہہ سکتے ہین اور
لفظ ایمان اِن سبکو شامل ہے اور وہ زیادہ ہوتا ہے اور ناقص ہوتا ہے اور عادت شارع کی اسطرح جاری ہے کہ مسمے کرتا ہی ہر ایک چیز کو اُنمین سے ساتہ ایمان کے تا کہ تنبیہ بلیغ ہو اسپر

ایمان کے تحقیق
لہ بلکہ بعضے زیادت ایمان کے جہاد کو داخل ایمان کے اور بعضے

کہ یہی جزو ہے ایمان کا مثلاً فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لَا اِیْمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهٗ وَلَا دِیْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهٗ اور فرمایا اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَیَدِهٖ الحدیث اور اسکے شعبے بہت ہیں اور مثال اسکی ایک شجر ثمر کے مانند ہے کہ اسکے دو حصہ اور اعصان اور ثمار اور اوراق اور ازہار ستلزم شجر کہہ سکتی ہیں پھر جب اسکی اعصان کاٹ ڈالیں اور اوراق توڑ ڈالیں تو ثمار چنداں نہیں تو کہا جاویگا شجر ناقصہ عرفاً علی الاطلاق شجر کا اسے پھر ہو سکتا ہے اگرچہ بقدر نقص ہو پھر جب اسکا کاٹ ہی ڈالیں تو شجر کا نام و نشان نہ رہا چنانچہ فرمایا اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِیَتْ عَلَیْهِمْ اٰیٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِیْمَانًا وَّعَلٰی رَبِّهِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ یعنے اس آیت میں مؤمنان کامل الایمان مراد ہیں کہ انکے شجرۂ ایمان میں ذکر الٰہی کے ثمر اور توکل کے بہار ہو رہی ہے اور تلاوت آیات بمنزلہ آب باراں کے اسکی سرسبزی اور شادابی میں ترقی بے پایاں دے رہی ہے پھر جب ہر عقیدہ حقہ اور عمل پسندیدہ ایمان کامل کے شاخ ٹہیرا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان شاخوں کو دو قسم کیا **قسم اول** ارکان ہیں کہ وہ عمدہ ترین اخراجین ایمان کے اسی طرف اشارہ کیا اس حدیث میں بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِیْتَآءِ الزَّکٰوةِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ **اور قسم ثانی** اور شعبہ ہیں اسکے کہ فرمایا اَلْاِیْمَانُ بِضْعٌ وَّسَبْعُوْنَ شُعْبَةً اَفْضَلُهَا قَوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَدْنَاهَا اِمَاطَةُ الْاَذٰی عَنِ الطَّرِیْقِ وَالْحَیَآءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْاِیْمَانِ اور ایمان اول کے مقابل ہیں عین کفر ہے اور ایمان ثانی کے مقابل ہیں اگر تصدیق قلبی معدوم ہے اور انقیاد غلبۂ سیف سے تو نفاق اصلی ہے اور منافق ہیں اس معنی سے اور کافر ہیں کچھ فرق نہیں آخرت میں اور انہیں کے حق میں ارشاد ہوا ہے کہ وہ درکہ اسفل میں ہیں نار کے اور اگر تصدیق قلبی موجود ہے مگر وظیفہ جوارح اسنے فوت کیا ہی مثلاً ترک کیا نماز کو یا صوم فرض کو تو نام اسکا فاسق ہے یا وظیفہ جنان کو فوت کیا سوا التصدیق کے پس وہ منافق ہے بہ نفاق آخر اور بعضے سلف نے اسکو نفاق عمل کہا ہے اور تفصیل اسکے یہ ہے کہ غالب ہوتا ہے حجاب طبع کا یا رسم یا سوء معرفت کا پس منہمک ہوتا ہے وہ دنیا کی محبت میں اور عشایر اور اولاد کی الفت میں اور آجاوے اسکے دل میں استبعاد مجازات کا اور ہو جاوے جرأت معاصی پر اگرچہ معترف ہو آخرت وغیرہ کا بنظر برہانی یا دیکھا اسنی شدائد اسلام کو اور مکروہ رکھا اسکو یا کافروں سے دوستی ہو گئی اسکو کہ اعلاء کلمۃ اللہ سے باز رہا وہ بسبب ان چیزوں کے اور ایمان کے دو معنی اور ہیں **اول** تصدیق جنان کی ان چیزوں کے لئے کہ جنکے تصدیق ضرور ہے چنانچہ جواب جبرئیل میں جو حضرت نے فرمایا کہ ایمان یہ ہے کہ ایمان لاوے تو اللہ پر اور اسکے فرشتوں پر الحدیث اسی پر دال ہے **دوسرے** سکینہ اور ہیبت و جدانیہ اور وقار اور طمانیت دلکی اور نورانیت روح کے کہ حاصل ہوتی ہے مقصر میں کو کہ حدیث اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ میں یہی معنے مراد ہیں اور حدیث اِذَا زَنَی الْعَبْدُ خَرَجَ مِنْهُ الْاِیْمَانُ فَکَانَ فَوْقَ رَاْسِهٖ کَالظُّلَّةِ فَاِذَا خَرَجَ مِنْ ذٰلِکَ الْعَمَلِ رَجَعَ اِلَیْهِ الْاِیْمَانُ وہی معنے مقصود ہیں اور اسیطرح قول حاذمی اجلس بنا نؤمن ساعۃ پس ایمان کے یہ چار معنے ہیں کہ مستعمل ہیں شرع میں اور اگر آتا ہے تو ہر حدیث کو اسکے محل پر تو جو حدیثیں کہ بادی النظر میں متعارض معلوم ہوتی ہیں انمیں توفیق و تطبیق ہو جاوے اور اسیطرح کا شک و شبہ رہا دنیا سے اور اسلام کا استعمال اکثر معنے اول میں ہوتا ہی اسی لئے فرمایا اللہ صاحب نے قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰکِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسند سے اور مسلم اور احسان کا استعمال معنے رابعہ میں اور چونکہ نفاق عملی اور اخلاص دل کا ایک امر خفی تھا ضرور ہوا کہ علامات ہر ایک کے انمیں سے بیان کئی جاویں چنانچہ فرمایا آپنے اَرْبَعٌ مَّنْ کُنَّ فِیْهِ کَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا وَمَنْ کَانَتْ فِیْهِ خَصْلَةٌ مِّنْهُنَّ کَانَتْ فِیْهِ خَصْلَةٌ مِّنَ النِّفَاقِ حَتّٰی یَدَعَهَا اِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ وَاِذَا حَدَّثَ کَذَبَ وَاِذَا عَاهَدَ غَدَرَ وَاِذَا خَاصَمَ فَجَرَ اور فرمایا ثَلٰثٌ مَّنْ کُنَّ فِیْهِ وَجَدَ بِهِنَّ حَلَاوَةَ الْاِیْمَانِ مَنْ کَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا وَمَنْ اَحَبَّ عَبْدًا لَّا یُحِبُّهٗ اِلَّا لِلّٰهِ وَمَنْ یَّکْرَهُ اَنْ یَّعُوْدَ فِی الْکُفْرِ بَعْدَ اَنْ اَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ کَمَا یَکْرَهُ اَنْ یُّلْقٰی فِی النَّارِ (انتہی ما قال سیدنا و شیخنا رحمۃ اللہ علیہ فی حجۃ اللہ) باقی دلائل زیادت اور کمے ایمان کے اور علامات مؤمنان کامل کے قرآن عظیم اشان سے اور تفسیر ان آیتوں کے ابواب کے ذیل میں اور خاتمہ میں وارد ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ **باب** مَا جَآءَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَقُوْلُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ باب ماجاء میں مؤمنوں کے ساتھ قتال کے یہانتک کہ لوگ لا الٰہ الا اللہ کہیں **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَقُوْلُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَاِذَا قَالُوْهَا عَصَمُوْا مِنِّیْ دِمَآءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَی اللّٰهِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا گیا ہوں میں کہ لڑوں لوگوں سے یہانتک کہ وہ کہیں لا الٰہ الا اللہ پھر جب اسکی قائل ہو جاویں مجھ سے بچا لیا انہوں نے اپنی جانوں کو اور مالوں کو مگر ساتھ حقوق جان و مال کے اور حساب انکا اللہ پر ہے **ف** اسی باب میں جابر اور ابی سعید اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث صحیح ہے **تنبیہ** پس اس حدیث میں حسب تحقیق عمدۂ جناب شیخنا رحمہ اللہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پہلے درجہ کا ایمان بیان فرمایا قولہ مگر ساتھ حقوق آہ یعنے اگر کسی نے کسیکے جان یا مال پر

ف حدیث کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کوئی کلمہ لا الٰہ الا اللہ کہہ لیوے اسکے جان و مال محفوظ ہو جاتے ہیں

تو اُسکا قصاص ہوگا یا اُسکیطرح مال کرنے جہین لیا تو اُسکے مال مین سے مین لوادونگا باقی اور کسیطرح کسیکے جان و مال سے تعرض نہین تو لہ اور حساب اُنکا اللہ تعالیٰ پر ہی یعنی مجھی یہ تفتیش ضرور نہین کہ اُنکے دلمین ہے توحیدی یا فقط بخوف سیف توحید کا اقرار کرتی ہین بلکہ اسکا حساب و کتاب اللہ تعالیٰ اُن سے آخرت مین لیگا **عن** ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال لما توفی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واستخلف ابوبکر بعدہ کفر من کفر من العرب فقال عمر بن الخطاب لابی بکر کیف تقاتل الناس وقد قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امرت ان اقاتل الناس حتی یقولوا لا الٰہ الا اللہ ومن قال لا الٰہ الا اللہ عصم منی مالہ ونفسہ الا بحقہ وحسابہ علی اللہ فقال ابوبکر واللہ لاقاتلن من فرق بین الصلوٰۃ والزکوٰۃ فان الزکوٰۃ حق المال واللہ لو منعونی عقالا کانوا یؤدونہ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لقاتلتھم علی منعہ فقال عمر بن الخطاب فواللہ ما ھو الا ان رایت ان اللہ قد شرح صدر ابی بکر للقتال فعرفت انہ الحق رواہ الجماعۃ یعنی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا اُنہون نے جب فات پائی رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نی اور خلیفہ ہوے ابوبکر بعد اُنکے کافر ہوگئی جو لوگ کافر ہوگئی سو کہا عمر بن خطاب نے ابوبکر سے کیونکر لڑینگے آپ لوگونسی اور حالانکہ فرمایا ہے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نی کہ حکم کیا گیا ہون مین کہ لڑون لوگون سے یہانتک کہ کہین وہ لا الٰہ الا اللہ پھر جسنی کہا لا الٰہ الا اللہ بچایا اُسنی اپنا مال اور جان اپنی مگر ساتھ حق اُسکیکے اور حساب اُسکا اللہ تعالیٰ پر ہی سو جواب دیا ابوبکر نے کہ قسم ہے اللہ کی بیشک مین لڑونگا اُس شخص سے کہ پھوٹ ڈالی اور فرق کرے نماز و زکوٰۃ مین اسلیے کہ زکوٰۃ وظیفہ مال ہے یعنے جیسے کہ نماز وظیفہ بدن ہے اور قسم ہے اللہ تعالیٰ کی اگر منع کرینگے مجھی وہ ایک اونٹ باندھنے کی رسی کہ دیا کرتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو تو بیشک مین لڑونگا اُسکے منع پر سو کہا عمر بن خطاب نے کہ قسم ہے اللہ تعالیٰ کی نہین ہے یہ مگر یہ کہ دیکھا مین نے کہ اللہ تعالیٰ نی کھولدیا سینہ ابی بکر کا قتال کے لئی اور جان لیا مین نے کہ یہی حق ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور اسیطرح روایت کیے شعیب ابن ابی حمزہ نی زہری سے اُنہون نے عبید اللہ بن عبد اللہ سے اُنہون نے ابی ہریرہ سے اور روایت کیے عمران قطان نی یہ حدیث معمر سے اُنہون نے زہری سے اُنہون نے انس بن مالک سے اُنہون نے ابی بکر سے اور اُس سند مین خطاہی اسلئی کہ خلاف کیا گیا عمران کا معمری روایت کرنے مین **مترجم** قولہ کافر ہوگئے جو لوگ کافر ہوگئے واضح ہو کہ اہل ردت دو قسم تہی ایک گروہ نے بالکل دین سے انکار کیا اور نبذلت محمد علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ کیقسم اختیار کیا اور ابوہریرہ نے اس قول سے اسی گروہ کو مراد لیا اور یہ گروہ دو قسم تہا ایک قسم اصحاب مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی تہے اور دونونکی مفصل کیفیت اوپر مذکور ہو چکی ہے دوسری قسم نے جمیع شرایع کا انکار کیا تہا اور نماز و زکوٰۃ وغیرہما کو بالکل چھوڑ دیا تہا اور مذہب جاہلیت پر ہوگئے تہے اور یہانتک ارتداد کا زور اور کفر کا شور ہوا کہ تین مسجدون کے سوا کہین اللہ عزوجل مسجود نہا اور اہل اسلام کا کوئی گروہ ان تین جگہہ کے سوا موجود نہا اول مسجد مکہ دوسرے مسجد مدینہ تیسرے مسجد عبد القیس بحرین مین کہ ایک قریہ مین واقع ہے کہ نام اُس قریہ کا جواثا تہا کہ وہان کچھہ لوگ دین حق پر ثابت تہی اور بخوف کفار محصور و مجبور چنانچہ اُنکے شاعر نے کہا ہے **ابیات** الا ابلغ ابابکر رسولا ۔ وفتیان المدینۃ اجمعینا ۔ فہل لکم الی قوم کرام ۔ قعود فی جواثا محصرینا ۔ وکان دارہم فی کل فج ۔ دار البدن تخشی الناظرینا ۔ تولکنا علی الرحمن انا ۔ وجدنا النصر للمتوکلینا ۔ اور دوسرے گروہ نے فرق کیا تہا صلوٰۃ و زکوٰۃ مین کہ مقر تہے صلوٰۃ کی اور منکر تہے زکوٰۃ کی اور یہ حقیقت مین اہل بغی تہی مگر اُسوقت مین اُنکو باغی نہین کہا گیا بلکہ مرتد ہی خطاب یا گیا اسلئی کہ اُنہون نے بہی گویا شرکت کی تہی مرتدین کے اور ارتداد اعظم امر تہا یعنی اور بعضی مانعین زکوٰۃ مین ایسی تہے کہ وہ قبول کرتے تہی زکوٰۃ دینا مگر اُن کے رؤسا اور سردارون نے اُنہین روکا تہا کہ وہ زکوٰۃ امام برحق تک پہونچا وین چنانچہ بنی یربوع نی اموال زکوٰۃ مجتمع کئی اور چاہا کہ ابوبکر صدیق کی خدمت مین بہیجین کہ روکدیا اُنکو مالک بن نویرہ نے اسی جگہہ سے شبہہ پڑا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اور مراجعت کی اُنہون نے ابوبکر سے اور خیال فرمایا حضرت عمر نے کہ ارشاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ مین مامور ہوا ہون سانہ مقاتلہ ناس کے یہانتک کہ وہ کہین لا الٰہ الا اللہ مشروط باشرایط ہے یعنے مراد یہی اُس سے قبول کرنا جمیع شرایع اسلام کا چنانچہ دوسری روایت مین تصریح اسکے آئی ہے جیسے مروی ہے اور سند ہی ابوہریرہ سے کہ فرمایا آپنی اُمرت ان اقاتل الناس حتی یشہدوا ان لا الٰہ الا اللہ ویؤمنوا بی وبما جئت بہ فاذا فعلوا ذلک عصموا منی دماءہم واموالہم الا بحقہا اور مروی ہے انس سے اُمرت ان اقاتل الناس حتی یشہدوا ان لا الٰہ الا اللہ وان محمدا عبدہ ورسولہ وان یستقبلوا قبلتنا وان یاکلوا ذبیحتنا وان یصلوا صلوتنا فاذا فعلوا ذلک حرمت علینا دماءہم واموالہم الا بحقہا لہم ما للمسلمین وعلیہم ما علی المسلمین مگر کیفیت یہ ہوئی کہ ان روایتون سی اطلاع نہوئی اُسوقت شیخین کو ورنہ حضرت عمر مراجعت نہ فرماتی اور حضرت ابوبکر قیاس نکرتے پہر قیاس ابوبکر کا جب مدلل بدلیل ہوا یعنے اُنہون نے فرمایا کہ مین لڑونگا جو فرق کرے نماز و زکوٰۃ مین تو قبول کر لیا اُسکو حضرت عمر نے تحقیقاً نہ تقلیداً کہ تقلید ایک مجتہد کی دوسرے کو جایز نہین اور اُس قول سے ابوبکر کے یہی واضح ہوا کہ مانع صلوٰۃ سے قتال کرنا صحابہ

ضرور جانتی ہے چنانچہ اُسی پر قیاس کیا ابوبکر نے مانع زکوٰۃ کو گویا یوں کہا کہ جب صلوٰۃ و زکوٰۃ دونوں فرض ہیں تو قتال دونوں کے ترک سے ضرور ہی ورنہ لازم آویگی ترجیح بلا مرجح پس قیاس کیا مخالف فیہ کو متفق علیہ پر قولہ منعوني عقالا بعضوں نے عقال سے زکوٰۃ عام مراد لی ہے مگر یہ قول خطا ہے صحیح وہی ہے کہ مراد اُس سے اونٹ باندھنے کی رسی ہے جیسا ترجمہ کیا ہے بعون اللہ وقوتہ چنانچہ خطابی نے بعض اہل علم سے نقل کیا ہے کہ عقال ہی لیا جاوے ساتھ فرضیہ کے اسلئے کہ اُسکے صاحب پر تسلیم اُسکی ضرور ہی اور وہ کامل نہیں ہوتی جبتک کہ اُسکے باندھنے کا سامان نہ ہو اور خطابی نے کہا کہ ابن ابی عائشہ نے کہا کہ عادت مصدق کی تھی کہ جب صدقہ کا جانور لیتا اُسکے ساتھ ایک قرن بھی لیتا تھا اور قرن وہ رسی ہے کہ قرین کردی دو اونٹوں کو آپس میں یعنے اُسکے دونوں سروں میں ایک ایک اونٹ باندھ دیا جاتا ہے کہ پھر دونوں بھاگ نہیں سکتے اور ابو عبید نے کہا کہ ہمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجمد بن مسلمہ کو زکوٰۃ لینے کو تو وہ ہر دو اونٹ میں اُنکا عقال اور قرن لیتے تھے اور حضرت عمر ہے ہر فریضے کے ساتھ عقال لیتے تھے اور یہ حدیث بطرقہ مشتمل ہے انواع علوم اور اقسام فوایدپر اولاً اسمیں دلیل ہے کمال شجاعت پر ابوبکر رضی اللہ عنہ کے کہ اس موطن عظیم میں اُنہوں نے کمر ہمت قتال کے لئے باندھی اور ساتھ وقت نظر اور رصانت فکر کے استنباط ایسے علوم کا کیا کہ اُسوقت میں کوئی اُنکا شریک نہوا اگرچہ بعد اُسکے سب پر حقیت اُسکی ظاہر ہوئی اور علمائی اُنکے دلائل رجحان اور صحیح تقدم میں سائر صحابہ پر تصانیف کثیرہ کئے ہیں کہ عمدہ تر اُسمیں کتاب فضائل صحابہ ہے الامام ابی المظفر منصور بن محمد السمعانی شافعی کی ثانیاً اسمیں جواز ہے تقرر و مناظرہ کر نیکا بڑوں کے اور سردار وں سے اظہار حق کے لئی جیسا کہ حضرت عمر وغیرہ نے کیا ابوبکر سے ثالثاً اس سے معلوم ہوا کہ ایمان کے صحیح ہونے کے لئے اقرار شہادتین کے ساتھ اعتقاد جمیع ما اتی بہ الرسول کا بھی ضرور ہی چنانچہ روایت اُسکی اوپر گذری رابعاً اسمیں وجوب جہاد کا خامساً اسمیں صیانت ہے جان و مال کی اُس شخص کے کہ کلمہ توحید زبان پر لاوے اگرچہ عند السیف ہو سادساً اس سے معلوم ہوا کہ جریان احکام بظاہر ہے اور اللہ تعالیٰ متولی سرائر ہے سابعاً اسمیں جواز قیاس ہے اور جواز اُسپر عمل کر نیکا ثامناً وجوب قتال مانع صلوٰۃ و زکوٰۃ و غیرہا سے اور مانع واجبات اسلام سے قلیل ہو یا کثیر تاسعاً وجوب قتال اہل بغی عاشراً اجتہاد ائمہ کا نوازل میں اور ردو مناظرہ اہل علم کا اُسمیں تاکہ ظاہر ہو حق اور رجوع کرنا ایک مجتہد کا دوسرے مجتہد کے طرف جب حق ظاہر ہو اور دلیل اُسکے ساتھ ہو اور ثابت ہوا اس سے ترک تخطیہ مجتہدین کا کہ اختلاف کرتے ہوں فروع میں ایک دوسرے کے ساتھ یہ ہیں فوائد اور نشر اس حدیث کے کہ التقاط کیا ہمنے اُسکو نووی سے بعونہ تعالیٰ وفضلہ **باب** ماجاء امرت ان اقاتل الناس حتی یقولوا لا الٰہ الا اللہ ویقیموا الصلوٰۃ باب قتال مردم میں یہانتک کہ وہ موحد اور مصلے ہوں **عن** انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امرت ان اقاتل الناس حتی یشہدوا ان لا الٰہ الا اللہ وان محمدا عبدہ ورسولہ وان یستقبلوا قبلتنا ویاکلوا ذبیحتنا ویصلوا صلوتنا فاذا فعلوا ذلک حرمت علینا دماءہم واموالہم الا بحقہا لہم ما للمسلمین وعلیہم ما علی المسلمین **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا گیا ہے مجھی کہ لڑوں میں لوگوں سے یہانتک کہ وہ گواہی دیویں کہ کوئی معبود برحق نہیں سوا خداوند تعالیٰ کے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم بندہ اُسکے اور رسول اُسکے ہیں اور یہ کہ منہ کریں وہ ہمارے قبلہ کیطرف یعنی نماز ادا کریں ہمارے طریق پر اور کھاویں ذبیحہ ہمارا اور نماز پڑھیں ہمارے نماز کی ہی پھر جب وہ یہ سب کام بجالاویں حرام ہوگیا ہم پر اُنکا خون اور اُنکا مال مگر ساتھ حق اُسکی کے اور اُنکا حق ہے ہم پر جو حق مسلمانوں کا حق ہے اور اُنپر حکم ہے جو حکم مسلمانوں پر ہے **ف** اسا جعین معاذ جبل اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے اور روایت کیا یحیی بن ایوب نے حمید سے اُنہوں نے انس سے مانند اسکے **باب** ماجاء بنی الاسلام علی خمس بیان اسکا کہ اسلام کے پانچ ہیں **عن** ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنی الاسلام علی خمس شہادۃ ان لا الٰہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ واقام الصلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ وصوم رمضان وحج البیت **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بنایا گیا ہے اسلام پانچ چیزوں پر اول گواہی دینا اسکے کہ کوئی معبود برحق نہیں سوا اللہ تعالیٰ کی اور محمد رسول اُسکے ہیں اور دوسرے قایم کرنا نماز کا تیسرے ادا کرنا زکوٰۃ کا چوتھے روزے رمضان کے پانچویں حج بیت اللہ کا **ف** اسا بعین جریر بن عبد اللہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور مروی ہوئی ہے کئی سندوں سے ابن عمر سے اُنہوں نے روایت کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے ورعیہ بن یحمس ثقہ میں اہل حدیث کے نزدیک روایت کیا ہے اُنہوں نے وکیع سے اُنہوں نے حنظلہ بن صفیان سے اُنہوں نے عکرمہ بن خالد مخزومی سے اُنہوں نے ابن عمر سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ما وصف جبرئیل للنبی صلی اللہ علیہ وسلم الایمان والاسلام جو بیان کیا جبرئیل نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے واسطے ایمان اور اسلام کے **عن** یحیی بن یعمر قال اول من تکلم فی القدر معبد الجہنی قال فحرجت انا وحمید بن عبد الرحمن الحمیری حتی اتینا المدینۃ فقلنا لو لقینا رجلا من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسالناہ عما احدث ہؤلاء القوم فلقینا عبد اللہ بن عمر وہو خارج من المسجد قال فاکتنفتہ انا وصاحبی

مقالہ اول روایات ساعت کے دوم وعدد رکعات نماز میں

فَقُلْتُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِنَّ قَوْمًا يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ وَيَتَقَفَّرُونَ الْعِلْمَ وَيَزْعُمُونَ أَنْ لَا قَدَرَ وَأَنَّ الْأَمْرَ أُنُفٌ قَالَ فَإِذَا لَقِيتَ أُولَئِكَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنِّي مِنْهُمْ بَرِيءٌ وَأَنَّهُمْ مِنِّي بُرَآءُ وَالَّذِي يَحْلِفُ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا قَبِلَ اللّٰهُ مِنْهُ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ قَالَ ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُ فَقَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ شَدِيدُ بَيَاضِ الثِّيَابِ شَدِيدُ سَوَادِ الشَّعْرِ لَا يُرٰى عَلَيْهِ أَثَرُ السَّفَرِ وَلَا يَعْرِفُهُ مِنَّا أَحَدٌ حَتّٰى أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَلْزَقَ رُكْبَتَيْهِ بِرُكْبَتَيْهِ ثُمَّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا الْإِيمَانُ قَالَ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ قَالَ فَمَا الْإِسْلَامُ قَالَ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ وَإِقَامُ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءُ الزَّكَاةِ وَحَجُّ الْبَيْتِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ قَالَ فَمَا الْإِحْسَانُ قَالَ أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ قَالَ فَمَتٰى السَّاعَةُ قَالَ مَا الْمَسْئُولُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ قَالَ فَمَا أَمَارَتُهَا قَالَ أَنْ تَلِدَ الْأَمَةُ رَبَّتَهَا وَأَنْ تَرٰى الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الْعَالَةَ رِعَاءَ الشَّاءِ يَتَطَاوَلُونَ فِي الْبُنْيَانِ قَالَ عُمَرُ فَلَقِيَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ بِثَلَاثٍ فَقَالَ عُمَرُ هَلْ تَدْرِي مَنِ السَّائِلُ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ فَإِنَّهُ جِبْرِيلُ أَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ أُمُورَ دِينِكُمْ ترجمہ روایت یحییٰ بن یعمر سے کہ کہا اُنہوں نے پہلے پہل جو گفتگو کی انکار میں تقدیر کے تو معبد جہنی نے سو کہا یحییٰ نے کہ نکلا میں اور حمید بن عبدالرحمٰن یہانتک کہ آئی ہم دونوں مدینہ میں سو کہا ہمنے کہ خدا کرے کہ ملاقات ہو ہم کسے مرد کی اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تاکہ ہم پوچھیں اُنسے حقیقت اس مسئلہ کی کہ نئی نکالی ہے اسمیں گفتگو ان لوگوں نے سو ملاقات کی ہم نے اُنسے یعنی عبداللہ بن عمر سے اور وہ نکل رہی تھی مسجد ہی کہا یحییٰ نے سو گھیر لیا میں نے اور میرے صاحب نے اُنکو یعنے ہم میں سے ایک اُنکے داہنی ہو گیا ایک بائیں سو میں نے کہا اے ابا عبدالرحمٰن کچھ لوگ ہیں کہ پڑھتے ہیں قرآن اور طلب کرتے ہیں علم کو اور باوجود اسکے عقیدہ رکھتے ہیں کہ تقدیر نہیں ہے اور امر مخلوق ناکا ابتدائی ہے کہ پہلے سے اُسکا اندازہ نہیں ہوا تو جواب دیا عبداللہ بن عمر نے کہ جب تو اُن لوگوں سے ملے تو خبر دی اُنکو کہ میں اُنسے بیزار ہوں اور وہ مجھ سے بیزار ہیں یعنے بسبب مخالفت عقیدہ کی اور قسم ہے اُس ذات کی کہ عبداللہ جسکی قسم کھاتا رہتا ہے اگر کوئی اُنمیں کا اُحد برابر سونا خرچ کرے ہرگز اُسمیں سے کچھ مقبول نہ ہوگا یہانتک کہ ایمان لاوے تقدیر پر اور اُسکے خیر و شر پر کہا یحییٰ نے کہ پھر حدیث بیان کرنے لگی عبداللہ اور کہا کہ فرمایا عمر بن خطاب نے کہ ہم حاضر تھے خدمت میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سو آیا ایک مرد بہت سفید کپڑے والا اور بہت سیاہ بالوں والا کہ نہ دیکھا جاتا تھا اُسپر اثر سفر کا اور نہ پہچانتا تھا ہم میں سے اُسکو کوئی یہانتک کہ آیا وہ قریب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ملا دیا اپنے گھٹنے گھٹنوں حضرت کے گھٹنوں ہمسے یعنے بیٹھنے میں پھر کہا اے محمد کیا حقیقت ہے ایمان کے فرمایا آپنے ایمان کی حقیقت یہ ہی کہ تصدیق کرے تو اللہ کی اور فرشتوں کے اور اُسکے کتابوں اور رسولوں کی اور تصدیق کرے پچھلے دن کی اور تقدیر کی اُسکے خیر و شر کی پھر کہا اُسنے اور کیا ہی اسلام فرمایا آپنے اسلام گواہی دینا ہی اسبات کی کہ کوئی معبود برحق نہیں ہے سوا خدا کی اور محمد بندہ ہی اُسکے اور رسول اُسکے ہیں اور قائم کرنا نماز کا اور ادا کرنا زکوٰۃ کا اور حج بیت اللہ کا اور روزہ رمضان کا کہا اُسنے پھر کیا احسان فرمایا آپنے احسان یہ ہے کہ پوجے اور عبادت کرے تو اللہ تعالیٰ کی اس خشوع و خضوع سے کہ گویا تو اُسی دیکھتا ہے پھر اگر یہ تجھسے نہ ہو سکے تو یہ یقین کر کہ وہ تجھی دیکھتا ہے کہا راوی نے کہ پھر وہ سائل ہر ات میں حضرت سے کہتا جاتا تھا کہ سچ فرمایا آپنے کہا راوی نے سو تعجب کیا ہمنے کہ کیسا پوچھتا ہے یہ اور تصدیق بھی سے مان لیتا ہے پھر کہا اُس سائل نے کب ہے قیامت تو فرمایا آپنے جس سے تم پوچھتے ہو اُسے کچھ زیادہ علم نہیں ہے اُسکا تم سے یعنے جیسے تم اُسکا وقت نہیں جانتے ویسا ہی میں بھی نہیں جانتا پھر کہا سائل نے کہ کیا ہی نشانی اُسکے کہ فرمایا آپنے نشانی اُسکی یہ ہے کہ جنیگی لونڈی اپنی بی بی کو اور یہ کہ دیکھیگا تو ننگے پیر برہنہ تن محتاج چرواہوں کو کہ لمبی لمبی عمارتیں بناتے ہونگے کہا عمر نے سو میں مجھہ ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسکے تین دن کے بعد اور فرمایا اے عمر تم جانتے ہو کہ کون تھا یہ پوچھنے والا البتہ یہ جبرئیل تھا کہ آیا تھا تمہاری پاس کہ سکھلاوے تمکو دین تمہارا ف روایت کی ہمسے احمد بن محمد نے اُنہوں نے ابن مبارک سے اُنہوں نے کہمس بن الحسن سے اسی اسناد سے مانند اسکے اور روایت کی ہمسے محمد بن مثنیٰ نے اُنہوں نے معاذ بن ہشام سے اُنہوں نے کہمس سے اسی اسناد سے مانند اسکے مضمون میں اور اسماعیل بن طلحہ بن عبداللہ اور انس بن مالک اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے کئی سندوں سے ایکی مانند اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث ابن عمر سے اُنہوں نے روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور صحیح ہے کہ روایت کرتے ہیں ابن عمر سے وہ روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **مترجم** قولہ پہلے پہل جو گفتگو کی تھی انکار تقدیر میں تو معبد جہنی نے یعنے نئی نکالی اُسنے بدعت اور احداث فی الدین کیا اور اختلاف کیا اہل حق کا حالانکہ اہل حق اثبات کرتے ہیں قدر کا اور قدر بفتحتین دال اور بلکان بضم لام طرح لغت مشہور ہے اور مراد اثبات قدر سے یہ ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہونا کیا اشیا کا ازل میں اور محیط تھا علم قدیم اُسکا اسپر کہ یہ واقع ہونگے فلاں فلاں اوقات معلومہ میں فلانے

علانی صفات مخصوصہ پر پیرہ اشیاء اُسی اوقات مین اُسی صفات سے متصف ظہور مین آتی ہین اور کتم عدم سے مطابق علم الٰہی ساتھ وجود پر مصور ہوتی ہین اور قدریہ اسکا انکار کرتے ہین اور کہتی ہین کہ اللہ تعالیٰ کی کوئی اندازہ نہین کیا قبل مخلوقات کے اور نہین متعلق ہوا علم اُسکا اشیاء موجودہ کے قبل وجود کے بلکہ جانا اللہ تعالیٰ نی اشیا کو بعد موجود ہونیکی اور جھوٹ باندہا اُنہون نے اللہ پر اور انکار کیا اخبار رسول کا تعالی اللہ عن اقوالہم الباطلۃ علوًّا کبیرًا اور موسوم ہوا یہ فرقہ تقدیریہ بسبب انکار قدر کے صاحب مقالات نے کہ متکلمین مین سے ہی کہا ہی کہ باقی رہی وہ قدریہ کہ جنکا یہ قول شنیع تہا اور اہل قبلہ سے اب کوئی اسکا قایل نہین اور نی زمانہ جو قدریہ پائی جاتے ہین وہ معتقد ہین اثبات قدر کی مگر کہتے ہین کہ خیر خدا کیطرف سے ہی اور شر اُسکے غیر کیطرف سے تعالی اللہ عن قولہم الامام الحرمین نی فرمایا ہی کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نی ارشاد کیا کہ قدریہ مجوس اس امت کے ہین اور شبہہ وہی آنحضرت نے اُنکو مجوس سے اسلئے کہ اُنہون نے بہی خیر وشر کی تقسیم کی ہے چنانچہ کہا ہے کہ خیر یزدان کیطرف سے ہی اور شر اہرمن کیطرف سے اور اس حدیث کو روایت کیا ابن عمر نے رسو خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اخراج کیا اسکو ابو داؤد نی اپنے سنن مین اور حاکم نی مستدرک مین اور کہا یہ حدیث صحیح ہی شیخین کی شرط پر اور نہ مذہب اہل حق کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ خالق ہے خیر وشر سب کا نہین موجود ہوتی ہے کوئی چیز مگر اُسکے مشیت سے سو وہ دونون منسوب ہین اُسکے طرف خلقاً اور ایجاداً جیسے منسوب ہین فاعلین کیطرف اُنکے بندون سے فعلاً اور اکتساباً خطابی نے فرمایا ہے کہ بعض عوام کے خیال خام مین ہی کہ معنے قضا کی جبر کرنا ہے اللہ تعالیٰ کا بندے پر اس چیز کے ساتہ کہ قضا کیا اُسکی لئی اور سلب کردیا ہے اُسکی اختیار کا حالانکہ ایسا نہین ہے بلکہ مراد اثبات قدر سے فقط ثابت کرنا ہی اُس تعالیٰ شانہ کے علم قدیم کا قبل اکتساب عبد کے خیر وشر کو اور پیدا کرنا خیر وشر کا اپنی قدرت کاملہ سے اور قدر اسم ہے اُس چیز کا کہ صادر ہوئی بمقدر بقدرت قادر عرب کہتا ہے قدرت الشئی وقدرتہ بتخفیف وتثقیل ایک ہے معنے کے لئی اور قضا کے معنے پیدا کرنا ہے چنانچہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے فقضاہن سبع سموات فی یومین اہی خلقہن یعنے پیدا کیا اُنکو سات آسمان دو روز مین اور ظاہر ادلۂ قطعیہ کتاب وسنت کی اور اجماع ہی صحابہ کا اور اتفاق اہل حل وعقد کا سلف وخلف ہی اثبات قدر پر اور ثبت ہوئی مین تصانیف اسباب مین چنانچہ حسن اور مفید تر اُنمین سے کتاب حافظ فقیہہ ابی بکر بیہقی کہ ہے قولہ ویقفرون العلم تقفیرہ بتقدیم قاف علی الفا بمعنے طلب کے یہ ثبت ہوا ہے اور بعضون نے کہا معنے اُسکے جمع کرنا ہے یقفرون العلم یعنے جمع کرتے ہین علم کو اور بعض شیوخ مغاربہ نے بتقدیم فا کہا ہی یعنے بحث کرتی ہین غوامض علم سے اور استخراج کرتے ہین اُسکے خفیات کا یہ روایتین مسلم کے ہین اور غیر مسلم مین یقفون بہ تقدیم قاف وبحذف ی وارد ہوا ہی اور وہ بہی صحیح ہی معنے اُسکے تتبع کی ہین اور قاضی عیاض نے کہا ہی یعنے یتقعرون یعنین مہملہ بعد الفا ساکن یعنے طلب کرتے ہین قعر علم کو اور ڈہونڈہتے ہین اُسکے غوامض اور خفیات کو عرب کہتا ہی تقعر نے کلام مرسکہ کہ کسیکے کلام مین غرابت معلوم ہوتی ہے اور ابو یعلی موصلی کی روایت مین یتفقہون مروی ہے اور معنی اُسکے ظاہر ہین قولہ اور امر مخلوق کا ابتدا ہے یعنے قبل وقوع وقایع کے اللہ تعالیٰ کو اُسکا علم تہا اور اُسکے علم قدیم مین اُسکا اندازہ اور مقدار معین تہا نہ بلکہ بعد وقوع کے اُسکا علم بطور ابتدا کے اللہ تعالیٰ کو حاصل ہوتا ہے اور لازم آتی ہے اس قول سے تجہیل اللہ پاک کے قبل وقوع وقایع کے تعالی اللہ عن ذلک علوًّا کبیرًا اور یہ قول اُنکے غلاۃ کا اور جہال ہے اسکا کافر ہے بلا خلاف ایسا ہی کہا قاضی عیاض نے اور بیشک منکر ان قدر فلاسفہ مین قولہ جواب یا عبد اللہ نے کہ جب تو اُسنے ملی آہ اس قول سے ظاہر ہے کہ مراد عبد اللہ کی تکفیر تہی ان قدریہ کی جو نفی کرتے ہین علم قدیم کے اللہ تعالیٰ سے اور شاید مراد اُس سے کفران نعمت ہو اور جایز ہے کہ عمل مسلم کو غیر مقبول کہین باوصف صحت کے جیسے نماز دار مغصوبہ مین ہیچہ اُسکے قضا واجب نہین باوجود اسکے غیر مقبول ہے یعنی ثواب نہین اُسکا جمہور علماء کے نزدیک اور باجماع سلف اُس پر ترتب نہین اجر اور ایسا ہی شافعیہ کے نزدیک اور لفظ یہ ہے کہا ذہب کو ذہب کہا ہے اسرعۃ ذہابہ یعنے بسبب جلد چلے جانے اُسکے کے قولہ لابرّی علیہ اثر السفر اور بعضے رواۃ مین لازی نون کے مروی ہے یعنے نہین یکہتے ہم اُسپر اثر سفر کا اور دونون صحیح ہین قولہ فرمایا آپنے احسان یہ ہے کہ عبادت کرے تو اور یہ کلام آپکا جوامع الکلم سے ہے یعنے تہوڑی لفظون مین وہ مضمون ارشاد کیا کہ عبادات طویلہ مین ادا ہوسکے اور یہان پر جاننا چاہئے کہ عبادت تین طرح ہی اول بطور بجالانا کہ وظیفہ تکلیف کا ساقط ہوجاوے اور شرعًا اُسکا تارک نہی یعنے بجالانا اُسکا باستیفا شرائط واراکان اور تمام دوسرا مرتبہ کا ہے اور وہ بجالانا عبادتکا ہے اسطور پر کہ یقین ہو اُسکو کہ وہ تعالیٰ مجہے دیکہتا ہی اور ظاہر ہے کہ جب اس امر کا یقین ہوگا تو بندہ کوئی چیز نہ چہوڑیگا خشوع وخضوع وحسن ہیئت اور اجتماع ظاہر اور باطنی سے کہ بجانہ لاوے اُسکو اور تیسرا مقام اس سے اوپر ہی کہ وہ مقام مشاہدہ ہے اور وہ مقام ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا اور تفصیل اُسکے یہ ہے کہ بجالاوے عبادت بشرائط مذکورہ اور مستغرق ہو اُسکی ساتہ بحیثیکہ کاشفہ مین گویا کہ وہ دیکہ رہا ہے اللہ تعالیٰ جل جلالہ وعظم شانہ کو اور یہ مقام پکا ہے کہ فرمایا آپنے جعلت قرۃ عینی فی الصلوۃ بسبب حصول استلذاذ کی ساتہ طاعت کے اور وصول اُسکے ساتہ عبادت کے اور سوا دونون مسالک التفات الی الغیر کے بسبب ستیلا انوار مکاشفہ کے اور یہ ثمرہ ہی استلذاذ روایا قلب کا محبوب سے اور اشتغال باطن کا ساتہ

اُسکے اور نتیجہ اُسکا نسیان احوال معلوم ہے اور اضمحلال سوم اور ہر ایک ان درجات ثلثہ سے احسان ہے مگر مقام اول اُنمین سے شرط ہی صحت اعمال کے اور مقامین اخرین شرط مین کمال کے اور لفظ احسان کا اکثر مستعمل ہوتا ہے مقامین اخرین کے لئے اور کمال ایمان کے واسطے چنانچہ تحقیق اسکے مقدمہ مین گذری اور آخر مین سوال کیا اُسکا جبرئیل نے کہ اہل اُسکے قلیل ہین وقلیل ہم اللھم اجعلنا من القلیل اور ایک وجہ یہ بھی ہے کہ احسان صفات افعال سے ہے بخلاف ایمان کے اور صفت اور شرط کا درجہ متاخر ہے وصوف سے اور مشروط کی درجہ سی قولہ فرمایا آپنی جس سے تم پوچھتے ہو اُسی کیجہ زیادہ علم نہین آہ اس سے معلوم ہوا کہ مسئول ومعتی کو ضرور ہے کہ جو چیز اُسے معلوم نہو تو لا اعلم ولا ادری کہدی اور اسمین شرمادی نہین اور یہ خیال نکرے کہ میرے کسر شان ہوگی بلکہ اس سے اور اُسکا ورع وتقوی اور محتاط ہونا لوگون مین ظاہر ہوگا اسی لئی کہا گیا ہے کہ لا ادری نصف العلم اور یہ سوال جبرئیل کا اس نظر سے نہا کہ لوگ اُسکے وقت کو جان لین بلکہ اس مقصود کے لئے تہا کہ لوگ اُسکا وقت پوچھنے سے باز رہین چنانچہ یہ سوال وجواب حضرت عیسے اور جبرئیل علیہ السلام کے درمیان بطریق قیامت کے مین ہو چکا تہا مگر فرق اتنا تہا کہ وہان جبرئیل مسئول منہ تہے اور یہان سائل اور جبرئیل نے بھی وہی جواب دیا تہا جو آنحضرت نے انکو دیا اور اسمین عجیب لطف ہوا کہ لبیب کی پرشنیدہ مین ہو چکا تہا مگر فرق اتنا تہا کہ وہان جبرئیل مسئول منہ تہے اور یہان سائل اور جبرئیل نے بھی وہی جواب دیا تہا جو آنحضرت نے انکو دیا اور اسمین عجیب لطف ہوا کہ لبیب کی پرشنیدہ نہین ہے قولہ فالمار تہا بعضے روایتون مین امارات کا لفظ ہے اور بعضے مین اشراط کا امارات جمع ہی امارۃ کی ہے بمعنے علامت ہے اور اشراط جمع ہی شرط کی وہ بھی بمعنے علامت ہے مگر یہان امارات وسطی قیامت مراد ہین کہ مقدمہ قیامت اور مقارن اُسکے ہین قولہ ان تلد الامۃ ربتہا بعضے روایتون مین یہا آیا ہی بجز ہا کی اور رب کے معنے سید اور ربۃ کے معنے سیدہ بعضے جنگلے لونڈی اپنے بی بی اور مالکہ کو یا اپنے میان اور مالک کو چنانچہ بعضے روایتون مین بعلہا ہے اور بعل سے مراد بھی سید اور مالک ہے اور یہ کنایہ ہے کثرت اولاد سراری سے کہ جب لونڈیون سے اولاد ہوگی تو ان انکی گویا اولاد کی لونڈی ہے اسلئے کہ ملک ہے اُنکے باپ کے اور بعضون نے کہا کہ مراد یہ ہے کہ سلاطین اکثر کنیزادی ہونگے کہ انکی مان انکے رعیت ہوگی اور وہ اُسکے حاکم اور سید اور بعضون نے کہا مراد اس سے فساد حال ہے اور کثرت بیہمہات اولاد کہ آخر ام ولد بکتے بکتے اپنے اولاد کے ملک مین آجاویگی اور وہ بیچاری بیگانے کو یہ میرے مان ہے تاکہ اُسکے تعظیم وتکریم کرے اور بعضون نے کہا مراد اس سے کثرت عقوق ہے یعنے اولاد مان سے ایسا معاملہ کریگی، کہ جیسے لونڈیون سے لیتے ہے اور لونڈی فرمایا ہے کہ اس حدیث مین دلیل نہین ہے جواز بیع ام اولاد کے اور نہ اُسکے منع پر اور لطف یہ ہے کہ دو بڑی کبار علمانے اس سے استدلال کیا ہے ایک نے جواز پر اور ایک نے منع پر قولہ اور یہ کہ دیکھیگا تو ننگے پیر برہنہ تن کو الخ مراد اس سے ارتفاع اسافل ہے اور تسول اراذل کہ کمینے لوگ اور خبیث امیر ہونگے اور رئیس چنانچہ شاعر عرب نے کہا ہی **شعر** اذا التقی الاسافل بالاعالی ۔ فقد طابت منادمۃ المنایا، اور اس قول مین حضر کے اخبار ہی انتشار اسلام سے اور اسلیا اہل اسلام ہی کہ وہ غالب ہونگے ملکون پر اور قید کرینگے کفار کے عورتون کو اور کثرت سے ہوگی انکی اولاد قولہ اسکہلاؤ سے تکمو دین تمہارا اس سے معلوم ہوا کہ لفظ دین کا شامل ہے اسلام وایمان واحسان کو جیسا کہ بمعنے تصریح کے ہی مقدمہ مین اور بعضی روایتون مین آیا ہے کہ آپنے فرمایا قسم ہے اُس پروردگار کے کہ میری جان اُسکی ہاتہ مین ہے، کہ جبرئیل جب میرے پاس آئی مین مین نے انکو پہچانا ہے مگر اس بار کہ نہ پہچانا مین نے انکو مگر جب بیٹہے پہر میرے انہون نے (وہذا آخر ما ارادہ نفعنا بہ فی شرح ہذا الحدیث والتقطناہ کلہ من النووی والقسطلانی)

## باب ما جاء فی اضافۃ الفرائض الی الایمان

باب اس بیان مین کہ فرائض ایمان مین داخل ہین **عن** ابن عباس قال قدم وفد عبد القیس علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالوا یا رسول اللہ ممن القوم او من الوفد قالوا ربیعۃ ولسنا نصل الیک الا فی الشہر الحرام فمرنا بشیء ناخذہ عنک وندعو الیہ من وراءنا قال امرکم بار بع بالایمان باللہ ثم فسرہا لہم اشہادۃ ان لا الہ الا اللہ وانی رسول اللہ واقام الصلوۃ وایتاء الزکوۃ وان تؤدوا خمس ما غنمتم ترجمہ روایت ابن عباس سے کہا کہ آئی قاصد عبد القیس کے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس وعرض کی کہ ہمارے آپکے درمیان یہ قبیلہ ربیعہ کہ اُسکے سبب سے ہم ہمیشہ حاضر نہین ہو سکتے آپکی خدمت مین مگر حرام کے مہینون مین یعنے شہر حرم مین کہ عرب اُن مہینون مین اُسکو لوٹتے مارتے نہ تہے سو آپ حکم کر دیجئے ہمکو ایسے چیز کا کہ ہم اُسپر عمل کرین اور ترغیب وتحریض کرین اُسکے اور لوگون کو اپنے سوا سو فرمایا آپنی کہ مین تمکو حکم کرتا ہون چار چیزون کا اور منع کرتا ہون چار چیزون سے ایمان لانا اللہ تعالی پر اور تفسیر کی آپنی ایمان کی کہ ایمان گواہی دینا ہی اس امر کے کہ کوئی معبود برحق نہین سوا اللہ کے اور مین رسول ہون اللہ تعالی کا اور قایم کرنا نماز کا اور ادا کرنا زکوۃ کا اور یہ کہ دیو تم خمس غنیمت سے یعنے آنحضرت نے تفسیر ایمان کی ان عملون سے کی **ف** روایت کی ہم سے قتیبہ نے انہون نے حماد بن زید سی انہون نے ابی جمرہ سی انہون نے ابن عباس سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو جمرہ ضبعی کا نام نصر بن عمران ہے اور روایت کی شعبہ نے ابی جمرہ سے بہی اور زیادہ کی اسمین یحفظہا تذرون ما الایمان شہادۃ ان لا الہ الا اللہ وانی رسول اللہ وذکر الحدیث یعنے کیا تم جانتے ہو کیا ہے ایمان گواہی دینا اسکی کہ کوئی معبود برحق نہین سوا اللہ کے اور مین رسول ہون اللہ کا پہر ذکر کیا آخر حدیث تک سنا نہین قتیبہ سے کہ وہ فراتی تہی نہین دیکہا مین نے مثل ان چار فقہا بزرگ کے کسیکو مالک بن انس اور لیث بن سعد اور عباد بن عباد مہلبی اور عبد الوہاب ثقفی

کہا قتیبہ نے اور ابن رمح نے ہم سے کہا ہمیں لیث نے ہم عبداللہ بن عباد کی پاس سے دو ہی حدیث سنکر اور عباد بن عباد المہلبی ہیں مہلب بن ابی صفرہ کی **مترجم** غرض مصنف رحمۃ اللہ علیہ کے اسباب سے یہی کہ اعمال ایمان میں داخل ہیں اور یہی مذہب صحیح ہی چنانچہ بخاری نے تعریف ایمان میں فرمایا ہے الایمان قول وفعل ویزید وینقص اور حاکم کی نزدیک یہ لفظ ہیں الایمان قول وفعل ویزید وینقص اور ایسا ہی نقل کیا الالکائی نی کتاب السنۃ میں شافعی اور احمد بن حنبل اور اسحاق بن راہویہ سی بلکہ قایل ہیں اسکے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سے عمر بن الخطاب اور علی بن ابی طالب اور ابن مسعود اور معاذ بن جبل اور ابو الدرداء اور ابن عباس اور ابن عمر اور عمار اور ابو ہریرہ اور حذیفہ اور عائشہ وغیرہم اور تابعین سے کعب احبار اور عروہ اور طاؤس اور عمر بن عبدالعزیز وغیرہم اور روایت کیے الالکائی نی بسند صحیح بخاری سی کہ فرمایا امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کہ ملاقات کیے میں نے ہزار مرد سے زیادہ علماء اہل حجاز اور فقہائی دیار سی پھر ایک کو بھی نہ دیکھا میں نے کہ وہ اختلاف کرتا ہو اس قول میں کہ ایمان قول ہے اور عمل ہے اور زیادہ ہوتا ہی اور کم ہوتا ہی اور لیکن الک نے جو توقف کیا ہے اسکو نقصان میں تو فقط اس خیال سے کہ کوئی اس پر موافقت خوارج کرکے تہمت نہ لگاوی اور یہ نہ سمجھی کہ وہ موافق خوارج ہیں اور استدلال کیا ہی بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے زیادت ایمان پر کتنے ہی آیتوں سے چنانچہ فرمایا اللہ سبحانہ نی سورۂ فتح میں لِيَزْدَادُوا إِيمَانًا مَعَ إِيمَانِهِمْ اور سورۂ کہف میں وَزِدْنَاهُمْ هُدًى اور سورۂ مریم میں وَيَزِيدُ اللَّهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى اور سورۂ مدثر میں وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَانًا اور سورۂ برات میں أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَٰذِهِ إِيمَانًا فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا اور ال عمران میں فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيمَانًا اور سورۂ احزاب میں وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا پھر اگر کوئی معترض ہو اور کہے کہ ایمان تصدیق بالقلب کا نام ہے اور تصدیق بالقلب کا اور تصدیق ایک شی واحد ہے کہ متجزی نہیں ہوتی پس اسمیں زیادت اور نقصان کیونکر جایز ہوگا جواب دیا جاویگا کہ درصورتیکہ قول اور فعل تعریف ایمان میں داخل ہون تب بھی کمی بیشی اسکی اظہر من الشمس ہے کہ اعمال حسنہ قلبی بڑہے جاوینگے ایمان بڑہتا جاویگا اور درصورتیکہ قول وفعل اسمیں داخل نہون تب بھی کمی بیشی اسکی مشاہدہ میں آتی ہے اسلیے کہ ہر ایک جانتا ہے کہ جو تصدیق اسکے قلب میں ہے وہ کم وبیش ہوتی رہتی ہے اسطرح پر کہ بعض احیان میں یقین اور اخلاص قلب میں زیادہ معلوم ہوتا ہے اور توکل مسبب الاسباب پر زیادہ ہوجاتا ہی اور آخر تکو گویا سامنے نظر آتی ہے چنانچہ محافل علماء اور صحابہ میں اسکا مشاہدہ کیا جاتا ہے اور بعض اوقات میں بحسب ظہور براہین وسطوع دلایل مزید یقین ہوتا ہے اور بعض احیان میں کم اسی بنا پر ہے معلوم ہوا کہ ایمان بمعنی یقین کے اقوی ہے ایمان غیبی اور اس مضمون پر حدیث حنظلہ دال ہے کہ وہ کہتی ہیں کہ یا رسول اللہ جب ہم آپکی خدمت میں ہوتی ہیں گویا آخرت کو دیکھتی ہیں ہر جب اپنے اموال اولاد میں مشغول ہوجاتے ہیں وہ تصدیق نہیں پاتی اور وہ یقین اپنی دلونمیں مشاہدہ نہیں فرماتے اور اسی پر مبنی ہے محققین اشاعرہ کا کہ وہ کہتی ہیں کہ نفس تصدیق کم وبیش نہیں ہوتی مگر ایمان شرعی کم وبیش ہوتا ہے زیادت وکمی ثمرات اسکی کے کہ وہ اعمال ہیں اور اس تقریر سی حاصل ہوجاتی ہی توفیق مظاہر نصوص ہیں جو دال ہیں زیادت پر اور اقاویل سلف میں اور اصل وضع لغت میں اور اکثر متکلمین کیے قول میں بایں البتہ زیادتی قوت اور ضعف کی راہ سی اور اجمال وتفصیل کے راہ سی اور تعدد کی راہ سی بالتبع کثرت افراد مسمی کے مسلم الطرفین ہے اور پسند کیا اس تقریر کو نووی نے اور منسوب کیا علامہ تفتازانی نے شرح عقاید نسفی میں اس قول کی طرف بعض محققین کے اور موافق میں کہا کہ یہی حق ہے اور انکار کیا اکثر متکلمین نے اور جواب دیا انہونے کہ اگر یہ قول قبول کیا جاوے تو لازم آتا ہی شک اور کفر یعنے جب تصدیق کم ہو جاوے تو منجر ہو طرف شک کے اور وہ کفر ہے اور جواب دیا آیات وغیرہ کا جیسا کہ نقل کیا ہی انہونے نے اپنے مارہی کہ زیادت ایمان کے مخصوص تھے آنحضرت کے زمان مبارک کے ساتھ اسلیے کہ ہمیشہ وحی نازل ہوتی تھی ہر حوفرض زیادہ ہوتا تھا اسپر وہ لوگ ایمان لاتی تھی پس یہی زیادتی ایمان تھی اور بعد آپکے ممکن نہیں حاصل اسکا یہ ہے کہ زیادتی ایمان بزیادتی مایجب بالایمان تھی اور پس زمانہ سوا امت پر نہیں مگر اسمیں طرق اعلم کی اطلاع تفاصیل فرایض ممکن ہے غیر زمان مبارک میں اور ایمان واجب ہے اجمالاً اور واجب ہے تفصیلاً آنچہ معلوم ہے تفصیلاً اور یہ مرتوشیدہ نہیں کہ تفصیل زیادہ ہے اجمال سے پس ممکن ہوئی زیادتی ایمان کی بعد زمانہ مبارک کے بھی جیسا ایک شخص امی ایمان لایا اجمالاً اور بعد اسکے تحصیل علم میں مشغول ہوا اور روز بروز تفصیل سے منشرح ہوتا رہا اور ایمان تفصیلی حاصل ہوتا رہا پس یہ زیادتی ہے اصل ایمان کی اور انکار اسکا انکار بدیہی ہے (تسطلانی ملخصاً زرقانی)

**باب** فِي اسْتِكْمَالِ الْإِيمَانِ وَالزِّيَادَةِ وَالنُّقْصَانِ باب کمال ایمان اور زیادت اور نقصان کے بیان میں **عن** عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَكْمَلِ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنَهُمْ خُلُقًا وَأَلْطَفُهُمْ بِأَهْلِهِ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سی کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کاملتر مومنون ایمان کے وہ ہیں جو اچھی خلق والے ہیں اور اپنے اہل سے نرمی کرنیوالے **اف** اسیا ہمیں ابی ہریرہ اور انس بن مالک سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے اور نہیں جانتے ہم کہ ابی خلدہ کو سماع ہو عائشہ سے اور روایت کی ہے ابی خلدہ نے عبداللہ بن یزید سی کہ جو صحبت میں ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہ روایت کرتے ہیں حضرت عائشہ سے اس روایت کے سوا اور روایتیں اور بھی نقل

استکمال ایمان کا بیان زیادت اور نقصان کا بیان

کا نام عبداللہ بن جرمی ہے روایت کرے ہمسے ابن ابی عمر وہ انہوں نے سفیان سے کہا سفیان نے ذکر کیا ایوب سختیانی نے ابو قلابہ کا انہوں نے کہا واللہ وہ فقہا میں سے ہے اور عالم ہے **ترجمہ** حدیث والے سے کمال ایمان پر اور حسین کمال ہوتا ہے اُسمیں نقصان ہونے راہ پاتا ہے اور یہی مقصود ہے مؤلف رحمۃ اللہ علیہ **عن** ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطب الناس وعظھم ثم قال یا معشر النساء تصدقن فان کن اکثر اھل النار فقالت امرأۃ منھن ولم ذاک یا رسول اللہ قال لکثرۃ لعنکن وکفرکن العشیر قال وما رأیت من ناقصات عقل ودین اغلب لذوی الالباب منکن قالت امرأۃ وما نقصان عقلھا ودینھا قال شھادۃ امرأتین منکن بشھادۃ رجل ونقصان دینکن الحیضۃ تمکث احدکن اللیالی والایام لا تصلی **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑھا لوگوں پر اور نصیحت کی انکو پھر فرمایا اے گروہ عورتوں کے صدقہ دو کہ تم اکثر اہل نار ہو سو عرض کی ایک عورت نے انمیں سے اور کیوں ہے یہ یا رسول اللہ فرمایا بسبب کثرت لعن تمہارے اور ناشکری کرتی ہو تم شوہر کے اور فرمایا میں نے نہ دیکھا کسی ناقص عقل ناقص دین والی کو کہ غالب ہو جاتی ہو خلقمند دیندار اور ہوشیار لوگوں پر تم سے زیادہ سو عرض کی ایک عورت نے انمیں سے کیا ہی نقصان ہے عورتوں کی عقل کا فرمایا دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کی گواہی کے برابر ہے یعنی یہ نقصان ہے اُسکے عقل کا اور نقصان اُنکے دین کا حیض سے کہ جب حائضہ ہوتی ہے رک جاتی ہے ایک تم میں کے تین یا چار دن کہ نماز نہیں پڑھتی **ف** اسبا میں ابی سعید اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الایمان بضع وسبعون بابا فادناھا اماطۃ الاذی عن الطریق وارفعھا قول لا الہ الا اللہ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ایمان کے ستر ہیں کچھ باب میں سو ادنی باب دور کرنا اذی کا ہے راہ سے اور اعلے باب قول لا الہ الا اللہ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور اسی روایت کے سہیل بن ابی صالح نے انہوں نے عبداللہ بن دینار سے انہوں نے ابی صالح سے انہوں نے ابی ہریرہ سے اور روایت کے عمارہ بن غزیہ نے یہ حدیث ابی صالح سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا اپنے ایمان کے چھ شعبہ ہیں روایت کے ہمسے یہ حدیث قتیبہ نے انہوں نے بکر بن مضر سے انہوں نے عمارہ سے جو بیٹے غزیہ کی ہیں انہوں نے ابی صالح سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **ترجمہ** اس حدیث سے مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے استدلال کیا کہ ایمان فعلی اجزا شئی ہے اور جو فعلی اجزا ہوا حسین باجتماع اجزا کے تکمیل اور بتقسیص اجزا کے نقص راہ پاتا ہے پس ایمان کے زیادتی و کمی ہوئی وذلک المقصود قولہ بضع وسبعون او بضع وستون او بضع وسبعون بیسر موحدہ وقد تفتح وزائی کہا ہے کہ خاص ہے سات عشرات کے تعین تک نہ کہا جاوے گا بضع دمائۃ اور نہ بضع الف اور نہ ما بین بضع کہ البضع ما بین ثلاث تسع ہی یا خمس تک یا واحد چار تک یا ہمیشہ سات تک اور جب تجاوز ہو سات سے تو نہیں کہا جاتا البضع وعشرون اور نہ ہوا قول سے کہ کہا جاتا ہے مگر مذکر مین ہوا اور مؤنث میں بے ہا کے سو کہ گیا تو بضعۃ وعشرون جہاں بضع وعشرون امرأۃ اور اسکا عکس نہیں ہوتا اور اسی طرح ابی صالح نے عبداللہ بن دینار سے بضع وستون او بضع وسبعون بسہیل تک روایت کیا ہی اور اصحاب من ثلثۃ نے اُن کے طریق سے بضع وسبعون بغیر شک کے روایت کیا ہی اور بیہقی نے روایت بخاری کو ترجیح دی ہے اسلئے کہ سلیمان نے بغیر شک کے بضع وستون روایت کیا ہی اور ترجیح اسطرح ہی ہے کہ وہ متقین سے اور عدد کا شک بضع وسبعون متشکک ہے اور بیہقی کے ایک کتاب ہے شعب الایمان کہ اسمیں ایمان کے شعبوں کے بیان ہے اور وہ خیر پر منہاج کی تالیف ہوئی ہے اور منہاج ایک عمدہ کتاب ہے ابی عبداللہ حلیمی کی کہ وہ امام متین فقیہ کے قاضی عیاض نے کہا ہی کہ بضع اور بضعۃ بفتح با اور کسر ہر دو نون سے عدد میں بخلاف بضعۃ اللحم کے کہ وہ بالفتح ہی بغیر امام حافظ ابو عاصم نبیل بن عبداللہ بن عاصم مروزی سے کہ انہوں نے کہا تتبع کیا میں نے طاعاتکا تو وہ بہت ملے جاتے تھے پھر رجوع کی میں نے سنن کیطرف اور گنا اُن طاعتوں کو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جنہیں ایمان سے شمار کیا ہی تو وہ کچھ زائد تھے تہتر بضع وسبعین سے پھر ڈھونڈا میں نے قرآن سے اور گنا اُن طاعتوں کو کہ فرمایا اللہ تعالی نے انکو ایمان سے تو وہ گنت جاتی تھی بضع وسبعین پس ملایا میں نے سنت سے اُن چیزوں کو کہ گنانا انکو حضرت نے ایمان سے ساتھ طاعات قرآن کے اور گرد آیا میں انکو جو منتشر تھی سے تو پھر گئے یقین کر لیا میں نے کہ یہی مراد ہی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے امر ذکر کیا ابو حاتم نے اُن سبکو کتاب صفۃ الایمان میں نووی **باب** حیاء من الایمان باب میں حیا کا ایمان سے ہونے **عن** سالم عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مر برجل وھو یعظ اخاہ فی الحیاء فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعہ فان الحیاء من الایمان **ترجمہ** روایت ہے سالم سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم گذرے ایک مرد پر اور منع کر رہا تھا اپنے بھائی کو حیا سی پر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ حیا تو ایمان میں داخل ہے یعنے منع کرنا اُس سے بے محل ہے **ف** کہا احمد بن منیع نے اپنی حدیث میں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا ایک مرد کو کہ وہ منع کر رہا تھا اپنی بھائی کو حیا سی یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور اسبا میں ابی ہریرہ سے ہے روایت ہے **ترجمہ** مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے استدلال کیا اسحدیث سی پر کہ اعمال اہل ایمان میں داخل ہیں کیونکہ حیا ایک عمل ہے اور حضرت

ایمان سے فرمایا پس اور افعال بھی اسیطرح انہیں داخل ہیں ورنہ ترجیح بلا مرجح لازم آویگی **باب** ماجاء فی حرمۃ الصلوٰۃ باب فضیلت میں نماز کے **عن** معاذ بن جبل قال کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فاصبحت یوما قریبا منہ ونحن نسیر فقلت یا رسول اللہ اخبرنی بعمل یدخلنی الجنۃ ویباعدنی عن النار قال لقد سألتنی عن عظیم وانہ لیسیر علی من یسرہ اللہ علیہ تعبد اللہ ولا تشرک بہ شیئا وتقیم الصلوٰۃ وتؤتی الزکوٰۃ وتصوم رمضان وتحج البیت ثم قال الا ادلک علی ابواب الخیر الصوم جنۃ والصدقۃ تطفئ الخطیئۃ کما یطفئ الماء النار وصلوٰۃ الرجل من جوف اللیل قال ثم تلا تتجافی جنوبھم عن المضاجع یدعون ربھم حتی بلغ یعملون ثم قال الا اخبرک برأس الامر کلہ وعمودہ وذروۃ سنامہ قلت بلی یا رسول اللہ قال رأس الامر الاسلام وعمودہ الصلوٰۃ وذروۃ سنامہ الجہاد ثم قال الا اخبرک بملاک ذلک کلہ قلت بلی یا رسول اللہ قال فاخذ بلسانہ قال کف علیک ھذا فقلت یا نبی اللہ وانا لمؤاخذون بما نتکلم بہ فقال ثکلتک امک یا معاذ وھل یکب الناس فی النار علی وجوھھم او علی مناخرھم الا حصائد السنتھم

**ترجمہ** یہ ہے معاذ بن جبل سے کہا انہوں نے کہ تھا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں سو صبح کو ہم نزدیک تھا حضرت کی اور ہم سب لوگ چلے جاتے تھے سو میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ خبر دیجئے مجھے ایسے عمل کی کہ داخل کرے وہ جنت میں اور دور کردے مجھ کو دوزخ سے فرمایا آپ نے تم نے بڑی بات پوچھی اور وہ آسان ہے جس پر اللہ آسان کردے عبادت کرے تو اللہ کی اور شریک نہ کرے اسکا کسی کو اور قایم کرے تو نماز کو اور ادا کرے تو زکوٰۃ کو اور روزہ رکھے تو رمضان کا اور حج کرے بیت اللہ کا پھر فرمایا آپ نے کیا خبر نہ دوں تجھ کو خیر کی دروازوں کی روزہ سپر ہے صدقہ بجھاتا ہے گناہ کو جیسا کہ پانی بجھاتا ہے آگ کو اور نماز مرد کی رات کے بیچ میں یعنی یہ بھی درخیر ہے پھر پڑھی آپ نے آیت تتجافی یہاں تک یعملون تک پھر فرمایا کیا خبر دوں تجھ کو رأس الامر کے اور اسکی عمود اور ذروہ سنام کی عرض کی کیوں نہیں اے رسول اللہ تعالیٰ کے فرمایا آپ نے رأس الامر تو اسلام ہے اور عمود اسکا نماز اور ذروہ سنام اسکا جہاد ہے پھر فرمایا آپ نے کیا خبر دوں تجھ کو ان سب کے جڑ کی کہا میں نے کیوں نہیں اے رسول اللہ کے کہا روکے سو پکڑی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان اور فرمایا روک رکھ اسکو اپنے اوپر سو عرض کی میں نے اے نبی اللہ کی کیا ہم پکڑے جائینگے اپنی باتوں پر ہے جو کرتے ہیں فرمایا آپ نے روویں تجھ پر تیری ماں اے معاذ کیا اور کوئی چیز گراتی ہے لوگوں کو دوزخ میں انکے منہ کے بل یا انکے نتھنوں کے بل سوا حصائد لسان انکے

**ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** فوائد خیر کے دروازوں کی کہ خیر اس سے داخل ہو اور اپنے بجالانیوالے کو موفق بخیر کرے یا اسکے فاعل ان افعال کے برکت سے اور باب خیر میں داخل ہو قولہ روزہ سپر ہے یعنے روزہ رکھنے سے آدمی گناہ سے بچتا ہے اسلئے کہ اکثر گناہ بنی آدم کے شہوت اور غضب سے ہوتی ہیں اور روزے سے دونوں کا زور گھٹ جاتا ہے پس گویا وہ سپر ہے دنیا میں آفات شہوت وغضب کے اور آخرت میں عذاب کے قولہ پھر پڑھے آپ نے یہ آیت تتجافی سے یعملون تک پوری آیت یہ ہے تتجافی جنوبھم عن المضاجع یدعون ربھم خوفا وطمعا ومما رزقنھم ینفقون فلا تعلم نفس ما اخفی لھم من قرۃ اعین جزاء بما کانوا یعملون یعنے الگ رہتی ہیں انکی کروٹیں اپنی سونے کی جگہ سے پکارتے ہیں اپنے رب کو ڈر سے اور امید سے اور جو کچھ دیا ہے ہم نے انہیں خرچ کرتے ہیں

**ف** الدین کی اصل سر انہیں ہے اس سے ڈر اور اسی سے بندگی کر سکے تو قبول ہے ڈر اور اسی سے بندگی کرے تو قبول ہے دنیا کا ہو یا آخرت کا اگر کسی اور کی خوف و رجا سے بندگی کرے تو رد ہے کچھ قبول نہیں ۱۲ منہ القرآن) سو کسی جیکو معلوم نہیں جو چھپا رکھا ہے انکے واسطے ٹھنڈک سے انکھوں کے بدلا اسکا جو کرتے تھے

**ف** اور مفسرین کا اختلاف ہے کہ مراد اس آیت کی کیا ہے چنانچہ انس نے کہا کہ یہ آیت ہمارے درمیان معشر انصار میں اتری ہے کہ ہم مغرب پڑھکر مسجد میں حاضر رہتے تھے گھر نہ جاتے تھے یہاں تک کہ عشا پڑھ لیتے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور اس سے یہ بھی ہے کہ یہ ان صحابہ کے حق میں نازل ہوئی ہے جو مغرب سے عشا تک نماز پڑھتے رہتے تھے اور یہی قول ہے ابو حازم اور محمد بن منکدر کا اور ان دونوں نے کہا ہے کہ مراد اس سے صلوٰۃ اوابین ہے اور ابن عباس سے مروی ہے کہ ملائکہ گھیر لیتے ہیں انکو جو نماز پڑھتے رہتے ہیں مغرب و عشا کے درمیان اور وہ صلوٰۃ اوابین ہے عطائی کہا یہ وہ لوگ ہیں کہ نہیں سوتے جب تک کہ عشا نہیں پڑھ لیتے ابی الدرداء اور ابی ذر اور عبادہ بن صامت نے کہا کہ یہ وہ لوگ ہیں کہ جو عشا اور صبح کی نماز بجماعت ادا کرتے ہیں چنانچہ مروی ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ جسنے عشا کی نماز بجماعت پڑھی گویا نصف شب جاگا اور جسنے صبح کی نماز بجماعت ادا کی گویا ساری رات عبادت میں جاگا مگر ان سب قولوں میں مشہور وہی قول ہے جو حدیث باب میں ہے اور وہی قول ہے حسن اور مجاہد اور مالک اور اوزاعی کا اور بجماعت مفسرین کا اسکے بعد بعینہٖ ذکر کیا حدیث باب کا اور پھر کہا روایت ابی امامہ باہلی سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لازم پکڑو قیام لیل کو کہ وہ دأب ہے اگلی صالحوں کا اور موجب قربت ہے تمہاری رب کیطرف اور مکفر ہے سیئات کا اور روکنے والا ہے گناہ سے اور کہا روایت ہے ابن مسعود سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تعجب کیا تمہارے رب نے دو مردوں پر ایک وہ مرد کہ اٹھا اپنے بچھونے اور لحاف سے

اپنے محبوب واہل کے درمیان سے نماز کیطرف سوفرماتا ہے اللہ تعالیٰ دیکھو میرے بندے کیطرف کہ اُٹھا اپنی پنجوں اور بستر سے اپنے محبوب اور اہل کے درمیان سے طرف نماز کے راہ رغبت طرف اُس چیز کے جو میرے پاس ہے یعنے جنت اور دیدار الٰہی سے اور خوف سے اُس چیز کے کہ نزدیک میرے ہے یعنے دوزخ اور عذاب حشر وغیرہ سے دوسرے وہ مروکہ بڑا اللہ کے راہ میں اور شکست کھا گئے فرق اُسکے سو جاوے اُسنے اور خیال کیا جو خدا سے بھاگ جانے میں اور ثواب سے لوٹ جانی میں سو لوٹا اور لڑا کافروں سے یہانتک کہ بہادیا گیا خون اُسکا سو فرماتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں سے کہ دیکھو میرے بندے کیطرف لوٹا رغبت کرکے اُسکیطرف جو میرے پاس ہے یعنے ثواب شہادت سے اور خوف کرکے اُس چیز سے کہ جو میرے پاس ہے عذاب سے یہانتک کہ بہادیا گیا خون اُسکا اور ابوہریرہ سے مروی ہے کہ فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے افضل صیام بعد رمضان کے شہر اللہ المحرم ہے اور افضل صلوٰۃ بعد فریضہ کی صلوٰۃ اللیل ہے (بغوی) **عن** اَبِی سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَیْتُمُ الرَّجُلَ یَتَعَاھَدُ الْمَسْجِدَ فَاشْھَدُوْا لَہٗ بِالْاِیْمَانِ فَاِنَّ اللّٰہَ یَقُوْلُ اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰہِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ وَاٰتَی الزَّکٰوۃَ الْاٰیَۃَ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سی کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب دیکھو تم کسی مرد کو کہ خدمت کرتا ہی مسجد کے حاضر باشی اور صفائی اور جاروب کشی وغیرہ سی تو گواہی دو اُسکے لئی ایمانکی اسلئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی کہ بیشک آباد کرتے ہین اللہ تعالیٰ کی مسجدونکو وہ لوگ جو ایمان لائی اللہ پر اور پچھلی دن پر اور قایم کی جنہوں نے نماز اور دی زکوٰۃ **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **ترجم** آیۂ مبارک اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰہِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ وَاٰتَی الزَّکٰوۃَ وَلَمْ یَخْشَ اِلَّا اللّٰہَ فَعَسٰٓی اُولٰٓئِکَ اَنْ یَّکُوْنُوْا مِنَ الْمُھْتَدِیْنَ سورۂ برات مین ہے یعنے آباد نہین کرتے ہین اللہ کی مسجدونکو مگر جو ایمان لائی اللہ پر اور پچھلی دن پر اور قایم کی نماز اور دیا کئے زکوٰۃ اور نہ ڈرے سوا اللہ کے کسی سو لیقین ہے کہ وہ ہووین ہدایت پائی ہووے انتہی بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ عسےٰ اللہ تعالیٰ کی جانب سے یقینی ہے پس وہ لوگ مہتدین ہین سے ہین یقیناً اور متمسک ہین طاعت الٰہی کے ساتھ تمام کے آخر کار اُسکا جنت ہے پھر اسکے بعد حدیث باب نقل فرمائی پھر فرمایا روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو صبحکو چلا مسجد کو یا شام کو طیار کریگا اللہ تعالیٰ مہمانی اُسکے جنت سے صبح اور شام اور محمود بن لبید سی روایت ہے کہ ارادہ کیا حضرت عثمان نے مسجد بنانیکا اور لوگون نے مکروہ جانا اُسکو اور دوست جانا کہ اُسکو اپنے حالت پر چھوڑ دین اور مراد اس سے ظاہر امسجد نبوی ہے سو فرمایا آپنے کہ سنا مین نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتی تھی کہ جو بناوی اللہ تعالیٰ کے لئے ایک مسجد بناتا ہی اللہ تعالیٰ اُسکے لئی ایک گھر اُسی نقشی کا جنت مین (انتہی ماقال سیدنا وشیخنا النبوی رحمۃ اللہ علیہ)

## باب ماجاء فی ترک الصلوٰۃ

ات ترک صلوٰۃ کی وعید مین +

**عن** جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ بَیْنَ الْکُفْرِ وَالْاِیْمَانِ تَرْکُ الصَّلٰوۃِ **ترجمہ** روایت ہے جابر سی کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کفر مین اور ایمان مین ترک صلوٰۃ کا فرق ہی یعنے ادا اُسکا ایمان ہے اور ترک اُسکا قریب الکفر **عن** الْاَعْمَشِ بِھٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَہٗ قَالَ بَیْنَ الْعَبْدِ وَبَیْنَ الشِّرْکِ اَوِ الْکُفْرِ تَرْکُ الصَّلٰوۃِ **ترجمہ** اور باسناد حدیث اول مروی ہے کہ فرمایا آپنے بندہ کی اور کفر یا شرک کے درمیان ترک صلوٰۃ کا فرق ہی **ف** یہ حدیث حسن ہے اور ابوسفیان کا نام طلحہ بن نافع ہی **عن** جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَ الْعَبْدِ وَبَیْنَ الْکُفْرِ تَرْکُ الصَّلٰوۃِ **ترجمہ** اور اُسکے حدیث کے موافق ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابوالزبیر کا نام محمد بن مسلم بن تدرس ہے **عن** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بُرَیْدَۃَ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْعَھْدُ الَّذِیْ بَیْنَنَا وَبَیْنَھُمُ الصَّلٰوۃُ فَمَنْ تَرَکَھَا فَقَدْ کَفَرَ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن بریدہ سی وہ روایت کرتے ہین اپنی باپ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نی وہ عہد کہ ہمارا اور کافرونکی درمیان ہین ہے نماز ہی پھر جسنی اُسی چھوڑ دیا وہ کافر ہوگیا **ف** اسیطرح انس اور ابن عباس سی بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے **عن** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ شَقِیْقٍ الْعُقَیْلِیِّ قَالَ کَانَ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَرَوْنَ شَیْئًا مِنَ الْاَعْمَالِ تَرْکُہٗ کُفْرٌ غَیْرَ الصَّلٰوۃِ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن شقیق عقیلی سی کہ اصحاب رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کی کسی چیز کے ترک کو اعمال مین سے کفر نجانتے تھی سوا نماز کے

## باب طلاوت ایمان کے بیان مین

**عن** الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ذَاقَ طَعْمَ الْاِیْمَانِ مَنْ رَضِیَ بِاللّٰہِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا **ترجمہ** روایت ہے عباس بن عبدالمطلب سے کہ اُنہون نے سنا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتی تھی چکھا مزا ایمان کا اُس شخص نے کہ راضی ہوا اللہ کو رب ٹھہرا کر اور اسلام کو دین قرار دیکر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی جانکر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **ترجم** تفصیل اسکی گذری ہے **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثٌ مَنْ کُنَّ فِیْہِ وَجَدَ بِھِنَّ طَعْمَ الْاِیْمَانِ مَنْ کَانَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِمَّا سِوَاھُمَا وَاَنْ یُّحِبَّ الْمَرْءَ لَا یُحِبُّہٗ اِلَّا لِلّٰہِ وَاَنْ یَّکْرَہَ اَنْ یَّعُوْدَ فِی الْکُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْقَذَہُ اللّٰہُ مِنْہُ کَمَا یَکْرَہُ اَنْ یُّقْذَفَ فِی النَّارِ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزین جسمین ہونگی پاویگا وہ اُنکے سبب سے مزہ ایمان کا ایک یہ کہ اللہ و رسول دوست ہون اُسکی طرف سوا اُن کے سی اور دوسرے یہ کہ جسی دوست رکھے

نہ دوست رکھے مگر اللہ کے واسطے اور تیسرے یہ کہ پھر جائے کفر میں اگر نیکو بعد اسکے کہ نکالا اسکو اور بچایا اسکو اللہ نے جیسا کہ مکروہ جانتا ہے آگ میں گرنی کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیا اسکو قتادہ نے انس بن مالک سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **مترجم** یہ دونو حدیثیں اصول ایمان سے ہیں اور مذکور ہیں ایمان کمال ایمان کا اور مراد طعم ایمان سے حلاوت اور شیرینی ہے ایمان کے یعنے متلذذ ہونا طاعات سے اور لذت روحانی پانا مناجات سے اور راضی ہونا تحمل شاق پر اللہ کے رضامندی اور خوشنودی میں اور ایثار کرنا رضای الٰہی کا عرض دنیا پر اور مراد محبت خدا و رسول سے اطاعت اور فرمان برداری انکی ہے اور ترک کرنا مخالفت کا اور علامات اس محبت کی مکروہ جاننا افعال کفر کا اور حسد نے اللہ اور بغض فی اللہ اور راضے رہنا اسکی تقدیر پر اور راضی رہنا احکام اسلام پر اگرچہ ناگوار ہو ان نفس شقی پر اور پسند و اختیار کرنا سنت رسول کو بدعات جہول پر اور نصرت دین اسلام کے قول و فعل و مال سے اور قرب عن الشریعۃ المقدسۃ اور علامات سے اس محبت کے ہی تخلق باخلاق رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام جود و ایثار و حلم و صبر و تواضع و شکر وغیرہ ذلک میں **باب** لَا یَزْنِی الزَّانِی وَهُوَ مُؤْمِنٌ باب اسکی کہ مومن نہ کہنے کی بیان میں **عن** اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَزْنِی الزَّانِی وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَلَا یَسْرِقُ السَّارِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَلٰکِنَّ التَّوْبَةَ مَعْرُوْضَةٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں زنا کرتا ہی زانی درآنحالیکہ وہ مومن ہے اور نہیں چوری کرتا ہی چور درآنحالیکہ وہ مومن ہے ولیکن توبہ مقبول ہے **ف** اسی معنی میں ابن عباس اور عائشہ اور عبداللہ بن ابی اوفی سے بھی روایت ہے حدیث ابی ہریرہ کے حسن ہے غریب ہے صحیح ہے اس سند سے اور مروی ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب زنا کرتا ہی بندہ نکل جاتا ہی اس سے ایمان اور ہو جاتا ہی اسکے سر پر مانند چھتری کے پھر جب نکلجاتا ہی وہ اس عمل سے لوٹ آتا ہی اسکی طرف ایمان اور مروی ہے ابی جعفر محمد بن علی سے کہ انہوں نے کہا مراد اس حدیث سے خروج ہی زانی کا ایمان سے طرف اسلام کے اور مروی ہے کئی سندوں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے زنا اور سرقہ کے باب میں کہ جو مرتکب ہوا انکا اور قائم کیا گیا اوپر حد سرقہ و کفارہ ہو گیا اسکا یعنے باقی نہ رہا گناہ اسکا اور جو مرتکب ہوا اور اللہ تعالیٰ نے اسکا پردہ ڈالا پس وہ اللہ تعالیٰ کی مشیت پر ہے چاہے عذاب کرے اسکو قیامت کے دن چاہے بخشدے یہ روایت ہے علی بن ابیطالب سے اور عبادہ بن صامت اور خزیمہ بن ثابت ذی الشہادتین سے **مترجم** غرض مولف رحمۃ اللہ علیہ کے اس تقریر سے یہ ہے کہ زانی اور سارق سے جو نام مومن کا سلب کیا گیا اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ کافر اور مخلد فی النار ہو جاوی جیسا معتزلہ وغیرہم کہتے ہیں بلکہ مراد اس سے نفی ہے کمال ایمان کے اور لفظ مومن علی الاطلاق دلالت کرتا ہے مومن کامل پر جیسے لفظ مولوی عالم فاضل طبیب کا اور ابی جعفر کے قول میں تقریر ہے اسی پر اور حدیث بھی دلالت کرتی ہے اسی معنی پر جیسا کہ تفصیل اسکی بجوابی پر گذری **عن** عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَصَابَ حَدًّا فَعُجِّلَ عُقُوْبَتُهٗ فِی الدُّنْیَا فَاللّٰهُ اَعْدَلُ مِنْ اَنْ یُّثَنِّیَ عَلٰی عَبْدِهٖ بِالْعُقُوْبَةِ فِی الْاٰخِرَةِ وَمَنْ اَصَابَ حَدًّا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَفٰی عَنْهُ فَاللّٰهُ اَکْرَمُ مِنْ اَنْ یَّعُوْدَ فِیْ شَیْءٍ قَدْ عَفٰی عَنْهُ **ترجمہ** روایت ہے ابی طالب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مرتکب ہوا کسی ایسے کام کا کہ آئی اوپر اسکے حد اور اسکو سزا ملگئی دنیا میں یعنے جلد قطع وغیرہ سے تو اللہ تعالیٰ عادل زیادہ ہی اس سے کہ پھر دوبارہ اپنے بندے کو سزا دیوے آخرت میں اور جس نے ایسا کام کیا کہ حد اسپر آئی اور پردہ ڈالا اسکا اللہ تعالیٰ نے اور معاف کر دیا اسکا اللہ تعالیٰ نے اور معاف کر دیا اسکا تو اللہ بزرگ زیادہ ہے اس سے کہ پھر دوبارہ مواخذہ کرے اس قصور کے جو اسکو معاف کر دیا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور یہی قول اہل علم کا ہے نہیں جانتے ہم کسیکو کہ کافر کہا ہو کسی نے مرتکب زنا اور سرقہ اور شرب خمر کو **مترجم** مرتکب کبائر کے باب میں یہی عقیدہ ہے اہل سنت کا کہ وہ خارج عن الملۃ اور کافر نہیں جیسا مولف رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اور اسی پر دلالت کرتے ہیں آیات و احادیث و تصریحات صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے قاضی عیاض نے فرمایا ہی کہ اختلاف کیا لوگوں نے حق میں عاصی کے جو اہل شہادتین میں سے ہو پس مرجیہ نے کہا ہے کہ معصیت اسکو ضرر نہیں کرتی ایمان کے ہوتی ہوئی اور خوارج نے کہا ہی نہیں رہتے ہی یہانتک کہ کافر ہو جاتا ہی اسکی سبب سے معتزلہ نے کہا وہ خالد فی النار ہے اگر معصیت کبیرہ ہے اور نہ اسکو مومن کہینگے نہ کافر بلکہ فاسق کہینگے اور شعریہ نے کہا ہے بلکہ وہ مومن ہے اور اگر اسکا گناہ نہ بخشا جاوے تو معذب ہوگا وہ نار میں پھر نکلیگا اور داخل ہوگا جنت میں اور مراد مومن سے ناقص الایمان ہے نہ کامل غرضکہ خروج اہل کبائر کا نام سے اہل سنت کے نزدیک ثابت ہے اور اختلاف اہل بدعت کا قابل اعتبار نہیں چنانچہ تفصیل اسکے آگے آویگی انشاء اللہ تعالیٰ (نووی) **باب** مَا جَاءَ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَیَدِهٖ باب کفر لسان مومن کے حق میں **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَیَدِهٖ وَالْمُؤْمِنُ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰی اَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ وَیُرْوٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ سُئِلَ اَیُّ الْمُسْلِمِیْنَ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَیَدِهٖ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مسلمان کامل وہ ہی کہ بچے رہیں مسلمان اسکے زبان اور ہاتھ سے اور مومن کامل وہ ہی کہ امین سمجھیں اسکو لوگ اپنے جانوں اور مالوں کا اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کسی نے پوچھا آپسے کہ کون مسلمان افضل ہے تو فرمایا آپنے جسکی زبان اور ہاتھ سے لوگ بچے رہیں **ف**

مومن کی تین کیفیتیں کامل ایمان کا نشان

روایت کیا ہمسے یا براہیم بن سعید جوہری نے اُنہوں نے ابو اسامہ سے اُنہوں نے بریدبن عبداللہ سے اُنہوں نے اپنی دادا ابی بردہ سے اُنہوں نے ابی موسیٰ اشعری سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ سوال کیا کسی نے آپ سے کہ کونسا مسلمان افضل ہے فرمایا آپنے جسکے زبان اور ہاتھ سے مسلمان بچی رہیں یہ حدیث صحیح ہے غریب ہے ابی موسیٰ اشعری کی روایت سے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں اور اسماعیل بن جابر اور ابی موسیٰ اور عبداللہ بن عمر سے بھی روایت ہے حدیث ابی ہریرہ کے حسن ہے صحیح ہی **ترجمہ** اس حدیث میں بڑی فصاحت ہی گویا استدلال کیا آپنے کہ مسلم کا لفظ سلامت سی نکلا ہی پھر مسلمان جسکی آفت سی سلامت رہیں وہ مسلم ہے اور ایسی ہے مومن کا لفظ امانت سی ہی پھر جسمیں امانت ہو وہ مومن کامل ہے اور مخصوص کیا بیانمیں ہاتھ اور زبانکو کہ اکثر ایذا دو قسم کے ہوتی ہے فعلے یا قولی پس پہلی ہاتھ سی ہے اور دوسرے زبان سے **باب** ماجاء ان الاسلام بدأ غریبا و سیعود غریبا

باب غربت اسلام کے بیان

یلحق بدأ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن مسعود سی کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اسلام ظاہر ہوا ہے غریب اور پھر دوبارہ عنقریب ہوجاویگا غریب جیسا کہ پہلے ظاہر ہوا تھا سو مبارکباد ہے غربا کو **ف** اسماعیل بن سعد اور ابن عمر اور جابر اور انس اور عبداللہ بن عمر سی ہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہی ابن مسعود کے روایت سے اور نہیں جانتی ایسے ہم مگر حفص بن غیاث کی روایت سے کہ وہ اعمش سے روایت کرتے ہیں اور ابو الاحوص کا نام عوف بن مالک بن نضلہ جشمی ہے اور متفرد ہوی اس روایت میں حفص سے اور کسی نے روایت نکی سوا اُنکے **عن** کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف بن زید بن ملحۃ عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان الدین لیأرز الی الحجاز کما تأرز الحیۃ الی جحرھا و لیعقلن الدین فی الحجاز معقل الاروی من رأس الجبل ان الدین بدأ غریبا و یرجع غریبا فطوبی للغرباء الذین یصلحون ما افسد الناس من بعدی من سنتی **ترجمہ** یسند ذکر مروی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دین پناہ پکڑیگا ملک حجاز کیطرف جیسا کہ سانپ پناہ پکڑتا ہے اپنی سوراخ کے طرف اور پناہ لیویگا دین ملک حجاز میں مثل پناہ لینی جنگلی بکری کے پہاڑ کے چوٹی پر بیشک دین شروع ہوا ہے غریب اور پھر ہوجاویگا غریب سو مبارکباد ہے اُن غریبوں کو کہ درست کرتے ہیں اُنچیز کو جسے بگاڑ دیا لوگوں نے میرے بعد میری سنت سے **ف** یہ حدیث حسن ہے **ترجمہ** اسی سے معلوم ہوا کہ غربا سے مراد میرے وان سنت ہیں کہ جو مرے ہوئے سنتوں کے زندہ اور جاری کرنے میں جان و مال سے لگے ہوئے ہیں اور دشمنوں کے ایذائیں سہتے ہیں مگر جادہ مستقیم سنت پر رہتے ہیں قدم انکا احکام نبوی پر مضبوط ہے اور دل احادیث محمدی سے مربوط واقع میں وہی عاشقان رسول ہیں اور دشمن اُنکے فاسقان بو الفضول **باب** فی علامۃ المنافق باب نفاق کے علامت میں **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آیۃ المنافق ثلاث اذا حدث کذب و اذا وعد اخلف و اذا ائتمن خان **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سی کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نشانی منافق کے تین ہیں ایک یہ کہ جب بات کرے جھوٹ کہی اور جب وعدہ کرے خلاف کرے اور جب امانت رکھی جاوے اُسکی پاس خیانت کرے یہ حدیث غریب ہے علماء کے روایت سے اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث کئی سندوں سے ابی ہریرہ سے وہ روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اسماعیل بن عبداللہ بن مسعود اور انس اور جابر سے بھی روایت ہے روایت کیا ہمسے علی بن حجر نے اُنہوں نے اسمٰعیل بن جعفر سے اُنہوں نے ابی سہیل سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور ابو سہیل وہ چچا ہیں مالک بن انس کے اور نام اُنکا نافع بن مالک بن ابی عامر الخولانی الاصبحی ہے **عن** عبداللہ بن عمرو عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اربع من کن فیہ کان منافقا و ان کانت فیہ خصلۃ منھن کانت فیہ خصلۃ من النفاق حتی یدعھا من اذا حدث کذب و اذا وعد اخلف و اذا خاصم فجر و اذا عاھد غدر **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار چیزیں ہیں کہ جسمیں ہوں وہ منافق ہے یعنی ازروئی عمل کے اور اگر اُسمیں ہایک خصلت ہے اُن چاروں میں کے تو ایک خصلت ہے اُسمیں نفاق کے جب تک کہ چھوڑدی اُسکو ایک یہ کہ جب بات کرے جھوٹ بولی اور جب وعدہ کرے خلاف کرے اور جب جھگڑے تو گالیاں دی اور جب عہد کرے خلاف کرے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اہل علم کے نزدیک اسی سے نفاق عملی ہی رہا نفاق تکذیب تو وہ رسول خدا ہی کے زمان مبارک میں تھا صلے اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کچھ مروی ہے حسن بصری سے روایت کیے ہم سے حسن بن علی خلال نے اُنہوں نے عبدالرحمن بن مہدی سے اُنہوں نے اعمش سے اُنہوں نے عبداللہ بن مرہ سی اسی اسناد سی مانند اسکے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** زید بن ارقم قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا وعد الرجل و نوی ان یفی بہ فلم یف بہ فلا جناح علیہ **ترجمہ** روایت ہے زید بن ارقم سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب وعدہ کرے آدمی اور نیت کرے کہ میں اپنا وعدہ پورا کرونگا پھر وہ پورا نکیا یعنے کسی عذر سے تو اُسپر گناہ نہیں **ف** یہ حدیث غریب ہے اور اسناد اسکی کچھ قوی نہیں اور علی بن عبداللہ ثقہ ہیں اور ابو النعمان مجہول اور ابو وقاص

نفاق کے علامت کے بیان

ہوں تو یہ ترجمہ تفصیل نفاق عمل اور نفاق اعتقادی کی ابن قیم رحمہ اللہ کی کتاب الصلوٰۃ میں لکھا ہے ضرور جا لیہ **باب** ماجاء سباب المسلم فسوق باب ہے مسلم کے فسق ہونے کے بیان میں **عن** عبداللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قتال المسلم کفر وسبابہ فسوق **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قتل کرنا مسلمان کا اپنے بھائی مسلمان کو کفر ہے اور گالی دینا اسکو فسق ہے **ف** اسباب میں سعد اور عبداللہ بن مغفل سے بھی روایت ہے حدیث ابن مسعود کے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے عبداللہ بن مسعود سے کئی سند وں سے روایت کے ہم سے محمود بن غیلان نے انہوں نے وکیع سے انہوں نے سفیان سے انہوں نے زید سے انہوں نے ابی وائل سے انہوں نے عبداللہ بن مسعود سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ گالی دینا مسلمان کو فسق ہے اور قتل کرنا اسکا کفر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ما جاء فی من دعا اخاہ بکفر باب ہے مسلمان کے تکفیر کے برائی میں **عن** ثابت بن الضحاک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لیس علی العبد نذر فیما لا یملک ولا عن المؤمن قتال نفسہ ومن قذف مؤمنا بکفر فھو کقاتلہ ومن قتل نفسہ بشیء عذبہ اللہ بما قتل بہ نفسہ یوم القیمۃ **ترجمہ** روایت ہے ثابت بن ضحاک سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں واجب ہوتی بندہ پر نذر اس چیز کے جسکا وہ مالک نہیں اور لعنت کرنا مومن کا گناہ میں اسکی قاتل کے برابر ہے اور جسنے نسبت کی مومن کے طرف کفر کے سو وہ بھی گناہ میں اسکی قاتل کے ہے اور جسنے قتل کیا اپنے تئیں کسی چیز سے یعنی ہتیا وغیرہ سے عذاب کریگا اسکی اللہ تعالیٰ اسی چیز سے جسسے اسنے اپنی جان ماری قیامت کے دن **ف** اسباب میں ابی ذر اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ایما رجل قال لاخیہ کافر فقد باء بھا احدھما **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو آدمی کافر کہے اپنے بھائی مسلمان کو سو کہا لایا ایک انمیں کا کفر کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** تحقیق اسکی ابن تیمیہ کتاب الصلوٰۃ میں واضح ہے **باب** ممن یموت وھو یشھد ان لا الہ الا اللہ باب ہے اسکی بیان میں جو توحید پر مرے **عن** الصنابحی عن عبادۃ بن الصامت انہ قال دخلت علیہ وھو فی الموت فبکیت فقال مھلا لم تبکی فواللہ لئن استشھدت لاشھدن لک ولئن شفعت لاشفعن لک ولئن استطعت لانفعنک ثم قال واللہ ما من حدیث سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکم فیہ خیر الا حدثکموہ الا حدیثا واحدا وھو الیوم وقد احط بنفسی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من شھد ان لا الہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ حرم اللہ علیہ النار **ترجمہ** روایت ہے صنابحی سے وہ روایت کرتے ہیں عبادہ بن صامت سے کہ ہتا بیچ نے داخل ہوا میں عبادہ کے پاس وہ قریب المرگ تھے سو میں رویا سو کہا عبادہ نے کیوں روتی ہو تم اللہ تعالیٰ کے اگر میں سے گواہی دونگا تمہارے لیے یعنی تمہاری ایمان کی آخرت میں اور بیشک میں گواہی دونگا تمہارے لئے اور ضرور شفاعت کرینگی تو من شفاعت بھی کرونگا تمہارے اور بھی اگر کچھ استطاعت ہوئی تو نفع پہونچاؤنگا میں تمہیں پھر کہا قسم ہے اللہ پاک کے کوئی حدیث ایسی نہیں کہ میں نے سنی ہو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ اسمیں تمہارے لئے خیر ہو مگر بیان کردی میں نے مگر ایک حدیث اور بیان کرتا ہوں میں آج کے دن اور اب ہوتے ہے یہ جان کو سو میں نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو گواہی دیوے اس امر کے کہ کوئی معبود برحق نہیں سوا اللہ تعالیٰ کے اور بیشک محمد رسول اسکے ہیں حرام کردیگا اللہ تعالیٰ اسپر آگ دوزخ کے یعنے دوام اسکا **ف** اسباب میں ابی بکر اور عمر اور عثمان اور علی اور طلحہ اور جابر اور ابن عمر اور زید بن خالد سے بھی روایت ہے اور صنابحی کا نام عبدالرحمٰن بن عسیلہ ہے کنیت انکی ابو عبداللہ ہے یہ حدیث صحیح ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہے زہری سے کہ ان سے پوچھا کسی نے کہ حضرت یہ جو فرمایا ہے کہ جو کہے لا الہ الا اللہ داخل ہوگا جنت میں اسکا مطلب کیا ہے تو فرمایا انہوں نے کہ یہ حکم ابتدائی اسلام میں تھا کہ جب تک فرائض اور حدود نہ نازل ہوئی تھے اور طلب اس حدیث کا بعض اہل علم کے نزدیک یہ ہے کہ اہل توحید داخل ہونگے جنت میں اگرچہ معذبون دوزخ میں اپنے گناہوں کے سزا سے مگر ہمیشہ نہ رہینگے وہ دوزخ میں اور مروی ہے ابن مسعود اور ابی ذر اور عمران بن حصین اور جابر بن عبداللہ اور ابن عباس اور ابی سعید خدری اور انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نکلیگا ایک قوم اہل توحید کی دوزخ سے اور داخل ہونگے وہ جنت میں اور ایسا ہی مروی ہے سعید بن جبیر اور ابراہیم نخعی اور کئی لوگوں سے تابعین میں سے تفسیر میں اس آیت کے ربما یود الذین کفروا لو کانوا مسلمین یعنے آرزو کرینگے کافر کہ کاش مسلمان ہوتے انتہی کہ کفار کو یہ آرزو اسدن ہوگی کہ اگر توحید نہ سے نکلینگے اور داخل ہونگے جنت میں جب یہ کفار یہ تمنا کرینگے اور یہ نہیں کہ کاش ہوتے مسلمان آج کے دن دوزخ سے نکلتا ہمیں بھی نصیب ہوتا **مترجم** مؤلف رحمہ اللہ علیہ نے اس مسئلہ کے شرح میں یعنے جو کہے لا الہ الا اللہ داخل ہوگا جنت میں وہ قول ذکر کئے اول یہ کہ حکم ابتدائی اسلام میں تھا کہ اسوقت میں سوا توحید کے اقرار رسالت کا بھی ضرور تھا اور رسالت کا ذکر اسلئے کیا کہ وہ مستلزم توحید کو ہے یعنے جب توحید کو اس نے کہا تو رسالت کو بھی کہا تو حاصل کلام یہ ہوا کہ اقرار رسالت بھی ضرور تھا اور دوسرے

کہ بہتر فرما حضرتکا باعتبار حالت خیرہ کی ہے کہ جو توحید پر مراہی اور منکر رسالت سے نہیں ہونگے اگرچہ اپنی گنتا ہونگے شامت سے آتش نار ہوگا آخر کار نجات پاویگا چنانچہ مذہب اہل سنت کا اور جسپر گذری ہیں اسلاف صالحین اور سار صحابہ و تابعین ہیں کہ جو شخص موحد مریگا داخل جنت ہوگا جنت میں قطعاً بہرحال پر اگر سالہا سے معاصی سے مانند صغیرہ اور محقوق کے متصل ہوگیا جنون اسکا بلوغ کے ساتھ یا تائب ہے توبہ صحیحہ شرک وغیرہ اور جمیع معاصی سے اور پر جلادت نہوئی اُس سے توبہ کے بعد کوئی معصیت یا ایسا موقوف ہے کہ ملوث بمعصیت ہوا بعض آنے اصلاً سویہ صنف داخل ہوجائیگی جنت میں بغیر دخول نار کے لیکن ورود اُنکا نار پر ضرور ہے علی اختلاف المعروف فیہ اور صحیح یہی ہے کہ ورود سی دخول نار مراد نہیں بلکہ مرور بر صراط مراد ہے کہ وہ منصوب ہے نار پر اور جو لوگ مرتکب کبیرہ ہیں اور بغیر توبہ کے ہیں پس وہ اللہ تعالیٰ کے مشیت میں ہیں چاہی عفو کردی اور داخل کردی اُنکو جنت میں کبار گے اور ملائکہ اُنکو قسم اول سے اور چاہے عذاب کرے جبتک اُسکا ارادہ ہوا اور اُسکے بعد داخل کرے جنت میں غرضکہ خالد و دایم و ابداً نہ ہوگا کوئی شخص نار میں جو مرا ہو گا توحید پر اگرچہ اُسنی معاصی کبیرہ سی کچھ بھی ہو جیسا کہ نہ داخل ہوگا جنت میں کوئی شخص اُنمیں سے جو مرے ہونگے کفر پر اگرچہ اُسنی اعمال حسنہ میں سے کچھ بھی کیا ہو مختصر مذہب ہے اہل حق کا اسباب میں اور متظاہر میں اسپر ادلہ کتاب و سنت کی اور منعقد ہوا ہے اسپر اجماع اون لوگونکا کہ جنکا اجماع معتبر ہے پر جب یہ قاعدہ ٹھہر چکا اب ظاہر ہوا اگر کوئی روایت اسکی خلاف پائی جاوے تو ہم تاویل چاہیے اور ضرور ہے کہ اسکو اپنے مبنے ظاہری سے مائل کرکے اسکی طرف پہر لیں ہذا ما ذکرہ النووی رحمہ اللہ فی شرح مسلم **عن** عبد اللہ بن عمرو بن العاص یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان اللہ سیخلص رجلا من امتی علی رؤس الخلائق یوم القیمۃ فینشر علیہ تسعۃ وتسعین سجلا کل سجل مثل مد البصر ثم یقول اتنکر من ھذا شیئا اظلمتک کتبتی الحافظون یقول لا یا رب فیقول افلک عذر فیقول لا یا رب فیقول بلی ان لک عندنا حسنۃ وانہ لا ظلم علیک الیوم فتخرج بطاقۃ فیھا اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ فیقول احضر وزنک فیقول یا رب ما ھذہ البطاقۃ مع ھذہ السجلات فقال فانک لا تظلم قال فتوضع السجلات فی کفۃ والبطاقۃ فی کفۃ فطاشت السجلات وثقلت البطاقۃ ولا یثقل مع اسم اللہ شیء **ترجمہ** ہے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے وہ کہتے ہے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ جدا کریگا ایک مرد کو میری امت سے اوپر منادی کریگا اسکو لوگوں کے تیامت کے دن پر کہوں جاویگی سپر نامہ میں فرشتوں کے ہر دفتر اتنا بڑا ہوگا کہ جہانتک نظر پہنچی پہر فرماویگا تو انکار کرتا ہے اسمیں سے کسی کا کیا خلم کیا ہے تجہپر تیرے کاتبوں حفاظت کرنیوالوں نے کہدیا وہ نہیں ای بیٹے سو فرماویگا اللہ تعالیٰ کیا تجھے کچھ عذر ہی وہ کہیگا نہیں اے رب میرے فرماویگا اللہ تعالیٰ کہ نہیں تجہپر ایک نیکی ہی ہے ہماری پاس اور تحقیق نہیں ہے تجہپر کچھ ظلم ہوگا آج کے دن پہر نکالیگا اللہ تعالیٰ ایک پرچہ کہ اُسمیں لکہا ہوگا کہ گواہی دیتا ہوں میں کہ کوئی معبود برحق نہیں سوا اللہ تعالیٰ کی اور گواہی دیتا ہوں میں کہ محمد بندہ اُسکی ہیں اور رسول اُسکے پہر فرماویگا کہ جا اپنے اعمال تولانیکو سو وہ عرض کریگا کہ اے رب میرے اس پرچہ کا کیا وزن ہوگا ان دفتروں کے روبرو سو اللہ تعالیٰ فرماویگا تجہپر ظلم کیا جاویگا فرمایا آپنے پہر رکہدیے جاوینگے وہ دفتر ایک پلہ میں میزان کے اور وہ پرچہ ایک پلہ میں سو بھاری ہوگئے وہ دفتر اور ہلکا ہوجا ویگا وہ پرچہ اور ہلکا نہیں ہوسکتے کوئی چیز اللہ کے نام مبارک کے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ہم سے قتیبہ نے انہوں نے ابن لہیعہ سے انہوں نے حارث بن یزید سے اسی اسناد سے مانند اسکے اور بطاقہ پرچہ **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ توحید و اتباع سنت بڑی چیز ہے اور اقرار توحید و اقرار رسالت اصل اصول ہے نجات کا مگر افسوس ہے کہ ہمارے اخوان ملت نے انہیں دونوں چیزوں کو نہایت ادنے اور کمتر سمجھ رکہا ہے توحید کو تو یوں خراب کیا کہ پنجہ پرستی اور شدہ پرستی میں عمر گذاری اور چلہ کو پوجنے میں اوقات خراب کیے اور یا انبیاء کے مذمت تے رہی شامی دی یا موت عمی میں شیخ سدو کا بکر اشاد اول کا مینڈہا بکہے اُنکے گہر سے باہر نکلا کنگہ اُنکا شکار اور سر گلو گیر ہوا اور اُنکے پرورش میں ہر ایک چیٹی چلہ میں پانبر بخیر ہا مڈہی ہا بکے روٹ اور ابعہ بصورت کہچری نے کبھی اُنکا تو ابتدا نجھوڑا نعوذ باللہ منہا اور اتباع سنت کہ جو شعبہ اقرار رسالت تہا اُسکو یوں برباد کیا کہ کوئی مہینہ اور ہفتہ بدعت سے خالی نچہوڑا یہانتک اُنکا اہتمام کیا کہ ممکن نہیں کہ قضا ہوجاوے قرض لیوین سودی لاوین مگر طعام بدعت ضرور پکاوین تامل اور مساکین کو نہ کہلاوین اور امرا اور اغنیا کے یہان جسمے خون جہوا وین چنانچہ تفصیل بعض بدعات کے ہم اوپر بیان کرچکے ہیں تکرار کے مہلت نہیں اللہم جنبنا من کلہا وارزقنا اتباع السنۃ واحتنا علیہا **باب** افتراق ھذہ الامۃ باب افتراق امت کے بیان میں **عن** ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال تفترق الیھود علی احدی وسبعین فرقۃ او اثنتین وسبعین فرقۃ والنصاری مثل ذلک وتفترق امتی علی ثلث وسبعین فرقۃ **ترجمہ** ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا متفرق ہوگئے یہود اکہتر یا بہتر فرقوں پر اور نصاریٰ بہتر یا تہتر فرقوں پر اور ہوجاویگے میری امت بہتر فرقے **ف** اسباب میں سعد اور عبد اللہ بن عمرو اور عوف بن مالک سے بہی روایت ہے حدیث ابی ہریرہ کی جس سے صحیح ہے **عن** عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیاتین علی امتی ما اتی علی بنی اسرائیل حذو النعل بالنعل

حَتّٰى اِنْ كَانَ مِنْهُمْ مَنْ اَتٰى اُمَّهٗ عَلَانِيَةً لَكَانَ فِيْ اُمَّتِيْ مَنْ يَّصْنَعُ ذٰلِكَ وَاِنَّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ تَفَرَّقَتْ عَلٰى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ مِلَّةً وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِيْ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ مِلَّةً كُلُّهُمْ فِي النَّارِ اِلَّا مِلَّةً وَّاحِدَةً قَالُوْا مَنْ هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَا اَنَا عَلَيْهِ وَاَصْحَابِيْ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آویگا میری امت پر ایک زمانہ جیسا کہ آیا تھا بنی اسرائیل پر اور مطابق ہو وے گی دونوں کے زمانہ جیسے مطابق ہوتی ہے ایک نعل دوسرے نعل کے یہانتک کہ اگر ہوگا انمیں کوئی شخص ایسا کہ وہ زنا کریگی ماں سے علانیہ تو ہوگا میری اُمت میں سے ایسا شخص کہ مرتکب ہوا اس امر شنیع کا اور بنی اسرائیل متفرق ہوے بہتر مذہبوں پر اور متفرق ہوگی میری امت تہتر مذہبوں پر سب اہل مذہب دوزخی ہیں مگر ایک مذہب والی عرض کے صحابہنے کہ وہ کون ہیں یارسول اللہ فرمایا آپنے جسپر میں ہوں اور میرے اصحاب **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے مفسر ہم نہیں جانتے ہم غل اسکے مگر اسی سندسے **مترجم** شاہ ولی اللہ قدس سرہ نی حجۃ اللہ میں لکھا ہے کہ فرقہ ناجیہ وہی کہ تمسک کیا ہوا سنے عقیدہ اور عمل میں بالکلیہ ظاہر کتاب وسنت پر اور جسپر گذرے ہیں جمہور صحابہ و تابعین اگرچہ مختلف ہوں وہ فیما بینہم اُن چیزوں میں کہ جسمیں نص جلی نہو اور نہ ظاہر ہوا ہو صحابہ میں کوئی اتفاق علیہ اور وجہ کے اختلاف کے استدلال کرنا ہوا نکا بعض کتاب وسنت پر یا تفسیر ہوا نمیں سے کسے مجمل کے اور غیر ناجیہ وہ فرقہ ہے کہ منتحل ہوگیا ہو کسی عقیدہ میں خلاف عقیدۂ سلف کے یا کسے عمل میں سوا اُنکے عملوں کے انتہے اور یہ قول گویا بعینہٖ تفسیر ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قول مبارک کے (جسپر میں ہوں اور میرے اصحاب) اور اس حدیث میں کلام ہے اس سے زیادہ کہ تفصیل اُسکے مذکور ہے ربط اول الاعتبار ما ورد فی ذکر انصار و اصحاب الغار کے میں اور یہ کتاب بیان نادر میں بے نظیر ہے کہ اسلام میں شاید اسکا ثانی تصنیف نہوا ہو **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى خَلَقَ خَلْقَهٗ فِيْ ظُلْمَةٍ فَاَلْقٰى عَلَيْهِمْ مِنْ نُوْرِهٖ فَمَنْ اَصَابَهٗ ذٰلِكَ النُّوْرُ اِهْتَدٰى وَمَنْ اَخْطَاَهٗ ضَلَّ فَلِذٰلِكَ اَقُوْلُ جَفَّ الْقَلَمُ عَلٰى عِلْمِ اللّٰهِ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہتے تھے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے بیشک اللہ بزرگ و برتر نے پیدا کیا اپنی مخلوق کو یعنے جن وانس کو پھر ڈالا اُنپر نور سو جسپر پہونچا وہ نور اُسنے راہ پائی اور جسکو نہ پہونچا وہ گمراہ ہوگیا اسلیئے میں کہتا ہوں کہ سوکھ گیا قلم علم آگے پر **ف** یہ حدیث حسن ہے **مترجم** مراد اسنے جن وانس ہیں کہ جنہیں مادہ ہدایت کا اور تخم ضلالت کا دونوں رکھے گئے ہیں اور تخم ضلالت جو مغیر فطرت ہے مراد ہے اُس سے شہوتیں نفس امارہ کے اور بُری عادتیں بشریکے اور مذموم خصلتیں جہالتکے اور مراد ہے نوری نور علم کا اور تدین و تشرع و عبادت و توحید و احسان و طاعت کا (مرقات) +

**عن** مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَدْرِيْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ قُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ حَقَّهٗ عَلَيْهِمْ اَنْ يَّعْبُدُوْهُ وَلَا يُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا قَالَ فَتَدْرِيْ مَا حَقُّهُمْ عَلَى اللّٰهِ اِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ قَالَ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ اَنْ لَّا يُعَذِّبَهُمْ **ترجمہ** روایت ہے معاذ بن جبل سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آیا جانتا ہے تو کہ کیا ہے اللہ تعالیٰ کا حق بندوں پر عرض کرے میں نے کہ اللہ و رسول خوب جانتے ہیں فرمایا آپنے حق اللہ کا بندوں پر یہ ہے کہ عبادت کریں خاص اُسکے اور شریک نکریں اُسکا کسے کو فرمایا آپنے بھلا جانتا ہے تو کہ کیا ہے حق اُنکا اللہ پر جب وہ بجالاویں کہا معاذ نی کہ اللہ و رسول اُسکا خوب جانتے ہیں فرمایا آپنے یہ ہی حق اُنکا اللہ تعالےٰ پر کہ اُنکو عذاب نکرے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہے کئی سندوں سے معاذ بن جبل سے **عن** اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَانِيْ جِبْرَئِيْلُ فَبَشَّرَنِيْ اَنَّهٗ مَنْ مَّاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ قُلْتُ وَاِنْ زَنٰى وَاِنْ سَرَقَ قَالَ نَعَمْ **ترجمہ** روایت ہے ابی ذر سے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آئے میرے پاس جبرئیل اور بشارت دی مجھکو کہ جو مرجاوے میرے امت سے کہ نہ شریک کرتا ہو وہ اللہ تعالےٰ کا کسے چیز کو داخل ہوگا جنت میں کہا میں نے اگرچہ زنا کیا ہو اور چوری کی ہو نے فرمایا ہاں یعنے اگرچہ مرتکب زنا و سرقہ ہوگا انجام اُسکا جنت ہے اگرچہ معذب ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اس باب میں ابی الدرداء سے بھی روایت ہے

## اَبْوَابُ الْعِلْمِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ یہ باب میں علم کے جو وارد ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ **مترجم مقدمہ** علم بالفتح پیدا کرنا اور جو چیز کا احاطہ آسمان میں ہے اور علم بالکسر جاننا عُلُوم جمع اور کہے علم بمعنے معلوم کے بھی آتا ہے چنانچہ بعضوں نے کہا ہے وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اسے معلومہ اور علم بفتحتین حد فاصل درمیان دو زمینوں کے اور نشانی کہ راہ کی شناخت کیے واسطے بناوین اور اسی سے ہے قول اللہ تعالیٰ کا اِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ یعنے ظہور حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا نشان قیامت ہے اور ایام معلومات سے مراد ہیں عشرۂ ذی حجہ اور علم بفتحتین کے جمع اعلام آتی ہے اور علم السد ایک پہاڑ کا نام ہے اور علیم اسم فاعل ہے علم بالکسر سے یعنے جاننے والا اور نود نہ نام پہاڑ کا ہے میں ہے کہ علم اُسکا محیط ہے جمیع اشیا کو ظاہر اور باطنا اور کوئی نقیر و قطمیر اُسکے علم سے باہر نہیں شامل ہے جزئیات و کلیات کو اعلم افعل التفضیل دانا تر اور زیادہ جاننے والا اعلام جمع علومہ نشان و علامت عالم صیغہ مبالغہ خوب جاننے والا ولا یحیطون الا قائمۃ علے اللہ سبحانہ بالتمام شبیہ انسانیت معلم وہ

وہ نشان کہ راہ مین رکھدین اور علم جو جاننے کے معنے مین ہے وہ باب سمع یسمع سے ہی اور جو معنے نشان کرنیکے ہی وہ باب نصر ینصر سے ہی اعلام آگاہ کرنا اور خبر دار کرنا
باب افعال سے تعلیم سکھانا آگاہ کرنا تعلّم سیکھنا اور جاننا اور مضبوط کرنا کام کا اور اُسی سے ہے حدیث مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ آہ یعنے بہتر تم مین سے وہ ہی جو قرآن سیکھی اور سکھائے اور علوم مُدوّن علم
صرف ہے اور علم نحو علم لغت علم معانی علم بیان کہ آلات ہین علوم دینیہ کے اور علوم دینیہ علم قرأت ہے اور علم تفسیر اور علم حدیث اور علم فقہ اور علم فرائض اور علم اصول اور علم کلام اور علوم دنیا
سے ہے علم عروض اور علم قافیہ علم انشا علم رسم الخط علم محاضرات علم منطق علم حکمت اور علم حکمت شامل ہے ہیئت علوم کو چنانچہ علم ہیئت علم ہندسہ علم عدد علم طب علم فلاحت علم کیمیا علم
نجوم علم سیقی علم مناظر اور مرایا علم جبر و مقابلہ علم جر اثقال علم رمل علم جفر علم طلسم علم قیافہ علم مساحت علم اصطرلاب علم محاضرات اُسی مین داخل ہین اور انمین سے بعض منہے
عنہ ہین اور بعض جایز اور بعض مفید ہین اور بعض غیر مفید بلکہ مُضر باعتبار تضییع اوقات کی اور علوم منہیہ سے ہی منطق کہ قول مشہور صحیح تحریم المنطق مین کہا ہے فن منطق فن مذموم
ہے حرام ہے اشتغال بعض مافیہ کا چنانچہ قایل ہونا ہیولی کا کہ وہ کفر ہے کہ مخبر ہوتا ہے فلسفہ اور زندقہ کیطرف اور کچھ اُسکا ثمرہ نہین تمین بلکہ نہ دنیا مین متخصیص کی ہے اسپر
ایمہ دین اور علماء شریعت نے سو اول حنبی بیان کیا اسکی حرمت کو امام شافعی ہین اور بیان کیا اُنکے اصحابون مین سے امام الحرمین نے اور غزالی نے اپنی آخر امر مین اور بیان
کیا ابن صباغ صاحب شامل اور ابن قشیری نے اور تخصیص کے ساتھ مقدسی اور عمار بن یونس اور سلفی اور ابن مندہ اور ابن عساکر اور ابن اثیر اور ابن الصلاح اور ابن عبد السلام اور ابو شامہ
اور نووی اور ابن دقیق العید اور برہان جوینی اور ابو حیان اور شرف دمیاطی اور ذہبی اور بلوی اور استوی اور اذرعی اور زرکشی اور مراقی اور شرف ابن مقبر نے اور فتوی دیا ہے کہ حرمت
ہمارے شیخ قاضی مناوی نے اور نص کیا ہے اسپر ائمہ مالکیہ سے ابن ابی زید مالکی صاحب الرسالہ اور قاضی ابو بکر بن عربی اور ابو بکر طرطوشی اور ابن الولید الباجی اور ابو طالب المکی صاحب
القوت نے اور ابو الحسن بن البصار اور ابو عامر بن الزیتہ اور ابو الحسن بن الجیب اور البلنسی اور ابن رشید اور ابن حمزہ اور عامہ اہل مغرب نے اور تخصیص کی ہے اسکے حرمت پر ائمہ حنفیہ مین سے ابو سعید
شیرازی اور سراج قزوینی اور عرفی فی مدوناتہ کے ایک کتاب اُسکی تحریم پر اور تخصیص کے اُسکی حرمت پر ائمہ حنابلہ سے ابن الجوزی اور سعید الدین الحاقی اور شیخ الاسلام تقی ابن تیمیہ نے
اور تالیف کی شیخ قدس سرہ نے اُسکے رد مین ایک کتاب انتہی اور یہ علم زمانہ صحابہ اور تابعین مین ملت اسلامیہ مین موجود نہ تھا بلکہ عمر بن خطاب نے کتابخانہ فلسفہ کا جلوا دیا تھا کذا
فی ہدایۃ السائل الی ادلۃ المسائل اور ظاہر اور علوم دنیا وہ ہی جو بکار آمد نہین ہین اور موجب غفلت اور کبر و غرور و عجب ہوتی ہین ایسی ہی ہین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے
تو اُن علوم سے پناہ مانگی ہے جو نفع نہ دین چہ جائیکہ موجب ضرر ہون باقی تحقیقات متعلقات علم کے اور فضایل اور برکات اور نتایج اور ثمرات علوم دینیہ کے ضمن ابواب مین مذکور
ہونگے انشاء اللہ تعالی

**باب** اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا فَقَّهَهُ فِي الدِّيْنِ باب تفقہ کے فضیلت مین **عن** ابن عباس اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ جسکی بہتری چاہتا ہے اُسے دین کے سمجھ دیتا ہے **ف** اس
باب مین عمر اور ابی ہریرہ اور معاویہ سے روایتے ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** قولہ دین کے سمجھ دیتا ہے یعنے اُسکو علم دین عنایت فرماتا ہے اور بصیرت کامل اور فہم راشد اور
ذہن ثاقب اور حافظہ قوی دیتا ہے کہ چند عرصہ مین علوم دینیہ سے سرفراز ہو کر اپنے اقران مین ممتاز ہو جاتا ہے اور احکام شریعت اور اسرار طریقت اور انوار حقیقت و معرفت سے اُسکا
سینہ نورانی ہو جاتا ہے اور نہین خاص ہے یہ حدیث ساتھ فقہ مصطلح کے جیسا کہ گمان کیا ہے بعض اشخاص نے اسلئے کہ مروی ہے دارمی مین عمر سے کہ اُنہون نے کہا کہ مین نے حسن بصری سے
کہا ایکدن کہ ایسا ہی کہا ہے فقہانی تو اُنہون نے فرمایا خرابی ہے تیری تو نے کوئی فقیہ دیکھا بھی ہے فقیہ تو وہ ہے کہ زاہد ہو دنیا سے راغب ہو آخرت کا بصیر ہو امر دین کا مداوم
ہو عبادت الٰہی پر اور اکثر روایت مین ہے کہ فقیہ وہ ہی کہ کہل گئین اسکے دونون آنکھین لکی اور دیکھا اُسنے اپنے رب کو یعنے چشم دل سے اتنے اور منقول ہے محدثین سے کہ فقہ الرجل بصیرتہ
بالحدیث یعنے فقہ سے مراد کمال بصیرت ہے حدیث مین اور بخوبی پہچاننا اُسکے ناسخ و منسوخ اور ضعیف و قوی اور مقدم اور مؤخر کو اور واقف ہونا جرح و تعدیل سے رواۃ کے اور حالات
سے ثقات کے اور مروی ہے مرفوعاً کہ جسنے یاد کیا ہے حدیثونمین سے چالیس حدیثون کو سنت سے ملاقات کریگا وہ اللہ عزوجل سے قیامت کے دن فقیہ و عالم ہو کر اور ایک روایت مین ہے کہ جسنے
یاد کین چالیس حدیثین امر دین کی اُٹھاویگا اللہ تعالی اُسکو قیامت کے دن زمرۂ فقہا اور علما مین اور یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے باتفاق محدثین مگر مؤید قول مذکور ہے

**باب** فَضْلِ طَلَبِ الْعِلْمِ باب طلب علم کے فضیلت مین **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَلْتَمِسُ فِيْهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهٗ طَرِيْقًا اِلَى الْجَنَّةِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو چلا کسی راہ مین کہ طلب کرتا ہو علم کو آسان کریگا اللہ تعالی اُسکے لئے ایک راہ جنت کیطرف **ف**
یہ حدیث حسن ہے **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَرَجَ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَرْجِعَ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک

فضیلت تفقہ

طلب علم کے فضیلت

مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو نکلے طلب علم میں وہ اللہ کے راہ میں ہے جبتک کہ لوٹے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کیے یہ بعضوں نے اور مرفوع نہیں **عن** سُخَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ كَانَ كَفَّارَةً لِمَا مَضَى ترجمہ روایت ہے سخیرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے طلب کیا علم کو اُسکی اگلے گناہوں کا کفارہ ہوگیا **ف** یہ حدیث ضعیف الاسناد ہی اور ابوداؤد کا نام نفیع اعمی ہے وہ ضعیف ہیں حدیث میں اور حسن علوم ہوتی ہیں عبداللہ بن سخیرہ کی زیادہ حدیثیں اور نہ انکے باپ کی **باب** فِي كِتْمَانِ الْعِلْمِ باب کتمان علم کے مذمت میں **عن** اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ عَلِمَهُ ثُمَّ كَتَمَهُ اُلْجِمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِلِجَامٍ مِنَ النَّارِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو سوال کیا جاوے اُس علم سے کہ جانتا ہی اُسکو پھر چھپاوے اُسکو لجام لگائی جاویگی اسکو قیامت کے دن آگ سے **ف** اسماعیل جابر اور عبداللہ بن عمر سے بھی روایت ہے حدیث ابی ہریرہ کی حسن ہے **متر جم** مراد اس سے بقول علما علم ضروری ہے اور جسکا نا اُسکا ایسے وقت میں کہ دوسرا کوئی بتانیوالا نہو اور کوئی مانع صحیح بھی نہ ہو بلکہ نہ بتانا فقط براہ بخل ہو زیادہ برا ہی اور روایت کیا ہی اس حدیث کو احمد اور ابوداؤد نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے انس سے **باب** مَا جَآءَ فِي الْاِسْتِيْصَآءِ بِمَنْ يَطْلُبُ الْعِلْمَ باب طالب علم کے خیر خواہی اور مرحبا کہنے کے بیان میں **عن** اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كُنَّا نَاْتِي اَبَا سَعِيْدٍ فَيَقُوْلُ مَرْحَبًا بِوَصِيَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ النَّاسَ لَكُمْ تَبَعٌ وَاِنَّ رِجَالًا يَاْتُوْنَكُمْ مِنْ اَقْطَارِ الْاَرْضِ يَتَفَقَّهُوْنَ فِي الدِّيْنِ فَاِذَا اَتَوْكُمْ فَاسْتَوْصُوْا بِهِمْ خَيْرًا ترجمہ روایت ہے ابی ہرون سے کہا کہ ہم آتی تھی ابوسعید کے پاس پہنچے علم حدیث کے لئی سو وہ فرماتے تھے مرحبا ہے تمکو موافق وصیت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اسلئی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا لیئے اپنی اصحاب کے کہ لوگ تمہاری تابع ہیں اور بہت سے مرد آئینگے تمہارے پاس کنارہ ہائے زمین کے سمجھ حاصل کرنیکو دین کے پھر جب تم پاس آوین پس طلب کرو اُنکے لئے خیر کو یعنے اُنکو نصیحت و وعظ کرو اور شیرین زبانی سے اُنکی دلجوئی کرو کہ وہ طالب دین ہیں **ف** علی بن عبداللہ نے نقل کیا یحیی بن سعید کہتے تھی کہ شعبہ ضعیف کہا کرتے تھے ابوہرون عبدی کو اور کہا یحیی نے کہ ہمیشہ ابن عون روایت کرتے رہی ابی ہرون عبدی سے یہان تلک کہ انتقال کیا انہونے اور ابوہرون کا نام عمارہ بن جوین ہے **متر جم** عمارہ بن جوین بکسر معجمہ کنیت اُنکی ابوہارون عبدی ہے اور اپنی کنیت سے مشہور ہیں متروک الحدیث ہے اور بعض محدثین نے اُنکے تئین منسوب کیا کذب کیطرف اور وہ شیعی ہے طبقہ رابعہ سے مرتبہ ۱۲ میں تقریب **عن** اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَاْتِيْكُمْ رِجَالٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ يَتَعَلَّمُوْنَ فَاِذَا جَاءُوْكُمْ فَاسْتَوْصُوْا بِهِمْ خَيْرًا قَالَ فَكَانَ اَبُوْ سَعِيْدٍ اِذَا رَاٰنَا قَالَ مَرْحَبًا بِوَصِيَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ترجمہ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آئینگے تمہارے پاس مشرق کیجانب سے بہت لوگ علم حاصل کرنیکو پھر جب وہ تم پاس آوین تو بھلی بات کہو اُنکے لئے سو ابوسعید جو راوی حدیث ہیں ہمیشہ جب ہمین دیکھتے تھے مرحبا کہتے تھے موافق وصیت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے **ف** اس حدیث کو نہیں جانتی ہم مگر ہرون بن عبدی کے روایت سے کہ وہ ابوسعید خدری سے روایت کرتے ہیں **باب** مَا جَآءَ فِي ذَهَابِ الْعِلْمِ باب علم کے بیان میں **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ اِنْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ النَّاسِ وَلٰكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ حَتّٰى اِذَا لَمْ يَتْرُكْ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُوْسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوْا فَاَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عمرو بن عاص سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں قبض اللہ تعالی کرتا علم کو اسطرح کہ ایکبارگی چھین لیوے اُسکو لوگون سے بلکہ قبض کریگا علم کو ساتھ وفات دینے علما کے یہانتک کہ جب کوئی عالم نہ رہیگا بنالینگے لوگ جاہلون کو سردار اپنے اُنسے پوچھینگے اور وہ فتوی دینگے بغیر علم کے سو آپ بھی گمراہ ہونگے اور اُنکو بھی گمراہ کرینگے **ف** اسماعیل عائشہ اور زید بن اسلم سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیے یہ حدیث زہری نے عروہ سے انہون نے عبداللہ بن عمر سے اور عروہ ہی انہونے نے عائشہ سے انہونے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکی مانند **عن** اَبِي الدَّرْدَآءِ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَخَصَ بِبَصَرِهٖ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ قَالَ هٰذَا اَوَانُ يُخْتَلَسُ الْعِلْمُ مِنَ النَّاسِ حَتّٰى لَا يَقْدِرُوْا مِنْهُ عَلٰى شَيْءٍ فَقَالَ زِيَادُ بْنُ لَبِيْدٍ كَيْفَ يُخْتَلَسُ مِنَّا وَقَدْ قَرَاْنَا الْقُرْاٰنَ فَوَاللّٰهِ لَنَقْرَاَنَّهُ وَلَنُقْرِئَنَّهُ نِسَآءَنَا وَاَبْنَآءَنَا فَقَالَ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ يَا زِيَادُ اِنْ كُنْتُ لَاَعُدُّكَ مِنْ فُقَهَآءِ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ هٰذِهِ التَّوْرَاةُ وَالْاِنْجِيْلُ عِنْدَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى فَمَاذَا تُغْنِي عَنْهُمْ قَالَ جُبَيْرٌ فَلَقِيْتُ عُبَادَةَ ابْنَ الصَّامِتِ فَقُلْتُ اَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُوْلُ اَخُوْكَ اَبُو الدَّرْدَآءِ فَاَخْبَرْتُهُ بِالَّذِيْ قَالَ اَبُو الدَّرْدَآءِ قَالَ صَدَقَ اَبُو الدَّرْدَآءِ اِنْ شِئْتَ لَاُحَدِّثَنَّكَ بِاَوَّلِ عِلْمٍ يُرْفَعُ مِنَ النَّاسِ الْخُشُوْعُ يُوْشِكُ اَنْ تَدْخُلَ مَسْجِدَ الْجَامِعِ فَلَا تَرٰى فِيْهِ رَجُلًا خَاشِعًا ترجمہ روایت ہے ابی الدرداء سے کہا کہ تھے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

کتمان علم کے مذمت

طالب علم کے خیر خواہی اور مرحبا کہنے کا بیان

ذہاب علم کا بیان

ساتہ سو نظر کی آپنے آسمان کی طرف پھر فرمایا یسا وقت ہے کہ چھپا جاتا ہے علم آدمیوں سے یہانتک کہ نہ قادر ہونگے اُسمین سے کسی چیز پر سو کہا زیاد بن لبید انصاری نے میں نکہ چھپا جائیگا ہم سے علم اور ہم نے پڑہا ہے قرآن اور قسم ہے اللہ تعالے کی ہم پڑہینگے اور پڑہا دینگے اپنے عورتون کو اور لڑکون کو یعنے یہی سلسلہ نسلاً بعد نسل جاری رہیگا تو فرمایا آپنے زیاد کی تجھپر مان تیرے اسی زیاد مین تجھکو مدینہ کے سمجھدارون مین گنتا تہا یہ تو راۃ و انجیل کیا یہود و نصاریٰ کے پاس نہین مگر کیا کام آئی ہے اُنکو کہا جبیر نے سو ملا مین عبادہ بن صامت سے اور کہا مین نے سُنا تمنے کہ کیا کہتے ہین بہائی تمہارے ابوالدرداء اور خبر دی ہے مجھکو اُنکو ابوالدرداء کی قول کی تو کہا اُنہون نے کہ سچ کہا ابوالدرداء نے اگر چاہے تو تو بیان کرو مین تجھسے کہ علم سے پہلے جو چیز اُٹھیگی لوگون کی پاس سے وہ خشوع ہی قریب ہے ایسا وقت کہ داخل ہو ویگا تو جامع مسجد مین اور نہ دیکھیگا تو اُسمین کوئی مرد خاشع **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور عباد بن صالح ثقہ ہین اہل حدیث کے نزدیک اور نہین جانتے ہم کسیکو کہ کلام کیا ہو اُسنی اُنمین مگر یحییٰ بن سعید قطان نے اور روایت کیے معاویہ بن صالح نے مانند اسکی اور روایت کیے بعضون نے یہ حدیث عبدالرحمن بن جبیر بن نفیر سے اُنہون نے اپنی باپ سے اُنہون نے عوف بن مالک سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **مترجم** حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قریب ہے کہ آویگا لوگون پر ایک زمانہ کہ نہ باقی رہیگا اسلام سے مگر نام اُسکا اور نہ باقی رہیگا قرآن سے مگر رسم اُسکے مساجد اُنکے آباد مین یعنے نقشہ مین اور چونہ گچ کی ہوئے مین اور ہدایت سے ویران مین یعنے ہدایت کا نام نہین علماء اُنکے بدترین خلایق ہین نیچے ادیم سماء کی اُنہین سے نکلتا ہی فتنہ اور اُنہین کے طرف عود کرتا ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان مین اور ابن جناب سے مروی ہے کہ اُنہون نے پوچھا سعید بن جبیر سے کہ اے ابا عبداللہ کیا علامت ہے لوگون کے ہلاک کے کہا اُنہون نے کہ ہلاک ہونا علما کا اور اسلام سے مروی ہے کہ اُنہون نے کہا ہمیشہ ہینگے لوگ خیر کے ساتہ جبتک کہ باقی رہین لگے یہانتک کہ تعلیم پالینگے چھوٹے اور اگر ہلاک ہو جاوین اگلے قبل اسکے کہ تعلیم پالینگے چھوٹے تو ہلاک ہو گئے لوگ ابن عباس سے مروی ہے کہ فرمایا اُنہون نے تم جانتے ہو کیا ہے ذہاب علم کا کہنے کہا نہین اُنہون نے فرمایا ذہاب علم کا ابوالدرداء سے مروی ہے کہ اُنہون نے کہا کیا ہے علما کو مرے دیکھتا ہون کہ چلے جاتے ہین اور جاہل لوگ حاصل نہین کرتے اُسنے علم کو سو حاصل کرو علم کو قبل اسکے کہ اُٹھایا جاوے اسلئے کہ رفع علم جانا ہے علماء کا اور اُنہین نے فرمایا کہ آدمی عالم ہین یا متعلم اور اسکے بعد پہر کچھ خیر نہین ہے اور اُنہین نے فرمایا کہ معلم خیر اور متعلم اجر مین برابر ہین اور لوگون مین کچھ خیر نہین اور عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے کہ اُنہون نے فرمایا صبح کرتو عالم یا متعلم یا مستمع ہو کر اور مت ہو چوتھا کہ ہلاک ہو جاویگا اور حضرت عمر نے فرمایا متفقہ ہو قبل سردار ہونے کے اور تمیم داری سے مروی ہے کہ لوگ بہت بہت مکان بنانی لگے حضرت عمر کے وقت مین تو فرمایا آپنی ای گروہ عرب کے بچوز مین سے یعنے بچو تعمیر سے بیشک اسلام نہین ہے مگر جماعت سے اور جماعت نہین مگر امارت سے اور امارت نہین مگر اطاعت سے پہر جو سردار ہوا اپنے قوم کا دین کے سمجھ پیدا کرکے وہ سرداری اُسکی اور لوگون کے حیات ابدی کا سبب ہے اور جو سردار ہوا بغیر سمجھ دین کے وہ سرداری اُسکی اور لوگون کے ہلاکت کا سبب ہے رکھا فی الدارمی **باب** مَنْ يَطْلُبُ بِعِلْمِهِ الدُّنْيَا باب علم سے دنیا طلب کرنیکی مذمت مین **عن** کعب بن مالک قال سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِيُجَارِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ اَوْ لِيُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ وَيَصْرِفَ بِهِ وُجُوْهَ النَّاسِ اِلَيْهِ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ النَّارَ **ترجمہ** روایت ہے کعب بن مالک سے کہا اُنہون نے کہ سنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے جو طلب کرے علم اسلئے کہ فخر لے اُسکے ساتہ علما مین یا تکرار کرے اُسکے ساتہ سفہا کے اور متوجہ کرے اپنی طرف مونہہ لوگون کے داخل کریگا اللہ تعالیٰ اُسکو دوزخ مین **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ کچھ ایسے قوی نہین نزدیک محدثین کے کلام کیا ہی اُنمین حافظہ کیطرف سے **عن** ابن عمر عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا لِغَيْرِ اللّٰهِ وَاَرَادَ بِهِ غَيْرَ اللّٰهِ فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو سیکہے دین کا کوئی علم غیر خدا کے لیے یا فرمایا ارادہ کرے اُس سے غیر خدا کا تو ڈہونڈہ لی جگہہ اپنی دوزخ مین **مترجم** یہ فرمانا حضرت کا معنے اُسکے یاد ہا ہے یا خبر ہے **باب** فِي الْحَثِّ عَلٰى تَبْلِيْغِ السَّمَاعِ باب تبلیغ احادیث کے فضیلت مین **عن** اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ خَرَجَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ مِنْ عِنْدِ مَرْوَانَ نِصْفَ النَّهَارِ قُلْنَا مَا بَعَثَ اِلَيْهِ هٰذِهِ السَّاعَةَ اِلَّا لِشَيْءٍ نَسْاَلُهٗ عَنْهُ فَسَاَلْنَاهُ فَقَالَ نَعَمْ سَاَلَنَا عَنْ اَشْيَاءَ سَمِعْنَاهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَاً سَمِعَ مِنَّا حَدِيْثًا فَحَفِظَهٗ حَتّٰى يُبَلِّغَهٗ غَيْرَهٗ فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَيْسَ بِفَقِيْهٍ **ترجمہ** روایت ہے ابان بن عثمان سے کہا کہ نکلے زید بن ثابت صحابی مروان کی پاس سے دوپہر کے وقت مین جنکو سو کہا ہے کہ نہین بلایا تہا اونکو مروان نے مگر کسی چیز کے پوچھنے کو سو کہڑے ہوی ہم اور پوچہا ہم نے زید بن ثابت سی تو کہا اُنہون نے کہ ہان پوچہین ہم سے کتنی ہی چیزین کہ سُنی تہین ہم نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے پہر بیان کی اُنمین سے ایک روایت کہ سُنا مین نے رسول خدا

علم سے علماء کی تکرار کی ممانعت

تبلیغ احادیث کی فضیلت

صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے تازہ رکھی اللہ تعالیٰ اُس شخص کو کہ سنی ہماری کسی حدیث کو اور یاد رکھے اُسکو یہانتک کہ پہونچاوے اُسکو دوسرے کو اسلئے کہ بہت سی اُٹھانیوالی فقہ کے لیجاتی ہین فقہ کو اپنے سے زیادہ فقیہ کے پاس اور بہت سے فقہ کے اُٹھانیوالے خود فقیہ نہین ہین **ف** اسباہین عبداللہ بن مسعود اور معاذ بن جبل اور جبیر بن مطعم اور ابی الدرداء اور انس سے ہے روایت ہے حدیث زید بن ثابت کے حسن ہے **مترجم** اس حدیث سے بخوبی معلوم ہوا کہ فقہ نام ہی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور اُسکے جاننے اور تحقیق سے آدمی عند اللہ فقیہ ہوتا ہے اور بشارت ہے اُنہین کہ بعد زمانہ صحابہ کے تابعین مین بکثرت فقہا ہونگے اور احادیث جمع کرینگے اور حفاظت کرینگے اور مطولی اور کعب علیا اس علم مین حاصل کرینگے اور امور دینین تفقہ اور تدبر اُنہین عنایت ہوگا اور دعا خیر ہے اُنہین تمامی خادمان حدیث کو کہ مدام اُنکے چہرے تروتازہ رہینگے اور قلوب مسرور اور چشم پُرنور الحمد للہ علے ذلک اللھم اجعلنا منھم بفضلک وکرمک آمین **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعٰى مِنْ سَامِعٍ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہا کہ سنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے تروتازہ رکھی اللہ تعالیٰ اُس شخص کو کہ سُنے ہم سے کوئی بات اور پہونچاوے اُسکو جیسا کہ سنا ہی اُسنے اس لیے کہ بہت سے لوگ کہ جنکو حدیث پہونچیگی زیادہ یاد رکھنی والی ہونگے سُننے والی سے **مترجم** اس حدیث مین دعا خیر ہے تمام المجدیث کے لئے اور دعا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے مقبول ہے اور بشارت ہی اسکے کہ بعد قرن صحابہ کے اور قرون مین حفاظ اور حراس حدیث پیدا ہونگے کہ وہ ایک ایک حدیث بحفاظت تامہ و حراست کاملہ جمع کرینگے اور اُنکے مدونات اور تالیفات سے ایک عالم کو فائدہ ہوگا چنانچہ ایسا ہی واقع ہوا **باب** فِيْ تَعْظِيْمِ الْكَذِبِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ باب حضرت پر جھوٹ باندھنے کی مذمت مین **عن** عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے جھوٹ باندھا مجھپر اپنی جگہہ ٹھونڈلی دوزخ مین **عن** عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَكْذِبُوْا عَلَيَّ فَاِنَّهٗ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ يَلِجِ النَّارَ **ترجمہ** روایت ہے علی بن ابی طالب سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مت جھوٹ باندھو مجھپر اسلئے کہ جسنے جھوٹ باندھا مجھپر داخل ہوگا دوزخ مین **ف** اسباہین ابی بکر اور عمر اور عثمان اور زبیر اور سعد بن زید اور عبداللہ بن عمر و انس اور جابر اور ابن عباس اور ابی سعید اور عمار بن یاسر اور عقبہ بن عامر اور معاویہ اور بریدہ اور ابی موسی اور ابی امامہ اور عبداللہ بن عمرو اور مغفل اور انس مقفی سے بھی روایت ہے حدیث علی بن ابی طالب کے حدیث صحیح ہے کہا عبدالرحمن بن مہدی نے المتواتر ثابت ہین اہل کوفہ مین اور کہا ابو یعلی یعنی بن خراش نے اسلام مین کبھی جھوٹ نہ بولا **عن** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ حَسِبْتُ اَنَّهٗ قَالَ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ بَيْتًا مِنَ النَّارِ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے جھوٹ باندھا مجھپر گمان کرتا ہون کہ فرمایا قصداً وہ ٹھونڈلی اپنا گھر دوزخ مین **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب صحیح ہے اس سند سے یعنے زہری کے روایت ہے کہ وہ انس بن مالک سے روایت کرتے ہین اور مروی ہوئی یہ حدیث کئی سند سے انس سے کہ وہ روایت کرتے ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **مترجم** ابن صلاحی کہا ہے کہ حدیث من کذب علی متواتر ہے احادیث مین کہ اول حدیث اس مرتبہ کی کہ پہونچی ہو تواتر مین اسکے برابر اسلئے کہ ناقلین اسکے صحابہ ہے ایک جم غفیر مین یہانتک کہ بعضون نے کہا ہے کہ راوی اسکے باسٹھ صحابہ ہین کہ عشرہ مبشرہ بھی اُنمین داخل ہین اور بیہقی بعد اسکے رواۃ کے مرتون مین بڑھتے گئی (الکفایۃ المرقاۃ والطیبی) **باب** فِيْ رِوَايَةِ حَدِيْثٍ وَهُوَ يُرٰى اَنَّهٗ كَذِبٌ باب حدیث روایت کرنے کے کہ گمان ہو کہ جھوٹ ہے **عن** الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَدَّثَ عَنِّيْ بِحَدِيْثٍ وَهُوَ يُرٰى اَنَّهٗ كَذِبٌ فَهُوَ اَحَدُ الْكَاذِبِيْنَ **ترجمہ** روایت ہے مغیرہ بن شعبہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو بیان کرے ہمارے نام سے کوئی حدیث یعنے گمان کرتا ہے کہ جھوٹ ہے پس وہ دو جھوٹون مین سے ایک جھوٹا ہے **ف** اسباہین علی بن ابی طالب اور سمرہ سے ہے روایت یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی شعبہ نے حکم سے اُنہون نے عبدالرحمن بن ابی لیلے سے اُنہون نے سمرہ سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور حدیث عبدالرحمن بن ابی لیلے کی جو روایت کی ہے اہل حدیث کے نزدیک صحیح ہے کہا پوچھا مین نے عبدالرحمن بن مہدی سے جنکے کنیت ابو محمد ہے مراد اسکی جو فرمایا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو بیان کرے تمار ہا مین کوئی حدیث میرے گمان کرتا ہو کہ وہ جھوٹ ہے وہ دو جھوٹون مین کا ایک جھوٹا ہے اور کہا مین نے کہ جسنے روایت کی کوئی حدیث اور وہ جانتا ہے کہ سند مین اُسکی کچھہ خطا ہے تو نہین خوف اُسپر کہ داخل ہوا وہ وعید مین اس حدیث نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور مین نے کہا جیسے کہ بعضے لوگ حدیث مرسل کو مرفوع کردیتے ہین یا مبدل کرتے ہین اُسکے کو اور نہین وہ داخل ہوگا اسی وعید مین اور یہ سب تقریر تھے سائل کے پس جواب دیا عبداللہ نے کہ نہین یہ لوگ جنکا تم نے ذکر کیا داخل نہین اس وعید مین بلکہ وہ داخل ہے

جو روایت کرے ایسی حدیث کہ نہیں جانتا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اُسکی کچھ اصل اور روایت کرتا ہے آنحضرت کے نام سے سو مجھ کو خوف ہے کہ داخل ہوگا وہ شخص اس وعید میں **ترجمہ** اس وعید میں داخل ہیں وہ لوگ کہ احادیث موضوعہ بر سر محفل بیان کرتے ہیں یا ترغیب و ترہیب کے لئے جھوٹی حدیثیں بناتے ہیں جیسے انگلیان جو منے کی روایت وقت اذان کے کہ بالاتفاق محدثین موضوع ہے اور سخاوی وغیرہ اکابر محققین نے اُسکے وضع پر تصریح کر دی ہے اور سیطرح موضوع ہیں وہ حدیثیں کہ فضائل سُور میں صاحب کشاف نے ہر ہر سورت کے ذیل میں نقل کر دی ہیں اہل علم کو لازم ہے کہ اُنکو روایت نکریں **باب** مَا يُتَّقَى عَنْهُ أَنْ يُقَالَ عِنْدَ حَدِيثِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ باب استماع حدیث کے آداب میں

**عَنْ** مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ وَسَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ وَغَيْرُهُ رَفَعَهُ قَالَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ مُتَّكِئًا عَلَى أَرِيكَتِهِ يَأْتِيهِ أَمْرٌ مِمَّا أَمَرْتُ بِهِ أَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ فَيَقُولُ لَا أَدْرِي مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللهِ اتَّبَعْنَاهُ **ترجمہ** روایت ہے محمد بن منکدر اور سالم ابی نضر سے وہ دونوں روایت کرتی ہیں عبید اللہ سے وہ ابو رافع سے اور ابو رافع کے سوا اور راویوں نے اسکو مرفوع کیا یعنے یوں کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ پاؤں میں تم میں سے کسیکو تکیہ لگائے ہوئے اپنی مسند پر کہ آوے اُسکو حکم میرا کہ امر کیا ہو میں نے یا نہی کے ہو اُس سے اور وہ کہنے لگے کہ میں نہیں جانتا جو کچھ اللہ کے کتاب میں پائینگے ہم تابع ہونگے اُسکے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کی بعضوں نے سفیان سے اُنہوں نے ابن المنکدر سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کی سالم ابی النضر نے عبید اللہ بن ابی رافع سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ابن عیینہ جب روایت کرتے اِس حدیث کو علیحدہ تو جدا کر دیتے حدیث محمد بن منکدر کے سالم کی حدیث سے اور جب جمع کر دیتے دونوں راویتوں کو اسی طرح روایت کرتے اور ابو رافع ہوا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نام انکا اسلم ہے **عَنِ** الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِ يَكْرِبَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا هَلْ عَسَى رَجُلٌ يَبْلُغُهُ الْحَدِيثُ عَنِّي وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى أَرِيكَتِهِ فَيَقُولُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللهِ فَمَا وَجَدْنَا فِيهِ حَلَالًا اسْتَحْلَلْنَاهُ وَمَا وَجَدْنَا فِيهِ حَرَامًا حَرَّمْنَاهُ وَإِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا حَرَّمَ اللهُ **ترجمہ** روایت ہے مقدام بن معدیکرب سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آگاہ ہو کہ قریب ہے کہ پہونچی گی آدمی کو حدیث میری اور وہ تکیہ لگائی ہوگا اپنی مسند پر اور کہنے لگیگا کہ ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کے کتاب ہے پس ہم جو اُسمیں حلال پائینگے اُسکو حلال کہینگے اور جسکو حرام پاوینگے اُسکو حرام کہینگے اور بیشک جسکو حرام کہا اللہ کے رسول نے اسکی حرمت ہوا پر اور سلام حرمت میں اُس چیز کے مانند ہی جسکو اللہ نے حرام فرمایا **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے **مترجم** ان حدیثوں میں بڑی تنبیہ ہے مقلدان متعصبین کو اور اُن لوگوں کو کہ آراء رجال کو ترجیح دیتے ہیں احادیث مطہرہ اور آحاد امت کے اقوال کو جو سبب ہے احادیث نبی کی مخالفت کہنی میں اُنکو توجیہات بارد سے مزین کر کے قبول فرماتی ہیں اور احادیث صحیحہ محکمہ غیر منسوخہ کو تاویلات فاسدہ سے رد کیا چاہتے ہیں معاذ اللہ من ذلک **يُرِيدُونَ لِيُطْفِئُوا نُورَ اللهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَاللهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ** حالانکہ اکابر امت اور ائمہ ملت نے اُنکو وصیت کیے ہی کہ جب حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاؤ تو ہمارے اقوال کو دیوار پر دے مارینگے اور بالکل اُن ہی قطع نظر کر دینگے چنانچہ محی السنۃ فی نقل کے حدیث ابی رافع کے اور کہا کہ اس حدیث میں دلالت واضحہ ہی کہ حاجت نہیں عرض کرنا حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا کتاب اللہ پر اسلئے کہ جب ثابت ہوگئی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کوئی چیز پس وہ حجت ہی امت پر بقیہ حاجت نہیں اُسکو کسی پر عرض کرنیکی میں کہتا ہوں کہ جب حدیث کا عرض کرنا کتاب اللہ پر ضرور نہوا بلکہ بجو سواے اُسکا قبول کرنا اور ماننا چاہیئے تو غیر کتاب پر عرض کرنیکی بدرجۂ اولی حاجت نہیں مگر یہ کہ عرض کرنا کسی حدیث کا اس نظر سے ہو کہ معلوم ہو جاوے کہ یہ صحیح ہے اسمیں کچھ مضائقہ نہیں یہ اللہ کی طرف شکایت ہے اُن لوگوں کے کہ جنکے خیال خام میں یہ امر مستقر ہی کہ احادیث صحیحہ محتجہ میں بوجہ صحت اور ثبوت کے کہ عرض کے جا دیں قول امام پر جنکے ہم تابع ہیں سو اگر اُنہوں نے قبول کیا تو لائق حجت ہیں اور نہیں تو نہیں سو اُنکے عقیدۂ باطل میں یہ بات ہے کہ احادیث ثابتہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حجت نہیں بذاتہ بلکہ قول امام حجت ہے سو حلت اور حرمت اور وجوب اور نہی ثابت نہیں ہوتی اُنکے نزدیک احادیث سے بلکہ ثابت ہوتی ہیں یہ امور قول امامی سے اور یہ عقیدہ بالکل فاسد و باطل ہے اور مسلم میں عمران بن حصین سے روایت ہے کہ وہ حدیث بیان کر رہے تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حیا لا یاتی الا بخیر کہ بشیر بن کعب نے کہا کہ ایسا ہی لکھا ہوا ہی کتب حکمت میں کہ اُسی سے ہے وقار اور سکینہ تو عمران نے فرمایا کہ میں تجھ سے نہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور تو مجھ سے سنتا ہی بات اپنی صحیفہ کے اور دوسری روایت میں ہی کہ غصے ہوگئے عمران یہانتک کہ سرخ ہوگئیں اُنکی دونوں آنکھیں اور کہا کہ کبھی تجھ کو دیکھونگا نہیں تجھے اس حال میں کہ میں روایت کرتا ہوں تجھ سے اُس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور تو درمیان میں لاوے اور بات انتہی اور مستنبط ہوئی اس حدیث سے شناعت اور بُرائی اُسکی جو کہتا ہے حدیث منکر کہ یہ موافق نہیں ہے فقہ ابو حنیفہ کے مثلاً یا نقل کر دیتا ہی اُسکی خلاف میں قول کسیکا یہ جائی کہ وہ مرتکب ہوا اس خطائی کبیر کا کہ کہہ بیٹھے کہ یہ حدیث مخالف ہے فقہ کے اور ہم فقہ جانتے ہیں حدیث نہیں جانتے یا سیطرح کی اور گستاخی اور بے ادبی اور اس زمانہ

پُرفتن مین تو یہ عادت ہوگئی ہے اکثر طلبۂ علم کی اور دین ٹھیرگیا ہی خواص کا عوام کا تو کیا ذکر ہے اور غور کرنا چاہئے کہ بشیر بن کعب نے عمران کے سامنے جو نقل کیا قول حکمت کا اُس سے منظور نہ تھی مخالفت حدیث کی بلکہ مطلوب تھے تائید اُسکے مگر خفا ہوئی اُسپر عمران اور جھڑکا اور عتاب اور غصہ کیا اُسپر اسلئے کہ ذکر کرنا مجلس حدیث مین قول کسی کا مشغول کرنا ہی سماعت کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے طرف سے غیر کیطرف اور رافع ہونا ہی تفکر اور تدبر سے آپکے کلام نور التیام مین اور تفرق کرنا ہے اُنکے قبلۂ توجہ کو جناب سے شارع علیہ السلام کے اور خلل اور زلل ڈالدینا ہی اُن انوار مین کہ جو آنحضرت کے قول مین توجہ کرنے سے امت کو حاصل ہوتے ہین اور محروم کرنا ہے اُن برکات سے سامعین اور ناقلین کو کہ بسبب کمال توجہ اُنکے کی حدیث مطہر کی طرف اُنکے قلوب پر عالم قدس سے نازل ہوتے ہین پس انہین موجب سے عمران نے نام رکھا اسکا معارضہ اور مزاحمہ ساتہ کلام رسول علیہ السلام کے کہ جو ناطق ہین وحی الٰہی کے ساتہ اور گنا اس گستاخی کو جنایت بادیہ اور خطا ظاہر یہانتک کہ سرخ ہوگئین اُنکے آنکھین اور غیرت کہائی اُنہون نے واسطے کلام رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اور غضب کیا سوء ادب پر ناقل کے پھر کیا حال ہے اُس شخص کا جو نقل کردیتا ہے احکام حلال و حرام مین صاحب وحی کے مقابلہ مین قول مخالف زید و عمر کا اور کیا فضیحت ہوتی اُسکی اگر ہوتا وہ عمران رضی اللہ عنہ کے سامنے اور مسلم مین مروی ہے کہ حاضرین نے تسکین دی عمران کے غصہ کو یہہ کہکر کہ بشیر منافق نہین ہے یعنے مومن ہے اور یقین کیا حاضرین نے کہ عمران نے اس گستاخی کے سبب سے اُسی منافق سمجھا ہے پھر جب ایسی بات سی صحابہ کو مظنۂ نفاق کا ہوجاوے کہ جسمین کسیطرح کی مخالفت حدیث نہ تھی تو کیا حال ہوتا اگر وہ سنتی گستاخان اور بے ادبان متعصبین زبان کی کہ کوئی کہتا ہے قال قال سبیارہت مراقال ابوحنیفہ در کارست اور کوئی کہتا ہی اس حدیث کو ہمارے امام نے نہین لیا ہم کیونکر عمل کرین اور کوئی کہتا ہے ہم کیا جانین حدیث کیا ہی ہمکو فقہ کافی ہے یا قول امام واقی ہے معاذ اللہ من ذلک کلہا وَتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ اور ابوہریرہ سے مروی ہے کہ جب اُنہون نے روایت کی حدیث مرفوع کہ وضو کرو اُسچیز سے کہ جسکو آگ نے چھوا ہے تو ابن عباس نے کہا کیا وضو کرین ہم گہی اور گرم پانی سی تو کہا ابوہریرہ نے ای ابن اخی جب تو سنے حدیث رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تو باتین مت بنا یعنے بلا عذر قبول کر اور تقریرین مت چہانٹ رواہ الترمذی اور ابوہریرہ سے مروی ہے کہ اُنہون نے جب روایت کیا قول رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ فرمایا ہے آپنے جب کوئی سو کر اُٹھے تو نہ ڈبووے ہاتہہ اپنا برتن مین جب تک کہ نہ دہووے اُسے تین بار تو کہا قین اشجعی نے کہ کیا کرین ہم مہر اس کے ساتہ تو فرمایا ابوہریرہ نے نعوذ باللہ من شر ک یعنے خدا کی پناہ تیری مساد اور مہر اس کا یک سنگ مقور ہوتا ہے مانند حوض کے کہ اُسی کوئی اُٹھا نہین سکتا اور یہ جو فرمایا ابوہریرہ نے کہ ای ابن اخی جب سُنی تو حدیث تو باتین مت بنا اسمین اشارہ ہے کہ جب حدیث سنی تو اُسکے مقابلہ مین معانی قیاسیہ لاوی اور معارضات عقلیہ نہ پیش کرے اور فصوص قاطعہ کو مقدمات عقلیہ سے رد نکری اور اسطرح کی تصریحات صحابہ کی بہت ہین کہ اگر جمع کیجاوین تو اُسکے لئی ایک دفتر طویل کی حاجت ہووے اور تابعین و غیرہم سے بہی ایسی اقوال بہت مروی ہین چنانچہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے ہر ایک شخص کہ بعض قول اُسکا خوب ہوگا اور بعض قول اُسکا اُسپر پھیر دیا جاویگا یعنے قابل قبول نہوگا مگر صاحب اس قبر کے اور اشارہ کیا قبر مبارک کیطرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اور امام احمد بن حنبل نے نہ تصنیف کے کوئی کتاب فقہ مین اور حفظ کیا اُنسے لوگون نے جو حفظ کیا سینون مین اور اُن سے عرض کے ایکبار لوگون نے کہ کیون نہین تصنیف کرتے آپ فقہ مین تو فرمایا اُنہون نے کسکے مجال ہے کہ کلام کرے اللہ کے کلام کے آگی یا اُسکے رسول کے کلام کے آگی اور ابن مبارک نے فرمایا کہ لوگ ہمیشہ خیر و صلاح سے رہینگے جبتک کہ اُنمین طالبان حدیث ہونگے پھر جب طلب کرینگے علم کو غیر حدیث سے بگڑ جاوینگے اور امام شعرانی نے کہا منہج مین کہ اجماع اُمت ہے اسپر کہ سُنت حاکم ہے کتاب اللہ پر اور نہین ہے کتاب حاکم سُنت پر انتہی یعنے کتاب اللہ اور حدیث مین اگر تعارض ہووے بادی النظر مین تو سنت اور حدیث قابل قبول ہے اسلئے کہ کتاب مجمل ہے اور حدیث اُسکی مفسر اور فرمایا امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اترکوا قولی بقول الرسول صلے اللہ علیہ وسلم یعنے چھوڑدو میرا قول رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے قول کے آگے اور روایت کی حاکم اور بیہقی نے شافعی سے کہ وہ فرماتا تہی جب صحیح ہوجاوے حدیث تو وہی میرا مذہب ہے اور فرماتا تہی جب دیکہو کلام میرا کہ مخالف ہے کلام رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تو ہینک دو کلام میرا دیوار پر (ہذا خلاصۃ ما فی الدراسات)

## بَابُ فِيْ كَرَاهِيَةِ كِتَابَةِ الْعِلْمِ

## باب کتابت علم کے کراہت کا بیان

عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ اسْتَاْذَنَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكِتَابَةِ فَلَمْ يَاْذَنْ لَنَا رحمم روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا اُنہون نے کہ اجازت چاہی ہمنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث لکہنے کی تو اجازت نہ دی ہمکو یعنے ابتدائی اسلام مین ف اور مروی ہوئی یہ حدیث کئی سند وسے اس سند کے سوا بہی زید بن اسلم سے اور روایت کیا اسکو ہمنے زید بن اسلم سے مرفوعا مع متن ہم یعنے ابتدائی اسلام مین حکم تہا کہ کوئی چیز نہ لکہو واسطے قرآن کے اس خیال سے کہ شاید حدیث قرآن مین ملتبا دی اور زمانہ صحابہ جب منقرض ہوجاوے تو جو کچہ لکہا ہو سکو اور اسلئے قرآن جاننے لگین پڑہنے مین جب صحابہ محفوظ اور غضہ ہوگئی اور وحی متلو اور غیر متلو مین فرق بین جاننے لگے تو اُنہون نے حدیث لکہنے کی بہی اجازت دیدی

تب بھی بعض احادیث بسبیل ندرت کتابت مین آئی نہ یہہ کہ تدوین اُنکی شروع ہوجائی **بَابٌ** فِی الرُّخْصَةِ فِیْهِ باب کتابت حدیث کی رخصت مین **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ کَانَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ یَجْلِسُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَیَسْمَعُ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْحَدِیْثَ فَیُعْجِبُهٗ وَلَا یَحْفَظُهٗ فَشَکٰی ذٰلِکَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ لَاَسْمَعُ مِنْکَ الْحَدِیْثَ فَیُعْجِبُنِیْ وَلَا اَحْفَظُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعِنْ بِیَمِیْنِکَ وَاَوْمَاَ بِیَدِهِ اُخْطُطْ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ تہا ایکمرد انصار سی کہ بیٹہا تہا مجلس مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اور سُنتا تہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیثین اور پسند آتی تہین اور یاد نہ رہتی تہین سو شکایت کیے اُسنے اپنی یاد نہ رہنے کے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کی کہ یا رسول اللہ مین سُنتا ہون آپکی حدیثین اور مجہی اچہی لگتی ہین اور یاد نہین رہتین مجہکو سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مدد لی تو اپنے دہنی ہاتہ سے اور اشارہ کیا اپنے ہاتہ سی لکہنے کی طرف **ف** اسباب عبد اللہ بن عمرو سی بہی روایت ہے اس حدیث کی اسناد کچہ قایم نہین یعنے قوی نہین سلیمان بن محمد بن اسمٰعیل سے فرماتی تہی کہ خلیل بن مُرّہ منکر الحدیث ہی **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَذَکَرَ قِصَّةً فِی الْحَدِیْثِ فَقَالَ اُکْتُبُوْا لِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُکْتُبُوْا لِاَبِیْ شَاهٍ وَفِی الْحَدِیْثِ قِصَّةٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑہا اور ذکر کیا راوی نے ایک قصہ حدیث مین یعنی خطبہ کے تقریر بیان کی تو کہا ابوشاہ نی لکہوا دیجی مجہکو یا رسول اللہ تو فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لکہدو ابوشاہ کو اور اس حدیث مین ایک قصہ ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی شیبان یحیی بن ابی کثیر سے مانند اسکے **مترجم** پوری روایت صحیح مسلم مین ابوہریرہ سے یون مروی ہے کہ فرمایا اُنہون نے جب فتح دی اللہ تعالی نے اپنے رسول کو مکہ پر کہڑے ہوی آپ لوگون مین یعنے خطبہ پڑہنے کو اور حمد کی اللہ کی اور ثنا کی اُسپر پہر فرمایا کہ اللہ نے روکا مکہ سی اصحاب فیل کو اور مُسلط کیا اُسپر اپنے رسول کو اور مؤمنونکو اور وہ حلال نہین ہوا کسیکے لئی قبل میرے اور میرے لئے بہی حلال ہوا یکساعت دن کے اور نہ حلال ہوگا بعد میرے کسیکے لئی سو نہ بہگا یا جاوے شکار اُسکا اور نہ توڑا جاوے کانٹے دار درخت اُسکا اور حلال نہین اگر پڑی چیز اُسکی اُٹہانا مگر اُسکو جو بتانا چہاہے اور جسکا کوئی شخص برا جاوے وہ دو امرمین مختار ہی یا دیت لیکر یا قصاص مین قاتل کو قتل کرے سو عباس نے عرض کی مگر اذخر یا رسول اللہ کہ ہم اُسکو اپنی قبور اور بیوت مین ڈالتی ہین تو فرمایا آپنی خیر اذخر کے اُکہاڑنیکا مضائقہ نہین سو کہڑے ہوی ابوشاہ کہ ایک مرد یمنی ہین سے اور عرض کی اُنہون نے کہ مجہے لکہوا دیجی یا رسول اللہ تو فرمایا آپنی لکہدو ابوشاہ کو ولید نے کہا ہزیل سے اوزاعی سے پوچہا کہ کیا چیز وہ لکہواتی تہے کہا اُنہون نے یہی خطبہ جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ مین پڑہا انتہی پس اس حدیث سے اجازت ہوئی اصحاب کو تحریر احادیث کی اور یہ آخر امر تہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا پس نہی اول منسوخ ہی جیسا ہم نے باب گذشتہ مین اشارہ کیا تہا طرف اُسکی **عَنْ** هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ اَنَا اَحَدُ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَکْثَرُ حَدِیْثًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنِّیْ اِلَّا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو فَاِنَّهٗ کَانَ یَکْتُبُ وَکُنْتُ لَا اَکْتُبُ **ترجمہ** روایت ہے ہمام بن منبہ سے کہا اُنہون نے کہ سُنا مین نے ابوہریرہ سے کہ وہ کہتے تہے کہ کوئی نہین ہے اصحاب سی رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے مجہسے سی زیادہ حدیث جاننی والا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے مگر عبد اللہ بن عمرو کہ وہ لکہتے تہی اور مین نہ لکہتا تہا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور وہب بن منبہ جو راوی ہین اپنی بہائی سے تو اُنکے بہائی کا نام ہمام بن منبہ ہے **بَابٌ** مَا جَاءَ فِی الْحَدِیْثِ عَنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ باب بنی اسرائیل سے روایت کرنیکے بیان مین **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَةً وَحَدِّثُوْا عَنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ وَلَا حَرَجَ وَمَنْ کَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پہنچاؤ مجہسی اگرچہ ایک آیت ہو یعنے غائبین کو اور روایت کرو بنی اسرائیل سے کہ اسمین کچہہ حرج نہین اور جو مجہپر جہوٹ باندہی قصداً وہ اپنی جگہہ ٹہہرا لے دوزخ مین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے روایت کی ہم سے محمد بن بشار نی اُنہون نے ابوعاصم سی اُنہون نے اوزاعی سے اُنہون نے حسان بن عطیہ سی اُنہون نے ابی کبشہ سلولی سے اُنہون نے عبد اللہ بن عمرو سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور یہ حدیث صحیح ہی **مترجم** قولہ پہنچاؤ مجہسے اگرچہ ایک آیت ہو ظاہر اسسے مُراد آیات کلام اللہ ہین اور احادیث بہی اُسمین داخل ہین اسلئے کہ جب قرآن باوجود اسکے کہ مشتہر و منتشر ہے اور حاملین اور ناقلین اُسکے بہت ہین اور رب العالمین نے اُسکی حفاظت کا وعدہ بہی کیا ہے اُسکے پہنچانیکا حکم ہوا تو حدیث کا پہنچانا تو بدرجۂ اولی ضرور ہوا یا مراد آیت سے کلام مفید جامع احکام شرعیہ ہی جو از قبیل جوامع الکلم ہو جیسے کہ اکثر احادیث ہین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے تو معنے حدیث یہ ہونگے کہ پہنچاؤ مجہسے اگرچہ ایک حدیث ہو اور وجہ تخصیص یہ ہوگی کہ قرآن کا تو اللہ تعالے خود حافظ ہے اور بلیت کو حفاظت احادیث پر ضرور ہی کہ وہ تفسیر کتاب پُرنور ہے تو لہذا روایت کرو بنی اسرائیل سے الخ یعنے حکایت کرو اور خبر دو اُن چیزون کی کہ اُن سے سُنتے ہو اور ننگ نکرو اُن سے روایت کرنمین اس خیال سے کہ حمل روایت مین احتیاط

واجب ہے اور رعایت اتصال سند کی پر ضرور تھی اور نقل کرنا عمل تھا مضابط سی لازم ہے اور چونکہ قبل اسکے توراۃ کے پڑھنے اور اُسکے لکھنے سے منع فرمایا تھا اور فرمایا تھا کہ کیا تم متحیر ہوا چاہتے ہو اپنے دین میں جیسے کہ یہود و نصاریٰ متحیر ہیں چنانچہ جابر کی یہ مضمون مروی ہے اس حدیث میں اتنی اجازت دی کہ اگر قصص و مواعظ و امثال انکے اُنسے نقل کرو اور اُسے عبرت لو تو کچھ مضائقہ نہیں نہ شرایع اور احکام کہ وہ شریعت محمدیہ سے منسوخ ہو چکے ہیں اور اگر انکی سند متصل اپنے نبی تک تو بھی کچھ مضائقہ نہیں اسلئے کہ مقصود عبرت لینا ہے نہ اثبات کسی حکم جدید کا یا تحصیل کسے عقیدہ کی کہ اسکے لئے شریعت محمدیہ کافی ہے کذا قال الشیخ فی شرح مشکوٰۃ **باب** مَا جَآءَ اَنَّ الدَّالَّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ باب تعلیم خیر کے اجر میں **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ یَسْتَحْمِلُہٗ فَلَمْ یَجِدْ عِنْدَہٗ مَا یَحْمِلُہٗ فَدَلَّہٗ عَلٰی اٰخَرَ فَحَمَلَہٗ فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَہٗ فَقَالَ اِنَّ الدَّالَّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایکمرد سواری مانگنے کو سو نہ پائی آپکے پاس سواری کہ سوار ہو کر اُسپر سو بھی یا آپنے اُسکو ایسے شخص کے پاس کہ سواری دے سکتی اُس شخص کو اور خبر دی اُسکی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تو فرمایا آپنے بتلانے والا خیر کا ثواب میں مثل کرنیوالے کے ہے **ف** اسباب میں ابی مسعود اور بریدہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث غریب ہے اس سند سی یعنے انس رضی اللہ عنہ کے روایت سے کہ وہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں **عَنْ** اَبِیْ مَسْعُوْدِ نِ الْبَدْرِیِّ اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَسْتَحْمِلُہٗ فَقَالَ اِنَّہٗ قَدْ اَبْدَعَ بِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِئْتِ فُلَانًا فَاَتَاہُ فَحَمَلَہٗ فَاَتَی رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَہٗ فَقَالَ مَنْ دَلَّ عَلٰی خَیْرٍ فَلَہٗ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِہٖ اَوْ قَالَ عَامِلِہٖ **ترجمہ** روایت ہے ابی مسعود بدری سے کہ ایک مرد آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سواری مانگتا ہوا اور عرض کیے اُسنے کہ میرا جانور مر گیا ہے سو فرمایا یا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جاؤ تم فلانے شخص کے پاس سو گیا وہ اُسکے پاس اور سواری دی اُسنی اُس شخص کو تو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو دلالت کرے کسی چیز پر اُسکو ثواب ہے مثل کرنیوالے کے یا فرمایا مثل عامل کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابو عمرو شیبانی کا نام سعید بن یاس ہے اور ابو مسعود بدری کا نام عقبہ بن عمرو ہے روایت کیے ہمسے حسن بن علی خلال نے اُنہوں نے عبد اللہ بن نمیر سے اُنہوں نے اعمش سے اُنہوں نے ابی عمرو شیبانی سی اُنہوں نے ابی مسعود سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور کہا اسمیں مثل اجر فاعلہ اور شک نکیا اُسمیں **عَنْ** اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِشْفَعُوْا تُؤْجَرُوْا وَلْیَقْضِ اللّٰہُ عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّہٖ مَا شَآءَ **ترجمہ** روایت ہے ابی موسیٰ اشعری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شفاعت کرو تاکہ اجر پاؤ اور جاری کرتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے نبی کی زبان پر جو چاہی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور بریدبن عبد اللہ بن ابی بردہ ابن ابی موسیٰ ہیں کہ روایت کی اُنسی ثوری اور سفیان بن عیینہ اور بریدبن کنیت ابو بردہ ہے وہ بیٹی ہیں ابی موسیٰ اشعری کے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا اِلَّا کَانَ عَلٰی ابْنِ اٰدَمَ کِفْلٌ مِنْ دَمِہَا ذٰلِکَ لِاَنَّہٗ اَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ سَنَّ الْقَتْلَ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی آدمی ایسا نہیں ہے کہ قتل کیا جاوے ظلم کی راہ سی مگر یہ ہوتا ہی ابن آدم پر ایک بار گناہ اُسکے خون سے اور اسلئے ہی کہ اُسنے پہلے راہ ڈالی قتل کے اور عبد الرزاق نے کہا سَنَّ اور معنی اَسَنَّ اور سَنَّ کے ایک ہی ہیں اور اَسَنَّ کے معنے بنیاد ڈالی اُسنے یعنے قتل ناحق کی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** فِیْ مَنْ دَعَا اِلٰی ھُدًی فَاتُّبِعَ باب اُس شخص کے ثواب میں جسنے ہدایت کیطرف بلایا اور لوگوں نے اُسکی تابعداری کی **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ دَعَا اِلٰی ھُدًی کَانَ لَہٗ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلُ اُجُوْرِ مَنْ تَبِعَہٗ لَا یَنْقُصُ ذٰلِکَ مِنْ اُجُوْرِھِمْ شَیْئًا وَمَنْ دَعَا اِلٰی ضَلَالَۃٍ کَانَ عَلَیْہِ مِنَ الْاِثْمِ مِثْلُ اٰثَامِ مَنْ تَبِعَہٗ لَا یَنْقُصُ ذٰلِکَ مِنْ اٰثَامِھِمْ شَیْئًا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنی کہ بلایا لوگوں کو ہدایت کیطرف اُسکو ثواب ہوگا مانند ثواب اُن لوگوں کے جنہوں نے اُسکی فرمانبرداری کی بغیر اسکے کہ اُنکے ثوابوں سے کچھ گھٹے یعنے اللہ تعالیٰ اپنے خزانہ غیب سے دعوت کرنیوالے کو مانی والوں کی برابر ثواب دیویگا یہ نہیں کہ اُنکے ثواب سے کاٹ کر اُسی دیا جاوے اور جسنی بلایا ضلالت کیطرف اُسکو گناہ ہوگا اُن لوگوں کے گناہ کے مانند جنہوں نے اُسکی بات مانی نہ گھٹیگا اُنکے گناہوں سے کچھ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** جسنے بلایا لوگوں کو ہدایت کے طرف یعنے ایمان و توحید اور اتباع حدیث کیطرف اور تائید کی اقامت سنت اور احیاء امور ملت میں اور پھیلایا علوم دینیہ کو تصنیف و تالیف و طبع و کتابت سی بصرف اموال و بذل سعی لسانا و جنانا اُسکو اجر ہے قیامت تلک اُن سبکا جتنے تابع ہوں اُسکے اور قبول کریں اُسکی دعوت کو اور داخل ہیں اسمیں محدثین بارکت کہ علمی تالیف سی ایک جہان کو فائدہ ہوا اور قیامت تلک اُنکے ثمرات اور برکات سے سارا اُمت مالا مال ہے اور شامل ہیں اسمیں مجتہدین اُمت کہ جنکے استنباطات صحیحہ سی ایک عالم مستفید ہوا اور حشر تلک اُنکے انوار اجتہادات سے ہر ایک خوشحال ہے اور اسیطرح ہر واعظ و ناصح و داعی الی الخیر و مؤید ملت اور متبع سنت کو اس بشارت سی اپنے حوصلہ کی موافق درسی کے مطابق

حصہ ہی تو اور جسنے بُرا یا ضلالت کیطرف یعنی بدعت نکالکر سنت مٹائی ظلم و جور و جفا کی رسم ڈالی یا فعال شر کیلئے مت مین پھیلائی امور بدعیہ اور محرمات شرعیہ و قوانین جور یہ لوگون کو سکھائی فسق و فجور کی ترغیب کذب و زور کے ترخیص محدثات امور کی تزئین لوگون کے ذہن نشین کی سنے اپنی بارگناہ کی سات اپنی اتباع کا بھی وبال و نکال بارگردن کیا اور عاقبت تباہ اور نامہ سیاہ ہوا معاذ اللہ من ذالک اور داخل ہے اس وعید مین ہر داعی بدعت او یا حامی سنت اور ہر فعل احکام ملت اور مروج محدثات اور منتشر محرمات منشیر فتن باعث آفات موجد سیئات و خطیئات **عن** جریر بن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سن سنۃ خیر فاتبع علیھا فلہ اجرہ ومثل اجور من اتبعہ غیر منقوص من اجورھم شیئا ومن سن سنۃ شر فاتبع علیھا کان علیہ وزرہ ومثل اوزار من اتبعہ غیر منقوص من اوزارھم شیئا **ترجمہ** روایت ہے جریر بن عبد اللہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے اچھا طریقہ پھیلایا یا اور لوگ تابع ہوے اُسکے اُس طریقہ حسن مین سو اُسکی لئی ثواب ہے اپنے عمل کا اور ثواب ہے اُسکے تابعون کے مانند بغیر اسکے کہ گھٹایا جاوے اُنکے ثوابون سے کچھ اور جسنی نکالا بُرا طریقہ اور لوگ اُسکے تابعداری کی اُسکی ہوگا اُسپر بوجہ اُسکے عمل کا اور بوجہ اُن لوگون کا کہ تابع ہوی اُسکے بغیر اسکے کہ گھٹایا جاوے اُنکے بارگناہ سے کچھ **ف** اسباہین خدیفہ ہی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور مروی ہوئی کئی سندون سے جریر بن عبد اللہ سے انہون نے روایت کیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور مروی ہوئی یہ حدیث منذر بن جریر بن عبد اللہ ہی انہون نے روایت کیے اپنے باپ سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور مروی ہوئی عبید اللہ بن جریر ہی انہون نے روایت کیے اپنے باپ سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **مترجم** قولہ او جاہلیت طریقہ پھیلا دیا یعنے کسی مروی ہوئی سنت کو جلا دیا یا کسی شعار اسلام کو جاری کر دیا یا صدقات و خیرات کو موافق طریقہ سنون کے جاری کروا دیا اور واجب دیدیا کہ لوگ اُسکی حرکت اور متعاد ہو گئے اور یہ مراد نہین کہ کوئی بدعت نئی نکالی یا کوئی طریقہ محدثہ جاری کیا یا کوئی رسم جدید احداث کی اسلئے کہ حضرت نے دوسرے حدیث مین فرمایا ہے شر الامور محدثاتہا یا طریقہ محدثہ کو حضرت سنت خیر کہکر فرمایئگے قولہ او جسنے نکالا بُرا طریقہ یعنے احداث فی الدین کیا اور رسم جدید نکالی اُسپر قیامت تک کے تابعون کا وبال پڑیگا آمین ثم آمین یہ جملہ معترضہ ہی جملہ سوقیہ کیا اور بطریقہ متعدد کہ جورات اور دون ہزارہا بدعات نکالے جاتے ہین اور اُنکے اتباع ملا تامل قبول کرتے ہین اور رسوم شائعین کو سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل و اکمل جانتی ہین اور اعراس و اعیاد مین اُنکا اجرا موجب برکت اور ترک موجب ہلاکت جانتے ہین **باب** الامر باتباع السنۃ واجتناب البدعۃ باب سنت اور بدعت سے بچنے کے بیان مین

**عن** العرباض بن ساریۃ قال وعظنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوما بعد صلوۃ الغداۃ موعظۃ بلیغۃ ذرفت منھا العیون ووجلت منھا القلوب فقال رجل ان ھذہ موعظۃ مودع فماذا تعھد الینا یا رسول اللہ قال اوصیکم بتقوی اللہ والسمع والطاعۃ وان عبدا حبشیا فانہ من یعش منکم یرا اختلافا کثیرا وایاکم ومحدثات الامور فانھا ضلالۃ فمن ادرک ذلک منکم فعلیہ بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین عضوا علیھا بالنواجذ **ترجمہ** روایت ہے عرباض بن ساریہ سے کہا نصیحت کی ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایکدن صبحوی نماز کے بعد بڑی کامل اور بڑے نصیحت کہ جوش مین آگئین اُس سے آنکھین بہنے ہم سب رونی لگے اور کانپ گئے اُسے دل یعنے خوف خدا سے سو عرض کی ایکدونی کہ یہ نصیحت تو رخصت ہونیوالی کسی ہے سو کیا وصیت فرماتی ہین آپ ہمکو ای رسول اللہ سو فرمایا اپنے وصیت کرتا ہون مین تمکو اللہ سے ڈرتے رہنی اور بات سُننی اور کہا ماننے کی اگرچہ حاکم ہو تم پر ایک بندہ حبشی اسلئے کہ جو زندہ رہیگا تم مین سے دیکھیگا اختلاف کثیر و بچو تم نئے ہوئی کامون سے اسلئے کہ نئی کام رہ جانا ہے سو جنہی پاتا تم مین سے اُسوقت کو تو لازم پکڑے میری سنت کو اور خلفائی راشدین ہدایت والونکی سنت کو مضبوط پکڑو اُسکو ڈاڑھون سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور روایت کیے ثور بن یزید نی خالد بن معدان سے انہون نے عبد الرحمن سے انہون نے عرباض سے انہون نے صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے روایت کیے ہمسے یہ حسن بن علی خلال نے اور کئی لوگون نے کہا انہون نے کہ روایت کیے ہمسے ابو عاصم نے انہون نے ثور بن یزید سے انہون نے خالد بن معدان سے انہون نے عبد الرحمن بن عمرو سلمی سے انہون نے عرباض بن ساریہ سے انہون نے صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور عرباض بن ساریہ کنیت ابو نجیح ہے اور روایت کی گئی یہ حدیث حجر بن حجر سے انہون نے روایت کیے عرباض بن ساریہ سے انہون نے صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **عن** کثیر بن عبد اللہ عن ابیہ عن جدہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لبلال بن الحارث اعلم قال اعلم یا رسول اللہ قال انہ من احیا سنۃ من سنتی قد امیتت بعدی کان لہ من الاجر مثل اجور من عمل بھا من غیر ان ینقص من اجورھم شیئا ومن ابتدع بدعۃ ضلالۃ لا یرضاھا اللہ ورسولہ کان علیہ مثل اثام من عمل بھا لا ینقص ذلک من اوزار الناس شیئا **ترجمہ** روایت ہے کثیر بن عبد اللہ سے روایت کرتے ہین اپنے باپ سے وہ دادا اسکی کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلال بن حارث سے کہ جانو اور معلوم کرو عرض

کی اُمت کی کہ جانتا ہوں میں ہی رسول اللہ کے فرمایا آپنے بیشک جو کوئی زندہ رہے گا میرے بعد تم میں سے سو برس تک وہ دیکھے گا بہت سی چیزیں جو نئی پیدا کی ہوئی ہونگی بعد میرے ہوگا اسکو ثواب اُن لوگوں کے برابر کہ عمل کیا اُنہوں نے اُس عہد میں اسکے کہ گھٹے اُن کے ثواب سے کچھ اور جسنے نئی بدعت نکالی گمراہی کی کہ نہیں پسند کرتا اُسکو اللہ اور رسول اُسکا ہوگا اُسپر وبال اور گناہ مثل گناہ اُن لوگوں کے کہ عمل کیا اُنہوں نے اُسپر نہ گھٹی گناہ اُنکے گناہوں سے کچھ ف یہ حدیث حسن ہے اور محمد بن عیینہ وہ مصیصی ہیں شامی اور کثیر بن عبداللہ وہ مُطّبی ہیں عمر بن عوف مزنی کے **عن** انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا بنی ان قدرت ان تصبح وتمسی لیس فی قلبک غش لاحد فافعل ثم قال لی یا بنی وذلک من سنتی ومن احیا سنتی فقد احبانی ومن احبانی کان معی فی الجنۃ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا مجھ سے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے میرے بیٹے اگر قدرت رکھی تو اس امر کے کہ صبح کرے تو اور شام کرے تو اور نہ ہو تیرے دل میں بدخواہی اور حسد اور بغض کسیکی طرف سے تو کر پھر فرمایا مجھے اے میرے بیٹے اور یہ میری سنت ہے اور جسنے زندہ کیا میری سنت کو اُسنے زندہ کیا مجھکو اور جسنے زندہ کیا مجھکو ہوگا میرے ساتھ جنت میں ف اس حدیث میں ایک قصہ طویلہ ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور محمد بن عبداللہ انصاری ثقہ ہیں اور باپ اُنکے ثقہ ہیں اور علی بن زید صدوق ہیں مگر یہ کہ وہ اکثر مرفوع کہدیتے ہیں اُس روایت کو جسے اور راوی موقوفاً روایت کرتے ہیں سُنا میں نے محمد بن بشار سے کہتے تھے کہا ابوالولید نے کہ کہا شعبہ نے روایت کیے سے علی بن زید نے اور وہ رفاع تھی یعنے موقوف روایتوں کو مرفوع کر دینے والی اور نہیں جانتے ہم سعید بن مسیب کے انس سے کوئی روایت مگر یہ حدیث طویل اور روایت کیے عباد منقری نے یہ حدیث علی سے جو بیٹے ہیں زید کے اُنہوں نے انس سے اور نہ ذکر کیا اُنہوں نے سعید بن مسیب کا اور ذکر کیا میں نے اس حدیث کا محمد بن اسمٰعیل بخاری سے تو پہچانا اُنہوں نے سعید بن مسیب سے یہ حدیث کہ وہ روایت کرتے ہیں انس سے اور نہ غیر اُنکے سے اور انتقال کیا انس بن مالک نے ۹۳ھ ہجری میں اور سعید بن مسیب نے اُن سے دو برس بعد ۹۴ھ میں **باب** فی الانتہاء عما نھی عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باب ممانعت ہی کی معتبر کرنے کے بیان میں **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذروانی ما ترکتکم فانما ھلک من کان قبلکم بکثرۃ سؤالھم واختلافھم علی انبیاءھم **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دو تم مجھے جب تک چھوڑے رکھوں میں تمکو جب بیان کروں میں تمکو کوئی چیز تو لیکن سکو تم مجھ سے اور پکڑو اسکو اسلئے کہ ہلاک ہو گئے تم سے اگلے لوگ اپنے نبیوں سے بہت سوال اور اختلاف کرنے سبب **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** چھوڑ دو مجھے جب تک چھوڑے رکھے مجھے اللہ جسپر میں تمہیں چھوڑ دوں یعنے بغیر ضرورت کے مجھے سوال پر اور جسکو میں حکم کروں اُس سے بقدر طاقت اُسکو بجا لاؤ اور جسچیز سے منع کروں اُس سے باز رہو یعنے جو چیز پوچھنے سے احکام زیادہ ہونگے یا اُنکی بجا آوری مشکل ہوگی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سلف نے جسمیں سکوت کیا ہے اُسمیں ساکت رہنا اولیٰ ہے اور نبی اسرائیل پر کثرت سوال سے جو بلا آئی سو سورہ بقر میں مذکور ہے **باب** ما جاء فی عالم المدینۃ باب عالم مدینہ کے فضیلت میں **عن** ابی ھریرۃ فی روایۃ یوشک ان یضرب الناس اکباد الابل یطلبون العلم فلا یجدون احدا اعلم من عالم المدینۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے مرفوعاً کہ قریب ہے کہ مارینگے لوگ کلیجے اونٹوں کے طلب کرتے ہونگے علم کو پھر نہ پاوینگے کسیکو علم میں زیادہ عالم مدینے کے عالم سے **مترجم** ف یہ حدیث حسن ہے یعنے جو سفیان بن عیینہ سے مروی ہے اور ابن عیینہ سے یوں ہی مروی ہے کہ اُنہوں نے کہا مراد عالم مدینہ سے امام مالک بن انس ہیں کہا احمد بن موسیٰ نے سنا میں نے ابن عیینہ سے کہ وہ ذکر کرتے تھے عبدالعزیز بن عبداللہ سے سنا میں نے یحییٰ بن موسیٰ سے کہتے تھے کہا عبدالرزاق نے مُراد اُس سے مالک بن انس ہیں **مترجم** امام مالک رحمۃ اللہ علیہ امام المحدثین ہیں وافضل المجتہدین کنیت اُنکی ابوعبداللہ ہے پیدا ہوئے ۹۳ھ ہجرت میں اور حمل میں رہی تین برس اور بعضوں نے کہا دو برس اور ستہ ہوئیں سال میں بیٹھے وہ مجلس تدریس میں لیکے لوگوں کو درس دینے لگے اور جمع کی گئی لکھے اُنکے امامت ابن خلکان نے کہا وفات پائی اُنہوں نے ربیع الاول میں ۱۷۹ھ میں اپنے علم مبارک کی چوہتر ۷۴ سال سے اور مدفون ہوئے بقیع میں مجھ سے عبدالحق دہلوی نے کہا ہے کہ وہ ثقہ تھے مامون تھے نہایت پرہیزگار اور فقیہ اور محدث حجت الٰہی تھے خلق پر اور کبار تبع تابعین سے تھے ابن خلکان نے کہا لیا اُنہوں نے علم قرأت نافع بن ابی نعیم سے اور سُنا اُنہوں نے نافع سے جو مولیٰ ابن عمر کے اور روایت کی اُنسے بھی اور اوزاعی اور یحییٰ بن سعید نے امام مالک نے فرمایا کہ ایسا اتفاق ہوا ہے کہ جس سے میں نے علم حاصل کیا وہ نہ مرا یہانتک کہ میں پاس پایا اور فتویٰ پوچھا ابن دینار سے کہا ہے ابن دینار نے مساوی لوساکہ مذکور ہوا تہامہ میں کہ فتویٰ نہ دیتے کوئی لوگوں کو سوا مالک بن انس اور ابن ابی ذئب کے اور تیسیر الوصول میں ہے کہ علم حاصل کیا امام مالک نے ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن سے اور محمد بن منکدر سے اور ابن شہاب سے اور ابوالزناد سے اور ابن عجلان سے اور نافع سے اور عبداللہ بن دینار سے اور عبدالعزیز بن ابی سلمہ سے اور عبداللہ بن فضل سے اور عبداللہ بن ابی بکر سے اور عبداللہ بن دینار سے اور عبدالعزیز بن ابی حازم سے اور یہ لوگ اُنکے نظیر ہیں اصحاب سے اور سوا اُنکے علم کو موسیٰ بن عقبہ سے اور اسمٰعیل بن ابی حکیم سے اور عبدالعزیز بن ماجشون سے اور یحییٰ بن سعید انصاری سے اور عبداللہ بن دینار سے اور عبداللہ بن سلمہ فہری سے اور عبداللہ بن دینار سے اور اسبغ بن فرج سے اور یہ لوگ شاگرد ہیں

بخاری اور مسلم اور ابوداؤد اور ترمذی اور یحیی بن معین اور احمد بن حنبل وغیرہم کے جو امام ہیں حدیثکے اور وہب بن خالد نے کہا مشرق سے مغرب تک کوئی زیادہ امین نہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث کا امام مالک سے بڑھکر یحیی بن سعید نے کہا قوم میں کوئی اصح نہیں امام مالک سے زیادہ امام شافعی نے فرمایا کہ اگر امام مالک اور ابن عیینہ نہ ہوتے تو علم اہل حجاز کا تشریف لیجاتا اور کہا کہ جہاں علما کا ذکر ہو تو امام مالک ایک ستارہ روشن ہیں اور استقدر علم حدیث کا ادب انکی نظر میں تھا کہ عبداللہ بن مبارک فرماتے ہیں کہ ایکدن میں امام مالک کے محفل بلا یک منزل میں حاضر تھا اور وہ حدیث بیان کر رہے تھے اور اون کے کپڑوں میں ایک بچھو تھا کہ اُسنے سولہ جگہ ڈنک مارا اور چہرہ انکا متغیر ہوجاتا تھا اور رنگ زرد ہوجاتا تھا مگر سلسلۂ حدیث رسول علیہ الصلوۃ والسلام کا منقطع نکرتے تھے پھر جب فارغ ہوئے مجلس سے اور لوگ متفرق ہوگئے میں نے کہا ای ابا عبداللہ میں نے تمہارا عجب حال دیکھا انہوں نے فرمایا ہاں اور مجھے خبر کی اور کہا کہ میں نے صبر کیا اس بلا پر بنظر جلال حدیث رسول علیہ الصلوۃ والسلام کے اور جعفر بن سلیمان سے لوگوں نے کہا کہ امام مالک تمہارے میت کو کچھ نہیں سمجھتے سو وہ غضبناک ہوا اور انکو بلایا اور بہت ایذا دی اور کوڑے ماری اور بات کہنیکے پیاتک کہ شانہ انکا اتر گیا اور اسکے بعد انکی زرہی اور غت لوگوں میں اور زیادہ ہوگئی چنانچہ اُس شانہ اُترنیکے عذر سے وہ ہاتھ نہ باندھ سکتی تھے نہ کہنے کے دلیل سے تمسک ہوں ماں افسوس ہے کہ یہ مریوشیدہ رہا اکثر مالکیہ پر اور قعنبی نے کہا میں داخل ہوا امام مالک پر مرض موت میں انکو روتی دیکھا سو میں نے سبب رونیکا پوچھا انہوں نے فرمایا کیوں نہ روؤں البتہ میں دوست رکھتا ہوں کہ جو فتوی میں نے اپنی رائی اور قیاس سے دیئے ہیں ہر ایک کے عوض میں ایک ایک کوڑا میں دنیا میں کھالیتا اور آخرت کے خوف سے بچ جاتا اور کاش کے میں نے کوئی فتوی اپنی رائی سے نہ دیا ہوتا اور یہ قول دلالت کرتا ہے انکمال ورع اور تقوی اور احتیاط پر اللہ تعالی رحم فرماوے اُنپر اور بلند کرے درجہ انکے اعلی علیین میں اور داخل کرے اس فقیر کو انکے مجبین اور مخلصین میں اور جگہ دی جنت الماوی میں آمین آمین یا رب العالمین **باب** ما جاء فی فضل الفقہ علی العبادۃ باب ہم کے افضل ہونیمیں عبادت سے **عن** ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقیہ واحد اشد علی الشیطان من الف عابد **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک فقیہ یعنے عالم باحدیث سخت تر ہے شیطان پر ہزار عابد سے زیادہ **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے ولید بن مسلم کے روایت سے **عن** قیس بن کثیر قال قدم رجل من المدینۃ علی ابی الدرداء وھو بدمشق قال ما اقدمک یا اخی قال حدیث بلغنی انک تحدثہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال افما جئت لحاجۃ قال لا قال افما قدمت لتجارۃ قال لا قال ما جئت الا فی طلب ھذا الحدیث قال فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من سلک طریقا یلتمس فیہ علما سلک اللہ بہ طریقا الی الجنۃ وان الملئکۃ لتضع اجنحتھا رضی لطالب وان العالم لیستغفر لہ من فی السموات ومن فی الارض حتی الحیتان فی الماء وفضل العالم علی العابد کفضل القمر علی سائر الکواکب ان العلماء ورثۃ الانبیاء ان الانبیاء لم یورثوا دینارا ولا درھما انما ورثوا العلم فمن اخذ بہ فقد اخذ بحظ وافر **ترجمہ** روایت ہے قیس بن کثیر سے کہا ایکدن مدینہ سے ابی الدرداء کی پاس اور وہ دمشق میں تھے تو پوچھا ابو درداء نے کیوں آئی تم اسی بھائی میرے کہا اسنی کہ مجھے خبر پہونچی ہے ایک حدیث کے کہ تم بیان کرتے ہو اسی رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا ابو الدرداء نے کیا تم نہیں آئی کسی اور حاجت کو اسنے کہا نہیں کہا ابو الدرداء نہیں آئی تم تجارت کو کہا نہیں کہا نہیں آئی تم مگر اُس حدیث کے طلب کو پھر کہا ابو الدرداء نے کہ بیشک میں نے سنا ہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو چلی کوئی راستہ کہ ڈھونڈھتا ہوا اُسمیں علم کو آسان کردیگا اللہ تعالی بسبب اُسکی ایک راستہ طرف جنت کے اور بیشک فرشتے بچھاتی ہیں اپنی بازو طالب علم کے رضامندی کے لئے اور عالم کیلئے مغفرت مانگتے ہیں جو لوگ ہیں آسمانوں میں اور زمین میں یہانتک کہ مچھلیاں پانی میں اور فضیلت عالم کے عابد پر ایسی ہے جیسے فضیلت چاند کے تاروں پر اور بیشک علما وارث ہیں پیغمبروں کے اور پیغمبروں نے ورثہ نچھوڑا دینار اور درہم کو بلکہ ورثہ چھوڑا ہے علم سو جسنے علم حاصل کیا اُسنے حظ وافر لیا **ف** اور نہیں جانتے ہم اس حدیث کو مگر عاصم بن رجاء بن حیوۃ کے روایت سے اور اسناد اُسکی میرے نزدیک متصل نہیں یا سیطرح روایت کیا ہم سے محمود بن خداش نے یہ حدیث اور مروی ہوئی یہ حدیث عاصم بن رجاء بن حیوۃ سے اُنہوں نے داؤد بن جمیل سے اُنہوں نے کثیر بن قیس سے اُنہوں نے ابی الدرداء سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نہیں پہچانتے ہم محمود بن خداش سے روایت **عن** یزید بن سلمۃ الجعفی قال قال رسول اللہ انی سمعت منک حدیثا کثیرا اخاف ان ینسی اولہ اخرہ فحدثنی بکلمۃ تکون جماعا قال اتق اللہ فیما تعلم **ترجمہ** روایت ہے یزید بن سلمہ سے کہا کہا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اے رسول اللہ میں سنتا ہوں آپسے بہت سی باتیں اور ڈرتا ہوں میں کہ بھلا دوں میں پچھلا اول اُنکے کو یعنے جب میں بھیجدہ باتوں کو یاد کرنے لگوں تو خوف ہے کہ بھول جاؤں پہلی باتوں کو سو مجھے کوئی ایسی بات کہدو جو جامع ہو فرمایا تقوی اللہ کا اور احادیث داؤد کی باعتبار سند کے اور عمل کے

تو فرمایا آپنے ڈرتو اللہ سے اُن چیزوں میں کہ جسے تو جانتا ہے یعنی محرمات شرعیہ میں جو تجھے معلوم ہیں اُسنے محترز رہ بخوف خداوند تعالیٰ شانہ **ف** یہ حدیث ایسی ہے کہ نہاد اسکی متصل نہیں اور میرے نزدیک مرسل ہے اور میرے خیال میں یوں ہے کہ ابن اشوع فی زید بن سلمہ کو نہیں پایا اور ابن اشوع کا نام سعید بن اشوع ہی **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَصْلَتَانِ لَا یَجْتَمِعَانِ فِیْ مُنَافِقٍ حُسْنُ سَمْتٍ وَّلَا فِقْهٌ فِی الدِّیْنِ **ترجمہ** روایت ہے ابوہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو خصلتیں ہیں کہ کبھی جمع نہیں ہوتیں منافق میں ایک حسن اخلاق دوسرے سمجھ دین میں **ف** یہ حدیث غریب ہے اور نہیں جانتے ہم اس حدیث کو عوف کے سوا ہی مگر خلف بن ایوب کے روایت سے اور نہیں دیکھا ہم نے کہ کوئی روایت کرتا ہو اُن سے سوا محمد بن علاء کے اور ہم نہیں جانتے کہ وہ کسی شخص میں **عن** اَبِیْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِیِّ قَالَ ذُکِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا عَابِدٌ وَالْاٰخَرُ عَالِمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَی الْعَابِدِ کَفَضْلِیْ عَلٰی اَدْنَاکُمْ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ وَاَهْلَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ حَتَّی النَّمْلَةَ فِیْ جُحْرِهَا وَحَتَّی الْحُوْتَ لَیُصَلُّوْنَ عَلٰی مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَیْرَ **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ باہلی سے کہ ذکر کیا گیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے آگے دو مرد انکا کہ ایک انمیں سے عابد تھا اور دوسرا عالم سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فضیلت عالم کے عابد پر ایسی ہے جیسے فضیلت میری تمہارے ادنی پر پھر فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالیٰ اور فرشتے اُسکے اور آسمان و زمین کے سب لوگ یہانتک کہ چیونٹی اپنے سوراخ میں اور مچھلی یعنی پانی میں دعائے خیر کرتے ہیں اور رحمت بھیجتے ہیں اُس شخص کے لئے جو لوگوں کو نیک بات سکھاوے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہی سنا ہمنے ابو عمار حسین بن حریث خزاعی سے کہ فرماتے تھے ہی سنا ہمنے فضل بن عیاض سے کہ عالم عامل معلم خیر کو شخص یکارا جاتا ہی ملکوت سموات میں **عن** اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنْ یَّشْبَعَ الْمُؤْمِنُ مِنْ خَیْرٍ یَسْمَعُهٗ حَتّٰی یَکُوْنَ مُنْتَهَاهُ الْجَنَّةَ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سیر نہیں ہوتا مومن خیر سے کہ جسکو سنتا ہے یہانتک کہ ہو جاتا ہے جگہ اسکی جنت میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْکَلِمَةُ الْحِکْمَةُ ضَالَّةُ الْمُؤْمِنِ فَحَیْثُ وَجَدَهَا فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کلمہ حکمت کا کھوئی ہوئی چیز ہے مومن کے سو جہاں پاوے وہ اُسکو مستحق ہے وہ اُسکا

**ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور ابراہیم بن فضل مخزومی ضعیف ہیں حدیث میں

## اَبْوَابُ الْاِسْتِیْذَانِ وَالْاٰدَابِ
## عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

## یہ باب ہیں استیذان اور آداب کے کہ مروی ہیں رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے + مترجم + مقدمہ

اذن بالکسر مشورت اور جانا عرب کہتا ہی فَعَلَ بِاِذْنِیْ یعنے یہ کام اُسنے میرے اجازت اور حکم سے کیا اور عرب کہتا ہی اَذِنَ بِالشَّیْءِ اَذْنًا وَاَذَانًا وَاِذَانًا وَاِذْنًا یعنے آگاہ اور خبردار ہوا اُس چیز سے اور اسی سے ہے قول اللہ تعالیٰ کا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ یعنے خبردار ہو اور آگاہ اور ہوشیار ہو جاؤ اللہ اور رسول سے لڑنی کو اور اَذِنَ لَهٗ فِی الشَّیْءِ اِذْنًا وَاِذَانًا اجازت اور دستوری دی اُسکو فلان چیز کے اور فلانی کام کے اور ائْذَنْ لِیْ عَلَی الْاَمِیْرِ یعنے اجازت دی مجھے امیر کے پاس جانیکی اور اُسپر داخل ہونیکی اور اُسی سے ہے اِسْتِیْذَان یعنے دستوری اور اجازت چاہنا اور مراد اس مقام میں یہ ہے کہ قادم جب دروازہ پر آوے بغیر اجازت گھر میں نہ جاوے اور یہ امر منصوص ہے کہ تفصیل اُسکی ضمن ابواب میں مذکور ہے اور اداب جمع ہی ادب کے اور ادب بالفتح شکستگی اور عجب اور بفتحتین زیرکی اور نگاہ رکھنا ہر چیز کے حد کا اور ظاہر ہے کہ یہاں معنی اخیر مراد ہیں اُسی سے ہے اُدْبُہ کہ تعجب اور شکستگی کی منقول ہیں آتا ہے اور نام ہے طعام مہمانی اور کتابی کا اُسی سے ہے مَاْدُبَة یعنے طعام دعوت میں آیا ہے وَجَعَلَ فِیْهَا مَاْدُبَتَهٗ یعنے طیار کیا اُسنے ایک طعام دعوت کا اور یہاں مراد ہے تمہید شرعیہ اور حفاظت سنت سنیہ نشست و برخاست و عادات وغیرہا میں کہ تفصیل اُسکے ضمن ابواب میں مذکور ہے +

## بَابُ مَا جَاءَ فِیْ اِفْشَاءِ السَّلَامِ

## باب افشائے سلام کے بیان میں

**عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَا تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ حَتّٰی تُؤْمِنُوْا وَلَا تُؤْمِنُوْا حَتّٰی تَحَابُّوْا اَلَا اَدُلُّکُمْ عَلٰی اَمْرٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ اَفْشُوا السَّلَامَ بَیْنَکُمْ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اُس پروردگار کے کہ میری جان اُسکے ہاتھ میں ہے کہ داخل ہوگے تم جنت میں جب تک کہ مومن ہوگے اور مومن ہوگے جبتک کہ آپسمیں محبت کروگے اور کیا نہ بتاؤں تمکو ایک ایسی چیز کہ جب تم اُسکو بجا لاؤ آپسمیں ایکدوسرے کے دوست ہو جاؤ وہ چیز یہ ہے کہ جاری کرو سلام کو اور پھیلاؤ اُسی آپسمیں **ف** اسباب میں عبد اللہ بن سلام اور شریح بن ہانی سے بھی روایت ہے کہ وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں اور عبد اللہ بن عمرو اور براء اور انس اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** مَا ذُکِرَ فِیْ فَضْلِ السَّلَامِ

## باب فضیلت میں سلام کے

**عن** عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ فَقَالَ اَلتَّحِیَّةُ

صلی اللہ علیہ وسلم عشرۃ وجاء آخر فقال السلام علیکم ورحمۃ اللہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم عشرون ثم جاء آخر فقال السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثلاثون **ترجمہ** روایت ہے عمران بن حصین سے کہ ایک شخص آیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی پس اُسنے کہا السلام علیکم تو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دس نیکیاں ہیں یعنے اس شخص کے لئے پھر آیا دوسرا اور اُسنے کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ تو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیس یہ آیا تیسرا اور اُسنے کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ تو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تیس یعنے ہر لفظ کے عوض میں دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے عمران بن حصین کے روایت سے اور اسماعین ابی سعید اور علی اور سہل بن حنیف بھی روایت کرتے ہیں

**باب** ماجاء فی الاستیذان ثلث باب استیذان کے بیان میں **عن** ابی سعید قال استاذن ابو موسی علی عمر فقال السلام علیکم ایدخل فلم یاذن لہ فانصرف ثم قال السلام علیکم ایدخل فلم یاذن لہ فانصرف ثم قال السلام علیکم ایدخل فقال عمر واحدۃ ثم سکت ساعۃ ثم قال السلام علیکم ایدخل فقال عمر ثنتان ثم سکت ساعۃ فقال السلام علیکم ایدخل فقال عمر ثلث ثم رجع فقال عمر للبواب ما صنع قال رجع قال علی بہ فلما جاءہ قال ما ھذا الذی صنعت قال السنۃ قال السنۃ واللہ لتاتینی علی ھذا ببرھان وبینۃ او لافعلن بک قال فاتانا ونحن رفقۃ من الانصار فقال یا معشر الانصار الستم اعلم الناس بحدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الم یقل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الاستیذان ثلث فان اذن لک والا فارجع فجعل القوم یمازحونہ قال ابو سعید ثم رفعت راسی الیہ فقلت ما اصابک فی ھذا من العقوبۃ فاذا شریک قال فاتی عمر فاخبرہ ذلک فقال عمر ما کنت علم بھذا **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ اذن مانگا ابو موسی نے حضرت عمر کے گھر میں آنیکا اور کہا السلام علیکم کیا داخل ہونگا عمر نے اسکو اذن نہ دیا تو لیکر اذن مانگا ہی اُسنے پھر چپ ہی ابو موسی تھوڑی دیر پھر کہا السلام علیکم کیا داخل ہونگا عمر نے اسکو اذن نہ دیا تو لیکر اذن مانگا ہی اُسنے پھر چپ ہی ابو موسی تھوڑی دیر پھر کہا السلام علیکم کیا داخل ہونگا عمر نے کہا ایک بار ہوا تو لیکر اذن مانگا ہی پھر چپ ہی ابو موسی تھوڑی دیر پھر کہا السلام علیکم کیا داخل ہونگا عمر نے دو بار ہوا تو لیکر اذن مانگا ہی پھر چپ ہی ابو موسی تھوڑی دیر پھر کہا السلام علیکم کیا داخل ہونگا عمر نے کہا تین بار ہوا تو لیکر لوٹ چلی ابو موسی سو عمر نے اپنے دربان سے کہا کیا کیا ابو موسی نے دربان نے کہا لوٹ گئی فرمایا عمر نے میرے پاس لاؤ انکو یہ جب لایا وہ ابو موسی کو عمر کے پاس کہا حضرت عمر نے کیوں کیا تھے یہ کام اُنہوں نے کہا کہ یہ سنت ہی کہا سُنا ہے قسم ہی اللہ کی کہ لاؤ تم میرے پاس دلیل اسکی سُنت مزبکی یا گواہ نہیں تو میں بہت کچھ تنبیہ کرونگا تمکو کہا ابو سعید نے پھر آئی ابو موسی ہمارے پاس اور ہر ایک جماعت کی ساتھ انصاری بیٹھی ہوئی تھے سو کہا اُنہوں نے کیا تم نہیں ہو سب سے زیادہ جاننے والی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حدیث کو کیا نہیں فرمایا ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اذن مانگنا چاہیئے تین بار پھر اگر اذن ملا تو داخل ہو گھر میں ورنہ لوٹ جائے پھر لوگ ابو موسی سے خوشخبری کرنے لگے کہنے لگی کہ بہتر ہے کہ عمر نہیں خوب پہنچے کرین اور اوسی کی باتین ظرافت کی کہنے لگے کہا ابو سعید نے سو اُٹھایا میں نے اپنا سر انکیطرف اور کہا میں نے کہ میں شریک ہون تمہارا اس سزا میں یعنی جو عمر سے تمکو پہنچی کہا راوی نے کہ پھر آئی ابو سعید حضرت عمر کے پاس اور خبر دی اُنکو اس امر کے یعنی کہا کہ حضرت نے ایسا ہی فرمایا ہے کہ تین بار اذن مانگے پھر اگر اذن نہ ملے تو لوٹ جائے تب فرمایا حضرت عمر نے کہ میں یہ نہ جانتا تھا **ف** اس باب میں علی اور ام طارق مولاۃ معاذ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور جریری کا نام سعید بن ایاس ہے اور کنیت ابو مسعود اور روایت کرے یہ حدیث اور لوگون نے بھی اُنکے سوا ابی نضرہ سے اور ابو نضرہ عبد یکا نام منذر بن مالک بن قطعہ ہے **عن** عمر بن الخطاب قال استاذنت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلاثا فاذن لی **ترجمہ** روایت ہے عمر بن خطاب سے کہا اُنہوں نے کہ اذن مانگا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تین بار پس مجھکو اذن دیا اندر آنیکا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور ابو رسلہ کا نام سماک حنفی ہے اور عمر رضی اللہ عنہ نے جو انکار کیا ابو موسی کا تو اس امر میں کہ اُنہوں نے روایت کیا کہ اذن مانگنا تین بار چاہیئے پھر اگر اذن ملا تو خیر نہیں تو لوٹ جا اور عمر رضی اللہ عنہ نے اذن مانگا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تین بار پھر اذن ملا انکو اور نہیں معلوم تھی حضرت عمر کو یہ بات جو روایت کی ابو موسی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے کہ اگر اذن ملے تو لوٹ جا غرض یہ کہ حضرت عمر کو معلوم نہ تھا کہ حضرت نے تین استیذان کے بعد لوٹ جانیکا حکم فرمایا ہے اسی لئے وہ ابو موسی پر معترض ہوئے

**باب** کیف رد السلام ** باب جواب سلام کے بیان میں **عن** ابی ھریرۃ قال دخل رجل المسجد ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جالس فی ناحیۃ المسجد فصلی ثم جاء فسلم علیہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیک ارجع فصل فانک لم تصل فذکر الحدیث بطولہ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا اُنہوں نے کہ داخل ہوا ایک مرد مسجد میں اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے مسجد کے ایک کنارے میں پھر نماز پڑھی اُسنے جلدی جلدی بغیر تعدیل ارکان کے پھر آیا وہ حضرت کی پاس اور سلام کیا آپ پر سو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وعلیک یعنے تجھپر سلام ہے اور جا پھر نماز پڑھ اسلئے کہ تو نے نماز کامل ادا نہیں کی اور ذکر کی راوی نے حدیث طویل **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کی یحیی بن سعید قطان نے یہ حدیث عبید اللہ بن عمر سے انہوں نے سعید مقبری سے سو اُسمیں یوں کہا کہ رد السلام

سعید مقبری کی باپ سے وہ روایت کرتی ہیں ابوہریرہ سے اور حدیث یحییٰ بن سعید کے اصح ہی **باب** فی تبلیغ السلام باب سلام کہلا بھیجنے اور سلام پہنچانے کے بیان میں **عن** ابی سلمۃ ان عائشۃ حدثتہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لہا ان جبرئیل یقرئک السلام قالت وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ **ترجمہ** روایت ہی ابی سلمہ سے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا اُنسے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا حضرت عائشہ سے کہ جبرئیل تمکو سلام کہتے ہیں سو جواب دیا حضرت عائشہ نے اِن لفظوں سے وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ یعنے اُنپر سلام ہے اور رحمت اللہ کے اور برکتیں اُسکی **ف** اسمیں ایک اور شخص سے بھی روایت ہے کہ وہ بن نمیر سے روایت کرتے ہیں وہ اپنے باپ سے وہ اُسکے دادا سے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور راویکے زہری سے بجز ابی عامر کے عائشہ رضی اللہ عنہا سے **باب** فی فضل الذی یبدأ بالسلام باب اُسکی فضیلت میں جو پہلے سلام کرے **عن** ابی امامۃ قال قیل یا رسول اللہ الرجلان یلتقیان ایہما یبدأ بالسلام فقال اولہما باللہ **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے کہ پوچھا کسنے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ یا رسول اللہ دو مرد جب ملیں آپسمیں تو کونسا اُنمیں کا پہلے سلام کرے فرمایا جو نزدیک تر ہے اُنمیں سے اللہ کیطرف یعنے وہی ابتدا بالسلام کرتا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے کہا محمد نے ابوفروہ رہاوی مقارب الحدیث ہیں لیکن بیٹے نے اُنکے محمد بن زید نے مناکیر روایت کرتے ہیں **باب** فی کراہیۃ اشارۃ الید فی السلام باب سلام میں ہاتھ سے اشارہ کرنیکی کراہت میں **عن** عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لیس منا من تشبہ بغیرنا لا تشبہوا بالیہود ولا بالنصاری فان تسلیم الیہود الاشارۃ بالاصابع وتسلیم النصاری الاشارۃ بالاکف **ترجمہ** سند مذکور سے مروی ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم میں سے نہیں جو تشبیہ کرے ہمارے غیر کے ساتھ مت تشبیہ کرو یہود و نصاریٰ کی ساتھ اسلئے کہ تسلیم یہود کی اشارہ کرنا ہے انگلیوں سے اور تسلیم نصاریٰ کی اشارہ کرنا ہے ہتھیلیوں کی ساتھ یعنے پس تم ایسا مت کرو **ف** اسحدیث کے اسناد ضعیف ہے اور راویکے ابن مبارک نے یہ حدیث ابن لہیعہ سے اور مرفوع کیا اسکو **مترجم** یعنے مشابہت کرو یہود و نصاریٰ کی کسیفعل میں خصوصاً اِن دو خصلتوں میں اور شاید وہ التفات آتے ہونگے سلام میں یا جواب میں اشارہ پر بہ ترک لفظ سلام کہ سنت انبیاء اور حدیث جامع صغیر میں بھی مذکور ہے (شرح مشکوٰۃ) **باب** ما جاء فی التسلیم علی الصبیان باب لڑکوں پر سلام کرنیکے بیان میں **عن** سیار قال کنت امشی مع ثابت البنانی فمر علی صبیان فسلم علیہم فقال ثابت کنت مع انس فمر علی صبیان فسلم علیہم فقال انس کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فمر علی صبیان فسلم علیہم **ترجمہ** روایت ہے سیار سی کہا اُنہوں نے کہ میں چلا جاتا تھا ثابت بنانی کے ساتھ سو گذری وہ لڑکوں پر اور سلام کیا اُنپر اور کہا مجھ سے ثابت نے کہ میں چلا جاتا تھا انس کے ساتھ سو گذری وہ لڑکوں پر اور سلام کیا اُنپر اور کہا مجھ سے انس نے کہ میں رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جاتا تھا سو گذری آپ لڑکوں پر اور سلام کیا اُنپر **ف** یہ حدیث صحیح ہے اور روایت کیا اسکو کئی لوگوں نے ثابت سے اور مروی ہوئی یہ کئی سندوں سے انس سے روایت کرتے ہیں قتیبہ نے انہوں نے جعفر بن سلیمان سے اُنہوں نے ثابت سے اُنہوں نے انس سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **باب** ما جاء فی التسلیم علی النساء باب عورتوں پر سلام کرنیکے بیان میں **عن** اسماء بنت یزید تحدث ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مر فی المسجد یوما وعصبۃ من النساء قعود فالوی بیدہ بالتسلیم واشار عبد الحمید بیدہ **ترجمہ** روایت ہے اسماء بنت یزید سے وہ فرماتی ہیں کہ ایکدن رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم گذرے ایک مسجد میں اور ایک گروہ عورتوں کا وہاں بیٹھا تھا پس اشارہ کیا اپنی اپنی ہاتھ سے سلام کا اور اشارہ کیا عبد الحمید راوی نے اپنے ہاتھ سے **ف** یہ حدیث حسن ہے کہا احمد بن حنبل نے عبد الحمید بن بہرام کے روایت شہر بن حوشب کے لایاس ہے اور کہا محمد نے شہر حسن الحدیث ہے اور قوی کہا اُنکو اور کہا کہ کلام کیا اُنمیں ابن عون نے پس روایت کیا اُنہوں نے بلال بن ابی زینب سے اُنہوں نے شہر بن حوشب سے روایت کی مجھ سے ابوداؤد نے انہوں نے قصہ بن تمیل سے اُنہوں نے ابن عون سے کہا ابن عون نے کہ شہر کو چھوڑ دیا محمد نے کہا ابوداؤد نے کہا نضر نے نزکوہ یعنے طعن کیا اُنپر **باب** فی التسلیم اذا دخل بیتہ باب گھر میں آنیکی وقت سلام کرنیکے بیان میں **عن** سعید بن المسیب قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا بنی اذا دخلت علی اہلک فسلم یکون برکۃ علیک وعلی اہل بیتک **ترجمہ** روایت ہے سعید بن مسیب سے کہا اُنہوں نے کہ بیان کیا مجھ سے انس نے کہ فرمایا مجھ سے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے میرے بیٹے جب تو داخل ہو گھر والوں پر تو سلام کر اُنپر کہ برکت ہوگی تجھ اور تیرے گھر والوں پر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے **مترجم** اس زمانہ کے بعض جاہل نادان کو دیکھا ہے اور بعض گھر والوں کو بھی کہ جو تو تمکو سلام کہتے نہایت شرمائی ہیں اور جو تو اُنسے مرزا مانگی کرکے سلام کہہ بھی لیا تو عورتیں جواب دینی کو عار جانتی ہیں [illegible] **عن** جابر بن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم السلام

قَبْلَ الْكَلَامِ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَدْعُوْا اَحَدًا اِلَى الطَّعَامِ حَتّٰى يُسَلِّمَ ترجمہ روایت ہے جابر بن عبداللہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سلام کلام سے اول کرنا چاہیے اور اسی اسناد سے مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے مت بلاؤ کسیکو کھانے کیطرف جبتک وہ سلام نہ کرلے ف یہ حدیث منکر ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے سنا ہے ہم نے محمد سے کہتے تھے عنبسہ بن عبدالرحمن ضعیف ہیں حدیث میں اور محمد بن زاذان منکر الحدیث ہیں **باب** جَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ التَّسْلِيْمِ عَلَى الَّذِيْ فِي الْخَلَاءِ باب ہے بیان میں سلام کرنیکی کراہت میں عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبْدَءُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى بِالسَّلَامِ فَاِذَا لَقِيْتُمْ اَحَدَهُمْ فِيْ طَرِيْقٍ فَاضْطَرُّوْهُ اِلٰى اَضْيَقِهٖ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت شروع کرو تم یہود و نصاریٰ پر سلام کو یعنے اُنسے پہلے مت کرو اور جب ملو تم اُن سے راہ میں تو لاچار کرو اسکو راہ تنگ کے طرف ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے ترجم ابتدا السلام یہود و نصاریٰ سے بظاہر حدیث مذکور کا یہی ہے اور جواب دینا اُنکا آگے مسطور ہے اور لاچار کرو یعنے وسط طریق میں اُنکو چلنے مذ و بلکہ کنارہ میں راہ کے **باب** جَاءَ فِي التَّسْلِيْمِ عَلَى الْيَهُوْدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ رَهْطًا مِنَ الْيَهُوْدِ دَخَلُوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا السَّامُ عَلَيْكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ فَقَالَتْ عَائِشَةُ فَقُلْتُ عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْاَمْرِ كُلِّهٖ قَالَتْ عَائِشَةُ اَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا قَالَ قَدْ قُلْتُ عَلَيْكُمْ ترجمہ روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کئی لوگ یہود سے داخل ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اُنہوں نے السام علیک یعنے بجائی سلام علیک کے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے علیکم یعنے تمہیں پر جو کہا عائشہ نے جب سنی اُنکی بی ادبی تو کہا میں نے تم پر ہی سام اور لعنت تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ بیشک اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے نرمی کو سب کاموں میں عرض کی حضرت عائشہ نے کہ آپنے نہیں سنا کہ اُنہوں نے کیا بی ادب بات کہی آنحضرت نے فرمایا میں نے جو اُنکا جواب دیدیا تھا کہ تم ہی پر ہے یعنے تمہاری کافی تمہارا زیادہ سختی نمودنہ تھی ف اسباب ابی البصرہ غفاری اور ابن عمر اور انس اور ابی عبدالرحمن جیسے ہی روایت ہے حدیث عائشہ کے حسن ہے صحیح ہی ترجم اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہود و نصاریٰ کی جواب میں وعلیکم فقط کہنا چاہیے اور وجہ اسکی یہ ہے کہ وہ علاوت السام علیکم کہتے ہے یعنے تم پر موت پڑے **باب** جَاءَ فِي التَّسْلِيْمِ عَلٰى مَجْلِسٍ فِيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ وَغَيْرُهُمْ باب ہے جس جماعت میں کافر و مسلمان دونوں ہوں اُسپر سلام کرنیکے بیان میں عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيْهِ اَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْيَهُوْدِ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ ترجمہ روایت ہے اسامہ بن زید سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم گذرے ایک مجلس پر کہ اُسمیں مسلمان اور یہود ملے ہوئے تھے پہ سلام کیا آپنے اُنپر ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **باب** جَاءَ فِي تَسْلِيْمِ الرَّاكِبِ عَلَى الْمَاشِيْ باب اس بیان میں کہ سوار سلام کرے پیادی پر عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِيْ وَالْمَاشِيْ عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ وَزَادَ ابْنُ الْمُثَنّٰى فِيْ حَدِيْثِهٖ وَيُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلام کرے سوار پیادہ پر اور پیادہ بیٹھے ہوئے پر اور تھوڑی جماعت کی لوگ بڑی جماعت پر اور زیادہ کیا ابن مثنیٰ نے اپنی روایت میں کہ سلام کرے چھوٹا بڑے پر ف اسباب عبدالرحمن بن شبل سے بھی روایت ہے اور فضالہ بن عبید اور جابر سے بھی اور یہ حدیث مروی ہوئی ہے ابوہریرہ سے کئی سندوں سے اور ایوب سختیانی اور یونس بن عبید اور علی بن زید نے کہا ہے کہ حسن کو ابی ہریرہ سے سماع نہیں عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُسَلِّمُ الْفَارِسُ عَلَى الْمَاشِيْ وَالْمَاشِيْ عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ ترجمہ روایت ہے فضالہ بن عبید سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلام کرے سوار پیادہ پر اور پیادہ کھڑے ہوئے پر اور تھوڑے لوگ بہت پر ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابو علی صبنی کا نام عمرو بن مالک ہے عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ ترجمہ روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سلام کرے چھوٹا بڑے پر اور چلنے والا بیٹھے ہوئے پر اور تھوڑے لوگ بہت پر ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** التَّسْلِيْمِ عِنْدَ الْقِيَامِ وَالْقُعُوْدِ باب مجلس میں بیٹھتے اُٹھتے وقت سلام کے بیان میں عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا انْتَهٰى اَحَدُكُمْ اِلٰى مَجْلِسٍ فَلْيُسَلِّمْ فَاِنْ بَدَا لَهٗ اَنْ يَّجْلِسَ فَلْيَجْلِسْ ثُمَّ اِذَا قَامَ فَلْيُسَلِّمْ فَلَيْسَتِ الْاُوْلٰى بِاَحَقَّ مِنَ الْاٰخِرَةِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب پہونچے کوئی تم میں کا کسی مجلس پر تو چاہئے کہ سلام کرے وہاں کے لوگوں پر پھر اگر اُسکا جی چاہے بیٹھنے کو تو بیٹھ جائے پھر جب کھڑا ہو تو پھر سلام کرے اور پہلا زیادہ نہیں ضرر رسی پچھلے سے یعنے دونوں ضرور ہیں ف یہ حدیث حسن ہے اور مروی ہوئی یہ حدیث ابن عجلان سے بھی اُنہوں نے روایت کیے سعید مقبری سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب** الْاِسْتِيْذَانِ قُبَالَةَ الْبَيْتِ باب گھر میں جاتی وقت اذن مانگنے کی بیان میں عَنْ

[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم من اطلع [illegible] فقد اتی حدا لا یحل
لہ ان یاتیہ حتی ان دخل بصرہ فقد اتی ما لا یحل لہ ان یاتی ومن تطلع فی بیت قبل ان یوذن لہ فقد
عصی اللہ ورسولہ ومن اطلع فی بیت قوم بغیر اذنہ فحقا علیہ ان یفقئوا عینہ ولا دیۃ لہ ومن دخل
بابا غیر مغلق فاصابہ فلا شیء علیہ انما الخطیئۃ علی اھل البیت ترجمہ روایت ہے ابی ذر سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے کہ جھانکا پردہ کسی کے دروازہ کا اور داخل کی نظر اپنی اسکے گھر میں قبل اسکی کہ اجازت لے اسکو اور دیکھے اسکی ہیں چیز گھر والوں کی تو اسنے وہ کام کیا کہ اسکو حلال نہ تھا کہ اتا اسکا اور اگر ایک نے دیکھا جب نظر کرکے اور جھانکا اسنے تو پھوڑ دیں اسکی دونوں آنکھیں تو میں نہ لالوں گا اسکے کام کو دینے پسند کرنگا اسکے پھوڑ دینے کو اور اگر گذرا ایک دروازہ پر سے کہ اسپر پردہ نہیں اور دروازہ بند بھی نہیں اور نظر پڑ گئی اسکے گھر والوں پر تو اسکے کچھ خطا نہیں بلکہ خطا ہیں صورت میں گھر والوں کی ہے کہ انہوں نے پردہ کیوں نہ ڈالا اور دروازہ کیوں نہ بند کیا **ف** اسباعین ابی ہریرہ والی امامہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث ہم نہیں جانتے ہم مثل اسکے مگر ابن لہیعہ کے روایت سے اور ابو عبدالرحمن حبلی کا نام عبداللہ بن یزید ہے **باب** من اطلع فی دار قوم بغیر اذنھم
اب بغیر اذن کسی کے گھر میں جھانکنے کی سزا میں **عن** انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان فی بیتہ فاطلع علیہ رجل فاھوی الیہ بمشقص
فکانی اراقبہ یتوقی ترجمہ روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر میں تھے کہ جھانکا ایک نے اسکی گھر میں سو جھکے آپ اسکی طرف تیر کے گانسی لیکر کہ پھوڑ دیں اسکی آنکھ گویا میں دیکھتا ہوں اسکو کہ بچاؤ کرتا ہے اس سے **ف** حدیث سہل بن سعد الساعدی ان رجلا اطلع علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من بعض حجر النبی
صلی اللہ علیہ وسلم ومع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدراۃ یحک بھا راسہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لو علمت انک تنظر لطعنت بھا فی عینیک انما جعل الاذن من اجل البصر
من اب **ترجمہ** روایت ہے سہل سے کہ ایک جھانکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں ایک سوراخ در سے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں شیشہ تھا کہ اس سے کھجاتے تھے آپ اپنی سر مبارک اسوقت فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تو جھانکتا ہے تو میں تیری آنکھ میں کونچ دیتا بیشک اذن مانگنا جو مقرر ہوا ہے واسطے نظر کے تو کیا ہے واسطے آنکھ کے سبب بچنے ساتھ پردہ آنکھ کے لیے ہی جب آدمی جھانکتا تو گویا اندر داخل ہو گیا اور پردہ نہ رہا **ف** اسباعین ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث صحیح ہے **باب** قول الرجل من ھذا فی جواب من قال ایستاذن علیک ان یقول انا
اب اذن مانگنے سے پہلے سلام کرنے کے بیان میں **عن** کلدۃ بن حنبل ان صفوان بن امیۃ بعثہ بلبن ولبا وضغابیذ والنبی صلی اللہ علیہ وسلم بأعلی الوادی قال فدخلت علیہ ولم استاذن ولم اسلم فقال
النبی صلی اللہ علیہ وسلم ارجع فقل السلام علیکم ادخل وذلک بعد ما اسلم صفوان قال عمرو انما سمعہ امیۃ بن صفوان ولم
اقل سمعتہ من کلدۃ **ترجمہ** روایت ہے کلدہ بن حنبل سے کہ صفوان بن امیہ نے بھیجا اسکو دودھ اور دہی اور ککڑی کے تازے دیتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور نبی صلی
اللہ علیہ وسلم اوپر نالہ وادی میں تھے کہا راوی نے کہ میں داخل ہوا آپکے خدمت میں اور نہ اذن مانگا میں نے اور نہ سلام کیا سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر جا اور
کہہ السلام علیکم کیا داخل ہوں میں اور یہ قصہ صفوان کے اسلام لانے کے بعد کا ہے کہا عمرو نے اور خبر دی مجھکو اس حدیث کے امیہ بن صفوان نے اور نہیں کہا میں نے کہ سنی میں نے
یہ حدیث کلدہ سے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اس جریج کی روایت سے اور روایت کیے یہ ابو عاصم نے بھی ابن جریج سے مثل اسکے **عن** جابر قال استاذن
علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی دین کان علی ابی فقال من ھذا فقلت انا فقال انا انا کانہ کرھ ذلک **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ کہا میں نے عبارت
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں قرض کے باب میں جو تھا میرے باپ پر تو ہمارے باپ اور دو شہید ہو چکے تھے جنگ احد میں سو پوچھا آپ نے
کون ہے اور کہا میں نے کہ میں ہوں تو فرمایا آپ نے کہ میں ہوں میں ہوں گویا کہ یہ لفظ کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** آنے پوچھا کہ کون
[illegible] اس میں اس کے کہ تو جانے کہ وہ کیا ہے تعریف [illegible] بلحاظ اسکے سائل کی غرض اس سے حاصل نہیں ہوتی اور معلوم نہیں ہوتا کہ کون شخص ہے اور
[illegible] **باب** کراھیۃ ان یطرق الرجل اھلہ لیلا ہے مکروہ کہ آوے کوئی مرد اپنے گھر والوں کے پاس رات کو اچانک گھر میں داخل ہونیکی کراہت میں **عن** جابر ان
النبی صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا انکو اس سے کہ جب سفر سے آویں تو رات کو
[illegible] یہ کئی سند دار سے جابر سے
[illegible] کہ آدمی کو نہیں داخل ہونا اپنی عورتوں پر جب تک نہ

آوین اور فرمایا ابن عباس نے کہ داخل ہوا دو شخص رانمونی گھر میں حضرت کے منع فرمانیکے بعد سو پایا ہرایک نے اپنی عورت کے پاس ایکدوسرے کو یعنے یہ وبال ہوا اُنپر حضرت کے نافرمانی کی سبب سے

**باب** ماجاء فی تذہیب الکتاب باب کچھ لکھکر خاک اوڈ کرنیکے بیانمیں **عن** جابر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا کتب احدکم کتابا فلیذر بہ فانہ انجح للحاجۃ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب لکھے کوئی تم میں کا کچھ تو چاہیے کہ اسکو خاک اوڈ دے اسلئے کہ اُسمیں سبب ہے انجام مرام کے

**ف** یہ حدیث منکر ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو الا زہر کی روایت سے مگر اسی سند سے اور حضر وبٹی ہیں عمر نصیبی کے اور وہ ضعیف ہیں حدیث میں **باب عن** زید بن ثابت قال دخلت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وبین یدیہ کاتب فسمعتہ یقول ضع القلم علی اذنک فانہ اذکر للملی **ترجمہ** روایت ہے زید بن ثابت سے کہا کہ داخل ہوا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اُنکے آگے ایک کاتب تھا سو سنا میں نے کہ آپ فرماتے تھے رکھ لے تو قلم اپنے کان پر اسلئے کہ وہ خوب یاد دلاتا ہے مضامین لکھنے والی کو

**ف** اسحدیث کو نہیں پہچانتے ہم مگر اسی سند سے اور اسناد اسکے ضعیف ہے محمد بن زادان اور عنبسہ ضعیف سمجھے جاتے ہیں حدیث میں **باب** فی تعلیم السریانیۃ **باب** سریانی زبان سیکھنے کے بیانمیں **عن** زید بن ثابت قال امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اتعلم لہ کلمات من کتاب یہود وقال انی واللہ ما امن یہود علی کتابی قال فما مر بی نصف شہر حتی تعلمتہ لہ قال فلما تعلمتہ کان اذا کتب الی یہود کتبت الیہم واذا کتبوا الیہ قرأت لہ کتابہ **ترجمہ** روایت ہے زید بن ثابت سے کہا اُنہوں نے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ سیکھ لوں میں اُنکے واسطے چند کلمہ کتاب یہود سے اور فرمایا کہ مجھے قسم ہے اللہ تعالیٰ کی بالکل اطمینان نہیں یہود کی تحریر پر جو میرے لئے کرتے ہیں کہا راوی نے کہ پھر گذرا مجھ پر نصف ماہ کہ سیکھ لی میں نے زبان سریانی اُنکے لئے کہا راوی نے پھر جب سیکھ لیا میں نے اُسکو تو حضرت جب یہود کو کچھ لکھنا چاہتے تو میں اُنکو لکھ بھیجتا اور جب وہ کچھ لکھکر بھیجتے تو میں اُسے آپکے آگی پڑھ دیتا **ف** یہ حدیث حسن ہے اور مروی ہوئی کئی سندوں سے زید بن ثابت سے سوا اس سند کے اور روایت کی یہ اعمش نے ثابت بن عبید سے اُنہوں نے زید بن ثابت سے کہتے تھے زید بن ثابت کہ مجھے حکم دیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے زبان سریانی سیکھنے کا **مترجم** ابتدائی ہجرت میں حضرت کے اصحاب میں چونکہ کوئی کاتب نہ تھا اکثر خط وکتابت یہود کرتے تھے اور حضرت اُنسے بوقت ضرورت جو چاہتے لکھواتے پھر جب صحابہ کتابت سے خود واقف ہوگئے یہود سے لکھوانا موقوف کیا اور زبان سریانی ایک زبان ہے زبان عربی سی مشابہ کتب سماویہ سے بعض اُسی زبان میں نازل ہوئی ہیں اُسوقت وہ زبان علم لدنی میں مشہور اور متعارف تھے اور اس حدیث سے سیکھنا ہر زبان کا جائز ہوا جب تک کہ اُسمیں کوئی مفسدہ شرعی نہو **باب** فی مکاتبۃ المشرکین **باب** مشرکین سے خط وکتابت کرنیکے بیانمیں **عن** انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتب قبل موتہ الی کسری والی قیصر والی النجاشی والی کل جبار یدعوہم الی اللہ ولیس بالنجاشی الذی صلی علیہ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خط لکھے اپنی وفات کی قبل کسرے اور قیصر اور نجاشی اور ہر حاکم کو دعوت کرتے تھے اُنکو اللہ پر ایمان لانیکے اور یہ نجاشی وہ نہیں ہے جسپر نماز جنازہ پڑھی ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یعنے وہ نجاشی جنکے نماز پڑھی حاکم حبش تھے حضرت پر ایمان لائی تھے اور جنکو خط لکھا وہ کافر تھا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **باب** ماجاء کیف یکتب الی اہل الشرک **باب** شرکین کے خط لکھنے کی کیفیت میں **عن** ابن عباس انہ اخبرہ ان ابا سفیان بن حرب اخبرہ ان ہرقل ارسل الیہ فی نفر من قریش وکانوا تجارا بالشام فاتوہ فذکر الحدیث قال ثم دعا بکتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقرئ فاذا فیہ بسم اللہ الرحمن الرحیم من محمد عبد اللہ ورسولہ الی ہرقل عظیم الروم السلام علی من اتبع الہدی اما بعد **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ ابوسفیان نے خبر دی اُنکو کہ ہرقل نے پیغام بھیجا ابوسفیان کے طرف اور وہ قریش کے چند آدمیوں کے ساتھ بسبیل تجارت شام کو گئے تھے پس یہ سب قریشی حاضر ہوئے دربار میں ہرقل کے اور ذکر کیا ابوسفیان نے حدیث کو پھر کہا کہ منگوایا ہرقل نے خط مبارک آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا اور وہ پڑھا گیا اُسکے آگے تو اُسمیں یہ عبارت تھی بسم اللہ سے اخیر تک یعنی شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ رحمان ورحیم کے یہ تحریر ہے محمد کی طرف سے جو بندے ہیں اللہ کے اور رسول ہیں اُسکے بھیجے گئی ہے ہرقل کے طرف جو بڑا حاکم ہے روم کا سلام ہے اُسپر جو تابع ہوا راہ حق کا اما بعد الخ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابوسفیان کا نام صخر بن حرب ہے **مترجم** پوری روایت ابتدائی بخاری میں مذکور ہے **باب** ماجاء فی خاتم الکتاب **باب** مکتوب پر مُہر کرنیکے بیانمیں **عن** انس بن مالک قال لما اراد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یکتب الی العجم قیل لہ انہم لا یقبلون الا کتابا علیہ خاتم فاصطنع خاتما فکانی انظر الی بیاضہ فی کفہ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہا اُنہوں نے کہ جب ارادہ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ خط لکھیں عجم کیطرف تو لوگوں نے عرض کی کہ عجم خط نہیں لیتے جب تک کہ اُسپر مُہر نہو تو بنوائی آپ نے

راوی نے کہا گویا کہ میں اب دیکھتا ہوں چمک اُس انگوٹھی کی جسمیں مُہر تھے اُنکی ہتھیلی میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** حضرت جب انگوٹھی پہنتے نگینہ اُسکا ہتھیلی کیطرف کرتے **باب** کیف السّلام باب کیفیت میں سلام کے **عن** المقدام بن الاسود قال اقبلت اناو صاحبان لی قد ذھبت اسماعنا وابصارنا من الجھد فجعلنا نعرض انفسنا علی اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلیس احد یقبلنا فاتینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاتی بنا اھلہ فاذا ثلثۃ اعنز فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم احتلبوا ھذا اللبن ولنا نحتلبہ فیشرب کل انسان نصیبہ ویرفع لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نصیبہ فیجیٔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اللیل فیسلم تسلیما لا یوقظ النائم ویسمع الیقظان ثم یاتی المسجد فیصلی ثم یاتی شرابہ فیشرب **ترجمہ** روایت ہے مقداد بن اسود سے کہا انہوں نے کہ آیا میں اور دو رفیق میرے پینے مدینہ میں کہ ضعیف ہوگئے کان اور آنکھیں ہمارے فقر اور فاقہ سے اور پیش کرتے تھے اپنے نفسوں کو اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سو کوئی ہمکو قبول نکرتا تھا سوائی ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ ہمکو اپنے گھر لے آئی اور وہاں تین بکریاں تھیں بکریان تھیں سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ دوہو انکا پس روز ہم دوہتے تھے انکو اور پیتا تھا ہر آدمی اپنا حصہ اور اُٹھا رکھتا تھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا حصہ سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے تھے رات کو اور اتنا سلام کرتے تھے کہ نہ جگاتے تھے سوتی والی کو اور سنا دیتی تھے جاگتے کو پھر تشریف لاتے تھے مسجد میں اور نماز پڑھتے تھے یعنے تہجد کی پھر آتے تھے اپنی حصہ کے طرف اور پیتے تھے اُسکو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** یہ حسن آداب تھا حضرت کا کہ اسطرح سلام کرتے کہ سوتا نجاگے اور جاگتا سُن لے **باب** ماجاء فی کراھیۃ التسلیم علی من یبول باب جو پیشاب کرتا ہو اُسپر سلام کے کراہت میں **عن** ابن عمر ان رجلا سلم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یبول فلم یرد علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم السلام **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ ایک مرد نے سلام کیا سو لخد اصلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپ پیشاب کرتے تھے پھر جواب نہ دیا آپنے اُسکو سلام کا **روایت** کہے ہمسے محمد بن یحیی نے اُنہوں نے محمد بن یوسف سے اُنہوں نے سفیان سے اُنہوں نے منھال بن عثمان سے اسی اسناد سے مانند اسکے اور سنا ہمیں علقمہ بن فغواء اور جابر اور براء اور مہاجر بن قنفذ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** بحر میں کہا ہے کہ مکروہ ہی سلام کرنا مصلے پر اور قاری پر اور جو مجلس قضاء پر حکم دیتا ہو یا بحث کرتا ہو فقہ و تفسیر وغیرہ کی یا بیچنا یا پیشاب کرتا ہو اور اگر سلام کیا بھی اُنپر تو اُنکو جواب دینا واجب نہیں اسلئے کہ سلام اُسکا غیر محل میں ہے **باب** ماجاء فی کراھیۃ ان یقول علیک السّلام مُبتدیًا باب ابتدا میں علیک السلام کہنے کی کراہت میں **عن** ابی تمیمۃ الھجیمی عن رجل من قومہ قال رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلم اقد علیہ مجلسًا فاذا رجل ھو مقھور او لا اعرفہ وھو یصلی بینھم فلما فرغ قام معہ بعضھم فقالوا یا رسول اللہ انک لما رایت ذلک قلت علیک السلام یا رسول اللہ علیک السلام یا رسول اللہ قال ان علیک السلام یا رسول اللہ تحیۃ المیت ثم اقبل علیّ فقال اذا لقی احدکم اخاہ المسلم فلیقل السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ثم رد علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال وعلیک ورحمۃ اللہ وعلیک ورحمۃ اللہ وعلیک ورحمۃ اللہ **ترجمہ** روایت ہے ابی تمیمہ ہجیمی سے وہ روایت کرتے ہیں ایک مرد سے اپنی قوم کے کہا اُس مرد نے کہ طلب کیا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور بنا سکا میں اُنکے سو بیٹھ گیا میں پہ چند لوگ آئی کہ انمیں آپ بھی تھے اور میں اُنکو نہ پہچانتا تھا اور آپ صلح کرتے تھے اُنکے ہمیں پھر جب فارغ ہوئے آپ کھڑے ہوئے آپکے ساتھ کچھ لوگ انمیں سے اور کہنے لگے یا رسول اللہ پھر جب میں یہ کیفیت دیکھی تو میں کہنے لگا علیک السلام یا رسول اللہ علیک السلام یا رسول اللہ تو فرمایا آپنے یہ دعا میت کے پھر سر کیطرف متوجہ ہوئے اور فرمایا جب ملے آدمی اپنی بھائی مسلمان سے تو کہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پھر جواب دیا مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنے سلام کا اور فرمایا وعلیک ورحمۃ اللہ تین بار **ف** روایت کیے یہ حدیث ابوغفار نے ابوتمیمہ ہجیمی سے اُنہوں نے ابی جُرَی سے کہ جنکا نام جابر بن سلیم ہجیمی ہے کہا اُنہوں نے کہ آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر ذکر کیے حدیث آخر تک اور ابوتمیمہ کا نام طریف بن مجالد ہے روایت کیے ہمسے حسن بن علی نے اُنہوں نے ابواسامہ سے اُنہوں نے ابی غفار شی سے اُنہوں نے ابوتمیمہ ہجیمی سے اُنہوں نے جابر بن سلیم سے اُنہوں نے کہا آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا میں نے علیک السلام تو فرمایا آپنی علیک السلام مت کہو ملکا السلام علیک کہو اور ذکر کیا قصہ طویل یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے **عن** انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا سلم سلم ثلاثا واذا تکلم بکلمۃ اعادھا ثلاثا **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب سلام کرتے تو تین بار سلام کرتے اور جب کوئی بات فرماتے تو تین بار اُسے تکرار کرتے یعنے تاکہ مخاطب لوگ خوب سمجھ جائیں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے **باب** مجالس پر گذرنے کے بیان میں **عن** ابی واقد اللیثی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

سلام کے کیفیت

پیشاب کرنیوالی سلام کرنے کی کراہت

ابتدا میں علیک السلام کہنے کی کراہت

مجالس پر گذرنے کا بیان

بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَالنَّاسُ مَعَهُ إِذْ أَقْبَلَ ثَلٰثَةُ نَفَرٍ فَأَقْبَلَ اِثْنَانِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَهَبَ وَاحِدٌ فَلَمَّا وَقَفَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَّمَا فَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَرَأٰى فُرْجَةً فِي الْحَلْقَةِ فَجَلَسَ فِيْهَا وَأَمَّا الْآخَرُ فَجَلَسَ خَلْفَهُمْ وَأَمَّا الْآخَرُ فَأَدْبَرَ ذَاهِبًا فَلَمَّا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ عَنِ النَّفَرِ الثَّلٰثَةِ أَمَّا أَحَدُهُمْ فَأٰوٰى إِلَى اللّٰهِ فَأٰوَاهُ اللّٰهُ وَأَمَّا الْآخَرُ فَاسْتَحْيٰى فَاسْتَحْيَى اللّٰهُ مِنْهُ وَأَمَّا الْآخَرُ فَأَعْرَضَ فَأَعْرَضَ

اللہ عنہ **ترجمہ** روایت ہے ابی واقد لیثی سے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے مسجد مین اور لوگ آپکے پاس تھے کہ اتنے مین تین شخص سامنے سے آئی سو آگے بڑھ آئی دو شخص رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے طرف اور چلا گیا ایک اُنمین کا پھر جب کھڑے ہوئے وہ مجلس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سلام کیا اُن دونونے اور ایک نے اُنمین سے دیکھی کہ حلقہ جلنے کے اندر سو داخل ہوا وہ مجلس مین اور دوسرا بیٹھ گیا وہ اُس جگہ مین اور دوسرا بیٹھ گیا اہل مجلس کے پیچھے اور تیسرا تو پیٹھ موڑ کر چلا ہی گیا پھر جب فارغ ہوئے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم اُس غط ونصیحت سے جو فرما رہے تھے فرمایا آپنے کیا نہ خبر دونمین تمکو ان تینون کے حال کے سو ایک نے اُنمین سے جگہہ چاہی اللہ کیطرف سو جگہ دی اُسکو اللہ تعالی نے حلقہ مین صالحین کے داخل ہوا اور انوار حدیث سے قرب الٰہی حاصل کیا اور دوسرے نے شرم کے یعنے حلقہ مین داخل ہونے سے سو شرم کے اللہ تعالی اُس سے یعنے بخشدیا اُسکو اور مواخذہ نکیا اُسکی ذنوب کا اور تیسرا سو مونہہ پھیرا سو مونہہ پھیرا اُس سے اللہ تعالی نے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو واقد لیثی کا نام حارث بن عوف ہے اور ابو مرہ مولی ام ہانی بنت ابی طالب کے اور نام اُنکا یزید ہی اور بعضون نے کہا مولے ہین عقیل بن ابی طالب کے **عن** جابر بن سمرۃ قَالَ كُنَّا إِذَا أَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ أَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِي **ترجمہ** روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا اُنہون نے کہ جب آتی ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ جاتا ہر ایک ہم مین کا جہان پہونچتا یعنے محفل مین جہان جگہ پاتا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کیے یزید بن معاویہ نے سماک سے **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سنت صحابہ یہی تھی کہ محفل مین جہان جگہ پاتے وہین بیٹھ جاتے طالب مقامات عالیہ اور راغب مسندات علیہ ہوتے جیسے اب ہمارے مانی مان اور اخوان دوران لیپر مرتے ہین اور مراتب جلوس مین نمکرار کرتے ہین نعوذ باللہ منہا **باب** مَا جَاءَ عَلَى الْمَجَالِسِ فِي الطَّرِيْقِ باب مجالس طرق کے بیان مین **عن** أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ وَلَمْ يَسْمَعْهُ مِنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِنَاسٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَهُمْ جُلُوْسٌ فِي الطَّرِيْقِ فَقَالَ إِنْ كُنْتُمْ لَا بُدَّ فَاعِلِيْنَ فَرُدُّوا السَّلَامَ وَاهْدُوا السَّبِيْلَ الْمَظْلُوْمَ وَاهْدُوا السَّبِيْلَ **ترجمہ** بیان کیا براء سے اور نہین سنا اُسکو اُس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم گذرے چند لوگون پر انصار کے کہ وہ لوگ بیٹھے ہوئے تھے راہ مین سو فرمایا آپنے اگر تمکو ضرور ہے یہان بیٹھنا تو جواب وسلام کرنیوالی کا ادا کرتے رہو مظلوم کے اور راہ بتاؤ بھولے ہوے کو یعنے ان شروط سے بیٹھو تو خیر روا ہی **ف** اسی مین ابی ہریرہ اور ابی شریح خزاعی سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن ہے **مترجم** راہون مین بیٹھنا جب فتنون کا ہے اور مشابہت ہے قطاع الطریق کی اور سبب ہے غفلت کا ذکر الٰہی سے اسلئے کہ بازار مساجد مین شیطان کی اور بدترین جگہ ہی دنیا کی پھر وہان بغیر ضرورت بیٹھے ہی تو یہ مواظبت اور لازم جانے وہ نہ بہر حال اس سے اجتناب اولی ہے **باب** مَا جَاءَ فِي الْمُصَافَحَةِ باب مصافحہ کے بیان مین **عن** أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ مِنَّا يَلْقٰى أَخَاهُ أَوْ صَدِيْقَهُ أَيَنْحَنِي لَهُ قَالَ لَا قَالَ أَفَيَلْتَزِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ قَالَ لَا قَالَ فَيَأْخُذُ بِيَدِهِ وَيُصَافِحُهُ قَالَ نَعَمْ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے اُنہون نے کہا کہ عرض کی ایکدن کی یا رسول اللہ ایک آدمی ہم مین سے جب ملے اپنے بھائی یا دوست سے تو کیا جھکے اُسکے لئے فرمایا آپنے نہین اُسنے عرض کی کیا لپٹ جاوے اُس سے اور بوسہ لے فرمایا آپنے کہ نہین عرض کی اُسنے پکڑے اُسکا ہاتھ اور مصافحہ کرے اُس سے فرمایا آپنے ہان **ف** یہ حدیث حسن ہے **عن** قَتَادَةَ قَالَ قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ هَلْ كَانَتِ الْمُصَافَحَةُ فِي أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَ نَعَمْ **ترجمہ** روایت ہے قتادہ سے کہا اُنہون نے انس سے کہ کیا مصافحہ مروج تھا اصحاب رسول صلے اللہ علیہ وسلم مین تو کہا اُنسے کہ ہان **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ تَمَامِ التَّحِيَّةِ أَخْذُ الْيَدِ **ترجمہ** روایت ہے ابن مسعود سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحیت کا پورا کرنا یہ ہے کہ ہاتھ پکڑے یعنے مصافحہ کرے **ف** یہ حدیث غریب ہے [illegible] یحیی بن سلیم کے روایت ہے کہ وہ سفیان سے روایت کرتے ہین اور یوہنا مین نے محمد بن اسمعیل سے حال اس حدیث کا تو اُنہون نے محفوظ نہین گنا [illegible] میرے نزدیک شاید ارادہ کیا یحیی نے حدیث سفیان کا جو روایت کیے ہی سفیان نے منصور سے اُنہون نے عیثمہ سے اُنہون نے اُس شخص سے کہ سُنا اُسنے ابن مسعود سے [illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے راکمہ ماتین کرنا جائز نہین مگر اُسکو جو ارادہ نماز کا رکھتا ہو یا مسافر ہو کہا محمد نے اور روایت کیے گئی ہی منصور سے اُنہون نے روایت کیے ابی اسحاق سے اُنہون نے عبد الرحمن سے یا کسے اور سے سوا اُسکے کہ فرمایا تمام تحیت سے ہی ہاتھ پکڑنا یعنے مصافحہ کرنا **عن** أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ تَمَامِ عِبَادَةِ الْمَرْءِ

اَنْ یَضَعَ اَحَدُکُمْ یَدَہٗ عَلٰی جَبْھَتِہٖ اَوْ قَالَ عَلٰی یَدِہٖ فَیَسْاَلَہٗ کَیْفَ ھُوَ وَتَمَامُ تَحِیَّتِکُمْ بَیْنَکُمُ الْمُصَافَحَۃُ **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پوری عیادت مریض کے یہ ہے کہ رکھے ایک تم میں کا اپنا ہاتھ مریض کے پیشانی پر یا فرمایا اُسکے ہاتھ پر پھر پوچھی کہ کیسا ہی وہ اور پوری تحیت تمہاری تمہارے درمیان مصافحہ ہے **ف** اس حدیث کی اسناد کچھ قوی نہیں کہا بعضے نے عبید اللہ بن زحر نقہ ہیں اور علی بن یزید ضعیف اور قاسم ابی عبد الرحمن کے ہیں اور کنیت اُنکی ابا عبد الرحمن ہے اور وہ ثقہ ہیں اور ابو عبد الرحمن ابن خالد بن یزید بن معاویہ کے اور قاسم شامی ہیں **عَنِ** الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمَیْنِ یَلْتَقِیَانِ فَیَتَصَافَحَانِ اِلَّا غُفِرَ لَھُمَا قَبْلَ اَنْ یَّتَفَرَّقَا **ترجمہ** روایت ہے براء ابن عازب سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی دو مسلمان نہیں ہیں کہ وہ آپس میں ملیں اور مصافحہ کریں مگر یہ کہ بخشے جاتے ہیں وہ دونوں قبل اس کے کہ جدا ہوں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ابی اسحٰق کی روایت سے وہ براء سے روایت کرتے ہیں اور مروی ہے یہ حدیث کئی سندوں سے براء سے **مترجم** مصافحہ کہ صفح سے مشتق ہے یعنے صفح ید کو صفح ید سے ملانا ایک ہی ہاتھ سے سنت ہی اور لغت ہے اسکا موید ہی چنانچہ قاموس میں ہے المصافحۃ الاخذ بالید اور مجمع البحار میں ہے المصافحۃ مفاعلۃ من الصاق الکف بالکف واقبال الوجہ بالوجہ اور شرح بخاری میں شرح شمنجانی سے کہا ہے المصافحۃ الافضاء بصفح الید الی صفح الید

## بَابُ مَجَاءَ فِی الْمُعَانَقَۃِ وَالْقُبْلَۃِ

باب معانقہ اور بوسہ لینے کے بیان میں

**عَنْ** عَائِشَۃَ قَالَتْ قَدِمَ زَیْدُ بْنُ حَارِثَۃَ الْمَدِیْنَۃَ وَرَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ بَیْتِیْ فَاَتَاہُ فَقَرَعَ الْبَابَ فَقَامَ اِلَیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عُرْیَانًا یَجُرُّ ثَوْبَہٗ وَاللّٰہِ مَا رَاَیْتُہٗ عُرْیَانًا قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ فَاعْتَنَقَہٗ وَقَبَّلَہٗ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُنہوں نے کہ آئی زید بن حارثہ مدینہ میں اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم میرے گھر میں تھے پس حاضر ہوئی وہ اور دروازہ ٹھونکا سو کھڑے ہوگئے اُنکی طرف حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اُنکی طرف جانیکو برہنہ کہینچتے تہے کپڑے اپنی اور قسم ہے اللہ تعالیٰ کے نہیں دیکھا میں نے اُنکا بدن کھلا ہوا قبل اسکے اور نہ بعد اسکے پس باہر جاکر اُنکو گلی لگایا اور بوسہ دیا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو زہری کے روایت سے مگر اسی سند سے **مترجم** زید بن حارثہ متبنّٰے ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور صحابی جلیل القدر ہیں قرآن عظیم الشان میں اُنکے سوا اور کسی صحابی کا نام مذکور نہیں حضرت اُنکو بہت چاہتے تہے جب مکہ سے ہجرت کرکے مدینہ میں حضرت کی پاس حاضر ہوئی تہے اُسوقت کا ذکر ہے اور برہنہ اُٹھنے سے یہ مراد ہے کہ چادر مبارک کندہوں سے اگرگئی اور خوشی کے مارے اپنے پوری چادر نہ اوڑہی جلدی دوڑی کہ اُنسے ملیں اور معانقہ سنت ہے اُسوقت کا ذکر ہے اور برہنہ اُٹھنے سے یہ مراد ہے کہ چادر مبارک کندہوں سے اگرگئی اور خوشی کے مارے اپنے پوری چادر نہ اوڑہی جلدی دوڑی کہ اُنسے ملیں اور معانقہ سنت ہے

## بَابُ مَجَاءَ فِیْ قُبْلَۃِ الْیَدِ وَالرِّجْلِ

باب ہاتھ پیر بوسہ دینے کے بیان میں

**عَنْ** صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ قَالَ یَھُوْدِیُّ لِصَاحِبِہٖ اِذْھَبْ بِنَا اِلٰی ھٰذَا النَّبِیِّ فَقَالَ صَاحِبُہٗ لَا تَقُلْ نَبِیٌّ اِنَّہٗ لَوْ سَمِعَکَ کَانَ لَہٗ اَرْبَعَۃُ اَعْیُنٍ فَاَتَیَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَاہُ عَنْ تِسْعِ اٰیَاتٍ بَیِّنَاتٍ فَقَالَ لَھُمْ لَا تُشْرِکُوْا بِاللّٰہِ شَیْئًا وَلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰہُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا تَمْشُوْا بِبَرِیْءٍ اِلٰی ذِیْ سُلْطَانٍ لِیَقْتُلَہٗ وَلَا تَسْحَرُوْا وَلَا تَاْکُلُوا الرِّبٰوا وَلَا تَقْذِفُوْا مُحْصَنَۃً وَلَا تَوَلَّوُا الْفِرَارَ یَوْمَ الزَّحْفِ وَعَلَیْکُمْ خَاصَّۃَ الْیَھُوْدِ اَلَّا تَعْتَدُوْا فِی السَّبْتِ قَالَ فَقَبَّلُوْا یَدَیْہِ وَرِجْلَیْہِ وَقَالُوْا نَشْھَدُ اَنَّکَ نَبِیٌّ قَالَ فَمَا یَمْنَعُکُمْ اَنْ تَتَّبِعُوْنِیْ قَالُوْا اِنَّ دَاوٗدَ دَعَا رَبَّہٗ اَنْ لَّا یَزَالَ مِنْ ذُرِّیَّتِہٖ نَبِیٌّ وَاِنَّا نَخَافُ اِنْ تَبِعْنَاکَ یَقْتُلْنَا الْیَھُوْدُ **ترجمہ** روایت ہے صفوان بن عسال سے کہا اُنہوں نے کہ ایک یہودی نے کہا اپنی رفیق سے کہ چل ہمارے ساتھ اس نبی کی طرف تو جواب دیا اُسکی رفیق نے کہ اُنکو نبی نہ کہو اگر وہ سُن لینگے تو اُنکی چار آنکہیں ہو جائینگی یعنے بہت خوش ہونگے غرض وہ دونوں حاضر ہوئے خدمت میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی اور سوال کیا اُنہوں نے اُن نو باتوں کا جو کھلے ہوئے احکام ہیں اللہ تعالیٰ کی اور توراۃ کے سرے پر لکھے جاتی ہے سو فرمایا آپ نے کہ وہ تو حکم یہ ہیں کہ شریک مت کرو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسیکو اور چوری مت کرو اور زنا مت کرو اور مت مارو وہ جان کہ حرام کیا اللہ تعالیٰ نے اُسکا مارنا مگر ساتھ حق کے اور مت لیجاؤ بیگناہ بقصور شخص کو حاکم کے پاس تاکہ وہ اُسی قتل کرے یعنے تہمت باندہکے کسیکا خون ناحق مت کرو اور سحر مت کرو اور سود مت کہاؤ اور بار ساتھ غور کو زنا کی تہمت مت لگاؤ اور کافروں کے مقابلہ سے جہاد میں مت بہاگو غرض یہ حکم تو سب بندوں کے لیے ہیں اور خاص تمہارے لیے اے یہود یہی حکم ہے کہ تم ظلم و زیادتی مت کرو ہفتہ کے دن کہ ہمارے نبی نے کہا ہے اُنہوں نے دونوں ہاتھ اور دونوں پیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہنے لگے کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ بیشک تم نبی ہو تب فرمایا آپ نے پھر کیا چیز باز رکھتی ہے تمکو اس سے کہ تابع ہو تم میرے کہا راوی نے کہا اُنہوں نے کہا کہ یہود قایل ہیں کہ داؤد علیہ السلام نے دعا کی ہے کہ ہمیشہ اُنکی اولاد میں نبی ہوا کریں اور ہم ڈرتے ہیں اگر تمہارے تابع ہوں تو یہود ہمکو قتل کرڈالیں **ف** اسباب میں یزید بن اسود سوری اور ابن عمر اور کعب بن مالک سے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** یہ جو یہود نے کہا کہ داؤد علیہ السلام نے دعا کی آہ یہ مکر ہی اُنکا اور

صریح اُنکے قول مین تناقض ہے اسلئے کہ خود حضرت کی رسالت پر گواہی دی چکی ہے بعد اُنکا سوای مکروفریب اور کیا تصور کیا جاوے اور شہر بلالی نے رسالہ مصافحہ مین کہا ہے کہ ثنا
ہوتے ہین کلام مذکور سے یعنے جو اُس رسالہ مین سابقاً گذرا ہے کہ بوسہ لینے مین یعنی ہاتھ پر یا سر پر پانچ قول ہین اول تو کراہت مطلقاً اور یہ قول ہے امام کا دوسرے لا باس بہ
مطلقاً اور یہ قول ہے صاحبین کا تیسرے تفصیل کہ اگر بوسہ لینا تبرک کے لئے ہے جیسے کہ بوسہ لینا عالم متورع یا سلطان عادل کے ہاتھ پر تو رخصت دی ہے اسکی بعض متاخرین
نے چوتھے بوسہ لینا اُسکے ہاتھ کا کہ اُس سے تبرک مراد نہین بلکہ غرض طلب دنیا اور اکرام اہل دنیا ہے اور یہ مکروہ ہی پانچوین اگر ارادہ کیا اُسکے فاعل نے تعظیم مسلم اور اکرام اسلام
کا تو لا باس ہے انتہے فقیر کہتا ہے کہ احادیث بوسہ کے باب مین دو طور پر واقع ہوئے ہین بعض مین اُسکی نہی وارد ہے چنانچہ حدیث انس بن مالک کی کہ ابتدای باب مصافحہ
مین گذری اور بعض مین جواز اُسکا جیسا کہ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا کی زید بن حارثہ کے حال مین پس دونون روایتون سے معلوم ہوا کہ بوسہ لینا آنحضرت کی زمان مبارک
مین مصافحہ اور سلام کے طرح رائج تھا اور بسبیل ندرت واقع ہوا ہے پس تطبیق اسکی دو طرح پر ہے اول یہ کہ نہی کو محمول کرین اس بوسہ پر جو موجب فتنہ ہو اور بسبیل شہوت
اور جواز کو حمل کرین اُسپر جو بر سبیل کراہت ہو دوسرے یہ کہ نہی کو حمل کرین کراہت پر اور فعل کو بیان جواز پر غرض علوت اسکے خلاف عادات زمان رسالت سے

## بَابُ مَا جَاءَ فِي مَرْحَبًا

باب مرحبا کہنے کے بیان مین

عَنْ أُمِّ هَانِئٍ تَقُولُ ذَهَبْتُ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ وَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ وَفَاطِمَةُ سَتْرَةٌ بِثَوْبٍ
قَالَتْ فَسَلَّمْتُ فَقَالَ مَنْ هَذِهِ قُلْتُ أَنَا أُمُّ هَانِئٍ قَالَ مَرْحَبًا بِأُمِّ هَانِئٍ فَذَكَرَ قِصَّةً فِي الْحَدِيثِ ترجمہ روایت ہے ام ہانی سے وہ کہتی ہین کہ گئی مین سو نخدمت صلے اللہ علیہ
وسلم کے پاس جس سال کہ فتح ہوا سو پایا مین نے کہ وہ غسل کرتے تھے اور فاطمہ رضی اللہ عنہا اُنکی آڑ کر رہی تھین ایک کپڑے سے کہا اُم ہانی نے پھر سلام کیا مین نے اُنپر اور فرمایا
اُنھون نے کون ہے یہ مین نے عرض کے کہ مین ام ہانی ہون فرمایا آپنے مرحبا اُم ہانی کو اور ذکر کیا راوی نے ایک قصہ اس حدیث مین ف یہ حدیث صحیح ہے عَنْ عِكْرِمَةَ
بْنِ أَبِي جَهْلٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ جِئْتُهُ مَرْحَبًا بِالرَّاكِبِ الْمُهَاجِرِ ترجمہ روایت ہے عکرمہ بن ابی جہل سے کہا اُنھون نے کہ جس دن مین آیا
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تو فرمایا آپنے مرحبا ہے سوار مہاجر کو ف اسباب مین بریدہ اور ابن عباس اور ابی جحیفہ سے بھی روایت ہے اور اس حدیث کی اسناد
صحیح نہین نہین جانتے ہم اسکو گر موسی بن مسعود کی روایت سے کہ وہ سفیان سے روایت کرتے ہین اور موسی بن مسعود ضعیف ہین حدیث مین اور روایت کی عبدالرحمن بن مہدی
نے سفیان سے اُنھون نے ابی اسحاق سے مرسلاً اور نہین ذکر کیا اُس سند مین مصعب بن سعد کا اور یہ صحیح تر ہے اور سُنا مین نے محمد بن بشار سے کہتے تھے موسی بن مسعود ضعیف ہے
حدیث مین کہا محمد بن بشار نے کہ لکھین مین نے بہت سی حدیثین موسی بن مسعود سے پر چھوڑ دیا مین نے اُنکو یعنے بسبب ضعف کے

## بَابُ مَا جَاءَ فِي تَشْمِيتِ الْعَاطِسِ

باب چھینک کا جواب دینے کے بیان مین

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُسْلِمِ سِتُّ بِالْمَعْرُوفِ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ وَيُجِيبُهُ
إِذَا دَعَاهُ وَيُشَمِّتُهُ إِذَا عَطَسَ وَيَعُودُهُ إِذَا مَرِضَ وَيَتْبَعُ جَنَازَتَهُ إِذَا مَاتَ وَيُحِبُّ لَهُ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ ترجمہ روایت ہے حضرت علی سے کہا اُنھون نے کہ فرمایا رسول
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہین اول یہ جب ملے اُس سے سلام کرے اور دوسرے یہ کہ قبول کرے اور حاضر ہو جب وہ بلاوے تیسرے یہ کہ جواب دے یرحمک اللہ
کا جب وہ چھینکے یعنے یرحمک اللہ کہے جب چھینکنے والا الحمد للہ کہے چوتھے یہ کہ عیادت کرے اُسکی جب وہ بیمار ہو پانچوین یہ کہ چلے اُسکے جنازے کی ساتھ جب وہ مرے چھٹے یہ کہ
دوست رکھے اُسکے لئے جو دوست رکھے اپنے لئے ف اسباب ابی ہریرہ سی بھی روایت ہے اور ابی ایوب اور براء اور ابی سعید سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے اور مروی ہوئی ہے کئی سندون سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کلام کیا بعض محدثین نے حارث اعور مین عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُؤْمِنِ عَلَى
الْمُؤْمِنِ سِتُّ خِصَالٍ يَعُودُهُ إِذَا مَرِضَ وَيَشْهَدُهُ إِذَا مَاتَ وَيُجِيبُهُ إِذَا دَعَاهُ وَيُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ وَيُشَمِّتُهُ إِذَا عَطَسَ وَيَنْصَحُ لَهُ إِذَا غَابَ أَوْ
شَهِدَ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مومن پر مومن کے چھ حق ہین عیادت کرے اُسکی جب وہ بیمار ہو اور حاضر ہو اُسکی تجہیز و تکفین مین
جب وہ مرے اور حاضر ہو جب وہ بلاوے اُسکو اور سلام کرے اُسپر جب ملے اُس سے اور جواب دے اُسکے یرحمک اللہ کے جب وہ چھینکے اور خیر خواہی کرے اُسکی جب اُسکا پیٹھ پیچھا ہو یا سامنے
ہو ف یہ حدیث صحیح ہے اور محمد بن موسی مخزومی مدنی ہین اور ثقہ ہین روایت کی اُنسے عبدالعزیز بن محمد نے اور ابن ابی ذئب نے

## بَابُ مَا يَقُولُ الْعَاطِسُ إِذَا عَطَسَ

باب چھینک کے دعا مین

عَنْ نَافِعٍ أَنَّ رَجُلًا عَطَسَ إِلَى جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللهِ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ وَأَنَا أَقُولُ الْحَمْدُ لِلَّهِ وَالسَّلَامُ
عَلَى رَسُولِ اللهِ وَلَيْسَ هَكَذَا عَلَّمَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَنَا أَنْ نَقُولَ الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ ترجمہ روایت ہے نافع سے کہا اُنھون نے کہ عمر نے چھینکا ایک

کیطرف ابن عمر کے سو کہا اُسنے الحمد للہ والسلام علے رسول اللہ یعنے سب تعریف اللہ تعالی کو ہے اور سلام ہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر سو کہا ابن عمر نے کہ مین بھی کہتا ہون الحمد للہ والسلام علے رسول اللہ مگر اسطرح نہین بتایا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یعنے ہم کو سلام کا چھینک کے بعد ہی بتایا ہے کہ ہم کہین الحمد للہ علے کل حال یعنے سب تعریف اللہ تعالی کو ہے ہر حال مین **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر زیاد بن ربیع کی روایت سے **باب** ماجاء کیف یشمت العاطس

باب تشمیت کی کیفیت مین **عن** ابی موسی قال کان الیھود یتعاطسون عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم یرجون ان یقول لھم یرحمکم اللہ فیقول یھدیکم اللہ ویصلح بالکم **ترجمہ** روایت ہے ابی موسی سے کہا انہون نے کہ تھے یہود چھینکتے رہتی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے محفل مین امید کرتی تھے اسکی کہ آپ اُنکے لئے یرحمکم اللہ کہین مگر آپ یہی فرماتے تھے کہ اللہ تمکو ہدایت کرے اور تمہارا حال درست کردی **ف** اسبابمین علی اور ابی ایوب اور سالم بن عبید اور عبد اللہ بن جعفر اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **عن** سالم بن عبید انہ کان مع القوم فی سفر فعطس رجل من القوم فقال السلام علیکم فقال علیک وعلی امک فکان الرجل وجد فی نفسہ فقال اما انی لم اقل الا ما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم عطس رجل عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال السلام علیکم فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم علیک وعلی امک اذا عطس احدکم فلیقل الحمد للہ رب العالمین ولیقل لہ من عندہ یرحمک اللہ ولیقل یغفر اللہ لی ولکم **ترجمہ** روایت ہے سالم بن عبید سے کہ وہ تھے ایک قوم کے ساتھ سفر مین سو چھینکا آئی ایک شخص کو قوم مین سے پس کہا اُسنے السلام علیکم تو کہا سالم نے سلام ہے تجھپر اور تیری ماں پر سو وہ شخص غصہ ہوگیا اپنے دلمین تب کہا سالم نے آگاہ ہو کہ مینے نہین کہا کچھ مگر وہی جو کہا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پہر بیان کی یہ روایت سالم نے کہ چھینکا ایک مرد نے صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اُسنے السلام علیکم سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام ہے تجھپر اور تیری ماں پر یہ فرمایا جب چھینکے ایک تم مین کا تو چاہیے کہ الحمد للہ رب العالمین کہے اور اُسکا جواب دینے والا کہے یرحمک اللہ اور وہ کہے یغفر اللہ لی ولکم یعنے بخشدی اللہ تعالی مجھکو اور تمھکو **ف** اسحدیث کی روایت مین اختلاف کیا ہے منصور سے اور داخل کیا ہے بعض راویون نے ہلال بن یساف اور سالم کے درمیان ایک راوی کو **ترجمہ** قولہ کہا سالم نے سلام ہے تجھپر اور تیری ماں پر یہ کہنا سالم کا اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اس نظر سے تھا کہ مسنون یہ امر ہے کہ بعد چھینک کے آدمی الحمد للہ کہی اور اُسنی الحمد للہ کے عوض مین السلام علیکم کہا پس حضرت نے جواب دیا تجھپر اور تیری ماں پر یعنے سلام ہی اسمین اشارہ ہوا اسکی طرف کہ ماں سے تجھے آداب شرعی تعلیم کئے کہ تو چھینک کے جواب مین سلام کہتی ہے (خلاصۃ مافی اللمعات) **عن** ابی ایوب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا عطس احدکم فلیقل الحمد للہ علی کل حال ولیقل الذی یرد علیہ یرحمک اللہ ولیقل ھو یھدیکم اللہ ویصلح بالکم **ترجمہ** روایت ہے ابی ایوب سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب چھینکے کوئی تم مین کا تو کہے الحمد للہ علے کل حال یعنے سب تعریف ہے اللہ تعالی کو ہر حال مین اور چاہیے کہ وہ کہے جو جواب دیتا ہے اُسکو یرحمکا اللہ یعنے رحم کرے اللہ تعالی تجھپر اور چاہیے کہ وہ چھینکنے والا یہ جواب دی اور کہے یہدیکم اللہ ویصلح بالکم یعنے ثابت رکھی تمکو اللہ تعالی ہدایت پر اور درست کرے حال تمہارا **ف** روایت کیا ہے ہمسے محمد بن مثنی نے انہون نے محمد بن جعفر سے انہون نے شعبہ سے انہون نے ابی لیلی سے اسی سناد سے مانند اسکے اور ایسی ہے روایت کے شعبہ نے یہ حدیث ابن ابی لیلی سے انہون نے کہا روایت ہے ابی ایوب سے انہون نے روایت کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ابن ابی لیلی مضطرب کرتے تھے اس حدیث مین یعنی کبھی کہتے تھے روایت ہے ابی ایوب سے وہ روایت کرتے ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کبھی کہتے تھے روایت ہے حضرت علی سے وہ روایت کرتے ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہم سے محمد بن بشار اور محمد بن یحیی نے دونون نے کہا یحیی بن سعید سی انہون نے ابن ابی لیلی سے انہون نے اپنے بھائی عیسے سے انہون نے عبد الرحمن بیٹے سی ابی لیلے کے انہون نے علے سی ابی لیلی کے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **باب** ماجاء فی ایجاب التشمیت بحمد العاطس باب واجب ہونے تشمیت کے بعد حمد عاطس کے **عن** انس بن مالک ان رجلین عطسا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فشمت احدھما ولم یشمت الاخر فقال الذی لم یشمتہ یا رسول اللہ شمت ھذا ولم تشمتنی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ھذا حمد اللہ وانک لم تحمد اللہ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ دو شخصون کو چھینک آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس جواب دیا آپنے ایک کو اور جواب نہ دیا دوسرے کو پہر جسکو جواب نہ دیا تھا آپنے اُسنی کہا یا رسول اللہ آپنے جواب دیا اسکو اور مجھے جواب نہ دیا تو فرمایا آپنے اُسنے حمد کی اللہ تعالی کے یعنے الحمد للہ کہا اور تو نے حمد نہ کی اللہ تعالی کے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** ماجاء کم تشمت العاطس باب حد تشمیت مین **عن** سلمۃ قال عطس رجل عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا شاھد فقال رسول اللہ صلی اللہ

تشمیت کی کیفیت

واجب ہونا تشمیت کا بعد حمد عاطس کے

حد تشمیت

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ثُمَّ عَطَسَ الثَّانِيَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا رَجُلٌ مَزْكُوْمٌ ترجمہ روایت ہے سلمہ سے کہ چھینکا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایکدفعہ اور میں حاضر تھا سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یرحمک اللہ پھر چھینکا وہ دوبارہ تو فرمایا حضرت نے اس مرد کو زکام ہے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے روایت کی ہم سے محمد بن بشار نے انہوں نے یحیی بن سعید سے انہوں نے عکرمہ سے انہوں نے ایاس سے انہوں نے اپنے باپ سلمہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی مگر اسمیں یہ مروی ہے کہ تیسری بار حضرت نے فرمایا یہ شخص مزکوم ہے اور یہ زیادہ صحیح ہے ابن مبارک کے حدیث سے یعنے جسکا متن اوپر مذکور ہوا اور روایت کی شعبہ نے عکرمہ بن عمار سے یہی حدیث مانند روایت یحیی بن سعید کے روایت کی ہم سے یہ حدیث احمد بن حکم نے انہوں نے محمد بن جعفر سے انہوں نے شعبہ سے انہوں نے عکرمہ بن عمار سے **عَنْ** عَمَّارِ بْنِ اِسْحٰقَ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اُمِّهٖ عَنْ اَيُّوْبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشْمِيْتُ الْعَاطِسِ ثَلٰثًا فَاِذَا زَادَ فَاِنْ شِئْتَ فَشَمِّتْهُ وَاِنْ شِئْتَ فَلَا ترجمہ روایت ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بسند مذکور کہ فرمایا آپنے جواب دو چھینک والی کا تین بار پر اگر اس سے زیادہ چھینکے تو تجھے اختیار ہے چاہے جواب دی چاہے نہ دی ف یہ حدیث غریب ہے اور اسناد اسکی مجہول ہے **بَابُ** مَا جَاءَ فِيْ خَفْضِ الصَّوْتِ وَتَغْيِيْرِ الْوَجْهِ عِنْدَ الْعُطَاسِ باب چھینکنے کے وقت آواز پست کرنے اور مونہہ چھپا لینے کے بیان میں **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا عَطَسَ غَطّٰى وَجْهَهٗ بِيَدِهٖ اَوْ بِثَوْبِهٖ وَغَضَّ بِهَا صَوْتَهٗ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب چھینک آتی تو اپنا مونہہ ڈھانپ لیتے اپنے ہاتھ سے یا اپنے کپڑے سے اور پست فرماتے اپنے آواز کو ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **بَابُ** مَا جَاءَ اَنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ باب چھینک کے مدح اور جمائی کے ذم میں **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْعُطَاسُ مِنَ اللّٰهِ وَالتَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّيْطَانِ فَاِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَضَعْ يَدَهٗ عَلٰى فِيْهِ وَاِذَا قَالَ اٰهْ اٰهْ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَضْحَكُ مِنْ جَوْفِهٖ وَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ فَاِذَا قَالَ الرَّجُلُ اٰهْ اٰهْ اِذَا تَثَاءَبَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَضْحَكُ مِنْ جَوْفِهٖ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھینکنا اللہ تعالی کی طرف سے ہے اور جمائی لینا شیطان کی طرف سے ہے پھر جب چھینکے ایک تم میں کا تو چاہئے کہ رکھ لے اپنا ہاتھ اپنے مونہہ پر اور جب کہتا ہے جمائی لینے والا آہ آہ تو شیطان ہنستا ہے اسکے اندر سے اور بیشک اللہ تعالی دوست رکھتا ہے چھینک کو اور ناپسند رکھتا ہے جمائی کو پھر جبکہ کوئی شخص آہ آہ کہتا ہے جمائی لیتے وقت تو شیطان ہنستا ہے اسکے اندر سے ف یہ حدیث حسن ہے مترجم بعض نسخوں میں جو مطبوعہ دہلی میں ہیں یہ روایت ہیں تک مروی ہے کہ جب کہتا ہے جمائی لینے والا تو شیطان ہنستا ہے اسکے اندر سے اور بعض نسخوں میں اسکے بعد یہ عبارت جو تغییر ہوئی موجود ہے **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ فَاِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَحَقٌّ عَلٰى كُلِّ مَنْ سَمِعَهٗ اَنْ يَقُوْلَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَاَمَّا التَّثَاؤُبُ فَاِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَرُدَّهٗ مَا اسْتَطَاعَ وَلَا يَقُوْلُ هَا هَا فَاِنَّمَا ذٰلِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ يَضْحَكُ مِنْهُ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک اللہ تعالی دوست رکھتا ہے چھینک کو اور مکروہ رکھتا ہے جمائی کو پھر جب چھینکے کوئی تم میں کا اور کہے الحمد للہ تو لازم ہے کہ جو سنے اسکو کہے یرحمک اللہ رہی جمائی سو جب جمائی لے تو کوئی تم میں سے کسیکو تو چاہئے کہ اسکو روکے جہانتک ہو سکے اور ہا ہا نہ کہے اسلئے کہ یہ شیطان کی طرف سے ہے شیطان اس سے ہنستا ہے ف یہ حدیث صحیح ہے اور یہ صحیح ہے ابن عجلان کی روایت سے یعنے جو اسکے اوپر مذکور ہوئی اور ابن ابی ذئب خوب یاد رکھنے والی ہیں سعید مقبری کی روایت کو اور ثابت زیادہ ہیں ابن عجلان سے اور سنا ہیں نے ابی بکر عطار سے روایت کرتے تھے یحیی بن مدینی سے وہ یحیی بن سعید سے کہا یحیی نے کہا محمد بن عجلان نے کہ حدیثیں سعید مقبری کی روایت کیں سعید نے بعضے ابی ہریرہ سے یعنے بلا واسطہ اور بعضی بواسطہ ابیکر کے ابی ہریرہ سے اور مجھ پر مختلط ہو گئیں وہ روایتیں یعنے یہ یاد نہ رہا کہ بلا واسطہ کون تھیں اور بواسطہ کون تھیں سو میں نے سبکو یوں روایت کیا عن سعید عن ابی ہریرہ **بَابُ** مَا جَاءَ اَنَّ الْعُطَاسَ فِي الصَّلٰوةِ مِنَ الشَّيْطَانِ باب اس بیان میں کہ نماز میں چھینک آنا شیطان کی طرف سے ہے **عَنْ** عَدِيِّ وَهُوَ بْنُ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ رَفَعَهٗ قَالَ الْعُطَاسُ وَالنُّعَاسُ وَالتَّثَاؤُبُ فِي الصَّلٰوةِ وَالْحَيْضُ وَالْقَيْءُ وَالرُّعَافُ مِنَ الشَّيْطَانِ ترجمہ بسند مذکور مرفوعاً مروی ہے کہ آپنے فرمایا کہ چھینک اور اونگھنا اور جمائی نماز میں اور حیض اور قی اور نکسیر ہونا شیطان کی طرف سے ہے ف یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر شریک کی روایت سے کہ وہ ابی الیقظان سے روایت کرتے ہیں اور پوچھا میں نے محمد بن اسمٰعیل سے اس سند میں عن عدی بن ثابت عن ابیہ عن جدہ اور کہا میں نے نام عدی کے دادا کا کیا ہے تو فرمایا انہوں نے کہ میں نہیں جانتا اور مذکور ہے یحیی بن معین سے کہ نام اسکا دینار ہے **بَابُ** مَا جَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ اَنْ يَقُوْمَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهٖ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيْهِ باب اسکی جگہ اٹھا کر اسکی جگہ بیٹھنے کے کراہت میں **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ اَنَّ

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یُقِیْمُ اَحَدُکُمْ اَخَاہُ مِنْ مَجْلِسِہٖ ثُمَّ یَجْلِسُ فِیْہِ ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ اٹھاوے کوئی شخص اپنے بھائی کو اسکی جگہ سے اور پھر بیٹھ جاوے اسکی جگہ میں ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے روایت کیا ہم سے حسن بن علی خلال نے انہوں نے عبدالرزاق سے انہوں نے معمر سے انہوں نے زہری سے انہوں نے سالم سے انہوں نے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسا نہ کرے کوئی شخص تم میں کہ اٹھا دیوے اپنے بھائی کو اسکی جگہ سے اور پھر اس جگہ میں آ بیٹھے ولیکن کہا اوسنے کہ کرتے لوگ جگہ خالی کر دیتے تھے ابن عمر کے لئے تو وہ اس جگہ میں نہ بیٹھتے تھے یعنے بسبب اسی نہی مذکور کے **باب** مَا جَاءَ اِذَا قَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِہٖ ثُمَّ رَجَعَ فَھُوَ اَحَقُّ بِہٖ باب استحقاق میں مجلس کے جب اسکی طرف لوٹ کر آوے **عن** وَھْبِ بْنِ حُذَیْفَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلرَّجُلُ اَحَقُّ بِمَجْلِسِہٖ وَاِنْ خَرَجَ لِحَاجَتِہٖ ثُمَّ عَادَ فَھُوَ اَحَقُّ بِمَجْلِسِہٖ ترجمہ روایت ہے وہب بن حذیفہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی مستحق ہے اپنی جگہ کا اور اگر گیا وہ کسی حاجت کو پھر آیا لوٹ کر تو وہ مستحق ہے اپنی جگہ کا جہاں بیٹھا ہوا تھا ف یہ حدیث صحیح ہے غریب ہے اور اسباب ابی بکرہ اور ابی سعید اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے **باب** مَا جَاءَ فِی کَرَاھِیَۃِ الْجُلُوْسِ بَیْنَ الرَّجُلَیْنِ بِغَیْرِ اِذْنِھِمَا باب دو شخصوں کے بیچ میں بغیر اجازت بیٹھنے کی کراہت میں **عن** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ یُّفَرِّقَ بَیْنَ اثْنَیْنِ اِلَّا بِاِذْنِھِمَا ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا درست نہیں کسی شخص کو کہ تفریق ڈالے دو شخصوں میں بیٹھ جاوے بیچ میں ان کے مگر انکی اجازت سے ف یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیا یہ عامر احول نے عمرو بن شعیب سے ہے **باب** مَا جَاءَ فِی کَرَاھِیَۃِ الْقُعُوْدِ وَسْطَ الْحَلْقَۃِ باب وسط حلقہ میں بیٹھنے کے کراہت میں **عن** اَبِیْ مِجْلَزٍ اَنَّ رَجُلًا قَعَدَ وَسْطَ الْحَلْقَۃِ فَقَالَ حُذَیْفَۃُ مَلْعُوْنٌ عَلٰی لِسَانِ مُحَمَّدٍ اَوْ لَعَنَ اللّٰہُ عَلٰی لِسَانِ مُحَمَّدٍ مَنْ قَعَدَ وَسْطَ الْحَلْقَۃِ ترجمہ روایت ہے ابی مجلز سے کہ ایک مرد بیٹھا حلقہ کے بیچ میں تو کہا حذیفہ نے ملعون ہے بزبان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے کے موجب یا یہ کہا کہ لعنت کی اللہ تعالے نے بلسان محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص کو جو بیٹھے حلقہ کے بیچ میں جیسے دائرہ کے بیچ میں مرکز ہوتا ہے کہ یہ موجب سخریت اور تضحیک ہے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو مجلز کا نام لاحق بن حمید ہے **باب** مَا جَاءَ فِی کَرَاھِیَۃِ قِیَامِ الرَّجُلِ لِلرَّجُلِ باب مرد کے مرد کے واسطے کھڑے ہونے کے کراہت میں **عن** اَنَسٍ قَالَ لَمْ یَکُنْ شَخْصٌ اَحَبَّ اِلَیْھِمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَانُوْا اِذَا رَاَوْہُ لَمْ یَقُوْمُوْا لِمَا یَعْلَمُوْنَ مِنْ کَرَاھِیَتِہٖ لِذٰلِکَ ترجمہ روایت ہے انس سے کہا انہوں نے کہ کوئی شخص پیارا نہ تھا صحابہ کے طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے بڑھکر اور پھر بھی وہ باوجود اس محبت کے کبھی کھڑے نہ ہوتے تھے جب آپکو دیکھتے تھے اسلیئے کہ جانتے تھے کہ حضرت اسکو برا جانتے ہیں یعنے کھڑے ہونیکو تعظیم کے لئے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے **ترجم** اس حدیث سے اور اور بہت احادیث سے تعظیم کیلئے کھڑے ہونا مکروہ ہے اور جو لوگ اسکے جواز ٹھیراتے ہیں وہ سخت حق میں اسلئے کہ احادیث صحیحہ کے مقابل میں قیاس مجتہدین بھی قابل قبول نہیں ہے رواج و معمول کی کیا اصل ہے **شعر** گفتن بخور شید کہ من چشمہ نورم ✦ دانند بزرگان کہ نہ اوار سہائیست **عن** اَبِیْ مِجْلَزٍ قَالَ خَرَجَ مُعَاوِیَۃُ فَقَامَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الزُّبَیْرِ وَابْنُ صَفْوَانَ حِیْنَ رَاٰہُ فَقَالَ اجْلِسَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّتَمَثَّلَ لَہُ الرِّجَالُ قِیَامًا فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ ترجمہ روایت ہے ابی مجلز سے کہا کہ باہر نکلے حضرت معاویہ سو کھڑے ہو گئے عبداللہ بن زبیر اور ابن صفوان انکو دیکھکر سو فرمایا حضرت معاویہ نے کہ بیٹھ جاؤ تم دونوں اسلئے کہ سنا ہے میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ جسکو خوش لگے اور پسند آوے یہ کہ کھڑے رہیں لوگ اسکی سامنے تصور کیطرح تو وہ اپنی جگہ ٹھونڈھ لے دوزخ میں سے ف اسباب ابی امامہ سے ہے روایت ہے اور یہ حدیث حسن ہے روایت کیا ہم سے ہناد نے انہوں نے ابی اسامہ سے انہوں نے حبیب سے انہوں نے ابی مجز سے انہوں نے معاویہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **ترجم** سبحان اللہ تقوی اور پرہیزگاری کے یعنی ہیں کہ باوجود اسکی کہ حضرت معاویہ امیر شام تھے مگر ذرا سی تعظیم اپنے خلاف سنت کو اور امر ایسے جلیل القدر لوگوں سے ہے جب خلاف شرع ایک امر صادر ہوا انکو روکا یا اور بازکہا افسوس ہے ہماری اخوان زمان اور مشائخ دوران پر کہ اگر ذرا سی تعظیم کو کوئی ہوس سے کہ نہ ہو تو ترک نہ کریں اور قصداً اگر اس فعل کو خلاف سنت جانکر ترک کرے تو انکے نزدیک مورد تکفیر ہو اور قابل تعزیر ✦

**باب** مَا جَاءَ فِیْ تَقْلِیْمِ الْاَظْفَارِ باب ناخون تراشنے کے بیان میں **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَمْسٌ مِنَ الْفِطْرَۃِ اَلْاِسْتِحْدَادُ وَالْخِتَانُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِیْمُ الْاَظْفَارِ وَنَتْفُ الْاِبْطِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پانچ چیزیں فطرت سے ہیں زیر ناف کے بال لینا اور ختنہ اور مونچھیں اتارنا اور ناخون تراشنا اور بغل کے بال اکھاڑنا ف یہ حدیث حسن صحیح ہے **عن** عَائِشَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

قَالَ عَشْرٌ مِنَ الْفِطْرَةِ قَصُّ الشَّارِبِ وَاِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ وَالسِّوَاكُ وَالْاِسْتِنْشَاقُ وَقَصُّ الْاَظْفَارِ وَغَسْلُ الْبَرَاجِمِ وَنَتْفُ الْاِبْطِ وَحَلْقُ الْعَانَةِ وَانْتِقَاصُ الْمَاءِ قَالَ زَكَرِيَّا قَالَ مُصْعَبٌ وَنَسِيتُ الْعَاشِرَةَ اِلَّا اَنْ تَكُونَ الْمَضْمَضَةَ ترجمہ روایت ہے عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دس خصلتیں فطرت سے ہیں پہلے کترنا مونچھوں کا دوسرے بڑھانا داڑھی کا اور تو فیر کے تیسرے مسواک کرنا چوتھے ناک میں پانی ڈالنا پانچویں ناخن کترنا چھٹے پھنچوں کی گنجلکوں دھونا ساتویں بغل کے بال اکھاڑنا آٹھویں زیر ناف کے بال مونڈنا نویں پانی سے استنجا کرنا زکریا نے کہا کہ مصعب نے کہا بھول گیا میں دسویں چیز مگر یہ کہ وہ کلی ہو ف اسباط بن عمار بن ابی اسرا اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے کہا ابو عیسٰی انتقاص سے مراد ہے استنجا کرنا پانی سے باب ما جاء فی توقیت تقلیم الاظفار واخذ الشارب باب ناخون اور مونچھیں ترشانے کے وقت میں عن انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ وقت لھم فی کل اربعین لیلۃ تقلیم الاظفار واخذ الشارب وحلق العانۃ ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت مقرر کر دیا لوگوں کے لئے چالیس رات ناخون کاٹنے اور مسیں لینے اور زیر ناف کے بال مونڈنے کو جینے اس سے متجاوز نہ ہوں عن انس بن مالک قال وقت لنا فی قص الشارب وتقلیم الاظفار وحلق العانۃ ونتف الابط ان لا نترک اکثر من اربعین یوما ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہا کہ وقت مقرر کیا گیا ہمارے لئے مونچھیں کترنے اور ناخون تراشنے اور زیر ناف کے بال لینے اور بغل کے بال اکھاڑنے کو کہ نہ چھوڑیں ہم ان کاموں کو چالیس دن سے زیادہ یعنے اس کے اندر اگر کریں تو نہایت خوب ہے اگر اس سے متجاوز ہوں کراہت ہے ف یہ حدیث حدیث اول سے زیادہ صحیح ہے اور صدقہ بن موسٰی جو حدیث اول کے اسناد میں محدثین کے نزدیک حافظ نہیں باب ما جاء فی قص الشارب باب مونچھیں کترنے کے بیان میں عن ابن عباس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقص او یاخذ من شاربہ قال وکان خلیل الرحمن ابراہیم یفعلہ ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کترتے تھے اور یا لیتے تھے اپنے لب مبارک پر یعنے مونچھیں اور فرماتے تھے کہ خلیل الرحمن ابراہیم علیہ السلام ایسا ہی کرتے تھے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے عن زید بن ارقم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من لم یاخذ من شاربہ فلیس منا ترجمہ روایت ہے زید بن ارقم سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو نہ لے اپنے لب پر یعنے مونچھیں نہ تراشیں وہ ہم میں سے نہیں یعنے ہمارے سنت کے مخالف ہے ف اسباط بن نصر ہمدانی بھی اسی روایت سے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور بعض ہم سے محدثین نے اسماعیل بن ابی خالد سے اور اسماعیل نے قیس بن ابی حازم سے اور قیس نے مغیرہ بن شعبہ سے اسی مانند کے باب ما جاء فی اعفاء اللحیۃ باب ڈاڑھی کے اعفا کے بیان میں عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یاخذ من لحیتہ من عرضھا وطولھا ترجمہ روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کچھ لیتے تھے اپنی ڈاڑھی مبارک عرض و طول میں سے ف یہ حدیث غریب ہے اور اسناد میں محمد بن عمیر سے کہتے تھے عمر بن ہارون متقارب الحدیث ہیں میں نے کوئی صحیح حدیث ان سے جانی جس کے اصل نہ ہو یا یہ کہا کہ انکی کوئی حدیث نہیں جانتا جسمیں وہ متفرد ہوں سوا اس حدیث کے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کچھ بال تراشتے تھے اپنی ڈاڑھی کے عرض سے اور طول سے اور نہیں جانتا میں اسکو مگر عمر بن ہارون سے اور کہیں میں نے انکو تعریف کرتے نہیں دیکھا اور والبتہ اچھا عقیدہ رکھنے والا عمر بن ہارون کے باب میں اور سنا میں نے قتیبہ سے عمر بن ہارون صاحب حدیث ہے اور فرماتے تھے کہ ایمان قول ہے اور عمل ہے کہا قتیبہ نے روایت بیان کی ہمسے یزید بن خلیفہ نے انہوں نے یزید سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ بعضے اہل طائف پر کہا قتیبہ نے پوچھا میں نے وکیع سے کہ یہ حدیث جو روایت کرتے ہیں نصف مجانین کے انہوں نے کہا یہ تمہارے صاحب عمر بن ہارون متہم ہے روایت مجانین کو لیکن فقط رحمۃ اللہ عمر بن ہارون کے توثیق کے لئے بیان کی باب ما جاء فی اعفاء اللحیۃ باب ڈاڑھی بڑھانے کے بیان میں عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احفوا الشوارب واعفوا اللحی ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بالکل کرو مونچھوں کو اور بڑھاؤ ڈاڑھیوں کو ف یہ حدیث صحیح ہے عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امر باحفاء الشوارب واعفاء اللحی ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا مونچھوں کے خوب کترنے کا اور ڈاڑھیوں کے بڑھانے کا ف یہ حدیث صحیح ہے اور ابو بکر بن نافع جو راوی ہیں ابن عمر کے نقہ ہیں اور عبد اللہ بن نافع فقہ ہیں اور عبد اللہ بن نافع سے صحیح بخاری نے روایت کی ہے باب ما جاء فی وضع احد الرجلین علی الاخری مستلقیا ب بیان رکھنے کے ایک پاؤں کا دوسرے پر چت لیٹے ہوئے عن عباد بن تمیم عن عمہ انہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم مستلقیا فی المسجد واضعا احدی رجلیہ علی الاخری ترجمہ روایت ہے عباد بن تمیم سے انکے چچا سے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چت لیٹے ہوئے مسجد میں ایک پیر دوسرے پیر پر رکھے ہوئے ف یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عباد بن تمیم کے چچا کا نام عبد اللہ ہے وہ مازنی ہے مدینے میں رہتے تھے وہ عاصم بن عمر بن خطاب کے

**مترجم** پیٹ اور پیٹھ کے اوپر سے کپڑا لپیٹے کو منع جانتے ہیں واقع میں یہ ہے البتہ ایک پیر کے گھٹنے پر دوسرا پیر رکھنا ایسی وقت میں کہ آدمی تہمت باندھی ہوا ستر کھلنے کا خیال ہو البتہ باعث کشف ستر کے مکروہ ہو سکتا ہے باقی اگر کشف ستر کا اندیشہ نہ ہو تو فعل مسنون ہے جیسا کہ خود منحوں جانی ہے **باب فی کراھیۃ ذلک** باب اس کی کراہت میں **عن** جابر رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن اشتمال الصماء و الاحتباء فی ثوب واحد وان یرفع الرجل احدی رجلیہ علی الاخری وھو مستلق **ظہر** ترجمہ روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا اس سے کہ بدن پر لپیٹے کپڑا اس طرح کہ ہاتھ بھی اسکے اندر آجاویں اور گوٹ مار کر بیٹھے ایک ہی کپڑے میں کہ یقین ہی ہیں ستر کھلنے کا اور یہ کہ رکھے آدمی ایک پیر دوسرے پیر پر اور وہ چت لیٹا ہو زمین پر اپنی پیٹھ کے بل کہ اسمیں بھی ستر کھلنے کا احتمال ہے **ف** اس حدیث کو روایت کیا کلی لوگوں نے سلیمان تیمی سے اور نہیں جانتے ہم خداش کو جو اس حدیث کی سند میں مذکور ہیں کہ وہ کون ہیں اور روایت کیا ہے اسی سلیمان تیمی نے کئی حدیثیں روایت کیے ہے قتیبہ نے انہوں نے لیث سے انہوں نے ابی الزبیر سے انہوں نے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ایک کپڑے کو اس طرح لپیٹنے سے کہ ہاتھ بھی اندر ہو جاویں اور ایک ہی کپڑے سے لوٹ کر بیٹھنے سے اور اس سے کہ کبھی آدمی ایک پیر دوسرے پر کپڑا اپنے اور وہ لیٹا ہو اپنے پیٹھ پر **باب ماجاء فی کراھیۃ الاضطجاع علی البطن** باب اوندھا لیٹنے کی کراہت میں **عن** ابی ھریرۃ قال رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رجلا مضطجعا علی بطنہ فقال ان ھذہ ضجعۃ لا یحبھا اللہ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک کو لیٹا ہوا پیٹ کے بل تو فرمایا یہ ایسا لیٹنا ہے کہ دوست نہیں رکھتا اسکو اللہ تعالی **ف** ابی ہریرہ سے ضجعہ اور ابن عمر سے جی روایت ہے اور روایت کیا یحیی بن ابی کثیر نے یہ حدیث ابی سلمہ سے انہوں نے یعیش بن طخفہ سے انہوں نے اپنی باپ سے اور انکو طخفہ غفاری صحابی کہتے ہیں اور بعضوں نے طخفہ بن عبد عمر صحابی کہا ہے اور بعضوں نے طخفہ غفاری صحابی کہا ہے **باب ماجاء فی حفظ العورۃ** باب ستر عورت کے بیان میں **عن** بھز بن حکیم عن ابیہ عن جدہ قال قلت یا رسول اللہ عوراتنا ما ناتی منھا وما نذر قال احفظ عورتک الا من زوجتک او ما ملکت یمینک قال الرجل یکون مع الرجل قال ان استطعت ان لا یرھا احد فلا یرھا احدا قلت فالرجل یکون خالیا قال فاللہ احق ان یستحیی منہ **ترجمہ** روایت ہے بہز بن حکیم سے انہوں نے روایت کیے اپنی باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے کہا میں نے کہ یا رسول اللہ عورات ہماری کہ ہے جہاں ہم کو واجب ہے کہ چھپاویں کس کو چھوڑ دیں یعنی کس سے نہ چھپاویں فرمایا اپنے ہاتھ اور چھپا تو اپنے عورت کو مگر اپنی بی بی سے یا اپنی مملوکہ سے کہا میں نے یا رسول اللہ کہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک آدمی ہمارا ہمارے ساتھ ہوتا ہے فرمایا اگر تجھ سے ہو سکے کہ کوئی نہ دیکھے اسکی شرمگاہ کو تو ایسا ہی کر کہا میں نے یا رسول اللہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک آدمی ہم میں سے اکیلا ہوتا ہے فرمایا اللہ تعالی زیادہ مستحق ہے اسکا کہ اس سے شرم کیا جاوے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور بہز کے دادا کا نام معاویہ بن حیدہ قشیری ہے اور روایت کیا جریری نے حکیم بن معاویہ سے اور وہ اپنے باپ سے **باب ماجاء فی الانکباء فی الجلوس** باب تکیہ لگا کر بیٹھنے کے بیان میں **عن** جابر بن سمرۃ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسندا ظھری الی حجرۃ زوجاتہ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو تکیہ لگائے ہوئے اپنی پیٹھ کی طرف اپنے حجروں بیبیوں کے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کیے لوگوں نے یہ حدیث اسرائیل سے انہوں نے سماک سے انہوں نے جابر سے کہا انہوں نے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جیسا کہ دیے ہوئے تکیے پر اور ذکر کیا انہوں نے بائیں طرف کا روایت کیے ہم سے یوسف بن عیسی نے انہوں نے وکیع سے انہوں نے اسرائیل سے انہوں نے سماک بن حرب سے انہوں نے جابر سے کہا جیسا کہ دیکھا میں نے صلے اللہ علیہ وسلم کو تکیا دیے ہوئے تکیے پر یہ حدیث صحیح ہے **باب عن** ابی مسعود ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یؤم الرجل فی سلطانہ ولا یجلس علی تکرمتہ فی بیتہ الا باذنہ **ترجمہ** روایت ہے ابی مسعود سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مقتدی نہ بنایا جاوے آدمی اپنی حکومت کی جگہ تین یعنے کہ ولایت میں اور نہ بٹھایا جاوے اسکی جگہ پر میں گھر کے مگر اسکے حکم سے **ف** یہ حدیث حسن ہے **باب ماجاء ان الرجل احق بصدر دابتہ** باب اس بیان میں کہ مالک صدر سواری کا مستحق ہے **عن** بریدۃ یقول بینما النبی صلی اللہ علیہ وسلم یمشی اذ جاءہ رجل ومعہ حمار فقال یا رسول اللہ ارکب وتاخر الرجل فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا انت احق بصدر دابتک الا ان تجعلہ لی قال قد جعلتہ لک قال فرکب **ترجمہ** روایت ہے بریدہ سے کہتے تھے کہ ایکبار رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم چلے جاتے تھے راہ میں کہ ناگہان آگئے انکے پاس ایک آدمی کہ اسکی ساتھ ایک گدھا تھا اور اسنے عرض کی کہ یا رسول اللہ سوار ہو لیجیے آپ پیادہ پیچھے ہٹ گیا تاکہ حضرت آگے سوار ہوں تب فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں تو زیادہ مستحق ہے اپنی سواری کے صدر کا یعنے آگے کا مگر یہ کہ بخشدے تو

اوندھے لیٹنے کی کراہت

ستر عورت کا بیان

تکیہ لگا کر بیٹھنے کی ممانعت

سواری کے آگے کا مالک مستحق ہے

مجھے حق اپنا تب اُسنی عرض کی کہ مجھے بخشدے آپکو اپنا کہا اور دنیے پھر سوا اسکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **باب** ماجاء فی اتخاذ الانماط

باب انماط کے بیانمیں **عن** جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا اھل لکم انماط قلت وانی تکون لنا انماط قال اما انھا ستکون لکم انماط قال فانا نقول لامرأتی اخری عنا انماطک فتقول الم یقل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انھا ستکون لکم انماط قال فادعھا **ترجمہ** یہ ہے جابر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا تمہارے پاس انماط ہین تو مین نے عرض کی کہ کہان سے آئے تمہارے پاس انماط فرمایا آپنے قریب ہے کہ ہونگے تمہارے پاس انماط کہا جابر نے کہ اب مین اپنے بی بی سے کہتا ہون کہ دور کر یہ مجھسے انماط اپنی تو وہ کہتے ہی کہ خبر نہ دی تھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ قریب ہے کہ ہونگے تمہاری پاس انماط کہا جابر نے پھر چھوڑ دیتا ہون مین اُسکو **ف** یہ حدیث صحیح ہے حسن ہے **ترجمہ** انماط جمع ہے نمط کے نمط ایک قسم ہے قالین کی کہ اُسپر دُمین ہوتے ہین اور بعضون نے کہا ہے کہ وہ ایک لباط لطیف ہے کہ ہودج پر ڈالتے ہین اور کبھی اُسکا پردہ بناتے ہین کذا فی المجمع غرض اس حدیث مین بطور تسبیب گویا آپنے ارشاد فرمایا کہ ہمارے بہت کو وسعت ہوگی اور فرشون اور لباسون مین لوگ تکلف اور زینت کرینگے **باب** ماجاء فی رکوب ثلاثۃ علی دابۃ باب ایک جانور پر تین شخص سوار ہونیکے بیانمیں **عن** سلمۃ قال لقد قدمت بنی النبی صلی اللہ علیہ وسلم والحسین علی بغلتہ الشھباء حتی ادخلتہ حجرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھذا قدامہ وھذا خلفہ **ترجمہ** روایت ہے سلمہ سے کہا ہون مین نے کہ لیکر آیا مین حسن کو اور حسین کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے خچر کو کہ اُسکا نام شہبا تھا اور اُسپر آپ سوار تھے اور حسن اور حسین یہانتک کہ لیگیا مین اُنکو حجرہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے آگے سوار تھے اور دوسرے پیچھے یعنے امام حسن آگے اور حسین پیچھے **ف** اسامہ ابن عباس اور عبداللہ بن جعفر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **باب** ماجاء فی نظرۃ الفجاۃ باب ناگہان نظر پڑنیکے بیانمیں **عن** جریر بن عبداللہ قال سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن نظرۃ الفجاۃ فامرنی ان اصرف بصری **ترجمہ** روایت ہے جریر بن عبداللہ سے کہا انہون نے کہ پوچھا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے حکم اُس نگاہ کا کہ یکبارگی پڑجاتی ہے یعنے کسی عورت اجنبیہ پر سو فرمایا مجھکو کہ پھیر لون اپنی **ف** یہ حدیث صحیح ہے حسن ہے اور ابوزرعہ کا نام ہرم ہے **عن** بریدۃ قال رفعہ قال یا علی لا تتبع النظرۃ النظرۃ فان لک الاولی ولیست لک الآخرۃ **ترجمہ** روایت ہے بریدہ سے کہ مرفوع کیا اُسکو یعنے کہا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علی نہ پیچھے نگاہ کے بعد دوسری نگاہ مت کر اسلئے کہ پہلی نگاہ تو بے ارادہ ہے پڑگئی معاف ہے اور پیچھے تیرے لئی دوسری یعنے اُسمین مواخذہ ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے مین جانتے ہم اسکو مگر شریک کی روایت سے **باب** ماجاء فی الخضاب للنساء باب عورتونکو مردون سے چھپنے کے بیانمیں **عن** ام سلمۃ انھا کانت عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومیمونۃ قالت فیما نحن عندہ اقبل ابن ام مکتوم وذلک بعد ما امرنا بالحجاب فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احتجبا منہ فقلت یا رسول اللہ الیس ھو اعمی لا یبصرنا ولا یعرفنا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افعمیاوان انتما الستما تبصرانہ **ترجمہ** روایت ہے ام سلمہ سے کہ وہ اور میمونہ تھین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس یہ میمونہ کہے سو کہا ام سلمہ نے کہ سامنے آئی عبداللہ ابن ام مکتوم اور داخل ہوے آپ یہ اور یہ قصہ بعد اسکے ہے کہ ہم کو حکم ہو چکا تھا پردہ کا سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے چھپو تم دونون عبداللہ سے سو مین نے عرض کی یا رسول اللہ وہ تو نابینا ہے کہ ہمکو نہین دیکھتا اور نہ پہچانتا ہے ہمکو سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تم دونون ہی اندھی ہو اور کیا تم دونون نہین دیکھتیں اُسکو یعنے وہ نہین دیکھتا تو تم تو دیکھتی ہو **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** ماجاء فی النھی عن الدخول علی النساء الا باذن ازواجھن باب بغیر اذن شوہرون کے عورتون کے پاس جانیکی نہی مین **عن** ذکوان عن مولی لعمرو بن العاص ان عمرو بن العاص ارسلہ الی علی یستأذنہ علی اسماء بنتہ عمیس فذکر لہ حتی اذا فرغ من حاجتہ سأل المولی عمرو بن العاص عن ذلک فقال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھانا او قال ان لا ندخل علی النساء بغیر اذن ازواجھن **ترجمہ** روایت ہے ذکوان سے وہ روایت کرتے ہین مولی سے عمرو بن عاص کے کہ عمرو بن عاص نے بھیجا اُسکو حضرت علی کی طرف کہ اجازت مانگی عمرو بن عاص کے لئے اسماء بنت عمیس کے پاس جانیکی سو اجازت دی علی نے اسماء کے پاس جانیکے کہ علی اُنکے شوہر تھے پھر جب فارغ ہوے عمرو اپنی کام سے یعنے جو کچھ کہنا سُننا تھا کہہ چکے تو چاہا سُننے نے عمرو بن عاص سے سبب اجازت مانگنی کا تو فرمایا اُنہون نے کہ نہی صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمکو منع کیا ہے یا یہ کہا کہ منع کیا ہے اس سے کہ داخل ہون بیبیون پر بے اجازت اُنکے شوہرون کے **ف** اسامہ عقبہ بن عامر اور عبداللہ بن عمر اور جابر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ماجاء فی تحذیر فتنۃ النساء باب فتنہ نساء کے بیانمیں **عن** اسامۃ بن زید و سعید بن زید بن عمرو بن نفیل عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما ترکت بعدی فتنۃ اضر علی الرجال من النساء **ترجمہ** روایت ہے اسامہ بن زید اور سعید

زید سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں چھوڑا میں نے بعد اپنے لوگوں میں کوئی فتنہ ضرر پہونچانیوالا مردوں کو عورتوں کے فتنہ سے بڑھکر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کے یہ حدیث کئی ثقہ لوگوں نے سلیمان تیمی سے انہوں نے ابی عثمان سے انہوں نے اسامہ بن زید سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نہیں ذکر کیا انہوں نے سعید بن زید بن عمرو بن نفیل کا اس سند میں اور نہیں جانتے ہم کسی راوی کو کہ اس نے کہا ہو روایت اسامہ بن زید سے سوا معتمر کے اور اسی طرح میں ابی سعید سے روایت ہے **باب** ماجاء فی کراھیۃ اتخاذ القصۃ باب مچھلیہ کے برائی میں **عن** حمید بن عبد الرحمن انہ سمع معاویۃ خطب بالمدینۃ یقول این علماءکم یا اھل المدینۃ سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینھی عن ھذہ القصۃ ویقول انما ھلکت بنو اسرائیل حین اتخذ ھا نساءھم **ترجمہ** روایت ہے حمید بن عبد الرحمن سے انہوں نے کہا سنا میں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو کہ خطبہ پڑھا انہوں نے مدینہ میں یعنے اپنے ایام امارت میں تو فرمانے لگے کہاں ہیں عالم تمہارے اے مدینہ والو سنا ہی ہیں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ منع فرماتے تھے ان چوٹیوں سے اور کہتے تھے کہ ہلاک ہوئے بنی اسرائیل جب بنا لیں انکی عورتوں نے چوٹیاں **ترجم** مراد ہے کہ کپڑا یا بال ہے لگا کر بڑی چوٹی دار نما موجب ہلاکت ہے اسکے کہ وہ شعار ہے زانیات کا اور دستور ہے فاسقات کا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مرسی ہوئی کئی وجہ سے حضرت معاویہ **باب** ماجاء فی الواصلۃ والمستوصلۃ والواشمۃ والمستوشمۃ باب ملانے والی اور ملوانے والی اور گودنا اور گدوانا کے بیان میں **عن** عبد اللہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لعن الواشمات والمستوشمات والمتنمصات المتفلجات للحسن مغیرات خلق اللہ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی گودنا گودنی والی عورتوں کو اور گودنا گودوانی والی عورتوں کو اور جو دانتوں کو سوہن کر کے باریک کرتے ہیں موئے منہ کے ان کو موسے حسن اور خوبصورتی بڑھانی والیاں ہیں اللہ تعالے کے پیدا کی ہوئی چیز کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لعن اللہ الواصلۃ والمستوصلۃ والواشمۃ والمستوشمۃ وقال ناقع الواشم فی الثنیۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لعنت کی ہے اللہ تعالے نے اس عورت کو جو بالوں میں جوڑ لگا دے اور اس عورت کو جو اپنے بالوں میں جوڑ لگوا وے تاکہ دراز اور زیادہ معلوم ہوں اور لعنت کی گودنا گودنی والے عورت کو اور گودوانی والی کو اور کہا نافع نے کہ گودنا مسوڑھے میں ہوتا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسی باب میں عائشہ اور معقل بن یسار اور اسماء بنت ابی بکر اور ابن عباس سے بھی روایت ہے **ما یکرہ** سے مجھ بن بشار نے انہوں نے یحیی بن سعید سے انہوں نے عبید اللہ بن عمر سے انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمر سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند روایت مذکور کے لیکن کہا قول نافع کا میں یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجم** شاید اس زمانہ میں گودنا اسی مقام میں مروج ہوگا اسلمی نافع کی تفسیر کی وجہ گودنا کہیں بھی ممنوع اور غیر مشروع ہے **باب** ماجاء فی المتشبھات بالرجال من النساء باب ان عورتوں کے بیان میں جو مردوں سے مشابہت کرتے ہیں **عن** ابن عباس قال لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المتشبھات بالرجال من النساء والمتشبھین بالنساء من الرجال **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہا انہوں نے کہ لعنت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ان عورتوں کو جو مردوں سے تشبہ کرتے ہیں پہننے لباس اور بات چیت وغیرہ میں اور لعنت کی ان مردوں کو جو عورتوں سے تشبہ کرتے ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابن عباس قال لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المخنثین من الرجال والمترجلات من النساء **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا انہوں نے کہ لعنت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مخنثوں کو مردوں میں سے اور جو تشبہ کرے مردوں سے عورتوں میں سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسی باب میں حضرت عائشہ سے بھی روایت ہے **مترجم** عورت مرد کی مشابہت کیسے لباس اول اور وضع وغیرہ میں جو چیز مردوں کے ساتھ خاص ہے اختیار کرے مثلاً ٹکہ کیا پہنے یا عمامہ باندھے کھڑی بولی بولے سر پر چھڑی رکھی یا سر منڈوا دی وغیرہ ذالک **باب** ماجاء فی کراھیۃ خروج المرأۃ متعطرۃ باب عورت کے خوشبو لگا کر نکلنے کے کراہت میں **عن** ابی موسی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کل عین زانیۃ والمرأۃ اذا استعطرت فمرت بالمجلس فھی کذا وکذا یعنی زانیۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی موسی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آنکھ زانیہ ہے اور عورت جب خوشبو لگا دی اور مردوں کے بیٹھنے کی جگہ پر گذری سو وہ ایسی ہے یعنے زانیہ ہے + **ف** اس باب میں ابی ہریرہ سے روایت ہے اور یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** یہ آنکھ زنیہ ہے یعنے آنکھ کا بچانا کہ غیر عورت پر نظر پڑے نہایت مشکل ہے اور بہت کم لوگ ایسے پر سر کرتے ہیں اکثر ایسے ہیں جنکی نظر نامحرم پر براہ شہوت پڑتی ہے اور یہی آنکھ کا زنا ہے **باب** ماجاء فی طیب الرجال والنساء باب مرد زن کی خوشبو کے بیان میں **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طیب الرجال ما ظھر ریحہ وخفی لونہ وطیب النساء ما ظھر لونہ وخفی ریحہ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ خوشبو مردوں کی وہ ہے کہ ظاہر ہو اسکی اور چھپا ہو رنگ اسکا اور خوشبو عورتوں کی وہ ہے کہ ظاہر

رنگ اسکا اور چھپی ہو بو اسکی ف روایت کیا ہمسے علی بن حجر نے انہوں نے اسمٰعیل سے انہوں نے جریری سے انہوں نے ابی نضرہ سے انہوں نے طفاوی سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور یہ حدیث حسن ہے لیکن طفاوی کو نہیں پہچانتے ہم مگر اسی روایت سے اور نہیں جانتے ہم نام انکا اور حدیث اسمٰعیل بن ابراہیم کے اتم ہے اور اطول ہے اور اسباہین عمران بن حصین سے ہے روایت ہے عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ خَيْرَ طِيْبِ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيْحُهٗ وَخَفِيَ لَوْنُهٗ وَخَيْرَ طِيْبِ النِّسَآءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهٗ وَخَفِيَ رِيْحُهٗ وَنَهٰى عَنِ الْمِيْثَرَةِ الْاُرْجُوَانِ ترجمہ روایت ہے عمران بن حصین سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بہتر خوشبو مردونکی وہ ہی کہ ظاہر ہو بو اسکی اور پوشیدہ ہو رنگ اسکا اور بہتر خوشبو عورتوں کی وہ ہے کہ ظاہر ہو رنگ اسکا اور پوشیدہ ہو بو اسکے اور منع فرمایا آپنے زین پوش سرخ ریشمی سے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے مترجم مراد ان حدیثوں کی یہ ہے کہ مرد کو ایسی خوشبو لگانا چاہئے کہ جسمین بو ہو اور رنگ نہ ہو مثل عطر وغیرہ کے اور عورت کو وہ کہ جسمین رنگ ہو اور بو نہو مثل حنا وغیرہ کے

## باب ماجاء فی کراھیۃ رد الطیب

باب خوشبو پھیرنے کی کراہت مین عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ اَنَسٌ لَا يَرُدُّ الطِّيْبَ وَقَالَ اَنَسٌ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَرُدُّ الطِّيْبَ ترجمہ روایت ہے ثمامہ بن عبداللہ سے کہا انہون نے کہ انس رضی اللہ عنہ کے مانات تھے کہ خوشبو کی چیز نہ پھیرتے تھے اور کہا انس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی خوشبو نہ پھیرتے تھے ف اسباہین ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ لَا تُرَدُّ الْوَسَائِدُ وَالدُّهْنُ وَاللَّبَنُ ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تین چیزین ہین کہ وہ پھیری نہین جاتین ایک تکیہ دوسرے خوشبو تیسرے دودھ ف یہ حدیث غریب ہے اور عبداللہ بن مسلم بیٹے ہین جندب کے اور وہ مدینے کے رہنے والے ہین عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُعْطِيَ اَحَدُكُمُ الرَّيْحَانَ فَلَا يَرُدَّهٗ فَاِنَّهٗ خَرَجَ مِنَ الْجَنَّةِ ترجمہ روایت ہے ابی عثمان نہدی سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب دیا جاوے کسیکو تم مین سے خوشبو تو نہ پھیرے اسکو اسلئے کہ وہ نکلی ہے جنت سے ف یہ حدیث غریب ہے حسن ہے اور نہین جانتے ہم جانکے کسی روایت سوا اسکے اور ابو عثمان نہدی کا نام عبدالرحمن بن مل ہے اور پایا انہون نے زمانہ مبارک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اور نہین دیکھا انکو اور نہ سنی آپ سے کوئی حدیث

## باب ماجاء فی کراھیۃ مباشرۃ الرجل الرجل والمرأۃ المرأۃ

باب مباشرت مضوعہ کے بیان عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُبَاشِرُ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ فَتَنْعَتُهَا لِزَوْجِهَا كَاَنَّهٗ يَنْظُرُ اِلَيْهَا ترجمہ روایت ہے عبداللہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ ملے عورت سے عورت اور نہ ملاقات کرے کہ بیان کرے اسکا اپنی شوہر کے آگے اسطرح کہ گویا وہ اسکو دیکھتا ہے ف یہ حدیث حسن صحیح ہے مترجم یعنے عورت کو نہ چاہئے کہ کسی اپنی ملاقاتی عورت کا اپنے شوہر کے سامنے ایسا وصف کرے کہ گویا وہ اسکو دیکھتا ہو کہ اسمین خوف فتنہ کا ہے اور ڈر ہے زنا مین گرفتار ہو جانیکا اور مباشرت مشتق ہے بشر سے بمعنے ظاہر بدن اور جلد کو کہتے ہین مباشرت بمعنے مس یعنی اپنا بدن دوسرے کے بدن سے لگانا مگر یہان ملاقات اور ملنا مراد ہے عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْظُرُ الرَّجُلُ اِلٰى عَوْرَةِ الرَّجُلِ وَلَا تَنْظُرُ الْمَرْاَةُ اِلٰى عَوْرَةِ الْمَرْاَةِ وَلَا يُفْضِي الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ وَلَا تُفْضِي الْمَرْاَةُ اِلَى الْمَرْاَةِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ ترجمہ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ نظر کرے کوئی مرد کسی مرد کی ستر کیطرف اور نہ نظر کرے عورت کسی عورت کے ستر کیطرف اور نہ ملے کوئی مرد کسی مرد سے ایک کپڑے مین یعنے دونون ایک کپڑا اوڑھ کر اندر سے برہنہ ہون نہ لیٹین اور نہ ملے کوئی عورت کسی عورت سے ایک کپڑے مین ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے مترجم یعنے جیسے ستر ڈھانپنا عورت کو مرد سے ضرور ہے اسیطرح عورت سے بھی ضرور ہی اکثر عورتین آپسمین بہتری کو حرام نہین جانتی اور اسمین تساہل کرتی ہین معاذ اللہ من ذلک اللہ اس بلا سے بچاوے

## باب ماجاء فی حفظ العورۃ

باب ستر عورت کے بیان عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ عَوْرَاتُنَا مَا نَاْتِيْ مِنْهَا وَمَا نَذَرُ قَالَ احْفَظْ عَوْرَتَكَ اِلَّا مِنْ زَوْجَتِكَ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَا كَانَ الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ فِيْ بَعْضٍ قَالَ اِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ لَّا يَرَاهَا اَحَدٌ فَلَا تُرِيَنَّهَا قَالَ قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِذَا كَانَ اَحَدُنَا خَالِيًا قَالَ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ يُّسْتَحْيٰ مِنْهُ النَّاسُ ترجمہ روایت ہے بہز بن حکیم سے وہ روایت کرتے ہین اپنے باپ سے وہ دادا سے کہا انکے دادا نے کہ پوچھا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ یا رسول اللہ عورات ہمارے کیا چھپاوین ہم اسمین سے اور کیا چھوڑ دین یعنے کس سے ستر ڈھانپین اور کس سے نہ ڈھانپین فرمایا آپنے کہ چھپاؤ عورت اپنی کو مگر اپنے بی بی سے یا جسکے مالک ہو تیرے ہاتھ یعنے باندی سے کہا راوی نے میں نے یا رسول اللہ جبکہ لوگ ملے جلے ہون آپسمین یا آپنی آپ مرد کے تنہا ہے سے کہ دیکھے عورت تیری کوئی شخص تو نہ دیکھا تو اسکو کسیکو کہا مین نے یا نبی اللہ جبکہ

ہووے کوئی ہم میں کا اکیلا یعنے خلوت میں ہو فرمایا آپنے اللہ تعالے زیادہ مستحق ہے بہ نسبت آدمیوں کے کہ حیا کیجاوے اُس سے یعنے مکان تنہائی میں بھی برہنہ نہونا چاہیے اور اللہ سے شرم کرنا چاہیے ف یہ حدیث حسن ہے باب ماجاء ان الفخذ عورۃ باب اس بیان میں کہ ران ستر میں داخل ہے عن جرھد قال مر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمجالس فی المسجد وقد انکشف فخذہ قال ان الفخذ عورۃ ترجمہ روایت ہے جرہد سے کہا کہ گذرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُنکے پاس مسجد میں اور اُنکی ران کھلی ہوئی تھی تو فرمایا آپنے ران بھی ستر میں داخل ہے ف یہ حدیث حسن ہے مگر اسکے اسناد میں متصل نہیں دیکھتا عن جرھد ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مر بہ وھو کاشف عن فخذہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم غط فخذک فانھا من العورۃ ترجمہ روایت ہے جرہد سے کہ نبی صلی اللہ علیہ سلم گذرے اُنکے پاس اور وہ کھولے ہوئے تھے ران اپنی تو فرمایا آپنے کہ ڈھانپ لو تم اپنی ران کہ وہ ستر میں داخل ہے ف یہ حدیث حسن ہے عن جرھد الاسلمی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الفخذ عورۃ ترجمہ روایت ہے جرہد سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ران عورت میں داخل ہے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الفخذ عورۃ ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ران عورۃ میں داخل ہے ف اسباب میں علی اور محمد بن عبداللہ بن جحش سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور عبداللہ بن جحش اور اُنکے بیٹی کو صحبت ہی جناب سالت آب صلی اللہ علیہ وسلم کے

ران بھی ستر میں داخل ہے

باب ماجاء فی النظافۃ باب پاکیزگی کی بیان میں عن صالح ابن ابی حسان قال سمعت سعید بن المسیب یقول ان اللہ طیب یحب الطیب نظیف یحب النظافۃ کریم یحب الکرم جواد یحب الجود فنظفوا افنیتکم ولا تشبھوا بالیھود قال فذکرت ذلک لھا جر بن مسمار فقال حدثنی عامر بن سعد عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ الا انہ قال نظفوا افنیتکم ترجمہ روایت ہے صالح سے کہا اُنہوں نے سنا میں نے سعید بن مسیب سے کہ فرماتے تھے کہ بیشک اللہ تعالے پاک ہے دوست رکھتا ہے پاکیزگی کو اور نظیف ہے دوست رکھتا ہے نظافت کو کریم ہے دوست رکھتا ہے کرم کو جواد ہے دوست رکھتا ہے جود کو سو تم پاک و صاف رکھو کہا صالح نے کہ گمان کرتا ہوں میں کہ فرمایا سعید بن مسیب نے کہ صاف و پاک کرو اپنی صحنوں کو اور مشابہت نکرو ساتھ یہود کی یعنے وہ اپنے صحنوں کو اکٹھا کرتے ہیں تم نکرو کہا صالح نے ذکر کرکے میں نے یہ روایت مہاجر بن مسمار سے تو کہا اُنہوں نے کہ روایت کی مجھ سے عامر بن سعد نے اُنہوں نے اپنی باپ سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے مگر یہ کہا کہ صاف کرو تم اپنے صحنوں کو یعنے گمان کرتا ہوں میں کہا ف یہ حدیث غریب ہے اور خالد بن الیاس ضعیف سمجھے جاتی ہیں اور اُنکو ابن ایاس بھی کہتے ہیں ترجمہ اللہ تعالے نظیف ہے الخ نظافت کے معنی کمال طہارت اور صفائی ہے اور یہاں مراد ہے پاک ہونا بارتعالی شانہ کا صفات حدوث سے اور سمات زوال منقص سے اور نظافت کرو یعنے صاف و پاک کرو مکانوں کو کوڑے کرکٹ سے اور بدن کو نجاسات سے اور دانکو کبر حسد سے اور عقائد فاسدہ سے اور روح کو ماسوی اللہ سے

باب ماجاء فی الاستتار عند الجماع باب جماع کے وقت پردہ کرنیکے بیان میں عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ایاکم والتعری فان معکم من لا یفارقکم الا عند الغائط وحین یفضی الرجل الی اھلہ فاستحیوھم واکرموھم ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بچو تم برہنہ ہونے سے اسلئے کہ تمہارے ساتھ وہ لوگ ہیں کہ نہیں جدا ہوتے ہیں تم سے مگر پاخانے کی وقت اور جب جماع کرتا ہے مرد اپنی عورت سے سو تم حیا کرو اُن سے اور تعظیم کرو اُنکی ف یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور ابو میحاۃ کا نام یحیی بن یعلی ہے ترجم وہ ساتھی ملائکہ ہیں کہ حفاظت عباد کے لئے ہر ایک کے ساتھ ہیں اور تحریر اعمال وغیرہ کے واسطے

باب ماجاء فی دخول الحمام باب حمام میں جانیکے بیان میں عن جابر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کان یؤمن باللہ والیوم الاخر فلا یدخل حلیلتہ الحمام ومن کان یؤمن باللہ والیوم الاخر فلا یدخل الحمام بغیر ازار ومن کان یؤمن باللہ والیوم الاخر فلا یجلس علی مائدۃ یدار علیھم الخمر ترجمہ روایت ہے جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ایمان رکھتا ہو اللہ تعالے پر اور پچھلے دن پر تو نہ بھیجے اپنی عورت کو حمام میں کہ وہاں بے ستری اور بیحیائی اور کشف ستر ہوتا ہے اور جو ایمان رکھتا ہو اللہ تعالے پر اور پچھلے دن پر تو نہ داخل ہو حمام میں بغیر تہمت کے یعنے برہنہ نہاوے جیسکہ جہال اور سفہا کے عادت ہی اور جو ایمان رکھتا ہو اللہ تعالے پر اور پچھلے دن تو نہ بیٹھے اُن لوگوں کے دسترخوان پر کہ جسپر دور ہوتا ہو شراب کا ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر طاؤس کے روایت سے کہ وہ جابر سے روایت کرتے ہوں مگر اسی سند سے کہا محمد بن اسمٰعیل نے لیث بن ابی سلیم صدوق ہیں مگر اکثر وہم کر جاتے ہیں میں کسی روایت میں اور کہا محمد نے کہ کہا احمد بن حنبل نے کہ لیث کی روایت سے دل خوش نہیں ہوتا عن عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لعن الرجال والنساء عن الحمامات ثم رخص للرجال فی المیازر ترجمہ روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے منع فرمایا مردوں اور عورتوں کو حمام میں جانے سے پھر رخصت دی ہے مردوں کو تہمت

استیذان والے ہم میں کا اکیلا ہونے کا بیان

حمام میں جانیکا بیان

جس گھر میں کتا اور تصویر ہو اس میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے

باندھ کر جاویں **ف** اس حدیث کو نہیں جانتے ہم مگر حماد بن سلمہ کے روایت سے اور سناد اسکی کچھ مضبوط نہیں **عن** اَبِی الْمَلِیْحِ الْهُذَلِیِّ اَنَّ نِسَآءً مِنْ اَهْلِ حِمْصٍ اَوْ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ دَخَلْنَ عَلٰی عَآئِشَةَ فَقَالَتْ اَنْتُنَّ اللَّاتِیْ یَدْخُلْنَ نِسَآءُکُمُ الْحَمَّامَاتِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا مِنِ امْرَاَةٍ تَضَعُ ثِیَابَهَا فِیْ غَیْرِ بَیْتِ زَوْجِهَا اِلَّا هَتَکَتِ السِّتْرَ بَیْنَهَا وَبَیْنَ رَبِّهَا **ترجمہ** روایت ہے ابی الملیح ہذلی سے کہ کچھ عورتیں اہل حمص کے یا اہل شام میں کے داخل ہوئیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس سو فرمایا آپنے کہ تم وہی ہو کہ داخل ہوتی ہیں عورتیں تمہارے یہاں کے حماموں میں سنا ہے میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کوئی عورت ایسی نہیں ہے کہ اتارے اپنے کپڑے اپنے شوہر کے سوا اور گھر میں مگر یہ کہ پھاڑ ڈالا اسنے وہ پردہ کہ اُسکے اور اُسکے رب کے درمیان تھا **ف** یہ حدیث حسن ہے **باب** مَا جَآءَ اَنَّ الْمَلٰٓئِکَةَ لَا تَدْخُلُ بَیْتًا فِیْهِ صُوْرَةٌ وَّلَا کَلْبٌ باب جس گھر میں تصویر اور کتا ہو اسمیں ملائکہ کے نہ داخل ہونیکی بیان میں **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا طَلْحَةَ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تَدْخُلُ الْمَلٰٓئِکَةُ بَیْتًا فِیْهِ کَلْبٌ وَّلَا صُوْرَةُ تَمَاثِیْلَ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ کہتے تھے سنا میں نے ابوطلحہ سے کہ کہتے تھے سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہیں داخل ہوتے ہیں فرشتے اُس گھر میں کہ جسمیں کتا یا تصویر ہو جاندار چیزوں کی **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے **عن** اَبِیْ سَعِیْدٍ اَخْبَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْمَلٰٓئِکَةَ لَا تَدْخُلُ بَیْتًا فِیْهِ تَمَاثِیْلُ اَوْ صُوْرَةُ شَکَّ اِسْحَاقُ لَا یَدْرِیْ اَیُّهُمَا قَالَ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا انہوں نے کہ خبر دی ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ فرشتے داخل نہیں ہوتے اُس گھر میں کہ جسمیں تمثال ہو یا تصویر شک کیا اسحٰق نے کہ انہوں نے کیا کہا یعنے تماثیل کہا یا صورت **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ فَقَالَ اِنِّیْ کُنْتُ اَتَیْتُکَ الْبَارِحَةَ فَلَمْ یَمْنَعْنِیْ اَنْ اَکُوْنَ دَخَلْتُ عَلَیْکَ الْبَیْتَ الَّذِیْ کُنْتَ فِیْهِ اِلَّا اَنَّهٗ کَانَ فِیْ بَابِ الْبَیْتِ تَمَاثِیْلُ الرِّجَالِ وَکَانَ فِی الْبَیْتِ قِرَامُ سِتْرٍ فِیْهِ تَمَاثِیْلُ وَکَانَ فِی الْبَیْتِ کَلْبٌ فَمُرْ بِرَاْسِ التِّمْثَالِ الَّذِیْ بِالْبَابِ فَلْیُقْطَعْ فَیَصِیْرُ کَهَیْئَةِ الشَّجَرَةِ وَمُرْ بِالسِّتْرِ فَلْیُقْطَعْ وَلْیُجْعَلْ مِنْهُ وِسَادَتَانِ مُنْبَذَتَانِ تُوْطَیَانِ وَمُرْ بِالْکَلْبِ فَلْیُخْرَجْ فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَکَانَ ذَالِکَ الْکَلْبُ جِرْوًا لِلْحَسَنِ اَوْ لِلْحُسَیْنِ تَحْتَ نَضَدٍ لَهُمْ فَاَمَرَ بِهٖ فَاُخْرِجَ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آئی میرے پاس جبرئیل اور کہا انہوں نے کہ آیا تھا میں آپکے پاس کل کے رات مگر مجھے اس سے کہ داخل ہوتا میں نزدیک آپکے گھر میں کہ جسمیں آپ تھے مگر یہی کہ دروازہ پر گھر کے تصویریں تھیں مردوں کی اور گھر میں کپڑا تھا پردہ کا کہ اُسمیں تصویریں تھیں اور تھا گھر میں ایک کتا سو حکم کریے آپ کہ اُس تصویر کا جو دروازہ پر ہے کاٹ ڈالا جاوے کہ حکم اُسکا شجر کا سا ہو جاوے اور پردہ کے لئے حکم کریے کہ اُسکو قطع کرکے دو تکیے بنائی جاویں کہ پڑے رہیں اور روندی جاویں اور حکم کریے کتے کو کہ نکال دیا جاوے سو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا اور وہ کتا ایک بچہ تھا کتے کا امام حسن کا یا امام حسین کا یا اُنکے کسی لڑکے کے لئے تھا اُنکے پلنگ کے نیچے سو حکم کیا آپنے کہ وہ نکالا گیا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور سابعین عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو تصویر ذی روح کے کہ سر اُسکا کاٹ ہو کہنا اُسکا جایز ہے اور ایسی جاندار درختوں اور پھولوں وغیرہ غیر ذی روح کے تصویریں **باب** مَا جَآءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ لُبْسِ الْمُصَفَّرِ لِلرِّجَالِ باب ثوب مصفر کے کراہت میں **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَرَّ رَجُلٌ وَعَلَیْهِ ثَوْبَانِ اَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیْهِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ السَّلَامَ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا انہوں نے کہ گذرا ایک شخص رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پاس سے اور اُسپر دو کپڑے تھے سرخ رنگ کے اور سلام کیا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سو جواب نہ دیا آپنے اُسکو سلام کا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور مراد حدیث کے اہل علم کے نزدیک یہ ہے کہ مکروہ رکھا آپنے کسم کے رنگ کا کپڑا مرد کو پہننا اور تجویز کیا ہے علماء نے کہ جو رنگا جاوے مدر وغیرہ میں تو اُسمیں کچھ مضائقہ نہیں جبکہ وہ کسم کا نہ ہو **مترجم** مدر رنگنے کی وہ ہے جو **عن** عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَعَنِ الْقَسِّیِّ وَعَنِ الْمِیْثَرَةِ وَعَنِ الْجِعَةِ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی الْاَحْمَرُ وَهُوَ شَرَابٌ یُتَّخَذُ بِمَصْرَ مِنَ الشَّعِیْرِ **ترجمہ** روایت ہے علی بن ابی طالب سے کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مرد کو سونے کی انگوٹھی پہننے سے اور ریشمی کپڑا پہننے سے اور ریشمی نمدہ پر بیٹھنے سے اور جعہ سے اور ابو العاص نے کہا کہ وہ ایک شراب ہے مصر کے کہ جو بنائے ہیں **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے **عن** الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ اَمَرَنَا بِاتِّبَاعِ الْجَنَآئِزِ وَعِیَادَةِ الْمَرِیْضِ وَتَشْمِیْتِ الْعَاطِسِ وَاِجَابَةِ الدَّاعِیْ وَنَصْرِ الْمَظْلُوْمِ وَاِبْرَارِ الْمُقْسِمِ وَرَدِّ السَّلَامِ وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ اَوْ حَلْقَةِ الذَّهَبِ وَاٰنِیَةِ الْفِضَّةِ وَالْمَیَاثِرِ وَالْاُرْجُوَانِ وَالْاِسْتَبْرَقِ وَالْقَسِّیِّ **ترجمہ** روایت ہے براء بن عازب سے کہا انہوں نے کہ حکم کیا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سات چیزوں کا

اور منع فرمایا ہمکو سات چیزوں سے حکم کیا ہمکو جنازوں کے ساتھ چلنے کا اور مریض کے عیادت کا اور چھینکنے والے کے جواب دینی کا اور بلانیوالے کے بات قبول کرنیکا اور مظلوم کے مدد کا اور قسم کھانیوالے کے قسم سچا کرنیکا اور سلام کے جواب دینی کا اور منع فرمایا ہمکو سات چیزوں سے سونے کی انگوٹھی پہننے سے یعنی مرد نکو اور سونے کے چھلے پہننے سے اور چاندی کے برتنوں سے اور حریر اور دیباج اور استبرق اور قسی کے پہننے سے کہ یہ سب ابریشمی کپڑے ہین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اشعث بن سلیم بیٹے ہین ابی الشعثاء کے یعنے ابی الشعثاء کا نام سلیم ہے اور سلیم بیٹے ہین اسود کے **باب** ماجاء فی لبس البیاض باب سفید کپڑے پہننے کے بیان مین **عن** سمرۃ بن جندب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البسوا البیاض فانہا اطہر واطیب وکفنوا فیہا موتاکم **ترجمہ** روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہ کہا اُنہونے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پہنو تم سفید کپڑے اسلیئے کہ وہ پاکیزہ تر اور عمدہ ہین اور کفن دو اُسکا اپنے مُردون کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اس باب مین ابن عباس اور ابن عمر سے بھی روایت ہے **باب** ماجاء فی الرخصۃ فی لبس الحمرۃ للرجال باب سُرخ کپڑے پہننے کی اجازت مین مردون کے لیے **عن** جابر بن سمرۃ قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی لیلۃ اضحیان فجعلت انظر الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والی القمر وعلیہ حلۃ حمراء فاذا ہو عندی احسن من القمر **ترجمہ** روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا اُنہون نے کہ دیکھا مین نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو چاندنی رات مین سو مین نظر کرتی لگا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف اور چاند کیطرف اور اُنپر جوڑا تہا سرخ رنگ کا تو اُسوقت میرے نزدیک وہ زیادہ حسین تھے چاند سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین پہچانتے ہمسکو مگر اشعث کی روایت سے اور روایت کے شعبہ نے اور ثوری نے ابی اسحاق سے اُنہون نے براء بن عازب سے کہا اُنہون نے کہ دیکھا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے جسم مُبارک پر سُرخ جوڑا یعنے اُسمین خطوط سرخ تھے نہ یہ کہ بالکل سُرخ ہو روایت کے ہمسے یہ محمود بن غیلان نے اُنہون نے وکیع سے اُنہون نے سفیان سے اُنہون نے ابی اسحاق سے اور روایت کے ہمسے محمد بن بشار نے اُنہون نے محمد بن جعفر سے اُنہون نے شعبہ سے اُنہون نے ابی اسحاق سے یہی روایت اور اسی حدیث مین اور یہی ذکر کیا ہے اسمین محمد بن جعفر نے صالح ہی ہے اور کہا مین نے کہ حدیث ابی اسحاق کے جو مروی ہے براء سے وہ زیادہ صحیح ہے یا حدیث جابر بن سمرہ کے تو تجویز کیا اُنہون نے کہ دونون حدیثون صحیح ہون اور سنا ہے براء نے اور ابی جحیفہ سے بھی روایت ہے **باب** ماجاء فی الثوب الاحضر باب سبز کپڑون کے بیان مین **عن** ابی رمثۃ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیہ بردان اخضران **ترجمہ** روایت ہے ابی رمثہ سے کہا اُنہون نے کہ دیکھا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو اُنپر دو کپڑے سبز تھے **ف** یہ حدیث حسن غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر عبد الحمید بن ابی جعفر کی روایت سے اور ابو مشیخ تیمی کا نام حبیب بن حیان ہے اور بعضون نے کہا کہ رفاعہ بن یثربی ہے **باب** فی الثوب الاسود للرجال باب مردون کے لیے کالے کپڑے کے بیان مین **عن** عائشۃ قالت خرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم ذات غداۃ وعلیہ مرط من شعر اسود **ترجمہ** روایت ہے عائشہ سے کہا نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایکدن صبحکو اور اُنپر چادر تھی بالوں کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **باب** ماجاء فی الثوب الاصفر باب زرد کپڑون کے بیان مین **عن** قیلۃ بنت مخرمۃ انہا قالت قدمنا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکرت الحدیث بطولہ حتی جاء جل وقد اعفر التمر فقال السلام علیک یا رسول اللہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیک السلام ورحمۃ اللہ وعلیک تعنی النبی صلی اللہ علیہ وسلم اسمال علیتین کانا من بزعفران وقد نفضتا ومعہ عسیب نخلۃ **ترجمہ** روایت ہے قیلہ سے کہا اُنہون نے کہ آئی ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تو ذکر کیا اُنہون نے اسکے بعد حدیث مت لمبی یہانتک کہ کہا اُنہون نے کہ آیا آپکے پاس ایک مرد اور بیٹھ رہا جبکہ آفتاب سوا کہا السلام علیک یا رسول اللہ تو فرمایا آپنے وعلیک السلام ورحمۃ اللہ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر دو کپڑے تھے پُرانے بے سیی ہوئے رنگے گئے تھے زعفران مین اور جھڑ گیا تہا اُنسے رنگ زعفران کا یعنے بسبب کثرت استعمال کے اور آنحضرت کے پاس ایک شاخ تھی کھجور کے **ف** قیلہ کے حدیث کو ہم نہین جانتے مگر عبد اللہ بن حسان کی روایت سے **ترجمہ** مراد حدیث یہ ہے کہ رنگ زعفران کا اُن کپڑون سے جھڑ گیا تہا اور کچھ باقی رہا تہا **باب** ماجاء فی کراہیۃ الزعفر والخلوق للرجال باب زعفر اور خلوق کے کراہت مین مردون کے لیے **عن** انس بن مالک قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن التزعفر للرجال **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہا اُنہون نے کہ منع کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے زعفر سے مردون کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کے شعبہ نے حدیث اسمٰعیل بن علیہ سے اُنہون نے عبد العزیز بن صہیب سے اُنہون نے انس سے کہ نہی صلی اللہ علیہ وسلم نے زعفر سے اور روایت کی ہے ہشیم نے اسمٰعیل بن ابی خالد سے اُنہون نے عبد الرحمن بن اسہر نخعی سے اُنہون نے شعبہ سے کہا شعبہ نے مفہم کرایا ہمکو تزعفر کے مردون کے لیے یہ ہین کہ مردون خوشبو کے لیے بجائی عطر کے زعفران لگائی **عن** یعلی بن

مُرَّةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَبْصَرَ رَجُلًا مُتَخَلِّقًا قَالَ اذْہَبْ فَاغْسِلْہُ ثُمَّ لَا تَعُدْ ترجمہ روایت ہے ہیلے بن مرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ایک شخص کو خلوق لگائی ہوئے تب فرمایا جاتو اور دھو اسکو اور پھر نہ ہو اور پھر دوبارہ نہ لگا اسکو ف یہ حدیث حسن ہے اور اختلاف کیا بعضوں نے اسکی اسناد میں جو مروی ہے عطار بن سایب سے کہا علی بن یحیی بن سعید نے جسنے کہ سنا ہی عطار بن سایب سے زمانہ قدیم میں یعنے انکی اول عمر میں سو سماع اُسکا صحیح ہے اور سماع شعبہ اور سفیان کا عطار بن سائب سے صحیح ہے مگر دو حدیثیں کہ جو مروی ہیں عطار سے وہ روایت کرتے ہیں زاذان سے کہا شعبہ نے سنا میں ہے ان دونوں حدیثوں کو عطار ہی آخر عمر میں اور کہا جاتا ہے کہ عطار بن سائب کا آخر عمر میں حافظہ بگڑ گیا تھا اسلیے بعض عماء اور ابی موسیٰ اور انس سے ہے روایت ہے ترجمہ خلوق ایک خوشبو کی مرکب ہے زعفران اور غیر ہی اور غالب ہوتے ہے اُسپر سُرخی یا سفیدے اور اکثر احادیث میں اس سے نہی وارد ہوئی ہے کہ وہ خوشبو مخصوص ہے نساء کے واسطے **بَابُ** مَا جَاءَ فِی کَرَاہِیَۃِ الْحَرِیْرِ وَالذَّہَبِ لِلرِّجَالِ باب حریر اور ذہب کے کراہت میں **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ یَذْکُرُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَبِسَ الْحَرِیْرَ فِی الدُّنْیَا لَمْ یَلْبَسْہُ فِی الْاٰخِرَۃِ ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہا انہوں نے سنا میں نے عمر رضی اللہ عنہما سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے پہنا ریشمی کپڑا دنیا میں وہ نہ پہنیگا اُسے آخرت میں یعنے جنت میں ف اسباب میں ہے اور حذیفہ اوانس اور کئی لوگوں سے روایت ہے کہ جنکا ذکر کیا ہے ہمنے کتاب اللباس میں اور یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کئی سندوں سے اور اسمار جو ہٹی ابوبکر صدیق کے ہیں اُنکے موالی کا نام عبداللہ ہے اور کنیت اُنکی ابو عمر ہے اور روایت کیے ہے اُنسے عطار بن ابی رباح اور عمرو بن دینار نے **بَابُ عَنِ** الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَسَمَ اَقِطِیَّۃً وَلَمْ یُعْطِ مَخْرَمَۃَ شَیْئًا فَقَالَ مَخْرَمَۃُ یَا بُنَیَّ انْطَلِقْ بِنَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَانَ فَانْطَلَقْتُ مَعَہٗ قَالَ ادْخُلْ فَادْعُہُ لِیْ فَدَعَوْتُہٗ لَہٗ فَخَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْہِ قَبَاءٌ مِنْہَا فَقَالَ خَبَأْتُ لَکَ ہٰذَا قَالَ فَنَظَرَ اِلَیْہِ فَقَالَ رَضِیَ مَخْرَمَۃُ ترجمہ روایت ہے مسور بن مخرمہ سے کہا انہوں نے کہ تقسیم کیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قباءیں اور نہ یا مخرمہ کو انہیں سے کچھ سو کہا مخرمہ نے لاہی میرے پیارے ساتھ چلو صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا مسور نے کہ گیا میں انکے ساتھ تو کہا انہوں نے کہ داخل ہو تو اور بُلا لے آنحضرت کو میرے لیے سو بُلایا میں نے انکو مخرمہ کے لیے اور نکلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور اُنکے اوپر ایک قبا تھی اُنہیں جمع کیں سو فرمایا آپ نے مخرمہ سے کہ یہ بچا رکھی ہے میں نے تمہارے لیے سو دیکھا اُنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مخرمہ کیطرف اور فرمایا راضی ہوگئے مخرمہ ف یہ حدیث صحیح ہے اور ابن ابی ملیکہ کا نام عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ ہے **بَابُ** مَا جَاءَ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ اَنْ یُّرٰی اَثَرُ نِعْمَتِہٖ عَلٰی عَبْدِہٖ + باب اظہار آثار نعمت کی بیانمیں **عَنْ** عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ اَنْ یُّرٰی اَثَرُ نِعْمَتِہٖ عَلٰی عَبْدِہٖ ترجمہ بندہ مذکور مروی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہی کہ دیکھا جاوے اثر اُسکی نعمت کا اُسکے بندہی پر یعنے کپڑے سفید ہوں اور نہ شرعی سے بیزار ہوں ف اسباب میں ابی الاحوص سے بھی روایت ہے کہ وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں اور عمران بن حصین اور ابن مسعود سے ہے روایت یہ حدیث حسن ہے **بَابُ** مَا جَاءَ فِی الْخُفِّ الْاَسْوَدِ باب موزہ سیاہ کے بیانمیں **عَنْ** بُرَیْدَۃَ اَنَّ النَّجَاشِیَّ اَھْدٰی لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُفَّیْنِ اَسْوَدَیْنِ سَادَجَیْنِ فَلَبِسَھُمَا ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَیْھِمَا ترجمہ روایت ہے بریدہ سے کہ نجاشی والی حبش نے ہدیے میں بھیجے صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک جوڑہ موزوں کا کہ وہ دونو سیاہ تھے اور نہیں کچھ نقش بنتے پہر پہنا آپنے اُنکو اور وضو اور مسح کیا اُنپر ف یہ حدیث حسن ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اُنہی کے روایت سے اور روایت کیے محمد بن ربیعہ نے اُنہی سے کہ نام ہے اُسکا **بَابُ** مَا جَاءَ فِی النَّھْیِ عَنْ نَتْفِ الشَّیْبِ باب توڑنے بال نکالنے کی نہی میں **عَنْ** عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنْ نَتْفِ الشَّیْبِ وَقَالَ اٰیَۃُ الْمُسْلِمِ ترجمہ بسند کور مروی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا سفید بال اُکھاڑنے سے اور فرمایا کہ وہ نور ہے مسلمان کا ف یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیے یہ عبدالرحمن بن حارث نی اور کئے لوگوں نے عمرو بن شعیب سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے دادا سے **بَابُ** مَا جَاءَ اَنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ باب صاحب مشورہ کے امانت داری کی بیانمیں **عَنْ** اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ ترجمہ روایت ہے ام سلمہ سے کہا اُنہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جس سے مشورہ لیا جاوے اُسکو افشای راز نکرنا چاہیے ف اسباب میں ابن مسعود اور ابی ہریرہ اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث غریب ہے ام سلمہ کے روایت سے **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جس سے مشورہ لیا جاوے اُسکو امانت داری ضرور ہے ف اس حدیث کو روایت کیا کئی لوگوں نے شیبان بن عبدالرحمن نحوی سے اور

شیبان رداحب کتاب ہیں اور صحیح الحدیث ہیں اور کنیت انکی ابو معاویہ ہے روایت کیے ہمسے مدرک بن عمار عطار نے انہوں نے سفیان بن حسین سے کہا سفیان نے کہ کہا عبد الملک نے سعید بن جبیر سے میں نے کہ حدیث کہ میں جو حدیث بیان کرتا ہوں تمسے کوئی حرف کاٹ نہیں رکھتا یعنے پوری پوری بیان کرتا ہوں **باب** ماجاء فی الشہر یعنی مہینہ کے بیان میں **عن** عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الشؤم فی ثلثۃ فی المرأۃ والمسکن والدابۃ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نحوست تین چیز وں میں ہے عورت اور گھر اور جانور میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور بعض اصحاب نے اس حدیث کے سند میں اس حدیث کے ذکر نہیں کیا حمزہ کا اور یوں کہا کہ روایت ہے سالم سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ایسی ہے روایت کے ہمسے ابن ابی عمر نے یہ حدیث انہوں نے سفیان سے انہوں نے زہری سے انہوں نے سالم اور حمزہ سے کہ دونوں بیٹے ہیں عبد اللہ بن عمر کے اُن دونوں نے اپنے باپ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیے ہمسے سعید بن عبد الرحمن انہوں نے سفیان سے انہوں نے زہری سے انہوں نے سالم سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور نہیں ذکر کیا انہوں نے اسکا کہ روایت ہے سعید بن عبد الرحمن سے دو روایت کرتے ہیں حمزہ سے اور روایت سعید کے صحیح تر ہے اسواسطے کہ لیث بن سعد اور حمید دونوں نے روایت کیے سفیان سے اور نہ روایت کیے زہری سے ہم سے یہ حدیث مگر سالم سے انہوں نے ابن عمر سے اور روایت کیے مالک بن انس نے یہ حدیث زہری سے اور کہا مالک نے سند میں کہ روایت کیے زہری نے سالم سے اور حمزہ سے کہ دونوں بیٹے ہیں عبد اللہ بن عمر کے انہوں نے روایت کیے اپنے باپ سے اور سہل بن سعد اور عائشہ اور انس سے روایت ہے اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ اگر نحوست ہوتی کسی چیز میں تو عورت اور جانور اور گھر میں ہوتے لیث نے کسی چیز میں نحوست نہیں اور روایت کیے حکیم بن معاویہ نے کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے تم میں نحوست نہیں ہے کسی شی میں اگر کبھی ہوتی ہے گھر میں اور عورت اور گھوڑے میں روایت کیے ہم سے یہ حدیث علی بن خشرم نے انہوں نے اسمٰعیل بن عیاش سے انہوں نے یحیی بن سعید سے انہوں نے عبد اللہ بن عامر بن ربیعہ سے انہوں نے اپنے عم محترم معاویہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

**آداب مجالس کا بیان**

**باب** لا یقام الرجل اثنان دون الثالث باب ادب مجلس میں **عن** عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کنتم ثلثۃ فلا یتناجی اثنان دون صاحبھما وقال سفیان فی حدیثہ لا یتناجا اثنان دون الثالث فان ذلک یحزنہ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب تم تین شخص ہو تو نہ کانمیں بات کریں انمیں سے دو شخص ایک اپنے رفیق کو چھوڑ کر اور سفیان نے اپنے روایت میں کہا کہ نہ کانمیں باتیں کریں دو شخص بیسند اپنے رفیق کو چھوڑ کر اسلئے کہ یہ بات اسکو غمگین کرتی ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی گئی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی سندوں سے نے فرمایا کان میں باتیں کریں دو شخص ایک کو اکیلا چھوڑ کر اسلئے کہ اس مومن کو ایذا ہوتی ہے یعنے بسبب اکیلی رہ جانے کے اور اللہ تعالیٰ کو بری معلوم ہوتی ہے ایذا مومن کی اسباب میں سے عوام اور اہل ہوا و ہوس ہیں اور روایت کیے ہمسے یہ حدیث عبد اللہ بن عباس سے ہے روایت کیے ہم سے یہ حدیث محمد بن بشار نے کہا کہ روایت کیے ہمسے عبد الرحمن نے کہا کہ روایت کیے ہمسے سفیان نے اسی سند سے مانند اسکے

**عہد اور قرار کا بیان**

**مترجم** یہ بھی سرگوشی ہی کی قسم میں سے ہے خصوصیت کے ساتھ مخصوص ہے کہ انمیں ایک شخص اکیلا رہ کر گھبراتا ہے اور غمگین ہوتا ہے اور اگر چار آدمی یا زیادہ ہوں تو سرگوشی منع نہیں **باب** ماجاء فی العدۃ باب عہد و قرار کے بیان میں **عن** ابی جحیفۃ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابیض قد شاب وکان الحسن بن علی یشبھہ وامر لنا بثلاثۃ عشر قلوصا قد ھذبنا نقضھا فاتانا سنۃ فلم یعطنا شیئا ثم اتانا قال لو کان لہ عندنا شیء لاعطیناہ **ترجمہ** روایت ہے ابی جحیفہ سے کہا میں نے دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ گورے تھے اور بڑھاپا آپ پر یعنی قریب میں بالوں کے سفید ہو چکے تھے اور حسن بن علی مشابہ تھے آپ کے یعنی صورت میں اور حکم کیا تھا ہمارے لئے تیرہ اونٹنیوں کا تو ہم اُن اونٹنیوں کے لینے کو گئے سو اگلی کہ پہنچے تھے کہ رفات کی سو فربہ کیا ہم نے اونٹنیوں کو پھر جب قائم ہوئے ابو بکر رضی اللہ عنہ یعنے اسو خلافت پر تو کہا ابو بکر نے کہ جس کے کچھ وعدہ ہو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا تو وہ ہمارے پاس آوے سو آئے ہم اس امر میں اور حرص کی ہم نے اسکے حضرت تک وعدے کو سو حکم فرمایا ہمکو اُن اونٹنیوں کے لینے کا **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیے مروان بن معاویہ نے عبد الملک بن ابی سلیمان سے اور روایت کیے کئی لوگوں نے اسمٰعیل بن ابی خالد سے انہوں نے ابی جحیفہ سے کہا ابی جحیفہ نے دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو اور حسن بن علی مشابہ تھے آپ کے یعنے شکل صورت میں اور سے زیادہ کچھ روایت نہیں کیا ایسے اونٹوں کا ذکر اس روایت میں نہیں روایت کیے ہمسے محمد بن بشار نے انہوں نے کہا روایت کیے ہمسے اسمٰعیل بن ابی خالد نے انہوں نے ابی جحیفہ سے کہا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو اور حسن بن علی مشابہ تھے آپ کے اور ایسا ہی روایت کیا کئی لوگوں نے اسمٰعیل سے بھی ویسا ہی جیسا کہ روایت کیا مروان نے عبد الملک سے

**وعدہ کرنے والے کی وعدہ کی جگہ پر انتظار کرنے کا بیان**

**باب** ماجاء فی الرجل یعد الرجل ومکثہ ینتظرہ فی مکان الوعد باب وعدہ کرنے والے کی وعدہ کی جگہ پر انتظار کرنے کے بیان میں **عن** علی قال ما اشفقت النبی صلی اللہ علیہ وسلم جمعۃ ابتغی یأتیہ لاحد علی احد سعد بن ابی وقاص **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہا انہوں نے کہ نہیں

سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ جمع کیا ہو آدمی اپنے ماں باپ کو لینے یہ کہا ہو کہ فدا میں تجھ پر ان باپ سے سوا سعد بن ابی وقاص کے **عن** سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ قَالَ عَلِيٌّ مَا جَمَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَاهُ وَاُمَّهُ لِاَحَدٍ اِلَّا لِسَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ لَهٗ يَوْمَ اُحُدٍ رَمْيِ فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّيْ وَقَالَ لَهٗ اِرْمِ اَيُّهَا الْغُلَامُ الْحَزَوَّرُ **ترجمہ** روایت ہے سعید بن مسیب سے کہ فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہ نہیں جمع کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے ماں باپ کو کسی کے لئے سوا سعد بن ابی وقاص کے کہ فرمایا انکو جنگ احد کے دن ماتو ایک تیر فدا میں تجھ پر ان باپ سے اور کہا انکو مار تیر اے جوان پہلوان **ف** اسی طرح بیہقی نے بھی روایت کیا ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے کئی سند وں سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اور روایت کیا کئی لوگوں نے یہ حدیث یحیی بن سعید بن مسیب سے انہوں نے سعد بن ابی وقاص سے کہا سنا ہے کہ جمع کیا ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی ماں باپ کو دن احد کے یعنی فداک ابی وامی فرمایا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور دونوں حدیثیں صحیح ہیں **بَابُ مَا جَاءَ فِيْ يَا بُنَيَّ** باب کیا گیا شفقۃً بیٹا کہنے کے بیان میں **عن** اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ يَا بُنَيَّ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ انکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا بیٹا فرمایا **ف** اسی طرح بیہقی نے بھی سلسلہ سے ہی روایت کیا اور یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہوئی ہے اور سند سے سوا اس کے انس سے اور ابو عثمان ثقہ ہیں اور نام انکا جعد بن عثمان ہے اور انکو ابن دینا بھی کہتے ہیں اور وہ بصرہ کے رہنے والے ہیں اور روایت کیا ہے انسے یونس بن عبید اور شعبہ اور کئی ایک نے **بَابُ مَا جَاءَ فِيْ تَعْجِيْلِ اسْمِ الْمَوْلُوْدِ** باب تسمیہ مولود کے جلد کرنے کے بیان میں **عن** عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِتَسْمِيَةِ الْمَوْلُوْدِ يَوْمَ سَابِعِهٖ وَوَضْعِ الْاَذٰى عَنْهُ وَالْعَقِّ **ترجمہ** روایت ہے عمرو بن شعیب سے انکے باپ سے انکے دادا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا لڑکے کے نام رکھنے کا ساتویں دن جنمنے بلاوے سے اور اسکے بال وغیرہ صدقہ کرنیکا کہ موسب اذیت ہیں اور عقیقہ کرنیکا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْاَسْمَاءِ** باب نامہائے مستحبہ کے بیان میں **عن** ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَحَبُّ الْاَسْمَاءِ اِلَى اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے زیادہ پیارے نام اللہ تعالی کے نزدیک عبد اللہ اور عبد الرحمن ہیں یعنے اسلئے کہ اسمیں اقرار ہے اللہ تعالے کی بندگی کا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **بَابُ مَا جَاءَ مَا يُكْرَهُ اَنْ تُسَمِّيَ بِهِ الْاِمَاءَ وَالْعَبِيْدَ** باب کراہت کے بیان میں لونڈی غلام کا نام رکھنے کے **عن** عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمِّيَنَّ رَافِعًا وَلَا يَسَارًا وَلَا نَافِعًا وَلَا اَفْلَحَ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مت نام رکھ تو اپنے غلام کا رباح یعنے فائدہ دینے والا اور نہ افلح یعنے نجات والا اور نہ یسار اور نہ نجیح اور نہ افلح کیونکہ اول سے اسلئے کہا جاویگا کہ وہ یہاں ہے یہ جواب دیا جاویگا کہ نہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَخْنَعُ اسْمٍ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَجُلٌ تَسَمّٰى مَلِكَ الْاَمْلَاكِ قَالَ سُفْيَانُ شَاهَانْ شَاهْ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے وہ پہنچاتی ہیں اس روایت کو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم تک کہ فرمایا آپ نے بدترین سب ناموں نزدیک اللہ تعالے کے روز قیامت کے وہ اس شخص کا نام ہے کہ جسنے نام رکھا ملک الاملاک کہا سفیان نے کہ معنے اسکی شہنشاہ ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اخنع کے معنے قبیح تر **بَابُ مَا جَاءَ فِيْ تَغْيِيْرِ الْاَسْمَاءِ** باب نام بدلنے کے بیان میں **عن** ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيَّرَ اسْمَ عَاصِيَةَ قَالَ اَنْتِ جَمِيْلَةٌ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بدل دیا عاصیہ کا نام اور فرمایا کہ تو جمیلہ ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور مرفوع کیا یحیی ابن سعید قطان نے اس حدیث کو اور روایت کیا عبید اللہ سمی انہوں نے نافع سے انہوں نے ابن عمر سے اور روایت کیا بعضوں نے یہ حدیث عبید اللہ سمی انہوں نے نافع سے انہوں نے عمر سے مرسلا اور اسماعیل بن عبد الرحمن بن عوف اور عبد اللہ بن سلام اور عبد اللہ بن مطیع اور عائشہ رضی اللہ عنہا اور حکیم بن سعید اور مسلم اور اسماعیل بن احمد اور شریح بن ہانی نے ہے روایت کیا ہے کہ شریح اپنی اپنی روایت کرتی ہیں اور خثیمہ بن عبد الرحمن سے بھی روایت کیا ہے کہ وہ اپنی اپنی روایت کرتی ہیں **عن** عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُغَيِّرُ الْاِسْمَ الْقَبِيْحَ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس نام کو بدل دیتے تھے جو برا ہوتا تھا اسی سے کہ کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نے کہا ابو عمر بن علی نے کہا سعید بن عامر نے کہا ہشام بن عروہ سے کہا عروہ نے کہا عائشہ سے کہ کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو کہ جسکا نام برہ تھا کہ نہ کہو اپنے تئیں برہ **ف** کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نے کہا ابو عمر بن علی نے کہا سعید بن عامر نے کہ روایت کیا ہشام بن عروہ سے

فصل مولود کے نام رکھنے کے بیان

اسماء حسنہ کے بیان

نام بدلنے کے بیان

سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلا اور نہیں ذکر کیا اُسمیں حضرت عائشہ کا **ترجمہ** عاصم کے منفے نافرمان گنہگار ہیں اس نام کو حضرت نے پسند نہیں کیا مگر متعجب ہے اکثار اہل تحریر سے کہ وہ اپنے لئے عاصی کو پسند کرتے ہیں **باب** ماجاء فی اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم باب اسمائے نبی صلے اللہ علیہ وسلم میں **عن** جبیر بن مطعم قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لی اسماء انا محمد وانا احمد وانا الماحی الذی یمحو اللہ بی الکفر وانا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی وانا العاقب الذی لیس بعدہ نبی **ترجمہ** روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میرے بہت سے نام ہیں میں محمد ہوں اور میں احمد ہوں اور میں مٹانیوالا ہوں کہ مٹاتا ہے اللہ تعالیٰ بسبب میرے کفر کو اور میں حاشر ہوں جسکے قدموں پر جمع کئے جاوینگے یعنے میرے پیچھے ہونگے پہلے میں میدان حشر میں اٹھونگا اور میں عاقب یعنے پیچھے آنیوالا ہوں کہ اُسکے بعد کوئی نبی نہیں ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ماجاء فی کراھیۃ الجمع بین اسم النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکنیتہ باب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے نام اور کنیت جمع کرنیکے کراہت میں **عن** ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھی ان یجمع احد بین اسمہ وکنیتہ ویسمی محمدا ابا القاسم **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ جمع کرے کوئی شخص آپکے نام اور کنیت کو اور نام رکھے اپنا محمد ابوالقاسم یعنے اگر محمد نام رکھے تو چاہئے کہ کنیت نہ رکھے اور اگر کنیت ابوالقاسم رکھے تو محمد نام نہ رکھے غرض دونوں کے جمع کرنیسے منع فرمایا **ف** اسباب میں جابر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا تسمیتم بی فلا تکنوا بی **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ نام رکھو تم میرے نام کے ساتھ یعنے محمد تو کنیت نہ رکھو میرے یعنے ابوالقاسم **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور گروہ رکھا ہے بعض علمانے جمع کرنا نام مبارک اور کنیت کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اور بعضوں نے ایسا کیا ہی ہے یعنے اُنہوں نے کراہت کو تنزیہ پر حمل کیا یا مخصوص جانا یا آپکے حیات کی ساتھ اور مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے سُنا ایک شخص کو بازار میں کہ پکارتا ہے یا ابا القاسم تو مخاطب ہوئے اسکی طرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو کہا اُسنے کہ میں نے آپکو نہیں پکارا تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نام رکھو میرے کنیت روایت کرتے ہیں یہ حدیث حسن بن علی خلال نے اُنہوں نے یزید بن ہارون سے اُنہوں نے حمید سے اُنہوں نے انس سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث سے معلوم ہوتی کراہیت اسکی کہ کوئی شخص اپنی کنیت ابوالقاسم رکھے **عن** علی بن ابی طالب انہ قال یا رسول اللہ ارأیت ان ولد لی بعدک ولدا اسمیہ محمدا واکنیہ بکنیتک قال نعم قال فکانت رخصۃ لی **ترجمہ** روایت ہے علی بن ابی طالب سے کہ عرض کیا اُنہوں نے یا رسول اللہ بتلائیے فرمائیے تو اگر ہوا میرے لئے کوئی لڑکا آپکے بعد تو نام رکھوں اُسکا محمد اور کنیت رکھوں اُسکی جو آپکی کنیت ہے یعنے ابوالقاسم تو فرمایا آپنے کہ ہاں یہ عرض کیا اُنہوں نے یا رسول اللہ بتلائیے فرمائیے تو اگر ہوا میرے لئے کوئی لڑکا آپکے بعد تو نام رکھوں اُسکا محمد اور کنیت رکھوں اُسکی جو آپکی کنیت ہے یعنے ابوالقاسم تو فرمایا آپنے کہ ہاں کہا حضرت علی نے کہ یہ رخصت خاص میرے ہی لئی تھی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ماجاء فی الشعر باب شعر کے بیان میں **عن** عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من الشعر حکمۃ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک بعضے شعر حکمت ہیں **ف** یہ حدیث غریب ہے اسی سند سے مرفوعاً کیا اسکو فقط ابوسعید اشج نے ابن ابی عیینہ کی روایت سے اور روایت کیا اوروں نے اُنکے سوا ابن ابی عیینہ کے روایت سے یہ حدیث موقوفاً اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث بھی اسی سند سے ہے عبداللہ بن مسعود سے اُنہوں نے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اسباب میں ابی بن کعب و ابن عباس اور عائشہ اور یزید اور کثیر بن عبداللہ سے بھی روایت ہے اور کثیر اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں وہ اپنے دادا سے **عن** ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من الشعر حکمۃ **ترجمہ** اوپر گذرا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ماجاء فی انشاد الشعر باب شعر پڑھنے کے بیان میں **عن** عائشۃ قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یضع لحسان منبرا فی المسجد یقوم علیہ قائما یفاخر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او قالت ینافح عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ویقول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ یؤید حسان بروح القدس مایفاخر او ینافح عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم رکھتی تھے حسان کے لئے منبر مسجد میں کہ وہ اُسپر کھڑے ہوکر فخر کرتے تھے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے یا کہا حضرت عائشہ نے ینافح یعنے جواب دیتے تھی اور دفع اعتراضات کرتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف سے یعنے راوی کو شک ہے اور فرماتے تھی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کہ بیشک اللہ تعالیٰ مدد کرتا ہے حسان بن ثابت کی روح القدس یعنے جبرئیل کے ساتھ جبتک کہ وہ فخر کرتے رہتے ہیں یا جواب دیتے رہتی ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف سے **ف** روایت کیا اسکو اسمٰعیل اور علی بن خجر نے دونوں نے ابن ابی الزناد سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے عروہ سے اُنہوں نے حضرت عائشہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اسباب میں ابی ہریرہ اور براء سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن غریب ہے صحیح ہے یعنے حدیث ابن ابی الزناد کے **عن** انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم دخل مکۃ فی عمرۃ القضاء وعبداللہ بن رواحۃ بین یدیہ وھو

یَقُوْلُ خَلُّوْا بَنِی الْکُفَّارِ عَنْ سَبِیْلِہٖ ۔ اَلْیَوْمَ نَضْرِبْکُمْ عَلٰی تَنْزِیْلِہٖ ۔ ضَرْبًا یَّزِیْلُ الْھَامَ عَنْ مَّقِیْلِہٖ ۔ وَیُذْھِلُ الْخَلِیْلَ عَنْ خَلِیْلِہٖ ۔ فَقَالَ لَہٗ عُمَرُ یَا بْنَ رَوَاحَۃَ بَیْنَ یَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَفِیْ حَرَمِ اللّٰہِ تَقُوْلُ الشِّعْرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَلِّ عَنْہُ یَا عُمَرُ فَلَھِیَ اَسْرَعُ فِیْھِمْ مِنْ نَّضْحِ النَّبْلِ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے مکہ میں عمرۂ قضا کی سال اور عبداللہ بن رواحہ انکے آگے تھی اور یہ شعار پڑھتے جاتے تھی تیجئے چھوڑو اور خالی کردو ہاولا کفار کے رستہ اُسکا ۔ آجکی دن مارینگی تم تمکو اُسکے اُترنے پر ۔ ایسی مار کہ ہلادے دماغ کو اُسکی جگہہ سے ۔ اور بھلادیوے اور غافل کردیوے دوست کو دوست سے ۔ سو کہا حضرت عمر نے اے ابن رواحہ آگی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور اللہ تعالے کی حرم محترم مین تم شعر پڑھتے ہو تب فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے چھوڑدو اُسکو اے عمر اسلئے کہ یہہ شعر پڑھنا کافرون مین زیادہ اثر کرتا ہے تیر مارنے سے اُنکو بہت گران گزرتا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے اس سند سے اور روایت کی عبدالرزاق نے یہ حدیث معمر سے بیان کیا انہون نے زہری سے انہون نے انس سے مانند اسکے اور مروی ہے اور حدیث مین کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے مکہ کو عمرۂ قضا مین اور کعب بن مالک اُنکے آگے تھی اور یہ زیادہ صحیح ہی بعض اہل حدیث کے نزدیک اسلئے کہ عبداللہ بن رواحہ مقتول ہوئے موتہ کی دن اور عمرۂ قضا اُسکی بعد ہوا اور موتہ ایک موضع ہی شام مین **مترجم** حافظ ابن حجر نے ترمذی کے اس قول پر ایراد کیا ہے اور کہا کہ عمرۂ قضا کو بعد یوم موتہ کے کہنا صریح غلطی ہے اور تعجب ہے کہ حافظ ترمذی سی کیونکر یہ ذہول وغفلت واقع ہوئی اسلئے کہ عمرۂ قضا مین احتضام واسے جعفر کا اور اُنکے بھائیکا بنت حمزہ کے لئی اور زید بن حارثہ اور جعفر و عبداللہ بن رواحہ سب ایک جگہہ مین مقتول ہوئے ہین سو یہ امر حافظ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ پر کیونکر مخفی رہا **عن** عَائِشَۃَ قَالَتْ قِیْلَ لَھَا ھَلْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَمَثَّلُ بِشَیْءٍ مِّنَ الشِّعْرِ قَالَتْ کَانَ یَتَمَثَّلُ بِشِعْرِ اَبِیْ رَوَاحَۃَ وَیَقُوْلُ وَیَاْتِیْکَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَّمْ تُزَوِّدِ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ سی کہ اُنسی پوچھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کوئی شعر پڑھتے تھے تو کہا آپنے کہ ہان پڑھتے تھے شعر ابن رواحہ کا اور فرماتے تھے ویاتیک الخ **ف** اسباب مین ابن عباس سی بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **مترجم** یہ شعر ابن رواحہ کا ہے سَتُبْدِیْ لَکَ الْاَیَّامُ مَا کُنْتَ جَاھِلًا ۔ وَیَاْتِیْکَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَّمْ تُزَوِّدِ یعنے کھولدیگی تیرے لئے دن وہ چیزین کہ جس سے تو جاہل تھا اور لاویگے تیری پاس وہ شخص خبرین کہ جسکے تو نی طیار نکی تھے **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَشْعَرُ کَلِمَۃٍ تَکَلَّمَتْ بِھَا الْعَرَبُ قَوْلُ لَبِیْدٍ اَلَا کُلُّ شَیْءٍ مَا خَلَا اللّٰہَ بَاطِلٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بہترین کلام کہ متکلم ہوا ہے اُسکے ساتھ شعرای عرب قول ہے لبید کا الا سے اخیر تک یعنے آگاہ ہو کہ ہر چیز اللہ تعالے کے سوا باطل ہے یعنے برسبیل فنا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور روایت کی ہے یہ ثوری نے عبدالملک بن عمیر سے **عن** جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ جَالَسْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْثَرَ مِنْ مِّائَۃِ مَرَّۃٍ فَکَانَ اَصْحَابُہٗ یَتَنَاشَدُوْنَ الشِّعْرَ وَیَتَذَاکَرُوْنَ اَشْیَاءَ مِنْ اَمْرِ الْجَاھِلِیَّۃِ وَھُوَ سَاکِتٌ فَرُبَّمَا یَتَبَسَّمُ مَعَھُمْ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن سمرۃ سے کہا کہ بیٹھا مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سو بار سی زیادہ سو آپکے اصحاب اشعار پڑھتے تھے اور مذاکرہ کرتے تھی امور جاہلیت کا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم چپ بیٹھے رہتے تھے اور کبھی مسکراتے تھی اُنکے ساتھ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی ہے زہری نے سالم سے **باب** ماجاء لان یمتلیء جوف احدکم قیحا خیرلہ من ان یمتلیء شعرا باب مذمت مین اشعار مذمومہ کے **عن** سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَاَنْ یَّمْتَلِیءَ جَوْفُ اَحَدِکُمْ قَیْحًا خَیْرٌ لَّہٗ مِنْ اَنْ یَّمْتَلِیءَ شِعْرًا **ترجمہ** روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ اگر بھر جاوے پیٹ کسیکا پیپ سے تو بہتر ہے اس سے کہ بھر جاوے شعر سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَاَنْ یَّمْتَلِیءَ جَوْفُ اَحَدِکُمْ قَیْحًا خَیْرٌ لَّہٗ مِنْ اَنْ یَّمْتَلِیءَ شِعْرًا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ اگر بھر جاوے پیٹ کسیکا ایسے پیپ سی کہ سڑادیوے اور فاسد کردیوے اُسکی پیٹ کو تو بہتر ہے اس سے کہ بھر جاوے شعر سے **ف** اسباب مین سعد اور ابی سعید اور ابن عمر اور ابی الدرداء سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **باب** ماجاء فی الفصاحۃ والبیان باب فصاحت کے بیان مین **عن** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ یُبْغِضُ الْبَلِیْغَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِیْ یَتَخَلَّلُ بِلِسَانِہٖ کَمَا تَتَخَلَّلُ الْبَقَرَۃُ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمرو سی کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک اللہ تعالے دشمن رکھتا ہے بلیغ کو مردون مین سے جو زبان سے اپنے لپیٹتا ہے باتون کو جیسکہ گائی لپیٹتی ہے اپنی زبان کو یعنے بہت کثیر الکلام اور بیفائدہ یاوہ گوئی کرتا ہی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس اسناد سی ہمین سعد سی ہے **باب** برتنون کے بند کردینے کے بیان مین **عن** عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَمِّرُوا الْاٰنِیَۃَ وَاَوْکُوا الْاَسْقِیَۃَ وَاَجِیْفُوا الْاَبْوَابَ فَاَطْفِئُوا الْمَصَابِیْحَ فَاِنَّ

الفُوَيْسِقَةُ رُبَّمَا جَرَّتِ الْفَتِيلَةَ فَأَحْرَقَتْ أَهْلَ الْبَيْتِ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبداللہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ڈھانپ دو برتنوں کو یعنے شب کو اور باندھ دو مونہہ مشکوں کا اور بند دو دروازوں کو اور سنبھالو چراغوں کو اسلئے کہ چوہا اکثر لیجاتا ہے بتی اور جلا دیتا ہے گھر والوں کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے مروی ہوئی ہے جابر سے کئی سند وں سے **باب** آداب سفر کے بیان مین **عن** أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا سَافَرْتُمْ فِي الْخِصْبِ فَأَعْطُوا الْإِبِلَ حَظَّهَا مِنَ الْأَرْضِ وَإِذَا سَافَرْتُمْ فِي السَّنَةِ فَبَادِرُوا بِهَا نِقْيَهَا وَإِذَا عَرَّسْتُمْ فَاجْتَنِبُوا الطَّرِيقَ فَإِنَّهَا طُرُقُ الدَّوَابِّ وَمَأْوَى الْهَوَامِّ بِاللَّيْلِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب سفر کرو تم بہار کے ایام و نباتات کے دونمین تو دو تم اونٹوں کو حصہ انکا زمین سے یعنے خوب چرنے دو کہ فربہ ہو جاوین اور جب سفر کرو تم خشکے اور قحط کے دونمین تو جلدی کرو تم اُسکے قوت باقی رہے تک یعنی خشکی مین جب وہ چاہ پاوینگا قوت جاتی رہیگی تو جلد اُس زمین سے نکلجاؤ اور جب آخر شب مین آرام کے لئے اُترو تو راہ سے الگ ہو جاؤ اسلئے کہ وہ راستے مین جانوروں کے اور ٹھیکانے ہے کیڑوں مکوڑوں کے رات مین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور سابق مین انس اور جابر سے بھی روایت ہے **باب** **عن** جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَنَامَ الرَّجُلُ عَلَى سَطْحٍ لَيْسَ بِمَحْجُورٍ عَلَيْهِ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہا اُنہون نے کہ منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آدمی ایسے کوٹھی پر سووے کہ جسکے گرد منڈیر یا دیوار نہو یعنے خوف ہو لوٹھک کر گر جانیکا نیند کی حالت مین **ف** یہ حدیث غریب ہے ہمنین جانتے ہم روایت محمد بن منکدر کو وہ جابر سے روایت کرتے ہون مگر اسی سند سے اور عبدالجبار بن عمر ابی ضعیف ہین **عن** عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْأَيَّامِ مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ سے کہا اُنہون نے کہ تھی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرصت دیتی ہمکو ساتھ نصیحت کے دنونمین یعنے ہر وقت وعظ و نصیحت کرتے تھے سخون سے کہ ہم ملول نہو جاوین اور اکتا نہ جاوین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے روایت کیے ہم سے محمد بن بشار نے اُنہون نے یحیی بن سعید سے اُنہون نے سلیمان سے اُنہون نے شقیق بن سلمہ سے اُنہون نے عبداللہ بن مسعود سے مانند اسکے **باب** **عن** أَبِي صَالِحٍ قَالَ سُئِلَتْ عَائِشَةُ وَأُمُّ سَلَمَةَ أَيُّ الْعَمَلِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتَا مَا دِيمَ عَلَيْهِ وَإِنْ قَلَّ **ترجمہ** روایت ہے ابی صالح سے کہا اُنہون نے کہ کسی نے پوچھا حضرت عائشہ و ام سلمہ رضی اللہ عنہما سے کہ کونسا عمل پیارا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو تو فرمایا اُن دونون نے کہ جسپر ہمیشگی کیجاوے اگرچہ تھوڑا ہو **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہوئے ہشام سے دو روایت کرتے ہین اپنے باپ عروہ سے وہ حضرت عائشہ سے کہا اُنہون نے کہ بہت پیارا عمل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ تھا کہ جسپر ہمیشگی کیجاوے روایت کیے ہم سے ہارون بن اسحق نے اُنہون نے عبدہ سے اُنہون نے ہشام سے اُنہون نے اپنے باپ سے اُنہون نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے معنون مین اور یہ حدیث صحیح ہے

## بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ أَبْوَابُ الْأَمْثَالِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ یہ باب مین مثالون کے جو وارد ہوئے ہین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے

**باب** مَا جَاءَ فِي مَثَلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ لِعِبَادِهِ باب مثال دینے اللہ تعالی کے اپنے بندوں کے لئے **عن** النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ الْكِلَابِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ ضَرَبَ مَثَلًا صِرَاطًا مُسْتَقِيمًا عَلَى كَنَفَيِ الصِّرَاطِ سُورَانِ لَهُمَا أَبْوَابٌ مُفَتَّحَةٌ عَلَى الْأَبْوَابِ سُتُورٌ وَدَاعٍ يَدْعُو عَلَى رَأْسِ الصِّرَاطِ وَدَاعٍ يَدْعُو فَوْقَهُ وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى دَارِ السَّلَامِ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ وَالْأَبْوَابُ الَّتِي عَلَى كَنَفَيِ الصِّرَاطِ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا يَقَعُ أَحَدٌ فِي حُدُودِ اللَّهِ حَتَّى يَكْشِفَ السِّتْرَ وَالَّذِي يَدْعُو مِنْ فَوْقِهِ وَاعِظُ رَبِّهِ **ترجمہ** روایت ہے نواس بن سمعان سے جو قبیلہ بنی کلب سے ہین کہا اُنہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ البتہ اللہ تعالی نے بیان فرمائی ایک مثال صراط مستقیم کے کہ وہ ایسی راہ ہے کہ اُسکے دونو جانب یعنے داہنے بائین دو دیوار ہین ان دیوارون مین جابجا دروازے کھلے ہوئے ہین اور دروازون پر پردے پڑے ہوئے ہین اور ایک بلانیوالا بلا رہا ہے اُس راہ کے سر پر اور ایک بلا رہا ہے اُسکے اوپر سے اور اللہ بلاتا ہے طرف گھر سلامتی کے اور راہ دکھاتا ہے جسکو چاہتا ہے سیدھی راہ اور وہ دو دیوار جو ہین داہنے بائین کنارون پر پس وہ حدود ہین اللہ تعالی کے یعنے محرمات مین مثل زنا اور شرب خمر وغیرہ کے سو جو شخص نزدیک نہ جاوے محرمات کے اُن حدود تک جو اللہ تعالی کی ہیں جبتک کہ وہ پردہ نہ اٹھا دے یعنے چھوٹے چھوٹے صغائر مین گرفتار ہوتا ہے بعد کبائر مین اور سطح اول شبہات مین پڑتا ہے بعد محرمات مین آتا ہے اور جو پکارنیوالا ہے اُس راہ کا اوپر سے وہ ایک نصیحت کرنیوالا ہے اللہ تعالی کی طرف سے یعنے موئے کی دلمین **ف** یہ حدیث ہے غریب ہے سنا ہمنین ہے عبداللہ بن عبدالرحمن سے کہ کہتے تھے ہم شامیون سے زکریا بن عدی سے وہ کہتے تھے کہ کہا ابواسحق فزاری نے کہ تو ہم واسطے بین بقیہ بن ولید کے جو روایت کرین وہ ثقہ لوگون سے اور ثقہ لوگون سے تو ہم روایت کرین اسمعیل بن عیاش سے خواہ وہ روایت کرین ثقہ سے خواہ غیر ثقہ سے +

عن جابر بن عبد اللہ الانصاری قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوما فقال انی رایت فی المنام کان جبرئیل عند راسی ومیکائیل عند رجلی یقول احدھما لصاحبہ اضرب لہ مثلا فقال اسمع سمعت اذنک واعقل عقل قلبک انما مثلک ومثل امتک کمثل ملک اتخذ دارا ثم بنی فیھا بیتا ثم جعل فیھا مائدۃ ثم بعث رسولا یدعو الناس الی طعامہ فمنھم من اجاب الرسول ومنھم من ترکہ فاللہ ھو الملک والدار الاسلام والبیت الجنۃ وانت یا محمد رسول من اجابک دخل الاسلام ومن دخل الاسلام دخل الجنۃ ومن دخل الجنۃ اکل فیھا رواہ الدارمی

جابر بن عبد اللہ کہتے ہیں کہ نکلے ہماری طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اکیدن اور فرمایا کہ میں نے خواب دیکھا کہ جبرئیل میرے سر اور میکائیل میرے پائینتی کہتا ہے ایک میں کا اپنی ساتھی سے کہ بیان کر واس نبی کے لئے کوئی مثال تو کہا دوسرے نے کہ سن تو لیجئے خطاب کیا اسنے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف یعنی آپ سے کہ سن کان تیرے یہ وعاد اور سمجھ تو یہ عقل سمجھنے والے دل تیرا البتہ مثال تیرے اور تیری امت کی ایسی ہے جیسے ایک بادشاہ نے ایک گھر بنایا اور اسمیں ایک گھر بنا کر اس گھر میں دسترخوان چنا یعنے انواع ماکولات اور مشروبات سے پھر بھیجا ایک رسول کہ بلاؤ لوگوں کو اسکے طعام کی طرف سو بعضوں نے قبول کیا بلانا رسول کا اور بعضوں نے چھوڑ دیا اور نہ آیا اسکے بلاؤ کو اب حقیقت اس مثال کے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ بادشاہ ہے وہ گھر اسلام ہے اور تو اے محمد رسول ہو جسنے تمہاری بلاو کو قبول کیا داخل ہوا اسلام میں اور جو داخل ہوا اسلام میں داخل ہوا جنت میں اور جو داخل ہوا جنت میں کھایا جو کچھ اسمیں ہے ف یہ حدیث مرسل ہے سعید بن ابی ہلال نے نہیں پایا جابر بن عبد اللہ کو یعنی درمیان میں کوئی راوی چھوٹ گیا ہے اور اسباہین بن مسعود ہے روایت کی اور مروی ہوئی یہ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور سند اس سند کے اور وہ سند صحیح تر ہے اس سے عن ابن مسعود قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العشاء ثم انصرف فاخذ بید عبد اللہ بن مسعود حتی خرج بہ الی بطحاء مکۃ فاجلسہ ثم خط علیہ خطا ثم قال لا تبرحن خطک فانہ سیلتھی الیک رجال فلا تکلمھم فانھم لن یکلموک ثم مضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حیث اراد فبینا انا جالس فی خطی اذا ما فی رجال کانھم الرط شعارھم واجسامھم لا اری عورۃ ولا اری فرجا ویتھوننا الی ولا یجاوزون الخط ثم یصدرون الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی اذا کان من آخر اللیل لکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد جاءنی وانا جالس فقال لقد راعنی منذ اللیلۃ ثم دخل علی فی خطی فوسد فخذی فرقد وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رقد نفخ فبینا انا قاعد ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متوسدنی فخذی اذا انا برجال علیھم ثیاب بیض اللہ اعلم ما بھم من الجمال فاستھوا الی فجلس طائفۃ منھم عند رأس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وطائفۃ منھم عند رجلیہ ثم قالوا بینھم ما رأینا عبدا قط اوتی مثل ما اوتی ھذا النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان عینیہ تنامان وقلبہ یقظان اضربوا لہ مثلا مثل سید بنی قصرا ثم جعل مائدۃ فدعا الناس الی طعامہ وشرابہ فمن اجابہ اکل من طعامہ وشرب من شرابہ ومن لم یجبہ عاقبہ او قال عذبہ ثم ارتفعوا واستیقظ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عند ذلک فقال سمعت ما قال ھؤلاء وھل تدری منھم قلت اللہ ورسولہ اعلم قال ھم الملئکۃ فتدری ما المثل الذی ضربوا قلت اللہ ورسولہ اعلم قال المثل الذی ضربوا اللہ الرحمن بنی الجنۃ ودعا الیھا عبادہ فمن اجابہ دخل الجنۃ ومن لم یجبہ عاقبہ او عذبہ رواہ الدارمی

عبد اللہ بن مسعود سے کہا انہوں نے کہ نماز پڑھی ہمارے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عشا کی یعنے اکیدن اور پھر پھیر کر لیا ہاتھ عبد اللہ بن مسعود کا یہانتک کہ نکل گئے کنکر یلی زمین کی طرف کہ کے سو بٹھلا دیا انکو پھر کھینچا اسنے مجھ کو ایک خط اور فرمایا ہو تو اسی خط میں یعنے باہر نہ نکلنا اس سے اسلئے کہ آویگے تیرے پاس بہت سے مرد سو نہ بات کیجو تو انسے اور نہ بات کریں گے وہ تجھ سے پھر چلے گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جہانکا ارادہ کرتے تھے سو اس اثنا میں کہ میں بیٹھا ہوا تھا اپنے خط میں کہ آئے میرے پاس بہت سے مرد گویا کہ وہ رجال ہیں بال انکے اور بدن انکے نہ تو میں نے انکے دیکھتا تھا اور نہ انپر کپڑا تھا آتے ہی وہ میری طرف نہ آئے بڑھتے ہی میرے خط سے یہ چلے جاتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس یہانتک کہ جب ہوئی آخر شب کوئی نہ آیا مگر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم آئے میرے پاس اور میں بیٹھا ہوا تھا سو فرمایا آپنے کہ بیشک میں نے دیکھا اپنی تئیں آجکی رات یعنے نہیں سو اسمیں بالکل پھر داخل ہوئے مجھ میرے خط میں اور تکیہ لگایا میرے ران پر اور سو گئے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب سوتے ہیں تو خراٹے لینے لگتے ہے سو اس حالمیں کہ میں بیٹھا ہوا تھا اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تکیہ لگائے ہوئے تھے میرے ران پر یکایک آگئی میرے پاس چند مرد کہ انکے بدن پر سفید کپڑے تھے اور خدا خوب جانتا ہے جو کچھ جو تصور انمیں تھی یعنے نہایت حسین تھے سو ہمارے وہ مجھ تک سو بیٹھ گئے ایک گروہ انمیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سرہانے اور ایک گروہ انکے پیروں کے پاس اور وہ آپسمیں کہنے لگے نہیں دیکھا ہم نے کوئی بندہ ایسا کہ اسکو ملا ہو جو کچھ

کہ انکو بلا ہے تحقیق کہ انکو میں اس نبی کے سونپی میں اور دل جاگتا ہے یعنے ادراک رکھتا ہے جیسا بیداری میں ہو بیان کرو اسکے لئے ایک مثل مثل سردار کی کہ اُسنے بنایا ایک محل پھر طیار کیا اُسمیں ایک دسترخوان اور بُلایا لوگوں کو اپنے کھانے اور پینے کیطرف سو جسنے قبول کیا اُسکے بُلاوے کو کہا بُلاوے اُسکا کھانا اور پیا اُسکا پینا اور جسنے قبول نکیا بُلاوے اُسکا عذاب کریگا پھر سرور اسکو راوی کو شک ہے کہ عاقبہ کہا یا بندہ بعد دونوں کے ایک میں یا اُٹھ گئے وہ لوگ یعنے تیرے پاس سے اور جاگ اُٹھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سو قوت اور فرمایا آپنے سنا تونے جو کہیدیا ان لوگوں نے کہا اور تم جانتے ہو کہ یہ کون لوگ تھے کہا ہمیں اللہ اور رسول اُسکا خوب جانتا ہے فرمایا آپنے وہ فرشتے ہے اور تم سمجھے جو مثل انہوں نے بیان کیے کہا اللہ اور رسول خوب جانتا ہے کہا وہ مثل جو انہوں نے بیان کی حقیقت اُسکی یہ ہے کہ رحمن نے بنائی جنت یعنی سردار ہے رحمن اور محل سے جنت مراد ہے اور کہا یا میں بندہ تجکو جسنے قبول کیا اُسکی بُلاوے کو داخل ہو جنت میں اور جسنے نافرمانی کریگا اُسکو عذاب کریگا اُسکو راوی کو شک ہے کہ عاقبہ فرمایا یا بندہ **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہی اس سند سے اور ابو تمیمہ کا نام طریف ہے اور ابو عثمان ہندی کا نام عبدالرحمن ہے اور وہ بصری ہیں مُل کے اور سلیمان تیمی وہ بصری ہیں طرخان کے اور وہ اُترا کرتے تھے قبیلہ بنی تیم میں اسلیئے تیمی مشہور ہو گئے کہا ابن نے کہا یحییٰ بن سعید نے نہیں دیکھا کسیکو اہل بصرہ سے زیادہ سلیمان تیمی سے **مترجم** دو لوگ جو اول ابن مسعود پر ظاہر ہوئے جن تہی اور زط ایک ملک ہے آدمیوں کا زط جی اُسطرف منسوب ہے جیسے زنج کیطرف زنجی اور روم کیطرف رومی اور نہایہ میں ہے کہ وہ ایک قسم ہے سودان کے اور منوذی اور صاحب قاموس نے کہا کہ زط ایک قسم ہے آدمیوں کے سندھ کے رہنے والے اور وہ زط ہے جمع ہے **باب** ماجاء مثل النبی والامتہ صلی اللہ علیہ وعلیھم اجمعین وسلم باب آنحضرت کی اور اُمت کی مثال میں **عن** جابر بن عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما مثلی ومثل الانبیاء کرجل بنی دارا فاکملھا واحسنھا الا موضع لبنۃ فجعل الناس یدخلونھا ویتعجبون منھا ویقولون لولا موضع اللبنۃ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبداللہ سے کہا ہمنے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ البتہ مثال میری اور مثال سب انبیاء کی ایسی ہے جیسے ایک شخص نے بنایا ایک گھر اور اسکو کامل کیا اور خوبصورت بنایا اسمیں زینت بخوبی کی مگر ایک اینٹ کی جگہ ایک اینٹ کی سو لوگ داخل ہونے لگے اُسمیں اور تعجب کرتے تھے اُسسے خوبی پر اور کہتے کہ کاش یہ جگہ خالی نہ ہوتی تو کیا خوب ہوتا مراد یہ ہے کہ وہ اتنی کمی کہ نقصان نہیں لاتی ہے کہ جس سے تمام بنا کا لوٹ جانا لازم آوے کیا اسباب میں لبی ہریرہ اور ابی بن کعب سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے اس سند سے **باب** ماجاء مثل الصلوٰۃ والصیام والصدقۃ باب نماز روزہ اور صدقہ کے مثال میں **عن** الحارث الاشعری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ امر یحییٰ بن زکریا بخمس کلمات ان یعمل بھا ویامر بنی اسرائیل ان یعملوا بھا فکاد ان یبطئ بھا فقال لہ عیسیٰ ان اللہ امرک بخمس کلمات لتعمل بھا وتامر بنی اسرائیل ان یعملوا بھا فاما ان تامرھم واما ان امرھم فقال یحییٰ کانی اذا امرتھم خشیت ان یسبقنی بھا العذاب او یخسف بی فجمع الناس فی بیت المقدس فامتلاء وقعدوا علی الشرف فقال ان اللہ امرنی بخمس کلمات ان اعمل بھن وامرکم ان تعملوا بھن وانہ کان ان عبد اللہ ولا تشرکوا باللہ شیئا وان مثل من اشرک باللہ کمثل رجل اشتری عبدا من خالص مالہ بذھب او ورق فقال ھذا داری وھذا عملی فاعمل وادی الی غیر سیدہ فایکم یرضی ان یکون عبدہ کذلک وان اللہ امرکم بالصلوٰۃ فاذا صلیتم فلا تلتفتوا فان اللہ ینصب وجھہ الی عبدہ فی صلوتہ ما لم یلتفت وامرکم بالصیام فان مثل ذلک کمثل رجل فی عصابۃ معہ صرۃ من مسک کلھم یجد ریحھا وان ریح الصائم اطیب عند اللہ من ریح المسک وامرکم بالصدقۃ فان مثل ذلک کمثل رجل اسرہ العدو فاوثقوا یدہ الی عنقہ وقدموہ لیضربوا عنقہ فقال انا افدیہ منکم بالقلیل والکثیر ففدا نفسہ منھم وامرکم ان تذکروا اللہ فان مثل ذلک کمثل رجل خرج العدو فی اثرہ سراعا حتی اذا اتی علی حصن حصین فاحرز نفسہ منھم کذلک العبد لا یحرز نفسہ من الشیطان الا باذکر اللہ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم وانا امرکم بخمس اللہ امرنی بھن السمع والطاعۃ والجھاد والھجرۃ والجماعۃ فانہ من فارق الجماعۃ قید شبر فقد خلع ربقۃ الاسلام من عنقہ الا ان راجع ومن ادعی دعوی الجاھلیۃ فانہ من جثی جھنم فقال رجل یا رسول اللہ وان صلی وصام فقال وان صلی وصام فادعوا بدعوی اللہ الذی سماکم المسلمین المؤمنین عباد اللہ **ترجمہ** روایت ہے حارث اشعری سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا یحییٰ علیہ السلام کو پانچ باتوں کا کہ عمل کریں پسر حکم کریں بنی اسرائیل کا کہ وہ بھی عمل کریں اُسپر۔ وہ اُنکے پہونچانے میں کچھ تاخیر کرتے تھے یعنے سوچتے تھے کہ بنی اسرائیل کو کسطرح پہونچاؤں تب کہا عیسیٰ علیہ السلام نے کہ اللہ تعالیٰ نے حکم کیا ہے تجکو پانچ باتوں کا کہ تم عمل کرو اور بنی اسرائیل کو حکم کرو کہ وہ بھی یہ عمل کریں تو تم بنی اسرائیل کو حکم کرو نہیں تو میں حکم کر دیتا ہوں میں

کہا یحییٰ نے کہ مین ڈرتا ہون کہ اگر سبقت کی تمنے مجھپر اُن امور کی تبلیغ مین تو دھنس نجاؤنگین یا کھینچ غذاب کیا جاؤنگین مین سو جمعہ کیا یحییٰ علیہ السلام نے لوگون کو بیت المقدس مین سو بہر گئے وہ لوگ اُسمین اور بیٹھے بلندیون پر سو فرمایا حضرت یحییٰ علیہ السلام نے کہ اللہ تعالیٰ نے حکم کیا مجھکو پانچ باتونکا تا کہ عمل کرونمین اُن پر اور حکم کرون تمکو کہ تم بھی عمل کرو اُنپر پہلی اُنکی یہ بات ہے کہ عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی اور مت شریک کرو اُسکے ساتھ کسیکو اور بیشک مثال اُس شخص کے کہ جسنی شریک کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو مانند اُس شخص کے ہے کہ خریدا اُسنی ایک غلام اپنے خالص مال سے یعنے بلا شرکت غیری سونی سی یا چاندی ہی اور کہا اُس غلام سی کہ یہ گھر میرا ہی اور یہ پیشہ میرا ہے سو یہ پیشہ کرتو اور نفعہ اسکا مجھکو دی سو وہ پیشہ کرتا ہی اور نفع اُسکا کسی اور کو دیتا ہی اپنی آقا کی سوا سو کون راضی ہوگا تم مین سے کہ اُسکا غلام ایسا ناکام ہو اور اللہ تعالیٰ نے حکم کیا تمکو نماز کا سو جب تم نماز پڑھو تو ادہر اُدہر مت دیکھو اسلئے کہ اللہ تعالیٰ اپنا مونہہ کبی رہتا ہی بندے کی مونہہ کیطرف اُسکی نماز مین جب تک کہ وہ ادہر اُدہر نہ دیکھے اور حکم کیا تمکو روزہ کا سو مثال روزہ دار کی اُس شخص کے مانند ہی جو ایک گروہ مین ہی اور اُسکے ساتھ ہی ایک تھیلی کہ اُسمین مشک ہے سو سبکو اچھی لگتی ہے بو اُسکی اور اُسکو بھی پسند آتی ہے بو اُسکی اور بو روزہ دار کی مونہہ کے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک سے زیادہ پاکیزہ ہی اور اللہ تعالیٰ نے حکم کیا تمکو صدقہ کا سو بیشک مثال صدقہ دینی والی کی مانند اُس شخص کے ہے کہ قید کیا اُسکو دشمن نے اور باندہی اُسکی ہاتھ اُسکی گردن مین اور نیچلی اُسکو تا کہ اُسکی گردن مارین سو اُسنے کہا کہ مین فدیہ دیتا ہون جو کچھ میرے پاس ہے قلیل کثیر سے سو فدیہ دیکر چھوڑا اُسنی اپنی جان یعنے اسیطرح صدقہ دینی والا عذاب آہی سے نجات پاتا ہے اور حکم کیا اُسنے تمکو کہ یاد کرو تم اللہ تعالیٰ کو اسلئے کہ مثال اللہ تعالیٰ کے یاد کرنیوالی کی ایسی ہے کہ جیسے ایک شخص ہے کہ نکلا دشمن اُسکی پیچھے دوڑتا ہوا اور وہ بھاگا یہان تک کہ آیا وہ ایک قلعہ حصینہ مین اور بچالی اُسنی اپنی جان اُس سے اسیطرح بندہ نہین بچا سکتا اپنی جان شیطان سے مگر اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مین حکم کرتا ہون تمکو پانچ باتونکا کہ اللہ تعالیٰ نے حکم کیا ہے مجھکو اُنکا اوّل بات سُننا ہی دوسرے کہنا ماننا حاکم کا یعنے جو خلاف خدا حکم نکرے میرے جہاد چوتھے ہجرت پانچوین التزام جماعت مسلمین کا اسلئے کہ جو جُدا ہوا جماعت سی ایک بالشت کے برابر اُسنی نکالدی رسی اسلام کے اپنی گردن سے مگر یہ کہ پھر آجاوے جماعت کی طرف اور جسنی پکارا پکار زمانہ جاہلیت کا یعنے لوگون کو بغی و فساد و خانہ جنگی کے لیے جمع کیا تو وہ جہنم کے جماعت مین ہی سو عرض کیا ایک مرد نے کہ یا رسول اللہ اگرچہ وہ نماز پڑھے اور روزہ رکھے یعنے جب ہی جہنمی ہے فرمایا اگرچہ وہ نماز پڑھے اور روزہ رکھے سو پکارو تم اللہ تعالیٰ کے پکارکے موافق جیسا کہ نام رکھا ہے تمہارا اُسنے مسلمان مؤمن بندے اللہ کے یعنے جب مجتمع ہو تو اطاعت الٰہی کے لئے نہ بغی و فساد کی واسطی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے کہا محمد بن اسمٰعیل نے حارث اشعری کو صحبت ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور اُنکی اور یہی حدیثین ہین سوا اسکے روایت کیے ہمسے محمد بن بشار نے اُسنی ابو داؤد طیالسی نے اُسنی ابان بن یزید نے اُسنی یحییٰ نے اُسنے زید بن سلام نے اُن سے ابی سلام نے اُسنے حارث اشعری نے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی مضمون مین یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور ابو سلام کا نام ممطور ہے اور روایت کیے یہ حدیث علی بن مبارک نے یحییٰ بن کثیر سے **باب** مَا جَاءَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الْقَارِئِ لِلْقُرْاٰنِ وَغَيْرِ الْقَارِئِ باب قاری قرآن اور غیر قاری کے بیان مین **عن** اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ كَمَثَلِ الْاُتْرُجَّةِ رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا طَيِّبٌ وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ لَا يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ كَمَثَلِ التَّمْرَةِ لَا رِيْحَ لَهَا وَطَعْمُهَا حُلْوٌ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِیْ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ كَمَثَلِ الرَّيْحَانَةِ رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِیْ لَا يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ رِيْحُهَا مُرٌّ وَطَعْمُهَا مُرٌّ **ترجمہ** روایت ہے ابی موسیٰ اشعری سے کہا اُنہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مثال اُس مؤمن کے کہ قرآن پڑھتا ہے مانند ترنج کے ہی کہ بو اُسکی خوش ہے اور مزہ اُسکا اچھا ہے اور مثال اُس مؤمن کے کہ قرآن نہین پڑھتا ہے مانند کھجور کے ہے کہ اُسمین خوشبو نہین اور مزہ اُسکا میٹھا ہے اور مثال اُس منافق کے کہ قرآن پڑھتا ہے مانند مثال ریحان کے ہے کہ بو اُسکی خوش ہے اور مزہ اُسکا کڑوا ہے اور مثال اُس منافق کے کہ قرآن نہین پڑھتا ہے مانند مثال حنظل کے ہی کہ بو اُسکی بد ہے اور مزہ اُسکا بُرا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیے ہی وہ شعبہ نے قتادہ سی ہی **عن** اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ الزَّرْعِ لَا تَزَالُ الرِّيَاحُ تُفِيْئُهُ وَلَا يَزَالُ الْمُؤْمِنُ يُصِيْبُهُ بَلَاءٌ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ شَجَرَةِ الْاَرْزِ لَا تَهْتَزُّ حَتّٰی تُسْتَحْصَدَ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا اُنہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مثال مؤمن کے مانند کھیتی کے ہے کہ ہمیشہ اُسکو ہوا جھکاتی رہتی ہے یعنے کبھی دہنے اور کبھی بائین اور مؤمن ہمیشہ رہتا ہے کہ پہونچتی ہے اُسکو بلا اور مثال منافق کی مانند درخت

فارسی مترجم ابو داؤد و مشکوٰۃ کا مترجم

صنوبر کے ہی کہ ہرگز ملتا نہیں یہانتک کہ جڑ سے کاٹ ڈالا جاوے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان من الشجرۃ شجرۃ لا یسقط ورقھا وھی مثل المؤمن حدثونی ما ھی قال عبد اللہ فوقع الناس فی شجر البوادی ووقع فی نفسی انھا النخلۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھی النخلۃ فاستحییت یعنی ان اقول قال عبد اللہ فحدثت عمر بالذی وقع فی نفسی فقال لان تکون قلتھا احب الی من ان یکون لی کذا وکذا **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ درختوں میں سے ایک درخت ایسا ہی کہ ایام خزان میں اسکی پتی نہیں جھڑتے اور وہ مومن کی مانند ہے یعنی کثرت منافع اور وفور مصالح میں سو بیان کرو تم مجھ سے کہ وہ کونسا درخت ہے کہا عبد اللہ نے کہ لوگ خیال کرنے لگے جنگل کے درختوں میں اور میرے دل میں آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ کھجور ہے اور حیا کی میں نے یعنے اس سے کہ میں بول اٹھوں یعنی چھوٹا ہو کر بڑوں کے سامنے شرمایا کہا عبد اللہ نے کہ پھر ذکر کیا میں نے عمر رضی اللہ عنہ سے اس درخت کا کہ میرے دل میں آیا تھا تو فرمایا مجھ سے عمر نے کہ اگر تو کہہ دیتا یعنے آنحضرت کے آگے تو مجھ کو خوش ہوتا اس سے کہ مجھ ایسا ایسا مال ملتا یعنے حضرت کے آگے ذکر کرنے سے آپ خوش ہوتے اور خوشی انکی ساری دنیا کے مال سے بہتر ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسباب میں ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے **باب** ما جاء مثل الصلوات الخمس باب نماز پنجگانہ کی مثال میں **عن** ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ارأیتم لو ان نھرا بباب احدکم یغتسل فیہ کل یوم خمس مرات ھل یبقی من درنہ شیء قالوا لا یبقی من درنہ شیء قال فذلک مثل الصلوات الخمس یمحو اللہ بھن الخطایا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بھلا دیکھو تو اگر کسی کے دروازے پر ایک نہر ہو اور وہ اسمیں ہر روز میں پانچ بار غسل کرتا ہوا یا باقی رہیگا اسکی بدن پر کچھ میل وغیرہ کے کہ نہ باقی رہیگا اسکے بدن پر کچھ میل تب فرمایا آپ نے کہ یہی مثال ہے نماز پنجگانہ کی کہ مٹاتا ہے اللہ تعالی اسکی برکت سے گناہوں کو **ف** اس باب میں جابر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی روایت کیے ہمسے قتیبہ نے انہوں نے بکر بن مضر سے انہوں نے ابن ہاد سی مانند اسکی **باب** اس امت کے مثال میں **عن** انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثل امتی مثل المطر لا یدری اولہ خیر ام اخرہ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہا رسول نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مثال میرے امت کے مانند مینہ کے کہ معلوم نہیں ہوتا کہ اول اسکا بہتر ہے یا آخر اسکا **ف** اسباب میں عمار اور عبد اللہ بن عمرو اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہے عبد الرحمان بن مہدی سے کہ وہ ثبت کہتے تھے حماد بن یحیی کو اور کہتے تھے کہ وہ ہمارے تابعین سے میں **باب** ما جاء مثل ابن ادم واجلہ واملہ باب آدمی کے اجل و امید کے بیان میں **عن** بریدۃ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھل تدرون ما مثل ھذہ وھذہ ورمی باصبعین قالوا اللہ ورسولہ اعلم قال ھذا الانسان وھذا الاجل **ترجمہ** روایت ہے بریدہ سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آیا جانتے ہو تم کہ کیا ہے مثال اسکی اور انکی اور پھینکے آپ نے دو انگلیاں عرض کیے صحابہ نے کہ اللہ اور رسول اسکا خوب جاننے والا ہی فرمایا آپ نے یہ تیری مانند ہے اور یہ تیری اجل ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **عن** ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما الناس کالابل مائۃ لا تجد الرجل فیھا راحلۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ البتہ لوگ ایسی ہیں جیسے سو اونٹ کہ اسمیں نہ پاوے آدمی ایک اونٹ بھی قابل سواری کے اور لادنے کے یعنے بہتر کام کا آدمی نہیں ملتا **ف** یہ حدیث صحیح ہے صحیح ہی روایت کیے ہمسے سعید نے انہوں نے سفیان سے انہوں نے زہری سے ہی اسی اسناد سے مانند اسکی اور اسمیں کہا کہ نہ پاوے تو یعنے ان اونٹوں میں ایک اونٹ قابل سواری کے **عن** ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما الناس کابل مائۃ لا تجد فیھا راحلۃ او لا تجد فیھا الا راحلۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ البتہ لوگ مانند سو اونٹوں کے ہیں کہ نہ پاوے تو اسمیں ایک بھی اونٹ قابل سواری کے یا فرمایا کہ نہ پاوے تو اسمیں مگر ایک اونٹ قابل رکوب حمل اور یہ ہی حضرت کے زمانہ میں تھا کہ تو میں ایک کام کا نکل آتا تھا اب لاکھوں میں ہی ایک کام کا نکلنا مشکل ہے **عن** ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال انما مثلی ومثل امتی کمثل رجل استنق قد نارا فجعلت الدواب والفراش یقعن فیھا فانا اخذ بحجزکم وانتم تفحمون فیھا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے اور میرے امت کے مثال ایسی ہے کہ جیسے ایک مرد نے آگ سلگائی سو کیڑے اور پتنگے اسمیں آنے لگی سو میں پکڑتا ہوں کمر تمہاری اور تم گرے پڑتے ہو آگ میں یعنے معاصی میں کہ جو سبب ہیں دخول نار کا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال انما اجلکم فیما خلا من الامم کما بین صلوۃ العصر الی مغارب الشمس وانما مثلکم

نماز پنجگانہ کی مثال

اس امت کے مثال

آدمی کی اجل اور امید کا بیان

وَمَثَلُ الْيَهُودِ وَالنَّصَارٰى كَرَجُلٍ اسْتَعْمَلَ عُمَّالًا فَقَالَ مَنْ يَعْمَلُ لِي إِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ فَعَمِلَتِ الْيَهُودُ عَلٰى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ ثُمَّ قَالَ مَنْ يَعْمَلُ لِي مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ إِلٰى صَلٰوةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ فَعَمِلَتِ النَّصَارٰى عَلٰى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ ثُمَّ أَنْتُمْ تَعْمَلُونَ مِنْ صَلٰوةِ الْعَصْرِ إِلٰى مَغَارِبِ الشَّمْسِ عَلٰى قِيرَاطَيْنِ قِيرَاطَيْنِ فَغَضِبَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارٰى وَقَالُوا نَحْنُ أَكْثَرُ عَمَلًا وَأَقَلُّ عَطَاءً قَالَ هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا قَالُوا لَا قَالَ فَإِنَّهُ فَضْلِي أُوتِيهِ مَنْ أَشَاءُ ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا البتہ مدت بقا تمہارے پہلے آپکی امت کے مقابلہ میں اُن امتوں کے جو گذر گئیں ایسی ہے جیسے عصر سے غروب شمس تک یعنی تھوڑی ہے اور البتہ مثال تمہارے اور یہود و نصاریٰ کی مانند ایکے دی ہے کہ اُسنے کام میں لگایا کئی مزدور دنکو اور کہا اُنسے کہ کون عمل کرتا ہے میرے لئے دوپہر تک ایک ایک قیراط پر سو عمل کیا یہود نے ایک قیراط پر پھر کہا اُسنے کہ کون عمل کرتا ہے میرے لئے دوپہر سے نماز عصر تک ایک ایک قیراط پر سو عمل کیا نصاریٰ نے ایک ایک قیراط پر پھر تم عمل کرتے ہو نماز عصر سے غروب شمس تک دو دو قیراط پر یہ خطاب کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کیطرف و غضبناک ہوئے یہود اور نصاریٰ اور کہا اُنہوں نے کہ ہم نے محنت زیادہ کی اور مزدوری کم پائی سو کہا اُس شخص نے کہ آیا میں نے کاٹ رکھا تمہارا کچھ حق اُنہوں نے کہا نہیں سو کہا اُس شخص نے کہ پھر یہ فضل میرا ہے جسی چاہوں دوں ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے

مترجم مراد حدیث یہ ہے کہ آپکی اُمت کی عمر میں تھوڑی ہیں اور عمل قلیل مگر بفضل رب جلیل مستحق اجر جزیل ہیں

## أَبْوَابُ فَضَائِلِ الْقُرْآنِ

## عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ یہ باب میں فضائل میں قرآن عظیم الشان کے جو وارد ہیں رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے

### بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ باب سورۂ فاتحہ کے فضیلت میں

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلٰى أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أُبَيُّ وَهُوَ يُصَلِّي فَالْتَفَتَ أُبَيٌّ فَلَمْ يُجِبْ وَصَلّٰى أُبَيٌّ فَخَفَّفَ ثُمَّ انْصَرَفَ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ مَا مَنَعَكَ يَا أُبَيُّ أَنْ تُجِيبَنِي إِذْ دَعَوْتُكَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي كُنْتُ فِي الصَّلٰوةِ قَالَ أَفَلَمْ تَجِدْ فِيمَا أَوْحَى اللّٰهُ إِلَيَّ أَنِ اسْتَجِيبُوا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ قَالَ بَلٰى وَلَا أَعُودُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ قَالَ أَتُحِبُّ أَنْ أُعَلِّمَكَ سُورَةً لَمْ يُنْزَلْ فِي التَّوْرَاةِ وَلَا فِي الْإِنْجِيلِ وَلَا فِي الزَّبُورِ وَلَا فِي الْقُرْآنِ مِثْلُهَا قَالَ نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ تَقْرَأُ فِي الصَّلٰوةِ قَالَ فَقَرَأَ أُمَّ الْقُرْآنِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا أُنْزِلَتْ فِي التَّوْرَاةِ وَلَا فِي الْإِنْجِيلِ وَلَا فِي الزَّبُورِ وَلَا فِي الْقُرْآنِ مِثْلُهَا وَإِنَّهَا سَبْعٌ مِنَ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنُ الْعَظِيمُ الَّذِي أُعْطِيتُهُ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نکلے ابی ابن کعب کے پاس سو کہا سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے ابی اور وہ نماز پڑھتے تھے سو پھیرا منہ اُنے اور جواب نہ دیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اور نماز تمام کی اور جلدی چلے ہی پھر آئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف اور کہا السلام علیک یا رسول اللہ یعنے سلامتی ہو تم پر اے رسول خدا کے سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سلام ہی تجھ پر کس چیز نے روکا تجھکو اے ابی اس سے کہ تو جواب دیتا مجھکو میں نے پکارا تھا تجھکو سو عرض کی اُنہوں نے کہ اے رسول اللہ کے میں نماز میں تھا تب فرمایا آپنے کہ نہیں پایا تو نے اُسمیں کہ وحی کے میرطرف اللہ تعالیٰ کے یعنے قرآن میں اس آیت کو اِسْتَجِيبُوا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُولِ سے آخر آیت تک یعنے قبول کرو اور جواب دو اللہ تعالیٰ کو اور اُسکے رسول کو جب پکارے وہ تمکو واسطے چیز کے لئے کہ زندہ کرے تمکو کہا اُبی نے کہ ہاں پایا میں نے اس مضمون کو اور اب دوبارہ نہ کرونگا میں اگر چاہا اللہ تعالیٰ نے یعنی ادائی جواب میں دیر نہ کرونگا اگرچہ نماز میں ہوں پھر فرمایا آپنے کیا دوست رکھتا ہے تو کہ سکھاؤں تجھکو ایسی سورت کہ نہیں توراۃ میں اور نہ انجیل میں اور نہ زبور میں اور نہ قرآن میں اُسکے مثل عرض کی اُنہوں نے کیوں نہیں یا رسول اللہ یعنی ضرور سکھائی سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیونکر پڑھتا ہے جب تو کھڑا ہوتا ہے نماز میں کہا راوی نے کہ پڑھی ابی نے ما قرآن کے یعنے سورۂ فاتحہ سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اُس پروردگار کے کہ میرے جان اُسکے ہاتھ میں ہے کہ نہیں اُتری توراۃ میں اور نہ انجیل میں اور نہ زبور میں اور نہ قرآن میں اُسکی مثل کوئی سورت اور وہی سبع مثانی ہے کہ سات آیتیں ہیں کہ بار بار ہر رکعت میں پڑھی جاتی ہیں اور وہی قرآن عظیم ہے کہ جو مجھے دیا گیا ہی ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسباہیں انس بن مالک سے بھی روایت ہے

مترجم اس سورۂ مبارک کے بہت سی نام ہیں منجملہ اُنکے تین نام اس حدیث میں مذکور ہیں ایک ام القرآن یعنی اصل اور جڑ قرآن کی اور آثار اور بنیاد اُسکے معنے میں عظیم الشان ہے کہ اصل اور منشا اُسکا ہے اور وجہ تسمیہ اُسکی یہ ہے کہ یہ سورہ شامل ہے مطالب قرآنیہ اور مقاصد فرقانیہ کو مثل ثنای وحمد الٰہی کے اور تعبد اور وعدہ وعید کے اور اجمالاً مشتمل ہے اور حکمتوں نظریہ اور احکام عملیہ کے کہ وہی مسلوک ہے صراط مستقیم کا اور متضمن ہے اوپر مراتب سعداء اور منازل اشقیاء کے دوسرے سبع مثانی یعنے آیتیں

دوبار اُترتی ہوئی ہیں اسلئے کہ یہ سورہ ایکبار مکہ میں نازل ہوئی ایکبار مدینہ میں جبکہ قبلہ تحویل ہوا اور یہ یہ قرآن عظیم اور یہ دونوں نام آخر کی سورہ حجر میں مذکور ہیں اور اسکو سورۃ الحمد اور سورۃ الشکر اور سورۃ الدعا اور شافیہ بھی کہتے ہیں اور کثرت اسماء کی دلالت کرتی ہے عظمت شان پر سمجھ کے معلوم ہوا کہ یہ سورہ مبارک حق تعالیٰ کے نزدیک بڑی شان رکھتی ہے اور حضرت نے خود اسکو بیان فرمایا اس سے زیادہ کیا ہوگا مگر افسوس ہے کہ جو لوگ اسکو بدعات محدثہ اور اوقات مبتدعہ کے وقت پڑھتے ہیں وہ اسکی برکات سے لایعقل محض ہیں اور غافل بحت

## باب ما جاء فی سورۃ البقرۃ وآیۃ الکرسی

باب سورہ بقرہ اور آیۃ الکرسی کی فضیلت

باب سورہ بقرہ اور آیۃ الکرسی کی فضیلت میں

**عن** ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تجعلوا بیوتکم مقابر وان البیت الذی تقرأ فیہ البقرۃ لا یدخلہ الشیطان **ترجمہ** ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ بناؤ تم اپنے گھروں کو قبریں یعنے مثل موتی کے غافل اور تارک الذکر مت ہو جاؤ اور تحقیق کہ وہ گھر کہ جسمیں سورہ بقر پڑھی جاتی ہے شیطان اُسمیں داخل نہیں ہوتا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے

**عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل شیء سنام وان سنام القرآن سورۃ البقرۃ وفیھا آیۃ ھی سیدۃ آی القرآن آیۃ الکرسی **ترجمہ** ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر چیز کا ایک کوہان ہے اور کوہان قرآن عظیم الشان کا سورہ بقر ہے اور اسمیں ایک آیت ہے کہ وہ سردار ہے قرآن کے سب آیتوں کے اور وہ آیت الکرسی ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر حکیم بن جبیر کے روایت سے اور کلام کیا ہے اسمیں شعبہ نے اور ضعیف کہا ہے اُسکو

**عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قرأکم المؤمن الی الیہ المصیر وآیۃ الکرسی حین یصبح حفظ بھما حتی یمسی ومن قرأھما حین یمسی حفظ بھما حتی یصبح **ترجمہ** ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنی پڑھی حم مومن الیہ المصیر تک اور آیۃ الکرسی جبکہ صبح کی اُسنے تو حفاظت کیا جاویگا وہ انکی برکت سے یہانتک کہ شام کرے اور جسنی کہ پڑھا انکو جبکہ شام کی حفاظت کیا جاویگا وہ یہانتک کہ صبح کرے **ف** یہ حدیث غریب ہے اور کلام کیا بعض اہل علم نے عبدالرحمن بن ابی بکر ابن ابی ملیکہ میں انکے حافظہ کے طرف سے

**عن** ابی ایوب الانصاری انہ کانت لہ سھوۃ فیھا تمر فکانت تجیء الغول فتأخذ منہ فشکی ذلک الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال اذھب اذا رأیتھا فقل بسم اللہ اجیبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فأخذتھا فحلفت ان لا تعود فتکی ذلک الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما فعل اسیرک قال حلفت ان لا تعود وھی معاودۃ للکذب قال فأخذھا فحلفت ان لا تعود فارسلھا فجاء الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما فعل اسیرک قال حلفت ان لا تعود فقال کذبت وھی معاودۃ للکذب فأخذھا فقال ألا أدلک علی ما ینفعک قال بلی قال اذھب ربک حتی تقرأ البقرۃ فانہ لا یقربک شیطان ولا غیرہ فجاء الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما فعل اسیرک قال أخبرک بما قالت قال صدقت وھی کذوب **ترجمہ** ابی ایوب انصاری سے کہ انکا ایک کھتا تھا کہ اُسمیں کھجوریں بہرتی تھیں سو غول آتا تھا اور لیجاتا تھا سو شکایت کی اُنہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے آگے سو فرمایا آپنے کہ جاؤ تم جب دیکھو اُسکو تو کہو اُسکو نام اللہ تعالیٰ کے حکم مان رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کا کہا راوی نے اسپر پکڑا اُسکو ابو ایوب نے یہانتک کہ کہا اور اُسی آپکے پاس سو اُسنے قسم کہائی کہ پھر نہ آویگا سو چھوڑ دیا انہوں نے اُسکو اور آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو پوچھا آپنے کہ کیا کیا تمہاری قیدی نے عرض کی اُسنے قسم کہائی کہ اب نہ آویگا سو آپنے فرمایا کہ جھوٹ کہا اُسنے اور وہ پھر آنے والا ہے طرف جھوٹ کے کہا راوی نے کہ پھر پکڑا اُسکو ابو ایوب نے سو پھر قسم کہائی اُسنے کہ میں اب نہ آونگا سو پھر چھوڑ دیا اُسکو اور آئی آنحضرت کی خدمت میں اور پوچھا آپنے کہ کیا کیا تمہاری قیدی نے عرض کی انہوں نے کہ قسم کہائی اُسنے کہ اب نہ آویگا فرمایا کہ جھوٹا ہی وہ اور وہ پھر آنیوالا ہے طرف جھوٹ بولنے کے سو پھر پکڑا اُسکو ابو ایوب نے اور کہا میں تجھی ہرگز چھوڑنیوالا نہیں یہانتک کہ لیجاؤنگا میں تجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک سو کہا اُسنے کہ میں تمسے ذکر کرتا ہوں ایک چیز کا اور وہ آیۃ الکرسی ہے پڑھو تو اُسکو اپنے گھر میں سو قریب آویگا تیرے شیطان اور نہ کوئی اور صبح کو حاضر ہوئی ابو ایوب خدمت میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اور پوچھا آپنے کہ کیا کیا تمہاری قیدی نے کہا راوی نے کہ خبر دی اُنہوں نے آپکو اُسکے حال سے تب فرمایا آپنے کہ سچ کہا اُسنے اگرچہ وہ جھوٹا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے

**عن** ابی ھریرۃ قال بعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعثا وھم ذو عدد فاستقرأھم فاستقرأ کل رجل منھم یعنی ما معہ من القرآن فأتی علی رجل من احدثھم سنا فقال ما معک یا فلان فقال معی کذا وکذا وسورۃ البقرۃ فقال أمعک سورۃ البقرۃ قال نعم قال اذھب فأنت أمیرھم فقال رجل من أشرافھم واللہ ما منعنی ان أتعلم البقرۃ الا خشیۃ ان لا أقوم بھا فقال

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا الْقُرْاٰنَ وَاقْرَءُوْہُ فَاِنَّ مَثَلَ الْقُرْاٰنِ لِمَنْ تَعَلَّمَہٗ فَقَرَءَہٗ وَقَامَ بِہٖ کَمَثَلِ جِرَابٍ مَحْشُوٍّ مِسْکًا یَفُوْحُ رِیْحُہٗ فِیْ کُلِّ مَکَانٍ وَمَثَلُ مَنْ تَعَلَّمَہٗ فَیَرْقُدُ وَھُوَ فِیْ جَوْفِہٖ کَمَثَلِ جِرَابٍ اُوْکِیَ عَلٰی مِسْکٍ ترجمہ ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے کہ بیچارے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر اور وہ گنتی کے لوگ تھے سو ان سے قرآن پڑھوایا آپ نے سو پڑھوایا یا ایک شخص سے انمیں کے یعنے جتنا اسکو یاد تھا قرآن سو سو گذری آپ ایک دن انمیں کے کہ وہ تو سن تھا ان سب میں سو پوچھا آپ نے کہ تیرے ساتھ کیا ہے قرآن سی فلانے سو عرض کی اسنی کہ مجھے یاد ہی فلان فلان سورہ اور سورہ بقر سو فرمایا آپ نے یعنے بطریق شاباشی کے کہ تیرے ساتھ سورہ بقر بھی ہے اسنے عرض کی کہ ہان فرمایا آپنے کہ جا تو ان سب لشکریوں کا امیر ہے سو کہا ایک مرد نے انکے اشراف میں سے کہ قسم ہے اللہ کی نہیں روکا مجھے کسی نے اس سورہ کے سیکھنے سے مگر اس امر کے خوف نے کہ میں تہجد میں ہمیشہ نہ پڑھ سکونگا اسکو سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سیکھو قرآن کو اور پڑھو اسکو اسلئے کہ مثال اس شخص کے کہ جسنے سیکھا اور پڑھا اسکو یعنے تہجد وغیرہ میں اور عمل کیا اسپر مانند ایک کیسہ کے کہ بھرا ہوا ہے مشک سے کہ خوشبو اسکی پھیل رہی ہے ہر مکان میں اور مثال اسکی جسنے سیکھا قرآن اور سو رہا یعنے تہجد میں نہ پڑھا اسکو اور وہ اسکی دل میں ہے یعنے محفوظ ہے مانند اس کیسہ کے کہ باندھ دیا موہنہ اسکا اسمیں مشک بہر کر **ف** حدیث حسن ہے اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث سعید مقبری سے انہوں نے روایت کیے عطا سی جموعی میں ابی حمد کے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلا مانند اسکے ہم معنے اسکی انہیں ذکر کیا اس سند میں ابو ہریرہ کا اور اسباب میں ابی بن کعب ہی روایت کیے **باب** ما جاء فی فضل سورۃ البقرۃ باب خاتمہ سورہ بقر کے فضیلت میں **عن** ابی مسعود الانصاری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قرأ الایتین من اٰخر سورۃ البقرۃ فی لیلۃ کفتاہ ترجمہ ابی مسعود انصاری سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے کہ پڑھیں دو آیتیں سورہ بقر کے اخر سی ایک رات میں کافی ہوگئیں اسکو یعنے قیام شب سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** النعمان بن بشیر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ کتب کتابا قبل ان یخلق السموات والارض بالفی عام انزل منہ ایتین ختم بہما سورۃ البقرۃ ولا یقرآن فی دار ثلاث لیال فیقربہا شیطان ترجمہ نعمان بن بشیر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے لکھی ایک کتاب آسمان و زمین پیدا کرنیکے دو ہزار برس پیشتر اتاریں اس کتاب میں سے دو آیتیں کہ ختم کیا انکے ساتھ سورہ بقر کو اور نہ پڑھے جائینگی کسی مکان میں تین رات کہ نہ آسمیں شیطان آوی **ف** یہ حدیث غریب ہے **باب** ما جاء فی ال عمران ۶ سورہ آل عمران کی فضیلت میں **عن** لقاس بن سمعان عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یاتی القرآن واہلہ الذین یعملون بہ فی الدنیا تقدمہ سورۃ البقرۃ وال عمران قال وضرب لہن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلاثۃ امثال ما نسیتہن بعد قال یاتیان کانہما غمامتان او کانہما غیایتان او کانہما فرقان من طیر صواف تحاجان عن صاحبہما ترجمہ نواس بن سمعان سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آویں قرآن اور لوگ اسکے جو عمل کرتے تھے اسپر دنیا میں آگے اسکے ہوگی سورہ بقر اور آل عمران سو کہا نواس نے کہ بیان کیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ان دو سورتوں تین مثالیں کہ پھر میں نہ بھولا انکو اسکے بعد فرمایا آپنے کہ دونوں آوینگی گویا کہ وہ چھتریاں ہیں کہ انکے بیچ میں کرنیں ہی یا فرمایا کہ گویا وہ ٹکڑے ہیں ابر کی یا کہ اور فرمایا کہ وہ گویا سائبان ہیں پرندوں کے کہ صف باندھے ہوی ہوں جھگڑتے ہیں اپنے صاحب کے طرف سے یعنے شفاعت کرتے ہیں اسکی **ف** ابو امامہ اور ابن بریدہ سے روایت ہے یہ حدیث حسن غریب ہے اور معنی اس حدیث کے بعض اہل علم کے نزدیک یہ ہیں کہ آویگا ثواب ان سورتوں کے یعنے سورتوں کے آنے سی تو آنا امر کا ہے ایسی ہی تفسیر کی ہے بعض اہل علم نے اس حدیث کے اور جو مشابہ اسکے ہیں احادیث سے کہ دیگا ثواب قرات قرآن کا اور نواس بن سمعان کی روایت میں جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اشارہ ہی اس معنی کیطرف اسلئے کہ حضرت نے فرمایا ہے اسمیں کہ آوینگے لوگ اسی قرآن کے جو عمل کرتے تھے اسپر دنیا میں پس اس میں دلالت ہے کہ مراد قرآن کے آنے سے ثواب ہے انکے عامل کا اور خبر دی مجھکو محمد بن اسمٰعیل نے انکو حمیدی نے کہا حمیدی نے کہا سفیان بن عیینہ نے عبداللہ بن مسعود کی حدیث کے تفسیر میں جسمیں یہ مذکور ہے کہ نہیں پیدا کی اللہ تعالی نے آسمان و زمین میں کوئی چیز بڑی آیۃ الکرسی سے اتنے سو کہا سفیان نے آیۃ الکرسی کلام ہے اللہ تعالی کا اور کلام اللہ تعالی کا بڑا ہے اسکے پیدا کیے ہوے زمین و آسمان سے **قبر جم** غرض یہی ہے کہ آیۃ الکرسی مخلوق نہیں قدیم ہے اور آسمان و زمین وغیرہ مخلوق من **باب** ما جاء

قرآن کے فضیلت

سورہ آل عمران کے فضیلت

فِي سُوْرَةِ الْكَهْفِ باب سورۂ کہف کی فضیلت میں **عَنِ** الْبَرَاءِ يَقُوْلُ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْكَهْفِ اِذْ رَاٰى دَابَّتَهٗ تَرْكُضُ فَنَظَرَ فَاِذَا مِثْلُ الْغَمَامَةِ اَوِ السَّحَابَةِ فَاَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ السَّكِيْنَةُ تَنَزَّلَتْ مَعَ الْقُرْاٰنِ اَوْ تَنَزَّلَتْ عَلَى الْقُرْاٰنِ **ترجمہ** براء سے روایت ہے کہ وہ کہتے تھے اُس حالت میں کہ ایک شخص سورۂ کہف پڑھتا تھا یعنے تہجد میں کہ دیکھا اُسنے اپنی سواری کے جانور کو کہ وہ کودتا ہے سو نظر کی اُسنے آسمان کیطرف سو یکایک دیکھا مثل ابر کے راوی کو شک ہے کہ غمامہ کہا یا سحابہ سو آیا وہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا آپسے تب فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ تسکین ہے کہ نازل ہوئی ساتھ قرآن کے یا فرمایا اوپر قرآن کے **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسباب بن اُسید بن حضیر سے بھی روایت ہے **عَنْ** اَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَاَ ثَلٰثَ اٰيَاتٍ مِنْ اَوَّلِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ **ترجمہ** روایت ہے ابی الدرداء سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے پڑھیں تین آیتیں سورۂ کہف کی اول سے بچایا گیا وہ دجال کے فتنے سے **ف** کہا محمد بن بشار نے خبر دی ہمکو سعاذ بن ہشام نے اُنہوں نے کہا خبر دی مجھکو میرے باپنے قتادہ سے اس اسناد کی مساوا مانند اس روایت کے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **بَابُ** مَا جَاءَ فِيْ يٰسٓ باب سورۂ یٰسین کے فضیلت میں **عَنْ** اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ قَلْبًا وَقَلْبُ الْقُرْاٰنِ يٰسٓ وَمَنْ قَرَاَ يٰسٓ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِقِرَاءَتِهَا قِرَاءَةَ الْقُرْاٰنِ عَشْرَ مَرَّاتٍ **ترجمہ** روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر چیز کا ایک دل ہے اور دل قرآن شریف کا سورۂ یٰسین ہے اور جسنے پڑھی سورۂ یٰسین لکھیگا اللہ تعالے بعوض اُسکے ثواب دس بار قرآن پڑھنے کا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر حمید بن عبد الرحمن کے روایت سے اور بصرہ میں یہ روایت قتادہ سے مروی ہونا نہیں جانتے ہیں لوگ مگر اسی سند سے اور ہارون کہ جنکے کنیت ابو محمد ہے شیخ مجہول ہیں روایت کرتے ہمسے ابو موسیٰ اُن ہی حمد بن سعید سے اُسنے قتیبہ سے اُسنے حمید بن عبد الرحمن سے یہی حدیث اور اسباب میں ابوبکر سے بھی روایت ہے اور صحیح نہیں ہے حدیث ابی بکر کے ازروئے اسناد کے اور اسناد اسکے ضعیف ہے **بَابُ** مَا جَاءَ فِيْ حٰمٓ الدُّخَانِ باب سورۂ دخان کے فضیلت میں **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَاَ حٰمٓ الدُّخَانَ فِيْ لَيْلَةٍ اَصْبَحَ يَسْتَغْفِرُ لَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا اُنہوں نے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی سورۂ دخان کسے رات میں صبح کریگا وہ اور ستر ہزار فرشتے اُسکے لئے مغفرت مانگتے ہونگے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور عمر بن ابی خثعم ضعیف ہیں کہا محمد نے کہ وہ منکر الحدیث ہیں **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَاَ حٰمٓ الدُّخَانَ فِيْ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ غُفِرَ لَهٗ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا اُنہوں نے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے پڑھی حم دخان شب جمعہ کو بخشے جاویگے اُسکے اگلے گناہ اُسکے **ف** اسحدیث کو نہیں جانتے ہم مگر اسی سند سے اور ہشام کو خلی کنیت ابو المقدام ہے ضعیف ہیں اور حسن کو ابی ہریرہ سے سماع نہیں ایسا ہی کہا یونس بن عبید اور علی بن زید نے **بَابُ** مَا جَاءَ فِيْ سُوْرَةِ الْمُلْكِ باب سورۂ ملک کے فضیلت میں **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ ضَرَبَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِبَاءَهٗ عَلٰى قَبْرٍ وَهُوَ لَا يَحْسِبُ اَنَّهٗ قَبْرٌ فَاِذَا فِيْهِ اِنْسَانٌ يَقْرَاُ سُوْرَةَ الْمُلْكِ حَتّٰى خَتَمَهَا فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ضَرَبْتُ خِبَائِيْ عَلٰى قَبْرٍ وَاَنَا لَا اَحْسِبُ اَنَّهٗ قَبْرٌ فَاِذَا فِيْهِ اِنْسَانٌ يَقْرَاُ سُوْرَةَ الْمُلْكِ حَتّٰى خَتَمَهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيَ الْمَانِعَةُ هِيَ الْمُنْجِيَةُ تُنْجِيْهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہا اُنہوں نے کہ بعض اصحاب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک خیمہ لگایا کسی قبر پر اور وہ نجانتے تھے کہ یہاں قبر ہے اور وہاں قبر تھی ایک آدمی کے کہ وہ سورۂ ملک پڑھتا تھا یہانتک کہ ختم کیا اُس سورۂ مبارک کو سو آئی وہ صحابی پاس عرض کے اُنہوں نے کہ یا رسول اللہ لگایا میں نے خیمہ اپنا ایک قبر پر اور میں نجانتا تھا کہ وہاں قبر ہے سو وہاں قبر تھی ایک آدمی کی کہ وہ اُسمیں سورۂ ملک پڑھتا تھا یہانتک کہ ختم کیا اُسنے اسکو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مانع ہے یعنے عذاب قبر سے بچاتی ہے اپنے قاری کو عذاب قبر سے **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے اور اسباب میں ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ سُوْرَةً مِنَ الْقُرْاٰنِ ثَلَاثُوْنَ اٰيَةً شَفَعَتْ لِرَجُلٍ حَتّٰى غُفِرَ لَهٗ وَهِيَ تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک سورت قرآن میں تیس آیتوں کی ہے شفاعت کی اُسنے ایک مرد کی یہانتک کہ بخشا گیا وہ اور وہ سورۂ تبارک الذی بیدہ الملک ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے **عَنْ** جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَنَامُ حَتّٰى يَقْرَاَ الٓمٓ تَنْزِيْلُ وَتَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ سوتے تھے جب تک کہ نہ پڑھ لیتے سورۂ الم تنزیل اور سورۂ تبارک الذی بیدہ الملک۔ **ف** اس حدیث کو روایت کیا ہے کئی لوگوں نے لیث بن ابی سلیم سے مثل اسکے اور روایت کیا ہی اسکو مغیرہ بن مسلم نے ابی الزبیر سے اُنہوں نے جابر سے

انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور روایت کی زہیر نے کہا انہوں نے کہا میں نے ابی الزبیر سے کہ سنا تھا جابر سے کہ ذکر کرتے تھے اس حدیث کو سو کہا ابوالزبیر نے کہ مجھے تو خبر دی ہے صفوان نے یا ابن صفوان نے اور گویا کہ زہیر نے انکا کیا کہ یہ حدیث مرسل ہے ابوالزبیر سے اور وہ جابر سے روایت کرتے ہوں روایت کرتے ہیں بنا دانی اُن سے ابوالاحوص نے اُنسے لیث نے اُن سے ابی الزبیر نے اُن سے جابر نے انہوں نے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے روایت کی ہے ہرثم بن سنر نے اُن سے فضیل نے اُن سے اُن سے عطاؤس نے کہا عطاؤس نے کہ یہ دونوں سورتیں یعنے الم تنزیل اور سورہ ملک فضیلت رکھتی ہیں قرآن کے ہر سورت پر ستر نیکیاں یعنی ستر درجہ

**باب** ماجاء فی اذا زلزلت

باب اذا زلزلت کے فضیلت میں

**عن** انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قرأ اذا زلزلت عدلت لہ بنصف القرآن ومن قرأ قل یا ایہا الکافرون عدلت لہ بربع القرآن ومن قرأ قل ہو اللہ احد عدلت لہ بثلث القرآن **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے پڑھی سورہ اذا زلزلت برابر ہوگا ثواب اُسکا آدھی قرآن کے اور جسنے پڑھی قل یا ایہا الکافرون ثواب اُسکا چوتھائی قرآن کے برابر ہے اور جسنے پڑھی سورہ قل ہو اللہ احد ثواب اُسکا برابر ہے تہائی قرآن کے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اُسکو مگر اس شیخ سے یعنے حسن بن سلم کے روایت سے اور اسناد میں ابن عباس سے

**عن** انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لرجل من اصحابہ ہل تزوجت یا فلان قال لا واللہ یا رسول اللہ ولا عندی ما اتزوج بہ قال الیس معک قل ہو اللہ احد قال بلی قال ثلث القرآن قال الیس معک اذا جاء نصر اللہ والفتح قال بلی قال ربع القرآن قال الیس معک قل یا ایہا الکافرون قال بلی قال ربع القرآن قال الیس معک اذا زلزلت الارض قال بلی قال ربع القرآن قال الا تزوج تزوج **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایکدو کو اپنے اصحاب میں سے کہ آیا نکاح کیا تو نے اسی فلانی کہا اُسنے کہ نہیں قسم ہے اللہ تعالیٰ کی اے رسول اللہ کے اور نہیں ہے میرے پاس اسکہ جہیز کہ نکاح کروں فرمایا آپنے کیا نہیں ہے تیرے ساتھ قل ہو اللہ یعنے تجھے یاد نہیں اُسنے عرض کی کیوں نہیں آپنے فرمایا کہ وہ تہائی قرآن کے برابر ہے یعنی ثواب میں پھر پوچھا آپنے کہ آیا نہیں ساتھ تیرے اذا جاء نصر اللہ والفتح عرض کی اُسنے کہ کیوں نہیں فرمایا برابر ہے وہ چوتھائی قرآن کے پھر پوچھا آپنے کیا نہیں ہے تیرے ساتھ قل یا ایہا الکافرون عرض کی اُسنے کہ کیوں نہیں فرمایا آپنے برابر ہے وہ چوتھائی قرآن کے پھر پوچھا آپنے کیا نہیں ہے تیرے ساتھ اذا زلزلت الارض عرض کی اُسنے کہ کیوں نہیں فرمایا آپنے برابر ہے وہ چوتھائی قرآن کے پھر فرمایا آپنے نکاح کر تو نکاح کرتو **ف** یہ حدیث حسن ہے

**باب** ماجاء فی سورۃ الاخلاص و فی سورۃ اذا زلزلت باب سورہ اخلاص اور اذا زلزلت کی فضیلت میں

**عن** ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا زلزلت تعدل نصف القرآن وقل ہو اللہ احد تعدل ثلث القرآن وقل یا ایہا الکافرون تعدل ربع القرآن **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اذا زلزلت برابر ہے نصف قرآن کے یعنے ثواب واجر میں اور قل ہو اللہ احد برابر ہے ثلث قرآن کے اور قل یا ایہا الکافرون برابر ہے چوتھائی قرآن کے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر میان بن مغیرہ کے روایت سے

**باب** ماجاء فی سورۃ الاخلاص باب سورہ اخلاص کے فضیلت میں

**عن** ابی ایوب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایعجز احدکم ان یقرأ فی لیلۃ ثلث القرآن من قرأ اللہ الواحد الصمد فقد قرأ ثلث القرآن **ترجمہ** روایت ہے ابی ایوب سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تھکتا ہے ایک تم میں سے کہ اس سے کہ پڑھ لیا کرے ایک رات میں تہائی قرآن جسنے پڑھی اللہ الواحد الصمد یعنے سورہ اخلاص سو اُسنے بیشک پڑھا تہائی قرآن **ف** اسناد میں ابی الدرداء اور ابی سعید اور قتادہ بن نعمان اور ابی ہریرہ اور انس اور ابن عمر اور ابی مسعود سے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے اور نہیں جانتے ہم کسیکو کہ روایت کی ہو اُسنے یہ حدیث زائدہ سے بجز اور مناسب ہے زائدہ کے اس روایت میں اسرائیل اور فضیل بن عیاض نے اور روایت کی ہے شعبہ اور کئی لوگوں نے ثقات سے یہ حدیث منصور سے اور منقطع کیا ہے اُسنے

**عن** ابی ہریرۃ قال اقبلت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسمع رجلا یقرأ قل ہو اللہ احد فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وجبت فلت وما وجبت قال الجنۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے کہ آیا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یعنے کسی مقام میں تو سنا اپنے ایکمرد کو کہ پڑھتا تھا وہ قل ہو اللہ احد سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے واجب ہو گئے پس پوچھا میں نے کہ کیا واجب ہوئی فرمایا آپنے جنت **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر مالک بن انس کے روایت سے اور ابو خنیس اور عبید بن خنیس میں

**عن** انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من قرأ کل یوم مائۃ مرۃ قل ہو اللہ احد محی عنہ ذنوب خمسین سنۃ الا ان یکون علیہ دین ولہذا لا اسناد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال من قرأ کذا کذا مرۃ فلہ کذا

علی یمینہ ثم قرأ قل ھو اللہ احد مائۃ مرۃ فاذا کان یوم القیمۃ یقول لہ الرب تبارک وتعالی یا عبدی ادخل علی یمینک الجنۃ ترجمہ ابی سے ہے انس بن مالک سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے پڑھی ہر دن دو سو بار سورۂ قل ھو اللہ احد نسائی جاوینگے اسکے گناہ پچاس برس کی گو یہ کہ ہوا ہو قرض اور ایسی اسناد سے مروی ہے صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو ارادہ کرے سونیکا اپنے بچھونے پر اور پہر لیٹے اپنے داہنی کروٹ پر اور پڑہے قل ھو اللہ احد سو بار تو جب ان ہوگا قیامت کا فرماویگا پروردگار تبارک و تعالی اے میرے بندی داخل ہو تو اپنے داہنی طرف جنت میں ف یہ حدیث غریب ہے ثابت بنانی سے روایت کرتے ہیں انس سے روایت کرتے ہیں اور مروی ہے یہ حدیث اس سند کے سوا اور سند سے بھی ثابت ہے عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احشدوا فانی سأقرأ علیکم ثلث القرآن قال فحشد من حشد ثم خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقرأ قل ھو اللہ احد ثم دخل فقال بعضنا لبعض قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی سأقرأ علیکم ثلث القرآن انی لأری ھذا خبرا جاءہ من السماء ثم خرج نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال انی قلت سأقرأ علیکم ثلث القرآن الا وانھا تعدل بثلث القرآن ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جمع ہو جاؤ تم کہ میں پڑہونگا تم پر تہائی قرآن کہا راوی نے کہ پہر جمع ہو گئے اصحاب میں سے جو جمع ہونے تھے پہر نکلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور پڑہی آپ نے سورۂ قل ھو اللہ احد پہر داخل ہو گئے اپنے حجرہ میں سو کہنے لگے بعض ہمارے بعض سے کہ فرمایا تہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں پڑہونگا تیسرا تہائی قرآن سو میں گمان کرتا ہوں کہ یہ نازل ہوا آپکا کسی خبر کے واسطے سے جو آئی ہے آپکے پاس آسمان سے پہر نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا آپنے میں نے تم سے کہا تہا کہ پڑہونگا تم پر تہائی قرآن آگاہ ہو کہ یہ سورہ برابر ہے تہائی قرآن کے ف یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے اس سند سے اور ابو حازم اشجعی کا نام سلمان ہے عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قل ھو اللہ احد تعدل ثلث القرآن ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قل ھو اللہ احد برابر ہے تہائی قرآن کے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عن انس بن مالک قال کان رجل من الانصار یؤمھم فی مسجد قبا فکان کلما افتتح سورۃ یقرأ لھم فی الصلوۃ مما یقرأ بہا افتتح بقل ھو اللہ احد حتی یفرغ منھا ثم یقرأ سورۃ اخری معھا وکان یصنع ذلک فی کل رکعۃ فکلمہ اصحابہ فقالوا انک تفتتح بھذہ السورۃ ثم لا تری انہا تجزئک حتی تقرأ سورۃ اخری فاما ان تقرأ بھا واما ان تدعھا وتقرأ بسورۃ اخری قال ما انا بتارکھا ان احببتم ان اؤمکم بھا فعلت وان کرھتم ترکتکم وکانوا یرونہ افضلھم وکرھوا ان یؤمھم غیرہ فلما اتاھم النبی صلی اللہ علیہ وسلم اخبروہ الخبر فقال یا فلان ما یمنعک من ما یأمر بہ اصحابک وما یحملک ان تقرأ ھذہ السورۃ فی کل رکعۃ فقال یا رسول اللہ انی احبھا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان حبھا ادخلک الجنۃ ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہا ایک مرد انصار سے کہ امامت کرتا تہا انکی مسجد قبا میں اور عادت تہی اسکے کہ جب ارادہ کرتا کہ شروع کرے کوئی سورت کہ پڑہے اسکو انکے لئے نماز میں شروع کرتا قل ھو اللہ احد کے ساتھ بعد فاتحہ کے پہلے قل ھو اللہ پڑہ لیتا یہانتک کہ فارغ ہو جاتا اس سے پہر پڑہتا دوسری سورت اسکے ساتھ اور ایسا ہی کیا کرتا وہ ہر رکعت میں وہ علم کیا اس سے اسکے اصحاب نے اور کہا کہ تم پہلے پڑہتے ہو سورۂ اخلاص پہر گمان کرتے ہو کہ یہ کافی نہیں تمہارے نماز کے لئے یہانتک کہ پڑہو تم اور سورت سو یا لازم ہے سورت کو یا اسکو چہوڑ کر دوسری سورت پڑہو سو کہا ان صحابی نے نہیں میں اسکا چہوڑنے والا اگر دوست رکھتے ہو تم کہ امامت کروں تمہاری اس سورت کو پڑہ کر تو خیر امامت کروں تمہاری اور اگر برا مانو تم تو چہوڑ دوں میں تمکو یعنے امامت نکروں اور افضل جانتے تھے اسکو نہیں فضل جانتے تھے اسکو برا جانتے تھے کہ کوئی اور امامت کرے اس کے سوا اسکے پہر جب آئے وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے خدمت میں خبر دی آپکو ان اصحاب کے حال کے سو فرمایا آپنے اسنے کہ کیا چیز مانع ہے تجھ کو اس سے کہ جو حکم کرتے ہیں تجھکو اصحاب تمہارے اور کیا سبب ہے کہ تم پڑہا کرتے ہو سورۂ اخلاص کو ہر رکعت میں سو عرض کیا اسنے اے رسول اللہ تعالی کے میں بیشک دوست رکھتا ہوں اس سورت کو سو فرمایا آپنے صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک محبت اسکی لیجاویگی تجھکو جنت میں ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے یعنے عبید اللہ بن عمر کے روایت سے اور ثابت بنانی سے روایت کرتے ہیں اور روایت کیا ہے مبارک بن فضالہ نے ثابت بنانی سے انہوں نے انس سے کہ ایک مرد نے عرض کی کہ یا رسول اللہ میں دوست رکھتا ہوں اس سورت کو یعنے قل ھو اللہ احد کو تو فرمایا آپنے کہ محبت اسکی تجھکو داخل کریگی جنت میں **باب** ماجاء فی المعوذتین باب معوذتین کی فضیلت میں عن عقبۃ ابن عامر الجھنی قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول قد انزل اللہ علی آیات لم ر مثلھن قل اعوذ برب الناس الی آخر السورۃ وقل اعوذ برب الفلق الی آخر السورۃ ترجمہ

ترجمہ روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ نے اُتارین مجھپر کچھ آیتین کہ نہین دیکھا کسی نے انکا مثل اور وہ قل اعوذ برب الناس سے آخر سورت تک اور قل اعوذ برب الفلق سے آخر سورت تک ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَقْرَأَ بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ ترجمہ روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہ فرمایا اُنہونے کہ حکم کیا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پڑہا کرون معوذتین ہر نماز کے پیچھے ف یہ حدیث غریب ہے **بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ قَارِئِ الْقُرْآنِ** باب قاری قرآن کی فضیلت مین عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَهُوَ مَاهِرٌ بِهِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ وَالَّذِي يَقْرَأُ وَهُوَ شَدِيدٌ عَلَيْهِ قَالَ هِشَامٌ وَهُوَ شَدِيدٌ عَلَيْهِ قَالَ شُعْبَةُ وَهُوَ عَلَيْهِ شَاقٌّ لَهُ أَجْرَانِ ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُنہونے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کہ پڑہتا ہے قرآن اور وہ ماہر ہے یعنے خوب یاد رکہتا ہے اُسکو وہ ہی بزرگ نیک فرشتون کے ساتہ جو عہدۂ سفارت رکہتے ہین یعنے رسول ہوتے ہین آدمیونکی طرف اور جو پڑہتا ہے قرآن مشام نے اپنی روایت مین کہا اور وہ قرآن اُسپر سخت ہے یعنے دشوار ہے اور کہا شعبہ نے اپنی روایت مین کہ وہ قرآن پڑہنا اُسپر شاق ہے اُسکے لئے دونا اجر ہے یعنے ایک قرأت کا دوسرے مشقت کا ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَاسْتَظْهَرَهُ فَأَحَلَّ حَلَالَهُ وَحَرَّمَ حَرَامَهُ أَدْخَلَهُ اللَّهُ بِهِ الْجَنَّةَ وَشَفَّعَهُ فِي عَشَرَةٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ كُلُّهُمْ قَدْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ ترجمہ روایت ہے علی بن ابی طالب سے کہا اُنہونے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے پڑہا قرآن اور یاد کر لیا یا پشت پناہ کیا اپنا اُسکو اور حلال کیا اُسکے حلال کو اور حرام کیا اُسکے حرام کو داخل کریگا اسکو اللہ تعالیٰ بسبب اُسکی جنت مین اور شفاعت قبول کریگا اُسکی دس شخصون کے حق مین اُسکے اہل سے کہ واجب ہو چکی ہوگی ہر ایک کے لئے اُنمین سے دوزخ ف یہ حدیث غریب ہے ہمنہین پہچانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور اُسکی کوئی اسناد صحیح نہین اور حفص بن سلیمان جنکے کنیت ابو عمر ہے اور وہ بزاز ہین کوفہ کے رہنے والے اور ضعیف ہین حدیث مین **بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ الْقُرْآنِ** باب قرآن عظیم الشان کے فضیلت مین عَنِ الْحَارِثِ الْأَعْوَرِ قَالَ مَرَرْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَإِذَا النَّاسُ يَخُوضُونَ فِي الْأَحَادِيثِ فَدَخَلْتُ عَلَى عَلِيٍّ فَقُلْتُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ أَلَا تَرَى النَّاسَ قَدْ خَاضُوا فِي الْأَحَادِيثِ قَالَ أَوَقَدْ فَعَلُوهَا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ أَمَا إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَلَا إِنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ فَقُلْتُ مَا الْمَخْرَجُ مِنْهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ كِتَابُ اللَّهِ فِيهِ نَبَأُ مَا قَبْلَكُمْ وَخَبَرُ مَا بَعْدَكُمْ وَحُكْمُ مَا بَيْنَكُمْ وَهُوَ الْفَصْلُ لَيْسَ بِالْهَزْلِ مَنْ تَرَكَهُ مِنْ جَبَّارٍ قَصَمَهُ اللَّهُ وَمَنِ ابْتَغَى الْهُدَى فِي غَيْرِهِ أَضَلَّهُ اللَّهُ وَهُوَ حَبْلُ اللَّهِ الْمَتِينُ وَهُوَ الذِّكْرُ الْحَكِيمُ وَهُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيمُ هُوَ الَّذِي لَا تَزِيغُ بِهِ الْأَهْوَاءُ وَلَا تَلْتَبِسُ بِهِ الْأَلْسِنَةُ وَلَا يَشْبَعُ مِنْهُ الْعُلَمَاءُ وَلَا يَخْلَقُ عَنْ كَثْرَةِ الرَّدِّ وَلَا تَنْقَضِي عَجَائِبُهُ هُوَ الَّذِي لَمْ تَنْتَهِ الْجِنُّ إِذْ سَمِعَتْهُ حَتَّى قَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ مَنْ قَالَ بِهِ صَدَقَ وَمَنْ عَمِلَ بِهِ أُجِرَ وَمَنْ حَكَمَ بِهِ عَدَلَ وَمَنْ دَعَا إِلَيْهِ هُدِيَ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ خُذْهَا إِلَيْكَ يَا أَعْوَرُ ترجمہ روایت ہے حارث اعور سے کہا اُنہونے کہ گذرا مین مسجد مین سو لوگ باتین بنا رہے تہے پہر داخل ہوا مین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس اور کہا مینے اے امیر المؤمنین کیا نہین دیکہتے آپ لوگون کو کہ باتین بنا رہے ہین فرمایا آپنے کہا ان اُنہونے ایسا کیا مینے کہا کہ ہان فرمایا حضرت علی نے آگاہ ہو کہ تحقیق کہ سنا ہے مینے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے آگاہ ہو تحقیق کہ قریب ہوگا ایک فتنہ سو کہا مینے کیا ہے راستہ اُس سے نکلنے کا اے رسول اللہ تعالیٰ کے فرمایا آپنے کتاب اللہ یعنے قرآن سبب ہے اُس سے بچنے کا اسلئے کہ اُسمین خبر ہے تم سے اگلون کی اور خبر ہے جو تم سے بعد ہونگے اور حکم ہے تمہارے درمیان کا یعنے جو معاملات کہ تمہارے فیما بین ہون اور وہ دو ٹوک ہے نہین ہے اُسمین ہنسی ٹھٹہی کی بات جسنے چہوڑا اُسکو جبار جابکر توڑے کر ڈالیگا اللہ تعالیٰ اُسکے اور جسنے ڈہونڈی ہدایت اُسکی غیر مین گمراہ کریگا اُسکو اللہ تعالیٰ اور وہ رسی ہے اللہ تعالیٰ کے مضبوط اور وہ ذکر ہے محکم کیا ہوا اور راہ سیدہی راہ ہے وہی ایسی کتاب ہے کہ نہین کج کر سکتے اُسکو ہوائی نفسانی اور نہین مل سکتین اُسمین زبانین اور پیٹ نہین بہرتا اُس سے عالمونکا اور پرانا نہین ہوتا بار بار پڑہنے سے اور تمام نہین ہوتی عجائب اُسکی وہی ایسی کتاب ہے کہ نرمہ سکے جن جب سنا اُسنے اُسکو یہانتک کہ بول اُٹہے کہ ہم نے سنا ہے ایک قرآن عجیب کہ راہ بتاتا ہے طرف بہتری کے سو ایمان لائے ہم اُسپر جسنے کلام کیا مطابق اُسکے سچ کہا اور جسنے عمل کیا موافق اُسکے ثواب دیا گیا اور جسنے حکم کیا اُسپر عدل کیا اور جسنے بلایا اُسکے طرف راہ بتایا گیا وہ سیدہی راہ لیلو تم اس حدیث کو اے اعور ف یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اُسکو مگر حمزہ زیات کی روایت سے اور اسناد اسکی مجہول ہے اور حارث کی روایت مین مقال ہے

تعلیم قرآن کی فضیلت

**باب** ماجاء فی تعلیم القرآن باب تعلیم قرآن کے فضیلت مین **عن** عثمان بن عفان ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال خیرکم من تعلم القرآن و علمہ قال ابو عبد الرحمن فذالک الذی اقعدنی مقعدی ھذا و علم القرآن فی زمان عثمان حتی بلغ الحجاج بن یوسف **ترجمہ** روایت ہے عثمان بن عفان سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر تم مین کا وہی کہ جسنے سیکھا قرآن اور سکھایا اور ذکر کیا ابو عبد الرحمن نے جو راوی ہی اس حدیث کے ہین کہ اسی روایت نے مجھے بٹھایا اسجگہ اور قرآن سکھاتے رہے وہ لوگون کو حجاج بن یوسف کے زمانہ تک **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** عثمان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیرکم او افضلکم من تعلم القرآن و علمہ **ترجمہ** روایت ہے عثمان سے کہا انہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہتر تم مین کا یا افضل تم مین کا وہ شخص ہے کہ جسنے سیکھا قرآن اور سکھایا اسکو اور لوگون کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ایسی ہی روایت کیے عبد الرحمن بن مہدی نے اور کئی لوگون نے سفیان ثوری سے انہون نے علقمہ بن مرثد سی انہون نے عبد الرحمن بن عبد اللہ سلمی سے انہون نے عثمان رضی اللہ عنہم سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور سفیان نہین ذکر کرتے اس سند مین سعد بن عبیدہ کا اور روایت کیے یحیی بن سعید قطان نے یہ حدیث سفیان سے اور شعبہ سی انہون نے علقمہ بن مرثد سی انہون نے سعد بن عبیدہ سی انہون نے ابی عبد الرحمن سے انہون نے عثمان سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کے ہے یہ محمد بن بشار نے انسی یحیی بن سعید نے انسی سفیان اور شعبہ نی کہا محمد بن بشار نے اور ایسا ہی ذکر کیا اس روایت کو یحیی بن سعید نے انہون نے روایت کیے سفیان سے اور شعبہ سی کئی مرتبا انہون نے علقمہ بن مرثد سے انہون نے سعد بن ابی عبیدہ سے انہون نے ابی عبد الرحمن سے انہون نے عثمان سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی کہا محمد بن بشار نے اور اصحاب شعبہ کے نہین ذکر کرتے اس روایت مین اسا تکا کہ روایت کیے سفیان سے وہ روایت کرتے ہین سعد بن عبیدہ سی کہا محمد بن بشار نے اور یہ صحیح ہے **کہا** ابو عیسے نی اور تحقیق کہ زیادہ کیا شعبہ نے اس حدیث کے سند مین سعد بن عبیدہ کو اور حدیث سفیان کے اشبہ ہے یعنے صحیح کے ساتھ کہا علی بن عبد اللہ نے کہ کہا یحیی بن سعید نے کہ میرے نزدیک کوئی شعبہ کے برابر نہین یعنے ثقاہت اور حفظ روایت مین اور جب مخالفت کرتے ہین شعبہ کی سفیان تو مین لے لیتا ہون قول سفیان کا سنا مین نے ابو عمار سے کہ ذکر کرتے تھے وکیع سے کہ کہا شعبہ نے کہ سفیان مجھسے زیادہ یاد رکھنے والی ہین اور نہین روایت کرتے مجھسے سفیان نے کسے شخص سے کوئی چیز پھر پوچھا مین نے اسی شخص سے مگر پایا مین نے اسی روایت کو جیسا سفیان نے روایت کیا تھا اور اسباب مین علی اور سعد سے ہے روایت ہے **عن** علی بن ابی طالب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیرکم من تعلم القرآن و علمہ **ترجمہ** اور اوپر گذرا **ف** اسحدیث کو نہین جانتے ہم علی بن ابی طالب کے روایت سے کہ وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہون مگر عبد الرحمن بن اسحاق کے سند سی **باب** ماجاء فی من قرأ حرفا من القرآن مالہ من الاجر

قرأت قرآن کے فضیلت کا بیان

باب قرأت قرآن کے فضیلت مین **عن** عبد اللہ بن مسعود ھو موقوف قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قرأ حرفا من کتاب اللہ فلہ بہ حسنۃ و الحسنۃ بعشر امثالھا لا اقول الم حرف و لکن الف حرف و لام حرف و میم حرف **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہتے ہے وہ کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے پڑہا اللہ کے کتاب سے ایک حرف اسکے لیے ایک نیکی ہے اور نیکی کا ثواب دس گنا ہی ہین نہین کہتا ہون کہ الف لام میم ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف ہے اور لام ایک حرف دوسرا اور میم ایک حرف تیسرا ہے یعنے الف لام میم کہنے ہین تیس نیکیون کا اجر ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سندسے سنا مین نے قتیبہ بن سعید سے کہتے تھی کہ پوچھا ہے مجھکو محمد بن کعب قرظی نے یا ہوا ہے جیوہ مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور مروی ہوئی یہ حدیث اور سندی بھی سوا اس سند کے ابن مسعود سے روایت کیا اسکو ابو الاحوص نے عبد اللہ بن مسعود سے اور مرفوع کیا اسکو بعضون نے اور موقوف کیا بعضون نے ابن مسعود سے یعنے انہون نے قول ٹہہرایا اور محمد بن کعب قرظی کی کنیت ابو حمزہ ہے **عن** ابی امامۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یجیئ صاحب القرآن یوم القیمۃ فیقول یا رب حلہ فیلبس تاج الکرامۃ ثم یقول یا رب زدہ یلبس حلۃ الکرامۃ ثم یقول یا رب ارض عنہ فیرضی عنہ فیقال اقرأ و ارق و زاد بکل آیۃ حسنۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آئیگا صاحب قرآن قیامت کے دن پس کہیگا قرآن کہ اے میرے رب اسکو جوڑا پہنا پس اسے پہنایا جاویگا تاج کرامت کا پھر کہیگا قرآن اے رب عظیم الشان اسی رتبا دے دی اسکو تو پہنایا جاویگا اسکو جوڑا کرامت کا پھر کہیگا اسی رب راضی ہو اس سے سو راضی ہوگا اسسے پروردگار تعالی شانہ پھر کہا جاویگا اسسے کہ پڑہ تو اور چڑہ تو اور زیادہ کیجاویگی ہر آیت پے ایک نیکی **ف** یہ حدیث حسن ہے روایت کیے ہمسے محمد بن بشار نے ان سے محمد بن جعفر نے انسے شعبہ نے انسے عاصم بن بہدلہ نے انسے ابی صالح نے انسے ابو ہریرہ نے مانند اسکے اور مرفوع کیا اسکو اور یہ صحیح ہے ہمارے نزدیک عبد الصمد کے روایت سے کہ وہ شعبہ سے روایت کرتے ہین **باب** عن ابی امامۃ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما اذن اللہ

لِعَبْدٍ فِيْ شَيْءٍ أَفْضَلَ مِنْ رَكْعَتَيْنِ يُصَلِّيْهِمَا وَإِنَّ الْبِرَّ لَيُذَرُّ عَلَى رَأْسِ الْعَبْدِ مَا دَامَ فِيْ صَلٰوتِهٖ وَمَا تَقَرَّبَ الْعِبَادُ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ بِمِثْلِ مَا خَرَجَ مِنْهُ يَعْنِي الْقُرْآنَ ترجمہ روایت ہے ابی النضر سے کہا انہوں نے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کان لگا کر سنتا ہے اللہ تعالیٰ کسی بندہ کی بات کو کسی چیز میں افضل دو رکعتوں سے کہ پڑھتا ہے وہ انکو اور نیکی چھڑکی جاتی ہے بندہ کے سر پر جبتک کہ وہ نماز میں ہوتا ہے اور نزدیک نہیں ہوئے بندے اللہ تعالیٰ سے جیسا کہ نزدیک ہوتی ہیں بسبب اُس چیز کے جو نکلی ہے اُس تعالیٰ شانہ سے کہا ابو النضر نے مراد لیتے تھے آپ اس قول سے قرآن عظیم الشان کو یعنے جیسا قرب آنے کے قرآن پڑھنے سے بندہ کو حاصل ہوتا ہے ایسا کسی اور چیز سے حاصل نہیں ہوتا ف یہ حدیث غریب ہے ہم نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور بکر بن خلیف میں کلام کیا ہے ابن مبارک نے اور جھوٹ دیا اُنے روایت لینا آخر امر میں یعنے بسبب ضعف کے **بَابُ عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الَّذِيْ لَيْسَ فِيْ جَوْفِهٖ شَيْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ كَالْبَيْتِ الْخَرِبِ ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک جسکی اندر قرآن میں سے کچھ نہیں یعنے کچھ یاد نہیں وہ ویران گھر کے مانند ہے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْآنِ اِقْرَأْ وَارْقَ وَرَتِّلْ كَمَا كُنْتَ تُرَتِّلُ فِي الدُّنْيَا فَإِنَّ مَنْزِلَتَكَ عِنْدَ آخِرِ آيَةٍ تَقْرَأُ بِهَا ترجمہ روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کہا جاویگا یعنے صاحب قرآن سے کہ پڑھ تو اور چڑھتا جا یعنے درجات جنت میں اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھتا جا جیسے تو ٹھہر ٹھہر کر پڑھتا تھا دنیا میں اسلئے کہ منزل تیری آخر آیت تک ہے کہ تو اُسکو پڑھیگا ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے روایت کیے ہم سے محمد بن بشار نے انہوں نے عبد الرحمن بن مہدی سے انہوں نے سفیان سے انہوں نے عاصم سے اسی اسناد سے مانند **بَابُ عَنِ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرِضَتْ عَلَيَّ أُجُوْرُ أُمَّتِيْ حَتَّى الْقَذَاةُ يُخْرِجُهَا الرَّجُلُ مِنَ الْمَسْجِدِ وَعُرِضَتْ عَلَيَّ ذُنُوْبُ أُمَّتِيْ فَلَمْ أَرَ ذَنْبًا أَعْظَمَ مِنْ سُوْرَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ أَوْ آيَةٍ أُوْتِيَهَا رَجُلٌ ثُمَّ نَسِيَهَا ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ پیش کیے گئے میرے آگے میرے اور نیکیاں میری امت کے یہانتک کہ تنکا بھی جو نکال کر پھینکدیا ہو کسی آدمی نے مسجد میں سے اور پیش کی گئیں مجھپر برائیاں اور گناہ میری اُمت کی سو نہ دیکھا میں نے کوئی گناہ اس سے بڑھکر کہ دیگئی ہو کسیکو کوئی سورت یا آیت قرآن شریف کی یعنے یاد ہو پھر وہ اُسی بھول جاوے ف یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم مطلب کو کہ سماع ہوا انکو کسی صحابی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا عبد اللہ نے اور انکار کیا علی بن مدینی نے اس امر کا کہ مطلب نے سنا ہو کچھ انس سے **بَابُ عَنْ** عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّهُ مَرَّ عَلَى قَارِئٍ يَقْرَأُ ثُمَّ سَأَلَ فَاسْتَرْجَعَ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَلْيَسْأَلِ اللّٰهَ بِهٖ فَإِنَّهٗ سَيَجِيْءُ أَقْوَامٌ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ يَسْأَلُوْنَ بِهِ النَّاسَ وَقَالَ مَحْمُوْدٌ هٰذَا خَيْثَمَةُ الْبَصْرِيُّ الَّذِيْ رَوٰى عَنْهُ جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ وَلَيْسَ هُوَ خَيْثَمَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ترجمہ روایت ہے عمران بن حصین سے کہ وہ گزرے ایک قاری پر کہ وہ پڑھ رہا تھا قرآن پھر مانگا اُسنے کچھ تب عمران نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا پھر کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جسنے پڑھا قرآن چاہیے کہ سوال کرے اللہ تعالیٰ سے اسلئے کہ آوینگی کچھ قومیں کہ وہ قرآن پڑھینگی پھر طلب کرینگے آدمیوں سے اور کہا محمود نے کہ یہ خیثمہ بصری جنسے روایت کی ہے جابر جعفی نے وہ خیثمہ بن عبد الرحمن نہیں ف یہ حدیث حسن ہے اور خیثمہ شیخ بصریوں میں سے ہیں کنیت اُنکی ابو نصر ہے روایت کرتے ہیں انہوں نے انس بن مالک سے کتنے حدیثیں اور روایت کیے ہیں جابر جعفی نے اُن خیثمہ سے بھی **عَنْ** صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا آمَنَ بِالْقُرْآنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَهٗ ترجمہ روایت ہے صہیب سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ ایمان لایا وہ شخص قرآن پر جسنے حلال جانا تارکب ہوا اُسکی حرام کی ہوئی چیزوں کا ف روایت کیے محمد بن یزید بن سنان نے اپنے باپ سے یہ حدیث سو زیادہ کیا انہوں نے اسکے اسناد میں یہ کہا روایت کیے مجاہد نے سعید بن مسیب سے انہوں نے صہیب سے اور ثابت نکی محمد بن یزید کے کانے اور وہ ضعیف ہیں اور ابو المبارک ایک مرد مجہول ہیں اس حدیث کی اسناد کچھ ایسی نہیں اور خلاف کیا گیا وکیع کا اُنکی روایت میں اور محمد نے کہا ابو فروہ یزید بن سنان رہاوی کے حدیث میں کچھ یہ مضائقہ نہیں مگر جو روایت کریں اُنکی اُنکے بیٹے محمد اسلئے کہ وہ روایت کرتے

ہیں اُسنے سنا کہ **عن** عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْجَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ كَالْجَاهِرِ بِالصَّدَقَةِ وَالْمُسِرُّ بِالْقُرْاٰنِ كَالْمُسِرِّ بِالصَّدَقَةِ **ترجمہ** روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہا انہوں نے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے پکار کر قرآن پڑھنے والا ایسا ہے جیسے پکار کر صدقہ دینے والا اور آہستہ قرآن پڑھنے والا ایسا ہے جیسے چھپا کر صدقہ دینے والا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور مراد حدیث کے یہ ہے کہ آہستہ قرآن پڑھنا افضل ہے پکار کر پڑھنے سے اسلئے کہ چھپا کر صدقہ دینا افضل ہے اشکارا سے اہل علم کے نزدیک اور اہل علم نے اُسکو اسلئے افضل کہا ہے کہ صدقہ سے ہیں آدمی عجب سے بچتا ہے اسلئے کہ چھپا کر نیکی کرنیوالا محفوظ رہتا ہے اور خوف نہیں ہوتا ہے اُسپر عُجب کا جیسا کہ خوف ہوتا ہے علانیہ پر **بَابُ عَنْ** اَبِیْ لُبَابَةَ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنَامُ حَتّٰى يَقْرَأَ بَنِیْ اِسْرَآئِيْلَ وَالزُّمَرَ **ترجمہ** روایت ہے ابی لبابہ سے کہا انہوں نے کہ فرمایا حضرت عائشہ ام المومنین نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہ سوتے تھے جبتک کہ بنی اسرائیل اور سورہ زمر نہ پڑھ لیتے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور ابو لبابہ شیخ بصری ہیں کہ روایت کی اُنسے حماد بن زید نے کتنی حدیثیں اور کہتے ہیں کہ نام اُن کا مروان ہے روایت کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کتاب التاریخ میں **عن** عِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ الْمُسَبِّحَاتِ قَبْلَ اَنْ يَّرْقُدَ وَيَقُوْلُ اِنَّ فِيْهِنَّ اٰيَةً خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ اٰيَةٍ **ترجمہ** روایت ہے عرباض بن ساریہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پڑھا کرتے تھے وہ سورتیں کہ شروع ہیں سبح اور یسبح سے قبل اسکے کہ سوویں اور فرماتے تھے کہ انمیں ایک آیت بہتر ہے ہزار آیت سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **بَابُ عَنْ** مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَقَرَاَ ثَلَاثَ اٰيَاتٍ مِّنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْحَشْرِ وَكَّلَ اللّٰهُ بِهٖ سَبْعِيْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ حَتّٰى يُمْسِیَ وَاِنْ مَّاتَ فِیْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ مَاتَ شَهِيْدًا وَمَنْ قَالَهُنَّ حِيْنَ يُمْسِیْ كَانَ بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ **ترجمہ** روایت ہے معقل بن یسار سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے پڑھا صبح کو تین بار اعوذ باللہ سے رجیم تک اور پڑھیں تین آیتیں سورہ حشر کے اخیر سے متعین کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسپر ستر ہزار فرشتے کہ وہ مغفرت مانگتے ہیں اُسکے لئے شام تک اور اگر مرجاوے اُس دن میں تو مرا وہ شہید اور جسنے کہا اُنکو جب شام کرتا ہے ہوگا وہ بھی اسی درجہ میں جیسے شب کو بھی یہی ثواب پاویگا اور اگر مریگا تو شہید ہوگا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ہم نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **بَابُ** مَا جَآءَ كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَةُ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ **باب** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قرارت میں **عن** يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ اَنَّهٗ سَاَلَ اُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قِرَاءَةِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَلٰوتِهٖ فَقَالَتْ وَمَا لَكُمْ وَصَلٰوتَهٗ وَكَانَ يُصَلِّیْ ثُمَّ يَنَامُ قَدْرَ مَا صَلّٰى ثُمَّ يُصَلِّیْ قَدْرَ مَا نَامَ ثُمَّ يَنَامُ قَدْرَ مَا صَلّٰى حَتّٰى يُصْبِحَ ثُمَّ نَعَتَتْ قِرَاءَتَهٗ فَاِذَا هِیَ تَنْعَتُ قِرَاءَةً مُّفَسَّرَةً حَرْفًا حَرْفًا **ترجمہ** روایت ہے یعلے بن مملک سے کہ اُنہوں نے پوچھا اُم سلمہ سے جو بیوی ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ کیسے تھے قرات اور نماز رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سو فرمایا ام المومنین نے کہ کیا نسبت ہے تمکو اُنکی نماز سے یعنے تم ویسے کہاں ادا کر سکتے ہو پھر کہا کہ اُنکی عادت تھی کہ نماز پڑھتے تھے جتنی شب کو پھر سو جاتے تھے اسقدر کہ جتنی دیر نماز پڑھی تھی پھر نماز پڑھتے اُسقدر کہ جتنا سوتے تھے پھر سوتے جسقدر کہ نماز پڑھی تھی یہانتک کہ صبح ہو جاتی پھر بیان کی کیفیت اُنکے قرارت کی تو وہ کہتی تھیں کہ قرارت اُنکی جدا جدا تھی حرف حرف **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر لیث بن سعد کی روایت سے کہ وہ ابن ابی ملیکہ سے روایت کرتے ہیں اور وہ یعلی سے اور وہ ام سلمہ سے اور روایت کی ابن جریج نے یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے انہوں نے اُم سلمہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم الگ الگ کرکے پڑھتے تھے قرارت اپنے یعنے ایک ایک حرف جدا جدا معلوم ہوتا تھا اور حدیث لیث کی صحیح ہے **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ قَيْسٍ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ وِتْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ كَانَ يُوْتِرُ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ اَمْ مِنْ اٰخِرِهٖ فَقَالَتْ كُلُّ ذٰلِكَ قَدْ كَانَ يَصْنَعُ رُبَّمَا اَوْتَرَ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ وَرُبَّمَا اَوْتَرَ مِنْ اٰخِرِهٖ قُلْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ فِی الْاَمْرِ سَعَةً فَقُلْتُ كَيْفَ كَانَ قِرَاءَتُهٗ اَكَانَ يُسِرُّ بِالْقِرَاءَةِ اَمْ يَجْهَرُ قَالَتْ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ يَفْعَلُ رُبَّمَا اَسَرَّ وَرُبَّمَا جَهَرَ قَالَ فَقُلْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ فِی الْاَمْرِ سَعَةً قَالَ قُلْتُ كَيْفَ كَانَ يَصْنَعُ فِی الْجَنَابَةِ اَكَانَ يَغْتَسِلُ قَبْلَ اَنْ يَّنَامَ اَمْ يَنَامُ قَبْلَ اَنْ يَّغْتَسِلَ قَالَتْ كُلُّ ذٰلِكَ قَدْ كَانَ يَفْعَلُ رُبَّمَا اغْتَسَلَ فَنَامَ وَرُبَّمَا تَوَضَّاَ فَنَامَ قُلْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ فِی الْاَمْرِ سَعَةً **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن ابی قیس سے کہا انہوں نے کہ پوچھا میں نے حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے حال رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے وتر کا کہ کیونکر پڑھتے تھے اوائل شب میں یا آخر شب میں سو فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ دونوں طرح بجا لاتے کبھی وتر پڑھتے اول شب میں اور کبھی آخر شب میں کہا میں نے کہ سب تعریف

آنحضرت کی قرارت کا بیان

اللہ تعالیٰ کو کسی چیز امر دین میں وسعت رکھی پھر کہا میں نے کہ کیسی تھی قرأت آپ کی یعنے نماز شب میں کیا چپکے سے پڑھتے تھے یا جہر کرتے ساتھ قرأت کے سو فرمایا ام المؤمنین نے کہ دونو طرح کرتے کبھی چپکے پڑھتے اور کبھی جہر فرماتے کہا راوی نے کہ کہا میں نے سب تعریف اللہ تعالیٰ کو ہے کہ اُسنے امر دین میں وسعت رکھی کہا راوی نے پھر کہا میں نے کیا کرتے تھے نہایت میں غسل کرتے قبل سونیکے یا سو جاتے قبل نہانیکے کہا ام المؤمنین نے کہ دونوں طرح کرتے کبھی غسل کرکے سوتی اور کبھی فقط وضو کرکے سو جاتی کہا میں نے کہ سب تعریف اللہ تعالیٰ کو ہے کہ اُسنے امر دین میں وسعت رکھی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **عن** جابر بن عبد اللہ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد یعرض نفسہ بالموقف فقال الا رجل یحملنی الی قومہ فان قریشا قد منعونی ان ابلغ کلام ربی ترجمہ روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہا اُنہوں نے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ پیش کرتے اپنی ذات کو موقف عرفات میں اور فرماتے کہ کوئی مرد ہے کہ بھی لیچلے اپنی قوم کیطرف اسلئے کہ قریش نے باز رکھا ہے مجھکو اس سے کہ پہونچاؤں میں کلام اپنے رب کا یعنے اُسکی بندوں کو **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے **باب عن** ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول الرب تبارک و تعالیٰ من شغلہ القرآن عن ذکری و مسألتی اعطیتہ افضل ما اعطی السائلین و فضل کلام اللہ علی سائر الکلام کفضل اللہ علی خلقہ ترجمہ ہے ابی سعید سے کہا اُنہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ جسکو مشغول کیا قرآن نے میرے یاد سے اور مجھسے سوال کرنے سے دونگا میں اُسکو بہتر اُس چیز سے کہ دیتا ہوں مانگنے والوں کو اور بزرگی کلام اللہ کی تمام کلاموں پر ایسی ہے جیسے بزرگی اللہ عزوجل کی اپنے مخلوق پر **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **ترجمہ** جسکو مشغول کیا قرآن نے میرے یاد سے یعنے اوراد اور وظایف میں مشغول نہوا بلکہ قرآن ہی کی قرأت اور فہم معانی اور درک مطالب اور تحصیل آداب میں سعی اور کوشش کرتا رہا تو اسکو اجر و ثواب دنیا اور آخرت میں تمام سائلین سے زیادہ عنایت ہوگا اس سے معلوم ہوا کہ قرآن کا وظیفہ کرنا سب وظیفوں سے افضل و اعلیٰ ہی اور یہ اُن وظیفوں کا حال ہے جو شارع سے تعلیم ہوئے ہیں کہ قرآن اُن سب سے بہتر ہے واسی اوپر حال اُن لوگوں کے کہ جنہوں نے قرآن کو بھی چھوڑا اور وظائف مسنونہ سے بھی مونہہ موڑا اور اوراد مبتدعہ اور وظائف محدثہ میں اپنی اوقات کا ئی انا للہ وانا الیہ راجعون

## ابواب القراءات عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ باب ہیں قراءتوں کے جو وارد ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

**عن** ام سلمۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقطع قراءتہ یقول الحمد للہ رب العالمین ثم یقف الرحمن الرحیم ثم یقف وکان یقول ملک یوم الدین ترجمہ روایت ہے ام سلمہ سے کہا اُنہوں نے کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم الگ الگ کرتے اپنے قرأت کو پڑھتے الحمد للہ رب العالمین پھر ٹھہر جاتے پھر پڑھتے الرحمن الرحیم پھر ٹھہر جاتے اور پڑھتے ملک یوم الدین **ف** یہ حدیث غریب ہے اور یہی پڑھتے ہے ابو عبید اور اختیار کرتے ہے اسکو یعنے مالک یوم الدین کی جگہ ملک یوم الدین پڑھتے ہے روایت کیا یحیی بن سعید اموی نے اور لوگوں نے ابن جریج سے اُنہوں نے ابن ابی ملیکہ سے اُنہوں نے ام سلمہ سے اور اسناد اس حدیث کی متصل نہیں اسلئے کہ لیث بن سعد نے روایت کیا ابی ملیکہ سے اُنہوں نے یعلی بن مملک سے اُنہوں نے اُم سلمہ سے کہ اُنہوں نے وصف کیا قرأت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا الگ الگ ایک ایک حرف اور حدیث لیث کے صحیح ہے اور لیث کی حدیث میں یہ ذکر نہیں کہ آپ مالک یوم الدین پڑھتے تھے **عن** انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابا بکر وعمر وعثمان کانوا یقرؤن مالک یوم الدین ترجمہ روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر اور عمر اور عثمان پڑھتے تھے مالک یوم الدین قال ابو عیسی ہکذا روی غیر واحد عن انس کہا ابو عیسی نے کہا ہم نے اسکو زہری کے روایت سے کہ وہ انس بن مالک سے روایت کرتے ہیں مگر شیخ ایوب بن سوید رملی کی روایت سے اور روایت کی بعض اصحاب زہری نے یہ حدیث زہری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر اور عمر پڑھتے تھے مالک یوم الدین اور روایت کیا عبد الرزاق نے معمر سے اُنہوں نے زہری سے اُنہوں نے سعید بن مسیب سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر اور عمر پڑھتے تھے مالک یوم الدین **عن** انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرأ ان النفس بالنفس والعین بالعین قال سوید بن نصر انا ابن المبارک عن یونس بن یزید بھذا الاسناد نحوہ ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پڑھا ان النفس بالنفس والعین بالعین سو کہا سوید بن نصر نے خبر دی ہمکو ابن مبارک نے یونس بن یزید سے اسی اسناد سے مانند اسکے **ف** کہا مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہمسے سوید بن نصر نے اُنہوں نے ابن مبارک سے اُنہوں نے یونس بن یزید سے اسی اسناد سے مانند اسکے اور ابو عبد اللہ بن یزید بھائی ہیں یونس بن یزید کے اور یہ حدیث حسن ہے غریب ہے کہا محمد نے متفرد ہوئے ابن مبارک اس حدیث کے ساتھ یونس بن یزید سے روایت کرنے میں

اور اسیطرح پڑھا ابو عبیدہ نے والعین بالعین بنظر اتباع اسی حدیث کے **عن** معاذ بن جبل ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرأ ھل تستطیع ربک **ترجمہ** روایت ہے معاذ بن جبل سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا ہل تستطیع ربک یعنے بتا رشتاء فوقانیہ اور نصب لفظ ربک کے اور مراد ہی کہ آیا تو طاقت رکھتا ہے کہ مانگ اپنے رب سے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر رشدین کے روایت سے اور اسناد اسکی قوی نہیں اور رشدین بن سعد اور عبد الرحمن بن زیاد بن انعم افریقی ضعیف ہیں حدیث میں **عن** ام سلمۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرأ ھا انہ عمل غیر صالح **ترجمہ** روایت ہے ام سلمہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے انہ عمل غیر صالح یعنی عمل کیا اُسنی غیر صالح مراد فرزند نوح ہے کہ جو غرق ہو گیا **ف** اس حدیث کو روایت کیا ہے کئی لوگوں نے ثابت بنانی سے مانند اسکے اور یہ حدیث ثابت بنانی کی ہے اور روایت کیے ہیں حدیث شہر بن حوشب نے جیسے اسماء بنت یزید سے اور سنا میں نے عبد بن حمید سے کہتے تھے اسماء بنت یزید یہی ام سلمہ انصاریہ ہیں اور دونوں حدیثیں میرے نزدیک ایک ہیں اور روایت کیے شہر بن حوشب نے دو حدیثیں ام سلمہ انصاریہ سے اور وہ اسماء بنت یزید ہیں اور روایت کیے انہوں نے عائشہ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **عن** ابی بن کعب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قرأ قد بلغت من لدنی عذرا مثقلۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی بن کعب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا انہ قد بلغت من لدنی عذرا ثقل کے ساتھ یعنے بضم دال عذرا اور یہ بہ نسبت عذرک جو بسکون ذال ہے ثقیل ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور امیہ بن خالد ثقہ ہیں اور ابو الجاریہ عبدی شیخ مجہول ہیں کہ نہیں جانتے ہم نام اسکا **عن** ابی بن کعب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرأ فی عین حمئۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی بن کعب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا فی عین حمئۃ **ف** اس حدیث کو نہیں جانتے ہم مگر اسی سند سے اور صحیح وہ ہے جو مروی ہے ابن عباس سے قرأت انکی اور مروی ہے کہ ابن عباس و عمرو بن العاص نے اختلاف کیا اس آیت کے قرأت میں اور مرتفعہ کیا انہوں نے اپنے اختلاف کو کعب احبار کیطرف سو اگر اس بارہ میں روایت ہوتی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تو وہ محتاج نہ ہوتے کعب احبار کیطرف اور کافی ہوتی روایت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے **عن** ابی سعید قال لما کان یوم بدر ظہرت الروم علی فارس فاعجب ذالک المؤمنین فانزل اللہ علیت الروم الی قولہ یفرح المؤمنون قال ففرحوا ان یظہر الروم علی فارس **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے انہوں نے کہا جب تھا دن بدر کا غالب ہوئے اہل روم یعنے نصاریٰ مشرکان فارس پر سو پسند آئی یہ بات مومنوں کو پس نازل کی اللہ نے آیت الم سے یفرح المومنون تک سو خوش ہوئے مومن بسبب غالب ہونے روم کے فارس پر اسلئے کہ روم اہل کتاب ہیں اور مسلمان ہیں۔ موافقت رکھتی ہے انبیاء کے ماننے میں اور مشرکان فارس موافقت رکھتی تھے مشرکان مکہ سے بت پرستی اور شرک میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور پڑھا گیا ہے لفظ غلبت بفتح غین اور بضم غین اور کہتے ہیں کہ پہلے اہل روم مغلوب ہوئے تھے پھر غالب ہوئے پس غلبت بفتح غین میں خبر ہے انکے غالب ہونیکی ایسا ہی پڑھا ہے نضر نے علی غلبت بفتح غین **عن** ابن عمر انہ قرأ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم خلقکم من ضعف فقال من ضعف **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ انہوں نے پڑھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے آگی خلقکم من ضعف یعنی بفتح ضاد مجھ تو آپنے فرمایا کہ من ضعف پڑھو یعنے بضم ضاد مجھ **ف** روایت کیے ہے عبد بن حمید نے انہوں نے یزید بن ہارون سے انہوں نے فضیل بن مرزوق سے مانند اسکے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر فضیل بن مرزوق کے روایت سے **عن** عبد اللہ بن مسعود ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرأ فھل من مدکر **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے فھل من مدکر یعنے بدال مہملہ اور قرأت مشہور یہی ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرأ فروح وریحان وجنت نعیم یعنے بضم الفاظ روح و قرأت کیے تھے اور یہ قرأت شاذ ہے قرأت مشہور بفتح ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر ہارون احول کے روایت سے **عن** علقمۃ قال قدمنا الشام فاتانا ابو الدرداء فقال افیکم احد یقرأ علی قراءۃ عبد اللہ فقال اشار وا الی فقلت نعم قال کیف سمعت عبد اللہ یقرأ ھذہ الآیۃ واللیل اذا یغشی والذکر والانثی فقال ھکذا سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو یقرأ ھا وھؤلاء یریدونی ان اقرأ ھا وما خلق فلا اتابعھم **ترجمہ** روایت ہے علقمہ سے کہا کہ ہم آئے ملک شام میں سو آئی ہمارے پاس ابو الدرداء اور کہا انہوں نے کہ تم میں کوئی ایسا شخص کہ پڑھتا ہو جیسے قرأت عبد اللہ بن مسعود کی قرأت سے کہا علقمہ نے کہ لوگوں نے اشارہ کیا میری طرف اور میں نے کہا ہاں میں پڑھتا ہوں عبد اللہ کی قرأت پر کہا ابو الدرداء نے کیونکر سنا تم نے عبد اللہ کو کہ وہ پڑھتے تھے واللیل اذا یغشی کہا علقمہ نے کہ میں نے سنا ہے عبد اللہ کو کہ وہ پڑھتے تھے واللیل اذا یغشی والذکر والانثی سو کہا ابو الدرداء نے اور میں نے بھی قسم سے اللہ تعالیٰ کی ایسا ہی سنا ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

کر آپ بھی ایسا ہی پڑھتے تھے اور یہ لوگ چاہتے ہیں کہ وما خلق الذکر والانثی پڑھیں میں اُنکا کہنا نہ مانوں ف یہ حدیث صحیح ہے صحیحین کی اور ایسی ہی ہے قرارت عبداللہ بن مسعود کے یعنے واللیل اذ یغشے والنہار اذا تجلی والذکر والانثی **عن** عبداللہ بن مسعود قال اقرانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی انا الرزاق ذو القوۃ المتین **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہا انہوں نے کہ پڑھایا مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے انی انا الرزاق ذو القوۃ المتین اور قرارت شہور ان اللہ ہو الرزاق ذو القوۃ المتین ہے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** عمران بن حصین ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرأ وترى الناس سكارى وما هم بسكارى **ترجمہ** روایت ہے عمران بن حصین سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پڑھا وترى الناس سكارى وما هم بسكارى ف یہ حدیث حسن صحیح اور ایسی ہے روایت کی حکم بن عبدالملک نے قتادہ سے اور نہیں جانتے ہم کہ قتادہ کو سماع ہو کسی صحابی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مگر انس سے اور ابی الطفیل سے اور یہ روایت میرے نزدیک مختصر ہے یعنی پوری سنا دُنکی یوں ہے کہ روایت کی قتادہ نے روایت کرتے ہیں جس سے وہ عمران بن حصین سے کہ تھے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں سو پڑھی آپنے یہ آیت یا ایہا الناس اتقوا ربکم الآیۃ آخر حدیث تک جو اپنے طول کے ساتھ مروی ہے اور حدیث حکم بن عبدالملک کے میرے نزدیک اسی روایت سے مختصر ہے **عن** عبداللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال بئسما لاحدہم او لاحدکم ان یقول نسیت آیۃ کیت وکیت بل ھو نسی فاستذکروا القرآن فوالذی نفسی بیدہ لھو اشد تفصیا من صدور الرجال من النعم من عقلہ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا برا ہے انمیں سے کسیکے واسطے یا فرمایا برا ہے تم میں سے کسی کے یہ بھی یہ کہے بھول گیا میں فلانی آیۃ کلام اللہ کے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ بھلا دیا گیا میں فلانی آیۃ اور یاد کرتے رہو قرآن شریف کو کہ قسم ہے اُس پروردگار کے کہ میری جان اُسکے ہاتھ میں ہے کہ قرآن بہت بھاگنے والا ہے لوگوں کے سینے سے بہ نسبت چارپایوں کے اپنی باندھنے کے رسی سے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ما جاء ان القرآن انزل علی سبعۃ احرف اب اس باب میں ہے کہ قرآن سات حرفوں پر نازل ہوا ہے **عن** ابی بن کعب قال لقی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جبریل فقال یا جبریل انی بعثت الی امۃ امیین منھم العجوز والشیخ الکبیر والغلام والجاریۃ والرجل الذی لم یقرأ کتابا قط قال یا محمد ان القرآن انزل علی سبعۃ احرف **ترجمہ** روایت ہے ابی بن کعب سے کہا انہوں نے کہ ملاقات کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام سے اور فرمایا کہ ای جبریل میں بھیجا گیا ہوں ایک امت پر کہ جوان بڑھی ہے کہ اسمیں بوڑھے ہیں اور بڑے سن والی اور لڑکے اور لڑکیاں اور ایسی لوگ کہ جنہوں نے کبھی کوئی کتاب نہیں پڑھی کہا جبریل نے اے محمد بیشک قرآن اتارا گیا ہے سات حرفوں پر یعنے جس سے جسطرح ادا ہو موجب ثواب ہے اور اُسکی قراتوں میں آسانی اور وسعت ہے ف اسباب میں عمر اور حذیفہ بن الیمان اور ابی ہریرہ اور ام ایوب سے بھی روایت ہے اور ام ایوب یہ بی بی ہیں ابو ایوب انصاری کی اور سمرہ اور ابن عباس اور ابی جہم بن حارث بن صمہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے ابی بن کعب سے کئی سندوں سے **عن** المسور بن مخرمۃ وعبدالرحمن بن عبدالقاری انھما سمعا عمر بن الخطاب یقول سمعت ھشام بن حکیم بن حزام وھو یقرأ سورۃ الفرقان فی حیاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاستمعت قراءتہ فاذا ھو یقرأ علی حروف کثیرۃ لم یقرئنیھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکدت اساورہ فی الصلوۃ فتصبرت حتی سلم فلببتہ بردائہ فقلت من اقرأک ھذہ السورۃ التی سمعتک تقرأھا فقال اقرأنیھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت لہ کذبت واللہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لھو اقرأنی ھذہ السورۃ التی سمعتک تقرأھا فانطلقت اقودہ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت یا رسول اللہ انی سمعت ھذا یقرأ سورۃ الفرقان علی حروف لم تقرئنیھا وانت اقرأتنی سورۃ الفرقان فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ارسلہ یا عمر اقرأ یا ھشام فقرأ علیہ القراءۃ التی سمعتہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھکذا انزلت ثم قال لی اقرأ یا عمر فقرأت التی اقرأنی فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھکذا انزلت ثم قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان ھذا القرآن انزل علی سبعۃ احرف فاقرؤا ما تیسر منہ **ترجمہ** روایت ہے مسور بن مخرمہ اور عبدالرحمن بن عبدالقاری سے کہ اُن دونوں نے سنا عمر بن خطاب سے کہ کہتے تھے کہ سنا میں نے ہشام بن حکیم بن حزام کو اور وہ سورۂ فرقان پڑھتے تھے کئی حرفوں پر ایسے کہ نہیں پڑھایا تھا مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن حرفوں پر سو قریب تھا کہ میں لڑوں اُنسی نماز میں سو انتظار کیا میں نے یہانتک کہ سلام پھیرا اُنہوں نے پھر جب سلام پھیرا اُنکی گردن میں ڈالدی یعنے چادر اُنکی اور کہا نہیں کسنے پڑھایا تجھکو یہ سورت جو میں نے سنی تجھسے ابھی کہ تم پڑھتے ہو اُسکو سو کہا ہشام نے کہ پڑھائی ہے مجھکو یہ سورت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سو کہا میں نے جھوٹ کہا تجھنے قسم ہے اللہ تعالی کی کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

اسکا بیان قرارت حرفوں پر نازل ہوئے

نے پڑہائی ہے مجھکو یہ سورت کہ جو پڑہی تمنے پس چلا میں انہین کھینچتا ہوا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف اور کہا میں نے اسی رسول اللہ کے منہ سے سنا اسکو سورۂ فرقان پڑہتے تھا سے ایسے حرفون پر کہ نہین پڑہائی آپنے مجھکو اُس حرفون پر اور آپ ہی نے پڑہائی مجھکو سورۂ فرقان سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑدو اسکو ای عمر اور فرمایا کہ پڑہ تو ای ہشام سو پڑہا انہون نے اُسی قرأت پر کہ مینے سُنا تھا اُن سے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایسی ہی نازل ہوئی ہے یہ سورت پھر فرمایا مجھسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑہ تو ای عمر سو پڑہی مین نے اُس قرأت پر جو پڑہائی تہی مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی ہی اُتری ہے پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ قرآن اُتارا گیا ہے سات حرفون پر سو پڑہو تم اُسمین سے جو تم پر آسان ہو انمین سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیا یہ مالک بن انس نے زہری سے اسی اسناد سے مانند اِسکے گذر کر نہ کیا اُسمین سو بن مخرمہ **کلہم عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نفس عن اخیہ کربۃ من کرب الدنیا نفس اللہ عنہ کربۃ من کرب یوم القیمۃ ومن ستر مسلما ستر اللہ فی الدنیا والاخرۃ ومن یسر علی معسر یسر اللہ علیہ فی الدنیا والاخرۃ واللہ فی عون العبد ما کان العبد فی عون اخیہ ومن سلک طریقا یلتمس فیہ علما سھل اللہ لہ طریقا الی الجنۃ وما قعد قوم فی مسجد یتلون کتاب اللہ ویتدارسونہ بینھم الا نزلت علیھم السکینۃ وغشیتھم الرحمۃ وحفتھم الملائکۃ ومن ابطا بہ عملہ لم یسرع بہ نسبہ **ترجمہ** روایت کیا ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے کھولدی اپنی بہائی سے ایک مصیبت دنیا کی مصیبتون سے کھولدیگا اللہ تعالی اُسکی ایک مصیبت روز قیامت کے مصیبتون سے اور جسنے پردہ ڈہانپا کسی مسلمان کا یعنے اسکا عیب چھپایا پردہ ڈہانپیگا اللہ تعالی اُسکا دنیا مین اور آخرت مین اور جسنے آسانی کی کسی تنگدست پر یعنے اپنا قرض وصول کرنمین آسانی کریگا اللہ تعالی اُسپر دنیا اور اخرت مین اور اللہ تعالی بندی کے مدد مین ہے جبتک کہ بندہ اپنے بہائی کی مدد مین ہے اور جو چلا ایسی راہ کہ ڈہونڈہتا ہے اُسمین علم کو یعنے دین کے آسان کریگا اللہ تعالی اُسپر ایک راہ جنت کے اور نہ بیٹہے کوئی قوم مسجد مین کہ پڑہتی ہون وہ کتاب اللہ تعالی کی یا درس لیتے ہون وہ اُسکا آپسمین مگر نازل ہوئے اُنپر تسکین اور ڈہانپ لیا اُنکو رحمت الہی نے اور گہیر لیا اُنکو فرشتون نے اور جسکو عمل نے سُست کیا نہین بڑہایا اُسکو نسب اُسکی نے **ف** ایسی ہی روایت کیا کئی لوگون نے اعمش سے اُنہون نے ابی صالح سے اُنہون نے ابو ہریرہ سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسحدیث کے اور روایت کیا اسباط بن محمد نے اعمش سے کہا اعمش نے کہ پہونچی مجھکو روایت ابی صالح سے اور اُنکو ابو ہریرہ سے اُنکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر ذکر کرکے تھوڑی حدیث اُسمین کے **باب عن** عبد اللہ بن عمرو قال قلت یا رسول اللہ فی کم اقرأ القرآن قال ختمہ فی شھر قلت انی اطیق افضل من ذلک قال ختمہ فی عشرین قلت انی اطیق افضل من ذلک قال ختمہ فی خمسۃ عشر قلت انی اطیق افضل من ذلک قال ختمہ فی عشر قلت انی اطیق افضل من ذلک قال ختمہ فی خمس قلت انی اطیق افضل من ذلک قال فما رخص لی **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُنہون نے کہ عرض کے مینے کہ ای رسول اللہ کے کتنی دنونمین ختم کرونمین قرآن شریف کو فرمایا آپنے ختم کرتو اُسکو ایک مہینے مین عرض کے مینے کہ مین اس سے افضل کے طاقت رکہتا ہون فرمایا آپنے ختم کرو تم اُسکو بیس دنمین عرض کے مینے کہ مین طاقت رکہتا ہون اس سے افضل کے فرمایا آپنے ختم کرو تم اُسکو پندرہ دن مین عرض کے مینے کہ مین طاقت رکہتا ہون اس سے افضل کے فرمایا آپنے کہ ختم کرو تم اُسکو پانچ دن مین عرض کے مینے کہ مین طاقت رکہتا ہون اُن سے افضل کے سوا جازت نہ دی آپنے مجھے اس سے کم دنونمین ختم کرنیکے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے ابی بردہ کی روایت سے کہ جو عبد اللہ بن عمرو سے روایت کرتے ہین اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث کئی سندون سے عبد اللہ بن عمرو سے اور روایت کی عبد اللہ بن عمرو نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے نہ سمجہا وہ قرآن کو جسنے پڑہا اُسکو تین دن سے کم مین اور مروی ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پڑہو قرآن کو چالیس دن مین اور کہا اسحاق بن ابراہیم نے کہ نہین دوست رکہتی ہم کہ گذر جاوین آدمی پر چالیس دن کہ نہ پڑہا ہو اُسنے قرآن کو موافق اسی حدیث کے یعنے ہر جلد مین ختم کرنا بہتر ہے اور بعض علمانے کہا ہے کہ نہ پڑہے قرآن کو تین دن سے کم مین مطابق اُس حدیث کے جو مروی ہوئی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور رخصت دی بعض اہل علم نے اسکی اور مروی ہے عثمان بن عفان سے کہ وہ پڑہتے تہے قرآن ایک رکعت مین وتر کے اور مروی ہے سعید بن جبیر سے کہ اُنہون نے قرآن پڑہا دو رکعتون مین کہ جسکے انداز ترتیل قرآن کے مستحب ہے اہل علم کے نزدیک **عن** عبد اللہ بن عمرو ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لہ اقرأ القرآن فی اربعین **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسے فرمایا کہ تم پڑہا کرو قرآن چالیس دن مین **ف** یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور روایت کیا بعضون نے معمر سے اُنہون نے سماک بن فضیل سے اُنہون نے وہب بن منبہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا عبد اللہ بن عمرو کو کہ پڑہین قرآن

ف یعنے جو کوئی سنت سے روگردان ہو گیا اور بدعتون کی طرف مائل ہوا اُسکی نسبت اُسکے اعمال بد نہین کرتے اور اُسکو نہین پہونچتا ہے ثواب اُسکے اعمال صالحہ کا اور نہ اُسکو کچہ فائدہ دیتا ہے اُسکے اعمال صالحہ کا اور نہ اُسکو کچہ نفع

چالیس روز مین **عن** ابن عباس قال قال رجل یا رسول اللہ ای العمل احب الی اللہ قال الحال المرتحل **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہا انہون نے کہ پوچھا ایک شخص نے کہ ای سول اللہ کے کونسا شغل زیادہ عمل کے بہتر ہے اللہ تعالے کے نزدیک فرمایا آپنے کہ اترنے والا اور کوچ کرنیوالا یعنے ختم قرآن کرکے شروع کرنیوالا **ف** یہ حدیث غریب ہے ہمین نہین جانتے ہم اسکو ابن عباس کے روایت سے مگر اسی سند سی روایت کرتے ہم سی محمد بن بشار نے انہون نے مسلم بن ابراہیم سی انہون نے صالح مری سی انہون نے قتادہ سی انہون نے زرارہ بن اوفی سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سی مانند اسکی معنون مین اور نہین ذکر ہے انسین ابن عباس کا اور یہ سند ہمارے نزدیک زیادہ صحیح ہی نضر بن طرف کی روایت سے جو ہیثم بن بشیر سے مروی ہے **عن** عبد اللہ بن عمرو ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لم یفقہ من قرأ القرآن فی اقل من ثلاث **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین سمجھا وہ قرآن کو جسنے پڑہا تین رات سی کم مین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے روایت کیا ہے اسکو محمد بن بشار نے اسنے محمد بن جعفر نے اسنے شعبہ نے اسی اسناد سے مانند اسکے

## ابواب تفسیر القرآن عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

## یہ باب ہین تفسیر قرآن کے جو وارد ہین سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بسم اللہ الرحمن الرحیم

### باب ۱ باب ماجاء فی الذی یفسر القرآن برأیہ

باب تفسیر مالا سی کے مذمت مین **عن** ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال فی القرآن بغیر علم فلیتبوأ مقعدہ من النار **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سی کہا انہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے کہا قرآن کے تفسیر مین بغیر جانے بوجہے تو چاہیے کہ ڈہونڈہ لے وہ جگہہ اپنی دوزخ مین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اتقوا الحدیث عنی الا ما علمتم من کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار ومن قال فی القرآن برأیہ فلیتبوأ مقعدہ من النار **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مت بیان کرو میری طرف سے کوئی بات مگر یہ کہ تم اسکو خوب جانو یعنے یقین ہو کہ یہہ میری کہی ہوئی ہے اسلئی کہ جسنے جھوٹ باندہا مجہپر قصدا سو چاہیے اسکو کہ جگہہ ڈہونڈہ لی اپنی دوزخ سے اور جسنے قرآن مین کچہہ کہا اپنی عقل سے یعنی بغیر علم کی چاہیے کہ وہ جگہہ اپنی ڈہونڈہ لی دوزخ سے **ف** یہ حدیث حسن ہے **عن** جندب بن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال فی القرآن برأیہ فاصاب فقد اخطأ **ترجمہ** روایت ہے جندب بن عبد اللہ سے کہا انہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے کہا قرآن کے تفسیر مین اپنی رائے سے اور ٹہیک پڑی اسکی رائے جب بہی اسنے خطا کی یعنے بی جانے کہنے پر کیون مبادہ کہے **ف** یہ حدیث غریب ہے اور تحقیق کہ کلام کیا بعض اہل حدیث نے ہی سہیل بن ابی حزم مین یعنی اسکو ضعیف کہا اور ایسی ہے مروی ہے بعض اہل علم سے اصحاب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور سوا انکے اور علما سے کہ انہون نے بہت برا کہا ہے اس شخص کو کہ قرآن کے تفسیر کرے بغیر علم کے اور جو روایت آئی ہے مجاہد اور قتادہ وغیرہما سے کہ انہون نے تفسیر کی ہے گویا ان انکی ذات ستودہ صفات پر نہین ہو سکتا کہ انہون نے بغیر علم کے تفسیر کی ہو یا اپنے دلسی کچہہ بات بنا کر کہدی ہو اور مروی ہوا ہے انسی ایسا کچہہ کہ دلالت کرتا ہے ہمارے اس قول پر کہ انہون نے اپنی دلسی کچہہ نہین کہا بغیر علم کے روایت کی ہے حسین بن مہدی نے انہون نے عبد الرزاق سے انہون نے معمر سے انہون نے قتادہ سی کہ فرمایا قتادہ نی نہین ہے قرآن شریف مین کوئی آیت کہ سنے نہین مین نے انکی تفسیر مین کوئی بات یعنے آیت کے متعلق روایت موجود ہے روایت کی ہے ابن ابی عمر نے اسنے سفیان سے انسی عمش سے کہا مجاہد نے اگر پڑہتا مین قرأت ابن مسعود کی تو نہ محتاج ہوتا کہ سوال کرو مجہسے ابن عباس سے بہت جگہ قرآن مین جسکا کہ مین نے سوال کیا ہے

### سورۃ ۱ سورۃ فاتحۃ الکتاب

فاتحہ الکتاب کے تفسیر مین بسم اللہ الرحمن الرحیم **عن** ابی بن کعب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من قرأ فیہا یا م القرآن فہی خداج فہی خداج غیر تمام قال قلت یا ابا ہریرۃ انی احیانا اکون وراء الامام قال یا ابن الفارسی اقرأہا فی نفسک فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول قال اللہ تعالی قسمت الصلوۃ بینی وبین عبدی نصفین فنصفہا لی ونصفہا لعبدی ولعبدی ما سأل یقول العبد فیقول الحمد للہ رب العالمین فیقول اللہ تبارک وتعالی حمدنی عبدی فیقول الرحمن الرحیم فیقول اللہ اثنی علی عبدی فیقول مالک یوم الدین فیقول مجدنی عبدی وہذا لی وبینی وبین عبدی ایاک نعبد وایاک نستعین واخر السورۃ لعبدی ولعبدی ما سأل یقول اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرۃ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے پڑہے کوئی نماز کہ نہ پڑہے اسمین ام القرآن یعنے سورۃ فاتحہ پس وہ نماز ناقص ہے وہ نماز ناقص ہے اور ناتمام ہے کہا راوی نے ابو ہریرۃ سے کہ مین کبہی ہوتا ہون پیچہے امام کے کہا ابو ہریرۃ نے اسی فارسی سے میٹہ پڑہ لیا کر اسکو تو اپنے دل مین

لیے چکے چکے اسلئے کہ میں نے سنا ہی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تقسیم کی میں نے نماز اپنے بندے کی درمیان اور آدھوں آدھ ہے اور آدھی میرے بندے کی اور میرے بندے کے لیے ہی جو وہ مانگے پھر جب بندہ کہتا ہے نماز میں اور کہتا ہی الحمد للہ رب العالمین یعنی تعریف اللہ کو جو پالنے والا ہے سارے جہانوں کا تب فرماتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ حمد کی میری میرے بندے نے پھر جب بندہ کہتا ہے الرحمن الرحیم تب فرماتا ہے اللہ تعالیٰ ثنا کی میرے بندے نے پھر بندہ کہتا ہے مالک یوم الدین یعنے مالک ہے قیامت کے دن کہتا ہے اللہ تعالیٰ تعظیم کے میری میرے بندے نے اور یہ میرے لیے ہے یعنی خاص میری تعریف بندہ یہ سوال ہمیں اور میرے بندے کے ہمیں ہے ایک نصف بندے کا ایک نصف بندہ وایک نصیبہ یعنے تجھی کو پوجتے ہیں ہم اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں ہم اور آدھی صورت میرے بندے کی لیے ہی اور میرے بندے کے لیے ہی جو وہ مانگے پھر جب بندہ ابتدا کرتا ہے اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین ف یہ حدیث حسن ہے اور روایت کی ہے اس حدیث کو ابو داؤد اور نسائی نے علاء بن عبدالرحمن سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اس حدیث کے اور روایت کی ابن خزیمہ نے اور حاکم نے اس حدیث کو علاء بن عبدالرحمن سے انہوں نے ابی السائب سے جو مولیٰ ہیں ہشام کے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اس حدیث کے یعنے پوری نماز کہے ناقص ہے اور روایت کیے ابن اویس نے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے علاء بن عبدالرحمن سے کہا انہوں نے کہ روایت بیان کی مجھے میرے باپ نے ابی السائب سے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اس کے عن العلاء بن عبدالرحمن قال سمعت ابی وابا السائب مولی ہشام بن زہرۃ وکانا جلیسیہ لابی ہریرۃ یحدثان عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من صلی صلوۃ لم یقرأ فیہا بام القرآن فہی خداج غیر تمام ترجمہ روایت ہے علاء بن عبدالرحمن سے انہوں نے کہا روایت بیان کی مجھے میرے باپ اور ابی السائب نے جو مولیٰ ہیں ہشام بن زہرہ کے اور یہ دونوں ہمنشین تھے ابو ہریرہ کے کہا ابو ہریرہ نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کوئی نماز کہ پڑھی اس میں فاتحہ پس وہ ناقص ہے ناتمام ہے ف اسمٰعیل بن ابی اویس کے روایت میں اس سے زیادہ نہیں ہے اور یوں بیان کیا ہے بجز عدد کے اس حدیث کو سو کہا انہوں نے کہ دونوں حدیثیں میرے نزدیک صحیح ہیں اور سند پکڑی انہوں نے ابن ابی اویس کے روایت سے جو اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں اور وہ علاء سے

عن عدی بن حاتم قال اتیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہو جالس فی المسجد فقال القوم ہذا عدی بن حاتم وجئت بغیر امان ولا کتاب فلما دفعت الیہ احد یدیہ وقد کان قال قبل ذلک انی لارجو ان یجعل اللہ یدہ فی یدی قال فقام بی فلقیتہ امرأۃ وصبی معہا فقالا ان لنا الیک حاجۃ فقام معہما حتی قضی حاجتہما ثم اخذ بیدی حتی اتی بی دارہ فالقت لہ الولیدۃ وسادۃ فجلس علیہا وجلست بین یدیہ فحمد اللہ واثنی علیہ ثم قال ما یفرک ان تقول لا الہ الا اللہ فہل تعلم من الہ سوی اللہ قال قلت لا قال ثم تکلم ساعۃ ثم قال انما تفر ان تقول اللہ اکبر وتعلم شیئا اکبر من اللہ قال قلت لا قال فان الیہود مغضوب علیہم وان النصاری ضلال قال قلت فانی حنیف مسلم قال فرأیت وجہہ ینبسط فرحا ثم امر بی فانزلت عند رجل من الانصار فجعلت اغشاہ طرفی النہار قال فبینما انا عندہ عشیۃ اذ جاءہ قوم فی ثیابہم من الصوف من ہذہ النمار قال فصلی وقام فحثت علیہم ثم قال ولو صاع ولو بنصف صاع ولو قبضۃ ولو ببعض قبضہ یقی احدکم وجہہ حرہم او النار ولو بتمرۃ ولو بشق تمرۃ فان احدکم لاق اللہ وقائل لہ ما اقول لکم الم اجعل لک سمعا وبصرا فیقول بلی فیقول الم اجعل لک مالا وولدا فیقول بلی فیقول این ما قدمت لنفسک فینظر قدامہ وبعدہ وعن یمینہ وعن شمالہ ثم لا یجد شیئا یقی بہ وجہہ حرہم لیقی احدکم وجہہ النار ولو بشق تمرۃ فان لم یجد فبکلمۃ طیبۃ فانی لا اخاف علیکم الفاقۃ فان اللہ ناصرکم ومعطیکم حتی تسیر الظعینۃ فیما بین یثرب والحیرۃ لا تخاف علی ما حلتہا السرق فقلت اقول فی نفسی فاین لصوص طی ترجمہ روایت ہے عدی بن حاتم سے کہا انہوں نے کہ آیا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ مسجد میں بیٹھے تھے سو لوگوں نے کہا یہ عدی بن حاتم ہے اور آیا میں آپ کے پاس بغیر امان کے اور بغیر کسی تحریر کے پھر جب لوگ مجھی آپ کے پاس لیگئے پکڑ لیا آپ نے میرا ہاتھ اور پہلے سے آپ یہ خبر رکھتے تھے یعنی اپنی اصحاب کو کہ میں امید رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اسکا ہاتھ میرے ہاتھ میں دیدیگا یہ کہا عدی نے یہ کہہ کر پھر کہا عدی نے کہ آپ مجھے لیکر چلے سو ملاقات کی اسنے ایک عورت نے اور بچہ اور کہا اسکے ساتھ تھا سو عرض کی انہوں نے کہ کچھ ہمیں کہہ کام ہے سو کھڑے ہوگئی آپ انکی ساتھ اور انکا کام پورا کر دیا یہ کھڑے پائیدا ہاتھ یہانتک کہ لائی مجھے اپنی گھر میں سو بچھا دیا انکی لیے ایک چھوکری نے بچھونا سو بیٹھے آپ اوپر اور بیٹھا میں سامنے آپکے سو تعریف کی آپنے اللہ کی اور ثنا کی اسکی یہ فرمایا کیا چیز بھگاتی ہے تجھکو اس سے کہ تو لا الہ الا اللہ کہے کیا تو جانتا ہی کوئی معبود سوا اللہ تعالیٰ کے کہا عدی نے کہ کہا

مین نے نہین کہا اونہون نے پھر ہاتین کہین حضرت نے ایک گہڑی پھر فرمایا تو بھاگتا ہے اس سے کہ کہے تو اللہ اکبر اور جانتا ہے تو کوئی شے بڑی اللہ تعالے سے کہا عدی نے کہا مین نے نہین فرمایا آپنے کہ یہود پر غصہ ہے اللہ تعالے کا اور نصاری گمراہ ہین کہا عدی نے پھر کہا مین نے کہ مین اکیلا ہون مسلمان کہا عدی نے پس دیکھا مین نے کہ آپکا مونہہ چمکتا ہے خوشی سے کہا عدی نے کہ پھر حکم کیا ہے لیے کہ مین آتا رہون انصار کے ایک دو پاس اور مین حاضر ہونی لگا آپکے پاس دن کے دونون کنارون مین یعنے صبح اور شام کہا عدی نے کہ پھر اس دریافتین کہ مین اونکے پاس تہا ایک نا ملکو کہ آئی ایک قوم کپڑون مین صوف کے اپنے چادرون سے جو محفوظ ہوتی ہین کہا عدی نے کہ پھر نماز پڑہی آپنے اور کہڑے ہوے یعنے خطبہ پڑہنے کو اور رغبت دلائی اونکے لیے صدقہ دینی کی یعنے اصحاب کو پھر فرمایا اگرچہ ایک صاع ہو یعنے صدقہ سی اور اگرچہ نصف صاع ہو اور اگرچہ ایک مٹھی اور اگرچہ ایک مٹھی ہی کم ہو سچا کہ ایک تم ہین کا اپنے مونہہ کو جہنم کی گرمی سے یا فرمایا آگ کے گرمی سے اگرچہ ایک کہجور دیکر ہو یا ایک کہجور کا ٹکڑا اسلیے کہ ہر ایک تم مین کا ملاقات کرنیوالا ہے اللہ تعالے کو اور فرمانیوالا ہے اللہ تعالے اس سے جو مین تجسے کہتا ہون اور فرماویگا کیا نہین بنایا ہے تیرے لیے کان اور آنکہین سو عرض کریگا وہ کہ ہان کیون نہین پھر فرماویگا ان تعالے نہین بنایا ہے تیرے لیی مال اور اولاد کا وہ کہیگا کیون نہین پھر فرماویگا کیا آگے بہیجا تونے اپنی ذات کے لیے سو دیکہیگا وہ اپنے آگے اور پیچہے اور داہنے اور بائین اور نہ پاویگا کوئی چیز کہ بچاوے اسکے ساتہ اپنے مونہہ کو جہنم کی گرمی سے چاہیے کہ بچاوے ایک تم مین کا اپنا مونہہ آگ سے اگرچہ ایک ٹکڑا کہجور کا دیکر ہو سو اگر وہ نہین پاتا ہے تو ایک اچہی بات کے ساتہ یعنے کلمہ خیر سے جس سے کسیکا بہلا ہوا سلیے کہ مین نہین ڈرتا ہون تیرے فاقہ سے اسلیے کہ اللہ تعالے تمہارا مددگار ہے اور تمکو دینے والا ہے یہانتک کہ چلی جاویگی اکیلی عورت حیرہ سے یعنے مدینہ سی حیرہ تک اور نہ ڈریگی کہ اسکی سواری چور لیجاوے یعنے عملداری اسلام کی اس امن و امان سے قائم ہو جاویگی پھر کہا عدی نے کہ مین نے اپنے دل مین کہا کہ چور قبیلہ طی کے کہان ہونگے یعنی اسوقت مین **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر سماک بن حرب کے روایت سے اور روایت کیا ہے شعبہ نے سماک سے انہون نے عباد بن حبیش سے انہون نے عدی بن حاتم سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث کلبی روایت کیے ہمسے محمد بن مثنی و محمد بن بشار نے دونون نے کہا روایت کیے ہمسے محمد بن جعفر نے انہون نے شعبہ سے انہون نے سماک بن حرب سے انہون نے عباد بن حبیش سے انہون نے عدی بن حاتم سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے یہود مغضوب علیہم ہین اور نصاری گمراہ ہین پس ذکر کی حدیث کلبی **مترجم** عدی کے روایت سے معلوم ہوا کہ سورۂ فاتحہ مین مغضوب علیہم سے یہود مراد ہین اور ضالین سے نصاری غرض ان دونونکی راہین اور طریقے مردود ہین حالانکہ یہ اہل کتاب ہین پہر جو مشرکین بے کتاب ہین مثل ہنود وغیرہ تو اونکے رسم و رواج تو اونسے بھی بدتر ہوے مگر تعجب ہے ان مسلمانون سے کہ سورۂ فاتحہ پڑہتے ہین اور پہر رسوم ہنود اپنی شادی بیاہ مین کیا کرتے ہین معاذ اللہ من ذلک اور ابو ہریرہ کے روایت سے معلوم ہوا کہ مقتدی بھی اپنے امام کے پیچہے فاتحہ خفیۃً پڑہ لے اور یہی مذہب صحیح و ثابت ہے اور دلالت کرتی ہین اسی پر اکثر احادیث اور اختیار کیا ہے اسکو محققین محدثین نے جنکو منظور ہے اتباع حدیث مطہر کے اور یہ سورہ خلاصہ ہے سارے قرآن کا دوبار نازل ہوئی ایکبار مکہ مین اور ایکبار مدینہ مین اسی لیے اسکو ثانی اور قرآن عظیم فرمایا ہے اور شروع ہوتی ہے اس سے نماز اور ابتدا کیجاتی ہے اس سے کتاب کی اسلیئے اسکا نام فاتحہ ہے کہ کہولدیتی ہے دروازہ قرات کا قاری پر اور تلاوت کا مالی پر

## وَمِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ **عَنْ** اَبِيْ مُوْسٰى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ مِنْ قَبْضَةٍ قَبَضَهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَرْضِ فَجَاءَ بَنُوْ اٰدَمَ عَلٰى قَدْرِ الْاَرْضِ فَجَاءَ مِنْهُمُ الْاَحْمَرُ وَالْاَبْيَضُ وَالْاَسْوَدُ وَبَيْنَ ذٰلِكَ وَالسَّهْلُ وَالْحَزْنُ وَالْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ

**ترجمہ** روایت ہے ابو موسی اشعری سے کہا انہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک اللہ تعالی نے پیدا کیا آدم علیہ السلام کو ایک مٹھی سے کہ لیا اسکو سارے زمین سے سو آئی اولاد آدم علیہ السلام کے انواع زمین کے موافق سو آئی بعض اونکے سرخ رنگ اور بعض سفید اور بعض سیاہ اور بعض ان رنگونکی درمیانین اور نرم مزاج اور سخت اور ناپاک و پاک **کہا** ابو عیسی نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اُدْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا قَالَ كَانُوْا يَدْخُلُوْنَهُ زَحْفًا عَلٰى اَوْرَاكِهِمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا انہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی کے اس قول کے تفسیر مین اور داخل ہو دروازہ مین سجدہ کرتے ہوے بنی اسرائیل کہ سکتے ہوے اپنے چوتڑون پر یعنے گھٹنیون چلتے ہوے **ف** اور اسی سے مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قول کی تفسیر مین فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ کہ فرمایا آپنے کہ کہا بنی اسرائیل کے لوگون نے حِنْطَةٌ فِيْ شَعِيْرَةٍ انتہی یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فِيْ لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ فَلَمْ نَدْرِ اَيْنَ الْقِبْلَةُ فَصَلّٰى كُلُّ رَجُلٍ مِنَّا عَلٰى حِيَالِهٖ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا ذَكَرْنَا

رکھتی ہے برآیت اسکی دوسری آیت سی فصاحت اور بلاغت اور صحت معنی اور جزالت الفاظ مین اور دوسرے مقام مین ساری کتاب کو محکم فرمایا مراد اس سے یہ ہے کہ اسمین عبث اور ہزل نہین اور صدق و عدل سے بہرہ ہے اور اسمقام مین یعنے آل عمران مین تقسیم کی کہ بعض آیات محکم ہین اور بعض متشابہ پس اس مین کئی قول ہین اکابر دین کے چنانچہ ابن عباس فرماتے ہین کہ محکمات تین آیتین ہین سورۂ انعام کی قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ رَبُّكُمْ اور نظیر اس آیت کی بنی اسرائیل مین ہے وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ اور انہین کا قول ہے کہ حروف تہجی جو اوائل سورہ مین ہین یہی متشابہ ہین اور مجاہد اور عکرمہ نے کہا کہ جن آیتون مین حلال و حرام مذکور ہے وہ محکم ہین اور باقی سب متشابہ کہ شبیہ ہی ہر ایک دوسری کی صدق و حسن مین اور قتادہ اور ضحاک اور سدی نے کہا کہ محکم ناسخ ہی کہ جسپر عمل ہے اور متشابہ منسوخ ہے کہ ایمان لایا جاتا ہی اسپر اور عمل نہین کیا جاتا اور روایت کی علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ فرمایا انہون نے کہ محکمات قرآن اسکے ناسخ اور حلال حرام اور حدود و فرایض ہین کہ اسپر ایمان لایا جاتا ہے اور متشابہ منسوخ اسکی اور مقدم و موخر اور امثال اور اقسام کہ اسپر ایمان لایا جاتا ہے اور عمل نہین ہوتا اور بعض مفسرین نے کہا کہ محکم وہ ہین کہ جنکا علم اللہ تعالے نے اپنی بندونکو عنایت کیا ہے اور متشابہ وہ ہی کہ اسکا علم کسی مخلوق کو نہ دیا جیسے کہ اشراط ساعت اور خروج دجال اور نزول عیسی علیہ السلام اور طلوع شمس مغرب سے اور قیام ساعت اور فنائی دنیا کہ اوقات انکی سوائی اللہ تعالے کے کسیکو معلوم نہین اور محمد بن جعفر زبیر نے کہا کہ وہ محکم ہے کہ محتمل ایک ہی معنی کی مراد متشابہ وہ ہی کہ معانی متعددہ کی محتمل ہو کذا فی البغوی اور بعض اکابرین نے آیات صفات کو جیسے ید اللہ فوق ایدیہم متشابہ کہا ہے اگرچہ معانی انکے واضح ہین اور مطالب لائح مگر کیفیات انکی مجہول جیسی کہ اشراط ساعت مین اوقات مجہول ہین پس اسی خفا کی وجہ سی انکو متشابہ کہا ہے چنانچہ امام مالک رح فرماتے ہین الاستوا معلوم والکیف مجہول یعنے استوا باعتبار معنی کے معلوم ہے اور باعتبار کیفیت کے مجہول مگر بعضے جہول بالفضول اسکی معنون کو بھی مجہول قرار دیکر اپنی تئین جاہل ٹہیراتی ہین اور انکی معانی واضحہ پر ایمان نہین لاتی ہدایہم اللہ الی صراط مستقیم **عن** عائشۃ قالت سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن قولہ فاما الذین فی قلوبہم زیغ فیتبعون ما تشابہ منہ ابتغاء الفتنۃ وابتغاء تاویلہ قال فاذا رأیتہم فاعرفوہم وقال یزید فاذا رأیتموہم فاعرفوہم فانہم مرتین او ثلثا ترجمہ روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا انہون نے کہ پوچھی مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے تفسیر اس آیت کے فاما الذین فی قلوبہم زیغ الآیۃ یعنی جنکی دلونمین کجی ہے پس وہ پیچھے لگتی ہین اسکے متشابہ کے فتنہ اور اسکی تاویل ڈھونڈھنے کو انتہی پس فرمایا آپنے کہ جب دیکھی تو انکو تو پہچان رکھہ انکو اور کہا یزید نے اپنی روایت مین کہ حضرت نے فرمایا کہ جب دیکھو تم انکو تو پہچان رکھو اسکو دو بار کہا یا تین بار **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اسیطرح روایت کئی لوگون نے یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سی انہون نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور نہین ذکر کیا ابن ابی ملیکہ کے بعد قاسم بن محمد کا اور ذکر کیا قاسم کا فقط یزید بن ابراہیم نے اور ابن ابی ملیکہ نام انکا عبد اللہ ہے وہ بیٹے ہین عبید اللہ بن ابی ملیکہ کے اور انکو سماع ہے حضرت عائشہ سے بھی **عن** عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ وُلَاةً مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَاِنَّ وَلِيِّيَ اَبِي وَخَلِيْلُ رَبِّي ثُمَّ قَرَأَ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ترجمہ روایت ہے عبد اللہ سی کہا انہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر نبی کے دوست ہین نبیون مین سی اور میرے دوست باپ میرے ہین اور خلیل میرے رب کے پھر پڑہی آپنے یہ آیت ان اولی الناس بابراہیم الآیہ یعنے قریب زیادہ آدمیون سے ابراہیم کے طرف وہ لوگ ہین کہ جنہون نے تبعداری کی انکے یعنے توحید پر چلے اور یہ نبی اور جو ایمان لائی یعنے اس نبی کے ساتھ اور اللہ تعالی دوست ہے مومنون کا **ف** روایت کیا ہے یہ حدیث کو احمد نے اور ابو نعیم نے اور ابن سفیان نے اپنی اپنی کتاب کے اپنے اپنے باپ سے اور ان سی ابی الضحی نے اور نہین ذکر کیا اس سند مین مسروق کا اور یہ سند صحیح ہے روایت ابی الضحی کے جمہور سی اور مسروق سی اور ابو الضحی کا نام مسلم بن صبیح ہے روایت کیا ہے ہمسے ابو کریب نے کہا انہون نے وکیع سی انہون نے سفیان سے انہون نے اپنے باپ سے انہون نے ابی الضحی سے انہون نے عبد اللہ سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ابو نعیم کے روایت کے مطابق اور نہین بھی مسروق کا ذکر **ن** عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ فَقَالَ الْاَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ فِيَّ وَاللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ مِنَ الْيَهُوْدِ اَرْضٌ بِحَضْرَمَوْتَ فَقَدَّمَنِيْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَكَ بَيِّنَةٌ قُلْتُ لَا فَقَالَ لِلْيَهُودِيِّ احْلِفْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ إِذًا يَحْلِفَ فَيَذْهَبَ بِمَالِي فَأَنْزَلَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا الْآيَةَ ترجمہ روایت ہے عبد اللہ سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو قسم کھائی کسی امر پر اور وہ اس میں جھوٹا ہے اسلئے کہ کاٹ کر لیجاوے اس قسم سے مال مرد مسلمان کا وہ ملیگا اللہ تعالیٰ سے اور وہ تعالیٰ اس پر غصہ ہوگا سو کہا اشعث بن قیس نے کہ میرے باب میں ہے یہ حدیث قسم ہے اللہ کے اور تفصیل اسکے یہ ہی کہ میرے اور ایک یہودی کے شراکت تھی ایک زمین میں سو وہ منکر ہو گیا میرے حصہ کا پس لیگیا میں اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف سو فرمایا مجھ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تمہاری پاس گواہ ہیں میں نے عرض کیے کہ نہیں پھر فرمایا آپ نے یہودی سے کہ تو قسم کھا سو میں نے عرض کیے کہ یا رسول اللہ اب وہ قسم کھاکر میرا مال مار لیگا سو اتاری اوپر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت ان الذین سے آخر تک ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسباب میں علی بن ابی اوفی سے بھی یہی روایت ہے ترجمہ پوری آیت یوں ہے اِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَٰئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللهُ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ یعنے جو لوگ کہ خریدتے ہیں اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے ساتھ مول تھوڑا وہ لوگ ہیں کہ انکو آخرت میں کچھ حصہ نہیں اور نہ بات کریگا انسے اللہ تعالیٰ اور نہ نظر کریگا انکی طرف قیامت کے دن اور نہ پاک کریگا انکو اور انکے لئے ہی عذاب دردناک انتہی عَنْ أَنَسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّىٰ تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ أَوْ مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللهَ قَرْضًا حَسَنًا قَالَ أَبُو طَلْحَةَ وَكَانَ لَهُ حَائِطٌ يَا رَسُولَ اللهِ حَائِطِي لِلَّهِ وَلَوِ اسْتَطَعْتُ أَنَّ سِرَّهُ لَوْ أَعْلَنْتُهُ فَقَالَ اجْعَلْهُ فِي قَرَابَتِكَ أَوْ قَرَابَتِكَ ترجمہ روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہا انہوں نے کہ جب نازل ہوئی یہ آیت لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّىٰ تُنْفِقُوا الْآيَةَ یا مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللهَ الْآيَةَ کہا ابو طلحہ نے اور انکا ایک باغ تھا کہ یا رسول اللہ میرا باغ اللہ کی راہ میں صدقہ ہی اور اگر میں اس امر کو چھپا سکتا تو ہرگز ظاہر نہ کرتا سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تقسیم کر دو اسکو اپنی قرابت والوں میں راوی کو شک ہے کہ قرابتک یا اقربائک معنی دونوں کے ایک ہی ہیں ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور روایت کیے یہ مالک بن انس نے اسحاق بن عبد اللہ بن ابی طلحہ سے انہوں نے انس بن مالک سے عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَامَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنِ الْحَاجُّ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ الشَّعِثُ التَّفِلُ فَقَامَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ أَيُّ الْحَجِّ أَفْضَلُ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ الْعَجُّ وَالثَّجُّ فَقَامَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ مَا السَّبِيلُ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہا انہوں نے کہ کھڑا ہوا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اسنے عرض کی کہ کون حاجی افضل ہے یا رسول اللہ فرمایا آپ نے کہ جسکا گرد آلود ہو اور کپڑے میلے کچیلے ہوں پھر کھڑا ہوا ایک مرد دوسرا اور عرض کی اسنے کہ ارکان حج کیا افضل ہے یا رسول اللہ فرمایا آپ نے اواز بلند کرنا یعنے لبیک کہنے کے ساتھ اور خون بہانا یعنے قربانی کرنا پھر کھڑا ہوا ایک اور مرد اور کہا اسنے کہ آیہ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا میں سبیل سے کیا مراد ہے یا رسول اللہ فرمایا آپ نے کہ توشہ اور سواری یعنے جو پر قادر ہو حج فرض ہے ف اس حدیث کو نہیں پہچانتے ہم مگر ابراہیم بن یزید خوزی مکی کی روایت سے اور کلام کیا بعض اہل علم نے ابراہیم بن یزید میں انکے حافظہ کے طرف سے عَنْ سَعْدٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ الْآيَةَ دَعَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلِي ترجمہ روایت ہے سعد سے کہا انہوں نے کہ جب نازل ہوئی یہ آیت نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ الآیۃ بلایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کو اور کہا کہ یا اللہ یہ لوگ میرے اہل ہیں ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے مترجم اس آیۃ مبارک کو آیہ مباہلہ کہتے ہیں شان نزول اسکا یہ ہے کہ نصاریٰ نجران جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اپنی شبہات کے جواب بامصواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سن چکی تب یہ آیت نازل ہوئی فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنْفُسَنَا وَأَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَتَ اللهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ یعنے جو شخص حجت کرے تم سے اے نبی عیسےٰ کی بات میں بعد اسکے کہ آچکا تجھکو علم سو کہو آؤ بلاویں ہم اپنے بیٹوں کو اور تم اپنے بیٹوں کو اور ہم اپنے عورتوں کو اور تم اپنی عورتوں کو اور ہم اپنی جانوں کو اور تم اپنی جانوں کو پھر دعا کریں ہم سب اور ڈالیں لعنت اللہ کی جھوٹوں پر انتہی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی وغیرہ کو لیکر حاضر ہوئی مگر عاقب جو انمیں عقیل و ہوشیار تھا اسنے اپنی صاحب سے کہا کہ ای عبد المسیح تیری کیا رائے ہے اسنے کہا کہ محمد بیشک نبی مرسل ہے اور جسنے مباہلہ کیا نبی سے نہ اُنکا بڑا جیا اور نہ چھوٹا پر ہاتھ عرض مباہلہ سے وہ لوگ ڈر گئے

اور وہ ہزار حلوں پر صلح ٹھہری کہ وہ ہر سال حضرت کی خدمت میں بھیجا کرے انتہی خلاصۃ مافی البغوی **عن** ابی غالب قال ورای ابو امامۃ رؤسا منصوبۃ علی درج دمشق فقال ابو امامۃ کلاب النار شر قتلی تحت ادیم السماء خیر قتلی من قتلوہ ثم قرأ یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ الی اخر الایۃ قلت لابی امامۃ انت سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لو لم اسمعہ الا مرۃ او مرتین او ثلاثا او اربعا حتی عد سبعا ما حدثتکموہ ترجمہ روایت ہے ابی غالب سے کہا انہوں نے کہ دیکھا ابوامامہ نے سروں کو لٹکے ہوئے سیڑھی پر دمشق کے تو کہا انہوں نے کہ یہ کتے ہیں دوزخ کے اور بدترین مقتولین آسمان کے نیچے اور بہترین مقتول وہ ہیں جو لٹکے ہاتھ سے ماری گئے یعنی خوارج یا مبتدعین یا مرتدین کے ہاتھ سے پھر پڑھی انہوں نے یہ آیۃ یوم تبیض وجوہ والآیۃ کہا ابی غالب نے کہ کہا میں نے ابی امامہ سے کہ کیا سنا ہی تم نے اس امر کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتا انہوں نے اگر میں نہ سنا ہوتا اسکو یعنے ان لوگوں کی برائی کو مگر ایکبار یا دوبار یا تین بار یہانتک کہ گنا انہوں نے سات تک تو میں ہرگز نہ بیان کرتا تم سے غرض یہ کہ بیسیوں بار میں نے حضرت سے سنا ہی جب تم سے بیان کیا

**ف** یہ حدیث حسن ہے اور ابو غالب کا نام خزور ہے اور ابو امامہ باہلی کا نام صدی بن عجلان ہے اور وہ سردار ہیں قبیلہ باہلہ کے **عن** بهز بن حكيم عن ابيه عن جده انه سمع النبي صلى الله عليه وسلم يقول في قوله تعالى كنتم خير امة اخرجت للناس قال انتم تتمون سبعين امة انتم خيرها واكرمها على الله ترجمہ روایت ہے بہز بن حکیم سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے وہ دادا سے کہ سنا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتا تھا تفسیر میں اس آیت کی کنتم خیر امۃ اخرجت للناس الآیۃ کہ تم پورا کرتے ہو ستر امتوں کو کہ تم بہتر ہو اور بزرگ ہو اُن سب میں اللہ تعالے کی آگے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کی کئی لوگوں نے یہ حدیث بہز بن حکیم سے مانند اسکی اور ذکر کیا انہوں نے آیہ کنتم خیر امۃ کا **عن** انس ان النبي صلى الله عليه وسلم كسرت رباعيته يوم احد وشج وجهه شجة في جبهته حتى سال الدم على وجهه فقال كيف يفلح قوم فعلوا هذا بنبيهم وهو يدعوهم الى الله فانزلت ليس لك من الامر شيء او يتوب عليهم او يعذبهم الى اخرها ترجمہ روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کچلی توڑی گئی احد کے دن اور سر مبارک زخمی کیا گیا اور زخم لگا کئی پیشانی میں یہانتک کہ خون بہا آپکے روئے مبارک پر سو فرمایا آپنے کیونکر نجات پاویگی وہ قوم کہ انہوں نے اپنے نبی کے ساتھ یہ سلوک کیا حالانکہ وہ بلاتا تھا انکو الی اللہ کی طرف پس اتری یہ آیۃ لیس لک من الامر الآیۃ یعنے تجھی اختیار نہیں اللہ تعالی توبہ دی انکو یا عذاب کرے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شج في وجهه وكسرت رباعيته ورمي رميه على كرقه فجعل الدم يسيل على وجهه وهو يمسحه ويقول كيف يفلح قوم فعلوا هذا بنبيهم وهو يدعوهم الى الله فانزل الله تبارك وتعالى ليس لك من الامر شيء او يتوب عليهم او يعذبهم فانهم ظالمون ترجمہ روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پیشانی مبارک میں خم لگا اور توڑی گئی کچلی آپکی اور مارا گیا ایک پتھر آپکے شانہ مبارک پر اور بہنے لگا خون آپکے مونہہ پر اور آپ خون پونچھتے تھے اور کہتے تھی کیونکر نجات پائیگی وہ امت کہ جسنے اپنی نبی کے ساتھ یہہ بدسلوکی کی اور وہ اللہ تعالی کی طرف بلاتا تھا پس اُتاری اللہ تعالی نے یہ آیۃ مبارک لیس لک الآیۃ یعنے تجھے کچھہ اختیار نہیں اللہ تعالی توبہ عطا کرے اُنکو یا عذاب کرے اسلئے کہ وہ ظالم ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** عبد الله بن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوما اللهم العن ابا سفيان اللهم العن الحارث بن هشام اللهم العن صفوان بن امية قال فانزلت ليس لك من الامر شيء او يتوب عليهم فتاب عليهم فاسلموا فحسن اسلامهم ترجمہ روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے احد کے دن یا اللہ لعنت کر ابوسفیان پر یا اللہ لعنت کر حارث بن ہشام پر یا اللہ لعنت کر صفوان بن امیہ پر کہا راوی نے کہ پس نازل ہوئی یہ آیۃ مبارک لیس لک من الامر شیء یعنے تجھے کچھہ اختیار نہیں اللہ تعالی توبہ دی اُنکو انہی پس توبہ دی اُنکو اور وہ لوگ اسلام لائے اور اچھا ہوا اسلام اُنکا یعنے مضبوط ہو گئے اسلام میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے غریب سمجھی جاتی ہے عمر بن حمزہ کی روایت سے کہ وہ سالم سے روایت کرتی ہے اور ایسی ہے روایت اُسی زہری نے بروایت سالم کہ وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے **عن** عبد الله بن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يدعو على اربعة نفر فانزل الله تبارك وتعالى ليس لك من الامر شيء او يتوب عليهم او يعذبهم فانهم ظالمون ترجمہ روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بددعا کرتے تھے چار شخصوں کی لئے سو اُتاری اللہ تعالی نے یہ آیۃ لیس لک الآیۃ اور ہدایت کی اُنکو اسلام کی طرف

**ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح غریب بھی جانتے ہیں اس سند کے یعنے نافع کے روایت سے کہ وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں اور روایت کیا اسکو یحیی ابن ایوب نے ابن علان سے **عن** اسماء بن الحکم الفزاری قال سمعت علیا یقول انی کنت رجلا اذا سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدیثا نفعنی اللہ منہ بما شاء ان ینفعنی واذا حدثنی رجل من اصحابہ استحلفتہ فاذا حلف لی صدقتہ وانہ حدثنی ابو بکر وصدق ابو بکر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما من رجل یذنب ذنبا ثم یقوم فیتطہر ثم یصلی ثم یستغفر اللہ الا غفر لہ ثم قرأ ہذہ الآیۃ والذین اذا فعلوا فاحشۃ او ظلموا انفسہم ذکروا اللہ الی اخر الآیۃ **ترجمہ** راوی ہے اسماء بن حکم فزاری کہا انہوں نے کہ سنا میں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہ وہ فرماتے تھے کہ میں ایسا آدمی تھا کہ جب سنتا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث تو نفع بخشتا مجھکو اللہ تعالی اس سے جتنا چاہتا تھا کہ نفع دیوے مجھکو اور جب بیان کرتا کوئی شخص اگر کے اصحاب میں سے کوئی حدیث تو قسم دیتا میں اسکو پھر جب وہ قسم کھاتا میرے لئے تب میں تصدیق کرتا اسکی اور شک بیان کیا مجھ سے ابو بکر نے کی کہا انہوں نے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کوئی شخص ایسا نہیں ہے کہ کوئی گناہ کرے پھر کھڑا ہو اور طہارت بجا لاوے یعنے وضو وغیرہ پھر نماز پڑھے پھر مغفرت مانگے اللہ تعالی سے مگر بخشدیا جاتا ہے وہ پھر پڑھے آپ نے یہ آیہ والذین اذا فعلوا فاحشۃ الآیۃ **ف** اسحدیث کو روایت کیا ہی شعبہ اور کئی لوگوں نے عثمان بن مغیرہ سے اور مرفوع کیا اُن دونوں نے اور نہیں جانتے ہم اسماء کی مگر یہی حدیث **ترجمہ** پوری آیت یوں ہے والذین اذا فعلوا فاحشۃ او ظلموا انفسہم ذکروا اللہ فاستغفروا لذنوبہم ومن یغفر الذنوب الا اللہ ولم یصروا علی ما فعلوا وہم یعلمون یعنے اور وہ لوگ کہ جب کرتے ہیں کچھ کہلا گناہ یا برا کرتے ہیں اپنے حق میں تو یاد کرتے ہیں اللہ کو اور بخشش مانگتے ہیں اپنی گناہوں کی اور کون ہے گناہ بخشتا اللہ کے سوا اور اڑتے نہیں اپنے کئے پر جانتے ہوئے **عن** ابی طلحۃ قال رفعت رأسی یوم احد فجعلت انظر وما منہم یومئذ احد الا یمید تحت حجفتہ من النعاس فذلک قولہ تعالی ثم انزل علیکم من بعد الغم امنۃ نعاسا **ترجمہ** راوی ہے ابی طلحہ سے کہا انہوں نے کہ اٹھایا میں نے سر اپنا احد کے دن تو میں کیا دیکھتا ہوں کہ کوئی نہیں ہے احد دن ایسا نہیں ہے جو جھکا نجاتا ہو اپنے سپر کے نیچے اونگھ کے سبب سے پس یہی مراد ہے اللہ تعالی کی اس قول کے ثم انزل الآیۃ **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے روایت کیا ہے عبادہ انہوں نے روح بن عبادہ سی انہوں نے حماد بن سلمہ سے انہوں نے ہشام بن عروہ سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے ابی الزبیر سے مثل اسکے یہ حدیث حسن صحیح ہے **عن** انس ان ابا طلحۃ قال غشینا ونحن فی مصافنا یوم احد حدثت انہ کان فی من غشیہ النعاس یومئذ قال فجعل سیفی یسقط من یدی واخذہ واسقط من یدی واخذہ والطائفۃ الاخری المنافقون لیس لہم ہم الا انفسہم جبن قوم وارعبہ واخذلہ **ترجمہ** راوی ہے انس سے کہ ابو طلحہ نے کہا کہ بیہوش ہو گئے تھی ہم اور ہم ہے اپنی لڑائی کی جگہ میں احد کے دن پھر بیان کیا ابو طلحہ نی کہ وہ بھی تھی اُن لوگوں میں کہ جنکو ڈھانپ لیا تھا اونگھ نے اسدن سو کہا انہوں نے کہ تلوار میرے گرنے لگی میرے ہاتھ سے اور میں اُسے پکڑتا تھا اور دوسرا گروہ منافقوں کا تھا کہ انکو کچھ فکر نہ تھی سوا اپنی جان کے وہ لوگ ساری قوم سے زیادہ نامرد تھی اور نہایت ڈرپوک اور چھوڑنے والی مدد حق کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** پوری آیت جسمیں نعاس کا ذکر ہے یوں ہے ثم انزل علیکم من بعد الغم امنۃ نعاسا یغشی طائفۃ منکم وطائفۃ قد اہمتہم انفسہم یظنون باللہ غیر الحق ظن الجاہلیۃ یقولون ہل لنا من الامر من شیء قل ان الامر کلہ للہ یخفون فی انفسہم ما لا یبدون لک یقولون لو کان لنا من الامر شیء ما قتلنا ہہنا قل لو کنتم فی بیوتکم لبرز الذین کتب علیہم القتل الی مضاجعہم ولیبتلی اللہ ما فی صدورکم ولیمحص ما فی قلوبکم واللہ علیم بذات الصدور یعنے پھر اُتارا ہم نے تم پر بعد اس غم کے جو لاحق ہوا تھا تم کو امن اونگھ کہ گھیر رہی تھی تم میں بعضوں کو اور بعضوں کو فکر پڑا تھا اپنے جی کا خیال کرتے تھی اللہ پر جھوٹے خیال جاہلوں کے کہتے تھے کچھ ہمیں کام ہے ہماری بات کو کہا اگر تم ہوتے اپنے گھروں میں البتہ باہر نکلتے جنپر لکھا تھا ہماری جانا اپنے پڑاؤ پر اور اللہ کو آزمانا تھا جو کچھ تمہارے جی میں ہے اور نکھارنا تھا جو کچھ تمہارے دل میں ہے اور اللہ کو معلوم ہے جی کی بات **ف** جنگ احد میں جب شکست کی مار مسلمانوں پر ظاہر ہوئی اور جلوہ شہید ہونا تھا ہو چکے اور جلوہ ہونا تھا ہو گئی پھر جو میدان جنگ میں باقی رہے اُنپر اللہ تعالی نے ایک اونگھ اُتاری کہ اُس سے رعب اور دہشت جاتی رہی اور اتنی دیر حضرت کو بھی غشی رہی پھر جب ہوشیار ہوئے حضرت کے پاس جمع ہوئے اور لڑائی قایم کی اور شست ایمان والے کہنے لگی کہ کچھ ہمیں کام ہے ہمارا ہاتھ ظاہر یہ معنے کہ اس شکست کے بعد کچھ ہے ہمارا کام بنا رہیگا یا بالکل

یا بالکل بگڑ چکا یا یہ معنی کہ اسنے چاہا سو کیا سہارا کیا اختیار اور نیت میں یہ معنی ہے کہ ہمارے مشورے پر عمل کیا جو تمنی لوگ ہمرے اللہ تعالیٰ نے دونوں معنی کا جواب فرمایا اور بتایا کہ اللہ کو اسکی حکمت منظور تھی تا صادق اور منافق معلوم ہوں **عن** مقسم قال قال ابن عباس نزلت هذه الاية وما كان لنبي ان يغل في قطيفة حمراء افتقدت يوم بدر فقال بعض الناس لعل رسول الله صلى الله عليه وسلم اخذها فانزل الله تبارك وتعالى وما كان لنبي ان يغل الى اخر الاية **ترجمہ** روایت ہے مقسم سے کہا انہوں نے کہ فرمایا ابن عباس نے کہ نازل ہوئی یہ آیت ما کان لنبی الآیۃ ایک مخمل کی چادر کے باب میں کہ سرخ رنگ تھی اور کھوئی گئی وہ بدر کے دن یعنی مال غنیمت میں سے سو کہا بعض لوگوں نے کہ شاید رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لیلی ہو سو اتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیۃ وما کان لنبی الآیۃ **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کی عبدالسلام بن حرب نے خصیف سے مانند اسکی اور روایت کیا بعضوں نے یہ حدیث خصیف سے انہوں نے مقسم سے اور نہیں ذکر کیا انہوں نے ابن عباس کا اس روایت میں **ترجمہ** پورے آیت یہ ہے وما كان لنبي ان يغل ومن يغلل يات بما غل يوم القيمة ثم توفى كل نفس ما كسبت وهم لا يظلمون بیشک نبی کا کام نہیں کہ کچھ چھپا رکھے اور جو کوئی چھپاوے گا لاوے گا اپنا چھپایا قیامت کے دن پھر پورا پاوے گا کوئی اپنا کمایا اور ان پر ظلم نہ ہوگا **ف** اس سے مراد مسلمانوں کے خاطر جمع کرنی ہے تا یہ نہ جانیں کہ حضرت نے سکو طاہر معاف کیا اور نہیں تھمن ہے کہ یہی جنگی کا لینے یا مسلمانوں کو سمجھانا ہے کہ حضرت پر گمان نہ کریں کہ غنیمت کا مال کچھ چھپا رکھیں گے یا مدرکی لڑائی میں جو چادر گم ہو گئی تھی وہی مراد ہے جو حدیث میں مذکور ہوا **عن** جابر بن عبداللہ یقول لقيني رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لي يا جابر مالي اراك منكسرا قلت يا رسول الله استشهد ابي وترك عيالا ودينا قال افلا ابشرك بما لقي الله به ابالك قال بلى يا رسول الله قال ما كلم الله احدا قط الا من وراء حجاب واحيى اباك فكلمه كفاحا وقال يا عبدي تمن علي اعطك قال يا رب تحييني فاقتل فيك ثانية قال الرب تبارك وتعالى انه قد سبق مني انهم لا يرجعون قال ونزلت هذه الاية ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل الله امواتا الاية **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبداللہ سے کہتے تھے ملے مجھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور فرمایا مجھسے کیا سبب ہے کہ دیکھتا ہوں تجھکو شکستہ خاطر عرض کیے میں یا رسول اللہ شہید ہوئے باپ میرے یعنے جہاد میں اور چھوڑے لڑکے بالے اور قرض فرمایا آپ نے کہ کیا نہ بشارت دوں تجھکو اس چیز کے کہ ملاقات کیے اللہ تعالیٰ نے اسکے ساتھ تمہارے باپ کے عرض کیے کہ ہاں یا رسول اللہ فرمایا آپ نے کلام نہیں کیا اللہ تعالیٰ نے کسی سے کبھی مگر پردے پیچھے سے اور زندہ کیا تمہارے باپ کو پھر کلام کیا اسنے آمنے سامنے اور فرمایا اے میرے بندے ارزو کر مجھ سے کسی چیز کی کہ دوں تجھکو عرض کیے انہوں نے کہ اے رب آرزو یہ ہے کہ تو زندہ کرے مجھکو اور پھر قتل کیا جاؤں تیرے راہ میں دوبارہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ پہلے ہو چکی ہے تقدیر میری کہ جنکے لوگ دنیا کی طرف نہ لوٹینگے کہا راوی نے کہ اسی باب میں نازل ہوئی یہ آیۃ مبارک ولا تحسبن الذين قتلوا الآية **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور نہیں جانتے ہم اسکو مگر موسیٰ بن ابراہیم کے روایت سے اور روایت کیا یعلی بن عبداللہ مدنی نے اور کئی لوگوں نے کہا محمد بن عمرو نے اسی طرح موسیٰ بن ابراہیم سے اور روایت کیا عبداللہ بن محمد بن عقیل نے جابر سے کچھ تھوڑا مضمون اس کا **ترجمہ** پوری آیات جو اسی بارہ میں نازل ہوئی ہیں ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل الله امواتا بل احياء عند ربهم يرزقون فرحين بما اتاهم الله من فضله ويستبشرون بالذين لم يلحقوا بهم من خلفهم الا خوف عليهم ولا هم يحزنون يستبشرون بنعمة من الله وفضل وان الله لا يضيع اجر المؤمنين یعنے اور نہ خیال کر تو ان لوگوں کو کہ قتل ہوئے اللہ کے راہ میں مردے بلکہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس روزی پاتے ہیں خوشی کرتے ہیں آسودہ ہوئے اللہ تعالیٰ نے اپنی فضل سے اور خوشوقت ہوتے ہیں انکی طرف سے جو ابھی نہیں پہنچے انمیں پیچھے سے اسواسطے کہ نہ ڈر ہے انپر اور نہ غم خوشوقت ہوتے ہیں اللہ کے نعمت اور فضل سے اور اس سے کہ اللہ ضایع نہیں کرتا مزدوری ایمان والوں کے **ف** شہیدوں کو مرنے بعد ایک طرح کی زندگی ہے اور مردہ کہو نہیں کہا ہے اور عیش اور خوشی پورے ہے اور دنکو قیامت کے بعد ہوگی **عن** عبداللہ [illegible] سئل عن هؤلاء الآية ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل الله امواتا بل احياء عند ربهم فقال اما انا قد سألنا عن ذلك فاخبرنا ان ارواحهم [illegible] في الجنة حيث شاءت وتاوي الى قناديل معلقة بالعرش فاطلع عليهم ربك اطلاعة فقال هل تستزيدون شيئا فازيدكم قالوا [illegible] سألتنا فاخبرناك فاطلع عليهم الثانية فقال هل تستزيدون شيئا فازيدكم قالوا اي رب بلغت بنا [illegible] فاطلع عليهم الثالثة فقال هل تستزيدون شيئا فازيدكم قالوا اي رب وما نستزيدك فما زالوا [illegible] فقالوا نعم [illegible] **ترجمہ** روایت ہے مسروق سے کہتے تھے پوچھی گئے تفسیر اللہ تعالیٰ کے اس قول

مبارک کے وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ الْآیَۃَ سو کہا انہوں نے کہ آگاہ ہوئے پوچھی تھی تفسیر اسکے یعنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور خبر دیگئی ہمکو کہ ارواح شہیدوں کی یعنے جنکا ان آیتوں میں بیان ہے سبز چڑیوں کے اندر ہیں کہ وہ سیر کرتے ہیں جنت میں جہاں چاہتے ہیں اور آرام کرتے ہیں قندیلوں میں جو عرش میں لٹکے ہیں پھر جہاں کا انپر پروردگار تیرہی ایکبار اور فرمایا انسی کہ آیا تم کچھ اور زیادہ چاہتے ہو کہ میں تمکو زیادہ دوں عرض کیا انہوں نے کہ ای رب ہمارے اب ہم کیا چاہیں اور ہیں جنت میں کہ سیر کرتے ہیں جہاں چاہتے ہیں پھر جہاں کا انپر پروردگار نے دوبارہ اور پھر فرمایا کہ آیا تم کچھ اور زیادہ چاہتے ہو کہ میں تمکو زیادہ دوں پھر جب دیکھا اُن شہیدوں نے کہ ہم چھوٹیں گے یعنے جنتک کہ کچھ فرمایش نکریں تب عرض کی کہ پھیری جاویں روحیں ہمارے بدنوں میں یہانتک کہ لوٹیں ہم دنیا کی طرف اور پھر قتل کیے جاویں تیرے راہ میں دوبارہ یعنے جب

سب خوب ہون سو فرمایا ابن عباس نے تمکو کیا مطلب اس آیت سی یہ تو نازل ہوئی ہے اہل الکتاب کے حق مین پھر پڑھی ابن عباس نے یہ آیت یعنی اور سی وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ سی بمالم یفعلوا مگ پھر فرمایا ابن عباس نے کہ پوچھی اہل کتاب سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی چیز پس چھپائی انہون نے اور خبر دی اور چیز کی اُسکے سوا اور چلے گئے اور حضرت سے ظاہر کیا کہ خبر دی اُسی چیز کے جو حضرت نے پوچھی تھی اُنسے اور اپنی تعریف چاہی اور خوش ہوئے اور پھولے اُسپر جو خبر دی انہون نے اپنے کتاب سے اور اُس چیز سے کہ حضرت نی پوچھی تھے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے **مترجم** پوری آیتین یون ہین وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ یعنے اور جب اللہ تعالے نی قرار لیا کتاب والون سے کہ اُسکو بیان کرو لوگون پاس اور نہ چھپاؤ پھر پھینکدیا وہ اقرار اپنے پیٹھ پیچھے اور خرید کیا اُسکے بدلی مول تھوڑا سو کیا بُری خرید کرتے ہین تو نہ سمجھ کہ جو لوگ خوش ہوتے ہین اپنے کئے پر اور تعریف چاہتے ہین ہن کئے پر سو نہ جان کہ وہ خلاص ہونیوالے ہین عذاب سے اور اُنکو واسطے ہے عذاب کے مارے **ف** وہی ہود و مسئلہ غلط بتاتے اور رشوتین کہاتے اور پیغمبر کے صفت چھپاتے پھر خوش ہوتے کہ ہمکو کوئی پکڑ نہین سکتا اور سیدھا کہتی کہ لوگ ہمارے تعریف کرین کہ خوب عالم اور دیندار و حق پرست ہین (موضح القرآن) غرض ابن عباس نے فرمایا کہ ان آیتون سے یہود مراد ہین اور جاننا چاہئے کہ سورۂ آل عمران جامع اکثر مضامین قرآن ہے اسمین تذکیرات اور قصص سے حال فرعون کا اور حال جنگ بدر کا اور قصہ عمران کے بیوی کے نذر کرنیکا مریم کو اور قصہ ولادت یحیی کا اور ولادت حضرت عیسے علیہا السلام کا مذکور ہے اور اوامر سی مذکور ہے امر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اطاعت کا اور ایمان لانیکا خداوند تعالی پر اور کتب سابقہ پر اور اتباع ملت ابراہیم کا اور توکل کا خداوند تعالے پر اور جنت کے طلب کرنیکا اور زمین مین سیر کرنیکا اور مشورہ کا اور صبر اور گھوڑے باندھنی کا تغور پر اور نواہی سے مذکور ہے نہی کافرون کے محبت سے اور اختلاف اور تفرق سے اور حضہ محبت سے کافرون کے اور اُنپر حسرت کہانے سے اور سوا اسکے بڑے بڑے فوائد عمدہ مذکور ہین +

## وَمِنْ سُوْرَةِ النِّسَآءِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ **عَنْ** مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ مَرِضْتُ فَاَتَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ وَقَدْ اُغْمِيَ عَلَيَّ فَلَمَّا اَفَقْتُ قُلْتُ كَيْفَ اَقْضِيْ فِيْ مَالِيْ فَكَفَّ عَنِّيْ حَتّٰى نَزَلَتْ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ **ترجمہ** روایت ہے محمد بن منکدر سے کہا انہون نے کہ سنا مین نے جابر بن عبد اللہ سے کہتے تھے کہ بیمار ہوا مین سو آئی میرے پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور مین بیہوش تھا پھر جب مجھی افاقہ ہوا مین نے کہا کہ کیا حکم کرون مین اپنے مال مین سو حضرت چپ ہوے یہانتک کہ نازل ہوئی یہ آیت مبارک یوصیکم اللہ الآیۃ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیا ہے کئی لوگون نے محمد بن منکدر سے انہون نے جابر بن عبد اللہ سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی مانند اسکے اور فضل بن مساحق روایت مین کچھ زیادہ کلام ہے اس روایت سی **مترجم** پوری آیت یون ہے يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۤ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَاۗءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۭ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا یعنے اللہ کہدیتا ہے تمکو تمہاری اولاد مین مرد کو حصہ برابر دو عورت کے پھر اگر تیسری عورتین ہون دو سی اوپر تو تمکو دو تہائی جو چھوڑ مرا ہے میت اور اگر ایک ہے تو اسکو آدھا اور میت کے ماں باپ کو مرایک کو دونون مین چھٹا حصہ جو چھوڑ مرا اگر میت کی اولاد ہے پھر اگر اُسکو اولاد نہین اور وارث ہین اُسکے ماں باپ تو اُسکی ان کو تہائی ہے پھر اگر میت کے کئی بھائی ہین تو اُسکے ماں کو چھٹا یہ پیچھے وصیت کے جو دلوا مرا قرض کے تمہارے باپ اور بیٹی تمکو معلوم نہین کون شتاب ہے بخشی ہین تمہارے کام مین حصہ باندھا اللہ کا ہے اللہ خبردار ہے حکمت والا **ف** اس آیت مین دو میراثین فرمائین اولاد کی اور ماں باپ کے اولاد اگر ہی مین دو عورت تو مرد کا دو برابر حصہ اور عورت کا اکہرا اور اگر فقط عورتین ہین تو ایک کو آدھا مال اور زیادہ ہون تو دو تہائی برابر بانٹ لیوین اور مانکا حصہ اگر میت کو اولاد ہے یا بھائی نہین ہے ایک سے زیادہ تو چھٹا حصہ اور اگر دو نہین تو تہائی اور باپکا حصہ اگر میت کو اولاد ہے تو چھٹا حصہ اور اگر اولاد نہین تو عصبہ ہے اور میت کا مال سکے دفن اور کفن کو لگانی جو کچھ پیچھے وہ اُسکی قرض ہین وہ بھی جو کچھ بچے تو اُسکے وصیت مین ایک تہائی تک لگانی اُسکے بعد میراث کی حصہ ہین اور ان حصون مین عقل کا دخل نہین اللہ صاحب نے مقرر فرمائی وہ سب سے دانا تر ہے انتہی موضح القرآن **عَنْ** اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَمَّا كَانَ

یَوْمَ اَوْطَاسٍ اَصَبْنَا نِسَاءً لَهُنَّ اَزْوَاجٌ فِی الْمُشْرِکِیْنَ فَکَرِهْنَ رِجَالٌ مِنْهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ ترجمہ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا انہوں نے کہ جب ہوا دن اوطاس کے لڑائی کا غنیمت میں پایا ہم نے ایسی عورتوں کو کہ انکے شوہر تھے مشرکوں میں سو کراہت کی جماعت کی بعض مردوں نے سو اتاری اللہ تعالیٰ یہ آیت مبارک والمحصنات الآیۃ ف یہ حدیث حسن ہے عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ اَصَبْنَا سَبَایَا یَوْمَ اَوْطَاسٍ لَهُنَّ اَزْوَاجٌ فِی قَوْمِهِنَّ فَذَکَرُوْا ذٰلِکَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَتْ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ ترجمہ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا انہوں نے کہ غنیمت میں لیں ہم نے کچھ عورتیں اوطاس کے دن کہ انکے شوہر تھے انکے قوم میں سو ذکر کیا اسکا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے پس اتری یہ آیت والمحصنات الآیۃ ف یہ حدیث حسن ہے اور ایسی ہے روایت کے ثوری عثمان بتی سے انہوں نے ابی الخلیل سے انہوں نے ابی سعید خدری سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند حدیث مذکور کے اور اس روایت میں ابی علقمہ کا ذکر نہیں اور نہیں جانتا میں کیوں کر اسنے ذکر کیا ہو اس سند میں ابی علقمہ کا مگر یہ کہ نے بروایت ابی قتادہ اور ابوالخلیل کا نام صالح بن ابی مریم ہے مترجم یوری آیت یوں ہے وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ کِتٰبَ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ وَاُحِلَّ لَکُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِکُمْ مُّحْصِنِیْنَ غَیْرَ مُسٰفِحِیْنَ ط فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِیْضَةً وَلَا جُنَاحَ عَلَیْکُمْ فِیْمَا تَرٰضَیْتُمْ بِهٖ مِنْ بَعْدِ الْفَرِیْضَةِ اِنَّ اللّٰهَ کَانَ عَلِیْمًا حَکِیْمًا یعنے اور نکاح بندہی عورتیں ہے حرام ہیں مگر جنکو مالک ہو جاویں تمہارے ہاتھ حکم ہوا اللہ کا تمپر اور حلال ہوئیں تمکو جو انکے سوا ہیں یہ کہ طلب کرو اپنے مال کے بدلے قید میں لانیکو نہ مستی نکالنی کو پھر جو کام میں لائی تم ان عورتوں سے انکو دو انکے حق جو مقرر ہوئے اور گناہ نہیں تمکو اسمیں جو پھر اودونوں کے رضا سے مقرر کیجیے بیچے اللہ ہی خبردار حکمت والا عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْکَبَائِرِ قَالَ الْاِشْرَاکُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ وَقَتْلُ النَّفْسِ وَقَوْلُ الزُّوْرِ ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کبیرہ گناہوں میں ہے شریک کرنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور ناراض کرنا والدین کا اور قتل کرنا کسے جانکا اور جھوٹ کہنا یا گواہی جھوٹی دینا ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے اور روایت کی یہ روح بن عبادہ نے شعبہ سے اور کہا روایت ہے عبداللہ بن ابی بکر سے مگر یہ صحیح نہیں عَنْ اَبِیْ بَکْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُحَدِّثُکُمْ بِاَکْبَرِ الْکَبَائِرِ قَالُوْا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْاِشْرَاکُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ قَالَ وَجَلَسَ وَکَانَ مُتَّکِئًا قَالَ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ اَوْ قَوْلُ الزُّوْرِ قَالَ فَمَا زَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُهَا حَتّٰی قُلْنَا لَیْتَهُ سَکَتَ ترجمہ روایت ہے ابی بکرہ سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں تمکو اکبر کبائر کے صحابہ نے عرض کیا کہ ہاں یا رسول اللہ خبر دیجیے ہمکو فرمایا آپنے بڑے سے بڑا گناہ شریک کرنا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور ناراض کرنا ماں باپ کا کہا لوگی سے اور اٹھ بیٹھے آپ اور تھے قبل اسکے تکیہ لگائی اور فرمایا آپنے کہ کبائر میں داخل ہے جھوٹی گواہی یا فرمایا جھوٹی بات کہا راوی نے کہ پھر مارا آپ ہی فرماتی رہی یہانتک کہ ہمنے کہا کاش آپ چپ رہتے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَیْسٍ الْجُهَنِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَکْبَرِ الْکَبَائِرِ الْاِشْرَاکُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ وَالْیَمِیْنُ الْغَمُوْسُ وَمَا حَلَفَ حَالِفٌ بِاللّٰهِ یَمِیْنَ صَبْرٍ فَاَدْخَلَ فِیْهَا مِثْلَ جَنَاحِ بَعُوْضَةٍ اِلَّا جُعِلَتْ نُکْتَةً فِیْ قَلْبِهٖ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن انیس جہنی سے کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک اکبر کبائر شریک کرنا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور ناراض کرنا والدین کا اور قسم جھوٹی گندی ہے کہ بات پر جانے بوجھی اور نہیں قسم کہائی کسی قسم کہانیوالے اللہ کی کہ موقوف ہوا اسپر فیصلہ پھر داخل کر دیا محبرے پر برابر بیٹھے جھوٹ مگر ہوگا ایک نکتہ اسکے دلپر قیامت کے دن تک ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور ابوامامہ انصار کے بیٹے ہیں ثعلبہ کے اور نہیں جانتے ہم نام انکا اور روایت کی ہے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے بہت حدیثیں عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْکَبَائِرُ الْاِشْرَاکُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ اَوْ قَالَ الْیَمِیْنُ الْغَمُوْسُ شَکَّ شُعْبَةُ ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عمرو بن عاص سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کبیرہ گناہوں میں ہے شریک کرنا ساتھ اللہ تعالیٰ کے اور ناراض کرنا والدین کا یا فرمایا قسم جھوٹی شک کیا اسمیں شعبہ نے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ یَغْزُو الرِّجَالُ وَلَا تَغْزُو النِّسَاءُ وَاِنَّمَا لَنَا نِصْفُ الْمِیْرَاثِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَکُمْ عَلٰی بَعْضٍ قَالَ مُجَاهِدٌ وَاُنْزِلَ فِیْهَا اِنَّ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَکَانَتْ اُمُّ سَلَمَةَ اَوَّلَ ظَعِیْنَةٍ قَدِمَتِ الْمَدِیْنَةَ مُهَاجِرَةً ترجمہ روایت ہے ام سلمہ سے کہا انہوں نے کہا بطور غبطہ کے کہ جہاد کرتے ہیں مرد اور نہیں جہاد کرتیں عورتیں

اور ہم عورتوں کے لئے بھی آدھی میراث یعنے اور مرد کو دوسرا حصہ یہ اُتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ یعنے مت آرزو کرو اُس چیز کے کہ فضیلت دی اللہ نے بسبب اُسکی بعض کو بعض پر کہا مجاہد نے اور اُتری ہے ام سلمہ کے بارہ میں یہ آیت اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ اور تہیں ام سلمہ پہلی عورت کہ جو آئین مدینہ میں ہجرت کرکے ف یہ حدیث مرسل ہے اور روایت کی بعض راویوں نے ابن عیینہ سے انہوں نے مجاہد سے مرسلاً کہ ام سلمہ نے ایسا ایسا کہا عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا اَسْمَعُ اللّٰهَ ذَكَرَ النِّسَآءَ فِي الْهِجْرَةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ترجمہ روایت ہے ام سلمہ سے کہا انہوں نے کہا رسول اللہ نہیں سنتا میں نے اللہ تعالیٰ کو کہ ذکر کیا ہو اُس نے عورتوں کا ہجرت کے باب میں یعنے اُنکو ہجرت کا کچھ ثواب ہے یا نہیں سو اُتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اِنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ الآیہ یعنے میں ضائع نہیں کرتا عمل کسے عامل کا تم میں سے مرد ہو یا عورت بعض تم میں کے ہیں بعض سے آخر آیت تک عَنْ اِبْرٰهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْرَاَ عَلَيْهِ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَرَاْتُ عَلَيْهِ مِنْ سُوْرَةِ النِّسَآءِ حَتّٰى اِذَا بَلَغْتُ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا رَاَيْتُ عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ ترجمہ روایت ہے ابراہیم سے وہ روایت کرتے ہیں علقمہ سے کہا انہوں نے کہا عبداللہ نے حکم کیا مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ پڑھوں میں آپکے آگے قرآن اور آپ منبر پر تھے سو پڑھے میں نے آپکے سامنے یہاں تک کہ جب ہو چکا میں اس آیت پر فکیف اذا جئنا الآیۃ اشارہ کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے یعنے بس کرو سو دیکھا میں نے اُنکے طرف اور آنکھیں اُنکی آنسو بہاتی تھیں ف ایسی ہے روایت کے ابوالاحوص سے اعمش سے اُنہوں نے ابراہیم سے اُنہوں نے علقمہ سے اُنہوں نے عبداللہ سے اور حقیقت میں وہ سند دوسری ہے روایت ابراہیم کی وہ روایت کرتے ہیں عبیدہ سے وہ عبداللہ سے عَنْ اِبْرٰهِيْمَ عَنْ عَبِيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِقْرَاْ عَلَيَّ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقْرَاُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ اُنْزِلَ قَالَ اِنِّيْ اُحِبُّ اَنْ اَسْمَعَهٗ مِنْ غَيْرِيْ فَقَرَاْتُ سُوْرَةَ النِّسَآءِ حَتّٰى بَلَغْتُ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا قَالَ فَرَاَيْتُ عَيْنَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَهْمِلَانِ ترجمہ روایت ہے ابراہیم سے وہ روایت کرتے ہیں عبیدہ سے وہ عبداللہ سے کہا انہوں نے کہ فرمایا مجھ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ پڑھو تم مجھ پر قرآن سو عرض کیے میں نے کہ اے رسول اللہ کے میں پڑھوں آپکے آگے اور آپ پر تو نازل ہوا ہے فرمایا آپ نے میں دوست رکھتا ہوں کہ سنوں اسکو اپنی غیر سے سو کہا عبداللہ نے کہ پڑھی میں نے سورہ نساء یہاں تک کہ پہونچا میں اس آیت تک وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا کہا عبداللہ نے کہ پھر دیکھا میں نے دونوں آنکھوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آنسو بہاتی تھیں ف یہ روایت صحیح ہے ابی الاحوص کی روایت سے روایت کیے جیسے سوید بن نصر نے اُنہوں نے ابن مبارک سے اُنہوں نے سفیان سے اُنہوں نے اعمش سے معاویہ بن ہشام کے روایت کے مانند ترجمہ پوری آیت یوں ہے فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا یعنے پھر کیا حال ہوگا جب بلاویں گے ہم ہر اُمت میں سے احوال کہنے والا اور بلاویں گے تجھکو اوپر لوگوں کے یہ احوال بتاتی ہے آخرت اور اس آیت میں خطاب ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو طرف اور کمال فضیلت ہی آپکی عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ صَنَعَ لَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ طَعَامًا فَدَعَانَا وَسَقَانَا مِنَ الْخَمْرِ فَاَخَذَتِ الْخَمْرُ مِنَّا وَحَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَقَدَّمُوْنِيْ فَقَرَاْتُ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَنَحْنُ نَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ ترجمہ روایت ہے علی بن ابیطالب سے کہا انہوں نے کہ کیا ہمکو عبدالرحمن بن عوف نے کچھ کھانا اور دعوت دی ہمکو اور پلائی ہمکو کچھ شراب سو لی اس شراب نے محل ہماری اور نماز کا وقت آیا سو لوگوں نے مجھکو آگے کیا یعنے امام بنایا پس پڑھی میں نے سورہ قل یا ایہا الکافرون لا اعبد ما تعبدون ونحن نعبد ما تعبدون یعنی کہدے تو اے نبی کہ اے کافرو نہیں پوجتا میں جو تم پوجتے ہو اور تم پوجتے ہو جو میں پوجتا ہوں اور یہ غلطے کے حضرت علی نے پس اُتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت یا ایہا الذین آمنوا سے آخر تک یعنے اے ایمان والو مت نزدیک جاؤ نماز کے اس حالت میں کہ تم نشہ میں ہو جب تک کہ نجانو تم کہ کیا کہتے ہو یعنے ہوش نہ آئی ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے ترجمہ یہ آیت اس باب میں نازل ہوئی اسکے بعد پہلی آیت میں حرمت نازل ہوئی عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهٗ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ خَاصَمَ الزُّبَيْرَ فِيْ شِرَاجٍ مِّنَ الْحَرَّةِ الَّتِيْ يَسْقُوْنَ بِهَا النَّخْلَ فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ سَرِّحِ الْمَآءَ يَمُرُّ فَاَبٰى عَلَيْهِ فَاخْتَصَمُوْا اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَيْرِ اسْقِ ثُمَّ اَرْسِلِ الْمَآءَ اِلٰى جَارِكَ فَغَضِبَ الْاَنْصَارِيُّ فَقَالَ

یا رسول اللہ ان کان ابن عمتک فتغیر وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم قال یا زبیر اسق واحبس الماء حتی یرجع الی الجدر فقال الزبیر واللہ انی لاحسب ہذہ الآیۃ نزلت فی ذلک فلا وربک لا یؤمنون حتی یحکموک فیما شجر بینہم ترجمہ یعنی زبیر بن عوام سے روایت ہے عروہ بن زبیر سے انہوں نے روایت کی عبداللہ بن زبیر سے کہا عبداللہ نے کہ ایک دو انصار میں کا لڑا زبیر سے پانی کے لئے جو تہر ملی زمین سے آتا تھا کہ جس سے وہاں کے لوگ کھجور کے درختوں کو سینچتے تھے سو انصار نے کہا زبیر سے کہ پانی چھوڑ دو چلا جائے سو نہ مانا انہوں نے پس جھگڑتے آئے وہ لوگ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے زبیر سے کہ تم سینچ لو پہلے اپنا کھیت اسی زبیر اور پھر چھوڑ دو پانی اپنے ہمسایہ کے کھیت کے طرف اور زبیر کا کھیت بلند تھا اور پانی کے قریب تھا اسکے بعد انصار کا کھیت تھا سو غصہ ہوا انصاری اور کہنے کہا کہ یا رسول اللہ یہ بات آپنے اسلئے فرمائی کہ زبیر آپکے پھوپھی زاد بھائی ہیں یعنے آپنے انکے طرفداری کی پس متغیر ہوگیا چہرہ مبارک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اور پھر فرمایا آپنے کہ اے زبیر تم سینچ لو اپنا کھیت اور روک رکھو پانی کو یہانتک کہ پہونچ جاوے کھیت کے منڈیر تک سو کہا زبیر نے قسم ہے اللہ تعالیٰ کی میں یقین کرتا ہوں کہ یہ آیت نازل ہوئی ہے اسی مقدمہ میں فلا وربک سے آخر تک **ف** سنا میں نے محمد سے کہتے تھے کہ روایت کی ابن وہب نے یہ حدیث لیث بن سعد سے اور یونس نے زہری سے انہوں نے عروہ سے انہوں نے عبداللہ بن زبیر سے مانند اسی روایت کے اور روایت کی شعیب بن ابی حمزہ نے زہری سے انہوں نے عروہ بن زبیر سے اور نہیں ذکر کیا انہوں نے عبداللہ بن زبیر کا **ترجمہ** پوری آیت اوں ہے فلا وربک لا یؤمنون حتی یحکموک فیما شجر بینہم ثم لا یجدوا فی انفسہم حرجا مما قضیت ویسلموا تسلیما یعنے قسم ہے تیرے رب کے انکو ایمان نہ ہوگا جبتک کہ تجھی کو منصف نجانیں جو جھگڑا اٹھے آپسمیں پھر نہ پاویں اپنے جی میں خفگی تیرے حکومت سے اور قبول رکھیں ماننا تیرے اور وہ شخص منافق تھا اگرچہ قبیلہ انصار میں تھا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اولا ایک امر مصالحت اور احسان کا زبیر کو فرمایا کہ تم کھیچ پانی لیکر باقی اپنے ہمسایہ کے لئے چھوڑ دو یہ نہیں کہ وہ کچھ امر شرعی تھا بعد اسکے جب انصاری نے جہالت کی حضرت نے زبیر کو فرمایا کہ اپنا حق پورا لیلو کہ یہ قابل احسان نہیں اور بعضوں نے کہا ہے کہ حکم ثانی پاس انصاری کے سزا تھے اور اسکے جہالت کا عوض اور بدلا مگر قول اول ظاہر تر ہے (رحمانی) **عن** زید بن ثابت انہ قال فی ہذہ الآیۃ فما لکم فی المنافقین فئتین قال رجع ناس من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم احد فکان الناس فیہم فرقتین فرقۃ منہم تقول اقتلہم وفرقۃ تقول لا فنزلت ہذہ الآیۃ فما لکم فی المنافقین فئتین فقال انہا تنفی الخبث کما ینفی النار خبث الحدید **ترجمہ** روایت ہے زید بن ثابت سے کہ انہوں نے اس آیت کے تفسیر میں فما لکم فی المنافقین فئتین کہا کہ لوٹ گئی چند لوگ اصحاب سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے احد کے دن یعنے جہاد سے سو لوگ آپسمیں دو فریق ہوگئے ایک فریق کہنے لگا کہ انکو قتل کرینگے ہم اور دوسرا کہنے لگا کہ نہیں یعنے انکو مارنا چاہئے کہ کلمہ گو ہیں پس یہ آیت نازل ہوئی پھر کہا فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ مدینہ پاک ہے اور کہا کہ وہ دور کرتا ہے ناپاکی کو جیسے دور کرتی ہے آگ میل لوہے کا یعنے مدینہ پاک ہے اللہ تعالیٰ اُن ناپاکوں کو مدینہ سے نکالدیگا انشاء اللہ تعالیٰ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** پوری آیت یوں ہے، فما لکم فی المنافقین فئتین واللہ ارکسہم بما کسبوا اترید ون ان تہدوا من اضل اللہ ومن یضلل اللہ فلن تجد لہ سبیلا یعنے پھر تمکو کیا پڑا ہے منافقوں کے بیچ دو طرف ہو رہی ہو اور اللہ نے الٹ دیا انکو انکی کا سو تم کیا تم چاہتے ہو کہ راہ پر لاؤ جسکو بھلایا اللہ تعالیٰ نے اور جسکو اللہ راہ نہ دے پھر تو نہ پاوے اسکے لئے کوئی راہ انتہے اور اس آیت کے شان نزول میں کئی قول ہیں اول تو یہی ہے جو اس روایت میں مذکور ہوا یعنے جو لوگ جنگ احد میں جہاد سے پھر گئے دوسرے مجاہدین نے کہا ہے کہ کچھ لوگ مدینہ میں آگر مسلمان ہوئے اور حضرت سے اجازت چاہی کہ ہم مکہ جاکر کچھ مال تجارت لاوینگے اور وہاں میٹھے رہے اور مرتد ہوگئے انکے حق میں یہ آیت نازل ہوئی تیسرے بعض مفسرین نے کہا کہ مدراس سے وہ لوگ ہیں کہ مکہ میں تھے اور مسلمان ہوئے مگر ہجرت نکی اور کافروں کے مددگار رہے **عن** ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یجیئ المقتول بالقاتل یوم القیمۃ ناصیتہ ورأسہ بیدہ واوداجہ تشخب دما یقول یا رب قتلنی ہذا لحتی یدنیہ من العرش قال فذکروا لابن عباس التوبۃ فتلا ہذہ الآیۃ ومن یقتل مؤمنا متعمدا فجزاؤہ جہنم قال ما نسخت ہذہ الآیۃ ولا بدلت وانی لہ التوبۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آویگا مقتول قاتل کے ساتھ قیامت کے دن کہ پیشانی کے بال اور سر قاتل کا مقتول کے ہاتھ میں ہوگا اور مقتول کے گلے کے رگوں سے خون بہتا ہوگا اور وہ کہیگا کہ اے رب میرے اسنے مجھے قتل کیا یہانتک کہ لیجاویگا وہ قاتل کو عرش کے نزدیک کہا راوی نے کہ پھر ذکر کیا لوگوں نے ابن عباس سے توبہ کا یعنے توبہ اسکی قبول ہے یا نہیں تو پڑھے

انہوں نے یہ آیت ومن یقتل مؤمنا آخر تک اور کہا کہ منسوخ نہیں ہوئی یہ آیت اور نہ بدلی گئی اور اسکی توبہ کہاں قبول ہو سکتی ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کے بعضوں نے یہی حدیث عمرو بن دینار سے انہوں نے ابن عباس سے مانند اسکے اور مرفوع نکیا اسکو یعنے حضرت کا قول نہیں ٹھہرایا **ترجمہ** پوری آیت یوں ہے ومن یقتل مؤمنا متعمدا فجزاءہ جہنم خالدا فیہا وغضب اللہ علیہ ولعنہ واعد لہ عذابا عظیما یعنے اور جو کوئی ماری مسلمان کو قصد کر کے تو اسکی سزا دوزخ ہے پڑا رہے اسمین اور اللہ اسپر غضب ہوا اور اسکو لعنت کی اور اسکے واسطے طیار کیا بڑا عذاب **ف** ابن عباس کا قول اوپر مذکور ہوا اور جمہور علمانی کہا ہے کہ سزا اسکے یہی ہے جو یہان مذکور ہوئی آگے اللہ مالک ہے یعنے چاہے عفو کرے یا نکرے لیکن اگر قصاص مین مارا گیا تو اسکے نزدیک پاک ہوا اور بیضاوی نے کہا ہی کہ ابن عباس نے جو توبہ قبول نہونا بیان کیا شاید اس سے تشدید مراد ہو اور اسی اسکی خلاف ہے مروی ہے اور جمہور قائل ہین کہ یہہ عذاب جو آیت مین مذکور ہے یہ اسکی سزا مخصوص ہے جسنے توبہ نکی اسلئے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے وانی لغفار لمن تاب الآیہ اور یہ عذاب اہل سنت کے نزدیک اسکے واسطے ہی جسنے قتل مؤمن کو حلال جانکر ارتکاب کیا جیسا کہ عکرمہ وغیرہ نے ذکر کیا ہے یا مراد خلود سی مدت دراز ہے دوام اسلئے کہ بہت سی دلیلون سے ثابت ہو چکا ہے کہ عذاب عصاۃ مؤمنین کا دایم نہین **عن** ابن عباس قال مر رجل من بنی سلیم علی نفر من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومعہ غنم لہ فسلم علیہم قالوا ما سلم علیکم الا لیتعوذ منکم فقاموا وقتلوہ واخذوا غنمہ فاتوا بہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانزل اللہ تعالی یا ایہا الذین امنوا اذا ضربتم فی سبیل اللہ فتبینوا ولا تقولوا لمن القی الیکم السلام لست مؤمنا **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہا انہون نے کہ گذرا ایکمرد بنی سلیم کے قبیلہ کا ایک گروہ پر اصحاب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور اسکے ساتھ اسکے بکریان تھین پھر سلام کیا اسنی اصحاب پر تو اصحاب نے کہی کہ اسنی سلام اسلئے کیا تا کہ بچ جاوے تجسے پھر کھڑے ہوے اصحاب اسپر قتل کیا اسکو اور چھین لین بکریان اسکے اور لائی اکثر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سو اتاری اللہ تعالی نے یہ آیت یا ایہا الذین امنوا سے آخر تک یعنے اے ایمان والون جب چلو تم اللہ کے راہ مین یعنے جہاد کو تو دریافت کرو اور نہ کہو اسکو جو تم پر سلام کرے کہ تو مؤمن نہین **ف** یہ حدیث حسن ہے اور اسامہ بن زید سی ہی روایت ہے **عن** البراء بن عازب قال لما نزلت لا یستوی القاعدون من المؤمنین الآیۃ جاء عمرو بن ام مکتوم الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکان ضریر البصر فقال یا رسول اللہ ما امرنی انی ضریر البصر فانزل اللہ ہذہ الآیۃ غیر اولی الضرر الآیۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ائتونی بالکتف والدواۃ او اللوح والدواۃ **ترجمہ** روایت ہے براء بن عازب سے کہا انہون نے جبکہ نازل ہوئی یہ آیہ لا یستوی القاعدون الآیۃ آئی عمرو بن ام مکتوم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ نابینا تھا سو کہا انہون نے کہ یا رسول اللہ آپ مجھی کیا حکم فرماتے ہین اور مین نابینا ہون پس اتاری اللہ تعالی یہ آیت غیر اولی الضرر یعنے سوا ان لوگون کے جنکو مرض ہی سو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے لاؤ تم میرے پاس شانہ کی ہڈی اور دوات یا فرمایا تختی اور دوات **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور کہا گیا ہی اس روایت مین عمرو بن ام مکتوم اور بعضون نے عبداللہ بن ام مکتوم کہا ہے اور عبداللہ بیٹی ہین زائدہ کی اور ام مکتوم انکے مان ہین **عن** ابن عباس انہ قال لا یستوی القاعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر عن بدر والخارجون الی بدر لما نزلت غزوۃ بدر قال عبداللہ بن جحش وابن ام مکتوم یا رسول اللہ فضل لنا رخصۃ فانزلت لا یستوی القاعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر وفضل اللہ المجاہدین علی القاعدین درجۃ فہو لاء القاعدون غیر اولی الضرر فضل اللہ المجاہدین علی القاعدین اجرا عظیما درجات منہ علی القاعدین من المؤمنین غیر اولی الضرر **ترجمہ** روایت ہے کہ ابن عباس نے کہا تفسیر اس آیت کے لا یستوی القاعدون الآیۃ یعنے برابر نہین ہین بیٹھنے والی مؤمنون مین سوا بیماری والون کے انتہے کہ مراد اس سے یہ ہی کہ برابر نہین جو لوگ خبگ بدر سے بیٹھ رہی اور جو اسمین نکلے اور جب پیش آیا غزوہ بدر عبداللہ بن جحش اور ابن ام مکتوم نے کہا کہ ہم دونون نابینا ہین یا رسول اللہ سو ہمکو رخصت ہے کہ جہاد مین نجاوین پس اتری یہ آیت لا یستوی القاعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر وفضل اللہ المجاہدین علی القاعدین درجۃ یعنے برابر نہین جہاد سی بیٹھ رہنی والی مؤمنون مین سے مگر جو بیمار و معذور ہین اور فضیلت دی ہے اللہ تعالی نے مجاہدون کو بیٹھنے والون پر ایک درجہ فضیلت انتہی سو کہا ابن عباس نے کہ بیٹھنے والون سے مراد اس آیت مین غیر معذور لوگ ہین یعنے باقی رہے معذور لوگ وہ مجاہدون کے برابر ہین فرمایا اللہ تعالی نے فضل اللہ المجاہدین علی القاعدین اجرا عظیما درجات منہ یعنے فضیلت دی اللہ تعالی نے مجاہدون کو بیٹھنے والون پر اجر عظیم ہے بہت درجے اپنی طرف سے انتہی کہا ابن عباس نے کہ یہان ہے قاعدین سے وہی مؤمن مراد ہین جو بیمار

معینہ تک اور جنسے کچھ صلح و پیمان نہ تھا اُنکی مدت مقرر ہوئی چار مہینے اور داخل نہوگا جنت مین مگر ایمان لانیوالا شخص اور جمع نہون مشرک اور مسلمان (حج مین) اس سال کے بعد **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی یعنی روایت ابوعیینہ کی ابی اسحٰق سی اور روایت کیے یہ سفیان ثوری نے ابی اسحاق کے بعض اصحاب سے اُنہون نے علی سے اور وہ روایت مروی ہے ابی ہریرہ سے **ترجمہ** ابتدای سورہ برات مین بَرَاءَةٌ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ سے اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ تک جب یہ آیتین نازل ہوئین حضرت نے اُنکی تعمیل کے اور چھٹی سال ہجرت کی حضرت کو مکے کی لوگون سے صلح ہوئی تھی اور بہی کئی فرقون سے جو انا فتحا مین مذکور ہے اور عرب کے بہت سی فرقون سے صلح تھی جب مکہ فتح ہوا اُس سے اکیسال کے بعد یہ آیتین نازل ہوئین اور حکم ہوا کہ کسی مشرک سے صلح نہ رکھو اور آیات حج مین پکار دو اور صلح کا جواب دیکر چار مہینے کی مہلت دی کہ اسمین خواہ وطن چہوڑ جاوین یا لڑائی کا سامان کرین یا مسلمان ہون اور جنسے وعدہ ٹہیرا تھا اور غدا اُنسے نہ دیکہی اُنسے صلح قایم رہی اور جنسے کچھ وعدہ نہا اُنکو چار مہینے کی رخصت ملے اور پہلے حضرت نے ابوبکر کو روانہ کیا تہا پہر اصحاب نے حضرت سے کہا کہ متولی عہد و میثاق کا اور صلح توڑ نیکا آپکے گہر والون سے ضرور ہے اسلئے آپنے حضرت علی کو روانہ فرمایا **عن** اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَیْتُمُ الرَّجُلَ یَعْتَادُ الْمَسْجِدَ فَاشْهَدُوْا لَهٗ بِالْاِیْمَانِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہا اُنہون نے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ دیکہو تم کسی آدمی کو کہ عادت رکہتا ہے مسجد مین آنیکے تو گواہی دو اُسکے لئے ایمان کے اسلئے کہ فرمایا ہے اللہ تعالٰی نے کہ آباد کرتے ہین مسجدین اللہ تعالٰی کے وہی لوگ جو ایمان رکہتی ہین اللہ پر اور پہلے دن پر **ف** روایت کیے ہمسے ابن عمر نے اُنہون نے عبداللہ بن وہب سے اُنہون نے عمر بن حارث سی اُنہون نے دراج سی اُنہون نے ابی الہیثم سے اُنہون نے ابی سعید سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وعلیہ وسلم سے مانند اسکے مگر اسمین یہ کہا یعتاد المسجد یعنے خیال رکہتا ہی مسجد مین آنیکا اور غیر حاضر نہین رہتا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور ابو الہیثم کا نام سلمان ہے وہ بیٹے عمر کے وہ بیٹے عبد العتواری کے اور سلیمان تیمی تہے ابی سعید کے گودمین پرورش پائی **عن** ثَوْبَانَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَالَّذِیْنَ یَکْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ قَالَ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ فَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِهٖ اُنْزِلَتْ فِی الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ لَوْ عَلِمْنَا اَیُّ الْمَالِ خَیْرٌ فَنَتَّخِذَهٗ فَقَالَ اَفْضَلُهٗ لِسَانٌ ذَاکِرٌ وَقَلْبٌ شَاکِرٌ وَزَوْجَةٌ مُؤْمِنَةٌ تُعِیْنُهٗ عَلٰی اِیْمَانِهٖ **ترجمہ** ثوبان سے روایت ہے کہا جبکہ نازل ہوئی یہ آیۃ والذین یکنزون الذہب والفضۃ ہم ساتہ تہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کسی سفر مین تو عرض کیا بعض صحابہ نے کہ چاندی اور سونیکی تو مذمت اُتری اگر ہم جانتے کہ کونسا مال بہتر ہے تو اُسکو جمع کرتے تب فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بہتر مال زبان ہے خدا کی یاد کرنیوالی اور دل شکر کرنیوالا اور بیوی ایماندار کہ مدد کرے آدمی کے ایمان پر **ف** یہ حدیث حسن ہے پوچہا مین نے محمد بن اسمٰعیل بخاری سے کہ سالم بن ابی الجعد کو سماع ہی ثوبان سے تو اُنہون نے کہا کہ نہین پہر پوچہا مین نے کسی اور صحابی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تو فرمایا اُنہون نے کہ سماع ہے اُنکو جابر بن عبداللہ اور انس سے اور ذکر کیا اُنہون نے کئی شخصون کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے **عن** عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَفِیْ عُنُقِیْ صَلِیْبٌ مِّنْ ذَهَبٍ فَقَالَ یَا عَدِیُّ اطْرَحْ عَنْکَ هٰذَا الْوَثَنَ وَسَمِعْتُهٗ یَقْرَاُ فِیْ سُوْرَةِ بَرَاءَةٌ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَالَ اَمَا اِنَّهُمْ لَمْ یَکُوْنُوْا یَعْبُدُوْنَهُمْ وَلٰکِنَّهُمْ کَانُوْٓا اِذَا اَحَلُّوْا لَهُمْ شَیْئًا اسْتَحَلُّوْهُ وَاِذَا حَرَّمُوْا عَلَیْهِمْ شَیْئًا حَرَّمُوْهُ **ترجمہ** روایت ہے عدی بن حاتم سے کہا اُنہون نے کہ آیا مین رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور میرے گردنمین ایک چلیپا تہے سونیکی تو فرمایا آپنے اسی بت کو دور کر تو اپنے پاس سے اس بت کو اور سُنا مینے اُنکو کہ پڑہتے تہے سورہ برات مین کہ یہ آیت اتخذوا احبارہم الآیۃ یعنے ٹہیرا لیا اُنہون نے اپنے مولویون اور درویشون کو معبود اللہ کے سوا تب فرمایا آپنے کہ وہ لوگ اُنکی عبادت نکرتے تہے ولیکن جب مولوی اور درویش کسی چیز کو حلال کہدیتے تو وہ حلال جان لیتے اور جب وہ حرام ٹہیرا دیتے کسی چیز کو تو وہ حرام جان لیتے اُسکو **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسے مگر عبدالسلام بن حرب کے روایت سے اور غطیف بن اعین مشہور نہین حدیث مین **مترجم** اس حدیث سی معلوم ہوا کہ حرام و حلال ٹہیرانا اللہ ہی کا کام ہے کسی مجتہد و پیر کے اختیار مین نہین اور جو کسے عالم اور مجتہد کو اسکا اختیار ثابت کرے وہ شرک ہے **عن** اَنَسٍ اَنَّ اَبَا بَکْرٍ حَدَّثَهٗ قَالَ قُلْتُ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِی الْغَارِ لَوْ اَنَّ اَحَدَهُمْ یَنْظُرُ اِلٰی قَدَمَیْهِ لَاَبْصَرَنَا تَحْتَ قَدَمَیْهِ فَقَالَ یَا اَبَا بَکْرٍ مَا ظَنُّکَ بِاثْنَیْنِ اللّٰهُ ثَالِثُهُمَا **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ ابوبکر نے اُنسے کہا کہ مینے عرض کی رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور ہم دونون غار مین تہے (ہجرت کے وقت) کہ اگر اُن کافرون مین سے کوئی نظر کرے اپنے قدمونکیطرف تو بیشک دیکہے ہمکو اپنے قدمون کے نیچے تو فرمایا آپنے اے ابوبکر کیا گمان ہے تیرا اُس شخص کے ساتہ کہ اللہ اُنکا تیسرا ہے یعنی مدد اور نصرت اُسکی ہمکو ساتہ ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح

عزیز اور مردی ہوئی ہے یہ حدیث سفیان بن عیینہ اور ابو اسحاق کے ہم مثل اور کئی لوگوں نے ہم سی مانند اسکی **عن** ابن عباس قال سمعت عمر بن الخطاب یقول لما توفی عبد اللہ بن ابی دعی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للصلوٰۃ علیہ فلما وقف علیہ یرید الصلوٰۃ تحولت حتی قمت فی صدرہ فقلت یا رسول اللہ اعلی عدو اللہ عبد اللہ بن ابی القائل یوم کذا وکذا کذا وکذا اعدد ایامہ قال ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یبتسم حتی اذا اکثرت علیہ قال اخر عنی یا عمر انی قد خیرت فاخترت قد قیل لی استغفر لہم او لا تستغفر لہم ان تستغفر لہم سبعین مرۃ فلن یغفر اللہ لہم لو علمت ان لو زدت علی السبعین غفر لہ لزدت قال ثم صلی علیہ ومشی معہ فقام علی قبرہ حتی فرغ منہ قال فعجبت وجرأتی علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واللہ ورسولہ اعلم فواللہ ما کان الا یسیرا حتی نزلت ہاتان الآیتان ولا تصل علی احد منہم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ الی الخر الآیۃ قال فما صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعدہ علی منافق ولا قام علی قبر حتی قبضہ اللہ ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے کہا انہوں نے سنا میں نے عمر بن خطاب سے کہتے تھے جبکہ مر عبد اللہ بن ابی (کہ منافقوں کا سردار تھا) بلایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو نماز پر آپ کھڑے ہوئے اسکی طرف پھر جب کھڑے ہوئی آپ اسکی پاس ارادہ کرتی تھی نماز کا پھر میں میانتک کہ آپکے سینہ کی سامنی کھڑا ہوا میں اور عرض کیے میں کہ اے رسول اللہ کے کیا نماز پڑھتے ہیں آپ اللہ تعالے کی دشمن پر جسکا نام عبد اللہ بن ابی ہے فلانی فلانی دن ایسے ایسی باتوں کا کہنے والا بیان کرتی تھے عمر بے ادبی اسکی دن دن گن گن کو کے کہا عمر نے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم مسکراتے تھی میانتک کہ جب بہت کچھ کہا آپ سے تو فرمایا آپنے مہ مجھ سے عمر مجھی اختیار دیا گیا سو میں نے اختیار کیا اسکی لئی مغفرت مانگنا کہا گیا ہی مجھے یعنی اللہ تعالے فرماتا ہی استغفر لہم ولا تستغفر لہم الایہ یعنے مغفرت مانگی تو منافقوں کے لئی یا نہ مانگے اگر مغفرت مانگیگا تو انکے لئے ستر بار تب بھی ہرگز نہ بخشیگا انکو اللہ تعالے انہی اگر میں جانتا کہ اگر ستر بار سے زیادہ مغفرت مانگوں تو وہ بخشدیا جاویگا تو میں زیادہ مانگتا یعنے نماز کے تو اتنک ممانعت نہیں کیا عمر نے کہ پھر نماز پڑھے آپ نے اسپر اور چلے اسکے جنازہ کے ساتھ اور کھڑے ہوئے آپ اسکی قبر پر یہانتک کہ فراغت ہوگئی اسکے کام سے کہا عمر نے کو تعجب ہوا مجھے اپنی جرأت پر جو میں نے کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور اللہ اور رسول بہتر جاننے والی ہیں پھر قسم ہے اللہ کی تھوڑی سی دیر ہوئی تھی کہ یہ دونوں آیتیں اتریں ولا تصل علی احد منہم الآیۃ یعنے مت نماز پڑھ کسی پر منافقوں میں سے ہرگز اگر مر جاوے کوئی انمیں کا کہا عمر نے کر نماز پڑھی ہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکی بعد کتنے منافق پر اور نہ کھڑے ہوئے کسی کی قبر پر یہانتک کہ اٹھا لیا انکو اللہ نے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے **عن** ابن عمر قال جاء عبد اللہ بن ابی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین مات ابوہ فقال اعطنی قمیصک اکفنہ وصل علیہ واستغفر لہ فاعطاہ قمیصہ وقال اذا فرغتم فآذنونی فلما اراد ان یصلی جذبہ عمر فقال الیس قد نہی اللہ ان تصلی علی منافقین فقال انا بین خیرتین استغفر لہم او لا تستغفر لہم فصلی علیہ فانزل اللہ ولا تصل علی احد منہم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ فترک الصلوٰۃ علیہم ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہا انہوں نے کہ آیا میرا عبد اللہ بن ابی کا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جبکہ مرا باپ اسکا اور عرض کیے اسنی کہ عنایت کیجیے مجھکو اپنا کرتا کہ میں کفن دوں اسکو اور نماز پڑھے اور استغفار کیجیے آپ اسکے لئے پھر دیا آپنے اسکو اپنا کرتا اور فرمایا جبکہ فارغ ہوتم یعنے اسکے غسل وغیرہ سے تو خبر دو مجھکو پھر جب آپنی چاہا کہ نماز پڑھیں آپ پر کھینچ لیا آپکو حضرت عمر نے اور کہا کہ اللہ تعالے نے منع نہیں فرمایا آپکو منافقوں پر نماز پڑھنے سے سو فرمایا آپنے مجھے دونوں امر میں اختیار ہے کہ خواہ میں مغفرت مانگوں یا نہ مانگوں منافقوں کے لئے پھر نماز پڑھے آپ اسپر اور اتاری اللہ تعالی نے یہ آیۃ ولا تصل علی احد الآیۃ یعنے مت نماز پڑھ ہرگز انمیں سے کسی پر اگر مر جاوے اور نہ کھڑا ہو اسکی قبر پر پھر چھوڑ دی آپنی منافقوں پر نماز پڑھنا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** عبد اللہ بن ابی بڑا منافق تھا اور قرآن میں جابجا اسکے نفاق کا مذکور ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو اسپر نماز پڑھی ہے تو آپ نے یہ قیاس فرمایا کہ اللہ تعالے نے جو فرمایا ہے کہ اگر تو ستر بار مغفرت مانگے جب بھی بخشش نہ ہوگی مراد اس سے تحدید ہے یعنے اس سے زیادہ میں شاید مغفرت کی امید ہے اللہ تعالی نے اسکا جواب اتارا کہ مراد اس سے تحدید نہیں بلکہ تکثیر ہے یعنے کسی قدر مغفرت مانگی جائے ہرگز نہ بخشوں گا میں آپنے جو اپنا قمیص عنایت فرمایا اور نماز پڑھی یہ سب کمال اخلاق اور عموم اشفاق کے سبب تھا اور شاید آپنی یہودی اسکے فرزند کی کہ وہ مؤمن تھا پھر جب انہی وارد ہوئی آپ بازو سے معلوم ہوا کہ یہ قیاس آنحضرت کا صائب نہ تھا پھر خدا کے قیاس کا کیا ذکر ہے وہاں بدیہۃ اولی احتمال خطا ہے **عن** ابی سعید الخدری انہ قال تماری رجلان فی المسجد الذی اسس علی التقوی

من اول یوم فقال رجل فی مسجد قباء وقال الآخر هو مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم هو مسجدی هذا

ترجمہ ابی سعید خدری سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ لوگ دو مردوں سے کہ وہ مسجد جو بنائی گئی ہے تقویٰ پر اول دن سے کونسی ہے تو ایک کہا کہ وہ مسجد قبا ہے دوسرے نے کہا وہ مسجد ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے تب فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ میری مسجد ہی لیعنے جو مدینہ میں ہے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی ازیں روی ہوئی ہے یہ ابی سعید ہی سے اس سند کے اور سند سی ہی روایت کیا اسکو انیس بن ابی یحیی نے اپنی باپ سے انہوں نے ابی سعید سے عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال نزلت هذه الآیة فی اهل قباء فیه رجال یحبون ان یتطهروا واللہ یحب المطهرین قال کانوا یستنجون بالماء فنزلت فیهم الآیة ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اترتی ہے یہ آیت تباکی لوگونمین فیہ رجال یحبون الآیۃ یعنے مسجد قبا مین وہ لوگ ہین کہ پاک ہین اور اللہ دوست رکھتا ہی پاکونکو اونکی عادت تہی کہ استنجا کرتے تہی پانی سی سو اتری یہ آیۃ انہین کے شانمین ف یہ حدیث غریب ہے اس سند سی اور اس باب مین ابی ایوب اور انس بن مالک اور محمد بن عبد اللہ بن سلام سی ہی روایت ہے عن علی قال سمعت رجلا یستغفر لابویه وهما مشرکان فقلت له اتستغفر لابویک وهما مشرکان فقال اولیس استغفر ابراهیم لابیه وهو مشرک فذکرت ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فانزلت ما کان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین ترجمہ علی سی روایت ہے کہا انہون نے کہ سنا مین نے ایک شخص کو کہ مغفرت مانگتا تہا اپنے شرک مان باپکی سو مین نے اس سے کہا کہ کیا تو مغفرت مانگتا ہے اپنی مان باپ کے لئی اور وہ مشرک ہے تو اوسنی جواب دیا کہ کیا ابراہیم نے مغفرت نہین مانگی اپنے باپ کے لئے اور وہ مشرک تہا سو ذکر کیا مین نے اسکا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پس اتری اوسپر یہ آیت ماکان للنبی الآیۃ یعنے نبی کو اور مسلمانونکو نہین پہونچتا کہ مغفرت مانگین مشرکون کے لئے ف یہ حدیث حسن ہے اور سابن سعید بن مسیب سے ہے روایت کرتے ہین مترجم پہر اللہ تعالی نے ابراہیم علیہ السلام کے استغفار کے وعدہ ہی بیان فرمایا کہ انہون نے فقط بنظر ایفای وعدہ استغفار کے تہے پہر جب انکو معلوم ہوا کہ مشرک اللہ کا دشمن ہے اوسسے باز رہے عن کعب بن مالک قال لم یتخلف عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی غزوۃ غزاها حتی کانت غزوۃ تبوک الا بدرا ولم یعاتب النبی صلی اللہ علیہ وسلم احدا تخلف عنه انما خرج یرید العیر فجاء اللہ بهم علی میعاد قریش مضرین لیعدهم فالتقوا عن غیر موعد کما قال اللہ تعالی ولقد شهدت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الناس لیلة العقبة حین تواثقنا علی الاسلام وما احب ان لی بها مشهد بدر وان کانت بدر اذکر فی الناس منها ترجمہ کعب بن مالک سی روایت ہے کہا نہین پیچہے رہا مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے لوگونمین مدینہ سے اور مین نہین رہا مگر بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوہ تبوک مین اور بدر مین حضرت ارادہ رکھتے تہے قافلہ کے لوٹنے کا جو شام سے آتا تہا سو نکلے قریش فریاد رسی کے لئے اپنی قافلہ کے اور ملے دونون لشکر وعدہ کی جگہ کے سوا اور مقام مین جیسا کہ فرمایا ہے اللہ تعالی نے قرآن مین اور قسم ہے میری جان کی کہ بہت عمدہ جگہ حاضر ہونیکی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے لوگونمین مدینہ کے اور مین نہین دوست رکھتا کہ حاضر ہوتا بدر مین عوض مین لیلۃ العقبہ کے جب کے اسلامی کہ مضبوط ہوگئے ہم اوسدن اسلام پر پر مین تجہے نہین رہا مکے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم

کو چھوڑ کر یہانتک کہ ہوا غزوۂ تبوک اور یہ اخیر غزوہ ہی جسمین تشریف لیگئی آپ اور خبر کردی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمیونمین کوچ کی اور ذکر کیا قصہ انسا کہا کعب نے کہ پھر حاضر ہوا میں صلی اللہ علیہ وسلم کے خدمت مین (یعنے غزوۂ تبوک سے لوٹنے کی بعد اور بعد نزول توبہ کے) اور وہ بیٹھی ہوی تھے مسجد مین اور گرد اُنکے مسلمان تھے اور چہرہ اُنکا چمک رہا تھا (خوشی سے فتح و ظفر کے) جیسے چاند چمکتا ہوا اور جب خوش ہوتی آپ تو چہرہ آپکا چمکنے لگتا سو مین آیا اور آپکے آگی بیٹھ گیا سو فرمایا آپنے کہ اے کعب بیٹے مالک کے بشارت ہے تجھکو سب دنونسے بہتر دن کے جو گذری ہین تجھپر جب سے جنا ہی تجھکو تیری ماں نے سو عرض کی مین نے کہ اے نبی اللہ کے یہ بشارت آپکے طرف سے ہی یا اللہ کے طرف سے فرمایا آپنے کہ نہین اللہ تعالے کی طرف سے ہے پھر پڑھی آپنے یہ تین لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ سے آخر تک یعنے رجوع ہوا باری تعالے نبی پر اور مہاجرین اور انصار پر جنہون نے متعدار ہی کی تنگی کی گھڑی مین بعد اسکے کہ قریب تھا کہ پھر جاوین دل ایک فرقے کے اُنمین سے پھر رجوع ہوا اُن پر اور مشک وہ نرمی ہوا اللہ مہربان کہا کعب نے اور سارے ہی باب مین اُتری ہین آیتین اور آیۃ اتقوا اللہ یعنے ڈرو اللہ سے اور ساتھ رہو سچون کے کہا کعب نے کہ پھر عرض کی مین نے کہ اے نبی اللہ کے یہ بھی میری توبہ مین ہے کہ نہ بولونگا مین مگر سچ اور جدا ہو جاؤنگا مین اپنی سب مال سے وہ سب صدقہ ہی اللہ و رسول کے راہ مین فرمایا آپنے روک رکھو تم تھوڑا مال اپنا کہ وہ بہتر ہے تمکو مین نے عرض کی تو مین رکھہ چھوڑتا ہون اپنا حصہ خیبر کا کہا کعب نے پھر کوئی نعمت مدنی ہے مجھے اللہ نے میری نہ ایک اسلام کے بعد اس سے بڑی کہ مین نے سچ بولا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سی اور میرے دو نو رفیقونے اور جھوٹ نہ بولی ہم کہ ہلاک ہون ہم جیسے ہلاک ہوے اور لوگ اور بھی خیال سے کہ اللہ تعالے کی کیسکو نہ آزمایا ہوگا سچ مین جیسا مجھے آزمایا ہے اور قصداً جھوٹ نہ بولا مین اُسکے بعد بھی اور امید ہے کہ اللہ تعالے مجھے محفوظ رکھیگا باقی عمر مین جھوٹ سی

**ف** مروی ہوئی یہ حدیث اس اسناد کے سوا اور سند سی ہری سے اُسمین یہ ہے کہ روایت ہے عبدالرحمن بن عبداللہ بن کعب بن مالک سے وہ روایت کرتے ہین اپنے باپ سے وہ کعب سے اور اسکے سوا اور بھی کچھہ کہا گیا ہے یعنے اسکی سند مین اور روایت کی یونس بن یزید نے یہ حدیث زہری سے اُنہون نے عبدالرحمن بن عبداللہ بن مالک سے کہ اُنکے باپنے روایت کی کعب بن مالک سے **مترجم** قولہ مین کبھی پیچھے نہین رہا یعنے غزوہ تبوک تک کوئی غزوہ ایسا نہین ہوا کہ جسمین مین حاضر نہ ہوا ہون سوای غزوۂ بدر کے جس لڑائی مین حضرت تشریف لیگئی وہ غزوہ ہی نہین تو یہ قولہ اور ملی دونون لشکر آ یعنی شام سے قافلہ کفار کا آتا تھا حضرت اُسکی لوٹنی کو نکلے اور قریش اپنے قافلہ کو بچانے ہزار جوان مسلح زرہ پوش کے ساتھ نکلے اتفاقاً قافلہ الگ سی چلا گیا اور دونون لشکر مقابل ہوگئی قولہ مین نہین دوست رکھتا آہ لیلۃ العقبہ وہ رات ہے کہ انصار نے مکہ مین حضرت سی بیعت کے اسلام اور تائید پر مراد اُنکے یہ ہی کہ بیعت مذکور میرے نزدیک غزوۂ بدر سے اولی ہے کہ اُسدن عالی تھے انصار کے اور جرأت اور نصرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ظاہر ہوئی قولہ اور ذکر کیا قصہ لبنا آدبغوی نے اس قصہ کو یون روایت کیا ہے کہ مسلمان غزوۂ تبوک مین آنحضرت کے ساتھ بہت تھی اور کوئی دفتر تو لیکے ساتھ رہتا نہ تھا کہ نام حاضرین کے لکھے جاوین پھر جو حضرت کے ساتھ نہ ہوا اُسنی یہی خیال کیا کہ میرا حال حضرت کو کیونکر معلوم ہوگا جب تک وحی اُترے اور یہ غزوہ ایسی وقت ہوا کہ پھل پک رہی تھے اور سایہ خوب تھا اور مجھے اُسکی طرف میل تھا کہ طیاری کر دی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور مسلمانونے یہ ہی مین نے قصد کیا طیاری کا مگر کچھہ طیاری نکی اور مین کہتا تھا جب چاہونگا کر لونگا یہانتک کہ وہ روانہ ہوگئی اور مین نے کہا کہ مین ایک دو روز مین طیاری کر کے اُنسے جا ملونگا پھر مین اسی تردد مین رہا کہ غزوہ شروع ہوگیا اور مین قصد کرتا تھا کہ اُنسے جا ملون اور کاش مین جا ملتا اور مین جب حضرت کے بعد نکلتا تو اپنے ساتھ کسیکو نہ پاتا تھا مگر اُسکو جو نفاق مین ڈوبا ہوا تھا یا معذور تھا اور حضرت نے مجھے یاد نکیا تھا یہانتک کہ پہونچی تبوک مین پھر جب وہ تبوک مین پہونچے فرمایا آپنے کیا کیا کعب نے عرض کی ایک شخص نے بنی سلمہ سے کہ روک رکھا اُسکو محبت نے زن و مال کی کہا معاذ بن جبل نے کہ ہم اُسکو اچھا جانتے ہین پھر تنے مین ایک شخص دور سی نظر آیا آپنے فرمایا کہ وہ ابوخیثمہ ہے پھر وہ ابوخیثمہ ہے تھا وہ صحابی تھا کہ صدقہ دیا تھا اُنہون نے ایک صاع تمر اور طعن کیا تھا اُنپر منافقون نے کہا کعب نے جب خبر پہونچی مجھکو حضرت کے لوٹنے کی تو مین نے ارادہ کیا جھوٹ بولنے کا اور شورہ لیا مین نے ہر عاقل سے پھر جب حضرت تشریف لائی میرا وہ خیال باطل جاتا رہا اور مین یقین جانا کہ مین ہرگز نہ بچونگا آپ سے جھوٹ بولکر اور مصمم ارادہ کیا مین نے سچ کا اور حضرت کے عادت تھی کہ جب تشریف لاتی سفر سے پہلے مسجد مین آتی اور دو رکعت نماز پڑھتے اور لوگونمین بیٹھتے پھر جب حضرت بیٹھے مخلفین آئے اور جھوٹی قسمین کھانے لگی اور وہ اسی پر کئے آدمی تھے پھر اُنکے اظہار کو حضرت نے قبول فرمایا اور اسرار اُنکا اللہ کو سونپا اور جب مین حاضر ہوا آپ غضبناک شخص کے طور پر مسکرائی اور فرمایا آؤ مین گیا اور آپکے آگی بیٹھا آپنے فرمایا کیون

پیچھے رہگیا کیا تو نے نہین خریدی تہی سواری اپنی مین نے عرض کیا کہ البتہ یارسول اللہ اگر مین کسی دنیادار کے پاس ہوتا تو البتہ اُسکے غضب سے کوئی عذر کرکے بچ جاتا اور مجھے بہت تقریر آتی ہے لیکن مجھے یہ خیال ہے کہ اگر مین جھوٹ بولونگا آپسی تو آپ راضی ہوجائینگے مگر اللہ تعالے آپکو پھر مجھپر غضبناک کردیگا اور اگر مین سچ کہونگا تو آپ مجھسے گران خاطر ہونگے مگر امید ہوگی مجھے اللہ تعالے سے عفو کی قسم ہے اللہ کی کہ مجھے کوئی عذر نہتا اور مین بہت قوی اور مالدار تہا جب یہ مجھے رہا آپ سے آپ نے فرمایا کہ گاہ ہوتا ہے اللہ کی اُسنے سچ کہا جا تو بیٹھ اللہ حکم کرے تیرے حق مین اور کئی لوگ بنی سلمہ کے میرے ساتھ ہوے اور کہنے لگے کہ ہم نہین جانتے کہ اس سے قبل تو نے کوئی گناہ کیا ہوا اور تو نے کیون نہ عذر کردیا جیسا کہ عذر کردیا اور پیچھے رہنے والون نے اور کافی ہوجاتا تیرے گناہ کے لئی استغفار رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اور یہانتک اُنہون نے مجھے اُبھارا کہ مین نے ارادہ کیا کہ اب جاؤن اور جھوٹ بولون حضرت سے پھر مین نے پوچھا کہ میرا سا حال کسی اور کا بھی ہوا ہے لوگون نے کہا کہان دو شخصون کا اور اُنکو بھی حضرت نے یہی کہا جو تجھے کہا مین نے کہا وہ کون ہین کہا مارہ بن ربیع اور ہلال بن امیہ اور وہ دونون نیک ہے حاضر ہوے تہی بدر مین اور اُنکے بتلاری بہتر تہے پھر منع کردیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم تینون سے بات کرنیکو پھر لوگ ہم سے الگ رہنے لگے یہانتک کہ زمین مجھپر تنگ ہوگئی اور گذرین ہمپر پچاس راتین اور وہ دونون صاحب گہر بیٹھے روتے تہے اور مین جوان اور کڑے دل کا تہا سو مین نکلتا اور نماز پڑہتا مسلمانون کے ساتھ اور بازارون مین جاتا اور کوئی مجھسے بات نکرتا اور حضرت کے پاس حاضر ہوتا اور کلام کرتا جب آپ بیٹھے ہوتے نماز کے بعد اور اپنے دل مین کہتا کہ حضرت نے ہونٹھہ ہلائی میرے جواب کے لئے یا نہین اور آپکے قریب نماز پڑہتا اور نظر چرا کر آپکو دیکہتا پھر جب مین اپنے نماز مین لگجاتا آپ میری طرف دیکہتے اور جب مین آپکیطرف دیکہتا آپ اور طرف دیکہنے لگتے یہانتک کہ جب اُسکو مدت گذر گئی مین ابی قتادہ کے باغ کے پاس گیا اور وہ چچیرے بہائی تہی میرے اور میرے بڑے دوست تہی اور کلام کیا مین نے اور اُنہون نے جواب ندیا سو مین نے کہا مین تمکو قسم دیتا ہون ای ابی قتادہ اللہ کے کیا تم نہین جانتے کہ مین دوست رکہتا ہون اللہ کو اور اُسکے رسول کو پھر وہ چپ رہے پھر مین نے اُنکو دوبارہ قسم دی پھر چپ ہی پھر قسم دی تو اُنہون نے کہا اللہ اور رسول اُسکا خوب جانتا ہے پھر میرے آنکہین بہر آئین اور مین لوٹا اور دیوار مین چلا جاتا تہا کہ ایک شخص شام کے لوگون سے جو غلہ لایا تہا اور مدینہ مین بیچتا تہا کہتا تہا کہ بتا دو مجھی کعب بن مالک کو پھر لوگ اشارہ کرنے لگے میری طرف یہانتک کہ وہ میرے پاس آیا اور مجھے ایک خط دیا اُسنی بادشاہ غسان کا اُسمین لکہا تہا کہ ہمنے سُنا ہی کہ تمہارے صاحب نے تجھپر ظلم کیا سو تم ہمارے پاس آؤ ہم تمہاری بہت خاطر کرینگے پھر جب مین نے اُسے پڑہا مین نے کہا یہ اور بلا آئی سو مین نے اُسے چولہے مین ڈالدیا یہانتک جب مجھپر چالیس راتین گذرین اُسیوقت ایک قاصد رسول خدا میرے پاس آیا اور کہنے لگا کہ حضرت نے حکم دیا ہے کہ تو دور رہ اپنی بیوی سے مین نے کہا طلاق دون کہا نہین بس جدا رہو اُسکو اور پاس نجاؤ اُسکے اور میرے رفیقونکو بہی یہی پیغام بہیجدیا تب مین نے اپنی بیوی سے کہا کہ تو اپنے میکے جا یہانتک کہ اللہ تعالی اُسکا فیصلہ کرے اور ہلال بن امیہ کی بیوی حضرت کے پاس آئین اور عرض کی کہ یارسول اللہ ہلال بوڑہا نکما ہے اور کوئی اُسکا خادم نہین پھر آپکو ناگوار ہے کہ مین اُسکی خدمت کرون آپنے فرمایا کہ نہین مگر وہ تجھہ سے صحبت نکرے اُسنی عرض کی کہ وہ کسیطرف ہلتا بہی نہین اور ہمیشہ روتا رہتا ہے جب سے یہ امر ہوا ہے کہا کعب نے کہ مجھے بہی لوگون نے کہا کہ تم بہی عذر کرو کہ تمہین بہی اجازت ملجاوے جیسے ہلال کی بیوی کو اجازت ملگئی خدمت کرنیکے مین نے کہا قسم ہے اللہ کی مین آپسی اجازت نامانگونگا اور معلوم نہین کہ جب مین اجازت مانگون تو حضرت کیا فرماوین اور مین جوان ہی ہون پھر ٹہیرا مین اسی حال پر دس راتین اور پوری ہوگئین پچاس راتین جب سے حضرت نے ہم سے بات نکرنیکا پھر جب مین نے نماز پڑہے پچاسوین رات کی اور مین اپنے کوٹہے پر تہا اور مین اُسی حال مین تہا کہ اللہ تعالے نے قرآن مین فرمایا ہے کہ زمین مجھپر تنگ اگئی تہے سُنی مین نے آواز ایک پکارنیوالی کی کہ جبل سلع پر پکارتا تہا کہ ای کعب خوشخبری ہو تجھکو اور مین سجدہ مین گر پڑا باری تعالے کے آگے اور جانا مین نے کہ آئی میرے لئے کشادگی اور خبر دی ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز کے بعد کہ توبہ قبول ہونیکی جب نماز فجر پڑہ چکے اور لوگ دوڑے مجھے بشارت دینی کو اور ایک سوار نے گہوڑا دوڑایا مجھے خبر دینی کو اور بنی اسلم مین کا ایکدو دوڑا اگر آواز پکارنیوالی کی مجھی سے پہلی ہوچکی جسوقت میرے پاس آیا وہ شخص جسنے مجھے بشارت دی تہی مین نے اپنے کپڑے اُتار کر اُسکو پہنا دیے اور قسم ہے اللہ تعالی کی میرے پاس یہی کپڑے تہے اور وہ کپڑے مین نے مانگ کر پہنے تہے اور حاضر ہوا مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے خدمت مین اور لوگ مجھے فوج فوج مبارکباد دیتے تہے مجھے توبہ قبول ہونیکی یہان تک کہ مین

داخل ہوا مسجد مین اور رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھی اور آپکے گرد لوگ جمع تھے باقی قصہ وہی ہے جو حدیث مین مذکور ہوا **عن** زید بن ثابت قال بعث الی ابوبکر الصدیق مقتل اھل الیمامۃ فاذا عمر بن الخطاب عندہ قال ابوبکر ان عمر اتانی فقال ان القتل قد استحر یوم القراء القرآن یوم الیمامۃ وانی لاخشی ان استحر القتل بالقراء فی المواطن کلھا فیذھب قرآن کثیر وانی ارٰی ان تامر بجمع القرآن قال ابوبکر لعمر کیف افعل شیئا لم یفعلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال عمر ھو واللہ خیر فلم یزل یراجعنی فی ذلک حتی شرح اللہ صدری للذی شرح لہ صدر عمر ورایت فیہ الذی رای قال زید قال ابوبکر انک شاب عاقل لا نتھمک قد کنت تکتب الوحی لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتتبع القرآن قال فواللہ لو کلفونی نقل جبل من الجبال ما کان اثقل علی مما امرنی من ذلک قلت کیف تفعلون شیئا لم یفعلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ابوبکر ھو واللہ خیر فلم یزل یراجعنی فی ذلک ابوبکر وعمر حتی شرح اللہ صدری للذی شرح اللہ صدرھما فتتبعت القرآن اجمعہ من الرقاع والعسب واللخاف یعنی الحجارۃ وصدور الرجال فوجدت آخر سورۃ براءۃ مع خزیمۃ بن ثابت لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم ترجمہ راوی سے زید بن ثابت سے کہ ابوبکر صدیق نے بلا بھیجا انکو جب لڑائی ہوئی تھی یمامہ کے اور عمر بن خطاب بھی انکے پاس بیٹھے تھے پھر کہا ابوبکر نے کہ عمر میرے پاس آئی اور کہا کہ قتل کے گرم بازاری ہوئی قراء قرآن کے ساتھ یمامہ کے دن اور مین ڈرتا ہون کہ اگر بہت ہوا قتل قاریون کا ہر مقام مین تو جاتا رہے بہت سا قرآن (یعنے اسکے یاد سے) اور مین مناسب جانتا ہون کہ تم حکم کرو قرآن کے جمع کرنیکا ابوبکر نے عمر سے کہا کیونکر کرینگے وہ کام کہ نہین کیا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عمر نے کہا یہ واللہ بہتر ہے سو بسیطرح وہ مجھسے تکرار کرتے رہے اس بارہ مین یہان تک کہ کھول دیا اللہ نے میرے سینہ پر جو کھولدیا تھا عمر کے سینہ پر اور مناسب جانا مین نے جو مناسب جانا انھون نے زید نے کہا کہ پھر ابوبکر نے مجھے کہا کہ تم جوان عاقل ہو اور ہم تمکو متہم نہین کرتے کسی بات مین اور تم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت مین قرآن لکھتے تھے سو درپے ہو تم قرآن کی کہا زید نے قسم ہے اللہ کے اگر حکم دیتے مجھے کسی پہاڑ کے اٹھانیکی پہاڑون مین سے تو مجھپر اتنا گران نہ گذرتا مین یہی کہتا تھا کہ کیونکر کرو گے تم اسکام کو جو رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین کیا ابوبکر نے کہا قسم ہے اللہ تعالی کے وہ بہتر ہے پھر مجھے سمجھاتے رہے دونون یہانتک کہ کھولدیا اللہ تعالے نے میرے سینہ پر جو کھولدیا تھا ابوبکر و عمر کے سینہ پر اور درپے ہوا مین قرآن کے جمع کرنیکے اکٹھا کرتا تھا مین پرچون سے اور کھجور کے پتون اور لخاف یعنی نرم پتھرون سے (حفظ کے وقت انہین چیزون پر لکھا ہوا تھا) اور جمع کرتا تھا مین لوگون کے سینہ سے سو پایا مین نے اخیر سورہ برات کا خزیمہ بن ثابت کے پاس لقد جاءکم رسول سے آخر تک یعنی آیا تمہارے پاس رسول تم مین کا گران ہے اوپر جو چیز تمہین تکلیف مین ڈالی آرزو رکھتا ہے تمہاری ہدایت کی مومنون پر شفقت رکھنے والا ہے مہربان پھر اگر پھر جاوین وہ تو کہدے تو کافی ہے مجھے اللہ کسیکی عبادت نہین سزائی اسکی اوپر بھروسا کیا مین نے اور وہ مالک ہے بڑی تخت کا ف

یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** انس ان حذیفۃ قدم علی عثمان وکان یغازی اھل الشام فی فتح ارمینیۃ واذربیجان مع اھل العراق فی غازیھم حذیفۃ اختلافھم فی القرآن فقال لعثمان یا امیر المؤمنین ادرک ھذہ الامۃ قبل ان یختلفوا فی الکتاب کما اختلفت الیھود والنصاری فارسل الینا بالصحف ننسخھا فی المصاحف ثم نردھا الیک فارسلت حفصۃ الی عثمان بن عفان بالصحف فارسل عثمان الی زید بن ثابت ومعید بن العاص وعبد الرحمن بن الحارث بن ھشام وعبد اللہ بن الزبیر ان انسخوا الصحف فی المصاحف وقال للرھط القرشیین الثلاثۃ ما اختلفتم انتم وزید بن ثابت فاکتبوہ بلسان قریش فانما نزل بلسانھم ففعلوا حتی اذا نسخوا الصحف فی المصاحف بعث عثمان الی کل افق بمصحف من تلک المصاحف التی نسخوا قال الزھری وحدثنی خارجۃ بن زید بن ثابت قال فقدت ایۃ من سورۃ الاحزاب کنا نسمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأھا مع المؤمنین رجال صدقوا ما عاھدوا اللہ علیہ فنسخناھا فی مصحف ثم فقدت ایۃ من سورۃ کنت اسمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ بھا فالتمسناھا فوجدناھا مع خزیمۃ بن ثابت وانی خزیمۃ فالحقناھا فی سورتھا قال الزھری فاختلفوا یومئذ فی التابوت والتابوہ فقال القرشیون التابوت وقال زید التابوہ فرفع اختلافھم الی عثمان فقال اکتبوہ التابوت فانہ نزل بلسان قریش

قَالَ الزُّهْرِیُّ فَاَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُتْبَۃَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ مَسْعُوْدٍ کَرِہَ لِزَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ نَسْخَ الْمَصَاحِفِ وَقَالَ یَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِیْنَ اَعْزِلُ عَنْ نَسْخِ کِتَابَۃِ الْمَصَاحِفِ وَتَوَلَّاھَا رَجُلٌ وَاللّٰہِ لَقَدْ اَسْلَمْتُ وَاِنَّہٗ لَفِیْ صُلْبِ رَجُلٍ کَافِرٍ یُرِیْدُ زَیْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَلِذٰلِکَ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ یَا اَھْلَ الْعِرَاقِ اکْتُمُوا الْمَصَاحِفَ الَّتِیْ عِنْدَکُمْ وَغُلُّوْھَا فَاِنَّ اللّٰہَ یَقُوْلُ وَمَنْ یَّغْلُلْ یَاْتِ بِمَا غَلَّ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَالْقُوا اللّٰہَ بِالْمَصَاحِفِ قَالَ الزُّھْرِیُّ فَبَلَغَنِیْ اَنَّ ذٰلِکَ کَرِہَ مِنْ مَقَالَۃِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رِجَالٌ مِّنْ فَاضِلِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ترجمہ انس سے روایت ہے کہ حذیفہ آئی عثمان بن عفان کے پاس اور وہ لڑتے تھے اہل شام سے آرمینیہ اور آذربیجان کے فتح میں اہل عراق کے ساتھ پھر دیکھا حذیفہ نے اختلاف انکا قرآن میں تب کہا عثمان بن عفان سے کہ ای امیر المومنین خبر لیجئے اس امت کے اس سے پہلے کہ مختلف ہو جاویں وہ قرآن میں جیسے کہ مختلف ہو گئی یہود و نصاریٰ اپنے اپنے کتابوں میں سو عثمان نے بھیجا حفصہ کیطرف کہ بھیجدو تم ہمکو مصحف کہ نقل کر لیں ہم اس سے اور مصحفوں میں پھر پھیر بھیجینگے ہم اسکو تمہاری پاس پھر بھیجدیا حفصہ نے مصحف حضرت عثمان کے پاس اور بھیجا عثمان نے زید بن ثابت اور سعید بن عاص اور عبد الرحمن بن حارث بن ہشام اور عبد اللہ بن زبیر کے پاس کہ نقل کریں یہہ لوگ مصحفوں کے اور مصاحف میں اور کہا تینوں قریشیوں سے کہ جب زید بن ثابت اور تم میں اختلاف ہو تو اسکو قریش کے زبان میں لکھو اسلئے کہ قرآن انہیں کی زبان میں اترا ہے پھر یہانتک ہوا کہ نقل کر انہوں نے اس مصحف کے کئی مصحفوں میں اور بھیجا حضرت عثمان نے ایک ایک مصحف ہر جانب ان مصحفوں میں سے کہ جو نقل کئے گئے تھے کہا زہری نے اور روایت کی مجھے خارجہ بن زید نے کہ زید بن ثابت نے کہا کہ نہ ملے مجھے ایک آیت سورہ احزاب کے جو میں نے سنا کرتا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو پڑھتے ہوئے مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا الْاٰیَۃَ پھر ڈھونڈھا میں نے اسکو اور پایا اسے خزیمہ بن ثابت کے پاس یا انی خزیمہ کے پاس سو ملا دیا میں نے اسکی سورت میں کہا زہری نے کہ پھر اختلاف کیا اسدن لفظ تابوت میں تو قریشیوں نے کہا تابوت اور زید نے کہا تابوہ اور لیکھے اس اختلاف کو حضرت عثمان کے پاس اور فرمایا آپنی کہ تابوت لکھو اسلئے کہ قرآن اترا ہے قریش کے زبان میں زہری نے کہا خبر دی مجھکو عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ نے کہ عبد اللہ بن مسعود کو ناگوار ہوا زید بن ثابت کا قرآن لکھنا اور کہا انہوں نے کہ ای گروہ مسلمانوں کے میں تو معزول کیا جاؤں قرآن لکھنے سے اور متولی ہو اسکا وہ شخص کہ قسم ہے اللہ کے کہ میں اسلام لا چکا تھا اور وہ کافر کے پیٹھ میں تھا مراد یعنی تھی اس قول سے زید بن ثابت کو اور اسی لئے عبد اللہ بن مسعود نے کہا کہ ای عراق والوں چھپا رکھو تم اپنے قرآن اپنے پاس اور مقفل کر رکھو انکو اسلئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو چھپا رکھیگا کوئی چیز لاویگا اسکو قیامت کے دن سو تم ملاقات کرنا اللہ سے اپنے قرآن لیکر زہری نے کہا کہ مجھے خبر پہونچی ہے کہ یہہ بات ابن مسعود کی بڑے بڑے افضل صحابیوں کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ناگوار ہوئی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے یعنے حدیث زہری کے اور نہیں جانتے ہم اسکو مگر زہری کے روایت سے **خاتمہ** سورہ انفال اور برارت گویا کہ تکملہ نامہ ہے جہاد کا اسمیں احکام جہاد کا ایسا اہتمام کیا گیا ہے جیسے سورہ حج میں احکام حج کا اور یوسف میں انکے قصہ کا ضروریات جہاد اسمیں بکثرت مذکور ہیں اور احکام قتل و اسر بتفصیل مسطور مجاہد کے لئے یہ پروانہ ہے جنت کا اور غازی کے لئے یہ خوان ہے نعمت کا احکام جہاد سے اسمیں مذکور ہے انفال کا اور مملوک ہونا اسکا اللہ اور رسول کے اور تذکیر وعدہ آلہی کے ساتھ ایک گروہ کے یعنے قافلہ شام یا لشکر کفار مکہ اور دعا اور استغاثہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا جنگ بدر میں اور تائید ملائکہ کے باذن آلہی اور تذکیر بغشیان نعاس اور انزال ماء اور اثبات ملائکہ کا قلوب مومنین کے لئے اور رعب ڈالنا اللہ تعالیٰ کا قلوب کفار میں اور ملائکہ کو وحی ہونا کافروں کے سروں پر اور ہر جوڑوں پر یا رین اور پورے کافروں کے مقابلہ سے بھاگنے کی اور ہونا کافروں کے قتل اور رمی کا اللہ کے جانب سے اور تخویف فتنہ عامہ سے اور یاد دلانا اہل اسلام کے ضعف کا مکہ میں اور وعدہ فیصلہ کا کافروں اور مومنین کے بیچ میں اور ذکر کافروں کے مشورہ کا جو دار الندوہ میں ہوا تھا حضر کے قید و قتل و اخراج کے بارہ میں اور دعا ابو جہل کے جنگ بدر میں نکلتے وقت باب کعبہ پر اور خطاب کافروں سے کہ جنگ سی باز رہو ورنہ بدر کیطرح پھر شکست پاؤ گی دوستی اللہ تعالیٰ کے اور بدلگا ہونا اسکا مسلمانوں کے لئے اور حکم غنیمت کے خمس نکالنی کا رسول اور ذوی القربیٰ اور یتامیٰ اور مساکین اور مسافر کے واسطے حال جنگ بدر کا اور ملاقات دو لشکروں کی اور قلیل دکھنا ہر لشکر کا دوسرے کو اور حکم ذکر کثیر اور ثبات فدی کا وقت مقابلہ کفار کے امر خدا کے اطاعت کا اور نہی تنازع سی اور ہونا جبن کا بسبب تنازع کے اور آنا شیطان کا کفار بدر کے پاس اور وعدہ دینا غلبہ کا جائز ہونا نقض صلح کا اس شخص سے کہ خوف خیانت ہو امر تیاری کا سامان جہاد کے

اور گھوڑے باندھنے اور مال خرچ کرنیکا جواز قسم ساتھ کفار کے تمکن اللہ تعالیٰ کا تائید مومنین اور اُنکے تالیف قلوب کے ساتھ کافی ہونا اللہ کا نبی کو اور تابعدار مومنون کو امر مومنوں کے ترغیب تحریض کا قتال وجہاد پر وعدہ بیس نفر کے غلبہ کا دو صد کافر پر اور تخفیف اس حکم کی اور وعدہ ایکسو کے غلبہ کا دو سو کا فر پر اذکار فدیہ یعنی پر اسارئی بدر سی تقلیل مال غنیمت کے تحریص مومنین و مہاجرین و مجاہدین و انصار کے ایکدوسرے کی اور محبت و ولایت کا فرد نکی آپسمین سچی مومن ہونا مہاجرین اور مجاہدین اور انصار اور الحاق مہاجرین واپسین کا ساتھ سابقین کی تمام ہوے مضامین جہاد سورۂ انفال کے اسکے سوا اور بہت سے فوائد عمدہ مذکور ہین چنانچہ سات صفتین مومنون کے خوف الٰہی اور زیادتی ایمان کے وقت تلاوت قرآن کے اور توکل اور قایم کرنا نماز کا اور خرچ کرنا مال کا اور وعدہ مغفرت کا اُنکی لئی اور عزت کی روزی کا آمر جواب دینی اور لبیک کہنی کا حب خدا و رسول کیسکو بلاوے حرمت خیانت کے اور فتنہ مال اور اولاد کا سا خطیر الاولین کہنا کافرونکا قرآنکو مانع ہونا کافرونکا مسلمانون کو مسجد الحرام سے مشرکونکی نازبیت اللہ مین سیٹی بجانا اور تالیان تہین نہی نکی تشبیہ سی جو بطر اور ریا کی راہ سی اپنے گہر دسے نکلے کافرونکا حال وقت مرگ کے اور کیسکو نعمت دیکر مدتا نہین جبتک وہ اپنی نیت نہ بدلے ہلاک آل فرعونکا اور تبدیل نعمت کے خدا سے بسبب ذنوب کے خیانت رسول کے عین خیانت خدا کی ہی ہونا وراثت کا الوالارحام مین انتہی اور سورۂ توبہ مین متعلقات جہاد سے مذکور ہے ہر ارت خدا اور رسول کے اُن مشرکون سے کہ جنسے صلح تہی اور خصوصت چار مہینے کی جنسے صلح نہ تہے اور قتل کا حکم بعد گذرنے شہور مذکورہ کے حکم بات اُٹھانیکا مشرکون کے قتل سے بشرط توبہ و ادائی نماز و زکوۃ کی حکم مستامن کا امر عہد کے پورا کرنیکا اُن کافرونسے جنسے خیانت سرزد نہوئی لحاظ عہد و قرابت نرکھنا مشرکونکا حکم اُس دقی کے قتل کا جو نقض عہد اور دین پر سے طعن کرے تحریض قتل پر کفار مکہ کے ضرور مومنون کے امتحان کا ساتھ جہاد کے برابر نہونا سقایت حاج و عمارت مسجد حرام کا ساتھ جہاد اور ایمان باللہ کے فضیلت مہاجرین اور مجاہدین کی دوسرے مومنون پر بشارت رحمت و رضوان و جنات و اجر عظیم کی مجاہدین و مہاجرین کے لئے تہی کافر و نسبی صحبت کہنی کے اگرچہ اقربا مون اور غیر خدا کے محبت پر آبا و ابناء و اخوان وغیرہ سے اور فسق اُن لوگونکا جو اُنکے محبت مین جہاد سے باز رہین یاد دلانا نصرت الٰہی کا مواطن کثیرہ اور یوم حنین مین اور نزول سکینہ اور جنود ملائکہ کا وعدہ توبہ کا اُن کافرون کے لئے جو جنگ حنین مین باقی رہے منع کرنا مشرکون کا مسجد الحرام سے اور نجس ہونا اُنکا تحریض کافرون کے قتل پر یہانتک کہ وہ جزیہ دین وعدہ عذاب اور فراغ دینے کا اُن لوگون کی پیشانی اور کروٹون پر جو جہاد مین مال نہین خرچتے تعجب اُن مسلمانون کے حال پر جو جہاد مین نکلنے کے لئی سستی کرتی ہین تخویف اُن مسلمانون کے جو جہاد مین کوچ نہین کرتے غلبہ یاس کے ساتھ فضیلت ابوبکر کے اور رفاقت اُنکی غار مین وقت ہجرت کے حکم کوچ کا جہاد کے لئی ہر حال مین عتاب اُن صحابیون پر جو غزوۂ تبوک مین شریک نہوے مذمت عذر کرنیوالون کے جہاد مین کامل الایمان لوگ گہر مین رہنے کا اذن نہین مانگتے مذمت جہاد سے بیٹہہ رہنے والونکے منافقون کے جاسوسون کا ہونا لشکر اصحاب مین فتنہ کرنا منافقونکا جہاد مین اذن طلب کرنا جد بن قیس کا جو منافق تہا گہر مین رہنے کے لئی جواب اُن منافقونکا جو مصائب پر مومنون کے خوش ہوتے رہے قبول نہونا منافقون کے صدقات کا جہاد مین مال خرچ نکرنا اور نماز مین سستی کرنا انفاق ہے جھوٹی قسمین کہانا منافقونکا کہ ہم مومن ہین عیب کرنا ذی الخویصرہ تمیمی کا نبی پر صدقات کی باہمین بیان مصارف صدقات کا کہ آٹھہ شخص ہین خطاب نبی کو اور حکم جہاد کا کافرون اور منافقون سے قصد کرنا منافقونکا کہ رسول کو قتل کرین شب عقبہ مین غزوۂ تبوک سے کوٹنی وقت عہد کرنا منافقونکا کہ اگر ہم مال پاوینگے صدقہ دینگے اور حال ثعلبہ کا خوش ہونا منافقونکا گہر بیٹہہ رہنے پر جہاد چھوڑکر خطاب نبی کو کہ اگر کوئی منافق پہر اجازت جہاد مین رفیق ہونیکے طلب کرے تو اُسے اجازت نہ دو مذمت امیرون کے اور اجازت چاہنا اُنکا کہ گہر مین بیٹہہ رہین اور جہاد مین نجاوین وعدہ خیرات اور فلاح اور جنات و انہار و خلود اور فوز عظیم کا مجاہدین کے لئے مذمت اُن اعراب کے جو گہر مین رہنے کی اجازت مانگتے ہین رخصت ترک جہاد کی بیماروں اور ضعیفون اور مفلسون کے لئے اور جو سواری نہین پاتی الزام اور مذمت اُن کو بیٹہنے والونکے جو امیر مین معذرین کا آنا حضرت کے پاس بعد غزوۂ تبوک کے اور قبول نہونا اُنکے عذر کا فضیلت سابقین اولین کے مہاجرین و انصار سے فضیلت مجاہدونکی اور خریدنا اللہ تعالیٰ کا اُنکے جان اور مال کو عوض مین جنت کے صفت خریداران جنت کی توبہ اور عبادت اور تحمید اور سیاحت اور امر معروف اور نہی منکر وغیرہ سے قبول توبہ مہاجرین انصار جو غزوۂ تبوک مین مطیع رسول سے نزول توبہ کعب بن مالک و مرارہ بن ربیع یا ابن ربیعہ عامری اور ہلال

بن امیہ اہل مدینہ کو جایز نہین کہ نبی سی تخلف کرین یا اپنی جان اُنکی جان سے عزیز کہین اجر مجاہدونکی تشنگی اور گرسنگی اور زمین ہی کرنیکا اور مال خرچ کرنیکا فرض کفایہ ہونا جہاد کا امر اُن کافرون سی کرنیکا جو مسلمانونکے ملک سی قریب ہین یہ مضامین سب متعلق جہاد ہین اور چونکہ منافقونکا امتحان کامل جہاد مین ہوتا ہی اسلئے منافقونکے احوال بہت اسمین مذکور ہین چنانچہ منجملہ اُنکے ناگوار ہونا بہبود رسول کا اُنپر اور خوش ہونا اُنکا مصیبت سی رسول کے اور مؤمنون کے اور قبول نہونا اُنکے مال کا اور سستی اُنکی نماز مین اور دعید اُنکی عذاب کے ساتھ اموال واولاد کی اور بہاگ جانا اُنکا رسول کے پاس سے اگر کہین پناہ پاوین اور ترجیح دنیا اُنکا بنی کو کہ یہ فقط کان کہتے ہین اور جھوٹی قسمین کہانا اُنکا نبی اور مؤمنون کے راضی کرنیکو اور ڈرنا اُنکا نزول قرآن سے کہ اُسمین اسرار اُنکے طشت ازبام ہوجاتے تھے اور استہزا کرنا اُنکا خدا اور رسول سی اور حیلہ کرنا لہو ولعب کا اور کافر ہوجانا اُنکا بُری بات سکھانا اور اچھی بات سے منع کرنا اور بخل اُنکے اور فراموش کرنا اُنکا خدا کو اور دعید اُنکی لعنت خدا کی اُنپر اور تشبیہ حضرت کے زمانہ کی منافقونکی اگلے منافقون سے اور ہلاک اور حبط اعمال اور خسران دارین اُنکا تحریض منافقون کے واعظ قوی کے طعن کرنا منافقونکا اُن مؤمنون پر جو اپنی مشقت سے مال سے صدقہ لاتے تھے اور وعید عدم مغفرت کے اُنکے لئی تھی نماز جنازہ پڑہنے سی منافقون کے اور اُنکے مال واولاد کے پسند کرنی سی خبر دینا اللہ کا پیشتر سے کہ منافق اپنے معذور ہونی پر جھوٹی قسمین کہا دینگے اشد ہونا اعراب کا کفر اور نفاق مین اور نادان جاننا اُنکا اُس مال کو جو راہ خدا مین خرچ ہو منافق ہونا بعض اعراب کا حوالی مدینہ مین اور مدینہ مین خطاب منافقونکو کہ تم عمل کرو اللہ تمہاری عمل دیکھتا ہے مسجد ضرار بنانا منافقونکا اور نہی نبی کو اُس مسجد مین کھڑے ہونی سی اور کہنا منافقونکا وقت نزول سورہ کے کہ ایمان کسکا زیادہ ہوا امتحان منافقونکا ہر سال مین ایک یا دو بار نظر کرنا بعض منافقونکا بعض پر وقت نزول سورہ کے اور سوا اسکے اور فوائد متفرقہ مذکور ہین چنانچہ منع کرنا مشرک کو مسجد بنانی سی اور بنانا اور آباد کرنا مسجد کا شامل ہے مؤمنین کے اور کہنا یہود ونصاریٰ کا کہ عزیر وعیسےٰ فرزند ہین خدا کے اور معبود ٹہیرا لینا اُنکا اپنے احبار ورہبان کو سوا خدا کے اور ارادہ کافرونکا کہ نور خدا اپنے مونہہ سی بجہا دین اور تمثل ارسال رسول پر اور وعدہ غلبۂ دین کا خطاب مؤمنون کو اور حرام خور ہونا اکثر احبار اور رہبان کا بارہ مہینے ہونا اللہ کی کتاب مین جب سے آسمان وزمین پیدا ہوئے مقرر کرنا کافرونکا ایک مہینے کی جگہہ دوسرے کو یا دلانا قوم نوح اور عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم اور اصحاب مدین اور مؤتفکات کے ہلاکت کا بسبب گناہون کے محبت اور دوستی مؤمنون سے اور امر معروف اور نہی منکر اور اقامت صلوٰۃ اور ایتاء زکوٰۃ اور اطاعت خدا ورسول کرنا اُنکا اور وعدہ محبت کا اُنکے لئی حال اعراب مؤمنین کا اور موجب وقت آلہی ہونا دعای رسول کا اُنکے لئی حال اُن لوگون کا کہ جو اعمال نیک دبد دونون کہتے ہین صفات باری تعالیٰ کے قبول توبہ عباد اور اخذ صدقات اور تواب ورحیم ہونا اُسکا فضیلت مسجد قبا کی اور بنا اُسکی تقوی پر مالکیت اور احیاء اور اماتت اور ولایت اور نصرت اُس تعالیٰ کی اور قبول توبہ اُن اصحاب کے کہ غزوۂ تبوک مین تخلف رہی خبر دینا رسول کے اُنکی اور رضی ہونا اُسکا ہماری ہدایت پر اور رافت اور رحمت اُسکی مؤمنون پر

## ومن سورۃ یونس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم **عن** صہیب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قولہ تعالیٰ للذین احسنوا الحسنیٰ وزیادۃ قال اذا دخل اہل الجنۃ نادی منادٍ ان لکم عند اللہ موعدا ویریدون ان یجزکموہ قالوا الم یبیض وجوہنا ویثقل موازیننا ویدخلنا الجنۃ ویجرنا من النار ویدخلنا الجنۃ قال فیکشف الحجاب قال فواللہ ما اعطاہم شیئا احب الیہم من النظر الیہ ترجمہ صہیب سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کے تفسیر مین فرمایا للذین احسنوا الحسنیٰ وزیادۃ یعنے جو لوگ نیک ہین اُنکو بہتر بدلا ہے اور زیادتی فرمایا آپ نے کہ جب اہل ہونگے جنتی جنت مین ایک پکارنیوالا پکاریگا کہ اللہ تعالیٰ کے پاس تمہارا ایک وعدہ ہے کہ وہ تعالیٰ اسکو پورا کرنیوالا ہے جنتی کہینگے کیا روشن نہین ہوئے چہرے ہمارے اور نجات نہین ہوئی ہمکو دوزخ سے اور داخل نہین کئی گئے ہم جنت مین یعنے اب کونسی نعمت باقی رہی فرمایا آپنے پھر کھولدیا جاویگا پردہ (جو خالق اور مخلوق کے بیچ مین ہوگا) فرمایا آپنے کہ پھر قسم ہے اللہ تعالیٰ کی نہین دیئی کوئی چیز زیادہ پیارے نظر کرنے سی اُس تعالیٰ کے جمال مبارک پر **ف** حدیث حماد بن سلمہ کے اسیطرح روایت کیا اسکو کئی لوگون نے حماد بن سلمہ سی مرفوعاً اور روایت کیے سلیمان بن مغیرہ نی یہی حدیث ثابت سے اُنہون نے عبد الرحمٰن سے قول اُنہین اور نہین ذکر کیا اُسمین کہ یہ روایت ہے صہیب سے وروایت کرتے ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **عن** رجل من اہل مصر قال سألت ابا الدرداء عن ہذہ الآیۃ لہم البشریٰ فی الحیوٰۃ الدنیا قال ما سألنی عنہا احد منذ سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عنہا فقال ما سألنی عنہا احد غیرک ومنذ انزلت ہی الرؤیا الصالحۃ یراہا المسلم او تری

سورۂ یونس کے تفسیر

ترجمہ یکرد مصری سے روایت ہے اسنے کہا کہ میں نے پوچھی تفسیر اس آیت کے ابوالدرداء سے لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا یعنے انکو بشارت ہے دنیا کی زندگی مین تو فرمایا ابوالدرداء نے نہین پوچھی مجھسے کسنے یہ آیت جسسے تو نے پوچھا رہی ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے تفسیر اسکے اور جب مین نے پوچھی آپ سے تو فرمایا آپنے نہین پوچھی مجھسے کسی نے یہ آیت سوا تیرے جسسے نازل ہوئی مراد اس بشارت سے نیک خواب ہے کہ دیکھتا ہے اُسکو مسلمان یا دکھایا جاتا ہے وہ یعنی اللہ تعالی کی جانب سے ف روایت کی ہمسے ابن ابی عمر نے انہون نے سفیان سے انہون نے عبدالعزیز سے انہون نے ابی صالح سماں سے انہون نے عطاء بن یسار سے انہون نے ایک مرد مصری سے انہون نے ابوالدرداء سے پھر ذکر کیا انہون نے حدیث مانند اسکے روایت کی ہمسے احمدی انہون نے حماد بن زید سے انہون نے غالم سے انہون نے ابی صالح سے انہون نے ابی الدرداء سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور اس سند مین روایت نہین ہے عطاء بن یسار سے اور اسباط بن محمد نے روایت کی ہمسے عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لما اغرق اللہ فرعون قال امنت انہ لا الہ الا الذی امنت بہ بنو اسرائیل فقال جبریل یا محمد لو رأیتنی وانا اخذ من حال البحر وادسہ فی فیہ مخافۃ ان تدرکہ الرحمۃ ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ڈبویا اللہ نے فرعون کو کہا اُسنے ایمان لایا مین کہ بیشک کوئی معبود نہین ہے مگر وہی جسپر ایمان لائی بنی اسرائیل تو جبرئیل نے کہا ای محمد کاش کے تم دیکھتے مجھکو اُسوقت جب وہ یہ کہتا تھا اور مین لیتا تھا کیچڑ دریا سے اوڑھاتا تھا اسکی مونہہ مین اس خوف سے کہ گھیرے اُسکو رحمت ف عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ ذکر ان جبرئیل جعل یدس فی فم فرعون الطین خشیۃ ان یقول لا الہ الا اللہ فادرکتہ الرحمۃ ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا کہ جبرئیل ڈالتے تھے فرعون کے مونہہ مین مٹی اسی ڈر سے کہ وہ کہنہ لے لا الہ الا اللہ اور گھیر لیوے اُسکو رحمت اللہ کی یا فرمایا اس ڈر سے کہ رحمت کرے اُسپر اللہ ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے خاتمہ سورہ یونس ایک دریائی معرفت ہے کہ تشنہ کامان معارف آلہیہ اُسسے سیراب ہین اور طالبان عقایدحقہ اُسکی طلب مین ماہے بے آب اسمین صفات آلہی سے مذکور ہے الوہیت اسکی اور پیدا کرنا زمین آسمان کا چھ روز مین اور ہونا اُسکا عرش پر اور تدبیر امر کے اور نہونا کسیکا شفیع سوا اُسکے اور مرجع کل ہونا اُسکا اور جسنے پیدا کرنا اُسکا عالم کو اور وعدہ اعادہ خلق کا واسطے جزای اعمال کے اور قدرتین اُسکی باصادت شمس اور نور قمر اور تقدیر منازل قمر سے اور گھٹنا بڑھنا لیل و نہار کا اور پیدا کرنا سمٰوات و ارض کا اور احاطہ اُسکے علم کا ہمارے اقوال و اعمال و احوال پر اور مخفی نہونا کسیذرہ کا اُسپر اور مالکیت اُسکی آسمان و زمین پر اور احسان کرنا اُسکا ساتھ سکون لیل اور ابصار نہار کے اور عقائد ضروریہ مذکور ہے وعید نار کی منکرون کے لئے اور وعدہ ہدایت اور جنت اور نعیم دائمہا کا صالحون کے لئے اور کلمہا کلام کا تبین کا اعمال بنی آدم کو اور وعدہ حسنی اور زیادت کا محسنون کے لئے اور ہونا قرآن کا منجانب اللہ اور مصدق ہونا اُسکا واسطے کتب سابقہ کے اور تفصیل ہونا ہر شی کی اور طلب ایک سورت کے کفار سے مثل اُسکے اور عاجز ہونا اُسکا اور ایمان لانا بعض کا اسپر اور منکر ہونا بعض کا اور توصیف قرآن کے ساتھ ہونے اُسکے موعظت اور شفا لما فی الصدور اور ہدی اور رحمت اور آنا اُسکا ساتھ فضل اور رحمت حق کے اور تحریر ہونا اُسکا اُن چیزون سے کہ جنہین لوگ جمع کرتے ہین اور حشر کون کے حال سے مذکور ہے عبادت کرنا اُنکا ایسے چیزونکی ہاتھ مین نفع و ضرر نہین اور شفا کہنا اُنکا اپنے معبودان باطل کو اور خالص دعا کرنا اُنکا اللہ تعالی سے کشتے ڈوبتی وقت اور بعی اور شرک اُنکا وقت نجات کے اور روبکاری حشر کونکی حشر مین اور انکار کرنا اُنکے معبودونکا اپنی معبودیت سے اور اقرار کرنا مشرکون کا اُنکی رزاق اور مالک ہمارے رجع و بصر کا اور نکالنے والا زندہ کا مردے سے اور مدبر امر دنیا کا اللہ ہے اور پھر شریک کرنا غیرون کو اور اتمام حجت کا اُنپر اور سوال مشرکون سے کہ کوئی تمہارے معبودون مین ایسا ہے کہ خلق اور اعادہ اُسکا کرسکے اور بیدلیل ہونا اور اپنے گمان پر چلنا مشرکون کا اور نفی شرکت سے نفی اشراک فی التصرف اور اشراک فی العبادات اور اشراک فی الدعا کی اخبر رکوع مین اور انسانکی شکایت سی مذکور ہے بہت دعا کرنا اُسکا معصیتون مین اور غافل ہونا اُسکا راحت مین اور ناشکری اُسکی راحت مین جو مصیبت کی بعد حاصل ہوا اور قصص ماضیہ سے مذکور ہے خطاب نوح علیہ السلام کا اپنی قوم سے اور نجات اُنکی اور غرق قوم کا اور حالات موسی علیہ السلام کے بعثت اُنکے اور ہارون کی فرعون کیطرف اور ساحر کہنا اُسکا اور بھیلانا ساحرونکا اپنے خرافات کو اور علم کے واسطے بنائی مساجد کے مصر مین اور واسطے قایم کرنے نماز کے اور بددعا موسی علیہ السلام کے واسطے سخت ہوجانے قلب فرعون کے اور تجاوز کرنا بنی اسرائیل کا بحر سے اور ایمان لانا فرعون کا غرق کے وقت اور قبول نہونا اُسکے ایمان کا اور وعدہ اُسکے بدنکے نجات کا اور اختلاف بنی اسرائیل کا عام آنکے بعد اور معلوم ہونا انکو محامد رسول

علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اور سوا اسکے اور فوائد عدیدہ اور مضامین پسندیدہ مذکور ہین منجملہ اُنکے نفع نہ دینا کسی قوم کے ایمان کا عذاب دیکھنے کے وقت سوا قوم یونس کے اور موقوف ہونا ایمان کا مشیت ایزدی پر اور نفع نہ دینا آیات کا بلا ایمان کے اور مومنون کی نجات کا اللہ تعالیٰ کی ذمہ پر بنظر فضل و احسان کے

## سُوْرَةُ هُوْد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم **عن** ابی رزین قال قلت یا رسول اللہ این کان ربنا قبل ان یخلق خلقه قال کان فی عماء ما تحته هواء وما فوقه هواء وخلق عرشه علی الماء قال احمد قال یزید العماء ای لیس معه شیء **ترجمہ** ابی رزین سے روایت ہے کہا انہون نے کہ عرض کی مین نے کہ ای رسول اللہ کے کہان تہا پروردگار ہمارا اپنے مخلوق کے پیدا کرنے سے پہلی فرمایا آپنے عماء مین تہا کہ اُسکے نیچے بہی کچہہ نہا اور اُسکے اوپر بہی کچہہ نہا اور پیدا کیا اُسنے عرش اپنا پانی پر احمد نے کہا عماء کے معنے یہ ہین کہ اُسکے ساتہ کوئی چیز نہی **ف** اسیطرح کہتے ہین حماد بن سلمہ اس سند مین کہ روایت کی ہے وکیع بن حدس سے اور شعبہ اور ہشیم وکیع بن عدس کہتے ہے یہ حدیث حسن ہے **عن** ابی موسیٰ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ تبارک وتعالیٰ یملی ویرمی قال یمهل النهار حتی اذا اخذه لم یفلته ثم قرأ وکذلک اخذ ربک اذا اخذ القری وهی ظالمة الآیة **ترجمہ** ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ فرصت دیتا ہے اور کبہی حضرت نے یملی کی جگہہ یمہل فرمایا یہانتک کہ جب پکڑتا ہے اُسکو پہر اُسکو نہین چہوڑتا پہر پڑہی آپنے یہ آیت وکذلک اخذ ربک سے آخر تک **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اور روایت کیا ابو اسامہ نے یزید سے مانند اُسکے اور یملی کا لفظ کہا روایت کیے ہمنے ابراہیم نے انہون نے ابی اسامہ سے انہون نے یزید بن عبد اللہ سے انہون نے اپنی دادا ابی بردہ سے انہون نے ابی موسیٰ سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکے مانند اور یملی کا لفظ کہا اور شک نہین کیا **مبہم** پورس آیت یون ہے وکذلک اخذ ربک اذا اخذ القری وهی ظالمة ان اخذه الیم شدید یعنے ایسا ہی پکڑنا ہے تیرے رب کا کہ جب پکڑتا ہے کسے گانون والون کو اور وہ ظالم ہوتے ہین تو پکڑ اُسکی دردناک ہے سخت **عن** عمر بن الخطاب قال لما نزلت هذه الآیة فمنهم شقی وسعید سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ففیم یعمل العاملون علی شیء قد فرغ منه او علی شیء لم یفرغ منه قال بل علی شیء قد فرغ منه وجرت به الاقلام یا عمر ولکن کل میسر لما خلق له **ترجمہ** عمر بن خطاب سے روایت ہے انہون نے کہا جب اُتری یہ آیت فمنهم شقی وسعید یعنے آدمیون مین بدبخت ہین اور نیک بخت پوچہا مینے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور کہا مینے ای نبی اللہ کے کس چیز کے موافق عمل کرتے ہین ہم آیا ایسی چیز کے موافق عمل کرتے ہین ہم کہ آیا ہی چیز سے فراغت ہو چکی ہے یا ایسی چیز کہ جسسے فراغت نہین ہوئی فرمایا آپنے بلکہ ایسی چیز کے موافق عمل کرتے ہو تم کہ اُس سے فراغت ہو چکی ہے اور قلم جاری ہو گئی ہے اوپر اُسکے اے عمر لیکن ہر شخص ویسا ہی آسان ہے جسکے لئے وہ پیدا ہوا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے نہین جانتے ہم اسکو مگر عبد الملک بن عمر کے روایت سے **مبہم** غرض یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اعمال عباد اور شقی سعادت اور شقاوت پہلے سے لکہہ چکا ہی اور اُسکی طابق بندی عمل کرتے ہین مگر سعید کو نیک عمل کے اور شقی کو بد کی توفیق دیجاتی ہے ہر شخص سے وہی بن پڑتا ہے جسکے لئے وہ بنا ہے **شعر** ہر کسے را بہر کاری ساختند + میل او اندر دلش انداختند **عن** عبد اللہ قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال انی عالجت امرأة فی اقصی المدینة وانی اصبت منها ما دون ان امسها وانا هذا فاقض فی ما شئت فقال له عمر لقد سترک اللہ لو سترت علی نفسک فلم یرد علیه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیئا فانطلق الرجل فاتبعه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ودعاه ودعا علیه واقم الصلوٰة طرفی النهار وزلفا من اللیل ان الحسنات یذهبن السیئات ذلک ذکری للذاکرین الی آخر الآیة فقال رجل من القوم هذا له خاصة قال بل للناس کافة **ترجمہ** عبد اللہ سے روایت ہے کہ آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کی اُسنے کہ مین نے چہوا ایک عورت کو مدینہ کے کنارہ پر اور مینے اُس سے سب کچہہ کیا سوا جماع کے اور مین حاضر ہون آپ جو حکم فرماوین رسجان اللہ کیا ایمان تہا کہ نماز کے قبول کرنیکو حائل ہے یہ عمر نے کہا اللہ نے تیرا پردہ ڈہانپا تہا اگر تو بہی اپنا پردہ ڈہانپتا اور جسنے اُسنے کچہہ جواب نہ دیا اور وہ شخص چلا گیا پہر اُسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسکے پیچہے بہیجا اور اُسکو بلایا اور اُسپر یہ آیت پڑہی اقم الصلوٰة الآخر آیت تک یعنے قائم کر نماز کو دونون کنارون دن کے اور وقتون مین رات کی بیشک نیکیان دور کر دیتی ہین برائیون کو یہ نصیحت ہے یاد کرنیوالون کو پہر کہنے لگا ایک مرد حاضرون قوم مین سے کہ یہ بشارت اسیلئے خاص ہے آپنے فرمایا نہین بلکہ سب لوگون کے لئے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ایسی روایت کیا اسرائیل نے سماک سے انہون نے ابراہیم سے انہون نے اسود سے انہون نے عبد اللہ سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور روایت کیا سفیان ثوری نے سماک سے انہون نے ابراہیم سے انہون نے عبد الرحمن سے انہون نے عبد اللہ سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے

ترجمہ سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ میں نے کہا ابن عباس سے کہ نوف بکالی کہتا ہے کہ موسی بنی اسرائیل والے وہ موسی نہیں ہیں جنکا قصہ خضر کے ساتھ مذکور ہے ابن عباس نے کہا کہ جھوٹ کہا اللہ کے دشمن نے میں نے ابی بن کعب سے سنا ہے سنا ہی میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کہ فرماتے تھے موسی علیہ السلام ایکدن خطبہ پڑھتے تھے بنی اسرائیل میں سو کسیکو پوچھا انسی کہ کون شخص علم میں زیادہ ہے کہا موسی نے کہ میں سو عتاب کیا اللہ تعالی نے انپر کہ یہ کیوں نکہا کہ اللہ ہی جانتا ہے وحی کی اللہ تعالی نے انکیطرف کہ ایک بندہ میرے بندوں میں سے ہی جہان دو دریا ملتے ہیں وہ تجھسے زیادہ علم رکھتا ہے موسی نے عرض کی کہ ای رب میں کیونکر اُس تک پہونچون سو فرمایا اللہ تعالی نے لیلو ایک مچھلی ایک زنبیل میں پھر جہان وہ کھو جاوے وہ اُسی جگہہ ملیگا پھر موسی چلی اور اُنکے ساتھ اُنکے خادم یوشع بن نون بھی چلی اور رکھہ لی موسی نے ایک مچھلی ایک زنبیل میں سو چلی جاتی ہے رفیق آگی اور وہ یہانتک کہ پہونچی ایک پتھر پر اور دونوں سو گئی اور مچھلی کودنے لگی زنبیل سے نکلکر دریا میں چلی گئی اور اللہ تعالی نے پانیکو اُسکی چلنے کے جگہہ میں روک دیا جیسے یہانتک کہ ایک طاق سا بنگیا اور اُسکا رستہ دیسا ہے بنا رہا اور موسی علیہ السلام اور اُنکے رفیق کے لئے ایک تعجب کے چیز ہوگئی اور دونوں ہانسی اُٹھکر چلے باقی دن اور رات تک اور بھولگئی رفیق موسی کے کہ خبر دی اُنکو مچھلی کے حال سے پھر جب سیہم ہوئی موسی نے اپنے رفیق سے کہا ہمارا ناشتا لاؤ اس سفر میں ہمیں بہت تکلیف ہوئی کہا اُسنے کہ نہیں تکلیف موسی نگر جبکہ آگے بڑھگئی مکان مامور سے کہا رفیق نے دیکھئے آپ جب ٹھیرے تھے ہم پتھر پر تو میں بھولگیا مچھلی اور نہیں بھلائی مجھے مگر شیطان نے کہ میں اُسکا ذکر کروں اچنبی اور اُسنی اپنی راہ لی دریا میں عجیب طور سے موسی نے کہا اُسیکو ہم ڈھونڈتی تھے پھر چلے اپنی الٹی پاؤں کہا اوسنے ڈھونڈتی تھے اپنے قدموں کے نشانکو تاکہ اُسی جگہ لوٹکر پہونچیں سفیان نے کہا لوگ کہتی ہیں کہ اُسی پتھر کے پاس ہے نہر آب حیات کی جس مردہ کو پہونچتا ہی پانی اُسکا فوراً زندہ ہوجاتا ہے اور اُس مچھلی سے کچھہ کہا ہی چکے تھی پھر جب اُسپر پانی چھڑکا وہ زندہ ہوگئی غرض لوٹے پانوں چلے یہانتک کہ اُس پتھر تک پہونچے سو دیکھا ایک شخص کو کہ اپنا مونہہ چادر سے ڈھانپے ہوئے ہی موسی علیہ السلام نے اُنکو سلام کہا تو اُنہوں نے کہا تمہارے اس ملک میں سلام کہاں ہے تو کہا اُنہوں نے کہ میں موسی ہون کہا خضر نے کہ موسی بنی اسرائیل کے کہا ہان کہا ای ہوسے تمکو ایک علم ہے اللہ کے علموں میں سے کہ اللہ نے سکھایا ہے تمکو اور میں نہیں جانتا اُسکو اور مجھے ایک علم ہے اللہ کے علموں میں سے کہ مجھے سکھایا ہے اللہ تعالے نے کہ نہیں جانتے تم اُسکو سو موسی نے کہا کہ بھلا تمہارے ساتھ چلون میں کہ تم مجھے سکھاؤ اُسمیں سے کہ جو سکھائی ہے تمکو اللہ نے کام کے بات خضر نے کہا تم صبر نہ کرسکوگے اور کیونکر صبر کروگے تم ایسی بات پر جسکی تمکو خبر نہیں موسی نے کہا اللہ چاہیگا تو تم مجھے صابر پاؤگے اور میں تمہاری نافرمانی نکرونگا کسی بات میں خضر نے کہا اگر تم میرے ساتھ رہا چاہتے ہو تو مجھسے کوئی خبر نہ پوچھنا جبتک میں خود بیان نکرون موسے نے کہا اچھا پھر خضر اور موسی چلے دریا کے کنارے پر اور اُنکے پاس ایک کشتی گذری اور اُن دونوں نے کشتی والوں سے کہا کہ ہمیں چڑھا لو پھر پہچان لیا اُنہوں نے خضر کو اور چڑھا لیا اُنہوں نے اُن دونوں کو بغیر کرایہ کے سو خضر نے ایک تختہ اُس کشتی کا توڑ ڈالا پس

پس موسیٰ نے کہا ان لوگوں نے ہمکو بغیر کرایہ کے چڑھایا اور تمنے انکی کشتی توڑ ڈالی کہ اُسکے لوگ ڈوب جاوین یہہ تو بڑا کام کیا تمنے خضر نے کہا مین نے تمسے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر کر سکوگے موسیٰ نے کہا خیر تم مجھہ الزام نہ کہو جسکو مین بھول گیا اور میرے کام مین مشکل مت ڈالو پھر دونون کشتی سے نکلے اور کنارے دریا کی چلے جاتے تھے کہ ایک لڑکا اُنکو مین کھیل رہا تھا سو خضر نے اُسکا سر پکڑا اور اُکھاڑ لیا اپنے ہاتھہ سے اور وہ مر گیا موسیٰ نے کہا کہ تمنے ایک بیقصور جان مار ڈالی بغیر قصاص کے یہہ بہت بُرا کام کیا خضر نے کہا مین تو تم سے پہلے ہی کہہ چکا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر نہ کر سکوگے راوی نے کہا کہ یہ بات (یعنے بی قصور خون کرنا) پہلی بات سے بھی زیادہ تعجب کے تھے موسیٰ نے کہا اگر مین اب کچھہ پوچھون اسکے بعد تو تم مجھے اپنے ساتھ نہ رہنے دینا میرا عذر اب پورا ہو چکا (یعنے اب عذر نکروگے) پھر دونون چلے یہانتک کہ ایک گاؤن مین پہونچے اور وہانکے لوگون سے ضیافت طلب کی سو انہون نے انکی ضیافت سے انکار کیا اور کچھہ نہ کہلایا اور اُسمین ایک دیوار دیکھی کہ وہ گری پڑتی تھی۔ راوی کہتا ہے کہ وہ جھکی ہوئی تھے سو خضر نے ہاتھہ سے اشارہ کر دیا کہ وہ سیدھی ہو گئی موسیٰ نے کہا ایسے لوگ ہین کہ ہم انکے پاس اُترے اور انہون نے ہماری ضیافت تک نکی اور نہ کہا کہلایا اگر تم اس دیوار بنانے پر لینے مزدوری لیتے تو بہت مناسب ہوتا خضر نے کہا اب میرے تمہاری جُدائی ہے مین تمہین ان سب باتون کے حقیقت بتا دیتا ہون جسپر تم صبر نکر سکے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ رحمت کرے موسیٰ پر ہم چاہتے تھے کہ وہ ذرا اور صبر کرتے کہ اُنکی عجیب و غریب خبرین ہم سُنتے کہا راوی نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہلا سوال تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بھولکر کیا اور فرمایا آپنے کہ ایک چڑیا آئی کشتی کے کنارے پر اور اُسنے اپنی چونچہ ڈبوئی دریا مین سو خضر نے فرمایا میرے اور تمہارے علم نے اللہ کے علم مین سے کچھہ نہین گھٹایا مگر جتنا کہ اس چڑیا نے دریا سے گھٹایا ہے سعید بن جبیر نے کہا کہ ابن عباس اس آیت کو یون پڑھتے تھے وَكَانَ اَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا اور پڑھتے تھے وَاَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا وَّ

یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا ہے اسکو ابو اسحاق ہمدانی نے سعید بن جبیر سے اُنہون نے ابن عباس سے اُنہون نے ابی بن کعب سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کیا ہے یزید بن ابی عبید اللہ نے عبد اللہ بن رباح سے اُنہون نے اپنے ابی بن کعب سے اُنہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ابو مراحم سمرقندی نے کہا کہ مین نے حج کیا فقط اسی نیت سے کہ مین سفیان سے یہ حدیث سنون کہ وہ اسمین ایک چیز بیان کرتے تھے یہانتک کہ سُنا مین نے اُنکو کہتے تھے کہ روایت بیان کی ہمسے عمرو بن دینار نے اور مین نے سنا تھا سفیان سے پہلے اور ذکر نہین کیا اُنہون نے اسچیز کا مترجم اس قصہ مین بڑی فضیلت ہے علم کے اور معلوم ہوا کہ علم حاصل کرنے مین شرم نہ چاہیے اور اُسکے لئے سفر طے منازل ضرور ہے اور اطاعت ہشاد کہ موجب مزید علم ہے اور عصیان اُسکا موجب حرمان اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ اگر کوئی امر خلاف شرع سرزد ہو تو مولیٰ کیطرح ضرور اُسپر دریافت کرے اور سرکشانہ شروع اور اسی ہمروتی اور بے ادبی نخانے پر اور ادب اللہ کا ہے کہ اُسکا علم بیحد ہے اور معلومات بیحد **عن** اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْغُلَامُ الَّذِيْ قَتَلَهُ الْخَضِرُ طُبِعَ يَوْمَ طُبِعَ كَافِرًا **ترجمہ** ابی بن کعب سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس لڑکیکو خضر علیہ السلام نے مار ڈالا تھا وہ کافر پیدا ہوا تھا **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہی غریب ہے **عن** ابوہریرہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سُمِّيَ الْخَضِرُ لِاَنَّهُ جَلَسَ عَلٰى فَرْوَةٍ بَيْضَاءَ فَاهْتَزَّتْ تَحْتَهُ خَضْرَاءَ **ترجمہ** ابی ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خضر اسلئے اُنکا نام ہوا کہ وہ بیٹھے خشک مین سے پس وہ لہلہانے تھی ہری ہو گئی اور خضر ہری کو کہتے ہین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح سے غریب ہے **عن** اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّدِّ قَالَ يَحْفِرُوْنَهُ كُلَّ يَوْمٍ حَتّٰى اِذَا كَادُوْا يَخْرُقُوْنَهُ قَالَ الَّذِيْ عَلَيْهِمُ ارْجِعُوْا فَسَتَخْرُقُوْنَهُ غَدًا قَالَ فَيُعِيْدُهُ اللّٰهُ كَاَشَدِّ مَا كَانَ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ مُدَّتَهُمْ وَاَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّبْعَثَهُمْ عَلَى النَّاسِ قَالَ الَّذِيْ عَلَيْهِمُ ارْجِعُوْا فَسَتَخْرُقُوْنَهُ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ وَاسْتَثْنٰى قَالَ فَيَرْجِعُوْنَ فَيَجِدُوْنَهُ كَهَيْئَتِهِ حِيْنَ تَرَكُوْهُ فَيَخْرُقُوْنَهُ وَيَخْرُجُوْنَ عَلَى النَّاسِ فَيَسْتَقُوْنَ الْمَاءَ وَيَفِرُّ النَّاسُ مِنْهُمْ فَيَرْمُوْنَ بِسِهَامِهِمْ اِلَى السَّمَآءِ فَتَرْجِعُ مُخَضَّبَةً بِالدَّمِ فَيَقُوْلُوْنَ قَهَرْنَا مَنْ فِي الْاَرْضِ وَعَلَوْنَا مَنْ فِي السَّمَآءِ قُوَّةً وَعُلُوًّا فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ نَغَفًا فِيْ اَقْفَائِهِمْ فَيَهْلِكُوْنَ قَالَ فَوَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ اِنَّ دَوَابَّ الْاَرْضِ لَتَسْمَنُ وَتَبْطَرُ وَتَشْكَرُ شَكَرًا مِنْ لُحُوْمِهِمْ **ترجمہ** ابی ہریرہ سے دیوار سکندر کے باب مین مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاجوج ماجوج اُسے روز کھودتے ہین یہانتک کہ قریب بیٹھنے کے ہوجاتی ہے پھر کہتا ہے جو اُنپر کا ہے کہ پھر چلکر اُسکو گراوینگے فرمایا اپنے کہ اللہ تعالیٰ اُنہی پھر اول روز سے زیادہ مضبوط کر دیتا ہے یہانتک کہ جب اُنکا وقت آجائیگا

اور اللہ کا ارادہ ہوگا کہ انکو لوگون پر نکالی کہیگا حاکم اُنکا کہ پھر چلو کل اسی توڑ لینگے اگر چاہیگا اللہ تعالے اور انشاء اللہ کہیگا فرمایا آپنے پھر دوسرے روز لوٹ کر آوینگے اور اُسکو ویسا ہی ناقص پاوینگے جتنا اول توڑ گئے تھے پس سوراخ کر ڈالینگے اُسمین اور نکل پڑینگے لوگون پر اور سب پانی یا اُنکا پی ڈالینگے اور لوگ اُنسی بہا گیر پھر وہ آسمانکیطرف تیر پھینکینگے اور اُنپر کر گا تیر خونمین ڈوبا ہوا سو بولینگے کہ دبا لیا ہم نے زمین والونکو اور چڑھائی کی آسمان والی یعنے خداوند تعالی پر کہینگے یہ اپنی دلکی سختی اور غرور سی سو بھیجیگا اُنپر اللہ تعالے ایک کیڑا کہ پیدا ہوگا اُنکی گردنونمین اور وہ سب مر جاوینگے فرمایا آپنے قسم ہی اُس پروردگار کے کہ جان محمد کے اُسکے ہاتھ مین ہے کہ زمین کے جانور اُنکا گوشت کہا کہا کر موٹے ہو جائینگے اور مٹکتے پھرینگے اور شکر کرینگے بخوبی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اسطرح ہم نہین جانتے اُسکو مگر اسی سند سی **مترجم** یاجوج ماجوج دونون اعجمی ہین اور اعجم کے معنے ضد اور شر اُسکا بسبب کثرت اور شدت اُنکے کے ہوئے وہ اس نام سے اور وہ یافث بن نوح کے اولاد سی ہین ضحاک نے کہا کہ وہ ایک گروہ ہین ترک مین سے اور سدی نے کہا کہ ترک یاجوج وماجوج کا ایک گروہ ہے جب حضرت سکندر نے وہان سد طیار کی تو یہ گروہ باہر رہ گیا اور حذیفہ سی مرفوعاً مروی ہے کہ یاجوج ایک گروہ ہین اور ماجوج ایک گروہ ہین اور ہر گروہ چار لاکھ کا ہے نہین مرتا اُنمین سے کوئی جب تک نہ دیکھے اپنے ہزار لڑکے قابل ہتیار باندھنے کے اور وہ تین قسم ہین ایک قسم درخت صنوبر کے مانند ہین کہ طول اُنکا ایک سو بیس گز ہے اور ایک گروہ اُنمین سے ایسا ہے کہ عرض و طول اُنکا برابر ہے اکیسو بیس گز ہے قد اُنکا اور کوئی پہاڑ اور لوہا اُنکی برابری نہین کر سکتا اور تیسرا گروہ ایک کان بچھاتا ہے ایک اوڑھتا ہے نہین پاتا وہ ہاتھی کو یا کسی اور وحشی جانور یا سور اور کتے کو مگر کہا جاتا ہے اور جو اُنمین سے مرجاتا ہے اُسی بہی کہا جاتے ہین جب وہ نکلینگے سارے لشکر کا شام مین ہوگا اور ساقہ اُنکا خراسان مین پی جاوینگے وہ نہر بین مشرق کے اور بحیرہ طبریہ کہ ایک دریا ہے بہت بڑا غرض خروج اُنکا ایک بڑی نشانیون سے ہے قیامت کے **عن** اَبِی سَعِیْدِ بْنِ اَبِی فَضَالَۃَ الْاَنْصَارِیِّ وَکَانَ مِنَ الصَّحَابَۃِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا جَمَعَ اللّٰہُ النَّاسَ لِیَوْمٍ لَا رَیْبَ فِیْہِ یَوْمُ الْقِیٰمَۃِ لِیَوْمٍ لَا رَیْبَ فِیْہِ نَادٰی مُنَادٍ مَنْ کَانَ اَشْرَکَ فِیْ عَمَلٍ عَمِلَہٗ لِلّٰہِ اَحَدًا فَلْیَطْلُبْ ثَوَابَہٗ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰہِ فَاِنَّ اللّٰہَ اَغْنَی الشُّرَکَاءِ عَنِ الشِّرْکِ **ترجمہ** ابی سعید بن ابی فضالہ انصاری کہ صحابی ہین سنا اُنہون نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جبکہ اللہ تعالے جمع کریگا لوگون کو قیامت کے دن کہ جسمین شک نہین پکاریگا ایک پکارنیوالا کہ جسنے شریک کیا ہو اللہ کا کسی عمل مین کسیکو کہ کیا ہو اُسکو اللہ کے واسطے تو چاہیئے کہ مانگے وہ ثواب اُسکا اللہ کے سوا اسی شریک سے اسلئے کہ اللہ تعالی بڑا بیزار ہے بہ نسبت اور شریکون کے شرک سے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اُسکو مگر محمد بن بکر کے روایت سے **عن** اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِہٖ وَکَانَ تَحْتَہٗ کَنْزٌ لَّہُمَا قَالَ ذَھَبٌ وَّفِضَّۃٌ **ترجمہ** ابی الدرداء سی روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کے تفسیر مین فرمایا وکان تحتہ کنز لہما یعنے اُس دیوار کے نیچے جو حضرت خضر نے بنائی تھی خزانہ تھا اُن یتیمون کا فرمایا آپنے سونا اور چاندی **تحاف** روایت کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُنہون نے صفوان بن صالح سی اُنہون نے ولید بن مسلم سے اُنہون نے یزید بن یوسف صنعانی سے اُنہون نے یزید بن یزید جابر سی اُنہون نے مکحول سے اسی اسناد سی مانند اسکے **خاتمہ** سورہ کہف مین قصص ماضیہ سے مذکور ہے قصہ اصحاب کہف کا اور قصہ دو بھائیون کا کہ ایک صاحب باغ تھا اور قصہ آدم علیہ السلام کا اور قصہ موسی اور خضر علیہما السلام کا اور قصہ سکندر ذی القرنین کا اور اوامر کے حکم انشاء اللہ کہنی کا مستقبل کے ارادہ پر اور امر تلاوت قرآن کا اور امر صبر کرنا اُنکا ان خدا کے ساتھ رہنی کا اور نواہی سے نہی اطاعت سی غافلون کے اور احوال آخرت سی وعید نار کے ظالمون کے لئے اور بیان وسخ کی پردون کا اور وعدہ جنات عدن اور انہار وغیرہ کا مؤمنین صالحین کے لئے اور تیسیر کرنا پہاڑونکا اور سانے آماندہ کا اور خطاب عتاب اور تقسیم نامہ اعمال کی اور خوف عاصیونکا حشر مین اور مشرکونکو خطاب ہونا کہ اپنے معبودونکو پکارو اور جواب نہ ملنا اُنکا حشر مین اور آثار قیامت سے نفخ صور اور عرض جہنم وغیرہ اور وعید جہنم کے مشرکون کے لئے اور اُنکے لئے جو انبیا سی ٹھٹہا کرتے ہین اور وعدہ جنت کا صالحین کے لئے اور ضمایمز توحید سی رد اشراک فی العبادت کا اور رد اشراک فی الربوبیت کا اور اثبات توحید کا اور اسی طرح کے اور فوائد پسندیدہ مذکور ہین **سُوْرَۃُ مَرْیَمَ** بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ **عن** الْمُغِیْرَۃِ بْنِ شُعْبَۃَ قَالَ بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی نَجْرَانَ فَقَالُوْا اِلَی لَسْتُمْ تَقْرَءُوْنَ یَا اُخْتَ ھَارُوْنَ وَقَدْ کَانَ بَیْنَ مُوْسٰی وَعِیْسٰی مَا کَانَ فَلَمَّا اَدْرَمَا اَجَبْتُھُمْ وَجِئْتُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُہٗ فَقَالَ اَلَا اَخْبَرْتَھُمْ اَنَّھُمْ کَانُوْا یُسَمُّوْنَ بِاَنْبِیَائِھِمْ

والصالحین قبلھم ترجمہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ بھیجا مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نجران کے نصاری کیطرف (مناظرہ کو) تو انہوں نے مجھسے کہا کہ تم پڑھتے ہو یا اُختَ ھٰرُوْنَ یعنے اے بہن ہارون کے (اور اس آیت میں خطاب ہے مریم کو) اور موسی اور عیسے کی درمیان بہت کچھ مدت تھی مغیرہ نے کہا کہ میں نے انکا جواب نجانا اور لوٹا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف اور انکو خبر دی آپنے فرمایا کہ تو نے کیوں خبر نہ دی انکو کہ عادت تھی اگلے لوگونکی کہ پیغمبرون کے نام رکھا کرتے تھے اور جو صالحین اُنمیں بیشتر ہوتے (یعنے یہ ہارون مریم کے بھائی اور میں اور موسی کی بھائی اور ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر ابن ادریس کے روایت سے عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانذرھم یوم الحسرۃ قال یوتی بالموت کانہ کبش املح حتی یوقف علی السور بین الجنۃ والنار فیقال یا اھل الجنۃ فیشرئبون ویقال یا اھل النار فیشرئبون ویقال ھل تعرفون ھذا فیقولون نعم ھذا الموت فیضجع فیذبح فلولا ان اللہ قضی لاھل الجنۃ الحیاۃ والبقاء لماتوا فرحا ولو لا ان اللہ قضی لاھل النار الحیاۃ فیھا والبقاء لماتوا ترجمہ ابی سعید خدری نے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی وانذرھم یوم الحسرۃ یعنے ڈرا دی تو انکو اے نبی حسرت کے دن سے فرمایا آپنے کہ موت کو لاوینگے ایک چتکبرے مینڈھے کے صورتمین اور کھڑی ہوگی وہ دوزخ اور جنت کے بیچ کے دیوار پر اور کہا جاویگا اے جنت والون سو وہ سر اُٹھا کر دیکھنے لگینگے اور کہا جاویگا اے دوزخیون اور وہ بھی سر اُٹھا کر دیکھنے لگینگے پھر کہا جاویگا اُن سب سے کہ تم اسے پہچانتے ہو وہ کہینگے کہ ہان یہ موت ہے پھر اُسی لٹا ینگے اور ذبح کر دینگی سو اگر اللہ تعالے حکم نکر چکا ہوتا جنت والونکے لئی زندگی اور ہمیشہ رہنے کا تو وہ خوشی کے مارے مرجاتے اور اگر حکم نکر چکا ہوتا دوزخیون کے لئے اُنمین زندہ اور ہمیشہ رہنی کا تو وہ غم کے مارے مرجاتے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عن انس بن مالک ان نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لما عرج بی رایت ادریس فی السماء الرابعۃ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب میں آسمان پر گیا معراج میں دیکھا میں نے ادریس علیہ السلام کو چوتھے آسمان پر ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے ادریس باب ابو اسحاق سے ہے روایت ہے کہ وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں اور روایت کی سعید بن ابی عروبہ اور ہمام اور کئی لوگونے قتادہ سے انہون نے انس بن مالک سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے حدیث معراج کی طول کے ساتھ اور سرے نزدیک وہ اس سے مختصر ہے عن ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحب نزول ما یمنعک ان تزورنا اکثر مما تزورنا فانزلت ھذہ الآیۃ وما نتنزل الا بامر ربک لہ ما بین ایدینا وما خلفنا الی آخر الآیۃ ترجمہ ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دوست تھا کہ جبریل آیا کرے ہمارے پاس اُس سے زیادہ جتنا آتے ہیں اب تو کہا آپنے کہ کیا ہے جو نہیں آت

فُلَانًا فَاَحِبَّهٗ قَالَ فَيُنَادِيْ فِي السَّمَآءِ ثُمَّ تَنْزِلُ لَهٗ مَحَبَّةٌ فِيْ اَهْلِ الْاَرْضِ هٰذَا لَفْظُ قُتَيْبَةَ وَقَالَ اللّٰهِ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا وَاِذَا اَبْغَضَ اللّٰهُ عَبْدًا نَادٰى جِبْرِيْلَ اِنِّيْ قَدْ اَبْغَضْتُ فُلَانًا فَيُنَادِيْ فِي السَّمَآءِ ثُمَّ تَنْزِلُ لَهُ الْبَغْضَآءُ فِي الْاَرْضِ ترجمہ ابی ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ دوست رکھتا ہے کسی بندے کو جبرئیل سے فرماتا ہے کہ میں نے فلانے کو دوست کیا ہے سو تم بھی اسی دوست رکھو پھر جبرئیل پکار دیتے ہیں آسمان میں پھر اتاری جاتی ہے اسکی محبت زمین والوں میں یہی مطلب ہے اس آیت کا ان الذین آمنوا یعنے جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے رحمن انکی محبت ڈالدیگا آخر آیت تک اور جب دشمن رکھتا ہے اللہ تعالے کسی بندے کو فرماتا ہے جبرئیل سے میں نے فلانی کو دشمن رکھا ہے تم بھی اسی دشمن رکھو پھر جبرئیل پکار دیتے ہیں آسمان میں اور اتاری جاتی ہے عداوت اسکی زمین والوں کے بیچ میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور روایت کی عبدالرحمن بن عبداللہ بن دینار نے اپنے باپ سے انہوں نے ابی صالح سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکی مانند **عن** خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ يَقُوْلُ جِئْتُ الْعَاصَ بْنَ وَائِلٍ السَّهْمِيَّ اَتَقَاضَاهُ حَقًّا لِيْ عِنْدَهٗ فَقَالَ لَا اُعْطِيْكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ فَقُلْتُ لَا حَتّٰى تَمُوْتَ ثُمَّ تُبْعَثَ قَالَ وَاِنِّيْ لَمَيِّتٌ ثُمَّ مَبْعُوْثٌ فَسَتَعْلَمُ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ اِنَّ لِيْ هُنَالِكَ مَالًا وَّوَلَدًا فَاَقْضِيْكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ ترجمہ خباب بن ارت کہتی ہیں کہ آیا میں عاص بن وائل کے پاس اپنا حق لینے کو (وہ کافر تھا) سو اسنے کہا میں تجھی ہرگز نہ دونگا جبتک کہ تو منکر نہ ہوگا محمد کا میں نے کہا میں انکا کبھی منکر نہ ہونگا یہانتک کہ تو مر کر اٹھے اسنی کہا میں مر کر پھر اٹھونگا میں نے کہا ہاں اسنی کہا وہاں میرا مال ہوگا اور اولاد سو میں وہاں تیرا حق ادا کردونگا اسپر یہ آیت اتری افرایت سے آخر تک یعنی بھلا دیکھ تو اسکو جو منکر ہوا ہمارے آیتوں کا اور کہا اسنی کہ ملیگا مجھکو مال اور اولاد **ف** روایت کی ہمسے بنداد نے انہوں نے ابومعاویہ سے انہوں نے اعمش سے مانند اسکے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **خاتمہ** سورۂ مریم میں مذکور ہے قصص ماضیہ سے قصہ زکریا علیہ السلام کا اور پیدا ہونا حضرت یحیی علیہ السلام کا اور قصہ مریم علیہ السلام کا اور پیدا ہونا عیسے علیہ السلام کا اور قصہ ابراہیم علیہ السلام کا اور مناظرہ انکا باپ کے ساتھ اور تذکیر موسی اور اسمعیل اور ادریس علیہ السلام کے حال کے اجمالًا اور سو اسکے اور بہت سی فوائد متفرقہ مذکور ہیں **ومن سورۃ طٰہٰ** بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ **عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْبَرَ اَشْرَفْنَا مِنْهَا فَذُكِرَ لَهٗ قُرَّةُ بْنُ نَاجِيَةَ فَبَعَثَ اِلَيْهِ اَنَّا نَاخِذُكَ فَعَرَّسَ ثُمَّ قَالَ يَا بِلَالُ اِكْلَاْ لَنَا اللَّيْلَةَ قَالَ فَصَلّٰى بِلَالٌ مَا قُضِيَ ثُمَّ اَسْنَدَ اِلٰى رَاحِلَتِهٖ مُسْتَقْبَلَ الْفَجْرِ فَغَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ فَنَامَ فَلَمْ يَسْتَيْقِظْ اَحَدٌ مِنْهُمْ وَلَا بِلَالٌ وَلَا كَانَ اَوَّلَهُمْ اِسْتِيْقَاظًا فَاَلِفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيْ بِلَالُ فَقَالَ بِلَالٌ بِاَبِيْ اَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخَذَ بِنَفْسِيَ الَّذِيْ اَخَذَ بِنَفْسِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْتَادُوْا فَاقْتَادُوْا شَيْئًا ثُمَّ اَنَاخَ فَتَوَضَّاَ فَاَقَامَ الصَّلٰوةَ فَصَلّٰى بِهِمْ فِي الْوَقْتِ فَلَمَّا قَضَى الصَّلٰوةَ قَالَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ترجمہ ابوہریرہ نے کہا جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خیبر سے لوٹی راہ کو چلے جاتی تھی کہ پہونچی انکو میندا اور اپنے اونٹ بٹھائی اور سو رہی اور فرمایا اے بلال تم ہماری لئی ہو شیار رہو رات کو کہا راوی نے کہ پھر نماز پڑھی بلال نے پتر کیلے لگا اپنی کجاوی کا اور منہ کیا مشرق کیطرف پھر آنکھ جھپک گئی اور سو گئی اور کوئی نجاگا انمیں سی اور پہلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جاگے اور کہا اے بلال (یہ کیا کیا) سو بلال نے عرض کی کہ میرا باپ فدا ہو آپ پر اے رسول اللہ لے گیا میرے روح کو اسی نے پکڑ رکھا تھا جسنی آپکی روح کو پکڑ رکھا تھا سو آپ نے فرمایا چلو اونٹوں کو لے چلو پھر آپ نے آگی جا کر اونٹ بٹھائی اور وضو کیا اور تکبیر کہی اور نماز پڑھی جیسے وقت میں نماز پڑھا کرتے تھی ٹھیر ٹھیر کر پھر فرمایا آپنی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی کہ قایم کر نماز کو میری یاد کی لئے (یعنے جو بھولجائی نماز کو جب یاد آوی پڑھ لی) **ف** یہ حدیث غیر محفوظ ہی روایت کیا اسکو کئی حافظان حدیث نے زہری سے انہوں نے سعید بن مسیب سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور منہیں ذکر کیا اس سند میں ابی ہریرہ کا اور صالح بن ابی الاخضر ضعیف ہیں حدیث میں ضعیف کہا انکو یحیی بن سعید قطان نے اور اور لوگوں نے انکے حافظہ کے طرف سے **خاتمہ** سورۂ طٰہٰ میں قصص ماضیہ سے قصہ موسی علیہ السلام کا ہے بالتفصیل اور قصہ آدم علیہ السلام کا اور صفات آپکے استوا اللہ تعالے کا عرش پر اور مالکیت اسکی آسمان و زمین پر اور علم اسکا اور توحید الوہیت اور خوبی اسکی اور صفات قرآن سی نازل ہونا اسکا رفع مشقت کے لئے اور نصیحت کے واسطے اور عربی ہونا اسکا اور نہی جلد پڑنے سی اسکے اور ضال اور شقی ہونا کسی اسکے تابعوں کا اور وعید تنگی رزق کے اسکی لئی جو قرآن سے منہ موڑی اور اندھا ہونا اسکا قیامت میں اور مذمت اسپر ایمان نہ لانیکی اور آثار قیامت سے مذکور ہے نفخ اور حشر کہنگا رونا اور گفتگو انکی دنیا کی زندگے کی مقدار میں اور پہاڑوں کا اڑنا اور زمین کا برابر ہونا اور اتباع داعی کا یعنے عزرائیل کا اور آواز دینا کا بیٹھ جانا رحمن کے خوف

سے اور نہوا شفاعت کا بغیر اذن خدا کے اور قبیل ہوا مو نہو نکا اُسکے آگی اور محروی ظالم کے اور جزا سالے کی اور سطیرہ کی اور فوائد پسندیدہ مذکور ہین **وَمِنْ**

**سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ** بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ **عَنْ** عَائِشَةَ اَنَّ رَجُلًا قَعَدَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِيْ مَمْلُوْكِيْنَ يَكْذِبُوْنَنِيْ وَيَخُوْنُوْنَنِيْ وَيَعْصُوْنَنِيْ وَاَشْتِمُهُمْ وَاَضْرِبُهُمْ فَكَيْفَ اَنَا مِنْهُمْ قَالَ يُحْسَبُ مَا خَانُوْكَ وَعَصَوْكَ وَكَذَبُوْكَ وَعِقَابُكَ اِيَّاهُمْ فَاِنْ كَانَ عِقَابُكَ اِيَّاهُمْ بِقَدْرِ ذُنُوْبِهِمْ كَانَ كَفَافًا لَا لَكَ وَلَا عَلَيْكَ وَاِنْ كَانَ عِقَابُكَ اِيَّاهُمْ دُوْنَ ذُنُوْبِهِمْ كَانَ فَضْلًا لَكَ وَاِنْ كَانَ عِقَابُكَ اِيَّاهُمْ فَوْقَ ذُنُوْبِهِمْ اُقِصَّ لَهُمْ مِنْكَ الْفَضْلُ قَالَ فَتَنَحَّى الرَّجُلُ فَجَعَلَ يَبْكِيْ وَيَهْتِفُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا تَقْرَءُ كِتَابَ اللّٰهِ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا اِلَى الْاٰيَةِ فَقَالَ الرَّجُلُ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَجِدُ لِيْ وَلَهٰؤُلَآءِ شَيْئًا خَيْرًا مِنْ مُفَارَقَتِهِمْ اُشْهِدُكَ اَنَّهُمْ اَحْرَارٌ كُلُّهُمْ **ترجمہ** عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ ایک شخص حضرت کے پاس بیٹھا اور اُسنے عرض کی اے رسول اللہ کے میرے غلام مین کہ مجھے جھوٹ بولتی ہین اور میرے مال مین خیانت کرتے ہین اور میرا کہنا نہین مانتے اور مین اُنہین گالیان دیتا ہون اور مارتا ہون سو میرا اُنکا کیا حال ہوگا فرمایا آپنے شمار کی جاوینگی خیانت اور نافرمانی اور جھوٹ اُنکا اور سزا دینا تیرا اُنکے لیے سو اگر سزا تیری اُنکے موافق اُنکے تقصیر کے ہوئی تو تو اور وہ برابر ہو گئے نہ تیرا حق اُنپر رہا اور نہ اُنکا تجھپر اور اگر سزا تیری اُنکے قصور سی کم پہونچی تو تیرا حق اُنپر باقی رہا اور اگر سزا تیری اُنکی تقصیر سے زیادہ ہوئی تو تجھسے بدلا لیا جائیگا زیادتی کا کہا اوسنے پھر جدا ہوا وہ شخص روتا اور چلاتا اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا نہین پڑھتے تو کتاب اللہ کے کہ فرماتا ہے اُسمین وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا یعنے رکھینگے ہم ترازو انصاف کے قیامت کے دن سو ظلم نہوگا کسی شخص پر سو اُس شخص نے کہا کہ قسم ہے اللہ کے اے رسول اللہ کے مین نہین پاتا کوئی امر اپنے اور اُنکے لئی بہتر اِس سے کہ جدا ہون وہ مجھ سی سو مین آپکو گواہ کرتا ہون کہ وہ سب آزاد ہین **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر عبد الرحمن بن غزوان کی روایت سے **عَنْ** اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَيْلٌ وَادٍ فِيْ جَهَنَّمَ يَهْوِيْ فِيْهِ الْكَافِرُ اَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا قَبْلَ اَنْ يَبْلُغَ قَعْرَهُ **ترجمہ** ابی سعید سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ویل ایک نالہ ہے جہنم مین کہ گرتا چلا جاتا ہے کافر اُسمین چالیس برس تک اور نہین پہونچتا اُسکے گہراؤ مین **ف** یہ حدیث غریب ہے ہم اسی مرفوع نہین جانتے مگر اِس اسنادسے **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكْذِبْ اِبْرَاهِيْمُ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا فِيْ ثَلَاثٍ قَوْلِهٖ اِنِّيْ سَقِيْمٌ وَلَمْ يَكُنْ سَقِيْمًا وَقَوْلِهٖ لِسَارَةَ اُخْتِيْ وَقَوْلِهٖ بَلْ فَعَلَهٗ كَبِيْرُهُمْ **ترجمہ** ابی ہریرہ سے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابراہیم علیہ السلام کبھی جھوٹ نہین بولے کسی مقام مین مگر تین جگہ ایک تو کہا اُن کافرون سے جو اُنکو اپنی عید گاہ مین لیجانا چاہتے تھے (کہ مین بیمار ہون اور بیمار نہی دوسرے کہا اُنہون نے سارہ کو (کہ بیوی آپکے تھین) کہ یہ میری بہن ہین تیسرے کہا بت شکنون سے جنہون نے کہا تھا کہ ہمارے بتون کی (تو) بڑی بت تنی توڑی) بلکہ توڑی ہین اُنکے بڑی بت نے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **ترجم** طیبی نے کہا کہ اصل مین یہ سب معاریض ہین اگرچہ صورت اُنکی کذب ہے اسلئی حضرت نے اُسکو کذب فرمایا کہ شان انبیا کی یہ بھی بعید ہے اور ہر ایکا مرکے تاویل صحیح ہو سکتے ہے مثلاً آپنے کہا کہ مین سقیم ہون یعنے سقیم القلب رنجیدہ ہون تمہاری گمراہی کیسبکر اور سارہ کو جو اپنی بہن فرمایا وہ مومنہ تھین اور آپ مومن اور مومنین متواتی بھائی بہن ہین اور بت شکنی کے نسبت جو بڑی بت کیطرف کے اُسمین یہ کہا کہ اسی نے توڑا ہوگا اگر یہ بولتے ہون تو یہ جملہ شرطیہ ہے اِس سے معلوم ہوا کہ اگر نہین بولتے تو اور نے توڑا ہوگا مگر وہ موقوف اِس تعریض کو نہ سمجھے **عَنْ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَوْعِظَةِ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ اِلَى اللّٰهِ عُرَاةً غُرْلًا كَمَا بَدَاْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهٗ اِلَى اٰخِرِ الْاٰيَةِ قَالَ اَوَّلُ مَنْ يُكْسٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِبْرَاهِيْمُ وَاِنَّهٗ سَيُؤْتٰى بِرِجَالٍ مِنْ اُمَّتِيْ فَيُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ رَبِّ اُصَيْحَابِيْ فَيُقَالُ اِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَكَ فَاَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَا دُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ اِلَى الْاٰيَةِ فَيُقَالُ هٰؤُلَآءِ لَمْ يَزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ **ترجمہ** ابن عباس نے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم وعظ کو کہڑے ہوئی اور فرمایا کہ اے لوگو تم حشر مین اوگے اللہ تعالی کے سامنے ننگے بغیر ختنہ کے پھر پڑھے آپنے یہ آیت کَمَا بَدَاْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهٗ یعنے فرمایا اللہ تعالی نے کہ جیسے پیدا کیا ہے ہمنے آدمیکو پھر دوبارہ ویسا ہی پیدا کرینگے آخر آیت تک فرمایا آپنے پہلے جسکو کپڑے پہنائی جاوینگے قیامت کے دن ابراہیم علیہ السلام ہونگے اور کچھ اور لوگون کو لائینگے میرے اصحاب سے اور اُنکو

کے بائیں طرف لیجائینگے (جدھر دوزخ ہے) مین کہونگا ای رب یہ تو میرے اصحاب ہین سو مجھے فرشتے کہینگے تم نہین جانتے کہ کیا کیا نئی باتین نکالین انہون نے (دین مین) تمہارے بعد سو مین کہونگا جیسے اُس نیک بندے نے کہا (یعنے عیسے علیہ السلام نے) وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا سے آخر آیت تک یعنے مین واقف تہا اُنکے حال سے جب تک اُنمین تہا پھر جب تو نے مجھے اُٹہا لیا تو نگہبان تہا اُنکے حال پر اور تو ہر چیز سے واقف ہے اگر عذاب کرے تو اُنکو وہ تیرے بندے ہین اور اگر بخشے تو اُنکو تو تو زبردست ہے حکمت والا سو کہا جائیگا مجھے کہ یہ لوگ پھر گئے اپنی حالت اولی پر جب سے تو نی اُنکو چھوڑا تہا انہون نے دین مین بدعتین نکالین اور رسوم جاہلیت کے پابند ہوگئے ف روایت کی ہمسے محمد بن بشار نے اُنہون نے محمد بن جعفر سے اُنہون نے شعبہ سے اُنہون نے مغیرہ بن نعمان سے انہون نے سعید بن جبیر سے اور روایت کی سفیان ثوری نے مغیرہ بن نعمان سے انہون نے سعید بن جبیر سے اور روایت کی ہمسے محمد بن بشار نے اُنہون نے محمد بن جعفر سے اُنہون نے شعبہ سے اُنہون نے مغیرہ بن نعمان سے انہون نے سعید بن جبیر سے انہون نے ابن عباس سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی سفیان ثوری نے مغیرہ بن نعمان سے مانند اسکے **مترجم** اس حدیث مین بڑی تنبیہ ہے اُن لوگون کو جو اپنے رسوم آبائی کے پابند ہین یا دین مین جو نئی باتین نکالین ہین جیسے مولود کی مجلسین تعزیت کی مجلسین مُردون کی عُرس قبور کے جیلے فاتحہ کے جھیلے شادیون کے دھوم دھمی کے رسوم اس حدیث سے ظاہر ہے کہ وہ لوگ جو حضرت کی صحبت سے فیضیاب ہوئے اور حضرت کو بچشم خود دیکھا جب بسبب احداث فی الدین کے دوزخ مین گئے تو اور کسکی کیا حقیقت ہے معاذ اللہ من ذلک **خاتمہ** سورہ انبیاء مین قصص انبیاء سے مذکور ہے قصہ ابراہیم علیہ السلام کا اور مناظرہ اُنکا بابی اور اپنی قوم سے اور گلدار ہونا آگ کا اُنپر اور تذکیر لوط اور نوح کی احوال کے اور قصہ داؤد علیہ السلام کے فیصلہ کا بکریون کے باب مین اور ترمیم کرنا سلیمان علیہ السلام کا اُس فیصلہ کو اور تذکیر ایوب اور اسمٰعیل اور ادریس اور ذوالکفل اور ذوالنون اور زکریا کے حال کے اور اوصاف مشترکہ انبیاء ممدوحین کے جیسے نیکیون مین دوڑنا اور خوف امید سے پکارنا اور اُس سے ڈرنا اور تذکیر احصان مریم کے اور پھونکدینا روح کا اُنکی طرف اور علامات قیامت سے قریب ہونا بندونکے حساب کا اور اثبات حشر کا اور نفی ولد کے پروردگار سے اور رکہنا تراز ونکا اور تولنا بندون کے عملونکا اور وعدہ یاجوج و ماجوج کے خروج کا اور حسرت کافرون کی اپنے حالون پر اور ترنا معبودان باطل کا جہنم مین اور دور رہنا نیکونکا جہنم سے اور خوش رہنا اُنکا اور نہ گہبرانا لحظہ صور سے اور ملاقات ملائکہ کے اور بشارت دینا اُنکا اور لپیٹنا اُنکا آسمانونکو خط کیطرح اور وعدہ نیک بندونکے وارث کرنے کا زمین مین اور اظہار ہونا قیامت کے وقت کا نبی کو اور بہت سے فوائد متفرقہ مذکور ہین چنانچہ مشورہ کرنا کفار مکہ کا رسول کے ایذا دہی کے باب مین اور تذکیر ارسال حال کے قبل اُس نبی کی اور تمثیل انزال کتاب پر اور وقائع حق اور باطل کے اور رد شرک فی الالوہیت کا اور طلب دلیل منکر کونسی و اجماع تمام پیغمبرونکا توحید الوہیت پر اور نفی ولد خداوند تعالی سے اور سبقت کرنا بندگان مقبولین کا خداوند تعالے کے آگی کلام مین اور ترقی فتق آسمانونکا اور پہاڑون اور راہونکا ہونا زمین مین اور پیدا کرنا لیل و نہار و شمس و قمر کا اور ٹہہرا رکہنا کافرونکا بے کے ساتھ اور اجماع سب متونکا جو آسمانی دین کہتے ہین توحید پر اور اختلاف نالائقونکا اس امر اجماعی مین اور مشکور ہونا صالحون کی سعی کا اور دور رہنے محسنین کے جہنم سے اور نہ سُننا اُسکے آواز کا اور رحمۃ للعالمین ہونا ہمارے نبی کا

## وَمِنْ سُوْرَةِ الْحَجِّ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**عمران بن حصین** ابن حصین ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لما نزلت یا ایہا الناس اتقوا ربکم ان زلزلۃ الساعۃ شیء عظیم الی قولہ ولکن عذاب اللہ شدید قال انزلت علیہ ہذہ الآیۃ وہو فی سفر قال اتدرون ای یوم ذلک قالوا اللہ ورسولہ اعلم قال ذلک یوم یقول اللہ لآدم ابعث بعث النار قال یا رب وما بعث النار قال من کل الف تسعمائۃ وتسعۃ وتسعون فی النار وواحد الی الجنۃ فانشاء المسلمون یبکون فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قاربوا وسددوا فانہ لم یکن نبوۃ قط الا کان بین یدیہا جاہلیۃ قال فیؤخذ العدد من الجاہلیۃ فان تمت والا کملت من المنافقین وما مثلکم والامم الا کمثل الرقمۃ فی ذراع الدابۃ او کالشامۃ فی جنب البعیر ثم قال انی لارجو ان تکونوا ربع اہل الجنۃ فکبرنا ثم قال انی لارجو ان تکونوا ثلث اہل الجنۃ فکبرنا ثم قال انی لارجو ان تکونوا نصف اہل الجنۃ فکبرنا وقال ولا ادری قال الثلثین ام لا **ترجمہ** عمران بن حصین سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اُترہی یہ آیت اے آدمیون ڈرو تم تحقیق کہ زلزلہ قیامت کا بڑی شے ہے ولکن عذاب اللہ شدید تک اور آپ سفر مین تہے فرمایا آپنے تم جانتے ہو کہ وہ کون دن ہے صحابیون نے عرض کی کہ اللہ اور رسول اُسکا خوب جانتا ہے آپنے فرمایا وہ دن ہے کہ فرماویگا اللہ تعالے آدم علیہ السلام سے کہ اٹہا تو لشکر دوزخ کا اور وہ عرض کرینگے کہ ای پروردگار میرے کیا ہے لشکر دوزخ کا فرماویگا اللہ تعالے نو سے تانوے شخص دوزخ مین ہین اور ایک جنت مین سو مسلمان سب یہ سنکر رونے لگے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ڈہونڈتے رہو نزدیکی اللہ تعالے کی اور بیچ کی چال چلو سنے کہ کبھی موت نہین ہوئی مگر قبل اسکے زمانہ تہا وہ

جاہلیت کا یعنے کفر کا) فرمایا آپنے کہ پوری کیجاوگی گنتی (دوزخیونکی) جاہلیت کے لوگون سے پہر اگر پوری ہوگئی گنتی تو خیر نہین تو تمام کیجاوگی منافقون سے اور تمہارے مثال اگلے امتونکی آگے ایسی ہے جیسے سفید دھبا بیل کے بازو مین یا ایک تل اونٹ کی پسلی مین پہر فرمایا اپنی امید کہتا ہون کہ تم چوتھائی ہو جنت والون کے سو سب یہ سنکر نے اللہ اکبر کہا (شکر کے راہ سے) پہر فرمایا آپنے مین امید کرتا ہون کہ ہو تم تہائی جنت والون کے پہر سب نے اللہ اکبر کہا پہر فرمایا آپنے مین امید رکھتا ہون کہ ہو تم نصف جنت والون کے پہر سب نے اللہ اکبر کہا راوی نے کہا مین نہین جانتا کہ حضرت نے دو تہائی ہی فرمایا یا نہین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی کئی سندون سے حسن سے انہون نے روایت کیے عمران بن حصین سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **عن** عمران بن حصین قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فکاوت بین اصحابہ فی السیر فرفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صوتہ بہاتین الآیتین یا ایہا الناس اتقوا ربکم ان زلزلۃ الساعۃ شیء عظیم الی قولہ ولکن عذاب اللہ شدید فلما سمع ذلک اصحابہ خوفہم علی وعرفوہم انہ عند قولہ یقول فقال ھل تدرون ای یوم ذلک قالوا اللہ ورسولہ اعلم قال ذلک یوم یناد ی اللہ فیہ آدم فینادی ربہ فیقول یا آدم ابعث بعث النار فیقول انی ربی وما بعث النار فیقول من کل الف تسعمائۃ وتسعۃ وتسعون الی النار واحد الی الجنۃ فبکی المسلمون عند ذلک فلما رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذی بہم قال اعملوا وابشروا فوالذی نفس محمد بیدہ انکم لمع خلیقتین ما کانتا مع شیء الا کثرتاہ یاجوج وماجوج ومن مات من بنی آدم وبنی ابلیس قال فرایی عن القوم بعض الذی یجدون قال اعملوا وابشروا فوالذی نفس محمد بیدہ ما انتم فی الناس الا کالشامۃ فی جنب البعیر او کالرقمۃ فی ذراع الدابۃ ترجمہ عمران بن حصین سے روایت ہے انہون نے کہا کہ مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تہا سفر مین سو لوگ پیچھے ہوگئے اصحاب آپکی چلنے مین سو آواز بلند کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ان دو آیتون کے ساتھ یا ایہا الناس سے عذاب اللہ شدید تک پہر جب حضرت کے یاروں نے سنا اپنی سواریون کو دوڑایا اور جان لیا کہ حضرت کچھہ فرمانے والے ہین پہر فرمایا آپنے جانتے ہو تم کہ یہ کون دن ہے انہون نے کہا اللہ اور رسول اسکا خوب جانتا ہے آپنے فرمایا یہ وہ وقت ہے کہ پکاریگا اللہ تعالے آدم علیہ السلام کو اور وہ جواب دیگا اپنے رب کو پہر فرماویگا اللہ ای آدم جہانٹ تو لشکر دوزخ کا وہ عرض کریگا ای رب میرے کتنا ہے لشکر دوزخ کا فرماویگا اللہ تعالے ہر ہزار مین سے نو سو ننانوی دوزخ والی ہین اور ایک جنت والا اسوقت کے لوگ مایوس ہوگئے (جنت مین جانی سے) یہانتک کہ یقین ہوا کہ یہ ایک بھی نہ نکلے پہر جب یہ کیفیت حضرت نے گہبراہٹ اپنی اصحاب کے فرمایا آپنی عمل کرو اور بشارت دو سو قسم ہی اس پروردگار کے کہ جان محمد کے اسکے ہاتھ مین ہے کہ تمہارے ساتھ دو مخلوقین ایسی ہونگی کہ وہ جسکے ساتھ ہون وہ بیشک بڑہ جاوین اور یاجوج وماجوج دوسرے جو مر گیا بنی آدم سے یا اولاد سے ابلیس کے (یعنے کفر پر) کہا راوی نے دور ہوگیا کچھہ تہوڑا سا رنج اون لوگونکا فرمایا آپنے عمل کرو اور خوشخبری دو ایک دوسرے کو) سو قسم ہے اس پروردگار کے کہ محمد کی جان اسکے ہاتھ مین ہے نہین ہو تم اور لوگون کے بہ نسبت مگر جیسے ایک دہبا ہوا بیل کے بازو مین یا ایک داغ ہو جانور کے پیر مین (یعنے تم بہت تہوڑے ہو کفار کے بہ نسبت) **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** عبداللہ بن الزبیر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما سمی البیت العتیق لانہ لم یظہر علیہ جبار ترجمہ عبداللہ بن زبیر نے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیت اللہ کا نام بیت العتیق اسلئے ہوا کہ غالب نہین ہوا آجتک اسپر کوئی ظالم (عتیق کے معنے آزاد) **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور مروی ہوئی ہے انہون نے روایت کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کیے ہمسے قتیبہ نے انہون نے لیث سے انہون نے عقیل سے انہون نے زہری سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی **عن** ابن عباس قال لما اخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم من مکۃ قال ابو بکر اخرجوا نبیہم لیہلکن فانزل اللہ تعالی اذن للذین یقاتلون بانہم ظلموا وان اللہ علی نصرہم لقدیر الآیۃ فقال ابو بکر لقد علمت انہ سیکون قتال ترجمہ ابن عباس نے کہا جبکہ نکالی گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکی سے ابو بکر نے کہا انہون نے اپنی نبی کو نکالدیا بیشک یہ ہلاک ہونگے پہر اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری اذن دی آخر آیت تک یعنے اجازت ہوئی ان لوگون کو کہ جنسے کفار لڑتے ہین لڑنیکے اس سبب سے کہ انپر ظلم ہوا اور اللہ تعالے ان کی مدد پر قادر ہے سو ابو بکر نے کہا جانا مین نے کہ اب لڑائی ہوگی (یعنے کافرون مومنون مین) **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیے کئی لوگون نے سفیان سے انہون نے اعمش سے انہون نے مسلم بطین سے انہون نے سعید بن جبیر سے مرسلاً اور اسمین ابن عباس سے روایت نہین

**خاتمہ** سورۂ حج میں باوامر سے مذکور ہے امر تقوی کا اور امر تطہیر بیت اللہ کا طائفین و قائمین و غیرہ کے لئے اور امر حج کے لئے پکار دینی کا اور امر خود کہانے اور کھلانی کا فقیر کے قربانی سے اور میل کچیل اُتارنی کا اور نذروں کے پورا کرنیکا اور طواف کا اور اوامر اوثان اور قول زور سے بچنے کا اور نہی شرک سے اور نہی کافروں سے نزاع کرنیکی اور دوسرے متعلقات حج اور قربانی کے اور مذمت ہی مذکور ہے مذمت مجادلہ بے دلیل کے اور مذمت عابدان خام طمع کے کہ ادنی مصیبت میں دین سے پھر جائیں اور مذمت ان کافروں کے کہ مسجد الحرام سے باز رکھتے ہیں اور فضائل سے مذکور ہے فضیلت تعظیم حرمات اللہ کے اور فضیلت مہاجروں اور شہیدوں کی اور عقاید سے مذکور ہے زلزلہ قیامت کا اور ہول اُنکا اور اثبات بعث کا اور ادلہ خلق انسان سے اور نباتات سے زمین خشک کے اور رد اشراک فی الدعا کا اور نفع مذبوحان باطل کا اور وعدہ جنات وانہار کا صالحین کے لئے اور وعید آگ کے کیڑوں کی اور جہنم کی اور لوہے کی موگریوں کی اور عذاب حریق کے کافروں کے لئے اور وعدہ جنات وانہار کا اور سونے کے کنگنوں کا اور موتی اور لباس حریر اور جنات نعیم کا مؤمنوں کے لئے اور وعید عذاب مہین کی کافرین و مکذبین کی لئے اور وعدہ رزق حسن اور دخول جنت کا مہاجروں اور شہیدوں کے لئے اور وعدہ فیصلہ کا بندوں کے بیچ میں قیامت کے دن اور بہت سے عمدہ عمدہ فوائد اور پسندیدہ پسندیدہ مطالب ایسی مذکور ہیں کہ دوسرے سورتوں میں نہیں چنانچہ تشبیہ اُس شخص کے جو مدا الٰہی پر یقین نکرے اُسکی ساتہ جو آسمان کیطرف رسی باندہکے لٹکے اور پھر اُسے توڑ دی اور سجدہ سموات وارض کا اور سجدہ شمس و قمر کا اور نجوم وجبال وشجر ودواب اور اکثر آدمیوں کا اللہ تعالے کے لئے اور مخاصمہ مؤمن و کافر کا رب الارباب میں اور تذکیر بیت اللہ میں ابراہیم کو جگہہ دینی کی اور اذان لوگوں کا فجاج عمیقہ سے شہود منافع کے لئے اور بہت سی متعلقات بیت اللہ کے اور جمرے کے اور رفع کرنا اللہ تعالی کا بعض آدمیوں کے ساتہ بعض کو اور نصرت خدا کے ناصران دین کے لئے اور تسکین نبی کے اسلئے کافروں کے تکذیب سنا کر اور جلدی کافروں کے ساتہ عذاب کے اور ہونا یوم دگار کے ایک دن کا برابر ہزار سال کے اور القا شیطان کا ہر نبی کے ساتہ اور شک کافروں کا قیامت میں اور وعدہ نصرت الٰہی کا مظلومان مؤمنین کے لئے اور تذکیر املاج لیل کے نہار میں اور عکس اُسکا اور تذکیر انزال ماء اور سبزہ زمین کے اور دوسرے قدرتوں کے ساتہ اور اجتبا اور مقبولیت خدا کے مؤمنوں کے لئے اور نہونا حرج کا ہمارے دین میں کہ ملت ہے ہمارے باپ ابراہیم کی اور نام رکہنا اُنہیں کا مسلمان ہمارے واسطے اور ہونا ہمارا گواہ اور ہونا ہمارے رسول کا اور اقامت صلوٰۃ اور ایتاء زکوٰۃ اور اعتصام باللہ کا اور ولایت اور نصرت اُس تعالی کی اور خوبی اُس جل جلالہ جلشانہ کے **وَمِنْ سُوْرَةِ الْمُؤْمِنِيْنَ** بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ **عَنْ** عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ سُمِعَ عِنْدَ وَجْهِهٖ كَدَوِيِّ النَّحْلِ فَاُنْزِلَ عَلَيْهِ يَوْمًا فَمَكَثْنَا سَاعَةً فَسُرِّيَ عَنْهُ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَارْضَ عَنَّا ثُمَّ قَالَ اُنْزِلَ عَلَيَّ عَشْرُ اٰيَاتٍ مَنْ اَقَامَهُنَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ ثُمَّ قَرَاَ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى خَتَمَ عَشْرَ اٰيَاتٍ **ترجمہ** عمر بن خطاب سے روایت ہے وہ کہتے تہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر جب وحی اُترتی تہی تو آپکے مونہہ کے پاس ایک گنگناہٹ سنی جاتی تہی شہد کی مکہی کے سی سو ایکدن اُنپر وحی اُتری اور ٹہیرے ہم ایک گہڑی پھر اپنے قبلہ کیطرف مونہہ کیا اور دونوں ہاتہ اُٹھائے اور یہ دعا کی کہ الٰہی زیادہ دی ہمکو اور کم مت کر اور عزت دی ہمکو اور ذلیل مت کر اور عنایت کر ہمکو اور نعمتیں بخش اور محروم مت کر اور مقدم کر ہمکو اور پر اور نہ مقدم کر ہمپر کسیکو (فوز داریں میں) اور راضی کر ہمکو اور راضی ہو تو ہمسے پھر فرمایا آپنے اُتری مجہپر دس آیتیں کہ جو اُنپر عمل کرتا رہے داخل ہو جنت میں پھر پڑہیں آپنے یہ آیتیں قد افلح المؤمنون سے دس آیتوں تک **ف** روایت کی ہمسے محمد بن ابان نے انہوں نے عبد الرزاق سے انہوں نے یونس بن سلیم سے انہوں نے یونس بن یزید سے انہوں نے زہری سے اسی اسناد سے مانند اسکے مؤمنین اور یہ حدیث صحیح ہے حدیث اول سے سُنا ہمنے اسحق بن منصور سے کہتے تہے روایت کی احمد بن حنبل اور علی بن مدینی اور اسحاق بن ابراہیم اور عبد الرزاق سب نے کہا انہوں نے یونس بن سلیم سے انہوں نے یونس بن یزید سے انہوں نے زہری سے یہ حدیث اور جسنی سُنا ہے عبد الرزاق سے پہلی اس حدیث کو وہ یونس بن سلیم کے بعد کہتے ہیں روایت ہے یونس بن یزید سے اور بعضوں نے ذکر نہیں کیا یونس بن یزید کا اور جسنے ذکر کیا ہے یونس بن یزید کا روایت زیادہ صحیح ہے اور عبد الرزاق کبہی یونس بن یزید کا ذکر کرتے اور کبہی نہیں **ترجمہ** پوری آیتیں یہ ہیں قد افلح المؤمنون الذین ہم فی صلوتہم خاشعون والذین ہم عن اللغو معرضون والذین ہم للزکوٰۃ فاعلون والذین ہم لفروجہم حافظون الا علی ازواجہم او ما ملکت ایمانہم فانہم غیر ملومین فمن ابتغی وراء ذلک فاولئک ہم العادون والذین ہم لامانٰتہم وعہدہم راعون والذین ہم

هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ یعنے فلاح پائی ایمان والوں نے جو اپنی نماز میں عاجزی کرنیوالی ہیں اور جو لوگ بیہودہ کاموں سے منہ پھیرنیوالی ہیں اور جو زکوۃ دینے والی ہیں اور جو اپنے شرمگاہ کی حفاظت کرنیوالی ہیں مگر اپنے بی بیوں پر یا جنکے مالک ہوے اُنکے ہاتھ سو اُنپر ملامت نہیں اور جو کوئی اسکے سوا چاہے وہ لوگ ہیں حد سے گذرنیوالے اور جو لوگ اپنی امانتوں اور عہدوں کی رعایت کرنیوالے ہیں اور جو نماز کے حفاظت کرنیوالی ہیں یہی لوگ ہیں وارث فردوس کے وہ اُسمیں ہمیشہ رہینگے ۔ **عن** انس بن مالک ان الربیع بنت النضر اتت النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکان ابنها حارثة بن سراقة کان اصیب یوم بدر اصابه سهم غرب فقالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت اخبرنی عن حارثة لئن کان اصاب خیرا احتسبت وصبرت وان لم یصب الخیر اجتهد فی الدعاء فقال یا ام حارثة انها جنان فی جنة وان ابنک اصاب الفردوس الاعلی والفردوس ربوة الجنة واوسطها وافضلها ۔ **ترجمہ** انس بن مالک سے روایت ہے کہ ربیع بنت نضر آئیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اُنکا بیٹا حارثہ بن سراقہ شہید ہوچکا تھا بدر کے دن اُسکو ایک تیر غیبے لگا تھا کہ معلوم نہو کسنے مارا پھر آئیں ربیع رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کے کہ خبر دیجئے مجھکو حارثہ کے حال سے اگر وہ خیر کو پہونچا ہے تو میں امیدوار ثواب ہوں اور صبر کرون اور اگر نہیں پہونچا وہ خیر کو تو کوشش کرون میں دعا میں سو حضرت نے فرمایا اے حارثہ کے ماں بیشک جنت میں کئی باغ ہیں اور تیرا بیٹا داخل ہوا بلند فردوس میں اور فردوس بلند زمین سے جنت کی اور جنت کے بیچ اور بہتر ہے ۔ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے انس کے روایت سے **عن** عائشة زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم انها قالت سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن هذه الآیة والذین یؤتون ما اتوا وقلوبهم وجلة قالت عائشة اهم الذین یشربون الخمر ویسرقون قال لا یا بنت الصدیق ولکنهم الذین یصومون ویصلون ویتصدقون وهم یخافون ان لا یقبل منهم اولئک الذین یسارعون فی الخیرات وهم لها سابقون ۔ **ترجمہ** عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ پوچھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے مطلب اس آیت کا والذین یؤتون ما اتوا وقلوبهم وجلة ۔ **ترجمہ** یعنے جو لوگ دیتے ہیں جو دیا ہے اور دل اُنکا ڈرتا ہے کہ وہ اپنے رب کے پاس جانیوالی ہیں غرض کے عائشہ نے کیا وہ لوگ شراب پیتی ہیں یا چوری کرتے ہیں فرمایا آپنے کہ نہیں اے بیٹی صدیق کی بلکہ وہ لوگ روزہ رکھتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور صدقہ دیتے ہیں اور باوجود اسکے ڈرتے ہیں کہ قبول نہو خیرات انکی وہی لوگ ہیں کہ دوڑتے ہیں نیکیوں کی طرف اور وہ آگے بڑھنے والی ہیں ۔ **ف** روایت کیا ہے یہ حدیث عبدالرحمن بن حمید نے اپنے جامع سے اُنہوں نے زہری سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **عن** ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال تشویه النار فتقلص شفته العلیا حتی تبلغ وسط راسه وتسترخی شفته السفلی حتی تضرب سرته ۔ **ترجمہ** ابی سعید خدری سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس آیت کی تفسیر میں وہم فیها کالحون یعنے اور وہ اُسمیں تیوری چڑھاتے ہیں فرمایا آپنے کہ جہلمی دوزخ کے فرون کے منہ کو آگ پس جلدی کریگا جاویگا اُنکا اوپر کا ہونٹ یہانتک کہ پہونچ جاویگا بیچ سر میں اور لٹکیگا نیچے کا ہونٹ یہانتک کہ لگنے لگیگا ناف میں ۔ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **خاتمہ** سورہ مؤمنون میں صفات مؤمنین ہیں سے مذکور ہیں ایمان و صلوٰۃ و خشوع و اعراض لغو سے اور دینا زکوۃ کا اور حفاظت فروج کے اور رعایت امانتوں اور عہدوں اور حفاظت صلوۃ کی اور وعدہ فردوس کا اُنکے لئے اور بدء خلق سے تفصیل خلق انسانی مٹی سے اور نطفہ اور علقہ اور مضغہ ہونا اُسکا اور پہنانا گوشت کا ہڈیوں پر اور اللہ تعالےٰ کی قدرتوں سے پیدا کرنا آسمان کا اور اُتارنا پانی کا اور ٹھیرانا پانی کا زمین میں اور پیدا کرنا باغونکا کھجور و انگور سے اور نکالنا اکثر میوونکا اُس سے اور نکالنا درخت زیتون کا طور سینا سے اور پیدا کرنا دودھ کا بطون انعام سے اور خوراک آدمیونکی اُس سے اور سوار ہونا جانورون پر اور کشتی پر اور قصص ماضیہ سے قصہ نوح علیہ السلام کا اور ہود اور موسیٰ اور عیسیٰ بن مریم کا علیہم السلام اور خطاب جمیع انبیاء کے طرف اور حکم طیبات کی کھانیکا اور عمل صالح اور تقویٰ اور توحید کا اُنکو اور صفات اہل خیر سے خوف خدا اور یقین کرنا اللہ کے آیتوں پر اور اجتناب کرنا شرک سے اور خوف کرنا خدا سے باوجود انفاق مالکی اور احوال آخرت سے گمراہ ہونا منکرونکا آخرت کا اور انکار اہل مکہ کا اور پر حشر کے اور حسرت کافرونکے وقت موت کی اور آرزو حیات کے واسطے عمل صالح کے اور اثبات برزخ کا اور اُٹھہ جانا نسبونکا نفع سوے اور موقوف ہونا فلاح کا عمل نیک کی گران ہونے پر اور جہلمی جانا مؤمنونکا دوزخ کے آگ سے اور اقرار کرنا دوزخیونکا اپنے شقاوت کا اور دعا کرنا اُنکا اور خطاب کرنا اللہ تعالےٰ کا بلفظ اخسئوا ولا تکلمون اور سادہ دلانا

اللہ تعالیٰ کا اُنکی خبر کی کہ جو منوں کے ساتھ کی تھی اور عتاب اللہ کا انپر اور بہت سی فوائد متفرقہ **سُورَةُ النُّور** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم **عَنْ** عمرو بن شعیب عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ کَانَ رَجُلٌ یُقَالُ لَہٗ مَرْثَدُ بْنُ اَبِیْ مَرْثَدٍ وَکَانَ رَجُلًا یَحْمِلُ الْاَسْرٰی مِنْ مَکَّۃَ حَتّٰی یَاْتِیَ بِھِمُ الْمَدِیْنَۃَ قَالَ وَکَانَتِ امْرَاَۃٌ بَغِیٌّ بِمَکَّۃَ یُقَالُ لَھَا عَنَاقٌ وَکَانَتْ صَدِیْقَۃً لَہٗ وَاَنَّہٗ کَانَ وَعَدَ رَجُلًا مِّنْ اُسَارٰی مَکَّۃَ یَحْمِلُہٗ قَالَ فَجِئْتُ حَتّٰی انْتَھَیْتُ اِلٰی ظِلِّ حَائِطٍ مِّنْ حَوَائِطِ مَکَّۃَ فِیْ لَیْلَۃٍ مُقْمِرَۃٍ فَجَاءَتْ عَنَاقٌ فَاَبْصَرَتْ سَوَادَ ظِلِّیْ بِجَنْبِ الْحَائِطِ فَلَمَّا انْتَھَتْ اِلَیَّ عَرَفَتْ فَقَالَتْ مَرْثَدٌ فَقُلْتُ مَرْثَدٌ فَقَالَتْ مَرْحَبًا وَاَھْلًا ھٰھُنَا فَبِتْ عِنْدَنَا اللَّیْلَۃَ قَالَ قُلْتُ یَا عَنَاقُ حَرَّمَ اللّٰہُ الزِّنَا قَالَتْ یَا اَھْلَ الْخِیَامِ ھٰذَا الرَّجُلُ یَحْمِلُ اُسَرَاءَکُمْ فَتَعْرِضُ ثَمَانِیَۃً وَسَلَکْتُ الْخَنْدَمَۃَ فَاَشْھَبْتُ اِلٰی غَارٍ لَوْ کَھْفٍ فَدَخَلْتُ فَجَاءُوْا حَتّٰی قَامُوْا عَلٰی رَاْسِیْ فَبَالُوْا فَطَلَّ بَوْلُھُمْ عَلٰی رَاْسِیْ وَعَمَّاھُمُ اللّٰہُ عَنِّیْ قَالَ ثُمَّ رَجَعُوْا وَرَجَعْتُ اِلٰی صَاحِبَیَّ فَحَمَلْتُھُمَا وَکَانَ رَجُلًا ثَقِیْلًا حَتّٰی اَشْھَبْتُ اِلَی الْاَذْخِرِ فَفَکَکْتُ عَنْھُمَا اِکَالَہٗ فَجَعَلْتُ اَحْمِلُہٗ وَیُعْیِیْنِیْ حَتّٰی قَدِمْتُ الْمَدِیْنَۃَ فَاَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَنْکِحُ عَنَاقًا فَاَمْسَکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَمْ یَرُدَّ عَلَیَّ شَیْئًا حَتّٰی نَزَلَتِ الزَّانِیْ لَا یَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَۃً اَوْ مُشْرِکَۃً وَالزَّانِیَۃُ لَا یَنْکِحُھَا اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِکٌ فَلَا تَنْکِحْھَا ترجمہ عمرو بن شعیب کے دادا نے کہا ایک شخص کا نام مرثد بن ابی مرثد تھا اور وہ قیدیونکو مکہ سے مدینہ لیجاتا تھا اور مکہ مین ایک عورت زنا کار تھی کہ اسکا نام عناق تھا اور وہ مرثد کی دوست تھی اور اُسنی وعدہ کیا تھا مکہ کی قیدیون سے ایک شخص سی کہ لیجاوے گا اُسکو مدینہ مین) کہا مرثد نے کہ آیا مین ایک دیوار کے نیچے مکہ کے دیوارون سے چاندنی رات مین اور عناق آگئی اور اُسنی دیکھی کالک سیر سایی کے دیوار کے سایہ مین پھر جب وہ میرے پاس پہنچی مجھے پہچانا اور کہا تو مرثد ہی ہے مین نے کہا مرثد ہون اُسنی کہا خوش مبارک ہو آؤ اور رات کو رہو ہمارے پاس مین نے کہا ای عناق اللہ نی حرام کی زنا سو وہ پکار اُٹھی کہ ای خیمہ والون یہ شخص تمہارے ہی قیدیونکو اُٹھا لیجاتا ہے سو آٹھ مرد اور مین نے خندمہ (راہ کی وہ ایک پہاڑ کا نام ہے) سو مین ہو گیا ایک غار کی کہف کے طرف (راوی کو شک ہے کہ غار کہا یا کہف) اور اُسمین گھس گیا اور وہ بھی گھسی اور میرے پاس آن کھڑی ہوئی اور اُنہون نے پیشاب کیا اور پیشاب اُنکا میرے سر پر پڑنے لگا اور اللہ نے اُنکو اندھا کر دیا کہ اُنہون نے مجھے نہ دیکھا پھر وہ لوٹ گئی اور مین بھی اپنے رفیق کے پاس آیا (جس سے وعدہ کیا تھا مدینہ لیجانیکا) اور مین نے اُسکو اُٹھایا اور وہ بھاری آدمی تھا یہانتک کہ پہونچا مین اذخر تک (ایک موضع کا نام ہے مکہ مدینہ کے بیچمین) اور توڑ ڈالی مین نے رسی اُنکی اور اُسکو پیٹھ پر لیا اور وہ مجھے تھکائی دیتا تھا یہانتک کہ مین مدینہ پہونچا اور آنحضرت کی پاس حاضر ہوا اور مین نے عرض کی کہ ای رسول اللہ کے عناق سے میرا نکاح کر دیجئی اور حضرت چپ رہی اور مجھے جواب نہ دیا اور یہ آیت اُتری کہ زانی نکاح نہین کرتا ہے مگر زانیہ سی یا مشرک عورت سے اور زانیہ نکاح نہین کرتی ہے مگر زانی یا مشرک مرد سے تب فرمایا حضرت نے اُس سے نکاح نکر **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سی **عَنْ** سعید بن جبیر قَالَ سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عُمَرَ عَنِ التَّلَاعُنِ فِیْ اِمَارَۃِ مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَیْرِ اَیُفَرَّقُ بَیْنَھُمَا اِذَا رَمَاھَا وَلَدَتْ مَا اَوَّلُ مَنْ سَاَلَ عَنْ ذٰلِکَ فُلَانٌ ثُمَّ مَشَیْتُ مَعَہٗ اِلٰی عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ فَاَسْنَدْتُ عَلَیْہِ فَقِیْلَ لِاَبِیْ قَابِلٍ فَسَمِعَہٗ کُلَّہٗ فَقَالَ لِیْ ابْنُ جُبَیْرٍ اُدْخُلْ فَاِذَا ھُوَ مُقْعَدٌ فَاَرْدَعَہٗ رَجُلٌ لَہٗ فَقُلْتُ یَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَیُفَرَّقُ بَیْنَھُمَا فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ نَعَمْ اِنَّ اَوَّلَ مَنْ سَاَلَ عَنْ ذٰلِکَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ لَوْ اَنَّ اَحَدَنَا رَاٰی اِمْرَاَتَہٗ عَلٰی فَاحِشَۃٍ کَیْفَ یَصْنَعُ اِنْ تَکَلَّمَ تَکَلَّمَ بِاَمْرٍ عَظِیْمٍ وَاِنْ سَکَتَ سَکَتَ عَلٰی مِثْلِ ذٰلِکَ فَسَکَتَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمْ یُجِبْہُ فَلَمَّا کَانَ بَعْدَ ذٰلِکَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ الَّذِیْ سَاَلْتُکَ عَنْہُ فَابْتُلِیْتُ بِہٖ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ الْاٰیَاتِ فِیْ سُوْرَۃِ النُّوْرِ وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَھُمْ وَلَمْ یَکُنْ لَّھُمْ شُھَدَاءُ اِلَّا اَنْفُسُھُمْ شَھَادَۃُ اَحَدِھِمْ اَرْبَعُ شَھَادَاتٍ بِاللّٰہِ حَتّٰی خَتَمَ الْاٰیَاتِ قَالَ قَدْ دَعَا الرَّجُلُ مَلَاَھُنَّ عَلَیْہِ وَوَعَظَہٗ وَذَکَّرَہٗ وَاَخْبَرَہٗ اَنَّ عَذَابَ اللّٰہِ فِی الدُّنْیَا اَھْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَۃِ فَقَالَ لَا وَالَّذِیْ بَعَثَکَ بِالْحَقِّ مَا کَذَبْتُ عَلَیْھَا ثُمَّ دَعَا الْمَرْاَۃَ وَوَعَظَھَا وَذَکَّرَھَا وَاَخْبَرَھَا اَنَّ عَذَابَ اللّٰہِ فِی الدُّنْیَا اَھْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَۃِ فَقَالَتْ لَا وَالَّذِیْ بَعَثَکَ بِالْحَقِّ اِنَّہٗ لَکَاذِبٌ فَبَدَاَ بِالرَّجُلِ فَشَھِدَ اَرْبَعَ شَھَادَاتٍ بِاللّٰہِ اِنَّہٗ لَمِنَ الصَّادِقِیْنَ وَالْخَامِسَۃَ اَنَّ لَعْنَۃَ اللّٰہِ عَلَیْہِ اِنْ کَانَ مِنَ الْکَاذِبِیْنَ ثُمَّ ثَنّٰی بِالْمَرْاَۃِ فَشَھِدَتْ اَرْبَعَ شَھَادَاتٍ بِاللّٰہِ اِنَّہٗ لَمِنَ الْکَاذِبِیْنَ وَالْخَامِسَۃَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰہِ عَلَیْھَا اِنْ کَانَ مِنَ الصَّادِقِیْنَ ثُمَّ فَرَّقَ بَیْنَھُمَا ترجمہ سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ کسی نے مجھے پوچھا لعان کرنیوالی مرد اور عورت کا حکم مصعب بن زبیر کے زمانہ امارت مین کہ اُن دونونمین جدائی کر دی جاوے تو

**عن** ابی امامۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تبیعوا القینات ولا تشتروھن ولا تعلموھن ولا خیر فی تجارۃ فیھن وثمنھن حرام وفی مثل ھذا انزلت ھذہ الآیۃ ومن الناس من یشتری لھو الحدیث یضل عن سبیل اللہ الی اٰخر الآیۃ **ترجمہ** ابی امامہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت بیچو گانیوالی لونڈیونکو اور مت خریدو اُنکو اور مت سکھاؤ اُنکو گانا اور اُنکے تجارت مین بہتری نہین اور قیمت اُنکی حرام ہے اور اسی باب مین اُتری ہے یہ آیت ومن الناس سے آخر آیت تک یعنے بعض آدمی ایسا ہے کہ خریدتا ہے کھیل کی بات کو تاکہ گمراہ کرے اللہ کی راہ سے **ف** یہ حدیث غریب ہے سوا اسکے نہین کہ مروی ہوئی ہے یہ قاسم سے اُنہون نے روایت کی ابی امامہ سے اور قاسم ثقہ ہین اور علی بن یزید ضعیف ہین حدیث مین کہی ہے یہ بات محمد بن اسمٰعیل بخاری نے **تنبیہ** حکم کلبی اور مقاتل نے کہا ہے کہ یہہ آیت نضر بن حارث بن کلدہ کے حق مین نازل ہوئی کہ وہ قصد عجم کے خرید کر لایا تھا اور عرب کو سُنا کر کہتا تھا کہ محمد تمکو عاد و ثمود کے کہانیان سناتا ہے اور مین تمکو رستم اور اسفندیار کے قصے سُناتا ہون اور سغدا اور حقا اُسکے باتون پر فریفتہ ہوکر استماع قرآن سے محروم رہتے واللہ تعالے نے یہ آیت اُتاری اور حدیث مین آیا ہے کہ جو آدمی اپنے آواز بلند کرتا ہے گانیکے ساتھ اللہ تعالے اُسپر دو شیطان مقرر فرماتا ہے ایک اس شانہ پر ایک اُس شانہ پر پھرہ اُسکو اپنی لاتون سے مارتے رہتے ہین جبتک کہ وہ چپ نرہے اور ابی ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کُتے کی اور گانی والی عورت کے کسب سے کھول نے کہا جسنے گانے بجانیوالی لونڈے خریدی کہ وہ اُسکے آگے گاوے بجاوے اور وہ اُسی حال مین مرگیا مین اُسکے جنازہ کی نماز نہ پڑھونگا اسلئے کہ باری تعالی فرماتا ہے ومن الناس من یشتری لھو الحدیث الآیۃ اور عبد اللہ بن مسعود اور ابن عباس اور حسن اور عکرمہ اور سعید بن جبیر سب کا یہی قول ہے کہ لھو الحدیث سے گانا مُراد ہے ابراہیم نخعی نے فرمایا گانہ دلمین نفاق اُگاتا ہے اور کہا گیا ہے کہ الغنا رقیۃ الزنا یعنے گانا زنا کا منتر ہے تعجب ہے اُن مشایخون سے کہ دعوے تقوی کا رکھتے ہین اور یہ فعل کو بدترین کبائر سے افضل عبادات اور احسن طاعات جانتے ہین وما ذا الا ضلال بعید **خاتمہ** سورۂ لقمان مین بڑے بڑے حکمتین اور نصیحتین بہرے ہین چنانچہ صفات الٰہی اور اُسکے قدرتون سے مذکور ہے پیدا کرنا آسمانونکا بغیر ستون کے اور ڈالنا زمین کے میخون یعنے پہاڑونکا اور پھیلانا دواب کا اور اُتارنا مینہ کا اور نباتات کا اور پیدا کرنا کسی معبودان باطل کا کسی چیز کو اور ظلم مشرکونکا اور تسخیر آسمان وزمین کے چیزون کی اور ظاہر و باطن کی نعمتین باران صفت بربانا اور ثابت اُس تعالی شانہ کی آسمان وزمین کے چیزون پر اور آیات قدرت سی داخل کرنا اوقات لیل کا اوقات نہار مین اور اوقات نہار کا لیل مین اور تسخیر شمس وقمر کے اور اثبات توحید کا اور ابطال شرک کا ان سب قدرتون سے اور مخصوص ہونا پانچ چیزونکی علم کا ساتھ اللہ تعالے کی یعنے وقت قیامت اور تنزیل باران اور کیفیت ارحام کے اندر کے اور احوال کل کا اور کس زمین پر موت ہوگی اور حال لقمان کے عطائی حکمت کا اور نصیحتین اُنکی یعنے منع کرنا شرک سے وصیت مان باپ سے احسان کرنیکے اور حکم اُسکے تبعداری کا جو اللہ کیطرف رجوع ہوا اور امر اقامت صلوۃ کا اور امر معروف کا اور نہی عن المنکر اور صبر کرنا مصیبتون اور نہی مونہہ پھیلانے سے اور مگر کر چلنے سے اور امر اقتصاد متوسط کا اور آہستہ کہنے کا اور انکا سچ بولنے پر اور اسیطرح کے اور فوائد متفرقہ مذکور ہین جیسے بے علم اور کتاب سے تجادل کرنا اور نعمت کے جحود کرنا اور نعمتہائے الٰہی کی تمام نہ شمار ہونا کلمات الٰہی کا اگرچہ شجر قلم ہوجائین اور دریا سیاہی اور توحید مشرکون کی کشتی مین اور خوف دادن قیامت سے اور کافر ہونا انسان کا نعمتہائے الٰہی فراموش ہونے سے زندگی دنیا پر وغیرذالک من الفوائد

**سورۃ السجدۃ عن** انس بن مالک ان ھذہ الآیۃ تتجافی جنوبھم عن المضاجع نزلت فی انتظار الصلوۃ التی تدعی العتمۃ **ترجمہ** انس بن مالک سے روایت ہے کہ یہہ آیت تجافی جنوبھم یعنے جدا رہتی ہین کنکے کروٹین خواب گاہ سونے سے اُتری ہے اُس نماز کے انتظار کے فضیلت مین جسے لوگ عتمہ کہتے ہین یعنے عشا کے نماز **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو یا اسی سند سے **ترجمہ** پوری آیت یہ ہے تتجافی جنوبھم عن المضاجع یدعون ربھم خوفا وطمعا ومما رزقنھم ینفقون ٥

یعنے جدا رہتے ہین کروٹین انکی خوابگاہون سے پکارتے ہین اپنے رب کو خوف سے اور طمع سے اور جو ہمنے انکو دیا ہے اُسمین سے کچھ خرچ کرتے ہین اسکے بعد اللہ نے فضیلت نمازکی اُس آیت مین فرمائی جو اگلی حدیث مین آئی ہے اور اس آیت مین کئی قول ہین مفسرین کے بعضون نے کہا ہے کہ مراد اس سے تہجد گذار ہین جو انکو اپنی خوابگاہ سے اُٹھکر اللہ کو پکارتے ہین ابو انس کی ایک روایت مین ہے کہ یہ اُن لوگونکی فضیلت مین اُترتی ہے، جو عشا تک نوافل پڑھتے تھے اور ابی حازم اور محمد بن منکدر نے کہا ہے کہ یہ نماز اوابین ہے، جو مغرب اور عشا کی بیچ مین پڑھی جاتی ہے اور ابن عباس سے مروی ہے کہ فرشتے اُن لوگونکو ڈھانپ لیتے ہین جو مغرب اور عشا کے بیچمین نماز پڑھتے ہین اور یہی صلوٰۃ اوابین ہے اور عطا نے کہا مراد اُن سے وہ لوگ ہین جو بغیر عشا پڑھے سوتے نہین ابی الدرداء ابو ذر اور عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ مراد اُس سے وہ لوگ ہین جو عشا اور صبح کی نماز جماعت سی ادا کرتے ہین خلاصہ مافی المعنوی عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ یَبْلُغُ بِهٖ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اَعْدَدْتُ لِعِبَادِیَ الصَّالِحِیْنَ مَا لَا عَیْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ وَتَصْدِیْقُ ذٰلِكَ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ترجمہ ابی ہریرہ اس حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچاتے ہین کہ آپنے فرمایا کہ اللہ نے فرمایا تیار کیا مینے اپنے بندون کیلئے ایسا کچھ انعام کہ نہ کسی آنکھنے دیکھا ہے نہ کسی کان نے سُنا ہی نہ کسی بشر کے دلمین اُسکا خیال گذرا ہے اور اسکی تصدیق اللہ کے کتاب مین موجود ہے کہ وہ فرماتا ہے فلا تعلم سے آخر تک یعنے کوئی شخص نہین جانتا جو جیسا رکھے ہی ہمنے اُنکے لئے اُنکھون کی ٹھنڈک سے مدلا اُنکے

علمونکا ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عَنِ الشَّعْبِیِّ یَقُوْلُ سَمِعْتُ الْمُغِیْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ عَلَی الْمِنْبَرِ یَرْفَعُ الْحَدِیْثَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ مُوْسٰی سَاَلَ رَبَّهٗ فَقَالَ اَیْ رَبِّ اَیُّ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَدْنٰی مَنْزِلَةً قَالَ رَجُلٌ یَاْتِیْ بَعْدَ مَا یَدْخُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ فَیُقَالُ لَهُ ادْخُلِ الْجَنَّةَ فَیَقُوْلُ كَیْفَ اَدْخُلُ وَقَدْ نَزَلُوْا مَنَازِلَهُمْ وَاَخَذُوْا اَخَذَاتِهِمْ قَالَ فَیُقَالُ لَهُ اَتَرْضٰی اَنْ یَّكُوْنَ لَكَ مَا كَانَ لِمَلِكٍ مِّنْ مُّلُوْكِ الدُّنْیَا فَیَقُوْلُ نَعَمْ اَیْ رَبِّ رَضِیْتُ فَیُقَالُ لَهٗ فَاِنَّ لَكَ هٰذَا وَمِثْلَهٗ وَمِثْلَهٗ وَمِثْلَهٗ فَیَقُوْلُ رَضِیْتُ اَیْ رَبِّ فَیُقَالُ لَهٗ فَاِنَّ لَكَ هٰذَا وَعَشَرَةَ اَمْثَالِهٖ فَیَقُوْلُ رَضِیْتُ اَیْ رَبِّ فَیُقَالُ لَهٗ فَاِنَّ لَكَ مَعَ هٰذَا مَا اشْتَهَتْ نَفْسُكَ وَلَذَّتْ عَیْنُكَ ترجمہ شعبی سے روایت ہے اُنھون نے کہا مینے مغیرہ بن شعبہ سی سنا کہ وہ منبر پر کھڑے اس حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچاتے تھے کہ آپ فرماتے تھے کہ موسی علیہ السلام نے پوچھا اپنی رب سے کہ اے میرے کون جنت والا درجہ مین سب سے کم ہوگا فرمایا وہ ایکمرد ہوگا کہ جنت مین اوریگا بعد اسکے کہ جنت والی جنت مین داخل ہوجاوینگے سو اُس سے کہا جاویگا کہ داخل ہو تو جنت مین وہ کہیگا کیونکر داخل ہون مین جنت مین اور لوگون نے لے لئے اپنے اپنے گھر اور لے لین اپنی اپنی لینی کے چیزین فرمایا آپنے کہ پھر کہا جاویگا اُس سے کہ تو راضی ہوگا اسپر کہ ملی تجھکو اتنی دولت کہ جتنے تھے ایک بادشاہ کو بادشاہان دنیا مین سے وہ کہیگا ہان اے رب میرے مین راضی ہوگیا سو کہا جاویگا کہ تیرے لئے ہے اتنا اور اسکی مثل اُسکی اور مثل اُسکے وہ کہیگا مین راضی ہوا اے رب میرے کہا جاویگا کہ تیری لئی یہ بھی ہے اور اسکا دس گنا سو وہ کہیگا کہ راضی ہوا مین اے رب میرے پھر کہا جاویگا کہ ترے لئی اسکے ساتھ وہ بھی ہی جو تیرا جی چاہی اور تیری آنکھین جسسے مزا پاوین ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور روایت کیے بعضون نے یہ حدیث شعبی سے اُنھون نے مغیرہ سی اور مرفوع نہین کیا اُسکو اور مرفوع صحیح ہے **خاتمہ** سورۂ سجدہ مین اللہ کی قدرتون سے مذکور ہے پیدا کرنا آسمانون اور زمین کا جہہ دنمین اور مستوی ہونا اس تعالی کا عرش عظیم الشان پر اور نہونا شفیع اور ولی کا سوا اسکے اور تدبیر کرنا ایک امر کے آسمان سے زمین پر اور چڑھ جانا اُسکا ایکدن مین کہ مدت اُسکی ہزار سال ہے اور علم ہونا اُسکو غیب اور شہادت کا اور پیدا کرنا ہر چیز کا حسن کے ساتھ اور پیدا کرنا انسان کا مٹی سی اور نسل اُسکے منی سے اور برابر کرنا اُسکے اعضا کا اور روح پھونکنا اور کان اور آنکھین اور دل عنایت فرمانا اور بہت تھوڑا ہونا تمہارے شکر کا اور سوا اسکے فوائد متفرقہ سے تعجب کرنا کافرونکا بعث پر اور روح قبض کرنا ملک الموت کا اور نہ غات مؤمنین سے سجدہ اور تسبیح و تحمید اُنکی جب آیات الٰہی سے اُنھین سمجھائی اور فضیلت تہجد گزارون کی اور برا رہنا مؤمن اور فاسق کا اور تذکیر ساتھ ہلاک قرون سابقہ کے اور تذکر ساتھ پیدا کرنے کہیتون کے اور متی ہذا الوعد کہنا کافرونکا اور نفع ندینا کافرونکے ایمان کا قیامت کی دن **سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ** عَنْ اَبِیْ ظَبْیَانَ اَنَّهٗ قَالَ قُلْنَا لِابْنِ عَبَّاسٍ اَرَاَیْتَ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَیْنِ فِیْ جَوْفِهٖ مَا عَنٰی بِذٰلِكَ قَالَ قَامَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا یُصَلِّیْ فَخَطَرَ خَطْرَةً فَظَنَّ الْمُنَافِقُوْنَ الَّذِیْنَ یُصَلُّوْنَ مَعَهٗ اَلَا تَرٰی اَنَّ لَهٗ قَلْبَیْنِ قَلْبًا مَّعَكُمْ وَقَلْبًا مَّعَهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَیْنِ فِیْ جَوْفِهٖ ترجمہ ابی ظبیان

نی کہا ابن عباس سے کہ بھلا خبر دیجئی اللہ تعالے کی اس قول کی ما جعل اللہ لرجل من قلبین فی جوفہ یعنے نہین بنای اللہ تعالی کسی سینہ مین دو دل کیا مطلب ہے اسکا انہون نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایکدن کھڑے ہوی نماز پڑھتے ہی سو آپ سے کچھ سہو ہوا نماز مین اور منافق کہنے لگی جو آپکے ساتھ نماز پڑھتے تھے ایکدوسرے سے دیکھتے تو انکے دو دل ہین ایک تمہارے ساتھ ایک اور لوگون کے ساتھ پھر اللہ نے یہ آیۃ اتاری کہ نہین پیدا کیا اللہ نے کسی کے سینہ مین دو دل ف روایت کے ہم سے عبد بن حمید نے انہون نے احمد بن یونس سے انہون نے زہیر سے مانند اسکے یہ حدیث حسن ہے معتمر نبوی نے کہا ہے کہ یہ آیتہ ابی معمر کے حق مین نازل ہوئی کہ وہ مرد عقیل اور قوی حافظہ تھا اور جو سنتا یاد رکھتا اور کہتا تھا میرے دو دل ہین ہر ایک ہی سمجھتا ہون محمد سے اچھا پھر جب اللہ نے بدر کے دن کافرون کو شکست دی وہ الٹوا ایسا گھبرا کر بھاگا کہ ایک جوتی پیر مین اور ایک ہاتھ مین اور رستی مین اسی ابوسفیان سے لوگون نے پوچھا کیا حال ہے لوگون کا انہ نے کہا شکست کہا کر بھاگے ہین ابوسفیان نے کہا تیرا کیا حال ہے کہ ایک جوتی پیر مین ہے اور ایک ہاتھ مین جب اس بہوش نے کہا مجھے خبر نہی مین جانتا تھا کہ دونون پیر مین ہین اسدن سے لوگ جان گئے کہ یہہ جھوٹا ہے اسکا بھی ایک ہی دل ہے اور ہمارے اور مقاتل نے کہا کہ اللہ تعالی نے ایک مثال بیان فرمائی متبنی اور مظاہر کے لئی کہ جیسے کسیکے اندر دو دل نہین ہوتی ایسے ہی اپنی بیوی کو مان کہنے سے ماں نہین ہوتی اور کسیکو بیٹا کہنے سے وہ بیٹا نہین ہوجاتا عن انس قال قال عمی انس بن النضر سمیت بہ لم تشہد بدرا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکبر علیہ فقال اول مشہد قد شہدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غبت عنہ اما واللہ لئن ارانی اللہ مشہدا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیرین اللہ ما اصنع قال فہاب ان یقول غیرہا فشہد مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم احد من العام المقابل فاستقبلہ سعد بن معاذ فقال یا ابا عمرو این قال واہا لریح الجنۃ اجدہا دون احد فقاتل حتی قتل فوجد فی جسدہ بضعۃ وثمانون من بین ضربۃ وطعنۃ ورمیۃ قالت عمتی الربیع بنت النضر فما عرفت اخی الا ببنانہ ونزلت ہذہ الآیۃ رجال صدقوا ما عاہدوا اللہ علیہ فمنہم من قضی نحبہ ومنہم من ینتظر وما بدلوا تبدیلا ترجمہ انس سے روایت ہے انہون نے کہا کہ میرے چچا انس بن نضر کے نام پر میرا نام رکہا گیا جنگ بدر مین حاضر نہین ہوے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور یہ اونکو نہایت گران ہوا اور کہا انہون نے کہ پہلے حاضر ہونیکی جگہ کہ جسمین حضرت تشریف لیگئی مین اس سے غائب رہا اگاہ ہو تم سے اللہ کے اگر اللہ مجھکو دکہاوے کوئی حاضر ہونیکی جگہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تو دیکھے اللہ تعالے کہ مین کیا کرتا ہون کہا راوی نے کہ دیکھی وہ کہ اسکے سوا اور کچھ کہین پیر حاضر ہوے وہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ احد کے دن اگلے سال کے بعد سو ملے اونکو راہ مین سعد بن معاذ اور انہون نے کہا ای ابو عمر کہان چلے انہون نے کہا واہ واہ جنت کے خوشبو مین کوہ احد کیطرف سے پا رہا ہون پھر لڑے وہ یہانتک کہ قتل ہوے سو اونکے بدن مین اسی زخم تھے چوٹ اور نیزہ اور تیر کے سو میری پھوپھی ربیع بنت نضر نے کہا مین نے نہین پہچانی اپنے بہائی کی مگر بسبب اسکے پورون کے اور یہ آیۃ اتری رجال صدقوا الخ یعنے وہ مرد ہین کہ سچ کر دیا انہون نے جو اقرار کیا اللہ تعالے سے سو انمین سے بعضا وہ ہی کہ پورا کر چکا اپنا کام اور انمین سے بعضا وہ ہی جو انتظار کرتا ہے اور نہین بدلا ڈالا اپنی اقرار کو ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عن انس بن مالک ان عمہ غاب عن قتال بدر فقال غبت عن اول قتال قاتلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المشرکین لئن کان اللہ اشہدنی قتالا للمشرکین لیرین اللہ کیف اصنع فلما کان یوم احد انکشف المسلمون فقال اللہم انی ابرأ الیک مما جاء ہؤلاء یعنی المشرکین واعتذر الیک مما صنع ہؤلاء یعنی اصحابہ ثم تقدم فلقیہ سعد فقال یا ابا عمرو این فقلت انا معک فلم استطع ان اصنع ما صنع فوجد فیہ بضعا وثمانین بین ضربۃ بسیف وطعنۃ برمح ورمیۃ بسہم وکنا نقول فیہ وفی اصحابہ نزلت فمنہم من قضی نحبہ ومنہم من ینتظر قال یزید یعنی الآیۃ ترجمہ انس بن مالک سے روایت ہے کہ اونکے چچا جنگ بدر مین حاضر نہوے اور کہا انہون نے براہ افسوس کے کہ حاضر نہوا مین پہلے لڑائی مین کہ لڑے اسمین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم مشرکون سے کسی لڑائی مین مشرکون کے تو اللہ تعالے دیکھی کہ مین کیا کرتا ہون پھر جب احد کا دن ہوا شکست کہائی مسلمانون نے انہون نے کہا یا اللہ مین پناہ مانگتا ہون تجھسے اس بلا سے کہ جسے یہ لوگ لائی ہین

یعنے مشرک لوگ اور مین تیری طرف عذر کرتا ہون اُس کام سے کہ ہوا ہے ان لوگون سے یعنے اصحاب سے پھر وہ آگے بڑھے اور ملے اُن ہی سعد اور کہا اے بھائی کیا کیا تمنے مین تمہارے ساتھ ہون مگر مجھسے نہو سکا جو اُنہون نے کیا اور اُنکی لاش ملی کہ اُسمین اسّی برکئی زخم تھے تلوار کی مار کے اور نیزے کے بھونکنے کی اور تیر کے لگنے کی اور ہم لوگ کہتے تھے کہ اُنہین کے اور اُنکی یارون کی حق مین نازل ہوئی کہ اُنمین سے بعضے ایسے ہین کہ پورا کر چکے اپنا کام اور بعضے منتظر ہین یزید نے کہا مراد اس سے آیتہ ہی) **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور انس بن مالک کے چچا کا نام بھی انس ہے اور وہ بیٹے ہین نضر کے **عن** موسیٰ بن طلحۃ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی مُعَاوِیَۃَ فَقَالَ اَلَا اُبَشِّرُکَ قُلْتُ بَلٰی قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ طَلْحَۃُ مِمَّنْ قَضٰی نَحْبَہٗ **ترجمہ** موسیٰ بن طلحہ سے روایت ہے اُنہون نے کہا مین گیا معاویہ کے پاس اُنہون نے کہا مین تمہین ایک بشارت سُناؤن مینے کہا ہان کہا سُنا مینے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے طلحہ اُن لوگون مین سے کہ سچکے حقین اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ وہ اپنا کام پورا کر چکے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو معاویہ سے مگر اسی سندسی اور سوا اسکے نہین کہ مروی ہوئی ہے یہ موسیٰ بن طلحہ سے اُنہون نے روایت کی اپنی باپ سے **عن** طَلْحَۃَ اَنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالُوْا یَا اَعْرَابِیُّ جَاھِلٌ سَلْہُ عَنْ مَنْ قَضٰی نَحْبَہٗ مَنْ ھُوَ وَکَانُوْا لَا یَجْتَرِءُوْنَ عَلٰی مَسْئَلَتِہٖ یُوَقِّرُوْنَہٗ وَیَھَابُوْنَہٗ فَسَاَلَہُ الْاَعْرَابِیُّ فَاَعْرَضَ عَنْہُ ثُمَّ سَاَلَہٗ فَاَعْرَضَ عَنْہُ ثُمَّ سَاَلَہٗ فَاَعْرَضَ عَنْہُ ثُمَّ اِنِّیْ اَطَّلَعْتُ مِنْ بَابِ الْمَسْجِدِ عَلٰی ثَنِیَّاتِ خُضَیْرٍ فَلَمَّا رَاٰنِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَیْنَ السَّائِلُ عَمَّنْ قَضٰی نَحْبَہٗ قَالَ الْاَعْرَابِیُّ اَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھٰذَا مِمَّنْ قَضٰی نَحْبَہٗ **ترجمہ** طلحہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے یارون نے ایک گنوار نادان سے کہا کہ آپسے پوچھ کہ اللہ تعالیٰ نے جنکے حق مین فرمایا ہے کہ پورا کر چکے اپنا کام وہ کون لوگ ہین اور حضرت کے یارون کو ہیبت تھی نہین سوال کرنیکے وہ آپکی توقیر کرتے تھے اور ڈرتے تھے سو اُس گنوار نے پوچھا آپنی التفات نکیا اُسنی پھر پوچھا آپنی التفات نکیا اُسنی پھر پوچھا آپنی التفات نکیا پھر مین دروازہ مسجد کے نکلا اچانک اوندر آیا اور سبز کپڑے پہنے تھے پھر جب مجھکو آپنے دیکھا فرمایا کہان ہے وہ سایل جو پوچھتا ہے اُن لوگون کو کہ اپنا کام پورا کر چکے گنوار نے کہا مین ہون یا رسول اللہ سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہی ہے وہ شخص کہ پورا کر چکا اپنا کام **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے مگر یونس بن بکیر کے روایت سے **عن** عَائِشَۃَ قَالَتْ لَمَّا اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِتَخْیِیْرِ اَزْوَاجِہٖ بَدَاَ بِیْ فَقَالَ یَا عَائِشَۃُ اِنِّیْ ذَاکِرٌ لَکِ اَمْرًا فَلَا عَلَیْکِ اَنْ لَّا تَسْتَعْجِلِیْ حَتّٰی تَسْتَاْمِرِیْ اَبَوَیْکِ قَالَتْ وَقَدْ عَلِمَ اَنَّ اَبَوَایَ لَمْ یَکُوْنَا لِیَاْمُرَانِیْ بِفِرَاقِہٖ قَالَتْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ یَقُوْلُ یَا اَیُّھَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِکَ اِنْ کُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا وَزِیْنَتَھَا اِلٰی قَوْلِہٖ عَظِیْمًا حَتّٰی بَلَغَ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْکُنَّ اَجْرًا عَظِیْمًا قُلْتُ فِیْ اَیِّ ھٰذَا اَسْتَاْمِرُ اَبَوَیَّ فَاِنِّیْ اُرِیْدُ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَۃَ وَفَعَلَ اَزْوَاجُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَ مَا فَعَلْتُ **ترجمہ** عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے اُنہون نے کہا کہ جب حکم ہوا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنی بیبیون کے اختیار دینی کا کہ چاہین دنیا اختیار کرین اور رفاقت رسول چھوڑین اور چاہین دولت عقبیٰ لین اور خدمت رسول ؐ سو شروع کیا آپنی میرے ساتھ اور فرمایا اسی عائشہ مین تجھسے ایک بات کا ذکر کرتا ہون سو تم اُسکے جواب مین جلدی نکرنا یہانتک کہ مشورہ لے لینا اپنی ماں باپ سے حضرت عائشہ فرماتی ہین کہ آپ جانتی تھے کہ میرے ماں باپ کبھی مجھے حضرت سے جدا ہونیکا حکم نہ دینگے حضرت عائشہ نے فرمایا کہ پھر آپنے کہا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یا ایہا النبی سے اجرا عظیما تک یعنے اے نبی کہدے تو اپنی بیبیون کو کہ اگر تم ارادہ رکھتے ہو دنیا کی زندگی اور اُسکے زینت کا تو آؤ مین تمکو کچھ دیدون یعنے طلاق کا جوڑا اور رخصت کردون تمکو اچھی طرح اور اگر ارادہ کرتے ہو تم اللہ کا اور اُسکے رسول کا اور آخرت کے گھر کا تو تیار کیا ہے اللہ تعالیٰ نے تم مین سے نیکون کے لئے بہت بڑا اجر انتہی تب مینے کہا کہ مین اسمین کیا مشورہ لون اپنے ماباپ سے مین تو اللہ اور رسول اور آخرت کے گھر ہی کو چاہتی ہون اور پھر اور بیبیون نے بھی یہی کیا جو مینے کیا تھا **ترجمہ** یعنے میرے دیکھا دیکھی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے یہ زہری سے بھی ہے اُنہون نے روایت کی ہے عروہ سے اُنہون نے حضرت عائشہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے **مترجم** ان آٹھ نکو آیات تخییر کہتے ہین کہ اسمین اختیار دیا گیا حضرتکی عورتونکو اور شان نزول اسکا بغوی وغیرہ نے یون بیان فرمایا ہے کہ بیبیون نے آپس کے رشک سے حضرت سے نفقہ زیادہ مانگا اور تنگ کیا حضرت نے اُنسے خفہ ہوکر ایلا یا تک بات نکلی اور قسم کہائی کہ اُنکے پاس نجائینگے پھر یہ آیتہ اتری اور اُسدن آپکے پاس نو عورتین تھین پانچ قریش مین کی عائشہ صدیقہ ابی بکر صدیق کی صاحبزادی حفصہ حضرت عمر کے بیٹی ام حبیبہ ابی سفیان کی بیٹی ام سلمہ امیہ کی بیٹی سودہ زمعہ کی بیٹی اور غیر قریشیات

جاتہین زینب بنت جحش بنی اسد کی قبیلہ کے منہونہ حارث کی بیٹی بنی ہلال کے قبیلہ کی اور صفیہ حیی بن خطب کے بیٹے خیبر والی اور جویریہ حارث کی بیٹی بنی مصطلق کے قبیلہ کے رضی اللہ عنہن اور حکم تخییر مین علما کا اختلاف ہے مثلاً کسیکو اپنی بیوی سے کہا کہ تجھے اختیار ہے چاہی میرے پاس رہ چاہے جدا ہوجا تو عمر اور ابن مسعود اور ابن عباس نے کہا کہ اگر اُس عورت نے اپنی شوہر کو اختیار کر لیا تو کچھ واقع نہوگا اور اگر اپنے نفس کو اختیار کیا تو ایک طلاق واقع ہوگا اور یہی قول ہے عمر بن عبد العزیز اور ابن ابی لیلی اور سفین اور شافعی اور اصحاب رای کا لیکن اصحاب رای یعنی حنیفہ کی نزدیک اس صورت مین طلاق بائن ہوتا ہی اور دوسرے کی نزدیک رجعی اور زید بن ثابت نے کہا کہ اگر عورت نے اپنی شوہر کو اختیار کیا تو ایک طلاق واقع ہوا اور اگر اُسنی اپنے نفس کو اختیار کیا تو تین طلاق پڑے اور حسن بصری اور مالک کا بھی یہی قول ہے مگر یہہ قول اول صحیح تر ہے کذا فی البغوی **عن** عمر بن ابی سلمۃ ربیب النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لما نزلت ھذہ الآیۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا فی بیت ام سلمۃ فدعا فاطمۃ وحسنا وحسینا فجللھم بکساء وعلی خلف ظھرہ فجللہ بکساء ثم قال اللھم ھؤلاء اھل بیتی فاذھب عنھم الرجس وطھرھم تطھیرا قالت ام سلمۃ وانا معھم یا نبی اللہ قال انت علی مکانک وانت علی خیر **ترجمہ** عمر بن ابی سلمہ جو ربیب ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اُنہون نے کہا جب اُتری آیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر انما یرید اللہ لیذہب الخ یعنی ارادہ رکھتا ہی اللہ تعالی کہ دور کردے تجسے نجاست گناہ کی ای گھر والون اور پاک کری تمکو جو پاک کرنا ام سلمہ کے گھر مین بُلایا آپنی فاطمہ اور حسن اور حسین اور اُن سب پر ایک چادر ڈالدی اور آپکے پیچھی حضرت علی تھی پھر اُنپر بھی چادر ڈالدی پھر عرض کی آپنی کہ یا اللہ یہہ میرے گھر والی ہین سو اُنسی نجاست گناہ کی دور کردی اور اُنکو پاک کردی بخوبی پاک کرنا ام سلمہ نے عرض کی کہ مین بھی اُنکے ساتھ ہون ای ہے اللہ کے (یعنے ارادہ کیا چادر مین اُنیکا) فرمایا آپنی کہ تم اپنے جگہہ پر رہو اور تم نیکی پر ہو (یعنے تمہاری تین چادر مین آنیکی بھی کچھہ ضرورت نہین گھر والونکا لفظ خود تمکو شامل ہے) **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سی یعنی عطاکی روایت سے کہ وہ عمر بن ابی سلمہ سی روایت کرتے ہین **عن** انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یمر ببابِ فاطمۃ ستۃ اشھر اذا خرج لصلوۃ الفجر یقول الصلوۃ یا اھل البیت انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا **ترجمہ** انس بن مالک سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی چھہ مہینے تک یہی عادت تھی کہ جب آپ صبحکو نماز فجر کے لئے نکلتے اور دروازہ پر حضرت فاطمہ کے گذرتے فرماتی نماز کو چلو ای گھر والون اللہ ارادہ رکھتا ہے کہ تمہاری نجاست دور کردی اور پاک کردے تمکو بخوبی پاک کرنا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے نہین جانتے ہم اسکو مگر حماد بن سلمہ کے روایت سے کہ وہ حضرت عائشہ سے روایت کرتی ہین اور ابو سباہین الہجیمی اور معتل بن یسار اور ام سلمہ سے بھی روایت ہے **عن** عائشۃ قالت لو کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کاتما شیئا من الوحی لکتم ھذہ الآیۃ واذ تقول للذی انعم اللہ علیہ یعنی بالاسلام وانعمت علیہ یعنی بالعتق فاعتقتہ امسک علیک زوجک واتق اللہ وتخفی فی نفسک ما اللہ مبدیہ وتخشی الناس واللہ احق ان تخشاہ الی قولہ وکان امر اللہ مفعولا وان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما تزوجھا قالوا تزوج حلیلۃ ابنہ فانزل اللہ ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تبناہ وھو صغیر فلبث حتی صار رجلا یقال لہ زید بن محمد فانزل اللہ ادعوھم لآبائھم ھو اقسط عند اللہ فان لم تعلموا آباءھم فاخوانکم فی الدین ومواليكم فلان مولی فلان وفلان اخو فلان ھو اقسط عند اللہ یقول اعدل عند اللہ **ترجمہ** عائشہ رضی اللہ عنہا سی روایت ہے کہ اُنہون نے فرمایا اگر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم وحی آسمانی سے کچھہ چھپاتے تو یہ آیہ چھپاتے واذ تقول سے اخر آیت تک یعنی جب تو کہتا تھا اُس سے کہ انعام کیا اُسپر اللہ نے یعنے اسلام کی ساتھ اور انعام کیا تو نے یعنی آزاد کرنیکے ساتھ کہ تو نے اُسکو آزاد کردیا روک رکھہ تو اپنی بیوی کو اپنے پاس اللہ سے اور چھپاتا تھا تو اوس نبی اپنے دل مین جسکو اللہ تعالی کھولدینی والا تھا اور ڈرتا تھا تو لوگون سے اور اللہ تعالی بہت مستحق ہے کہ تو اُس سے ڈری وکان امر اللہ مفعولا کذا اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب زینب بنی اللہ عنہا سے نکاح کرلیا لوگ کہنے لگے اپنی بیٹی کی جوروی سے نکاح کرلیا سو اُتاری اللہ تعالی نے یہ آیت ماکان محمد ابا احد من رجالکم الآیۃ یعنے محمد تمہارے مردونمین سے کسیکا باپ نہین ہے لیکن وہ تو رسول اللہ کا ہے اور مہر نبیون پر اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اُنکو متبنی یعنے مونہہ بولا بیٹا کیا تھا جب وہ چھوٹی تھے پھر وہ حضرت پاک

رہی یہاں تک کہ وہ جوان ہوگئی اور انکو زید بن محمد کہتے تھے سو اتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت ادعوہم یعنے مونہہ بولی بیٹو انکو پکارو انکی باپ کیطرف منسوب کرکے یعنے شیخ وہ نظر میں یہی انصاف کے بات ہے اللہ کے نزدیک پھر اگر تمکو معلوم نہوں انکے باپ تو وہ تمہارے بھائی ہیں دین میں اور تمہارے رفیق ہیں یعنے یوں پکارو کہ فلانا رفیق ہے فلانے کا اور فلانا بھائی فلانی کا یہی قسط کے بات ہے اللہ کے نزدیک یعنے عدل کے **ف** یہ حدیث مروی ہوئی ہے داؤد بن ابی ہند سے انہوں نے روایت کی شعبی سے انہوں نے مسروق سے انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اگر نبی صلے اللہ علیہ وسلم وحی آسمانی سے کچھ چھپاتے تو بیشک یہ آیتہ چھپاتے واذ تقول للذی انعم اللہ سے آخر آیت تک اور اس حدیث کو اپنے طول کے ساتھ روایت نہیں کیا روایت کیا ہے حدیث مذکور عبداللہ بن وضاح کوفی نے انہوں نے عبداللہ بن ادریس سے انہوں نے داؤد بن ابی ہند سے اور کہا ترمذی نے خبر دی ہمکو محمد بن ابان نے انہوں نے روایت کی ابن ابی عدی سے انہوں نے داؤد بن ابی ہند سی انہوں نے شعبی سے انہوں نے مسروق سی انہوں نے عائشہ سے فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ اگر نبی صلے اللہ علیہ وسلم وحی آسمانی سے کچھ چھپاتے تو اس آیتہ مبارک کو چھپاتے واذ تقول للذی سے آخر تک یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابن عمر قال ما کنا ندعو زید بن حارثۃ الا زید بن محمد حتی نزل القرآن ادعوہم لابائہم ہو اقسط عند اللہ **ترجمہ** عبداللہ بن عمر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہم نہ پکارتے تھے زید بن حارثہ بلکہ جب پکارتے تو یہی کہتے زید بن محمد یہاں تک کہ قرآن اترا کہ پکارو تم انکو انکے باپوں کیطرف منسوب کرکے یہی انصاف کی بات ہے اللہ تعالے کی نزدیک **عن** عامر الشعبی فی قول اللہ تعالی ما کان محمد ابا احد من رجالکم قال ما کان یعیش لہ فیکم ولد ذکر **ترجمہ** عامر شعبی سے ما کان محمد ابا احد کی تفسیر میں کہا کہ حضرت کی شان سے یہ بات ہے کہ کوئی لڑکا انکا تمہارے درمیان زندہ نہ رہا یعنے تاکہ مضمون اس آیتہ کا صادق آجاوے کہ محمد کسیکے باپ نہیں تمہارے مرد وں میں سے **عن** ام عمارۃ الانصاریۃ انہا اتت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت ما اری کل شیء الا للرجال وما اری النساء یذکرن بشیء فنزلت ہذہ الآیۃ ان المسلمین والمسلمات والمومنین والمومنات الآیۃ **ترجمہ** ام عمارہ انصاریہ ان آنحضرت کے پاس حاضر ہوئیں اور عرض کی کہ کیا وجہ ہے کہ میں دیکھتی ہوں کہ سب چیزیں مردوں ہی کے لئے ہیں اور قرآن میں عورتوں کا ذکر کہیں نہیں پس یہ آیت اتری ان المسلمین آخر تک **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور اس حدیث کو ہم اس سند سے جانتے ہیں **عن** انس قال لما نزلت ہذہ الآیۃ فی زینب بنت جحش فلما قضی زید منہا وطرا زوجناکہا قال فکانت تفخر علی نساء النبی صلی اللہ علیہ وسلم تقول زوجکن اہلوکن وزوجنی اللہ من فوق سبع سماوات **ترجمہ** انس نے کہا جب یہ آیتہ اتری زینب بنت جحش کے شان میں کہ اللہ تعالے فرماتا ہی فلما قضے یعنے جب اپنی خواہش اس سے پوری کرچکا یعنے زید سے بیاہ دیا ہمنے اسکو بیسیر سے ساتھ کہا راوی نے کہ پھر وہ فخر کرتی تھیں ازراہ تکبر کے حضرت کے سب بیبیوں پر کہ نکاح کیا تمہارا تمہارے عزیزوں نے اور میرا نکاح کیا ہے اللہ تعالے نے کہ ساتوں آسمان کے اوپر ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ اللہ تعالی ساتوں آسمان کے اوپر ہے اور حضرت کی سب بیبیوں کا جو امہات مومنین ہیں یہی عقیدہ تھا کہ سب اسباب کو منکر پسند کرتی تھیں اب جو اسکے خلاف عقیدہ رکھے وہ مخالف ہے **عن** ام ہانیء بنت ابی طالب قالت خطبنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاعتذرت الیہ فعذرنی ثم انزل اللہ انا احللنا لک ازواجک اللاتی اتیت اجورہن وما ملکت یمینک مما افاء اللہ علیک وبنات عمک وبنات عماتک وبنات خالک وبنات خالاتک اللاتی ہاجرن معک الآیۃ قالت فلم اکن احل لہ لانی لم اہاجر کنت من الطلقاء **ترجمہ** ام ہانی سے روایت ہے جو بیٹی ہیں ابیطالب کی (یعنے حضرت کے چچیری بہن) انہوں نے کہا کہ حضرت نے مجھے نکاح کا پیغام دیا اور میں نے عذر کیا (کہ میرے پاس چھوٹی چھوٹی لڑکے ہیں روتے پیٹتے آپکو شاید ناگوار ہو) آپ نے میرا عذر قبول فرمایا پھر اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری انا احللنا لک سے آخر تک ام ہانی نے کہا کہ پھر میں آپ پر حلال نہیں ہوئی اسلئے کہ میں نے ہجرت نہیں کی تھی میں ان لوگوں میں تھی جو فتح مکہ کے اسلام لائے تھے **ف** یہ حدیث حسن ہے ہم اسکو مگر سدی کے روایت سے اسی سند سے **مترجم** پوری آیتہ کا ترجمہ یہ ہے کہ اللہ فرماتا ہے حلال کئے ہمنے تیرے لئے بیبیاں تیری جنکا مہر تو نے دیدیا اور وہ جنکے مالک ہے تیرے ہاتھ یعنے لونڈیاں جو غنیمت میں عنایت فرمائیں اللہ نے تجھکو اور تیرے چچا کی بیٹیاں اور تیری پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تیرے ماموؤں کی بیٹیاں اور تیرے خالاؤں کی بیٹیاں اُنمیں سے جو ہجرت کرکے آئیں تیرے ساتھ یعنے جنہوں نے

ہجرت نہیں کی وہ حلال نہیں اس آیت تک **عن** انس قال لما نزلت هذه الآية وتخفي في نفسك ما الله مبديه في شان زينب بنت جحش جاء زيد يشكو فهم بطلاقها فاستامر النبي صلى الله عليه وسلم فقال النبي صلى الله عليه وسلم امسك عليك زوجك واتق الله **ترجمہ** انس نے کہا جب یہ آیت اتری وتخفی فی نفسك یعنے چھپاتا تھا تو اسی بی اس چیز کو کہ اللہ اسکا کہونے والا تھا اور یہ آیت زینب بنت جحش کے شان میں اتری اور زید انکے شوہر آئے اور ارادہ کیا انہوں نے طلاق دینی کا اور مشورہ طلب کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تو آپ نے فرمایا روک رکھو تم اپنی بیوی اپنی پاس یعنے طلاق مت دو اور ڈرو اللہ سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** یعنے حضرت کے دلمیں تھا کہ اگر زید انکو طلاق دیگا تو میں انسے نکاح کرونگا لوگوں کے شرم کے مارے اس امر کو ظاہر نہ کرتی تھی اللہ تعالی اسکو ظاہر کردیا اللہ نے شرمانا نہیں ہے **عن** ابن عباس انه قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن اصناف من النساء الا ما كان من المؤمنات المهاجرات قال لا يحل لك النساء من بعد ولا ان تبدل بهن من ازواج ولو اعجبت حسنهن الا ما ملكت يمينك واحل الله فتيا لكم المؤمنات وامرأة مؤمنة ان وهبت نفسها للنبي وحرم كل ذات دين غير الاسلام ثم قال ومن يكفر بالايمان فقد حبط عمله وهو في الاخرة من الخاسرين وقال يا ايها النبي انا احللنا لك ازواجك اللاتي اتيت اجورهن وما ملكت يمينك مما افاء الله عليك الى قوله خالصة لك من دون المؤمنين وحرم ما سوى ذلك من اصناف النساء **ترجمہ** ابن عباس نے کہا منع کئے گئی رسول صلے اللہ علیہ وسلم عورتوں کی اقسام سے مگر جو مؤمنہ ہوں ہجرت کرنی والیاں مگر جو مؤمنہ ہوں ہجرت کرنی والیاں نہیں حلال ہیں تجھے اسکے بعد اور عورتیں اور نہ یہ کہ بدل دی ان عورتوں میں سے یعنے جواب تیرے نکاح میں ہیں اگر تجھکو پسند آوے خوبصورتی انکی مگر جو عورتیں کہ مالک ہوں انپر تیرے ہاتھ (یعنے وہ حلال ہیں) اور حلال کیں اللہ تعالی نے جو ان عورتوں میں ایمان والیاں اور وہ عورت ایمان والی کہ بخشدی اپنی جان نبی کو اور حرام کیا اللہ تعالی نے ہر دین والی عورت کو سوا اسلام کے پھر فرمایا اللہ نے جو منکر ہوا ایمان سے تو اکارت ہوگئے اسکے عمل نیک اور آخرت میں وہ نقصان والوں میں ہے اور فرمایا اللہ نے اے نبی حلال کی ہمنے تیرے لئی بیبیاں تیری کہ جنکا مہر تو نے دیدیا اور جو تیری ہاتھ کی ملک ہوں جو اللہ نے غنیمت میں عنایت فرمائیں تجھکو یہانتک کہ فرمایا خالصۃ لک یعنے یہ امر کہ جو عورت مؤمنہ بخشدی اپنی جان ارادہ کرکے نبی کیلئے نکاح کا وہ حلال ہے نبی کو یہ حکم خاص تیرے لئے ہی ہے اور مؤمنوں کے لئے نہیں اور دونکا نکاح بغیر مہر نہیں ہوسکتا) اور حرام کیں اللہ تعالی نے انکے سوا اور قسمیں عورتوں کی **ف** یہ حدیث حسن ہے ہم اسکو عبد الحمید بن ہرام ہی کی روایت سے جانتے ہیں سنا میں نے احمد بن حسن سے وہ کہتے تھے کہا احمد بن خلیل نے کہا کہ عبد الحمید بن ہرام حدیث روایت کرتے ہیں حوشب سے انہیں کچھ مضائقہ نہیں **عن** عائشة قالت ما مات رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى احل له النساء **ترجمہ** حضرت عائشہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا فرمایا وفات نہیں ہوئی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی یہانتک کہ حلال ہوگئیں آپکے لئی سب عورتیں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** صحابہ کرام کا اختلاف تھا کہ آنحضرت پر اور عورتیں بھی حلال ہوئیں یا نہیں حضرت عائشہ کا مذہب اسی حدیث میں گذرا انس فرماتے ہیں کہ آخر عمر تک عورتیں آپ پر حرام ہی رہیں یعنے موجود ہیں کے سوا اور سے نکاح جائز نہ تھا جیسے فرمایا اللہ نے لا یحل لک النساء من بعد یعنے اب انکے بعد اور عورتیں تجھے حلال نہیں مکرمہ اور ضحاک کہتے ہیں کہ عدم حلت سے یہ مراد ہی کہ سوا ان عورتوں کے جنکا آیا احللنا لک ازواجک میں حلال ہونا مذکور ہے اور عورتیں حرام ہیں اور اختلاف کیا ہے علمانی انہیں ہی کہ نکاح بلفظ ہبہ امت کے حق میں جائز ہے یا نہیں مثلاً عورت کہی کہ میں نے اپنے جان تجھے ہبہ کی تو نکاح صحیح ہوگا یا نہیں پس اکثر اسطرف گئے ہیں کہ نکاح صحیح نہو گا جب تک نکاح یا تزویج کا لفظ نہ کہا جاوے اور سعید بن مسیب اور زہری اور مجاہد اور عطا کا یہی قول ہے اور ربیعہ اور مالک اور شافعی بھی اسکی قائل ہیں اور ایک جماعت اسطرف گئے ہے کہ بلفظ ہبہ اور تملیک بھی صحیح ہوجاتا ہے اور یہی قول ہے ابراہیم نخعی اور اہل کوفہ یعنے احناف کا اور جنکے نزدیک نکاح بغیر لفظ نکاح یا تزویج کے جائز نہیں ہوتا انکا اختلاف ہے نکاح میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک گروہ تو کہتا ہے کہ آنحضرت کا نکاح بلفظ ہبہ بھی جائز ہوجاتا ہے اور یہ خاصہ ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اسلئے کہ اللہ تعالی نے فرمایا خالصۃ لک من دون المؤمنین اور دوسرا گروہ اسطرف گیا ہے کہ صحیح نہیں ہوتا بغیر لفظ نکاح یا تزویج کے اسلئے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے ان اراد النبی ان یستنکحہا یعنے نبی کے واسطے بھی اللہ تعالی نے نکاح ہی کا لفظ فرمایا مگر مخصوص حضرت کے

ساتھ فقط ترک مہر ہے یعنے بغیر مہر کے آپکا نکاح درست ہے اور باقی رہا لفظ نکاح اسمین آپ اور امت دونونکا ایک حال ہے اور اسمین بھی اختلاف ہے کہ ایسی کو ہبہ ہوتی تھی آپکی جنہون نے اپنی جان ہبہ کردی ہو یا نہین عبداللہ بن عباس اور مجاہد نے کہا ایسی کوئی ہوتی نہ تھی اور جو بیان آپکے پاس نہین ہو منکوحہ تھین یا ملکہ اور ان دونون قسمہا جملہ شرطیہ ہے اور وہ لازم الوقوع نہین اور دوسرون نے کہا ہی کہ آپکے پاس موجود بھی تھین اور اسمین بھی اختلاف ہے کہ وہ کون تھین بعضی نے کہا زینب بنت خزیمہ ہلالیہ کہ انکو ام المساکین کہتی تھی قتادہ کہتی ہین کہ وہ میمونہ بنت حارث تھین علی بن حسین اور ضحاک اور مقاتل نے کہا کہ وہ ام شریک بنت جابر تھین عروہ بن زبیر نے کہا کہ وہ خولہ بنت حکیم تھین بنی سلیم کے قبیلہ سے ہذا خلاصۃ مافی النووی مع تقدیم وتاخیر **عن** انس بن مالک قال نبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بامرأۃ من نسائہ فارسلنی فدعوت قوما الی الطعام فلما اکلوا وخرجوا قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منطلقا قبل بیت عائشۃ فرای رجلین جالسین فانصرف راجعا فقام الرجلان فخرجا فانزل اللہ یا ایہا الذین امنوا لا تدخلوا بیوت النبی الا ان یؤذن لکم الی طعام غیر ناظرین اناہ **ترجمہ** انس بن مالک سے روایت ہی کہا انہون نے کہ زفاف کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویون سے ایک عورت سے اور مجھی بلا بھیجا اور میں نے ایک گروہ کو بلایا کہا کھایا یہ جب وہ کہا چکے اور باہر نکلی کہ جیسی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم چلتے ہوئی حضرت عائشہ کے گھر کیطرف سو دیکھا آپنے کہ دو شخص بیٹھے ہین یہ آپ لوٹ گئی سو کھڑے ہوئی وہ دونون اور باہر چلے گئی پس اللہ تعالی نے یہ آیتہ یا ایہا الذین امنوا اسی آخر تک یعنی اے ایمان والون نہ داخل ہو گھرونمین نبی کے مگر جب وہ اجازت دیوین اور بلاوین کہانیکو نہ یہ کہ انتظار کرتے رہو اسکے پکنے کا **ف** اس حدیث مین ایک قصہ ہی اور یہ حدیث حسن ہے غریب ہم بیان کی روایت سے اور روایت کیے ثابت بنی انس سے یہ حدیث اپنی طول کے ساتھ **عن** انس بن مالک قال کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاتی باب امرأۃ عرس بہا فاذا عند قومہ فاطال فعضی حاجۃ فاحبس لہ رجع وعندھا قوم فاطالوا فقام فخرج وقد خرجوا قال فدخل واخی بینی وبینہ سترا قال فانزلہ او انی طعامہ قال فقال لان کان کما تقول لینزلن فی ھذا شیء قال فنزلت آیۃ الحجاب **ترجمہ** انس بن مالک نے کہا کہ مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اور آپ ایک بی بی کے دروازے پر تشریف لائی کہ آپنی انکو بیوی بنایا تھا سو انکے پاس ایک گروہ کو پایا اور آپ چلے گئے اور اپنا کچھہ کام کیا اور پہر آئی اور وہ لوگ باہر جا چکے تھے انس نے کہا کہ پہر آپ داخل ہوئے اور سیر اور اپنی بیچمین پردہ ڈال دیا کہا انس نے کہ پہر ذکر کیا مین نے اسکا ابی طلحہ سے انہون نے کہا اگر ایسا ہی ہی جیسا تو کہتا ہے تو بیشک اسبارہ مین کچھہ اتریگا کہا راوی نے کہ پہر آیت حجاب اتری **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور عمر بن سعید کو اسمع کہتے ہین **متجم** جن بی بی کا زفاف تھا وہ زینب بنت جحش تھین اور حضرت کئی بار آئی گئے کہ یہ لوگ جو اس گھر مین بیٹھے ہین چلے جائین اور آیت حجاب وہی ہے جو اوپر کے حدیث مین گذری ابن عباس سے مروی ہے کہ یہ آیت نازل ہوئی ہے ان مسلمانون کے حق مین کہ منتظر رہتے تھے آنحضرت کی کہانا پکنے کے پہر جب کھانا قبل نکلنے کے جا بیٹھتے اور کہا کہ باہر جاتے حضرت کو تکلیف ہوتی آپکا کوئی آرام کرنیکا مقام سوا اسکے نتھا اسپر اللہ تعالی نے یہ آیت اتاری **عن** انس بن مالک قال تزوج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فدخل باھلہ فصنعت امی ام سلیم حیسا فجعلتہ فی تور فقالت یا انس اذھب بھذا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقل لہ بعثت بھذا الیک امی وھی تقرئک السلام وتقول ان ھذا لک منا قلیل یا رسول اللہ قال فذھبت بہ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت ان امی تقرئک السلام وتقول ان ھذا لک منا قلیل قال ضعہ ثم قال اذھب فادع لی فلانا ولفلانا ولمن لقیت فسمی رجالا قال فدعوت من سمی ومن لقیت قال قلت لانس عدتکم کم کانوا قال زھاء ثلثمائۃ قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا انس ھات یا التور قال فدخلوا حتی امتلات الصفۃ والحجرۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیتحلق عشرۃ عشرۃ ولیاکل کل انسان مما یلیہ قال فاکلوا حتی شبعوا قال فخرجت طائفۃ ودخلت طائفۃ حتی اکلوا کلھم قال لی یا انس ارفع قال فرفعت فما ادری حین وضعت کان اکثر ام حین رفعت قال وجلس طوائف منھم یتحدثون فی بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جالس وزوجتہ مولیۃ وجھھا الی الحائط فثقلوا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فخرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسلم علی نسائہ ثم رجع فلما راو

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ رَجَعَ فَظَنُّوْا اَنَّھُمْ قَدْ ثَقُلُوْا عَلَیْہِ فَابْتَدَرُوْا الْبَابَ فَخَرَجُوْا کُلُّھُمْ وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اَرْخَی السِّتْرَ وَدَخَلَ وَاَنَا جَالِسٌ فِی الْحُجْرَۃِ فَلَمْ یَلْبَثْ اِلَّا یَسِیْرًا حَتّٰی خَرَجَ عَلَیَّ وَاُنْزِلَتْ ھٰذِہِ الْاٰیَاتُ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَھُنَّ عَلَی النَّاسِ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّآ اَنْ یُّؤْذَنَ لَکُمْ اِلٰی طَعَامٍ غَیْرَ نٰظِرِیْنَ اِنٰہُ وَلٰکِنْ اِذَا دُعِیْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِیْنَ لِحَدِیْثٍ اِنَّ ذٰلِکُمْ کَانَ یُؤْذِی النَّبِیَّ اِلَی اٰخِرِ الْاٰیَۃِ قَالَ الْحُجَّدُ قَالَ اَنَسٌ اَنَا اَحْدَثُ النَّاسِ عَھْدًا بِھٰذِہِ الْاٰیَاتِ وَحُجِبَ نِسَاءُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رحمہ

انس بن مالک نے کہا نکاح کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک بی بی سے (یعنے زینب سے) پھر اپنے گھر مین تشریف لیگئے (یعنے بیوی کے پاس) سو میری ماں ام سلیم نے کچھ حیس پکایا اور ایک پتیل کے یا تپہر کے برتن مین کرکے مجھے کہا ای انس لیجا اسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہہ کہ بہیجا ہے اسکو میرے ماں نے اور وہ آپکو سلام کہتے ہین اور عرض کرتے ہین کہ یہہ ہمارے طرف سی آپکو نہایت قلیل ہے ای رسول اللہ کے انس نے کہا پھر مین اُسے لیکر حضرت کی خدمت مین حاضر ہوا اور مینے عرض کی کہ میرے ماں آپکو سلام کہتی ہین اور کہتی ہین یہ آپکو ہمارے طرف سے نہایت قلیل ہے آپنے فرمایا رکھدو پھر فرمایا جاؤ اور فلانے فلانے شخصون کو اور جو تمکو ملے اُسکو بلا لاؤ اور کئی آدمیون کے نام فرمائے انس نے کہا پھر اُن سبکو مین نے بُلایا جنکے نام آپنے لئے تہے اور جو مجھے ملگیا راوی کہتا ہے کہ مین نے انس سے پوچہا کتنے لوگ ہونگے انہون نے کہا کہ تین سو کی قریب انس نے کہا پھر مجھے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ای انس وہ برتن لاؤ انس نے کہا پھر سب گھر مین داخل ہوے یہانتک کہ دالان اور کوٹہری سب بہر گئے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دس دس آدمی کا حلقہ باندہ لو اور ہر شخص اپنے پاس سے کہاوے انس نے کہا پھر سب نے کہایہانتک کہ سیر ہوگئے اور ایک گروہ نکلتا تہا اور دوسرا داخل ہوتا تہا یہانتک کہ سب کہا چکے پھر آپنے مجھہ سے فرمایا کہ لے انس اُٹہاؤ (یعنے یہ برتن) انس نے کہا پھر مینے اُٹہایا سو مین نہین جانتا تہا کہ جب مینے رکہا تہا اُسوقت زیادہ تہا یا جب مین نے اُٹہایا کہا راوی نے اور بیٹہی رہے کئی آدمی اسی مکان مین باتین کرتے ہوے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے گہر مین اور رسول خدا بہی بیٹہے تہے اور آپکی بی بی دیوار کیطرف مونہہ پہیرے بیٹہین تہین اور آنحضرت پر لوگون کا بیٹہنا گران گذرا اور آپ نکلے اور سلام کیا آپنے عورتون پر یعنے ہر بی بی کے حجرے پر تشریف لیگئی یہ ہوئے یہ جب دیکہا اُنہون نے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم لوٹے گمان کیا اُنہون نے کہ حضرت کو ہمارا بیٹہنا گران گذرا سو جلدی سے وہ سب دروازہ کے باہر گئے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آکر پردہ ڈالدیا اور اندر آگئے حجرے کے اور مین بیٹہا ہوا تہا سو کچہہ دیر نہوئی کہ نکلے آپ میری طرف اور یہ آیتین اُترین سو آپنے نکلکر لوگون پر پڑہین یا ایہا الذین آمنوا سے آخر تک یعنے اے ایمان والون نہ داخل ہو نبی کے گہر وغیرہ مگر یہہ کہ بلائی جاؤ تم کہانیکو نہ یہہ کہ انتظار کرتے رہو اُسکے پکنے کا ولیکن جب تم بلائی جاؤ تو داخل ہو پھر جب کہا چکو چل پڑو اور نہ بیٹہے رہو باتین بنانیکو اس سے ایذا ہوتی ہے نبی کو اور وہ تمسے شرماتا ہے اور اللہ سچی بات سے نہین شرماتا اور جب مانگو تم کوئی چیز تو مانگ لو پردہ کے باہر سے یہہ بہت پاک کرنیوالا ہے تمہارے دلونکو اور بی بیون کے دلونکو اور تمکو لایق نہین کہ اذیت دو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو اور نہ یہ کہ نکاح کرو اُسکے بعد اُسکے بی بیون سے یہ اللہ کے نزدیک بڑا گناہ ہے انتہی حمید نے کہا انس کہتے تہے کہ پہلے سب لوگونسی مجھکو پہونچی ہین آیتین اور اُسی دنسی پردہ ہونے لگین ہیبیان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور حمید بیٹے ہین عثمان کے اور اُنکو ابن دینار کہتے ہین اور کنیت اُنکی ابوعثمان بصری ہے اور وہ ثقہ ہین اہل حدیث کے نزدیک والیکے اُنسی یونس بن عبید نے اور شعبہ اور حماد بن زید نے

**عَنْ** اَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِیْ مَجْلِسِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَۃَ فَقَالَ لَہٗ بَشِیْرُ بْنُ سَعْدٍ اَمَرَنَا اللّٰہُ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْکَ فَکَیْفَ نُصَلِّیْ عَلَیْکَ قَالَ فَسَکَتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی تَمَنَّیْنَا اَنَّہٗ لَمْ یَسْاَلْہُ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قُوْلُوْا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وَالسَّلَامُ کَمَا قَدْ عَلِمْتُمْ رحمہ ابی مسعود انصاری نے کہا کہ ہمارے پاس آئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور ہم سعد بن عبادہ کے مجلس مین تہے سو عرض کی آپسے بشیر بن سعد نے کہ حکم دیا ہے ہمکو اللہ تعالیٰ نے کہ درود بہیجین آپ پر سو کیونکر درود بہیجین آپ پر کہا راوی نے کہ آپ چپ ہورہے یہانتک کہ آرزو کی ہمنے کہ اُسنے نہ پوچہا ہوتا (یعنے گمان ہوا کہ شاید حضرت خفا ہوے) پھر آپنے فرمایا کہ کہو تم اللّٰھم سے مجید تک یعنے یا اللہ رحمت کر مجھ پر اور محمد کے آل پر جیسے رحمت کی تونے آل ابراہیم پر اور برکت دے محمد کو اور محمد کی آل کو جیسے برکت دی تونے ابراہیم کی آل کو جہانون مین

تو بڑی خوبیوں والا ہے بزرگی رکھتا اور فرمایا سلام تم پہنچا جان چکے ہو (یعنے التحیات میں) **ف** اسماعیل علی بن حمید اور کعب بن عجرہ اور طلحہ بن عبید اللہ اور ابی سعید اور زید بن خارجہ سے بھی روایت ہے اور انکو ابن حبان بھی کہتے ہیں اور بہت سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مفسر رحمہ** حضرت پر درود بھیجنے کا حکم اس آیت میں ہوا ہے اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا یعنے اللہ اور فرشتے اُسکے درود بھیجتے ہیں نبی پر اے ایمان والو درود بھیجو تم بھی اُسپر اور سلام بھیجو خوبی سلام بھیجنا اور اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں کمال تحریص اور ترغیب کے درود بھیجنے پر کئی طرح سے ایک تو یہ کہ فرمایا اللہ درود بھیجتا ہے دوسرے فرشتے بھی اُسکے پس معلوم ہوا کہ اقتدا اُنکے ضرور ہے تیسرے صیغہ مضارع کا فرمایا یعنے یصلون کہا کہ جو دوام اور ہمیشگی پر دلالت کرے یعنے عادت الٰہی اور عادت ملائکہ ہے کہ درود نبی پر بھیجتے ہیں نہ یہ کہ علی سبیل الشذوذ یہ امر اُنسے صادر ہو چوتھے خطاب کیا لوگوں کو توصیف ایمان معلوم ہوا کہ درود بھیجنا صفات مؤمنین سے ہے اور شیوہ ہے کامل الایمان لوگوں کا پانچویں صیغہ امر کا فرمایا یعنے سلّموا کہ مثبت وجوب کا ہے چھٹے مؤکد کیا اُسکے ساتھ سلام کو کہ متمم ہے درود کے مضمون کا ساتویں تسلیما اسے اُسکے تاکید کی اور یہ اہتمام شاید کسی اور نبی کے لئے نہ فرمایا ہوگا پس معلوم ہوا کہ درود افضل الحسنات ہے اور احسن العبادات وذلک المقصود **عن** اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ رَجُلًا حَيِيًّا سِتِّيْرًا مَا يُرٰى مِنْ جِلْدِهٖ شَيْءٌ اِسْتِحْيَاءً مِنْهُ فَاٰذَاهُ مَنْ اٰذَاهُ مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ فَقَالُوْا مَا يَسْتَتِرُ هٰذَا التَّسَتُّرَ اِلَّا مِنْ عَيْبٍ بِجِلْدِهٖ اِمَّا بَرَصٌ وَاِمَّا اُدْرَةٌ وَاِمَّا اٰفَةٌ وَاِنَّ اللّٰهَ اَرَادَ اَنْ يُّبَرِّئَهٗ مِمَّا قَالُوْا وَاِنَّ مُوْسٰى خَلَا يَوْمًا وَحْدَهٗ فَوَضَعَ ثِيَابَهٗ عَلٰى حَجَرٍ ثُمَّ اغْتَسَلَ فَلَمَّا فَرَغَ اَقْبَلَ اِلٰى ثِيَابِهٖ لِيَاْخُذَهَا وَاِنَّ الْحَجَرَ عَلَا بِثَوْبِهٖ فَاَخَذَ مُوْسٰى عَصَاهُ وَطَلَبَ الْحَجَرَ فَجَعَلَ يَقُوْلُ ثَوْبِيْ حَجَرُ ثَوْبِيْ حَجَرُ حَتّٰى انْتَهٰى اِلٰى مَلَاٍ مِّنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ فَرَاَوْهُ عُرْيَانًا اَحْسَنَ النَّاسِ خَلْقًا وَاَبْرَاَهٗ مِمَّا كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ وَقَامَ الْحَجَرُ فَاَخَذَ ثَوْبَهٗ فَلَبِسَهٗ وَطَفِقَ بِالْحَجَرِ ضَرْبًا بِعَصَاهُ فَوَاللّٰهِ اِنَّ بِالْحَجَرِ لَنَدَبًا مِّنْ اَثَرِ عَصَاهُ ثَلَاثًا اَوْ اَرْبَعًا اَوْ خَمْسًا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا **مترجمہ** ابی ہریرہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام ایک مرد باحیا پردہ پوش تھے کہ اُنکے بدن کوئی دیکھتا نہ تھا مارے شرم کے سو اُنکو ایذا دی بنی اسرائیل میں سے اور کہنے لگے یہ چھپاتا بدن دُہانتے ہیں تو اسلئے کہ اُنکے بدن میں کوئی عیب ہے برص ہو یا خصیے بڑے ہوں یا کوئی اور آفت ہو اور اللہ تعالےٰ نے چاہا کہ اُنکے تہمت سے بری کردے سو موسےٰ اکیلے اکیلے اپنے کپڑے پتھر پر رکھکے نہا رہے تھے (یعنے برہنہ) پھر جب نہا چکے اور اپنے کپڑے لینے آئے وہ پتھر بھاگا اُنکے کپڑے لیکر سو موسےٰ نے اپنا عصا لیا اور اُسکے پیچھے دوڑے اور کہتے جاتے تھے میرے کپڑے اے پتھر میرے کپڑے اے پتھر یہانتک کہ پہنچگیا وہ بنی اسرائیل کے ایک گروہ پر اور اُنہوں نے اُنکو ننگا دیکھا لیا کہ صورت شکل میں سب لوگوں سے بہتر ہے اور اللہ نے اُنکو بری کردیا اُنکی تہمت سے آپنے فرمایا کہ پھر وہ پتھر کھڑا ہوگیا اور موسےٰ نے اپنے کپڑے لیکر پہن لئے اور پتھر کو عصا مارنے لگے سو قسم ہے اللہ کی پتھر میں تین یا چار یا پانچ ہی مطلب ہے اللہ تعالیٰ کے اس قول کا یعنے اے ایمان والو مت ہو مثل اُن لوگوں کے کہ جنہوں نے ایذا دی موسیٰ کو اور پاک کردیا اللہ نے اُسکو اُس تہمت سے کہ اُنہوں نے لگائی تھی اور وہ اللہ کے نزدیک بڑا آبرو والا تھا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور مروی ہوئی ہے کئی سندوں سے بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **خاتمہ** سورۂ احزاب میں بہت سے فوائد جدیدہ اور مضامین پسندیدہ اس ترتیب سے مذکور ہیں کہ خطاب نبی کو اوامر تقویٰ کا اور نہی منافقوں اور کافروں کی اطاعت سے اور نہاد و دل کا کسیکے سینہ میں اور حکم زنان مظاہر کا اولیٰ اور مقدم ہونا نبی کا مؤمنوں کے جان سے اور مؤمنوں کی ماں ہونا آپکے بیبیوں کا اقرار لینا تمامی انبیا سے از لیں قصہ جنگ احزاب کا اور آجانا کفار کے فوجوں کا ہر طرف سے اور ابتلا مؤمنین کے اور مداہنت اور گھبرانا منافقین کا آیت تخییر ازواج تعلیم ازواج مطہرات کو بات کرنیکے آیۃ تطہیر اور وعدہ اجر عظیم اور مغفرت کا دس چیزوں پر یعنے اسلام اور ایمان اور قنوت اور صدق اور صبر اور خشوع اور صدقہ اور صوم اور حفظ فروج اور ذکر آپکے بے اختیار ہو جانا مؤمنوں کا جب خدا اور رسول کا حکم آجاوے اور باطل ہو جانا تقلید کا جب حدیث پہونچے قصہ نکاح زینب کا اور فضیلت نکاح ثانی کی امر ذکر کثیر کا اور تسبیح کا صبح اور شام اور درود بھیجنا اللہ اور ملائکہ کا مؤمنوں پر شاہد اور مبشر اور نذیر اور داعی الی اللہ اور سراج منیر ہونا رسول کا قبل مس سکو طلاق دینی اُسکو حدت کا نہونا تحلیل ازواج مطہرات اور بعد مدینہ کی نبی کے لئے اور تحلیل مہاجرات کے جو آپکی قرابت رکھتے ہوں اور تفصیل اُنکے اور تحلیل اُسکے جو اپنے نفس کو ہبہ کرے خاص نبی کے واسطے

اور آداب گھر میں آنی جانی کے اور حکم چلے جانیکا بعد کہنا کہانی کے اور حکم حجاب کا ازواج مطہرات کے لئے اور بیان اُن لوگوں کا جنسے پردہ نہیں ہے اور فضیلت اور امر درود کا اور لعنت اُنپر جو بنی کو ستاوین اور امر بڑی چادریں اوڑھنے کا عورتوں کو نکلتے وقت ڈرانا منافقوں کا کہ مدینہ سے نکالدی جاؤگی قیامت کا علم خدا ہی کو ہی وعید سعیر کے کافروں کے لئے اور حسرت کہانا اُنکا اطاعت رسول کے فوت ہونی پر اور خرابی تقلید کے اِن آیتوں میں بیان موسیٰ علیہ السلام کے برأت کا امر تقوی کا بیان عرض الملت کا سموات وارض پر وعید عذاب کے منافقوں کے لئے اور وعدہ مغفرت کا مومنوں کے واسطے سورۃ سبا

عن فروۃ بن مسیک المرادی قال اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقلت یا رسول اللہ الا اقاتل من ادبر من قومی بمن اقبل منھم فامرنی فلما خرجت من عندہ سال عنی ما فعل العظیفی فاخبرتہ انی قد شرت قال فارسل فی اثری فردنی فاتیتہ وھو فی نفر من اصحابہ فقال لاد عوا القوم من اسلم منھم فاقبل منہ ومن لم یسلم فلا تعجل حتی احدث الیک قال وانزل فی سبا ما انزل فقال رجل یا رسول اللہ وما سبا ارض او امرأۃ قال لیس بارض ولا امرأۃ ولکنہ رجل ولد عشرۃ من العرب فتیامن منھم ستۃ وتشاء م منھم اربعۃ فاما الذین تشاء موا فلخم وجذام وغسان وعاملۃ واما الذین تیامنوا فالازد والاشعریون وحمیر وکندۃ ومذحج وانمار فقال رجل یا رسول اللہ وما انمار قال الذین منھم خثعم وبجیلۃ ترجمہ فروہ بن مسیک مرادی نے کہا کہ آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور میں نے عرض کی کہ ای رسول اللہ کے کیا نہ لڑوں میں اُس شخص سے کہ جو اسلام سے پیٹھ موڑے میری قوم میں سے اُن لوگوں کو ساتھ لیکر جو انمیں قبول کر چکے تو آپنے اجازت دی مجھے اور امیر کیا اپنے قوم کا پھر جب میں آیکے پاس سے نکلا میرا حال آپنے پوچھا کہ عطیفی کہاں گیا اور خبر بھیجے آپکو کہ میں چلا گیا کہا راوی نے کہ پھر میرے پیچھے بھیجا کسیکو کہ وہ مجھے لوٹا لایا اور میں حاضر ہوا اور آپ چند اصحاب میں بیٹھے تھے پھر آپنے فرمایا ملا تو قوم کو پھر جو اسلام لائی قبول کر اور جو اسلام نہ لائی جلدی نہ کر یہانتک کہ میں تازہ حکم بھیجوں تجھکو کہا راوی نے اور اُترچکے تھے کیفیت سبا کے سو ایک شخص نے پوچھا کہ ای رسول اللہ کے سبا کوئی زمین ہے یا کسی عورت کا نام آپنے فرمایا نہ زمین ہے نہ عورت مگر ایک مرد تھا عرب کا اُسکے دس لڑکے تھی جنمیں سے چھ کو اُنمیں سے مبارک جانا اور چار کو منحوس پھر جنکو منحوس جانا وہ لخم ہیں اور جذام اور غسان اور عاملہ اور جنکو مبارک سمجھا وہ ازد ہیں اور اشعری اور حمیر اور کندہ اور مذحج اور انمار پھر ایک شخص نے کہا ای رسول اللہ کے انمار کونسا قبیلہ ہے آپنے فرمایا جنمیں خثعم اور بجیلہ ہیں ف یہ حدیث غریب ہے حسن ہے مترجم سبا بیٹا ہی یعجب کا وہ بیٹا ہے یعرب کا وہ بیٹا ہی قحطان کا اور ساکن اُنکے یمن میں تھے اللہ نے اُنکی طرف تیرہ نبی بھیجی اور اُنکے شہر نہایت کثیر الفواکہ تھے اور پاکیزہ اُنمیں کھیے اور مچھر اور بچھو نہ تھے پھر اُنکے پیغمبروں نے اللہ کیطرف بلایا اور اُسکی نعمتیں بیان فرمائیں اُن نالایقوں نے کہا اللہ کے کوئی نعمت ہمکو نہیں معلوم ہوتی پھر اللہ نے اُنکا مالات توڑ دیا کہ جس سے تمام ملک سینچا جاتا تھا اور اُسمیں تاثیر زہر کے دیدی کہ وہ پانی جس زمین پر گذر گیا وہ بنجر ہو گئی کذا ذکرہ البغوی عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قضی اللہ فی السماء امرا ضربت الملئکۃ باجنحتھا خضعانا لقولہ کانھا سلسلۃ علی صفوان فاذا فزع عن قلوبھم قالوا ماذا قال ربکم قالوا الحق وھو العلی الکبیر قال والشیاطین بعضھا فوق بعض ترجمہ ابی ہریرہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالی آسمانوں پر کوئی حکم فرماتا ہے فرشتے اپنے پر مارتے ہیں عاجزی کے راہ سی اللہ کے قول کے لئے اور ایک آواز آتی ہے جیسے ایک زنجیر کھڑکانی کی تہر پر پھر جب فرشتوں کو ہوش آتا ہے ہر ایک دوسرے سے کہتا ہے تمہارے رب نے کیا کہا دوسرے فرشتے جواب دیتے ہیں کہ سچ کہا اور وہ بلند ہے بڑا اور فرمایا آپنے کہ شیطان آسمان و زمین کے بیچمیں ایک دوسرے پر جمع ہو جاتے ہیں تاکہ احکام الٰہی اور خبر آسمانی میں کچھ چرا دیں ف حدیث حسن ہے صحیح عن ابن عباس قال بینما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جالس فی نفر من اصحابہ اذ رمی بنجم فاستنار فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما کنتم تقولون لمثل ھذا فی الجاھلیۃ اذا رأموہ قالوا کنا نقول یموت عظیم او یولد عظیم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانہ لا یرمی بہ لموت احد ولا لحیاتہ ولکن ربنا تبارک اسمہ وتعالی اذا قضی امرا سبح حملۃ العرش ثم سبح اھل السماء الذین یلونھم حتی یبلغ التسبیح الی ھذہ السماء ثم سأل اھل السماء السادسۃ اھل السماء السابعۃ ماذا قال ربکم قال فیخبرونھم ثم یستخبر اھل کل سماء حتی یبلغ الخبر الی اھل السماء الدنیا وتخطف الشیاطین السمع فیرمون فیقذفونہ الی اولیائھم فما جاء وا بہ علی وجھہ فھو حق ولکنھم یحرفون ویزیدون ترجمہ عبد اللہ بن عباس نے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اپنے

اصحاب مین بیٹھے ہوے تھی کہ یکبارگی ایک تارہ ٹوٹا اور روشنی ہوگئی آپنے فرمایا کہ تم اسکو جاہلیت مین کیا کہتے تھے جب یکبارگی تھی اُنھون نے کہا ہم کہا کرتے تھے کہ جب کوئی شخص بڑا مرتا ہے یا کوئی بڑا پیدا ہوتا ہے تب یہ ٹوٹتا ہی آنحضرت نے فرمایا کہ یہ کیسے موت وحیوٰۃ کے سبب سے نہین ٹوٹتا ولیکن ہمارا پروردگار کہ بڑی برکت والا ہے نام اُسکا اور بلند ہی ذات اُسکی جب وہ حکم کرتا ہے کسیکام کا تسبیح کرتے ہین حاملان عرش پھر تسبیح کرتے ہین اُس آسمان والی فرشتی جو عرش کے قریب ہے پھر جو اُس سے قریب ہین یہانتک کہ شہرہ اور غلغلہ سبحان اللہ کا اس آسمان تک پہونچتا ہے پھر چھٹے آسمان والے فرشتے ساتوین آسمان والون سے پوچھتے ہین کہ کیا فرمایا تمہارے پروردگار نے پھر اُنکو وہ خبر دیتے ہین پھر اسیطرح ہر نیچے آسمان والے اوپر کی آسمان والون سے پوچھتے جاتی ہین یہانتک کہ دنیا کی آسمان پر خبر پہونچتی ہے اور جن اُچک کر سُننا چاہتے ہین سو اُنپر ٹپرتی ہے اور وہ کچھ بات لاکر ڈالدیتے ہین اپنے یارون کیطرف لیکن جو کاہن ہین پھر جسکو وہ جیسے ہی ویسی ہی پونہچاتی ہین وہ خبر تو سچ ہوتی ہے مگر وہ اُسکو بدلتے ہین اور بڑھا گھٹا دیتے ہین **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث زہری سے اُنھون نے روایت کی علی بن حسین سے اُنھون نے ابن عباس سے اُنھون نے انصار کے کئی مردون سے کہ اُن انصاریون نے کہا کہ ایکدن حاضر تھے ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آخر حدیث تک **خاتمہ** سورۂ سبا مین عمدہ عمدہ مضامین اس ترتیب سے مذکور ہین کہ پہلے حمد باریتعالیٰ کی بعد اُسکے انکار کرنا کافرونکا قیامت پر اور وعدۂ مغفرت اور رزق کا مؤمنین صالحین کے لئے جاننا عالمونکا کہ قرآن حق ہے اور ہدایت کرتا ہے صراط مستقیم کے طرف تعجب کافرونکا اور پر خبر بعث کی ڈرانا کافرونکو زمین پھٹنے سے اور آسمان گرنے سے قصہ داؤد علیہ السلام کا اور تسبیح جبال کے اُسکے ساتھ اور قصہ سلیمان کے مسخر شام کے سیر کا اور تانبی کا چشمہ بہنا اُسکے لئے اور بنانا جنون کا محاریب اور تماثیل اور جفان اور قدور راسیات وغیر ذلک اور قصہ اہل سبا کا اور کیفیت اُنکے باغون کی تالک ہونا معبودان باطل کا ایک ذرہ پر آسمان وزمین سے اور نہونا شفاعت کا بے اذن خدا کے کیفیت اذن خدا کے حکم اُترنیکی عرش سے قائل ہونا مشرکونکا بھی اللہ تعالیٰ کی رزاقیت پر اور فیصلہ مشرکون اور موحدون کا قیامت مین عام ہونا حضرتکے رسالت کا کافہ للناس کے لئے اور بشیر ونذیر ہونا اُنکا اور جلدی کرنا کافرونکا قیامت کے لئی انکار کافرونکا قرآن اور کتب سابقہ سے تکبر کرنا ہر قریہ کے امیرونکا کثرت اموال واولاد پر کشادگی اور تنگی رزق کا اللہ کے ہاتہ مین ہونا اموال واولاد کا موجب قرب الٰہی نہونا سوائے ایمان وعمل صالح کے وعید عذاب کے منکر آیات کی لئے پوچہنا اللہ تعالیٰ کا فرشتون سے کہ لوگ تمکو پوجتے تھی اور جواب اُنکا کافرون کا قرآن سُننے کی وقت کہنا کہ یہ شخص ہمارے باپ دادا کے معبودون سے روکتا ہے عطا نہونا اہل مکہ کو کوئی کتاب قبل نزول قرآن کے ہلاک ہونا اگلے جھٹلانیوالونکا باوجود کثرت اموال و اولاد کے خطاب کافرونکو کہ ایک ایک اور دو دو تفکر کرین امر رسول مین اور جانی کہ اُسے جنون نہین حق کا اُترنا آسمان سے حق آتی ہی باطل کا بہاگ جانا کہنا نبے کا کہ اگر مین گمراہ ہون وبال مجہپر ہے میرے اطاعت مین تمہارا کیا نقصان ہے کافرونکا گھبرانا آخرت مین **سُوْرَۃُ الْفَاطِرِ عَنْ** اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْکِتٰبَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْھُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِہٖ وَمِنْھُمْ مُّقْتَصِدٌ وَّمِنْھُمْ سَابِقٌ بِالْخَیْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰہِ قَالَ ھٰؤُلَآءِ کُلُّھُمْ بِمَنْزِلَۃٍ وَّاحِدَۃٍ وَّکُلُّھُمْ فِی الْجَنَّۃِ **ترجمہ** ابی سعید سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس آیت کی تفسیر مین ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْکِتٰبَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا سے بِاِذْنِ اللّٰہِ تک یعنے پہر وارث کیا ہمنے کتاب کا اُن لوگونکو کہ پسند کیا ہمنے اپنے بندون سے سو اُنمین سے بعضے ظالم ہین اپنے جان کے لئے اور اُنمین سے بعضے متوسط ہین اور اُنمین سے بعضے اگے بڑہنے والی ہین نیکیون کی ساتھ اللہ کے حکم سے سو فرمایا آپنے یہ سب اسلام مین برابر ہین اور سب جنت مین ہین **ف** یہ حدیث غریب ہے حسن ہے **مترجم** سامہ بن زید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا یہ تینون گروہ اسی امت سی ہین اس آیتہ سے بڑے فضیلت قرآن پڑہنے والونکی ثابت ہوئی اور عمر بن خطاب نے یہ آیتہ منبر پر پڑہی اور فرمایا کہ مین نے حضرت سی سنا ہی کہ فرماتے تھی اگے بڑہنے والی ہم مین کا وہ تو اگے بڑہنے والا ہی ہے اور متوسط نجات پانی والا اور ظالم بخشا ہوا ہی ثابت سی روایت ہے کہ ایکدن داخل ہوا مسجد مین اور سُنے دعا کی کہ ای اللہ رحم کر میرے غربت پر اور انس دی میرے وحشت مین اور عنایت کر مجہکو ایک ہمنشین نیک سو ابو درداء جو صحابی تھے اُنھون نے فرمایا کہ اگر تو نے سچی دل سی یہ دعا کی ہے تو تیری صحبت سے ہم زیادہ سعادت پامین گے بہ نسبت تیرے پہر کہا ابو درداء نی سنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے آپنی پڑہی آیت ثم اورثنا اور فرمایا سابق بالخیرات داخل ہوگا جنت مین بغیر حساب کے اور مقتصد کا حساب ہوگا آسانی سے اور ظالم لنفسہ کا جاویگا قیامت کے میدان مین اور فکر مین پڑجاویگا پہر داخل ہوگا

جنت میں پہنچ جائیں گے یہ آیت اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ دیکھیے وہ بعد فکر کے جنت میں جا کر یہ کہیگا کہ سب تعریف اللہ کو ہے جسنے دور کیا مجھسے فکر کو میرا رب بخشنے والا قدردان اور عقبہ بن صہبان نے کہا میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ آیت پوچھی ثُمَّ اَوْرَثْنَا تو انہوں نے فرمایا اے میرے بیٹے یہ تینوں جنت میں ہیں اور سابق بالخیرات وہ لوگ ہیں کہ حضرت کے زمانہ میں گذر گئے اور حضرت نے انکو جنت کی بشارت دی اور متوسط وہ لوگ ہیں کہ قدم بقدم اصحاب کے چلے یہانتک کہ انسے ملگئے اور رہی ظالم لنفسہ سو جیسے میں اور تم پس حضرت عائشہ نے اپنے نفس کو ہمارے ساتھ شمار کیا یعنے رہی نصیب ہمارے انتہے فقیر کہتا ہے کہ کمال کسر نفس تھا ام المومنین رضی اللہ عنہا کا ورنہ وہ سابقین بالخیرات میں ہیں کہ اللہ تعالے نے انکی طہارت اور براءت قرآن میں اُتاری الروایات کلہا من المعالم **خاتمہ** سورۂ فاطر کہ اُسے سورۂ ملائکہ بھی کہتے ہیں مضامین عمدہ پر شامل ہے جیسے حمد باری تعالے کی اور قدرت اُسکی سموات کے پیدا کرنے سے اور رسول کرنے سی ملائکہ کے اور بیان فتح اور امساک رحمت کا بیان رزق کا تسکین ہمارے پیغمبر کے اگلے قوموں کی تکذیب سُنا کر حق ہونا وعدۂ الٰہی کا اور ڈرانا فریب دنیا سے بیان شیطان کے عداوت کا انسان سے وعید عذاب شدید کی کافروں کے لئے وعدہ مغفرت اور اجر کبیر کا مومنوں کے لئے ہونا ہدایت اور ضلالت کا اللہ کے مشیت سے بیان ہواؤں کے چلانے اور بدلیوں کی اُٹھانی کا ہونا پوری عزت کا اللہ کے لئے اور چڑھنا پاک کلموں کا اُسکی طرف اور عمل صالح کا پیدا ہونا انسان کا نطفہ سے بیان اُسکی قدرتوں کا جیسے پیدا کرنا میٹھے اور کھاری دریاؤں کا اور پیدا کرنا تر گوشت کا یعنے مچھلے کا اُس سے اور نکالنا زیور کا اور چلنا کشتی کا سمجھنا منکر ہونا مشرکوں کا حشر کے دن اپنے شرک سے محتاج ہونا انسان کا اور غنی ہونا رحمن کا بیان اسکا کہ کوئی کسیکا گناہ نہ اُٹھاویگا قیامت کے دن اگرچہ عزیز ہو بیان اسکا کہ ڈرانا نفع نہیں دیتا مگر انہیں کو جنکو خدا کا خوف ہے برابر نہ ہونا اندھے اور انکھیاری کا بیان مردے کے نہ سُننے کا بیان اگلے قوموں کے جھٹلانیکا تکبر الٰہی کی جیسے مینہ کا برسانا بیلوں کا لانا جبال و دواب و انعام کا پیدا کرنا ڈرتے رہنا عالموں کا پروردگار سے فضیلت قرآن پڑھنے والوں کے تصدیق قرآن بیان تین قسم کے وارثان کتاب کا ظالم اور مقتصد اور سابق بالخیرات شکر جنتیوں کا غم کے جانے پر دوزخ جہنم کا دوزخیوں کے ثبوت علم غیب کا اللہ تعالی کے لئے غصہ اور نقصان کافروں پر رد اشراک نے الدعا کا بیان آسمان کے تھامنے کا جھوٹی قسمیں کھانا کافروں کا کہ اگر ہمارے پاس نبی آوین تو ہم اوروں سے زیادہ ہدایت پاوین تحویل و تبدیل ہونا عادت الٰہی میں تحریص اور ترغیب زمین میں سیر کرنیکے الم اگر مواخذہ کرے تو کوئی رینگنے والا زمین پر نہ چھوڑے **سُوْرَةُ یٰسٓ عَنْ** اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ كَانَتْ بَنُوْ سَلِمَةَ فِیْ نَاحِیَةِ الْمَدِیْنَةِ فَاَرَادُوْا النُّقْلَةَ اِلٰی قُرْبِ الْمَسْجِدِ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰی وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اٰثَارَكُمْ تُكْتَبُ فَلَا تَنْتَقِلُوْا رَوَاهُ مُسْلِمٌ **ترجمہ** ابی سعید خدری سے روایت ہے انہوں نے کہا بنی سلمہ مدینہ کے کنارے مسجد کے قریب اُٹھ آنا چاہتے تھے تو یہ آیت اتری انا نحن نحیی الموتی ہم زندہ کرتے ہیں مردوں کو اور لکھتے ہیں جو انہوں نے آگے بھیجا اور قدم انکے فرمایا حضرت نے قدم تمہارے لکھے جاتے ہیں سو تم اپنے گھر نہ بدلو **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ثوری کے روایت سے اور ابو سفیان مورد طرف سعد ہے **عَنْ** اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ حِیْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اَبَا ذَرٍّ اَتَدْرِیْ اَیْنَ تَذْهَبُ هٰذِهِ قَالَ قُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّهَا تَذْهَبُ فَتَسْتَاْذِنُ فِی السُّجُوْدِ فَیُؤْذَنُ لَهَا وَكَاَنَّهَا قَدْ قِیْلَ لَهَا اطْلُعِیْ مِنْ حَیْثُ جِئْتِ فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا قَالَ ثُمَّ قَرَاَ وَذٰلِكَ مُسْتَقَرٌّ لَّهَا قَالَ وَذٰلِكَ فِیْ قِرَاءَةِ عَبْدِ اللّٰهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ **ترجمہ** ابی ذر سے روایت ہے انہوں نے کہا داخل ہوا میں مسجد میں جب آفتاب غروب ہوا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے سو آپنے فرمایا کیا ابی ذر تو جانتا ہے کہ آفتاب کہاں جاتا ہے میں نے کہا اللہ اور رسول اسکا خوب جانتا ہے فرمایا آپنے کہ وہ جاکر اجازت مانگتا ہے اللہ تعالی سے سجدہ کی اور اُسکو اجازت ملتی ہے اور گویا کہ اُس سے کہا جاتا ہے کہ تو نکل وہیں سے جہاں سے آیا ہے یعنے جہاں غروب ہوا ہے سو وہ نکلیگا مغرب سے یعنے قیامت کے قریب کہا راوی نے کہ پھر آپنے یہ آیت پڑھی وذلک مستقر لہا اور وہ اُسکے ٹھہرنے کی جگہ ہے کہا راوی نے کہ قراءت عبد اللہ کے یہی ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **خاتمہ** یہ سورۃ کہ قلب قرآن ہے عمدہ عمدہ مطالب پر مشتمل ہے اور پسندیدہ مضامین پر متضمن ہے جیسے اثبات رسالت ہے نبی کی لئے اور نزول قرآن کا واسطے انذار اہل مکہ کے اور منحصر ہونا فوائد انذار تابعوں کے لئے بیان مردوں کے زندہ کرنی کا اور لکھنا اعمال و آثار عباد کو قصہ اصحاب قریہ انطاکیہ اور گفتگو حبیب نجار کے توحید کے بابین اور قدرتین اُس تعالے کے زمین کے زندہ کرنے سے اور جوب کے

کے نکالنے سے اور کھجور اور انگور کے باغ پیدا کرنے سے اور اسیطرح جیسے نہر ونکا جاری کرنا اور دنکا رات سے نکالنا اور سورج کا جاری کرنا اور منازل قمر مقرر کرنا اور کشتی میں انسانکا چڑہانا اور اعراض کافرونکا آیات قدرت سے اور حالات قیامت سے عاجز ہونا کافرونکا وصیت سے اور بہوتکنا صور کا اور نکلنا لوگون کا قبرون سے اور ترکیب لگانا جنتیون کا ارایک پر اور میوہ خوری اُنکی اور سلام اُنپر اللہ تعالے کے طرف سے اور خطاب اللہ تعالے کا مشرکونسے کہ تمنے تمسے عہد نہ لیا تھا کہ تم شیطان کو نہ پوجنا اور مُہر ہوجانا اُنکے مونہون پر اور کلام اُنکے ہاتونکا اور گواہی اُنکے پیرونکی اور تعلیم نہونا شرکا ہمارے نبی کو بیان چار پانیونکا قادر نہونا معبودان باطل کا اپنے عابدون کے نصرت پر پیدایش انسان کا بیان سبز درخت سے آگ نکلنے کا اثبات کرنے سے ہوجانا ہر چیز کا

**سُوْرَةُ وَالصّٰفّٰتِ عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ دَاعٍ دَعَا اِلٰى شَيْءٍ اِلَّا كَانَ مَوْقُوْفًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَازِمًا لَهٗ لَا يُفَارِقُهٗ وَاِنْ دَعَا رَجُلٌ رَجُلًا ثُمَّ قَرَأَ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ **ترجمہ** انس بن مالک نے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کوئی بُلانیوالا کسی چیز کیطرف ایسا نہین جو روز قیامت کے دن اور لازم نہو اُسکو وبال اُسکے دعوت کا ایسا کہ نہ چھوڑے اُسکو اگرچہ ایک آدمی نے ایک ہی کو بُلایا ہو مراد اس سے وہ لوگ ہین جو معاصی کیطرف لوگون کو بُلاتے ہین) پھر آپنے یہ آیت پڑہی کہ فرمایا اللہ تعالے نے وَقِفُوْهُمْ سے آخر تک یعنے ٹھہراؤ اُنکو یہہ پوچھے جائینگے اور کہا جاویگا اُنسے کیا ہوا ہے تمکو جو تُم ایکدوسرے کی مدد نہین کرتے **عَنْ** اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاَرْسَلْنَاهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ قَالَ عِشْرُوْنَ اَلْفًا **ترجمہ** ابی بن کعب نے حضرت سے اس آیت کی تفسیر پوچھے وارسلناہ یعنے اللہ فرماتا ہے بھیجا ہمنے اُسکو (یعنے یونس کو) ایک لاکھ آدمیون بلکہ زیادہ کی طرف فرمایا آپنے ایک لاکھ سے بیس ہزار زیادہ تھے **عَنْ** سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبَاقِيْنَ قَالَ حَامٌ وَسَامٌ وَيَافِثُ بِالثَّاءِ **ترجمہ** سمرہ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کے تفسیر مین فرمایا وجعلنا ذریتہ ہم الباقین یعنے ہمنے نوح ہی کی اولاد کو باقی رکھا فرمایا آپنے کہ وہ تین بیٹے تھے نوح کے حام اور سام اور یافث ثے سے کہا ابو عیسے نے کہ یافث اور یافث تے اور ثے دونون سے کہا جاتا ہے اور یفث بھی کہا گیا ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر سعید بن بشیر کے روایت سے **عَنْ** سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَامٌ اَبُو الْعَرَبِ وَحَامٌ اَبُو الْحَبَشِ وَيَافِثُ اَبُو الرُّوْمِ **ترجمہ** سمرہ ہی سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سام عرب کا باپ ہے اور حام حبش کا اور یافث روم کا **خاتمہ** جب حضرت نوح علیہ السلام کشتی سے اُترے سب لوگ جو آپکے ساتھ تھے ہلاک ہوگئے مگر آپکے تین بیٹے اور اُنکے بیبیان اب ساری دنیا اُنہین کے اولاد ہے انتہے سورہ صافات مین یہ مضامین بہ ترتیب مذکور ہین قسم صافات اور زاجرات اور تالیات کے توحید الوہیت اور ربوبیت پر بیان آسمان کے زمین کا کواکب سے اور حفاظت اُسکی شیاطین سے پیدا کرنا انسان کا چکنی مٹی سے بیان قیامت کا اور روبکاری ظالمونکی بیان جنتیون کا بیان زقوم کا دوزخ مین جانا بسبب تقلید کے بیان حضرت نوح کے نجات کا اور قوم کے ہلاک کا گفتگو ابراہیم علیہ السلام کے باپ سے اور قوم سے قصہ ذبح اسمٰعیل علیہ السلام کا قصہ موسی وہارون علیہم السلام کا قصہ الیاس کا قصہ لوط کا قصہ یونس علیہ السلام کا رد اُن مشرکون کا جو خدا کے بیٹیان ٹھہراتے ہین کلام ملائکہ کا اور تسبیح اُنکے وعدہ غلبہ عباد مرسلین کا تخویف کافرون کے ساتھ عذاب کے تنزیہ اور عزت باری تعالے کی

**سُوْرَةُ صٓ عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرِضَ اَبُوْ طَالِبٍ فَجَاءَتْهُ قُرَيْشٌ وَجَاءَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَ اَبِيْ طَالِبٍ مَجْلِسٌ رَجُلٌ فَقَامَ اَبُوْ جَهْلٍ كَيْ يَمْنَعَهٗ قَالَ وَشَكَوْهُ اِلٰى اَبِيْ طَالِبٍ فَقَالَ يَا ابْنَ اَخِيْ مَا تُرِيْدُ مِنْ قَوْمِكَ قَالَ اُرِيْدُ مِنْهُمْ كَلِمَةً تَدِيْنُ لَهُمْ بِهَا الْعَرَبُ وَتُؤَدِّيْ اِلَيْهِمُ الْعَجَمُ الْجِزْيَةَ قَالَ كَلِمَةً وَاحِدَةً قَالَ كَلِمَةً وَاحِدَةً يَا عَمِّ قُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَالُوْا اَجْعَلُ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَاحِدًا مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ اِنْ هٰذَا اِلَّا اخْتِلَاقٌ قَالَ فَنَزَلَ فِيْهِمُ الْقُرْاٰنُ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَشِقَاقٍ اِلٰى قَوْلِهٖ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ اِنْ هٰذَا اِلَّا اخْتِلَاقٌ **ترجمہ** ابن عباس نے کہا ابو طالب بیمار ہوئے اور قریش آئے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم بھی آئی اور ابو طالب کے پاس ایک آدمی کے بیٹھنے کے جگہہ تھے سوا ابو جہل اُٹھا کہ آپکو منع کرے (یعنے ہان بیٹھنے کو) راوی نے کہا کہ شکایت کی لوگون نے آنحضرت کی ابو طالب سے اُنہون نے کہا اے میرے بھائی کے بیٹے تم اپنے قوم سے کیا چاہتے ہو آپنے فرمایا مین چاہتا ہون ایک کلمہ کہ اگر اُسکو قبول کرین تو عرب حاکم ہون اور عجم سے جزیہ لیوین ابو طالب نے کہا ایک ہے کلمہ آپنے فرمایا ایک ہی کلمہ پر آپنے فرمایا اے چچا کہو تم لا الٰہ الا اللہ یعنے کوئی معبود نہین سوا اللہ تعالے کے

کہا اُنہوں نے کیا پوچھیں ہم کسی ایک احد کہنے تو یہ اگلی لوگوں نہیں سنا یہ بنائی ہوئی بات ہے اور اُترا اُنکے حق میں قرآن ص والقرآن ذی الذکر سے اختلاق تک **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **تبر جم** پوری آتیں یوں ہیں صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ ۝ بَلِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝ کَمْ اَهْلَکْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ ۝ وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْکٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ کَذَّابٌ ۝ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ۝ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓی اٰلِهَتِکُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ یُّرَادُ ۝ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝ یعنے قسم ہے قرآن نصیحت کرنیوالیکی بلکہ وہ لوگ جو کافر ہوئی ہیں سرکشی میں ہیں اور ضد میں کتنی ہلاک کیے ہم نے پہلے اُن سے سنگستین پس پکارتی پھرتی اور نہیں تہا وقت خلاص کا اور تعجب کیا اُنہوں نے کہ آیا اُنکے پاس ڈرانیوالا اُنہیں کا اور کافروں نے کہا یہ جادوگر ہے جھوٹا کیا کردیا اُنہے سب معبودوں کو ایک معبود بیشک یہ ایک چیز ہے تعجب کے اور چلے سردار اُنہیں کے کہتے ہوئی کہ چلو اور صبر کرو اپنی معبودوں پر تحقیق اسبات میں کچھہ غرض معلوم ہوتی ہے نہیں سُنی ہمنے یہ بات پچھلی دین میں نہیں ہی یہ مگر دلکی بنائی ہوئی بات **عن** ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اَتانی اللیلة ربی تبارک وتعالی فی احسن صورة قال حسبته قال فی المنام فقال یا محمد هل تدری فیم یختصم الملاء الاعلی قال قلت لا قال فوضع یده بین کتفی حتی وجدت بردها بین ثدیی او قال فی نحری فعلمت ما فی السموات وما فی الارض قال یا محمد هل تدری فیم یختصم الملاء الاعلی قلت نعم فی الکفارات والکفارات المکث فی المسجد بعد الصلوة والمشی علی الاقدام الی الجماعات واسباغ الوضوء فی المکاره ومن فعل ذلک عاش بخیر ومات بخیر وکان من خطیئته کیوم ولدته امه وقال یا محمد اذا صلیت فقل اللهم انی اسألک فعل الخیرات وترک المنکرات وحب المساکین واذا اردت بعبادک فتنة فاقبضنی الیک غیر مفتون قال والدرجات افشاء السلام واطعام الطعام والصلوة باللیل والناس نیام **ترجمہ** ابن عباس نے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آیا مکو میرا پروردگار آیا اچھی صورتمیں راوی نے کہا گمان کرتا ہوں میں کہ آپنے فرمایا خوابمیں اور فرمایا اے محمد جانتا ہی تو کہ کس میں جھگڑتے ہیں بلند گروہ کی فرشتے میں نے کہا نہیں پھر اپنا ہاتہ اللہ نے میرے شانوں کے بیچمیں رکھا کہ پائی میں نے اُسکی ٹہنڈک اپنے چہاتیوں میں یا فرمایا اپنی ہنسلی میں سو معلوم کرلیا میں نے جو ہی آسمانوں میں اور زمین میں پھر فرمایا اے محمد تو جانتا ہے کسمیں جھگڑتے ہیں بلند گروہ کے فرشتے میں نے کہا ہاں کفارہ میں اور کفارہ مسجد میں بعد نماز کے ٹہیرنا ہے آرجاعتونکیطرف پیدل چلنا ہی اور تکلیفوں میں وضو کا پورا کرنا ہے جسنے یہ کام کیا یعنے ہمیشہ مددرہا خیریت سے اور مرا خیریت سے اور اپنے گناہوں سے پاک رہا جیسے اُسیدن ماں نے جنا ہی پھر فرمایا اے محمد جب تو نماز پڑہ چکے تو کہہ اللھم سے آخر تک یعنی یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھسے نیک کام کرنا اور بُرے کام سے دور رہنا اور محبت مسکینوں کی اور جب ارادہ کرے تو اپنی بندوں کو بھلانے کا تو موت دی مجھے بغیر بھلائی فرمایا اپنی اور درجات سلام کا پھیلانا اور کھانا کھلانا اور رات کو نماز پڑہنا جب لوگ سوتی ہوں **ف** ذکر کیا ہے یحیی بن یعمر راوی نے ابی قلابہ اور ابن عباس کے بیچمیں ایکیا دو کس سند میں اور قتادہ نے ابی قلابہ سے روایت کیے اُنہوں نے خالد سے اُنہوں نے ابن عباس سے **روایت** کی ہم سے محمد بن بشار نے اُنہوں نے معاذ بن ہشام سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے قتادہ سے اُنہوں نے ابی قلابہ سے اُنہوں نے خالد سے اُنہوں نے ابن عباس سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ آیا میرے پاس پروردگار میرا اچھی صورتمیں اور فرمایا کیا اے محمد میں نے عرض کی حاضر ہوں میں اے رب میرے اور مستعد ہوں تیری فرمانبرداری میں فرمایا کسمیں جھگڑتی ہیں گروہ بلند کے فرشتے میں نے کہا درجات میں اور کفارات میں اور کفارات یہ ہیں نکیطرف جانمیں اور تکلیفوں میں پورا وضو کرنمیں اور ایک نماز کے بعد دوسری کے انتظار کرنمیں اور جو اُسکے حفاظت کرے خیریت سے بھی اور خیریت سے گناہوں سے ایسا پاک رہی گویا اُسیدن جنا اُسکی ماں نی **ف** یہ حدیث غریب ہے حسن ہے اس سند سے اور روایت کیے یہ حدیث معاذ بن جبل نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی طول کے ساتھ اور فرمایا آپنی اس روایت میں کہ میں سو گیا اور خوب سو گیا تو میں نے دیکھا یعنے دیکھا چھے صورتمیں اور فرمایا اُس تعالی نی کس میں جھگڑتے ہیں بلند گروہ کے فرشتہ آخر حدیث تک **خاتمہ** سورہ ص میں

قصص ماضیہ سے مذکور ہی قصہ داود علیہ السلام کے محراب مین دو فرشتون کے آنیکا اور قصہ سلیمان علیہ السلام کے روبرو گھوڑے پیش ہونیکا اور ایوب علیہ السلام کے بیمار ہونے اور شفا پانی کا اور قصہ آدم علیہ السلام کا اور مضامین متفرقہ سی غرور اور ضد کا فروکے اور تشدد انکا شرک مین اور بیان قوم نوح اور ثمود اور عاد کی تکذیب کا بیان تسخیر جبال اور طیور کا داود علیہ السلام کے لئے برابر ہونا متقیون اور فاجرون اور صالحون اور مفسدون کا مساوی ہونا قرآن کا مذکر اور اسمعیل اور الیسع اور ذوالکفل کے حال کے طلب کرنا نبی کا دعوت پر کوئی اجر **سُوْرَةُ زُمَرٍ عَنِ** الزُّبَيْرِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ قَالَ الزُّبَيْرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُكَرَّرُ عَلَيْنَا الْخُصُوْمَةُ بَعْدَ الَّذِيْ كَانَ بَيْنَنَا فِي الدُّنْيَا قَالَ نَعَمْ فَقَالَ اِنَّ الْاَمْرَ اِذَنْ لَشَدِيْدٌ **ترجمہ** زبیر نے کہا جب اُترسی یہ آیت ثم انکم یوم القیمۃ یعنے پھر تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑوگی زبیر نے عرض کی یا رسول اللہ کیا دوبارہ ہوگی ہم مین خصومت بعد اسکے کہ ہم بیچین دنیا مین ہوچکے تھے آپنے فرمایا ہان زبیر نے کہا تو تو کام بہت مشکل ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَءُ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا وَلَا اُبَالِيْ **ترجمہ** اسماء یزید کی بیٹی نے کہا سُنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ پڑھتے تھے یا عبادی الذین یعنے اے میرے بندون جنہون نے زیادتی کی اپنی جانون پر یعنے گناہ کئے نا امید مت ہو اللہ کی رحمت سے بیشک اللہ تعالے سب گناہ بخشدیگا اور پروا نہین رکھتا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَ يَهُوْدِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالْجَبَلَ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالْاَرْضِيْنَ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالْخَلَائِقَ عَلٰى اِصْبَعٍ ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ قَالَ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ قَالَ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ **ترجمہ** عبداللہ نے کہا ایک یہودی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا اے محمد اللہ تعالے قیامت کے دن آسمان کو ایک انگلی پر اور پہاڑ ایک انگلی پر اور زمینین ایک انگلی پر اور ساری مخلوق ایک انگلی پر پھر کہیگا مین بادشاہون کا بادشاہ ہون یہ سنکر آپ ہنسے یہانتک کہ کھل گئین کچلیان آپکی پھر فرمایا کہ اللہ کی قدر نہ پہچانی جیسے اسکی قدر ہے **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے روایت کیا ہے بندار نے انہون نے یحیے سے انہون نے فضیل بن عیاض سے انہون نے منصور سے انہون نے ابراہیم سے انہون نے عبیدہ سے انہون نے عبداللہ سے کہا عبداللہ نے حضرت ہنسے تعجب اور تصدیق کے راہ سے یعنی اس یہودی کے بات سنکر یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ يَهُوْدِيٌّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا يَهُوْدِيُّ حَدِّثْنَا فَقَالَ كَيْفَ تَقُوْلُ يَا اَبَا الْقَاسِمِ اِذَا وَضَعَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ عَلٰى ذِهٖ وَالْاَرْضِيْنَ عَلٰى ذِهٖ وَالْمَآءَ عَلٰى ذِهٖ وَالْجِبَالَ عَلٰى ذِهٖ وَسَائِرَ الْخَلْقِ عَلٰى ذِهٖ وَاَشَارَ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ اَبُوْ جَعْفَرٍ بِخِنْصَرِهٖ اَوَّلًا ثُمَّ تَابَعَ حَتّٰى بَلَغَ الْاِبْهَامَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ **ترجمہ** ابن عباس نے کہا ایک یہودی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے یہودی کچھ بات کر ہمسے اُسنے کہا کیا کہتے ہو تم اے ابوالقاسم جب اللہ تعالے کہتا ہے آسمانونکو اوپر اسکے اور زمینونکو اوپر اسکے اور پانی کو اوپر اسکے اور پہاڑونکو اوپر اسکے اور ساری مخلوق کو اوپر اسکے اور اشارہ کیا محمد بن صلت ابوجعفر نے اپنی چھنگلیا سے پہلے لگا اشارہ کیا یہانتک کہ پہونچا انگوٹھے تک سو اللہ تعالے نے اتاری یہ آیت وما قدروا اللہ یعنے نہ پہچانی اللہ کے قدر جیسے اسکے قدر ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے نہین جانتے ہم اسی سند سی اور ابوکدینہ کا نام یحیی بن مہلب ہے اور دیکھا مین نے محمد بن اسمعیل کو کہ روایت کیے انہون نے یہ حدیث حسن بن شجاع سے انہون نے محمد بن سلت سے **عَنْ** اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ اَنْعَمُ وَقَدِ الْتَقَمَ صَاحِبُ الْقَرْنِ الْقَرْنَ وَحَنَى جَبْهَتَهٗ وَاَصْغٰى سَمْعَهٗ يَنْتَظِرُ اَنْ يُّؤْمَرَ اَنْ يَّنْفُخَ فَنَفَخَ قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ فَكَيْفَ نَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ قُوْلُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ تَوَكَّلْنَا عَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا وَرُبَّمَا قَالَ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا **ترجمہ** ابی سعید خدری نے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیونکر آرام کرونگین حالانکہ نرسنگے والا نرسنگا مونہہ مین لیے ہے اور اپنے صور کو اور اپنے پیشانی جھکائی ہوئے ہے اور کان لگائے ہوئے منتظر ہے پھونکنے کی حکم کا کہ پھونکدی مسلمانون نے کہا کیا کہین ہم یا رسول اللہ آپنی فرمایا کہو کافی ہے ہمکو اللہ اور کیا اچھا وکیل ہے توکل کیا ہمنے اللہ پر وہ پروردگار ہمارا ہے اور کبھی آپنے فرمایا اللہ ہی پر بھروسا کیا ہمنے **ف** یہ حدیث حسن ہے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ اَعْرَابِيٌّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الصُّوْرُ قَالَ قَرْنٌ يُنْفَخُ فِيْهِ **ترجمہ** عبداللہ بن عمرو نے کہا ایک اعرابی نے عرض کی کہ ای رسول اللہ کے صور کیا چیز ہے آپنے فرمایا ایک سینگ ہے کہ اسمین پھونکا جاویگا **ف** یہ حدیث حسن ہے ہم اسے نہین جانتے مگر سلیمان تیمی کے روایت سے **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ يَهُوْدِيٌّ فِيْ سُوْقِ الْمَدِيْنَةِ لَا وَالَّذِيْ اصْطَفٰى مُوْسٰى

عَلَى الْبَشَرِ قَالَ فَرُفِعَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يَدَهُ فَصَكَّ بِهَا وَجْهَهُ قَالَ نَقُولُ هٰذَا وَفِينَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرٰى فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُونَ فَأَكُونُ أَوَّلَ مَنْ رُفِعَ رَأْسَهُ فَإِذَا مُوسٰى آخِذٌ بِقَائِمَةٍ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ فَلَا أَدْرِي رُفِعَ رَأْسُهُ قَبْلِي أَمْ كَانَ مِمَّنِ اسْتَثْنَى اللّٰهُ وَمَنْ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتّٰى فَقَدْ كَذَبَ **ترجمہ** ابی ہریرہ نے کہا کہ ایک یہودی نے مدینہ کے بازار میں کہا قسم ہے اُس کی جس نے پسند کر لیا موسیٰ کو سب آدمیوں پر کہا راوی نے ایک مرد نے انصار میں سے ہاتھ اُٹھا کر اُسکے مونہہ پر طمانچہ مارا اور کہا کہ تو ایسا کہتا ہے اور ہمارے درمیان اللہ کا نبی موجود ہے (اور وہ دونوں حضرت کے پاس حاضر ہوئے) آپنے فرمایا جب صور پھونکیگا آسمان زمین کے لوگ گھبرا جاوینگے مگر جسے اللہ چاہے پھر دوبارہ پھونکا جاویگا سو اُسیوقت وہ کھڑے دیکھتے ہونگے سو سب سے پہلے میں سر اُٹھاؤنگا (یعنے قبر سے) اور موسیٰ عرش کا پایہ پکڑے ہوئے ہونگے سو میں نہیں جانتا کہ مجھسے پہلے سر اُٹھایا یا اُنہوں نے یا اُسی میں داخل ہے جنکو اللہ نے مستثنےٰ کر دیا (یعنے بیہوش نہوئے نفخہ صور سے) اور جسنے کہا کہ میں یونس بن متی سے بہتر ہوں اُسنے جھوٹ کہا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** شیخ نے لمعات میں کہا کہ اس نفخہ سے مُراد ہے نفخہ فزع کہ بعد بعث کے ہوگا بیہوش ہوجاوینگے اُسکے سبب سے لوگ اور موسیٰ علیہ السلام اُسوقت بیہوش نہونگے اسلئے کہ وہ طور پر بیہوش ہوچکے ہیں اور اسمیں ایک فضیلت خاصہ جزئیہ سے بالکل افضل ہونا اُنکا حضرت سے لازم نہیں آتا اسلئے کہ فضائل خاصہ آنحضرت کے اس سے زیادہ ہیں انتہی مختصراً بنوع تغیر **قال المترجم** کہا کہ میں یونس بن متی سے الخ اسکے دو معنے ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ آنحضرت کو یونس بن متی سے افضل کہے وہ جھوٹا ہے یعنے باعتبار اصل نبوت کے کہ اُسمیں سب نبی برابر ہیں دوسرے یہ کہ اپنے تئیں اُن سے افضل کہے اور یہ ظاہر ہے کہ غیر نبی سے افضل نہیں ہو سکتا **عَنْ** أَبِي سَعِيدٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُنَادِي مُنَادٍ إِنَّ لَكُمْ أَنْ تَحْيَوْا فَلَا تَمُوتُوا أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَصِحُّوا فَلَا تَسْقَمُوا أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَشِبُّوا فَلَا تَهْرَمُوا أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَنْعَمُوا فَلَا تَبْأَسُوا أَبَدًا فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى وَنُودُوا أَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ **ترجمہ** ابی سعید اور ابی ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک پکارنیوالا پکاریگا (یعنے جنت میں) کہ تمہارے لئے زندگی ہے کہ کبھی نہ مروگے اور تم تندرست رہوگے کہ کبھی بیمار نہوگے اور تم جوان رہوگے کہ کبھی بڈھے نہوگے اور تم ہمیشہ آرام میں رہوگے کہ کبھی تکلیف نہ پاؤگے یہی مُراد ہے اس قول سے اللہ تعالیٰ کے وتلک الجنۃ الخ یعنے یہی جنت ہے کہ وارث ہوئے تم اُسکے اپنے عملوں کے بدلے **ف** ابن مبارک وغیرہ نے یہ حدیث ثوری سے روایت کی اور مرفوع نہ کیا اُسکو **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ لَا أَدْرِي سَاعَةٌ جَهَنَّمُ قُلْتُ لَا قَالَ أَجَلْ وَاللّٰهِ مَا أَدْرِي حَتّٰى سَأَلْتُ عَائِشَةَ أَنَّهَا سَأَلَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِينِهِ قَالَتْ قُلْتُ فَأَيْنَ النَّاسُ يَوْمَئِذٍ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ عَلٰى جِسْرِ جَهَنَّمَ **ترجمہ** ابن عباس سے مجاہد نے کہا تو جانتا ہے کہ جہنم کتنے بڑی ہے مجاہد نے کہا کہ میں نہیں جانتا ابن عباس نے فرمایا اللہ کی قسم میں بھی نہیں جانتا تھا مگر یہاں کیا مجھے عائشہ ام المؤمنین نے کہ میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ سے اس آیت کا مطلب پوچھا والارض جمیعاً قبضتہ یعنے سارے زمین ایک مٹھی میں ہے اُس پروردگار کے قیامت کے دن اور آسمان لپٹے ہوئے ہیں اُسکے سیدھے ہاتھ میں سو ام المؤمنین فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی کہ لوگ اُسدن کہاں ہونگے ای رسول اللہ کہ آپنے فرمایا جہنم کے پُل پر **ف** اس حدیث میں ایک قصہ ہے اور یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **مترجم** وہ قصہ بروایت عبد اللہ عمر قریب اوپر گذرا کہ ایک یہودی حضرت کے پاس حاضر ہوا اور اُسنے کہا کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں کو ایک انگلی پر اُٹھاتا ہے الخ **خاتمہ** سورۂ زمر میں اللہ تعالیٰ کی قدرتوں سے مذکور ہے پیدا کرنا آسمان و زمین کا اور لپیٹنا رات کا دن پر اور دن کا رات پر اور کام میں لگانا شمس و قمر کا اور پیدا کرنا لوگوں کا ایک جان سے اور پیدا کرنا آٹھ جوڑوں کا جانوروں کے اور پیدا کرنا انسان کا رحم مادر میں اور اثبات توحید ربوبیت کا اُن قدرتوں سے یہ سب ایک مقام میں مذکور ہے اور دوسرے رکوع میں اُتارنا پانی کا اور بہانا ندیوں کا اور نکالنا کھیتی کا اور چورا کر دینا اُسکا اور احوال آخرت سے مذکور ہے نقصان مشرکوں کا اور اُنکے مکانوں میں ہونا اُنکا اور بچانا اللہ کا اپنے بندوں کو اُن عذابوں سے اور بصورت موزنی کے منادیوں میں سُننے کے لیے اور تین قول اُنکے قیامت کے دن اور موجہ کالا ہونا اہل جہنم کا اور بشارت نجات کے متقیوں کو اور مضامین توحید سے امر اخلاص عبادت کا اور ردّ اُن مشرکوں کا جو عبادت غیر خدا کو موجب قرب الٰہی کہتے ہیں اور اُن لوگوں کا جو خدا کے لئے بیٹا ٹھہراتے ہیں اور وعید عذاب جہنم کے مشرکوں کو اور مثال مشرک کے ساتھ عبد مشترک کے اور موحد کی ساتھ عبد سالم کے جو خاص ایک شخص کا ہو دعا کرنا مشرکوں کا غیر خدا

خالقیت کی رد اُن مشرکوں کا جو اپنے معبودوں کو شفیع جانکر پوجتے ہیں تنگدل ہونا مشرکوں کا توحید کے ذکر سے رد اشراک فی العبادۃ کا بجانا مشرکوں کا اللہ کی قدرت کو اور اُس سورہ میں آثار قیامت سے مذکور ہے پھونکا صور کا اور زندہ ہونا مُردوں کا اور چمکنا زمین کا اللہ کے نور سے اور لانا نامۂ اعمال کا اور رد بکاری انبیا اور شہدا کے اور ہانکے جانا کافروں کا جہنم کے طرف اور تیقن کا جنت کیطرف اور فوائد متفرقہ سے مذکور ہے عفا اس تعالیٰ کی اور رضا اُسکی شکر سے اور عدم رضا کفر سے شکایت انسان کی اور بہت دعا کرنا اُنکا مصیبتوں میں اور پھر بھلانا اور شرک کرنا اُنکا آرام میں تحریض اور ترغیب اُنکے جاگنے پر اور قیام و سجود پر تحریض ہجرت پر وعدہ جنت کے غرفوں کا وسطے متقیوں کے رویں کپڑے ہو جانا قرآن سے آدھے رہ جانا قرآن میں خبر آنحضرت کے وفات کے تفصیلات قرآن لانے والے کی اور اُسکے تصدیق کرنیوالیکی کافی ہونا پروردگار کا اپنے بندے کو اور ہدایت اور ضلالت اُس تعالیٰ کے اختیار میں ہے تحریض توکل پر پھر بسیار رو ہونا کا تو وقت قبول نہ ہونا کافروں کے فدیہ کا قیامت میں خطاب اُن بد دلنی جو حد شرعی سے تجاوز کیا اور نبی اللہ کی رحمت سے ناامید ہونے سے اور وعدہ صحیح دنوں کے مغفرت کا وغیر ذلک من الفوائد **سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنِ عَنِ** النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَلدُّعَاءُ ھُوَ الْعِبَادَۃُ ثُمَّ قَالَ وَقَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَھَنَّمَ دَاخِرِیْنَ ترجمہ نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ مُنہ سے صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دعا ہی عبادت ہے پھر پڑھی آپنے یہ آیت وقال ربکم ادعونی اور فرمایا تمہاری پروردگار نے دعا کرنے مجھسے قبول کرونگا میں دعا تمہاری جو لوگ تکبر کرتے ہیں میرے عبادت سے یعنے میرے دعا سے داخل ہونگے جہنم میں ذلیل ہوکر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **خاتمہ** اس سورہ میں صفات الٰہی سے مذکور ہے غافر الذنب اور قابل التوب اور شدید العقاب اور ذی الطول ہونا اُس تعالیٰ کا اور رفیع الدرجات ذو العرش اور مالک ہونا اُسکا اور جاننا اُسکا آنکھوں کی چوریکو اور عادت الٰہی کہ ہمیشہ مدد کرتا ہے نبیوں کی اور مومنوں کی اور احیا اور اماتت اور تصویر اُسکے ارادہ کی ساتھ کن کے اور قصص ماضیہ سے قصہ موسیٰ علیہ السلام کے ارسال کا اور ظلم فرعون کا اور ہامان اور قارون کا اور قصہ مومن آل فرعون کا اور نصیحت اُسکے فرعون اور قوم کو اور احوال آخرت سے مذاکرہ کافروں کو یاست میں کہ غصہ خدا کا اور دشمن رکھنا اُسکا بڑھکر ہے تمہارے غصہ سے اور کہنا تابعان کفار کا اپنے متبوعین سے واسطے تخفیف عذاب دوزخ کے اور جواب اُنکا کہنا دوزخیوں کا مالک دوزخ سے کہ رب ہمارا یکدن عذاب کا ہمپر تخفیف کرے قبول ہونا ظالموں کا معذرت کا قیامت کے دن اضلال اور سلاسل اور تسجیر مجادلان فی الایات کے جہنم میں اور احوال ملائکہ سے تسبیح اور تحمید اور استغفار حاملان عرش کے تابعین اور متبعین قرآن کے لئے اور قدرت سے اُس تعالیٰ کے رزق کا اُتارنا آسمان سے اور تمثین سائقہ سکون لیل اور ابصار نہار کے اور تمثین سائقہ قرار دینے زمین کے اور بنا سماء کے اور صورت بنانی آدم کے اور اثبات توحید الوہیت کا ان صفتوں سے اور چھ مرتبے انسانکی پیدائش کے مٹی سے ہونا اور نطفہ اور علقہ اور مضغہ اور طفل اور جوان اور بوڑھا ہونا اُسکا اور تمثین کشتی اور جانوروں پر سوار ہونیکی سائقہ اور مضامین متفرقہ سے مذکر قوم نوح اور احزاب کے تکذیب کے اور حملہ کرنا ہر اُمت کا اپنے نبی پر اور ہلاک قوم کا اور نجات نبی کے اور تذکیر عطا رحمات کی موسیٰ علیہ السلام کو اور امر صبر اور استغفار اور تسبیح اور تحمید کا صبح اور شام اور برابر ہونا اعمیٰ اور بصیر اور صالح اور مُسیٔ کا اور امر دعا کا اور وعدہ اُسکے قبول کا اور امر نبی کو کہ کہے منع کیا گیا ہوں میں عبادت سے غیر خدا کے بیان کرنا بعض انبیاء کے قصوں کو قرآن میں اور نہ بیان کرنا بعض کا اور عادت الٰہی ہونا کافروں کے ہلاک کرنیکے وغیر ذلک **سُوْرَۃُ السَّجْدَۃِ عَنِ** ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اخْتَصَمَ عِنْدَ الْبَیْتِ ثَلَاثَۃُ نَفَرٍ قُرَشِیَّانِ وَثَقَفِیٌّ اَوْ ثَقَفِیَّانِ وَقُرَشِیٌّ قَلِیْلٌ فِقْہُ قُلُوْبِھِمْ کَثِیْرٌ شَحْمُ بُطُوْنِھِمْ فَقَالَ اَحَدُھُمْ اَتَرَوْنَ اللّٰہَ یَسْمَعُ مَا نَقُوْلُ فَقَالَ الْاٰخَرُ یَسْمَعُ اِنْ جَھَرْنَا وَلَا یَسْمَعُ اِنْ اَخْفَیْنَا وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنْ کَانَ یَسْمَعُ اِذَا جَھَرْنَا فَھُوَ یَسْمَعُ اِذَا اَخْفَیْنَا فَاَنْزَلَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَا کُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ یَّشْھَدَ عَلَیْکُمْ سَمْعُکُمْ وَلَآ اَبْصَارُکُمْ ترجمہ عبداللہ بن مسعود نے کہا کہ جھگڑے تین شخص جیت اللہ کے پاس دو قریشی تھے اور ایک ثقفی یا دو ثقفی تھے ایک قریشی دلمیں اُنکے سمجھ تھوڑی تھی اور پیٹ پر اُنکے چربی بہت تھی ایک نے کہا بھلا دیکھو تو کیا اللہ سنتا ہی جو ہم کہتے ہیں دوسرے نے کہا سنتا ہے اگر ہم پکاریں اور نہیں سنتا اگر ہم چپکے سے بولیں تیسرے نے کہا اگر ہمارے پکار کو سنتا ہے تو چپکے کو بھی سنتا ہوگا سو اللہ تعالیٰ نے اُتارا تھا کنتم تستترون یعنے نہ تھے تم پردہ کرتے اس خیال سے کہ گواہی دینگے تم پر تمہارے کان اور نہ تمہارے آنکھیں یعنے غیر سے چھپکر گناہ کرتے تھی خبر تھی کہ اعضا گواہی دینگے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ یَزِیْدَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ کُنْتُ مُسْتَتِرًا بِاَسْتَارِ الْکَعْبَۃِ فَجَاءَ ثَلٰثَۃُ نَفَرٍ یَعْنِیْ بَعْضَھُمْ قُلُوْبُھُمْ قَلِیْلٌ فِقْہُ

فموہبھم قرشی وختناہ ثقفیان او ثقفی وختناہ قرشیان فکلموہ بکلام لم افہمہ فقال احدھم اترون ان اللہ یسمع کلامنا ھذا فقال الآخر انا ذا رفعنا اصواتنا سمعہ واذا لم نرفع اصواتنا لم یسمعہ فقال الآخر ان سمع منہ شیئا سمعہ کلہ قال عبد اللہ وذکرت ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فانزل اللہ وما کنتم تستترون ان یشہد علیکم سمعکم ولا ابصارکم ولا جلودکم الی قولہ فاصبحتم من الخاسرین ترجمہ عبد الرحمن بن یزیدی روایت ہے کہ عبد اللہ نے کہا کہ مین کعبہ کے پردونمین چھپا ہوا تہا تین شخص آئے کہ انکے پیٹ پر چربی بہت تہی اور دلمین سمجھ کم ایک قرشی تہا اور دوسرے داماد ثقفی یا ایک ثقفی دو داماد اسکے قرشے انہون نے ایسے بات کہی کہ مین نہ سمجہا پہر ایک بولا کہ بہلا دیکہو کیا اللہ ہماری یہ بات سنتا ہی دوسرے نی کہا جب ہم آواز بلند کرتے ہین سنتا ہی اور جب بلند نہین سنتا تیسرے نی کہا اگر تہوڑی سنتا ہی تو سب سن سکتا ہے عبد اللہ نے کہا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکا ذکر کیا اللہ تعالی نی یہ آیت اتاری وما کنتم تستترون سے خاسرین تک ف یہ حدیث حسن ہے روایت کیا ہمسے محمود بن غیلان نے انہون نے وکیع سے انہون نے سفیان سے انہون نے اعمش سے انہون نے عمارہ بن عمیر سے انہون نے وہب بن ربیعہ سے انہون نے عبد اللہ سے مانند اسکے ترجمہ پوری آیت یہ ہے، وما کنتم تستترون ان یشہد علیکم سمعکم ولا ابصارکم ولا جلودکم ولکن ظننتم ان اللہ لا یعلم کثیرا مما تعملون وذلکم ظنکم الذی ظننتم بربکم ارداکم فاصبحتم من الخاسرین یعنے تم پردہ کرتے تہے اس خیال سے کہ گواہی دینگے تمپر کان تمہارے اور نہ آنکہین تمہارے اور نہ کہالین تمہاری ولیکن یقین کیا تمنے کہ اللہ نہین جانتا تمہارے بہت عملونکو اور اسی گمان نے کہ گمان کیا تمنے اپنے رب کے ساتہ ہلاک کیا اسنے تمکو سو ہوگئے تم آج نقصان والونمین عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرا ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا قال قد قال الناس ثم کفر اکثرہم فمن مات علیہا فہو ممن استقام ترجمہ انس بن مالک نے کہا کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پڑہا ان الذین قالوا اپنے جو لوگ کہتے ہین کہ معبود ہمارا اللہ ہی ہے پہر اسپر قایم رہے فرمایا آپنے بہت لوگون نے یہ کہا پہر منکر ہوگئے سو جو اسی پر مرا وہ قایم رہا ف یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر اسی روایت سے سنا مین نے ابو زرعہ سے کہتے تہے عفان نے عمرو بن علی سے ایک حدیث روایت کیے ہی خاتمہ سورہ سجدہ مین بڑے بڑے فوائد اس ترتیب سے مذکور ہین تفصیل آیات قرآن عربی کی بشیر ونذیر ہونا رسول کا اعراض بہت لوگونکا قرآن سے بشیر ہونا نبی کا اور توحید خدا کے اور امر استقامت اور استغفار کا خرابی زکوۃ نہ دینے والون کے وعدہ اجر غیر ممنون کا منان صابرین کے لئے قدرتمن اسکے جیسے دو روز مین زمین بنانا اور پہاڑ گاڑنا اور برکت دینا اور اندازہ کرنا وقتونکا چار روز مین اور استوا الی السماء دآ آنا زمین وآسمانکا طوع ورغبت سی یا کیدوسرے کی طرف اور رات عدو کرنا آسمان کے دو روز مین اور ایتا امر کا ہر آسمان مین اور زینت آسمان کے ستارون سے عاد وثمود کے صاعقہ کا بیان انکے دشمنونکا حشر اور سمع اور بصر اور جلود کی گواہی بیان غل مچانا کافرون کا قرآن پڑہنے وقت منہ کونکا حشر مین آرزو کرنا کاش اگر ہم اپنے معبودونکو پاوین پیرکے نیچے روندڈالین بشارت جنت کے اور ایتا فرشتونکا سوحدون کے لئے فضیلت داعی الی اللہ کے امر بہی کو دفع کرنا بدی کے ساتہ امر شیطان سے استعاذہ کرنیکا حرمت غیر خدا کی سجدہ کرنیکے زمین کا تازہ کرنا اور اثبات بعث کا اس دلیل سے مذمت الحاد کے نی آیات اہل کفر قرآن کے آگی چلیے بدی اور شفا ہونا قرآن کا شک واختلاف یہود کا توراۃ مین نفی ظلم کے خدا کی ذات سے گم ہونا معبودان باطل کا حشر مین ناامیدی انسان کے سبب کے وقت انکار قرآن کا جواب آیات قدرت دکہانا انفس وآفاق مین احاطہ اور شہادت اللہ کے ہر شی پر

## سورۃ الشوری

عن طاؤس قال سئل ابن عباس عن ہذہ الآیۃ قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربی فقال سعید بن جبیر قربی آل محمد فقال ابن عباس عجلت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یکن بطن من قریش الا کان لہ فیہم قرابۃ فقال الا ان تصلوا ما بینی وبینکم من القرابۃ ترجمہ طاؤس سے کہا کہ ابن عباس سے کسے نے اس آیت کا مطلب پوچہا قل لا اسئلکم علیہ اجرا یعنے کہہ تو اے نبی مین تمسے دعوت اسلام کا کچہہ اجر نہین چاہتا مگر حق قرابت کا سعید بن جبیر نے کہا کہ ابن عباس نے جواب دیا کہ تو نہین جانتا کہ عرب مین کوئی گہرانا نہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اسمین قرابت نہو سو فرمایا اللہ تعالی نے کہ کہدو مین نہین چاہتا تمسے کچہہ مگر یہ کہ حسن سلوک کرو تم اس قرابت کے سبب سے جو میرے تمہاری بیچمین ہے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور کئی سندون سے مروی ہوئی ہے ابن عباس سے عن شیخ من بنی مرۃ قال قدمت الکوفۃ فاجزت عن بلال بن ابی بردۃ فقلت ان فیہ لمعتبرا فاتیتہ وہو محبوس فی دارہ التی قد کان بنی قال فاذا کل شی منہ قد تغیر من العذاب والضرب واذا ہو فی فناء ہ فقلت الحمد للہ اما لقد رأیتک وانت غیر ہذا فقال انک

مِنْ عَنْزٍ عَبْدٌ وَانْتَ فِی حَالِكَ هٰذِهٖ الْیَوْمَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ اَنْتَ فَقُلْتُ مِنْ بَنِیْ مُرَّةَ بْنِ عَبَّادٍ فَقَالَ لَا اُحَدِّثُكَ حَدِیْثًا عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّنْفَعَكَ بِهٖ فَقُلْتُ هَاتِ قَالَ
مَّا اَبُوْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ اَبِیْ مُوْسٰی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یُصِیْبُ عَبْدٌ نَكْبَةً فَمَا فَوْقَهَا اَوْ دُوْنَهَا اِلَّا بِذَنْبٍ وَمَا یَعْفُوا اللّٰهُ
اَكْثَرُ قَالَ وَقَرَاَ اَوَمَا اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَیْدِیْكُمْ وَیَعْفُوْا عَنْ كَثِیْرٍ ترجمہ بیہقی سے ایک شخص سے روایت ہے کہ اُسنے کہا مین کوفی مین آیا اور مجھے خبر ہوئی
ہلال بن ابی بردہ کے حال کی سو مین نے کہا انکے حال مین عبرت ہے اور مین انکے پاس آیا وہ قید ہی اپنی اُسی گھر مین جو بنوایا تھا اور سب چیز انکی شکل و صورت سے
بدلگئی تھی دیوار پٹے اور انکے مدبر ایک پرانا چھپڑ اتھا مین نے کہا الحمد للہ یا ہلال مین نے تمکو دیکھا تھا کہ تم جب سہارے اوپر سی گذرتی تھی ناک بھوں چڑھاتی تھی بغیر دیکھے
کے اور آج تم اسحال مین ہو انہون نے کہا تو کس قبیلہ کا ہی مین نے کہا بنی مرہ بن عباد کا کہا کیا بیان کرون تجھسے ایک حدیث کہ شاید اللہ تجھے اُس سے
فائدہ دی مین نے کہا لاؤ کہا روایت کیے مجھسے ابی بردہ نی انہون نے اپنی باپ سے جو ابو موسی ہین کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین پہونچتی ہے کسیکو
کوئی چوٹ کم ہو یا زیادہ مگر بسبب گناہ کے اور اللہ جو معاف کردیتا ہے وہ بہت ہی زیادہ ہے اُس سے جسکا بلا ملال کہا راوی نی پھر پڑہی انہون نے ا اصابکم یعنے
نہین پہونچتی تمکو کوئی مصیبت مگر بسبب تمہارے ہاتھ کے علون سے اور معاف کردیتا ہے وہ بہت گناہون کو **ف** یہ حدیث غریب ہے ہمین جانتے ہم اسکو مگر اسی سند
سے **خاتمہ** سورۂ شوری مین عمدہ عمدہ فوائد اس ترتیب سے مذکور ہین تشبیہ اس وحی کی پہلی وحیون سے انکے آسمان و زمین پر قریب ہونا آسمان کے
پھٹ جانے کا کثرت سی ملائکہ کے ایک فرقہ جنتی ہے اور ایک ناری ہدایت اور رحمت اُسکی مشیت پر ہے اعتراض شرک پر اور مختلف فیہ امر مین خاص اللہ
ہے کا حکم ہے اور رد تقلید کا قدرت خدا کی آسمان اور زمین اور چارپایون کے پیدا کرنے سے اور مقالید سموات وارض اُسکے ہاتھ مین ہونا انکو رہنما مشرکون
توحید اور اتباع سنت مختلف ہونا آدمیونکا علم آنیکے بعد امر دعوت اور استقامت کا دین پر واضح ہوجانا حق اور باطل کا نہونا علم قیامت کا نبی کو لطف اور
زراقیت اور قوت و عزت خداوند تعالی کے دنیا اور آخرت کے کہنیکے کا حال ظالمونکا ڈرنا حشر مین جزا نیکے کی زیادت کے ساتھ خدا کے رحمت کا بیان اور توبہ قبول
کرنا اور گناہ بخشنا وعید عذاب شدید کی کافرون کے لیے اگر رزق مین وسعت ہو تو بندی بغاوت کرین مینہہ اُترنیکا بیان آسمان و زمین اور دواب کا پیدا کرنا
کھیتی کا بیان وعید مجادلہ کرنیوالیکے اللہ کے آیتون کے ساتھ تحقیر دنیا اور فضیلت توکل اعتماد کے اللہ تعالی پر صفات مومنون کی فضیلت صبر اور عفو کے حال
ظالمونکا حشر مین انسان کے شکایت نبی پر احسان رکھنا فرشتون کے بھیجنے کا اور وحی اُتارنیکا اور راہ سیدھی بتانا اُنکا **سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ عَنْ**
اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا ضَلَّ قَوْمٌ بَعْدَ هُدًی كَانُوْا عَلَیْهِ اِلَّا اُوْتُوا الْجَدَلَ ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
هٰذِهِ الْاٰیَةَ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ترجمہ ابی امامہ سے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی قوم گمراہ نہین ہوئی راہ اسکیلے
بعد جسپر وہ تھی مگر جب کہ اُنکو جھگڑنا ملا پھر پڑھے آپنے یہ آیت ما ضربوہ الخ یعنے وہ تجھہ پر نام نہین رکھتی ہین مگر جھگڑ کیلئے اور وہ لوگ جھگڑالو ہین **ف** یہ حدیث
حسن صحیح ہے نہین جانتے ہم اسے مگر حجاج بن دینار کے روایت سے اور حجاج ثقہ ہین مغارب الحدیث ہین اور ابو غالب کا نام حزور ہے **خاتمہ** سورۂ زخرف
مین فوائد عمدہ مین چنانچہ سوگند قرآن کے اور عربی اور علی اور حکیم ہونا اُسکا لوح محفوظ مین موقوف نہونا نزول وحی کا مسرفون کے اسراف کے سبب سے بیان
ارسال انبیاء کا قدرتین اُس تعالی کی آسمان کے پیدا کرنے سی اور زمین کے بچھانی سی اور اسمین طرح طرح راہین بنانا اور پانی اُتارنا وغیرہ ذلک ردان مشرکونکا جو خدا
کے ولد بتاتے ہین تمسک ہر قوم گمراہ کا تقلید اباء کے ساتھ ابراہیم کے بیزاری تقلید اباء سے انبیاء کو ساحر کہنا کافرونکا اعتراض کہ قرآن کسی سردار پر کیون
نہ اترا جو قرآن سے غافل ہوا ایک شیطان اسکے پیچھے لگا نبی کو طاقت نہین کہ بہکیو سناوی امر قرآن کے ساتھ چکل مارنیکا توحید انبیاء کی قصہ موسی علیہ السلام
کا عیسے علیہ السلام کا حال منکر مشرکان قریش کا رکنا نشان قیامت ہونا عیسے علیہ السلام کا عداوت شیطان کے انسان سے یکبارگی آجانا قیامت کا خوف و
حزن نہونا عباد مخلصین کو بیبیان اور سونے کے رکابیان اور صراحیونکا وعدہ نیکونکے لیے خلود و عذاب جہنم کا مجرمون کے لئے اور پکارنا اُنکا مالک کو اور جواب
اُنکا کرام کاتبین کا بیان کہنا نبی کا کہ اگر خدا کے بیٹا ہوتا تو مین اول پوجنیوالا معبود ہونا اُس تعالی کا آسمان و زمین مین بطلان معبودان باطل کے
شفاعت کا قابل ہونا کافرونکا خدا کے خالقیت پر نبی کو حکم معاف کا اور سلام کا **سورۃ الدخان عَنْ مَسْرُوْقٍ** قَالَ جَاءَ رَجُلٌ

الی عبد اللہ فقال ان قاصا یقص یقول انہ یخرج من الارض الدخان فیاخذ بمسامع الکفار ویاخذ المؤمن منہ کہیئۃ الزکام فقال فغضب وکان متکئا فجلس ثم قال اذا سئل احدکم عما یعلم فلیقل بہ واذا سئل عما لا یعلم فلیقل اللہ اعلم فان من علم الرجل اذا سئل عما لا یعلم ان یقول اللہ اعلم فان اللہ قال لنبیہ قل ما اسئلکم علیہ من اجر وما انا من المتکلفین ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما رای قریشا استعصوا علیہ قال اللھم اعنی علیھم بسبع کسبع یوسف فاخذتھم سنۃ فاحصت کل شیء حتی اکلوا الجلود والمیتۃ وقال احدھما العظام قال وجعل یخرج من الارض کہیئۃ الدخان قال فاتاہ ابو سفیان فقال ان قومک قد ھلکوا فادع اللہ لھم قال فھذا لقولہ بزعمہ تاتی السماء بدخان مبین یغشی الناس ھذا عذاب الیم قال منصور فقیل لہ ربنا اکشف عنا العذاب فصل یکشف عذاب الآخرۃ قال مضی البطشۃ واللزام والدخان واللزام یوم بدر والروم ترجمہ مسروق نے کہا ایک شخص آیا عبداللہ کے پاس اور کہا کہ ایک واعظ بیان کرتا ہے کہ نکلیگا دھواں میں سے ایک دھواں یعنے قیامت کی قریب اور کافروں کے کان بند کریگا اور مومنوں کو زکام سا ہو جاویگا مسروق نے کہا کہ غصہ ہو گئے عبداللہ اور تکیہ لگائی ہوئے تھے اٹھ بیٹھے اور کہا جب کسی سے پوچھی جاوے ایسی بات کہ وہ جانتا ہے تو کہدے منصور نے کہا جو راوے حدیث میں کہ خبر کر دی اس سے اور جب پوچھا جاوے اس بات سے کہ نہیں جانتا تو کہدے اللہ خوب جانتا ہے اسلئے کہ یہ بھی آدمی کے علم کی بات ہے کہ جب سوال ہووے اس سے ایسی چیز کا جو نہیں جانتا تو کہدے اللہ خوب جانتا ہے اسلئے کہ اللہ نے اپنے نبی سے کہا کہدے تو نہیں مانگتا میں تم سے مزدوری اور نہیں ہوں اپنی دل سے بات بنانیوالا اصل اس خان کے یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب دیکھا کہ قریش میرا کہنا نہیں مانتے دعا کی یا اللہ مدد کر میرے اوپر سات برس کے قحط سے یوسف علیہ السلام کے زمانہ کے مانند سو انہوں پر قحط پڑا اور سب چیز ہو چکے یہانتک کہ کھالیں اور مردی کھانے لگے اور عرش اور منصور دونوں راویوں میں سے ایک نے کہا مٹیا میں یہی کہانی لگے اور کہا عبداللہ نے زمین سے دھواں سا نکلنے لگا کہا راوی نے پھر آیا آنحضرت کے پاس ابو سفیان اور عرض کی کہ آپکے لوگ ہلاک ہو گئے اللہ سے دعا کرو انکے لئے کہا عبداللہ نے یہی مراد ہے اس آیت سے یوم تاتی السماء یعنے جسدن لاویگا آسمان کہلا دھواں کنڈھا پنہ لیوگا لوگوں کو یہہ دکھہ کی مار ہے منصور نے کہا یہی مراد ہے اس آیت سے ربنا اکشف عنا العذاب یعنے کہولدی ہمسے عذاب سو کیا کہولا جاویگا عذاب آخرت کا یعنے وہی قحط کا دھواں مراد ہے عبداللہ نے کہا گذر گیا البطشۃ اور لزام اور دخان اور عرش اور منصور دونوں راویوں میں سے ایک نے کہا گذر گیا شیش ہونا قمر کا اور دوسرے نے کہا اور مغلوب ہونا روم کا کہا ابو عیسیٰ نے کہ لزام سے مراد وہ قتل جو بدر کے دن ہوا یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** دخان یعنے دھواں جسکا ذکر یوم تاتی السماء بدخان مبین میں ہے اسمیں مفسرین کے دو قول ہیں ایک وہی جو اس روایت کے آخر میں مذکور ہوا دوسرا یہ کہ وہ دخان قریب قیامت کے ظاہر ہوگا اور اس سے مومنوں کو زکام اور کافر فوکو انسداد سام ہوگا جیسا اول روایت میں مذکور ہے البطشۃ سے اشارہ ہے اس آیت کے طرف یوم نبطش البطشۃ الکبریٰ یعنے جسدن پکڑینگے ہم انکو سخت پکڑنا مراد اس سے واقعہ بدر کا اور لزام میں اشارہ ہے اس آیت کے طرف فسوف یکون لزاما یعنے اب ہوگی پکڑ دھکڑ اس سے ہے مراد معاملہ مدرسے اور روم میں اشارہ ہے الم غلبت الروم کے طرف یعنی خبر ہے اسمیں روم کے مغلوب ہونیکے اور یہ بھی حضرت کے وقت میں ہو چکا **عن** انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من مؤمن الا وله بابان باب یصعد منہ عملہ وباب ینزل منہ رزقہ فاذا مات بکیا علیہ وذلک قولہ فما بکت علیہم السماء والارض وما کانوا منظرین **ترجمہ** انس بن مالک نے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مومن ایسا نہیں کہ اسکے لئے نہوں دو دروازے یعنے آسمان میں ایک دروازہ اسکے عمل نیک چڑھتے ہیں دوسرے سے رزق اترتا ہے جب وہ مر جاتا ہے دونوں اسپر روتے ہیں یہ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ کہ نہ روئی اوپر انکے کافر پر آسمان اور زمین اور نہ تھے وہ مہلت پانیوالے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مرفوع مگر اسے سندسی اور موسیٰ بن عبیدہ اور یزید بن ابان قاشی ضعیف ہیں حدیثمیں **خاتمہ** سورۂ دخان میں یہہ مضامین ہیں بہ ترتیب مذکور ہیں نزول قرآن کا شب قدر میں یا شب برات میں ربوبیت اور الوہیت اور احیا اور امانت اس تعالیٰ کی بطش کبریٰ کا بیان بیان قوم فرعون کا کچھ تھوڑا سا حال قول منکران بعث کا پیدا ہونا آسمان و زمین کا کھیل کے لئے اور اثبات بعث کا اس سے بیان شجرہ زقوم کا بشارت مقام امین اور جنات اور عیون اور سندس اور استبرق کی لباس کے اور حور عین کے تزویج کے اور فواکہ کی متقین کے لئے آسان ہونا قرآن کا نبی کے زبان پر **سورۂ جاثیہ** کو اگرچہ مولف رحمۃ اللہ علیہ نے نہیں لکھا مگر اسکا خلاصہ مضامین یہ ہے اترنا کتاب کا رب الارباب کے طرف سے قدرت اسکی جسمیں آسمان و زمین کا بنانا اور انسان اور چارپایوں کا

پیدا کرنا اور ات دن کا بدلتی آنا اور رزق کا آسمان سے اترنا خرابی جو ہوئی گنہگاروں کی قدرتیں اُنکی جیسے دریا کا کام میں لگنا کشتی کا چلنا وغیرہ معجزوں کا ظہور کے قصے معاف کرنیکا حکم نیکی بدی کا بدلا ضرور ہے بنی اسرائیل کی فضیلتیں اُس نبی کو شریعت کا عنایت ہونا قرآنمیں عبرت اور ہدایت اور رحمت ہونا پیدا کرنا زمین آسمان کا اسلئے کہ ہر ایک اپنی عمل کے جزا پاوے مذمت ہوا پر چلنے والیکی فرقہ دہریہ کا رد منکرین بعث کا کہنا کہ ہمارے باپ کو زندہ کرو مالک ہونا اس تمام کے کا آسمان و زمین پروردگار ہے

تجھے ہیں قیامت کے دن کا اور جنت ہیشگی کی دنہیں نزدیکی والوں کے ساتھ جو گواہی دینے والی ہیں رکوع و سجدہ بجالانی والی اپنے اقرار وں کے پورا کرنیوالی بیشک تو مہربان ہے دوستی کرنیوالا اور تو کرتا ہے جو چاہتا ہے یا اللہ کر دی ہمکو ہدایت کرنیوالے ہدایت پائی ہوئے نہ گمراہ اور نہ گمراہ کرنیوالی تیرے دوستوں سے صلح رکھنی والی اور تیرے دشمنوں سے دشمنی دوست رکھیں ہم تیری ہی محبت کے سبب سے جو دوست رکھی تجھکو اور دشمنی رکھیں ہم تیرے دشمن رکھنے کی سبب سے جو تیرا مخالف ہو یا اللہ یہ تو دعا ہے اور تیرے ذمہ ہے قبول کرنا (یعنے براہ فضل و احسان کے) اور یہ تو کوشش میری ہے اور بھروسا تجھی پر ہے یا اللہ ڈالدے میرے دلمین ایک نور اور میرے قبر مین ایک نور اور میرے آگے ایک نور اور سیرے پیچھے ایک نور اور میرے داہنی لیک نور اور میرے بائین ایک نور اور میرے اوپر ایک نور اور میرے نیچے ایک نور اور میرے کانونمین ایک نور اور میرے آنکھونمین ایک نور اور میرے بالونمین ایک نور اور میرے بدن پر ایک نور اور میرے گوشت مین ایک نور اور میرے خونمین ایک نور اور میرے ہڈیونمین ایک نور یا اللہ بڑھا دی میرا نور اور دی مجھکو نور اور ٹھہرا دے میرے لئی نور پاک ہے وہ جسنے عزت کی چادر اوڑھی اور خاص کیا اسکو اپنے ذات کے لئی پاک ہے وہ جسنے بزرگی کا جامہ پہنا اور مکرم و ساتھ بزرگی کی پاک ہے وہ کہ نہین لایق ہے تسبیح کے کوئی سوا اسکے پاک ہے وہ فضل اور نعمتون والا پاک ہے وہ بڑائی اور کرم والا پاک ہے وہ جلال اور بزرگی والا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو ابن ابی لیلی کے روایت سے مگر اسی سند سے اور روایت سفیان ثوری سے سلمہ بن کہیل سے انہونے کریب سے انہونے ابن عباس سے انہونے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث کا ایک ٹکڑا اور نہین ذکر کرتے اسی نبی **باب** مَا جَآءَ فِي الدُّعَآءِ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلٰوةِ بِاللَّيْلِ باب تہجد کے شروع کے دعاؤں مین **عَنْ** اَبِيْ سَلَمَةَ قَالَ سَاَلْتُ عَآئِشَةَ بِاَيِّ شَيْءٍ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْتَتِحُ صَلٰوتَهٗ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ قَالَتْ كَانَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ اِفْتَتَحَ صَلٰوتَهٗ قَالَتْ لَقَدْ رَاَيْتُ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ اهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ اِنَّكَ تَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ترجمہ ابی سلمہ نے کہا پوچھا مین نے حضرت عائشہ سے کیا پڑھتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے نماز کے شروع مین رات کے جب اٹھتے تہجد کے تو کہا تھا جب اٹھتے رات کو تو کہتے فرماتی تھین جب اٹھتے رات کو تو کہتے فرماتے اللھم سے آخر تک یعنی اے رب جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل پیدا کرنیوالی آسمانون اور زمین کے جاننے والی چھپے اور کھلے کے تو فیصلہ کریگا اپنے بندون کے جسمین وہ اختلاف کرتے تھے سیدھی راہ بتا دے مجھی جسمین اختلاف کیا گیا ہے یعنی باتون مین اپنے حکم سے تو ہی سیدھی راہ پر **ف** **باب** **عَنْ** جس نے کہا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ قَالَ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ رَبِّيْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ جَمِيْعًا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِيْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِيْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ اَمَنْتُ بِكَ وَتَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ فَوَادَ رَكْعَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَمُخِّيْ وَعَظْمِيْ وَعَصَبِيْ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ قَالَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ فَاِذَا سَجَدَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِيْ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ فَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ثُمَّ يَكُوْنُ اٰخِرُ مَا يَقُوْلُ بَيْنَ التَّشَهُّدِ وَالتَّسْلِيْمِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ترجمہ روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب نماز کہے ہوتے فرماتے وَجَّهْتُ وَجْهِيَ سے وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ تک کہ متوجہ کیا مین نے اپنا منہ اسکے طرف جسنے پیدا کیا آسمانونکو اور زمین کو مین ایکطرف کا ہوا ہون اور نہین مین مشرکون سے بیشک نماز میری اور قربانی میری اور زندگی میری اور موت میری اللہ کے واسطے ہے جو پالنے والا ہے سارے جہانونکا کوئی شریک نہین اسکا اور اسیکا مجھے حکم ہوا ہے اور مین مسلمانون سے ہون یا اللہ تو بادشاہ ہی نہین کوئی معبود مگر تو تو رب میرا ہے اور مین غلام تیرا ظلم کیا مین نے اپنے جان پر اور اقرار کیا مین نے اپنے گناہ کا سو بخشدی میرے سب گناہ بیشک کوئی گناہ نہین بخشتا مگر تو راہ بتا دی مجھکو نیک خصلتون کی کوئی نہین بتاتا کوئی اسکے راہ سوا تیرے اور دور کر دی مجھ سے بری خصلتین کہ نہین دور کرتا مجھسے کوئی انکو سوا تیرے ایمان لایا مین تجھپر بڑی برکت والا ہی تو اور بلند ہے مغفرت مانگتا ہون مین تجھسے اور توبہ کرتا ہون تیرے لئے پھر جب رکوع کرتے فرماتے اللھم سے عصبی تک اور منی اسکے یہہ ہین یا اللہ رکوع کیا مین نے تیرے لئے اور ایمان لایا تجھپر اور تابع

ہوا مین تیرا جھکنے گئے تیرے لئی کان میرے اور انکھہ میرے اور گودا میرا اور ہڈی اور پٹھی میرے پھر جب سر اُٹھاتے فرماتی اللھم ربنا سے من شئی تک یعنی اے اللہ رب ہمارے تجھی کو ہر تعریف آسمان اور زمین بھر جو اُسکے بیچ مین ہے اور جتنی جو چاہے اُسکے بعد پھر جب سجدہ کرتے فرماتی اللھم لک سجدت سے الخالقین تک یعنے یا اللہ تیرے لئی سجدہ کیا مین نے اور تجھے پر ایمان لایا مین اور تیرا ہی تابع ہوا سجدہ کیا میرے مونہہ نے اُسکی لئی جسنی اُسے بنایا اور اُسکے تصویر کھینچی اور اُسکے کان اور انکھین کھولین سو بڑی برکت والا ہی سب بنانی والون سے اچھا پھر سر کے آخر مین تشہد کے بعد اور سلام کے قبل فرماتے اللھم اغفرلی سے آخر تک یعنے یا اللہ بخشدے مُجکو جو مین نے اگلی کیا اور جو پیچھے کیا اور جو چھپا کیا اور جو کھولا اور جو تو مجھسے زیادہ جانتا ہے میرے علم مین سے تو ہی ہے مقدم کرنیوالا اور موخر کرنیوالا کوئی معبود نہین تیرے سوا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** علی بن ابیطالب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا قام الی الصلوٰۃ قال وجھت وجھی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک لہ وبذلک امرت وانا من المسلمین اللھم انت الملک لا الہ الا انت انت ربی وانا عبدک ظلمت نفسی واعترفت بذنبی فاغفرلی ذنبی جمیعا انہ لا یغفر الذنوب الا انت واھدنی لاحسن الاخلاق لا یھدی لاحسنھا الا انت واصرف عنی سیئھا لا یصرف عنی سیئھا الا انت لبیک وسعدیک والخیر کلہ فی یدیک والشر لیس الیک انا بک والیک تبارکت ربنا وتعالیت استغفرک واتوب الیک واذا رکع قال اللھم لک رکعت وبک امنت ولک اسلمت خشع لک سمعی وبصری ومخی وعظمی وعصبی واذا رفع قال اللھم ربنا لک الحمد ملأ السماء وملأ الارض وملأ ما بینھما وملأ ما شئت من شئ بعد فاذا سجد قال اللھم لک سجدت وبک امنت ولک اسلمت سجد وجھی للذی خلقہ وصوّرہ وشق سمعہ وبصرہ تبارک اللہ احسن الخالقین ثم یقول ما بین التشھد والتسلیم اللھم اغفرلی ما قدمت وما اخرت وما اسررت وما اعلنت وما اسرفت وما انت اعلم بہ منی انت المقدم وانت المؤخر لا الہ الا انت **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتی نماز مین یعنے بعد تکبیر تحریمہ کے فرماتے وجھت وجہی سے والتوب الیک تک اور معنی اُسکے اوپر گذرے مگر لبیک وسعدیک سے آخر دعا تک کے معنے یہ ہین کہ حاضر ہوا مین تیرے خدمت مین اور موافقت کی مین نے تیرے اطاعت کی ساتھ اور خیر بالکل تیرے ہاتھ مین ہے اور شر سے تیری نزدیکی حاصل نہین ہوتی مین تیرے ہی اور اعتماد کرتا ہون اسی رب ہمارے اور بلند ہے تو مغفرت مانگتا ہون مین تجھسے اور توبہ کرتا ہون تیرے آگی پھر جب رکوع کرتے اللھم لک رکعت سے عصبی تک پڑھتے اور معنی اسکے اوپر کی حدیث مین گذرے پھر جب سجدہ کرتے فرماتے اللھم لک سجدت سے احسن الخالقین تک اور اسکے معنی بھی اوپر گذرے پھر آخر مین بعد تشہد کے اور قبل سلام کے فرماتے اللھم اغفرلی سے آخر تک اور معنی اسکی بھی اوپر کے حدیث مین گذرے فقط اتنین ایک لفظ واما اسرفت زیادہ ہے اور اُسکے معنے جو حد سے زیادہ بڑہا مین یعنے اُسکو بھی بخشدے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** الشر لیس الیک کے کئی معنی ہین چنانچہ مجمع البحار مین ہے کہ مُراد اس سے یہ ہی کہ شر سے تیری نزدیکی حاصل نہین ہوتی اور تیرے رضامندی نہین ملتی یا شر تیری طرف چڑہتا نہین اور خیر تیری طرف چڑہ جاتی ہے اور اس کلمہ مین تعلیم ہے ادب کے کہ بندی کو لازم ہے کہ شر کا مرتکب اپنی کو جانے اور خیر اللہ کیطرف سے سمجھے کہ اُسکی توفیق اُسی کی جانب سے ہوئی یہ مقصود نہین کہ شر اُسکی تقدیر یا خلق سے باہر ہی بلکہ یہ محض ادب ہے اور اسی نظر سے اسمے کو کنون یا مُوکار نہ کہنا چاہئے اگرچہ وہ رب العالمین ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بعضی بات واقعی ہوتی ہے مگر اُسکی تعبیر مین ایک سوء ادب ہے پس ایسی تعبیر سے احتراز لازم ہے اور یہان سے غلطی شطحیات صوفیہ کی معلوم ہوگئی کہ جو کلام اُنکا مشعر سوء ادب کا ہے اُس سے احتراز لازم ہے اور ایک یہہ بھی معنے ہو سکتے ہین کہ شر کے نسبت تیری طرف نہین یعنے اگرچہ تو خالق شر کا ہے مگر خلق شر کا شر نہین تیری لئی جیسے ارتکاب اور اکتساب شر کا ہمارے لئے شر ہے **عن** علی بن ابیطالب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان اذا قام الی الصلوٰۃ المکتوبۃ رفع یدیہ حذو منکبیہ ویصنع ذلک اذا قضی قراءتہ واراد ان یرکع ویصنعہ اذا رفع راسہ من الرکوع ولا یرفع یدیہ فی شئ من صلوتہ وھو قاعد فاذا قام من سجدتین رفع یدیہ کذلک فکبر وقال حین یفتتح الصلوٰۃ بعد التکبیر وجھت وجھی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین ان صلوتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک لہ وبذلک امرت وانا من المسلمین اللھم انت الملک لا الہ الا انت سبحانک انت ربی وانا عبدک ظلمت نفسی واعترفت بذنبی فاغفرلی ذنبی جمیعا انہ لا یغفر الذنوب الا انت واھدنی لاحسن الاخلاق لا یھدی لاحسنھا الا انت واصرف عنی سیئھا لا یصرف عنی سیئھا

اِلَّا اَنْتَ لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ وَالْخَیْرُ بِیَدَیْکَ وَالرَّغْبَاءُ اِلَیْکَ وَالْعَمَلُ لَکَ وَاِلَیْکَ لَا مَنْجَا مِنْکَ وَلَا مَلْجَاَ اِلَّا اِلَیْکَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ ثُمَّ یُقِرُّ فَاِذَا رَکَعَ کَانَ کَلَامُہٗ فِیْ رُکُوْعِہٖ اَنْ یَّقُوْلَ اَللّٰھُمَّ لَکَ رَکَعْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَلَکَ اَسْلَمْتُ وَاَنْتَ رَبِّیْ خَشَعَ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَمُخِّیْ وَعَظْمِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَہٗ مِنَ الرُّکُوْعِ قَالَ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ ثُمَّ یُتْبِعُھَا اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ مِلْاَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْاَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ فَاِذَا سَجَدَ قَالَ فِیْ سُجُوْدِہٖ اَللّٰھُمَّ لَکَ سَجَدْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَلَکَ اَسْلَمْتُ وَاَنْتَ رَبِّیْ سَجَدَ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَہٗ وَشَقَّ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ تَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ وَیَقُوْلُ عِنْدَ اِنْصِرَافِہٖ مِنَ الصَّلٰوۃِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَاَنْتَ الْاِلٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے نماز فرض پر دونوں ہاتھ اُٹھاتے برابر شانوں کے اور ایسا ہی کرتے جب قرارت تمام کر لیتے اور رکوع کا ارادہ کرتے اور ایسا ہی کرتے جب رکوع سے سر اُٹھاتے یعنے تینوں وقت رفع یدین کرتے اور دونوں ہاتھ نہ اُٹھاتے نماز میں جب بیٹھے ہوتے یعنے سجدوں وغیرہ میں پھر جب دو رکعت پڑھکر اُٹھتے جب بھی رفع یدین کرتے اور تکبیر کہتے اور نماز کے شروع میں فرماتے بعد تکبیر تحریمہ کے وجہت وجہی سے الیک تک اور بعضے اسکے انا بک والیک تک اور گذرے اور لا منجا منک سے آخر تک یہ معنی کہ نہیں نجات کی جگہ تیرے غذاب سے اور نہ بھاگنے کا ٹھکانا مگر تیری طرف مغفرت مانگتا ہوں تجھ سے اور توبہ کرتا ہوں تیرے آگے پھر قرارت کرتے پھر رکوع کرتے اور رکوع میں آپکا کلام یہ ہوتا اللھم لک رکعت سے رب العالمین تک اور بعضے اسکے اوپر گذرے پھر جب رکوع سے سر اُٹھاتے فرماتے سمع اللہ لمن حمدہ یعنے سنا اللہ نے اسکی کلام کو جنے اسکی تعریف کی پھر اسکے بعد فرماتے اللھم ربنا لک الحمد سے بعد تک یعنی یا اللہ رب ہمارے تجھکو تعریف ہے آسمان بھر اور زمین بھر اور جتنے تو چاہے اسکے بعد پھر جب سجدہ کرتے سجدہ میں فرماتے اللھم لک سجدت سے احسن الخالقین تک اور جب نماز ختم ہوتی لگتی تو فرماتے یعنے قبل سلام کے اللھم اغفرلی سے آخر تک **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسی پر عمل ہے امام شافعی کا اور بعض ہمارے اصحاب کا اور کہا بعض اہل علم نے کوفیوں وغیرہ سے کہ یہ دعا نوافل میں پڑھے اور فرایض میں نہ پڑھے **سنا میں نے** ابو اسمٰعیل یعنے ترمذی سے کہ وہ کہتے تھے سنا میں نے سلیمان بن داؤد ہاشمی سے کہتے تھے جب ذکر کیا اس حدیث کا کہ یہ ہمارے نزدیک حدیث زہری کی مثل ہے جو انہوں نے سالم سے روایت کی ہے اور انہوں نے اپنے باپ سے **باب** مَا جَاءَ مَا یَقُوْلُ فِیْ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ باب سجدۂ تلاوت کی دعاؤں کے بیان میں **عن** ابن عباس قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ رَاَیْتُنِیْ اللَّیْلَۃَ وَاَنَا نَائِمٌ کَاَنِّیْ اُصَلِّیْ خَلْفَ شَجَرَۃٍ فَسَجَدْتُّ فَسَجَدَتِ الشَّجَرَۃُ لِسُجُوْدِیْ فَسَمِعْتُھَا وَھِیَ تَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اکْتُبْ لِیْ بِھَا عِنْدَکَ اَجْرًا وَضَعْ عَنِّیْ بِھَا وِزْرًا وَاجْعَلْھَا لِیْ عِنْدَکَ ذُخْرًا وَتَقَبَّلْھَا مِنِّیْ کَمَا تَقَبَّلْتَھَا مِنْ عَبْدِکَ دَاوٗدَ قَالَ ابْنُ جُرَیْجٍ قَالَ لِیْ جَدُّکَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَرَاَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَجْدَۃً ثُمَّ سَجَدَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَسَمِعْتُہٗ وَھُوَ یَقُوْلُ مِثْلَ مَا اَخْبَرَہُ الرَّجُلُ عَنْ قَوْلِ الشَّجَرَۃِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ ایک شخص رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اُسنے عرض کی کہ یا رسول اللہ میں اپنے تئیں اگلے دنوں میں دیکھا کہ میں نماز پڑھتا ہوں ایک درخت کے پیچھے اور میں نے سجدہ کیا تو درخت نے بھی میرے سجدہ کے ساتھ سجدہ کیا اور میں نے سنا کہ وہ کہتا تھا اللھم سے عبدک داؤد تک یعنے یا اللہ لکھ میرے لئے اسکا ثواب اور مٹا مجھ سے اسکے سبب سے بوجھ یعنی گناہ کا اور جمع اور کہا اسکا ثواب میرے لئے اپنی نزدیک اور قبول کر اسکو مجھ سے جیسا قبول کیا تو نے اپنی بندے داؤد سے کہا ابن جریج نے کہ کہا مجھے تمہارے دادا یعنے عبید اللہ نے اور یہ خطاب کیا انہوں نے حسن سے کہ کہا ابن عباس نے پھر پڑھی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آیت سجدہ کی اور سجدہ کیا کہا ابن عباس نے پس سنا میں نے انکو کہ پڑھتے تھے اسی دعا کو جسکی خبر دی تھی اُس مرد نے اور کہا تھا قول درخت کا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور اسماعیل ابی سعید سے بھی روایت ہے **عن** عائشہ قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِیْ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ بِاللَّیْلِ سَجَدَ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَہٗ وَشَقَّ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ بِحَوْلِہٖ وَقُوَّتِہٖ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا انہوں نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسکو سجدۂ تلاوت میں پڑھتے تھے سجد وجہی سے آخر تک یعنے سجدہ کیا میرے موہنے نے اسکو جسنے بنایا موہنہ کو اور چیرے اسکے کان اور آنکھیں اپنے حول و قوہ سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **متر جم** حضرت عائشہ کے یہ روایت دارقطنی اور حاکم اور بیہقی نے بھی روایت کیے ہے اور ابن سکن نے اسکو صحیح کہا ہے اور اسکے آخر میں یہ بھی زیادہ کی عائی مذکور تین بار پڑھتے اور حاکم نے یہ بھی زیادہ کیا ہے فَتَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ اور بیہقی نے خَلَقَہٗ کے بعد صَوَّرَہٗ بھی زیادہ کیا ہے۔ حدیث درخت کی جو اوپر مذکور ہوئی اسکو حاکم اور ابن حبان نے بھی روایت کیا ہے اور اسکی اسناد میں حسن بن محمد بن عبید اللہ بن ابی یزید ہے اور عقیلی نے کہا ہے کہ وہ مجہول ہے اور دونوں حدیثیں دال ہیں کہ سجود تلاوت میں کچھ پڑھنا مسنون ہے اور جتنی احادیث سجود تلاوت میں آئی ہیں

سب قاطبہ دلالت کرتے ہیں کہ اُسکے ساجد کو وضو ضرور نہیں اور سجدۂ تلاوت بی وضو ہے رواہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تلاوت کے وقت جو ہوتا تھا بے تکلف سجدہ کرتا تھا اور کسی روایت میں مذکور نہیں کہ آپنے اُنکو وضو کا حکم فرمایا ہو اور یہ بعید ہے کہ ہر وقت سب کے سب حاضرین محدثین اور وضو ہوا کریں اور مشرکوں نجس ہے آپکی ساتھ سجدہ کیا ہے حالانکہ وہ نجس ہیں اور وضو کے قابل نہیں اور بخاری نے روایت کیا ہے کہ ابن عمر بے وضو سجدہ کیا کرتے تھے اور ایسا ہی روایت کیا ہی اُنسی ابن ابی شیبہ اور جوہقی نے اُنسے روایت کیا ہے کہ سجدہ کرے آدمی مگر وہ طاہر ہو تو تطبیق ان دونوں میں اسطرح ہے کہ مُراد طہارت سے طہارت کبرے ہی لیعنے جنابت نہو یا مراد اس سے یہ ہے کہ وضو نہو ہے اور ہو وضو بہی جایز ہے باعتبار ضرورت کے اور جیسے وضو کی ضرورت احادیث سی نہیں سمجھی جاتی ہی ویسی ہی طہارت ثیاب اور مکان کی بہی مفہوم نہیں ہوتی اور ستر عورت اور استقبال قبلہ جب ممکن ہو تو بعضوں نے کہا ضرور ہے اتفاقاً اور فتح الباری میں ہے کہ جواز سجدہ تلاوت بغیر وضو کے اسمیں ابن عمر کے موافق کوئی نہیں ہے مگر شعبی کی روایت کیا ہے ابن شیبہ نے اُنسے بسند صحیح اور روایت کیا گیا ہے ابی عبدالرحمن سلمی سے بہی کہ وہ سجدہ کی آیت پر ہتھے اور بی وضو سجدہ کرتے غیر قبلہ کیطرف اور اگر راہ میں ہوتے تو سر سے اشارہ کرتے اور اہل بیت میں ابن عمر کے موافقت بی وضو سجدہ کرنیمیں ابو طالب اور منصور باللہ بہی کی ہی اور مروی ہے بعض صحابہ سی کہ وہ مکروہ کہتے تھے سجدۂ تلاوت کو اوقات مکروہہ میں اور ظاہر یہ ہے کہ مکروہ نہیں اسلئے کہ سجدہ تلاوت نماز نہیں اور کراہیت مخصوص بہ نماز ہے کذا فی نیل الاوطار **باب** مَاجَاءَ مَا يَقُوْلُ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ باب گہر سے نکلنے کی دعاؤں کا **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ يَعْنِيْ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ يُقَالُ لَهٗ كُفِيْتَ وَوُقِيْتَ وَتَنَحّٰى عَنْهُ الشَّيْطَانُ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کہے اپنے گہر سے نکلتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہا جاتا ہے اُسے کفایت کیا گیا تو اور بچایا گیا تو شر سے اور دور ہو جاتا ہے اُس سے شیطان اور منحے اُسکے یہ ہیں کہ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے بہروسا کیا میں نے اللہ پر گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی بجالانیکی قوت کسی کو نہیں ہے مگر اللہ کے ساتھ

**ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **باب** مِنْهُ باب دوسرا اسے بیانمیں **عَنْ** اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ نَزِلَّ اَوْ نُضَلَّ اَوْ نَظْلِمَ اَوْ نُظْلَمَ اَوْ نَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيْنَا **ترجمہ** روایت ہے ام سلمہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب گہر سے نکلے بسم اللہ سے آخر تک پڑہتے یعنے شروع کرتا ہوں نیمیں اللہ کے نام سے بہروسا کرتا ہوں نیمیں اللہ پر یا اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تجھسے اسسے کہ پہسل جاؤں یا راہ بہول جاؤں یا ظلم کروں کسی پر یا مجھپر کوئی ظلم کرے یا جہالت کروں نیمیں کسی پر یا مجھسے کوئی جہالت کرے **باب** مَا يَقُوْلُ اِذَا دَخَلَ السُّوْقَ باب بازار میں جانیکی دعاؤں کا **عَنْ** عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ دَخَلَ السُّوْقَ فَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَمَحٰى عَنْهُ اَلْفَ اَلْفِ سَيِّئَةٍ وَرَفَعَ لَهٗ اَلْفَ اَلْفِ دَرَجَةٍ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو بازار میں داخل ہوا اور لا الٰہ الا اللہ سے قدیر تک پڑہے اُسکے لئے ہزار ہزار نیکیاں لکہی جاتی ہیں اور ہزار ہزار برائیاں مٹائی جاتی ہیں اور ہزار ہزار درجہ بلند کئے جاتے ہیں **ف** یہ حدیث غریب ہے اور روایت کیا ہے اسکو عمرو بن دینار نے جو خزاعی تہے زبیر کے گہر کے سالم بن عبداللہ سے مانند اسی روایت کے چنانچہ روایت کیا ہمسے احمد ابن عبدالنضبی نے اُنہوں نے حماد بن زید سے اور متمم بن سلیمان سے دونوں نے کہا روایت کیا ہمسے عمرو بن دینار نے جو خزاعی تہے زبیر کے گہر کے اُنہوں نے سالم سے اُنہوں نے عبداللہ بن عمر سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے سالم کے دادا سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کہے مارا جاتا لا الٰہ سے قدیر تک یعنے جیسا اوپر مذکور ہوا لکہے جاتی ہیں اُسکے لئی ہزار ہزار نیکیاں اور مٹائی جاتی ہیں اُسکے لئی ہزار ہزار برائیاں اور بنایا جاتا ہے اُسکے لئے ایک گہر جنت میں **باب** مَاجَاءَ مَا يَقُوْلُ الْعَبْدُ اِذَا مَرِضَ باب بیمار کیے دعا کا **عَنْ** اَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ صَدَّقَهٗ رَبُّهٗ وَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَاَنَا اَكْبَرُ وَاِذَا قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَاَنَا وَحْدِيْ وَاِذَا قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَحْدِيْ لَا شَرِيْكَ لِيْ وَاِذَا قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ قَالَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا لِيَ الْمُلْكُ وَلِيَ الْحَمْدُ وَاِذَا قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِيْ وَكَانَ يَقُوْلُ مَنْ قَالَهَا فِيْ مَرَضِهٖ ثُمَّ مَاتَ لَمْ تَطْعَمْهُ النَّارُ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید اور ابی ہریرہ سے دونوں نے گواہی دی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کہتا ہے لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر تصدیق کرتا ہے اُسکی

فائدہ بازار میں جانے کی دعا میں

فائدہ دعا کے

اللہ تعالیٰ اور فرماتا ہے نہیں کوئی معبود سوا میرے اور میں ہی بڑا ہوں اور جب کہتا ہی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ کوئی معبود نہیں مگر میں اور میں اکیلا ہوں اور جب کہتا ہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ نہیں کوئی معبود مگر میں اور میں اکیلا ہوں کوئی شریک نہیں میرا اور جب کہتا ہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ کوئی معبود نہیں مگر میں میرا ہے ملک اور مجھ کو ہی سب تعریف اور جب کہتا ہے وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ نہیں کوئی معبود مگر میں اور نہیں طاقت گناہ سے بچنے کی اور نیکی کرنے کی مگر میری ہی طرف سے اور فرماتے تھے کہ جو ان کلمات کو بیماری میں کہے اور پھر مر جاوے اسکو آگ نہ کھاوے

**ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیا ہے شعبہ نے ابی اسحاق سے انہوں نے ایک اعرابی سے انہوں نے ابی ہریرہ سے اور ابی سعید سے مانند اسی روایت کے مضمون میں اور مرفوع کیا اسکو شعبہ نے روایت کرنے سے ہمیں محمد بن بشار نے انہوں نے کہا روایت کیا ہمیں محمد بن جعفر نے انہوں نے شعبہ سے

## باب ماجاء ما یقول اذا رای مبتلی

**باب** بلا میں کہے تو کیا کہے

**عن** عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَاٰی صَاحِبَ بَلَاءٍ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا اِلَّا عُوْفِیَ مِنَ الْبَلَاءِ کَائِنًا مَا کَانَ مَا عَاشَ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو دیکھے کسی کو بلا میں اور کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ تفضیلا تک یعنی سب تعریف اللہ کو ہے جسنے بچایا مجھکو اُس بلا سے جسمیں مبتلا کیا تجھکو اور فضیلت دی مجھکو اپنے اکثر مخلوقات پر تو بچایا جاوے گا وہ اُس بلا سے جو بلا ہو جب تک زندہ رہیگا **ف** یہ حدیث غریب ہے اور اسماعیل بن ابی ہریرہ اور عمرو بن دینار سے جو خزاعی ہیں آل زبیر کے اور وہ ایک شیخ ہیں بصرہ اور حدیث میں وہ کچھ قوی نہیں اور منفرد ہوتے ہیں وہ اکثر روایتوں میں جو روایت کرتے ہیں انہوں نے سالم بن عبداللہ بن عمر سے اور روایت کرتے ہیں ابی جعفر محمد بن علی نے کہ انہوں نے کہا جب کسی کو بلا میں دیکھے تو اور وہ پناہ مانگتا ہو تو اس دعا کو اپنے دل میں کہہ کر وہ نہ سنی روایت کرتے ہیں ابو جعفر سمنانی نے اور کئی لوگوں نے کہا انہوں نے روایت کرتے ہیں طرف بن عبداللہ نے انہوں نے عبداللہ بن عمر عمری سے انہوں نے سہیل بن ابی صالح سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو دیکھے کسی گرفتار بلا کو اور کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا اسکو وہ بلا نہیں پہنچیگی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے

## باب ما یقول اذا قام من مجلسہ

**باب** جو کہے کوئی جب اٹھے مجلس سے

**عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ جَلَسَ فِیْ مَجْلِسٍ فَکَثُرَ فِیْہِ لَغَطُہٗ فَقَالَ قَبْلَ اَنْ یَّقُوْمَ مِنْ مَّجْلِسِہٖ ذٰلِکَ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ اِلَّا غُفِرَ لَہٗ مَا کَانَ فِیْ مَجْلِسِہٖ ذٰلِکَ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کسی مجلس میں بیٹھے اور بہت لغو اور بیہودہ باتیں کرے پھر اٹھنے سے پہلی سبحانک سے انوب الیک تک کہے یعنے پاک ہے تو اے اللہ اور سب تعریف تجھی کو ہے گواہی دیتا ہوں میں کہ کوئی معبود نہیں سوا تیرے مغفرت مانگتا ہوں میں تجھسے اور توبہ کرتا ہوں تیرے آگے تو بخشے جاتی ہیں اسکے باتیں جو اُس مجلس میں کہیں **ف** اسماعیل بن ابی ہریرہ اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے نہیں پہچانتے ہم اسکو سہیل کے روایت سے مگر اسی سند سے

**عن** اِبْنِ عُمَرَ قَالَ کَانَ تُعَدُّ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْمَجْلِسِ الْوَاحِدِ مِائَۃُ مَرَّۃٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّقُوْمَ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ گنا جاتا تھا مجلس میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ سو سو بار فرماتے تھے قبل اُٹھنے کے رب اغفر لی سے آخر تک یعنے اے رب میرے بخشدے مجھکو تحقیق کہ تو ہے توبہ قبول کرنیوالا اور بخشنے والا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **ترجمہ** اس حدیث میں بڑی ترغیب اور تحریص ہے استغفار اور توبہ پر کہ نبی معصوم جبکو اللہ نے گناہوں سے بچایا ہی تھا اور اگلے پچھلے خطاؤں کو معاف بھی فرمایا تھا جب وہ مجلس میں سو سو بار استغفار فرماتے تھی تو ہم گرفتار ذنوب پُر عیوب لوگوں کو تو زیادہ اُسکی ضرورت ہے

## باب ما یقول عند الکرب

**باب** جو کہے کوئی وقت غم کے

**عن** اِبْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَدْعُوْا عِنْدَ الْکَرْبِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْحَکِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم شدت غم کے وقت یہ دعا کرتے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سے آخر تک یعنے کوئی معبود حق نہیں سوا اللہ کے اور وہ بردبار ہے حکمت والا کوئی معبود حق نہیں سوا اللہ وہ صاحب ہے بڑے تخت کا کوئی معبود حق نہیں سوا اللہ وہ پالنے والا ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور مالک ہے بڑی تخت کا **ف** روایت کیا ہے محمد بن شداد نے ابی ابن عباس سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل روایت مذکور کے اور اسماعیل بن علی کردوسی جو ہے یہ حدیث صحیح ہے **ترجمہ** واقع مدیح ہے یہ کہ رب العالمین کی توحید اور اسکا صاحب عرش ہونا اور عام ہونا اُسکی پادشاہی کا آسمان و زمین میں مذکور ہے اہلی موصوف عرشی داغوز کا

نم کہنے کی بھی ہیبت اکسیر عظم ہے اگرچہ جہنم ہیبت کیوں ہے کیونکہ ہر نہ ہو اور اسمیں صاف اشارہ ہوتا ہے اُسکی ذات مقدس کے عرش پر ہونیکی طرف وہو المقصود **عن** ابی ہریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اہمہ الامر رفع راسہ الی السماء فقال سبحان اللہ العظیم واذا اجتہد فی الدعاء قال یا حی یا قیوم **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کسی امر کا فکر سخت ہوتا تو اپنا سر آسمان کیطرف اٹھاتے اور فرماتے سبحان اللہ العظیم یعنے پاک ہے اللہ بڑائی والا اور جب کوشش کرتے دعا میں فرماتے یا حی یا قیوم یعنے اسی زندہ سب کے تھامنے والی **ف** یہ حدیث غریب ہے **ترجمہ** حقیقت میں حی وقیوم دونوں نام مبارک ایسی بیمار ہیں اور اسقدر دوا ہیں راحت اور لذت حاصل ہوتی ہے کہ سبحان اللہ تقریر و تحریر سے خارج ہے اور اس فقیر حقیر کو اللہ تعالیٰ نے ان نامونکی برکات سے ایک حصہ عنایت فرمایا ہے اور حقیقت میں دو نور صفتیں ایسی ہیں کہ تمام عالم کا قیام اور حیات انہیں سے وابستہ ہی اگر ایک لحظہ اپنے قیومیت کا اظہار کرے تو سارا جہان کتم عدم میں فوراً چلا جاوے اور اگر اُنکی حیوۃ کو جو ہمیشہ حیوۃ کاملہ کی ظل ہیں ایک لمحہ اُٹھا لے تو ساری ذوی الارواح میں سے ایک بھی زندہ نظر نہ آوے **باب** ما جاء ما یقول اذا نزل منزلا باب منزل میں اترنیکے دعا کا **عن** خولۃ بنت الحکیم السلمیۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من نزل منزلا ثم قال اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق لم یضرہ شیء حتی یرتحل من منزلہ ذلک **ترجمہ** روایت ہے خولہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اترے کسی منزل میں اور کہے اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق یعنے پناہ میں آتا ہوں میں اللہ کے پورے کلموں کے مخلوق کے فساد سے تو ضرر نہ پہونچاوے گی اُسکو کوئی چیز یہانتک کہ کوچ کرے اُس منزل سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیا مالک بن انس نے بھی حدیث کہ پہونچی اُنکو یہی روایت یعقوب بن اشج سے سو ذکر کرکے اُنہوں نے حدیث اسکی مثل اور مروی ہوئی ہے ابن عجلان سے کہ اُنہوں نے سنا ہے روایت کیے یعقوب بن عبد اللہ بن اشج سے اور اُنہوں نے انسین کہا کہ روایت کیے سعید بن مسیب نے وہ روایت کرتے ہیں خولہ سے اور حدیث لیث کے یعنے جس نے سنا ہے اوپر کو ہونی زیادہ صحیح ہے ابن عجلان کے روایت سے **باب** ما یقول اذا خرج مسافرا باب سفر کے وقت کے دعا کا **عن** ابی ہریرۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سافر فرکب راحلتہ قال باصبعہ وحرک راحلتہ قال اللہم انت الصاحب فی السفر والخلیفۃ فی الاہل اللہم اصحبنا بنصحک واقلبنا بذمۃ اللہم زو لنا الارض وہون علینا السفر اللہم انی اعوذ بک من وعثاء السفر وکآبۃ المنقلب **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے اور سوار ہوتے اپنے سواری پر اشارہ فرماتے اپنے انگلی سے یعنے سامنے کی طرف اور دابہ کے شعبہ اپنی انگلی اور پھر فرماتے اللہم سے آخر تک یعنے یا اللہ تو رفیق ہے سفر میں اور خلیفہ ہے گھر میں یا اللہ ساتھ رہ میرے سے اپنے خیر خواہی سے اور لوٹا ہمکو اپنے ذمہ میں یا اللہ لپیٹ دے ہمارے لئے زمین کو یعنے چھوٹا کر دے مسافت کو اور آسان کر دے ہمپر سفر کو یا اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تجھسے سفر کے مشقت سے اور غمگین اور نامراد لوٹنے سے **ف** اسکی جسے سوید بن نصر نے انہوں نے عبد اللہ بن مبارک سے انہوں نے شعبہ سے اسی اسناد سے مانند اسکے معنوں میں یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ابی ہریرہ کے روایت سے نہیں جانتے ہم اسکو مگر روایت سے ابن عدی کے کہ وہ شعبہ سے روایت کرتے ہیں **عن** عبد اللہ بن سرجس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا سافر یقول اللہم انت الصاحب فی السفر والخلیفۃ فی الاہل اللہم اصحبنا فی سفرنا واخلفنا فی اہلنا اللہم انی اعوذ بک من وعثاء السفر وکآبۃ المنقلب ومن سوء المنظر فی الاہل والمال **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن سرجس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے فرماتے اللہم سے آخر تک یعنے یا اللہ تو رفیق ہے سفر میں اور خلیفہ ہے گھر میں یا اللہ تو رفیق رہ ہمارے سفر میں اور خلیفہ رہ تو ہمارے گھر میں یا اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے سفر کے مشقتوں سے اور پھیرنے محروم و نامراد لوٹنے سے اور خود سے بد کرنے کے اور بد دعا سے مظلوم کے اور برائی دیکھنے سے اپنے اہل اور مال میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہے کہ خود بعد الکور کے جگہ یا بعد الکون ہی اور معنے اُسکی یہ ہیں کہ پناہ مانگتا ہوں میں ایمان سے کفر کی طرف لوٹنی سے یا طاعت سے معصیت کے طرف لوٹنے سے غرض یہ ہے کہ جو ہم کو زیادہ سے شر کیطرف نہ مراد ہے **باب** ما جاء ما یقول اذا رجع من سفرہ باب سفر سے لوٹنے کی دعا کا **عن** البراء بن عازب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا قدم من سفر قال ایبون تائبون عابدون لربنا حامدون **ترجمہ** روایت ہے براء بن عازب سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب سفر سے آتی فرماتی ہمارے سے آخر تک لوٹنے والے ہیں یعنے سفر سے سلامتی کے ساتھ اور توبہ کرنیوالی ہیں عبادت کرنیوالی اپنے رب کی تعریف کرنیوالی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی ترجیح یہی حدیث ابی اسحاق سے انہوں نے براء سے اور نہیں ذکر کیا اُسمیں ربیع بن براء کا اور روایت شعبہ کی زیادہ صحیح ہے اور اسمیں ابن عمر اور جابر

بن عبد اللہ سے روایت ہے **باب منہ عن** انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا قدم من سفر فنظر الی جدران المدینۃ اوضع راحلتہ وان کان علی دابۃ حرکھا من حبھا **ترجمہ** روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے آتے اور مدینہ کی دیواروں کو دیکھتے دوڑاتے اپنی اونٹنی اور اگر کسی گھوڑے پر سوار ہوتے تو اسکو بھی جلدی چلاتے مدینہ کی محبت سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **باب** ماجاء ما یقول اذا ودع انسانا باب کسی کی رخصت کرنے کے بیان میں **عن** ابن عمر قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا ودع رجلا اخذ بیدہ فلا یدعھا حتی یکون الرجل ھو یدع یقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول استودع اللہ دینک وامانتک واخر عملک **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب کسی کو رخصت کرتے اسکا ہاتھ پکڑتے اور چھوڑتے آپ ہاتھ تک کہ چھوڑ دیتا وہ ہاتھ آپکا اور فرماتے استودع سے آخر تک یعنے امین کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کو تیرے دین اور ایمان اور آخر اعمال کا **ف** یہ حدیث غریب ہے ہاں سند سے اور مروی ہوئے ہے اور سند سے بھی ابن عمر سے **عن** سالم ان ابن عمر کان یقول للرجل اذا اراد سفرا ان ادن منی اودعک کما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یودعنا فیقول استودع اللہ دینک وامانتک وخواتیم عملک **ترجمہ** روایت ہے سالم سے کہ ابن عمر جب کسی کو رخصت کرتے فرماتی میرے نزدیک آمین تجھے رخصت کروں جیسے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہمکو رخصت کرتے تھے یہ استودع سے آخر تک پڑھتے اور مضاف اسکے اور گذرے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے موصول ہے روایت سے سالم بن عبد اللہ کے **باب منہ عن** انس قال جاء رجل الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انی ارید سفرا فزودنی قال زودک اللہ التقوی قال زدنی قال واغفر ذنبک قال زدنی قال ویسر لک الخیر حیثما کنت **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہا آیا ایک مرد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کی کہ یا رسول اللہ میں سفر کو جاتا ہوں سو مجھے کچھ توشہ دیجئے آپنے فرمایا توشہ دی تجھکو اللہ تعالیٰ تقوی کا عرض کی اور کچھ زیادہ کیجئے آپنے فرمایا بخشدی اللہ تعالیٰ گناہ تیرے عرض کی اور کچھ زیادہ کیجئے میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں فرمایا آسان کرے تیرے لئے خیر کو جہاں تو ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **باب منہ عن** ابی ھریرۃ ان رجلا قال یا رسول اللہ انی ارید ان اسافر فاوصنی قال علیک بتقوی اللہ والتکبیر علی کل شرف فلما ان ولی الرجل قال اللھم اطو لہ البعد وھون علیہ السفر **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص آیا اور عرض کی یا رسول اللہ میں سفر کا ارادہ رکھتا ہوں کچھ نصیحت فرمائیے آپنے فرمایا پرہیزگاری اللہ سے ڈرنا ضرور ہے اور تکبیر کہنا ہر بلندی پر پھر جب وہ چلا آپنی فرمایا اللہ لپیٹ دے اسکے لئے زمین کے دوری کو اور آسان کر دے اسپر سفر **ف** یہ حدیث حسن ہے **باب** ماذکر فی دعوۃ المسافر باب مسافر کے دعا مقبول ہونے میں **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلاث دعوات مستجابات دعوۃ المظلوم ودعوۃ المسافر ودعوۃ الوالد علی ولدہ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تین شخصوں کی دعائیں مقبول ہیں ایک مظلوم دوسرے مسافر تیسرے باپکے دعا اولاد کے لئے **روات** کی ہمسے علی بن ابراہیم سے انہوں نے ہشام وستوائی سے انہوں نے یحیی سے اسی اسناد سے اسی مانند کہی اور زیادہ کیا انمیں مستجابات لاشک فیھن یعنے تین دعائیں مقبول ہیں انمیں شک نہیں اور یہ حدیث حسن ہے اور ابو جعفر وہی ہیں جنسے یحیی بن ابی کثیر نے روایت کی اور وہ ابو جعفر موذن کہلاتے ہیں اور انکا نام ہم نہیں جانتے **باب** ماجاء ما یقول اذا رکب دابۃ باب سواری پر چڑھنے کی دعا میں **عن** علی بن ربیعۃ قال شھدت علیا اتی بدابۃ لیرکبھا فلما وضع رجلہ فی الرکاب قال بسم اللہ فلما استوی علی ظھرھا قال الحمد للہ ثم قال سبحان الذی سخر لنا ھذا وما کنا لہ مقرنین وانا الی ربنا لمنقلبون ثم قال الحمد للہ ثلاثا واللہ اکبر ثلاثا سبحانک انی قد ظلمت نفسی فاغفر لی فانہ لا یغفر الذنوب الا انت ثم ضحک فقلت من ای شیء ضحکت یا امیر المؤمنین قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صنع کما صنعت ثم ضحک فقلت من ای شیء ضحکت یا رسول اللہ قال ان ربک یعجب من عبدہ اذا قال رب اغفر لی ذنوبی انہ لا یغفر الذنوب غیری **ترجمہ** روایت ہے علی بن ربیعہ سے کہ حاضر ہوا میں حضرت علی کے پاس اور انکی سواری لائی تھے تاکہ وہ سوار ہوں پھر جب پیر رکاب میں رکھا بسم اللہ کہی پھر جب اسکی پیٹھ پر چڑھ گئے الحمد للہ کہا پھر سبحان الذی سخر لنا ھذا وما کنا لہ مقرنین وانا الی ربنا لمنقلبون پڑھا یعنے پاک ہے وہ اللہ جسنے ہمارے کام میں لگایا اسکو اور ہم اسکو دبا نہ سکتے تھے اور ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں پھر الحمد للہ تین بار کہا اور اللہ اکبر تین بار کہا پھر کہا سبحانک انی قد ظلمت نفسی فاغفر لی فانہ لا یغفر الذنوب الا انت یعنے پاک ہے تو ای اللہ بیشک میں نے ظلم کیا اپنی جان پر سو بخشدے مجھکو کہ نہیں بخشتا کوئی گناہ مگر تو پھر ہنسے حضرت علی اور میں نے کہا آپ کیوں

سفر سے واپس آنے کے وقت مدینہ کی دیوار دیکھکر دوڑانے کا بیان

رخصت کرنیکے وقت کچھ دعا

سواری پر چڑھنے کی دعا کا بیان

سے اے امیر المؤمنین فرمایا انہوں نے کہ دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ انہوں نے ایسا ہی کیا جیسے میں نے کیا پھر ہنسی سو میں نے عرض کیا کیوں ہنسی آپ یا رسول اللہ فرمایا بیشک تیرا رب پسند کرتا ہے اپنی بندہ سے جب وہ کہتا ہے اے میرے بخشدے گناہ میرے بیشک کوئی نہیں بخشتا گناہ سوا تیرے ف اسباہیں ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابن عمر ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم کان اذا سافر فرکب راحلتہ کبر ثلاثا وقال سبحان الذی سخر لنا ھذا وما کنا لہ مقرنین وانا الی ربنا لمنقلبون ثم یقول اللھم انی اسالک فی سفرنا ھذا البر والتقوی ومن العمل ما ترضی اللھم ھون علینا المسیر واطو عنا بعد الارض اللھم انت الصاحب فی السفر والخلیفۃ فی الاھل اللھم اصحبنا فی سفرنا واخلفنا فی اھلنا وکان یقول اذا رجع الی اھلہ ایبون ان شاء اللہ تائبون عابدون لربنا حامدون **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے اور اپنی سواری پر سوار ہوتے اللہ اکبر کہتے تین بار اور سبحان الذی سخر لنا تک کہتے یعنے ایکبار پھر اللھم سے فی الہناتک پڑھتے یعنے یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے اس سفر میں نیکی اور تقوی اور وہ عمل جو تو پسند کرے یا اللہ آسان کر ہمارے اوپر چلنا اور لپیٹ دی ہمارے لئے زمین کی مسافت کو یا اللہ تو رفیق ہے سفر میں اور خلیفہ ہے گھر میں یا اللہ تو ہمارے ساتھ رہ سفر میں اور خلیفہ رہ گھر میں اور جب گھر آتے فرماتے ہم لوٹنے والے ہیں اگر خدا نے چاہا توبہ کرنیوالے عبادت کرنیوالے اپنی رب کے تعریف کرنیوالے ف **باب** ما جاء ما یقول اذا ھاج الریح باب آندھی کے وقت دعا میں **عن** عائشۃ قالت کان النبی صلے اللہ علیہ وسلم اذا رای الریح قال اللھم انی اسالک من خیرھا وخیر ما فیھا وخیر ما ارسلت بہ واعوذ بک من شرھا وشر ما فیھا وشر ما ارسلت بہ **ترجمہ** روایت ہے حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب ہوا چلتے یہ دعا پڑھتے اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں خیر اسکی اور جو خیر اسمیں رکھی گئی ہے اور جو اسکے ساتھ بھیجے گئی ہے اور پناہ مانگتا ہوں تیرے شر سے اور جو شر اسمیں رکھا گیا ہے اور جو اسکے ساتھ بھیجا گیا ہے ف اور اسباہیں ابی بن کعب سے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے **باب** ما یقول اذا سمع الرعد باب گرج کی دعا میں **عن** عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کان اذا سمع صوت الرعد والصواعق قال اللھم لا تقتلنا بغضبک ولا تھلکنا بعذابک وعافنا قبل ذالک **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب سنتے تھے آواز گرج اور کڑک کے فرماتے تھے اللھم سے آخر تک یعنی یا اللہ نہ مار ہمکو اپنے غضب سے اور نہ ہلاک کر ہمکو اپنے عذاب سے اور بخشدے قبل اسکے ف یہ حدیث ہی نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **باب** ما یقول عند رؤیۃ الھلال باب چاند دیکھنے کی دعا کا **عن** طلحۃ بن عبید اللہ ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم کان اذا رای الھلال قال اللھم اھلہ علینا بالیمن والایمان والسلامۃ والاسلام ربی وربک اللہ **ترجمہ** روایت ہے طلحہ بن عبید اللہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب چاند دیکھتے اللھم سے آخر تک پڑھتے یعنے یا اللہ مبارک کر ہمپر اس چاند کو ساتھ برکت اور ایمان کے اور سلامتی اور اسلام کے رب میرا اور تیرا اللہ ہے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **باب** ما یقول عند الغضب باب غصہ کی دعا کا **عن** معاذ بن جبل قال استب رجلان عند النبی صلے اللہ علیہ وسلم حتی عرف الغضب فی وجہ احدھما فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انی لاعلم کلمۃ لو قالھا لذھب عنہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم **ترجمہ** روایت ہے معاذ سے کہا دو شخص آپسمیں سخت و سست کہنی لگے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس یہانتک کہ معلوم ہونے لگا غصہ ایک کے چہرہ پر سو فرمایا آپنے میں ایک کلمہ جانتا ہوں اگر یہ کہتے غصہ جاتا رہے اور وہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ہے یعنے پناہ مانگتا ہوں میں شیطان راندی ہوئے سے ف اسباہیں سلیمان بن صرد سے بھی روایت ہے روایت کیے ہمسے محمد بن بشار نے انہوں نے عبد الرحمن سے انہوں نے سفیان سے مانند اسکے اور یہ حدیث مرسل ہے اسلئے کہ عبد الرحمن بن ابی لیلی نے نہیں سنا معاذ سے اور معاذ نے انتقال کیا ہے عمر بن خطاب کے خلافت میں اور عمر بن خطاب جب شہید ہوئے تو عبد الرحمن بن ابی لیلی چھ برس کی تھی ایسی ہی روایت کیے شعبہ نے حکم سے انہوں نے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے اور روایت کیے ہے عبد الرحمن بن ابی لیلی نے عمر بن خطاب سے اور دیکھا ہے انکو اور عبد الرحمن کے کنیت ابو عیسے ہی اور ابو لیلی یہ لیلی کے باپ کا نام یسار ہے اور روایت کیے گئی ہے عبد الرحمن سے کہ انہوں نے کہا دیکھا میں نے اکیس میں صحابہ کو انصار سے رضی اللہ عنہم اجمعین **باب** ما یقول اذا رای رؤیا یکرھھا باب برا خواب دیکھنے کی دعا کا اور اچھے خواب کے بیان میں **عن** ابی سعید الخدری انہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا رای احدکم الرؤیا یحبھا فانما ھی من اللہ فلیحمد اللہ علیھا ولیحدث بما رای واذا رای غیر ذالک مما یکرھہ فانما ھی من الشیطان فلیستعذ باللہ من شرھا ولا یذکرھا لاحد فانھا لا تضرہ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا انہوں نے کہ فرماتے تھے جب کبھی کوئی تم میں خواب میں جو دوست رکھتا ہے سو وہ اللہ کی طرف سے ہی ہر تعریف

کرے اللہ کی اور لوگوں سے بیان کرے جو دیکھا ہوا وجود دیکھے اسکے سوا ایسی چیز جسکو برا جانتا ہے تو وہ شیطان کی طرف سے ہی پس پناہ مانگے اسکے شر سے اور کسی سے ذکر کرے اسکا کہ وہ اسکو کچھ ضرر نہیں پہونچا ویگا **ف** اسباب ابی قتادہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث غریب ہے صحیح ہی اس سند سے اور ابن الہاد کا نام یزید بن عبداللہ بن اسامہ بن ہادمدنی ہے اور وہ ثقہ ہیں اہل حدیث کی نزدیک روایت کرتے ہے انسے امام مالک اور بہت لوگوں نے **باب** مَا یَقُوْلُ اِذَا رَاَی اَلْبَاکُوْرَۃَ مِنَ الثَّمَرِ باب نیا پھل دیکھنے کی دعا میں **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ کَانَ النَّاسُ اِذَا رَاَوُا اَوَّلَ الثَّمَرِ جَآءُوْا بِہٖ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِذَا اَخَذَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ ثِمَارِنَا وَبَارِکْ لَنَا فِیْ مَدِیْنَتِنَا وَبَارِکْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَمُدِّنَا اَللّٰھُمَّ اِنَّ اِبْرَاھِیْمَ عَبْدُکَ وَخَلِیْلُکَ وَنَبِیُّکَ وَاِنِّیْ عَبْدُکَ وَنَبِیُّکَ وَاِنَّہٗ دَعَاکَ لِمَکَّۃَ وَاِنِّیْ اَدْعُوْکَ لِلْمَدِیْنَۃِ بِمِثْلِ مَا دَعَاکَ بِہٖ لِمَکَّۃَ وَمِثْلَہٗ مَعَہٗ قَالَ ثُمَّ یَدْعُوْ اَصْغَرَ وَلِیْدٍ یَرَاہُ فَیُعْطِیْہِ ذٰلِکَ الثَّمَرَ ترجمہ روایت ہے ابوہریرہ سے انہوں نے کہا لوگ جب پہلا پھل دیکھتے تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لیتے پھر جب آپ لیتے فرماتے اللھم سے وَمثلہ معہ تک یعنی یا اللہ برکت دی ہمارے ہمارے پھلوں میں اور برکت دی ہمارے شہر میں اور برکت دے ہمارے صاع اور مُد میں یا اللہ ابراہیم جو تیرا بندہ اور دوست اور نبی تھا اُسنے دعا کی مکہ کے لئے اور میں کہ تیرا بندہ اور نبی ہوں تجھسے دعا کرتا ہوں مدینہ کے لئے مثل اُسکے کہ دعا کی انہوں نے مکہ کے لئے اور برابر اُسکے اور وہی اُسکے ساتھ پھر بُلاتی جس چھوٹے لڑکیکو دیکھتے اور وہ پھل اُسے عنایت فرماتے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** مَا یَقُوْلُ اِذَا اَکَلَ طَعَامًا باب کھانے پینے کی دعا کا **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَا وَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ عَلٰی مَیْمُوْنَۃَ فَجَآءَتْنَا بِاِنَآءٍ مِّنْ لَبَنٍ فَشَرِبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنَا عَنْ یَّمِیْنِہٖ وَخَالِدٌ عَنْ شِمَالِہٖ فَقَالَ لِیْ اَلشَّرْبَۃَ لَکَ فَاِنْ شِئْتَ اٰثَرْتَ بِھَا خَالِدًا فَقُلْتُ مَا کُنْتُ اُوْثِرُ عَلٰی سُؤْرِکَ اَحَدًا ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَطْعَمَہُ اللّٰہُ طَعَامًا فَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا مِّنْہُ وَمَنْ سَقَاہُ اللّٰہُ لَبَنًا فَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ شَیْءٌ یُّجْزِیْ مَکَانَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ غَیْرُ اللَّبَنِ ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ داخل ہوا میں اور خالد بن ولید رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میمونہ کے گھر میں سو لائیں وہ ایک برتن دودھ کا اور پیا اُسمیں سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور میں آپکے داہنے اور خالد بائیں تھے سو مجھسے فرمایا کہ حق پینے کا تو ترا ہے مگر تو چاہے تو مقدم کر اپنے اوپر خالد کو میں نے عرض کیا میں کبھی مقدم نہ کرونگا آپکے جوٹھے پر کسی کو پھر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسکو اللہ تعالیٰ کچھ کھلائے تو کہے اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا مِّنْہُ یعنے یا اللہ برکت دی ہمکو اسمیں اور کھلا اس سے اچھا اور جسکو اللہ دودھ پلائے تو چاہیے کہے اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ یعنے یا اللہ برکت دی ہمکو اس میں اور زیادہ دی ہمکو اسی اور فرمایا آپنے کہ کوئی شئی ایسی نہیں ہے جو کھانے اور پینے دونوں کو کافی ہو سوا دودھ کے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیا بعضوں نے یہ حدیث علی بن زید سے سو کہا انہوں نے روایت کیا ہے عمر بن حرملہ سے اور بعضوں نے کہا عمر بن حرملہ اور وہ صحیح نہیں **مترجم** اس حدیث سے کئی باتیں معلوم ہوئیں اول کہ کھانے پینے کی چیز میں اصحاب حضرت پر تقدیم کرتے تھی اور یہی لازم ہے مسلمان کو کہ اپنے صلحا اور علما کے ساتھ یہی آداب کہیں دوسرے یہ کہ پینے کی بعد داہنی طرف سے، دوسرے یہ کہ داہنی جانب مقدم ہے بائیں پر تیسرے یہ کہ سوا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا چونکہ برکات دینی کا سبب عظیم تھا اسلئے ابن عباس نے اُسمیں اشتیار کیا معلوم ہوا کہ امور دینیہ میں ایثار اولیٰ نہیں جیسے صف اول کسی پر ایثار کرنا جیوے تو دعا تمام کھانوں کے پانچویں دن، وہ کھانے پینے پہلے معلوم ہوا کہ دودھ سی بہتر دنیا میں کوئی شئی نہیں کہ حضرت نے اُسمیں سیر ہونا کی کہ اس سے بہتر دے بلکہ یوں کہا کہ اسی کو زیادہ دے اور کوئی شی طعام و شراب کے قائم مقام سوا اسکے نہیں **باب** کَیْفَ یَقُوْلُ اِذَا فَرَغَ مِنَ الطَّعَامِ باب کھانے سے فارغ ہونیکی دعا کا **عن** اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا رُفِعَتِ الْمَائِدَۃُ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ یَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْہِ غَیْرَ مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًی عَنْہُ رَبَّنَا ترجمہ روایت ہے ابو امامہ سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے آگے سے جب دستر خوان اُٹھاتے تھی تو آپ فرماتے الحمد سے آخر تک یعنی سب تعریف ہے واسطے اللہ کے بہت تعریف پاک برکت والے کہ نہیں بیزار ہم اُس سے اور نہیں بی پرواہ ہم اُس سے اے رب ہمارے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَکَلَ وَشَرِبَ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ ترجمہ روایت ہے ابی سعید سے کہا انہوں نے کہ تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب کھاتے یا پیتے فرماتے الحمد سے آخر تک یعنی سب تعریف ہے اُس اللہ کو جسنے کھلایا ہمکو اور پلایا ہمکو اور بنایا ہمکو مسلمان **عن** مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَکَلَ طَعَامًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ ترجمہ روایت ہے معاذ بن انس سے

دعا کھانے پینے کی

دعا کھانے سے فارغ ہونیکی

کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جنی کہا یا کچھ کہا نا پہ کہا الحمد للہ سے ولا قوۃ تک یعنے سب تعریف اُس اللہ کو ہے جنی کہلایا مجھکو یہ کہنا اور عنایت فرمایا بعنے میرے حول اور قوت کے بخشے جاوینگے اُسکے اگلے گناہ **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور ابو مرحوم کا نام عبد الرحیم بن میمون ہے **باب** مَا یَقُوْلُ اِذَا سَمِعَ نَهِیْقَ الْحِمَارِ باب گدہے کی آواز سنے کی دعا مین **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا سَمِعْتُمْ صِیَاحَ الدِّیَكَةِ فَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَاِنَّهَا رَاَتْ مَلَكًا وَاِذَا سَمِعْتُمْ نَهِیْقَ الْحِمَارِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ فَاِنَّهٗ رَاٰی شَیْطَانًا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب سنو تم آواز مرغ کی تو مانگو اللہ سے اُسکا فضل اسلئے کہ اُسنے دیکھا ہی فرشتے کو اور جب سنو تم آواز گدہے کی تو پناہ مانگو شیطان سے کہ اُسنے دیکھا ہے شیطان کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** مَا جَاءَ فِیْ فَضْلِ التَّسْبِیْحِ وَالتَّكْبِیْرِ وَالتَّهْلِیْلِ وَالتَّحْمِیْدِ باب تسبیح اور تکبیر اور تہلیل اور تحمید کی فضیلت مین **عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا عَلَی الْاَرْضِ اَحَدٌ یَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِلَّا كُفِّرَتْ عَنْهُ خَطَایَاهُ وَلَوْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی زمین پر ایسا نہین کہ لا الٰہ الا اللہ سے الا باللہ تک کہے مگر یہ کفارہ ہوجاتا ہے اُسکے چھوٹے گناہونکا اگرچہ دریا کے کف برابر ہون **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کے شعبے یہی حدیث ابی بلج سے اسی سند سے مانند اسکے مگر موقوع نہین کیا اُسکو اور ابو بلج کا نام یحیے ہے اور وہ بٹی ہین ابی سلیم کے اور بعضون نے ابن سلیم کہا ہے روایت کی محمد بن بشار نے اُنہون نے ابن ابی عدی سے اُنہون نے حاتم سے اُنہون نے ابی بلج سے اُنہون نے عمرو بن میمون سے اُنہون نے عبد اللہ بن عمرو سے اُنہون نے نبے صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہمسے محمد بن بشار نے اُنہون نے محمد بن جعفر سے اُنہون نے شعبہ سے اُنہون نے ابی بلج سے مانند اسکے اور مرفوع نہین کیا اُنہون نے اسکو **عن** اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزَاةٍ فَلَمَّا قَفَلْنَا اَشْرَفْنَا عَلَی الْمَدِیْنَةِ فَكَبَّرَ النَّاسُ تَكْبِیْرَةً وَرَفَعُوْا بِهَا اَصْوَاتَهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ رَبَّكُمْ لَیْسَ بِاَصَمَّ وَلَا غَائِبٍ هُوَ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَ رُؤُسِ رَحَالِكُمْ ثُمَّ قَالَ یَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَیْسٍ اَلَا اَعُلِّمُكَ كَنْزًا مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ **ترجمہ** روایت ہے ابی موسے اشعری سے کہا ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ مین پھر جب پھرے ہم اور قریب پہونچے مدینہ کے تکبیر کہی لوگون نے اور بلند آواز کی اپنی اُسکے ساتھ سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک رب تمہارا بہرا نہین ہے اور نہ غائب ہے بلکہ وہ تمہارے درمیان ہے یعنے ایسا حاضر ہے جیسا کوئی لوگون کے درمیان موجود ہو پھر فرمایا اے عبد اللہ بٹی قیس کے کیا نہ بتلاؤن تجھکو ایک خزانہ جنت کے خزانون سے کہ وہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو عثمان نہدی کا نام عبد الرحمن بن مل اور ابو نعامہ کا نام عمرو ہے اور وہ بٹے ہین عدی کے اور مراد تمہارے درمیان اور لوگون کے سوا یونہین ہوتے ہے کہ علم اور قدرت اُسکی ہر جگہ ہے یعنے یہ مراد نہین کہ ذات مقدس اُسکی ہر جگہ موجود ہے بیسا کہ جہمیہ کا عقیدہ فاسد ہے **باب عن** ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقِیْتُ اِبْرَاهِیْمَ لَیْلَةَ اُسْرِیَ بِیْ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اِقْرَاْ اُمَّتَكَ مِنِّی السَّلَامَ وَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ الْجَنَّةَ طَیِّبَةُ التُّرْبَةِ عَذْبَةُ الْمَاءِ وَاَنَّهَا قِیْعَانٌ وَاَنَّ غِرَاسَهَا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ [illegible] مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مجھسے ابراہیم علیہ السلام شب معراج مین اور کہا اے محمد تم اپنے امت کو میرا سلام کہو اور خبر دو اُنکو کہ جنت کی زمین بہت اچھی ہے پانی بہت میٹھا ہے اور وہ خالی ہے اور درخت لگانا اُسکا سبحان اللہ سے آخر تک کہنا ہے **ف** اسماعیل ابی ایوب سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے ابن مسعود کے روایت ہے **عن** سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَیَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ یَّكْسِبَ اَلْفَ حَسَنَةٍ فَسَاَلَهٗ سَائِلٌ مِّنْ جُلَسَائِهٖ كَیْفَ یَكْسِبُ اَحَدُنَا اَلْفَ حَسَنَةٍ قَالَ یُسَبِّحُ اَحَدُكُمْ مِائَةَ تَسْبِیْحَةٍ فَتُكْتَبُ اَلْفُ حَسَنَةٍ وَتُحَطُّ عَنْهُ اَلْفُ سَیِّئَةٍ **ترجمہ** روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے ہمنشینون کو کیا تھکتا ہے ایک تم مین کا اس سے کہ کماوے ہزار نیکیان یعنے ہر روز سو ایک شخص نے پوچھا اُنمین سے کہ کیونکر کماوے کوئی ہم مین کا ہزار نیکیان فرمایا سبحان اللہ کہے سو بار کہ لکھے جاوین اُسکے لئے ہزار نیکیان اور اُتاری جاوین اُسسے ہزار برائیان **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب عن** جَابِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ غُرِسَتْ لَهٗ نَخْلَةٌ فِی الْجَنَّةِ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کہتا ہے سبحان اللہ العظیم وبحمدہ اُسکے لئے ایک درخت لگایا جاتا ہے جنت مین **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح نہین جانتے ہم اسکو مگر ابی الزبیر کے روایت سے کذا جابر سے روایت کیا ہے ہیثم نے اور روایت کیا ہے ہمسے محمد بن رافع نے اُنہون نے مومل سے اُنہون نے حماد بن سلمہ سے اُنہون نے ابی الزبیر سے اُنہون نے جابر سے اُنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جسنے

کہا سبحان اللہ العظیم وبحمدہ لگایا جاتا ہے اُسکے لئی ایک درخت جنت مین یہہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عن** اَبِی هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ غُفِرَتْ لَهٗ ذُنُوْبُهٗ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے کہا سبحان اللہ وبحمدہ سو بار بخشی جاوینگے اُسکے گناہ اگرچہ کف دریا کی برابر ہون **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَتَانِ خَفِیْفَتَانِ عَلَی اللِّسَانِ ثَقِیْلَتَانِ فِی الْمِیْزَانِ حَبِیْبَتَانِ اِلَی الرَّحْمٰنِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو کلمہ ہین کہ ہلکے ہین زبان پر بھاری ہین میزان پر پیارے ہین رحمان کو سبحان اللہ العظیم اور سبحان اللہ وبحمدہ **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے **عن** اَبِی هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ فِیْ یَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ كَانَ لَهٗ عَدْلَ عَشْرِ رِقَابٍ وَكُتِبَتْ لَهٗ مِائَةُ حَسَنَةٍ وَمُحِیَتْ عَنْهُ مِائَةُ سَیِّئَةٍ وَكَانَ لَهٗ حِرْزًا مِنَ الشَّیْطَانِ یَوْمَهٗ ذٰلِكَ حَتّٰی یُمْسِیَ وَلَمْ یَاْتِ اَحَدٌ بِاَفْضَلَ مِمَّا جَآءَ بِهٖ اِلَّا اَحَدٌ عَمِلَ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَایَاهُ وَاِنْ كَانَتْ اَكْثَرَ مِنْ زَبَدِ الْبَحْرِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جسنے کہا لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الخ سو بار اُسکو ثواب ہوگا دس غلام آزاد کرنیکا اور لکھے جاوینگے اُسکے لئی سو نیکیان اور مٹائی جاوینگے اُسکی لئی سو برائیان اور ایک پناہ ہوگی اُسکے لئے شیطان سے اُسدن شام تک اور آخر مین کوئی اُس سے اچھے عمل نہ لاویگا مگر جو اُس سے زیادہ یہی عمل کرتا ہوگا اور اسی اسناد سے مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا جو کہے سبحان اللہ وبحمدہ سو بار مٹائی جاتے ہین اُسکے گناہ اگرچہ کف دریا سے زیادہ ہون **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** اَبِی هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِیْنَ یُصْبِحُ وَحِیْنَ یُمْسِیْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ لَمْ یَاْتِ اَحَدٌ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ بِاَفْضَلَ مِمَّا جَآءَ بِهٖ اِلَّا اَحَدٌ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ اَوْ زَادَ عَلَیْهِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کہے صبحکو اور شام کو سبحان اللہ وبحمدہ سو بار نالاویگا قیامت کے دن عمل نیک کوئی اُس سے افضل مگر جو اُسکے برابر کہا ہے یا اُس سے زیادہ **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے **عن** ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ لِاَصْحَابِهٖ قُوْلُوْا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ مَنْ قَالَ مَرَّةً كُتِبَتْ لَهٗ عَشْرًا وَمَنْ قَالَهَا عَشْرًا كُتِبَتْ لَهٗ مِائَةً وَمَنْ قَالَهَا مِائَةً كُتِبَتْ لَهُ اَلْفًا وَمَنْ زَادَ زَادَهُ اللّٰهُ وَمَنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ غَفَرَ لَهٗ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایکدن اپنے یارونسی کو قوم سبحان اللہ وبحمدہ سو بار اور جسنے یہہ کلمہ ایکبار کہا اُسکے لئی دس نیکیان لکھے جاوینگے اور جسنی اُسکو دس بار کہا اُسکے لئی سو نیکیان لکھے جاوینگے اور جسنے سو بار کہا اُسکے لئی ہزار نیکیان لکھے جاوینگی اور جسنے زیادہ کہا اُسکو اللہ اس سے بھی زیادہ ثواب دیگا اور جو بخشش مانگے اللہ اُسکو بخشدیگا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عن** عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَبَّحَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِیِّ كَانَ كَمَنْ حَجَّ مِائَةَ حَجَّةٍ وَمَنْ حَمِدَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِیِّ كَانَ كَمَنْ حَمَلَ عَلٰی مِائَةِ فَرَسٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوْ قَالَ غَزَا مِائَةَ غَزْوَةٍ وَمَنْ هَلَّلَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِیِّ كَانَ كَمَنْ اَعْتَقَ مِائَةَ رَقَبَةٍ مِنْ وُلْدِ اِسْمٰعِیْلَ وَمَنْ كَبَّرَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِیِّ لَمْ یَاْتِ فِیْ ذٰلِكَ الْیَوْمِ اَحَدٌ بِاَكْثَرَ مِمَّا اَتٰی اِلَّا اَحَدٌ مَنْ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ اَوْ زَادَ عَلٰی مَا قَالَ **ترجمہ** بسند کور مروی ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کہے سبحان اللہ سو بار صبح اور سو بار شام کو تو گویا سو حج کئے اُسنے اور جو الحمد للہ کہے سو بار صبحکو اور سو بار شام کو گویا سو گھوڑون پر غازیون کو سوار کیا اللہ کے راہ مین یا فرمایا سو جہاد کئے اور جو لا الہ الا اللہ کہے سو بار صبح اور سو بار شام گویا آزاد کئے اُسنے سو غلام اولاد اسمعیل علیہ السلام سے اور جو اللہ اکبر سو بار کہے صبح اور سو بار شام نہ لاویگا کوئی شخص نیک عمل یعنے قیامت مین اُس سے زیادہ مگر جسنے اُس سے زیادہ کہا یا اُسکے برابر **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **روایت** کی ہے حسین بن اسود نے اُنہون نے یحیے بن آدم سے اُنہون نے حسن بن صالح سے اُنہون نے ابی بشر سے اُنہون نے زہری سے کہ کہا زہری نے ایکبار سبحان اللہ کہنا رمضان مین افضل ہے ہزار بار سے غیر رمضان مین **باب عن** تَمِیْمٍ الدَّارِیِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ اَرْبَعِیْنَ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ **ترجمہ** روایت تمیم داری سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کہے اشہد سے کفوا احد تک دس بار لکھتا ہے اللہ تعالے اُسکے لئی چار کروڑ نیکیان **ف** یہ حدیث غریب ہے

نہیں جانتے ہم اسکو مگر اس سند سے اور خلیل بن مرہ ایسے کچھ قوی نہیں محدثین کے نزدیک اور محمد بن اسمٰعیل بخاری نے کہا کہ وہ منکر الحدیث ہی **عن** اَبِی ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ فِیْ دُبُرِ صَلٰوۃِ الْفَجْرِ وَھُوَ ثَانٍ رِجْلَیْہِ قَبْلَ اَنْ یَّتَکَلَّمَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ کُتِبَ لَہٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَمُحِیَ عَنْہُ عَشْرُ سَیِّئَاتٍ وَرُفِعَ لَہٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ وَکَانَ یَوْمَہٗ ذٰلِکَ کُلَّہٗ فِیْ حِرْزٍ مِنْ کُلِّ مَکْرُوْہٍ وَحُرِسَ مِنَ الشَّیْطَانِ وَلَمْ یَنْبَغِ لِذَنْبٍ اَنْ یُّدْرِکَہٗ فِیْ ذٰلِکَ الْیَوْمِ اِلَّا الشِّرْکَ بِاللّٰہِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ذر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو صبح کی نماز کے بعد کہی اور وہ اپنے پانوں موڑے ہوئے یعنے دوزانو بیٹھا ہو جیسے نماز میں بیٹھا جاتا ہے نہ بات کرے دس بار لا الٰہ الا اللہ سے قدیر تک لکھی جائیگی اسکی لئے دس نیکیاں اور مٹائی جاوینگی اس سے دس برائیاں اور بلند کئے جاوینگے اسکے دس درجے اور اسدن محفوظ رہیگا وہ ہر برائی سے اور نگاہبانی کیجاویگی اسکی شیطان سے اور ہلاک نکریگا اسکو اسدن کوئی گناہ سوا شرک کے یعنے اگر شرک کریگا تو ہلاک ہوگا اور گناہ معاف ہوجاوینگے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی غریب ہے

**باب** مَا جَآءَ فِیْ جَامِعِ الدَّعَوَاتِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ **باب** متفرق دعاؤں کے بیان میں **عن** بُرَیْدَۃَ الْاَسْلَمِیِّ قَالَ سَمِعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلًا یَدْعُوْ وَھُوَ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ قَالَ فَقَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَقَدْ سَاَلَ اللّٰہَ بِاسْمِہِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اِذَا دُعِیَ بِہٖ اَجَابَ وَاِذَا سُئِلَ بِہٖ اَعْطٰی قَالَ زَیْدٌ فَذَکَرْتُہٗ لِاَبِیْ اِدْرِیْسَ الْخَوْلَانِیِّ ثُمَّ لَقِیْتُ مُعَاوِیَۃَ بَعْدَ ذٰلِکَ بِسِنِیْنَ فَقَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنْ مَالِکِ بْنِ مِغْوَلٍ قَالَ زَیْدٌ ثُمَّ ذَکَرْتُہٗ لِسُفْیَانَ فَحَدَّثَنِیْ عَنْ مَالِکِ **ترجمہ** روایت ہے بریدہ اسلمی سے کہا انہوں نے کہ سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہ وہ دعا کرتا تھا ان کلمات سے اللھم سے کفوا احد تک یعنے یا اللہ مانگتا ہوں تجھسے اس وسیلے کہ میں گواہی کرتا ہوں تجھکو کہ کوئی معبود برحق نہیں سوای تیرے تو اکیلا ہے اور نرالا ہے ایسا کہ نہ جنا تو نے کسیکو اور نہ جنا تجھکو کسیکے اور نہیں تیرا کوئی شریک ذات میں کہا راوی نے کہ پھر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس پروردگار کے کہ میری جان اسکے ہاتھ میں ہے کہ اس نے مانگا اللہ تعالٰی سے اسکے اسم اعظم کے ساتھ کہ جب دعا کے جاوے اس سے تو قبول کیجاوے اور جب مانگا جاوے اسکے وسیلے سے تو عنایت کرے کہا زید نے جو راوی حدیث ہیں کہ ذکر کی میں نے یہ حدیث زبیر بن معاویہ سے کئی برسکے بعد تو کہا انہوں نے کہ روایت کی مجھسے ابو اسحاق نے انہوں نے روایت کی مالک بن مغول سے کہا زید نے پھر ذکر کیا میں نے اسکا سفیان سے تو انہوں نے بھی روایت کی مالک سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کی شریک نے یہ حدیث ابی اسحاق سے انہوں نے ابن بریدہ سے انہوں نے اپنے باپ سے اور سنی ہے یہ روایت ابو اسحاق نے مالک بن مغول سے **عن** اَسْمَآءَ بِنْتِ یَزِیْدَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِسْمُ اللّٰہِ الْاَعْظَمُ فِیْ ھَاتَیْنِ الْاٰیَتَیْنِ وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَفَاتِحَۃِ اٰلِ عِمْرٰنَ الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ **ترجمہ** روایت ہے اسما بنت یزید سے کہ کہا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ کا آیۃ اور آل عمران کے شروع کی آیت الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** فُضَالَۃَ بْنِ عُبَیْدٍ قَالَ بَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ اِذْ دَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰی فَقَالَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَجِلْتَ اَیُّھَا الْمُصَلِّیْ اِذَا صَلَّیْتَ فَقَعَدْتَ فَاحْمَدِ اللّٰہَ بِمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَصَلِّ عَلَیَّ ثُمَّ ادْعُہُ قَالَ ثُمَّ صَلّٰی رَجُلٌ اٰخَرُ بَعْدَ ذٰلِکَ فَحَمِدَ اللّٰہَ وَصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ فَقَالَ لَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّھَا الْمُصَلِّیْ اُدْعُ تُجَبْ **ترجمہ** روایت ہے فضالہ بن عبید سے کہا کہ ایکبار رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے کہ ایک شخص آیا اور اسنے نماز پڑھی پھر کہا اللھم اغفرلی وارحمنی یعنے یا اللہ بخش مجھکو اور رحم کر سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جلدی کی تو نے اے نمازی جب نماز پڑھ بیٹھے تو تو حمد کر اللہ کی جیسے اسکو لائق ہے اور درود بھیج مجھپر پھر دعا کر اللہ سے پھر نماز پڑھے دوسرے شخص نے اسکے بعد اور حمد کے اللہ کی اور درود بھیجا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر سو فرمایا اس سے آپنے اے نمازی دعا کر تیری دعا قبول ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کی یہ حیوہ بن شریح نے ابی ہانی سے اور ابو ہانی کا نام حمید بن ہانی ہے اور ابو علی الجنبی کا نام عمرو بن مالک ہے **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُدْعُوا اللّٰہَ وَاَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَۃِ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَجِیْبُ دُعَآءً مِنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاہٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا کرو اللہ سے اور تمکو یقین ہو قبول ہونیکا اور یاد رکھو کہ اللہ قبول نہیں کرتا غافل اور کھیلتے ہوئے دل سے کہا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی روایت سے **عن** فُضَالَۃَ بْنِ عُبَیْدٍ یَقُوْلُ سَمِعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلًا یَدْعُوْ فِیْ صَلَاتِہٖ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَی

منفرق دعاؤں کا بیان

اسم اعظم کا بیان

اسکا بیان کہ درود نہ پڑھنے سے دعا قبول نہیں ہوتی

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجِلَ هٰذَا ثُمَّ دَعَاهُ فَقَالَ لَهٗ اَوْ لِغَيْرِهٖ اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِتَحْمِيْدِ اللّٰهِ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لِيَدْعُ بَعْدُ مَا شَاءَ ترجمہ روایت ہے فضالہ بن عبید سے کہ انہوں نے کہا سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہ دعا کرتا تھا اپنی نماز کے بعد اور نہ درود پڑھا اس نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر سو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جلدی کی اس نے پھر بلایا اسکو اور فرمایا اس سے یا اور کسی سے کہ جب نماز پڑھے چکے تو شروع کرے اللہ کے حمد اور ثنا سے پھر درود بھیجے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر پھر دعا کرے جو چاہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب عن** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ جَسَدِيْ وَعَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دعا کرتے ان لفظوں سے اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ تندرستی دے میرے بدن میں اور عافیت دے میری آنکھ میں اور کر دے میرا وارث مجھ سے کوئی معبود برحق نہیں ہے مگر اللہ حکمت والا بزرگ پاک ہے وہ پروردگار بڑے عرش کا اور سب تعریف اللہ کو ہے جو پالنے والا ہے سارے عالموں کا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ہم نے سنا محمد سے یعنی بخاری سے کہ فرماتا تھا حبیب بن ثابت کو سماع نہیں عروہ بن زبیر سے کچھ **باب عن** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَتْ فَاطِمَةُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهٗ خَادِمًا فَقَالَ لَهَا قُوْلِيْ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ مُنْزِلَ التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ اِقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ وَاَغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے آئیں فاطمہ نے صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ ایک نوکر مانگیں سو فرمایا اس نے آپ سے کہ کہو تم اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ پروردگار سات آسمانوں کے اور پروردگار بڑے عرش کے اے رب ہمارے اور رب ہر چیز کے اتارنے والی توراۃ اور انجیل اور قرآن کے چیرنے والی دانہ اور گٹھلی کے پناہ مانگتا ہوں میں تجھ سے ہر چیز کے فساد سے تو پکڑنے والا ہے اسکی چوٹی تو سب سے اول ہے تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں اور تو سب کے بعد رہیگا تیرے بعد کوئی چیز نہیں اور تو سب سے اوپر ہے تیرے اوپر کوئی نہیں اور تو پوشیدہ ہے نظروں سے کہ تجھ سے مخفی کوئی نہیں ادا کر دے میرا قرض اور بے پرواہ کر دے مجھکو محتاجی سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور ایسی ہے روایت کے بعض اصحاب اعمش نے اعمش سے مانند اسکے اور روایت کی بعضوں نے اعمش سے انہوں نے ابی صالح سے مرسلا اور نہیں ذکر کیا انہوں نے ابی ہریرہ کا **باب عن** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَمِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعِ ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہا انہوں نے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم یہ دعا پڑھتے تھے اللھم سے آخر تک یعنی یا اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے ایسے دل سے جسمیں خوف نہ ہو اور ایسے دعا سے جو سنی نہ جاوے اور ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو اور ایسے علم سے جو نفع نہ دے میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے ان چاروں سے **ف** رسا بہین جابر اور ابی ہریرہ اور ابن مسعود سے ہے روایت کی یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے ہم نے اس سے **باب عن** عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ يَا حُصَيْنُ كَمْ تَعْبُدُ الْيَوْمَ اِلٰهًا قَالَ اَبِيْ سَبْعَةً سِتَّةً فِي الْاَرْضِ وَاحِدًا فِي السَّمَاءِ قَالَ فَاَيُّهُمْ تَعُدُّ لِرَغْبَتِكَ وَرَهْبَتِكَ قَالَ الَّذِيْ فِي السَّمَاءِ قَالَ يَا حُصَيْنُ اَمَا اِنَّكَ اَسْلَمْتَ عَلَّمْتُكَ كَلِمَتَيْنِ تَنْفَعَانِكَ قَالَ فَلَمَّا اَسْلَمَ حُصَيْنٌ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي الْكَلِمَتَيْنِ اللَّتَيْنِ وَعَدْتَنِيْ فَقَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ وَاَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ ترجمہ روایت ہے عمران بن حصین سے کہا انہوں نے کہ فرمایا مجھ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کتنے معبود کو پوجتا ہے تو اندنون انہوں نے کہا سات ایک آسمان میں اور چھ زمین میں فرمایا آپ نے پھر کس سے تو امید اور خوف رکھتا ہے کہا انہوں نے اس سے جو آسمان میں ہے فرمایا آپ نے حصین اگر تو مسلمان ہوا گر تو اسلام لاوے میں تجھ کو دو کلمے ایسے سکھاؤں کہ نفع دیں تجھکو کہا راوی نے پھر جب وہ مسلمان ہوئے عرض کی کہ یا رسول اللہ سکھائی مجھے وہ کلمے جنکا وعدہ کیا تھا آپنے فرمایا آپنے کہ اللھم سے آخر تک یعنی یا اللہ سکھا مجھے سمجھداری میری اور بچا مجھے میرے نفس کے شر سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور مروی ہوئی عمران بن حصین سے اور سند سے ہے **باب عن** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَثِيْرًا مَا كُنْتُ اَسْمَعُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ ترجمہ روایت ہے انس سے بہت بار سنتا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ یہ دعا پڑھتے تھے اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے فکر سے اور غم اور تھکن اور سستی اور بخیلی اور قرض کے غلبے اور مردوں کے غلبے سے **ف** یہ حدیث

حسن ہے غریب ہے اس سند سے عمرو بن عمرو کی روایت سے **عن** انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یدعو ویقول اللھم انی اعوذ بک من الکسل والھرم والجبن والبخل وفتنۃ المسیح وعذاب القبر ترجمہ روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا پڑھتے تھے اللھم سے آخر تک یعنی یا اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں سستی سے اور بڑھاپے اور نامردی اور بخیلی اور فتنہ سے مسیح دجال کے اور عذاب قبر سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** ماجاء فی عقد التسبیح بالید باب انگلیوں پر تسبیح گننے کے بیان میں **عن** عبداللہ بن عمرو قال رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعقد التسبیح بیدہ ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہا انہوں نے کہ دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ اپنے انگلیوں پر تسبیح گنتے تھے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اعمش سے کہ وہ عطا سے روایت کرتے ہوں اور روایت کرتے شعبہ اور ثوری نے بھی یہی حدیث عطا بن سائب سے بڑے طول کے ساتھ اور ساھمین یسیر نبت یا سر ہے روایت ہے **عن** انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم عاد رجلا قد جھد حتی صار مثل الفرخ فقال لہ اما کنت تدعو اما کنت تسئل ربک العافیۃ قال کنت اقول اللھم ما کنت معاقبی بہ فی الاخرۃ فعجلہ لی فی الدنیا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم سبحان اللہ انک لا تطیقہ ولا تستطیعہ افلا کنت تقول اللھم اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار ترجمہ روایت ہے انس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے عیادت کی ایک صحابی کے کہ وہ سخت بیمار تھے کہ اندر چڑیا کے بچے کی ہو گئے تھے سو فرمایا انہی آپ نے کہ تم اللہ سے دعا نہیں کرتے اور اس سے عافیت نہیں مانگتے تھے انہوں نے عرض کی کہ میں کہتا تھا یا اللہ جو تجھے عذاب کرنا ہو مجھ پر آخرت میں سو دے دنیا ہی میں کر لے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ تو طاقت نہیں رکھ سکتا تجھے نہیں ہو سکتا تو یہ کیوں نہیں کہتا کہ یا اللہ دے مجھے دنیا میں خوبی اور آخرت میں خوبی اور بچا مجھے عذاب دوزخ سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح غریب ہے اس سند سے اور مروی ہوئی ہے کئی وجہ سے انس سے وہ روایت کرتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے **باب عن** ابی الدرداء قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان من دعاء داود یقول اللھم انی اسالک حبک وحب من یحبک والعمل الذی یبلغنی حبک اللھم اجعل حبک احب الی من نفسی واھلی ومن الماء البارد قال وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ذکر داود یحدث عنہ قال کان اعبد البشر ترجمہ روایت ہے ابی الدرداء سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ داود علیہ السلام کے دعاؤں میں یہ ہے کہ وہ کہتے تھے اللھم سے الماء البارد تک یعنی یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے محبت تیرے اور محبت اس کی جو تو چاہتا ہے اور وہ عمل کہ پہنچا دے مجھے تیرے محبت تک یا اللہ کر دے اپنی محبت میرے لئے زیادہ پیاری میری جان سے اور مال سے اور میرے گھر والوں سے اور ٹھنڈی پانی سے کہا راوی نے کہ حضرت جب انکا ذکر کرتے فرماتے وہ سب آدمیوں سے زیادہ عبادت کرنے والے تھے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **باب عن** عبداللہ بن یزید الخطمی الانصاری عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان یقول فی دعائہ اللھم ارزقنی حبک وحب من ینفعنی حبہ عندک اللھم ما رزقتنی مما احب فاجعلہ قوۃ لی فیما تحب اللھم ما زویت عنی مما احب فاجعلہ فراغا لی فیما تحب ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن یزید سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے دعا تھی اللھم سے آخر تک یعنی یا اللہ دے مجھے محبت اپنی اور محبت اس کی جو نفع دے محبت کو تیرے درگاہ میں یا اللہ جو دیا تو نے مجھے میرے پیاری چیزوں سے سو کر دے اس کو قوت اس چیز کے لئے جس سے تو محبت رکھتا ہے اور جو روک لیا تو نے مجھ سے میرے پیاری چیزوں سے تو کر دے اس کو موجب فراغت کا اس چیز کے لئے جس سے تو دوست رکھتا ہے یعنی جو ملے وہ تیرے مرضیات اور محبوبات میں خرچ ہو اور جو جائے وہ سبب بے فکری کا اور فارغ بیٹھنے کا کہ میں تیرے مرضیات میں مشغول رہوں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ابوجعفر خطمی کا نام عمیر بن یزید بن خماشہ ہے **مترجم** حقیقت میں یہ عام ہوم اور غموم کو ایسا پاش پاش کرتے ہی جیسا سنگ گران شیشہ نازک کو اور فوات اور حصول مقاصد کے وقت اسقدر لذت بخش دل و جان ہوتی ہے کہ احاطہ تحریر سے باہر ہے اللہ تعالیٰ ہر مومن کو اسکے لذت عنایت فرماوے اور اس فقیر کو بھی آمین یا مجیب الداعین +

**باب عن** شکل بن حمید قال اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقلت یا رسول اللہ علمنی تعوذا اتعوذ بہ قال فاخذ بیدی فقال قل اللھم انی اعوذ بک من شر سمعی ومن شر بصری ومن شر لسانی ومن شر قلبی ومن شر منیی یعنی فرجہ ترجمہ روایت ہے شکل بن حمید سے انہوں نے کہا آیا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کی میں نے کہ مجھے کوئی تعویذ ایسا بتائیے کہ میں اس کو پڑھا کروں سو آپ نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا کہ کہہ اللھم سے منیی تک یعنی میں پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ اپنے کانوں اور آنکھ اور زبان اور دل اور منی کے شر سے اور مراد منی سے فرج ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسے مگر اسی سند سے سعد بن اوس کے روایت ہے کہ وہ بلال بن یحیی سے روایت کرتے ہیں **باب عن** عبداللہ بن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان

انگلیوں پر تسبیح گننے کا بیان

مختلف دعاؤں کا بیان

يعلمهم السورة من القرآن اللهم إني أعوذ بك من عذاب جهنم ومن عذاب القبر وأعوذ بك من فتنة المسيح الدجال و
أعوذ بك من فتنة المحيا والممات ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عباس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہمکو یہہ دعا ایسی سکھاتے تھے جیسی کوئی سورت سکھاتے قرآن کے اخیر سے آخر تک یعنی یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں عذاب دوزخ سے اور عذاب قبر سے اور پناہ میں آتا ہوں میں فتنہ مسیح دجال کے اور پناہ میں آتا ہوں میں فتنہ سے زندگی اور موت کے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يدعو بهؤلاء الكلمات
اللهم إني أعوذ بك من فتنة النار وعذاب النار وعذاب القبر وفتنة القبر ومن شر فتنة الغنى ومن شر فتنة الفقر ومن شر المسيح الدجال اللهم اغسل خطاياي
بماء الثلج والبرد وأنق قلبي من الخطايا كما نقيت الثوب الأبيض من الدنس وباعد بيني وبين خطاياي كما باعدت بين المشرق والمغرب اللهم
إني أعوذ بك من الكسل والهرم والمأثم والمغرم ترجمہ روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم یہہ دعا پڑھتے تھے اللہم آخر تک یعنی یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں آگ کے فتنہ سے اور آگ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے اور قبر کے فتنہ سے اور امیری کے فتنہ سے اور فقیری کے فتنہ سے اور مسیح دجال کے شر سے یا اللہ دھو دے میری خطاؤں کو برف اور اولوں کے پانی سے اور صاف کردے دل میرا گناہوں سے جیسا صاف کرتا ہے تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے اور دور ڈالدے میرے اور میرے گناہوں میں جیسے کہ دوری ڈالدی تو نے مشرق اور مغرب میں یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں الکساہٹ اور بڑھاپے اور گناہ اور چٹی سے ف یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عن عائشة قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول عند وفاته اللهم اغفر لي وارحمني وألحقني بالرفيق الأعلى
ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے کہا انہوں نے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ وفات کے وقت فرماتے تھے اللہم سے آخر تک یعنی یا اللہ بخش مجھکو اور رحم کر مجھ پر اور ملا مجھکو رفیق اعلے یعنے بلند گروہ یعنے فرشتوں سے یا جماعت انبیا سے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے باب عن عائشة
قالت كنت نائمة إلى جنب رسول الله صلى الله عليه وسلم فقدرته في من الليل فلمسته فوقع يدي على قدميه وهو ساجد وهو يقول أعوذ
برضاك من سخطك وبمعافاتك من عقوبتك لا أحصي ثناء عليك أنت كما أثنيت على نفسك ترجمہ روایت ہے ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا انہوں نے میں سوتی تھی بازو میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور میں نے آپکو اندھیرا پایا اور ٹٹولا تو میرا ہاتھ آپکے پیروں پر پڑا اور آپ سجدہ میں تھے اور فرماتے تھے اعوذ سے آخر تک یعنے پناہ میں آتا ہوں میں تیری رضا کی تیرے غصہ سے اور پناہ میں آتا ہوں تیرے عفو کے تیرے عذاب سے نہیں پوری کرسکتا ہوں تعریف تیری تو ویسا ہی ہے جیسے آپ نے اپنے ذات مقدس کی تعریف کی ہے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مرسل مروی ہوئی یہ کئی سندوں سے حضرت عائشہ سے روایت کیے ہے قتیبہ نے انہوں نے روایت کیے ہیں انہوں نے یحیی بن سعید سے اسی اسناد سے مانند اسکے اور اسمیں یہ لفظ زیادہ ہیں وأعوذ بك منك لا أحصي ثناء عليك یعنے پناہ مانگتا ہوں میں تجھ سے تیرے ساتھ اور تعریف نہیں کرسکتا تیری باب عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يقولن أحدكم اللهم اغفر لي إن شئت اللهم ارحمني إن
شئت ليعزم المسألة فإنه لا مكره له ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ کہے کوئی تم میں سے دعا میں کہ اے اللہ تیر بخش مجھکو اگر تو چاہے یا رحم کر مجھ پر اگر تو چاہے چاہئے کہ پکی غیر معلق کرے سوال کو کیونکہ نہیں ہے کوئی اکراہ کرنیوالا اوپر اسکے ف یہ حدیث صحیح ہے باب عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه
وسلم قال ينزل ربنا كل ليلة إلى السماء الدنيا حتى يبقى ثلث الليل الآخر فيقول من يدعوني فأستجيب له من يسألني فأعطيه ومن يستغفرني فأغفر
له ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اترتا ہے رب ہمارا برات آسمان دنیا پر جب باقی رہتے ہے تہائی رات آخر کے اور فرماتا ہے کون ہے کہ دعا کرے مجھ سے کہ میں قبول کروں دعا اسکے کون ہے کہ سوال کرے مجھ سے کہ میں دوں اسکو اور کون ہے کہ بخشش مانگے مجھ سے کہ بخشدوں میں اسکو ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو عبداللہ الاغر کنیت ہے اسکا سلمان ہے اور ابو سلمان ہے اور عبداللہ بن سعود اور ابی سعید اور جبیر بن مطعم اور فاختہ جہنی اور ابی الدرداء اور عثمان ابن ابی العاص سے بھی روایت ہے
عن ابي امامة قال قيل يا رسول الله أي الدعاء أسمع قال جوف الليل الآخر ودبر الصلوات المكتوبات ترجمہ روایت ہے ابی امامہ سے کہا انہوں نے کہا گیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ کون سی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے فرمایا آپنے کہ دعا آخر رات کے اور دبر فرض نمازوں کے بعد کی ف یہ حدیث حسن ہے اور مروی ہوئی ابی ذر سے اور ابن عمر سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے دعا اخیر رات کے بہت افضل ہے اور امید ہے قبول ہونیکے اور مانند اسکے

**باب عن** انس یقول ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من قال حین یصبح اللھم اصبحنا نشھدک ونشھد حملۃ عرشک وملائکتک و جمیع خلقک بانک انت اللہ لا الہ الا انت وحدک لا شریک لک وان محمدا عبدک ورسولک الا غفر اللہ لہ ما اصاب فی یومہ ذلک وان قالھا حین یمسی غفر اللہ لہ ما اصاب فی تلک اللیلۃ من ذنب **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے کہا صبحکو اللہم سے رسولک تک یعنے یا اللہ صبح کی ہم گواہ کرتے ہین ہم حملہ عرش کے اُنہانیوالونکو اور تیرے فرشتون کو اور ساکے مخلوق کو سپر کہ تو معبود برحق ہے نہین کوئی معبود برحق سوا تیرے اکیلا ہے تو کوئی شریک نہین تیرا اور محمد بندہ تیرا اور رسول تیرا ہے اتنے تو بخشدیتا ہے اللہ تعالے اُسکے گناہونکو جو اُسدن ہون اور اگر کہے اُسنے یہی کلمات شام کو تو بخشدیتا ہے اللہ تعالے اُسکے گناہونکو جو اُس رات کو ہون **فی** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **باب عن** ابی ھریرۃ ان رجلا قال یا رسول اللہ سمعت دعاءک اللیلۃ فکان الذی وصل الی منہ انک تقول اللھم اغفر لی ذنبی ووسع لی فی داری وبارک لی فیما رزقتنی قال صلی اللہ علیہ وسلم فھل ترا ھن ترکن شیئا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص نے عرض کے کہ یا رسول اللہ سُنی مینے دعا آپکی آجکی رات سو پہونچی مجھے اُس دعا سے یہ کہ آپ فرماتے تھی اللھم سے رزقتنی تک یعنے یا اللہ بخشدی گناہ میرے اور کشادگی دی میرے گھر مین اور برکت دی میرے رزق مین فرمایا آپنی پہر دیکھا تو نے اس دعا نے کچھ بھی چھوڑا یعنے دین و دنیا کی سب بھلائی سمین آگئی

**ف** ابو اسمٰعیل کا نام مصعب بن ثابت ہے اور یہ حدیث غریب ہے **باب عن** ابن عمر قال قل ما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقوم من مجلس حتی یدعو بھؤلاء الکلمات لاصحابہ اللھم اقسم لنا من خشیتک ما تحول بیننا وبین معاصیک ومن طاعتک ما تبلغنا بہ جنتک ومن الیقین ما تھون بہ علینا مصیبات الدنیا ومتعنا باسماعنا وابصارنا وقوتنا ما احییتنا واجعلہ الوارث منا واجعل ثارنا علی من ظلمنا وانصرنا علی من عادانا ولا تجعل مصیبتنا فی دیننا ولا تجعل الدنیا اکبر ھمنا ولا مبلغ علمنا ولا تسلط علینا من لا یرحمنا **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کبھی مجلس سے اُٹھتے بغیر اسکے کہ یہہ دعا کرلین اپنے اصحاب کے لئے اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ بانٹ دی ہمارے لئے اپنا خوف اتنا کہ حایل ہوجاوے ہمارے گناہونکے درمیان اور بانٹ دی فرمان برداری اتنی کہ پہونچادیوے ہمکو تیری جنت تک اور بانٹ دے یقین اتنا کہ آسان ہوجاوین ہمپر مصیبتین دنیا کی اور جو فائدہ دی ہمکو ہمارے کانون سے اور ہماری آنکھونسے اور ہماری قوتون سے جبتک تو ہمکو زندہ رکھے اور کردے ہمارا وارث ہماری نسلون سے اور خاص کردے انتقام ہمارا اُسی پر جو ہمپر ظلم کرے اور مدد دے ہمکو اُسپر جو ہمسے زیادتی کرے اور مت کر مصیبت ہمارے ہماری دین مین اور نکر دنیا کو ہمارا مقصود اور نہ انتہا ہمارے علم کے اور مسلط نکر ہمپر ایسے شخصکو جو رحم نکرے ہمپر **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کیے بعضون نے یہ خالد بن ابی عمران سے اُنہون نے نافع سے اُنہون نے ابن عمر سے **مترجم** اس دعا مین سوا طلب مقصود کے بڑے بڑے عمدہ فائدے ہین **اول** فضیلت خوف الٰہی کے کہ وہ حایل اور مانع ہوجاتا ہے بندونکا گناہون سے معلوم ہوا کہ جو جتنا نافرمان خدا کا ہے اُتنا ہے خوف کم رکھتا ہے اور تقوٰی اور گناہون سے بچنا یہی خوف سے اور خوف خدا عمدہ چیز ہے کہ حضرت نبی اور اصحاب کے لئی ہمیشہ مانگتے تھی **دوسرے** فضیلت طاعت کی کہ اشارہ فرمایا ہے اپنے کہ اطاعت الٰہی ہے جنت تک پہونچانیوالی ہے **تیسرے** فضیلت یقین کے کہ بیان فرمایا آپنے کہ یقین سے مصیبتین ہلکی ہوجاتی ہین اسلئے کہ جب آدمی کو یقین کامل ہو کہ ہمکو ایک دن مرنا ہے اور اس دار المصائب سے سفر کرنا ہے تو ہر مصیبت اُسپر آسان ہوجاتی ہے اور جسکو یقین ہو کہ عبادات پر اللہ تعالے ثواب کثیر اور طاعات پر اجر جزیل عنایت فرماویگا اُسپر ریاضات شاقہ آسان ہوجاتی ہین اور جسکو یقین ہو کہ مصیبت مین اللہ تعالے صابرین کے بڑے درجے رکھی ہین اور اللہ صابرین کے ساتھ ہے اُسکو بیشک مصیبت عین راحت نظر آتی ہے اسیطرح جب اللہ تعالے کی وعید اور عذاب قبر اور عذاب حشر و نار کا یقین ہوجاتا ہے تو آدمی کو ترک معاصی اور شہوات آسان ہوجاتا ہے غرض یقین بڑی مفتاح سہولت اور آسانی ہے **چوتھی** یہہ جو فرمایا کہ خاص کردے انتقام ہمارا اُسی پر جو ظلم کرے ہمپر اسمین تعلیم کری کہ مقہور سے انتقام نہ لین اور ایک تقصیر پر دوسرے کو نہ اندین جیسے جاہلیت کا دستور کہ ایک کے بدلی دس دس کو مارتے **پانچوین** یہہ جو فرمایا مت کر مصیبت ہمارے دین اس سے مراد ہے کہ مصیبت دو قسم ہے ایکین دنیا کی کہ مثلاً فقر و محتاجی ہوئی یا دکھہ درد بیمار ہوئی دوسرے مصیبت دین مین کہ صحبت اہل بدع کی ہوئی یا رفاقت فساق کی یا معیت زانیون کی یا گرفتاری معاصی مین کہ اُس سے آدمی کے عاقبت خراب ہوجاتی ہے اور ایمان خلل آتا ہے اور اسمین ہرگز ثواب کے توقع نہین پس اس سے پناہ مانگی آپنے **چھٹے** مذمت دنیا کے کہ دعا کی آپنے کہ اُسکو ہمارا بڑا مقصود نکرلے کہ دنیا

ملعون ہے اور طالب ملعون کا ملعون ہے چنانچہ مروی ہے آپسی کہ دنیا ملعون ہے اور جو اُسمیں ہے ملعون ہے مگر ذکر اللہ کا اور جو اسکی مدد کرے **ساتویں** بدست حاکم ظالم بی رحم ناخدا ترس کے کہ اُس سے پناہ مانگی آپنے **عن** مُسْلِمِ بْنِ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ سَمِعَنِیْ اَبِیْ وَاَنَا اَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْکَسَلِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ قَالَ یَا بُنَیَّ مَنْ سَمِعْتَ ھٰذَا قَالَ قُلْتُ سَمِعْتُکَ تَقُوْلُھُنَّ قَالَ فَاِیَّاکَ اَنْ تَقُوْلَھُنَّ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُھُنَّ **ترجمہ** روایت ہے مسلم بن ابی بکرہ سے کہا اُنہوں نے کہ سُنا میرے باپنے کہ میں کہتا تھا یا اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تجھسے فکر اور سستی اور عذاب قبر سے تو کہا اُنہوں نے اسی میرے بیٹے کس سے سُنی تمنے یہہ دعا میں نے کہا تمسے کہا اُنہوں نے کہ گاہ گاہ میں بندہ کہو اس دعا کو اسلئے کہ میں نے سُنی ہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ اسکو پڑھتے تھے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **باب عن** عَلِیٍّ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اُعَلِّمُکَ کَلِمَاتٍ اِذَا قُلْتَھُنَّ غَفَرَ اللّٰہُ لَکَ وَاِنْ کُنْتَ مَغْفُوْرًا لَکَ قَالَ قُلْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ قَالَ عَلِیُّ بْنُ حُشْرَمٍ وَاَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ اَبِیْہِ بِمِثْلِ ذٰلِکَ اِلَّا اَنَّہٗ قَالَ فِیْ اٰخِرِھَا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ **ترجمہ** روایت ہے حضرت علے کرم اللہ وجہہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ سکھلاؤں میں تمکو ایسے کلمات کہ اگر تو اُنکو کہے تو بخشدیا جاوے اور بخشا ہوا ہو تو تیرے درجہ بلند ہوں کہہ تو لا الٰہ الا اللہ رب العرش العظیم تک یعنے کوئی معبود برحق نہیں سوا اللہ کے بلند ہے اور بڑا ہے نہیں کوئی معبود برحق مگر اللہ تحمل والا ہے بزرگی والا نہیں کوئی معبود برحق مگر اللہ پاک ہے اللہ صاحب بڑے عرش کا کہا علی بن حشرم نے خبر دی ہمکو علی بن حسین بن واقد نے اپنے باپ سے مثل اسکے مگر اُنہوں نے آخر میں الحمد للہ رب العالمین بڑھایا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے ابی اسحاق کے روایت کرتے ہیں حارث سے کہ وہ روایت کرتے ہیں وہ علے سے **باب عن** سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَعْوَۃُ ذِی النُّوْنِ اِذْ دَعَا وَھُوَ فِیْ بَطْنِ الْحُوْتِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاِنَّہٗ لَمْ یَدْعُ بِھَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ فِیْ شَیْءٍ قَطُّ اِلَّا اسْتَجَابَ اللّٰہُ لَہٗ **ترجمہ** روایت ہے سعد سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا ذوالنون کی جو پڑھی اُنہوں نے مچھلی کی پیٹ میں ایسے ہی کہ جسمسلمان اُس سے دعا کرے اللہ قبول کرے اور وہ لا الٰہ سے ظالمین تک ہے یعنے نہیں کوئی معبود برحق مگر تو پاک ہے تو میں ظالموں میں سے ہوں **ف** محمد بن یوسف فریابی کہا ابراہیم بن محمد بن سعد سے روایت کرتی ہیں اور وہ سعد سے روایت کرتی ہیں اور روایت کی کئی لوگوں نے حدیث یونس بن اسحاق سے اُنہوں نے ابراہیم بن محمد بن سعد سے اُنہوں نے سعد سے اور نہیں ذکر کیا سند میں اُنہوں نے روایت کے ہو اپنے باپ سے اور روایت کی بعضوں نے کہ وہ ابو احمد زبیری ہیں یونس سے اُنہوں نے کہا روایت کی ابراہیم بن محمد بن سعد سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے وہ سعد سے محمد بن یوسف کی روایت کے مانند **باب عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ لِلّٰہِ تِسْعَۃً وَتِسْعِیْنَ اِسْمًا مِائَۃً غَیْرَ وَاحِدَۃٍ مَنْ اَحْصَاھَا دَخَلَ الْجَنَّۃَ **ترجمہ** روایت ہے ابوہریرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالے کی ننانوے نام ہیں ایک کم سو جو یاد کریں داخل ہو جنت میں **ف** یونس نے کہا خبر دی ہمکو عبد الاعلے نے ہشام سے اُنہوں نے محمد بن جبان سے اُنہوں نے محمد بن سیرین سے اُنہوں نے ابوہریرہ سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے حدیث حسن ہے صحیح اور مروی ہوئی ہے ابوہریرہ سے کئی سندوں سے کہ وہ روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰہِ تِسْعَۃً وَتِسْعِیْنَ اِسْمًا مِائَۃً غَیْرَ وَاحِدَۃٍ مَنْ اَحْصَاھَا دَخَلَ الْجَنَّۃَ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَھَّارُ الْوَھَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ الْحَکَمُ الْعَدْلُ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ الْحَلِیْمُ الْعَظِیْمُ الْغَفُوْرُ الشَّکُوْرُ الْعَلِیُّ الْکَبِیْرُ الْحَفِیْظُ الْمُقِیْتُ الْحَسِیْبُ الْجَلِیْلُ الْکَرِیْمُ الرَّقِیْبُ الْمُجِیْبُ الْوَاسِعُ الْحَکِیْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِیْدُ الْبَاعِثُ الشَّھِیْدُ الْحَقُّ الْوَکِیْلُ الْقَوِیُّ الْمَتِیْنُ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ الْمُحْصِیُ الْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ الْمُحْیِیُ الْمُمِیْتُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ الْوَاحِدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاھِرُ الْبَاطِنُ الْوَالِیْ الْمُتَعَالِیْ الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّءُوْفُ مَالِکُ الْمُلْکِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِیُّ الْمُغْنِیُ الْمَانِعُ الضَّارُّ النَّافِعُ النُّوْرُ الْھَادِیْ الْبَدِیْعُ الْبَاقِیْ الْوَارِثُ الرَّشِیْدُ الصَّبُوْرُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالے کی ننانوے نام ہیں ایک کم سو جو احصا کرے اُنکا داخل ہو جنت میں یعنے اللہ الذی سے آخر تک **ف** یہہ حدیث غریب ہے **روایت** کی ہے کئی لوگوں نے صفوان سے اور نہیں جانتے ہم یہہ حدیث مگر صفوان سے اور وہ ثقہ ہیں اہل حدیث کے نزدیک اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث کئی سندوں سے بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور نہیں جانتے ہم اکثر روایتوں میں ذکر اسماء الٰہی کا مگر اسے روایت میں اور روایت کی آدم بن ابی ایاس نے یہہ حدیث اور اسناد سے ابی ہریرہ سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور ذکر کیا اُسمیں اسماء کا اور اسکے اسناد صحیح نہیں **روایت** کی ہے بن ابی

عمر نے انہوں نے سفیان سے انہوں نے ابی الزناد سے انہوں نے اعرج سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے کہ اللہ کے ننانوے نام ہیں جو انکو یاد رکھے داخل ہوجنت میں اور اس روایت میں ہے ذکر اسماء کا نہیں یعنی تفصیل انکی مذکور نہیں غرض تفصیل اسماء کی کسی حدیث صحیح میں وارد نہیں ہوئی اور یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیا ہے اسکو ابو الیمان نے شعیب سے انہوں نے ابی الزناد سے اور نہیں ذکر کیا انہیں اسماء کا **مترجم** اس حدیث کی متعلق کئی فوایدہیں کہ انکا جاننا ضرور ہے اور نہایت مفید **اول** یہ کہ علما میں یہاں ایک بحث مشہور ہے کہ اسم عین مسمی ہے یا غیر مسمی اور ہر طرف ایک جماعت گئی ہے مگر تحقیق اس مقام میں یہ ہے کہ ایسے مباحث خوض فی الباطل میں داخل ہیں اور گفتگو اسمیں محض لایعنی اور حدیث میں وارد ہوا ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرمایا خوبی اسلام کی یہ ہے کہ لایعنی کو چھوڑ دی اور اللہ تعالی نے دوزخیوں کے حالمیں ارشاد فرمایا ہے کہ وہ کہینگے وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ پس مومن کامل کو چاہیئے کہ ایسی مباحث میں لب نہ کھولے اور لاینعم کچھ نہ بولی اور گفت وشنید اسمیں خلاف سلف جائز **دوم** یہ کہ حصر اسماء میں علما کی دو قول ہیں جمہور تو اسطرف گئی ہیں کہ اسمائی الحسنے اس سے زیادہ بھی ہیں ولیکن دخول جنت کا وعدہ انہیں ننانوے سی خاص ہے اور بعضوں نے کہا ہی کہ اسماء حسنی اسی عدد میں محصور ہیں مگر نووی نے جمہور کے قول پر اتفاق علما کا نقل کیا ہے اور ابن مسعود کی روایت جسکو احمد نی نکالا ہے اور ابن حبان نے صحیح کہا ہے وہ بھی اسکی مؤید ہے کہ اسمیں یہ لفظ ہیں وَ اَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ اور ایک روایت میں ہے وَ اَسْأَلُكَ بِاسْمَائِكَ الْحُسْنٰى مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ کہ یہ صاف دلالت کرتے ہیں کہ اس ننانوے کے سوا اور بھی نام ہیں اس تعالی شانہ کی **سوم** یہ کہ احصا جو حدیث میں وارد ہوا ہے اس سے کیا مراد ہے علما کی اسمیں کئی اقوال ہیں **اول** یہ کہ احصا اہل ظاہر کے نزدیک معرفت الفاظ اور معانی کی ہے **دوم** اہل اللہ کے نزدیک متصف ہوجانا اُن صفتوں سے اور متخلق باخلاق الٰہی ہوجانا اور ظہور اُنکے حقایق کا اور بروز اُنکے نتایج کا قلب سالک پر ذکر کیا ان تینوں قول کو صاوی نے حاشیہ جلالین میں اور حافظ ابن حجر نے اسمیں چار قول ذکر کئے ہیں **پہلا** یاد کیا کہ یہی تفسیر کی ہے بخاری نے اپنی صحیح میں اور مسلم کے نزدیک یہی ہے **دوسرا** کہ معنی اسکی پہچاننے اور اسپر ایمان لاوے **تیسرا** یہ کہ جتنا ممکن ہے اُسکے معنوں پر عمل کیا اور اُنکے ساتھ متخلق ہوا **چوتھا** یہ کہ سارا قرآن پڑھ گیا اسلئے کہ قرآن ان سب اسماء کو شامل ہے اور اسیطرف گئی ہیں ابو عبد اللہ زبیری **چہارم** معانی اسمائی الٰہیہ میں **اَللّٰهُ** جیسے نی کہا ہے کہ یہ کہ اکبر الاسماء ہی اور جمع اُنکا اور وہ مشابہ ہے اسمائی اعلام کے موضوع ہے غیر مشتق اور معنی اُسکے قدیم پوری قدرت والا اور جایز نہیں کہ اُسکے سوا کسیکو اللہ کہیں اور یہی وہ سی مروی ہے کہ وہ اسم مشتق ہے اور خلیل سے دو روایتیں ہیں اور بیضاوی نے اُسکو کئی نقطوں سے مشتق کہا ہے کہ یہ مقام اُسکے ذکر کا نہیں بوجہ طول کے غرض اقوال اصحاب عربیت اور نحو کے اس اسم مبارک میں بہت ہیں اور بیہقی نے کہا اُن سب قولوں سے میرے نزدیک بہتر یہ ہے کہ وہ اسم علم ہے اور مشتق نہیں مثل سائر اسماء مشتقہ کے **اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ** قول معتبر یہ ہے کہ یہ دونوں اسم رحمت سے مشتق ہیں اور رحمٰن میں زیادہ رحمت بوجہ جامعیت کے ہے اسمیں پانچ حرف ہیں اور رحیم میں چار اور بعضوں نے کہا کہ رحمٰن اسم عبرانی ہے اور آثار میں وارد ہوا ہے کہ وہ دونوں اسم رقیق ہیں اور ایک میں رقت زیادہ ہے بہ نسبت دوسرے کے **اَلْمَلِكُ** بیکا بادشاہ اور نام حدیث میں آیا ہے اور قرآن میں بھی **اَلْقُدُّوْسُ** ہر عیب و نقصان سے پاک **اَلسَّلَامُ** خود سلامت اور عالم کا سلامت رکھنے والا **اَلْمُؤْمِنُ** اپنے دین حق کا اور کرنیوالا ایمنین کو مول قیامت سے نجات دینی والا اور امن میں رکھنے والا **اَلْمُهَيْمِنُ** شاہد امانت کا محافظ **اَلْعَزِيْزُ** غالب عزت والا **اَلْجَبَّارُ** زبردست ٹوٹے ہوئے کا جوڑنیوالا **اَلْمُتَكَبِّرُ** عظیم الشان گھمنڈ والا **اَلْخَالِقُ** عدم سے پیدا کرنیوالا **اَلْبَارِئُ** بے نمونہ دیکھے عالم کا بنانے والا **اَلْمُصَوِّرُ** صورت گر ہر مخلوق کے مناسب شکل اور صورت کا بنانیوالا **اَلْغَفَّارُ** اپنے بندوں کے عیب و گناہ بخشنے والا اور انکے برائیوں کو ڈھکنے والا **اَلْقَهَّارُ** سب پر غالب **اَلْوَهَّابُ** بی عوض کثرت سے دینی والا **اَلرَّزَّاقُ** روزی دینی والا **اَلْفَتَّاحُ** رزق اور رحمت کے دروازے کھولنے والا **اَلْعَلِيْمُ** ہر چیز جاننے والا **اَلْقَابِضُ** بند کرنیوالا ارواح اور روزی کا اور مخلوقات کو ایک مٹھی میں لے لینے والا **اَلْبَاسِطُ** کشادہ کرنیوالا رزق کا اور جاری کرنیوالا روحوں کو بدنوں میں **اَلْخَافِضُ** پست کرنیوالا مغروروں کا اور زیر کرنیوالا سرکشوں کا **اَلرَّافِعُ** بلند کرنیوالا مومنین متکسرین کا بلادست کرنے والا زیردستوں کا **اَلْمُعِزُّ** عزت دینے والا **اَلْمُذِلُّ** ذلیل کرنیوالا **اَلسَّمِيْعُ** ہر آواز کو سننا **اَلْبَصِيْرُ** ہر چیز کو دیکھنا **اَلْحَكَمُ** فیصلہ کرنیوالا **اَلْعَدْلُ** منصف حاکم **اَللَّطِيْفُ** مہربان باریک دان **اَلْخَبِيْرُ** اگلے پچھلے ہر چیز سے خبردار

اَلْحَلِیْمُ بڑا بڑی سمائی والا کہ اہل کفر و فسق کو جلد سے نہیں پکڑتا اَلْعَظِیْمُ بزرگ جسکی بڑائی وہم و خیال سے باہر ہو اَلْغَفُوْرُ پردہ پوش اَلشَّکُوْرُ تھوڑے گداز و نکا قدر دان اَلْعَلِیُّ سب سے اونچا اَلْکَبِیْرُ سب سے بڑا اَلْحَفِیْظُ اپنے مخلوقات کا نگہدار اور محافظ اَلْمُقِیْتُ محافظ باقدرت خلایق کا قوت دینے والا اَلْحَسِیْبُ تمام عالم کو کافی اُسکے سوا دوسرے کی حاجت ہرگز نہیں اَلْجَلِیْلُ بڑے شان والا اَلْکَرِیْمُ صاحب کرم کہ جسکے عطا کی انتہا نہیں اَلرَّقِیْبُ ہر شے کا نگہبان اَلْمُجِیْبُ حاجت روا دعا کا قبول کرنیوالا اَلْوَاسِعُ کشادہ رحمت کشادہ عطا اَلْحَکِیْمُ حاکم باحکمت استوار کار اَلْوَدُوْدُ نیکوں کا محبوب اہل معرفت کا محب اَلْمَجِیْدُ بزرگ ذات نیکو کار اَلْبَاعِثُ قیامت مین قبرون سے مردون کا اُٹھانیوالا اَلشَّہِیْدُ ہر چیز اُسکے آگی حاضر اَلْحَقُّ سچ مچ جسکے ذات اور صفات مین کچھ بہی و ہو کا نہین اَلْوَکِیْلُ سارے عالم کا کارساز روزی کا ضامن اَلْقَوِیُّ زبردست اَلْمَتِیْنُ استوار کار جسکو تہکن اور ماندگی نہین +

اَلْوَلِیُّ مددگار عالم کا کارساز اَلْحَمِیْدُ ہر کام کا سراہا سارے عالم کا محمود اَلْمُحْصِیْ ہر چیز کا گہیرے والا ذرہ بہی اُسکے علم سے باہر نہین اَلْمُبْدِئُ بیمثال کے عالم کا ایجاد کرنیوالا اَلْمُعِیْدُ دنیا مین زندون کا مارنیوالا آخرت مین مُردون کو زندگے بخشنے والا اَلْمُحْیِیْ جلانیوالا اَلْمُمِیْتُ مارنیوالا اَلْحَیُّ عادت خود زندہ +

اَلْقَیُّوْمُ بلات خود قایم دوسرون کا تہانبی والا اَلْوَاجِدُ غنے جسکو کچہ احتیاج نہین اَلْمَاجِدُ بزرگی والا اَلْوَاحِدُ اکا جسکا کوئی دوسرا نہین اَلصَّمَدُ سردار دانائی جو نہ کہاوے نہ پیوے سب اُسکے محتاج ہون اور وہ سب سے بے نیاز اَلْقَادِرُ صاحب قدرت اَلْمُقْتَدِرُ بڑی اقتدار والا اَلْمُقَدِّمُ تقدیم بخشنے والا اَلْمُؤَخِّرُ پیچہے ڈالنے والا اَلْاَوَّلُ سب سے پہلا کہ اُس سے قبل کوئی نہین اَلْاٰخِرُ پچہلا جسکے بعد کچہ نہین اَلظَّاہِرُ قدرت کے راہ سے ایسا ہے کہ اسمین کچہ شک نہین یا سب سے اوپر جسکے اوپر کوئی نہین اَلْبَاطِنُ خلق کے وہم و نظر سے چہپا جسکے کنہ ذات پر کوئی آگاہ نہین اَلْوَالِیْ مالک صاحب حکومت اَلْمُتَعَالِیْ بلند شان اور بلند ذات والا جسکے ذات اُسکی عرش سے اوپر سب سے اوپر اَلْبَرُّ اپنے بندون پر مہربان اور نیکو کار اَلتَّوَّابُ توبہ قبول کرنیوالا اَلْمُنْتَقِمُ بدکار نکو سزا دینے والا اَلْعَفُوُّ گناہون کا مٹانیوالا گنہگار و نکو بخشنے والا اَلرَّؤُفُ نہایت مہربانی والا مَالِکُ الْمُلْکِ سب جہان کا مالک جو چاہے سو کرے ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جلال الاصاحب تعظیم تکریم اَلْمُقْسِطُ عادل منصف اَلْجَامِعُ قیامت مین خلایق کا جمع کرنیوالا اَلْغَنِیُّ سب سے بے نیاز اَلْمُغْنِیُ جسکو چاہے بے پرواہ بنا دے اَلْمَانِعُ روکنے والا اَلضَّارُّ ضرر پہونچانیوالا اَلنَّافِعُ نفع دینے والا اَلنُّوْرُ بلات خود ظاہر اور غیر کا ظاہر کرنیوالا جسکے نور سے ایمان کا ظہور ہے اَلْہَادِیْ نیک راہ بتانے والا مطلب پر پہونچانیوالا اَلْبَدِیْعُ خود بیمثال اور نئی اپج کا لینے والا بے نمونہ اختراع کرنیوالا اَلْبَاقِیْ موجود دائمی ہمیشہ قایم اَلْوَارِثُ فنائی عالم کے بعد قایم رہنے والا اَلرَّشِیْدُ راہ نما اَلصَّبُوْرُ بڑی سہار والا جو بدکار نکو جلد نہین پکڑتا عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِیَاضِ الْجَنَّۃِ فَارْتَعُوْا قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا رِیَاضُ الْجَنَّۃِ قَالَ الْمَسَاجِدُ قُلْتُ وَمَا الرَّتْعُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب گذرو تم باغون بہشت کے تو چرو مین نے عرض کے کہ یا رسول اللہ جنت کے باغ کون ہین آپنے فرمایا مسجدین مین نے عرض کے کیونکر ہے چرنا آپنے فرمایا سبحان اللہ سے آخر تک کہنا ف یہ حدیث غریب ہے عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِیَاضِ الْجَنَّۃِ فَارْتَعُوْا قَالُوْا وَمَا رِیَاضُ الْجَنَّۃِ قَالَ حِلَقُ الذِّکْرِ ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب گذرو تم باغون بہشت کے چرو پوچہا باغ جنت کے کیا ہین فرمایا حلقے وعظ کے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے ثابت بن انس کے روایت سے بَابُ عَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَصَابَ اَحَدَکُمْ مُصِیْبَۃٌ فَلْیَقُلْ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ عِنْدَکَ اَحْتَسِبُ مُصِیْبَتِیْ فَاْجُرْنِیْ فِیْھَا وَاَبْدِلْنِیْ مِنْھَا خَیْرًا فَلَمَّا احْتُضِرَ اَبُوْ سَلَمَۃَ قَالَ اَللّٰھُمَّ اخْلُفْ فِیْ اَھْلِیْ خَیْرًا مِنِّیْ فَلَمَّا قُبِضَ قَالَتْ اُمُّ سَلَمَۃَ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ عِنْدَ اللّٰہِ اَحْتَسِبُ مُصِیْبَتِیْ فَاْجُرْنِیْ فِیْھَا ترجمہ روایت ہے ام سلمہ سے وہ روایت کرتے ہین ابو سلمہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب پہونچے کسیکو مصیبت تو کہے انا للہ سے خیرا تک یعنے ہم اللہ کے مال ہین اور ہم اُسیکے طرف جانیوالی ہین یا اللہ مین تیرے نزدیک سے اپنی مصیبت کا ثواب چاہتا ہون سو ثواب دی مجہکو اُسمین اور بدل دے اس سے بہتر چیز یعنے جو فوت ہوگئی مجہسے پہر جب موت حاضر ہوئی ابو سلمہ کے تو دعا کی انہون نے کہ یا اللہ میرے پیچہے لامیرے گہر والونمین مجہسے بہتر شخص کو پہر جب اُنکی روح قبض ہوگئی ام سلمہ نے کہا انا للہ سے آخر تک یعنے ہم اللہ کے مال ہین ہم اُسیکی طرف

جانیوالے ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہوئی ہے یہ اور سند سے بواسطہ ام سلمہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ابو سلمہ کا نام عبد اللہ بن عبد اللہ ہے **مترجم** اللہ تعالیٰ نے ام سلمہ کے اس مانگو قبول فرمایا کہ وہ امہات مومنین میں داخل ہوئیں اللہ انہی سے ہوں **باب عن** انس بن مالک ان رجلا جاء الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ ای الدعاء افضل قال سل ربک العافیۃ والمعافاۃ فی الدنیا والاخرۃ ثم اتاہ فی الیوم الثانی فقال یا رسول اللہ ای الدعاء افضل قال لہ مثل ذلک ثم اتاہ یوم الثالث فقال لہ مثل ذلک قال فاذا اعطیت العافیۃ فی الدنیا واعطیتھا فی الاخرۃ فقد افلحت **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ ایک شخص آیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اسنے عرض کی کہ یا رسول اللہ کس چیز کا مانگنا اللہ سے افضل ہے آپنے فرمایا مانگ اپنے رب سے عافیت اور معافی دنیا اور آخرت میں پھر آیا وہ دوسرے دن اور اسنے ویسا ہی عرض کیا آپنے پھر ویسا ہی فرمایا پھر آیا وہ تیسرے دن پھر آپنے وہی فرمایا اور فرمایا کہ جب ملے تجھکو عافیت دنیا میں اور آخرت میں تو مراد کو پہونچگیا یعنے پھر کیا چاہئے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے ہم اسکو اسی سند سے جانتے ہیں **عن** عائشۃ قالت قلت یا رسول اللہ ارایت ان علمت ای لیلۃ لیلۃ القدر ما اقول فیھا قال قولی اللھم انک عفو تحب العفو فاعف عنی **ترجمہ** روایت ہے عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کہ عرض کی انہوں نے کہ یا رسول اللہ بتائیے مجھکو اگر میں جان جاؤں کہ کونسی رات شب قدر ہے تو کیا پڑھوں آپنی فرمایا کہ اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ تو بخشنی والا ہے دوست رکھتا ہے بخشنی کو سو بخش مجھکو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** العباس بن عبد المطلب قال قلت یا رسول اللہ علمنی شیئا اسئلہ اللہ قال سل اللہ العافیۃ فمکثت ایاما ثم جئت فقلت یا رسول اللہ علمنی شیئا اسأل اللہ فقال لی یا عباس یا عم رسول اللہ سل اللہ العافیۃ فی الدنیا والاخرۃ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کہ انہوں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ مجھی سکھائیے ایسی چیز کہ میں اللہ سے مانگوں آپنی فرمایا عافیت مانگو اللہ سے پھر تھوڑی دن میں ٹھہرا اور پھر یہی عرض کی آپنے فرمایا اے عباس رسول اللہ کے چچا مانگو اللہ سے عافیت دنیا اور آخرت میں **ف** یہ حدیث صحیح ہے اور عبد اللہ بیٹے عباس کی ہیں وہ بیٹے نوفل کے اور انکو سماع ہے عباس سے **باب عن** عائشۃ عن ابی بکر الصدیق ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اراد امرا قال اللھم خر لی واختر لی **ترجمہ** روایت ہے ابی بکر صدیق سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب ارادہ کرتے کسی کام کا فرماتے اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ اختیار کر میرے واسطے خیر کو اور پسند فرما اور خیر و برکت دے میرے کام میں **ف** یہ حدیث غریب ہے ہنہیں جانتے ہم اسکو مگر نفل کے روایت سے اور وہ ضعیف ہیں محدثین کے نزدیک انکو نفل بن عبد اللہ العرفی کہتے ہیں اور وہ عرفات میں رہا کرتے تھے اور اکیلی انہیں نے یہ روایت بیان کی ہے اور انکا کوئی متابع نہیں **باب عن** ابی مالک الاشعری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الوضوء شطر الایمان والحمد للہ تملاء المیزان وسبحان اللہ والحمد للہ تملآن او تملاء ما بین السموات والارض والصلوۃ نور والصدقۃ برھان والصبر ضیاء والقرآن حجۃ لک او علیک کل الناس یغدو فبایع نفسہ فمعتقھا او موبقھا **ترجمہ** روایت ہے ابی مالک اشعری سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے وضو نصف ایمان ہے اور الحمد للہ بھر دیتا ہے میزان اعمال کو یعنے ثواب سے اور سبحان اللہ اور الحمد للہ دونوں بھر دیتی ہیں یا ہر ایک انمیں کا بھر دیتا ہے آسمان و زمین کے درمیان کو اور نماز نور ہے اور صدقہ دلیل ہے ایمان کی اور صبر روشنی ہے اور قرآن حجت ہی تیرے نجات کے یا تیرے ہلاک کے اور ہر شخص صبح کرتا ہے استحال میں کہ بیچنے والا ہے اپنی نفس کا پھر ہلاکنیوالا ہے یا ہلاک کرنیوالا ہے اگر اطاعت و عبادت کے اپنی جان کو خدا سے بخات دی اور نہ ہلاک کیا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب عن** عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم التسبیح نصف المیزان والحمد للہ تملاہ ولا الہ الا اللہ لیس لھا دون اللہ حجاب حتی تخلص الیہ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ آدھی میزان بھر دیتا ہے یعنی ثواب سے اور الحمد للہ سارے میزان بھر دیتا ہے اور لا الہ الا اللہ کے اور اللہ کے درمیان کوئی پردہ نہیں یہانتک کہ وہ اللہ تک پہونچ جاتا ہے یعنے مقبول ہو جاتا ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے اور اسناد اسکی کچھ قوی نہیں **عن** رجل من بنی سلیم قال عدھن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی یدی او فی ید التسبیح نصف المیزان والحمد للہ تملاہ والتکبیر تملاء ما بین السماء والارض والصوم نصف الصبر والطھور نصف الایمان **ترجمہ** روایت ہے ایک مرد سے جو قبیلہ بنی سلیم سے ہیں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے گن دی میرے یا انکی انگلیوں پر یا ہاتھ کے یا اپنے ہاتھ پر کہ سبحان اللہ آدھی میزان ہے اور یہ پہلے بات ہے اور دوسرے یہ کہ الحمد للہ بھر دیتی ہے اسکو تیسرے یہ کہ اللہ اکبر بھر دیتا ہے آسمان و زمین کے بیچ کو چوتھے یہ کہ روزہ نصف صبر ہے پانچویں یہ

طہارت نصف ایمان ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیے شعبہ اور ثوری نے ابی اسحاق سے **باب عن** علی بن ابیطالب قال اکثر ما دعا بہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عشیۃ عرفۃ فی الموقف اللھم لک الحمد کالذی تقول وخیرا مما نقول اللھم لک صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی والیک مآبی ولک رب تراثی اللھم انی اعوذ بک من عذاب القبر ووسوسۃ الصدر وشتات الامر اللھم انی اعوذ بک من شر ما تجیء بہ الریح **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہا انہوں نے کہ اکثر جو دعا کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عرفہ کے دن بعد دوپہر کے وقوف عرفات میں وہ یہ تھی اللہم سے آخر تک یعنے یا اللہ تجھکو تعریف ہے جیسے تو کہے اور بہتر اُس سے جیسے ہم کہیں یا اللہ تیرے لئے ہی نماز ہماری اور قربانی اور زندگی اور موت ہماری اور تیری ہی طرف ہے لوٹنا ہمارا اور تیرے ہی لئے یا اللہ میراث میری یا اللہ میں تجھسے پناہ مانگتا ہوں عذاب قبر سے اور وسوسے سینہ کے اور پریشانی سے کام کے یا اللہ میں تجھسے پناہ مانگتا ہوں اُس شر سے جو ہوا لاتی ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے اور اسناد اُسکے قوی نہیں **باب عن** ابی امامۃ قال دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بدعاء کثیر لم نحفظ منہ شیئا قلنا یا رسول اللہ دعوت بدعاء کثیر لم نحفظ منہ شیئا قال الا ادلکم علی ما یجمع ذلک کلہ تقول اللھم انا نسألک من خیر ما سألک منہ نبیک محمد صلی اللہ علیہ وسلم ونعوذ بک من شر ما استعاذ منہ نبیک محمد صلی اللہ علیہ وسلم وانت المستعان وعلیک البلاغ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے کہ پڑھی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہت سی دعائیں کہا ہم نے یہ عرض کی کہ یا رسول اللہ آپنے بہت سی دعائیں کیں کہ ہمکو کچھ یاد نہ رہیں آپنے فرمایا میں تمکو ایسے چیز بتا دوں جو اُن سب کے جامع ہو تم کہو اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ مانگتے ہیں ہم تجھسے وہ خیر جو مانگی تجھسے تیرے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے اور پناہ مانگتے ہیں ہم تیرے اُسکے شر سے جس سے پناہ مانگی تیرے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے اور تو ہی مددگار ہے اور تو ہی پہونچانیوالا ہے یعنی خیر اور شر کا اور طاقت نہیں ہے بچنے کی اور قوت عبادت کرنیکے نہیں مگر اللہ کی طرف سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **باب عن** شہر بن حوشب قال قلت لام سلمۃ یا ام المؤمنین ما کان اکثر دعاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان عندک قالت کان اکثر دعائہ یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک قالت فقلت یا رسول اللہ ما لا اکثر دعائک یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک فقال یا ام سلمۃ انہ لیس آدمی الا وقلبہ بین اصبعین من اصابع اللہ فمن شاء اقام ومن شاء ازاغ فنسأل اللہ ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا **ترجمہ** روایت ہے شہر بن حوشب سے کہ انہوں نے کہا ام سلمہ سے کہ یا ام المؤمنین حضرت کے اکثر دعا کیا تھے جب وہ آپکے پاس ہوتے انہوں نے کہا یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک یعنے اے دلوں کے پھیرنے والے جما دے میرے دل کو اپنے دین پر سو میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ آپ اکثر یہ دعا کیوں کرتے ہیں آپنے فرمایا اے ام سلمہ کوئی آدمی ایسا نہیں جسکا دل اللہ کے دو انگلیوں میں نہو پھیرے جسے وہ چاہتا ہے قائم رکھتا ہے یعنے دین حق پر اور جسے چاہتا ہے اُسکا دل ٹیڑھا کر دیتا ہے پھر معاذ نی جو راوی حدیث ہیں یہ آیت پڑھے ربنا لا تزغ الایۃ یعنے اے رب ہمارے مت ٹیڑھا کر تو ہمارے دلونکو بعد اسکے کہ ہدایت کیے تو نے **ف** ابا بن عائشہ اور نواس بن سمعان اور انس اور جابر اور عبد اللہ بن عمرو اور نعیم بن ہمار سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن ہے **باب عن** بریدۃ قال سمع خالد بن الولید الفزاری فی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ ما انام اللیل من الارق فقال نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اویت الی فراشک فقل اللھم رب السموات السبع وما اظللن ورب الارضین وما اقللن ورب الشیاطین وما اضللن کن لی جارا من شر خلقک کلھم جمیعا ان یفرط علی احد منھم او ان یبغی علی عز جارک وجل ثناؤک لا الہ غیرک لا الہ الا انت **ترجمہ** روایت ہے بریدہ سے کہ شکایت کیے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ راتکو میں نہ سو سکا یعنے کسی وسوسہ یا خوف کے سبب سے سو نہ سکا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جب سونے لگے تو کہو تو اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ پالنے والی ساتوں آسمان کی اور جنپر انہوں نے سایہ کیا اور پالنے والی زمینوں کی اور جنکو انہوں نے اُٹھایا اور پالنے والی شیطانوں کی اور جنکو انہوں نے گمراہ کیا ہو جا تو ہمسایہ میرا اپنے سارے مخلوق کے شر سے بچانیکو نہ زیادتی کرے اُنمیں سے کوئی مجھپر یا بڑھ جائے مغرز ہے ہمسایہ تیرا اور بزرگ ہے ثنا تیرے کوئی معبود نہیں تیرے سوا کوئی معبود نہیں مگر تو **ف** اس حدیث کی اسناد قوی نہیں اور حکم بن ظہیر جو اُسکے سند میں ہے وہ متروک الحدیث ہی کہ چھوڑ دی اُس سے محدثین نے اور مروی ہے یہ حدیث نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور سند سے بھی سوا اسکے اور وہ مرسل ہے **عن** عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا فزع احدکم فی النوم فلیقل اعوذ بکلمات اللہ التامۃ

مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ فَاِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهٗ فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يُلَقِّنُهَا مَنْ بَلَغَ مِنْ وَلَدِهٖ وَمَنْ لَّمْ يَبْلُغْ مِنْهُمْ كَتَبَهَا فِيْ صَكٍّ ثُمَّ عَلَّقَهَا فِيْ عُنُقِهٖ ترجمہ روایت ہے عمرو بن شعیب کے دادا سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی تم میں کا سوتے میں چونک پڑے کہے اعوذ سے یحضرون تک یعنے میں اللہ کے پوری باتوں کے پناہ میں آتا ہوں اُسکے غضب سے اور عذاب سے اور اُسکے بندوں کے فساد سے اور وسوسوں سے شیطانوں کے اور اس سے کہ وہ ہمارے پاس آویں سو وہ خواب اُسے ضرر نکریگا اور عبداللہ بن عمرو سکھا دیتے تھے اُسکو جو بالغ ہوتا تھا اُنکے اولاد سے اور جو نابالغ ہوتا تھا اُسکو لکھکر اُسکے گلے میں لٹکا دیتے تھے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **باب عَنْ** عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ قُلْتُ لَهٗ اَنْتَ سَمِعْتَهٗ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ وَرَفَعَهٗ اَنَّهٗ قَالَ لَا اَحَدَ اَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ وَلِذٰلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا اَحَدَ اَحَبُّ اِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ وَلِذٰلِكَ مَدَحَ نَفْسَهٗ ترجمہ روایت ہے عمرو بن مرہ سے کہا اُنہوں نے کہ سنا میں نے ابووائل سے کہا اُنہوں نے کہ سنا میں نے عبداللہ بن مسعود سے عمرو بن مرہ کہتے ہے کہ میں نے پوچھا ابووائل سے کہ تم نے خود سنا عبداللہ سے اُنہوں نے کہا کہ ہاں مرفوع کے اُنہوں نے یہ روایت یعنے فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ سے بڑھکر کوئی غیرت والا نہیں اور اسی لئے حرام کیا اُسنے بیحیائیوں کو کھلے ہوں یا چھپے اور کسیکو تعریف اپنی اچھی نہیں لگتی جتنی اللہ کو اچھے لگتی ہے اور اسی لئے اُسنی خود تعریف کی اپنے ذات مقدس ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ دُعَاءً اَدْعُوْهُ فِيْ صَلٰوتِيْ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ترجمہ روایت ہے عبداللہ سے کہ اُنہوں نے عرض کی اسی رسول اللہ کے مجھے ایسی دعا سکھلائے کہ میں اپنی نماز میں پڑھا کروں آپنے فرمایا کہو تو اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ میں نے ظلم کیا اپنے جان پر بہت اور نہیں بخشتا گناہوں کو کوئی مگر تو سو بخشدے مجھکو اپنے نزدیک سے بخشنا اور رحمت کر مجھپر بیشک تو ہی ہے بخشنے والا رحمت کرنیوالا ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اور وہ حدیث لیث بن سعد کے اور ابوالخیر کا نام مرثد بن عبداللہ یزنی ہے **باب عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَرَبَهٗ اَمْرٌ قَالَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ وَبِاِسْنَادِهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْطُوْا يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہا اُنہوں نے کہ تھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی سخت کام آپکو آتا فرماتے یا حی یا قیوم برحمتک استغیث یعنے اے حی زندہ قایم رکھنے والی تیری رحمت کے وسیلے سی فریاد کرتا ہوں میں اور اسی اسناد سی مروی ہے کہ فرمایا آپنے لازم پکڑو تم یا ذا الجلال والاکرام کو یعنے اے بڑائی اور بزرگی والے ف یہ حدیث غریب ہے اور مروی ہوئی ہے انس سے اور سند سی یہی سوا اس سند کی چنانچہ روایت ہے ہمسے محمود بن غیلان نے اُنہوں نے مؤمل سے اُنہوں نے حماد بن سلمہ سے اُنہوں نے حمید سے اُنہوں نے انس بن مالک سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے لازم پکڑو تم یا ذا الجلال والاکرام یہہ حدیث غریب ہے اور محفوظ نہیں اور مروی ہوئی یہ حماد بن سلمہ سے اُنہوں نے روایت کیا ہے حمید سے اُنہوں نے حسن بصری سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور یہہ صحیح زیادہ ہے اور مؤمل نے اُسمیں غلطی کی کہ کہا روایت ہے حمید سے اور روایت کرتے ہیں اُسکو اور اُنکا کوئی تابع نہیں **عَنْ** مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَدْعُوْا يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فَقَالَ اَيُّ شَيْءٍ تَمَامُ النِّعْمَةِ قَالَ دَعْوَةٌ دَعَوْتُ بِهَا اَرْجُوْا بِهَا الْخَيْرَ قَالَ فَاِنَّ مِنْ تَمَامِ النِّعْمَةِ دُخُوْلَ الْجَنَّةِ وَالْفَوْزَ مِنَ النَّارِ وَسَمِعَ رَجُلًا وَهُوَ يَقُوْلُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَقَالَ قَدِ اسْتُجِيْبَ لَكَ فَسَلْ وَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا وَهُوَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الصَّبْرَ فَقَالَ سَاَلْتَ اللّٰهَ الْبَلَاءَ فَاسْاَلْهُ الْعَافِيَةَ ترجمہ روایت ہے معاذ بن جبل سے کہا اُنہوں نے کہ سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہ کہتا تھا یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے پوری نعمت تو آپنے فرمایا کیا ہے پوری نعمت اُسنے عرض کی کہ میں نے ایک دعا کی کہ امید کرتا ہوں اُس سے بہتری کی آپنے فرمایا پوری نعمت ہی ہے داخل ہونا جنت میں اور بچ جانا دوزخ سے اور سنا آپنے ایک شخص کو کہ کہتا تھا یا ذا الجلال والاکرام آپنے فرمایا تیری دعا مقبول ہے اب سوال کر اور سنا آپنے ایک شخص کو کہ کہتا تھا یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے صبر آپنے فرمایا تو نے بلا مانگ اب اللہ سے حافیت مانگ لے **روایت** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُنہوں نے اسمٰعیل سے اُنہوں نے جریر سے اسی اسناد سی مانند اسکی یہ حدیث حسن ہے **باب عَنْ** اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ طَاهِرًا يَذْكُرُ اللّٰهَ حَتّٰى يُدْرِكَهُ النُّعَاسُ لَمْ يَنْقَلِبْ سَاعَةً مِّنَ اللَّيْلِ يَسْاَلُ اللّٰهَ شَيْئًا مِّنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ ترجمہ روایت ہے ابی امامہ باہلی سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

جو جاگے اپنے بچھونے پر طہارت کے ساتھ اور یاد کرتا رہے اللہ کو یہاں تک کہ سو جائے نہیں کروٹ لیتا ہے وہ کسی طرف مگر جو مانگتا ہے وہ اللہ سے خیر دنیا اور آخرت کے اللہ اسی عنایت فرماتا ہے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور مروی ہوئی یہ شہر بن حوشب سے وہ روایت کرتے ہیں ابی خلیفہ سے وہ عمرو بن عبسہ سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ۔

عَنْ اَبِیْ دَاشِدِ نِ الْحَبْرَانِیِّ قَالَ اَتَیْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فَقُلْتُ لَہٗ حَدِّثْنَا مِمَّا سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَلْقٰی اِلَیَّ صَحِیْفَۃً فَقَالَ ھٰذَا مَا کَتَبَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فَنَظَرْتُ فِیْھَا فَاِذَا فِیْھَا اَنَّ اَبَا بَکْرِنِ الصِّدِّیْقَ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ عَلِّمْنِیْ مَا اَقُوْلُ اِذَا اَصْبَحْتُ وَاِذَا اَمْسَیْتُ قَالَ یَا اَبَا بَکْرٍ قُلِ اللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَہٗ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ وَشِرْکِہٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰی نَفْسِیْ سُوْٓءًا اَوْ اَجُرَّہٗ اِلٰی مُسْلِمٍ ترجمہ روایت ہے ابی راشد حبرانی سے کہا انہوں نے کہ آیا میں عبداللہ بن عمرو بن عاص کے پاس اور انہی کہا کہ کوئی حدیث بیان کرو مجھ سے جو سنی ہو تم نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے سو انہوں نے میری طرف ایک صحیفہ یعنی ورق لکھا ہوا ڈال دیا اور کہا کہ لکھا ہوا ہے میرے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہا راوی نے کہ میں نے اسی دیکھا اس میں لکھا تھا کہ ابوبکر نے عرض کی کہ یا رسول اللہ سکھلائیے مجھ کو جو میں کہا کروں صبح اور شام تو فرمایا آپ نے کہو تم اللھم اے اللہ یعنی یا اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے جاننے والے چھپے اور کھلے کے کوئی معبود برحق نہیں مگر تو رب ہر چیز کا اور مالک اس کا پناہ میں آتا ہوں میں تیری اپنی نفس کی شر سے اور شیطان کے فساد اور شرکت سے اور اس سے کہ کماؤں میں اپنے اوپر برائی یا کھینچ لیجاؤں اس کو کسی مسلم کی طرف ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِنَجَّارَۃٍ یَاْسِلُ الْوَرَقَ فَضَرَبَھَا بِعَصَاہُ فَنَثَرَ الْوَرَقُ فَقَالَ اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰہِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَتَسْقُطُ مِنْ ذُنُوْبِ الْعَبْدِ کَمَا تَسْقُطُ وَرَقُ النَّجَّارَۃِ ھٰذَا ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم گذرے ایک درخت پر جھکے پتے سوکھے تھی سو مارا اس کو اپنے لاٹھی سے اور پتے اس کے جھڑ پڑے سو فرمایا آپ نے کہ یہ چار ورق کلمے الحمد وغیرہ بندے کے گناہ جھاڑ دیتے ہیں جیسے جھڑتے ہیں پتے اس درخت کے ف یہ حدیث غریب ہے اور نہیں جانتے ہم اعمش کو کہ سماع ہوا کلمہ انس سے مگر انہوں نے دیکھا ہے انس کو اور نظر کی ہے انکی طرف

عَنْ عِمَارَۃَ بْنِ الشَّیْبِ السَّبَائِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ کَانَ کَمَنْ اَعْتَقَ اَرْبَعَۃَ اَنْفُسٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمٰعِیْلَ وَمَنْ قَالَ ذٰلِکَ مِائَۃَ مَرَّۃٍ بَعَثَ اللّٰہُ لَہٗ مَسْلَحَۃً یَحْفَظُوْنَہٗ مِنَ الشَّیْطَانِ حَتّٰی یُصْبِحَ وَکُتِبَ لَہٗ بِھَا عَشْرُ حَسَنَاتٍ مُوْجِبَاتٍ وَمُحِیَ عَنْہُ عَشْرُ سَیِّئَاتٍ مُوْبِقَاتٍ وَکَانَتْ لَہٗ بِعَدْلِ عَشْرِ رَقَبَاتٍ مُؤْمِنَاتٍ ترجمہ روایت ہے عمارہ بن شبیب سبائی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کہے لا الہ الا اللہ سے آگے قدیر تک دس بار بعد مغرب کے بھیجے اللہ تعالیٰ اس کی طرف فرشتے کہ حفاظت کریں اس کی صبح تک اور لکھے جاویں اس کی لئے دس نیکیاں جو حمت کے واجب کرنیوالی اور مٹائی جاویں اس سے دس برائیاں ملائک کر جو ہلاک کرنیوالی اور ثواب ہو اس کو دس بردہ آزاد کرنے کا جو مسلمان ہوں ف یہ حدیث غریب ہے جس سے نہیں جانتے ہم اسکو مگر روایت سے لیث بن سعد کے اور ہم نہیں جانتے کہ عمارہ بن شبیب کو سماع ہو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

## باب جاء فی فضل التوبۃ والاستغفار وما ذکر من رحمۃ اللہ بعبادہ توبہ و استغفار کی فضیلت کے بیان میں اور اللہ کے رحم کا اپنے بندوں پر

عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ قَالَ اَتَیْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِیَّ اَسْاَلُہٗ عَنِ الْمَسْحِ عَلَی الْخُفَّیْنِ فَقَالَ مَا جَاءَ بِکَ یَا زِرُّ فَقُلْتُ ابْتِغَاءُ الْعِلْمِ فَقَالَ اِنَّ الْمَلٰٓئِکَۃَ لَتَضَعُ اَجْنِحَتَھَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًا بِمَا یَطْلُبُ فَقُلْتُ اِنَّہٗ حَکَّ فِیْ صَدْرِیْ الْمَسْحُ عَلَی الْخُفَّیْنِ بَعْدَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ وَکُنْتُ امْرَأً مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَخِفْتُ اَنْ اَکُوْنَ جِئْتُ اَسْاَلُہٗ عَنْ شَیْءٍ قَدْ کَانَ عِنْدَہٗ فِیْہِ عِلْمٌ فَقَالَ ھَلْ سَمِعْتَہٗ یَذْکُرُ فِیْ ذٰلِکَ شَیْئًا قَالَ نَعَمْ کَانَ یَاْمُرُنَا اِذَا کُنَّا سَفْرًا اَوْ مُسَافِرِیْنَ اَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَۃَ اَیَّامٍ وَلَیَالِیَھُنَّ اِلَّا مِنْ جَنَابَۃٍ لٰکِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ قَالَ فَقُلْتَ ھَلْ سَمِعْتَہٗ یَذْکُرُ فِی الْھَوٰی شَیْئًا قَالَ نَعَمْ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ سَفَرٍ فَبَیْنَا نَحْنُ عِنْدَہٗ اِذْ نَادَاہُ اَعْرَابِیٌّ بِصَوْتٍ لَہٗ جَھْوَرِیٍّ یَا مُحَمَّدُ فَاَجَابَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی نَحْوٍ مِنْ صَوْتِہِ ھَاؤُمْ فَقُلْنَا لَہٗ اُغْضُضْ مِنْ صَوْتِکَ فَاِنَّکَ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَدْ نُھِیْتَ عَنْ ھٰذَا فَقَالَ وَاللّٰہِ لَا اُغْضُضُ قَالَ اَعْرَابِیٌّ اَلْمَرْءُ یُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا یَلْحَقْ بِھِمْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَمَا زَالَ یُحَدِّثُنَا حَتّٰی ذَکَرَ بَابًا مِنْ قِبَلِ الْمَغْرِبِ مَسِیْرَۃَ عَرْضِہٖ اَوْ یَسِیْرُ الرَّاکِبُ فِیْ عَرْضِہٖ اَرْبَعِیْنَ اَوْ سَبْعِیْنَ عَامًا قَالَ سُفْیَانُ قِبَلَ الشَّامِ خَلَقَہُ اللّٰہُ یَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مَفْتُوْحًا لِلتَّوْبَۃِ لَا یُغْلَقُ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْہُ ترجمہ روایت ہے زر بن حبیش سے انہوں نے کہا گیا میں صفوان بن عسال مرادی کے پاس کہ پوچھوں اس سے مسح موزوں کا سو پوچھا انہوں نے کیوں آئے تم اے زر سو کہا میں نے علم حاصل کرنے کو سو کہا انہوں نے کہ ملائکہ اپنے بازو بچھاتے ہیں

طالب علم کے لئے اُسکی طلب سے راضی ہوکر پھر میں نے کہا کہ میرے دل میں خیال آیا مورد کے مسح کا بعد پیخانے اور پیشاب کے کرین یا نکرین اور میں ایک صحابی ہوں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا سو آیا میں تمہارے پاس کہ پوچھوں میں تمسے کچھ سنا ہے تمنے حضرت سے کہ ذکر کرتے ہوں اسکا کہا انہوں نے کہ ہاں سنکو سکم کرتے تھے آپ جب ہم مسافر ہوں کہ نہ اتارین ہم موزے تین دن اور رات مگر غسل جنابت کے لئی اور نہ اتارین ہم پیخانے یا پیشاب یا سونیکے بعد پھر کہا میں نے کہ کچھ سنا تمنے ذکر کرتے تھے محبت کا انہوں نے کہا کہ ہم ایک سفر میں ساتھ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ ایک گنوار آیا اور اُسنے بلند آواز سے پکارا کہ یا محمد سو حضرت نے اُسکو جواب دیا اُسی آواز اسی اور فرمایا کہ آؤ سو ہم اُس سے کہا اسی خرابی تیرے پست کر اپنی آواز کو کہ تو پاس ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور منع ہے اُن پاس آواز بلند کرنا سو کہا اُسنی کہ واللہ میں پست نکرونگا اپنی آواز اور کہا اُسنے کہ آدمی دوست رکھتا ہے ایک قوم کو اور نہیں ملتا اُسنی اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ آدمی قیامت کے دن اُسکے ساتھ ہوگا جسکو چاہتا ہے یعنی عمل میں اگرچہ اُنکی برابر نہو پھر صفوان مجھے باتین کرتے رہے یہانتک کہ ذکر کیا ایک دروازہ کا کہ مغرب کے طرف ہے چوڑان اُسکی ایسی ہے کہ سوار اوٹ کا چالیس یا ستر برس تک اُسمین چلا جاوے اور سفیان نے کہا کہ وہ شام کی طرف ہے پیدا کیا ہے اُسکو اللہ نے جسدن پیدا کیا آسمانون کو اور زمین کو اور وہ کھلا ہوا ہے یعنے توبہ کے لئے اور بند نہین ہوتا یہانتک کہ آفتاب نکلے مغرب سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ اَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ فَقَالَ فِيْ مَا جَاءَ بِكَ قُلْتُ اِبْتِغَاءُ الْعِلْمِ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ اَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًا بِمَا يَفْعَلُ قَالَ قُلْتُ لَهٗ اِنَّهٗ حَاكَ اَوْ قَالَ حَتَّ فِيْ نَفْسِيْ شَيْءٌ مِنَ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَهَلْ حَفِظْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ شَيْئًا قَالَ نَعَمْ كُنَّا اِذَا كُنَّا سَفْرًا اَوْ مُسَافِرِيْنَ اَمَرَنَا اَنْ لَا نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثًا اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ وَلٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ قَالَ فَقُلْتُ فَهَلْ حَفِظْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْهَوٰى شَيْئًا قَالَ نَعَمْ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ فَنَادَاهُ رَجُلٌ كَانَ فِيْ اٰخِرِ الْقَوْمِ بِصَوْتٍ جَهْوَرِيٍّ اَعْرَابِيٌّ جِلْفٌ جَافٍ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ فَقَالَ لَهُ الْقَوْمُ مَهْ اِنَّكَ قَدْ نُهِيْتَ عَنْ هٰذَا فَاَجَابَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى نَحْوٍ مِنْ صَوْتِهٖ هَاؤُمْ فَقَالَ الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ قَالَ زِرٌّ فَمَا بَرِحَ يُحَدِّثُنِيْ حَتّٰى حَدَّثَنِيْ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ بِالْمَغْرِبِ بَابًا عَرْضُهٗ مَسِيْرَةُ سَبْعِيْنَ عَامًا لِلتَّوْبَةِ لَا يُغْلَقُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهٖ وَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا الْاٰيَةَ **ترجمہ** اسکا اوپر گذرا آمین اعرابی کو جلف جاف کہا یعنے احمق سخت و درشت مزاج اور باب توبہ کے بیان کے بعد یہہ آیت پڑھی یوم یاتی الآیہ یعنے جسدن آ جاوینگی بعض نشانیان تیرے رب کی نفع نہ دیگا اُسدن کسیکو ایمان اُسکا یعنے جب آفتاب مغرب سے طلوع کریگا کسیکے توبہ قبول نہوگی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **بَابُ عَنْ** ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَالَمْ يُغَرْغِرْ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تو یہ قبول کرتا ہے بندے کی جب تک کہ گھرگھرانہ لگے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے روایت کے ہے محمد بن بشار نی انہون نے ابو عامر عقدی سے انہون نے عبد الرحمن سی انہون نے اپنے باپ ثابت سی انہون نے مکحول سے انہون نے جبیر بن نفیر سے انہون نے ابن عمر سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اوپر کے روایت کے اُسی کے ہم معنے **بَابُ عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَلّٰهُ اَفْرَحُ بِتَوْبَةِ اَحَدِكُمْ مِنْ اَحَدِكُمْ بِضَالَّتِهٖ اِذَا وَجَدَهَا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالے بندہ کی توبہ سے اس سے زیادہ خوش ہوتا ہے جتنا کوئی اپنا کھویا ہوا اونٹ پاوے خوش ہو **ف** اس باب میں ابن مسعود اور نعمان بن بشیر اور انس سے ہے روایت ہے یہ روایت حسن ہے غریب ہے اس سند سے **بَابُ عَنْ** اَبِيْ اَيُّوْبَ اَنَّهٗ قَالَ حِيْنَ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قَدْ كَتَمْتُ عَنْكُمْ شَيْئًا سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوْلَا اَنَّكُمْ تُذْنِبُوْنَ لَخَلَقَ اللّٰهُ خَلْقًا يُذْنِبُوْنَ يَغْفِرُ لَهُمْ **ترجمہ** روایت ہے ابی ایوب سے کہ جب اُنکو موت سامنی آئی انہون نے کہا میں نے ایک چیز سُنی تھی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور وہ تم سے چھپاتا تھا سُنا میں نے کہ فرماتے تھے اگر تم گناہ نکرو تو اللہ تعالے ایک اور مخلوق پیدا کرے کہ وہ گناہ کرے اور اللہ اُنکے گناہ معاف کرے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور مروی ہوئی ہے یہہ محمد بن کعب سے وہ روایت کرتے ہین ابی ایوب سے و نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے روایت کی ہمسے قتیبہ نے انہون نے عبد الرحمن سے انہون نے عمر وسی جو مولی ہین عفرہ کے انہون نے محمد بن کعب قرظی سے انہون نے ابی ایوب سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے **بَابُ عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ مَا دَعَوْتَنِيْ وَرَجَوْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ عَلٰى مَا كَانَ فِيْكَ وَلَا اُبَالِيْ يَا ابْنَ

ابن عباس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یدعو ایقول رب اعنی ولا تعن علی وانصرنی ولا تنصر علی وامکر لی ولا تمکر علی واھدنی ویسر الھدی الی وانصرنی علی من بغا علی رب اجعلنی لک شکارا لک ذکارا لک رھابا لک مطواعا الیک اواھا منیبا رب تقبل توبتی واغسل حوبتی واجب دعوتی وثبت حجتی وسدد لسانی واھد قلبی واسلل سخیمۃ صدری ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا پڑھتے تھے یعنی یا اللہ مدد کر میرے اوپر اور مدد نہ کر کسی کے میرے اوپر اور تائید کر میرے اوپر کسی کے اور نہ تائید کر کسی کے میرے اوپر اور مکر کر میرے لئے اور نہ مکر کر کسی کے لئے میرے نقصان اور ضرر کے اور ہدایت کر مجھکو اور آسان کر میرے لئے ہدایت اور مدد کر میری اُس شخص کے اوپر جو مجھپر زیادتی کرے اور اے رب میرے کر دے تو مجھے بہت ہی شکر کرنیوالا اور بہت ہی یاد کرنیوالا اور بہت ہی ڈرنیوالا اور تیرے ہی اطاعت کرنیوالا اور بہت ہی ڈرنیوالا اور تیرے ہی سے اپنا درد اندوہ بیان کرنیوالا اور تیرے ہی طرف رجوع ہونیوالا اے رب قبول کر توبہ میری اور دھو دی گناہ میرا اور قبول کر دعا میرے اور ثابت کر دی حجت میرے اور سیدھا کر دے میری زبان کو اور ہدایت کر میرے دل کو اور نکال دی حسد میرے سینہ کا **ف** کہا محمود بن غیلان نے اور روایت کی ہمسے محمد بن بشر عبدی نے انہوں نے سفیان سے اسی اسناد سے مانند اسکے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب عن** عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من دعا علی من ظلمہ فقد انتصر **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے بددعا کی اپنے ظالم کے لئے اُسنے بدلا لیا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر ابی حمزہ کی روایت سے اور کلام کیا ہے بعض علماء نے ابی حمزہ میں اُنکے حافظہ کیطرف سے اور وہ ہیمیں اعور ہیں روایت کی ہمسے قتیبہ نے انہوں نے حمید سی انہوں نے ابی الاحوص سے انہوں نے ابی حمزہ سے اسی اسناد سی مانند اسکے **باب عن** ابی ایوب الانصاری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال عشر مرات لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر کانت لہ عدل اربع رقاب من ولد اسمعیل **ترجمہ** روایت ہے ابی ایوب انصاری سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کہے دس بار لا الہ الا اللہ سی قدیر تک اُسکو چار بردوں کے آزاد کرنیکا ثواب ہوگا جو اولاد اسمعیل سے ہوں **ف** روایت کی گئی یہہ حدیث ابی ایوب سے موقوفاً **باب عن** صفیۃ تقول دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وبین یدی اربعۃ آلاف نواۃ اسبح بھا قال لقد سبحت بھذہ الا اعلمک بکثر مما سبحت بہ فقلت بلی علمنی فقال قولی سبحان اللہ عدد خلقہ **ترجمہ** روایت ہے صفیہ سے کہ داخل ہوئے اوپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور اُنکے آگے چار ہزار گٹھلیاں تھیں کھجور کے کہ وہ تسبیح کرتی تھیں سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تو نے تسبیح کی ان گٹھلیوں کے اوپر میں نے کیا نہ سکھادوں تجھے ایسی تسبیح جو ثواب میں اس سے زیادہ ہو میں نے عرض کیا ضرور سکھا دیجئے فرمایا آپنے کہو سبحان اللہ عدد خلقہ یعنے پاکی ہے اللہ تعالیٰ کو اُسکی مخلوق کے گنتے کے برابر **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم مفضل کے روایت کرنے مگر اسی سند سے ہاشم بن سعید کوفی کے روایت سے اور اسناد اسکی معروف نہیں ہے اور اسباب میں ابن عباس سے بھی روایت ہے **عن** جویریۃ بنت الحارث ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مر علیھا وھی فی مسجدھا ثم مر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد قریبا من نصف النھار فقال لھا ما زلت علی حالک قالت نعم فقال لقد قلت بعدک اربع کلمات ثلاث مرات لو وزنت بما قلت منذ الیوم لوزنتھن سبحان اللہ عدد خلقہ سبحان اللہ عدد خلقہ سبحان اللہ عدد خلقہ سبحان اللہ رضی نفسہ سبحان اللہ رضی نفسہ سبحان اللہ زنۃ عرشہ سبحان اللہ زنۃ عرشہ سبحان اللہ مداد کلماتہ سبحان اللہ مداد کلماتہ سبحان اللہ مداد کلماتہ **ترجمہ** روایت ہے جویریہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنکے اوپر گذرے پھر دوبارہ آئے دوپہر کے قریب اور پوچھا اُنسے کہ تم جسے اُسی حال پر ہو یعنے تسبیح کرتی ہو میں تمہیں ایسے کلمہ بتا دوں کہ تم اُسے کہہ لیتے تاکہ ثواب اُسکے برابر پاؤ یا زیادہ پھر فرمایا آپنے سبحان اللہ سے آخر تک یعنے پاکی ہے اللہ کو اُسکے مخلوق کے عدد کے برابر اور یہ تین بار کہا اور پاکی ہے اللہ کو اُسکے ذات مقدس کے خوشی کے برابر تین بار اور پاکی ہے اللہ کو اُسکے عرش کے وزن برابر اسکو تین بار کہا اور پاکی ہے اللہ کو اُسکے کلموں کے سیاہی برابر یہہ بھی تین بار کہا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور محمد بن عبد الرحمن مولی آل طلحہ کے اور شیخ ہیں مدینہ کے رہنے والے ثقہ ہیں اور روایت کی اُنسے سفیان اور ثوری نے یہی حدیث **باب عن** سلمان الفارسی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ حیی کریم یستحیی اذا رفع الرجل الیہ یدیہ ان یردھما صفرا خائبتین **ترجمہ** روایت ہے سلمان فارسی سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ بڑی شرم والا ہے کرم کرنیوالا ہے اور اللہ شرم کرتا ہے جب آدمی اُسکے طرف ہاتھ اُٹھاتا ہے اس سے کہ خالی پھیرے اُنکو اور محروم کرکے **ف** یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت کیا ہے [illegible] روایت کی ہے اور موقوف بھی **عن** ابی ھریرۃ ان رجلا کان یدعو یا بی ھو یعنی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احد احد **ترجمہ**

روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص دعا کرتا تھا دو انگلیوں سے تو آنحضرت نے فرمایا ایک سے دعا کر **ف** یہ حدیث غریب ہے اور مراد حدیث کی یہ ہے کہ جب اشارہ کرے آدمی حامد میں تشہد میں تو ایک انگلی سے اشارہ کرے **اَحَادِیْثُ شَتّٰی مِنْ اَبْوَابِ الدَّعْوَاتِ متفرق حدیثیں دعاؤں کی عَنْ** رِفَاعَةَ قَالَ قَامَ اَبُوْبَكْرِنِ الصِّدِّيْقُ عَلَى الْمِنْبَرِ ثُمَّ بَكٰى فَقَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامًا اَوَّلَ عَلٰى هٰذَا الْمِنْبَرِ ثُمَّ بَكٰى فَقَالَ سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فَاِنَّ اَحَدًا لَمْ يُعْطَ بَعْدَ الْيَقِيْنِ خَيْرًا مِّنَ الْعَافِيَةِ **ترجمہ** روایت ہے رفاعہ سے کہا انہوں نے کہ کھڑے ہوئے ابوبکر رضی اللہ عنہ منبر پر پھر روئے اور فرمایا کہ کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے سال میں اپنے ہجرت کے پھر روئے اور ارشاد فرمایا کہ مانگو اللہ سے عفو اور عافیت اسلئے کہ بعد یقین کے کسیکو کوئی چیز نہ ملی بہتر عافیت سی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے ابی بکر سے **بَابٌ عَنْ** اَبِیْ بَكْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ وَلَوْ فَعَلَهٗ فِی الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً **ترجمہ** روایت ہے ابی بکر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے استغفار کرلیا گناہ پر اُسنے اصرار نکیا اگرچہ مرتکب ہوا گناہ کا دن میں ستر بار **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر ابی بکرہ کی روایت سے اور اسناد اُسکے قوی نہیں **عَنْ** اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ لَيْسَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِثَوْبٍ جَدِيْدٍ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَيَاتِیْ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِيْدًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَيَاتِیْ ثُمَّ عَمَدَ اِلَى الثَّوْبِ الَّذِیْ اَخْلَقَ فَتَصَدَّقَ بِهٖ كَانَ فِیْ كَنَفِ اللّٰهِ وَفِیْ حِفْظِ اللّٰهِ وَفِیْ سَتْرِ اللّٰهِ حَيًّا وَّمَيِّتًا **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے کہ حضرت عمر نے نیا کپڑا پہنا اور کہا الحمد للہ سے نبی حیاتی تک پھر کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو پہنے نیا کپڑا اور کہے سب تعریف ہے اُس اللہ کو کہ جسنے مجھکو ایسا کپڑا کہ چھپاتا ہوں میں اُس سے اپنا ستر اور سنوارتا ہوں میں اُس سے اپنے زندگی میں پھر پرانا کپڑا صدقہ دیدیا ہو گا وہ اللہ کی حفاظت میں اور پناہ میں اور پردہ میں زندگی اور موت میں **ف** یہ حدیث غریب ہے اور روایت کی یحیی بن ایوب نے عبید اللہ بن زحر سے انہوں نے روایت کی علی بن یزید سے انہوں نے قاسم سے انہوں نے ابی امامہ سے **عَنْ** عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا قِبَلَ نَجْدٍ فَغَنِمُوْا غَنَائِمَ كَثِيْرَةً وَّاَسْرَعُوا الرَّجْعَةَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّمَّنْ لَمْ يَخْرُجْ مَا رَاَيْنَا بَعْثًا اَسْرَعَ رَجْعَةً وَّلَا اَفْضَلَ غَنِيْمَةً مِّنْ هٰذَا الْبَعْثِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى قَوْمٍ اَفْضَلَ غَنِيْمَةً وَّاَسْرَعَ رَجْعَةً قَوْمٌ شَهِدُوا صَلَاةَ الصُّبْحِ ثُمَّ جَلَسُوْا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ حَتّٰى طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَاُولٰٓئِكَ اَسْرَعُ رَجْعَةً وَّاَفْضَلُ غَنِيْمَةً **ترجمہ** روایت ہے عمر بن خطاب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ایک لشکر نجد کیطرف اور انہوں نے بہت سی غنیمت حاصل کیں اور جلدی لوٹ آئی سو ایک شخص نے کہا جو لشکر کے ساتھ نہیں نکلا تھا کہ ہم نے کوئی لشکر ایسا نہیں دیکھا جو ایسا جلد لوٹے اور ایسی عمدہ غنیمت لاوے اس سے بڑھکر سو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا میں بتادوں تمکو ایسے لوگ جو اس سے افضل غنیمت لائی ہوں اور جلد لوٹے ہوں اور وہ وہ لوگ ہیں جو حاضر ہوئے نماز صبح میں یعنے جماعت سے پھر بیٹھے اللہ کا ذکر کرتے رہے یہانتک کہ آفتاب نکلا سو وہ لوگ ہیں جلد لوٹنے والے میں اور افضل غنیمت لانیوالے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور حماد بن ابی حمید وہ محمد بن عبید ہیں اور وہ ابراہیم انصاری بیٹے ہیں اور وہ ضعیف ہیں حدیث میں **عَنْ** عُمَرَ اَنَّهٗ اسْتَاْذَنَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْعُمْرَةِ فَقَالَ اَیْ اُخَیَّ اَشْرِكْنَا فِیْ دُعَائِكَ وَلَا تَنْسَنَا **ترجمہ** روایت ہے حضرت عمر سے کہ انہوں نے اجازت مانگی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عمرہ کی تو آپ نے فرمایا اے میرے چھوٹے بھائی شریک کرنا ہمکو بھی دعا میں اور بھولنا نہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** عَلِیٍّ اَنَّ مُكَاتَبًا جَاءَهٗ فَقَالَ اِنِّیْ قَدْ عَجَزْتُ عَنْ كِتَابَتِیْ فَاَعِنِّیْ قَالَ اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ عَلَّمَنِيْهِنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ عَلَيْكَ مِثْلُ جَبَلٍ صِيْرٍ دَيْنًا اَدَّاهُ اللّٰهُ عَنْكَ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہ آیا اُنکے پاس ایک مکاتب اور اُسنے کہا میں اپنے دارائے کتابت سے عاجز ہو گیا سو میرے مدد کیجیے آپ نے فرمایا میں تجھے ایسے کلمات نہ سکھاتا ہوں جو سکھائے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر تجھپر کوہ صیر کے برابر قرض ہو تو بھی ادا ہو جاوے تو کہہ اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ بازرکھ اور روک مجھکو اپنے حرام سے حلال دیکر اور بے پروا کر دے مجھکو اپنے غیر سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عَنْ** عَلِیٍّ قَالَ كُنْتُ شَاكِيًا فَمَرَّ بِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ اَجَلِیْ قَدْ حَضَرَ فَاَرِحْنِیْ وَاِنْ كَانَ مُتَاَخِّرًا فَارْفَعْنِیْ وَاِنْ كَانَ بَلَاءً فَصَبِّرْنِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ قُلْتَ قَالَ فَاَعَادَ عَلَيْهِ مَا قَالَ قَالَ فَضَرَبَهٗ بِرِجْلِهٖ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ عَافِهٖ اَوْ اَشْفِهٖ شَعْبَةُ الشَّاكُّ قَالَ فَمَا اشْتَكَيْتُ وَجَعِیْ بَعْدُ **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہ میں بیمار ہوا اور حضرت میرے پاس تشریف لائے اور میں کہتا تھا یا اللہ اگر میرے موت قریب آئی ہو تو مجھے راحت دے اور اگر موت دور ہو تو مجھے اٹھا دے یعنے تندرست کر دے اور اگر امتحان مقصود ہو تو

صبر دے سو فرمایا اپنی کہنا کر کہا تو نے کہا علی نے پھر کہی میں نے وہی بات سو مارا مجھکو آپ نے اپنے پیر سے اور فرمایا یا اللہ اسکو عافیت دی یا فرمایا شفا دی شعبہ جو راوی حدیث ہیں اسکو شک ہے فرمایا حضرت علی نے کہ پھر میں نے اپنے مرض کے شکایت نہیں کی یعنے مندمل ہوگیا **عَنْ** عَلِیٍّ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا عَادَ مَرِیْضًا قَالَ اَذْھِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآءُکَ شِفَآءً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی بیمار کے عیادت فرماتے تو اوپر سے آخر تک پڑھتے یعنے یا اللہ دور کر مرض کو اے رب آدمیوں کے اور شفا دی تو ہی ہے شفا دینے والا نہیں شفا مگر تیرے دی ہوئی ایسی شفا دے کہ کوئی مرض باقی نہ رہے **ف** یہ حدیث حسن ہے **عَنْ** عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ فِیْ وِتْرِہٖ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ وَاَعُوْذُ بِمُعَافَاتِکَ مِنْ عُقُوْبَتِکَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ لَا اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَیْکَ اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہ وہ اپنے وتر میں یہہ دعا پڑھتے اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ تیرے رضا کی پناہ میں آتا ہوں تیرے غصہ سے اور تیرے بخشش کی پناہ میں آتا ہوں تیرے عذاب سے میں پوری تعریف تیری نہیں کر سکتا تو ویسا ہی ہے جیسی تعریف تو نے آپ کی اپنے ذات مبارک کے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے حماد بن سلمہ کے روایت سے **عَنْ** سَعْدٍ کَانَ یُعَلِّمُ بَنِیْہِ ھٰؤُلَآءِ الْکَلِمَاتِ کَمَا یُعَلِّمُ الْمُکْتِبُ الْغِلْمَانَ وَیَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَتَعَوَّذُ بِھِنَّ دُبُرَ الصَّلٰوۃِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ **ترجمہ** روایت ہے سعد اپنے بیٹوں کو یہ کلمات سکھاتے تھے جیسی کہ معلم لکھنا سکھاتا ہے اور کہتے تھے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم انکے ساتھ پناہ مانگتے تھے ہر نماز کے بعد اللھم سے آخر تک یعنی یا اللہ میں تیرے پناہ میں آتا ہوں نامردی سے اور تیرے پناہ میں آتا ہوں بخیلی سے اور تیرے پناہ میں آتا ہوں بڑھاپے کے عمر سے یعنے جسمیں عقل جاتی رہے اور پناہ مانگتا ہوں میں فتنہ دنیا سے اور عذاب قبر سے **ف** کہا ابو عیسے نے کہ عبد اللہ ابو اسحاق حماد نے اضطراب کرتے تھے اس روایت میں کہ کبھی کہتے تھے روایت ہے عمر بن میمون سے وہ روایت کرتے ہیں عمر سے اور کبھی ذکر کرتے یہہ حدیث اور یہہ حدیث حسن صحیح ہے اس سند سے **عَنْ** سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَنَّہٗ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی امْرَاَۃٍ وَبَیْنَ یَدَیْھَا نَوًی اَوْ قَالَ حَصًی تُسَبِّحُ بِہٖ فَقَالَ لَاُخْبِرُکِ بِمَا ھُوَ اَیْسَرُ عَلَیْکِ مِنْ ھٰذَا اَوْ اَفْضَلُ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی السَّمَآءِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی الْاَرْضِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ مَا بَیْنَ ذٰلِکَ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ مَا ھُوَ خَالِقٌ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ مِثْلَ ذٰلِکَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ مِثْلَ ذٰلِکَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ مِثْلَ ذٰلِکَ **ترجمہ** روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہ وہ گئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک عورت کے پاس اور انکے آگے گٹھلیاں یا کنکر تھے کہ وہ اوپر تسبیح کرتی تھیں تو آپنے فرمایا کہ میں تمکو اس سے سہل یا افضل تسبیح سکھاؤں یعنے ثواب میں اس سے بڑھ جاوے لفظوں میں کم سبحان اللہ سے آخر تک یعنے پاکی ہے اللہ تعالی کو آسمان و زمین کی مخلوقات کے برابر اور جو انکے بیچ میں ہے اور پاکی ہے اس مخلوق کے برابر جسکو وہ پیدا کریگا اسکے بعد تک اور بڑائی ہے اللہ کے اسکے برابر اور حول و قوۃ نہیں ہے مگر اللہ کے ساتھ یہہ بھی اتنی ہی مخلوق کے برابر **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے سعد کی روایت سے **عَنِ** الزُّبَیْرِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ صَبَاحٍ یُصْبِحُ الْعِبَادُ اِلَّا مَلَاٰ مُنَادٍ یُنَادِیْ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ **ترجمہ** روایت ہے حضرت زبیر بن عوام سے کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کوئی صبح ایسی نہیں کہ ایک پکارنیوالا نہیں پکارتا ہے کہ تسبیح کرو ملک قدوس کے **ف** یہہ حدیث غریب ہے **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّہٗ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذْ جَآءَہٗ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَالَ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ تَفَلَّتَ ھٰذَا الْقُرْاٰنُ مِنْ صَدْرِیْ فَمَا اَجِدُ فِیْہِ شَیْئًا اَقْدِرُ عَلَیْہِ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اَبَا الْحَسَنِ اَفَلَا اُعَلِّمُکَ کَلِمَاتٍ یَنْفَعُکَ اللّٰہُ بِھِنَّ وَیَنْفَعُ بِھِنَّ مَنْ عَلَّمْتَہٗ وَیُثَبِّتُ مَا تَعَلَّمْتَ فِیْ صَدْرِکَ قَالَ اَجَلْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَعَلِّمْنِیْ قَالَ اِذَا کَانَ لَیْلَۃُ الْجُمُعَۃِ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَقُوْمَ فِیْ ثُلُثِ اللَّیْلِ الْاٰخِرِ فَاِنَّھَا سَاعَۃٌ مَشْھُوْدَۃٌ وَھِیَ السَّاعَۃُ الَّتِیْ قَالَ اَخِیْ یَعْقُوْبُ لِبَنِیْہِ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَکُمْ رَبِّیْ یَقُوْلُ حَتّٰی تَاْتِیَ لَیْلَۃُ الْجُمُعَۃِ فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ فَقُمْ فِیْ وَسْطِھَا فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ فَقُمْ فِیْ اَوَّلِھَا فَصَلِّ اَرْبَعَ رَکْعَاتٍ تَقْرَاُ فِی الرَّکْعَۃِ الْاُوْلٰی بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ وَسُوْرَۃِ یٰسٓ وَفِی الرَّکْعَۃِ الثَّانِیَۃِ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ وَحٰمٓ الدُّخَانِ وَفِی الرَّکْعَۃِ الثَّالِثَۃِ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ وَالٓمٓ تَنْزِیْلُ السَّجْدَۃِ وَفِی الرَّکْعَۃِ الرَّابِعَۃِ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ وَتَبَارَکَ الْمُفَصَّلِ فَاِذَا فَرَغْتَ مِنَ التَّشَھُّدِ فَاحْمَدِ اللّٰہَ وَاَحْسِنِ الثَّنَآءَ عَلَی اللّٰہِ وَصَلِّ عَلَیَّ وَاَحْسِنْ وَعَلٰی سَائِرِ النَّبِیِّیْنَ وَاسْتَغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَلِلْمُؤْمِنَاتِ وَلِاِخْوَانِکَ الَّذِیْنَ سَبَقُوْکَ بِالْاِیْمَانِ ثُمَّ قُلْ فِیْ اٰخِرِ ذٰلِکَ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا مَا اَبْقَیْتَنِیْ وَارْحَمْنِیْ اَنْ اَتَکَلَّفَ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ وَارْزُقْنِیْ حُسْنَ النَّظَرِ فِیْمَا یُرْضِیْکَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَالْعِزَّۃِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ

اَسْئَلُكَ يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ وَارْزُقْنِيْ اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْاَلُكَ يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِيْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِيْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِيْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِيْ فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ يَا اَبَا الْحَسَنِ تَفْعَلُ ذٰلِكَ ثَلٰثَ جُمَعٍ اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا تُجَابُ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ مَا اَخْطَاَ مُؤْمِنًا قَطُّ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَوَاللّٰهِ مَا لَبِثْتُ عَلَيَّ اِلَّا خَمْسًا اَوْ سَبْعًا حَتّٰى جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مِثْلِ ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ فِيْمَا خَلَا اَحْفَظُ الْاَرْبَعَ اٰيَاتٍ وَنَحْوَهُنَّ فَاِذَا قَرَاْتُهُنَّ عَلٰى نَفْسِيْ تَفَلَّتْنَ وَاَنَا اَتَعَلَّمُ الْيَوْمَ اَرْبَعِيْنَ اٰيَةً وَنَحْوَهَا فَاِذَا قَرَاْتُهَا عَلٰى نَفْسِيْ فَكَاَنَّمَا كِتَابُ اللّٰهِ بَيْنَ عَيْنَيَّ وَلَقَدْ كُنْتُ اَسْمَعُ الْحَدِيْثَ فَاِذَا رَدَدْتُهٗ تَفَلَّتَ وَاَنَا الْيَوْمَ اَسْمَعُ الْاَحَادِيْثَ فَاِذَا تَحَدَّثْتُ بِهَا لَمْ اَخْرُمْ مِنْهَا حَرْفًا فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ مُؤْمِنٌ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ يَا اَبَا الْحَسَنِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ علی بن ابی طالب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور عرض کی کہ میرے ان ماں باپ آپ پر فدا ہوں نکلا جاتا ہے قرآن میرے سینہ سے اور میں اسکے حفظ پر قادر نہیں سو آپ نے فرمایا اے ابوالحسن میں تمہیں ایسے کلمات سکھا دوں کہ تمکو بھی نفع دیں اور جسے سکھاؤ اُسے بھی اور جو سیکھو قرآن سے وہ سینہ میں رہے انہوں نے عرض کی کہ ہاں سکھائیے آپ نے فرمایا جب جمعہ کی رات ہو اگر اٹھ سکے تو تہائی رات میں آخر کے تو وہ گھڑی ایسی ہے کہ فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور دعا اُسوقت مقبول ہے اور میرے بھائی یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو وعدہ دیا کہ میں مغفرت مانگونگا تمہارے لیے یعنے جب آدھی رات جمعہ کے پہر اگر ہو سکے تجھسے تو کھڑا ہو بیچ رات میں ورنہ اول رات میں اور چار رکعت پڑھ کہ پہلی میں فاتحہ اور یٰسٓ اور دوسری میں فاتحہ اور حٰمٓ دُخان اور تیسری میں فاتحہ اور الٓمٓ تنزیل السجدہ اور چوتھی میں فاتحہ اور تبارک جو مفصل میں ہے پھر تشہد پڑھ چکے تو حمد و ثنا کر اللہ کے اور خوب درود بھیج محمد پر اور تمام پیغمبروں پر اور مغفرت مانگ مومن مردوں اور عورتوں کے لئے اور اُن بھائیوں کے لئے جو تجھسے پہلے ایمان سے مشرف ہو چکے پھر آخر میں کہہ اللھم سے الا باللہ العظیم تک یعنے یا اللہ رحم کر مجھپر ساتھ گناہ چھوڑ دینے کے جب تک مجھے زندہ رکھے اور رحم کر کہ بیفائدہ تکلف نکروں اور عنایت کر مجھے خوب غور کرنا تیرے پسندیدہ امور میں اے اللہ پیدا کرنیوالے آسمانوں اور زمین کے صاحب جلال اور بزرگی کے اور ایسی عزت والی کہ کوئی اُس عزت کے خواہش نہ کر سکے مانگتا ہوں میں تجھسے اے بڑے رحمت کرنیوالے تیرے جلال اور تیرے مونہہ کے روشنی کے وسیلے سے کہ لازم کردے میرے دل پر یاد کرنا تیرے کتاب کا جیسے کہ سکھائی تو نے اور توفیق دے کہ اُسے پڑھوں جسطرح تو پسند کرے یا اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے جلال اور بزرگی والے اور ایسی عزت والے کہ جسکا کوئی ارادہ نہ کر سکے مانگتا ہوں میں تجھسے اے اللہ تیرے بزرگی اور تیرے چہرے کی روشنی کے وسیلے سے کہ پُرنور کردے تو میرے آنکھیں اپنے کتاب سے اور جاری کرے اُسکو میرے زبان پر اور کھول دے اُس سے میرا دل اور کھول دے میرا سینہ اور دھو دے اُس سے میرا بدن اسلئے کہ میرے مدد حق پر کوئی نہیں کرتا سوا تیرے اور نہیں مدد کرتا کوئی مگر تو اور نہیں طاقت گناہ سے بچنے کی اور قوت نیکی کرنیکی مگر اللہ عظمت والیکی طرف سے تمام ہوئی دعا پھر فرمایا آپ نے اسی ابوالحسن ایسا ہی کرو تم تین جمعہ یا پانچ جمعہ یا سات کہ قبول ہوگی دعا تمہاری اللہ کے حکم سے اور قسم ہے اُس پروردگار کے کہ جسنے بھیجا مجھکو حق کے ساتھ کہ محروم نہ رہیگا اسکو پھر کوئی مومن کبھی ابن عباس نے کہا کہ پانچ یا سات جمعہ کے بعد حضرت علی پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خدمتمیں حاضر ہوئے ویسی ہی مجلس میں اور عرض کی یا رسول اللہ پہلی میں چار آیتیں یاد کرتا تھا اور جب پڑھتا تھا بھول جاتا تھا اور اب چالیس آیتیں یاد کرتا ہوں اور جب پڑھتا ہوں تو گویا قرآن میرے آگے ہے اور میں حدیث سنتا تھا اور بار بار اُسکو کہتا تھا پھر دسے اُتر جاتی تھی اور اب جو سنتا ہوں جب بیان کرتا ہوں اُسمیں سے ایک حرف نہیں چھوڑتا سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے رب کعبہ کے ابوالحسن بیشک مومن ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر ولید بن مسلم کے روایت سے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّسْاَلَ وَاَفْضَلُ الْعِبَادَةِ اِنْتِظَارُ الْفَرَجِ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مانگو اللہ سے فضل اُسکا اسلئے کہ دوست رکھتا ہے سوال کرنا اور افضل عبادت ہے انتظار کرنا دعا کی قبول ہونیکا **ف** ایسی ہے روایت کے حماد بن واقد نے یہہ حدیث اور حماد بن واقد حافظہ نہیں رکھتے اور روایت کی ابو نعیم نے یہی حدیث اسرائیل سے انہوں نے حکیم بن جبیر سے انہوں نے بواسطہ ایک مرد کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اور حدیث ابی نعیم کے اشبہ ہے کہ صحیح ہو بہ نسبت اسکی **عَنْ** زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْعَجْزِ وَالْبُخْلِ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْهَرَمِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ **ترجمہ** روایت ہے زید بن ارقم سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے یہہ دعا اللہم میں تیری پناہ

مین آتا ہون سستی اور عجز اور بخیلی سے اور اسی اسناد سے مروی ہے کہ آپ پناہ مانگتے تھے بڑھاپے اور عذاب قبر سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ
اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا عَلَى الْاَرْضِ مُسْلِمٌ يَدْعُوا اللّٰهَ تَعَالٰى بِدَعْوَةٍ اِلَّا اٰتَاهُ اللّٰهُ اِيَّاهَا اَوْ صَرَفَ عَنْهُ مِنَ السُّوْءِ مِثْلَهَا مَا لَمْ يَدْعُ بِمَاْثَمٍ اَوْ
قَطِيْعَةِ رَحِمٍ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ اِذًا نُكْثِرَ قَالَ اللّٰهُ اَكْثَرُ **ترجمہ** روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مسلمان ایسا نہین کہ مانگے اللہ سے
کوئی چیز مگر دیتا ہے اُسکو وہ چیز یا دور کر دیتا ہے اُس سے کوئی بُرائی اُسکے برابر جب تک نہ دعا کرے ساتھ گناہ کے یا قطع رحم کے سو ایک شخص نے کہا کہ اب تو ہم بہت دعائین کرینگے
آپ نے فرمایا وہ اُس سے بہت زیادہ قبول کرنیوالا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے اور ابن ثوبان کا نام عبدالرحمن ہے وہ بیٹے ہین ثابت کے وہ ثوبان کے
وہ عابد شامی ہین **عَنِ** الْبَرَاءِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَكَ فَتَوَضَّاْ وُضُوْءَكَ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ اضْطَجِعْ عَلٰى شِقِّكَ الْاَيْمَنِ ثُمَّ قُلِ اللّٰهُمَّ
اَسْلَمْتُ وَجْهِيْ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِيْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَّرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ
الَّذِيْ اَرْسَلْتَ فَاِنْ مُّتَّ فِيْ لَيْلَتِكَ مُتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ فَرَدَدْتُّهُنَّ لِاَسْتَذْكِرَهُنَّ فَقُلْتُ اٰمَنْتُ بِرَسُوْلِكَ الَّذِيْ اَرْسَلْتَ فَقَالَ قُلْ اٰمَنْتُ بِنَبِيِّكَ الَّذِيْ
اَرْسَلْتَ **ترجمہ** روایت ہے براء بن عازب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو اپنے بچھونے پر جایا کرے تو وضو کرے جیسے نماز کے لئے وضو کرتا ہے پھر لیٹ داہنی کروٹ پر اور کہہ اللھم
ارسلت تک یعنے یا اللہ اپنا مونہہ کیا مینے تیرے طرف اور سونپ دیا مینے کام اپنا تجھکو اور پشت پناہ بنایا مینے تجھکو امید اور خوف کے وقت تیرے ہی طرف رجوع ہونیوالا ہون
اور نہین چھٹکارا اور نجات تیرے عذاب سے مگر تیرے ہی طرف ایمان لایا مین تیرے اُس کتاب پر جو تو نے اُتاری اور اُس رسول پر جو تو نے بھیجا پھر اگر مرا تو اُس رات مین تو مرا فطرت
اسلام پر کہا راوی نے کہ پھر دوبارہ پڑھی مینے یہ عاکہ یاد ہو جاوے مجھے اور کہا مینے اٰمنت برسولک الذی ارسلت تو فرمایا آپنے نہین کہہ تو اٰمنت بنبیک الذی ارسلت
**ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور کئی سندون سے مروی ہوئی ہے براء بن عازب سے اور کسی روایت مین ہم وضو کا ذکر نہین پاتے سوا اس رات کے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَبِيْبٍ
قَالَ خَرَجْنَا فِيْ لَيْلَةٍ مَّطِيْرَةٍ وَّظُلْمَةٍ شَدِيْدَةٍ نَّطْلُبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ لَنَا قَالَ فَاَدْرَكْنٰهُ فَقَالَ قُلْ فَلَمْ اَقُلْ شَيْئًا ثُمَّ قَالَ قُلْ فَلَمْ
اَقُلْ شَيْئًا ثُمَّ قَالَ قُلْ فَقُلْتُ مَا اَقُوْلُ قَالَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ حِيْنَ تُمْسِيْ وَتُصْبِحُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ تَكْفِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ سے کہا ہمنے
مینہہ کے رات تاریک مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو ڈھونڈھنے کو تاکہ امامت کریں ہمارے نماز مین سو پایا مینے اور فرمایا آپنے کہہ مینے کچھ نہ کہا پھر فرمایا آپنے کہہ مینے کچھ نہ کہا
پھر کہا مینے کیا کہون آپنے فرمایا پڑھ تو قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس صبح اور شام تین بار کفایت کرے تجھکو ہر چیز سے **ف** یہ حدیث حسن
صحیح ہے غریب ہے اس سند سے اور ابو سعید راوی کا نام ابی اسید بن ابی اسید ہے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُسْرٍ قَالَ نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِيْ فَقَالَ فَقَرَّبْنَا
اِلَيْهِ طَعَامًا فَاَكَلَ مِنْهُ ثُمَّ اُتِيَ بِتَمْرٍ فَكَانَ يَاْكُلُهُ وَيُلْقِي النَّوٰى بَيْنَ اِصْبَعَيْهِ جَمْعَ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى قَالَ شُعْبَةُ وَهُوَ اَظُنُّ فِيْهِ اِنْشَاءَ اللّٰهِ وَاُلْقِي النَّوٰى بَيْنَ اِصْبَعَيْهِ
ثُمَّ اُتِيَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَهُ ثُمَّ نَاوَلَهُ الَّذِيْ عَنْ يَمِيْنِهِ قَالَ فَقَالَ اَبِيْ اَخَذَ بِيَمِيْنِهِ اَدْعُ لَنَا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ **ترجمہ**
روایت ہے عبداللہ بن بسر سے کہ اُترے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم میرے باپ کے پاس اور لائے ہم اُنکے نزدیک کھانا سو کھایا اُسمین سے پھر کوئی لایا کھجور سو آپ کھاتے تھے اور گٹھلی اپنے کلمے
کی اور بیچ کی انگلی سے پھینکتے شعبہ نے کہا اور میرا گمان ہے اور خدا چاہے صحیح ہو کہ آپ دو انگلیون سے گٹھلیان پھینکتے تھے پھر کچھ پینے کی چیز لائے سو آپنے پی اور اپنے داہنے
والے شخص کو دی پھر چلنے لگے آگے سواری کے پکڑے اور عرض کیا کہ آپ دعا فرمائے ہمارے لئے آپنے دعا کی یا اللہ برکت دے اُنکے رزق مین اور بخشش کر اور رحمت کر
**اُنپر** **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** زَيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ
وَاِنْ كَانَ فَرَّ مِنَ الزَّحْفِ **ترجمہ** روایت ہے زید سے کہ اُنہون نے سنا ہے صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو کہے استغفر اللہ سے اتوب الیہ تک یعنے مغفرت مانگتا ہون مین
اُس اللہ سے کہ کوئی معبود برحق نہین ہے سوا اسکے زندہ ہے سب کا تھامنے والا اور توبہ کرتا ہون مین اُسکے آگے بخشدیتا ہے اللہ اُسکو اگرچہ وہ جہاد سے بھاگا ہو **ف** یہ حدیث
غریب ہے ہم نہین جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **عَنْ** عُثْمَانَ ابْنِ حُنَيْفٍ اَنَّ رَجُلًا ضَرِيْرَ الْبَصَرِ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ يُّعَافِيَنِيْ قَالَ
اِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ وَاِنْ شِئْتَ صَبَرْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قَالَ فَادْعُهُ قَالَ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّتَوَضَّاَ فَيُحْسِنَ وُضُوْءَهٗ وَيَدْعُوَ بِهٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ
اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ اِنِّيْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّيْ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى لِيْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ **ترجمہ** روایت ہے عثمان بن حنیف سے کہ ایک نابینا آپکے پاس آیا اور

عرض کی کہ دعا کیجئے کہ اللہ مجھے عافیت دی آپنے فرمایا اگر تو چاہے تو میں دعا کروں اور اگر چاہے تو صبر کر کہ وہ بہتر ہے تیرے لئے اُسنے عرض کی کہ دعا ہی کیجئے میرے لئے سو حکم دیا آپنے کہ وضو کر اچھے طرح اور یہ دعا پڑھے اللھم سے آخر تک لیخے یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھسے اور متوجہ ہوتا ہوں تیری طرف بوسیلہ تیرے نبی کے جو محمد ہیں نبی رحمت کے میں متوجہ ہوا ہوں تیرے وسیلہ سے اپنی رب کے طرف اس حاجت میں کہ پوری کردیجائے حاجت میری یا اللہ پھر قبول کر میرے حق میں شفاعت اُنکی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے ابی جعفر کے روایت سے اور وہ خطمی کے سوا ہیں **مترجم** اس روایت سے جو بعض نادان خیال کرتے ہیں کہ استعانت موتی سے جایز ہے یہ محض حماقت ہے اسلئے کہ خود رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰہِ یعنے جب مدد چاہے تو مدد چاہ اللہ سے اور یہ دعا اُس نابینا کی حضرت کی حیات میں تھی اور آپکے حیات میں آپسے شفاعت کا طالب ہونا جایز ہے مگر ہر استعانت از موتی کو قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے اور روایت طبرانی سی جو عموم حکم استعمال اس دعا کا لوگوں نے سمجھا ہے ضعیف ہی اسلئے کہ اُس روایت میں روح بن صلاح راوی ضعیف ہے اور عابد سندی نے اسپر تصریح کی ہے اور صاحب حصن حصین نے جو اس روایت میں یہہ عبارت لکھی من کانت لہ ضرورۃ فلیتوضا ویصلی رکعتین ثم لیقل یہہ اُنکا ادراج ہے اور لفظ حدیث نہیں پس اس سے بھی استدلال کرنا عموم استعمال پر اس دعا کے محض باطل ہے غرض توسل احیار سے جایز ہے نہ اموات سے چنانچہ شیخ الاسلام احمد بن عبدالحلیم نے صراط مستقیم میں کہا ہے فَعُلِمَ اَنَّ ذٰلِکَ التَّوَسُّلَ الَّذِیْ ذَکَرُوْہُ ھُوَ الْفِعْلُ بِالْاَحْیَارِ دُوْنَ الْاَمْوَاتِ وَالْمَیِّتُ لَا یُطْلَبُ مِنْہُ شَیْءٌ لَا دُعَاءٌ وَلَا غَیْرُہٗ کَذٰلِکَ حَدِیْثُ الْاَعْمٰی فَاِنَّہٗ طَلَبَ مِنَ النَّبِیِّ صلے اللہ علیہ وسلم اَنْ یَّدْعُوَ لَہُ لِاَنَّ اللّٰہَ عَلَیْہِ یُصَوِّبُ فِعْلَہُ النَّبِیُّ صلے اللہ علیہ وسلم دعا رد امرہ فیہ ان یسال اللہ قبول شفاعۃ نبیہ فہذا یدل علی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم شفع فیہ وامرہ ان یسال اللہ فیؤذن لشفاعتہ وان قولہ السائل واتوجہ بک بنبیک نبی الرحمۃ ای بدعائہ وشفاعتہ کما قال عمر انا نتوسل الیک بعم نبینا فلفظ التوسل والتوسل فی الحدیثین بمعنے واحد انتہے یعنے جو توسل حدیث میں مذکور ہے وہ توسل بالاحیار ہے نہ بالاموات ہے اور میت سے کچھہ طلب نہیں کیا جاتا نہ دعا نہ غیر اُسکا اور حدیث اعمی بھی اسی پر دال ہے کہ اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے طلب دعا کی یعنے حیات میں اور حضرت نے اُسکو دعا سکھائی اور اُسنے اللہ ہی سے مانگا کہ وہ اپنی نبی کے شفاعت قبول کرے اور اس سے صاف معلوم ہوا کہ حضرت نے اُسکی لئی شفاعت کی اور یہی قول حضرت عمر کا تھا کہ اُنہوں نے کہا ہم متوسل ہوتے ہیں اپنے نبی کے چچا کے ساتھ دیکھو حضرت عمر نے بابر عدم جواز توسل بالاموات کے حضرت کی بعد آپسے توسل نکیا اب اُن گورپرستوں کا قول جو اموات سے طلب حاجات کرتے ہیں حضرت عمر کے قول فعل کے آگے کیا اعتبار رکھتا ہے انتہے خلاصہ مافی صواعق الالٰہیہ قدیم وناضر **عن** عَمْرِو بْنِ عَبَسَۃَ اَنَّہٗ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَقْرَبُ مَا یَکُوْنُ الرَّبُّ مِنَ الْعَبْدِ فِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ الْاٰخِرِ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَکُوْنَ مِمَّنْ یَّذْکُرُ اللّٰہَ فِیْ تِلْکَ السَّاعَۃِ فَکُنْ **ترجمہ** روایت ہے عمرو بن عبسہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ بندہ بہت قریب ہوتا ہے اپنے رب سے تو آخر شب میں سو اگر تجھہ سی ہو سکے کہ اُسوقت ذاکران الٰہی میں ہو تو ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے **عن** عُمَارَۃَ بْنِ رُغَیْبَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ یَقُوْلُ اِنَّ عَبْدِیَ الَّذِیْ یَذْکُرُنِیْ وَھُوَ مُلَاقٍ قِرْنَہٗ یَعْنِیْ عِنْدَ الْقِتَالِ **ترجمہ** روایت ہے عمارہ بن رغیبہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ پورا بندہ میرا وہ ہے جو یاد کرے مجھکو اپنے برابر والی کے مقابلہ کے وقت یعنے لڑائی کے وقت جہاد میں **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور اسناد اُسکی قوی نہیں **عن** قَیْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَۃَ اَنَّ اَبَاہُ دَفَعَہٗ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَخْدُمُہٗ قَالَ فَمَرَّ بِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَدْ صَلَّیْتُ فَضَرَبَ بِرِجْلِہٖ وَقَالَ اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی بَابٍ مِّنْ اَبْوَابِ الْجَنَّۃِ قُلْتُ بَلٰی قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ **ترجمہ** روایت ہے قیس بن سعد سے کہ اُنکے باپنے اُنکو سپرد کر دیا تھا میں صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ آپکے خدمت کریں سو اُنہوں نے کہا کہ حضرت مجھپر گذرے اور مجھے اپنے پیر سے مارا اور فرمایا کہ بتا دوں تجھکو ایک دروازہ جنت کا میں نے کہا ہاں آپنے فرمایا لاحول ولاقوۃ الا باللہ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے **عن** ھَانِیِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اُمِّہٖ حُمَیْضَۃَ بِنْتِ یَاسِرٍ عَنْ جَدَّتِہَا لَیْلٰی وَکَانَتْ مِنَ الْمُھَاجِرَاتِ قَالَتْ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَیْکُنَّ بِالتَّسْبِیْحِ وَالتَّھْلِیْلِ وَالتَّقْدِیْسِ وَاعْقِدْنَ بِالْاَنَامِلِ فَاِنَّھُنَّ مَسْئُوْلَاتٌ مُسْتَنْطَقَاتٌ وَلَا تَغْفُلْنَ فَتُنْسَیْنَ الرَّحْمَۃَ **ترجمہ** اسمیں مذکور ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لازم پکڑو تم تسبیح اور تہلیل اور تقدیس کو اور گنو انگلیوں کے پوروں پر اسلئے کہ اُنسے سوال کیا جاویگا اور حکم ہوگا اُنکو بولنے کا یعنے قیامت کی دن اور غافل نہو کہ بھول جاؤ گے تم رحمت کو یعنے اسباب رحمت کو **ف** اس

اس حدیث کو نہیں جانتے ہم مگر روایت ہے ہانی بن عثمان کے اور روایت کیا اسکو محمد بن بشیر نے ہانی بن عثمان سے **عن** انس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا اغتاظ قال اللھم انت عضدی وانت نصیری وبک اقاتل **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب جہاد کرتے کہتے اللھم سے آخر تک یعنی یا اللہ تو میرا قوت بازو ہی اور اور تو ہی ہے میرا مددگار اور تیری مدد سے لڑتا ہوں میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عن** عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال خیر الدعاء یوم عرفۃ وخیر ما قلت انا والنبیون من قبلی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر **ترجمہ** بسند مذکور مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہتر دعا عرفہ کے دعا ہے اور بہتر قول میرا اور اگلے پیغمبروں کا لا الہ الا اللہ سے آخر تک ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور حماد بن ابی حمید کا نام مہیر ہے ابی حمید کے ہیں اور کنیت انکی ابو ابراہیم انصاری ہے اور وہ قوی نہیں محدثین کے نزدیک **باب** **عن** عمر بن الخطاب قال علمنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال قل اللھم اجعل سریرتی خیرا من علانیتی واجعل علانیتی صالحۃ اللھم انی اسألک من صالح ما تؤتی الناس من المال والاھل والولد غیر الضال ولا المضل **ترجمہ** روایت ہے عمر رضی اللہ عنہ سے کہ حضرت نے مجھ سے فرمایا کہ کہہ اللھم سے آخر تک یعنی یا اللہ میرا باطن ظاہر سے اچھا کردے اور ظاہر نیک کردے یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے بہتر اسمیں کا جو دیتا ہے تو لوگوں کو مال اور بیوی اور لڑکے کہ نہ خود گمراہ ہوں نہ کسیکو گمراہ کریں **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور اسناد اسکی قوی نہیں **عن** عاصم بن کلیب الجرمی عن ابیہ عن جدہ قال دخلت علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یصلی وقد وضع یدہ الیسری علی فخذہ الیسری ووضع یدہ الیمنی علی فخذہ الیمنی وقبض اصابعہ وبسط السبابۃ وھو یقول یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک **ترجمہ** بسند مذکور حضرت سی مروی ہے کہ آپ نماز میں بایاں ہاتھ بائیں ران پر اور دہنا ہاتھہ دہنی ران پر رکھکر انگلیوں کو بند کرکے اور انگشت کہولے کہتے تھے یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک یعنی اے پھیرنے والی میرا دل اپنے دین حق پر جما دے **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے **عن** محمد بن سالم قال ثنا ثابت البنانی قال قال لی یا محمد اذا اشتکیت فضع یدک حیث تشتکی ثم قل بسم اللہ اعوذ بعزۃ اللہ وقدرتہ من شر ما اجد من وجعی ھذا ثم ارفع یدک ثم اعد ذلک وترا فان انس بن مالک حدثنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدثہ بذلک **ترجمہ** روایت ہے محمد بن سالم سے وہ روایت کرتے ہیں ثابت سے کہ کہا انہوں نے مجھ سے کہ اے محمد جب درد ہو تجھکو تو ہاتھہ رکھہ جہاں درد ہو پھر کہہ بسم اللہ سے ہزار بار یعنی اللہ کے نام سے پناہ میں آتا ہوں اسکے عزت اور قدرت کے اس درد کے شر سے جو میرا ہے پھر اٹھا لے اپنا ہاتھہ پھر ایسا ہی کر طاق عدد یعنے تین بار یا پانچ بار یا سات بار اسلئے کہ انس بن مالک نے روایت کی مجھ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اُنسے ایسا ہی بیان فرمایا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **عن** ام سلمۃ قالت علمنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال قولی اللھم ھذا اقبال لیلک واستدبار نھارک واصوات دعائک وحضور صلواتک اسألک ان تغفر لی **ترجمہ** روایت ہے ام سلمہ سے کہ انہوں نے کہا سکھائی مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ یہ تیرے رات کے آنیکا وقت ہے اور دن کے جانیکا اور تیرے پکارنیوالوں کی آواز کا اور تیرے نمازوں کے حاضر ہونیکا سو میں سائل ہوں تیرے مغفرت کا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور حفصہ بنت سلیط کثیر کو ہم نہیں جانتے نہ انکے باپ کو **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما قال عبد لا الہ الا اللہ قط مخلصا الا فتحت لہ ابواب السماء حتی تفضی الی العرش ما اجتنب الکبائر **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو بندہ لا الہ الا اللہ کہتا ہے خالص دل سے کہولدیے جاتے ہیں اُسکے لئے دروازے آسمان کے یہانتک کہ پہونچتا ہے عرش تک اور یہ چرچا کلمہ کا جب ہی تک ہے کہ کبائر سے بچتا رہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **عن** زیاد بن علاقۃ عن عمہ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللھم انی اعوذ بک من منکرات الاخلاق والاعمال والاھواء **ترجمہ** بسند مذکور مروی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم یہ دعا پڑھتے تھے یا اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تجھسے بری عادتوں اور برے عملوں اور بری خواہشوں سے **ف** یہ حدیث غریب ہے اور زیاد بن علاقہ کے چچا کا نام قطبہ بن مالک ہے اور وہ صحابی ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے **عن** ابن عمر قال بینا نحن نصلی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذ قال رجل من القوم اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من القائل کذا وکذا فقال رجل من القوم انا یا رسول اللہ قال عجبت لھا فتحت لھا ابواب السماء قال ابن عمر ما ترکتھن منذ سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ ایکبار ہم نماز پڑھتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک شخص نے کہا اللہ اکبر سے اصیلا تک یعنے اللہ بڑی بڑائی والا ہے اور اسیکو ہی سا

تعریف اور بہت پاکی ہے صبح اور شام سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ سنے یہ کلمہ ایک شخص نے عرض کے میں نے یا رسول اللہ آپ نے فرمایا تعجب ہوا مجھکو کہ اُس کلمہ کے لئے آسمان کے دروازے کھولی گئی ابن عمر نے کہا جب سے میں نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث سنا ہے نہیں چھوڑا میں نے وہ کلمہ **ف** یہ حدیث غریب ہے حسن ہے صحیح ہے اس سند سے اور حجاج بن ابی عثمان وہ حجاج بن میسرہ صواف ہیں اور کنیت اُنکی ابو الصلت ہے اور وہ ثقہ ہیں محدثین کے نزدیک **عَنْ** اَبِی ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَادَہٗ اَوْ اَنَّ اَبَا ذَرٍّ عَادَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَیُّ الْکَلَامِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ فَقَالَ مَا اصْطَفَاہُ اللّٰہُ لِمَلَائِکَتِہٖ سُبْحَانَ رَبِّیْ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ رَبِّیْ وَبِحَمْدِہٖ **ترجمہ** روایت ہے ابی ذر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عیادت کی ابو ذر کے یا اُنہوں نے آنحضرت کے اور کہا ابو ذر نے میرے ان باپ تم پر فدا ہوں اے رسول اللہ کے کونسا کلام اللہ کو بہت پیارا ہے فرمایا جو پسند کیا اللہ نے اپنے فرشتوں کے لئے سبحان ربی وبحمدہ یعنے پاک ہے رب میرا اور تعریف اُسکو ہے **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلدُّعَآءُ لَا یُرَدُّ بَیْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَۃِ قَالُوْا فَمَاذَا نَقُوْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ سَلُوا اللّٰہَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا رد نہیں ہوتی اذان اور تکبیر کے درمیان تو عرض کے لوگوں نے پھر کیا کہیں ہم اُسوقت فرمایا آپنے مانگو اللہ سے عافیت دنیا اور آخرت میں **ف** یہ حدیث حسن ہے اور زیادہ کی یحیی بن ہے اس حدیث میں یہ عبارت کہ کہا اُنہوں نے کیا کہیں ہم فرمایا آپنے مانگو اللہ سے عافیت دنیا اور آخرت میں روایت کی ہے محمود بن غیلان نے اُنہوں نے وکیع اور عبد الرزاق سے اور احمد اور نعیم سے اُنہوں نے سفیان سے اُنہوں نے زیاد سے اُنہوں نے معاویہ سے اُنہوں نے انس سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے دعا رد نہیں کیجاتی یعنے ضرور قبول ہوتی ہے اذان اور تکبیر کے بیچ میں اور ایسی ہے روایت کے ابو اسحق ہمدانی نے یہ حدیث بریدہ بن ابی مریم نے انس سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اسکے اور یہ صحیح ہے **بَابٌ عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ قَالَ الْمُسْتَھْتَرُوْنَ فِیْ ذِکْرِ اللّٰہِ یَضَعُ الذِّکْرُ عَنْھُمْ اَثْقَالَھُمْ فَیَاْتُوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ خِفَافًا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آگے بڑھ گئے ہلکے لوگ عرض کے کہ کون ہلکے لوگ فرمایا جو ذکر الٰہی میں ڈوبے ہوئے ہیں کہ اُنسے بوجھ گناہوں کے اُتار دیتا ہے اور وہ قیامت کے دن آوینگے ہلکے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَاَنْ اَقُوْلَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَیْہِ الشَّمْسُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر میں کہوں سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر تو مجھے پیارا ہے اُن سب چیزوں سے جنپر آفتاب نکلتا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَۃٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُھُمُ الصَّآئِمُ حَتّٰی یُفْطِرَ وَالْاِمَامُ الْعَادِلُ وَدَعْوَۃُ الْمَظْلُوْمِ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ فَوْقَ الْغَمَامِ وَیُفَتِّحُ لَھَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ وَیَقُوْلُ الرَّبُّ وَعِزَّتِیْ لَاَنْصُرَنَّکَ وَلَوْ بَعْدَ حِیْنٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تین شخصوں کی دعا ہرگز رد نہیں ہوتی ایک روزہ دار کی جب افطار کرتا ہے دوسرے امام عادل کے تیسرے مظلوم کے اللہ تعالیٰ مظلوم کے دعا کو ابر کے اوپر اُٹھا لیتا ہے اور اُسکے لئے دروازے کھولدئے جاتے ہیں اور فرماتا ہے پروردگار کہ قسم ہے میرے عزت کے میں تیرے مدد کرونگا اگرچہ ایک مدت کے بعد ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے اور سعدان فمی وہ سعدان بن بشیر ہیں اور روایت کی اُنسے عیسے بن یونس نے اور ابو عاصم وغیرہ نے بڑے لوگوں نے محدثین کے اور ابو مجاہد کا نام سعد طائی ہے اور کنیت اُنکی ابو بدر ہے وہ مولی ہیں ام المؤمنین حضرت عائشہ رضے اللہ عنہا کے اور ہم اُنکو اسی حدیث سے جانتے ہیں اور مروی ہے اُنسے یہی حدیث بہت طول کے ساتھ اور پوری **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ وَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ حَالِ اَھْلِ النَّارِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ نفع دے مجھکو اُس چیز سے جو تو نے مجھے سکھائی یعنے اُسپر عمل نصیب کرا اور سکھا مجھکو وہ چیز جو نفع دے اور زیادہ کر یہ علم سب تعریف اللہ کو ہے ہر حال میں اور پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کے ساتھ دوزخیوں کے حال سے **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے **عَنْ** اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰہِ مَلَآئِکَۃً سَیَّاحِیْنَ فِی الْاَرْضِ فُضُوْلًا عَنْ کُتَّابِ النَّاسِ فَاِذَا وَجَدُوْا اَقْوَامًا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ تَنَادَوْا ھَلُمُّوْا اِلٰی بُغْیَتِکُمْ فَیَحُفُّوْنَ بِھِمْ اِلَی السَّمَآءِ الدُّنْیَا فَیَقُوْلُ اللّٰہُ اَیْ شَیْءٍ تَرَکْتُمْ عِبَادِیْ یَصْنَعُوْنَ فَیَقُوْلُوْنَ تَرَکْنَاھُمْ یَحْمَدُوْنَکَ وَیُمَجِّدُوْنَکَ وَیَذْکُرُوْنَکَ قَالَ فَیَقُوْلُ ھَلْ رَاَوْنِیْ قَالَ فَیَقُوْلُوْنَ لَا قَالَ فَیَقُوْلُ فَکَیْفَ لَوْ رَاَوْنِیْ قَالَ فَیَقُوْلُوْنَ لَوْ رَاَوْکَ لَکَانُوْا

اَشَدَّ تَحْمِيدًا وَاَشَدَّ تَهْلِيلًا وَاَشَدَّ تَمْجِيدًا وَاَشَدَّ لَكَ ذِكْرًا قَالَ فَيَقُولُ وَاَيُّ شَيْءٍ يَطْلُبُونَ قَالَ يَقُولُونَ يَطْلُبُونَ الْجَنَّةَ قَالَ فَيَقُولُ فَهَلْ رَاَوْهَا فَيَقُولُونَ لَا قَالَ فَيَقُولُ فَكَيْفَ لَوْ رَاَوْهَا قَالَ فَيَقُولُونَ لَوْ رَاَوْهَا كَانُوا اَشَدَّ لَهَا طَلَبًا وَاَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا قَالَ فَيَقُولُ فَمِنْ اَيِّ شَيْءٍ يَتَعَوَّذُونَ قَالُوا يَتَعَوَّذُونَ مِنَ النَّارِ قَالَ فَيَقُولُ فَهَلْ رَاَوْهَا فَيَقُولُونَ لَا قَالَ فَيَقُولُ فَكَيْفَ لَوْ رَاَوْهَا فَيَقُولُونَ لَوْ رَاَوْهَا كَانُوا اَشَدَّ مِنْهَا هَرَبًا وَاَشَدَّ مِنْهَا خَوْفًا وَاَشَدَّ مِنْهَا تَعَوُّذًا قَالَ فَيَقُولُ فَاِنِّي اُشْهِدُكُمْ اَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ فَيَقُولُ مَلَكٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ فِيهِمْ فُلَانٌ لَيْسَ مِنْهُمْ اِنَّمَا جَاءَ لِحَاجَةٍ فَيَقُولُ هُمُ الْقَوْمُ لَا يَشْقَى بِهِمْ جَلِيسُهُمْ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ہیں زمین میں سیر کرنیوالی نامۂ اعمال لکھنے والوں کے سوا کہ جب وہ کسی قوم کو پاتے ہیں اللہ کے ذکر میں ایکدوسرے کو پکارتے ہیں کہ آؤ اپنے مقصود کی طرف کہ وہ آلے جاتے ہیں اور انکو ڈھانپ لیتے ہیں آسمان دنیا تک سو فرماتا ہے اللہ تعالیٰ کسکام میں چھوڑا تمنے میرے بندوں کو وہ کہتے ہیں جب میں نے انکو چھوڑا تو وہ تیری تعریف کرتے تھے اور تیری بزرگی بولتے تھے اور تجھے یاد کر رہے تھے پھر اللہ فرماتا ہے کہ کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے وہ عرض کرتے ہیں نہیں اللہ فرماتا ہے کیسا ہو جو وہ مجھے دیکھیں فرشتے عرض کرتے ہیں اگر وہ تجھے دیکھیں تو اور بھی زیادہ تیری تعریف اور بزرگی بیان کریں اور زیادہ تجھے یاد کریں پھر اللہ فرماتا ہے کہ وہ مجھ سے کیا مانگتے ہیں فرشتے عرض کرتے ہیں مانگتے ہیں وہ جنت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا جنت انہوں نے دیکھی ہے وہ عرض کرتے ہیں نہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر دیکھیں وہ جنت کو وہ عرض کرتے ہیں اگر وہ جنت کو دیکھیں تو اور زیادہ طالب اور حرص کریں پھر فرماتا ہے اللہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں وہ کہتے ہیں وہ دوزخ سے اللہ فرماتا ہے کیا دوزخ انہوں نے دیکھی ہے وہ عرض کرتے ہیں کہ نہیں اللہ فرماتا ہے اگر دوزخ کو دیکھیں تو کیا ہو وہ عرض کرتے ہیں کہ اگر دوزخ کو دیکھیں تو اور زیادہ بھاگیں اور ڈریں پناہ مانگیں اس سے پھر اللہ فرماتا ہے میں تمکو گواہ کرتا ہوں کہ میں بخشدیا انکو پھر وہ کہتی ہیں کہ ایک شخص انمیں یونہی آگیا یعنی کسی ضرورت کیلئے تھا انکو دیکھکر بیٹھ گیا خاص انکے لئے کو نہیں آیا اللہ فرماتا ہے وہ لوگ ایسی ہیں کہ انکی ساتھ بیٹھنے والا بھی محروم نہیں رہتا یعنی وہ بھی بخشا گیا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح اور مرسل ہوئی یہ ابوہریرہ سے اس سند کی سوا اور سند سے بھی

**عن** اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثِرْ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ قَالَ مَكْحُولٌ فَمَنْ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَمْ يُصِبْهُ فَقْرٌ وَلَا مَسْكَنَةٌ وَكُشِفَ عَنْهُ سَبْعُونَ بَابًا مِنَ الضُّرِّ اَدْنَاهُنَّ الْفَقْرُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ اُسنے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لاحول ولاقوۃ الا باللہ بہت کہا کرا مجھے کہ وہ جنت کے خزانے سے ہے مکحول نے کہا جو یہ کلمہ کہتا ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ ولا منجا من اللہ الا الیہ دور کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اُس سے ستر طرح کے ضرر کو کہ ادنے اُسکا متحاجی ہے **ف** اس حدیث کی اسناد متصل نہیں اسلئے کہ مکحول کو سماع نہیں ابوہریرہ سے یعنے جمیں کوئی راوی چھوٹ گیا ہے

**عن** اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ وَاِنِّي اخْتَبَاْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِاُمَّتِي وَهِيَ نَائِلَةٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ مَنْ مَاتَ مِنْهُمْ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر نبی کے ایک دعا مقبول ہے اور میں نے اپنے دعا اُٹھا رکھے ہے اپنی امت کی شفاعت کے لیے اور وہ انکو پہنچنے والی ہے انشاء اللہ تعالیٰ جو انمیں سے مریگا کہ نہ شریک کیا ہوگا اُسنے اللہ کے ساتھ کسیکو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے

**عن** اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَى اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي وَاَنَا مَعَهُ حِينَ يَذْكُرُنِي فَاِنْ ذَكَرَنِي فِي نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِي نَفْسِي وَاِنْ ذَكَرَنِي فِي مَلَاٍ ذَكَرْتُهُ فِي مَلَاٍ خَيْرٍ مِنْهُمْ وَاِنِ اقْتَرَبَ اِلَيَّ شِبْرًا اقْتَرَبْتُ مِنْهُ ذِرَاعًا وَاِنِ اقْتَرَبَ اِلَيَّ ذِرَاعًا اقْتَرَبْتُ اِلَيْهِ بَاعًا وَاِنْ اَتَانِي يَمْشِي اَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں اور میں اُسکے ساتھ ہوں جب مجھے یاد کرے اگر یاد کرے مجھے اپنے دل میں میں بھی اُسکو یاد کرتا ہوں اپنے دل میں اور اگر یاد کرتا ہے مجھے ایک جماعت میں تو میں بھی یاد کرتا ہوں اُسکو اُس جماعت میں جو اُس سے بہتر ہے یعنے فرشتوں کی جماعت میں اور اگر آتا ہے میری طرف ایک بالشت آوے تو میں اُسکے طرف ایک ہاتھ آتا ہوں اور اگر کوئی میری طرف ایک ہاتھ آوے تو میں اُسکی طرف ایک باہ آتا ہوں اور اگر میری طرف چلتا ہوا آوے تو میں اُسکے طرف دوڑتا ہوا آتا ہوں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مرسل ہے اعمش سے اس حدیث کے تفسیر میں کہ یہ جو فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ جو میرے طرف ایک بالشت آتا ہے میں اُسکی طرف ایک ہاتھ آتا ہوں مراد اُس سے یہ ہے کہ مغفرت اور رحمت اپنے اُسکی ساتھ کر دیتا ہوں اور یہی تفسیر کی ہے بعض علمائے محدثین نے کہ کہا ہے انہوں نے کہ مراد اُس سے یہ ہے کہ جب بندہ اللہ کی طرف اُسکی اطاعت اور فرمانبرداری سے تقرب ڈھونڈتا ہے، اُسکے ساتھ توفیق اور احکام کو بجا لانے سے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھی رحمت اور مغفرت نازل ہوتی ہے **مترجم** غفرلہ مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کہتے اس تفسیر سے روکا ہے

مذہب باطل جہمیہ لہیبہ کا کہ وہ فرقہ نماریہ ضالہ وہمیہ کا اعتقاد رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر جگہہ میں ہے اور ایسی روایات متشابہات کو استدلال کے لئے پیش کرتا ہے حالانکہ یہہ روایت خود اُنکے عقاید فاسدہ کے رد کو کافی ہے اسلئے کہ اگر بالفرض موافق اُنکے عقیدہ کے اللہ تعالیٰ بذات مقدس خود ہر جگہہ موجود ہوتا تو تفاوت عباد کا اُسکے قرب میں مخفر باطل تھا بلکہ دوری اُس سے محال تھی اور طلب اُسکے قرب کے محض تحصیل حاصل تھی اور جب قرب ہو نا بندہ کا اللہ سے بجز اطاعت اور فرمانبرداری کے اور کچھہ نہیں ہے تو قریب ہونا اللہ کا بھی سوا قبول طاعت اور اثبات اجر اور عفو اور مغفرت کے اور کچھہ نہیں ہے غرض مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے جو تاویل اور تفسیر اسکی ذکر کی ہے وہی صحیح اور احق بالقبول ہے وبہ نستعین وعلیہ التکلان **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ اِسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ اِسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگو اللہ سے عذاب جہنم سے اور عذاب قبر سے اور فتنہ مسیح دجال سے اور فتنہ سے زندگی اور موت کے **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُمْسِيْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ لَمْ يَضُرَّهُ حُمَةُ تِلْكَ اللَّيْلَةِ قَالَ سُهَيْلٌ فَكَانَ اَهْلُنَا تَعَلَّمُوْهَا فَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَهَا كُلَّ لَيْلَةٍ فَلُدِغَتْ جَارِيَةٌ مِنْهُمْ فَلَمْ تَجِدْ لَهَا وَجَعًا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا ہے صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شام کو تین بار کہے اعوذ سے ماتمر تک پہنے پناہ مانگتا ہوں میں اُسکے کلمات کے وسیلہ سے اُسکی مخلوقات کے شر سے تو ضرر نہ کریگا اُسکو اُس رات میں کوئی زہریلا نے کہا ہمارے گھر والے یہہ کلمہ روز کہا کرتے تھے سو ایک رات کسی کو ہم میں سے کیسنے کاٹ کھایا سو اُسکو بالکل درد نہ ہوا **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیا ہے مالک نے یہہ حدیث سہیل بن ابی صالح سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کیا عبید اللہ بن عمر وغیرہ اور کئی لوگوں نے یہ حدیث سہیل سے اور نہیں ذکر کیا اُنہوں نے ابو ہریرہ کا **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اَحْفَظَنِیْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَدَعُهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ اَعْظُمُ شُكْرَكَ وَاَكْثُرُ ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نَصِيْحَتَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا اُنہوں نے مجھ کو نہیں چھوڑوں گا ایک دعا جو سیکھے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اور وہ اللہم سے آخر تک ہے یعنے یا اللہ مجھے ایسی توفیق دے کہ میں تیرا بڑا شکر بجا لاؤں اور تیرا ذکر بہت کروں اور تیرے نصیحت کے بعد اری کروں اور یاد رکھوں تیرے وصیت کو **ف** یہ حدیث غریب ہے **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ رَجُلٍ يَدْعُوْ اللّٰهَ بِدُعَاءٍ اِلَّا اسْتُجِيْبَ لَهٗ فَاِمَّا اَنْ يُعَجِّلَ لَهٗ فِی الدُّنْيَا وَاِمَّا اَنْ يَدَّخِرَ لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ وَاِمَّا اَنْ يُكَفِّرَ عَنْهُ مِنْ ذُنُوْبِهٖ بِقَدْرِ مَا دَعَا مَا لَمْ يَدْعُ بِاِثْمٍ اَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ اَوْ يَسْتَعْجِلْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَسْتَعْجِلُ قَالَ يَقُوْلُ دَعَوْتُ رَبِّیْ فَمَا اسْتَجَابَ لِیْ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی آدمی ایسا نہیں کہ اللہ سے کوئی دعا کرے اور قبول نہ ہو یعنے ہر دعا قبول ہوتی ہے سو دنیا میں اُسکو ملجاتی ہے یا آخرت میں اُسکے لئے ذخیرہ رہتے ہی یا کفارہ ہوجاتی ہے اُسکے گناہوں کا موافق اُسکے جتنے دعا کی ہو اُسنے اور یہ وہاں تک ہے کہ کسے گناہ کی لئی دعا کرے یا قطع رحم کے لئے اور جلدی نکرے اُسکے قبول ہونیمیں لوگوں نے عرض کی کہ جلدی کیسی رسول اللہ فرمایا جلدی یہ ہے کہ آدمی کہے یا اللہ میں نے دعا کی اور تو نے قبول نہ کی **ف** یہ حدیث غریب ہے اور سند سے **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يَرُدَّهُمَا وَاَرْبُطُهُ يَسْاَلُ اللّٰهَ مَسْاَلَةً اِلَّا اَتَاهَا اِيَّاهُ مَا لَمْ يَعْجَلْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يَعْجَلُ قَالَ يَقُوْلُ قَدْ سَاَلْتُ وَسَاَلْتُ فَلَمْ اُعْطَ شَيْئًا **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی بندہ ایسا نہیں جو بلند کرے اپنے ہاتھ یہاں تک کہ کھل جائے بغل اُسکے اور یہ کہ مانگے اللہ سے کوئی چیز مگر دیتا ہے اُسکو اللہ تعالیٰ جب تک وہ جلدی نکرے لوگوں نے عرض کی یا رسول اللہ جلدی کیسے آپنے فرمایا آدمی کہتا ہے کہ میں نے بہت مانگا میں نے بہت مانگا اور مجھے کچھہ نہ ملا **ف** روایت کیا ہے یہہ حدیث زہری نے ابی عبید سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے مقبول ہے دعا تم میں سے ہر ایک کے جب تک کہ جلدی نکرے اور یہ نہ کہے کہ میں نے دعا کی اور قبول نہوئی **عن** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ حُسْنَ الظَّنِّ بِاللّٰهِ مِنْ حُسْنِ عِبَادَةِ اللّٰهِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ حسن ظن اللہ کے ساتھہ عمدہ عبادت ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حسن ظن یعنے نیک گمان رکھنا ہے ایک عبادت ہے ہر بندہ کو چاہئے کہ اللہ سے نیک گمان رکھے اور مغفرت اور نجات کے ساتھہ ہمیشہ اپنا دامن مہر کھے کیونکہ اُسکی رحمت سے کفر ہے مگر اُسکے ساتھہ ہی بجا لانا طاعات کا اور احتراز معاصی سے ضرور ہے اسلئے کہ ظن نام ہے نہ جانب مرجوح کا اور ایمان میں الخوف والرجا ہے اور جسنے اصلاح عقائد کی اور توحید کو بخوبی حاصل کیا وہ حسن ظن اللہ سے نہیں

نہیں رکھ سکتا اسلئے کہ حسن ظن اللہ سے شعبہ ہے اسکی معرفت کا اور جو معرفت و توحید سے محروم ہے، وہ حسن ظن سے محروم ہے، پھر جب عقاید صالحہ حاصل نہیں ہے تو اعمال میں اسکے اگر قصور رہتا ہے تو بھی امید مغفرت ہے **عَنْ** اَبِیْ سَلَمَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیَنْظُرَنَّ اَحَدُکُمْ مَا الَّذِیْ یَتَمَنّٰی فَاِنَّہٗ لَا یَدْرِیْ مَا یُکْتَبُ لَہٗ مِنْ اُمْنِیَّتِہٖ **ترجمہ** روایت ہے ابی سلمہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ چاہئے کہ نظر کرتا رہے ایک تم میں کا کہ کیا آرزو کرتا ہے اسلئے کہ وہ نہیں جانتا کہ کیا لکھا جاتا ہے اسکی آرزوؤں میں سے یعنے ہمیشہ نیک خیال اور نیک آرزو کرنا ضرور ہے کہ وبال آخرت کا سبب نہو **ف** یہ حدیث حسن ہے **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدْعُوْا فَیَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَاجْعَلْھُمَا الْوَارِثَ مِنِّیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ یَظْلِمُنِیْ وَخُذْ مِنْہُ بِثَارِیْ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ جب صلے اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے اللھم سے آخر تک یعنے یا اللہ برخورداری دے مجھے میرے آنکھ اور کان سے اور اُن دونوں کو میرا وارث کردے یعنے باقی رکھ انکو جب تک میں جیوں یا اُنسے ایسی عمل ہوں کہ وہ آخرت میں کام آویں اور ہمیشہ باقی رہیں اور مدد کر میرے اُس شخص پر جو مجھ پر ظلم کرے اور لے میرا بدلا اُس سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **عَنْ** اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِیَسْاَلْ اَحَدُکُمْ رَبَّہٗ حَاجَتَہٗ کُلَّھَا حَتّٰی یَسْاَلَ شِسْعَ نَعْلِہٖ اِذَا انْقَطَعَ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے چاہئے کہ مانگا کرے ہر شخص تم میں کا اپنے رب سے اپنے سب حاجتیں یہانتک کہ تسمہ اپنے چپل کا بھی اگر ٹوٹ جائے **ف** یہ حدیث غریب ہے اور روایت کیے کئی لوگوں نے یہ حدیث جعفر بن سلیمان سے انہوں نے ثابت بنانی سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور نام نہ لیا انہوں نے سند میں انس رضی اللہ عنہ کا چنانچہ روایت کیے ہمسے صالح بن عبداللہ نے انہوں نے جعفر بن سلیمان سے انہوں نے ثابت بنانی سے انہوں نے صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے چاہئے کہ مانگے ہر کوئی تم میں کا اپنے سب حاجتیں اپنے رب سے یہانتک کہ مانگے اُس سے نمک اور مانگے اُسی سے تسمہ اپنے چپل کا جب ٹوٹ جائے اور یہ روایت صحیح ہے نظر کے روایت سے جو انہوں نے جعفر بن سلیمان کے روایت کے یعنے جو اوپر مذکور ہوئی

## اَبْوَابُ الْمَنَاقِبِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یہ باب ہیں مناقب کے جو مروی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے

## بَابُ مَا جَاءَ فِیْ فَضْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ باب فضیلت میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے

**عَنْ** وَاثِلَۃَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰی مِنْ وُلْدِ اِبْرٰھِیْمَ اِسْمٰعِیْلَ وَاصْطَفٰی مِنْ وُلْدِ اِسْمٰعِیْلَ بَنِیْ کِنَانَۃَ وَاصْطَفٰی مِنْ بَنِیْ کِنَانَۃَ قُرَیْشًا وَاصْطَفٰی مِنْ قُرَیْشٍ بَنِیْ ھَاشِمٍ وَاصْطَفَانِیْ مِنْ بَنِیْ ھَاشِمٍ **ترجمہ** روایت ہے واثلہ بن اسقع سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالے نے چن لیا اولاد ابراہیم سے اسمٰعیل کو اور اُنسے بنی کنانہ کو اور اُنمیں سے قریش کو اور اُنمیں سے بنی ہاشم کو اور اُنمیں سے مجھکو یعنے آپ خلاصہ موجودات اور اشرف اولاد ابراہیم میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنِ** الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ قُرَیْشًا جَلَسُوْا فَتَذَاکَرُوْا اَحْسَابَھُمْ بَیْنَھُمْ فَجَعَلُوْا مَثَلَکَ مَثَلَ نَخْلَۃٍ فِیْ کَبْوَۃٍ مِنَ الْاَرْضِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ الْخَلْقَ فَجَعَلَنِیْ مِنْ خَیْرِ فِرَقِھِمْ وَخَیْرِ الْفَرِیْقَیْنِ ثُمَّ خَیَّرَ الْقَبَائِلَ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِ الْقَبِیْلَۃِ ثُمَّ خَیَّرَ الْبُیُوْتَ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِ بُیُوْتِھِمْ فَاَنَا خَیْرُھُمْ نَفْسًا وَخَیْرُھُمْ بَیْتًا **ترجمہ** روایت ہے عباس بن عبدالمطلب سے انہوں نے کہا عرض کیا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ قریش بیٹھکر اپنے حسب کا ذکر کرنے لگے تو آپکی ایسے درخت سے مثال دی جو گھورے پر ہو سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالے نے پیدا کیا سارے مخلوق کو اور مجھے اُن سب گروہوں سے اچھے گروہ میں پیدا کیا اور پسند کیا دو گروہوں کو یعنے اولاد اسحٰق اور اولاد اسمٰعیل کو پھر بہتر قبیلوں سے اور مجھے بہتر قبیلہ میں کیا پھر بہتر گھر و مکو اور مجھے سب گھروں سے بہتر گھر میں کیا سو میں اُن سب کے ذات میں بھی بہتر ہوں اور گھرانے میں بھی **ف** یہ حدیث حسن ہے اور عبداللہ حارث کے بیٹے میں وہ نوفل کے **عَنِ** الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِیْ وَدَاعَۃَ قَالَ جَاءَ الْعَبَّاسُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَاَنَّہٗ سَمِعَ شَیْئًا فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَقَالَ مَنْ اَنَا فَقَالُوْا اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ السَّلَامُ قَالَ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ الْخَلْقَ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ ثُمَّ جَعَلَھُمْ فِرْقَتَیْنِ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ فِرْقَۃً ثُمَّ جَعَلَ لَھُمْ قَبَائِلَ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ قَبِیْلَۃً ثُمَّ جَعَلَھُمْ بُیُوْتًا فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ بَیْتًا وَخَیْرِھِمْ نَفْسًا **ترجمہ** روایت ہے مطلب بن وداعہ سے کہ عباس آئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس گویا وہ کچھ سنکر آئے تھے یعنے قریش وغیرہ سے سو کھڑے ہوئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر اور فرمایا کہ میں کون ہوں لوگوں نے عرض کی کہ آپ رسول ہیں اللہ کے سلام ہے آپ پر فرمایا آپنے کہ میں محمد بیٹا ہوں عبداللہ کا وہ بیٹے ہیں عبدالمطلب کے اور اللہ نے ساری مخلوق کو پیدا کیا اور اُنکے اچھے لوگوں میں سے مجھے پیدا کیا پھر اُنکے دو گروہ کئے سو مجھے بہتر گروہ سے نکالا پھر اُنکے کئی قبیلے کئے اور مجھے بہتر قبیلے سے پیدا کیا پھر اُنکے کئی گھر کئے اور مجھے بہتر گھر میں پیدا کیا

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی فضیلت

اور بہتیروں نے روایت کیا سفیان ثوری نے یزید بن ابی زیاد سے اس حدیث کی مانند جو اسمٰعیل بن ابی خالد سے مروی ہوئی اور انہوں نے یزید بن ابی زیاد سے روایت کیا انہوں نے عبداللہ بن حارث سے انہوں نے عباس بن عبدالمطلب سے یعنے جو اوپر مذکور ہوئی **عَنْ** وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى كِنَانَةَ مِنْ وُلْدِ اِسْمٰعِيْلَ وَاصْطَفٰى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ وَاصْطَفٰى هَاشِمًا مِنْ قُرَيْشٍ وَاصْطَفَانِيْ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ **ترجمہ** اسکا پوتا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَتٰى وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةُ قَالَ وَاٰدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا لوگوں نے جنابِ رسالت صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ کب واجب ہوئی آپ پر نبوت آپنے فرمایا جب آدم کی جسد اور روح طیار ہو رہی تھی **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے ابی ہریرہ کے روایت سے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوَّلُ النَّاسِ خُرُوْجًا اِذَا بُعِثُوْا وَاَنَا خَطِيْبُهُمْ اِذَا وَفَدُوْا وَاَنَا مُبَشِّرُهُمْ اِذَا يَئِسُوْا لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَئِذٍ بِيَدِيْ وَاَنَا اَكْرَمُ وُلْدِ اٰدَمَ عَلٰى رَبِّيْ وَلَا فَخْرَ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میں سب سے پہلے نکلنے والا ہوں گا قبر سے اور میں خطیب انکا جب وہ اللہ کے درگاہ میں حاضر ہونگے اور میں خوشخبری سنانے والا ہوں انکو جب وہ ناامید ہوں گے حمد الٰہی کا نیزہ قیامت میں میرے ہاتھ میں ہوگا اور میں ساری اولاد آدم سے بہتر ہوں اللہ کے نزدیک اور کچھ فخر نہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ فَاُكْسٰى حُلَّةً مِنْ حُلَلِ الْجَنَّةِ ثُمَّ اَقُوْمُ عَنْ يَمِيْنِ الْعَرْشِ لَيْسَ اَحَدٌ مِنَ الْخَلَائِقِ يَقُوْمُ مَقَامِيْ غَيْرِيْ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میں پہلے ہوں گا جنکے قبر سے جانیگی اور پہنایا جاویگا مجھے ایک جوڑا جنت کے جوڑوں سے پھر کھڑا ہونگا میں عرش کے داہنی طرف کوئی وہاں کھڑا نہ ہو سکیگا سوا میرے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے **بَابُ** **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلُوا اللّٰهَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْوَسِيْلَةُ قَالَ عَلٰى دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ لَا يَنَالُهَا اِلَّا رَجُلٌ وَاَرْجُوْ اَنْ اَكُوْنَ اَنَا هُوَ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مانگو اللہ تعالٰے سے میرے لئے وسیلہ لوگوں نے عرض کیا وسیلہ کیا چیز ہے آپنے فرمایا ایک درجہ ہے جنت میں کہ نہ ملیگا وہ کسیکو مگر ایک شخص کو اور امید رکھتا ہوں کہ وہ میں ہی ہوں **ف** یہ حدیث غریب ہے اور کعب جو اسکے سند میں ہیں وہ مشہور شخص نہیں اور ہم کسیکو نہیں جانتے کہ اُنسے روایت کیے ہو سوا لیث بن ابی سلیم کے **عَنْ** اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلِيْ فِي النَّبِيِّيْنَ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنٰى دَارًا فَاَحْسَنَهَا وَاَجْمَلَهَا وَاَكْمَلَهَا وَتَرَكَ مِنْهَا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوْفُوْنَ بِالْبِنَاءِ وَيَعْجَبُوْنَ مِنْهُ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَا مَوْضِعُ تِلْكَ اللَّبِنَةِ وَاَنَا فِي النَّبِيِّيْنَ مَوْضِعُ تِلْكَ اللَّبِنَةِ وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ كُنْتُ اِمَامَ النَّبِيِّيْنَ وَخَطِيْبَهُمْ وَصَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ غَيْرَ فَخْرٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی بن کعب سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میری شان پیغمبروں میں ایسی ہے کہ جیسے کسی نے ایک محل بہت خوبصورت اچھا اور پورا بنایا اور اُسمیں ایک اینٹ کی جگہہ چھوڑ دی اور لوگ اُسمیں پھرتے تھے اور تعجب کرتے تھے اُسکی خوبی کو دیکھکر اور کہتے تھے کاش کے یہ جگہہ ایک اینٹ کی بھی پوری ہو جاتی پس میں پیغمبروں میں ایسا ہوں اور اسی سند سے مروی ہے کہ آپنے فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا میں امام ہونگا پیغمبروں کا اور ہونگا خطیب اور صاحب شفاعت انکا اور کچھ فخر نہیں یعنے باب شفاعت اول میں ہے کہونگا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **عَنْ** اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا فَخْرَ وَبِيَدِيْ لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ اٰدَمُ فَمَنْ سِوَاهُ اِلَّا تَحْتَ لِوَائِيْ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَلَا فَخْرَ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میں سردار ہوں اولاد آدم کا قیامت کے دن اور کچھ فخر نہیں اور میرے ہاتھ میں ہے نیزہ حمد الٰہی کا اور کچھ فخر نہیں اور کوئی نبی نہیں اُسدن آدم ہو خواہ اُنکے سوا مگر وہ میرے نیچے ہوگا اور پہلے میرے لئے زمین شق ہوگی اور کچھ فخر نہیں یعنے سب اظہار ہے اللہ کے فضل کا اور یہ بیان فخر نہیں کہ اپنی بڑائی منظور ہو اور اس حدیث میں ایک قصہ ہے **ف** اور یہ حدیث حسن ہے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا يَقُوْلُ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّهٗ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا ثُمَّ سَلُوا لِيَ الْوَسِيْلَةَ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِي الْجَنَّةِ لَا تَنْبَغِيْ اِلَّا لِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ وَاَرْجُوْ اَنْ اَكُوْنَ اَنَا هُوَ وَمَنْ سَاَلَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ حَلَّتْ عَلَيْهِ الشَّفَاعَةُ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ سُنا اُنہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے جب سنو تم اذان تو کہو جیسا مؤذن

نمرا **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے اور ولید بن محمد موقری ضعیف ہیں حدیث میں اور مروی ہوئی یہ حدیث حضرت علی سے اور سند سے بھی اور اسباب بیز انس اور ابن عباس سے بھی روایت ہے **عن** انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لابی بکر وعمر ھذان سیدا کھول اھل الجنۃ من الاولین والاٰخرین الا النبیین والمرسلین لا تخبرھما یا علی **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ابوبکر و عمر دونوں سردار ہیں جنت کے ادھیڑ لوگوں کے اگلا ہوں پچھلے مگر انبیا اور مرسلین کے اور خبر نہ دینا انکو ای علی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے روایت کیے ہمنے یعقوب بن ابراہیم نے انہوں نے سفیان سے کہا سفیان نے ذکر کیا داؤد نے شعبی سے انہوں نے روایت کیے حارث سے انہوں نے حضرت علی سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے ابوبکر اور عمر سردار ہیں جنت کے ادھیڑ لوگوں کے خواہ اگلے ہوں خواہ پچھلے سوا انبیا اور مرسلین کے اور خبر نہ دینا انکو ای علی **مترجم** کھول بضم کاف جمع ہی کہل کے اور کہل عرب میں اسکو کہتے ہیں جو مرد تیس برس سے عمر میں تجاوز کر گیا ہو اور چالیس تک نہ پہونچا ہو یا پچاس تک اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انکو ادھیڑ فرمایا باعتبار دنیا کے کہ وہ دنیا میں ادھیڑ تھے اسلئے کہ جنت میں کوئی ادھیڑ نہیں سب نوجوان ہونگے تو مراد یہ ہوئی کہ جو مسلمان ہیں ادھیڑ ہو کر انتقال کرتے ہیں یہ انکے سردار ہونگے اور بعضوں نے کہا ادھیڑ سے مراد عقیل اور ہوشیار لوگ ہیں کہ اس سن میں آدمی کے شعور و عقل کامل ہوتے ہیں ملا علی قاری نے کہا ہے کہ ادھیڑ سے انسان کامل اور مرد عاقل مراد ہے اور مدارج جنت کے باعتبار عمل و معرفت کے ہیں **عن** ابی سعید الخدری قال قال ابوبکر السنت حق الناس بھا السنت اول من اسلم السنت صاحب کذا السنت صاحب کذا **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ ابوبکر نے کہا کیا میں سب لوگوں سے زیادہ اسکا مستحق نہیں ہوں شاید خلافت مراد ہو کیا میں اول سب لوگوں سے ایمان نہیں لایا ہوں یعنے احرار لوگوں میں کیا نہیں ہوں صاحب فلانی فضیلت کا کیا نہیں ہوں صاحب فلانی فضیلت کا **ف** اس حدیث کو بعضوں نے شعبہ سے روایت کیا ہے انہوں نے جریری سے انہوں نے ابی نضرہ سے انہوں نے کہا کہ ابوبکر نے کہا اور یہ صحیح تر ہے روایت کے یہ ہے محمد بن بشار نے انہوں نے عبدالرحمن سے انہوں نے شعبہ سے انہوں نے جریری سے انہوں نے ابی نضرہ نی کہ فرمایا ابوبکر نے اور ذکر کرے حدیث ہم معنی اسکے اور نہیں نام لیا ابی سعید کا سند میں اور یہ صحیح ہے **عن** انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یخرج علی اصحابہ من المھاجرین والانصار وھم جلوس وفیھم ابوبکر وعمر فلا یرفع الیہ احد منھم بصرہ الا ابوبکر وعمر فانھما کانا ینظران الیہ وینظر الیھما ویتبسمان الیہ ویتبسم الیھما **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نکلتے تھے اپنی اصحاب پر مہاجرین اور انصار سے اور اصحاب بیٹھے ہوتی اور انمیں ابوبکر اور عمر بھی ہوتے یہ کوئی انکی طرف نظر نہ اٹھاتا یعنے ہیبت سے مگر ابوبکر و عمر کہ تھے نظر کرتے حضرت کے طرف اور مسکراتے اور حضرت بھی انکی طرف دیکھ کر مسکراتی **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر حکم بن عطیہ کے روایت سے اور کلام کیا ہے بعض محدثین نے حکم بن عطیہ میں **باب عن** ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خرج ذات یوم فدخل المسجد وابوبکر وعمر احدھما عن یمینہ والاٰخر عن شمالہ وھو اٰخذ بایدیھما وقال ھکذا نبعث یوم القیمۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نکلے ایکدن اور داخل ہوئے مسجد میں اور ابوبکر و عمر دونوں آپکے ساتھ تھے ایک داہنی دوسرے بائیں اور آپ ان دونوں کے ہاتھ پکڑے ہوئے تھے اور فرمایا آپنے اسیطرح اٹھائے جاوینگے ہم قیامت کے دن **ف** یہ حدیث غریب ہے اور سعید بن مسلمہ محدثین کے نزدیک قوی نہیں اور مروی ہوئی یہ حدیث اور سند سے بھی سوا اس سند کے نافع سے وہ روایت کرتے ہیں ابن عمر سے **عن** ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لابی بکر انت صاحبی علی الحوض وصاحبی فی الغار **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر سے کہ تم رفیق ہو میرے حوض کوثر پر اور رفیق تھے میرے غار میں یعنے ہجرت میں **ف** یہ حدیث حسن غریب ہے صحیح ہے **باب عن** عبداللہ بن حنطب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم رای ابابکر وعمر فقال ھذان السمع والبصر **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن حنطب سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر و عمر کو دیکھکر کہ یہ دونوں سمع اور بصر ہیں **ف** اسباہین عبداللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے یہ حدیث مرسل ہے اور عبداللہ بن حنطب نے نہیں پایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو یعنے بیچ میں کوئی راوی چھوٹ گیا ہے **مترجم** اس حدیث سے صاف ثابت ہوا کہ اللہ تعالے نے ابوبکر و عمر کو وزیر کیا تھا رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کا زمین میں جیسے کہ وزیر تھے آپکے جبرئیل اور میکائیل آسمان میں اور کمال شرافت شیخین کے اس سے ظاہر ہے کہ مسلمانوں میں یہ دونوں ایسے ہیں جیسے بدن میں سمع و بصر اور اس سے اشارہ ہے انکی وزارت اور وکالت پر اور تصریح ہے اسپر کہ وہ اتباع حق

اور استماع اوامر الٰہیہ میں اور شامل ہونا غیبیہ اور آیات الٰہیہ میں یگانۂ آفاق ہیں اور استحقاق خلافت میں اُن پر مقدم کوئی نہیں **عَنْ** عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ فَلْیُصَلِّ بِالنَّاسِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ اِذَا قَامَ مَقَامَكَ لَمْ یُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ فَمُرْ عُمَرَ فَلْیُصَلِّ بِالنَّاسِ فَقَالَتْ فَقَالَ مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ فَلْیُصَلِّ بِالنَّاسِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ قُوْلِیْ لَهٗ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ اِذَا قَامَ فِیْ مَقَامِكَ لَمْ یُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ فَمُرْ عُمَرَ فَلْیُصَلِّ بِالنَّاسِ فَقَالَتْ حَفْصَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُنَّ لَاَنْتُنَّ صَوَاحِبُ یُوْسُفَ مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ فَلْیُصَلِّ بِالنَّاسِ فَقَالَتْ حَفْصَةُ لِعَائِشَةَ مَا كُنْتُ لِاُصِیْبَ مِنْكِ خَیْرًا

**ترجمہ** روایت ہے حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حکم کرو ابوبکر کو کہ نماز پڑھاوین لوگون کو یعنے امامت کرین سو عائشہ نے عرض کی کہ یارسول اللہ ابوبکر جب کھڑے ہونگے اپکی جگہہ تو لوگون کو رونی کے سبب سے قرات نہ سنا سکینگے یعنی نرم دل ہین سو آپ حکم دیجئی عمر کو کہ وہ امامت کرین لوگون کے پھر آپنے فرمایا حکم کرو ابوبکر کو کہ امامت کرین لوگون کے تب حضرت عائشہ نے ام المؤمنین حفصہ سے کہا کہ تم عرض کرو حضرت سے کہ ابوبکر جب کھڑے ہونگے آپکے جگہہ مین تو لوگون کو قرات نہ سنا سکینگے دونیکے سبب سے سو آپ حکم دیجئی کہ عمر امامت کرین لوگون کی سو عرض کی حفصہ نے اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تم وہی ہو جنہون نے یوسف کو تنگ کیا یعنے یہانتک کہ انہون نے لاچار قید خانہ مین جانا قبول کیا اور پھر فرمایا آپنے کہ حکم کرو ابوبکر کو امامت کرین لوگون کے سو حفصہ نے کہا عائشہ سے یعنی بطور شکایت کے کہ تمہاری طرف سے مجھی کبھی خیر نہ پہونچی یعنے ایسے بات بنائی کہ حضرت کے غصے سنوائی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسباب مین عبداللہ بن مسعود اور ابی موسیٰ اور ابن عباس اور سالم بن عبید سے بھی روایت ہے **مترجم** اس حدیث مین بھی اشارہ ہے کہ احق بالخلافت ابوبکر ہین اسلئے کہ وہ احق بالامامت ہین نماز مین اور نماز افضل ارکان دین ہے پس اور امور دین مین بھی امام ہین اور سائر صحابہ مقتدی اور رد ہے اسمین روافض متمردہ پر جو احق بالخلافت حضرت علی کو کہتے ہین **بَابٌ عَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَنْبَغِیْ لِقَوْمٍ فِیْهِمْ اَبُوْ بَكْرٍ اَنْ یَّؤُمَّهُمْ غَیْرُهٗ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین ہونیکے لائق کسی قوم کو کہ ہون ابوبکر ہو اور پھر امام بناوین کسی شخص کو سوائے ابوبکر کے **ف** یہ حدیث غریب ہے **بَابٌ عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَیْنِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ نُوْدِیَ فِی الْجَنَّةِ یَا عَبْدَ اللّٰهِ هٰذَا خَیْرٌ فَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّلٰوةِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الصَّلٰوةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجِهَادِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصِّیَامِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الرَّیَّانِ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ مَا عَلٰی مَنْ دُعِیَ مِنْ هٰذِهِ الْاَبْوَابِ مِنْ ضَرُوْرَةٍ فَهَلْ یُدْعٰی اَحَدٌ مِّنْ تِلْكَ الْاَبْوَابِ كُلِّهَا قَالَ نَعَمْ وَاَرْجُوْا اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص خرچ کرے ایک جوڑا یعنے دو روپیہ یا دو پیسہ اللہ کی راہ مین پکارا جاویگا جنت مین اسی بندے اللہ کے پیغمبر ہے یعنی تیرے لئے تیار کی گئی ہے پس جو نماز کو خوب ادا کرتا ہے اور دل سے اسکا شوق رکھتا ہے وہ نماز کے دروازہ مین سے بلایا جاویگا یعنے جنت مین اور جو اہل جہاد سے ہے وہ باب جہاد سے بلایا جاویگا اور جو اہل صدقہ سے ہے وہ باب صدقہ سے بلایا جاویگا اور جو اہل صیام سے ہے وہ ریان کے دروازہ سے بلایا جاویگا سو ابوبکر نے عرض کی کہ یارسول اللہ سب دروازون سے بلایا جانا ایک شخص کا تو کچھہ ضرور نہین سمجھی کہ ایک دروازہ سے طلب ہونا کافی ہے دخول جنت کے لئے مگر کوئی ایسا بھی ہے کہ بارہ بزرگے اور شرافت سب دروازون سے بلایا جاوے آپنے فرمایا کہ ہان مجھے امید ہے کہ تم انہین مین ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ یَقُوْلُ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَّتَصَدَّقَ وَوَافَقَ ذٰلِكَ عِنْدِیْ مَالًا فَقُلْتُ الْیَوْمَ اَسْبِقُ اَبَا بَكْرٍ اِنْ سَبَقْتُهٗ یَوْمًا قَالَ فَجِئْتُ بِنِصْفِ مَالِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَبْقَیْتَ لِاَهْلِكَ قُلْتُ مِثْلَهٗ وَاَتٰی اَبُوْ بَكْرٍ بِكُلِّ مَا عِنْدَهٗ فَقَالَ یَا اَبَا بَكْرٍ مَا اَبْقَیْتَ لِاَهْلِكَ فَقَالَ اَبْقَیْتُ لَهُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ قُلْتُ لَا اُسَابِقُكَ اِلٰی شَیْءٍ اَبَدًا **ترجمہ** عمر بن خطاب سے کہ ایکبار حکم کیا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کا اور اتفاق سے اُن دونون میرے پاس مال بہی تہا سو مین نے اپنے دل مین کہا کہ مین بڑہ جاونگا ابوبکر سے آج کے دن بڑہ گیا کہا عمر نے کہ پہر مین ادہا مال آپکے پاس آیا اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے لڑکے بالون کے لئے کیا چہوڑ آئے مین نے کہا ایسیکے برابر اور ابوبکر لے آئی جو اُنکے پاس تہا یعنے سب کا سب سو فرمایا آپنے اُنسے کہ تم کیا چہوڑ آئے اُنہون نے کہا چہوڑ آیا مین اُنکے لئے اللہ اور رسول کو تب تو مین نے کہا کہ مین اُنسے کبھی آگے نہ بڑہ سکونگا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** اس سے فضیلت ابوبکر کی سائر صحابہ پر عموماً اور حضرت عمر پر خصوصاً ثابت ہوئی اور یہی عقیدہ ہے اہل سنت اور جماعت کا کہ ابوبکر افضل امت ہین اُنکے بعد عمر **بَابٌ عَنْ** جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ امْرَاَةً اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَتْهُ فِیْ شَیْءٍ فَاَمَرَهَا اَنْ

فَقَالَتْ أَرَأَيْتَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنْ لَمْ أَجِدْكَ قَالَ إِنْ لَمْ تَجِدِينِي فَأْتِي أَبَا بَكْرٍ **ترجمہ** روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہ ایک عورت آئی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اُسنے کچھ عرض کیا اور آپنے اُسکو کچھ حکم کیا پھر اُسنے عرض کیا اگر میں آپکو نہ پاؤں یا رسول اللہ تو آپنے فرمایا جب مجھکو نہ پاوے تو تو آیا کر ابوبکر کے پاس اور اسمیں ہے۔ اشارہ ہے کہ حضرت کے بعد ابوبکر خلیفہ ہونگے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب عن** عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِسَدِّ الْأَبْوَابِ إِلَّا بَابَ أَبِي بَكْرٍ **ترجمہ** روایت ہے حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ مسجد میں جن لوگوں کے دروازے ہیں بند کردیے جاوین مگر دروازہ ابوبکر کا اسمیں بھی اشارہ ہے کہ وہ خلیفہ ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ خلیفہ کو مسجد میں بیٹھنے کی زیادہ ضرورت ہی قضا اور افتا وغیرہ کے لئے **ف** اسماعیل ابی سعید سے بھی روایت ہے یہ حدیث غریب ہے اس سند سے **باب عن** عَائِشَةَ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَنْتَ عَتِيقُ اللهِ مِنَ النَّارِ فَمِنْ يَوْمَئِذٍ سُمِّيَ عَتِيقًا **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے کہ ابوبکر داخل ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپنے فرمایا کہ تم عتیق ہو یعنے آزاد کئے ہوئے اللہ کے آگ سے یعنے دوزخ سے سو اُسدن سے اُنکا نام عتیق ہوگیا یا اللہ ہمکو بھی آزاد کر اپنے فضل سے دوزخ سے **ف** یہ حدیث غریب ہے اور روایت کیے بعضوں نے یہ حدیث موسیٰ سے اور کہا روایت کیے ہے موسیٰ بن طلحہ سے وہ روایت کرتے ہیں عائشہ رضی اللہ عنہا سے **باب عن** أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَلَهُ وَزِيرَانِ مِنْ أَهْلِ السَّمَاءِ وَوَزِيرَانِ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ فَأَمَّا وَزِيرَايَ مِنْ أَهْلِ السَّمَاءِ فَجِبْرَئِيلُ وَمِيكَائِيلُ وَأَمَّا وَزِيرَايَ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ فَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی نبی ایسا نہیں جسکے دو وزیر نہوں آسمان والوں سے اور دو وزیر زمین والوں سے وزیر آسمان والوں سے جبرئیل اور میکائیل ہیں اور زمین والوں سے ابوبکر و عمر **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور ابوالجحاف کا نام داؤد بن ابی عوف ہے اور مروی ہے سفیان ثوری سے کہ اُنہوں نے کہا ابوالجحاف مرد پسندیدہ تھے **عن** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا رَجُلٌ رَاكِبٌ بَقَرَةً إِذْ قَالَتْ لَمْ أُخْلَقْ لِهَذَا إِنَّمَا خُلِقْتُ لِلْحَرْثِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آمَنْتُ بِذَلِكَ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ قَالَ أَبُو سَلَمَةَ وَمَا هُمَا فِي الْقَوْمِ يَوْمَئِذٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص بیل پر سوار تھا کہ اُسنے کہا میں سواری کے لئے نہیں بنایا گیا میں تو کھیت جوتنے کے لئے بنایا گیا ہوں یہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ یقین کیا اسپر میں نے اور ابوبکر اور عمر نے اور وہ دونوں اُسوقت لوگوں میں حاضر بھی نہ تھے **ف** روایت کیے ہے محمد بن بشار نے اُنہوں نے محمد بن جعفر سے اُنہوں نے شعبہ سے اسی اسناد سے مانند اسکے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** اگرچہ سوابق اسلامیہ حضرت ابوبکر کے اور فضائل ایمانیہ اُنکے بہت ہیں مگر یہاں ہم بطور مشتی نمونہ از خروارے بطور اختصار بیان کردیتے ہیں اوّل یہکہ وہ نہایت شریف النسب ہیں اور مصعب بیری نے کہا ہے کہ اسی لئے اُنکا نام عتیق ہوا کہ اُنکے نسب میں کوئی عیب نہیں آیا دوم یہ کہ وہ نہایت فصیح و بلیغ تھے اور مدارک عظیمہ اور مجامع کثیرہ میں اُنکے خطب بلیغہ مشہور ہیں ثالثاً یہ کہ خمر کو ایام جاہلیت میں اُنہوں نے اپنے اوپر حرام کیا تھا اور بُت کو کبھی سجدہ نکیا اور صواعق میں مذکور ہے کہ اُنہوں نے اللہ میں کبھی شک نکیا اور ابن الدغنہ نے اُنکی بزرگی اور شرافت اور جود و سخا اور مہمان نوازی اور سچ کو خلق پر گواہی اور شرفای قریش نے اُنکی تصدیق کی اور قبل اسلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اور اُلفت تامہ رکھتے تھے اور شام سے لوٹتے وقت آپکے رفیق تھے چنانچہ تفصیل اسکے اوپر مذکور ہوئی اور احرار العقین میں سب سے اوّل آپ اسلام سے مشرف ہوئے جیسا اصفا صحابہ میں حضرت علی اور عبید میں حضرت بلال اور نسا میں حضرت خدیجہ سابق مسلمین سے ہیں اور یہی قول محقق ہے محدثین کے نزدیک غرض حربالغ مغرز و مطاع خلق اُسنے پہلے کوئی اسلام نہ لایا اور اُنہوں نے بعد اسلام ترغیب تحریض اسلام پر بہانتک کوشش کی کہ بہت لوگ دائرہ اسلام میں داخل ہوئے اور سبب اُنکے اسلام کا فقط تنبیہ غیبی تھی چنانچہ اُنہیں سے مروی ہے کہ میں ایکدن جاہلیت میں ایکدرخت کے نیچے بیٹھا تھا اور اُسنے آواز دی کہ فلاں وقت میں ایک پیغمبر ظاہر ہوگا تو سب سے اوّل اُسپر ایمان لانا پھر جب آپ پر وحی نازل ہوئی اُس درخت نے مجھے خبر دی اور میں حضرت کے خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے آپکے رسالت کے تصدیق کی اور ابن اسحٰق سے مروی ہے کہ جب آپ اسلام لائے آپکے ترغیب سے عثمان بن عفان اور زبیر بن عوام اور عبدالرحمٰن بن عوف اور سعد بن ابی وقاص اور طلحہ بن عبیداللہ اسلام سے مشرف ہوئے اور اُنمیں سے ہر ایک بزرگ قریش اور اُنکے اوسط لوگوں سے تھا اور حقیقت میں اُنکے ایمان لانے سے کفر کے کمر ٹوٹ گئی اور ابتدای اسلام اور غربت ایمان کے وقت چالیس ہزار درہم تقویت اسلام اور ترغیب مسلمین کے لئے حضرت کے خدمت میں صرف کئے اور سات شخصوں کو غلامان قریش میں سے کہ تصدیق رسالت اور توحید الوہیت میں راسخ القدم تھے اور موالی اُنکے طرح طرح کی تکالیف اور شدائد اُنکو پہنچاتے تھے حضرت ابوبکر

نے خرید کئے اور اللہ کی رضامندی کے لئے آزاد کئے کہ انہیں میں ہیں بلال اور عامر بن فہیرہ اور جب آیت فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ اتری اور حضرت نے اظہار دعوت کا قصد کیا ابوبکر صدیق نے یہ امر خطیر اپنے ذمہ لیا اور خطبہ عجیبہ قریش پر پڑھا اور انہوں نے بہت ایذائیں انکو دیں اور اسپر صابر رہے اور یہ پہلا خطبہ تھا جو اسلام میں پڑھا گیا اور قریش نے کئی بار آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ایذائیں پہونچانیکا قصد کیا اور ہر بار حضرت صدیق نے اپنی جان آپ پر فدا کی اور ان بلیات و آفات میں آپکے نفس نفیس کا وقایہ اور سپر بنے چنانچہ تفصیل اسکے کتب حدیث اور ازالۃ الخفا وغیرہ میں مذکور ہے اور جب قریش انکی ایذاء پر مجتمع ہوئے حضرت صدیق آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے شریک حال رہے اور پہلے جس نے اسلام میں مسجد بنائی ابوبکر ہیں کہ انہوں نے اپنے گھر کے آنگنائی میں مکہ میں مسجد بنائی اور قرآن کے قرارت میں مشغول ہوئے روایت کیا اسکو بخاری نے اور اعلائے کلمۃ اللہ کے لئے محاربۂ فارس اور روم میں انہوں نے شرط لگائی کہ روم فارس پر غالب ہوگا اور ویسا ہی ہوا الحمد للہ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے آمد و رفت جسقدر صدیق کے گھر تھی اسقدر اور کہیں نہ تھی چنانچہ مکہ میں ہر روز آپ صبح و شام انکے گھر تشریف لاتے اور مروی ہے حضرت عائشہ سے کہ جب ہم مدینہ میں آئے تو صدیق اکبر نے پوچھا کہ یا رسول اللہ آپ اپنے بیوی سے ہم بستر کیوں نہیں ہوتے آپنے فرمایا مجھے مہر کا خیال ہے پس ابوبکر نے ساڑھے بارہ وقیہ چاندی انکے پاس بھیجدی اور آپنے وہ ہمارے پاس روانہ کی اور مجھ سے ہم بستر ہوئے اور نہ تصدیق کے معراج کی ابوبکر سے اول کسی نے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب موسم حج میں اپنے تئیں احیاء عرب پر پیش کیا کہ کون آپکی مدد کرتا ہے تو سوا حضرت صدیق آپکے رفیق رہے چنانچہ ریاض نضرت میں یہ قصہ مفصل مذکور ہیں اور جنگ بدر میں جو افضل مشاہد اسلام سے تھے حضرت صدیق اکبر آثار نمایاں حاصل ہوئے اول یہ کہ حضرت کے عرش میں آپ ہی تھے دوسرے یہ کہ الہام عجیب آپکے دل پر ہوا کہ ابن عباس سے مروی ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم دعا کرتے تھے ابوبکر نے کہا کافی ہے آپکو پروردگار اپنے اور فرماتے تھے سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ غرض حضرت صدیق کو الہام ہوا کہ دعا قبول ہوگئی تیسرے یہ کہ لڑائی میں میمنہ لشکر صدیق اکبر کو عنایت کیا اور میکائیل کو انکے ہمراہ فرمایا اور میسرہ حضرت مرتضیٰ کو اور اسرافیل کو انکے ساتھ کیا چوتھے یہ کہ اسیران بدر کے حق میں مشورہ حضرت صدیق اکبر کا آپکو پسند آیا اور اسی پر کاربند ہوئے اگرچہ آخر میں فضیلت حضرت عمر کے ظاہر ہوئی اور اسیطرح جنگ احد میں آپکو بہت سی آثار جمیلہ ہاتھ آئے چنانچہ حضرت کے خدمت میں اسدن سعی جمیلہ بجا لائے چنانچہ حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ جب اصحاب آپکے منتشر ہوگئے پہلے جو لوٹکر حضرت کے پاس آئی احد میں ابوبکر تھے یہی کہا ابوبکر نے اور کہا کہ جب میں لوٹا میں نے دیکھا ایک اور شخص کو اپنے ساتھ کہ وہ بھی حضرت کی طرف آتا ہے اور وہ ابوعبیدہ بن جراح تھے روایت کیا اسکو حاکم نے اور کفار قریش سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ابوبکر کو لگتے تھے چنانچہ جب ابوسفیان نے تفحص حال لشکر اسلام کا کیا تو انہیں تین شخصوں کو پوچھا پہلے کہا کیا لشکر میں محمد ہیں تو آپنے فرمایا اسی جواب ندوہ پھر پوچھا ابوقحافہ میں آپنے فرمایا جواب ندوہ پھر کہا ابن خطاب میں پھر اسنے کہا یہ تینوں قتل ہوگئے اگر زندہ ہوتے تو ضرور جواب دیتے پھر حضرت عمر رہ نسکے اور فرمایا آپنے جھوٹا ہے تو اے دشمن اللہ کے اللہ نے تیرے لئی بچا رکھا ہے ایسی چیز کو جو ذلیل کریگی تجھکو اور جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بعد احد تعاقب کفار کا کیا حضرت صدیق اس معرکہ میں حاضر تھے اور الَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِلَّهِ وَالرَّسُولِ کے مبشرات میں شامل اور اسی طرح جنگ خندق میں اور اسیطرح غزوہ مریسیع میں جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر منافقوں نے تہمت لگائی اور جن مسلمانوں نے برأت صدیقہ میں توقف کیا وہ معاتب ہوئے حضرت صدیق کو انہیں فضائل نمایاں نصیب ہوئے بوجہ دو وجہ اول یہ کہ اس واقعہ ہوش ربا میں کمال انقیاد اور تسلیم اور فدا ئے ظاہر ہوا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے حضرت میں چنانچہ متتبع روایات سے معلوم ہوتا ہے ثانی یہ کہ جب برأت عائشہ رضی اللہ عنہا نازل ہوئی اللہ تعالیٰ نے اس برأت میں انکو بھی شریک کیا اور فرمایا أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَ ثالث یہ کہ حضرت صدیق مسطح بن اثاثہ کو کچھ خرچ دیا کرتے تھے اور جب شرکت اسکی افک میں ظاہر ہوئی آپنے ہاتھ روکا اسوقت اللہ تعالیٰ نے حضرت صدیق کو اولوالفضل فرمایا اور یہ آیت نازل ہوئی وَلَا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنكُمْ وَالسَّعَةِ أَن يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ اور پھر حضرت صدیق نے کہا میں اللہ کے مغفرت دوست رکھتا ہوں اور نفقہ جاری کر دیا اور اسیطرح صلح حدیبیہ میں انکو آثار جلیلہ حاصل ہوئے اول یہ کہ عروہ بن مسعود نے جب حضرت سے گستاخی کی حضرت صدیق نے اسکو دشنام سخت اور اظہار جلادت اور جرأت کو کام فرمایا کہ وہ منجر بصلح ہوئے اور جب حضرت فاروق کو غیرت نے گھیرا ابوبکر نے انکو وہی جواب جو نبی نے دیا تھا اس سے کمال قرب اور اتحاد انکا نبی کے ساتھ ظاہر ہوا اور صلح و جنگ میں جب صحابہ کا خلاف ہوا حضرت نے انہیں کے مشورہ پر عمل کیا اور اسیطرح غزوۂ خیبر میں حضرت صدیق حاضر رہے اور آپنے

انکو امیر لشکر کیا اور اسیطرح سریۂ بنی فزارہ پر امیر کیا اور جب لوگوں نے عیب کیا کہ آپ اطراف مین اور لوگو تعلیم سنن و فرائض کے لئے روانہ فرماتی ہین ابو بکر و عمر کو کیون نہین بھیجتے تو آپنے فرمایا لا غنی بی عنھما انھما من الدین کالسمع والبصر یعنے مجھے ہر وقت اُنسے کام رہتا ہے اور وہ دین کے سمع و بصر ہین اور اس سے کمال فضیلت شیخین کے ثابت ہوئی روایت کیا اسکو حاکم نے اور حضرت صدیق سی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم راتو تنکا امور مسلمین مین مشورہ فرماتی تہی اور صحابہ اُسپر کاربند ہوتے تہی رواہ احمد اور جب ازواج طاہرات نے غیرت کی اور سورۂ تحریم نازل ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے شیخین کو صالح المؤمنین فرمایا رواہ الحاکم اور حضرت صدیق غایت سعی کتمان اسرار مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرماتے تہی چنانچہ یا ابا بکر اس قصہ مین مذکور ہے جسمین حفصہ کو عثمان پر عرض کرنا مسطور ہے رواہ البخاری اور حضرت صدیق بخیر مین سبقت فرماتے تہے یہانتک کہ صحابہ مین آپکا لقب سابق بالخیر ہوگیا اور حضرت عمر نے لقب سابق بالخیر فرمایا اور جب مدینہ مین قحط تہا اور کاروان شام پہونچا اور لوگ حضرت کو خطبہ پر چہوڑ گئے حضرت صدیق نے نبی کا ساتھ نہچہوڑا اور ثابت قدم رہے اور اسیطرح غزوہ فتح مکہ مین حضرت صدیق کو فضائل نمایان حاصل ہوے اوّل یہ کہ ابو سفیان قبل واقعہ حضرت صدیق کے پاس حاضر ہوے اور طلب شفاعت کی اس سے معلوم ہوا کہ کفار بہی جانتے تہی کہ حضرت صدیق کو بڑی وجاہت مؤمنون مین حاصل ہے مگر تعجب ہے کہ غلاۃ روافض اسکے منکر ہین دوسرے یہ کہ باپ صدیق اکبر کے اُسدن مشرف باسلام ہوے اور یہ فضیلت سوا ابو بکر کے اور کسیکو نصیب نہوئی کہ چار پشت اُنکے شرف صحبت سی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے مشرف اور انوار ایمان سے منور ہوے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جب حضرت صدیق کے والد کو لائے آپنے اُنکے سینہ پر ہاتہہ پہیرا اور فرمایا کہ اسلام لاوہ مسلمان ہوگئے موسی بن عقبہ سی مروی ہے کہ اُنہون نے کہا چار پشت کسی کے شرف صحبت سی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سرفراز نہوے سوا ابو بکر کے اور ملے حضرت سے ابو قحافہ اور ابو بکر اور اُنکے بیٹی عبد الرحمن اور اُنکے بیٹے ابو عتیق اور قصہ حنین اور قضیہ ابی قتادہ مین مشورت اُنکی شرف تصویب کو پہونچی اور غزوۂ طائف مین بہی آپکو فضائل جمیلہ اور آثار جلیلہ ہاتہ آئے اوّل یہ کہ صاحبزادہ حضرت صدیق کے اُسمین مجروح ہوی اور اسی زخم کے انتقاض سے وفات ہوئی دوسرے یہ کہ بازگشت محاصرۂ اہل طائف سی آپکے مشورہ کے موافق ہوئے اور غزوۂ تبوک مین بہی بہت سی فضائل آپکو حاصل ہوے چنانچہ مال خرچ کرنے مین سب سے سبقت لیگئی اور اپنا کل مال اللہ کے راہ مین حاضر کیا اور فاروق اعظم نے نصف مال دوسرے یہ کہ امامت لشکر کی آپکو عنایت ہوئی تیسرے یہ کہ اثنار راہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جدا صحابہ کے ساتہ آرام کو اترے آخر شب مین اور وہان فرمایا کہ اگر لشکر ابو بکر و عمر کے اطاعت کرے تو راہ یاب ہو اور نوین سال حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صدیق کو امیر حاج کیا اور وہ اول شخص ہین کہ اسلام مین حاجیون کے امیر ہوے اور یہان پر بعض علماء سے غلطی ہوئی ہے کہ اُنہون نے سمجہا کہ حضرت علی کو پیچہے سے روانہ کرنا بنظر عزل حضرت صدیق تہا حالانکہ یہ غلط فہمی ہے حقیقت مین امیر حاج صدیق ہی تہی اور حضرت علے کو ابلاغ برات تحویل ہوئی تہی اور اسی لئے نسائی نے خطبۂ حجۃ ابو بکر سے سی روایت کئے ہین کہ حضرت صدیق نے موسم حج مین پڑہے اور حجۃ الوداع مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے رفیق سفر تہے اور سامان حضرت کا اپنی سواری پر لادا تہا یہانتک کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب بیمار ہوی حضرت صدیق کے حق مین بڑی عنایات بجالائے چنانچہ نماز کا اُنکو امام کیا کہ تمام صحابہ اِس سے سمجہ گئے کہ وہ خلیفہ ہین حضرت کے اور بعد وفات رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم جو فضائل حضرت صدیق کو حاصل ہوے منجملہ اُسکے یہ ہے کہ آپکے نزدیک دفن ہوے اور موت و حیوۃ مین آپکا ساتہ نہ چہوڑا اور خلفائی اربعہ مین سب سے پہلے آپ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس عالم برزخ مین حاضر ہوے اللھم اجمع بیننا وبینہ یوم القیمۃ کما جمعت بیننا وبین تحیۃ احیاء ویموتنا

## مناقب ابی حفص عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ

## مناقب عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

**عن** ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللھم اعز الاسلام باحب ھذین الرجلین الیک بابی جھل او بعمر بن الخطاب قال وکان احبھما الیہ عمر **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ یا اللہ قوی کر اسلام کو ابو جہل اور عمر بن خطاب دونون سے جو پیارا ہو اُسکے ساتہ اور اُن دونون مین حضرت عمر اللہ کے پیارے نکلے **ف** یہ حدیث حسن لذاتہ صحیح ہے غریب ابن عمر کے رواۃ سے **متفق** بمنطوق حدیث مذکور بلاشبہ مسلمانون کو حضرت عمر کے اسلام سے بڑی تقویت حاصل ہوی اور اُسدن سے اہل اسلام مکہ مین گہلکر رہنے لگے اور کفار ہیبت بی **باب عن** ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ جعل الحق علی لسان عمر وقلبہ قال وقال ابن عمر ما نزل بالناس امر قط فقالوا فیہ وقال فیہ عمر او قال ابن الخطاب فیہ شئ خارجۃ الا نزل فیہ القرآن علی نحو ما قال عمر **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ

علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے حق کو عمر کے زبان اور دل پر یا ابن عمر نے کہا کہ کوئی واقعہ لوگوں پر نہ پڑا اور اُسمیں لوگوں نے کلام نہ کیا مگر اُترا قرآن حضرت عمر کے قول کے موافق **ف** اسباہمیں فضل بن عباس اور ابی ذر اور ابی ہریرہ سے بھی ایسے حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے **باب عن** ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اللھم اعز الاسلام بابی جھل بن ھشام او بعمر بن الخطاب قال فاصبح فغدا عمر علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاسلم روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ یا اللہ عزت دے اسلام کو ابوجہل یا عمر بن خطاب سے سو صبح کو عمر اسلام لائی **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے اور کلام کیا ہے بعض محدثین نے نضر میں خلکی کنیت ابی عمر ہے اور وہ منا کیر روایت کرتے ہیں **باب عن** جابر بن عبد اللہ قال قال عمر لابی بکر یا خیرنا واسرنا بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ابوبکر اما انک ان قلت ذاک فلقد سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما طلعت الشمس علی رجل خیر من عمر **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہ حضرت عمر نے کہا ابوبکر سے اے بہتر لوگونکی بعد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے تو ابوبکر نے کہا کہ تم یوں کہتے ہو اور میں نے سنا ہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھی سورج نہیں نکلا کسی مرد پر جو عمر سے بہتر ہو بعد انبیاء کے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور سنا ہم نے اسکی کچھ خوب نہیں اور اسباہمیں ابی الدرداء سے بھی ایسے **عن** محمد بن سیرین قال ما اظن رجلا ینقص ابابکر وعمر ویحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا ولد زنیۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن سیرین سے کہا انہوں نے کہ میں نہیں خیال کرتا کہ کسیکو دوست رکھے نبی کو اور تنقیص شان کرے ابوبکر و عمر کی **ف** یہ حدیث غریب ہے **باب عن** عقبۃ بن عامر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کان نبی بعدی لکان عمر بن الخطاب **ترجمہ** روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی نبی ہوتا میرے بعد تو عمر ہوتا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر شعیب بن ابی حمزہ کی روایت سے **باب عن** ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رایت کانی اوتیت بقدح لبن فشربت منہ فاعطیت فضلی عمر بن الخطاب قالوا فما اولتہ یا رسول اللہ قال العلم **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دیکھا میں نے خواب میں کہ لائی ہے میرے پاس ایک پیالہ دودھ کا پیا میں نے اور باقی عمر بن خطاب کو دیا لوگوں نے عرض کیا کہ کیا تعبیر اسکی آپ نے فرمایا تعلیم کی **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے **مترجم** اسی حدیث سے معلوم ہوا کہ قوت علمیہ حضرت عمر کی کامل درجہ پر تھی اور نبوت کی قوی اتباع کرنا **عن** ابی امامۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال دخلت الجنۃ فاذا انا بقصر من ذھب فقلت لمن ھذا القصر قالوا لشاب من قریش فظننت انی انا ھو فقلت وانا من قریش فقالوا لعمر بن الخطاب **ترجمہ** روایت ہے ابی امامہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ داخل ہوا میں جنت میں یعنے عالم رویا میں سو دیکھا میں نے ایک محل سونیکا سو میں نے کہا یہ کسکا ہے فرشتوں نے کہا ایک جوان کا کہ قریش میں سے میں نے خیال کیا کہ میں ہوں یہ سو میں نے کہا میں قریش کا ہوں اور فرشتوں نے کہا وہ عمر بن خطاب ہیں **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے **مترجم** اس حدیث سے معتبر بالجملہ ہوا عمر بن خطاب کا اور کمال قرب انکا حضرت کے درجہ سے معلوم ہوا کہ آپ نے انکے محل کو اپنا ہی خیال کیا **باب عن** بریدۃ قال اصبح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فدعا بلالا فقال یا بلال بم سبقتنی الی الجنۃ ما دخلت الجنۃ قط الا سمعت خشخشتک امامی دخلت الدارۃ الجنۃ فسمعت خشخشتک امامی فاتیت علی قصر مربع مشرف من ذھب فقلت لمن ھذا القصر قالوا لرجل من العرب فقلت انا عربی لمن ھذا القصر قالوا لرجل من قریش فقلت انا قرشی لمن ھذا القصر قالوا لرجل من امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم فقلت انا محمد لمن ھذا القصر قالوا لعمر بن الخطاب فقال بلال یا رسول اللہ ما اذنت قط الا صلیت رکعتین وما اصابنی حدث قط الا توضأت عندھا ورایت ان للہ علی رکعتین فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھما **ترجمہ** روایت ہے بریدہ سے انہوں نے کہا کہ صبح کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بلایا بلال کو اور فرمایا کہ اسی بلال کیا سبب ہے کہ تم جنت میں میرے آگے ہی ہونی ہو کبھی داخل ہوا میں جنت میں کہ نہ سنی میں نے آواز تمہاری نعلین کے اپنے آگے داخل ہوا میں جنت میں آج کی شب اور سنی میں نے آواز تمہاری نعلین کی اپنے آگے میں پھر گذرا میں ایک چوکور اور بلند محل پر کہ سونیکا تھا سو پوچھا میں نے کہ یہ کسکا ہے فرشتوں نے کہا ایک مرد عربی کا میں نے کہا میں عربی ہوں یہ کسکا ہے انہوں نے کہا یہ ایک مرد قریشی کا ہے میں نے کہا میں قریشی ہوں یہ کسکا ہے انہوں نے کہا ایک مرد کا ہے کہ امت محمد صلے اللہ علیہ وسلم سے ہیں میں نے کہا میں محمد ہوں یہ کسکا ہے انہوں نے کہا عمر بن خطاب کا یہ سن کے بلال نے کہا یا رسول اللہ میں جب اذان دیتا ہوں دو رکعت پڑھ لیتا ہوں اور جب مجھے حدث ہوتا ہے وضو کرتا ہوں اور اللہ کے لئے دو رکعت ادا کرتا ہوں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انھی دونوں باتوں کے سبب سے تو جنت میں میرے آگے ہوتا ہے **ف** اسباہمیں جابر اور معاذ اور انس اور ابی ہریرہ سے بھی ایسے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دیکھا میں نے ایک محل سونیکا جنت میں سو پوچھا یہ کسکا ہے فرشتوں نے کہا عمر بن خطاب کا یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے

اور مراد اس قول کے حضرت کے مین داخل ہوا آپکے شب جنت مین یہہ خواب ہے ایسا ہی مروی ہوا بعض روایتون مین اور مروی ہے ابن عباس سے کہ خواب انبیاء کا وحی ہے
**مترجم** اس حدیث سے بڑی فضیلت وضو اور تحیۃ الوضو کی ثابت ہوئی کہ وہ باعث ہے دخول جنت کا اور آگے چلنا بلال کا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا تھا جیسے کہ چوبدار اور نقیب بادشاہون کے آگے چلتے ہین نہ یہہ کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے افضل ہین **عن** بُرَيْدَةَ يَقُوْلُ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ فَلَمَّا انْصَرَفَ جَاءَتْ جَارِيَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ نَذَرْتُ اِنْ رَدَّكَ اللّٰهُ سَالِمًا اَنْ اَضْرِبَ بَيْنَ يَدَيْكَ بِالدُّفِّ وَاَتَغَنّٰى فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كُنْتِ نَذَرْتِ فَاضْرِبِيْ وَاِلَّا فَلَا فَجَعَلَتْ تَضْرِبُ فَدَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ وَهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عَلِيٌّ وَهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ وَهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عُمَرُ فَاَلْقَتِ الدُّفَّ تَحْتَ اِسْتِهَا ثُمَّ قَعَدَتْ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّيْطَانَ لَيَخَافُ مِنْكَ يَا عُمَرُ اِنِّيْ كُنْتُ جَالِسًا وَهِيَ تَضْرِبُ فَدَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ وَهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عَلِيٌّ وَهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ وَهِيَ تَضْرِبُ فَلَمَّا دَخَلْتَ اَنْتَ يَا عُمَرُ اَلْقَتِ الدُّفَّ **ترجمہ** روایت ہے بریدہ سے کہا انہون نے کہ نکلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کسی جہاد مین پہر جب آئی لوٹکر ایک لڑکی آئی کالی اور اسنے عرض کی کہ یا رسول اللہ مین نے نذر مانی تہی کہ اگر اللہ آپکو صحیح وسالم لاویگا تو مین آپکے آگے دف بجاؤنگی اور گاؤنگی سو حضرت نے فرمایا کہ اگر تو نے نذر کی ہے تو بجا نہین تو نہین اور وہ بجانے لگی پہر آئے ابوبکر اور وہ بجاتی رہی پہر علی آئی اور وہ بجاتی رہی پہر عثمان آئی اور وہ بجاتی رہی پہر حضرت عمر آئے اور وہ دف اپنے چوتڑ کے نیچے ڈالکر بیٹھ گئی پہر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان تم سے ڈرتا ہی اسی عمر مین بیٹھا تہا اور وہ دف بجاتی رہی اور ابوبکر آئے اور وہ بجاتی رہی اور علی آئے اور وہ بجاتی رہی اور عثمان آئے اور وہ بجاتی رہی پہر جب تم آئے اے عمر تو اسنی دف ڈال دیا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے بریدہ کے روایت سے اور اسی سابعین عمر اور عائشہ سے بھی روایت ہے **مترجم** شیخ نے لمعات مین کہا ہے کہ حدیث دف بجانی کی باحت پر دال ہے اور عورتون کے غنا کی حلت پر جب خوف فتنہ کا نہو اور وہ گانا مہیج شہوت اور زنا کا نہو ولیکن حدیث مین ایک اشکال ہے کہ پہلے حضرت نے اسکو گانے دیا اور ابوبکر و علی و عثمان نے پہر حضرت عمر کے آنیکے وقت آپنے اسکو شیطان فرمایا اور جواب اسکا بعض لوگون نے یون دیا ہے کہ پہر از رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا غرا سے صحیح وسالم ایک بڑی نعمت تہی اور موجب سرور و فرحت اسلئے آپنے حکم دیا اسکو وفای نذر کا اور اس نظر سے وہ فعل منجملہ لہو نہوا اور کراہت سے نکل آیا مگر وفای نذر چونکہ تہوڑا بجانے سے بہی حاصل ہوجاتی ہے اور اسنے جب اس سے زیادہ بجایا گویا کراہت کے مرتکب ہوئی اور اسی وقت حضرت عمر آئے پس آپنے اسکو منع نہین فرمایا کہ درجہ حرمت کو پہونچی اور برائی بہی اسکی فرمادی کہ ثبوت کراہت کا ہوجاوے اور یہ سبب ہے کہ خوف فتنہ کا نہو اور جب خوف فتنہ کا ہو تو بحکم فتنہ کا ہے وہی اسکے اسباب کا یعنے حرام ہے **عن** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فَسَمِعْنَا لَغَطًا وَصَوْتَ صِبْيَانٍ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا حَبَشِيَّةٌ تَزْفِنُ وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهَا فَقَالَ يَا عَائِشَةُ تَعَالَيْ فَانْظُرِيْ فَجِئْتُ فَوَضَعْتُ لَحْيَيَّ عَلٰى مَنْكِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ اِلَيْهَا مَا بَيْنَ الْمَنْكِبِ اِلٰى رَاْسِهِ فَقَالَ لِيْ اَمَا شَبِعْتِ اَمَا شَبِعْتِ فَجَعَلْتُ اَقُوْلُ لَا لِاَنْظُرَ مَنْزِلَتِيْ عِنْدَهُ اِذْ طَلَعَ عُمَرُ قَالَتْ فَارْفَضَّ النَّاسُ عَنْهَا قَالَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَاَنْظُرُ اِلٰى شَيَاطِيْنِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ قَدْ فَرُّوْا مِنْ عُمَرَ قَالَتْ فَرَجَعْتُ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے تہے کہ ہمنے ایک غل سنا اور آواز لڑکون کے سو کہڑے ہوے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور دیکہا کہ ایک حبشی عورت ناچتی ہے اور لڑکے اسکے گرد ہین تو آپنے فرمایا اے عائشہ آو دیکہو سو رکہدے مینے اپنے ٹہوڑی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے شانے پر اور اسکو دیکہنے لگی اور میری ٹہوڑی حضرت کے شانہ اور سر کے بیچ مین تہی پہر فرمایا آپنے مجہسے کہ تیرا پیٹ بہرا یعنے تماشے سے اور مین کہنے لگی نہین کہ دیکہون حضرت کو میرے خاطر کسقدر ہے اسی عرصہ مین حضرت عمر سامنے آئی اور سب لوگ بہاگ گئے اس عورت کے پاس سے اور فرمایا حضرت نے کہ مین دیکہتا ہون جن اور انس کے شیطانون کو کہ بہاگ گئے عمر سے کہا حضرت عائشہ نے کہ پہر مین لوٹ آئی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو امر صورت لہو ہو اگرچہ حرام نہین کہ حضرت نے اسکو دیکہا ہے مگر تاہم اسپر شیاطین کا اجتماع ہوتا ہے اور جب اور منکرات جو مہیج شہوت حرام ہین اسکے ساتہ ملحق ہوجاوین تو پہر حرمت اسکی ظاہر ہے اگر کوئی کہے کہ شیاطین حضرت کو دیکہکر نہ بہاگتے تہے اور عمر کو دیکہکر بہاگ گئے یہ کیسی بات ہے تو یہ کچہ تعجب نہین اسلئے کہ حضرت بمنزلہ بادشاہ کے ہین اور عمر بمنزلہ کوتوال کے اور کوتوال اور شحنہ سے چور زیادہ ڈرتے ہین

بہ نسبت بادشاہ کے اور یہ فضیلت بھی حضرت عمر کو حضرت ہی کے طفیل سے تو حاصل ہوئی **باب عن** ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا اول من تنشق عنہ الارض ثم ابوبکر ثم عمر ثم انی اھل البقیع فیحشرون معی ثم انتظر اھل مکۃ حتی احشر بین الحرمین **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پہلے میری قبر شق ہوگی پھر ابوبکر کی پھر عمر کی پھر آؤنگا میں بقیع والوں کے پاس اور وہ میرے ساتھ اٹھائی جاوینگے پھر انتظار کرونگا کہ والونگا یہانتک کہ حشر ہوگا میرا حرمین کے بیچ میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور عاصم بن عمر عمری میرے نزدیک حافظ نہیں محدثوں کے **مترجم** اس حدیث سے بھی فضیلت شیخین کی اور قرب انکا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بخوبی ثابت ہوا **باب عن** عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد کان یکون فی الامم محدثون فان یک فی امتی احد فعمر بن الخطاب **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگلی امتوں میں محدثین ہوتے تھے اور میری امت میں محدث ہے تو عمر بن خطاب ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور خبر دی مجھکو بعض اصحاب نے ابن عیینہ کی سفیان بن عیینہ سے کہ انہوں نے کہا محدثین وہ ہیں جنکو اللہ نے دین کی فہم کامل عنایت کیے **مترجم** قاموس میں ہے کہ محدث بروزن معظم یعنے صادق کے ہے اور مجمع البحار میں ہے کہ محدث وہ شخص ہے جسکے دل میں بات فورا آجاوے اور کمال حدس اور فراست سے کلام کرے اور یہ دولت اللہ جسکو عنایت کرے اور بعضوں نے کہا محدث وہ ہی جسکا ظن صحیح نکلے گویا اُس سے کسینے کہدیا اور بعضوں نے کہا محدث وہ ہے جس سے فرشتے بات کریں اور بعضی روایتوں میں مکلمون بھی آیا ہے اور وہ اس معنے کا مؤید ہی اور بخاری نے کہا محدث وہ ہے جسکے زبان پر حق اور صواب جاری ہو اور یہی تفسیر عمدہ ہے کہ حدیث مرفوع سے ثابت ہے چنانچہ فرمایا حضرت نے کہ حق جاری ہوتا ہے عمر کے زبان اور دل میں اور اسی لئے حضرت عمر نے کہا موافقت کی ہے اپنے رب العالمین سے غرض محدث وہ ہی کہ جسکی رائی اقرب ترین آرا موحق سے اور سردار اس گروہ کے حضرت عمر ہیں اگرچہ ہر عالم کتاب و سنت اور متبع احکام شریعت کو اس سے اپنے حوصلے کے موافق بہرہ ہے اور معلوم ہوا کہ مقلدین کو اس نعمت عظمی سے کچھ بہرہ نہیں اسلئے کہ وہ اپنے رائی کو راہ خدا میں صرف ہی نہیں کرتے بلکہ دوسرے کی رائی پر یکیہ کئے ہوئے ہیں خطا ہو یا صواب اور اتباع حق سے مبرا ہیں کہ زبان و قلب پر انکے ہرگز حق جاری نہیں ہوتا یعنے نہ قال اللہ نہ قال الرسول اللہ اور وہ انکا وظیفہ ہے افتی فلان قد افتی فلان **باب عن** عبد اللہ بن مسعود ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یطلع علیکم رجل من اھل الجنۃ فاطلع ابوبکر ثم قال یطلع علیکم رجل من اھل الجنۃ فاطلع عمر **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آتا ہے تمپر ایک جنتی سو ابوبکر پھر فرمایا آتا ہے ایک جنتی سو آئی عمر **ف** اس باب میں ابی موسی اور جابر سے بھی روایت ہے یہ حدیث غریب ہے ابن مسعود کے روایت سے **عن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال بینما رجل یرعی غنما لہ اذ جاء الذئب فاخذ شاۃ فجاء صاحبھا فانتزعھا منہ فقال الذئب کیف تصنع بھا یوم السبع یوم لا راعی لھا غیری قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فامنت بذلک انا وابوبکر وعمر قال ابوسلمۃ وما ھما فی القوم یومئذ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک چرواہا بکریان چراتا تھا کہ ایک بھیڑیے نے آکر ایک بکری پکڑی اور چرواہے نے اُس سے چھڑا لی وہ بولا کہ تو کیا کریگا درندوں کے دن یعنے جسدن انسان مر جاوینگے اور درندے رہ جاوینگے کہ اُسدن کوئی انکا چرواہا نہ ہوگا میرے سوا فرمایا آپنے کہ یقین لایا میں اسپر اور ابوبکر اور عمر ابوسلمہ نے کہا کہ شیخین اُسوقت حاضر بھی نہ تھی قوم میں یعنے یہ کمال نوازش تھی کہ انکے غیبت میں انکو یاد فرمایا اور کمال ایمان کے انکی تعریف کی **ف** روایت کی ہے محمد بن بشار نے انہوں نے محمد بن جعفر سے انہوں نے شعبہ سے انہوں نے سعد سے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** انس بن مالک قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صعد احدا وابوبکر وعمر وعثمان فرجف بھم فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اثبت احد فانما علیک نبی وصدیق وشھیدان **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر اور عمر و عثمان چڑھے اُحد پر اور وہ لرزا تو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ٹھہر اے اُحد کہ تجھپر نبی اور صدیق اور دو شہید ہیں کے سوا اور کوئی نہیں اور دو شہید فرمایا عمر و عثمان کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** اثر جمیلہ حضرت عمر کے بھی بحساب ہیں چنانچہ آپ اشراف قریش سے ہیں اور قریش میں کمال عزت و وقار و وجاہت رکھتے تھے اور تدبیر غیبی اور دعائی محمدی انکے اسلام کا سبب ہوئیں مراد تھے نہ مرید اور مخلص تھے نہ مخلص ستان میں الرتبتین درود یوار نے انکو مژدہ کے اور رسول مختار نے انکے اسلام کی دعا کی قبل اظہار دعوت نبوت آپنے ایک خواب دیکھا کہ ایک شخص نے ایک گوسالہ ذبح کیا اور چیخکر کہا یا جلیح امر نجیح رجل فصیح یقول لا الہ الا اللہ غرض یہ گھبرا کر اُٹھے اور انہیں دنوں دعوت نبوت شایع ہوئی اور محمد بن اسحاق نے

کہا کہ فاطمہ حضرت فاروق کی بہن اور اُنکے شوہر سعید بن زید انہی پیشتر ایمان لاچکے تھے جب اُنکو خبر پہونچی تعصب آیا اور اپنے بہنوئی کی بہت اہانت کی اور یہانتک کا سر توڑ دیا کہ خون آلود ہوگئیں پھر اُنکے دلمیں رحم آیا اور سورۂ طٰہٰ جو اُنکے پاس تھی لیکر پڑھی اور داعیہ اسلام اُنکے دلمیں آیا اور حضرت کے خدمت مین حاضر ہوئے اور اسلام لائے اور جب وہ اسلام سے مشرف ہوئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُنکے لئے دعا کی کہ یا اللہ اُنکے دل سے غل نکال دے اور ایمان بھر دے اور اُنکے سینہ پر ہاتھ مارا روایت کیا اسکو حاکم نے اور جب اسلام لائے اپنے اسلام کو شایع اور ظاہر کیا اور ایک لحظہ نہ چھپایا اور جو جو تکالیف اس راہ مین پیش آئین اُنکو شہد و شکر کیطرح گوارا کیا یہانتک کہ عبداللہ بن عمر سے مروی ہے جب وہ مسلمان ہوئے لوگون سے کہا کون ایسا ہے جو بات کو جلدی مشہور کردے لوگون نے کہا جمیل بن معمر جمحی حضرت فاروق صبحکو اُسکے پاس گئے اور کہا کہ اسی جمیل مین مسلمان ہوگیا اور اُسنے کچھ جواب نہ دیا اور چادر کھینچتا ہوا باہر نکلا حضرت عمر اُسکے ساتھ ہوئے عبداللہ کہتے ہین کہ مین بھی اپنے باپ کے ساتھ ہوا یہانتک کہ جب مسجد الحرام کے دروازہ پر پہونچا اُسنے پکارا اسی گروہ قریش کے اور وہ اپنے مجلسون مین بیٹھے تھے جو کعبہ کے گرد تھے ابن خطاب صابی ہوگیا یعنے اپنے باپ دادا کا دین چھوڑ بیٹھا اور نیا دین اختیار کیا اور حضرت عمر اُسکے پیچھے تھے اور فرماتے تھے تو جھوٹا ہے مین مسلمان ہوا ہون اور گواہی دیتا ہون کہ معبود برحق نہین بجز اللہ کے اور محمد اُسکے بندے اور رسول ہین اور لوگ اُنکی طرف جھپٹے اور وہ لوگون سے لڑتے تھے اور لوگ اُنسے لڑتے تھے یہانتک کہ آفتاب اُنکے سر پر آگیا پھر جب آپ تھک گئے بیٹھ گئے اور لوگ اُنکے گھیرے کھڑے تھے اور وہ فرماتے تھے کہ مین اللہ کی قسم کہتا ہون کہ اگر ہم لوگ تین سو ہوتے یعنے مسلمان تو مکہ چھوڑ دیتے یعنے ہجرت کر جاتے یا تمکو نکالدیتے مکہ سے غرض وہ اسی حال مین تھے کہ ایک بوڑھا یمنی چادر کا جوڑا پہنے آیا اور اُسکے بدن پر ایک مقنع کرتا تھا اُسنے کہا کیا ہے لوگون نے کہا عمر صابی ہوگیا اُسنے کہا پھر کیا ہوا ایک مرد نے ایک کام اختیار کیا پھر تم کیا چاہتے ہو کیا تم نہین جانتے ہو کہ وہ اپنے قوم کے آدمی تمکو دیدینگے ایسے حال سے کہ تمسے کچھ تعرض نہ کرینگے اگر اُسکو اندا دو چلو چھوڑو اسکو کہا عبداللہ نے وہ ایسے اُنکے پاس سے پھٹ گئے جیسے کپڑا پھٹ جاتا ہے اور مین نے اپنے باپ سے ہجرت کے بعد پوچھا کہ وہ بوڑھی کون تھے اُنہون نے فرمایا اے بیٹے وہ عاص بن وائل سہمی تھے اور اگرچہ اسلام حضرت عمر کا بعثت سے چھٹے برس ہوا اور بہت سے سوابق اُنسے فوت ہوئے مگر تائید الٰہی نے اُنکے عوض قیام بحقوق خلافت بوجہ تم اور توسط اُنکا امت اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان نشر علوم مین اور ترویج دین مین ایسا غایت کیا کہ اول امر مین اگرچہ وہ حضرت ابوبکر صدیق سے مفضول تھے مگر آخر امر مین اُنکے ہمعنان و سہیم ہوگئے چنانچہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ان دونون امر کو بخوبی بیان فرمایا ہے امر اول کو اسطرح کہ جب شیخین سے اُسمین تکرار ہوئی آپنے حضرت عمر کو خطاب باعتاب فرمایا اور فرمایا کہ مینے کہا تھا مین رسول ہون اللہ کا تمہاری طرف سو تم سب نے مجھکو جھٹلایا اور ابوبکر صدیق نے میرے تصدیق کی روایت کیا یہ بخاری نے غرض اسمین سبقت اسلامی ابوبکر کے مذکور ہی اور روایہ قلیب کے روایتمین آپنی فرمایا کہ پھر ابوبکر نے ڈول لیا اور اُنکے کھینچنے مین ضعف تھا اور اللہ اُنکو بخشدیگا پھر عمر نے ڈول لیا اور وہ بہت بڑا ہوگیا سو مین نے کوئی ایسا گڈیل جوان نہ دیکھا جو اُسکے برابر کام کرتا ہو یہانتک کہ لوگون نے اپنے اونٹون کو سیراب کرکے پانی کے گرد بٹھا دیا روایت کیا اسکو شیخین و غیرہما نے اور اسمین کارگذاری ایام خلافت عمر کی مذکور ہے اور جب سے حضرت فاروق ایمان لائے مؤمنون کے عزت بڑھگئی ابن مسعود سے مروی ہے مَازِلْنَا اَعِزَّةً مُنْذُ اَسْلَمَ عُمَرُ رواہ البخاری اور اُنہین سے مروی ہے کہ ہم حرم مین نماز نہ پڑھسکتے تھے یہانتک کہ حضرت عمر اسلام لائے اور اُنہون نے نماز پڑھی اور ہم نے بھی اُنکے ساتھ نماز پڑھے کعبہ کے نزدیک اور کمال شجاعت اور علو ہمت حضرت عمر کے یہ ہی کہ حضرت سے پیشتر آپنے مدینہ کو ہجرت کی اور یہ گویا توطیہ اور مقدمہ ہوا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ہجرت کا غرض اور فضائل اور حسنات اُنکے بہت ہین کہ تفصیل اُسکے دراز ہے

وہمین شار فلیرجع الی ازالۃ انتظار **مَنَاقِبُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَلَہٗ کُنْیَتَانِ یُقَالُ اَبُوْ عَمْرٍو وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ **مناقب عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے** اور اُنکی دو کنیتین ہین ابو عمرو اور ابو عبداللہ **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ عَلٰی حِرَاءٍ هُوَ وَاَبُوْ بَکْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِیٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَیْرُ فَتَحَرَّکَتْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اهْدَأْ فَمَا عَلَیْکَ اِلَّا نَبِیٌّ اَوْ صِدِّیْقٌ اَوْ شَهِیْدٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کوہ حرا پر تھے کہ ایک پہاڑ ہلے مکہ مین اور ابوبکر اور عمر عثمان و علی اور طلحہ اور زبیر کے ساتھ تھے پس وہ پتھر ملا لینے جسپر یہ سب تھے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ٹھہر رہ کہ تجھپر سوا نبی یا صدیق و شہید کے اور کوئی نہین **ف** اسبابمین عثمان اور سعید بن زید اور ابن عباس اور سہل بن سعد اور انس بن مالک اور بریدہ اسلمی سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث صحیح ہے **بَابٌ عَنْ** طَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ قَالَ

مناقب عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِکُلِّ نَبِیٍّ رَفِیْقٌ وَرَفِیْقِیْ یَعْنِیْ فِی الْجَنَّۃِ عُثْمَانُ ترجمہ روایت ہے طلحہ بن عبید اللہ سے کہ کہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر نبی کا ایک رفیق ہے اور رفیق میرا یعنے جنت مین عثمان بن عفان ہے ف یہ حدیث غریب ہے اور اسنادہ اسکی قوی نہین اور وہ منقطع ہے **باب** عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ قَالَ لَمَّا حُصِرَ عُثْمَانُ اَشْرَفَ عَلَیْہِمْ فَوْقَ دَارِہٖ ثُمَّ قَالَ اُذَکِّرُکُمْ بِاللّٰہِ اَھَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ جَرَاۃَ حِیْنِ اَعْقَصَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْتُمْ جَرَاۃُ حِرَاءٍ فَلَیْسَ عَلَیْکَ اِلَّا نَبِیٌّ اَوْ صِدِّیْقٌ اَوْ شَھِیْدٌ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اُذَکِّرُکُمْ بِاللّٰہِ ھَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ جَیْشِ الْعُسْرَۃِ مَنْ یُنْفِقْ نَفَقَۃً مُتَقَبَّلَۃً وَالنَّاسُ مُجْھَدُوْنَ مُعْسَرُوْنَ فَجَھَّزْتُ ذٰلِکَ الْجَیْشَ قَالُوْا نَعَمْ ثُمَّ قَالَ اُذَکِّرُکُمْ بِاللّٰہِ ھَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رُوْمَۃَ لَمْ یَکُنْ یُشْرَبُ مِنْھَا اِلَّا دِرْھَمٌ بِمَنْ فَابْتَعْتُھَا فَجَعَلْتُھَا لِلْغَنِیِّ وَالْفَقِیْرِ وَابْنِ السَّبِیْلِ قَالُوْا اَللّٰھُمَّ نَعَمْ وَاَشْیَاءَ عَدَّھَا ترجمہ روایت ہے ابی عبد الرحمن سلمی سے کہ جب محصور ہوے حضرت عثمان مدینہ مین چڑھے اپنے مکان کے کوٹھے پر اور فرمایا کہ مین تمکو یاد دلاتا ہون اللہ کا حوالہ دیکر اتا تم جانتے ہو کہ جرا کو جب وہ ہلاتا تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ٹھیرا رہ اسی جرا کہ تجھپر کوئی نہین مگر نبی اور صدیق اور شہید اُن لوگون نے کہا کہ ہان پھر کہا حضرت عثمان نے مین تمکو یاد دلاتا ہون اللہ کا حوالہ دیکر کہ آیا تم جانتے ہو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو جیش عسرت یعنے غزوۂ تبوک کے لئے پسندیدہ خرچ دیوے یعنے اُسکی لئی جنت ہے اور لوگ اُن دنون مشقت اور تنگی مین تھے سو مین نے تیار کردی اُسکے لوگون نے کہا ہان پھر آپنے فرمایا مین تمہین اللہ کا حوالہ دیکر یاد دلاتا ہون آیا تم جانتے ہو رُومہ کو کہ نام ہے ایک کنوئے کا مدینہ مین اور اُسمین سے کوئی نہ پی سکتا تھا بغیر قیمت کے سو خرید کر مین نے اُسکو اور سبیل کر دیا غنی اور فقیر اور مسافر پر لوگون نے کہا یا اللہ ہان ہم جانتے ہین اور اسیطرح بہت سے فضائل اپنے یاد کئے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے ابی عبد الرحمن کے روایت ہے کہ وہ عثمان سے روایت کرتے ہون عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَبَّابٍ قَالَ شَھِدْتُّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ یَحُثُّ عَلٰی جَیْشِ الْعُسْرَۃِ فَقَامَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ عَلَیَّ مِائَۃٌ بَعِیْرٍ بِاَحْلَاسِھَا وَاَقْتَابِھَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ حَضَّ عَلَی الْجَیْشِ فَقَامَ عُثْمَانُ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ عَلَیَّ مِائَتَا بَعِیْرٍ بِاَحْلَاسِھَا وَاَقْتَابِھَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ حَضَّ عَلَی الْجَیْشِ فَقَامَ عُثْمَانُ فَقَالَ عَلَیَّ ثَلٰثُمِائَۃِ بَعِیْرٍ بِاَحْلَاسِھَا وَاَقْتَابِھَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَاَنَا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْزِلُ عَنِ الْمِنْبَرِ وَھُوَ یَقُوْلُ مَا عَلٰی عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ ھٰذِہٖ مَا عَلٰی عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ ھٰذِہٖ ترجمہ روایت ہے عبد الرحمن بن خباب سے کہا کہ حاضر ہوا مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ ترغیب دے رہے تھے لشکر عسرت کے سامان کی سو کھڑے ہوے عثمان اور عرض کی کہ یا رسول اللہ میرے ذمہ سو اونٹ ہین مع شکیتہ اور پالان کے اللہ کی راہ مین پھر ترغیب دی آپنے اُسی لشکر کی پھر کھڑے ہوے عثمان اور عرض کی کہ یا رسول اللہ میرے ذمہ دو سو اونٹ ہین مع شکیتہ اور پالان کے اللہ کے راہ مین پھر ترغیب دی آپنے اُسی لشکر کی پھر کھڑے ہوئی حضرت عثمان اور عرض کی کہ یا رسول اللہ میرے ذمہ تین سو اونٹ ہین مع شکیتہ اور پالان کے اللہ کے راہ مین سو دیکھا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ اُترتے اوپر سے منبر کے اور وہ فرماتے تھے کہ اب عثمان پر کسی عمل کا مواخذہ نہین جو کچھ کرے وہ اسکی بعد یعنے قطعاً معفور و مرحوم ہین ف یہ حدیث غریب ہے اس سند سے اور اس باب مین عبد الرحمن بن سمرہ سے بھی روایت ہے عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ جَاءَ عُثْمَانُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاَلْفِ دِیْنَارٍ قَالَ الْحَسَنُ بْنُ وَاقِدٍ وَفِیْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ مِنْ کِتَابِیْ فِیْ کُمِّہٖ حِیْنَ جَھَّزَ جَیْشَ الْعُسْرَۃِ فَنَثَرَھَا فِیْ حَجْرِہٖ فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَرَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُقَلِّبُھَا فِیْ حَجْرِہٖ وَیَقُوْلُ مَا ضَرَّ عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْیَوْمِ مَرَّتَیْنِ ترجمہ روایت ہے عبد الرحمن بن سمرہ سے کہا آئی عثمان نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ہزار دینار لیکر حسن بن واقع جو راوی حدیث مین انہون نے کہا کہ دوسرے جگہ کتاب مین یون ہے کہ لائے وہ اپنے آستین مین جبکہ تیار کی لشکر عسرت کے اور ڈال دیا اُنکے گود مین کہا عبد الرحمن نے کہ پھر دیکھا مین نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ اُلٹا پلٹ کرتے تھے اپنی گود مین اور فرماتے تھے اب نہ ضرر کیگا عثمان کو کوئی عمل آج کے بعد فرمایا یہ کلمہ دو بار ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ لَمَّا اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِبَیْعَۃِ الرِّضْوَانِ کَانَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَسُوْلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی اَھْلِ مَکَّۃَ قَالَ فَبَایَعَ النَّاسُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ عُثْمَانَ فِیْ حَاجَۃِ اللّٰہِ وَحَاجَۃِ رَسُوْلِہٖ فَضَرَبَ بِاِحْدٰی یَدَیْہِ عَلَی الْاُخْرٰی فَکَانَتْ یَدُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِعُثْمَانَ خَیْرًا مِنْ اَیْدِیْھِمْ لِاَنْفُسِھِمْ ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ انہون نے جب حکم کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیعۃ الرضوان کا اور عثمان رضی اللہ عنہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے قاصد بنکر گئے تھے اہل مکہ کیطرف کہا راوی نے کہ بیعت کی لوگون نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور فرمایا آپنے کہ عثمان اللہ اور رسول کے کام مین گیا ہے پس مارا آپنے ایک ہاتھ اپنا دوسرے ہاتھ پر اور وا سطے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ عثمان کے لئے ہزار درجہ بہتر تھا لوگون کے ہاتھون سے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **تمت حرم**

اس حدیث سے بڑی فضیلت حضرت عثمان کی ثابت ہوئی کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ گویا عثمان رضی اللہ عنہ کا ہاتھ ٹھہرایا اور آپ اُنکے نائب ہوئے بیعت میں اور بیعت الرضوان میں یہ بڑی فضیلت حاصل ہوئی احمد سے ذلک **عَنْ** ثُمَامَةَ بْنِ حَزْنٍ الْقُشَيْرِيِّ قَالَ شَهِدْتُ الدَّارَ حِيْنَ اشْرَفَ عَلَيْهِمْ عُثْمَانُ فَقَالَ اَتُنْشِدُنِيْ بِصَاحِبَيَّ اللَّذَيْنِ اُنَاشِدُكَ بِهِمَا كَانَهُمَا جَمَلَانِ اَوْ كَانَهُمَا حِمَارَانِ قَالَ فَاشْرَفَ عَلَيْهِمْ عُثْمَانُ فَقَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَالْاِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ وَلَيْسَ بِهَا مَاءٌ يُسْتَعْذَبُ غَيْرَ بِئْرِ رُوْمَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَشْتَرِيْ بِئْرَ رُوْمَةَ فَيَجْعَلُ دَلْوَهُ مَعَ دِلَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ بِخَيْرٍ لَهُ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِيْ فَاَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُوْنِيْ اَنْ اَشْرَبَ مِنْهَا حَتّٰى اَشْرَبَ مِنْ مَاءِ الْبَحْرِ قَالُوْا اَللّٰهُمَّ نَعَمْ فَقَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَالْاِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ الْمَسْجِدَ ضَاقَ بِاَهْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَشْتَرِيْ بُقْعَةَ اٰلِ فُلَانٍ فَيَزِيْدُهَا فِي الْمَسْجِدِ بِخَيْرٍ لَهُ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِيْ وَاَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُوْنِيْ اَنْ اُصَلِّيَ فِيْهَا رَكْعَتَيْنِ قَالُوْا اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَالْاِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّيْ جَهَّزْتُ جَيْشَ الْعُسْرَةِ مِنْ مَالِيْ قَالُوْا اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَالْاِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلٰى ثَبِيْرٍ مَكَّةَ وَمَعَهٗ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَاَنَا فَتَحَرَّكَ الْجَبَلُ حَتّٰى تَسَاقَطَتْ حِجَارَتُهٗ بِالْحَضِيْضِ قَالَ فَرَكَضَهٗ بِرِجْلِهٖ فَقَالَ اسْكُنْ ثَبِيْرُ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيْقٌ وَشَهِيْدَانِ قَالُوْا اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ شَهِدُوْا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ اَنِّيْ شَهِيْدٌ ثَلَاثًا **ترجمہ** روایت ہے ثمامہ بن حزن سے کہا انہوں نے کہ حاضر ہوا میں مکان پر جب حضرت عثمان اُس پر چڑھے تھے اور فرمایا آپ نے میرے سامنے لاؤ اُن دونوں کو جن دونوں کے ساتھ میں تمہیں سوگند دیتا ہوں گویا وہ دو اونٹ تھے یا دو گدھے یعنی نہایت فربہ اور قوی شخص تھے سو متوجہ ہوئے اُنکی طرف حضرت عثمان اور فرمایا آپ نے میں تمکو واسطہ دیتا ہوں اللہ کا اور اسلام کا تم جانتے ہو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب مدینہ میں تشریف لائے یہاں میٹھا پانی پینے کو نہ تھا سوا بیر رومہ کے اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو اس رومہ کو خریدے اور سب مسلمانوں کے برابر اپنا بھی ڈول سمجھے یعنے کچھ زیادہ تصرف اپنا نہ چاہے جس لیا جاویگا بدلا اُسکا جنت سے سو خریدا میں نے اُسکو اپنے اصل مال سے اور تم مجھکو آج روکتے ہو کہ میں اُس میں سے پیوں یہانتک کہ میں پیتا ہوں سمندر کا پانی یعنے کہا رسی شور کہا سب لوگوں نے یا اللہ ہاں یہی بات ہے پھر فرمایا آپ نے کہ میں تمکو واسطہ دیتا ہوں اللہ کا اور اسلام کا آیا تم جانتے ہو کہ مسجد تنگ ہوئی اپنے لوگوں پر یعنے مسجد نبوی سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو خریدے فلانے لوگوں کی زمین اور بڑھاوے اُسکو مسجد میں جنکر دیا جاویگا بدلا اُسکا جنت سی سو خریدا میں نے اُسکو اپنے اصل مال سے اور آج تم مجھے اُسمیں دو رکعت پڑھنے نہیں دیتے کہا لوگوں نے کہ یا اللہ ہاں یہی بات ہے پھر فرمایا آپ نے میں تمکو واسطہ دیتا ہوں اللہ کا اور اسلام کا تم جانتے ہو کہ عیار کر دیا میں نے سامان جیش عسرت کا یعنے غزوۂ تبوک کا اپنے مال سے لوگوں نے کہا ہاں پھر فرمایا آپ نے واسطہ دیتا ہوں میں تمکو اللہ کا اور اسلام کا تم جانتے ہو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ثبیر پر تھے جو ایک پہاڑ ہے مکہ میں اور آپکے ساتھ ابوبکر و عمر اور میں تھا پھر وہ ہلا یہانتک کہ بعض پتھر اُسکے نیچے گر پڑے یعنے فخر کے راہ سے تو لات ماری اُسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا ٹھہر اے ثبیر تیرے اوپر نبی اور صدیق اور دو شہید ہیں کہا لوگوں نے کہا ہاں تب فرمایا انہوں نے کہ گواہی دے چکے یہ میرے لئے یہ شہادت تین قسم ہے رب کعبہ کے اور یہ تین بار فرمایا **ف** یہ حدیث حسن ہے اور روایت کی گئی ہے حضرت عثمان سے کئی سندوں سے **عَنْ** اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ اَنَّ خُطَبَاءَ قَامَتْ بِالشَّامِ وَفِيْهِمْ رِجَالٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ اِخْوَهُمْ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ مُرَّةُ بْنُ كَعْبٍ فَقَالَ لَوْلَا حَدِيْثٌ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُمْتُ وَذَكَرَ الْفِتَنَ فَمَرَّ بِهَا قُمَّةُ رَجُلٍ مُقَنَّعٍ فِيْ ثَوْبٍ فَقَالَ هٰذَا يَوْمَئِذٍ عَلَى الْهُدٰى فَمَشَيْتُ اِلَيْهِ فَاِذَا هُوَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَاَقْبَلْتُ عَلَيْهِ بِوَجْهِهٖ فَقُلْتُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ **ترجمہ** نقل ہے ابی الاشعث صنعانی سے کہ بہت خطیب کھڑے ہوئے شام کے ملک میں کہ اُسمیں صحابی بھی تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پھر اُنمیں سے مرہ بن کعب کھڑے ہوئے اور اُنہوں نے کہا کہ اگر حدیث نہ سنی ہوتی میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے تو میں ہرگز خطبہ کے لئے کھڑا نہ ہوتا پھر ذکر کیا اُنہوں نے فتنوں کا اور بیان کیا کہ ظہور اُنکا قریب ہے اور گذرے ایک شخص منہ پر کپڑا ڈالے تو کہا مرہ نے یعنے حضرت کا قول نقل کیا کہ یہ شخص اُس دن ہدایت پر ہوگا سو میں کھڑا ہوا اُنکے پاس تو وہ عثمان بن عفان تھے پھر میں نے مرہ کیطرف متوجہ کیا اور کہا کہ وہ یہی ہیں اُنہوں نے کہا کہ ہاں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسباب میں ابن عمر اور عبداللہ بن حوالہ اور کعب بن عجرہ سے بھی روایت ہے **ترجمہ** اس حدیث سی بخوبی معلوم ہوا کہ جو فتنہ حضرت عثمان کے زمان خلافت میں ہوئے اُس سے حضرت عثمان پاک تھے اور اُنکے اعداء قاتلین سب گرفتار فتنہ غرض

خلیفہ برحق حق پر تھا اور وہ باطل پر **باب عن** عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یا عثمان انہ لعل اللہ یقمصک قمیصا فان ارادوک علی خلعہ فلا تخلعہ لھم وفی الحدیث قصۃ طویلۃ **ترجمہ** روایت ہے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عثمان شاید اللہ تعالیٰ تجھ کو ایک کرتا پہناوے اور لوگ اسکا اتارنا چاہیں تو تو ہرگز نہ اتاریو اور اس حدیث میں ایک قصہ طویلہ ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **ترجمہ** نعمان بن بشیر سے مروی ہے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اللہ تعالیٰ تجھے اس کام کا متولی کرے اور منافقین چاہیں کہ تیرا قمیص اتار لیں جو تجھے اللہ نے پہنایا ہے سو تو ہرگز نہ اتاریو تین بار یہی فرمایا نعمان نے کہا میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ تم نے یہ حدیث لوگوں کو کیوں نہ سکھائی انہوں نے فرمایا میں بھول گئے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے شاید مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے اسکی طرف اشارہ کیا ہو اور روایتیں اسبا میں بہت ہیں چنانچہ ابن عباس سے مروی ہے کہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ عثمان بن عفان آئے اور جب انکے قریب آئی آپنے فرمایا اے عثمان تم مقتول ہوگے ایسے وقت میں کہ پڑتے ہوگی سورہ بقرہ اور ایک قطرہ تمہارے خون کا فیسقیکہم اللہ پس گریگا کہ مشرق اور مغرب کے لوگ اسپر تمسے رشک کرینگے اور شفاعت قبول کیجاویگی تیرے ربیعہ اور مضر کے قبیلے کے برابر اور مبعوث ہوگا تو قیامت کے دن امیر المؤمنین مرحوم کے اوپر روایت کیا اسکو حاکم نے اور ابن عمر سے مروی ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ صبح کو اٹھے اور بیان کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اگلی شب اور فرمایا آپنے کہ اے عثمان آج تم ہمارے ساتھ افطار کرنا پھر صبح کو حضرت عثمان روزہ دار تھے کہ مقتول ہوئے رضی اللہ عنہ روایت کیا اسکو حاکم نے **باب عن** ابن عمر قال کنا نقول ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حی ابو بکر و عمر و عثمان **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا انہوں نے ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حیوۃ میں بڑی لوگوں میں گنا کرتے تھے ابوبکر و عمر و عثمان کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے غریب سمجھی جاتی ہے عبید اللہ بن عمر کے روایت سے اور روایت کی گئی ہے یہ حدیث ابن عمر سے کئی سند وں سے **عن** ابن عمر قال ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتنۃ فقال یقتل ھذا فیھا مظلوما لعثمان **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ ذکر کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک فتنہ کا اور فرمایا کہ عثمان اس میں مظلوم قتل ہونگے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **باب عن** عثمان بن عبد اللہ بن موھب ان رجلا من اھل مصر حج البیت فرای قوما جلوسا فقال من ھؤلاء قالوا قریش قال فمن ھذا الشیخ فیھم قالوا ابن عمر فاتاہ فقال انی سائلک عن شیء فحدثنی ھل تعلم ان عثمان فر یوم احد قال نعم قال تعلم انہ تغیب عن بیعۃ الرضوان فلم یشھدھا قال نعم قال تعلم انہ تغیب یوم بدر فلم یشھد قال نعم فکبر فقال لہ ابن عمر تعال حتی ابین لک ما سألت عنہ اما فراره یوم احد فاشھد ان اللہ قد عفا عنہ وغفر لہ واما تغیبہ یوم بدر فانہ کانت تحتہ ابنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لک اجر رجل شھد بدرا وسھمہ واما تغیبہ عن بیعۃ الرضوان فلو کان احد اعز بطن مکۃ من عثمان لبعثہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکان عثمان بعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عثمان وکانت بیعۃ الرضوان بعد ما ذھب عثمان الی مکۃ قال فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیمینہ ھذہ ید عثمان وضرب بھا علی یدہ وقال ھذہ لعثمان قال لہ اذھب بھذا الان معک **ترجمہ** روایت ہے عثمان بن عبد اللہ بن موہب سے کہ ایکدن مصر سے آیا حج بیت اللہ کو سو کچھ لوگوں کو بیٹھے دیکھا اور کہا کہ یہ کون لوگ ہیں کسی نے کہا یہ قریش ہیں کہا یہ بوڑھا کون ہے کہا عبد اللہ بن عمر سو وہ مصری اُن پاس آیا اور کہا میں تجھ سے کچھ پوچھنے والا ہوں سو تم مجھے بیان کرو تمہیں قسم ہے اس گھر کی حرمت کے کیا تم جانتے ہو کہ عثمان بھاگے تھے اُحد کے دن انہوں نے کہا ہاں پھر کہا کیا تم جانتے ہو کہ وہ حاضر نہ تھے بیعۃ الرضوان میں انہوں نے کہا ہاں اُسنے کہا کیا تم جانتے ہو کہ وہ غیر حاضر رہے بدر میں انہوں نے کہا ہاں اُس مصری نے کہا اللہ اکبر پھر تم انکے فضیلت کے کیوں قایل ہو سو ابن عمر نے کہا آ میں تجھے بیان کروں تیرے سوالوں کو اُحد کے بھاگنے کا جو حال تو نے پوچھا تو گواہ رہ کہ وہ اللہ نے انکو معاف کر دیا اور بخشدیا اور غیر حاضر بدر کی اُسکا سبب یہ کہ انکے نکاح میں صاحبزادی تھیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سو حضرت نے اُنسے فرمایا کہ تمہیں اُس مرد کے برابر ثواب ہے جو بدر میں حاضر ہوا اور اُسکا حصہ بھی تمہیں ملیگا اور غیر حاضری انکی بیعۃ الرضوان سے اُسکا سبب یہ کہ اگر کوئی اُنسے بڑھکر عزت کا مکہ میں ہوتا تو حضرت اُسکو بھیجتے عثمان کے بدلے اور حضرت نے انکو مکہ روانہ کیا اور بیعۃ الرضوان انکے بعد ہوئی اور حضرت نے اپنے دست مبارک کو کہا کہ یہ عثمان کا ہاتھ ہے اور اُسکو دوسرے ہاتھ پر مارا اور فرمایا بیعت ہے عثمان کے پھر کہا عبد اللہ نے جا یہ ہے جواب تیرے ساتھ لیجا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ**

چونکہ مصری ہی لوگ باعث قتل و حصار امیر المؤمنین حضرت عثمان رضی اللہ کے ہوے تھے اسی نظر سے اُس مرد مصری کو بھی اُنسے بدگمانی تھی مگر عبد اللہ بن عمر کو اللہ جزاے خیر دے کہ اُنہوں نے خوب اُسکی تسلی کر دی اللہ ہمارے زمانہ کے روافض کو بھی ہدایت کرے کہ وہ اصحاب ثلثہ کے خدمات میں گستاخیاں نکرین آمین یا رب العالمین

**باب** **عَنْ** جَابِرٍ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةِ رَجُلٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا رَأَيْنَاكَ تَرَكْتَ الصَّلٰوةَ عَلٰى أَحَدٍ قَبْلَ هٰذَا قَالَ إِنَّهُ كَانَ يُبْغِضُ عُثْمَانَ فَأَبْغَضَهُ اللّٰهُ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم پاس ایک جنازہ لائے نماز کے لئے آپ نے نماز نہ پڑہی لوگوں نے عرض کے کہ یا رسول اللہ ہمنے کبھی نہ دیکھا آپکو کہ کسیکے نماز نہ پڑہی ہو آپنے فرمایا وہ بغض رکہتا تہا عثمان سے اور اللہ بغض رکہتا ہے اُس سے **ف** یہ حدیث غریب ہے ہمنہین جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور محمد بن زیاد صاحب میمون بن مہران ضعیف ہین حدیث مین بہت اور محمد بن زیاد صاحب ابی ہریرہ وہ ثقہ ہین اور کنیت اُنکی ابو الحارث ہے اور محمد بن زیاد الہانی صاحب ابی امامہ ثقہ ہین شامی کنیت اُنکی ابو سفیان ہے **مترجم** یہ حدیث اگرچہ غریب ہے مگر ردو فضل معونین کا حضرت ذی النورین سے عداوت رکہنا باوجود ان روایات کے اُس سے زیادہ غریب ہے

**باب** **عَنْ** أَبِي مُوسٰى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ انْطَلَقْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ حَائِطًا لِلْأَنْصَارِ فَقَضٰى حَاجَتَهُ فَقَالَ لِي يَا أَبَا مُوسٰى امْلِكْ عَلَى الْبَابِ فَلَا يَدْخُلَنَّ عَلَيَّ أَحَدٌ إِلَّا بِإِذْنِي فَجَاءَ رَجُلٌ فَضَرَبَ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالَ أَبُو بَكْرٍ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هٰذَا أَبُو بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ قَالَ ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَدَخَلَ وَجَاءَ رَجُلٌ آخَرُ فَضَرَبَ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا فَقَالَ عُمَرُ فَقُلْتُ عَلٰى رِسْلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هٰذَا عُمَرُ يَسْتَأْذِنُ فَقَالَ ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَدَخَلَ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ فَجَاءَ رَجُلٌ آخَرُ فَضَرَبَ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا فَقَالَ عُثْمَانُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هٰذَا عُثْمَانُ يَسْتَأْذِنُ قَالَ ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلٰى مَا يُصِيبُهُ **ترجمہ** روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہا اُنہوں نے کہ داخل ہوا مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتہ انصار کے ایک باغ مین اور پوری کی آپنے وہان حاجت اپنی اور مجہسے فرمایا اے ابو موسی تم دروازہ پر رہو کہ کوئی داخل نہونے پاوے بغیر اذن کے سو ایک شخص آیا اور اُسنے دروازہ ٹہونکا مینے کہا کون ہے اُنہوں نے کہا ابو بکر مین نے کہا یا رسول اللہ ابو بکر اذن مانگتے ہین آپنے فرمایا اُنکو اذن دو اور بشارت دو جنت کی سو داخل ہوے پہر دوسرا شخص آئی اور دروازہ ٹہونکا مینے کہا کون ہے اُنہوں نے کہا عمر مینے عرض کی یا رسول اللہ عمر اذن مانگتے ہین آپنے فرمایا اُنکے لئے دروازہ کہولدو اور بشارت دو اُنہین جنت کی سو دروازہ کہولا مینے اور بشارت دی اُنکو جنت کی پہر ایک اور شخص آئے اُنہوں نے دروازہ ٹہونکا مینے کہا کون اُنہوں نے کہا عثمان مینے عرض کی یا رسول اللہ یہ عثمان ہین اذن مانگتے ہین آپنے فرمایا کہولدو اُنکے لئے اور بشارت دو اُنکو جنت کی ایک بلا پر جو اُن پر ہوگا اور وہ بلا وہی آخر خلافت کا جسمین آپ شہید ہوے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور کئی سندون سے عثمان ہندی سے مروی ہوئی ہے اور اسباب مین جابر اور ابن عمر سے بہی روایت ہے

**عَنْ** أَبِي سَهْلَةَ قَالَ قَالَ لِي عُثْمَانُ يَوْمَ الدَّارِ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عَهِدَ إِلَيَّ عَهْدًا فَأَنَا صَابِرٌ عَلَيْهِ **ترجمہ** روایت ہے ابی سہلہ سے کہ فرمایا مجہسے حضرت عثمان نے جب وہ اپنے گہر مین گہرے ہوئی تہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مجہسے ایک عہد کیا ہے مین اُسپر صابر ہون **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے ہمنہین جانتے ہم اسکو مگر اسمٰعیل بن ابی خالد کے روایت سے **مترجم** مآثر جمیلہ اور محامد حسنہ حضرت عثمان ذی النورین کے بہی بہت ہین ازانجملہ یہ ہے کہ قریش مین آپکا نسب بہت عالی تہا ننہیال اور ددہیال دونون طرف سے انتساب وغیرہ مین ہے کہ عثمان بن عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد الشمس بن عبد مناف بن قصے ہین اور والدہ اُنکے اروی بنت کریز بن ربیعہ بنت حبیب بن عبد الشمس اور ام ابان اروے کے نام اُنکا بیضا ہے کہ وہ ابان بن حکیم بنت عبد المطلب کے جو پہوپہی ہین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور قبل اسلام بہی قریش مین ثروت و وجاہت رکہتے تہے اور متصف بہ سخا تہے بعضے لوگون نے کہا ذی النورین اُنکا لقب اسلئے ہوا کہ دو سخاوتین کین ایک قبل اسلام ایک بعد اُسکے اور فطرت سلیمہ اُنکے بہت سے امور جاہلیت سے نفور و مہجور رہی اور یہ دلیل ہے اسپر کہ وہ اہل فطرت مین تشبیہ بالانبیا رکہتے تہے انتساب مین ہے کہ جاہلیت مین شراب اُنہون نے اپنے اوپر حرام کی تہی اور ریاض مین ہے کہ اُنہون نے فرمایا مینے زنا نہین کیا جاہلیت مین نہ اسلام مین چوری کی اور وہ سبّاق مسلمین سے ہین ابو عبیدہ بن جراح اور عبد الرحمن بن عوف سے پہلے ایمان لائے ہین بدلالت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور وہ اُس جماعت مین ہین کہ انضمام عمر سے اُنکے چالیس عدد پورے ہوے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم آپنی صاحبزادی رقیہ کو اُنکے نکاح مین دیا اور اُنکے حسن سلوک سے ہمیشہ شاد و مبتہج رہے اور جب کفار مکہ نے اہل اسلام کے ایذا پر کمر باندہی اُنہون نے حبشہ کیطرف ہجرت کی اور وہ پہلے شخص ہین کہ اپنے زوجہ کے ساتہ اُنہون نے ہجرت کی بعد ابراہیم اور لوط علیہما السلام کے اور حضرت اُنکے خبر کے ہمیشہ منتظر رہتے تہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جب مدینہ مین تشریف

ہوے حضرت عثمان انہیں دنوں حاضر خدمت ہوے بخلاف اور مہاجران حبشہ کے کہ وہ بعد واقعۂ خیبر کے آئے اور جب جہاد شروع ہوا جمیع غزوات میں آپکے ہمرکاب رہی ہوا مدت کے کہ اسمیں جانبداری رقیہ میں شامل ہے بحکم آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور آپنے اُنکے اجر و غنیمت دونوں کا وعدہ کیا اسلئے بدر میں نہیں شمار ہوے اور جب غزوۂ احد میں ذرا صحابہ پس پا ہوے رحمت الٰہی نے انکا تدارک کیا اور اُس خطا کو مذیل عفا اللہ عنہم جہاد یا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسرار مسلمین کے تسلے کے لئے انکو مکہ روانہ کیا اور وہ عسکر مشرکین میں آئے اور ابان بن سعید بن العاص نے انکو امان دی اور مکہ جاکر مسلمان کو تسلی دی اور پیغام نبی صلے اللہ علیہ وسلم پہونچایا اور جب صلح حدیبیہ میں آپنے انکو مکہ روانہ فرمایا اور آوازہ اُنکے قتل کا بلند ہوا وہی باعث ہوا بیعۃ الرضوان کا اور آپنے اپنے ایک ہاتھ پر دوسرا رکھا کہ بیعت عثمان ہے اور اسلئے معدود ہوے وعامل رضوان میں اور جب رقیہ نے انتقال فرمایا آپنے اُنکے نکاح میں ام کلثوم دین رضی اللہ عنہا اور یہ عجیب فضیلت ہے کہ اُنکے سوا کسی کو میسر نہیں اور جب ام کلثوم کا بھی انتقال ہوا تو آپنے فرمایا اُنکے نکاح کے تجویز کرو کہ اگر میرے پاس چالیس بیٹیاں ہوتیں تو میں ایک ایک بیاہتا جاتا اُنکے ساتھ اگرچہ ایک زمانہ آخر عسرت کی تجہیز میں نصیب ادنی اور اکمل انکو عنایت ہوا اور حضرت نے انکو اسی میں بشارت دی کہ اب کوئی عمل اُنکو نقصان نہیں کرتا اور تبتیل کے انہوں نے بیر رومہ کے اور توسیع کی مسجد نبوی کے ایک مربعہ خرید کی بیس پانچسں ہزار کو اور غزوہ تبوک کے مجہز جیش شدید کو کہ ایک قافلہ کا قافلہ قوت وطعام وادوم کا حضرت کے خدمت میں خرید کے حاضر کیا اور اُسے دیکھکر آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھائے اور کہا کہ یا اللہ میں عثمان سے راضی ہوا تو بھی راضی ہو جزاہ اللہ عنا خیر الجزاء ورضی عنا کما رضی عنہ اور اکثر احیان کتابت وحی آپنے کی ہے اور وہ اول شخص ہیں کہ انہوں نے حضرت کے لئے خبیص پکایا اور وہ ایک قسم ہے حلوے کی کہ آٹے اور گھی اور شہد سے پکاتے ہیں اور حضرت نے اُسے بہت پسند کیا اور کہا اور اُن کے لئے دعا کی اور بیاض مضمون میں ہے کہ ایکبار حضرت کے گھر میں عسرت ہوئی اور لڑکے رونے لگے اور حضرت نکلے کہ جا بجا نماز پڑھتے اور دعا کرتے کہ حضرت عثمان حاضر ہوے اور اسپر مطلع ہو کر دنیا کو برا کہا اور چند بوجھے آٹا اور گیہوں اور کھجور اور چند بکریاں چمڑے چلائی اور تین صورہم روانہ کیا اور کہا کہ گھانا دیر میں تیار ہوگا اسلئے روٹی اور بھنا ہوا گوشت بھی بھیجا اور حضرت جب گھر میں تشریف لائے اور اُسپر مطلع ہوے باہر نکلے اور دونوں ہاتھ اور دعا کی کہ یا اللہ میں راضی ہوا عثمان سے سو تو بھی راضی ہو دو بار یہی دعا کی اور کئی بار ایسی دعا کا اتفاق ہوا اور اعمال متقربہ سے حظ وافر اور نصیب کامل اللہ نے اُنکو عنایت فرمایا تھا چنانچہ حضرت کے زمانہ میں اُنہوں نے قرآن حفظ کیا اور بغایت قوی الحفظ تھے اور طہارت کے باہمیں اعتنای کامل رکھتے تھے چنانچہ حدیث حمران کے اور ایک جماعت کے جو صحیحین میں ہے اسپر شاہد عادل ہے اور صیام وقیام میں یدطولے رکھتے تھے چنانچہ مولاۃ سے عثمان کے مروی ہے کہ آپ صوم دہر رکھتے تھے اور قیام لیل بجا لاتے تھے یعنے ساری رات جاگتے تھے سوا اول شب کے کہ تھوڑا سا سو جاتے تھے اور صدقہ کا یہ حال تھا کہ ایکبار خلافت ابی بکر میں مدینہ میں قحط ہوا اور ابو بکر نے کہا شام تک اللہ تمہارے تکلیف کھولدیگا پھر جب دوسرا دن ہوا تو ہزار شتر بار گندم وطعام کے حضرت عثمان کے یہاں شام سے آئے اور تاجروں کے پاس آئے اور دس گون کے بارہ اور چودہ اور پندرہ کے دام دینے لگے آپنے فرمایا اور لوگ اُس سے زیادہ مجھے دیتے ہیں لوگوں نے کہا وہ کون ہیں آپنے فرمایا کہ یہہ سب صدقہ ہے فقراء مدینہ پر کہ اللہ نے اُسکا دس گنا دینے کا وعدہ کیا ہے عبداللہ بن عباس سے مروی ہے کہ اُس شب میں نے خواب میں دیکھا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ایک سرخ گھوڑے پر سوار ہیں اور ہاتھ میں ایک نورانی چھڑی ہے اور دو نعلین آپ آپکے پیر میں ہیں کسیسے اُسکے نور کے ہیں سو میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہیں مجھے آپکی زیارت کا نہایت شوق تھا آپنے فرمایا کہ میں عثمان کے شادی میں جاتا ہوں کہ اللہ نے ایک حور سے اُنکے شادی جنت میں کی ہے اور اُنہوں نے ہزار اوقیہ اللہ کے راہ میں صدقہ کئے ہیں اور اللہ نے اُنسے قبول کیا ہے اور اسیطرح اعناق میں پایہ بلند رکھتے تھے چنانچہ فرمایا اُنہوں نے کہ جب سے میں نے اسلام لایا کوئی جمعہ نہیں گذرا کہ میں نے ایک غلام آزاد نہ کیا اور اگر کوئی جمعہ ناغہ ہوتا تو جمعۂ آیندہ میں اُسکو جمع کرتا اور ادای حج وعمرہ میں بھی ماشاء اللہ اُنکا یہی حال تھا کہ اکثر ایسا ہوتا کہ آپ عمرہ سے آتے اور بالان نہ اُتارتے اور پھر چلے جاتے اور صلۂ رحم میں بھی اپنے اقران سے ممتاز تھے چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے لَقَدْ قَتَلُوْهُ وَاِنَّهُ لَيَصِلُ الرَّحِمَ وَاَتْقَاهُمْ لِلرَّبِّ اور حضرت علی سے بھی ایسا ہی مروی ہے اور اسیطرح مراتب سلوک میں پایہ عالی رکھتے تھے جزاہ اللہ عنا خیر الجزاء آمین

## مَنَاقِبُ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُقَالُ لَهُ اَبُوْ تُرَابٍ اَبُو الْحَسَنِ

## مناقب علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

ابو تراب دوسرے ابو الحسن عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشًا وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ فَمَضٰى فِي السَّرِيَّةِ

فَاَصَابَ جَارِيَةً فَاَنْكَرُوْا عَلَيْهِ وَتَعَاقَدَ اَرْبَعَةٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اِذَا لَقِيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْنَاهُ بِمَا صَنَعَ عَلِيٌّ وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ اِذَا رَجَعُوْا مِنْ سَفَرٍ بَدَاَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمُوْا عَلَيْهِ ثُمَّ انْصَرَفُوْا اِلٰى رِحَالِهِمْ فَلَمَّا قَدِمَتِ السَّرِيَّةُ سَلَّمُوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ اَحَدُ الْاَرْبَعَةِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَمْ تَرَ اِلٰى عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ صَنَعَ كَذَا وَكَذَا فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَامَ الثَّانِيْ فَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ قَامَ اِلَيْهِ الثَّالِثُ فَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ قَامَ الرَّابِعُ فَقَالَ مِثْلَ مَا قَالُوْا فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْغَضَبُ يُعْرَفُ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ اِنَّ عَلِيًّا مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مِّنْ بَعْدِيْ ترجمہ روایت ہے عمران بن حصین سے انہوں نے کہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر روانہ فرمایا اور علی بن ابیطالب کو اسپر عامل کیا اور وہ لشکر اس لشکر میں پہرلی انہوں نے مال غنیمت سے ایک لونڈی لوگوں نے اسے برا جانا اور چار صحابیوں نے اقرار کیا کہ ملاقات کے وقت حضرت کو خبر کرینگے اور مسلمانوں کے عادت تھی کہ جب سفر سے آتی پہلے حضرت کو سلام کرتے پھر گھر جاتے غرض جب لشکر لوٹ کر آیا اور حضرت پر سلام کیا ایک ان چار کا کھڑا ہوا اور عرض کی کہ یا رسول اللہ دیکھئے علی نے یہ کیا کیا آپنے سونہ پہیر لیا پھر دوسرا کھڑا ہوا اور وہی کہا اور تیسرا اور چوتھا آپنے سب سے مونہہ پھیر لیا اور چوتھے سے متوجہ ہوئے اور غضب آپکے چہرہ سے معلوم ہوتا تھا اور تین بار فرمایا کیا چاہتے ہو تم علی سے علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں اور وہ دوست ہے ہر مومن کا بعد میرے ف یہ حدیث غریب ہے ہم اسکو مگر جعفر بن سلیمان کے روایت سے عَنْ اَبِيْ مَرْيَحَةَ اَوْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ شَكَّ شُعْبَةُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ ترجمہ روایت ہے ابی سریحہ یا زید بن ارقم سے شعبہ کو شک ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکا میں دوست ہوں اسکا علی دوست ہے ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت کیا شعبہ نے یہ حدیث میمون ابی عبداللہ سے انہوں نے زید بن ارقم سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ماننداسکے اور ابو سریحہ کا نام حذیفہ ہے وہ بنی غفار کے اور وہ صحابی ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے مترجم شیعہ جو اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں ثبوت خلافت بلافصل پر حضرت علی کے یہ محض باطل ہے بچند وجوہ اول یکہ مولی عربی میں بہت معنوں پر آتا ہے اور اطلاق اسکا کبھی رب پر اور کبھی مالک و سید پر اور کبھی منعم و معتق و ناصر و محب و تابع اور جار اور ابن عم اور حلیف اور عقید اور صہر اور عبد اور معتق اور منعم علیہ پر آتا ہے پس تخصیص ایک معنی کے بغیر کسی مخصص کے باطل ہے اور لفظ کثیر المعنی سے خاص ایکہی معنی مراد لینا خلاف ہر عاقل ہے دوسرے یہ کہ قطع نظر ان معانی کثیرہ مختلفہ کے ہمنے یہ بھی تسلیم کیا کہ مولی سے خلیفہ ہی مراد ہے مگر اس سے ثبوت خلافت بلافصل کا محال ہے اور مطلق ثبوت خلافت محل خلاف نہیں تیسرے یکہ مولی کا مصدر بھی مختلف ہے کبھی وہ مشتق ہوتا ہے ولایت سے جو بالفتح ہے اور یہ مستعمل ہے نصب اور نصرت اور عتق میں پس اس صورت میں دلالت اسکی امارت اور حکومت پر ہو ہی نہیں سکتی اور کبھی ولایت سے جو بالکسر ہے کہ اسکے معنے امارت کے ہیں اس صورت میں پہر وہی اشکال دامنگیر ہے کہ امارت مطلقہ سے اثبات امارت مقیدہ کا محال ہے انتہی ماقال المترجم عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ اَبَا بَكْرٍ زَوَّجَنِيْ ابْنَتَهٗ وَحَمَلَنِيْ اِلٰى دَارِ الْهِجْرَةِ وَاَعْتَقَ بِلَالًا مِنْ مَالِهٖ رَحِمَ اللّٰهُ عُمَرَ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا تَرَكَهُ الْحَقُّ وَمَا لَهٗ صَدِيْقٌ رَحِمَ اللّٰهُ عُثْمَانَ تَسْتَحْيِيْهِ الْمَلَائِكَةُ رَحِمَ اللّٰهُ عَلِيًّا اَللّٰهُمَّ اَدِرِ الْحَقَّ مَعَهٗ حَيْثُ دَارَ ترجمہ روایت ہے حضرت علی سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرے اللہ ابوبکر پر کہ بیاہ دی انہوں نے مجھے لڑکی اپنے اور لے آئے مجھکو ہجرت کے گھر اور آزاد کیا بلال کو اپنے مال سے رحمت کرے اللہ عمر پر کہ حق بات کہتا ہے اگرچہ تلخ ہو کسیکو حق نے اسکو ایسے حال میں چہوڑا کہ اسکا کوئی دوست نہیں یعنے سوا اللہ اور رسول کے اور رحمت کرے اللہ عثمان پر کہ حیا کرتے ہیں اس سے فرشتے رحمت کرے اللہ علی پر کہ یا اللہ حق اسکے ساتھ رہے وہ جہاں کہیں ہو ف یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے مترجم اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو معاملات حضرت علی کے زمان خلافت میں ہوئے اور جن لوگوں نے آپ سے خلاف کیا مثل معاویہ رضی اللہ عنہ وغیرہ نے انمیں حق حضرت علی کی طرف تہا اسلئے کہ دعا آپکی مقبول ہے اور ان لوگوں سے جنہوں نے آپکا خلاف کیا خطائی اجتہادی ہوئی اور خطائی اجتہادی محل طعن نہیں بس طعن اصحاب پر مقدمہ رفض ہے خواہ معاویہ رضی اللہ عنہ ہوں یا اور کوئی عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ بِالرَّحْبَةِ فَقَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْجَمَلِ بَيْنَا نَاسٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ فِيْهِمْ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو وَنَاسٌ مِّنْ رُؤَسَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خَرَجَ اِلَيْكَ نَاسٌ مِّنْ اَبْنَاءِنَا وَاِخْوَانِنَا وَاَرِقَّائِنَا وَلَيْسَ لَهُمْ فِقْهٌ فِي الدِّيْنِ وَ

إِنَّمَا خَرَجُوا فِرَارًا مِنْ أَمْوَالِنَا وَضِيَاعِنَا فَارْدُدْهُمْ إِلَيْنَا فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ فِقْهٌ فِي الدِّينِ سَنُفَقِّهُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ لَتَنْتَهُنَّ أَوْ لَيَبْعَثَنَّ اللهُ عَلَيْكُمْ مَنْ يَضْرِبُ رِقَابَكُمْ بِالسَّيْفِ عَلَى الدِّينِ قَدِ امْتَحَنَ اللهُ قُلُوبَهُمْ عَلَى الْإِيمَانِ قَالُوا مَنْ هُوَ يَا رَسُولَ اللهِ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ مَنْ هُوَ يَا رَسُولَ اللهِ وَقَالَ عُمَرُ مَنْ هُوَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ هُوَ خَاصِفُ النَّعْلِ وَكَانَ أَعْطَى عَلِيًّا نَعْلَهُ يَخْصِفُهَا قَالَ ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَيْنَا عَلِيٌّ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

**ترجمہ** روایت ہے علی بن ابی طالب سے کہ انہوں نے کہا رجعہ کوفہ میں کہ حدیبیہ کے دن ہماری طرف کئی مشرک نکلے کہ انمیں سہیل بن عمرو اور کئی سردار مشرکوں کے تھے اور انہوں نے کہا یا رسول اللہ کئی شخص ہمارے بیٹوں اور بھائیوں اور غلاموں میں سے آپکے طرف نکلے ہیں کہ انکو دین کی سمجھ نہیں اور ہمارے اموال اور ضیاع میں سے بھاگ گئے سو انکو پھیر دیجئے کہ اگر انکو دین کی سمجھ نہیں تو ہم انہیں سمجھا دیویں حضرت نے فرمایا کہ ای گروہ قریش کے تم اپنے نفسانیت سے باز آؤ ورنہ اللہ ایسے لوگ تم پر بھیجے گا جو تمہاری گردن پر دین کے تلوار مارے اور اللہ نے آزمایا انکے دلوں کو ایمان پر لوگوں نے عرض کی کہ وہ کون ہے یا رسول اللہ اور ابوبکر نے بھی اور عمر نے بھی عرض کی کہ وہ کون ہے یا رسول اللہ آپنے فرمایا کہ وہ جوتی ٹانکنے والا اور حضرت نے علی رضی اللہ عنہ کو اپنی جوتی ٹانکنے کو دی تھی روانی نے کہا کہ پھر علی ہم سے متوجہ ہوئے اور کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو مجھ پر جھوٹ باندھے اپنی جگہ دوزخ میں ڈھونڈھ لی **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسی سندسی مگر اسی سندسی ربعی کے روایت ہے کہ وہ علی سے روایت کرتے ہیں **باب عن** ابی سعید الخدری قال ان کنا لنعرف المنافقین نحن معاشر الانصار ببغضھم علی بن ابیطالب **ترجمہ** روایت ہے کہ ابی سعید خدری نے فرمایا ہم لوگ انصار کے میں جانتے ہیں منافقوں کو کہ وہ عداوت رکھتے ہیں حضرت علی بن ابی طالب سے **ف** یہ حدیث غریب ہے اور کلام کیا ہے شعبہ نے ابی ہرون عبدی میں اور مردی ہوئی یہ حدیث اعمش سے انہوں نے روایت کیا ابی صالح سی انہوں نے ابی سعید سے **باب عن** ام سلمۃ تقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یحب علیا منافق ولا یبغضہ مؤمن **ترجمہ** روایت ہے ام سلمہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے دوست نہیں رکھتا علی کو کوئی منافق اور دشمن نہیں رکھتا انکو کوئی مومن **ف** اسیطرح میں بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سندسی **باب عن** بریدۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ امرنی بحب اربعۃ واخبرنی انہ یحبھم قیل یا رسول اللہ سمھم لنا قال علی منھم یقول ذلک ثلثا وابو ذر والمقداد وسلمان وامرنی بحبھم واخبرنی انہ یحبھم **ترجمہ** روایت ہے بریدہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ نے مجھے حکم کیا ہے چار شخصوں کے محبت کا اور خبر دی کہ وہ بھی انہیں دوست رکھتا ہے لوگوں نے عرض کی اسی رسول اللہ کی انکے نام فرمائے آپنے فرمایا علی انمیں سے ہیں فرماتے تھے یہ تین بار اور نام لیتے تھے ابوذر اور مقداد اور سلمان کا اور فرماتے تھے کہ حکم کیا مجھکو انکی محبت کا اور خبر دی کہ وہ بھی انسے محبت رکھتا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر شریک کے روایت سے **باب عن** حذیفۃ بن جنادۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی مني وانا من علی ولا یؤدی عني الا انا او علی **ترجمہ** روایت ہے حذیفہ بن جنادہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں اور صلح اور عہد نقض وغیرہ کو میری طرف سے کوئی ادا نہیں کر سکتا مگر میں یا علی اور حضرت نے جب فرمایا کہ ابوبکر کے ساتھ علی کو روانہ کیا کہ وہ مشرکوں کو مقدمہ برأت کا سنا دیں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے **عن** ابن عمر قال اخا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بین اصحابہ فجاء علی تدمع عیناہ فقال یا رسول اللہ اخیت بین اصحابک ولم تواخ بیني وبین احد فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انت اخي في الدنیا والآخرۃ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں بھائی چارہ کروایا ایک کا دوسرے سے یعنے ایک مہاجر اور ایک انصار سے اور علی روتی ہوئے آئی کہ یا رسول اللہ آپنے بھائی چارہ کروایا اپنے اصحاب میں اور مجھے کسیکا بھائی نکیا آپنے فرمایا تم ہمارے بھائی ہو دنیا اور آخرت میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور اسباب میں زید بن ابی اوفی سے بھی ہے **باب عن** انس بن مالک قال کان عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم طیر فقال اللھم ائتني باحب خلقک الیک یاکل معي من ھذا الطیر فجاء علی فاکل

**ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہا کہ میں آپکے پاس تھا کہ آپکے پاس کچھ پرندہ بھنا ہوا آیا پس آپنے دعا کی یا اللہ آپکے پاس اس شخصکو جو سارے مخلوق سے زیادہ تیرا دوست ہو کہ وہ میرے ساتھ اس پرندہ کا گوشت کھاوے پھر علی حاضر ہوئے اور انہوں نے آپکی ساتھ کھایا **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو سندکی روایت سے مگر اسی سند سے اور مروی ہوئی یہ حدیث انس سے کئی سندوں سے اور سند کا نام اسمٰعیل بن عبدالرحمن ہے اور انہوں نے پایا ہے انس بن مالک کو اور دیکھا ہے حسین بن علی کو **عن** عبداللہ بن عمرو بن ھند الجملی قال

قَالَ عَلِيٌّ كُنْتُ اِذَا سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَانِيْ وَاِذَا سَكَتُّ اِبْتَدَأَنِيْ **ترجمہ** عبداللہ بن عمر بن ہند جملی سے روایت ہے کہ حضرت علی نے فرمایا جب مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگتا عنایت فرماتے تھے اور جب مین چپ رہتا تھا ہے مجھے پہلے دیتے تھے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **باب ۵ عن**

عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا دَارُ الْحِكْمَةِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مین گھر ہون حکمت کا اور علی اسکا دروازہ ہین **ف** یہ حدیث غریب ہے منکر ہے روایت کے بعضون نے یہ حدیث شریک سے اور ذکر کیا اسمین صنابحی کا اور نہین جانتے ہم کسیکے روایت اسکو سوا شریک کے ثقافی سے اور سابعین ابن عباس سے ہے روایت **عن** سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ اَمَرَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ سَعْدًا فَقَالَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسُبَّ اَبَا تُرَابٍ فَقَالَ

اَمَّا مَا ذَكَرْتُ ثَلَاثًا قَالَهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَنْ اَسُبَّهُ لَاَنْ تَكُوْنَ لِيْ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِعَلِيٍّ وَخَلَّفَهُ فِيْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تُخَلِّفُنِيْ مَعَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى اِلَّا اَنَّهُ لَا نُبُوَّةَ بَعْدِيْ وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ يَوْمَ خَيْبَرَ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ قَالَ فَتَطَاوَلْنَا لَهَا فَقَالَ اُدْعُوْا لِيْ عَلِيًّا قَالَ فَاَتَاهُ وَبِهِ رَمَدٌ فَبَصَقَ فِيْ عَيْنِهِ فَدَفَعَ الرَّايَةَ اِلَيْهِ فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ الْاٰيَةَ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلِيْ **ترجمہ** روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہ پوچھا معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ نے سعد کو کہ تم کیون نہین کہتے ابوتراب کو یعنے حضرت علی کو کہا جبتک یاد رکھونگا مین تین باتون کو کہا تھا انکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تو نہین برا کہونگا انکو انمین سے ایک کا میرے واسطے ہونا اس سے اچھا ہے کہ میرے لئے سرخ اونٹ ہون سنا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو اور مدینہ مین چھوڑا تھا انکو آپنے بعض مغازی مین سو انہون نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ مجھی چھوڑے جاتے ہین عورتون اور لڑکون کے ساتھ یعنے مین جہاد کے لائق نہین ہون سو فرمایا آپنے کیا تو راضی نہین ہوتا اس درجہ عالیہ پر کہ تو میرے واسطے ایسا ہو جیسا ہارون موسیٰ کے واسطے یعنے وہی کہ وقت حضرت ہارون کو نبی اسرائیل مین خلیفہ کر گئے تھے مگر فرق اتنا ہے کہ نبوت میرے بعد کسیکو نہین دوسرے یہ کہ سنا مین نے کہ فرماتے تھے خیبر کے دن کہ آج جھنڈا دونگا کہ وہ اللہ اور رسول کو دوست رکھتا ہے اور اللہ و رسول اسکو رکھا ہے دوست اسکے پھر رغبت کے ہم سب لوگون نے اسکی اور آپنے فرمایا کہ بلاؤ میرے پاس علی کو اور وہ حاضر ہوے اور انکی آنکھین دکھتی تھین پس آپنے لب مبارک ڈال دیا انکے آنکھ مین اور دیا جھنڈا انکو اور فتح دی اللہ نے انکو تیسرے کہ جب اتری آپ پر یہ آیت نَدْعُ اَبْنَآءَنَا سے آخر تک بلایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کو اور فرمایا کہ یا اللہ یہ میرے گھر والے ہین **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے اس سند سے **مترجم** یعنی حضرت معاویہ نے پوچھا کہ تم جو انکے یعنے حضرت علی کے خطائی جہاد کی اظہار اور ہمارے اجتہاد کی خوبی بیان نہین کرتے اسکا کیا سبب ہے یہ کہنے حکم کیا ہے معاویہ نے کہ انکو برا کہو سلئے کہ صحابہ اس نفسانیت سے پاک تھے اور حقانیت کے پتلے صرف علی اور انکی ہی تھی کہ انکی خطا لوگون سے بیان کرو اور ہمارا صواب چنانچہ حضرت علی سے مروی ہے کہ انہون نے خطاب کیا معاویہ اور انکے لوگون کے حق مین یہی فرمایا کہ ہمارے بھائیون نے ہم پر بغاوت کی نہ یہ کہ انکو منافق کہا یا کافر افسوس ہے کہ ہمارے اس زمانے کے بھائیون مین تکفیر کا بازار بہت گرم ہے اور تکفیر اسقدر از ان ہے کہ معاذ اللہ سند انکے جو اصحاب تین فضیلتین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بیان فرمائین اور حضرت نے انکو اپنا خلیفہ فرمایا جیسے موسیٰ علیہ السلام حضرت ہارون کو خلیفہ کر گئے کوہ طور تشریف لیگئی ہے اور آیۃ مذکور کو آیۃ مباہلہ کہتے ہین کہ جب آیۃ یون ہے فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ یعنے اگر پھر تم سے کوئی حجت کرے بعد اس علم کے جو تجھ آچکا تو کہہ انسے کہ آؤ بلاویں ہم اپنے لڑکون کو اور تمہارے لڑکون کو اور اپنی عورتون کو اور تمہاری عورتون کو اور اپنی جانون کو اور تمہاری جانون کو پھر عاجزی کریں ہم دعا مین اور لعنت کریں اللہ کی جھوٹون کے لئے یعنے جو ہم مین سے جھوٹا ہو اسپر خدا کی لعنت اور یہ آیۃ نصاریٰ نجران کے مقدمہ مین نازل ہوئی کہ جب عیسیٰ علیہ السلام کے باب مین انہون نے حضرت سے تقریر ہوا تو اللہ نے حکم مباہلہ کا اتارا اور انہون نے آپسمین مشورہ کیا اور عاقب جو انکا سردار اور عاقل اور ہوشیار تھا انسے اپنے قوم سے کہا کہ اے لوگو تم بخوبی جانتے ہو کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم اللہ کا نبی ہے اور قسم ہے اللہ کے کہ کسی نے نبی سے لعان نہین کیا کہ آخر کو اسکا یہ حال نہوا کہ بڑا انکا جیسے پایا اور چھوٹا بڑے نہ پایا اور اگر تم اُن سے ملاعنہ کروگے تو سب ہلاک ہوگے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اپنے گود مین حسین رضی اللہ عنہ کو لیکر اور امام حسین کا ہاتھ پکڑ کر اسطرح حاضر ہوے کہ حضرت فاطمہ آپکے پیچھے تھین اور حضرت علے اُن کے پیچھے جب اسقف نجران نے انکو دیکھا اپنے قوم سے کہا کہ مین ایسے پاکیزہ چہرے دیکھتا ہون کہ اگر اللہ سے سوال کرین تو پہاڑ ٹل جاوے سو تم مباہلہ

کرنا ورنہ ہلاک ہوجاؤگے اور قیامت تک زمین پر کوئی نصرانی کا وجود نہ رہیگا پھر اُنہوں نے حضرت سے عرض کی کہ ہم مناسب جانتے ہیں کہ آپ سے مباہلہ نکریں اور آپ ہمکو ہمارے دین پر اور ہم آپکو آپکی دین پر چھوڑ دیں حضرت نے فرمایا کہ اگر مباہلہ سے تمہیں انکار ہی تو اسلام لاؤ کہ جو مسلمانوں کا حق ہے وہ تمہارا حق ہوا اور جو اُنپر واجب ہے وہ تمپر واجب ہوا اور اگر تمہیں اسلام سے انکار ہے تو ہم تمسے لڑینگے اُنہوں نے کہا ہمکو عرب سے لڑنیکی طاقت نہیں مگر ہم آپسے صلح کرتے ہیں کہ آپ ہمسے نہ لڑیں اور ہمارے دین سے نہ پھیریں تو ہم آپکو ہر سال دو ہزار حلہ دیا کرینگے ایک ہزار صفر میں اور ایک ہزار رجب میں پھر اسی پر صلح ٹھیر گئی اور مباہلہ جائز ہے چنانچہ ابن تیمیہ وغیرہ رحمۃ اللہ علیہ نے نکران صفات سے کرن ومقام کے ہمپر مباہلہ کرنا چاہا ہے مگر وہ بھی نجرانیوں کی طرح مباہلہ سے ڈر گئے ہیں اور شیطان صفات سے مباہلہ نکر سکے **باب عن** البراء قال بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم جیشین وامر علی احدھما علی بن ابیطالب علی الاجر خالد بن الولید وقال اذا کان القتال فعلی قال فاصیب علی حصنا فاخذ منہ جاریۃ فکتب معی خالد کتابا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یشیء بہ قال فقدمت علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقرأ الکتاب، فتغیر لونہ ثم قال ما تری فی رجل یحب اللہ ورسولہ ویحبہ اللہ ورسولہ قال قلت اعوذ باللہ من غضب اللہ ومن غضب رسولہ وانما انا رسول فسکت **ترجمہ** روایت ہے براء بن عازب سے کہ بھیجا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو لشکر فکر اور ایک پر علی کو امیر کیا دوسرے پر خالد کو اور فرمایا جب لڑائی ہو تو حاکم علی ہیں سو فتح کیا حضرت علی نے ایک قلعہ اور لی اس قلعہ سے ایک لونڈی یعنے مال غنیمت سے سو لکھکر بھیجا میرے ساتھ خالد نے ایک خط حضرت کی خدمت میں کہ جنکو لیکر اُنہیں یعنی حضرت علی کی سو میں آیا آپکے پاس اور آپنے خط پڑھا یعنے پڑھکر سُنا اور رنگ آپکا متغیر ہوگیا اور مجھسے فرمایا کیا چاہتا ہی تو اُس شخص کے حق میں جو اللہ اور رسول کو دوست رکھتا ہے اور اللہ اور رسول اُسکو دوست رکھتے ہیں میں نے کہا اللہ کی پناہ میں آتا ہوں اُسکی اور اُسکے رسول کے غضب سے اور میں تو قاصد ہوں یعنے میرا کیا قصور ہے آپ چُپ ہورہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے یعنے حضرت علی کرم اللہ وجہہ امیر تھے اُنکو اختیار تھا اگر ایک لونڈی لیلی تو کیا مضائقہ اور حضرت اُنپر حاکم تھے آپنے اُسے جائز رکھا حاکم کو اختیار ہے کہ مال غنیمت سے جسکو چاہے کچھ اُسکے حسن خدمت کے نظر سے دیدیوے اور حضرت خالد کو یہ مسئلہ معلوم ہوگا اسلئے حضرت سے اطلاع کردی **باب عن** جابر قال دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیا یوم الطائف فناجاہ فقال الناس لقد طال نجواہ من عمہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما انا انتجیتہ ولکن اللہ انتجاہ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہا اُنہوں نے کہ بلایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کو طائف کے دن اور اُنسے سرگوشی کی سو لوگ کہنے لگے آج آپنے اپنے چچیرے بھائی کے ساتھ بہت دیر تک سرگوشی کی تو آپنے فرمایا میں نے اُنسے سرگوشی نہیں کی اللہ نے خود اُنسے سرگوشی کی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی روایت سے اور روایت کے ابن فضیل کے سوا اور لوگوں نے بجائے اجلح سے اور مراد اس قول کے کہ اللہ نے خود اُنسے سرگوشی کی یہ ہے کہ اُسنے مجھکو حکم دیا کہ میں اُسنے کان میں کچھ کہدوں **باب عن** ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا علی لا یحل لاحد ان یجنب فی ھذا المسجد غیری وغیرک قال علی بن المنذر قلت لضرار بن صرد ما معنی ھذا الحدیث قال لا یحل لاحد ینتظرہ جنبا غیری وغیرک **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی سے کہ جائز نہیں تیرے سوا کسیکو کہ جنب ہے اس مسجد میں علی بن منذر نے کہا میں نے ضرار بن صرد سے اسکے معنے پوچھے تو اُنہوں نے کہا اس سے مراد یہ ہے کہ حلال نہیں کسیکو کہ حالت جنابت میں اس مسجد سے گذر جاوے حضرت اور علی کے سوا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور محمد بن اسمٰعیل بخاری نے اس حدیث کا مضمون سُنا اور غریب جانا **ترجمہ** غرضکہ یہ حدیث خصیصہ ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اور حضرت علی کا کہ وہ حالت جنابت میں مسجد نبوی سے ہوکر چلے جاویں اور کسیکو جائز نہیں **باب عن** انس بن مالک قال بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم الاثنین وصلی علی یوم الثلثاء **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ مبعوث ہوئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم دوشنبہ کو اور نماز پڑھے حضرت علی نے سہ شنبہ کو **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر مسلم اعور کی روایت سے اور مسلم اعور محدثین کے نزدیک قوی نہیں اور مروی ہوئی یہ حدیث مسلم سے اُنہوں نے روایت کے حبہ سے اُنہوں نے علی سے مانند اسکے **عن** سعد بن ابی وقاص ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لعلی انت منی بمنزلۃ ھارون من موسی **ترجمہ** روایت ہے سعد سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت علی سے تم میرے ایسے ہو جیسے ہارون موسی سے یعنے خلیفہ ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی یہ سعد سے اُنہوں نے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی سند وں سے اور یحیی بن سعید انصاری کی روایت سے یہ غریب سمجھی جاتی ہے **عن** جابر بن عبد اللہ ان النبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبداللہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت علی سے کہ تم میرے بمنزلہ ہارون کے ہو موسیٰ سے مگر اتنا ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں یعنے جیسے ہارون نبی تھے اس امت کے اور اسی معنے میں سعد اور زید بن ارقم اور ابی ہریرہ اور ام سلمہ سے بھی روایت ہے **باب عن** ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِسَدِّ الْاَبْوَابِ اِلَّا بَابَ عَلِيٍّ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا اُن دروازوں کے بند کرنیکا جو مسجد نبوی میں تھے مگر دروازہ علی کا **ف** یہ حدیث غریب ہے ہم نہیں جانتے ہم اسکو شعبہ کے روایت سے اس اسناد سے مگر اسی وجہ سے **عن** عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِيَدِ حَسَنٍ وَحُسَيْنٍ قَالَ مَنْ اَحَبَّنِيْ وَاَحَبَّ هٰذَيْنِ وَاَبَاهُمَا وَاُمَّهُمَا كَانَ مَعِيْ فِيْ دَرَجَتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ **ترجمہ** روایت ہے علی بن ابی طالب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ پکڑا امام حسن اور امام حسین کا اور فرمایا کہ جو دوست رکھے مجھکو اور ان دونوں کو اور انکے باپ اور ماں کو ہوگا میرے ساتھ میرے جگہہ میں قیامت میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو جعفر بن محمد کے روایت سے مگر اسی سند سے **مترجم** ای اللہ تو گواہ ہے کہ یہ تیرا عاجز غلام تیرے فضل و کرم سے تیرے رسول کو اور حسنین اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اور حضرت کے لخت جگر فاطمہ زہرا اور تمامی اصحاب رسول کو سارے جہان سے زیادہ دوست رکھتا ہے اور انکے سنن سنیہ کو تمامی عادات اور رسوم پر ترجیح دیتا ہے اور جب انکی صحبت مل جاتی ہے سارے عالم کے اقوال و افعال و مرغوبات پر پشت مارتا ہے اور یہ سب تیرا فضل ہے اور امید رکھتا ہے تیرے کرم سے کہ اسی پر میرا خاتمہ اور حشر و نشر ہو اَللّٰهُمَّ كَمَا جَمَعْتَنِيْ بِاَنْ حَلَلْتُ بِبَيْتِكَ وَسُنَنِهٖ فِي الدُّنْيَا فَاجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ فِي الْعُقْبٰى بِرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ اٰمِيْنَ يَا مُجِيْبَ الدَّاعِيْنَ **باب عن** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَوَّلُ مَنْ صَلّٰى عَلِيٌّ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ پہلے جس نے نماز پڑھے مؤمنین حضرت علی ہیں **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے نہیں جانتے ہم اسکو شعبہ سے کہ وہ روایت کرتے ہوں ابی بلج سے مگر محمد بن حمید کے روایت سے اور ابو بلج کا نام یحیی بن ابی سلیم ہے اور بعض علماے محدثین نے کہا ہے کہ پہلے جو اسلام لائی مرد ہیں سے ابوبکر صدیق ہیں اور اسلام لائے حضرت علی جب وہ آٹھہ برس کے تھے اور عورتوں میں سے اول خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ایمان لائیں **عن** زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ عَلِيٌّ قَالَ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ فَاَنْكَرَهٗ وَقَالَ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ اَبُوْبَكْرٍ الصِّدِّيْقُ **ترجمہ** روایت ہے زید بن ارقم سے کہا کہ اول جو اسلام لایا علی ہیں عمرو بن مرہ نے کہا کہ میں نے اسکا ذکر ابراہیم نخعی سے کیا تو انہوں نے اسکو منکر جانا اور کہا کہ اول جو اسلام لائے ابوبکر صدیق ہیں یعنے لڑکوں میں اول حضرت علی اور بوڑھی مردوں میں حضرت صدیق ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو حمزہ کا نام طلحہ بن یزید ہے **باب عن** عَلِيٍّ قَالَ لَقَدْ عَهِدَ اِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّبِيُّ الْاُمِّيُّ اَنَّهٗ لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ قَالَ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ اَنَا مِنَ الْقَرْنِ الَّذِيْنَ دَعَا لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہ فرمایا مجھ سے نبے صلے اللہ علیہ وسلم نے جو نبی اُمّی تھے کہ دوست نہ رکھیگا تجھکو مگر وہی جو مؤمن ہوگا اور بغض نہ رکھیگا تجھسے مگر وہی جو منافق ہوگا عدی بن ثابت نے کہا کہ میں اُس قرن میں ہوں جنکے لئے حضرت نے دعا کی ہے یعنے قرون ثلثہ مشہود بالخیر میں ہوں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشًا فِيْهِمْ عَلِيٌّ قَالَتْ فَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَا تُمِتْنِيْ حَتّٰى تُرِيَنِيْ عَلِيًّا **ترجمہ** روایت ہے ام عطیہ سے کہ بھیجا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر کہ اُسمیں حضرت علی بھی تھے اور کہا اُنہوں نے کہ سنا میں نے کہ آپ ہاتھ اُٹھا کر دعا کرتی تھی کہ یا اللہ نہ مار مجھکو جبتک کہ دکھائی مجھکو علی کو یعنی اپنے دعا کی کہ وہ زندہ لوٹ آویں اسلیئے کہ اخیر میں اُنسے بہت کام لینا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **مترجم** حامد حسنہ اور فضائل جمیلہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بھی بہت ہیں منجملہ اُنکے یہ ہے کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے آپ قرابت قریبہ رکھتے تھے اور شرافت نسب میں بہت عالی تھے چنانچہ نسب کا یہ ہے علی بن ابیطالب بن عبدالمطلب اور ماں اُنکی فاطمہ بنت اسد کے اور وہ بیٹی ہاشم کے ہیں ابو عمر نے کہا ہی کہ وہ پہلے ہاشمیہ ہیں کہ اُنہوں نے ہاشمی کو جنا غرض حضرت مرتضیٰ اور اُنکے بھائی پدر اور مادر دونوں کی طرف سے ہاشمی ہیں اور اُنکے بعد حضرت حسنین رضی اللہ عنہما اور اُنکے بعد امام محمد باقر اور عبداللہ محض اور بہائے اُنکے سب دو نوں طرف سے ہاشمی ہیں اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنکے والد یعنے فاطمہ کے لئے فرمایا کہ میرے ان کے انتقال کے بعد وہی میری ماں تھیں کہ ابوطالب کے ہاں جب دعوت ہوتی تو وہ سکو کہا بھیجکر تین اور فاطمہ میرے لئے اُنہیں سے کچھ بچا رکھتیں کہ میں پھر کھاتا روایت کیا اسکو حاکم فی اور اُنکے افضل مناقب سے عجیب امر یہ ہے کہ پیدائش جو کعبہ میں ہوئی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم صغر سنی سے اُنکی پرورش کے متکفل ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا وقت آتا ابتدائے نبوت میں تو گھاٹیوں میں نکل جاتے تھے اور مکہ کے نکلجاتی لوگ علی بن ابیطالب

بھی انکے ساتہ اپنی باپ سے چھپکر چلے جاتے اور وہان نماز ادا کرتے شام تک اکیلے ابو طالب اسپر مطلع ہوگئے اور وہ دونون نماز ادا کرتے تہی انہون نے حضرت سے پوچھا کہ یہ کونسا دین ہے جسپر تم چلتے ہو حضرت نے فرمایا کہ ای چچا اللہ کا اور فرشتونکا اور رسولون اور ہمارے دادا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا دین ہے اور اللہ نے مجھے اسکے ساتہ مبعوث کیا ہے اور انکو دعوت کے انہون نے کہا ای میرے بھتیجے یہ تو مجھسے نہین ہوسکتا کہ مین اپنے مان باپ کا دین چھوڑدون مگر قسم ہے اللہ کے کہ جب تک مین جیونگا کوئی تمھین ایذا نہ دیسکیگا اور مروی ہوا ہے کہ انہون نے حضرت علی سے کہا کہ ای بیٹے یہ کیا دین ہے جسپر تم چلتے ہو انہون نے کہا ای میرے باپ مین ایمان لایا ہون رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر اور تصدیق کی ہے انکے اور اسکے ساتہ نماز پڑہتا ہون اور انکا تابع ہون تو ابو طالب نے کہا وہ تجھے خیر کے سوا اور کچھ نہ بتاویگا سو تو انکا ساتہ کبھی نہ چھوڑنا سبحان اللہ کیا اچھے بات کہی اور جب ابو طالب کا انتقال ہوا اور حضرت علی نے انکو غسل دیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کے لئے ایسے دعائے خیر دی اور تسلی فرمائی کہ وہ فرماتے ہین وہ وہ مجھے سرخ اونٹون سے بہی زیادہ پیارے ہے اور جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ ہجرت مصمم کیا حضرت علی کو فرمایا کہ میرے بستر پر سو رہو وہ سو رہے اور اپنے جان عزیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان کی اور انکی ردائے مبارک اوڑہ لی کہ کافر دیکھ رہے ہونگے اور حضرت تشریف لیگئے پھر بعد چند روز کے علی بہی ہجرت کرکے حاضر خدمت ہوگئے اور جب صحابہ مین مواخات واقع ہوئی حضرت نے انکو اپنا بہائی فرمایا چنانچہ روایت اسکی اوپر گذری اور شہد بدر مین حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بڑے فضائل حاصل ہوے اول یہ کہ جب موضع بدر مین پہونچے چند لوگون کو آپنے خبر کفار دریافت کرنیکو روانہ کیا حضرت علی بہی انمین تہے ثانیاً یہ کہ ہنگام مقاتلہ جب تین کفار لشکر سے نکلے اور مسلمانون نے انکا مقابلہ کیا حضرت علی بہی انمین تہے ثالثاً یہ کہ جبرئیل اور میکائیل انکے ساتہ تہے روایت کیا اسکو حاکم نے اور بڑی فضیلت آپکی یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے لخت جگر نور چشم پدر فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو انکے نکاح مین دیا اور شہد احد مین بہی انکو بڑے فضایل ہاتہ آئے چنانچہ جب مصعب بن عمیر صاحب لوا شہید ہوے حضرت نے لواے محمدی آپکے ہاتہ مین دیا اور حضرت علی نے قریش کے صاحب لوا کو واصل جہنم کیا اور بعد ختم غزوہ کے جب زخم مبارک آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا دہویا جاتا تہا تو خدمت آبپاشی کی حضرت علی کرتے تہے اور خندق کے دن جب کفار خندق سے پار چلے آئی حضرت علی نے بکمال شجاعت عمرو بن عبدود کو روانہ جہنم فرمایا اور اس سے کفار کے کمر ٹوٹ گئے اور بیعۃ الرضوان مین بہی حاضر تہے اور نامہ صلح آپکے دست مبارک سے لکہا گیا فقیر مترجم کہتا ہے کہ مین نے اس روایت کو لکہا ہے اللہ کا فضل بہت وسیع ہے امید ہے کہ مجھے بہی اس سے زیادہ کا درجہ عنایت فرماوے اور غزوہ خیبر مین رایت فتح آپہی کے ہاتہ مین تہا چنانچہ روایت اسکی اوپر گذری اور اس غزوہ مین آپنے بڑی شجاعت اور دلاوری فرمائی کہ سپر آپکے ٹوٹ گئی تہی آپنے اسکے عوض ایک دروازہ اکہاڑ لیا اور سپر بنالیا یہانتک کہ فتح نمایان ظاہر ہوئی ابی رافع فرماتے ہین کہ ہم سات آدمی چاہتے تہے کہ اسکو دلٹین تو اسے الٹ نہ سکے اور مسایلہ کے وقت آپنے انکو اپنا اہل فرمایا چنانچہ تفصیل اسکے اوپر گذری غرض فضائل اور محامد آپکے بہت ہین جزاہ اللہ عنا خیر الجزاء

## مَنَاقِبُ اَبِی مُحَمَّدٍ طَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مناقب طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ

ابو محمد ہے

**عَنِ** الزُّبَیْرِ قَالَ کَانَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ اُحُدٍ دِرْعَانِ فَنَھَضَ اِلَی الصَّخْرَۃِ فَلَمْ یَسْتَطِعْ فَاَقْعَدَ تَحْتَہٗ طَلْحَۃَ فَصَعِدَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اسْتَوٰی عَلَی الصَّخْرَۃِ قَالَ فَسَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَوْجَبَ طَلْحَۃُ **ترجمہ** روایت ہے زبیر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جنگ احد مین دو زرہین پہنے ہوے تہے اور ایک پتہر پر چڑہنے لگے تو نہ چڑہ سکے پس بٹہایا طلحہ کو اپنے نیچے اور اوپر چڑہ گئے سو سنا مین نے کہ فرماتے تہے واجب ہوگیا طلحہ کے لئے یعنی جنت

**ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے

**متبرجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وہ جنتی ہین اور جو معاملات انکے اور حضرت علی کے درمیان گذرے اللہ اسے معاف کرنیوالا ہے

**عَنْ** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی شَھِیْدٍ یَمْشِیْ عَلٰی وَجْہِ الْاَرْضِ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی طَلْحَۃَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکو خوش لگے کہ شہید کو زمین پر چلتا دیکھے تو طلحہ بن عبید اللہ کو دیکہے

**ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر حدیث عبد اللہ بن لہیعہ کی روایت سے اور کلام کیا ہے انمین بعض اہل علم نے اور ضعیف کہا ہے انکو اور کلام کیا ہے بعضون نے صالح بن موسی طلحی سے

**عَنْ** عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ اُذُنَایَ مِنْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ یَقُوْلُ طَلْحَۃُ وَالزُّبَیْرُ جَارَایَ فِی الْجَنَّۃِ **ترجمہ** روایت ہے علی بن ابی طالب سے کہ کہا انہون نے میری کانون نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے مونہہ سے کہ فرماتے تہے طلحہ اور زبیر دونون ہمسایہ مین مجھکو یعنی جنت مین

**ف** یہ حدیث غریب ہے کہ نہین جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے

**عَنْ** مُوْسَی بْنِ طَلْحَۃَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی مُعَاوِیَۃَ فَقَالَ اَلَا اُبَشِّرُکَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ طَلْحَۃُ مِمَّنْ قَضٰی نَحْبَہٗ **ترجمہ** روایت ہے

مناقب طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ

موسی بن طلحہ سے کہا انہوں نے کہ میں داخل ہوا حضرت معاویہ کے پاس اور انہوں نے کہا میں تجھے ایک بشارت دوں میں نے کہا ہاں سنا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے علی حسین سے سنتے سے فرماتا ہی کہ دوانا کام پورا کرچکی یعنی تائید دین پوری کرچکے اور حقوق ایمان پورے بجالا چکے **باب عن** طلحۃ ان اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالوا لاعرابی جاھل سلہ عمن قضی نحبہ من ھو وکانوا لایجترؤن علی مسئلتہ یوقرونہ ویھابونہ فسالہ الاعرابی فاعرض عنہ ثم سالہ فاعرض عنہ ثم سالہ فاعرض عنہ ثم انی الملعتر من باب المسجد وعلی ثیاب حضر فلما رانی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال این السائل عن قضی نحبہ قال الاعرابی انا یا رسول اللہ قال ھذا ممن قضی نحبہ **ترجمہ** روایت ہے طلحہ سے کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اعرابی نادان سے کہا کہ پوچھ تو حضرت سے کہ وہ کون ہے جو اپنا کام پورا کرچکا اور وہ جرأت نکرتی تھے حضرت سے پوچھنے کی حضرت کی توقیر کرتی تھی سو پوچھا اسی اعرابی نے اور آپنے مونہہ پھیرلیا پھر پوچھا پھر آپنے مونہہ پھیرلیا پھر پوچھا پھر آپنے مونہہ پھیرلیا طلحہ نے کہا کہ میں پھر دروازہ سے مسجد کے آیا اور میں سبز کپڑے پہنے ہوئے تھا جب مجھکو آپنے دیکھا تو فرمایا کہ وہ پوچھنے والا کہاں ہے اعرابی نے کہا میں ہوں یا رسول اللہ آپنے فرمایا یہ طلحہ انہیں لوگوں میں ہیں جو اپنا کام پورا کرچکے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے کہ روایت ہے کہ وہ یونس بن بکیر سے روایت کرتے ہیں اور روایت کی کئی کبار محدثین نے ابی کریب سے یہی حدیث اور سنا میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاری سے کہ وہ یہی روایت کرتے تھے اسکو ابی کریب سے اور کہا انہوں نے اس حدیث کو کتاب الفوائد میں **مناقب الزبیر بن العوام** رضی اللہ عنہ **مناقب زبیر بن عوام** راضی ہو اللہ اسسے **عن** عبداللہ بن الزبیر عن الزبیر قال جمعہ لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابویہ یوم قریظۃ فقال بابی وامی **ترجمہ** روایت ہے حضرت زبیر سے کہ انہوں نے کہا جمع کیا میرے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے ابوین سے قریظہ کی لڑائی کے دن یعنے فرمایا کہ باپ میرے تیری ماں پر فدا ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب عن** علی بن ابیطالب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لکل نبی حواریا وان حواری الزبیر بن العوام **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر نبی کے حواری ہیں اور میرے حواری زبیر بن عوام ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور حواری کے معنے مددگار کے ہیں **باب عن** جابر بن عبداللہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان لکل نبی حواریا وحواری الزبیر وذاک ابو نعیم فیہ یوم الاحزاب قال من یاتینا بخبر القوم قال الزبیر انا قالھا ثلاثا قال الزبیر انا **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبداللہ سے کہا انہوں نے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے ہر نبی کے حواری ہیں اور میرے حواری زبیر ہیں اور زیادہ کیا ابونعیم نے اس روایت میں یہ ہے کہ احزاب کے دن حضرت نے فرمایا کون لاتا ہے میرے پاس خبر کافروں کے یعنے وہ بھاگ گئے یا ہیں تو زبیر نے عرض کی کہ میں اور حضرت نے تین بار یہی فرمایا ہر بار زبیر نے یہی جواب دیا کہ میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** یعنے جنگ احزاب کے قریش نے آکر مدینہ کو گھیر لیا تھا اور حضرت نے بمشورہ سلمان فارسی مدینے کے گرد خندق کھودلی اسی کو خنگ خندق بھی کہتے ہیں غرض اکیس شب نہایت سردی تھی اور مارے جاڑے کے کوئی سر باہر نہ نکال سکتا تھا اُس وقت حضرت نے اصحاب سے فرمایا کہ کافروں کی خبر کون لاسکتا ہے کسی نے جواب نہ دیا سوا زبیر کے پھر گئے اور کافروں کو دیکھا کہ مارے سردی کے اور بھوکے پریشان ہیں وخیمے اُنکے اکھڑ گئے اور ہانڈیاں اُلٹ گئیں اور سب بھاگ گئے اور زبیر کو بالکل سردی نہ معلوم ہوئی یہ معجزہ تھا حضرت کا **باب عن** ھشام بن عروۃ قال اوصی الزبیر الی ابنہ عبداللہ صبیحۃ الجمل فقال ما منی عضو الا وقد جرح مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی انہ قد لاک فی فوہ **ترجمہ** روایت ہے ہشام بن عروہ سے کہ وصیت کی زبیر نے اپنے بیٹے عبداللہ کو جمل کے صبحکو اور کہا کہ کوئی عضو میرا ایسا نہیں جو زخمی ہوا ہو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے رفاقت میں یہانتک کہ میرے فرج بھی اور یہ وصیت شاید اسلئے کی کہ غسل کے وقت کوئی نقصان کا گمان نکرے سبحان اللہ کیا جان نثاریاں تھیں صحابہ کی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کہ ساری امت کو اُن سے فخر ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے حماد بن زید کے روایت سے **مترجم** جمل کہتے ہیں اونٹ کو اور یوم الجمل اُس لڑائی کا نام ہے جس میں حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا اونٹ پر سوار ہوکر حضرت علی سے مقابل ہوئیں تھیں اور طلحہ اور زبیر ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کے ساتھ تھے اور بعد قتال پھر اپنے خطا سے مطلع ہوئیں اور اللہ کے رحمت نے اُسکا تدارک کیا چنانچہ مروی ہے ام المؤمنین سے کہ انہوں نے فرمایا کاش میں ایک شاخ سبز ہوتی کسی درخت کی اور اس محاربہ میں نہ جاتی اور حضرت طلحہ نے بھی انتقال کے وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی بیعت قبول کی اور زبیر جب مقابل حضرت علی کرم اللہ وجہہ ہوئے آپنے اُن سے فرمایا کہ تمہیں یاد نہیں کہ ایک دن میں اور تم جیسے چلے جاتے تھے باتیں کرتے تھے حضرت نے

مناقب زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ

فرمایا تو اُن سے سرگوشی کرتا ہے اور اکیلا دن یہ تجھ سے لڑیگا اور ظالم ہوگا یعنے زبیر غرض جب انکو وہ حدیث یاد آئی اپنی سواری جنگ سے پھیری اور لڑائی سے باز آئے راہ میں بھی ایک شخص نے انکو شہید کیا غرض صحابہ میں جو اختلاف اور قتال باہمی ہوا ہے وہ برا اجتہاد تھا اور مجتہد کو خطا میں بھی ایک ثواب ہے پس ہر گروہ پاک لوگ قابل طعن نہیں بلکہ سب مرحوم و مغفور و مرضی ہیں رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ **مَنَاقِبُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ** بن عبد عوف الزہری رضی اللہ عنہ **مناقب عبدالرحمن بن عوف کے** راضی ہو اللہ اُنسے **عَنْ** عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبُوْبَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ وَسَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ فِي الْجَنَّةِ وَسَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ فِي الْجَنَّةِ وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِي الْجَنَّةِ **ترجمہ** روایت ہے عبدالرحمن عوف سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ابوبکر جنت مین ہین اور عمر جنت مین ہین اور عثمان جنت مین ہین اور علی جنت مین ہین اور طلحہ جنت مین ہین اور زبیر جنت مین ہین اور عبدالرحمن بن عوف جنت مین ہین اور سعد بن ابی وقاص جنت مین ہین اور سعید بن زید جنت مین ہین اور ابوعبیدہ جنت مین ہین یعنے یہ دسون جنتی ہین اور انہین کو عشرہ مبشرہ کہتے ہین

مناقب عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ

**ف** روایت کے ہمسے ابوصعب نے کہ پڑہا اُنہون نے عبدالعزیز بن محمد کے آگے اُنہون نے روایت کی عبدالرحمن بن حمید سے اُنہون نے اپنے باپ سے اُنہون نے سعید بن زید سے اُنہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور نہین ذکر کیا اُس سند مین عبدالرحمن بن عوف کا اور مروی ہوئی یہ حدیث عبدالرحمن بن عبید سے اُنہون نے روایت کی اپنے باپ سے اُنہون نے سعید بن زید سے اُنہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور یہ صحیح ہے حدیث اول سے **عَنْ** سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ فِي نَفَرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَشَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ اَبُوْ بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ وَعَلِيٌّ وَعُثْمَانُ وَالزُّبَيْرُ وَطَلْحَةُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ وَسَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ فَعَدَّ هٰؤُلَاءِ التِّسْعَةَ وَسَكَتَ عَنِ الْعَاشِرِ فَقَالَ الْقَوْمُ نَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَا اَبَا الْاَعْوَرِ مَنِ الْعَاشِرُ قَالَ نَشَدْتُمُوْنِيْ بِاللّٰهِ اَبُو الْاَعْوَرِ فِي الْجَنَّةِ قَالَ هُوَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ **ترجمہ** روایت ہے سعید بن زید سے کہ اُنہون نے چند لوگون مین بیان کیا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دس شخص جنت مین ہین ابوبکر جنت مین ہین اور عمر جنت مین ہین اور علی اور عثمان اور زبیر اور طلحہ اور عبدالرحمن اور ابوعبیدہ اور سعد بن ابی وقاص کہا راوی نے کہ پھر گنا اُنہون نے ان نو شخصون کو اور چپ ہے دسوین پر پھر لوگون نے کہا قسم دیتے ہین ہم تمکو اے ابا الاعور دسوان کون ہے تو اُنہون نے کہا تمنے مجھکو قسم دی ابدکے ابوالاعور جنت مین ہے کہا راوی نے وہ سعید بن زید بن عمرو بن نفیل ہین **ف** سنا مین نے محمد سے کہتے تھے یہ زیادہ صحیح ہے حدیث اول سے **بَابٌ عَنْ** عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ لَهَا اِنْ كُنْتِ لَمِمَّا يُهَوِّنُنِيْ بَعْدِيْ وَلَنْ يَصْبِرَ عَلَيَّ اَحَدٌ اِلَّا الصَّابِرُوْنَ قَالَ ثُمَّ تَقُوْلُ عَائِشَةُ فَسَقَى اللّٰهُ اَبَاكِ مِنْ سَلْسَبِيْلِ الْجَنَّةِ تُرِيْدُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَقَدْ كَانَ وَصَلَ اَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَالٍ بِيْعَتْ بِاَرْبَعِيْنَ اَلْفًا **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اپنی بیویون سے کہ تمہارا کام ایسا ہے کہ مجھے فکر مین ڈالتا ہے کہ بعد میرے کیا ہوگا یعنے حال تمہارا اور نہ صبر کرینگے تمہارے ادائی حقوق اور خدمت مین مگر صابرین کہا راوی نے کہ پھر ام المومنین حضرت عائشہ فرماتی تھین کہ اللہ تعالے تیرے باپ کو سلسبیل جنت سے سیراب کرے مراد لیتی تھین وہ عبدالرحمن بن عوف کو اور اُنہون نے سلوک کیا تھا حضرت کے بیبیون کے ساتھ ایسے مال سے جو بیچا گیا چالیس ہزار کو بکا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **عَنْ** اَبِيْ سَلَمَةَ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ اَوْصٰى لِكُلِّ بَدْرِيٍّ بِحَدِيْقَةٍ لِاُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِيْعَتْ بِاَرْبَعَةٍ اَلْفٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی سلمہ سے کہ عبدالرحمن بن عوف نے وصیت کی ایک باغ کی امہات مومنین کے لئے کہ وہ چار لاکھ کو بکا شاید حدیث اول مین دینار اور اس حدیث مین درہم مراد ہین **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **مَنَاقِبُ اَبِيْ اِسْحَاقَ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ** رضی اللہ عنہ واسم ابی وقاص مالک بن وہیب **مناقب سعد کے** اور کنیت اُنکی ابی اسحٰق ہے وہ بنی مین ابی وقاص کے اور نام اُنکا مالک ہے وہ بنی مین وہیب کے **عَنْ** سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ لِسَعْدٍ اِذَا دَعَاكَ **ترجمہ** روایت ہے سعد سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا اللہ قبول کر سعد کے دعا کو جب وہ تجھے دعا کرے **ف** مروی ہوئی ہے یہ حدیث اسمٰعیل سے اُنہون نے روایت کی قیس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا اللہ قبول کر سعد کے دعا کو جب وہ تجھے دعا کرے **بَابٌ عَنْ** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَقْبَلَ سَعْدٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَالِيْ فَلْيُرِنِيْ امْرُؤٌ خَالَهُ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبداللہ سے کہ سعد آئے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ میرے ماموں ہین پہلا کوئی دکہاے مجھے اپنا ماموں یعنے جیسے میرے ماموں مین ایسا کامل ماموں نہین

مناقب سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے

ف یہ حدیث غریب ہے ہمیں نہیں جانتے ہم اسکو مگر روایت سے مجاہد کے اور سعد قبیلہ بنی زہرہ سے تھے اور ان سو لخدا صلے اللہ علیہ وسلم کی اُسی قبیلہ سی تھیں اسلیئے اُنی انکو اپنا ماموں فرمایا **باب ۲۰ بعد ۱۹** عَلِیٌّ قَالَ مَا جَمَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَبَاہُ وَاُمَّہُ لِاَحَدٍ اِلَّا لِسَعْدٍ قَالَ لَہُ یَوْمَ اُحُدٍ اِرْمِ فِدَاکَ اَبِیْ وَاُمِّیْ اِرْمِ اَیُّھَا الْغُلَامُ الْحَزَوَّرُ ترجمہ روایت ہے علی سے کہ جمع نہیں کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے ماں باپ کو کسیکے لیئے سوا سعد کے کہ اُسنے فرمایا اُحد کے دن مار تو ایک تیر میرے ماں باپ فدا تجھپر ہماری جوان پٹھے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور سابعین سعد سے ہے روایت ہے اور روایت کیے کئی لوگونے یہ حدیث یحیی بن سعید سے انہونے سعید بن مسیب سے روایت کیے ہمسے قتیبہ نے انہونے لیث بن سعد سے اور عبد العزیز بن محمد سی انہونے یحیی بن سعید سے انہونے سعید بن مسیب سے انہونے سعد بن ابی وقاص سے کہا جمع کیا میرے لیئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی ماں باپکو احد کے دن ف یہ حدیث صحیح ہے اور مروی ہوئی یہ حدیث عبد اللہ بن شداد بن الہاد سے انہونے روایت کیے علی سی انہونے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کیے یہ ہمسی محمود بن غیلان نے انہونے وکیع سی انہونے سفیان سے انہونے سعد بن ابراہیم سے انہونے عبد اللہ بن شداد سے انہونے علے بن ابی طالب سے کہا حضرت علی نے نہیں سُنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فدا کیا ہو آپنے اپنے ماں باپکو کسی پر سوا سعد کے اور میں نے سُنا انکو احد کے دن کہ فرماتی تھی مار تو ای سعد ایک تیر میرے ماں باپ تیرے اوپر فدا ہمیں ف یہ حدیث صحیح ہے عَنْ ج عَائِشَۃَ قَالَتْ سَھِرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَقْدَمَہُ الْمَدِیْنَۃَ لَیْلَۃً فَقَالَ لَیْتَ رَجُلًا صَالِحًا مِّنْ اَصْحَابِیْ یَحْرُسُنِیْ اللَّیْلَۃَ قَالَتْ فَبَیْنَمَا نَحْنُ کَذٰلِکَ اِذْ سَمِعْنَا خَشْخَشَۃَ السِّلَاحِ فَقَالَ مَنْ ھٰذَا فَقَالَ سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ فَقَالَ لَہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا جَاءَ بِکَ فَقَالَ سَعْدٌ وَقَعَ فِیْ نَفْسِیْ خَوْفٌ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَجِئْتُ اَحْرُسُہُ فَدَعَا لَہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَامَ ترجمہ روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سی انکہ رات لگے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے مدینہ میں جب وہ کسی غزوہ سے تو کہا آپنی تو فرمایا آپنی کہ کوئی نیکمرد ہوتا کہ وہ اتی رات میرے جوکیداری کرتا پھر فرمایا حضرت عائشہ نے کہ ہم اسے خیال میں ہے کہ ایک شخص کے ہتیار وں کے آواز سنی اور حضرت نے پوچھا کون انہونے عرض کے سعد بن ابی وقاص آپنے فرمایا تم کیون آئے کہا انہونے تیرے اوپر دلمیں خوف آیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی ضرر نہ پہونچاوے سو حاضر ہوا میں کہ پہرہ دون آپکے لیئے سو دعا کی انکے لیئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور سو گئے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مَنَاقِبُ اَبِی الْاَعْوَرِ** وَاسْمُہُ سَعِیْدُ بْنُ زَیْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَیْلٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **مناقب سعید** کے اور کنیت انکی ابو الاعور ہے اور وہ بیٹے ہیں زید کے وہ عمرو کے وہ نفیل کے راضی ہو اللہ انسے عَنْ سَعِیْدِ بْنِ زَیْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَیْلٍ اَنَّہُ قَالَ اَشْھَدُ عَلَی التِّسْعَۃِ اَنَّھُمْ فِی الْجَنَّۃِ وَلَوْ شَھِدْتُ عَلَی الْعَاشِرِ لَمْ اَاْثَمْ قِیْلَ وَکَیْفَ ذَاکَ قَالَ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِحِرَاءَ فَقَالَ اثْبُتْ حِرَاءُ فَمَا عَلَیْکَ اِلَّا نَبِیٌّ اَوْ صِدِّیْقٌ اَوْ شَھِیْدٌ قِیْلَ وَمَنْ ھُمْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَکْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِیٌّ وَطَلْحَۃُ وَالزُّبَیْرُ وَسَعْدٌ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ قِیْلَ فَمَنِ الْعَاشِرُ قَالَ اَنَا ترجمہ روایت ہے سعید سے کہ کہا انہونے میں گواہی دیتا ہون نو شخصونکی کہ وہ جنتی ہین اور اگر دسوین کی گواہی دون تو بھی گنہگار نہین لوگون نے کہا کیونکر انہونے کہا ہم ساتھ تھے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حرا مین تو آپنے فرمایا اے حرا ٹھہرا رہ کہ تیرے اوپر کوئی نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے لوگون نے عرض کے کہ وہ کون لوگ ہین لیئے جنہین آپنے صدیق یا شہید فرمایا آپنے فرمایا ابو بکر و عمر و عثمان و علی و طلحہ و زبیر اور سعد اور عبد الرحمن بن عوف ہین لوگونے کہا کہ دسوان کون ہے سعید نے کہا میں ہون ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی یہ کئی سند و سیع بواسطہ سعید بن زید کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیے ہمسے احمد بن منیع نے انہون نے حجاج بن محمد سے انہونے شعبہ سے انہون نے حر بن صیاح سے انہونے عبد الرحمن بن ابی نعم سے انہونے سعید بن زید سی انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے معنون مین یہ حدیث حسن ہے **مَنَاقِبُ اَبِیْ عُبَیْدَۃَ** بْنِ عَامِرِ بْنِ الْجَرَّاحِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **مناقب ابو عبیدہ بن** عامر بن جراح رضی اللہ عنہ کے عَنْ حُذَیْفَۃَ بْنِ الْیَمَانِ قَالَ جَاءَ الْعَاقِبُ وَالسَّیِّدُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَا اِبْعَثْ مَعَنَا اَمِیْنَکَ قَالَ فَاِنِّیْ سَاَبْعَثُ مَعَکُمْ اَمِیْنًا حَقَّ اَمِیْنٍ فَاَشْرَفَ لَھَا النَّاسُ فَبَعَثَ اَبَا عُبَیْدَۃَ قَالَ وَکَانَ اَبُوْ اِسْحَاقَ اِذَا حَدَّثَ بِھٰذَا الْحَدِیْثِ عَنْ صِلَۃَ قَالَ سَمِعْتُہُ مُنْذُ سِتِّیْنَ سَنَۃً ترجمہ روایت ہے حذیفہ سے کہ آئی سردار اور اُس کے نائب ایک قوم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اُن دونون نے کہا کہ بھیجدیجئے ہمارے ساتھ اپنے امین کو آپنے فرمایا میں تمہارے ساتھ ایک پورا امین بھیجتا ہون سو لوگ اس خدمت کی خواہش کرنے لگے پھر بھیجا آپنے ابو عبیدہ کو کہا راوی نے کہ ابو اسحاق جب یہ حدیث روایت کرتے صلہ سے تو کہتے کہ سُنی ہے مین نے یہ حدیث اُن سے ساٹھ برس سے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے

مناقب سعید بن زید الاعور رضی اللہ عنہ

مناقب ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ

اور مروی ہوا ابن عمر اور انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر اُمت کا ایک امین ہوتا ہے اور اس امت کا امین ابو عبیدہ بن الجراح ہے روایت کی ہمیں محمد بن بشار نے اُنہوں نے سلم بن قتیبہ اور ابو داؤد سے اُنہوں نے شعبہ سے اُنہوں نے ابی اسحاق سے کہ کہا حذیفہ نے کہ کہا میں نے صلہ بن زفر سے کیا آدمی ہے یعنے بہت اچھا ہے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ اَيُّ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَحَبَّ اِلَيْهِ قَالَتْ اَبُوْ بَكْرٍ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَتْ ثُمَّ عُمَرُ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَتْ ثُمَّ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ فَسَكَتَتْ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن شقیق سے کہ کہا اُنہوں نے پوچھا میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ اصحاب میں بہت پیارا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا کون تھا اُنہوں نے فرمایا ابو بکر میں نے کہا پھر کون کہا پھر عمر میں نے کہا پھر کون اُنہوں نے کہا ابو عبیدہ بن الجراح میں نے کہا پھر کون تو وہ چپ ہو رہیں **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ بَكْرٍ نِعْمَ الرَّجُلُ عُمَرُ نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا خوب شخص ہے ابو بکر اور کیا خوب شخص ہے عمر اور کیا خوب شخص ہے ابو عبیدہ بن جراح **ف** یہ حدیث حسن ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر سہیل کے روایت سے **مَنَاقِبُ اَبِي الْفَضْلِ عَمِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ** **مناقب عباس کے** راضی ہو اللہ اُسے اور کنیت اُنکی ابو الفضل ہے اور وہ چچا ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے ہیں عبد المطلب کے **عَنْ** عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ رَبِيْعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَنَّ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ دَخَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُغْضَبًا وَاَنَا عِنْدَهٗ فَقَالَ مَا اَغْضَبَكَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَالَنَا وَلِقُرَيْشٍ اِذَا لَاقَى بَعْضُهُمْ بَعْضًا لَقُوْهُ بِوُجُوْهٍ مُبْشِرَةٍ وَاِذَا لَقُوْنَا لَقُوْنَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ قَالَ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى احْمَرَّ وَجْهُهٗ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلٍ الْاِيْمَانُ حَتّٰى يُحِبَّكُمْ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ ثُمَّ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ مَنْ اٰذٰى عَمِّيْ فَقَدْ اٰذَانِيْ فَاِنَّمَا عَمُّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ **ترجمہ** روایت ہے عبد المطلب بن ربیعہ سے کہ عباس آئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس غضبناک اور میں بھی آپکے پاس تھا حضرت نے پوچھا تم کیوں غصہ ہوئے اُنہوں نے کہا یا رسول اللہ قریش کو ہمسے کیا پڑی ہے کہ وہ جب آپسمیں ملتے ہیں کشادہ پیشانی سے ملتے ہیں اور جب ہمسے ملتے ہیں اور طرح سے ملتے ہیں پھر غضبناک ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم یہانتک کہ چہرہ اُنکا سُرخ ہو گیا پھر فرمایا قسم ہے اُس اللہ کی کہ میرے جان اُسکے ہاتھ میں ہے کہ کسیکے دلمیں ایمان داخل نہیں ہو سکتا جبتک کہ وہ اللہ و رسول کے لئے دوست نہ رکھے پھر فرمایا اے لوگوں جسنے اذیت دی ہے میرے چچا کو اُسنے مجھے اذیت دی اسلئے کہ چچا آدمی کا مثل باپ کے ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **بَابُ عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْعَبَّاسُ عَمُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ وَمِنْ صِنْوِ اَبِيْهِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عباس چچا ہیں رسول اللہ کے اور چچا آدمی کا مثل باپ کے ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو ابی زناد کے روایت سے مگر اسی سند سے **بَابُ عَنْ** عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعُمَرَ فِي الْعَبَّاسِ اِنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ وَكَانَ عُمَرُ كَلَّمَهٗ فِيْ صَدَقَةٍ **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت عمر سے حضرت عباس کے باب میں کہ چچا آدمی کا اُسکے باپ کے برابر ہے اور حضرت عمر نے اُنسے کچھ گفتگو کی تھی صدقہ کے باب میں یہ حدیث حسن ہے **عَنْ** اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ اِذَا كَانَ غَدَاةُ الْاِثْنَيْنِ فَاْتِنِيْ اَنْتَ وَوَلَدُكَ حَتّٰى اَدْعُوَ لَكُمْ بِدَعْوَةٍ يَنْفَعُكُمُ اللّٰهُ بِهَا وَوَلَدَكَ فَغَدَوْنَا وَغَدَا مَعَهٗ فَاَلْبَسَكُمْ كِسَاءً ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْعَبَّاسِ وَوَلَدِهٖ مَغْفِرَةً ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً لَا تُغَادِرُ ذَنْبًا اَللّٰهُمَّ احْفَظْهُ فِيْ وَلَدِهٖ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت عباس سے کہ دوشنبہ کی صبح کو تم اور تمہارا لڑکا دونوں میرے پاس آؤ کہ میں دعا کروں کہ اللہ نفع دیوے اُس سے تمکو اور تمہارے لڑکے کو پھر ہم صبح کو گئے اور تمکو آپنے ایک چادر اُڑھا دی اور دعا کی کہ یا اللہ بخش دے عباس اور اُنکے لڑکے کے لئے ظاہر اور باطن ایسی بخشش کہ کوئی گناہ نہ چھوڑے اور یا اللہ توفیق دے کہ وہ اپنے لڑکیکا خوب حق ادا کرے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **مَنَاقِبُ جَعْفَرٍ** **مناقب جعفر کے** اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب جعفر** راضی ہو اللہ اُسے اور وہ بیٹے ہیں ابو طالب کے **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ جَعْفَرًا يَطِيْرُ فِي الْجَنَّةِ مَعَ الْمَلٰٓئِكَةِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں نے جعفر کو دیکھا کہ جنت میں اُڑتے ہیں فرشتوں کے ساتھ **ف** یہ حدیث غریب ہے ابی ہریرہ کے روایت سے نہیں جانتے ہم اسے مگر عبداللہ بن جعفر کے روایت سے اور ضعیف کہا ہے یحیی بن معین نے عبداللہ بن جعفر کو اور وہ والد ہیں علی بن مدینے کے اور اسباب میں ابن وہب سے بھی روایت ہے **بَابُ عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا احْتَذَى النَّعَالَ وَلَا انْتَعَلَ وَلَا رَكِبَ

مناقب العباس ابو الفضل عم النبی عبد المطلب رضی اللہ عنہ

مناقب جعفر بن ابو طالب رضی اللہ عنہ

الْمَطَايَا وَالْاَرَاكِبَ اَلْكُوْرُ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ مِنْ جَعْفَرٍ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے کہ نہ جوتی پہنی کسی نے اور نہ سوار ہوا سواری پر اور نہ چڑھا کوئی کاٹھی پر اونٹ کے بعد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم افضل جعفر سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **عَنِ** الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِجَعْفَرِ بْنِ اَبِيْطَالِبٍ اَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ **ترجمہ** روایت ہے براء ابن عازب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جعفر سے کہ تم میری صورت اور سیرت دونوں میں مشابہ ہوا اور اس حدیث میں ایک قصہ ہے **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِنْ كُنْتُ لَاَسْاَلُ الرَّجُلَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاٰيَاتِ مِنَ الْقُرْاٰنِ اَنَا اَعْلَمُ بِهَا مِنْهُ مَا سَاَلَهُ اِلَّا لِيُطْعِمَنِيْ شَيْئًا فَكُنْتُ اِذَا سَاَلْتُ جَعْفَرَ بْنَ اَبِيْطَالِبٍ لَمْ يُجِبْنِيْ حَتّٰى يَذْهَبَ بِيْ اِلٰى مَنْزِلِهٖ فَيَقُوْلُ لِامْرَاَتِهٖ يَا اَسْمَاءُ اَطْعِمِيْنَا فَاِذَا اَطْعَمَتْنَا جَاءَ بِيْ وَكَانَ جَعْفَرٌ يُحِبُّ الْمَسَاكِيْنَ وَيَجْلِسُ اِلَيْهِمْ وَيُحَدِّثُهُمْ وَيُحَدِّثُوْنَهٗ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَنِّيْهِ اَبَا الْمَسَاكِيْنِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ میں ہمیشہ لوگوں سے آیات قرآنی پوچھا کرتا تھا اگرچہ میں اُس سے زیادہ واقف ہوتا صرف اسلئے پوچھتا کہ کچھ کھلائے پھر جب میں جعفر سے کچھ پوچھتا تو وہ جواب نہ دیتے جبتک اپنے گھر نہ لیجاتے اور اپنی بی بی سے کہتے کہ ہمیں کھانا دو پھر جب کھا لیتے تو مجھے جواب دیتے اور جعفر مسکینوں کو چاہتے تھے اور انکے ساتھ بیٹھتے اور باتیں کرتے تھے اور وہ بھی انسے باتیں کرتے تھے سو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم انکو ابو المساکین فرمایا کرتے تھے یعنی مسکینوں کے باپ **ف** یہ حدیث غریب ہے اور ابو اسحٰق مخرمی کا نام ابراہیم بن الفضل مدینی ہے اور بعض محدثین نے انکے حافظہ میں کلام کیا ہے **مَنَاقِبُ اَبِيْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ** بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْطَالِبٍ **وَالْحُسَيْنِ** بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْطَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا **مناقب حضرت امام حسن و امام حسین** اور وہ دونوں بیٹے ہیں علی کے اور ابو طالب کی راضی ہو اللہ اُنسے **عَنْ** اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ امام حسن اور امام حسین دونوں سردار ہیں جنت کے جوانوں کے **ف** روایت کے ہے رضی اللہ عنہ انہوں نے بریدہ ابن قیس سے انہوں نے یزید سے مانند اسکے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابن ابی نعم کا نام عبد الرحمن بن ابی نعم البجلی کوفی ہے **عَنْ** اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ طَرَقْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِيْ بَعْضِ الْحَاجَةِ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُشْتَمِلٌ عَلٰى شَيْءٍ لَا اَدْرِيْ مَا هُوَ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْ حَاجَتِيْ قُلْتُ مَا هٰذَا الَّذِيْ اَنْتَ مُشْتَمِلٌ عَلَيْهِ فَكَشَفَهٗ فَاِذَا حَسَنٌ وَحُسَيْنٌ عَلٰى وَرِكَيْهِ فَقَالَ هٰذَانِ ابْنَايَ وَابْنَا بِنْتِيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا وَاَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُمَا **ترجمہ** روایت ہے اسامہ سے کہ کہا انہوں نے میں آیا رات گیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنے کسی کام کو سو آپ نکلے اور اپنے پیٹھ پر کچھ لپیٹے ہوئے تھے کہ میں نہ جانتا تھا جب میں نے اپنے کام سے فارغ ہوا میں نے کہا یہ کیا ہے آپ نے کھولا تو وہ امام حسن اور امام حسین تھے آپکے کولے پر اور فرمایا آپ نے یہ میرے بیٹے ہیں بیٹی کے بیٹے ہیں اللہ میں انکو دوست رکھتا ہوں تو بھی انکو دوست رکھ اور جو انکو دوست رکھے اسکو بھی دوست رکھ **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عَنْ** عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِيْ نُعْمٍ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ سَاَلَ ابْنَ عُمَرَ عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ يُصِيْبُ الثَّوْبَ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اُنْظُرُوْا اِلٰى هٰذَا يَسْاَلُ عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ وَقَدْ قَتَلُوا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ هُمَا رَيْحَانَتَايَ مِنَ الدُّنْيَا **ترجمہ** روایت ہے عبد الرحمن ابن ابی نعم سے کہ ایک مرد نے عراق کے پوچھا ابن عمر سے مچھر کے خون کا حکم جو کپڑے میں لگ جاوے تو ابن عمر نے فرمایا دیکھو تو اسکو کہ یہ مچھر کے خون کا حکم پوچھتا ہے اور قتل کر ڈالا انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے فرزند کو اور میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے امام حسن اور امام حسین دونوں میرے پھول ہیں دنیا کے **ف** یہ حدیث صحیح ہے اور روایت کے شعبہ نے محمد بن ابی یعقوب سے اور روایت کے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور ابن ابی نعم وہی عبد الرحمن بن ابی نعم بجلی ہیں **عَنْ** سَلْمٰى قَالَتْ دَخَلْتُ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ وَهِيَ تَبْكِيْ فَقُلْتُ مَا يُبْكِيْكِ قَالَتْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعْنِيْ فِي الْمَنَامِ وَعَلٰى رَاْسِهٖ وَلِحْيَتِهِ التُّرَابُ فَقُلْتُ مَا لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ شَهِدْتُ قَتْلَ الْحُسَيْنِ اٰنِفًا **ترجمہ** روایت ہے سلمے سے انہوں نے کہا میں گئی ام سلمہ کے پاس اور وہ رو رہی تھیں میں نے سبب پوچھا تو انہوں نے کہا میں نے دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو یعنے خواب میں اور اُنکے سر اور ریش مبارک پر خاک تھی میں نے سبب پوچھا تو فرمایا میں حاضر ہوا تھا قتل حسین کے ابھی **ف** یہ حدیث غریب ہے **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَقُوْلُ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ اَهْلِ بَيْتِكَ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَكَانَ يَقُوْلُ لِفَاطِمَةَ ادْعِيْ لِيْ ابْنَيَّ فَيَشُمُّهُمَا اَوْ يَضُمُّهُمَا اِلَيْهِ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ وہ کہتے تھے کسی نے پوچھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے آپ کو اپنے گھر والوں سے کون زیادہ

مناقب حضرت امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما

پیار اہے فرمایا حسن اور حسین اور آپ حضرت فاطمہ سے فرماتی تھی کہ بلاؤ تمہارے لئے اپنے دونوں بیٹوں کو اور انکو سونگھتے تھے اور اپنے کلیجہ سے لگاتے تھے **ف** یہ حدیث غریب ہے اس کے روایت سے **باب ۶۰** **عَنْ** اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ اِبْنِیْ ھٰذَا سَیِّدٌ یُصْلِحُ اللّٰہُ عَلٰی یَدَیْہِ بَیْنَ فِئَتَیْنِ **ترجمہ** روایت ہے ابی بکرہ سے کہا کہ چڑھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم منبر اور فرمایا یہ بیٹا میرا یعنے امام حسن سید ہے کہ صلح کریگا اللہ تعالے اسکے ہاتھوں سے دو گروہوں میں **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے اور مراد اس سے امام حسن ہیں **مترجم** یعنے دو گروہ مسلمانوں کے آپس میں انکے سبب سے صلح کرینگے اور وہ دو گروہ ایک حضرت معاویہ کے ساتھ تھا ایک حضرت امام حسن کے ساتھ اور خلافت کا نزاع تھا پس حضرت امام حسن نے اپنے خلافت چھوڑ دی اور مسلمانوں کو قتل و قمع سے بچایا اور بڑا کام کیا جزاہ اللہ عنا خیر الجزاء **باب ۶۱** **عَنْ** اَبِیْ بُرْدَۃَ یَقُوْلُ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَخْطُبُنَا اِذْ جَآءَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ عَلَیْھِمَا قَمِیْصَانِ اَحْمَرَانِ یَمْشِیَانِ وَیَعْثُرَانِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمِنْبَرِ فَحَمَلَھُمَا وَوَضَعَھُمَا بَیْنَ یَدَیْہِ ثُمَّ قَالَ صَدَقَ اللّٰہُ اِنَّمَا اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَۃٌ نَظَرْتُ اِلٰی ھٰذَیْنِ الصَّبِیَّیْنِ یَمْشِیَانِ وَیَعْثُرَانِ فَلَمْ اَصْبِرْ حَتّٰی قَطَعْتُ حَدِیْثِیْ وَرَفَعْتُھُمَا **ترجمہ** روایت ہے ابی بریدہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھتے تھے کہ امام حسن اور حسین آئی اور وہ دونوں کرتے سرخ پہنے ہوئے تھے کہ چلتی تھے اور گر پڑتے تھے یعنے صغر سنی اور ضعف کے سبب سے سو آپ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم منبر سے اور اُن دونوں کو اٹھا لیا اور اپنے آگے بٹھا لیا یہ فرمایا کہ اللہ تعالی سچ فرماتا ہے کہ مال اور اولاد تمہارے فتنہ ہے یعنے آزمائش کی جگہ میں نے ان دونوں لڑکوں کو کہ چلتے تھے اور گرتے تھے سو میں نہ رہ سکا یہاں تک کہ میں نے اپنی بات کاٹی اور انکو اٹھا لیا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر حسین بن واقد کی روایت سے **مترجم** افسوس ہے کہ جس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اسقدر محبت اور الفت تھی اُنکے ساتھ اس اُمت کے ظالموں نے کیا بدسلوکی کی اور کیسی ایذا اور تکلیف دی انا للہ وانا الیہ راجعون **عَنْ** یَعْلَی بْنِ مُرَّۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حُسَیْنٌ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْ حُسَیْنٍ اَحَبَّ اللّٰہُ مَنْ اَحَبَّ حُسَیْنًا حُسَیْنٌ سِبْطٌ مِنَ الْاَسْبَاطِ **ترجمہ** روایت ہے یعلی بن مرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے دوست رکھتا ہے اللہ اسکو جو دوست رکھے حسین کو حسین ایک نواسا ہے نواسوں میں سے **ف** یہ حدیث حسن ہے **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ لَمْ یَکُنْ اَحَدٌ مِنْھُمْ اَشْبَہَ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہا انہوں نے کہ لوگوں میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے مشابہ حسن سے زیادہ کوئی نہ تھا **عَنْ** اَبِیْ جُحَیْفَۃَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَکَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ یُشْبِھُہٗ **ترجمہ** روایت ہے ابی جحیفہ سے کہا انہوں نے کہا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو اُن کے مشابہ حسن بن علی رضی اللہ عنہما تھے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسی طرح ابی بکر صدیق اور ابن عباس اور ابن الزبیر سے بھی روایت ہے **عَنْ** اَبِیْ جُحَیْفَۃَ قَالَ رَاَیْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ زِیَادٍ یَجِیْءُ بِرَاْسِ الْحُسَیْنِ فَجَعَلَ یَقُوْلُ بِقَضِیْبٍ فِیْ اَنْفِہٖ وَیَقُوْلُ مَا رَاَیْتُ مِثْلَ ھٰذَا حُسْنًا لَمْ یَذْکُرْ قَالَ قُلْتُ اَمَا اِنَّہٗ کَانَ مِنْ اَشْبَھِھِمْ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ **ترجمہ** روایت ہے ابی جحیفہ سے کہا انہوں نے کہ میں نے ابن زیاد کو دیکھا کہ سر امام حسین کا یعنے لایا تھا اسے سو وہ مارتا تھا ناکمیں چھڑی مارتا تھا اور کہتا تھا میں نے ایسا حسن نہیں دیکھا اور یہ کیوں ذکر کیا جاتا ہے راوی نے کہا کہ میں بولا وہ سب لوگوں سے زیادہ مشابہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **مترجم** بخاری کے روایت میں یہ لفظ ہیں فَجَعَلَ یَنْکُتُ وَقَالَ فِیْ حُسْنِہٖ شَیْءٌ یعنے چھڑی مارتا تھا اور اُنکے حسن میں عیب لگاتا تھا اور اس روایت کے تطبیق ترمذی کے روایت سے اسطرح ہوسکتی ہے کہ یہ جو اُسنے کہا کہ میں نے ایسا حسن نہیں دیکھا یہ کہنا اُس ناہنجار کا بطریق طعن و استہزا ہو **عَنْ** عَلِیٍّ قَالَ الْحَسَنُ اَشْبَہُ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا بَیْنَ الصَّدْرِ اِلَی الرَّاْسِ وَالْحُسَیْنُ اَشْبَہُ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا کَانَ اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِکَ **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہ امام حسن سب سے زیادہ مشابہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سینہ سے سر تک اور امام حسین سینہ سے نیچے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عَنْ** عُمَارَۃَ بْنِ عُمَیْرٍ قَالَ لَمَّا جِیْءَ بِرَاْسِ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ زِیَادٍ وَاَصْحَابِہٖ نُصِبَتْ فِی الْمَسْجِدِ فِی الرَّحْبَۃِ فَانْتَھَیْتُ اِلَیْھِمْ وَھُمْ یَقُوْلُوْنَ قَدْ جَآءَتْ قَدْ جَآءَتْ فَاِذَا حَیَّۃٌ تَخَلَّلُ الرُّؤُسَ حَتّٰی دَخَلَتْ فِیْ مَنْخَرَیْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ زِیَادٍ فَمَکَثَتْ ھُنَیْھَۃً ثُمَّ خَرَجَتْ فَذَھَبَتْ حَتّٰی تَغَیَّبَتْ ثُمَّ قَالُوْا قَدْ جَآءَتْ قَدْ جَآءَتْ فَعَلَتْ ذٰلِکَ مَرَّتَیْنِ اَوْ ثَلَاثًا **ترجمہ** روایت ہے عمارہ بن عمیر سے کہ جب عبید اللہ بن زیاد اور اُسکے لوگوں کے سر مسجد میں لاکر ڈالدیے جو رحبہ میں تھی اور وہ نام ہے ایک مقام کا سو میں وہاں گیا اور لوگ کہنے لگے آیا آیا

اور وہ ایک سانپ تھا کہ لوگوں میں سے ہو کر آیا اور عبید اللہ بن زیاد کے نتھنوں میں تھوڑی دیر گھسا رہا پھر نکلا اور چلا گیا اور غائب ہو گیا پھر لوگوں نے کہا کہ آیا آیا اور پھر گھسا اسطرح تین بار گیا یا دو بار اور یہ مقولہ تھا اللہ کے عذاب کا اس نابکار کے واسطے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب عن حذیفہ** قال سألنی امی متی عھدک بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقلت مالی بہ عھد منذ کذا کذا فنالت منی فقلت لھا دعینی آتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاصلی معہ المغرب واسألہ ان یستغفر لی ولک فاتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فصلیت معہ المغرب فصلی حتی صلی العشاء ثم انفتل فتبعتہ فسمع صوتی فقال من ھذا حذیفۃ قلت نعم قال ما حاجتک غفر اللہ لک ولامک قال ان ھذا ملک لم ینزل الارض قط قبل ھذہ اللیلۃ استاذن ربہ ان یسلم علی ویبشرنی بان فاطمۃ سیدۃ نساء اھل الجنۃ وان الحسن والحسین سیدا شباب اھل الجنۃ **ترجمہ** حذیفہ سے روایت ہے کہا کہ میری ماں نے مجھ سے کہا کہ تو حضور کی خدمت میں کب جایا کرتا ہے میں نے کہا اتنی روز سے میرا کوئی وقت مقرر نہیں یعنے اکثر غیر حاضر رہتا ہوں تو مجھ پر سخت خفا ہوئی میں نے کہا اب جاؤں گا تو حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر مغرب کے ساتھ پڑھونگا اور حضور سے سوال کرونگا کہ میرے اور تمہارے لئے مغفرت مانگیں پھر میں آپکے پاس حاضر ہوا اور مغرب کے ساتھ پڑھی پھر آپ نوافل پڑھتے رہے یہانتک کہ عشا پڑھی اور لوٹے اور میں آپکے ساتھ چلا سو میری آواز سنی اور فرمایا کون حذیفہ ہے میں نے کہا جی فرمایا تمہارا کیا مطلب ہے جسسے تم نے اور تمہاری ماں کو اور فرمایا یہ ایک فرشتہ تھا کہ زمین پر کبھی نہ اترا تھا آج کی رات اسنے اجازت مانگی ہے کہ مجھ پر سلام کرے اور بشارت دی کہ فاطمہ سردار عورتوں کے بہشت کی اور حسن اور حسین سردار ہیں جنت کے جوانوں کے یعنے جو دنیا میں جوان تھے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے روایت ہے **عن** البراء ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انظر حسنا وحسینا فقال اللھم انی احبھما فاحبھما **ترجمہ** براء سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا حضرت امام حسن اور امام حسین کو اور کہا کہ یا اللہ میں انکو دوست رکھتا ہوں تو بھی انکو دوست رکھ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حامل الحسن بن علی علی عاتقہ فقال رجل نعم المرکب رکبت یا غلام فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ونعم الراکب ھو **ترجمہ** ابن عباس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم حسن بن علی کو اپنے کندھے پر لئے ہوئے تھے سو ایک شخص نے کہا کیا خوب سواری پائی تو نے اے لڑکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور سوار بھی کیا خوب ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور زمعہ بن صالح کو بعض اہل علم نے ضعیف کہا ہے بسبب سوء حفظ کے **عن** البراء بن عازب قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم واضع الحسن بن علی علی عاتقہ وھو یقول اللھم انی احبہ فاحبہ **ترجمہ** براء ابن عازب سے روایت ہے انہوں نے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ سلم کو کہ حسن بن علی کو اپنے کندھے پر لئے ہوئے تھے اور فرماتے تھے یا اللہ میں اسکو دوست رکھتا ہوں تو بھی اسکو دوست رکھ **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے

## مناقب اھل بیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

## مناقب اہل بیت کے

راضی ہو اللہ اسسے **عن** جابر بن عبد اللہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی حجتہ یوم عرفۃ وھو علی ناقتہ القصواء یخطب فسمعتہ یقول یا ایھا الناس انی ترکت فیکم ما ان اخذتم بہ لن تضلوا کتاب اللہ وعترتی اھل بیتی **ترجمہ** جابر بن عبد اللہ سے کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ میں عرفہ کے اور وہ اپنی اونٹنی پر تھے جسکا نام قصوی تھا اور خطبہ پڑھتے تھے سو سنا میں نے کہ فرماتے تھے اے لوگوں میں تمہارے لئے ایسی چیز چھوڑے جاتا ہوں کہ جب تک تم اسے پکڑے رہو گے کبھی گمراہ نہ ہو گے ایک کتاب اللہ دوسرے عترت یعنے اہل بیت اپنی **ف** اسباب میں ابی ذر اور ابی سعید اور زید بن ارقم اور حذیفہ بن اسید سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور زید بن حسن سے سعید بن سلیمان اور کئی اہل علم نے روایت کیا ہے **مترجم** نورشتی نے کہا کہ عترت کے کئی معنی میں اسلئے حضرت نے فرمایا کہ مراد اس سے اہل بیت ہیں تاکہ معلوم ہو جاوے کہ مقصود اس سے اپنی نسل اور ولی بیان اور قرابت قریبہ والی ہیں اور یہ بھی معنی ہے کہ اپنے انکی محبت رکھنا اور انکی حرمت کی حفاظت کرنا اور انکے مدراوات پر عمل کرنا اور انکے اقوال حسنہ سے اعتماد کرنا اور یہی معاملہ کتاب سے ضرور ہے کہ اسکی حرمت نگاہ رکھنا اور سر عمل رہنا اور مواعظ سے باز رہنا **عن** عمر ابن ابی سلمۃ ربیب النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال نزلت ھذہ الآیۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا فی بیت ام سلمۃ فدعا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاطمۃ وحسنا وحسینا فجللھم بکساء وعلی خلف ظھرہ فجللھ بکساء ثم

قَالَ اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِيْ وَ ذَهَبَ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَ طَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ وَاَنَا مَعَهُمْ يَا رَسُوْلَ قَالَ اَنْتِ عَلٰى مَكَانِكِ وَاَنْتِ اِلٰى خَيْرٍ **ترجمہ** روایت ہے عمرو بن ابی سلمہ سے جو گیلڑ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے انہوں نے کہا جب آیت اتری نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ یعنے اللہ چاہتا ہے کہ دور کرے تمہاری ناپاکی کو ای گھر والوں تم سلمہ کے گھر میں سو بلایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ اور امام حسن و حسین کو اور اپنے ایک چادر ڈال دی اور انکے پیچھے حضرت علی تھے سو ان سب پر ایک چادر ڈالکر آپنے عرض کی یا اللہ یہ لوگ میرے گھر والے ہیں سو انکی ناپاکی دور کر دے اور انکو خوب پاک کر دی اور ام سلمہ نے عرض کی کہ میں بھی انہیں میں ہوں یا رسول اللہ آپنی فرمایا تم اپنی جگہ پر رہو اور تم نیکی پر ہو **ف** اور سوا ہیں ام سلمہ کے معقل بن یسار اور ابی الحمراء اور انس بن مالک سے بھی روایت ہے یہ حدیث غریب ہے **مترجم** اللہ چاہتا ہی کہ دور کر دی تمہارے ناپاکی کی مراد ناپاکی سے اخلاق رزیلہ اور عادات خسیسہ میں یا وہ معاصی جنکی اللہ تعالٰی نے نہی فرمائی یا وساوس و خطرات شیطانیہ اور وہ اجس شبہات نفسانیہ کہ ان سب سے اللہ تعالٰی نے اہل بیت کو پاک کیا اور اہل بیت سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات ہیں جو بیبیاں نبی میں تمہیں اور یہی روایت ہے سعید بن جبیر کے ابن عباس سے اور یہی قول ہے عکرمہ و مقاتل کا اور ابی سعید خدری اور ایک جماعت تابعین کے اسطرف گئی ہے کہ مراد اہل بیت سے علی اور فاطمہ اور حسنین ہیں اور روایت مذکورہ بھی اسکی موئید ہی مگر یہ جال نساء نبی اس سے خارج نہیں اسلئے کہ لفظ قرآنی اور ارشاد رحمانی خود انکو شامل ہے اور زید بن ارقم نے کہا ہے کہ اہل بیت وہ ہیں جنپر صدقہ حرام ہے اور وہ آل علی اور آل عقیل اور آل جعفر اور آل عباس ہیں رضی اللہ عنہم عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ تَارِكٌ فِيْكُمْ مَا اِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدِيْ اَحَدُهُمَا اَعْظَمُ مِنَ الْاٰخَرِ كِتَابُ اللّٰهِ حَبْلٌ مَمْدُوْدٌ مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ وَعِتْرَتِيْ اَهْلُ بَيْتِيْ وَلَنْ يَّتَفَرَّقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ فَانْظُرُوْا كَيْفَ تَخْلُفُوْنِيْ فِيْهِمَا **ترجمہ** روایت ہے زید بن ارقم سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میں تمہارے درمیان ایسی دو چیزیں چھوڑ جاتا ہوں ایک انمیں کے دوسرے سے بڑی وہ جو بڑی ہے اللہ کی کتاب ہے کہ گویا ایک رسی ہے آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی اور دوسرے میرے عترت یعنے اہل بیت میرے کہ یہ دونوں جدا نہونگے یہانتک کہ وارد ہوں میرے پاس حوض کوثر پر سو دیکھو میرے پیچھے انکے ساتھ کیا کرتے ہو **ف** یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **مترجم** افسوس ہے کہ امت نے ان دونوں کے ساتھ کچھ حسن سلوک نکیا ایک گروہ نے تو قرآن کو طاق پر رکھ دیا اور رسم و رواج کیطرح اسکی تعلیم جاری اور دستور العمل بنا آرا بال کو کیا اور دوسرے گروہ نے اہل بیت کے ساتھ جو بدسلوکی کی وہ ظاہر ہے **عَنْ** عَوْفِ بْنِ اَبِيْ جُحَيْفَةَ اَبِيْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ كُلَّ نَبِيٍّ اُعْطِيَ سَبْعَةَ نُجَبَاءَ رُفَقَاءَ وَقَدْ اُعْطِيْتُ اَنَا اَرْبَعَةَ عَشَرَ فَقُلْنَا مَنْ هُمْ قَالَ اَنَا وَابْنَايَ وَجَعْفَرٌ وَحَمْزَةُ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَمُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَبِلَالٌ وَسَلْمَانُ وَعَمَّارٌ وَالْمِقْدَادُ وَحُذَيْفَةُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر نبی کو اللہ تعالٰی نے سات نقیب عنایت فرمائی ہیں اور مجھے چودہ تبنے پوچھا کہ وہ کون ہیں تو آپنے مجھے اور میرے دونوں بیٹوں اور جعفر اور حمزہ اور ابو بکر اور عمر اور مصعب بن عمیر اور بلال اور سلمان اور عمار اور مقداد اور حذیفہ اور عبد اللہ بن مسعود کو فرمایا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہے یہ حدیث علی سے موقوفاً **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحِبُّوا اللّٰهَ لِمَا يَغْذُوْكُمْ مِنْ نِعَمِهٖ وَاَحِبُّوْنِيْ بِحُبِّ اللّٰهِ وَاَحِبُّوْا اَهْلَ بَيْتِيْ بِحُبِّيْ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوست رکھو اللہ کو اسلئے کہ وہ تمکو اپنی نعمتیں کھلاتا ہی اور دوست رکھو مجھے اللہ کے لئے اور دوست رکھو میرے اہل بیت کو میرے لئے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اسی سند سے ہم اسی حدیث کو جانتے ہیں

## مناقب معاذ بن جبل و زید بن ثابت و ابی بن کعب و ابی عبیدہ بن الجراح

## مناقب معاذ اور زید اور ابی اور ابی عبیدہ کے

**عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْحَمُ اُمَّتِيْ بِاُمَّتِيْ اَبُوْ بَكْرٍ وَاَشَدُّهُمْ فِيْ اَمْرِ اللّٰهِ عُمَرُ وَاَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ وَاَعْلَمُهُمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَاَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَاَقْرَاُهُمْ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِيْنٌ وَاَمِيْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے زیادہ رحم کرنیوالی میری امت پر ابو بکر ہیں یعنے نرم دل اور سب سے زیادہ سخت اللہ کے کام میں عمر اور سب سے زیادہ سچی شرم والے عثمان اور سب سے زیادہ حلال و حرام سے واقف معاذ بن جبل اور سب سے زیادہ فرائض جاننے والی زید بن ثابت اور سب سے زیادہ قراءت جاننے والی ابی بن کعب اور ہر امت کا ایک امین ہے اور اس امت کا امین ابو عبیدہ بن جراح ہیں **ف** یہ حدیث غریب ہے ہنہیں جانتے ہم اسکو قتادہ کے روایت سے مگر اسی سند سے اور روایت کیا ہے یہ ابو قلابہ نے انس سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ

قرأ عليك لم يكن الذين كفروا قال وسماني قال نعم فبكى ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعب سے کہ اللہ نے مجھ کو حکم دیا ہے کہ تمہارے لگے سورہ لم یکن پڑھوں انہوں نے عرض کے کہ کیا اللہ نے میرا نام لیا آپ نے فرمایا ہاں دو رونی لگے یعنی فکر کے رونے ف یہ حدیث جو ہے صحیح ہے اور مرسل ہوئی یہی حدیث ابی بن کعب سے انہوں نے روایت کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عن انس بن مالک قال جمع القرآن على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم اربعة كلهم من الانصار ابي بن كعب ومعاذ بن جبل وزيد بن ثابت وابو زيد قال قلت لانس من ابو زيد قال احد عمومتي ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ انہوں نے کہا جمع کیا قرآن کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چار شخصوں نے کہ سب انصار سے تھے ابی بن کعب معاذ بن جبل اور زید بن ثابت اور ابوزید راوی نے کہا میں نے کہا ابوزید کون ہیں انس نے کہا وہ میرے چچاؤں میں ہیں ف عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نعم الرجل ابوبكر نعم الرجل عمر نعم الرجل ابو عبيدة بن الجراح نعم الرجل اسيد بن حضير نعم الرجل ثابت بن قيس بن شماس نعم الرجل معاذ بن جبل نعم الرجل معاذ بن عمرو بن الجموح ترجمہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا خوب ہیں ابوبکر و عمر و ابوعبیدہ اور اسید بن حضیر اور ثابت بن قیس اور معاذ بن جبل اور معاذ بن عمرو بن الجموح ف یہ حدیث حسن ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر سہیل کے روایت سے عن حذيفة بن اليمان قال جاء العاقب والسيد الى النبي صلى الله عليه وسلم فقالا ابعث معنا امينك قال فانى سابعث معكم امينا حق امين فاشرف لها الناس فبعث ابا عبيدة قال وكان ابو اسحاق اذا حدث بهذا الحديث عن صلة قال سمعته منذ ستين سنة ترجمہ روایت ہے حذیفہ بن الیمان سے کہا انہوں نے کہ آیا سردار ایک قوم کا اور نایب اسکا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور دونوں نے عرض کے کہ ہمارے ساتھ کوئی امین روانہ فرمائیے آپ نے فرمایا میں تمہارے ساتھ ایسا امین بھیجونگا جو حق امانت بخوبی ادا کرے اور لوگوں نے اس خدمت کے طمع کے اسو بھیجا آپ نے انکے ساتھ ابوعبیدہ کو کہا راوی نے ابو اسحاق جب اس حدیث کو صلہ سے روایت کرتے تھے کہتے تھے کہ میں نے ساٹھ برس ہوے کہ یہ حدیث انہی سنی تھی اور یہ انکا کمال حافظہ تھا ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی گئی یہ عمر اور انس سے دونوں نے روایت کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا ہر امت کا ایک امین ہے اور اس امت کا امین ابوعبیدہ

## مناقب سلمان الفارسی رضی اللہ عنہ

## مناقب سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الجنة تشتاق الى ثلثة علي وعمار وسلمان ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہشت تین شخصوں کے مشتاق ہے علی اور عمار اور سلمان فارسی کی ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر حسن بن صالح کے روایت سے ترجمہ سلمان فارسی فارس کے تھے اور انکے باپ آتش پرست تھے انکو اللہ نے ہدایت کی دین کا شوق ہوا پہر یہودی ہوئی پہر نصرانی ایک مدت تک دین کی تلاش میں بسر کئی جگہ پھر کے آخر میں توفیق الہی حضرت کے خدمت میں کھینچ لائی یہاں مشرف باسلام ہوے بڑی عمر تھے قریب چار سو برس کے اور جنگ احزاب میں خندق انہیں کے صلاح مشورہ سے کھودی گئی حضرت نے انکو اہل بیت سے فرمایا ہے خراہ اللہ عنا خیر الجزاء

## مناقب عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ

## مناقب عمار بن یاسر

کنیت انکی ابو الیقظان ہے عن علي قال جاء عمار بن ياسر يستاذن على النبي صلى الله عليه وسلم فقال ائذنوا له مرحبا بالطيب المطيب ترجمہ روایت ہے حضرت علی سے کہ عمار حاضر ہوے اور اجازت چاہی حضرت نے فرمایا انکو آنے دو مرحبا مرد پاکذات پاک خصلت کو ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما خير عمار بين امرين قط اختار ارشدهما ترجمہ روایت ہے حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اختیار نہ دیا گیا عمار کو کسی دو امر میں کہ نہ اختیار کیا انہوں نے انمیں سے بہتر کو ف یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے عبدالعزیز بن سیاہ کے روایت سے اور وہ شیخ کوفی ہیں اور انکی محدثین نے روایت کی ہے اور انکا ایک لڑکا ہی کہ اسکو یزید بن عبدالعزیز کہتے ہیں اور وہ ثقہ ہیں روایت کے انکی یحیی بن آدم نے عن حذيفة قال كنا جلوسا عند النبي صلى الله عليه وسلم فقال اني لا ادري ما قدر بقائي فيكم فاقتدوا بالذين من بعدي واشار الى ابي بكر وعمر واهتدوا بهدي عمار وما حدثكم ابن مسعود فصدقوه ترجمہ روایت ہے حذیفہ سے کہا انہوں نے کہ ہم بیٹھے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ فرمایا آپنے میں نہیں جانتا کہ تم میں کب تک جیوں سو اقتدا کرو میرے بعد ابی بکر و عمر کا اور جو حال عمار کے اور ابن مسعود جو حدیث بیان کریں اسکو سچ جانو ف یہ حدیث حسن ہے اور روایت کے ابراہیم بن سعد نے یہ حدیث سفیان ثوری سے انہوں نے عبدالملک بن عمیر سے انہوں نے ہلال مولی بنی سے انہوں نے حذیفہ سے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اسکے مانند عن

اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَبْشِرْ یَا عَمَّارُ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِیَةُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بشارت ہو تجھکو اے عمار کہ قتل کریں گے تجھکو باغی لوگ **ف** اسناد میں ام سلمہ و عبداللہ بن عمر اور ابی الیسر اور حذیفہ سے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے علاء بن عبدالرحمن کی روایت سے **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت علی اور حضرت معاویہ کے جنگ و جدال میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ حق پر تھے اور حضرت معاویہ خطاء پر مگر اصحاب سے چونکہ کفر و اسلام کا جھگڑا نہ تھا بلکہ اجتہادی خطا تھی اسلئے محل طعن نہیں اور حضرت عمار کو اصحاب معاویہ رضی اللہ عنہ نے شہید کیا **مَنَاقِبُ اَبِیْ ذَرٍّ الْغِفَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ** مناقب ابی ذر غفاری کے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ اَصْدَقَ مِنْ اَبِیْ ذَرٍّ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آسمان نے کسی پر سایہ نہ کیا اور زمین نے کسیکو نہ اٹھایا جو زیادہ سچا ہو ابی ذر سے **ف** اور اسی باب میں ابی الدرداء اور ابی ذر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے **عَنْ** اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ مِنْ ذِیْ لَهْجَةٍ اَصْدَقَ وَلَا اَوْفٰی مِنْ اَبِیْ ذَرٍّ شَبِیْهُ عِیْسَی بْنِ مَرْیَمَ فَقَالَ عُمَرُ مَا نَعْرِفُ ذٰلِكَ لِاَحَدٍ مِنَ الْبَشَرِ اِلَّا لِاَبِیْ بَكْرٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَتَعْرِفُ ذٰلِكَ لَهُ قَالَ نَعَمْ فَاعْرِفُوْهُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ذر سے کہ انہوں نے کہا ہے لئے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آسمان نے کبھی پر سایہ نہ کیا اور زمین نے کسیکو نہ اٹھایا جو زیادہ سچا ہو اور وہ بہت مشابہ ہے عیسے بن مریم کے سو عمر بن خطاب نے حضرت سے پوچھا جیسے کہ کسیکو شک آتا ہے کہ کیا انکو خبر کر دیں ہم اسکی آپنے فرمایا کہ ہاں کہہ دو اس سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور روایت کیے بعضوں نے یہ حدیث اور کہا کہ حضرت نے یوں فرمایا کہ ابوذر زمین پر ایسے زہد کے ساتھ نہ کہا ہے جیسے عیسے بن مریم **مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ** رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مناقب عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے **عَنْ** عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنِ ابْنِ اَخِیْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ لَمَّا اُرِیْدَ قَتْلُ عُثْمَانَ جَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ مَا جَاءَ بِكَ قَالَ جِئْتُ فِیْ نُصْرَتِكَ قَالَ اُخْرُجْ اِلَی النَّاسِ فَاطْرُدْهُمْ عَنِّیْ فَاَتَاهُمْ حَاسِرًا حَتّٰی دَخَلَ عَلَیْهِ مِنْ بَابِهِ دَاخِلًا ثُمَّ خَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ اِلَی النَّاسِ فَقَالَ اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّهُ كَانَ اِسْمِیْ فِی الْجَاهِلِیَّةِ فُلَانٌ فَسَمَّانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ اللّٰهِ وَنَزَلَتْ فِیَّ اٰیَاتٌ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ نَزَلَتْ فِیَّ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ عَلٰی مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ وَنَزَلَ قُلْ كَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتَابِ اِنَّ لِلّٰهِ سَیْفًا مَغْمُوْدًا عَلَیْكُمْ وَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ قَدْ جَاوَرَتْكُمْ فِیْ بَلَدِكُمْ هٰذَا الَّذِیْ نَزَلَ فِیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاللّٰهَ اللّٰهَ فِیْ هٰذَا الرَّجُلِ اَنْ تَقْتُلُوْهُ فَوَاللّٰهِ اِنْ قَتَلْتُمُوْهُ لَتَطْرُدُنَّ جِیْرَانَكُمُ الْمَلَائِكَةَ وَلَتُسْلُبُنَّ سَیْفَ اللّٰهِ الْمَغْمُوْدَ عَنْكُمْ فَلَا یُغْمَدُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فَاَبَوْا اَنْ یَقْبَلُوْا مِنْهُ وَقَالُوْا لَهُ اقْتُلُوا الْیَهُوْدِیَّ وَاقْتُلُوْا عُثْمَانَ **ترجمہ** روایت ہے عبدالملک سے کہ انہوں نے کہا جب ارادہ کیا لوگوں نے حضرت عثمان کے قتل کا آئے عبداللہ بن سلام اور حضرت عثمان نے اسے پوچھا کہ تم کیوں آئے ہو انہوں نے عرض کیا کہ آپکے مدد کو آپنے فرمایا جاؤ لوگوں کو میرے ایذا دینے سے باز رکھو اسلئے کہ تمہارا باہر رہنا میرے لئے زیادہ بہتر ہے اندر کے رہنے سے سو عبداللہ باہر نکلے اور لوگوں سے کہا اے لوگو میرا نام جاہلیت میں فلان تھا اور نام رکھا میرا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ اور کئی آیتیں کتاب اللہ کے میرے شان میں نازل ہوئیں چنانچہ وَشَهِدَ شَاهِدٌ اور قُلْ كَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا میرے ہی لئے نازل ہوئے اور اللہ کی تلوار میان میں ہے اور ملائکہ تمہارے ہمسایہ ہیں اس شہر مدینہ میں جسمیں اترے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سو ڈرو اللہ سے اور بچو اس شخص کے قتل سے سو قسم ہے اللہ کے اگر تمنے اسکو قتل کیا یعنے حضرت عثمان کو تو تمہارے ہمسایہ ملائکہ تمسے دور ہو جاوینگے اور تلوار اللہ کے تمہیں میان سے باہر ہو جاویگی کہ پھر قیامت تک میان میں نہ آئیگی مولوں نے ان کی نصیحت نہ کی جواب دیا کہ قتل کرو اس یہودی کو یہی اور حضرت عثمان کو یہی **ف** یہ حدیث غریب ہے ہم نہیں جانتے ہم اسکو مگر عبدالملک بن عمیر کی روایت سے اور روایت کیے شعیب بن صفوان نے یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے اور کہا انہوں نے کہ روایت ہے عمر بن محمد بن عبداللہ بن سلام سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے دادا عبداللہ بن سلام سے **مترجم** یہ دونوں آیتیں عبداللہ بن سلام کی شان میں نازل ہوئیں اول قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ عَلٰی مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ یعنے کہہ تو اسی نبی کہ بھلا دیکھو تو اگر یہ قرآن اللہ کے نزدیک سے ہو اور تم اسکے منکر ہو اور ایک گواہ بنی اسرائیل کا یہی اسکی گواہی دے چکا اور اسپر ایمان لا چکا اور تکبر کیا تمنے تو کتنا بڑا ظلم کیا بیشک اللہ راہ نہیں دیتا ظالموں کو انتہے اور اس گواہ سے مراد عبداللہ بن سلام ہی ہیں

مناقب عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ

یہی قول ہے قتادہ اور ضحاک کا کہ انہوں نے گواہی دی کہ قرآن کلام الٰہی ہے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم رسول ہیں دوسرے وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلًا قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ یعنے کافر کہتے ہیں کہ تو رسول نہیں کہہ تو کافی ہے اللہ گواہ میرے اور تمہارے درمیان اور جسکے پاس علم ہے کتاب کا اور مراد اس سے ہے عبداللہ بن سلام ہیں یہی قول ہے قتادہ کا اور ان ناہنجاروں نے ظلم کیا جو ایسے مؤمن کامل الایمان کو یہودی کہا اور حقیقت میں جب سے حضرت عثمان خلیفہ برحق مقتول ہوئے اہل اسلام کبھی بھی متفق ہو کر کسی دشمن سے نہ لڑے اور اللہ کی غضب کے تلوار انکے اوپر کھینچی کر اُسنے آپس میں پھوٹ ڈالنی اور تحریش فیما بینہم کا سبب ہو گئی

**عَنْ** یَزِیْدَ بْنِ عُمَیْرَۃَ قَالَ لَمَّا حَضَرَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ الْمَوْتُ قِیْلَ لَہٗ یَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَوْصِنَا قَالَ اجْلِسُوْنِیْ فَقَالَ اِنَّ الْعِلْمَ وَالْاِیْمَانَ مَکَانَھُمَا مَنِ ابْتَغَاھُمَا وَجَدَھُمَا یَقُوْلُ ذٰلِکَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَالْتَمِسُوا الْعِلْمَ عِنْدَ اَرْبَعَۃٍ وَھُوَ عِنْدَ عُوَیْمِرٍ اَبِی الدَّرْدَاءِ وَعِنْدَ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ سَلَامٍ الَّذِیْ کَانَ یَھُوْدِیًّا فَاَسْلَمَ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّہٗ عَاشِرُ عَشَرَۃٍ فِی الْجَنَّۃِ

ترجمہ روایت ہے یزید بن عمیرہ سے کہ جب حضرت معاذ کو موت قریب ہوئی لوگوں نے کہا انکو وصیت کرو انہوں نے کہا مجھکو بٹھاؤ پھر کہا علم اور ایمان اپنی جگہ میں موجود ہے جو انکو ڈھونڈے بیشک پاوے تین بار کہا اور کہا کہ علم کو ڈھونڈو چار شخصوں کے پاس ایک ابو الدرداء دوسرے سلمان فارسی تیسرے عبداللہ بن مسعود چوتھے عبداللہ بن سلام جو یہودی تھے اور اللہ نے انکو شرف اسلام عنایت فرمایا اور میں نے سنا ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ وہ بھی اُن دس میں ہے جو جنتی ہیں **ف** اسباب میں سعد سے ہے روایت ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے

**مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ**

**مناقب عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ**

**عَنِ** ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اقْتَدُوْا بِالَّذَیْنِ مِنْ بَعْدِیْ مِنْ اَصْحَابِیْ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ وَاھْتَدُوْا بِھَدْیِ عَمَّارٍ وَتَمَسَّکُوْا بِعَھْدِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ ترجمہ روایت ہے ابن مسعود سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پیروی کرو میرے بعد ابی بکر و عمر کے اور خصلت اختیار کرو عمار کے اور وصیت اور نصیحت پر چلو ابن مسعود کے **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے عبداللہ بن مسعود کے روایت سے نہیں جانتے ہم اسکو مگر یحیی بن سلمہ بن کہیل کے روایت سے اور یحیی بن سلمہ ضعیف ہیں حدیث میں اور ابی الزعراء کا نام عبداللہ بن ہانی ہے اور وہ ابو الزعراء جنسے شعبہ اور ثوری اور ابن عیینہ روایت کرتے ہیں انکا نام عمرو بن عمرو ہے اور وہ ہبیرہ بن ابی الاحوص کے رفیق ہیں ابن مسعود کے

**عَنِ** الْاَسْوَدِ بْنِ یَزِیْدَ اَنَّہٗ سَمِعَ اَبَا مُوْسٰی یَقُوْلُ لَقَدْ قَدِمْتُ اَنَا وَاَخٌ مِنْ اِخْوَتِیْ مِنَ الْیَمَنِ وَمَا نُرٰی اِلَّا اَنَّ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَجُلٌ مِنْ اَھْلِ بَیْتِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِمَا نَرٰی مِنْ دُخُوْلِہٖ وَدُخُوْلِ اُمِّہٖ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ترجمہ روایت ہے اسود بن یزید سے کہ انہوں نے سنا ابوموسی سے کہ وہ کہتے تھے کہ آئی ہم اور بھائی ہمارے میں سے اور ہم اکثر اوقات یہی دیکھتے تھے کہ عبداللہ بن مسعود ایک شخص ہیں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں سے اسلئے کہ ہم بہت انکی اور انکی والدہ کے آمد و رفت دیکھتے حضرت کے گھر میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیا ہے یہ سفیان ثوری نے ابی اسحاق سے

**عَنْ** عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ یَزِیْدَ قَالَ اَتَیْنَا حُذَیْفَۃَ فَقُلْنَا حَدِّثْنَا بِاَقْرَبِ النَّاسِ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَدْیًا وَدَلًّا فَمَا نَاْخُذُ عَنْہُ وَنُتَّھَمُ مِنْہُ قَالَ کَانَ اَقْرَبَ النَّاسِ ھَدْیًا وَدَلًّا وَسَمْتًا بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ حَتّٰی یَتَوَارٰی مِنَّا فِیْ بَیْتِہٖ وَقَدْ عَلِمَ الْمَحْفُوْظُوْنَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّ ابْنَ اُمِّ عَبْدٍ ھُوَ مِنْ اَقْرَبِھِمْ اِلَی اللّٰہِ زُلْفًا ترجمہ روایت ہے عبدالرحمن بن یزید سے کہا انہوں نے کہ آئی ہم حذیفہ کے پاس اور کہا ہمنے بتاؤ ہمکو کہ کون شخص زیادہ قریب تر ہے بنسبت لوگوں کے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے چال و چلن میں کہ ہم اُس سے دین سیکھیں اور حدیثیں سنیں تو انہوں نے کہا سب سے زیادہ قریب لوگوں سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے چال و چلن اور خصلت میں عبداللہ بن مسعود ہیں اور وہ پوشیدہ حالات خانگی سے حضرت کے واقف ہوتے ہیں جو ہم نہیں جانتے ہیں اور جو لوگ جانتے ہیں اصحاب سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے جو کذب سے محفوظ ہیں کہ بیشک ابن عبد کا یعنے عبداللہ بن مسعود اُن سب میں زیادہ نزدیک ہیں اللہ کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے

**عَنْ** عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ کُنْتُ مُؤَمِّرًا اَحَدًا مِنْھُمْ مِنْ غَیْرِ مَشُوْرَۃٍ لَاَمَّرْتُ ابْنَ اُمِّ عَبْدٍ ترجمہ روایت ہے حضرت علی سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر میں کسی کو امیر کرتا ان میں بغیر مشورہ کے تو امیر کرتا عبداللہ بن مسعود کو جو بیٹا ہیں ام عبد کے یعنے کسی لشکر خاص پر اور اس سے خلافت مراد نہیں اسلئے کہ خلیفہ قریش سے ہیں **ف** اس حدیث کو نہیں جانتے ہم مگر حارث کے روایت سے کہ وہ علی سے روایت کرتے ہیں روایت کرتے ہیں ہمسے سفیان بن وکیع نے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے سفیان ثوری سے انہوں نے ابی اسحاق سے

انہوں نے حذیفہ سے انہوں نے حضرت علی سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر میں کسیکو امیر کرتا بغیر مشورہ کے تو امیر کرتا ابن ام عبد کو **عَنْ** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُذُوا الْقُرْاٰنَ مِنْ اَرْبَعَۃٍ مِنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَسَالِمٍ مَوْلَی اَبِیْ حُذَیْفَۃَ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قرآن سیکھو چار شخصوں سے عبداللہ بن مسعود اور ابی بن کعب اور معاذ بن جبل اور سالم مولی ابی حذیفہ سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** خَیْثَمَۃَ بْنِ اَبِیْ سَبْرَۃَ قَالَ اَتَیْتُ الْمَدِیْنَۃَ فَسَاَلْتُ اللّٰہَ اَنْ یُّیَسِّرَ لِیْ جَلِیْسًا صَالِحًا فَیَسَّرَ لِیْ اَبَا ھُرَیْرَۃَ فَجَلَسْتُ اِلَیْہِ فَقُلْتُ لَہٗ اِنِّیْ سَاَلْتُ اللّٰہَ اَنْ یُّیَسِّرَ لِیْ جَلِیْسًا صَالِحًا فَوُفِّقْتُ لِیْ فَقَالَ مِنْ اَیْنَ اَنْتَ قُلْتُ مِنْ اَھْلِ الْکُوْفَۃِ قَالَ اَلَیْسَ فِیْکُمْ سَعْدُ بْنُ مَالِکٍ مُجَابُ الدَّعْوَۃِ وَابْنُ مَسْعُوْدٍ صَاحِبُ طَھُوْرِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَعْلَیْہِ وَحُذَیْفَۃُ صَاحِبُ سِرِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَمَّارٌ اَجَارَہُ اللّٰہُ مِنَ الشَّیْطَانِ عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّہٖ وَسَلْمَانُ صَاحِبُ الْکِتَابَیْنِ قَالَ قَتَادَۃُ وَالْکِتَابَانِ الْاِنْجِیْلُ وَالْقُرْاٰنُ **ترجمہ** روایت ہے خیثمہ بن ابی سبرہ سے کہا میں نے مدینہ میں آکر دعا کی کہ مجھے کوئی رفیق صالح میسر ہو تو ابوہریرہ ملگئے میں انکے پاس بیٹھا اور کہا میں نے کہ میں نے دعا کی تھی کہ رفیق صالح میسر ہو سو تم ملگئے انہوں نے کہا کہاں کے ہو میں نے کہا کوفہ کا اور میں طلب خیر میں یہاں آیا ہوں تو انہوں نے کہا کیا تم میں سعد بن مالک مجاب الدعوات نہیں اور ابن مسعود جو حضرت کے وضو کا پانی دینے والے اور آپکی نعلین اٹھانیوالے نہیں اور حذیفہ حضرت کے ہمراز نہیں اور وہ عمار نہیں جنکو خدا نے رسول اللہ کے شیطان سے بچایا ہے اور سلمان صاحب دو کتابوں کے نہیں قتادہ نے کہا یعنے انجیل اور قرآن کے کہ وہ پہلے نصرانی تھے اور انجیل پر ایمان لائی تھے اور پھر مشرف باسلام ہوئے اور قرآن پر ایمان لائی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اور خیثمہ بیٹے ہیں عبدالرحمن کے وہ بیٹے ہیں ابی سبرہ کے اور سند میں وہ منسوب ہوئے اپنی دادا کی طرف

## مَنَاقِبُ حُذَیْفَۃَ

مناقب حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ

**عَنْ** حُذَیْفَۃَ قَالَ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنْ اسْتُخْلِفْتَ عَلَیْکُمْ فَعَصَمُوْہُ عُدْتُمْ وَلٰکِنْ مَاحَدَّثَکُمْ حُذَیْفَۃُ فَصَدِّقُوْہُ وَمَا قَرَاَ کُمْ عَبْدُ اللّٰہِ فَاقْرَءُوْہُ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ فَقُلْتُ لِاِسْحَاقَ بْنِ عِیْسٰی یَقُوْلُوْنَ ھٰذَا عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ لَا عَنْ زَاذَانَ اِنْشَآءَ اللّٰہُ **ترجمہ** روایت ہے حذیفہ سے کہ انہوں نے کہا لوگوں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ کاش آپ خلیفہ کردیتے کسیکو تو اپنی فرمایا اگر میں تمہیں خلیفہ کروں اور پھر تم مجھے نہ مانو تو پھر عذاب ہو اور لیکن حذیفہ تم سے حذیفہ بیان کرے اسکو سچ جانو اور جو عبداللہ پڑھاوے سو جو کچھ عبداللہ نے جو اوی حدیث میں کہ میں نے اسحٰق بن عیسے سے کہا لوگ کہتے ہیں یہ مروی ہے ابی وائل سے انہوں نے کہا نہیں زاذان سے انشاء اللہ تعالے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور وہ شریک سے مروی ہے **ترجمہ** حضرت حذیفہ صاحب سر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کہلاتے تھے اور حضرت نے انکو منافقوں کے نام تلا دیے تھے اور حضرت عمر انسے پوچھا کرتے تھے کہ میرا نام ان منافقوں میں تو نہیں ہے سبحان اللہ یہ انکا کمال ایمان اور نہایت خوف تھا جزاہم اللہ عنا خیر الجزاء

## مَنَاقِبُ زَیْدِ

مناقب زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

**عَنْ** اَسْلَمَ عَنْ عُمَرَ اَنَّہٗ فَرَضَ لِاُسَامَۃَ فِیْ ثَلَاثَۃِ اٰلَافٍ وَخَمْسِمِائَۃٍ وَفَرَضَ لِعَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ فِیْ ثَلَاثَۃِ اٰلَافٍ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ کَانَ اَبُوْہُ لَہٗ فَضَّلْتَ اُسَامَۃَ عَلَیَّ فَوَاللّٰہِ مَا سَبَقَنِیْ اِلٰی مَشْھَدٍ قَالَ لِاَنَّ زَیْدًا کَانَ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ اَبِیْکَ وَکَانَ اُسَامَۃُ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْکَ فَاٰثَرْتُ حُبَّ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی حُبِّیْ **ترجمہ** روایت ہے اسلم سے کہ حضرت عمر نے اسامہ کو تین ہزار دیے بیت المال سے اور عبداللہ بن عمر کو تین ہزار تو عبداللہ نے کہا اپنی اسامہ کو مجھ پر فضیلت کیوں دی اور قسم ہے خدا کی انہوں نے کسی مشہد خیر میں مجھ سے پیشقدمی نہ کی تو حضرت عمر نے فرمایا اسلئے کہ زید اسامہ کے باپ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو زیادہ پیارے تھے تیرے باپ سے اور اسامہ زیادہ پیارے تھے انکو تیسے سو مقدم کیا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے محبوب کو اپنے محبوب پر **ف** یہ حدیث غریب ہے حسن ہے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ مَا کُنَّا نَدْعُوْ زَیْدَ بْنَ حَارِثَۃَ اِلَّا زَیْدَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَتّٰی نَزَلَتْ اُدْعُوْھُمْ لِاٰبَآئِھِمْ ھُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰہِ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عمر سے انہوں نے کہا ہم زید بن حارثہ کو حضرت کا بیٹا کہا کرتے تھے یہانتک کہ یہ آیت اتری کہ پکارو انکو انکے باپ کیطرف منسوب کرکے کہ یہ انصاف کی بات ہے اللہ کے نزدیک **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عَنْ** جَلَّۃَ بْنِ حَارِثَۃَ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَہٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ بَعَثَ مَعِیَ اَخِیْ زَیْدًا قَالَ ھُوَ ذَا فَاِنِ انْطَلَقَ مَعَکَ لَمْ اَمْنَعْہُ قَالَ زَیْدٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَاللّٰہِ لَا اَخْتَارُ عَلَیْکَ اَحَدًا قَالَ فَرَاَیْتُ رَاْیَ اَخِیْ اَفْضَلَ مِنْ رَاْیِیْ **ترجمہ** روایت ہے جبلہ بن حارثہ سے جو بھائی ہیں زید بن حارثہ کے انہوں نے کہا کہ میں رسول خدا

صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی کہ یا رسول اللہ میرے بھائی زید کو میرے ساتھ روانہ فرمائیے آپ نے فرمایا وہ یہ موجود ہے اگر تمہارے ساتھ جاوے تو میں کچھ دخل نہ دونگا زید نے کہا یا رسول اللہ میں آپکے صحبت چھوڑ کر کسی کی صحبت اختیار نہیں کرتا جبلیے کہا کہ میں نے دیکھا کہ ای میرے بھائی کی افضل تھی میرے رائے سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ہم اسکو مگر ابن الرومی کی روایت سے کہ وہ علی بن مسہر سے روایت کرتے ہیں **عن** ابن عمر اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا وَاَمَّرَ عَلَیْھِمْ اُسَامَۃَ بْنَ زَیْدٍ فَطَعَنَ النَّاسُ فِیْ اِمَارَتِہٖ فَقَالَ اِنْ تَطْعَنُوْا فِیْ اِمَارَتِہٖ فَقَدْ کُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِیْ اِمَارَۃِ اَبِیْہِ مِنْ قَبْلُ وَاَیْمُ اللّٰہِ اِنْ کَانَ لَخَلِیْقًا لِلْاِمَارَۃِ وَاِنْ کَانَ مِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیَّ وَاِنَّ ھٰذَا لَمِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیَّ بَعْدَہٗ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر روانہ کیا اور اسامہ بن زید کو اُنپر امیر کیا سو لوگ اُنکے امیر ہونے پر طعن کرنے لگے تو آپنے فرمایا تم اُسکے امیر ہونے پر طعن کرتے ہو تو کیا ہوا اُسکے باپ کے امیر ہونے پر بھی تو طعن کرتے تھے اول سے اور قسم ہے اللہ کے کہ وہ مستحق زیادہ تھا امارت کا اور بہت پیارا تھا میرا سب لوگوں میں اور یہ بھی یعنے اسامہ زیادہ پیارا ہے میرا سب لوگوں میں بعد اُسکے **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے روایت کیے ہمسے علی بن حجر نے اُنہوں نے اسمٰعیل بن جعفر سے اُنہوں نے عبداللہ بن دینار سے اُنہوں نے ابن عمر سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند حدیث مالک بن انس کے پہلے جو اوپر عبداللہ سے مروی ہوئی **مَنَاقِبُ اُسَامَۃَ** بْنِ زَیْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **مناقب اسامہ** بن زید رضی اللہ عنہ کے **عن** اُسَامَۃَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ لَمَّا ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَبَطْتُ وَھَبَطَ النَّاسُ الْمَدِیْنَۃَ فَدَخَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اُصْمِتَ فَلَمْ یَتَکَلَّمْ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَضَعُ یَدَیْہِ عَلَیَّ وَیَرْفَعُھُمَا فَاَعْرِفُ اَنَّہٗ یَدْعُوْ لِیْ **ترجمہ** روایت ہے اسامہ بن زید سے کہ جب مرض شدید ہوا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اُترا میں اور چند لوگ مدینہ میں یعنے جرف سے جو ایک مقام ہے اور وہاں لشکر اُنکا ٹھیرا ہوا تھا جو حضرت نے روانہ فرمایا تھا اور داخل ہوا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اُنکی زبان بند ہو چکی تھی یعنے مرض موت میں پھر آپنے کچھ کلام نہ کیا اور اپنا ہاتھ مبارک رکھتے تھے اور اُٹھاتے تھے اور میں جانتا تھا کہ میرے لیے دعا کرتے ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **مترجم** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مجیب الداعین اور بے کہ دعا کے لیے آپ ہاتھ اوپری اُٹھاتے تھے اور یہی عقیدہ تھا تمامی اصحاب انبیا کا **عن** عَائِشَۃَ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَتْ اَرَادَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یُّحَجِّمَھَا طَاُسَامَۃَ قَالَتْ عَائِشَۃُ دَعْنِیْ حَتّٰی اَنْظُرَ مَا اَفْعَلُ قَالَ یَا عَائِشَۃُ اَحِبِّیْہِ فَاِنِّیْ اُحِبُّہٗ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ ام المؤمنین سے کہا اُنہوں نے کہ ارادہ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پچھنے لگاوے اُسامہ کو تو حضرت عائشہ نے عرض کی کہ آپ چھوڑ دیں مجھ پر کہ دیکھوں میں آپنے فرمایا اے عائشہ اُسکو دوست رکھو کہ میں اُسکو دوست رکھتا ہوں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عن** اُسَامَۃَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ کُنْتُ جَالِسًا اِذْ جَاءَ عَلِیٌّ وَالْعَبَّاسُ یَسْتَاْذِنَانِ فَقَالَا یَا اُسَامَۃُ اَتَاْذَنُ لَنَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ عَلِیٌّ وَالْعَبَّاسُ یَسْتَاْذِنَانِ قَالَ اَتَدْرِیْ مَا جَاءَ بِھِمَا قُلْتُ لَا فَقَالَ لٰکِنِّیْ اَدْرِیْ ائْذَنْ لَھُمَا فَدَخَلَا فَقَالَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ جِئْنَاکَ نَسْاَلُکَ اَیُّ اَھْلِکَ اَحَبُّ اِلَیْکَ قَالَ فَاطِمَۃُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ فَمَا بِنَا اِلَّا اَنْ نَسْاَلَکَ عَنْ اَھْلِکَ قَالَ اَحَبُّ اَھْلِیْ اِلَیَّ مَنْ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاَنْعَمْتُ عَلَیْہِ اُسَامَۃُ بْنُ زَیْدٍ فَلَا اَلُوْکُمْ قَالَ ثُمَّ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَالَ الْعَبَّاسُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ جَعَلْتَ عَمَّکَ اٰخِرَھُمْ قَالَ اِنَّ عَلِیًّا سَبَقَکَ بِالْھِجْرَۃِ **ترجمہ** روایت ہے اسامہ بن زید سے کہ میں بیٹھا تھا کہ علی و عباس آئی اور اجازت مانگی اور مجھ سے کہا اے اسامہ اجازت لو ہمارے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے میں نے عرض کی یا رسول اللہ علی اور عباس اجازت چاہتے ہیں آپنے فرمایا تو جانتا ہے کہ کیوں آئی ہیں میں نے عرض کی نہیں آپنے فرمایا میں خوب جانتا ہوں کہ وہ کیوں آئی ہیں اجازت دی اُنکو پھر اُن دونوں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ہم اسلیے حاضر ہوئے کہ آپسے دریافت کریں کہ اپنی اہل سے اُنکو کون زیادہ پیارا ہے آپنے فرمایا فاطمہ بیٹی محمد کی اُنہوں نے کہا ہم آپکے اولاد کو نہیں پوچھتے آپکے گھر والوں سے سوال کرتے ہیں آپنے فرمایا گھر والوں میں مجھے وہ زیادہ پیارا ہے جسپر اللہ اور میں نے انعام کیا اور وہ اسامہ بن زید ہے پھر اُن دونوں نے عرض کی تمکے بعد کون پیارا ہے آپنی فرمایا علی بن ابیطالب عباس نے عرض کی یا رسول اللہ آپنے اپنے چچا کو سب سے آخر رکھا آپنے فرمایا اسلئے کہ اُسنے تمسے پہلے ہجرت کی **مترجم** اور یہ حدیث دلیل ہے بھی اُنکا عباس سے اول ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور شعبہ عمر بن ابی سلمہ کو ضعیف کہتے تھے **مَنَاقِبُ** جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الْبَجَلِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **مناقب** جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کے **عن** جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ مَا حَجَبَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَاٰنِیْ اِلَّا ضَاحِکًا **ترجمہ** روایت ہے جریر بن عبداللہ سے کہا کہ کبھی محروم نہ رکھا مجھے کسی عطا سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب سے میں ایمان لایا اور جب دیکھا مجھے آپنے ہنستے **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے روایت

مجھے یحیی بن منیب نے انہوں نے معویہ بن عمرو سے انہوں نے زائدہ سے انہوں نے اسمعیل بن ابی خالد سے انہوں نے قیس سے انہوں نے جریر سے کہا جریر نے کہ کبھی محروم نہ کیا مجھکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب سے میں اسلام لایا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ** بْنِ الْعَبَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب عبداللہ** بن عباس رضی اللہ عنہ

کے **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ رَاٰی جِبْرِيْلَ مَرَّتَيْنِ وَدَعَا لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ انہوں نے دیکھا جبرئیل کو دو بار اور دعا کی حضرت نے انکے لئے دو بار **ف** یہ حدیث مرسل ہے ابوجہضم نے نہیں پایا ابن عباس کو اور نام انکا موسی بن سالم ہے **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ دَعَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُؤْتِيَنِيَ اللّٰهُ الْحُكْمَ مَرَّتَيْنِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا انہوں نے دو بار دعا کی میرے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ عطا کرے اللہ مجھکو حکمت **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے عطا کی روایت سے اور روایت کیا ہے یہ عطار نے ابن عباس سے چنانچہ روایت کیا ہمسے محمد بن بشار نے انہوں نے عبدالوہاب ثقفی سے انہوں نے خالد حذا سے انہوں نے عکرمہ سے انہوں نے ابن عباس سے کہا سینہ سے لگایا مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا کہ یا اللہ سکھلا دے اسکو حکمت **ف**

یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ** ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا **مناقب عبداللہ** بن عمر رضی اللہ عنہما **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنَّمَا

بِيَدِيْ قِطْعَةُ اِسْتَبْرَقٍ وَلَا اَشِيْرُ بِهَا اِلٰى مَوْضِعٍ مِنَ الْجَنَّةِ اِلَّا طَارَتْ بِيْ اِلَيْهِ فَقَصَصْتُهَا عَلٰى حَفْصَةَ فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

اِنَّ اَخَاكَ رَجُلٌ صَالِحٌ اَوْ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہا انہوں نے دیکھا میں نے خواب میں کہ میرے ہاتھ میں ایک ٹکڑا ہے ریشمی مخمل کا کہ میں جنت میں جدھر اشارہ کرتا ہوں وہ مجھے لے اڑتا ہے اور بیچ بیان کیا حفصہ سے انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے تو آپ نے فرمایا تمہارے بھائی نیکمرد ہیں یا فرمایا عبداللہ نیکمرد ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ** بْنِ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب عبداللہ** بن زبیر رضی اللہ عنہ کے **عَنْ** عَائِشَةَ

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى فِيْ بَيْتِ الزُّبَيْرِ مِصْبَاحًا فَقَالَ يَا عَائِشَةُ مَا اَرٰى سُمَّاءَ اِلَّا قَدْ نُفِسَتْ فَلَا تَسُمُّوْهُ حَتّٰى اُسَمِّيَهُ فَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ وَحَنَّكَهٗ

بِتَمْرَةٍ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا راکو زبیر کے گھر میں چراغ تو فرمایا کہ ای عائشہ میں یقین کرتا ہوں کہ اسنے جنی ہوی زبیر کے جنی سو اسکا نام تو لوگ نہ کہنا میں کہونگا پھر انکا نام عبداللہ رکھا اور کھجور چبا کر انکے مونہ میں دی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **مَنَاقِبُ اَنَسِ** بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب انس** بن مالک رضی اللہ عنہ کے **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُ اُمِّيْ اُمَّ سُلَيْمٍ صَوْتَهٗ فَقَالَتْ

بِاَبِيْ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُنَيْسٌ قَالَ قَدْ عَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ دَعَوَاتٍ قَدْ رَاَيْتُ مِنْهُنَّ اِثْنَتَيْنِ فِي الدُّنْيَا وَاَنَا اَرْجُو الثَّالِثَةَ فِي

الْاٰخِرَةِ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہا انکی ماں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور سنی میرے بیٹے کی آواز انکی تو عرض کی کہ میری ماں باپ فدا ہوں آپ پر یا رسول اللہ یہ انیس ہے پھر مانگی میرے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تین دعائیں کہ دو میں سے میں دنیا میں دیکھ چکا ہوں اور تیسری کا امیدوار ہوں آخرت میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہوئی یہ حدیث کئی سندوں سے بواسطہ انس بن مالک کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **عَنْ** اُمِّ سُلَيْمٍ اَنَّهَا قَالَتْ يَا رَسُوْلَ

اللّٰهِ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ خَادِمُكَ اُدْعُ اللّٰهَ لَهٗ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَكْثِرْ مَالَهٗ وَوَلَدَهٗ وَبَارِكْ لَهٗ فِيْمَا اَعْطَيْتَهٗ **ترجمہ** روایت ہے ام سلیم کی کہ انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ انس بن مالک خادم ہے سو اسکے لئے دعا کیجئے اللہ سے آپنے فرمایا اللہ زیادہ کر اسکا مال اور اولاد اور برکت دے اسکو انہیں جو تو نے اسے عنایت کیے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے

**عَنْ** اَنَسٍ قَالَ كُنَّا فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقْلَةٍ كُنْتُ اُحِبُّهَا **ترجمہ** روایت ہے اس سے کہ کہا انہوں نے کنیت رکھی ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک ساگ کے ساتھ کہ جسکو میں چن رہا تھا اور اس ساگ کا نام حمزہ ہے اور کنیت انکی ابوحمزہ ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے

جابر بن حبقی کے روایت کرتے ہیں اوا ابونضر کا نام خیثمہ ہے اور وہ بیٹے ہیں ابی خیثمہ کے جو بصری ہیں اور انس سے بہت روایت کرتے ہیں

**عَنْ** ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ قَالَ قَالَ لِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ يَا ثَابِتُ خُذْ عَنِّيْ فَاِنَّكَ لَنْ تَاْخُذَ عَنْ اَحَدٍ اَوْثَقَ مِنِّيْ اِنِّيْ اَخَذْتُهٗ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وَاَخَذَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ جِبْرَئِيْلَ وَاَخَذَهٗ جِبْرَئِيْلُ عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ **ترجمہ** روایت ہے ثابت بنانی سے کہ کہا مجھسے انس بن مالک نے اے ثابت تم مجھسے علم دین حاصل کرو کہ مجھسے زیادہ معتبر آدمی کوئی تمکو نہ ملیگا اسلئے کہ میں نے لیا ہے ان علوم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اور انہوں نے لیا ہے جبرئیل سے اور انہوں نے رب جلیل سے **ف** روایت کیا ہمسے ابوکریب نے انہوں نے زید بن حباب سے انہوں نے میمون ابی عبداللہ سے انہوں نے ثابت سے انہوں نے انس بن مالک سے ابراہیم بن یعقوب

کے حدیث کے مانند ہے جو اوپر گذری مگر اسمیں یہ مذکور نہیں کہ یہ علوم کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل سے یہ حدیث غریب ہے ہمیں جانتے ہم اسکو مگر زید بن حباب کے روایت سے **عن** انس قَالَ رُبَّمَا قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا ذَا الْاُذُنَیْنِ قَالَ اَبُوْ اُسَامَۃَ یَعْنِیْ مُمَازِحَہٗ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ انہوں نے کہا کبھی مجھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے دو کان والے ابو اسامہ نے کہا یہ فرمانا انکا بطریق مزاح تھا اور لطف یہ ہے کہ باوصف مزاح کے یہ قول انکا واقعی تھا کہ ہر شخص کے دو کان ہوتے ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے **عن** اَبِیْ خَلْدَۃَ قَالَ قُلْتُ لِاَبِی الْعَالِیَۃِ سَمِعَ اَنَسٌ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ خَدَمَہٗ عَشْرَ سِنِیْنَ وَدَعَالَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَانَ لَہٗ بُسْتَانٌ یَحْمِلُ فِی السَّنَۃِ الْفَاکِھَۃَ مَرَّتَیْنِ وَکَانَ فِیْہِ رَیْحَانٌ یَجِدُ مِنْہُ رِیْحَ الْمِسْکِ **ترجمہ** روایت ہے ابی خلدہ سے کہا انہوں نے کہ میں نے ابو العالیہ سے کہا کہ انس نے احادیث سنی ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے انہوں نے کہا سنا کیسا کہ انہوں نے تو خدمت کی ہے حضرت کی دس برس اور دعا کی ہے انکے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور انکا ایک باغ تھا کہ ہر سال دو مرتبہ پھل لاتا تھا اور اسمیں ایک پھول تھا کہ اس سے مشک کی خوشبو آتی تھی **ف** یہ حدیث غریب ہے حسن ہے اور ابو خلدہ کا نام خالد بن دینار ہے اور وہ ثقہ ہیں محدثین کے نزدیک اور انہوں نے پایا ہے انس بن مالک کو اور روایت کی ہے انسی **ترجم** آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دعا خیر سے اللہ نے انکو ایسی برکت عنایت فرمائی کہ انہوں نے کہا میرے زمین دو بار ہر سال میں بارآور ہوتی ہے اور میرا مال بہت ہے اور اولاد میری اور پوتے نواسے قریب سو کے ہیں کذا فی الشکوٰۃ **مَنَاقِبُ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مناقب ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کے** **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَسْمَعُ مِنْکَ اَشْیَاءَ فَلَا اَحْفَظُھَا قَالَ اِبْسُطْ رِدَآءَکَ فَبَسَطْتُہٗ فَحَدَّثَ حَدِیْثًا کَثِیْرًا فَمَا نَسِیْتُ شَیْئًا حَدَّثَنِیْ بِہٖ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ انہوں نے کہا کہ عرض کیا میں نے یا رسول اللہ میں آپ سے بہت حدیثیں سنتا ہوں اور یاد نہیں رہتیں آپی فرمایا کہ تم اپنے چادر پھیلاؤ سو پھیلا دی میں نے اپنے چادر اور آپنی بہت سی حدیثیں فرمائیں کہ میں اسمیں سے کچھ نہ بھولا اور یہ معجزہ انکا تھا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور کئی سندوں سے مروی ہوئی ہے ابی ہریرہ سے **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَبَسَطْتُ ثَوْبِیْ عِنْدَہٗ ثُمَّ اَخَذَہٗ فَجَمَعَہٗ عَلٰی قَلْبِیْ قَالَ فَمَا نَسِیْتُ بَعْدَہٗ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ انہوں نے کہا حاضر ہوا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے خدمت میں اور پھیلا دی میں نے اپنی چادر انکے پاس اور آپنے اسکو کہٹا کر کے میرے دل پر رکھدی اس دن سے میں کچھ نہ بھولا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **عن** ابْنِ عُمَرَ اَنَّہٗ قَالَ لِاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنْتَ کُنْتَ اَلْزَمَنَا لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَحْفَظُنَا لِحَدِیْثِہٖ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ انہوں نے ابی ہریرہ سے کہا تم ہمسے زیادہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے خدمت میں حاضر رہنے والی تھے اور ہم سب سے زیادہ انکی حدیثوں کو یاد رکھنے والی **ف** یہ حدیث حسن ہے **عن** مَالِکِ بْنِ اَبِیْ عَامِرٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰی طَلْحَۃَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ فَقَالَ یَا اَبَا مُحَمَّدٍ اَرَاَیْتَ ھٰذَا الْیَمَانِیَ یَعْنِیْ اَبَا ھُرَیْرَۃَ اَھُوَ اَعْلَمُ بِحَدِیْثِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْکُمْ وَنَحْنُ نَسْمَعُ مِنْہُ مَا لَا نَسْمَعُ مِنْہُ اَمْ یَقُوْلُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ یَقُلْ قَالَ اَمَّا اَنْ یَّکُوْنَ سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ نَسْمَعْ عَنْہُ وَذٰلِکَ اِنَّہٗ کَانَ مِسْکِیْنًا لَا شَیْءَ لَہٗ ضَیْفًا لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدُہٗ مَعَ یَدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکُنَّا نَحْنُ اَھْلَ بُیُوْتَاتٍ وَعِنَّا وَکُنَّا نَاْتِیْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طَرَفَیِ النَّھَارِ لَا اَشُکُّ اِلَّا اَنَّہٗ سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ نَسْمَعْ وَلَا نَجِدُ اَحَدًا فِیْہِ خَیْرٌ یَقُوْلُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ یَقُلْ **ترجمہ** روایت ہے، مالک بن ابی عامر کہ انہوں نے کہا آیا ایک شخص طلحہ بن عبید اللہ کے پاس اور کہنے لگا اے ابو محمد دیکھئے تو اس مرد یمانی نے سینے ابا ہریرہ کو کیا وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث تم سے زیادہ جانتا ہے کہ ہم اس سے بہت حدیثیں سنتی ہیں کہ تم سے نہیں سنتی کیا وہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ لگا دیتا ہے انہوں نے کہا کہ نہیں شک انسی بہت حدیثیں سنی ہیں حضرت سے کہ ہمنے نہیں سنیں اور اسکا سبب یہ تھا کہ وہ مسکین تھے یعنے اصحاب صفہ سے اور مہمان رہتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ انکا ساتھ پڑتا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ کے لینے کہانی پینی میں اور ہم گھر بار والی لوگ تھے اور مالدار اور ہم حاضر ہوتے تھے حضرت کے خدمت میں صبح اور شام اور اسمیں کچھ شک نہیں کہ اسنے سنی ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے بہت حدیثیں کہ ہمنے نہیں سنیں اور تو کسی نیکمرد کو نہ پایا کہ وہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھے **ف** یہ حدیث غریب ہے حسن ہے ہمیں جانتے ہم اسکو مگر محمد بن اسحاق کے روایت سے اور روایت کی یونس بن بکیر و غیرہ نے یہ حدیث محمد بن اسحاق سے **عن** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ لِیْ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ اَنْتَ قُلْتُ مِنْ دَوْسٍ قَالَ مَا کُنْتُ اَرٰی اَنَّ فِیْ دَوْسٍ اَحَدًا فِیْہِ خَیْرٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ مجھے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تم کس قبیلے سے ہو میں نے عرض کیا کہ نبی دوس سے آپنی فرمایا میں نہ جانتا تھا کہ دوس میں کوئی نیکمرد ہوگا **ف**

یہ حدیث غریب ہے صحیح ہے اور ابو خلدہ کا نام خالد بن دینار ہے اور ابو العالیہ کا نام رفیع ہے **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِتَمَرَاتٍ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ فِیْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ فَضَمَّهُنَّ ثُمَّ دَعَا لِیْ فِیْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ فَقَالَ لِیْ خُذْهُنَّ فَاجْعَلْهُنَّ فِیْ مِزْوَدِكَ هٰذَا اَوْ فِیْ هٰذَا الْمِزْوَدِ كُلَّمَا اَرَدْتَّ اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُ شَیْئًا فَاَدْخِلْ یَدَكَ فِیْهِ فَخُذْهُ وَلَا تَنْثُرْهُ نَثْرًا فَقَدْ حَمَلْتُ مِنْ ذٰلِكَ التَّمْرِ كَذَا وَكَذَا مِنْ وَسْقٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَكُنَّا نَاْكُلُ مِنْهُ وَنُطْعِمُ وَكَانَ لَا یُفَارِقُ حِقْوِیْ حَتّٰی كَانَ یَوْمٌ قُتِلَ عُثْمَانُ فَاِنَّهُ انْقَطَعَ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ لایا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ کھجوریں اور عرض کی میں نے کہ یا رسول اللہ اسمیں برکت کی دعا کیجئے آپ نے انکو جمع کر کے اُسمیں برکت کی دعا کی اور مجھ سے فرمایا کہ اسکو اپنے توشہ دان میں رکھ اور جب اُنمیں سے لینا چاہو تو ہاتھ ڈالکر نکال لو اور اُسکو جھاڑو تو میں نے اُنمیں سے کتنے ہی ٹوکرے اللہ کی راہ میں خرچ کئے اور اُنمیں سے ہم کھاتے تھے اور لوگوں کو کھلاتے تھے اور میرے کمر سے وہ تھیلی کبھی جدا نہ ہوتی یہانتک کہ جسدن حضرت عثمان قتل ہوئے وہ گر گئیں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہوئی یہ حدیث کئی سندوں سے ابی ہریرہ سے سو اس سند کے **متبرجم** یہ حضرت کی دعا کی برکت تھی کہ برسوں تک تھیلی میں سے کھاتے رہے اور کھلاتے اور کئی بار وسق کے وسق اُنمیں سے خرچ کئے مگر تمام نہوا اور وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور صاع قریب چار سیر کے ہے اور اکثر تبرکات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت عثمان کے زمانہ خلافت تک دنیا سے مفقود ہو گئے چنانچہ وہ تھیلی اور حضرت کے انگوٹھی کہ حضرت عثمان کے ہاتھ سے کنوئیں میں گر گئی **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ قَالَ قُلْتُ لِاَبِیْ هُرَیْرَةَ لِمَ كُنِّیْتَ اَبَا هُرَیْرَةَ قَالَ اَمَا تَفْرَقُ مِنِّیْ قُلْتُ بَلٰی وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاَهَابُكَ قَالَ كُنْتُ اَرْعٰی غَنَمَ اَهْلِیْ وَكَانَتْ لِیْ هُرَیْرَةُ صَغِیْرَةٌ فَكُنْتُ اَضَعُهَا بِاللَّیْلِ فِیْ شَجَرَةٍ فَاِذَا كَانَ النَّهَارُ ذَهَبْتُ بِهَا مَعِیْ فَلَعِبْتُ بِهَا فَكُنِّیْتُ بِاَبِیْ هُرَیْرَةَ **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن رافع سے کہ میں نے پوچھا ابی ہریرہ سے کہ آپکے کُنیت ابو ہریرہ کیوں ہوئی اُنہوں نے کہا کیا تم مجھسے ڈرتے ہو میں نے کہا ہاں میں تم سے ڈرتا ہوں اُنہوں نے کہا میں اپنے گھر والوں کی بکریاں چراتا تھا اور میرے ایک بلی تھی چھوٹی سی اور میں اُسکو رات کو درخت پر بٹھا دیتا تھا اور جب چرائی پر جاتا تھا لیجاتا اور اُس سے کھیلتا سو لوگوں نے میرے کنیت ابو ہریرہ رکھدی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ لَیْسَ اَحَدٌ اَكْثَرَ حَدِیْثًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنِّیْ اِلَّا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو فَاِنَّهُ كَانَ یَكْتُبُ وَكُنْتُ لَا اَكْتُبُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ اُنہوں نے کہا مجھسے زیادہ کوئی حدیث یاد نہیں کرتا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے مگر عبد اللہ بن عمرو کہ وہ لکھتے تھے اور میں لکھتا نہ تھا **متبرجم** حضرت ابو ہریرہ کثیر الروایت ہیں اور قوی الحافظہ اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے خادم خاص تھے راتدن احادیث یاد کرتے حضرت نے انکو اسی وجہ سے اول شب میں وتر پڑھ لینے کا حکم دیا تھا اور اصحاب بہت تھے زمانہ متاع راس مال انکا حدیث پر اطلال تھی رضی اللہ عنہ **مَنَاقِبُ مُعَاوِیَةَ** بْنِ اَبِیْ سُفْیَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب معاویہ** بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ

**عَنْ** عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِیْ عُمَیْرَةَ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لِمُعَاوِیَةَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِیًا مَهْدِیًّا وَاهْدِ بِهٖ **ترجمہ** روایت ہے عبد الرحمن بن ابی عمیرہ سے اور وہ اصحاب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں تھے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے معاویہ کے لئے دعا کی کہ یا اللہ اسکو ہدایت پر اور ہدایت یافتہ کر دے اور لوگوں کو اُس سے ہدایت کر **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **عَنْ** اَبِیْ اِدْرِیْسَ الْخَوْلَانِیِّ قَالَ لَمَّا عَزَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عُمَیْرَ بْنَ سَعْدٍ عَنْ حِمْصَ وَلّٰی مُعَاوِیَةَ فَقَالَ النَّاسُ عَزَلَ عُمَیْرًا وَوَلّٰی مُعَاوِیَةَ فَقَالَ عُمَرُ لَا تَذْكُرُوْا مُعَاوِیَةَ اِلَّا بِخَیْرٍ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اهْدِ بِهٖ **ترجمہ** روایت ہے ابی ادریس خولانی سے کہا جب معزول کیا حضرت عمر نے عمیر بن سعد کو حمص کی حکومت سے اور حاکم کیا معاویہ کو تو لوگ کہنے لگے کہ عمیر معزول ہوئے اور معاویہ حاکم ہوئے سو عمر نے کہا انکو کچھ نہ کہو اگر انہی بات سے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہی کہ وہ دعا کرتے تھے کہ یا اللہ ہدایت کر معاویہ سے لوگوں کو **مَنَاقِبُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ** رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب عمرو بن العاص** رضی اللہ عنہ

**عَنْ** عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَسْلَمُ النَّاسِ وَاٰمَنُ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ **ترجمہ** روایت ہے عقبہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مسلمان ہے لوگ اور مومن ہے عمرو بن العاص یعنے ایمان قلبی اللہ نے انکو عنایت فرمایا جب کا درجہ اسلام سے اوپر ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر ابن لہیعہ کے روایت سے کہ وہ مشرح سے روایت کرتے ہیں اور اسناد اسکی قوی نہیں **عَنْ** طَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ مِنْ صَالِحِیْ قُرَیْشٍ **ترجمہ** روایت ہے طلحہ بن عبد اللہ سے کہ اُنہوں نے کہا سُنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے

مناقب معاویہ رضی اللہ عنہ

مناقب عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ

عمرو بن العاص قریش کے نیک لوگوں میں سے ہیں ف اس حدیث کو نہیں جانتے ہم مگر نافع بن عمر و الجمحی کے روایت سے اور نافع ثقہ ہیں اور سند اسکی متصل نہیں اسلئے کہ ابن ابی ملیکہ نے نہیں پایا عائشہ کو **مَنَاقِبُ خَالِدِ** بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کے** **عَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْزِلًا فَجَعَلَ النَّاسُ يَمُرُّونَ فَيَقُولُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هٰذَا يَا أَبَا هُرَيْرَةَ فَأَقُولُ فُلَانٌ فَيَقُولُ نِعْمَ عَبْدُ اللّٰهِ هٰذَا وَيَقُولُ مَنْ هٰذَا فَأَقُولُ فُلَانٌ فَيَقُولُ بِئْسَ عَبْدُ اللّٰهِ هٰذَا حَتّٰى مَرَّ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَقَالَ مَنْ هٰذَا قُلْتُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ نِعْمَ عَبْدُ اللّٰهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ سَيْفٌ مِنْ سُيُوفِ اللّٰهِ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے کہ تھے ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی منزل میں یعنے کسی سفر میں اور لوگ نکلنے لگے ہمارے آگے سے سو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے کہ کون ہے ابی ہریرہ اور میں کہنے لگا فلان شخص ہے پھر آپ کسی کو فرماتے کہ کیسا اچھا بندہ ہے اللہ کا اور کسی کو فرماتے کہ کیسا برا بندہ ہے اللہ کا یہانتک کہ خالد بن الولید بھی نکلے اور آپنے فرمایا یہ کون ہے میں نے عرض کی خالد بن الولید آپنے فرمایا یہ کیا اچھا بندہ ہے اللہ کا خالد بن الولید ایک تلوار ہے اللہ کے تلواروں میں سے **ف** یہ حدیث غریب ہے اور ہم نہیں جانتے کہ زید بن اسلم کو سماع ہو ابی ہریرہ سے اور یہ حدیث مرسل ہے میرے نزدیک اور اسباہ بن ابی بکر صدیق سے بھی روایت ہے **مترجم** فرمایا رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کا اللہ سچا کیا کہا یام خلافت عمر میں حضرت خالد بن الولید سے بڑی تائید دین کی ہوئی اور فتوحات متعددہ حاصل ہوئیں حقیقت میں وہ اس ملک کے ایک تلوار تھی کہ اللہ نے کافروں کی بربادی کے لئے میان سے باہر نکالی تھی جزاہ اللہ عنا خیر الجزاء **مَنَاقِبُ سَعْدِ** بْنِ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے** **عَنِ** الْبَرَاءِ قَالَ أُهْدِيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبُ حَرِيرٍ فَجَعَلُوا يَعْجَبُونَ مِنْ لِينِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَعْجَبُونَ مِنْ هٰذَا لَمَنَادِيلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْ هٰذَا **ترجمہ** روایت ہے براء بن عازب سے کہ کہا انہوں نے ہدیہ میں آئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ریشمی کپڑے تو لوگ انکی نرمی سے تعجب کرنے لگے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم اسپر تعجب کرتے ہو بیشک رومال سعد بن معاذ کے جنت میں اس سے بہتر ہیں اس سے انکا جنتی ہونا ثابت ہوا **ف** اسباہ بن انس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَجَنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمٰنِ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اور جنازہ سعد بن معاذ کا انکے آگے تھا کہ ہلا عرش رحمن کا یعنی خوش ہوئی روح مبارک انکی وہاں ہونے پر **ف** اسباہ بن سعید بن حضیر سے اور ابی سعید اور عائشہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث صحیح ہے **عَنْ** أَنَسٍ قَالَ لَمَّا حُمِلَتْ جَنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ قَالَ الْمُنَافِقُونَ مَا أَخَفَّ جَنَازَتَهُ رَدَّ ذٰلِكَ بِحُكْمِهِ فِي بَنِي قُرَيْظَةَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ الْمَلَائِكَةَ كَانَتْ تَحْمِلُهُ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہا انہوں نے جب اٹھایا گیا جنازہ سعد بن معاذ کا منافقوں نے کہا کیا ہلکا جنازہ ہے اسکا اور یہ طعن انہوں نے اسلئے کیا کہ سعد نے حکم کیا تھا بنے قریظہ کے قتل و نہب کا پھر جب خبر پہونچی اسکی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو آپنے فرمایا کہ ملائکہ اسکو اٹھا رہے تھے **مترجم** بنی قریظہ کے یہود ایک قلعہ میں محبوس تھے تشکر اسلام نے انکو گھیرا تھا اور وہ سعد بن معاذ کے فیصلہ پر راضی ہوئے اور سعد نے یہ حکم کیا کہ لڑنے جوان مقاتلین قتل ہوں اور مال انکا مسلمانوں میں تقسیم ہو اور عورات و اطفال غلام و لونڈی بنیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انکا فیصلہ بہت پسند فرمایا اور اسی پر عمل ہوا اسپر منافقوں نے اڑانے جلکر طعن کیا کہ انکا جنازہ کیسا ہلکا ہے ان احمقوں کو یہ خبر نہ تھی کہ ملائکہ اٹھائے ہوئے ہیں **مَنَاقِبُ قَيْسِ** بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب قیس** بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے **عَنْ** أَنَسٍ قَالَ كَانَ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْزِلَةِ صَاحِبِ الشُّرَطِ مِنَ الْأَمِيرِ قَالَ الْأَنْصَارِيُّ يَعْنِي مِثْلَ الْمَلِكِ مِنْ أُمُورِهِ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہا انہوں نے کہ قیس بن سعد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نزدیک منزلہ کوتوال امیر کے انصاری جو راوی حدیث ہیں انہوں نے کہا یعنے قیس حضرت کے بہت کام کو بجا لاتے تھے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر انصاری کے روایت سے ہے محمد بن یحیی نے انہوں نے انصاری سے مانند اسکے اور اسمیں انصاری کا قول مذکور نہیں **مَنَاقِبُ جَابِرِ** بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب جابر** بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کے **عَنْ** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ رَاكِبًا بَغْلٍ وَلَا بِرْذَوْنٍ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہا انہوں نے آئی میرے پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کہ وہ نہ خچر پر سوار تھے نہ کسی ترکی گھوڑے پر یعنے پیدل تشریف لائے **ف** یہ حدیث

مناقب سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ

مناقب عبس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ

مناقب جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ

حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** جَابِرٍ قَالَ اسْتَغْفَرَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْبَعِيرِ خَمْسًا وَعِشْرِينَ مَرَّةً **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبداللہ سے انہوں نے کہا مغفرت مانگی میرے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اونٹ کی رات پچیس بار **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے اور اونٹ کی رات سے وہ شب مراد ہے کہ جو کئی سند دن سے مروی ہے جابر سے کہ وہ کسی سفر میں ساتھ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور انہوں نے اپنا اونٹ حضرت کے ہاتھ بیچا اور شرط کی کہ مدینہ تک میں سوار ہونگا اور جابر ہمیشہ کہا کرتے تھے کہ جس رات میں نے اپنے ہاتھ اونٹ بیچا اس رات حضرت نے میرے لئے پچیس بار مغفرت مانگی اور جابر کے والد ماجد عبداللہ بن عمرو بن حرام جنگ احد میں شہید ہوئے تھے اور کئی لڑکیاں چھوڑ گئے تھے کہ جابر انکی پرورش کرتے تھے اور انکو خرچ دیتے تھے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھ ہمیشہ سلوک کیا کرتے تھے اور انپر رحم فرمایا کرتے اس وجہ سے ایسا ہی مروی ہے جابر سے ایک روایت میں **مَنَاقِبُ مُصْعَبِ** بْنِ عُمَيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب مصعب** بن عمیر رضی اللہ عنہ کے **عَنْ** خَبَّابٍ قَالَ هَاجَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبْتَغِي وَجْهَ اللّٰهِ فَوَقَعَ أَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ فَمِنَّا مَنْ مَاتَ لَمْ يَأْكُلْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا وَمِنَّا مَنْ وَنَى أُيْنِعَ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا وَإِنَّ مُصْعَبَ بْنَ عُمَيْرٍ مَاتَ وَلَمْ يَتْرُكْ إِلَّا نَمِرَةً كُنَّا إِذَا غَطَّوْا بِهَا رَأْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَإِذَا غَطَّوْا بِهَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَأْسُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَطُّوا رَأْسَهُ وَاجْعَلُوا عَلَى رِجْلَيْهِ الْإِذْخِرَ **ترجمہ** روایت ہے خباب سے انہوں نے کہا ہجرت کی ہم نے ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اور اجر ہمارا اللہ پر ہے سو کوئی ہم میں سے ایسا مر گیا کہ اسنے اپنی اجر میں سے دنیا میں کچھ نہ کھایا اور کوئی ہم میں سے ایسا ہے کہ اسکا درخت امیدبار آور ہوا اور اسمیں پھل کھا رہا ہے اور مصعب بن عمیر نے ایسے وقت میں انتقال فرمایا کہ نچھوڑا انہوں نے کچھ مگر ایک کپڑا ایسا کہ جب انکا سر ڈھانپتے تھے پیر کھل جاتے تھے اور جب پیر ڈھانپتے تھے سر کھل جاتا تھا سو حضر نے فرمایا کہ انکا سر ڈھانپ دو اور انکے پیر پر اذخر رکھدو کہ وہ ایک گھاس ہے مکہ کی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے روایت کی ہمسے ہناد نے انہوں نے ابن ادریس سے انہوں نے اعمش سے انہوں نے ابی وائل سے انہوں نے خباب سے مانند اسکے + **مبرہم** یعنے بعض صحابہ مہاجرین نے ایسے وقت میں انتقال فرمایا کہ مسلمانوں کو فراغت مال کی نہ تھی اور بعضے جیتے رہے کہ انہوں نے غنایم کثیرہ اور اموال وافرہ پائے

**مَنَاقِبُ الْبَرَاءِ** بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب براء** بن مالک رضی اللہ عنہ کے **عَنْ** أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمْ مِنْ أَشْعَثَ أَغْبَرَ ذِي طِمْرَيْنِ لَا يُؤْبَهُ لَهُ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ مِنْهُمُ الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت سے پریشان بال غبار آلودہ پرانی کپڑی کی کہ جنکی طرف کوئی التفات نہیں کرتا ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کے بھروسے پر قسم کھا بیٹھیں تو اللہ انکی قسم سچی کرے انہیں میں ہیں براء بن مالک **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے **مَنَاقِبُ أَبِي مُوسَى** الْأَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب ابی موسی** اشعری رضی اللہ عنہ کے **عَنْ** أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ يَا أَبَا مُوسَى لَقَدْ أُعْطِيتَ مِزْمَارًا مِنْ مَزَامِيرِ آلِ دَاوُدَ **ترجمہ** روایت ہے ابی موسی سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابی موسی سے تحقیق ایک آواز خوش دیگئی ہے آل داؤد کی آواز میں سے **ف** یہ حدیث غریب ہے حسن ہے صحیح ہے اور اسباب میں بریدہ اور ابی ہریرہ اور انس سے ہے روایت ہے **مَنَاقِبُ سَهْلِ** بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **مناقب سہل** بن سعد رضی اللہ عنہ کے **عَنْ** سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَحْفِرُ الْخَنْدَقَ وَنَحْنُ نَنْقُلُ التُّرَابَ فَمَرَّ بِنَا فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَهْ فَاغْفِرِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَهْ **ترجمہ** روایت ہے سہل بن سعد سے کہا انہوں نے کہ ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور آپ خندق کھودتے تھے اور ہم لوگ مٹی اٹھاتے تھے سو حضرت ہمارے پاس آئی تھے اور فرماتے تھے کہ یا اللہ کوئی عیش نہیں سوا آخرت کے عیش کے سو بخشدے انصار اور مہاجرین کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے اور ابو حازم کا نام سلمہ بن دینار اعرج زاہد ہے روایت کی ہمسے محمد بن بشار نے انہوں نے محمد جعفر سے انہوں نے شعبہ سے انہوں نے قتادہ سے انہوں نے انس بن مالک سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے یا اللہ کوئی عیش نہیں سوا عیش آخرت کے سو بخشدگی دے انصار اور مہاجر کو یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی یہ انس سے کئی سندوں سے **بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ مَنْ رَآى النَّبِيَّ** صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَحِبَهُ باب صحابہ کے فضیلت میں **عَنْ** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَمَسُّ النَّارُ مُسْلِمًا رَآنِي أَوْ رَأَى مَنْ رَآنِي قَالَ طَلْحَةُ فَقَدْ رَأَيْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَقَالَ مُوسَى وَقَدْ رَأَيْتُ طَلْحَةَ قَالَ يَحْيَى وَقَالَ لِي مُوسَى وَقَدْ رَآنِي وَنَحْنُ نَرْجُو اللّٰهَ **ترجمہ** روایت ہے جابر بن عبداللہ کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے دوزخ کے

اگل نہ لگائی اُس مسلمان کو جسنے دیکھا مجھکو یا دیکھا اُسکو جسنے دیکھا مجھکو طلحہ نے کہا کہ میں نے دیکھا ہے جابر کو اور موسیٰ نے کہا کہ میں نے دیکھا ہے طلحہ کو اور یحییٰ نے کہا موسیٰ نے کہ میں نے دیکھا ہے مجھکو اور ہم سب امید رکھتے ہیں اللہ سے نجات کی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر موسیٰ بن ابراہیم انصاری کی روایت سے اور روایت کیا ہے یعلی بن مدینی اور کئی لوگوں نے محدثین کے موسیٰ سے **مترجم** امید رکھتا ہے اللہ سے نجات کی کہ اُسنے خدمت کی ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارک کے اور پہلایا ہے اُنکی احادیث مطہرہ کو ایک قطر عالم میں اور لکھا ہے اور ترجمہ کیا ہے اس حدیث کا بھی بادیہ سب اللہ کے فضل اور توفیق سے ہے نہ اس فقیر حقیر کی سعی اور کوشش سے اور امید رکھتا ہے اُس امیر المؤمنین کے لئے نجات و فلاح و فوز دارین کے جسکے دستگیری باعث ہوئی اس کے طبع و نشر کے جزاہ اللہ عنا خیر الجزاء

**عن** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرُ النَّاسِ قَرْنِیْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ ثُمَّ یَاْتِیْ قَوْمٌ بَعْدَ ذٰلِکَ تَسْبِقُ اَیْمَانُھُمْ شَھَادَاتِھِمْ وَشَھَادَاتُھُمْ اَیْمَانَھُمْ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سب زمانوں سے بہتر میرا زمانہ ہے پھر اُسکے بعد جو ہو اُسکے بعد جو ہو یعنے تابعین اور تبع تابعین کا پھر ایسے لوگ آوینگے کہ گواہی کے قبل قسم کہاوینگے اور قسم کے قبل گواہی دینگے **ف** سنا ہے عمران بن حصین اور بریدہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** اس حدیث میں تین زمانوں کی خیریت حضرت نے ارشاد فرمائی اول اپنا زمانہ اور صحابہ کا زمانہ آپ ہی کا زمانہ ہے اسلئے کہ صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ہمعصر تھے اور اُسکے بعد تابعین کا زمانہ اُسکے بعد تبع تابعین کا اور اسکے بعد قرن رابع کی بُرائی فرمائی اور شیوع کذب اور شہادت زور اور ایمان کاذبہ اور افترا اور فتن کے خبر دی پس مؤمن متبع کو ضرور ہے کہ دین کی سند انہیں تین زمانہ کے عادات اور مروجات کو جانے اور جو چیزیں ان تین زمانوں میں بالنکیر اہل اسلام میں ہو بہتر سمجھے اور بعد اسکے جو ہور مسلمانوں میں ایسے شایع ہو کہ اصل یا نظیر اُنکے ان تین زمانوں میں نہو اُنکو لغو اور پوچ جانے اور اُن فقہائی متقشفہ اور جہلائی متنزہ اور فقرائی متسفہہ کے اقوال پر مغرور نہو جنہوں نے بدعات کو حسنہ کہکے لوگوں میں پہلا دیا اور ہزاروں تعصبات مذہبی اور نفسانیتوں کو عوام کیا بلکہ خواص کے نظر و دین میں ایسا جما دیا کہ انوار حقانیت باجمعہا اُنکے دلوں سے مُنطفی ہوگئے یُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰہِ بِاَفْوَاھِہِمْ اور بقول شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے تعصب مذہبی اور تصلب شربی بھی اسی قرن رابع میں پیدا ہوا اور ہر ایک نے اپنا ایک نام گھڑا اور لقب جدا ٹھہرایا قبل اسکے تمامی اہل اسلام کا شعار محمدیت خالصہ تھا اور احمدیت مخلصہ مگر یہاں صحابہ اور تابعین کے تعریف وغیرہ جو اصولیوں نے کی ہے اور علم حدیث میں اکثر کام آتی ہے اُسکا جاننا ضرور ہے سو **صحابی** محدثین کے نزدیک وہ مسلمان ہے جسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے ابن الصلاح نے ایسا ہی کہا ہے اور نقل کیا ہے اسکو بخاری وغیرہ سے اور بعضوں نے کہا صحابی وہ ہے کہ جسکی مجالست طویل ہوئی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے علی طریق التبع اور صحابہ سب عدول ہیں کوئی انمیں ضعیف غیر معتبر نہیں اور انمیں کثیر الروایت سب سے زیادہ ابوہریرہ ہیں کہ اُنہوں نے پانچہزار تین سو چونسٹھ (۵۳۷۴) حدیث روایت کیے ہے کہ انمیں سے سوا انمیں سو پچیس (۳۲۵) پر شیخین متفق ہیں یعنے بخاری اور مسلم اور بخاری نے انفراداً تراسی (۸۳) حدیث روایت کیے ہے اور مسلم نے ایک سو تراسی اور آٹھہ سو (۱۰۸۳) سے زیادہ لوگوں نے اُنسے حدیث سنی ہے اور وہ احفظ صحابہ تھے اور امام شافعی نے کہا ہے کہ ابوہریرہ احفظ راویان حدیث تھے اپنے زمانہ میں اسناد کی اس قول کی بیہقی نے مدخل میں اور جب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے وفات ہوئی صحابہ کے جنہوں نے آپسے روایت کیے اور حدیثیں سُنیں ایک لاکھہ چودہ ہزار تھے اور انکے طبقات میں محدثین کا اختلاف ہے بعضوں نے انمیں بارہ طبقہ کئے ہیں کہ مذکور ہیں مطولات میں اور **تابعی** محدثین کے نزدیک وہ مسلمان ہے کہ صحبت میں رہا ہو صحابی کے اور بعضوں نے کہا جسنے صحابی سے ملاقات کی اور یہی قول اظہر ہے کذا فی التدریب اور اُنکے محدثین کے نزدیک پندرہ طبقہ میں چنانچہ مذکور ہیں مطولات میں اور معلوم ہوگئی اس سی تعریف تبع تابعین کی انشاء اللہ

## فَجَاءَ فِیْ فَضْلِ مَنْ بَایَعَ تَحْتَ الشَّجَرَۃِ بیعت رضوان والونکی فضیلت میں

**عن** جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ مِّمَّنْ بَایَعَ تَحْتَ الشَّجَرَۃِ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوزخ میں داخل نہو گا جسنے بیعت کی درخت کے نیچے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **مترجم** مراد اس بیعت سی بیعت رضوان ہے اور تفصیل اسکے یہ ہے کہ چھٹے سال ہجرت کے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم دوشنبے کے روز غرہ ذی القعدہ کے چودہ سو آدمی یا کچھہ کم و بیش لیکر بقصد عمرہ مدینے سے لیکر حدیبیہ میں پہنچے اور حدیبیہ نام ہے ایک کنوئیں یا درخت کا کہ اُس جگہ میں تھا اب نام ہوگیا اُس مقام کا اور وہ مکان حضرت کے زمان فیض تو امان میں معلوم تھا زمانہ صحابہ میں گم ہوگیا غرض جب حدیبیہ میں پہنچے قریش دخول مکہ سے مانع ہوئے آپنے حضرت عثمان

کو مکہ روانہ فرمایا کہ قریش کو مطلع کریں کہ ہم صرف عمرہ کو آئے ہیں نہ قتال کو اور یہاں شیطان نے خبر اڑا دی کہ حضرت عثمان کو کفار نے قتل کیا اسپر حضرت کو بہت رنج ہوا اور تمام حاضرین سے ایک ببول کے درخت کے نیچے بیعت لی اور اللہ تعالیٰ نے اس بیعت کو نہایت قبول فرمایا اور یہ نازل ہوئی لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ یعنی اللہ راضی ہوا اُن مؤمنوں سے جو درخت کے نیچے تجھ سے بیعت کرتے ہیں اور اسلیئے اُسکو بیعت الرضوان کہتے ہیں اور اللہ کی رضامندی سے حضرت نے اُنکو بشارت دی کہ اس بیعت کی لوگو کو دوزخ سے آزادی ہے غرض اس بیعت میں بڑی بڑی برکات حاصل ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے اِنَّا فَتَحْنَا میں اسکی بشارت دی بقول اکثر مفسرین **فیمن سَبَّ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ** باب اصحاب کے خدمت میں جو بے ادبی کرے اُسکی بابت **عَنْ** اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِيْ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَا اَدْرَكَ مُدَّ اَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيْفَهٗ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مت برا کہو میرے یاروں کو اسلیئے کہ قسم ہے اُس پروردگار کی کہ میری جان اُسکے ہاتھ میں ہے اگر کوئی تم میں کا احد کے برابر سونا خرچ کرے تو اُنکے ایک مُد بلکہ آدھے مُد کے برابر بھی نہ ہوگا یعنے ثواب میں **ف** یہ حدیث حسن لذاتہ صحیح ہے اور نصیف سے نصف مُد مُراد ہے روایت ہے ہمسے حسن بن علی نے اُنہوں نے ابو معاویہ سے اُنہوں نے اعمش سے اُنہوں نے ابی صالح سے اُنہوں نے ابی سعید خدری سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اُسکے **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهَ اَللّٰهَ فِيْ اَصْحَابِيْ لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا بَعْدِيْ فَمَنْ اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّيْ اَحَبَّهُمْ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِيْ اَبْغَضَهُمْ وَمَنْ اٰذَاهُمْ فَقَدْ اٰذَانِيْ وَمَنْ اٰذَانِيْ فَقَدْ اٰذَى اللّٰهَ وَمَنْ اٰذَى اللّٰهَ يُوْشِكُ اَنْ يَّاْخُذَهٗ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن مغفل سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ سے ڈرو اللہ سے ڈرو میرے اصحاب کے بابت اُنکو ہدف ملامت نہ ٹھیراؤ میرے بعد اسلیئے کہ جسنے اُنسے محبت رکھی اُسنے میری محبت کی راہ سے اُنسے محبت رکھی اور جسنے اُنسے عداوت کی اُسنے میری ہی عداوت کی نظر اسلیئے کہ جسنے اُنکو ایذا دی اُسنے مجھے ایذا دی اور جسنے مجھے ایذا دی اُسنے اللہ کو ایذا دی اور جسنے اللہ کو ایذا دی اللہ اُسکو مؤاخذہ کریگا یعنے عذاب میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اُسکو مگر اسی سند سے **عَنْ** جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مِنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ اِلَّا صَاحِبَ الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک داخل ہوگا جنت میں جسنے بیعت کی درخت کے نیچے یعنے حدیبیہ میں مگر سرخ اونٹ والا **ف** یہ حدیث غریب ہے **منہ مترجم** مُراد اونٹ والے سے مُجدّ بن قیس منافق ہے کہ وہ اپنا اونٹ بیعت کے وقت ڈھونڈتا پھرتا تھا اور بیعت میں شریک نہ ہوا **عَنْ** جَابِرٍ اَنَّ عَبْدًا لِحَاطِبٍ جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْكُوْ حَاطِبًا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَيَدْخُلَنَّ حَاطِبُ النَّارَ فَقَالَ كَذَبْتَ لَا يَدْخُلُهَا فَاِنَّهٗ شَهِدَ بَدْرًا وَالْحُدَيْبِيَةَ **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ غلام حاطب کا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے خدمت میں حاضر ہوا اور حاطب کے شکایت کرنی لگا اور کہا کہ یا رسول اللہ حاطب دوزخ میں داخل ہوگا آپنے فرمایا جھوٹ کہا تونے وہ دوزخ میں ہرگز نہ جاویگا اسلیئے کہ وہ حاضر ہوا ہے بدر میں اور حدیبیہ میں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ مِنْ اَصْحَابِيْ يَمُوْتُ بِاَرْضٍ اِلَّا بُعِثَ قَائِدًا وَنُوْرًا لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ **ترجمہ** روایت ہے بریدہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی صحابی میرا ایسا نہیں کہ کسی زمین میں مرجاوے مگر قیامت میں آویگا وہ اُنکا پیشوا اور نور ہوکر **ف** یہ حدیث غریب ہے اور روایت کی یہ حدیث عبداللہ بن مسعود نے ابی طیبہ سے اُنہوں نے بریدہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً اور یہ صحیح تر ہے **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَسُبُّوْنَ اَصْحَابِيْ فَقُوْلُوْا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰى شَرِّكُمْ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب دیکھو تم اُن لوگوں کو کہ برا کہتے ہیں میرے اصحاب کو تو کہو تم اُنکے لعنت ہے تمہارے شر پر **ف** یہ حدیث منکر ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر عبید اللہ بن عمر کے روایت سے مگر اسی سند سے **مَا جَاءَ فِيْ فَضْلِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا** باب حضرت فاطمہ کی فضیلت میں **عَنِ** الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ اِنَّ بَنِيْ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ اِسْتَاْذَنُوْنِيْ فِيْ اَنْ يَّنْكِحُوْا اِبْنَتَهُمْ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ فَلَا اٰذَنُ ثُمَّ لَا اٰذَنُ ثُمَّ لَا اٰذَنُ اِلَّا اَنْ يُّرِيْدَ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ اَنْ يُّطَلِّقَ ابْنَتِيْ وَيَنْكِحَ ابْنَتَهُمْ فَاِنَّهَا بَضْعَةٌ مِّنِّيْ يَرِيْبُنِيْ مَا رَاَيْتُهَا وَيُؤْذِيْنِيْ مَا اٰذَاهَا **ترجمہ** روایت ہے مسور بن مخرمہ سے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور وہ منبر پر تھے فرماتے تھے کہ بنی ہشام بن مغیرہ نے مجھسے اجازت چاہی کہ ہم اپنی لڑکی علی کو بیاہ دیں سو میں اجازت نہیں دیتا نہیں دیتا نہیں دیتا مگر اگر ارادہ ہو ابن ابی طالب کا تو میری بیٹی کو طلاق دیدے اور اُنکی بیٹی سے نکاح کرلے اسلیئے کہ میری بیٹی میرا ٹکڑا ہے برا لگتا ہے مجھے جو اُسے برا لگے اور ایذا ہوتی ہے مجھکو جس سے

اصحاب کے خدمت میں بے ادبی کرنے کی ممانعت کا بیان

حضرت فاطمہ کی فضیلت کا بیان

اُسے ایذا ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** بُرَیْدَۃَ قَالَ کَانَ اَحَبُّ النِّسَآءِ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاطِمَۃُ وَمِنَ الرِّجَالِ عَلِیٌّ قَالَ اَبُوْ اِبْرَاھِیْمَ یَعْنِیْ مِنْ اَھْلِ بَیْتِہٖ **ترجمہ** روایت ہے بریدہ سے کہ اُنہوں نے کہا سب سے زیادہ پیاری عورتوں میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فاطمہ تھیں اور مردوں میں حضرت علی ابراہیم کہتے ہیں یعنی اپنے اہل بیت سے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ہم نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **عن** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الزُّبَیْرِ اَنَّ عَلِیًّا ذَکَرَ بِنْتَ اَبِیْ جَھْلٍ فَلَمَّا ذٰلِکَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّمَا فَاطِمَۃُ بَضْعَۃٌ مِنِّیْ یُؤْذِیْنِیْ مَا اٰذَاھَا وَیُنْصِبُنِیْ مَا اَنْصَبَھَا **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن زبیر سے کہ حضرت علی نے ذکر کیا ابی جہل کے لڑکی سے نکاح کا اور نبی صلی اللہ کو یہ خبر پہونچی اور فرمایا آپ نے کہ فاطمہ میرا جگر گوشہ ہے اذیت دیتی ہے مجھے جو اُسے اذیت دی اور تعب میں ڈالتی ہے مجھے جو اُسے تعب میں ڈالی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اسیطرح کہا ایوب نے کہ روایت ہے ابن ابی ملیکہ سے وہ روایت کرتے ہیں ابی الزبیر سے اور کئی لوگوں نے کہا روایت ہے ابن ابی ملیکہ سے وہ روایت کرتے ہیں مسور سے اور احتمال ہے کہ ابن ابی ملیکہ نے دونوں سے روایت کیا ہو اسکو اور روایت کی عمرو بن دینار نے ابن ابی ملیکہ سے اُنہوں نے مسور بن مخرمہ سے لیث کی روایت کے مانند **عن** زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِیٍّ وَفَاطِمَۃَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ **ترجمہ** روایت ہے زید بن ارقم سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین سے کہ میں لڑنیوالا ہوں اُس سے جس سے تم لڑو اور ملنے والا ہوں اُس سے جس سے تم ملو **ف** یہ حدیث غریب ہے ہم نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور صحیح مولی ام سلمہ کے کہ یہ معروف نہیں ہیں **عن** اُمِّ سَلَمَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَلَّلَ عَلَی الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَعَلِیٍّ وَفَاطِمَۃَ کِسَآءً ثُمَّ قَالَ اَللّٰھُمَّ ھٰٓؤُلَآءِ اَھْلُ بَیْتِیْ وَحَامَّتِیْ اَذْھِبْ عَنْھُمُ الرِّجْسَ وَطَھِّرْھُمْ تَطْھِیْرًا فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَۃَ وَاَنَا مَعَھُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَنْتِ عَلٰی خَیْرٍ **ترجمہ** روایت ہے ام سلمہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک چادر اڑھا دی امام حسن اور امام حسین اور علی اور فاطمہ پر پھر فرمایا یا اللہ یہ لوگ میرے گھر والی ہیں اور خاص لوگ ہیں میرے تو اُنکی نجاست دور کر دے اور پاک کر دے انکو بخوبی یعنے اخلاق خبیثہ اور عادات رذیلہ سے دور رکھ سو ام سلمہ نے عرض کی کہ میں بھی اُنکے ساتھ ہوں اسی رسول اللہ کے آپنے فرمایا تم خیر پر ہو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور یہ حدیث اُن روایتوں میں جو ہم سے ہیں اور اسباہیں انس اور عمر بن ابی سلمہ اور ابی الحمراء سے بھی روایت ہے **عن** عَآئِشَۃَ اَمُّ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَتْ مَا رَاَیْتُ اَحَدًا اَشْبَہَ سَمْتًا وَدَلًّا وَھَدْیًا بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ قِیَامِھَا وَقُعُوْدِھَا مِنْ فَاطِمَۃَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَتْ وَکَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَامَ اِلَیْھَا فَقَبَّلَھَا وَاَجْلَسَھَا فِیْ مَجْلِسِہٖ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ عَلَیْھَا قَامَتْ مِنْ مَجْلِسِھَا فَقَبَّلَتْہُ وَاَجْلَسَتْہُ فِیْ مَجْلِسِھَا فَلَمَّا مَرِضَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلَتْ فَاطِمَۃُ فَاَکَبَّتْ عَلَیْہِ فَقَبَّلَتْہُ ثُمَّ رَفَعَتْ رَاْسَھَا فَبَکَتْ ثُمَّ اَکَبَّتْ عَلَیْہِ ثُمَّ رَفَعَتْ رَاْسَھَا فَضَحِکَتْ فَقُلْتُ اِنْ کُنْتُ لَاَظُنُّ اَنَّ ھٰذِہٖ مِنْ اَعْقَلِ نِسَآءٍ فَاِذَا ھِیَ مِنَ النِّسَآءِ فَلَمَّا تُوُفِّیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قُلْتُ لَھَا رَاَیْتُ حِیْنَ اَکْبَبْتِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَرَفَعْتِ رَاْسَکِ فَبَکَیْتِ ثُمَّ اَکْبَبْتِ فَرَفَعْتِ رَاْسَکِ فَضَحِکْتِ فَاَحْمَدُ عَلٰی اَنْ لَا اَکُوْنَ عَلَی الظَّنِّ قَالَتْ اِنِّیْ اِذَنْ لَبَذِرَۃٌ اَخْبَرَنِیْ اَنَّہٗ مَیِّتٌ مِنْ وَجَعِہٖ ھٰذَا فَبَکَیْتُ ثُمَّ اَخْبَرَنِیْ اَنِّیْ اَسْرَعُ اَھْلِہٖ لُحُوْقًا بِہٖ فَذٰلِکَ حِیْنَ ضَحِکْتُ **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ ام المومنین سے کہ اُنہوں نے کہا نہیں دیکھا میں نے چال و چلن خصلت اور عادت میں اور اُٹھنے بیٹھنے میں مشابہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا حضرت فاطمہ سے زیادہ جو بیٹی ہیں انکی اور حضرت کے یہ عادت تھی کہ جب وہ آتیں آپ اُٹھ کھڑے ہوتے لینے محبت کی راہ سے اور اُنکا بوسہ لیتے اور اپنی جگہ میں بٹھاتے اور حضرت جب اُنکے پاس تشریف لاتے وہ اپنی جگہ سے اُٹھ کھڑی ہوتیں اور بوسہ لیتیں آپکا اور بٹھاتیں آپکو اپنے جگہ میں پھر جب حضرت بیمار ہوئے حضرت فاطمہ آئیں اور آپ پر گر پڑیں اور بوسہ لیا آپکا پھر اپنا سر اُٹھایا اور رونے لگیں پھر آپ پر گریں اور سر اُٹھا کر ہنسنے لگیں سو پہلے تو میں جانتی تھی کہ یہ سب عورتوں سے زیادہ عقل والی ہیں مگر اُنکے ہنسنے پر بھی کہ وہ بھی آخر عورت ہے تو میں نے یہ کونسا موقع ہنسنے کا ہے پھر جب حضرت کے وفات ہوئی میں نے اُنسے پوچھا کہ کیا سبب تھا اسکا کہ میں نے تمکو دیکھا کہ تم گریں حضرت پر اور سر اُٹھا کر رونے لگیں پھر گریں اور سر اُٹھا کر ہنسنے لگیں اُنہوں نے کہا میں نے حضرت کے حیوٰۃ میں یہ بھید چھپایا کہ افشائی راز اُنکا مناسب نہیں بات یہ تھی کہ پہلے آپنے مجھے خبر دی کہ اُنکا انتقال ہونے والا ہے اس مرض میں پھر مجھے خبر دی کہ اُنکے گھر والوں میں سب سے اول میں اُنسے ملونگی سو اسی پر میں ہنسی **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور مروی ہوئی یہ حدیث کئی سند و سے حضرت عائشہ سے **عن** جُمَیْعِ بْنِ عُمَیْرٍ التَّیْمِیِّ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ عَمَّتِیْ عَلٰی عَآئِشَۃَ فَسُئِلَتْ اَیُّ النَّاسِ کَانَ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَاطِمَۃُ فَقِیْلَ مِنَ الرِّجَالِ قَالَتْ زَوْجُھَا اِنْ کَانَ مَا عَلِمْتُ صَوَّامًا قَوَّامًا **ترجمہ** روایت ہے جمیع

بن عیینہ سے کہا انہوں نے کہ داخل ہوا میں اپنے پھوپھی کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس اور پوچھا میں نے اُنسے کہ کون شخص زیادہ پیارا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اُنہوں نے فرمایا فاطمہ میں نے کہا مرد وں سے اُنہوں نے فرمایا شوہر اکملکہ یعنے حضرت علی اور پھر فرمایا حضرت عائشہ نے کہ میں خوب جانتی ہوں کہ دہری روزہ رکھنے والی اور تہجد پڑھنے والی ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے **مِنْ فَضْلِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا** **باب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت**

**عَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّاسُ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ فَقُلْنَ يَا أُمَّ سَلَمَةَ إِنَّ النَّاسَ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ وَإِنَّا نُرِيدُ الْخَيْرَ كَمَا تُرِيدُ عَائِشَةُ فَقُولِي لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ النَّاسَ يُهْدُونَ إِلَيْهِ أَيْنَ مَا كَانَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ أُمُّ سَلَمَةَ فَأَعْرَضَ عَنْهَا ثُمَّ عَادَ إِلَيْهَا فَأَعَادَتْ لَهُ الْكَلَامَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ صَوَاحِبَاتِي قَدْ ذَكَرْنَ أَنَّ النَّاسَ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ فَأَمَرَ النَّاسَ يُهْدُونَ أَيْنَمَا كُنْتَ فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ قَالَتْ ذَرَاتْ قَالَ يَا أُمَّ سَلَمَةَ لَا تُؤْذِينِي فِي عَائِشَةَ فَإِنَّهُ مَا أُنْزِلَ عَلَيَّ الْوَحْيُ وَأَنَا فِي لِحَافِ امْرَأَةٍ مِنْكُنَّ غَيْرِهَا وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ لوگ دیکھتے تھے باری حضرت عائشہ کے کہ جس دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اُنکے یہاں ہوتے اُسیدن ہدیہ لاتے تو کہا حضرت عائشہ نے کہ میرے سوتین سب جمع مومنین ام سلمہ کے گھر اور سب نے کہا ام سلمہ لوگ اپنے ہدیہ بھیجنے کو حضرت عائشہ کی باری ڈھونڈتے ہیں اور ہم سب ارادہ رکھتے ہیں خیر کا جیسکہ ارادہ رکھتے ہیں عائشہ سوتم اسکے ذکر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کرو کہا آپ حکم کریں لوگوں کو کہ وہ جہاں کہیں ہوں سو ذکر کیا اسکا ام سلمہ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور آپنے کچھ جواب نہ دیا پھر دوبارہ کہا جب آپ تشریف لائے اور عرض کی کہ ای رسول اللہ کے میری سوتین ذکر کرتی ہیں کہ لوگ اپنے ہدیے حضرت عائشہ کی باری میں روانہ فرماتے ہیں سو آپ نے لوگوں کو حکم فرمائے کہ وہ ہدیہ بھیجا کریں آپ جہاں کہیں ہوں پھر جب تیسرے بار آپسے عرض کی آپنے فرمایا کہ ای ام سلمہ تم مجھے حضرت عائشہ کے بارے میں مت ستاؤ اسلئے کہ مجھ پر کسی عورت کے لحاف میں وحی نہ اُتری سوا عائشہ کے یعنے محبت میری اُنسے دیکھکے لئی نہیں ہے بلکہ وہ اُنکے نزدیک بھی مقبول ہے اور بعضوں نے اس حدیث کو حماد سے اُنہوں نے ہشام سے اُنہوں نے اپنے باپ عروہ سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسلا روایت کیے ہے **ف** یہ حدیث غریب ہے اور مروی ہے ہشام بن عروہ سے روایت کرتے ہیں عوف سے وہ ہشیمی وہ ام سلمہ سے کچھ مضمون ماسکا اور یہ حدیث مروی ہوئی ہے ہشام بن عروہ سے اور سمیں روایات مختلف ہیں اور روایت کیے سلیمان بن بلال نے ہشام بن عروہ سے حماد بن زید کی روایت کے مانند **عَنْ** عَائِشَةَ أَنَّ جِبْرِيلَ جَاءَ بِصُورَتِهَا فِي خِرْقَةِ حَرِيرٍ حَضْرَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هٰذِهِ زَوْجَتُكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ جبرئیل علیہ السلام ایک پارہ حریر سبز رنگ کے تصویر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے یعنے قبل نکاح کے اور فرمایا کہ یہ آپکی بیوی ہیں دنیا اور آخرت میں **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر عبداللہ بن عمرو بن علقمہ کی روایت سے اور روایت کیے عبدالرحمن بن مہدی نے یہ حدیث عبداللہ بن عمر وسی اسی اسناد سی مرسلا اور نہیں ذکر کیا سمیں کہ روایت ہے عائشہ سے اور روایت کیا ہے مشام بن عروہ سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ مضمون اسمیں کا **عَنْ** عَائِشَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ هٰذَا جِبْرِيلُ وَهُوَ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ قُلْتُ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ تَرَى مَا لَا نَرَى **ترجمہ** روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ یہ جبرئیل ہیں کہ تمکو سلام کہتے ہیں اُنہوں نے کہا اُنپر سلام ہے اور رحمت اللہ کی اور برکتیں اُسکے آپ دیکھتے ہیں جو ہم نہیں دیکھتے **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ جِبْرِيلَ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ فَقُلْتُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جبرئیل تمکو سلام کہتے ہیں میں نے کہا اُن پر سلام ہے اور رحمت اللہ **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عَنْ** أَبِي مُوسَى قَالَ مَا أَشْكَلَ عَلَيْنَا أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثٌ قَطُّ فَسَأَلْنَا عَائِشَةَ إِلَّا وَجَدْنَا عِنْدَهَا مِنْهُ عِلْمًا **ترجمہ** روایت ہے ابی موسی سے اُنہوں نے کہا جب ہم لوگ اصحاب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر کوئی حدیث مشکل ہوتی اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھتے تو اسکا علم اُنکے پاس **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **عَنْ** مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَفْصَحَ مِنْ عَائِشَةَ **ترجمہ** ابی موسی نے کہا میں نے کسیکو زیادہ فصیح نہ دیکھا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **عَنْ** عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَهُ عَلَى جَيْشٍ ذَاتِ السَّلَاسِلِ قَالَ فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ عَائِشَةُ قُلْتُ مِنَ الرِّجَالِ قَالَ أَبُوهَا ترجمہ عمرو بن عاص کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر پر امیر کیا اور انہوں نے کہا جب میں آیا تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ کون شخص زیادہ پیارا ہے آپکو آپنے فرمایا عائشہ میں نے عرض کیا مردوں میں فرمایا انکا باپ یعنی ابوبکر ف یہ حدیث حسن ہے عن عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيْكَ قَالَ عَائِشَةُ قَالَ فَمِنَ الرِّجَالِ قَالَ أَبُوهَا ترجمہ روایت ہے عمرو بن عاص سے کہ انہوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کون شخص آپکو سب لوگوں سے زیادہ پیارا ہے آپنے فرمایا عائشہ انہوں نے عرض کی مردوں میں آپنے فرمایا انکا باپ ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اسمٰعیل کے روایت سے کہ وہ قیس سے روایت کرتے ہیں عن أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ ترجمہ روایت ہے انس بن مالک سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فضیلت عائشہ کی سارے عورتوں پر ایسے ہی ہے جیسے فضیلت گوشت اور روٹی کو تمام کھانوں پر ف یہ حدیث حضرت عائشہ اور ابی موسیٰ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور عبد اللہ بن عبد الرحمٰن بن معمر کی کنیت ابو طوالہ الانصاری ہے اور وہ ثقہ ہیں عن عَمْرِو بْنِ غَالِبٍ أَنَّ رَجُلًا نَالَ مِنْ عَائِشَةَ عِنْدَ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ أَعْرَبَ مَقْبُوحًا أَتُؤْذِي حَبِيبَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ترجمہ روایت ہے عمرو بن غالب سے کہ ایک شخص نے عمار بن یاسر کے آگے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو چھیڑا تو عمار نے فرمایا جاہ دور ہو تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے محبوب کو ایذا دیتا ہے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ الْأَسَدِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ يَقُولُ هِيَ زَوْجَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ يَعْنِي عَائِشَةَ ترجمہ روایت ہے عبد اللہ بن زیاد اسدی سے کہ انہوں نے عمار بن یاسر کو کہتے سنا کہ وہ یعنی میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے دنیا اور آخرت میں یعنے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ف یہ حدیث حسن صحیح ہے عن أَنَسٍ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيْكَ قَالَ عَائِشَةُ قِيلَ مِنَ الرِّجَالِ قَالَ أَبُوهَا ترجمہ روایت ہے حضرت انس خادم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ کسی نے پوچھا کہ یا رسول اللہ کون زیادہ پیارا ہے آپکو لوگوں میں آپنے فرمایا حضرت عائشہ لوگوں نے عرض کی کہ مردوں میں آپنے فرمایا انکے باپ یعنے ابوبکر ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اس سند سے انس کے روایت سے **مترجم** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ام المومنین ہیں اور اللہ تعالیٰ نے انکو مرتبہ عالی عنایت فرمایا کہ قرآن عظیم الشان میں سورۂ نور کو انکی برات سے نور علیٰ نور کیا کہ قیامت تک برات اور طہارت انکی بلکہ سارے اہل بیت کی حفاظ و قراء کی زبان سے صلوٰۃ اور خطب میں پڑھی جاتی ہے اور اسی لئے علماء اسلام نے فرمایا ہے کہ طاعن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا کافر و مردود ہے اسلئے کہ وہ منکر قرآن ہے اور اللہ تعالیٰ نے آنکو کمال تفقہ اور زہد و ورع و تقویٰ عنایت فرمایا تھا اور بعد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اکیس برس مدینہ تک اصحاب کے الجھے ہوئے حادثے رسول کی سماعت اور آپ ہی بیوی حضرت کے سب سے زیادہ کثیر الروایت ہیں اور اصحاب کو جو اشکال پیش ہوتا آپکے پاس اسکا خزانہ نکلتا اور فوراً وہ مشکل علیحدہ حل ہو جاتی خدا انہ عنا خیر الجزاء

## فَضْلُ خَدِيجَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا باب خدیجہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت میں

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا غِرْتُ عَلَى أَحَدٍ مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيجَةَ وَمَا بِي أَنْ أَكُونَ أَدْرَكْتُهَا وَمَا ذَاكَ إِلَّا لِكَثْرَةِ ذِكْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهَا وَإِنْ كَانَ لَيَذْبَحُ الشَّاةَ فَيَتَتَبَّعُ بِهَا صَدَائِقَ خَدِيجَةَ فَيُهْدِيهَا لَهُنَّ ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ انہوں نے کہا اتنا رشک مجھے کسی بی بی پر نہ آیا حضرت کے بی بیوں سے جتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا پر رشک آیا اور کیا حال ہوتا میرا اگر میں انکو پاتی اور رشک کا سبب کچھ اور نہ تھا بجز اسکے کہ حضرت انکو یاد بہت کرتے تھے اور بکری ذبح کرتے تھے اور ڈھونڈ ڈھونڈ کر خدیجہ کے دوستوں کو ہدیہ دیتے تھے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا حَسَدْتُ امْرَأَةً مَا حَسَدْتُ خَدِيجَةَ وَمَا تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بَعْدَ مَا مَاتَتْ وَذَلِكَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَشَّرَهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَا صَخَبَ فِيهِ وَلَا نَصَبَ ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ انہوں نے کہا اتنا رشک مجھکو کسی پر نہ آیا جتنا خدیجہ پر اور مجھ سے تو حضرت نے جب نکاح کیا تھا کہ وہ انتقال فرما چکیں تھیں اور رشک کا سبب یہ تھا کہ حضرت نے انکو بشارت دی ایک گھر کی جو ایک موتی سے بنا ہوا ہے نہ اس میں غل ہوگا اور نہ ایذا و تکلیف ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ خَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ وَخَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ ترجمہ روایت ہے حضرت علی سے کہ انہوں نے سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت

دنیا کی عورتوں میں اپنے زمانہ میں سب عورتوں سے بہتر حضرت خدیجہ بہتیں اور بہتر عورتوں کی اپنے زمانہ میں مریم بنت عمران ہیں **ف** اسباہیں انس سے اور ابن عباس سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال حسبک من نساء العلمین مریم بنت عمران وخدیجۃ بنت خویلد وفاطمۃ بنت محمد واسیۃ امرأۃ فرعون **عن** روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کافی ہے تجھکو جہان کی عورتوں سے مریم بنت عمران اور خدیجہ بنت خویلد اور فاطمہ بنت محمد اور آسیہ بی بی فرعون کی یعنے یہ چاروں سارے جہان کی عورتوں سے افضل ہیں **ف** یہ حدیث صحیح ہے **مترجم** یعنے یہ چاروں عورتیں مراتب کمال پر فائز ہوئیں اور اقتدا اور پیروی کے لائق ہیں اور محاسن اور مناقب ہر ایک کے بہت ہیں حضرت مریم کو اللہ تعالے نے صدیقہ فرمایا اور انکے احصان کو بیان کیا ہے اور حضرت خدیجہ کو اللہ تعالے اپنا سلام بھیجتا تھا اور حضرت فاطمہ زنان جنت کی سردار ہیں اور آسیہ فرعون کی بی بی حضرت موسی علیہ السلام پر ایمان لائیں تھیں اور جب فرعون بے عون انکے ایمان پر آگاہ ہوا انکو چوپحہ کرکے دھوپ میں لٹاتا اور بھاری پتھر سینہ پر رکھتا اور سلمان نے کہا ہے کہ انکو دھوپ سے عذاب کرتا تھا پھر جب لوگ اُن سے دور ہو جاتے فرشتے اُن پر سایہ کرتے آخر جب انکی وفات قریب ہوئی انہوں نے دعا کی رب ابن لی عندک بیتا فی الجنۃ ونجنی من فرعون وعملہ ونجنی من القوم الظلمین یعنے یا اللہ بنا میرے لئے جنت میں اپنے نزدیک ایک گھر اور نجات دی مجھے فرعون سے اور اُسکے کاموں سے اور نجات دی مجھے ظالموں سے پس اللہ تعالے نے انکی آنکھوں سے پردہ اُٹھا دیا کہ جنت میں اُنہوں نے اپنا گھر دیکھ لیا اور جن کیساں اور ابن کیساں سے مروی ہے کہ اللہ تعالے نے انکو جنت کیطرف اُٹھا لیا کہ وہ اُسمیں کھاتی پیتی ہیں اور فرعون کے عمل سے شرک مُراد ہے جیسے ظالموں سے موذی مشرک مُراد ہیں مرض ایمان کامل اور صبر اور ثبات سے انکو ایسے درجات عالیہ پہنچا یا جزاہا اللہ عنا خیر الجزاء

## فضل ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم باب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیبیوں کی فضیلت میں

**عن عکرمۃ** قال قیل لابن عباس بعد صلوۃ الصبح مانت فلانۃ لبعض ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسجد قیل لہ اتسجد ھذہ الساعۃ فقال ابن عباس قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رأیتم ایۃ فاسجدوا وای ایۃ اعظم من ذھاب ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم **ترجمہ** روایت ہے عکرمہ سے کہ ابن عباس سے کسی نے کہا نماز صبح کے بعد کہ فلان بیوی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے انتقال فرمایا تو وہ سجدہ میں گر پڑے لوگوں نے کہا آپ اسوقت سجدہ کرتے ہیں انہوں نے کہا حضرت نے فرمایا کہ جب تم کوئی نشانی دیکھو تو سجدہ کرو سو کونسی آیت بڑی ہے حضرت کے بیبیوں کے جانی سے **ف** یہ حدیث حسن غریب ہے ہمیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **عن** صفیۃ بنت حیی قالت دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقد بلغنی عن حفصۃ وعائشۃ کلام مرذن کرت ذلک لہ فقال الا قلت وکیف تکن خیرا منی وزوجی محمد وابی ھرون وعمی موسی وکان الذی بلغھا انھم قالوا نحن اکرم علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منھا وقالوا نحن ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم وبنات عمہ **ترجمہ** روایت ہے صفیہ سے جو نبی بن حیی کی اُنہوں نے کہا میرے پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم آئے اور حفصہ اور حضرت عائشہ سے مجھے الکمات پہنچی تھے کہ وہ مجھے آپ سے ذکر کی تو آپ نے فرمایا تم نے کیوں نہ کہا کہ وہ دونوں مجھسے بہتر کیونکر ہونگی اسلئے کہ شوہر میرے محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہیں اور باپ میرے ہارون ہیں اور چچا میرے موسی علیہما السلام ہیں اور وہ بات یہ تھی کہ حضرت حفصہ اور حضرت عائشہ نے کہا تھا کہ ہمارے آبرو حضرت کے نزدیک زیادہ ہے صفیہ سے اسلئے کہ ہم بیبیاں ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور وہ بیٹی ہے سردار یہودیوں کے چچا کی **ف** اسباہیں انس سے جسے روایت ہے یہ حدیث غریب ہے ہمیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور اسناد اسکی کچھ ایسی قوی نہیں **مترجم** صفیہ کا نسب یہ ہے صفیہ بنت حیی بن اخطب بن سعنہ بن ثعلبہ بن عبید بن کعب بن الخزرج بن ابی حبیب بن النضیر ابن النحام بن ناخوم اور بعضوں نے ناخوم کو تنحوم اور بعضوں نے نحوم کہا ہے اور اوّل قول یہود سے اور وہ اپنی زبان سے خوب واقف ہیں اور یہ لوگ بنی اسرائیل سے ہیں لاوی بن یعقوب کے نواسوں سے پھر اولاد سے ہارون بن عمران کے جو بھائی ہیں موسی علیہ السلام کے اور اسی لئے حضرت نے حضرت ہارون کو انکا باپ اور حضرت موسی کو چچا فرمایا اور صفیہ کی ماں برہ بنت سموال ہیں کہ وہ بیوی تھیں سلام بن مشکم یہودی کی پھر اسکے بعد کنانہ بن ابی الحقیق کے اور وہ دونوں شاعر تھے اور کنانہ خیبر کے دن مقتول ہوا اور انس بن مالک سے مروی ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب خیبر فتح کیا اور قید یوں کو اکٹھا کیا دحیہ بن خلیفہ اولا انہوں نے حضرت سے ایک لونڈی مانگی آپ نے فرمایا جاؤ لیلو لونڈی میلو انہوں نے صفیہ کو لیا اور لوگوں نے حضرت سے عرض کیا کہ یہ سردار ہیں قریظہ اور نضیر کے اور یہ آپ ہی کے لائق ہیں حضرت نے دحیہ سے فرمایا تم اور لونڈی لیلو اور انکو حضرت نے پسند کیا اور انکو پردہ میں کہلا بھیجا اور نکاح کیا اُنسے اور آزاد کیا اور اُنکے لئے ہاری مقرر کی اور ڈیرہی عقلمند بی بی تھیں اور اسحاق بن یسار سے مروی ہے کہ

جب فتح کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قموص کو جو قلعہ تھا ابن ابی الحقیق کا صفیہ بنت حیی کو لائے اور اُنکے ساتھ ایک چچیری بہن بھی تھی اور ان دونو کو بلال لیکر یہود کے مقتولین پر سے گذرے تو جب اُنھوں نے چچیری بہن کو دیکھا اپنا مونہہ پیٹنے لگی اور چیختی ہوئی اپنے سر پر خاک ڈالنے لگی اور حضرت نے فرمایا کہ اس شیطانی کو میرے آگے سے دور کرو اور صفیہ کے لئے حکم فرمایا کہ ہمارے پیچھے چلی آوے اور آنحضرت کا کپڑا اُنکو اُڑھا دیا اور لوگوں نے جان لیا کہ حضرت نے اُنکو اپنے واسطے پسند فرمایا اور بلال سے آپنی فرمایا کہ ہمارے پاس سے لیجا کر کہیں رکھ لیا تین دن سے رخصت ہوئے کہ تم عورتونکو اُنکے مقتولین پر لیکر چلے اور صفیہ نے اس سے پیشتر خواب دیکھا تھا کہ ایک چاند اُنکی گود میں اُتر آیا ہے اور جب یہ خواب اپنے باپ سے بیان کیا اُسنے ایک طمانچہ اُنکے مونہہ پر ایسا مارا کہ اُسکا نشان اُنکے چہرہ پر ہو گیا اور کہا کہ تو ایسی سرفراز ہو گی کہ بادشاہ عرب تک پہونچ جائیگی اور وہ نشان اُنکے چہرہ پر جبتک تھا کہ وہ حضرت کے خدمت میں حاضر ہوئیں اور آپنے اِسکا سبب پوچھا اور اُنھوں نے سب کیفیت خواب کے بیان کی اور اس سے مروی ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے صفیہ کو آزاد کیا اور آزادی کو اُنکا مہر ٹھہرایا اور اس حدیث سے جائز ہوا عتق کا مہر قرار دینا اور محدثین کا یہی مذہب ہے اور حنفیہ نے اسکا خلاف کیا ہے جیسے اور احادیث کثیر سے وہ مخالف ہیں اور وفات حضرت صفیہ کے سن چونتیس ۳۴ ہجری میں ہے اور بعضوں نے پچاس ہجری کہے ہیں خدا ہی اللہ عنا حرر الجزاء **عَنْ** اَنَسٍ قَالَ لَمَّا صَفِيَّةَ اَنَّ حَفْصَةَ قَالَتْ بَيْنَا اَنَا وَهِيَ بِمَكَّةَ فَدَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ تَبْكِي فَقَالَ مَا يُبْكِيكِ قَالَتْ قَالَتْ لِي حَفْصَةُ اَنِّي اِبْنَةُ يَهُودِيٍّ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّكِ لَاَبْنَةُ نَبِيٍّ وَاِنَّ عَمَّكِ لَنَبِيٌّ وَاِنَّكِ لَتَحْتَ نَبِيٍّ فَفِيمَ تَفْخَرُ عَلَيْكِ ثُمَّ قَالَ اتَّقِي اللّٰهَ يَا حَفْصَةُ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ صفیہ کو خبر پہونچی کہ حفصہ نے اُنکو یہودی کی بیٹی کہا اور صفیہ رونے لگیں اور حضرت تشریف لائے اور وہ رو رہی تھیں سو حضرت نے پوچھا کہ کیوں روتی ہو اُنھوں نے عرض کی کہ حفصہ نے مجھے یہودی کی لڑکی کہا تو حضرت نے فرمایا تو نبی کی لڑکی ہے اور چچا تیرا بھی نبی ہے اور نکاح میں بھی نبی کے ہے پھر وہ تجھپر کیا فخر کرتی ہے پھر فرمایا ڈر اللہ سے اے حفصہ **ف** یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے اس سند سے **عَنْ** اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا فَاطِمَةَ عَامَ الْفَتْحِ فَنَاجَاهَا فَبَكَتْ ثُمَّ حَدَّثَهَا فَضَحِكَتْ قَالَتْ فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلْتُهَا عَنْ بُكَائِهَا فَضَحِكَتْهَا قَالَتْ اَخْبَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ يُمُوتُ فَبَكَيْتُ ثُمَّ اَخْبَرَنِي اَنِّي سَيِّدَةُ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا مَرْيَمَ بِنْتَ عِمْرَانَ فَضَحِكْتُ **ترجمہ** روایت ہے ام سلمہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس سال کہ فتح ہوا حضرت فاطمہ کو بلایا اور اُنکے کانمیں کچھ کہا کہ وہ رو دیں پھر کچھ کہا کہ ہنس دیں پھر جب اُنکی وفات ہوئی میں نے پوچھا اُنکے رونے اور ہنسنے کا سبب تو اُنھوں نے کہا مجھے حضرت نے اپنی وفات کی خبر دی سو میں رونے لگی پھر خبر دی کہ میں جنت کی سب عورتوں کی سردار ہوں سوا مریم کے سو میں ہنس پڑی **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے **عَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهِ وَاَنَا خَيْرُكُمْ لِاَهْلِي وَاِذَا مَاتَ صَاحِبُكُمْ فَدَعُوهُ **ترجمہ** روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہتر تم میں وہ ہے جو اپنے گھر والوں سے اچھا سلوک کرے اور میں تم سب سے زیادہ اچھا سلوک کرنیوالا ہوں اپنے گھر والوں سے اور جب کوئی تم میں کا مرجائے تو اُسی چھوڑ دو یعنے اُسکی بُرائی نہ ماد کرو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی گئی یہ ہشام بن عروہ سے اُنھوں نے روایت کی اپنے باپ سے اُنھوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً **عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُبَلِّغُنِي اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِي شَيْئًا فَاِنِّي اُحِبُّ اَنْ اَخْرُجَ اِلَيْهِمْ وَاَنَا سَلِيمُ الصَّدْرِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَالٍ فَقَسَمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُ اِلَى رَجُلَيْنِ جَالِسَيْنِ وَهُمَا يَقُولَانِ وَاللّٰهِ مَا اَرَادَ مُحَمَّدٌ بِقِسْمَتِهِ الَّتِي قَسَمَهَا وَجْهَ اللّٰهِ وَلَا الدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَشَقَّ ذٰلِكَ حَتَّى تَمَعَّرَ وَجْهُهُ فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ فَاحْمَرَّ وَجْهُهُ وَقَالَ دَعْنِي عَنْكَ فَقَدْ اُوذِيَ مُوسٰى بِاَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے یار و مومنین سے کوئی کسیکی بُرائی مجھتک نہ لاوے اسلئے کہ میں دوست رکھتا ہوں کہ جب اُن کی طرف نکلوں تو سب سے میرا سینہ بے کینہ کہا عبداللہ نے کہ ایکبار حضرت کے پاس کچھ مال آیا اور آپنے اسکو بانٹا تو میں دو شخصوں کے پاس ہو چکا کہ وہ کہہ رہے تھے اللہ کی قسم اس تقسیم سے محمد کو نہ رضائے الٰہی مطلوب ہے نہ خوبی آخرت پس بُرا جانا میں نے جب میں نے سُنا اسکو آیا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور میں نے اُنکو خبر دی تو اُنکا چہرہ مبارک سرخ ہو گیا یعنے مارے غضب کے پھر فرمایا تم مجھے جانے دو اسلئے کہ موسیٰ اس سے زیادہ ستائے گئے اور صبر کیا **ف** یہ حدیث غریب ہے اس سند سے اور اسکی سند میں ایکدو بڑھا دیا گیا ہے روایت کیا ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے اُنھوں نے عبداللہ بن محمد سے اُنھوں نے عبیداللہ بن موسیٰ سے اور حسین بن محمد سے اُنھوں نے اسرائیل سے اُنھوں نے اپنی سند سے اُنھوں نے ولید

ن ابی ہاشم سے انہوں نے زید بن وہب سے انہوں نے ابن مسعود سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مضمون اسمین کا اس سند کے سوا اور سند سی **فضل ابی بن کعب**

رضی اللہ عنہ **فضیلت ابی** بن کعب رضی اللہ عنہ کی **عن** ابی بن کعب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لہ ان اللہ امرنی ان اقرأ علیک القرآن

فقرأ علیہ لم یکن الذین کفروا و قرأ فیھا ان الدین عند اللہ الحنیفیۃ المسلمۃ لا الیھودیۃ ولا النصرانیۃ ولا المجوسیۃ من یعمل خیرا فلن یکفرہ و قرأ علیہ

لو ان لابن ادم وادیا من مال لابتغی الیہ ثانیا ولو کان لہ ثانیا لابتغی الیہ ثالثا ولا یملأ جوف ابن ادم الا التراب و یتوب اللہ علی من تاب

**ترجمہ** روایت ابی بن کعب کے کہ رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انسی کہ اللہ نے حکم کیا ہے کہ مین تمکو قرآن سناؤن پھر پڑہا آپنے مجھکو آگی لم یکن الذین کفروا اور پڑہا اسمین

ان الدین سے کفر کرنے والے دین اللہ کے نزدیک اکیطرف کے ملت ہے نہ یہودیت نہ نصرانیت نہ مجوسیت اور جو نیکی کریگا رد نہ کیجاویگی یعنی اسکا بدلہ پاویگا اور پڑہا آپنے لو ان سے

آخر تک یعنی اگر آدمی کا ایک جنگل بہرا ہو مال سے تو بھی دوسرا ڈھونڈہتا ہی اور اگر دو جنگل ہون تو تیسرا طلب کرتا ہے اور آدمی کا پیٹ ہرگز نہین بھرتا مگر مٹی سے یعنے قبر

کی اور توبہ قبول کرتا ہے اللہ تعالی اسکی جو توبہ کرے یعنی قناعت غنایت فرماتا ہے اسکو جو قناعت کرتا ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے یہ

اور سند سی ہے اور روایت کیا ہے عبد اللہ بن عبد الرحمن بن ابزی نے اپنے باپ سے انہون نے ابی بن کعب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابی بن کعب

سے کہ اللہ نے حکم کیا ہے مجھکو کہ مین تمہارے آگے قرآن پڑہون اور روایت کی قتادہ نے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے

نے مجھکو حکم فرمایا کہ مین تمہارے آگے قرآن پڑہون **مترجم** حقیقت مین انسان ایسا حریص ہے کہ کسیطرح مال و متاع دنیوی سے سیر نہین ہوتا بجز خاک گور کے

کسی شاعر نے اسی مضمون کو نظم کیا ہی **شعر** کور چشم تنگ دنیا دار را ✦ یا قناعت پر کند یا خاک گور ✦ اور دوسرے نے کہا ہے **شعر** کاسۂ چشم حریصان پر نشد ✦

تا صدف قانع نشد پر دُر نشد **فضل الانصار و قریش باب انصار و قریش کی فضیلت مین عن** ابی بن کعب قال قال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کنت امرا من الانصار و بھذا الاسناد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لو سلک الانصار وادیا

او شعبا لکنت مع الانصار **ترجمہ** روایت ہے ابی بن کعب کے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر ہجرت دین مین نہوتی تو مین ایکمرد انصاری ہوتا اور اسے

اسناد سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر انصار کسی نالے یا کہائی مین چلین تب بھی اُنکے ساتھ رہون یعنے انکی رفاقت نہ چھوڑون **ف** یہ حدیث حسن ہے

**عن** البراء بن عازب انہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم او قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الانصار لا یحبھم الا مؤمن ولا یبغضھم الا منافق من

احبھم احبہ اللہ و من ابغضھم ابغضہ اللہ فقلنا لہ انت سمعتہ من البراء فقال ایای حدث **ترجمہ** روایت ہے عدی بن ثابت سے وہ روایت کرتے ہین

براء بن عازب سے کہ انہون نے سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یا کہا انہون نے کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے انصار کے حق مین کہ نہین دوست رکہتا ہے انکو مگر مؤمن اور نہین

بغض رکہتا انسے مگر منافق اور جو انکو دوست رکہے اللہ اسکو دوست رکہی اور جو انسے بغض رکہے اللہ اسی بغض رکہے سو ہم لوگون نے عدی سے کہا کہ تمنے سنی ہے یہ حدیث

براء سے انہون نے کہا کہ ہان براء نے مجھسے تو بیان کی **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عن** انس قال جمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ناسا من الانصار فقال ھل

فیکم احد من غیرکم فقالوا لا الا ابن اخت لنا فقال ابن اخت القوم منھم ثم قال ان قریشا حدیث عھدھم بجاھلیۃ و مصیبۃ و انی اردت ان

اجبرھم و اتالفھم اما ترضون ان یرجع الناس بالدنیا و ترجعون برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی بیوتکم قالوا بلی فقال رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم لو سلک الناس وادیا او شعبا و سلکت الانصار وادیا او شعبھم **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ

علیہ وسلم نے جمع کیا چند لوگون کو انصار کے اور فرمایا کہ تم مین کوئی غیر تو نہین انہون نے عرض کی کہ کوئی غیر نہین مگر ایک بہانجا ہمارا آپنے فرمایا بہانجا قوم کا قوم مین سے ہے پھر فرمایا کہ قریش اپنے نئی جاہلیت چہوڑ کر مسلمان ہوئے ہین اور انہون نے مصیبت بہی پائی ہین یعنے قتل و اسر غیرہ سے اور مین چاہتا ہون کہ کچھ انکی دلشکنی کا علاج

کرون ہار انکا دل پرچاؤن یعنے اچھے مال غنیمت مین سے انکو کچھ دیا ہے کیا تم راضی نہین ہوتے کہ لوگ دنیا لیکر اپنے گہر جاوین اور تم اللہ کے رسول کو لیکر اپنے گہر

جاؤ لوگون نے کہا کیون نہین ہم راضی ہوئے پھر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر لوگ کسی نالی مین یا کسی پہاڑ کی گہائی مین چلین اور انصار اور نالی اور گہائی

مین چلین تو مین انصار ہی کی گہائی مین چلونگا دون **ف** یہ حدیث صحیح ہے **عن** سعد بن ابراہیم انہ کتب الی انس بن مالک یعزیہ فیمن اصیب من اھلہ

انصار و قریش کے فضیلت

وَبَنِي عَمِّهِ يَوْمَ الْحَرَّةِ فَكُتِبَ إِلَيْهِ أَنَا أُبَشِّرُكَ بِبُشْرَى سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَلِذَرَارِيِّ الْأَنْصَارِ وَلِذَرَارِيِّ ذَرَارِيِّهِمْ **ترجمہ** روایت ہے زید بن ارقم سے کہ انہوں نے لکھا انس بن مالک کو ایک خط تعزیت کا جب انکے گھر والون اور چچا کی اولاد سے کچھ لوگ کام آئے تھے دن حرہ کے اور اسمین یہ لکھا کہ مین تمکو ایک بشارت دیتا ہون اللہ کیطرف سے کہ سنی ہے مینے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے یا اللہ بخشدے انصار کو اور انکی اولاد کو اور انکی اولاد کی اولاد کو یعنے تین پشتون تک سب کے مغفرت کے لئی آپنے دعا دی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کی یہ قتادہ نے نضر بن انس سے انہون نے زید بن ارقم سے **عن** أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَأْ عَلَيَّ فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ وَعَلِمْتُ أَعِفَّةٌ صَبُورٌ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ ابی طلحہ نے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھسے کہ سلام کہدو میرا تم اپنے قوم کو کہ انکو مین پرہیزگار اور صابر جانتا ہون **ف** یہ حدیث حسن ہے اور صحیح ہے **عن** أَبِي سَعِيدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا إِنَّ عَيْبَتِي الَّتِي أَوِي إِلَيْهَا أَهْلُ بَيْتِي وَإِنَّ كَرِشِي الْأَنْصَارُ فَاعْفُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ وَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ **ترجمہ** روایت ہے ابی سعید سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آگاہ ہو کہ میرے جامدانی کہ جیکی طرف مین لوٹکر آتا ہون میرے اہل بیت ہین اور میرے راز دار اور مین انصار ہین سو معاف کردو انکی برائیون کو بدون سے اور قبول کرو نیکیون کو انکے نیکون سے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور اسباہین انس سے بھی روایت ہے **مترجم** جیبتہ جامدانی اور صندوق کو کہتے ہین کہ جسمین کپڑے حفاظت سے رہین آپنے اہل بیت کو اپنی جامدانی فرمایا کہ وہ آپکے خدمتگار اور امانتدار تھے اور کرش جانور کے عضو کا نام ہے مثل معدہ کے آپنے انصار کو کرش دینے جیسے معدہ مین طعام و غذا طیار رہتی ہے اور مجتمع ہوتی ہے پہر اُس سے سارے بدن کو نفع پہونچتا ہے اسیطرح مین خاطر جمعی سے انصار مین ہون کہ نہایت دیانت اور امانت سے میرے عہدے اور مواشیے اور اسرار کی حافظ و نگہبان ہین اور دل و جان سے مجھپر قربان ہین جزاہم اللہ عنا خیر الجزاء اللہم اغفر لہم دارہم واحتضانہم **عن** أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَنْصَارُ كَرِشِي وَعَيْبَتِي وَإِنَّ النَّاسَ سَيَكْثُرُونَ وَيَقِلُّونَ فَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے انصار معدہ میرا ہین اور جامدانی میرے اور لوگ بڑہتے ہین اور بڑہتے جائینگے اور انصار کم ہوتے جائینگے سو قبول کرو انکے نیکون سے اور معاف کرو انکی بدون سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يُرِدْ هَوَانَ قُرَيْشٍ أَهَانَهُ اللهُ **ترجمہ** روایت ہے سعد سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو ارادہ کرے قریش کی ذلت کا اللہ اسکو ذلیل کرے **ف** یہ حدیث غریب ہے خبر دی ہمکو عبد بن حمید نے انہون نے یعقوب بن ابراہیم بن سعد سے انہون نے اپنے باپ سے انہون نے صالح بن کیسان سے انہون نے ابن شہاب سے اسی اسناد سے مانند اسکے **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي بُغْضِ الْأَنْصَارِ رَجُلٌ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھسے کہ نہین بغض رکہتا انصار سے جو ایمان رکہتا ہے اللہ پر اور پچھلے دن پر **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ أَذَقْتَ أَوَّلَ قُرَيْشٍ نَكَالًا فَأَذِقْ آخِرَهُمْ نَوَالًا **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ دعا کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یا اللہ چکہایا تو نے قریش کو اول عذاب یعنے قتل اسر کا اور چکہا انکو آخر مین مزا عنایت اور رحمت کا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے روایت کی ہمسے عبد الوہاب وراق نے انہون نے یحیے سے انہون نے اعمش سے مانند اسکے **عن** أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَلِأَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ وَلِأَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ وَلِنِسَاءِ الْأَنْصَارِ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ یا اللہ بخشدے انصار کو اور انکی اولاد کو اور انکی اولاد کی اولاد کو اور انکی عورتونکو **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے **باب** ما جاء في دور الأنصار خیر دور الانصار کے گہرون کے فضیلت مین **عن** أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُورِ الْأَنْصَارِ قَالُوا بَلَى يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ بَنُو النَّجَّارِ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ بَنُو عَبْدِ الْأَشْهَلِ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ بَنُو الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ بَنُو سَاعِدَةَ ثُمَّ قَالَ بِيَدَيْهِ فَقَبَضَ إِصْبَعَيْهِ ثُمَّ بَسَطَهُمَا كَأَنَّهُ يَرْمِي بِيَدَيْهِ قَالَ وَفِي دُورِ الْأَنْصَارِ كُلِّهَا خَيْرٌ **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا خبر دونمین تمکو انصار کے یا فرمایا انصار کے بہتر لوگونکی لوگون نے عرض کی کیون نہین اے رسول اللہ کے فرمایا بہتر گہر انصار مین بنی نجار ہین پہر جو انکے قریب ہین بنی عبد الاشہل پہر جو انکے قریب ہین بنی الحارث جو اولاد ہین خزرج کی پہر جو انسے قریب ہین بنی ساعدہ پہر شمارہ کیا آپنے دونون ہاتھون سے اور بند کیا انگلیون کو اور پہر کہولا انکو جیسے

انصار کے گہرون کی فضیلت

کوئی اپنے ہاتھوں سے کچھ پھینکتا ہی اور فرمایا کہ انصار کے سب گھروں میں خیر ہے ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی یہ حدیث انس سے بھی روایت کرتے ہیں ابی اُسید ساعدی سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عن اَبِی اُسَیْدِ السَّاعِدِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرُ دُوْرِ الْاَنْصَارِ دُوْرُ بَنِی النَّجَّارِ ثُمَّ دُوْرُ بَنِی عَبْدِ الْاَشْہَلِ ثُمَّ بَنِی الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ثُمَّ بَنِی سَاعِدَۃَ وَفِیْ کُلِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ خَیْرٌ فَقَالَ سَعْدٌ مَا اَرٰی رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَدْ فَضَّلَ عَلَیْنَا فَقِیْلَ قَدْ فَضَّلَکُمْ عَلٰی کَثِیْرٍ ترجمہ روایت ہے ابی اُسید ساعدی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے انصار کے سب گھروں میں بہتر گھر بنی نجار کے ہیں پھر بنی عبد الاشہل کے پھر بنی الحارث بن الخزرج کے پھر بنی ساعدہ کے اور سب گھروں میں انصار کے خیر ہے سو سعد نے کہا میں دیکھتا ہوں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کہ بیشک آپ نے فضیلت دیدی ہم پر اور لوگوں کو تو لوگوں نے اُنسے کہا کہ تمکو بھی تو فضیلت دی اپنی بہت لوگوں پر ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی اور ابو اُسید ساعدی کا نام مالک بن ربیعہ ہے عن جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرُ دِیَارِ الْاَنْصَارِ بَنُو النَّجَّارِ ترجمہ روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انصار کے سب گھروں میں بہتر بنو نجار کے گھر ہیں ف یہ حدیث غریب ہے عن جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرُ الْاَنْصَارِ بَنُو عَبْدِ الْاَشْہَلِ ترجمہ روایت ہے جابر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے انصار میں بہتر گھر بنو عبد الاشہل کے ہیں ف یہ حدیث غریب ہے اس سند سے

## بَابُ مَا جَاءَ فِیْ فَضْلِ الْمَدِیْنَۃِ باب مدینہ کی فضیلت میں

عن عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اِذَا کَانَ بِحَرَّۃِ السُّقْیَا الَّتِیْ کَانَتْ لِسَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِشْتَوْنِیْ بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ قَامَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَۃَ فَقَالَ اَللّٰھُمَّ اِنَّ اِبْرَاھِیْمَ کَانَ عَبْدَکَ وَخَلِیْلَکَ وَدَعَا لِاَھْلِ مَکَّۃَ بِالْبَرَکَۃِ وَاَنَا عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ اَدْعُوْکَ لِاَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ اَنْ تُبَارِکَ لَھُمْ فِیْ مُدِّھِمْ وَصَاعِھِمْ مِثْلَیْ مَا بَارَکْتَ لِاَھْلِ مَکَّۃَ مَعَ الْبَرَکَۃِ بَرَکَتَیْنِ ترجمہ روایت ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہا کہ نکلے ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی ساتھ یہانتک کہ جب پہونچے ہم حرہ سقیا میں جو نام ہے ایک مقام کا قریب مدینہ کے اور وہ محلہ تھا سعد بن ابی وقاص کا وہاں فرمایا آپنے کہ وضو کا پانی مجھے لاؤ پھر وضو کرکے قبلہ رخ کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ یا اللہ ابراہیم تیرا بندہ اور دوست تھا اور اُسنے دعا کی مکہ والوں کے لئے برکت کی اور میں تیرا بندہ اور رسول ہوں دعا کرتا ہوں مدینہ والوں کے لئے کہ برکت دے تو اُنکے مُد اور صاع میں اُس برکت سے دونی جو مکہ والوں کو ہے اور ہر برکت کے ساتھ دو برکتیں اور یعنے مکہ والوں سے چوگنی برکت عنایت کر ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور اسماء بن عائشہ اور عبد اللہ بن زید اور ابی ہریرہ سے روایت ہے عن عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ وَاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا بَیْنَ بَیْتِیْ وَمِنْبَرِیْ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ ترجمہ روایت ہے علی بن ابیطالب سے اور ابو ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے گھر اور میرے منبر کے بیچ میں ایک باغ ہے جنت کے باغوں سے ف یہ حدیث غریب ہے حسن ہے اس سند سے روایت کرتے ہیں محمد بن کامل مروزی نے اُنہوں نے عبد العزیز بن ابی حازم سے اُنہوں نے کثیر بن زید سے اُنہوں نے ولید بن رباح سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے میرے گھر اور منبر کے بیچ میں ایک باغ ہے جنت کے باغوں سے اور اسی مانند مروی ہوئی ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنی فرمایا ایک نماز میری اس مسجد میں ہے ہزار نمازوں سے اور مسجد نبی مگر مسجد حرام یعنے مسجد حرام کے ایک نماز حضرت کے مسجد کے ہزار نمازوں کے برابر ہے چنانچہ ذکر کیا اسکو ابن الملک نے یہ حدیث صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور سندی بھی سوا اسکے عن ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ یَّمُوْتَ بِالْمَدِیْنَۃِ فَلْیَمُتْ بِھَا فَاِنِّیْ اَشْفَعُ لِمَنْ یَّمُوْتُ بِھَا ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس سے ہوسکے کہ مدینہ میں مرے تو وہیں مرے اسلئے کہ میں شفاعت کرونگا اُسکی جو وہاں مرے ف اسماء بن عبیعہ بنت حارث بن اسلمیہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے ایوب سختیانی کی روایت سے عن ابْنِ عُمَرَ اَنَّ مَوْلَاۃً لَّہٗ اَتَتْہُ فَقَالَتْ اِشْتَدَّ عَلَیَّ الزَّمَانُ وَاَنَا اُرِیْدُ اَنْ اَخْرُجَ اِلَی الْعِرَاقِ قَالَ فَھَلُمِّیْ اِلَی الشَّامِ اَرْضِ الْمَنْشَرِ وَالْمَصِیْرِ لَکَاعِ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ صَبَرَ عَلٰی شِدَّتِھَا وَلَاوَائِھَا کُنْتُ لَہٗ شَھِیْدًا وَشَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ترجمہ ابن عمر سے روایت ہے کہ ایک مولاۃ اُنکی آئیں اور کہنے لگیں کہ مجھپر زمانہ کی گردش ہے اور میں چاہتی ہوں کہ عراق کو جاؤں اُنہوں نے کہا شام کو نہیں جانمیں تم کہ وہ زمین ہے حشر و نشر کے اور صبر کرامی نادان اسلمی کہ میں نے سُنا ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو صبر کرے مدینہ کی سختی اور بھوک پر میں اُسکا گواہ اور شفیع ہونگا قیامت کے دن ف اسماء بن ابی سعید اور سفیان بن ابی زہیر اور سعید اسلمیہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے

**عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ بِقَرْیَةٍ مِنْ قُرَی الْاِسْلَامِ خَرَابًا اَلْمَدِیْنَةُ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اسلام کے شہروں میں سے اخیر میں جو ویران ہوگا وہ مدینہ ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے ہم نہیں جانتے ہم اسکو مگر جنادہ کی روایت سے کہ وہ ہشام سے روایت کرتے ہیں **عَنْ** جَابِرٍ اَنَّ اَعْرَابِیًّا یَا بَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الْاِسْلَامِ فَاَصَابَهُ وَعْكٌ بِالْمَدِیْنَةِ فَجَاءَ الْاَعْرَابِیُّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَقِلْنِیْ بَیْعَتِیْ فَاَبٰی فَخَرَجَ الْاَعْرَابِیُّ ثُمَّ جَاءَهُ فَقَالَ اَقِلْنِیْ بَیْعَتِیْ فَاَبٰی فَخَرَجَ الْاَعْرَابِیُّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْمَدِیْنَةُ كَالْكِیْرِ تَنْفِیْ خَبَثَهَا وَیَنْصَعُ طِیْبُهَا **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ ایک گنوار نے بیعت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اسلام پر اور اسکو بخار آیا مدینہ میں اور وہ حاضر ہوا اور عرض کی کہ آپ مجھسے اپنی بیعت پھیر لیں یعنے اگر میں مدینہ سے چلا جاؤں آپنے نہ مانا پھر حاضر ہوا وہ اور عرض کی کہ آپ مجھسے اپنی بیعت پھیر لیں پھر نہ مانا آپنے اور نکلا وہ گنوار سو فرمایا آپنی مدینہ بمنزلہ بھٹی کے ہی دور کر دیتا ہے اپنی خباثت کو اور خالص کر دیتا ہے پاک کو یعنے جیسے بھٹی لوہے کا میل دور کر دیتی ہے مدینہ برے لوگوں کو نکال دیتا ہے **ف** اسی معنی میں ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّهُ كَانَ یَقُوْلُ لَوْ رَاَیْتُ الظِّبَاءَ تَرْتَعُ بِالْمَدِیْنَةِ مَا ذَعَرْتُهَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا بَیْنَ لَابَتَیْهَا حَرَامٌ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ وہ کہتے تھے کہ اگر دیکھوں میں ہرن کو حوالی مدینہ کے چرتا ہوا تو ہرگز نہ ڈراؤں میں اسکو اسلئے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دو پتھریلی زمینوں کے بیچ میں حرم ہے **ف** اسی معنی میں سعد اور عبداللہ بن زید اور انس اور ابی ایوب اور زید بن ثابت اور رافع بن خدیج اور جابر بن عبداللہ اور سہل بن حنیف سے بھی روایت ہے مانند اسکے یعنے ابی ہریرہ کے روایت کے مانند اور ابوہریرہ کے حدیث حسن ہے صحیح ہے **ترجمہ** محدثین اور محققین کا یہی مذہب ہے کہ مدینہ بھی حرم ہے جیسا کہ مکہ حرم ہے اگرچہ حنفیہ نے اسکا انکار کیا ہی مگر مذہب حنفیہ کا بالکل حدیث کے خلاف ہے اور ان سب صحابیوں نے جنکے نام اوپر مذکور ہوئے حرم ہونا مدینہ کا بیان فرمایا ہے اور یہی صحیح ہے **عَنْ** اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَاٰی اُحُدًا قَالَ هٰذَا جَبَلٌ یُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ اَللّٰهُمَّ اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَاِنِّیْ اُحَرِّمُ مَا بَیْنَ لَابَتَیْهَا **ترجمہ** روایت ہے انس بن مالک سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے آیا کوہ اُحد تو آپنے فرمایا یہ ایسا پہاڑ ہے کہ ہمکو دوست رکھتا ہے اور ہم بھی اسکو دوست رکھتے ہیں یا اللہ تحقیق ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم ٹھہرایا اور میں دونوں پتھریلی زمینوں کے بیچ کو یعنے مدینہ کو حرم ٹھہراتا ہوں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عَنْ** جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اَوْحَی اِلَیَّ اَنَّ هٰؤُلَاءِ الثَّلٰثَةَ نَزَلْتَ فَاَیُّ دَارٍ هَجَرْتَ اَلْمَدِیْنَةَ اَوِ الْبَحْرَیْنِ اَوْ قِنَّسْرِیْنَ **ترجمہ** روایت ہے جریر بن عبداللہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے میری طرف وحی کی کہ ان تینوں مقاموں میں جہاں تو جاوے وہ تیرے ہجرت کا گھر ہے مدینہ یا بحرین یا قنسرین **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر فضل بن موسی کی روایت سے اور اکیلی ابو عامر نے اسکو روایت کیا ہے **عَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَصْبِرُ عَلٰی لَاْوَاءِ الْمَدِیْنَةِ وَشِدَّتِهَا اَحَدٌ اِلَّا كُنْتُ لَهٗ شَفِیْعًا اَوْ شَهِیْدًا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ **ترجمہ** روایت ہے ابوہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی ایسا نہیں کہ مدینہ کی بھوک اور سختی پر صبر کرے مگر میں اسکا شفیع یا گواہ ہونگا قیامت کے دن **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس سند سے اور صالح بن ابی صالح بھائی ہیں سہیل بن ابی صالح کے

## فی فضل مکۃ باب مکہ معظمہ کے فضیلت میں

**عَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِیِّ بْنِ حَمْرَاءَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا عَلَی الْحَزْوَرَةِ فَقَالَ وَاللّٰهِ اِنَّكِ لَخَیْرُ اَرْضِ اللّٰهِ وَاَحَبُّ اَرْضِ اللّٰهِ اِلَی اللّٰهِ وَلَوْلَا اَنِّیْ اُخْرِجْتُ مِنْكِ مَا خَرَجْتُ **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن عدی سے کہ انہوں نے کہا میں نے دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو حزورہ کی اوپر کھڑے ہوئے اور فرماتے تھے کہ تو البتہ بہتر ہے ساری زمین سے اللہ کے اور پیاری ہے ساری زمین سے اللہ کو اور اگر میں نکالا نہ جاتا تو ہرگز تجھ سے باہر نہ نکلتا **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہی اور روایت کیے یونس زہری سے مانند اسکے اور روایت کیے یہ محمد بن عمرو نے ابی سلمہ سے انہوں نے ابی ہریرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور حدیث زہری کی حوالی سلمہ سے مروی ہے کہ انہوں نے عبداللہ بن عدی بن حمرا سی روایت کے ہی وہ میرے نزدیک بلاشبہ صحیح ہے **عَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِمَكَّةَ مَا اَطْیَبَكِ مِنْ بَلَدٍ وَاَحَبَّكِ اِلَیَّ وَلَوْلَا اَنَّ قَوْمِیْ اَخْرَجُوْنِیْ مِنْكِ مَا سَكَنْتُ غَیْرَكِ **ترجمہ** روایت ہے ابن عباس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے کہ تو کیا اچھا شہر ہے اور مجھکو سب سے زیادہ پیارا ہے اور اگر میری قوم مجھی نہ نکالتی تو میں سوا تیرے کہیں نہ رہتا **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے

## فی فضل العرب باب عرب کے فضیلت میں

**عن** سلمان قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا سلمان لا تبغضنی فتفارق دینک قلت یا رسول اللہ کیف ابغضک وبک ہدانی اللہ قال تبغض العرب فتبغضنی **ترجمہ** روایت ہے سلمان سے کہا کہ مجھے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے سلمان نہ بغض رکھہ تو مجھسے کہ تیرا دین ہاتھ سے جاتا رہے میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ میں آپسے کیونکر بغض کرونگا اور آپ ہی کے سبب سے اللہ نے مجھے ہدایت کی فرمایا جب تو بغض رکھیگا عرب سے تو بغض رکھیگا مجھے **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر ابی بدر شجاع بن ولید کی روایت سے **عن** عثمان بن عفان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من غش العرب لم یدخل فی شفاعتی ولم تنله مودتی **ترجمہ** روایت ہے عثمان سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو خیانت کرے عرب سے نہ داخل ہوگا میری شفاعت میں اور نصیب نہوگی اسکو محبت میری **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر حسین بن عمر احمسی کی روایت سے کہ وہ منکر حدیث سے روایت کرتے ہیں اور حسین محدثین کے نزدیک کچھ چیز نہیں **عن** محمد بن ابی رزین عن امه قالت کانت ام الحریر اذا مات احد من العرب اشتد علیها فقیل لها انا نراک اذا مات الرجل من العرب اشتد علیک قالت سمعت مولای یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اقتراب الساعة هلاک العرب قال محمد بن ابی رزین ومولاها طلحة بن مالک **ترجمہ** روایت ہے محمد بن ابی رزین سے کہ اُنہوں نے روایت کی اپنی ماں سے کہ اُنہوں نے کہا حریر کی مالکہ یہ حال تھا کہ جب عرب میں سے کوئی مرتا تھا تو اُسکو نہایت غم ہوتا تھا لوگوں نے کہا ہم دیکھتے ہیں کہ جب کوئی عرب مرتا ہے تو تمکو نہایت غم ہوتا ہے اُنہوں نے کہا میں نے سنا ہے اپنی مولا کہ وہ کہتے تھے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت کی قرب ہونے کی نشانی ہے عرب کا مرنا محمد بن ابی رزین نے کہا کہ مولی اُنکے طلحہ بن مالک تھے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر سلیمان بن حرب کی روایت سے **عن** ام شریک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لیفرن الناس من الدجال حتی یلحقوا بالجبال قالت ام شریک یا رسول اللہ واین العرب یومئذ قال هم قلیل **ترجمہ** روایت ہے ام شریک سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگ بھاگینگے دجال سے یہانتک کہ کوہستانوں میں جا رہینگے ام شریک نے عرض کی کہ یا رسول اللہ عرب کے سدن کہاں ہونگے آپنے فرمایا وہ اندنون بہت کم ہونگے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **عن** سمرة بن جندب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال سام ابو العرب ویافث ابو الروم وحام ابو الحبش **ترجمہ** روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سام باپ ہے عرب کے اور یافث روم کے اور حام حبش کے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور یافث کو یافث یعنے تاء مثناۃ سے اور یفث بھی کہتے ہیں

## فی فضل العجم باب عجم کی فضیلت میں

**عن** ابی هریرة یقول ذکرت الاعاجم عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا تابعهم او بعضهم اوثق منی بکم او بعضکم **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ وہ کہتے تھے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس عجم کا ذکر آیا تو آپنے فرمایا مجھے اُنکا یا اُنکے بعض کا زیادہ اعتماد ہے بہ نسبت تمہارے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر ابی بکر بن عیاش کی روایت سے اور صالح وہ بیٹے ہیں مہران کے مولی ہیں عمرو بن حریث کے **عن** ابی هریرة قال کنا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین انزلت سورة الجمعة فتلاها فلما بلغ واخرین منهم لما یلحقوا بهم قال له رجل یا رسول اللہ من هؤلاء الذین لم یلحقوا بنا فلم یکلمه قال وسلمان الفارسی فینا قال فوضع رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یده علی سلمان فقال والذی نفسی بیده لو کان الایمان بالثریا لتناوله رجال من هؤلاء **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے جب سورہ جمعہ اُتری سو پڑھا اُسکو آپنے یہانتک کہ جب پہونچے آپ واخرین منهم لما یلحقوا بهم تک اور لوگ جو ابھی اُنمے نہیں ملے ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ وہ کون لوگ ہیں جو ابھی ہم سے نہیں ملے آپنے کچھ نظر فرمایا اور سلمان فارسی ہمارے درمیان موجود تھے پھر آپنے اپنا ہاتھ سلمان پر رکھا اور فرمایا کہ قسم ہے اُسکی کہ میری جان اُسکے ہاتھ میں ہے اگر ایمان ثریا میں لٹکا ہوتا تو البتہ لاتے اُسکو چند لوگ اُنمیں کے یعنے فارس کے **ف** یہ حدیث حسن ہے اور کئی سندوں سے ابی ہریرہ سے مروی ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں **تبصرہ** پوری آیت سورہ جمعہ میں یہ ہے هو الذی بعث فی الامیین رسولا منهم یتلوا علیهم آیاته ویزکیهم ویعلمهم الکتاب والحکمة وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین وآخرین منهم لما یلحقوا بهم وهو العزیز الحکیم یعنے وہ اللہ ایسا ہے کہ اُٹھایا اُسنے اُمیوں میں ایک رسول اُنمیں کا کہ پڑھتا ہے اُن پر آیتیں اُسکی اور پاک کرتا ہے اُنکو اور سکھلاتا ہے اُنکو کتاب حکمت اور تھے وہ اُسکے پہلے البتہ صریح گمراہی میں اور اور لوگ ہیں کہ ابھی اُنمیں نہیں ملی اور وہ زبردست ہے حکمت والا یعنے اس آیت میں بشارت ہے کہ ایک اور لوگ صحابہ سے آکر ملینگے اور دین کی تائید میں اُنکے شریک ہونگے پس حضرت نے فرمایا کہ وہ لوگ جنکی اس آیت میں بشارت ہے فارس کے لوگ

ہین اور حقیقت مین ایسا ہی ہوا کہ اکثر عجم کے لوگون نے بڑی تائید دین کے اور بڑی خدمت حدیث و قرآن کی بجالائی اور ہزارون محدثین اور مفسرین اور موئیدان کتاب وسنت فارس سے پیدا ہوے ہین **فی فضل الیمن باب یمن کی فضیلت مین عن** زید بن ثابت ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نظر قبل الیمن فقال اللھم اقبل بقلوبھم وبارک لنا فی صاعنا ومدنا **ترجمہ** روایت ہے زید بن ثابت سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر کی یمن کیطرف اور کہا کہ یا اللہ انکے دل ہماری طرف پھیر دی اور ہمارے صاع اور مد مین برکت دے یعنے اگر وہ لوگ آوین مدینہ مین تکلیف نہ اوین **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے زید بن ثابت کے روایت سے نہین جانتے ہم اسکو مگر عمران قطان کے روایت سے **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتاکم اھل الیمن ھم اضعف قلوبا وارق افئدۃ الایمان یمانٍ والحکمۃ یمانیۃ **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آئی تمہارے پاس لوگ یمن کے اور وہ نہایت نرم دل اور رقیق القلب ہین ایمان یمن سے نکلا ہے اور حکمت یمن ہی سے نکلے ہی **ف** اسی معنی ابن عباس سے اور ابن مسعود سے روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہی **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ الملک فی قریش والقضاء فی الانصار والاذان فی الحبشۃ والامانۃ فی الازد یعنی الیمن **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سلطنت اور بادشاہی قریش مین ہے اور قضا انصار مین اور اذان حبشہ مین اور امانت ازد مین یعنے تین مین **ف** روایت کیے ہے محمد بن بشار نے عبدالرحمن سے انہون نے معاویہ سے انہون نے ابی مریم سے انہون نے ابی ہریرہ سے مانند اسکے اور مرفوع نہین کیا اسکو اور یہ صحیح ہے زید بن جباب کے روایت سے **متبرجم** سلطنت اور خلافت انکے قریش کے رہی اور امیر قریش مین ہوے اور اذان حبشیونکو کہ انکی آواز بلند ہے اور حضرت بلال مؤذن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حبشی تھی اور ایمان وحکمت کو جو یمنی فرمایا اسلئے کہ ایمان وحکمت دونون کہ یمن سے نکلے ہین اور کہ تمامہ یمن ہی سے ہے اور تمامہ زمین یمن مین داخل ہے **عن** انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ازد ازد اللہ فی الارض یرید الناس ان یضعوھم ویابی اللہ الا ان یرفعھم ولیاتین علی الناس زمان یقول الرجل یا لیت ابی کان ازدیا یا لیت امی کانت ازدیۃ **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ازد دگار ہین اللہ کے دین کے زمین مین لوگ چاہینگے کہ انکو زیر کرین اور اللہ انکی ایک نہ چلنے دیگا اور ازدیونکو بلند کریگا اور لوگون پر ایک وقت آویگا کہ آدمی کہیگا کاش میرا باپ ازدی ہوتا کاش میری ماں ازدی ہوتی **ف** یہ حدیث غریب ہے ہم نہین جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے اور مرفوعی ہوئی انس سے اسی اسناد سے موقوفا اور وہ ہمارے نزدیک زیادہ صحیح ہے یعنی موقوف ہے **عن** انس بن مالک یقول ان لم تکن من الازد فلستم من الناس **ترجمہ** جانتے ہین انس سے کہ وہ کہتے تھے اگر تم ازدی ہون تو ہے آدمی نہین **ف** یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے **عن** ابی ھریرۃ یقول کنا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجاء رجل من قیس فقال یا رسول اللہ العن حمیرا فاعرض عنہ ثم جاءہ من الشق الاخر فاعرض عنہ ثم جاءہ من الشق الاخر فاعرض عنہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم رحم اللہ حمیرا انھم سلم وایدیھم طعام وھم اھل امن وایمان **ترجمہ** روایت ہے ابوہریرہ سے کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے کہ ایک شخص آیا اور خیال کرتا ہون مین کہ وہ بنی قیس کے قبیلہ سے تھا اور اسنے عرض کی کہ یا رسول اللہ قبیلہ حمیر کو لعنت فرمائی سو آپنے منہ پھیر لیا پھر وہ اور طرف سے آیا پھر آپنے منہ پھیر لیا پھر وہ اور طرف سے آیا پھر آپنے منہ پھیر لیا اور فرمایا کہ اللہ رحمت کرے حمیر کے قبیلہ پر کہ منہ مین انکے سلام ہے اور ہاتھ مین انکے طعام اور وہ اہل امن وایمان ہین **ف** یہ حدیث غریب ہے نہین جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے عبدالرزاق کی روایت سے اور میناء سے اکثر شکر روایتین مروی ہوتی ہین **فی غفار واسلم وجھینۃ ومزینۃ باب غفار** اور اسلم اور جہینہ اور مزینہ کی فضیلت مین **عن** ابی ایوب الانصاری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الانصار ومزینۃ وجھینۃ واشجع وغفار ومن کان من عبد الدار موالی لیس لھم مولی دون اللہ ورسولہ مولاھم **ترجمہ** روایت ہے ابی ایوب انصاری سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے انصار اور مزینہ اور جہینہ اور اشجع اور غفار اور جو ہو قبیلہ عبدالدار سے وہ میرے رفیق ہین کوئی انکا رفیق نہین سوا اللہ کے اور اللہ اور رسول انکا رفیق ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **فی ثقیف وبنی حنیفۃ باب** ثقیف اور بنی حنیفہ کی فضیلت مین **عن** جابر قال قالوا یا رسول اللہ احرقتنا نبال ثقیف فادع اللہ علیھم فقال اللھم اھد ثقیفا **ترجمہ** روایت ہے جابر سے کہ لوگون نے عرض کی یا رسول اللہ جلا دیا ہمکو تیرون ثقیف کی سو بد دعا کیجیے انکے لئے سو فرمایا آپنے یا اللہ ہدایت کر ثقیف کو **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے **عن** عمران بن حصین قال مات النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یکره ثلاثۃ احیاء ثقیفا وبنی حنیفۃ وبنی امیۃ **ترجمہ** روایت ہے عمران بن حصین سے کہ انہون نے کہا وفات ہوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

یمن کی فضیلت مین

اسلم اور جہینہ اور مزینہ کی فضیلت مین

ثقیف اور بنی حنیفہ کی فضیلت مین

اور وہ بڑا جانتے تھے تین قبیلوں کو ثقیف اور بنی حنیفہ اور بنی امیہ کو **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر اسی سند سے **عن** ابن عمرؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ثقیف کذاب ومبیر **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ قبیلہ بنی ثقیف میں ایک جھوٹا ہے ایک ہلاک کرنیوالا ہے **ف** روایت کیا ہے عبدالرحمن بن واقد نے انہوں نے شریک سے اسی مانند پہلے کے اور عبداللہ بن عصم کی کنیت بابا عدی ہے اور وہ کوفی ہیں یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر شریک کی روایت سے اور شریک کہتے تھے کہ روایت ہے عبداللہ بن عصم سے اور اسرائیل نے جو روایت کیا انہی شیخ سے تو عبداللہ بن عصمہ کہا اور اسباعین اصحاب ابی اسحٰق سے بھی روایت ہے **ف** حضرت کا خبر دینا صحیح ہوا کہ ثقیف میں ایک جھوٹا آدمی مختار بن عبید ثقفی پیدا ہوا کہ اسنے دعوی نبوت کیا اور دوسرا حجاج بن یوسف ظالم کہ جسنے ہزاران ہزار صالحین اولیاء کاملین کو قتل کیا **عن** ابی ھریرۃ ان اعرابیا اھدی لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بکرۃ فعوضہ منھا ستۃ بکرات فتسخطھا فبلغ ذلک النبی صلی اللہ علیہ وسلم فحمد اللہ واثنی علیہ ثم قال ان فلانا اھدی الی ناقۃ فعوضتہ منھا ستۃ بکرات فظل ساخطا فعلمت ان لا اقبل ھدیۃ الا من قرشی او انصاری او ثقفی او دوسی او فی الحدیث کلام اکثر من ھذا **ترجمہ** روایت ہے ابوہریرہ سے کہ ایک گنوار نے ہدیہ دی رسول خدا کو ایک جوان اونٹنی اور آپنے اسکے عوض میں چھ اونٹنیاں عنایت فرمائیں پھر بھی وہ خفا رہا اور بعد حضرت کے پہنچی تو آپنے اللہ کی حمد وثنا کی اور فرمایا کہ فلان شخص نے مجھے ایک اونٹنی دی اور میں نے اسکے بدلے چھ اونٹنیاں دیں جب بھی وہ خفا رہا تو اب میں نے قصد کیا کہ ہرگز قبول نکروں ہدیہ کسیکا سوائے قرشی یا انصاری یا ثقفی یا دوسی کے اور اس حدیث میں اور بھی ذکر ہے **ف** یہ حدیث مروی ہوئی ابی ہریرہ سے کئی سندوں سے اور یزید بن ہارون ابوایوب العلاسی روایت کرتے ہیں اور وہ ایوب بن مسکین ہیں اور انکو ابوایوب مسکین کہتے ہیں اور شاید کہ یہ حدیث وہی ہے جو مروی ہوئی ایوب سے انہوں نے روایت کیا سعید مقبری سے اور وہ ابوایوب ابوالعلاء ہیں اور وہی ایوب بن مسکین ہیں کہ کہا ابن ابی مسکین نے کہتے ہیں **عن** ابی ھریرۃ قال اھدی رجل من بنی فزارۃ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ناقۃ من ابلہ التی کانوا اصابوا بالغابۃ فعوضہ منھا بعض العوض فتسخط فسمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی المنبر یقول لقد ھممت ان لا اقبل ھدیۃ الا من رجل من العرب او رجلین او ثلثۃ فاعوضہ منھا بقدر ما عندہ ثم یتسخط فظل یتسخط فیہ علی وایم اللہ لا اقبل بعد مقامی ھذا من رجل من العرب ھدیۃ الا من قرشی او انصاری او ثقفی او دوسی **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے کہ ایک شخص نے فزارہ سے ہدیہ دی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک اونٹنی اپنی ان اونٹنیوں میں جو لی تھی غابہ میں سو حضرت نے اسکے بدلے میں کچھ عنایت فرمایا اور وہ خفا ہوا سو سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سی کہ آپ منبر پر فرماتے تھی کہ عرب کے لوگ مجھ کو ہدیہ دیتے ہیں اور میں اسکے بدلی میں جو کچھ اس ہوتا ہے دیدیتا ہوں پھر وہ خفا رہتا ہے اور مجھ پر خفگی ہی جتاتا رہتا ہے اور قسم ہے اللہ کی کہ اب اسکی بعد میں کسی عرب کا ہدیہ نہ لونگا مگر جو قرشی ہو یا انصاری یا ثقفی یا دوسی یعنے یہ لوگ عہدہ میں اور اعراب نادان **ف** یہ حدیث زیادہ صحیح ہے یزید بن ہارون کی روایت سے **عن** عامر بن ابی عامر الاشعری عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نعم الحی الاسد والاشعریون لا یفرون فی القتال ولا یغلبون ھم منی وانا منھم قال فحدثت بذلک معویۃ فقال لیس ھکذا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ھم منی والی فقلت لیس ھکذا حدثنی ابی ولکنہ حدثنی قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ھم منی وانا منھم قال فانت اعلم بحدیث اہلک **ترجمہ** روایت ہے عامر بن ابی عامر اشعری سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا خوب ہے قبیلہ بنی اسد کا اور قبیلہ بنی اشعر کا کہ وہ لوگ بھاگتے نہیں لڑائی سے اور چوراتے نہیں مال غنیمت سے اور وہ مجھ سے ہیں میں اُسنے کہا عامر سے کہ بیان کیا میں نے یہ روایت حضرت معاویہ سے تو انہوں نے کہا حضرت نے ایسا نہیں فرمایا بلکہ فرمایا کہ وہ مجھے ہیں اور میری طرف ہیں تو میں نے اُنسے کہا کہ ایسے تو روایت نہیں کی میرے باپ نے بلکہ انہوں نے تو کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ مجھ سے ہیں میں اُنسے ہوں تب کہا حضرت معاویہ نے کہ تم ہی خوب واقف ہو اپنے باپ کی روایت سے **ف** یہ حدیث غریب ہے نہیں جانتے ہم اسکو مگر روایت سے وہب بن جریر کے اور اسد اور ازد دونوں قبیلہ ایک ہی ہیں **مترجم** اسد اور ازد دونوں ایک ہی شخص کی اولاد سے ہیں اور وہ میں کے ایک قبیلہ کا باپ تھا اور انصار سب اسکی اولاد میں اور شعر بھی ایک شخص کا لقب ہے کہ عمرو بن طارثہ اسکا نام ہے اور وہ بھی باپ ہیں ہمدان کے ایک قبیلہ کا کہ اسی میں سے ہیں ابوموسی اشعری اور شعر میں سب اسکی اولاد میں **عن** ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اسلم سالمھا اللہ وغفار غفر اللہ لھا **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلم کو اللہ سلامت رکھے اور غفار کے مغفرت کرے **ف** اسباب میں

ابی ذر اور ابی بنہ اور اسلمی اور بریدہ اور ابی ہریرہ سے روایت ہے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اسلم سالمها اللہ وغفار غفر اللہ لها وعصیة عصت اللہ ورسولہ **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلم کو اللہ سلامت رکھے اور غفار کے مغفرت کرے اور عصیہ نافرمانی کی اللہ اور اسکے رسول کی **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے محمد بن بشار نے انہوں نے مؤمل سے انہوں نے سفیان سے انہوں نے عبداللہ شعبہ کی حدیث کی مانند یعنی جو اس حدیث کے اوپر گذری اور اسمیں زیادہ کیا کہ عصیہ نے نافرمانی کی اللہ کے اور اسکے رسول کے اور یہ حدیث حسن ہے صحیح ہی **عن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفس محمد بیدہ لغفار واسلم ومزینة ومن کان من جهینة او قال جهینة ومن کان من مزینة خیرا عند اللہ یوم القیمة من اسد وطی وغطفان **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس پروردگار کے کہ میری جان اسکے ہاتھ میں ہے کہ غفار اور اسلم اور مزینہ اور جہینہ کے لوگ اللہ کے نزدیک بہتر ہیں قیامت کے دن اسد اور طی اور غطفان کے لوگوں سے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** عمران بن حصین قال جاء نفر من بنی تمیم الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال اقبلوا البشری یا بنی تمیم قالوا بشرتنا فاعطنا قال فتغیر وجهه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وجاء نفر من اهل الیمن فقال اقبلوا البشری اذ لم یقبلها بنو تمیم قالوا قد قبلنا **ترجمہ** روایت ہے عمران بن حصین سے کہا کہ چند لوگ آئی بنی تمیم کے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپنے فرمایا بشارت ہو تمکو اے بنی تمیم انہوں نے کہا آپ ہمکو بشارت دیتی ہیں تو کچھ عنایت کیجئے پس متغیر ہو گیا چہرہ مبارک آپکا اور چند لوگ یمن کے آئی اور آپنے فرمایا قبول کرو تم بشارت کو اسلئے کہ بنی تمیم نے اسکو قبول نکیا سو انہوں نے عرض کیا کہ ہمنے قبول کی اسمیں فضیلت اہل یمن کے نکلی اور بیوقوفی بنی تمیم کے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابی بکرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اسلم وغفار ومزینة خیر من تمیم واسد وغطفان وبنی عامر بن صعصعة یملؤها صوتة فقال القوم قد خابوا وخسروا قال فهو خیر منهم **ترجمہ** روایت ہے ابی بکرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بنی اسلم اور بنی غفار اور بنی مزینہ بہتر ہیں تمیم اور اسد اور غطفان اور بنی عامر بن صعصعہ کے قبیلوں سے بلند کرتے ہی آپ اسکی ساتھ آواز اپنی سو لوگوں نے کہا کہ محروم ہوئے اور نقصان میں پڑے آپنے فرمایا کہ بنی اسلم وغیرہ اسنے بہتر ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **عن** ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللهم بارک لنا فی شامنا اللهم بارک لنا فی یمننا قالوا وفی نجدنا فقال اللهم بارک لنا فی شامنا وبارک لنا فی یمننا قالوا وفی نجدنا قال هنالک الزلازل والفتن وبها یطلع قرن الشیطان **ترجمہ** روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ برکت دے ہمارے شام میں یا اللہ برکت دے ہمارے یمن میں لوگوں نے کہا اور ہمارے نجد میں آپنے فرمایا یا اللہ برکت دے ہمارے شام میں اور برکت دے ہمارے یمن میں لوگوں نے کہا کہ ہمارے نجد میں آپنے فرمایا وہاں زلزلی ہیں اور فتنے اور اسی سے نکلیگا سینگ شیطان کا یعنے لشکر اور مدد گار اسکے **ف** یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اس سند سے ابن عون کی روایت سے اور مروی ہوئی یہ حدیث سالم بن عبداللہ کی روایت سے بھی کسی اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے **عن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لینتهین اقوام یفخرون بآبائهم الذین ماتوا انما هم فحم جهنم او لیکونن اهون علی اللہ من الجعل الذی یدهده الخراء بانفه ان اللہ اذهب عنکم عبیة الجاهلیة وفخرها بالآباء انما هو مؤمن تقی وفاجر شقی الناس بنو آدم وآدم خلق من التراب **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا باز رہیں لوگ کہ فخر کرتے ہیں اپنے باپ دادوں پر جو مر چکے یعنے حالت جاہلیت و کفر میں اور حقیقت میں وہ کوئلا ہیں جہنم کا نہیں تو ذلیل ہو جاوینگے اللہ کے آگی گوبریلے سے بھی ذلیلہ جو اپنے ناک سے گوبر کی گولیاں بناتا ہے اور بیشک اللہ نے دور کی تمسے بڑائی اور لاف زنی جاہلیت کے اور فخر کرنا اپنے باپ دادوں پر اب تو لوگ مؤمن متقی ہیں اور فاجر شقی اور سب کے حقیقت یہ ہے کہ سب لوگ اولاد آدم ہیں اور آدم مٹی سے بنے ہیں **ف** اسباب ابن عمر اور ابن عباس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے **عن** ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال قد اذهب اللہ عنکم عبیة الجاهلیة وفخرها بالآباء مؤمن تقی وفاجر شقی والناس بنو آدم وآدم من تراب **ترجمہ** روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالے نے دور کی تم سے لاف زنی جاہلیت کے اور فخر کرنا اپنے باپ دادا پر اب لوگ دو قسم ہیں مؤمن متقی یا بدکار شقی اور سب لوگ اولاد آدم ہیں اور آدم مٹی سے بنے ہیں **ف** یہ حدیث حسن ہے اور سعید مقبری کو سماع ہے ابی ہریرہ سے اور روایت کی ہے انہوں نے اپنے باپ سے بہت چیزیں کہ روایت کی تھیں انکے باپنے ابی ہریرہ سے اور روایت کی سفیان ثوری اور

اور کسی لوگون نے یہ حدیث ہشام بن سعد سے انہون نے سعید مقبری سے انہون نے ابہریرہ سے انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ابی عامر کے حدیث کے مانند جو ہشام بن سعد سے مروی ہے

آخر سند تک واللہ رب العالمین وصلاتہ وسلامہ علی سیدنا محمد النبی الامی وآلہ الطاہرین ۱۲

## کتاب العلل یہہ کتاب ہے حدیثکے علتون اور راویونکی جرح وتعدیل مین وہ خبر دی ہمکو

ابو محمد جراحی نے انکو ابو العباس محبوبی نے انکو **ابو عیسے ترمذی** یعنے مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کہ فرمایا انہون نے جو کچھہ اس کتاب مین ہے حدیث سے وہ سب معمول بہے اور تمسک کیا ہی اُسکے ساتھ بعض اہل علم نے سو اوہ حدیثون کے ایک حدیث ابن عباس کے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جمع کی ظہر اور عصر مدینہ مین اور مغرب اور عشا بغیر خوف اور سفر اور مطر کے اور دوسرے حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ فرمایا آپنے کہ جب کوئی شراب پیوے تو کوڑے مارو اسکو پھر اگر پیوے چوتھی بار تو اُسے قتل کردو اور بیان کردی ہمنے

علت دونون حدیثون کے کتاب مین **متجرح** کہتا ہے کہ جمع بغیر عذر حرام ہے جمہور کے نزدیک بلکہ بحر زخار مین مذکور ہے بعض اہل علم کہ پھر احراج ہے یعنے حرام ہوا جمع بین الصلوتین کا بغیر عذر کے مجمع علیہ ہے اور بعضون نے جو جواز اسکا بغیر عذر کے حضرت سے اور زید بن علی سے روایت کیا ہے وہ روایت صحیح نہین ہے اور حاصل یہ کہ اگر پھر احراج نہ بھی ہو تو بھی مذہب جمیع صحابہ اور تابعین اہل بیت اور علماء عترت اور ائمہ ملت کا تو یہی اور بحر زخار مین کہا کہ حرام ہے جمع بغیر عذر کے غرض ادلہ ناطقہ وجوب توقیت پر سقدر موجود ہین کہ مستغنی اسکا کتاب سے ہے شواہے چنانچہ اللہ تعالے فرماتا ہے اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا اور حضرت نے فرمایا کہ نماز کا ایک اول وقت ہے ایک آخر اور فرمایا کہ وقت مابین فرضین اولیہ مذہبی کے نزدیک مقرر ہو چکا ہے کہ مبتدا جو محلی بلام جنس ہو وہ مقصود ہوتی ہے خبر پر برابر ہے کہ خبر بھی معرف بلام ہو یا نہو غرض الوقت یہان مبتدا ہے اور وہ مقصود ہے بین فرضین مین اور یہ آپنے جب فرمایا کہ دو دن نماز مسافر کے ساتھ پڑھے پس معلوم ہوا کہ وقت اپنی اوقات کی بیچ مین ہے اور انہی وقتون مقصود ہے اور ایسا ہی قول آپکا کہ فرمایا وقت صلوتکم بین فرضین یہ قریب ہے صیغہ امر مفید حصر ہے غرض رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اوقات صلوۃ کو قولًا اور فعلًا ایسا بیان کیا ہے کہ کسی ہاوزار دانے ہے پھر پوشیدہ نہین رہتا کہ ابھیر علی الصلوۃ پر اور ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی کتاب مین ابن عباس سے مرفوعًا روایت کیا ہے کہ جو دو نمازین بغیر عذر جمع کرے وہ کبار کے دروازہ مین آیا مگر اسکی سند مین خدشہ ہے اور وہ حسین بن قیس الرحبی ہے کہ ملقب باہی علی ہے اور وہ ضعیف ہے امام احمد وغیرہ نے اسکو ضعیف کہا ہے اور ابن ابی شیبہ اور عبد الرزاق نے اپنے مصنف مین بسند صحیح حضرت عمر سے روایت کیا ہے کہ انہون نے اپنے خط مین ابو موسے کو لکھا کہ جمع بین الصلوتین بغیر عذر کے کبائر سے ہے اور دلیل مجوزین جمع کے مطلقًا یہی حدیث ابن عباس کے ہے کہ اسمین ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ مین پڑہین سات یا آٹھہ رکعت ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا اور ابو داود نے کہا ہے کہ شاید یہ حالہ شب باران مین ہوا اور شیخین کے روایت مین ہے کہ مین گمان کرتا ہون کہ آپنے ظہر مین تاخیر کے ہوا وہ مین تعجیل اور مغرب مین تاخیر کے ہوا اور عشا مین تعجیل اور ایک روایت مین ہے کہ پڑہی آپنے ظہر اور عصر جمیعا اور مغرب اور عشا جمیعا بغیر خوف وسفر کی اور روایت کیا اسکو طبرانی نے اوسط مین اور کبیر مین اور روایت کیا حافظ ہیثمی نے مجمع الزوائد مین ابن مسعود سے کہ جمع کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا سو لوگون نے عرض کی تو آپنے فرمایا مین نے اسلئے کیا کہ تکلیف نہو میری امت پر اور بعضے لوگون نے جو اسکو ضعیف کہا ہے اسلئے کہ اسمین ابن عبد القدوس ہے تو تضعیف انکی مضر نہین اسلئے کہ ابن عبد القدوس جنکو محدثین کو کلام ہے تو صرف اسی نظر سے کہ وہ ضعفا سے روایت کرتا ہے اور اہل تشیع سے ہی اور اول غیر قادح ہے باعتبار نحن فیہ کے اہلی کہ اُسکو کسے ضعیف سے روایت نہین کیا بلکہ عمش سے روایت کیا ہے جیسا کہ حافظ ہیثمی نے کہا ہے اور تشیع بھی قادح نہین ہو سکتا جبتک کہ حد تعبیر سے تجاوز نکرے اور تجاوز اسکا حد تعبیر سے منقول نہین باوجودیکہ بخاری نے اُسکو صدوق کہا ہے اور ابو حاتم نے لا باس بہ اور یہ دونون بڑے امام ہین جرح وتعدیل کے اور اس بحث کو بزار نے بھی ابی ہریرہ سے روایت کیا ہے کہ مضمون اسکا یہ ہے کہ جمع کیا آنحضرت نے دو نمازونکو مدینہ مین بغیر خوف کے اور طحاوی نے روایت کیا ابو ہریرہ سے کہ جمع کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا کو اور وہ مسافر نہے اور ایک شخص نے ابن عمر سے کہا کہ آپنے ایسا کیون کیا انہون نے کہا تاکہ امت پر حرج نہو اور روایت کیا اسکو مسلم نے ابن عباس سے کہ جمع کیا ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا کو مدینہ مین بغیر خوف اور مطر کے اور ترمذی نے بھی کہا بغیر خوف اور مطر کے اور اس روایت سے قول ابو الشعثا کا رد ہو گیا یعنے جو اُنہون نے کہا تھا کہ شاید یہ معاملہ شب باران کا ہوا اور امام الحرمین سے تعجب ہے کہ اُنہون نے کہا لفظ مطر متن حدیث مین وارد نہوا حالانکہ مسلم اور ترمذی مین یہ لفظ صاف مذکور ہے اور جب یہ حدیث ابن عباس کے جو بڑی دلیل ہے مجوز جمع کی بغیر تقیید باعذار تھہرے جمیع طرق سے معلوم ہو گئی تو اب معلوم کرنا چاہیے کہ لفظ

جمع کا لفظ ہیئت اجتماعیہ پر دلالت کرتا ہے اور یہ ہیئت جمع تقدیم اور جمع تاخیر اور جمع صوری تینوں میں موجود ہے مگر ایک وقت میں دو صورتوں یا تین کو شامل نہیں ہو سکتا خواہ نہ خواہ انمیں ایک ہی ہوگی اسلئے کہ فعل مثبت جمیع اقسام پر اپنے علم نہیں ہوتا جیسے کہ مختصر المنتہیٰ اور اسکے شرح میں اسپر تصریح کی ہی اور غایۃ السول میں اور اکثر کتب اصول میں مذکور ہے اور جب یہ معلوم ہوگیا تو انمیں سے کوئی جمع متعین نہیں ہو سکتا مگر بدلیل اور روایت نسائی کی صاف دال ہے کہ یہ جمع صوری تھی چنانچہ نسائی میں ابن عباس سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا نماز پڑھے ہیں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا کی جمیعا اور تاخیر کے آٹھ ظہر میں اور تعجیل کے عصر میں اور تاخیر کے مغرب میں اور تعجیل کے عشا میں اور اسکے مؤید ہی جوابی استشہار ابن عباس کے راوی سے مروی ہے کہ اُسنے ابن عباس سے کہا میں گمان کرتا ہوں کہ آپنے نماز میں تاخیر کی ہوگی اور دوسرے میں تقدیم تو انہوں نے کہا میں بھی یہی گمان رکھتا ہوں اور اسکی تائید کرتی ہے روایت ابن مسعود کی جو کہ مالک اور بخاری اور ابی داؤد اور نسائی نے اسکو نکالا ہے کہ کہا ابن مسعود نے کہ میں نے نہ دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ کبھی پڑھی ہو آپ نے کوئی نماز غیر میقات میں مگر دو نمازیں کہ جمع کیں آپنے مغرب اور عشا مزدلفہ میں اور نماز پڑھے آپنے اُسدن فجر کے قبل میقات اسلئے کہ ابن مسعود نے اسمیں مطلقاً نفی کی جمع کی اور حصر کیا جمع کو مزدلفہ میں باوجود اسکے کہ وہ جمع بالمدینہ کے رواۃ سے ہیں غرض یہ سب مؤید ہیں اس امر کے کہ جمع بالمدینہ جمع صوری تھی اور اگر حمل کریں اسکو جمع حقیقی پر تو ابن مسعود کے دونوں روایتوں میں تناقض لازم آویگا اور گریز تناقض سے جمع کی طرف حتی الامکان واجب ہے اور ابن جریر کی روایت جو ابن عمر سے مروی ہے وہ بھی اس امر کی مصرح ہے چنانچہ مروی ہے ابن عمر سے کہ نکلے ہمپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور تاخیر کرتے تھی ظہر میں اور تعجیل کرتے تھے عصر میں اور دونوں کو جمع کرتے تھے اور تاخیر کرتے تھے مغرب میں اور تعجیل کرتے تھی عشا میں اور جمع کرتے تھے اُن دونوں کو اور یہ وہی جمع صوری ہے اور ابن عمر ہی جمع بالمدینہ کے رواۃ سے ہیں غرض جمع بالمدینہ جمع صوری ہے وَوُفِّقَ خَيْرُ الْمُتَأَخِّرِ مَا قَالَ الْمُتَرْجِمُ اور کہا ابو عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے کہ جو ذکر کیا ہمنے اس کتاب میں مذہب فقہا کا اسمیں سے جو قول ہے سفیان ثوری کا تو اکثر اسمیں سے روایت کیا ہے محمد بن عثمان کوفی نے انہوں نے روایت کیے عبد اللہ بن موسیٰ سے انہوں نے سفیان سے اور بعض اسمیں سے روایت کیے ہے ابو الفضل مکتوم بن عباس ترمذی نے انہوں نے روایت کیے محمد بن یوسف فریابی سے انہوں نے سفیان سے اور جو اس کتاب میں مالک بن انس کا قول ہے تو اکثر روایت کیا ہے اسکو اسحاق بن موسیٰ انصاری نے انہوں نے معن بن عیسیٰ قزاز سے انہوں نے مالک بن انس سے اور جو اس کتاب میں ابواب متعلق ہے اسکی خبر دی ہمکو ابو مصعب نے انہوں نے روایت کیے مالک بن انس سے اور بعض کلام مالک کے خبر دی ہمکو موسیٰ بن حزام نے انکو عبد اللہ بن مسلم قعنبی نے انکو مالک بن انس نے اور جو اس کتاب میں ابن مبارک کا قول ہے وہ بیان کیا ہے احمد بن عبدہ آملی نے انہوں نے روایت کیے ابن مبارک کے اصحاب سے انہوں نے ابن مبارک سے اور بعض روایات ہمکو بواسطہ ابی کریب کے پہونچی ابن مبارک سے اور بعض بواسطہ علی بن الحسن اور بعض روایات کے ہمسے عبدان نے انہوں نے سفیان بن عبد الملک سے انہوں نے ابن مبارک سے اور بعض پہونچی ہمکو بواسطہ ابن حماد کے ابن مبارک سے اور بعض روایت کے ہمسے وہب بن زمعہ نے انہوں نے حکایۃً سے انہوں نے عبد اللہ بن المبارک سے اور عبد اللہ بن مبارک سے روایت کرنیوالی اور بھی ہیں سوا اُنکے جو ہمنے ذکر کیے اور جو اس کتاب میں امام شافعی کا قول ہے تو اکثر کے اسمیں سے خبر دی ہمکو حسن بن محمد زعفرانی نے انہوں نے روایت کیے امام شافعی سے اور جو وضو اور نماز کے باب میں ہے اسکی خبر دی ہمکو ابو الولید مکی نے امام شافعی سے اور بعض روایات پہونچی ہمکو ابو اسمٰعیل سے انہوں نے روایت کیے یوسف بن یحییٰ قرشی بوطی سے انہوں نے امام شافعی سے اور ذکر کی ابو اسمٰعیل نے اکثر جو بواسطہ ربیع کے امام شافعی سے اور کہا ابو اسمٰعیل نے کہ اجازت دی ہمکو ان چیزوں کی ربیع نے اور لکھ بھیجا ہمکو طرف اور جو اسمیں امام احمد بن حنبل اور اسحٰق بن ابراہیم کا قول ہے اسکے خبر دی ہمکو اسحٰق بن منصور نے انہوں نے روایت کیے امام احمد اور اسحٰق سے مگر جو انمیں سے مذکور ہے ابواب حج اور دیات اور حدود میں اسکو سنا نہیں اسحٰق بن منصور سے بلکہ خبر دی اسکی محمد بن یحییٰ نے الا صم نے اسحٰق بن منصور سے انہوں نے احمد اور اسحٰق سے اور بعض کلام اسحاق کے خبر دی ہمکو محمد بن فلیح نے انہوں نے روایت کیے اسحٰق سے اور بیان کر دیے ہمنے یا سانید بخوبی اس کتاب میں کہ اس کتاب میں سوا حرف معدودے چند کے جنکو ترمذی کے سوا اور اس کتاب میں علتیں حدیثوں کی اور احوال رجال کے اور تاریخ وغیرہ مذکور ہے اسکو دیا ہے میں نے کتاب التاریخ سے یعنے بخاری کے اور اکثر علل ایسے ہیں کہ میں نے خود مناظرہ کیا ہے اسمیں محمد بن اسمٰعیل بخاری سے اور بعض ایسے ہیں کہ مناظرہ کیا ہے میں نے اسمیں عبد اللہ بن عبد الرحمٰن اور ابو زرعہ سے اور اکثر چیزیں محمد بن اسمٰعیل بخاری سے لی ہیں اور کچھ تھوڑی عبد اللہ اور ابو زرعہ سے اور جو بیان کیا ہے میں نے اس کتاب میں اقوال فقہا اور علل احادیث کی تو اسکا سبب یہ ہوا کہ لوگوں نے ہمسے اسکی فرمایش کی اور کہا کہ تک ہمنے کیا پھر جب یقین

ہوا کہ اسمین لوگونکا نفع ہے تو شامل کردیا ہمنے اُسکو کتاب مین **مترجم** کہتا ہے کہ اشارہ کیا مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے اسطرف کہ حدیث رسول کے بعد ہمارے اقوال فقہا کی حاجت نہ تھی مگر اقوال فقہا اور علل احادیث کو دو سبب سے ہمنے شامل کتاب کیا ایک تو فرائض لوگونکے دوسرے علت اور احوال رجال کے بیان مین وثوق و عدم وثوق روایت کا معلوم ہوتا ہے اور اقوال فقہا کے بیانمین معلوم ہوجاتا ہے کہ کسکے قول مین خطا ہے اور مخالفت حدیث کی اور کسکے قول مین صواب ہے اور موافقت حدیث کے اور چونکہ یہ امر موجب حصول کمال بصیرت ہے اسلئے ہمنے اسکو بھی شامل کتاب کیا انتہے **اقال المترجم فرمایا مؤلف** رحمۃ اللہ علیہ نے اسلئے کہ ہمنے دیکھا کئی اماموں کو کہ اُنہون نے بکمال مشقت ایسی تصنیفین کین کہ اُنسے اگلونمین کسی نے نہ کی تہین اُنہین اماموں مین ہشام بن حسان اور عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج اور سعید بن ابی عروبہ اور مالک بن انس اور حماد بن سلمہ اور عبداللہ بن مبارک اور یحیی بن زکریا بن ابی زائدہ اور وکیع بن جراح اور عبدالرحمن بن مہدی وغیرہم اور یہ لوگ اہل علم و فضل ہین کہ تصنیف کی اُنہون نے اور اللہ تعالے نے اُنکی تصنیف مین منفعت کثیر عنایت کی اور اُنکو اللہ تعالے کی درگاہ مین اجر جزیل ثابت ہوا اسلئے کہ نفع دیا اللہ نے مسلمانونکو اُنکی تصنیف سے اور وہ پیشوا اور مقتدا ہین فن تصنیف مین اور بعضے لوگونکے خبکو حدیث کا فہم نہین اُنہون نے رجال مین گفتگو کرنے پر عیب کیا ہمنے سمجھا اپنی ناسمجھی سے کہ یہ غیبت مین داخل ہے حالانکہ ہمنے کتنے ہی ایمہ کو تابعین سے پایا کہ اُنہون نے کلام کیا ہے رجال مین کہ اُنہین مین حسن بصری اور طاؤس کلام کیا اُنہون نے معبد جہنی مین اور کلام کیا سعید بن جبیر نے طلق بن حبیب مین اور کلام کیا ابراہیم نخعی اور عامر شعبی نے حارث اعور مین اور ایسے ہی بہت سے جالمین کلام کرنا مرے ہوا ہے ایوب سختیانی اور عبداللہ بن عون اور سلیمان تیمی اور شعبہ بن حجاج اور سفیان ثوری اور مالک بن انس اور اوزاعی اور عبداللہ بن مبارک اور یحیی بن سعید قطان اور وکیع بن جراح اور عبدالرحمن بن مہدی وغیرہم سے جو اہل علم تھے کہ کلام کیا اُنہون نے رجال مین اور ضعیف کہا اُنکو اور سبب اسکا ہمارے نزدیک تو خیر خواہی تھی مسلمانونکے آگے اللہ جانے اور ان اکابر دین پر ہرگز یہ گمان نہین ہوسکتا کہ اُنہون نے لوگون پر طعن یا اُنکی غیبت کا ارادہ کیا ہو ہمارے نزدیک تو یہی بات ہے کہ اُنکا ارادہ یہی تھا کہ بیان کردین ضعف اُن لوگون کا کہ مشہور ہوجاوین تاکہ لوگ اُنکی حدیث سے احتراز کرین اور ضلالت سے بچین اور جن لوگونکا ضعف ان بزرگون نے بیان کیا ہے اُنمین سے کوئی صاحب بدعت تھا کوئی اپنے حدیث مین متہم تھا یعنے تہمت تھی کہ اسنے خود بنائی ہے یا کسی دوسرے وضاع سے لی ہے اور کوئی اصحاب غفلت اور کثیر الخطا تھا یعنے بسبب ضعف حفظ کے بھولجاتا تھا اپنے حدیث کو پس ان اماموں نے ارادہ کیا کہ اُنکا حال بیان کردین کہ اُنکو دین کا خیال بہت تھا اور ہمیشہ اُسکے درپی رہتے تھے اور بات یہ ہی کہ گواہی دین مین زیادہ تر مستحق تحقیقات ہے حقوق واموال کے گواہی ہے یعنے جب حقوق ناس اور اُنکے اموال کے گواہیون مین تزکیہ اور تحقیق گواہون کے ضرور ہوتے ہے تو رواۃ کی تحقیق جو ہمارے دین کے گواہ ہین ضرور تر ہوئی **روایت** کی ہے محمد بن اسمعیل نے اُنہون نے محمد بن یحیی بن سعید قطان سے اُنہون نے اپنے باپ سے کہا اُنکے باپ نے پوچھا اُنہون نے سفیان ثوری اور شعبہ اور مالک بن انس اور سفیان بن عیینہ سے کہ اگر کسی شخص مین تہمت یا ضعف ہو تو اُس سے ساکت رہین یا بیان کردین تو اُن سبنے جواب دیا کہ بیان کردو **روایت** کی ہے محمد بن رافع نیشاپوری نے اُنہون نے یحیے بن آدم سے کہا یحیے نے کہ لوگون نے ابی بکر بن عیاش سے کہا کہ بعضے لوگ حدیث بیان کرنے کو بیٹھتے ہین اور لوگ اُنکے پاس حاضر ہوتے ہین حالانکہ اُنکو لیاقت حدیث بیان کرنیکی نہین تو ابو بکر نے کہا کہ لوگونکا قاعدہ ہے کہ جو بیٹھے اُسکے پاس بیٹھنے لگتے ہین مگر صاحب سنت جب مرجاتا ہے اللہ اُسکا ذکر و مذکور لوگونمین جاری رکھتا ہے اور مبتدع کا کوئی ذکر نہین کرتا **روایت** کی ہے محمد بن علی بن الحسن بن شقیق نے اُنہون نے نضر بن عبداللہ بن اسم سے اُنہون نے اسماعیل بن زکریا سے اُنہون نے عاصم سے اُنہون نے ابن سیرین سے کہ ابن سیرین نے کہا کہ زمانہ سابق مین اسناد کی پوچھ کچھ نہ ہوتی تھی یعنے اسلئے کہ لوگ سچے اور عادل تھے پھر جب فتنے واقع ہوے محدثین نے اسناد پوچھنا شروع کی لیکن وہ لیلیتے ہین حدیث اہل سنت کے اور چھوڑدیتے ہین حدیث اہل بدعت کے اور **روایت** کی ہے محمد بن علی بن الحسن نے کہا اُنہون نے کہ سنا مین نے عبدان سے کہ کہتے تھے عبداللہ بن مبارک کہ اسناد میرے نزدیک دین مین داخل ہے اور اگر اسناد نہ ہوتی تو جسکا جو جی چاہتا کہہ مٹیتا اور اب جو اسناد ہی تو جب پاوے سے پوچھو کہ تجھسے کسنے بیان کیا تو وہ جاتا ہے یعنے اگر چھوڑا ہے تو مبہوت ہوجاتا ہے اور **روایت** کی ہے محمد بن علی نے اُنہون نے جبان بن موسی سے کہ کہا جبان نے عبداللہ بن مبارک کے آگے ایک حدیث مذکور پھر اُنہون نے کہا اسکی مضبوطی کے لیے اینٹون کا پشتہ درکار ہے یعنی اُنہون نے اسکی اسناد ضعیف سمجھی اور **روایت** کی ہے احمد بن عبدہ نے اُنہون نے وہب بن زمعہ سے کہ کہا وہب نے عبداللہ بن مبارک نے چھوڑدی حدیث حسن بن عمارہ کے اور حسن بن دینار اور ابراہیم بن محمد اسلمی کے اور مقاتل بن سلیمان اور

عثمان بتی یا ورح بن مسافر اور ابی شیبہ عطا عمرو بن ثابت کے اور ایوب بن خوط اور ایوب بن سوید اور نصر بن طریف ابی جنرہ اور حکم اور حبیب حکم کی اور روایت کے عبداللہ بن مبارک نے ایک حدیث حبیب حکم سے کتاب الرقاق مین پھر چھوڑ دی حبیب کو مین نہین جانتا کہا احمد بن عبدہ نے اور سنا مین نے عبدان سے کہ عبداللہ بن مبارک نے پڑہین حدیثین بکر بن خنیس کے اور آخر عمر مین جب اُن حدیثون پر گذرتے تہے اُسنے اعراض کرتے تہے اور پہر انکا ذکر کرتے تہی اور کہا احمد نے اور بیان کیا ہمسے ابو وہب نے کہ عبداللہ بن مبارک کے آگی لوگون نے ایک شخص کا نام لیا کہ وہ حدیث مین وہم کرتا تہا تو عبداللہ نے کہا اگر مین رہنمائی کرون تو بہتر ہے اس سے کہ اُس شخص سی روایت کرون اور خبر دی مجھکو موسی بن حزام نے کہا اُنہون نے کہ سنا مین نے یزید بن ہرون سے کہتے تہے کسیکو حلال نہین کہ روایت کرے سلیمان بن عمر نخعی کوفی سے اور سنا مین نے احمد بن حنبل سے کہتے تہے کہ ہم احمد بن حنبل کے پاس تہے تو ذکر کیا لوگون نے جمعہ کس پر واجب ہوتا ہی پس ذکر کیا لوگون نے قول بعض علما کا تابعین وغیرہم سے تو مین نے کہا کہ اسبارہ مین ایک حدیث ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امام احمد نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مین نے کہا ہان اور کہا مین نے روایت کیے ہمسے حجاج بن نصیر نے اُنہون نے معلک بن عرفطا سے اُنہون نے عبداللہ بن سعید مقبری سے اُنہون نے اپنے باپ سے اُنہون نے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جمعہ اُسپر فرض ہے جو راکتو لوٹکر اپنے گہر آسکے کہا احمد بن حنبل نے کہ غصہ ہوگئے اگر روایت کو سنکر امام احمد بن حنبل اور دوبار جمعہ سے کہا کہ مغفرت مانگ اللہ سے اور اُنہون نے اسلئے یون کہا کہ تصدیق نہوئی اُنکو اس روایت کے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے بسبب ضعف اسناد کے غرضکہ نجانا اُنہون نے اس روایت کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور حجاج بن نصیر ضعیف ہین حدیث مین اور عبداللہ بن سعید مقبری کو بہی بہت ضعیف کہا ہے یحیی بن سعید قطان نے غرض جس شخص سے حدیث مروی ہوا ور وہ متہم ہو یعنے کذب و وضع کے ساتہ یا ضعف ہو بسبب غفلت اور کثرت خطا کی اور اُس حدیث کا کوئی راوی نہو سوا اُسکے تو وہ قابل احتجاج نہین اور روایت کے بہت سے اماموں نے ضعیف راویون سے اور بیان کردیا ہے احوال اُنکا لوگون نے **روایت** کی ہے ابراہیم بن عبداللہ نے اُنہون نے لیے بن عبید سے کہا لیے نی کہ کہا ہمسے سفیان دیکہو کلیے سی سو لوگون نے کہا کہ تم جو روایت کرتے ہو اُس سے تو کہا اُنہون نے کہ مین پہچانتا ہون اُسکے سچ کو جہوٹ سے اور **خبر دی** ہمکو محمد بن اسمعیل نے اُنہون نے روایت کیے یحیی بن معین سے اُنہون نے عفان سے اُنہون نے ابی عوانہ سے کہا جب انتقال کیا حسن بصری نے مین نے اُنکی کلام کے خواہش کے سو ڈہونڈہنا شروع کیا مین نے اُنکے اصحاب سے سو آیا مین ابان بن عیاش کے پاس اور اُسنے جو کچہہ پڑہا سب حسن ہی سے روایت کیا یعنے جو اُس سے پوچہتے تہے حسن سے روایت کردیتا تہا اور وہ محض جہوٹا تہا کہا ابو عوانہ نے کہ پہر مین اُس سے کوئی روایت کرنا حلال نہین جانتا اور روایت کیے ہے ابان بن ابی عیاش سے کئی اماموں نے اگرچہ اُسمین ضعف اور غفلت ہے جیسا کہ بیان کیا ہے ابو عوانہ وغیرہ نی سو تو مغرور مت ہو یہہ کہ ثقہ لوگ اس سے روایت کرتے ہین یعنے بعضے ایسے تعقید اور اعتبار کے لئے ضعفا کی حدیث بہی لکہہ لیتے تہے کہ اُسمین نظر اور غور کرین گے تو اس سے اُنکا ثقہ ہونا لازم نہین آتا اسلئے کہ ابن سیرین سے مروی ہے کہ اُنہون نے کہا بعضا شخص مجہہ سے روایت بیان کرتا ہے اور مین اُسکو متہم نہین جانتا ولیکن متہم جانتا ہون اُس سے اُوپر کے راوی کو اور روایت کی کئی لوگون نے ابراہیم نخعی سے اُنہون نے علقمہ سے اُنہون نے عبداللہ بن مسعود سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم قنوت پڑہتے تہے وتر مین قبل رکوع کے ایسا ہی روایت کیا سفیان ثوری نے ابان بن عیاش سے اور روایت کیے بعضون نے ابان بن عیاش سے اسی اسناد سے مانند اسکے اور اُسمین زیادہ کیا کہ عبداللہ بن مسعود نے کہا خبر دی مجہکو میرے ہاتہ نے کہ وہ رات کو رہین نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سو دیکہا اُنہون نے اگپو کہ قنوت پڑہا آپنے قبل رکوع کے وتر مین اور ابان بن عیاش اگرچہ عبادت اور ریاضت کے ساتہ موصوف تہا مگر حدیث مین اُسکا یہی حال تہا یعنے جہوٹ بولدیتا تہا اور بہت لوگ اصحاب حفظ ہوتے ہین اور اکثر آدمی صالح ہوتے ہین مگر شہادت کے لیاقت نہین رکہتے نہ اُسکو یاد رکہتے ہین غرض جو متہم ہو کذب کے ساتہ حدیث مین یا غافل ہو یا کثیر الخطا پس لایق ہے کہ اُسکی روایت کے ساتہ مشغول نہون یہی مختار ہے اکثر ائمہ حدیث کا یعنے اُس سے روایت نکرین کیا دیکہا نہین تونے کہ عبداللہ بن مبارک ایک قوم سے اہل علم کی حدیث لی اور پہر جب اُنپر اُنکا حال کہلگیا تو چہوڑ دیا اُنسی روایت کرنا اور کلام کیا ہے بعض محدثین نے بڑے بڑے علما پر اور اُنکو ضعیف کہا ہے سو حفظ کے سبب سے اور توثیق کی ہے اُنکی بعض اہل نے بسبب جلالت شان کے اور صدق کے اگرچہ اُنسے وہم ہوگیا ہے بعض روایتون مین اور کلام کیا ہے یحیی بن سعید قطان نے محمد بن عمرو مین اور پہر اُنسے روایت بہی کی ہے **روایت** کی ہے ابو بکر عبدالقدوس بن محمد العطار نے اُنہون نے علی بن مدینی سے کہا اُنہون نے کہ پوچہا مین نے یحیی بن سعید سے حال محمد بن عمرو بن علقمہ کا تو کہا اُنہون نے کہ تو ارادہ عفو کا رکہتا ہے یا تشدید کا مین نے کہا نہین بلکہ تشدید چاہتا ہون تو اُنہون نے کہا کہ وہ اُنمین نہین ہین جنکا تو ارادہ رکہتا ہے اور وہ کہا کرتے تہی کہ اشیاخ ہمارے ابو سلمہ یعنے محمد بن عمرو اور یحیی بن عبدالرحمن بن عاطب

دی کہا یحیے بن سعید نی اور پوچھا مین نے مالک بن انس سے حال محمد بن عمرو کا سو اُنکے حق مین اُنہون نی ویسی بات کہی جو مینے کہے تہی کہا علی نے کہا یحیی بن سعید نے کہ محمد بن عمرو بہتر ہین سہیل بن ابی صالح سے اور وہ میرے نزدیک عبدالرحمن بن حرملہ سے بہی درجہ مین اوپر ہین مینے بہتر کہا علی بن مدینی نے پہر کہا مینے یحیے سی کیا دیکہا تنے عبدالرحمن بن حرملہ سے اُنہون نے کہا کہ اگر چاہو مین کہ تلقین کرون تو کر سکتا ہون مینے کہا کہ وہ تلقین کیے جاتے تہے یحیی نی کہا ہان کہا علی بن مدینی نے اور روایت مالک یحیی نے شریک سے اور نہ ابی بکر بن عیاش سے اور نہ ربیع بن صبیح سے اور نہ مبارک بن فضالہ سے **کہا ابو علی نے** نی اور یحیے نی جو اُنسے روایت لینا چہوڑ دیا تو اِس نظر سے نہین کہ وہ متہم بکذب تہے بلکہ اس نظر سے کہ اُنکا حافظہ خوب نہتا اور ذکر کیا یحیے بن سعید نے کہ اُنکا قاعدہ تہا کہ جب آدمی ایکبار اپنے حفظ سے روایت کرے ایک طور پر اور دوسری بار اور طور سے تو اُسکی کوئی روایت ثابت نجانتے تہے اور اِس سے روایت لینا چہوڑ دی تہی اور جن لوگون سے یحیے بن سعید قطان نے روایت لینا چہوڑ دیا اُن سے عبدالرحمن بن مبارک اور وکیع بن جراح اور عبدالرحمن بن مہدی وغیرہ اور امامون نے روایت کی ہے اور اِسیطرح کلام کیا ہی بعض محدثین نے سہیل بن ابی صالح اور محمد بن اسحاق اور جعفر بن سلمہ اور محمد بن عجلان اور اُنکے مانند اور لوگون سے اُنکے قلت حافظہ کے سبب سے اُنکی بعض روایتون سے اور بہر اُنسے روایت کیے **مترجم** خلاصہ یہ کہ مولف رحمۃ اللہ علیہ نے اِسطرف اشارہ کیا کہ رواۃ دو قسم ہین ایک وہ کہ متہم بکذب ہین اُنسے تو روایت نہ لینا چاہیے اور دوسرے وہ کہ متہم بکذب نہین ہین صدوق ہین مگر اُنکے حافظہ مین کچہہ فرق ہے اُنسے لوگون نے روایت لی ہی ہے اور اُنکا سوء حفظ بہی بیان کر دیا ہے انتہے یا قال المترجم **قال المؤلف رحمۃ اللہ علیہ روایت کی ہے** حسن بن علی علوانی نی اُنہون نے علی بن مدینی سے کہ کہا سفیان بن عیینہ نے ہم سہیل بن صالح کو ثبت جانتے تہے حدیث مین **روایت** کی ہے ابن ابی عمر نے کہ کہا سفیان بن عیینہ نی محمد بن عجلان ثقہ تہی امون نے حدیث مین اور کلام کیا ہے یحیی بن سعید قطان نے ہمارے نزدیک محمد بن عجلان کے روایت مین جو اُنہون نے سعید مقبری سے روایت کی ہے چنانچہ **روایت** کی ہے ابوبکر بن علی بن عبداللہ نے اُنہون نے کہا کہا یحیے بن سعید نی محمد بن عجلان کے حدیثین سعید مقبری کی روایت سے بعضے تو ایسے ہین کہ محمد بن عجلان نے سعید سے روایت کی ہین اُنہون نے ابی ہریرہ سے اور بعضے ایسے ہین کہ سعید سے روایت کیے ہے اور اُنہون نے روایت کیے ایک مرد سے اُنہون نے ابوہریرہ سے تو کہا محمد بن عجلان نے کہ دونون قسم کے حدیثین گڈمڈ ہوگئین تو مینے سب حدیثون کو مسند کر دیا سعید سے اُنہون نے روایت کیے ابوہریرہ سے **مترجم** غرض مولف کے یہ ہے کہ یحیے بن سعید قطان نے جو محمد بن عجلان پر طعن کیا سبب اُسکا یہ تہا کہ اُنہون نے کہا مینے پس دو قسم کے حدیثین تہین ابوہریرہ کے ایک مین فقط سعید کا واسطہ تہا دوسرے مین سعید اور ابوہریرہ کے بیچمین ایک اور راوی تہا اور جب وہ دونون قسم مجہہ پر مشتبہ ہوگئین تو مین بہجکو ابوہریرہ سے فقط بوسطہ سعید روایت کرنے لگا اِسلیے اگے یہہ مولف اِسکی تصریح فرماتے ہین انتہے **قال المؤلف** غرض میرے نزدیک یحیے بن سعید کا طعن ابن عجلان پر اِسی سبب سے ہوا اور باوصف اِسکے روایت کے ہین یحیے ابن عجلان سے بہت حدیثین اور اِسیطرح جنسے کلام کیا ہے اِلی لیلی مین تو فقط سوء حفظ کے سبب سے کہا علی نے کہ کہا یحیے بن سعید نے روایت کی شعبہ نے ابن ابی لبابہ سے اُنہون نے اپنے بہائی سے جو عیسے ہین اُنہون نے عبدالرحمن بن ابی لیلی سے اُنہون نے ابی ایوب سے اُنہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے جینیک کے باب مین کہا یحیے نی کہ پہر ملا مین ابن ابی لیلی سے تو روایت کیے اُنہون نے اپنے بہائی عیسے سے اُنہون نے عبدالرحمن بن ابی لیلی سے ہی اُنہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا ابو عیسے نی اور ابی لیلے کے روایتون مین اکثر ایسا ہوتا ہے کہ وہ کبہی کچہہ روایت کرتے ہین کبہی کچہہ بغیر ہساوے اور فقط نقصان حفظہ کے سبب سے اِسلیے کہ اکثر سلف کے لوگ حدیث نہ لکہتے تہے اور جسنے لکہی تہی تو بعد سماع کے لکہی **مترجم** غرض کہ عدم کتابت حدیث جب ہوتے تہے ایسی مفاسد کا بیسے نی لیلی کے ایکبار کے روایت مین ابی ایوب کا نام لیا ایکبار علی کا اور کتابت بہی کہین ہوتی تہی تو بعد سماع کے **قال المؤلف** اور سنا مینے احمد بن حنبل سے کہتے تہے سنا مینے احمد بن حنبل سے کہتے تہے ابن ابی لیلی اُنمین ہین جنکی روایت قابل احتجاج نہین اور ایسا ہی ہے کلام اُن علما کا جنہون نے کلام کیا ہے مجاہد بن سعید اور عبداللہ بن لہیعہ وغیرہما مین کہ کلام کیا اُنہون نے اُنمین بسبب سوء حفظ کے اور بہت کثرت غلطی کے اور روایت کی ان لوگون سے کتنے ہے امامون نے نہ اِس لیے راوی جب متفرد ہون کسی روایت کے ساتہ اور اُسکا کوئی تابع نہو تو وہ قابل احتجاج نہین ایسا ہی کہا احمد بن حنبل نے کہ ابن ابی لیلی کے روایت قابل احتجاج نہین اور مراد اِس سے وہی روایت ہے جو کہ اِنفرد ابن ابی لیلی روایت کرین اور اُنکا متابع کوئی نہو اور سب سے زیادہ وجہ ضعف اور عدم احتجاج کی اُنکے روایت مین ہے جو اسناد یا درنکے اور اسناد مین کبہی بڑہا دی یا گہٹا دی یا اسناد بدل دی یعنے ایک حدیث کی اسناد دوسرے مین لگا دی یا متن مین ایسا تغیر کر دی کہ جس سے معنون مین فرق آجاے پس اُسکی روایت ہرگز قابل احتجاج نہین اور جو شخص اسناد کو برابر بیان کرے اور اُسکو یاد رکہے اور کسی ایسی لفظ مین تغیر کرے جس سے معنون مین تغیر نہو تو اہل علم کے نزدیک

کچھہ مضایقہ نہین **مترجم** یہان تصریح کی مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے کہ روایت بالمعنے جایز ہے اور ایسے تغیر سے جس سے معنون مین فرق نہ آوی روایت مین طعن نہین وارد ہوتا تفصیل اسکے یہ ہے کہ راوی دو حال سے خالی نہین یا واقف ہے الفاظ کے مدلولات سی اور اُنکے مقاصد سے اور خبر نہین رکھتا اُنکے معانی اور محال کے اور معرفت کامل نہین اُسکو مصادیق الفاظ کی پس جایز نہین اُسکو روایت بالمعنی بالاتفاق اور ضرور ہے اُسکو کہ وہی لفظ کہے جو سنا ہے اور دوسرا وہ ہے کہ ان سب سے واقف ہے تو ایک گروہ اصحاب حدیث اور فقہ اور اصول کا اشرف گیا ہے کہ اُسکو بھی روایت بالمعنے جایز نہین اور ابن سیرین اور ثعلب اور ابو بکر رازی حنفیہ سی اشرف گئے ہین اور مروی ہے یہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور جایز کہا ہے بعض نے اسکے لئے روایت بالمعنی کو اور جمہور سلف و خلف نے کہ ائمہ اربعہ بھی اُنمین سے اسکا جواز بیان فرمایا ہے اور مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی قول ہے اور احوال صحابہ اور سلف مین غور کرنے سے اسکے جواز مین کسیطرح کا شک اور شبہ نہین رہتا ہے اسلئے کہ وہ قصۂ واحدہ کو الفاظ مختلفہ مین روایت کرتے تھے اور اس مسئلہ خاص مین ایک حدیث مرفوع بھی وارد ہوئی ہے کہ ابن مندہ نے معرفۃ الصحابہ اور طبرانی نے کبیر مین عبداللہ بن سلیمان بن الکتمۃ اللیثی سے روایت کیے ہے کہ انہون نے عرض کی یارسول اللہ مین آپ سے بہت حدیثین سنتا ہون اور یہ نہین ہو سکتا کہ جیسی آپ سے سنون ویسی ہی ادا کرون بلکہ اُنمین کوئی حرف بڑھ جاتا ہے کوئی حرف گھٹ جاتا ہی سو فرمایا آپنے کہ جب کسی حلال کو حرام نہ بناوے اور کسی حلال کو حرام نہ کردے اور پہونچ جاوے معنے کو تو کچھہ مضایقہ نہین یعنے ایسا تغیر جس سے معنون مین فرق نہ آوی اور تحلیل حرام اور تحریم حلال لازم نہ آوی روایت مین کچھہ قدح نہین کرتا اور بیان کی گئی یہ روایت حسن ہے تو اُنہون نے کہا اگر یہ حدیث نہوتی تو ہم لوگ روایت ہی نہ کرتے اور استدلال کیا ہے امام شافعی رحمۃ نے اسکے جواز پر انزل القرآن علی سبعۃ احرف فاقرؤا ما تیسر منہ سے اور کہا کہ جب اللہ کی رحمت اور رافت کا تقاضا یہ ہوا کہ اپنی کتاب کو سات لفظون پر اتارا اور اُسمین ایسی تغیر جایز کی کہ جسمین معنون مین فرق آوی تو غیر قرآن اُسکے جواز کے لئی اولی ہے اور بیہقی نے بطول سی روایت کیا کہ اُنہون نے کہا داخل ہوا مین ابو الدرداء اور واثلہ بن الاسقع پر اور کہا ہمنے کہ ای ابا الاسقع ہمسے ایسی حدیث روایت کرو کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے تمنے سنی ہو اور نہ اُسمین وہم ہو نہ زیادت نہ نسیان سو اُنہون نے کہا کہ تم مجھ سے کیسکو قرآن یاد ہے ہمنے کہا ہان پڑہا تو ہے ہمنے قرآن مگر خوب یاد نہین بلکہ بڑہا دیتے ہین ہم کہین واد کو کہین الف کو اور کہین کہٹا دیتے ہین تب اُنہون نے کہا کہ قرآن تمہارے درمیان لکہا ہوا موجود ہے اور اُسکو تم یاد نہین کر سکتے بلکہ تم کہتے ہو کہ ہمسے اُسمین کچھہ زیادت اور نقصان ہو جاتا ہے پہر پہلی حدیث کا حال دیکھو کہ وہ تو ہمنے سنی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور بعض حدیث ایکہی مار سنی پس تم اسی کو کافی سمجھو کہ ہم روایت بالمعنے کرتے ہین اور مثل مین جابر بن سے مروی ہے کہ حذیفہ نے کہا ہم عرب لوگ ہین پہر بدل کرتے ہین ہم باتونکو اور مقدم و موخر کر دیتے ہین اور شعیب بن الحجاب سے مروی ہے کہ اُنہون نے کہا داخل ہوا مین اور عبدان جسن پر اور کہا ہمنے کہ ای ابا سعید آدمی ایک حدیث بیان کرتا ہے اور اُسمین کچھہ کمی بیشی ہو جاتی ہے اُنہون نے کہا جو قصداً ایسا کرے وہ کذاب ہے اور عریر بن حازم نے کہا سنا مین نے حسن کو کہ وہ بہت حدیثین بیان کرتے تہے کہ مضمون اُسکا ایک ہوتا تہا اور کلام مختلف اور ابن عون نے کہا کہ حسن اور ابراہیم شعبی روایت بالمعنے کیا کرتے تہے اور ابی ادریس نے کہا پوچہا ہمنے زہری سے تقدیم و تاخیر حدیث کو اُنہون نے کہا یہ تو قرآن مین جایز ہے پہر حدیث مین کیون نہ روا ہوگی اور جب تو معنے حدیث پر واقف ہو جاوے اور کسی حرام کو حلال نہ بناوی اور نہ کسی حلال کو حرام تو اُسمین کچھہ مضایقہ نہین اور یہ نقل بالمعنے سماع مین جایز ہے نہ مصنفات مین اگرچہ لفظ متغیر بالکل ہم معنے ہو قطعاً اور راوی بالمعنے کو ضرور ہے کہ آخر روایت مین کہدے کہ اسیکے مانند ہے یا شبیہ یا قریب ہے الفاظ اور اکثر صحابہ کا یہ قاعدہ تہا حالانکہ وہ سب سے زیادہ جاننے والی تہے معانی کلام کو اور اہل لسان تہے چنانچہ ابن ماجہ اور حاکم اور احمد نے ابن مسعود سے روایت کیا ہے کہ اُنہون نے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فاغرورقت عیناہ و انتفخت پہر کہا کہ حضرت نے یہ فرمایا یا اسکے مانند و شبیہ اسکے اور مسند دارمی وغیرہ مین ہے کہ ابی الدرداء کی عادت تہی کہ وہ جب حضرت سے کچھہ روایت کرتے تہی اُسکے بعد نحوہ او شبہہ کہتے تہے اور ابن ماجہ مین انس بن مالک سی مروی ہے کہ اُنہون نے حضرت سے کچھہ روایت کی پہر گہبرا کے اور کہا ایسا ہی ہے یا جیسا فرمایا ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انتہی کذا فی التدریب کہا مؤلف رحمۃ اللہ علیہ **روایت** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُنہون نے عبدالرحمن بن مہدی سے اُنہون نے معویہ بن صالح سے اُنہون نے علاء بن حارث سے اُنہون نے مکحول سے اُنہون نے واثلہ بن اسقع سے کہ کہا اُنہون نے کا ذبہ ہے تکو ہمارے روایت بالمعنے اور **روایت** کی ہمسے یحیے بن موسی نے اُنہون نے عبدالرزاق سے اُنہون نے معمر سے اُنہون نے

ایوب سے اُنہوں نے محمد بن سیرین سے کہا کہ محمد بن سیرین نے مین سنتا ہون حدیث کو وہ الفظون مختلف سی کہ معنی اُسکے ایک ہی ہوتے ہین اور **روایت** کی ہے احمد بن منیع نے اُنسے محمد بن عبداللہ انصاری نے اُنہون نے ابن عون سے کہا ابن عون نے کہ ابراہیم نخعی اور حسن اور شعبی حدیثونکو بالمعنے روایت کیا کرتے تھے اور قاسم بن محمد اور محمد بن سیرین اور رجاء بن حیوۃ اعادۂ حدیث کیا کرتے تھے اُنہین حروف پر جو سے پہلے بیان کیا تہا **روایت** کی ہے علی بن خشرم نے اُنسے حفص بن غیاث نے اُنہون نے عاصم احول سے کہا عاصم نے کہ کہا مین نے ابی عثمان نہدی سے کہ آپ ایکبار ایک حدیث ہمسے بیان کرتے ہین پہر اُسکو دوسرے بار اور طرح بیان کرتے ہین تو اُنہون نے کہا اختیار کرو تم سماع اول کو روایت کی ہے جارود نے اُنسے وکیع نے اُنسے ربیع بن صبیح نے اُنسے حسن نے کہا حسن نے جب معنی حدیث ثابت ہوے تو کافی ہے یعنے تتبع الفاظ ضرور نہین **روایت** کی ہے علی بن حجر نے اُنسے عبداللہ بن مبارک نے اُنہون نے سیف سے کہ وہ بیٹے ہین سلیمان کے کہا سیف نے سنا مین نے مجاہد سے کہ حدیث مین سے تو چاہے تو کچھ گہٹا دے مگر بڑہا مت یعنے گہٹانے مین کچھ نقصان نہین کہ دوسرا راوی اُسے بیان کردیگا یا تو ہی دوسرے وقت بیان کرسکتا ہے مگر اپنے طرف سے بڑہانے مین تو بڑا نقصان ہے **مترجم** اشارہ کیا مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت سے اسطرف کہ روایت کرنا بعض حدیث کا دون بعض جایز ہے یعنے ایک ہی حدیث مین سے راوی ایک ٹکڑا بیان کرے اور ایک نہین اور اسمین کئی مذہب ہین محدثین کے بعضون نے تو اسکو مطلقاً منع کیا ہے بنا علے منع الروایۃ بالمعنے اور بعضون نے اسکو جایز کہا ہے اگرچہ روایت بالمعنے اُنکے نزدیک جایز ہے مگر عدم جواز کے اُسوقت قایل ہوے ہین کہ اس روایت کو اُسی راوی نے یا کسی اور نے قبل اسکے تمامہ بیان کیا ہو اور اگر ایکبار اُسنے یا اور کسی راوی نے پورا بیان کردیا ہے تو روا ہی کہ پہر دوبارہ اُسکا ایک ہی ٹکڑا بیان کرین اور بعضون نے مطلقاً جایز کہا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ اسمین تفصیل ہے اور عارف حدیث کو روایت بعض کی اور ترک بعض کی روا ہے جب خبر متروک غیر متعلق بخبر مزوی ہو اور خبر مزوی مین ایسا علاقہ نہو کہ جز متروک کے ترک سے اختلال معنے کا لازم آوے مثلاً جزو متروک استثنا رہو یا شرط ہو غرض اُسکے ترک سے دلالت مزوی مین کچھ فرق نہ آوے تو حذف اُسکا جایز ہے اور جواز اُسکا بدیہی ہے جیسے اسکے خلاف مین عدم جواز فرض کیا ہے اور اسیطرح تقطیع حدیث کے ابواب متفرقہ مین جیسے محدثین کا دأب ہے اقرب الی الصواب ہے کذا فی التدریب انتہی ماقال

المترجم **قال المؤلف** رحمۃ اللہ علیہ **روایت** کی ہے ابو عمار حسین بن حریث نے اُنسے زید بن حباب نے اُنہون نے اکمدے کہ کہا اُسنے کہ لکھے ہمارے طرف سفیان ثوری رضی اللہ عنہ کہا اگر مین تمسے کہون کہ جیسا مین نے سُنا ہے بعینہ ویسا بیان کرتا ہون تو ہرگز تم سچ نجانو حقیقت مین وہ ملکے منے ہین **روایت** کی ہے حسین بن حریث نے کہا سنا مین نے وکیع سے کہتے تہے کہ اگر معنے مین وسعت نہ ہوتی تو لوگ ہلاک ہوجاتے یعنے سد باب روایت لازم آتا اور علم منقول بالکل اُٹہہ جاتا اور تفاضل علما کا حفظ و اتقان اور ثبت عند السمع کی جہت سے ہی اگرچہ اکثر ایسے باوجود حفظ کے خطا و غلط سی نہین بچے **روایت** کی ہے محمد بن حمید رازی نے اُنہون نے جریر سے اُنہون نے عمارہ بن تعقاع سی اُنہون نے کہا کہ کہا مجہے ابراہیم نخعی نے جب روایت کرے تو تو روایت کر ابو زرعہ سے جو بیٹے ہین عمرو بن جریر کے اسلئے کہ اُنہون نے مجہسے ایک حدیث بیان کی پہر پوچہی مین نے اُنسے دو برس بعد تو بیان کردی اُنہون نے اور نہ گہٹایا اُسمین سے ایک حرف **روایت** کی ہے ابوخضر عمرو بن علی نے اُنہون نے یحیی بن سعید قطان سے اُنہون نے سفیان سے اُنہون نے منصور سے کہا منصور نے کہ کہا مین نے ابراہیم سی سالم بن ابی الجعد کی حدیث تمسے زیادہ پوری کیون ہوتی ہے اُنہون نے کہا اسلئے کہ وہ لکھتے تہے **روایت** کی ہے عبدالجبار نے اُنہون نے سفیان سے اُنہون نے کہا کہا مجہسے عبدالملک بن عمیر نے کہ مین جب حدیث لیتا ہون تو نہین سے ایک حرف نہین چہوڑتا **روایت** کے ہے حسین بن مہدی نے اُنہون نے عبدالرزاق سے اُنہون نے معمر سے کہا کہ کہا قتادہ نے نہین سنی میرے کانون نے کوئی بات کہ یاد رکہا ہو اسکو میرے دل مین **روایت** کی ہے سعید بن عبدالجلیل مخرمی نے اُنہون نے سفیان بن عیینہ سی اُنہون نے عمرو بن دینار سے کہ کہا اُنہون نے کسیکو نہ دیکہا مین نے خوب بیان کرنیوالا حدیث کا زہری سے **روایت** کی ہے ابراہیم بن سعید جوہری نے اُنہون نے سفیان بن عیینہ سے کہ کہا ایوب سختیانی نے مین کسیکو اہل مدینہ سے علم حدیث مین بعد زہری کے یحیی بن کثیر سے بڑہکر نہین جانتا **روایت** کی ہے محمد بن اسمٰعیل نے اُنہون نے سلیمان بن حرب سے اُنہون نے حماد بن زید سے کہ کہا اُنہون نے ابن عون سے حدیث بیان کرتے تہے پہر جب مین اُنسے بروایت ایوب اُسکے خلاف بیان کرتا تہا تو اپنے روایت چہوڑدیتے تہے اور مین کہتا تہا کہ تم تے تو یون ہی سُنی ہے تو وہ کہتے تہے کہ ایوب ہم سے زیادہ جاننے والی ہے محمد بن سیرین کی حدیث کو **روایت** کی ہے ابوبکر نے اُنہون نے علی بن عبداللہ سے کہ اُنہون نے کہا یحیی بن سعید سے کہ مشہام دستوائی اور سعر من کون زیادہ ثبت ہے تو اُنہون نے کہا سعر سب لوگون سے زیادہ ثبت ہین **روایت** کی ہے ابوبکر عبدالقدوس بن محمد نے اور روایت کی مجہسے ابوالولید نے کہا سنا مین نے

حماد بن زید سے کہ کہتے تھے شعبہ نے مجھے جس روایت مین خلاف کیا مین نے اُسکو چھوڑ دیا یعنے شعبہ کے اعتماد پر کہا ابوبکر نے اور روایت کیے مجھے ابوالولید نے کہ کہا مجھے حماد بن سلمہ نے کہ اگر تو حدیث کا ارادہ رکھتا ہے تو لازم کر صحبت شعبہ کی **روایت** کی ہمسے عبد بن حمید نے اُنہون نے ابوداؤد سے کہا کہ کہا شعبہ نے نہین لی مین نے کسی سے کہ نگیا ہو مین اُسکے پاس ایکبار سے زیادہ اور نہین لین مین نے کسی سے دس حدیثین کہ نگیا ہو مین اُسکی خدمت مین دس بار سے زیادہ اور جس سے لین مین نے پچاس تیس حاضر ہوا مین اُسکے پاس پچاس بار سے زیادہ اور جس سے لین مین نے سو حدیثین اُسکے پاس گیا مین سو یا سی زیادہ مگر جہان کوفی بارقی سی مین نے یہ حدیثین سنی تھین اور پھر دوبارہ جو گیا مین اُنکے پاس تو وہ انتقال کر چکے تھے اور یہہ نہایت قدردانی تھی حدیث کی **روایت** کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے اُنہون عبداللہ بن ابی اسود سے اُنہون نے ابن مہدی سے کہا کہ سُنا مین نے سفیان سے کہتے تھے کہ شعبہ امیرالمؤمنین ہین حدیث مین **روایت** کی ہمسے ابوبکر نے اُنہون نے علی بن عبداللہ سے اُنہون نے کہا سنا مین نے یحیے بن سعید سی کہتی تھی کوئی زیادہ پیارا نہین مجھے شعبہ سی اور میرے نزدیک اُنکے برابر کوئی نہین اور جب سفیان اُنکا خلاف کرتے ہین تو مین سفیان کے قول پر اعتماد کرتا ہون اور کہا مین نے یحیے سی کون ان دونو مین طویل حدیث کو خوب یاد رکھنے والا ہے سفیان یا شعبہ تو اُنہون نے کہا شعبہ زیادہ قوی تھے اسبارہ مین اور کہا یحیی بن سعید نے شعبہ سب سے زیادہ واقف تھی احوال رجال سے اور خوب جانتے تھے کہ یہ فلان سے مروی ہے اور اُسنے فلان سے روایت کیے ہے اور سفیان صاحب ابواب ہے **روایت** کی ہمسے ابوعمار حسین بن حریث نے کہا سنا مین نے وکیع سی کہتے تھے کہا شعبہ نے کہ سفیان مجھے یاد حافظہ کرتے ہین اور جب مین نے کسی حدیث کو سفیان سے پوچھا تو اُنہون نے ویسی ہے بیان کی جیسے اُنکے شیخ فی مجھ سے بیان کی تھی اور سنا مین نے اسحق بن موسے انصاری سے کہا سنا مین نے معن بن عیسے سی کہتے تھی مالک بن انس تشدد رکھتے تھے یعنی احتیاط کرتے تھے اور تے کی اور مانند اسکے یعنی اتنی ہی تحقیقات چھوڑتے نہ تھے **روایت** کی ہمسے ابوموسے نے اُنہون نے ابراہیم بن عبداللہ بن قریم انصاری سے جو قاضی تھی مدینہ کے کہا کہ گذری ہمارے پاس عبدالرحمن بن انس ابی حازم پر اور وہ بیٹھی حدیث بیان کر رہے تھی پس نہ ٹھہرے امام مالک اور چلے گئے لوگون نے اسکا سبب پوچھا تو کہا کہ ہان بیٹھنے کے جگہ نہ تھی اور کراہت جانا مین نے کہ یون حدیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لپٹے کہڑے سے **مترجم** اشارہ کیا مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت سے آداب محدث کیطرف جو اُسکو طلب حدیث اور اخذ روایت کے وقت ضرور مین اُسی مین سے ہے بیٹھکر سماع کرنا حدیث کا اسلئے کہ کھڑے ہونے مین بخوبی تیقظ اور حفظ اور قدرت کامل سماع پر نہین ہوتے اور اخلاص نیت اللہ کے واسطے اُسکی طلب مین اسلئے کہ ابوہریرہ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کسی ایسے علم کو سیکھے کہ جس سے طلب کیجاتی ہے رضامندی اللہ کے اور نہ سیکھے اُسکو مگر اسلئے کہ پاوے کچھ چیز دنیا کی نہ پاویگا وہ ہرگز بو جنت کی اور عمدہ وجہ حصول نیت خالصہ کے یہ ہے جو مروی ہوئی عمرو بن نجید سی کہ اُنہون نے پوچھا ابوجعفر بن حمدان سے کہ مین کس نیت سی حدیث لکھون اُنہون نے کہا تم جانتے نہین کہ صالحین کے ذکر کے وقت رحمت اُترتی ہے اُنہون نے کہا ہان ابوجعفر نے کہا پھر رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم تو سردار ہین سب نیکون کے اور ضرور ہے طالب توفیق اور تسدید اور تیسیر کے اللہ جل جلالہ سے اور ضرور ہے استعمال اخلاق جمیلہ اور عادات رضیہ اور خصائل سجیہ کا اور ضرور ہے افراغ جہد اُسکے تحصیل مین اور غنیمت جاننا اُسکے امکان کو چنانچہ ابی ہریرہ سے مروی ہے کہ حریص رہ اُسکے طلب پر جو تجھے نفع دے اور اللہ سے مدد مانگ اور عاجز مت ہو اور پہلے سماع کرے اپنی ارجح شیوخ بلد سے اسناداً اور علماً اور شہرۃ اور دیناً اور جب اُنسے فارغ ہو تو سائر بلدان کو رحلت کرے اور ہر جگہہ اسانید عالیہ طلب کرے اور لقا و حفاظ اور اُنکے مذاکرہ اور استفادہ پر حریص رہے چنانچہ جابر رضی اللہ عنہ کے رحلت مدینہ سے شام تک ایک حدیث کی لئے مشہور ہے اور حضرت موسی علیہ السلام کے رحلت حضرت خضر کے طلب مین حصول علم کے لئے قرآن مذکور ہے ابراہیم نخعی نے کہا ہے کہ اللہ تعالی نفع کرتا ہے بلد کو اس بلد سے اصحاب حدیث کی سفر سے اور نہایت حرص علم کے باعث ہو اُسکو تساہل کے تحمل حدیث مین کہ متروک ہو جاوین اس سے بعض شروط تحمل کے اور یہ بھی ضرور ہے کہ احادیث عبادات اور فضائل اعمال کے جو سنی اُسپر کچھہ عمل بھی کرے کہ یہ نکو تو ہے ان حدیثونکی اور سبب ہے انکے یاد رہنے کا بشر حافی نے کہا ہے کہ اہل اصحاب حدیث اذکر نکو حدیث کی عمل کرو دو سو حدیث مین سے یا پانچ حدیث پر یعنے جیسے دو سو درہم مین پانچ درہم زکوۃ واجب ہوتی ہے ایسے دو سو حدیثون سے پانچ پر تو عمل کرو اور احمد بن حنبل سے مروی ہے کہ اُنہون نے کہا نہ لکھے مین نے کوئی حدیث کہ عمل نکیا مین نے اُسپر یہانتک کہ پہونچا مجھکو کہ حجامت کیے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ابوطیبہ نے اور عنایت کیا آپنے اُنکو لیک دینار سو مین نے بھی حجامت کروائی اور حجام کو ایک دینار دیا اور حجامت سے مراد پچھنے لگانا ہے اور ضرور ہے طالب حدیث کو کہ تعظیم کرے اپنے شیخ کی اور جس سے حدیث سنی اسلئے کہ مین اجلال ہے علم کا اور سبب ہے اُس سے منتفع ہونیکا چنانچہ عمیر

مذکور ہے کہ ہم ابراہیم اپنے شیخ سے ڈرتے تھے جیسے کوئی حاکم سے ڈرتا ہے اور بخاری نے کہا ہمنے یحیے بن معین سے بڑھکر کسیکو مدیکھا کہ تعظیم کرتا ہو محدثین کے اور حدیث میں سے تو انتسموا لمن تعلمون منہ رواہ البیہقی مرفوعا من حدیث ابیہریرۃ وضعفہ قال الصحیح وقفہ علی عمر اور اعتقاد کرے جلالت شیخ کا اور اسکے رجحان کا غیر سا اور طالب رہے اسکی رضا کی اور زیادہ طلب نکرے اس سے کہ تھکاوے اسکو بلکہ قناعت کرے اسپر فصاعدہ روایت کرے اس سے اور اپنے شیخ سے مشورہ لے اپنے امور میں اور شیخ کو ضرور ہے کہ خیرخواہی اور بذل نفع کرے اسکے واسطے اور جب فارغ ہوجاوے تلمیذ اسکا اسکے روایت کے سماع سے تو ضرور ہے شیخ کو کہ اپنی سے اصل کیطرف ہدایت کرے تاکہ علم طلبکا کامل مواد افادہ بشر احادیث کا کامل ہو اور حیا اور کبر ہرگز مانع نہو اسکو علم کے طلب کرنے سے اور تلمذ سے اس شخص کے جو اون ہو نسب اور سن وغیرہ میں اسلئے کہ مجاہد سے مروی ہے کہ علم حاصل نہیں کرتا مستحیی نہ مستکبر اور صبر کرے جفا کے شیخ پر اور اعتنا کرے مہم وضروری کی ساتھ اور فخر وغرور نکرے استکثار پر اور لکھے اور سماع کرے کتاب وخبر کو بالاستیعاب اور انتخاب کا ارادہ نکرے خلاصہ مافی التدریب انتہی ماقال المترجم **قال المولف** روایت کی ہمسے ابوبکر نے انہوں نے علی بن عبد سے کہا سنا میں نے کہ کہا یحیی بن سعید نے مالک کے روایت جو سعید بن مسیب سے مروی ہے مجھے زیادہ پیارا ہے اس سے جو بواسطہ سفیان ثوری کے ابراہیم نخعی سے مروی ہے پھر کہا یحیی نے قوم میں کوئی شخص حدیث میں زیادہ معتبر نہیں مالک بن انس سے اور مالک امام تھے حدیث میں سنا میں نے احمد بن حسن سے کہتے تھے سنا میں نے احمد بن حنبل سے کہ کہتے تھے نہیں دیکھا میں نے کسیکو یحیے بن سعید قطان کے برابر اور کہا احمد بن حسن نے کہ کہسنے پوچھا احمد بن حنبل سے وکیع اور عبدالرحمن بن مہدی کو تو انہوں نے فرمایا کہ وکیع اکبر میں قلب میں اور عبدالرحمن امام میں سنا میں نے محمد بن عمرو بن نبہان بن صفوان ثقفی بصرے سے کہتے تھے سنا میں نے علی بن مدینی کو کہتے تھے اگر میں چاہوں تو قسم کہا سکتا ہوں رکن اور مقام کے بیچ میں کہ کسیکو نہ دیکھا میں نے علم میں زیادہ عبدالرحمن بن مہدی سے **کہا ابو عیسے** نے اور کلام اس مقام میں اور روایت اہل علم سے بہت ہی اور بیان کیا ہے کچھ تھوڑا سا اسمیں سے بطور اختصار کے تاکہ سند لال کیا جاوے اس سے منازل علما اور تفاضل فضلا پر کہ بعض انمیں بعض سے افضل تھے حفظ واتقان میں اور جنمیں کلام کیا ہے علمانے تو کس وجہ سے کلام کیا ہے **مترجم** غرض کہ یہانتک احوال تھے رجال کے خواہ ثقہ ہوں یا ضعیف اور ضعفا کا سوء حفظ کے سبب سے ہوتا ہے سوا رسبب سے اور اسکو اصطلاح محدثین میں جرح وتعدیل کہتے ہیں اور تفصیل اسکے اور کتب مطولہ میں اس فن کے موجود ہے اور وہ جزء عظیم ہے فن حدیث کا کہ معلوم ہوتا ہے اسی سے حال قوت وضعف روایات کا اور وجوہ ترجیح بعض کے بعض پر اور وثوق عدم وثوق احادیث کا انتہی ماقال المترجم **کہا مولف** رحمۃ اللہ علیہ نے اور قرارت عالم کے سامنے جب اسکو حفظ موجود چنانچہ کہ پڑہی جاتی ہے یا حفظ نہو تو اسکے اصل کو دیکھ رہا ہو جسنے جسکے نقل پڑہی جاتی ہے صحیح ہے نزدیک اہل حدیث کے چنانچہ **روایت** کی ہمسے حسین بن مہدی البصری نے انہوں نے عبدالرزاق سے انہوں نے ابن جریج سے کہا کہ پڑہا میں نے عطاء بن ابی رباح کے آگے اور اسنے کہا کہ میں اسکو کیونکر روایت کروں انہوں نے کہا کہ یہ روایت کے ہمسے اسکے عطاء بن ابی رباح نے اور **روایت** کی ہمسے سوید بن نصر نے اسنے علی بن حصین نے اسنے ابی عصمہ نے انہوں نے یزید نحوی سے انہوں نے عکرمہ سے کہ چند لوگ ابن عباس کے پاس آئے اہل طائف سے ایک کتاب لیکر انکی کتابوں میں سے ابن عباس پڑہنے لگے اسپر تقدیم وتاخیر اور کہا انہوں نے کہ میں تو بھائی اس مصیبت سے عاجز آگیا سو تم لوگ پھیر آگے پڑہو کہ میرا اقرار ایسا ہے جیسا میرا پڑہنا تمہارے آگے اور **روایت** کی ہمسے سوید نے انسے علی بن حصین بن واقد نے اپنے باپ سے انہوں نے منصور بن معتمر سے کہا کہ جب دی کتاب آدمی نے اپنی دوسرے کو اور کہا کہ مجھے روایت کر اسکو تو اسی جائز ہے کہ اس سے روایت کرے اور سنا میں نے محمد بن اسمعیل سے کہتے تھے پوچھا میں نے ابوعاصم نبیل سے ایک حدیث کو تو کہا انہوں نے تم پڑہ جاؤ اس حدیث کو میرے آگے تو میں نے چاہا کہ دیکھوں پھر میرے آگے تو انہوں نے کہا تم شیخ کے آگے تلمیذ کا پڑہنا روا نہیں کہتے تھے حالانکہ سفیان ثوری اور مالک بن انس اسکو روا رکھتے تھے **روایت** کی ہمسے احمد بن حسن نے انسے یحیی بن سلیمان جعفی مصری نے کہا کہ کہا عبداللہ بن وہب نے جس روایت میں حدثنا کہوں اسکو جان لو کہ میں نے لوگوں کے ساتھ سنی ہے اور جسمیں حدثنی کہوں اسکو جان لو کہ میں نے اکیلے سنی ہے اور جسمیں میں خبرنا کہوں اسکو جان لو کہ استاذ پر پڑہی گئی ہے اور میں ہی حاضر تھا اور جسمیں اخبرنی کہوں اسی جان لو کہ میں نے اکیلے استاذ کے آگے پڑہی ہے اور سنا میں نے ابوموسی محمد بن مثنی سے کہتے تھے سنا میں نے یحیی بن سعید قطان سے کہتے تھی حدثنا اور اخبرنا ایک ہی ہے **کہا ابو عیسے** حرفی کہ ہم ابی مصعب بنی کے پاس تھے کہ انکے آگے پڑہی گئیں بعض حدیثیں انکی سو میں نے انسے پوچھا کہ ہم کیونکر اسکو روایت کریں انہوں نے کہا کہ کہو حدیث بیان کی ہمسے ابو مصعب نے **کہا ابو عیسے** نے اور جائز رکھا ہے بعض اہل علم نے اجازت کو کہ جب اجازت دی کسی عالم نے کسیکو کہ روایت کرے اسکی طرف سے کسی حدیث کو تو اسے جائز ہے کہ اسکی طرف سے روایت

کرے **روایت** کی ہے محمود بن غیلان نے اُنسے وکیع نے اُنسے عمران بن حدیر نے اُنسی ابی مجاز نے اُنسے بشیر بن نہیک نے کہا اُنہوں نے کہ لکھی میں نے ایک کتاب میں روایتیں ابوہریرہ کے اور کہا میں نے اُنسے کہ روایت کرو مجھسے اسی آپسے اُنہوں نے کہا ہاں **روایت** کی ہمسے محمد بن اسمعیل واسطی نے اُنسی محمد بن حسن نے کہ عوف اعرابی نے کہا کہ ابکیر نے کہا حسن بصری کے نزدیک آپکی چند حدیثیں ہیں میں انکو روایت کرون اُنہوں نے فرمایا کہ ہاں **کہا ابو عیسٰے** نی اور محمد بن حسن معروف بمحبوب بن الحسن ہیں اور روایت کی ہے اُنسے کئی ایسے **روایت** کی ہمسے جارود بن معاذ نے اُنہوں نے اُنسے اُنہوں نے عبید اللہ بن عمر سے کہا عبید اللہ نے کہ آیا میں نہ مہر کی پاس ایک کتاب لیکر اور میں نے کہا یہ آپکی حدیثیں ہیں اُنہی میں آپسے روایت کرون اُنہوں نے کہا ہاں **روایت** کی ہمسے ابوبکر نے اُنہوں نے علی بن عبد اللہ سے اُنہوں نے یحیٰے سے جو بیٹے ہیں سعید کے کہا کہ آئے ابن جریج ہشام بن عروہ کے پاس ایک کتاب لیکر اور کہا کہ آپکی حدیثیں ہیں میں نے آپسی اُسکو روایت کرون اُنہوں نے کہا کہ ہاں کہا یحیٰے نے کہ میں نے اپنے رملیں کہا میں نہیں جانتا کہ کونسا امر تعجب ہے یعنے قرأت یا اجازت اور کہا علی نے کہ پوچھا میں نے یحیٰی بن سعید سے ابن جریج کی حدیثوں کو جو وہ عطار خراسانی سی روایت کرتے ہیں ... کہا کہ ضعیف ہیں میں نی کہا کہ وہ تو کہتے ہیں کہ خبروی مجھکو عطا نی اُنہوں نے کہا اُنکا اخبر نی کہنا کچھ نہیں اسلئے کہ عطا نے اُنکو فقط کتاب دیدی تھی **مترجم** یہاں مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے اخذ روایت کے طریقے بیان کئے اور اُنمیں سی کئی طرق ذکر کئے اول یہ کہ شاگرد کتاب لیکر پڑھے اور استاد سُنے حفظ سی یا اصل دیکھتا جاوے ثانی یہ کہ استاد کیکو کتاب دیدے اور کہے کہ مجھسے روایت کر اور یہ بیمر مروایات ہیں جیسے منصور بن معتمر نے کہا ثالث یہ کہ اجازت دی کوئی اُستاد کہ ہمارے مروایات کو تو روایت کر رابع یہ کہ شاگرد ایک کتاب لاوے اور کہے کہ یہ ہماری حدیثیں ہیں اور شیخ اُنکی روایت کی اجازت دی خامس یہ کہ کتابت لاوے بلکہ یونہی کہے کہ چند حدیثیں آپکی میرے پاس ہیں اور شیخ اُسکی روایت کی اجازت دی **ابسنو** کہ صورت اول کو محدثین عرض کہتے ہیں اسلئے کہ قاری ایقرا کو شیخ پر عرض کرتا ہے جیسا کہ قرآن مقری پر عرض کیا جاتا ہے اور برابر ہے کہ تو خود پڑھے یا اور کوئی شاگرد پڑھے شیخ پر اور تو یہی سُنتا ہو عرض قایل ہوے میں جواز و صحت عرض کے اصحاب میں سے انس اور ابن عباس اور ابوہریرہ اور تابعین سے ابن مسیب اور ابوسلمہ اور قاسم بن محمد اور سالم بن عبد اللہ اور خارجہ بن زید اور سلیمان بن یسار اور ابن ہرمز اور عطار اور نافع اور عروہ اور شعبی اور زہری اور مکحول اور حسن اور منصور اور ایوب اور ابنہ سے ابن جریج اور ثوری اور ابن ابی ذئب و شعبہ و ائمہ اربعہ اور ابن مہدی اور شریک و ربیع اور ابو عبید اور بخاری اور اُنکے سوا اور بہت سی محدثین محققین اور اسمیں اختلاف ہے علما کا کہ عرض اُسکی برابر ہے جبکا لفظ شیخ سے سماع ہے یا عرض راجح ہے یا مرجوح سو اول یعنے مساوات مروی ہے مالک سے اور اُنکے اشیاخ اور اصحاب اور معظم علما حجاز اور کوفہ اور بخاری وغیرہم سے اور دلیل کی ہے اسکو زہری نے علی بن ابیطالب سے اور ابن عباس سے چنانچہ حضرت علی کا قول ہے کہ قرأت علم پر منزلہ سماع کے ہے اُس سے اور ابن عباس کا کہ پڑھو تم مجھپر کہ تمہارا پڑھنا میرے آگے ایسا ہی جیسا میرا پڑھنا تمہارے آگی رواہ البیہقی فی المدخل و حکاہ ابوبکر الصیرفی عن الشافعی اور دوسرا مذہب یعنی عرض راجح ہے سماع سی مروی ہے ابوحنیفہ سے اور ابن لہب وغیرہما سے اور وہی مروی ہے امام مالک سی روایت کیا اسکو دارقطنی نے اور ابن فارس اور خطیب نے اور مذہب تیسرا یعنے راجح ہونا سماع کا عرض پر مروی ہے جمہور اہل مشرق سے اور قریب میں اسکو صحیح کہا ہے اور صورت ثانی کو جسمیں اُستاد کتاب دیدے محدثین مناولہ کہتے ہیں اور اصل اسمیں روایت بخاری جسکو تعلیقاً کتاب العلم میں ایراد کیا ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک امیر سریہ کو ایک خط دیدیا اور کہا کہ فلان مقام پر پہونچکر اسکی لوگونکو اطلاع دینا الحدیث اور مناولہ دو قسم ہے ایک مقرون باجازت اور دوسرے مجرد عن الاجازت اور اسکی کئی صورتیں ہیں کہ مذکور ہیں معطولات میں اور باقی تین صورتیں مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے اجازت کے لکھی ہیں اور اجازت کی نو صورتیں ہیں کہ بیان کیں ہیں نے بعض اُنمیں سے ارشاد الی التوحید میں جو مقدمہ ہے ترجمہ ترمذی کا من شار علیہ رحمۃ اللہ علیہ **کہا ابو عیسٰے** نی اور حدیث عبد مرسل ہو تو اکثر اہل حدیث کے نزدیک صحیح نہیں اور ضعیف کہا ہے اسکو کئی لوگونے چنانچہ **روایت** کی ہمسے علی بن حجر نے اُنہوں نے بقیہ بن ولید سے اُنہوں نے عتبہ بن ابی حکیم سے کہا عتبہ نے کہ سنا زہری نے اسحاق بن عبد اللہ بن ابی فروہ کو کہ وہ کہہ رہے تھے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو زہری نے کہا اللہ کے مار تجھیری ابن ابی فروہ کہ تو ایسی حدیثیں لاتا ہے کہ پاس جسکی مہار اور لگام نہیں ہوتی یعنے سند معتمد علیہ نہیں ہوتے اور **روایت** کی ہمسے ابوبکر نے اُنہوں نے علی بن عبد اللہ سے کہ کہا یحیٰے بن سعید نے مرسلات مجاہد کی ہمسے نزدیک بہت اچھی ہیں عطار بن ابی رباح کی مرسلات سے اسلئے کہ عطار ہر قسم کی حدیثوں کو مرسلا روایت کرتے تھے اور کہا علی نے کہا یحیٰی نی مرسلات سعید بن جبیر کی مجھے بہت اچھی معلوم ہوتی ہیں عطار کے مرسلات سے اور کہا علی نے کہ کہا میں نے یحیٰی سے کہ مرسلات مجاہد کے تمہارے نزدیک بہتر ہیں

یا طاؤس کے انہوں نے کہا بہت قریب ہیں ان کہا علی نی اور سنا میں نے یحیے بن سعید سے کہتے تھے مرسلات ابی اسحاق کی نزدیک میرے لاشی محض ہیں یعنی غیر معتبر ہیں اور اعمش اور تیمی اور یحیی بن ابی کثیر کے اور مرسلات ابن عیینہ کے مثل ہوتے ہیں یعنے غیر معتبر پھر کہا قسم ہے اللہ کے اور سفیان بن سعید کے مرسلات ایسی ہیں اور کہا میں نے یحیی سے مرسلات مالک کے انہوں نے کہا یہ میرے نزدیک بہتر ہیں پھر کہا یحیے نی لوگو ہیں کسی حدیث صحیح تر نہیں امام مالک سے **روایت** کی ہمسے سوار بن عبداللہ العنبری نے کہا انہوں نے کہ سنا میں نے یحیے بن سعید کو کہتے تھے حسن بصری سے جس حدیث میں کہا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور پائی ہمنے اسکی کوئی اصل سوا ایک یا دو حدیثوں کے **کہا ابو عیسیٰ نے** اور جن بزرگوں نے مرسل کو ضعیف اسلئی ضعیف کہا ہے کہ احتمال ہے اسمیں کہ ایسہ ثقات نی اسکو غیر ثقہ سے لیا ہو اسلئی کہ کلام کیا ہے حسن بصری نے معبد جہنی میں اور پھر اُنسے روایت بھی کی چنانچہ روایت کے ہمسے بشر بن معاذ بصری نے انہوں نے مرحوم بن عبدالعزیز عطار سے انہوں نے اپنے باپ اور چچا سے دونوں نے کہا سنا ہمنے حسن بصری سے کہ فرماتی تھے دور رہو معبد جہنی سے کہ وہ ضال اور مضل ہے **کہا ابو عیسے نی** اور مروی ہے بشی سے انہوں نے کہا روایت کی ہمسے حارث اعور نے اور وہ کذاب تھا یعنے رافضی **مترجم** معبد جہنی وہ شخص ہے کہ جسنے پہلے تقدیر کا انکار کیا اور منسوب تھا فرقہ غیلانیہ کی طرف اور غیلان رئیس تھا قدریہ کا جو مجوس ہیں اس امت کے انتہے **کہا سوئلف** نی اور سنا میں نے محمد بن بشار سے انہوں نے کہا عبدالرحمن بن مہدی کہتے تھے کہ تم تعجب نہیں کرتے ہو سفیان بن عیینہ پر کہ میں نے چھوڑ دیا جابر جعفی کو بہ سبب اُس قول کے جو اُن سے حکایت کیا جاتا ہے ہزار حدیث سی زیادہ میں یعنے ہزار حدیث سی زیادہ جو اُن سے مروی تھے چھوڑ دی اور پھر اُن سے روایت کرتے تھے کہا محمد بن بشار نے اور چھوڑ دی عبدالرحمن بن مہدی نے حدیث جابر جعفی کے اور احتجاج بھی کیا ہے بعض علمائے مراسیل سے **مترجم** مرسل وہ حدیث ہی جسمیں تابعی کہے قال رسول اللہ اور حضرت کی اور اسکے درمیان ایک راوی چھوٹ گیا ہو یعنے صحابی اور بعضوں نے کہا جسمیں دو راوی متروک ہوئے وہ بھی مرسل ہیں اور وہ ایک قسم ہے ضعیف حدیثوں کے جماہیر محدثین کے نزدیک اور اکثر فقہا اور اصولیوں کے نزدیک اور مالک اور ابو حنیفہ اور احمد نے کہا ہے کہ وہ صحیح ہے اور بعضوں نے کہا صحیح مراسیل سے وہ مراسیل مراد ہیں جو قرون ثلثہ مشہود بالخیر سے ارسال کی گئی ہوں اسلئے کہ بعد ان زمانوں کے خبر ہے افشائی کذب کے اور ابن جریر نے کہا اجماع ہے تابعین کا قبول مراسیل پر اور کسیکا انکار اسپر مذکور نہیں اور نہ کسی نے اسپر انکار کیا ہے دوسری صدی تک **قال المؤلف** **روایت** کی ہمسے ابو عبیدہ بن ابی السفر الکوفی نے اُنسے سعید بن عامر نے انہوں نے شعبہ سے انہوں نے سلیمان اعمش سے کہا سلیمان نے کہا میں نے ابراہیم نخعی سے کوئی روایت متصل بیان کرو مجھے جو مروی ہو عبداللہ بن مسعود سے تو ابراہیم نے کہا جب میں تمسے کہوں عن عبداللہ تو جان لو کہ وہ میں نے خود اُنسے سنی ہے اور جب کہوں قال عبداللہ تو میرے اور اُنکی درمیان کئی واسطے ہیں اور مختلف ہوتے ہیں اہل علم تضعیف رجال میں جیسے مختلف ہیں وہ اُنکی ماسوا میں اور ذکر کیا ہے شعبہ سی کہا انہوں نے ضعیف کہا ابوالزبیر مکی کو اور عبدالملک بن ابی سلیمان اور حکیم بن جبیر کو اور چھوڑ دی انسے روایت لینا پھر لے لی روایت شعبہ نے اُن لوگوں سے کہ جو حفظ و عدالت میں اُنسے بھی کم تھے چنانچہ لی اُنہوں نے روایت جابر جعفی سے اور ابراہیم بن مسلم ہجری اور محمد بن عبیداللہ العزرمی اور کئی لوگوں سے جو نہایت ضعیف ہیں حدیث میں **روایت** کی ہمسے محمد بن عمرو بن بہان نے انہوں نے امیہ بن خالد سے کہا کہ کہا میں نے چھوڑ دیتی ہو تم روایت عبدالملک بن ابی سلیمان کی اور لیتی ہو روایت محمد بن عبیداللہ العزرمی سے انہوں نے کہا ہاں **کہا** ابو عیسے نے اور شعبہ روایت کرتے تھی عبدالملک بن ابی سلیمان سے پھر چھوڑ دیا انکو اور کہا کیا ہے کہ چھوڑ دیا انہوں نے اسلئی کہ منفرد ہوتے تھے بعض حدیث کے ساتھ جو روایت کی عبدالملک نے عطار بن ابی رباح سے انہوں نے جابر سی انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی کہ فرمایا آپنے آدمی نی شفعہ کا مستحق ہے کہ اسکا انتظار کیا جاوے اگرچہ غایب ہو جبکہ راہ اُنکی ایک ہو اور ثابت کہا ہی نے کوئی ماسوا اُنکے اور روایت کی ہی ابی الزبیر اور عبدالملک نے بن ابی سلیمان اور حکیم بن جبیر نے **روایت** کی ہمسے احمد بن منیع نے انہوں نے ہشیم سے انہوں نے مجالد اور ابن ابی لیلے سے انہوں نے عطار بن ابی رباح سے کہا انہوں نے تھے ہم جب نکلتے جابر بن عبداللہ کے پاس مذاکرہ کرتے تھے میں اُنکی حدیثوں کا اور ابوالزبیر ہم سے زیادہ یاد رکھنے والی تھے حدیث کو **روایت** کی ہمسے محمد بن یحیی بن ابی عمر نی انہوں نے سفیان بن عیینہ سے کہ کہا ابوالزبیر نے عطا سے آگی کرتے تھی جابر بن عبداللہ کے پاس تاکہ یاد رکھوں میں اُنکے لئے حدیث کو **روایت** کی ہمسے ابن ابی عمر نے انہوں نے سفیان سے کہا سنا میں نے ایوب سختیانی سے کہتے تھے روایت کی ہمسے ابوالزبیر نے اور ابوالزبیر نے اور سفیان نے اپنے ہاتھ کی طرف اشارہ کی **کہا ابو عیسیٰ** نے مراد اُسسے یہ تھے کہ وہ اتقان و حفظ میں کامل تھے اور مروی ہے عبداللہ بن مبارک سے کہ سفیان ثوری کہتے تھے کہ عبدالملک بن ابی سلیمان میزان ہے علم کے اور **روایت** کی ہمسے ابوبکر نے انہوں نے علی بن عبیداللہ سے کہا پوچھا میں نے یحیے بن سعید سے حال حکیم بن جبیر کا انہوں نے کہا ترک کر دیا انکو شعبہ نے اس

بیان تضعیف رجال کا

ابوالزبیر نے

حدیث کے سبب سے کہ روایت کیا اُنہوں نے صدقہ کے باہمین یعنے حدیث عبداللہ بن مسعود کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو سوال کرے لوگوں سے اور اُسکے پاس اتنا ہی کہ کام نکل جاوے تو قیامت کے دن آویگا کہ موہنہ اُسکا چھلا ہوا ہوگا لوگوں نے کہا یا رسول اللہ کتنا مال ہے کہ جس سے آدمی کا کام نکلتا ہی اور اُسکو سوال کی حاجت نہیں ہوتی فرمایا پچاس درہم یا اُسکی قیمت کا سونا انتہی کہا علے نی کہا یحیی نے اور روایت کیے حکیم بن جبیر سے سفیان ثوری اور زائدہ نی کہا علی نے کہ یحیی نی کی حدیث مین کچھ مضایقہ نہ دیکھتے تھے **روایت** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُنہوں نے یحیی بن آدم سی اُنہوں نے سفیان ثوری سے اُنہوں نے حکیم بن جبیر سے حدیث صدقہ کی کہا یحیی بن آدم نے پھر کہا عبداللہ نے جو رفیق مین شعبہ کے سفیان ثوری سے کاش کہ حکیم کے سوا اور کوئی شخص اسکو روایت کرتا تو کہا اُنسے سفیان نے کیا شعبہ اُس سے روایت نہین کرتے اُنہوں نے کہا ہان کہا سفیان نے سنا مین نے زبید کو کہ روایت کرتے تھے اسکو محمد بن عبدالرحمن بن یزیدسی **کہا ابو عیسٰے** نی اور جس حدیث کو ہمنے حسن کہا ہے تو ہمارے نزدیک وہ حدیث ہی کہ اُسکی اسناد مین کوئی متہم بکذب ہوا اور حدیث شاذ بھی نہو اور مروی ہوا ور سند سی بھی شل اُسکے سو وہ ہمارے نزدیک حسن ہے اور جو ذکر کی ہمنے اسمین حدیث غریب ہے تو جاننا چاہیئے کہ محدثین حدیث کو غریب جانتے ہین کئی وجوہ سے اور بہت سی حدیثین جو غریب ہوتی ہین اسلئی کہ مروی نہین ہوتین مگر ایک سند سی جیسے حدیث حماد بن سلمہ کے جو مروی ہے ابی العشراء سے وہ روایت کرتے ہین اپنے باپ سے کہا کہ عرض کی مینے یا رسول اللہ کیا ذبح نہیں ہوا ہے مگر حلق اور لبہ مین سو فرمایا آپنے اگر تو بھونک دے اُسکی رانمین تو کافی ہے سو یہ حدیث ایسی ہے کہ متفرد ہوئے اُسکے ساتھ حماد بن سلمہ ابی العشراء سے روایت کرنی مین اور ابی العشراء کی کوئی حدیث معلوم نہین ہوتے سوا اسکے اور یہ حدیث مشہور جو ہوئی علما کے نزدیک تو حماد بن سلمہ کے روایت سی کہ نہین جانتے ہم اسکو مگر اُنہین کے روایت سے یعنے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ امامونمین سے کوئی حدیث ایک ہی شخص روایت کرتا ہے اور معلوم نہین ہوتے وہ مگر اُسکی روایت سے پھر اُس شخص سے بہت لوگ روایت کرتے ہین اور وہ مشہور ہو جاتی ہے جیسے روایت عبداللہ بن دینار کے کہ روایت کیے اُنہوں نے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا بیع سی ولاء کے اور اُسکی ہبہ سے اور نہین معلوم ہوتے یہ مگر عبداللہ بن دینار کے روایت سے اگرچہ اُنسے بہت لوگون نے روایت کی ہے جیسے عبیداللہ بن عمر اور شعبہ اور سفیان ثوری اور مالک بن انس نی اور اُنکے سوا اور کئی امامون نے اور روایت کیے یحیی بن سلیم نے یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے اُنہوں نے نافع سے اُنہوں نے ابن عمر سے سو وہم کیا اُنمین یحیی بن سلیم نے اور صحیح یہی ہے کہ وہ مروی ہے عبیداللہ بن عمر سے وہ روایت کرتے ہین عبداللہ بن دینار سے وہ ابن عمر سے ایسی ہے روایت کی عبدالوہاب ثقفی اور عبداللہ بن نمیر نے عبیداللہ بن عمر سے اُنہوں نے عبداللہ بن دینار سے انہوں نے ابن عمر سے اور روایت کیے مؤمل نے یہ حدیث شعبہ سے تو شعبہ نے کہا بیشک مین آرزو رکھتا ہون کہ اگر عبداللہ بن دینار نے مجھ سے حدیث دی تو مین کہڑا ہو کر اُسکے سر مین بوسہ لون **کہا ابو عیسٰی** نی اور اکثر حدیثین اسلئے غریب سمجھی جاتی ہین کہ اُنمین کچھ زیادت ہوتی ہے یعنے ایسی زیادت جو ثقات سے مروی نہین اور وہ زیادت صحیح جب ہوتی ہے کہ ایسے شخص سے مروی ہو جسکے حافظہ پر اعتماد کیا جاتا ہو یعنے اُسوقت قابل قبول ہے جیسے کہ روایت کیے مالک بن انس نے نافع سے اُنہوں نے ابن عمر سے کہا اُنہوں نے کہ مقرر کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر رمضان سے ہر آزاد اور غلام اور مرد اور عورت پر جو مسلمانون سے ہو ایک صاع کھجور سے یا ایک صاع جو سے کہا اور زیادہ کیا مالک نے اس حدیث مین لفظ من المسلمین کا یعنے جو مسلمانون سے ہو اور روایت کیے ایوب سختیانی اور عبیداللہ بن عمر اور کئی امامون نے حدیث کے اس حدیث کو نافع سے اُنہوں نے ابن عمر سے اور نہین ذکر کیا اُنمین لفظ من المسلمین کا اور روایت کیے بعضون نے نافع سی شل روایت مالک کے مگر وہ ایسے لوگ ہین اُنکے حافظہ پر اعتماد نہین کیا جاتا اور تمسک کیا ہے کئی امامون نے مالک کے حدیث سی اور احتجاج کیا ہے اُسے اُنہین مین ہین امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کہ دونون نے کہا جب کسی پاس غلام ایسے ہون جو مسلمان نہین تو نکیطرف سے صدقہ فطر نہ دے اور استدلال کیا اُنہون نے امام مالک کے اسی روایت سے غرض جب زیادت ایسے حافظ کیطرف سے ہو جسکے حفظ پر اعتماد کیا جاتا ہو تو وہ زیادت مقبول ہے اور کتنی حدیثین ایسی ہین کہ کئی سندون سے مروی ہوئین اور ایک اسناد سے غریب سمجھی جاتی ہین جیسے کہ یہ روایت **روایت** کی ہمسے ابوکریب نے اور ابوہشام اور ابواسامہ اور حسین بن اسود نے چارون نے کہا روایت کیے ہمسے ابواسامہ نے اُنہون نے بریدہ بن عبداللہ بن ابی بردہ سے اُنہون نے اپنے دادا ابی بردہ سے اُنہون نے ابی موسی سے اُنہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے کافر کہا تا ہے سات آسمانون اور مومن کہا تا ہے ایک آسمان مین یہ حدیث غریب ہے اس سند سے من قبل اسنادہ اور یہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کئی سندون سے مروی ہے اور صرف ابی موسی کے روایت سے غریب سمجھی جاتی ہے چنانچہ پوچھا مینے محمود بن غیلان سے حال اس حدیث کا تو اُنہون نے کہا وہ روایت ہے ابوکریب کے ابواسامہ سے اور پوچھا مینے محمد بن اسمٰعیل بخاری سے

حال اسکا تو انہوں نے بھی یہی کہا کہ یہ حدیث ابوبکر کے جو مروی ہے ابی اسامہ سے اور نہیں جانتے ہم اسکو مگر ابی کریب کے روایت سے سو میں نے کہا مجھے کئی شخصوں نے روایت کے ہی کہ سب ابو اسامہ سے راوی ہیں سو وہ تعجب کرنے لگے اور کہا کہ میں نہیں جانتا کہ میکو کہ روایت کے ہو سوا ابی کریب کے اور کہا محمد بن اسمٰعیل بخاری نے کہ میں گمان کرتا ہوں کہ ابوکریب نے یہ حدیث ابو اسامہ سے مذاکرہ میں لیئے بغیر روایت دینے کے اور کسی بحث میں سنئے . . . . یہ بھی روایت ہے کہ **روایت** کی ہمسے عبداللہ بن ہانی زیاد اور کئی لوگوں نے شبابہ بن سوار سے انہوں نے شعبہ سے انہوں نے بکیر بن عطار سے انہوں نے عبدالرحمٰن بن یعمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا دُبّا اور مُزفّت کے استعمال سے یہ حدیث غریب ہے باسناد کیطرف سے اسلئے کہ ہم کسیکو نہیں جانتے کہ شعبہ سے اسی روایت کرتا ہو سوا شبابہ کے اور مروی ہوئی یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی سندوں سے کہ آپ نے منع فرمایا نبیذ بنانے سے دُبّا اور مُزفّت میں اور حدیث شبابہ کے اسی لئے غریب سمجھی جاتی ہے کہ اکیلے انہوں نے روایت کیے ہے شعبہ سے اور روایت کیے شعبہ نے اور سفیان ثوری نے اسی اسناد سے بکیر بن عطا سے انہوں نے عبدالرحمٰن بن یعمر سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا الحج عرفہ یعنے حج وقوف عرفات کا نام ہے سو یہ حدیث معروف صحیح ہے محدثین کے نزدیک اس اسناد سے **روایت** کی ہمسے محمد بن بشار نے انہوں نے معاذ بن ہشام سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے یحییٰ بن ابی کثیر سے کہا یحییٰ نے کہ انہوں نے سنا ابوہریرہ سے کہ کہتے تھے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو ساتھ جنازہ کے اور نماز پڑھے اسپر اسکو ایک قیراط ہے یعنے ثواب اور جو اسکے ساتھ رہے یہانتک کہ فراغت کیجاوے اسکی کام سے سو اسکو دو قیراط ہیں لوگوں نے عرض کیے یارسول اللہ دو قیراط کتنے ہیں آپ نے فرمایا جیسا انمیں کا مثل اُحد کے ہے **روایت** کی ہمسے عبداللہ بن عبدالرحمٰن نے انہوں نے مروان بن محمد انہوں نے معاویہ بن سلام سے انہوں نے یحییٰ بن ابی کثیر سے انہوں نے ابوسلمہ سے کہ سنا انہوں نے ابوہریرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ساتھ جنازہ کے اسکو ایک قیراط ہے پھر ذکر کیے حدیث مانند اسکے معنوں میں کہا عبداللہ نے اور خبر دی ہمکو مروان نے معاویہ بن سلام سے کہ کہا یحییٰ نے روایت کیے مجھے ابوسعید مولی المہری نے حمزہ سی جو بیٹے ہیں سفینہ کے انہوں نے سائب سے کہ سنا انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ سلم سی مانند اسکے کہا میں نے ابی محمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن سے کہ تمہاری وہ کونسی حدیث ہی جسکو محدثین نے غریب سمجھا ہے اور تمنے باسناد سائب بواسطہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کیے ہے سو انہوں نے یہی حدیث مجھے بیان کی اور سنا میں نے محمد بن اسمٰعیل سے کہ روایت کرتے تھے یہ حدیث عبداللہ بن عبدالرحمٰن سے کہا **ابوعیسیٰ** نے اور یہ حدیث مروی ہوئی کئی سندوں سے بواسطہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور غریب سمجھی جاتی ہے یہ حدیث فقط اسناد کے راہ سے یعنے سائب کے روایت ہے کہ وہ حضرت عائشہ سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں **روایت** کی ہمسے ابوحفص عمرو بن علی نے انہوں نے یحییٰ بن سعید قطان سے انہوں نے مغیرہ بن ابی قرۃ السدوسی سے کہا انہوں نے سنا میں نے انس بن مالک سے کہتے تھے کہا ایک شخص نے یارسول اللہ میں اونٹ کا زانو باندھ کر اللہ پر بھروسا کروں یا بے زانو باندھے بھروسا کروں فرمایا آپ نے زانو باندھ اسکا اور بھروسا کر کہا عمرو بن علی نے کہا یحییٰ بن سعید نے یہ حدیث میرے نزدیک منکر ہے کہا **ابوعیسیٰ** نے یہ حدیث غریب ہے ہم اس سند سے نہیں جانتے ہم اسکو انس بن مالک کے روایت سے مگر اسی اسناد سے اور مروی ہوئی عمرو بن امیہ ضمری سی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور ہمنے اس کتاب میں رعایت اختصار کی رکھے اسلئے کہ امید ہے اس سے نفع کے اور مانگتے ہیں ہم اللہ سے کہ نفع دے اسکے مضمون سے اور اسکو ہماری نجات و فلاح کی حجت ٹھہرادی اپنے رحمت سے اور اسکو وبال نہ ٹھہرادی ہمارے اوپر اپنے رحمت سے یہ آخر ہے کتاب کا اور سب تعریف ہے اللہ کو اکیلا ہے وہ جیسے اُسنے انعام و افضال کیے اور صلوۃ و سلام ہو جیو اُسکا سید المرسلین امی پر اور اُنکے اصحاب آل پر اور کافی ہے ہمکو اللہ اور کیا اچھا کام بنانیوالا ہے اور نہیں طاقت گناہ سے بچنے کی اور نہ قوت عبادت کرنیکی مگر اللہ کیطرف سے جو بلند ہے اور سب سے بڑا اور اسیکو تعریف ہے پوری اور نبی اور اُسکے آل و اصحاب پر افضل صلوۃ اور از کی سلام اور سب تعریف اللہ کو ہے جو رب ہے تمام جہانوں کا

تمت

(اس کتاب کی رجسٹری حسب ضابطہ ہوگئی ہر کوئی چھاپ نہیں سکتا)

بمطبع مرتضوی ۶ ہی واقع کوچہ چیلان باہتمام حافظ عزیز الدین مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# صحت نامہ جلد ثانی جائزۃ الشعوذی ترجمۂ ترمذی بزبان اردو

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۰ | مر | مردی |
| ۲ | ۲ | بلید | عبید |
| ″ | ۱۷ | درندے سے | درندی کو |
| ″ | ۶ | مجمتہ سے | مجمتہ کو |
| ″ | ۱۸ | گدہون سے | گدہون کو |
| ″ | ″ | چیر پہاڑ | چیر پہاڑ |
| ″ | ۲۰ | سیاریہ | ساریہ |
| ″ | ۲۸ | المکاب | المکلب |
| ۳ | ۱ | سو | سوا |
| ″ | ۶ | غیر محدد | غیر محدد |
| ″ | ۱۹ | رہر | زہری |
| ″ | ۲۹ | تہارکی | تہارکی |
| ۴ | ۳۰ | اوخمرو | وخمرو |
| ۵ | ۱۸ | کوڑی | کوڑہی |
| ۹ | ۱۶ | بلحم | بلحم |
| ″ | ۱۷ | الزراع | الزراع |
| ″ | ۱۸ | بن حیان | بن حیان |
| ۱۶ | ۱۹ | الرحبان | ابوحیان |
| ۱۷ | ۴ | خریر | حریر |
| ″ | ۱۳ | ابی البزری | ابی البزری |
| ۲۰ | ۱۹ | ہین | ہے |
| ۲۲ | ۹ | قرائب | قرابت |
| ۲۳ | ۲۷ | الله | الله اور |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۳۰ | ۱۳ | مصرف | مصرف |
| ″ | ۱۴ | مضرف | مصرف |
| ″ | ۵ | اومدے | اور ہدے |
| ۳۱ | ۲۹ | سید | سعید |
| ۳۲ | ۰ | ثور بن یزیدیدنی | ثور بن زید مدنی |
| ″ | ۳ | یکتب | یکتب |
| ″ | ۱۱ | یکتب | یکتب |
| ۳۴ | ۳۳ | باطل | باطل پر |
| ۳۶ | ۲۷ | زاد | زار |
| ۳۷ | ۶ | او | اور |
| ″ | ۱۲ | یر | پر |
| ۴۲ | ۱۱ | خسیہ | حسیہ |
| ″ | ۲۷ | ام مدر | ام مندر |
| ۴۶ | ۱۲ | جھٹکارا | چھٹکارا |
| ۴۹ | ۱۴ | نظر مین | نظر کے |
| ″ | ۲۴ | پہونچتا | پونہچا |
| ۵۱ | ۵ | غیرسی | عنبر |
| ″ | ۲۶ | کہاہی کہ کماۃ | کہا کہ کماۃ |
| ۵۳ | ۲۵ | اعادنا | اعاذنا |
| ۵۵ | ۲۲ | غسل | غسل |
| ۵۶ | ۹ | دسلم | وسلم کے |
| ۶۰ | ۲۰ | فافقت | فافقت |
| ۶۴ | ۸ | سے جدہ | جدہ سے |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۶۵ | ۶ | روکنا | رد کرنا |
| ۷۰ | ۱ | کیطرف | طرف |
| ″ | ۱ | اوردارث | وارث |
| ۷۰ | ۱۶ | ال | مال |
| ″ | ۲۳ | فَانِ | فَانَّ |
| ۷۲ | ۱۴ | الجراجات | الجراحات |
| ″ | ۱۸ | جسنے | جسے |
| ۷۵ | ۱ | عقوبت وزجرد | عقوبت زجر |
| ۷۸ | ۲۳ | زمین | زمین مین |
| ۷۹ | ۲ | وایت | روایت |
| ۸۱ | ۶ | سونا | سونے |
| ۸۲ | ۵ | فَقَ | فَمَنْ |
| ۸۴ | ۲۷ | معروف کر | معروف کرو |
| ۸۵ | ۲ | لوگونہیں سے یعنے | لوگو نہیں ہے یا ہم مین آپنی فرمایا بچاہیں آدمیونکا تم مین سے یعنے |
| ۸۶ | ۵ | اسفلها | اسفلها یصعدون |
| ″ | ۶ | اسفلها یصعدون | اسفلها |
| ۸۷ | ۲۰ | اخذ | اخذ |
| ″ | ″ | یحق فونه | یحق فونه |
| ۹۰ | ۱۲ | رات اپنی | رات |
| ″ | ۲۷ | گناہون کے | گناہونکی طرف |
| ۹۱ | ۱۰ | زنگ مین | زنگ اسمین |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۹۱ | ۱۸ | باز نکلیگا | بار نکلیگا |
| 〃 | ۲۲ | کمم | حکم |
| ۹۳ | ۷ | بریر | بربر |
| 〃 | ۱۱ | فردیتا ہے | فرما دیتا ہے |
| 〃 | ۲۷ | امام | ایاج |
| ۹۴ | ۱۳ | نقص | نقض |
| ۹۵ | ۱۷ | کفر و شرک | کفر شرک |
| 〃 | ۲۷ | تلقوفی | تلقوفی |
| ۹۷ | ۱۱ | غصب | عضب |
| 〃 | ۱۷ | کے دادا | بہر کے دادا |
| ۱۰۰ | ۸ | اسی لئے | اسی کے لئے |
| ۱۰۱ | ۱۹ | ترک کرو ترک کرو | ترک کرو ترک کرو |
| 〃 | ۲۷ | عتق | عتوۃً |
| 〃 | ۲۸ | رجاز | نار حجاز |
| ۱۰۳ | ۷ | سعر | سعر |
| 〃 | ۹ | محمد | حجہ |
| 〃 | ۱۲ | صحیح | صحیح ہے |
| 〃 | ۱۷ | بجنبہ پرست | پنجہ پرست |
| ۱۰۹ | ۱۴ | کرہان | کوہان |
| ۱۱۳ | ۹ | کہا ہے | کہاتے تھے |
| 〃 | ۲۰ | مان باپ | باپ |
| ۱۱۴ | ۲۴ | برائی اس چیز کے | برائی سی اسچیز کے |
| ۱۱۷ | ۲۰ | تر کہی جاوے | نرکہی جاوے |
| ۱۱۸ | ۲۰ | قاتلان عثمان کے | قاتلان عثمان کو |
| 〃 | 〃 | لشکر دمین | لشکرون مین |
| ۱۲۰ | ۸ | قبض | قیض |
| ۱۲۰ | ۲۹ | زاذہ | زیادہ |
| ۱۲۱ | ۸ | موقت | معرفت |
| 〃 | ۲۰ | منکرا | منکر کا |
| 〃 | ۲۱ | مسجدون | مسجدون کو |
| 〃 | ۲۳ | عورتونکا سیات | عورتون کا سیات |
| 〃 | 〃 | عاریات کا سر | عاریات کا کسر |
| 〃 | ۲۶ | میزون | منبرون |
| ۱۲۲ | ۳ | حکم بجا جاوے | حکم بجا لاوے |
| 〃 | ۶ | اور کون | اور رکون |
| 〃 | ۲۱ | تبعیر ہای تعبیر | تعبیر یا بی تعبیر |
| 〃 | ۲۳ | یقظہ مین اور اکا | یقظہ مین اور اکا |
| ۱۲۳ | ۶ | غمگین کرتا ہے | غمگین کرتا ہے |
| 〃 | ۱۳ | چھوٹا ہوتا ہے | چھوٹا ہوتا ہے |
| 〃 | ۱۴ | یعنے خواب اُسکا | + |
| ۱۲۴ | ۶ | اسباتکی اسکی | اُسکی باتیں |
| 〃 | 〃 | لاز | ولایت |
| 〃 | ۱۰ | اشارہ | اشارہ ہے |
| ۱۲۵ | ۶ | عالم ملکوت | عالم ملکوت کا |
| 〃 | ۲۶ | چھوٹ | جھوٹ |
| 〃 | ۳ | موافق اسکی ہجرت | موافق ہجرت |
| ۱۲۶ | ۱۵ | اور یہ مرد پر ایسا ہے جیسے کسی کے سر پر چڑیا کے پیر پر ہے | اور یہ گویا چڑیا |
| 〃 | ۱۸ | اور وہ مرد پر منبر لہ ایک پرندہ کے ہے | اور وہ گویا پرندہ کے پیر پر ہے |
| 〃 | ۲۰ | خواب منبر لہ ایک پرندہ کے ہے | خواب پرندہ کے پیر پر ہے - |
| 〃 | ۲۹ | پس تقوی کو | پس تقوی کو |
| ۱۲۷ | ۱۲ | درقہ | حال درقہ |
| 〃 | ۱۷ | نکالیگی | نکالیگی |
| ۱۲۹ | ۲۶ | بچا ہے | بچا ہے |
| ۱۳۱ | ۵ | تعالی | تعالی کا |
| 〃 | ۷ | تعالی | تعالی کا |
| 〃 | ۱۵ | وغیرہ ذلک | وغیرہ ذلک |
| ۱۳۲ | ۳ | مشروط شرطین | شرطین |
| ۱۳۴ | ۱ | ماخود | ماخوذ |
| 〃 | ۲۶ | کرتا | کرنا |
| 〃 | ۲۷ | قیامت کے | قیامت کا |
| ۱۳۶ | ۱۳ | جریفا | خریفا |
| 〃 | ۱۶ | فرماتے تھے کہ | فرماتے تھے |
| 〃 | ۱۸ | لذیذ | لذیذ |
| 〃 | ۲۱ | بقای | بقای |
| ۱۴۰ | ۶ | زیاضت | ریاضت |
| 〃 | ۲۵ | بات یہ | بات |
| 〃 | ۲۹ | اللہ تعالے | اللہ تعالے کا |
| ۱۴۱ | ۲۸ | بچھوڑا | بچوڑا |
| 〃 | ۱۲ | بڑ جانا | بڑہ جانا |
| 〃 | ۲۱ | چشم کور دنیادار | ایکہ چشم کور دنیادار |
| 〃 | ۲۲ | اب | رب |
| ۱۴۲ | ۲۵ | زمانہ مبارک | زمانہ مبارک مین |
| ۱۴۶ | ۱۷ | وَھَذا | وَھٰذا |
| 〃 | ۱۸ | ضَلَّ | ضَلَّ |

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 〃 | | | | | | | | | | |
| ۱۷۱ | ۶ | | | | | ۵ | ۲۱۱ | | | |
| ۱۷۲ | ۷ | ابی ہریرہ ہے | ابی ہریرہ | | | | | | | |
| 〃 | ۱۴ | خَطَّ | خَطَّ | | | ۵ | ۲۱۱ | ذالو | | |
| ۱۷۵ | ۱ | سوئین | سوئین | | | ۱۵ | 〃 | عمودی | عمود | ۲۵۲ |
| 〃 | ۲۳ | وسلم | وسلم نے | | | ۱۴ | ۲۱۲ | جومنبر ہمارے نار کا | جومنبر بصر یکا | 〃 |
| ۱۷۷ | ۲۹ | کسکو | کسیکو | | | ۲۲ | 〃 | الربدہ | الربذۃ | ۲۵۹ |
| ۱۸۴ | ۲۵ | لگواتے تھے | لگوائی تھی | | | 〃 | 〃 | وَالرَّبَذَۃُ | وَالرَّبَذَۃِ | ۲۶۰ |
| ۱۸۳ | ۶ | وہ کپڑا سی رہے | اس کپڑا سی رہے | | | ۱۶ | ۲۱۳ | نکلجاوین گے | نکلجاوین گے | ۲۶۳ |
| ۱۸۷ | ۲۰ | اشارہ کرنے بھی | اشارہ کرنے سی رہے | | | ۳ | ۲۱۹ | ہوجاوین | ہوجاوین گے | ۲۶۲ |
| ۱۸۸ | ۱ | صلوۃ کو | صلوۃ و | | | ۲۶ | ۲۲۴ | سر | سعیر | 〃 |
| ۱۸۹ | ۱۹ | جان | جنان | | | ۱ | ۲۳۵ | ان کا اقدار | ان کا قدر | 〃 |
| 〃 | ۲۴ | وَاُطْلِقُھَا | اَوْاُطْلِقُھَا | | | ۳ | ۲۲۷ | اقعوال | افعال | ۲۶۲ |
| ۱۸۹ | ۲۹ | یاد کیا تمنے رسول | یاد کیا تمنے رسول | | | ۱۲ | ۲۲۱ | بڑھے | بڑھتے | ۲۶۷ |
| ۱۹۰ | ۰ | قاکھہ | فاکھۃ | | | ۱۳ | 〃 | آخرت کو | آخرت | ۲۶۸ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 〃 | | | |
| ۵ | ۲۵۲ | بندلاونگا | بندلونگا |
| ۱۴ | 〃 | آدمی جہانکا | آدمی جہانکا |
| ۲۱ | ۲۵۹ | کیطرف سے ہے | کیطرف سے ہے |
| ۱۶ | ۲۶۰ | رایت | روایت |
| ۱۹ | ۲۶۳ | منصرانہ | منصرانہ |
| ۲۳ | ۲۶۲ | وغیر ذلک | وغیر ذلک |
| ۲۸ | 〃 | حَفِیَ | خَفِیَ |
| ۲۹ | 〃 | ظاہر | ظاہر ہو |
| ۱۴ | ۲۶۲ | مہاجرین | مہاجرین |
| ۲۲ | ۲۶۷ | وسلم پاس | وسلم کے پاس |
| ۱ | ۲۶۸ | چلنے سے | چلنے کا |

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۹۴ | ۲۰ | ثوامرابی | ثوامربی | ۳۱۸ | ۲۸ | نصلون | یصلون | ۳۴۰ | ۱۶ |
| 〃 | ۲۱ | ولوقبضةٌ | ولوقبضةٌ | ۳۱۹ | ۱ | صخان | ضخان | ۳۴۱ | ۲۲ |
| 〃 | 〃 | قبضة بقی | قبضةٍ یقی | 〃 | ۲ | اداکرسے | اداکرن | ۳۴۰ | ۱ |
| 〃 | ۲۳ | بقی به | یقی به | ۳۱۸ | ۲۲ | ماصنعتْ | مَاصَنَعَتْ | 〃 | ۹ |
| ۲۹۷ | ۲۸ | اوراعتمر | اواعتمر | ۳۱۹ | ۱۳ | یہی | یہی | 〃 | ۲۰ |
| ۲۹۸ | ۹ | خوشی | خوشی سے | 〃 | 〃 | اپنی تلوارتک | اپنی تک | ۳۴۱ | ۲۴ |
| ۲۹۹ | ۶ | شیئاکم | شیئالہٗ | ۳۲۴ | ۲۹ | یخفص | یخفض | ۳۴۱ | ۹ |
| 〃 | ۷ | کہاتے | کہاتے | ۳۲۴ | ۲۴ | عس | عمر | ۳۴۲ | ۱۴ |
| ۳۰۲ | ۲۶ | بعصاتُہٗ | بعصاہُ | ۳۲۵ | ۱ | کہابرا | کہابرار | ۳۴۳ | ۴ |
| ۳۰۳ | ۴ | اوربعضی لوگ لاتے تھے دو گیہوں | اوربعضی لوگ گھر لاتی تھے ایک گیہوں کو دو | 〃 | ۱۸ | اَوْشَکَ | اَوْشَکَ | 〃 | ۷ |
| | | | | 〃 | ۲۳ | لا یضرکم | لَایَضُرُّکم | 〃 | ۱۰ |

| | |
|---|---|
| کتنے منافق | کسی منافق |
| فتال | فقال |
| کھی اللہ | نھی اللہ |
| غزوہ | غزوہ |
| قصہ نسا | قصہ لمبا |
| ندی ہے | ندی |
| چھوٹی | جھوٹی |
| فرمایا | حکم فرمایا |
| مسابقون | مسلمانون |
| کہونہین | کرونہین |
| راوایت | روایت |
| ثابت | ثابت |
| ہرجانب | ہرجانب |

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۵۰ | | | | | | | | | | |
| ″ | ۲۷ | الحجاب | | | | | | | | |
| ″ | ″ | الحجاب | | | | | | | | |
| ۳۵۱ | ۱ | سب | جب | | ۱۲ | | | | | |
| ″ | ۲ | قال قالت | قال تلت | | | کی روایت سے | اس روایت سے اور | | | اقرار اسے |
| ″ | ۷ | انہا | انہار | | | | روایت کے احمد بن | ۳۹۷ | ۶ | پھر لینا |
| ″ | ″ | مستولات | مسئولات | | | | حنبل نے عبدالرحمن | ″ | ۷ | جو عہد |
| ″ | ۸ | معول | مغول | | | | بن غزوان سے یہ | ″ | ۲۵ | جیت اللہ |
| ۳۵۰ | ۲ | لنا ھم | لنسألنھم | | | | حدیث | ۴۰۰ | ۸ | غسہ |
| ″ | ۱۵ | لے دونے | کے دوے | ۳۶۴ | ۲۹ | اور انکو سے | اور انکو عرش کے | ″ | ۲۳ | دروازی سے |
| ۳۵۲ | ۳ | وغیرو ذلک | وغیر ذلک | ۳۶۵ | ۷ | قبور کے جیسے | قبور کے میلے | ۴۰۱ | ۱۰ | لوگون نے |
| ″ | ۷ | علیہ | علیہ | ″ | ۲۲ | لنعارۃ | لتعارۃ | ۴۰۳ | ۲۴ | پہاڑ سے |
| ۲۵۱ | ۳ | اللھم ائتنا بھذا | اللھم ائتنا | ۳۶۷ | ۶ | کیڑون | کپڑون | ۴۰۴ | ۵ | لیجئے |
| ″ | ۱۵ | ابو ہر | ابو ہریرہ | ۳۶۹ | ۴ | ضاق | عناق | ″ | ۷ | ابو جیسے |
| ″ | ۱۱ | تین سو | تیس ساٹھہ | ۳۷۰ | ۱۵ | امرو | امری | ۴۰۵ | ۱۸ | وافد عاد |
| ″ | ۱۲ | ٹھہر | پھڑی | ۳۷۱ | ۹ | فالتھرتقا | فالتھرتقا | ۴۰۶ | ۱۸ | کافرون کے بات |